اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: الزَّجْر عَنْ اَشْيَاءٍ معلومة بالفاظ الكنايات دون التصريح.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: الزَّجْر عَنْ استعمال شيء عند حدوث شيئين معلومين اضمر كيفيتهما فِيْ نَفْسِ الْخِطَابِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ افرادهما واجتماعهما معا.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِيْ هو منسوخ نسخه فعله واباحته جميعا.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: الزَّجْر عَنْ اَشْيَاءٍ قصد بها الندب والارشاد لا الحتم والايجاب.

اَلنَّوْعُ الْخَمْسُوْنَ: لفظة اِبَاحَةُ لشيء سئل عنه مراده الزَّجْر عَنْ استعمال ذٰلِكَ الشيء المسؤول عنه

بلفظ الإبَاحَة.

اَلـنَّـوْعُ الْحَادِیْ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ الَّذِیْ قصد به الزجر عَمَّا یتولد من ذٰلِكَ الشیء لا ان ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ زجر فی ظاهر الخطاب عنه منهی عنه اذا لم یكن ما یتولد منه موجودا.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالْخَمْسُوْنَ: الزَّجْر عَنْ اَشْیَاءٍ باطلاق الفاظ بواطنها بخلاف الظواهر منها.

اَلـنَّـوْعُ الثَّالِثُ وَالْخَمْسُوْنَ: الزَّجْر عَنْ فعل من اجل شیء یتوقع فما دام یتوقع كون ذٰلِكَ الشیء كان الزجر قائما عن استعمال ذٰلِكَ الفعل ومتی عدم ذٰلِكَ الشیء جاز اِسْتِعْمَالُهٗ.

اَلـنَّـوْعُ الـرَّابِـعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الْاَشْیَاءِ الَّتِیْ اطلقت بالفاظ التهدید دون الحكم قصد الزَّجْر عَنها بلفظ الاخبار.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: الفاظ تعبیر لاشیاء مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهَا تورعا.

اَلـنَّـوْعُ السَّادِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: الاخبار عن الشیء الَّذِیْ مراده الزَّجْر عَنْ استعمال فعل من اجل سبب قد یتوقع كونه.

اَلـنَّـوْعُ السَّـابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: الزَّجْر عَنْ اتیان طاعة بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ اذا كانت منفردة حَتّٰی تقرن باخری مثلها قد یباح تارة اخری اِسْتِعْمَالُهَا مفردة فی حالة غیر تلك الحالة الَّتِیْ نهی عنها مفردة.

اَلـنَّـوْعُ الثَّـامِنُ وَالْـخَـمْسُـوْنَ: اَلـزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ الَّذِیْ نهی عنه لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ فمتی كانت تلك العلة موجودة كان الزجر واجبا وقد یبیح هذا الزجر شرط آخر وان كانت العلة الَّتِیْ ذكرناها معلومة.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: الاعلام للشیء الَّذِیْ مراده اَلزَّجْرُ عَنْ شَیْءٍ ثان.

اَلـنَّـوْعُ السِّتُّوْنَ: اَلْاَمْـرُ الَّـذِیْ قـرن بـمـجانبته مدة معلومة مراده الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهٗ 2 فـی الوقت المزجور عنه والوقت الَّذِیْ ابیح فیه.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسِّتُّوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ باطلاق نفی كون مرتكبه من المسلمین وَالْمُرَادُ مِنْهُ ضد الظاهر فی الخطاب.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالسِّتُّوْنَ: الزَّجْر عَنْ اَشْیَاءٍ وردت بالفاظ التعریض دون التصریح.

اَلـنَّـوْعُ الثَّـالِثُ وَالسِّتُّوْنَ: تمثیل الشیء بالشیء الَّذِیْ ارید به الزَّجْر عَنْ استعمال ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ یمثل من اجله.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: الزَّجْر عَنْ مجاورة شیء عند وجوده مع النهی عن مفارقته عند ظهوره.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسِّتُّوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ فِعْلٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اِسْتِعْمَالُهٗ قرن بذكر وعید مراده نَفْیُ الِاسْمِ عَنِ الشَّیْءِ لِلنَّقْصِ عَنِ الْكَمَالِ.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلْاَمْرُ بِالشَّیْءِ الَّذِیْ سئل عنه بوصف مراده الزَّجْر عَنْ استعمال ضده.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ بذكر عدد محصور من غير ان يكون الْمُرَادُ مِنْ ذٰلِكَ العدد نفيا عَمَّا وراء ه اطلق هذا الزجر بلفظ الاخبار.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسِّتُّوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ فِعْلٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ ضد ذٰلِكَ الفعل.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسِّتُّوْنَ: لفظة استخبار عَنْ فِعْلٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اسْتِعْمَالِ ذٰلِكَ الفعل المستخبر عنه.

اَلنَّوْعُ السَّبْعُوْنَ: لفظة استخبار عَنْ شَیْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ استعمال شیء ثان.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ بذكر عدد محصور من غير ان يكون المراد فيما دون ذٰلِكَ العدد المحصور مباحا.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالسَّبْعُوْنَ: الزَّجْر عَنْ استعمال شیء من اجل علة مضمرة فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ فاوقع الزجر على العموم فيه من غير ذكر تلك العلة.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسَّبْعُوْنَ: فعل فعل بامته صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مراده الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهٗ بعينه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ الَّذِیْ يكون مرتكبه ماجورا حكمه فی ارتكابه ذٰلِكَ الشیء المزجور عنه حكم من ندب اليه وحث عليه.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا نهى عنه من الاشياء الَّتِیْ غير جائز ارتكابها.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: الاخبار عن ذم اقوام باعيانهم من اجل اوصاف معلومة ارتكبوها مراده الزَّجْر عَنْ استعمال تلك الاوصاف باعيانها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَیْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اِسْتِعْمَالُهٗ لاقوام باعيانهم عند وجود نعت معلوم فيهم قد اضمر كيفية ذٰلِكَ النعت فی ظاهر الخطاب.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسَّبْعُوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَیْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ استعمال بعض ذٰلِكَ الشیء لَا الْكُلِّ.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: لفظة اخبار عن نفی فعل مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهٗ لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ.

اَلنَّوْعُ الثَّمَانُوْنَ: الاخبار عن نفی شیء عند كونه وَالْمُرَادُ مِنْهُ الزَّجْر عَنْ بعض ذٰلِكَ الشیء لَا الْكُلُّ.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ اخبار عن نفی افعال مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ تلك الخصال باعيانها.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ اخبار عن نفی اشياء مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ الركون اليها او مباشرتها من حيث لا يجب.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالثَّمَانُوْنَ: الاخبار عن الشیء بلفظ المجاورة مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ الخصال الَّتِیْ قرن بمرتکبها من اجلها ذٰلِكَ الاسم.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ اخبار عَنْ اَشْيَاءٍ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْها باطلاق استحقاق العقوبة على تِلْكَ الْاَشْيَاءِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ مرتکبها لا نفسها.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالثَّمَانُوْنَ: الاخبار عن استعمال شیء مراده اَلزَّجْرُ عَنْ شَیْءٍ ثان من اجله اخبر عن استعمال هذا الفعل.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالثَّمَانُوْنَ: اَلْفَاظُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَشْيَاءٍ بتباين الالفاظ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ استعمال تِلْكَ الْاَشْيَاءِ باعیانها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ التمثیل لاشیاء بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ الَّذِیْ بیان تخصیصها فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ قصد بها الزَّجْر عَنْ بعض ذٰلِكَ العموم.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالثَّمَانُوْنَ: لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَیْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ استعمال بعض الناس لَا الْكُلِّ.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالثَّمَانُوْنَ: الفاظ الاستخبار عَنْ اَشْيَاءٍ مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ استعمال تِلْكَ الْاَشْيَاءِ الَّتِیْ استخبر عنها قصد بها التعلیم على سبیل العتب.

اَلنَّوْعُ التِّسْعُوْنَ: لفظة اخبار عن ثلاثة اشیاء مَقْرُوْنَةٍ فِی الذِّكْرِ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ الْمُرَادُ مِنْ احدها الزَّجْر عَنْه لعلة مضمرة لَمْ تُذْكَرْ فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ والثَّانِیُّ والثَّالِثُ مزجور ارتکابهما فِیْ كُلِّ الْاَحْوَالِ على عموم الخطاب.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالتِّسْعُوْنَ: الاخبار عَنْ اَشْيَاءٍ بالفاظ التحذیر مُرَادُهَا اَلزَّجْرُ عَنِ الْاَشْيَاءِ الَّتِیْ حذر عنها فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیُّ وَالتِّسْعُوْنَ: الاخبار عن نفی جواز اشیاء معلومة مُرَادُهَا الزَّجْر عَنْ اتیان تِلْكَ الْاَشْيَاءِ بتلك الاوصاف.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ الَّذِیْ زجر عنه بعض الْمُخَاطَبِيْنَ فِیْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ وعارضه فی الظاهر بعض فعله ووافقه البعض.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ باطلاق اِلاسْمَ الْوَاحِدَ عَلَى الشَّيْئَيْنِ الْمُخْتَلِفِی الْمَعْنٰی فَيَكُوْنُ احدهما ماموراً به والآخر مزجوراً عنه.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالتِّسْعُوْنَ: الاخبار عن الشیء بلفظ نفی اِسْتِعْمَالُهٗ فی وقت معلوم مراده الزَّجْر عَنْ اِسْتِعْمَالُهٗ فِیْ كُلِّ الْاَوْقَاتِ لا نفیه.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّیْءِ بلفظة قد استعمل مثله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قد ادی

الخبران عنه بلفظة واحدة معناها غير شيئين.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: الزَّجر عَنْ استعمال شيء بصفة مطلقة يَجُوْزُ اِسْتِعْمَالُهُ بتلك الصفة اذا قصد بالاداء غيرها.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ بصفة معلومة قد ابيح اِسْتِعْمَالُهُ بتلك الصفة المزجور عنها بعينها لعلة تحدث.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالتِّسْعُوْنَ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ هو البيان لمجمل الخطاب فى الكتاب.

اَلنَّوْعُ الْمِئَةُ: الاخبار عَنْ شَيْئَيْنِ مقرونين فى الذكر الْمُرَادُ مِنْ احدهما الزَّجر عَنْ ضده والآخر اَمْرُ نُدْبٍ وَّاِرْشَادٍ.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ كان مباحا فِىْ كُلِّ الْاَحْوَالِ ثُمَّ زجر عنه بالنسخ فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ وبقى الباقى على حالته مباحا فى سائر الاحوال.

اَلنَّوْعُ الثَّانِىُّ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ كان مباحا فِىْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ ثُمَّ زجر عن قليله وكثيره فى جميع الاوقات بالنسخ.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْمِئَةُ: الاخبار عن الشىء الَّذِىْ مراده الزَّجر عَنْه على سَبيل العموم وله تخصيص من خبر ثان.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ اباح لهم ارتكابه ثُمَّ اباح لهم اِسْتِعْمَالُهُ بعد هذا الزجر مدة معلومة ثُمَّ نهى عنه بالتحريم فهو محرم الى يوم القيامة.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ من اجل سبب معلوم ثُمَّ ابيح ذٰلِكَ الشىء بالنسخ وبقى السبب على حالته محرما.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِىْ عرضه اِبَاحَةُ ذٰلِكَ الشىء بعينيه من غير ان يكون بينهما فى الحقيقة تضاد ولا تهاتر اَلنَّوْعُ.

السَّابِعُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَمْرُ بِالشَّيْءِ الَّذِىْ مراده الزَّجر عَنْ ضد ذٰلِكَ الشىء المامور به لعلة مضمرة فِىْ نَفْسِ الْخِطَابِ

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْمِئَةُ: اَلزَّجْرُ عَنِ الْاَشْيَاءِ الَّتِىْ قصد بها مخالفة المشركين واهل الكتاب.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْمِئَةُ: الفاظ الوعيد على اشياء مُرَادُهَا الزَّجر عَنْ ارتكاب تِلْكَ الْاَشْيَاءِ باعيانها

اَلنَّوْعُ الْعَاشِرُ وَالْمِئَةُ: اَلْاَشْيَاءُ الَّتِىْ كان يكرهها رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يستحب مجانبتها وان لم يكن فى ظاهر الخطاب النهى عنها مطلقا.

سنن کی اقسام میں سے دوسری قسم

جو''نواہی'' ہیں

امام ابوحاتم فرماتے ہیں: مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول ''نواہی'' کی میں نے تحقیق کی اوران کی فصول کی جوامع میں غوروفکر کیا۔ان کے ورود کی نوعیّتوں (کا جائزہ لیا) کیونکہ فصول کی شکل میں ان کی جزء بندی بھی اصول میں ''اوامر'' کی جگہ ہی ہوگی' تو میں نے یہ دیکھا کہ ان کی بھی ایک سودس قسمیں ہی بنتی ہیں۔

پہلی قسم: اس بات کی ممانعت کہ صرف کتاب (یعنی قرآن) پر تکیہ کرلیا جائے اور مصطفیٰ کریم ﷺ سے منقول اوامر ونواہی کو ترک کردیا جائے۔

دوسری قسم: الفاظ یوں ہوں جیسے کسی چیز اوراس کی کیفیت کے بارے میں اطلاع دی جارہی ہے اور مراد اس چیز کے ارتکاب سے منع کرنا ہو۔

تیسری قسم: وہ ممانعت کچھ چیزوں کے بارے میں ہوگی' جس کے ذریعے مخاطب افراد کو تمام حالتوں اور تمام اوقات میں منع کیا گیا ہو۔ یہاں تک کہ ان میں سے کسی ایک کے لئے بھی کسی بھی صورت میں اس کے ارتکاب کی گنجائش نہ ہو۔

چوتھی قسم: بعض مخاطب افراد کو بعض حالتوں میں منع کیا گیا۔ تمام صورتوں میں (منع نہیں کیا گیا ہے)

پانچویں قسم: مردوں کو منع کیا گیا ہوگا۔ خواتین کو نہیں۔

چھٹی قسم: خواتین کو منع کیا گیا ہوگا، مردوں کو نہیں۔

ساتویں قسم: بعض خواتین کو بعض حالتوں میں منع کیا گیا ہوگا۔ تمام حالتوں میں (منع نہیں کیا گیا ہوگا)

آٹھویں قسم: مخاطب افراد کو متعین اوقات میں منع کیا گیا ہوگا اوران اوقات کا تذکرہ نفس خطاب میں ہوگا اوراس سے مراد یہ ہوگا کہ خطاب میں جن اوقات کا ذکر ہوا ہے اس کی بعض حالتیں مراد ہیں۔

نویں قسم: وہ ممانعت ایسی اشیاء کے بارے میں ہوگی جن کا تذکرہ مختصر الفاظ میں (حدیث میں) مذکور ہوا ہوگا اوراس کی نقیض کا ذکر دوسری روایات میں ہوگا۔

دسویں قسم: وہ ممانعت ایسی چیزوں کے بارے میں ہوگی جن کا تذکرہ (حدیث میں) مجمل الفاظ میں وارد ہوا ہے اوران جملوں کی وضاحت دوسری روایات میں مذکور ہوگی۔

گیارہویں قسم: وہ ممانعت ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جو عمومی (مفہوم رکھنے والے) لفظ کے ہمراہ منقول ہے اوراس کی

تخصیص کی وضاحت نبی اکرم ﷺ صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل مبارک میں ہوگی۔

بارہویں قسم: وہ ممانعت ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جو عمومی (مفہوم رکھنے والے) لفظ کے ہمراہ منقول ہے اور اس کی ایک علت ہوگی' جس کا ذکر نفس خطاب میں نہیں ہوگا۔ اس (علت کا تذکرہ) دوسری روایت میں ہوگا' تو جب تک وہ علت موجود رہے گی۔ اس چیز کے استعمال کی ممانعت کا حکم باقی رہے گا اور جب وہ علت معدوم ہو جائے گی، تو اس چیز کا استعمال جائز ہوگا اور یہی ممنوعہ چیز دوسری دو صورتوں میں مباح قرار دی جائے گی۔ اگر چہ وہ علت بھی موجود ہو' اور ممانعت بھی قائم ہو۔

تیرہویں قسم: وہ ممانعت کسی چیز کے بارے میں لفظ کے ایسے عموم کے ہمراہ ہوگی کہ اس عموم کے کچھ حصے کا استثناء کرلیا گیا ہوگا اور دوسری روایات میں بعض متعین شرائط کے ہمراہ (اس عمل کو) مباح قرار دیا گیا ہو۔

چودھویں قسم: وہ ممانعت کسی چیز کے بارے میں لفظ کے عموم کے ہمراہ ہوگی اور اس عمل کا ارتکاب دو متعین اوقات میں مباح قرار دیا گیا ہوگا ان میں سے ایک کے بارے میں نص دوسری روایت میں موجود ہوگی اور دوسری کا استنباط دوسری سنت سے کیا گیا ہو گا۔

پندرہویں قسم: ان (تین اشیاء میں سے) پہلی اور دوسری کے ذریعے مرد مراد لئے گئے ہوں گے، خواتین مراد نہیں ہوں گی' جبکہ تیسری چیز کے بارے میں مرد اور خواتین سب مراد ہوں گے۔ اس کی وجہ وہ علت ہوگی' جو نفس خطاب میں پوشیدہ ہوگی اور اس کی کیفیت کو دوسری روایت میں بیان کیا گیا ہوگا۔

سولہویں قسم: وہ ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جس کے ذکر میں مخصوص ہونے (کا مفہوم) پایا جاتا ہے حالانکہ اس کی مثل اشیاء اس بارے میں اس کی شریک ہوں گی اور اس سے مراد تاکید (کا مفہوم واضح کرنا) ہوگا۔

سترہویں قسم: وہ ممانعت ایسی تین اشیاء کے بارے میں ہوگی جن کا ذکر ایک ساتھ کیا گیا ہوگا۔ ان میں سے ایک کے ذریعے ندب اور ارشاد مراد لیا گیا ہوگا، دوسری چیز سے ممانعت کسی متعین علت کی وجہ سے ہوگی' تو جب بھی وہ علت موجود ہوگی' جس کی وجہ سے اس چیز سے منع کیا گیا ہے' تو ممانعت لازم ہوگی، اور جب وہ علت معدوم ہوگی' تو اس ممنوع قرار دی جانے والی چیز کا استعمال مباح ہوگا۔ تیسری (ذکر شدہ چیز) کسی متعین وقت میں کسی فعل کی ممانعت کے بارے میں ہوگی اور اس سے مراد یہ ہوگا کہ اس فعل پر اس (مذکورہ) وقت، اس سے پہلے اور بعد والے وقت (یعنی کسی بھی وقت میں) عمل نہ کیا جائے۔

اٹھارویں قسم: وہ ممانعت کسی چیز کے بارے میں ہوگی اور حرام قرار دیئے جانے کے الفاظ کے ہمراہ ہوگی لیکن اس کے ذریعے مراد تردد ہوں گے۔ خواتین مراد نہیں ہوں گی۔ ان کے لئے اس ممنوع قرار دی جانے والی چیز کا استعمال دو متعین علتوں کی وجہ سے دو حالتوں میں جائز ہوگا۔

انیسویں قسم: کچھ اشیاء سے ممانعت کا وہ حکم متعین اقوام کے بارے میں وارد ہوگا لیکن ان لوگوں اور دوسرے مسلمانوں کا اس بارے میں حکم ایک جیسا ہوگا۔

بیسویں قسم: وہ ممانعت تین چیزوں کے بارے میں ہوگی جن کا تذکرہ ایک ساتھ ہوا ہوگا۔ ان (تین میں سے) پہلی دو

چیزوں (کا حکم) مردوں کے بارے میں ہوگا۔ خواتین کے لئے نہیں ہوگا' جبکہ تیسری چیز کے بارے میں مرد وخواتین دونوں مراد لئے گئے ہوں گے لیکن یہ بعض حالتوں میں ہوگا۔ تمام حالتوں میں نہیں ہوگا۔

اکیسویں قسم: وہ ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جس کے استعمال کی پہلے کچھ لوگوں کو اجازت دی جا چکی ہوگی۔ جس کا سبب پہلے گزر چکا ہوگا۔ پھر اس چیز کو ان لوگوں اور دیگر تمام لوگوں کے لئے کلی طور پر ممنوع قرار دیدیا گیا ہو' اور اس ممانعت میں موجود علت یہ ہوگی کہ اس بارے میں مشرکین کی مخالفت کرنا مقصود ہوگا۔

بائیسویں قسم: وہ ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہوگی' جس سے ایک متعین فرد کو منع کیا گیا ہوگا' جبکہ اس سے مراد بعض حالتوں میں بعض حضرات ہوں گے۔

23 ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں ممانعت ہو لیکن اس کے ذریعے مقصود احتیاط ہو' یہاں تک کہ آدمی اس کے ارتکاب کے وقت ممنوعہ چیز کا مرتکب شمار نہ ہو۔

24 ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں ممانعت ہو' اور وہ ممانعت لفظ عموم کے ہمراہ اور ان اشیاء کی کیفیت نفسِ خطاب (یعنی روایت کے متن) میں پوشیدہ ہو۔

25 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ممانعت ہو' جس کا مخرج' خصوص کا مخرج ہو جو کسی متعین قوم کے بارے میں اور کسی متعین چیز کے حوالے سے ہو لیکن وہ خطاب ان لوگوں اور ان کے بعد آنے والے دوسرے لوگوں پر بھی واقع ہو' جبکہ وہ سبب موجود ہو جس کی وجہ سے اس فعل سے منع کیا گیا ہو۔

26 ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ممانعت' لفظ کے عموم کے ہمراہ ہو اور اس چیز سے مردوں اور خواتین (دونوں) کو منع کیا گیا ہو اور پھر اس میں سے بعض مردوں کا استثناء کر لیا جائے اور ان کے لئے اس چیز کو مباح قرار دے دیا جائے جبکہ باقی خواتین اور مردوں کے لئے وہ حکم اپنی اصل حالت پر باقی رہے۔

27 ویں قسم: وہ ممانعت اس چیز کے حوالے سے ہو کہ کسی آدمی کے ساتھ اس کے مرنے کے بعد کوئی ایسا کام کرنے سے منع کیا گیا ہو' جسے کسی متعین علت کی وجہ سے اس کے مرنے سے پہلے بھی حرام قرار دیا گیا تھا۔ اس پر جو حرام ہوا' سو ہوا۔

28 ویں قسم: کسی ایسی چیز سے ممانعت جو اس کے مرتکب کو سنانے کے الفاظ کے ہمراہ وارد ہوئی ہو اور اس میں ایک متعین شرط پوشیدہ ہو جس کا ذکر نفسِ خطاب میں نہ ہو۔

29 ویں قسم: کسی چیز سے ممانعت جس سے مقصود بعض احوال میں مخاطب افراد ہو اور مصطفیٰ کریم ﷺ کے لئے کسی متعین علت کی وجہ سے اس پر عمل کرنا مباح قرار دیا گیا ہو' لیکن یہ اجازت آپ کی امت کے لئے نہ ہو۔

30 ویں قسم: دو چیزوں سے منع کیا گیا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا اور عمومی الفاظ کے ہمراہ ہوا ان میں سے ایک پر اپنے عموم کے مطابق عمل کیا جائے گا' اور دوسری کے مخصوص ہونے کی وضاحت آپ کے فعل میں ہوگی۔

31 ویں قسم: لفظی طور پر اس شخص کی مذمت کی گئی ہو' جس نے دو متعین اوقات میں خبر سے متعلق دو چیزیں ذکر کیں' اور اس

کے ذریعے متن میں مذکور دو چیزوں میں سے ایک چیز ہو اور اس کا تعلق ان چیزوں سے ہو جن کی مذمت ان دونوں کے مرتکب پر ایک ساتھ واقع ہوئی ہو۔

32 ویں قسم: کسی چیز کے جواز کی نفی کی کسی متعین شرط کے ہمراہ اطلاع دینا اور اس سے مراد اس پر عمل کرنے کی ممانعت ہو البتہ اگر تین متعین خصائل میں سے کوئی ایک خصلت پائی جائے (تو حکم مختلف ہو گا)۔

33 ویں قسم: لفظی طور پر کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو اور اس سے مراد کسی دوسری چیز کی ممانعت کرنا ہو جس کے بارے میں سوال کیا گیا تھا' تو جس چیز کے بارے میں سوال کیا گیا تھا' اس سے منع کیا گیا' جو دوسری چیز کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ کی شکل میں تھا۔

34 ویں قسم: سات چیزوں سے منع کیا گیا' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا' ان میں سے پہلی چیز: مردوں کے لئے لازمی ہے' خواتین کے لئے نہیں ہے۔ دوسری اور تیسری چیز میں احتیاط اور ورع کا قصد کیا گیا ہے' جبکہ چوتھی' پانچویں اور چھٹی چیز سے مقصود بعض مرد ہیں' خواتین مراد نہیں ہیں۔ ساتویں چیز کے ذریعے حتمی طور پر مشرکین کی مخالفت کا قصد کیا گیا ہے۔

35 ویں قسم: نفس خطاب میں موجود کسی پوشیدہ علت کی وجہ سے کسی فعل پر عمل کرنے کی ممانعت' جبکہ اس کی مثل فعل کو' نفس خطاب میں پوشیدہ طور پر موجود اس علت کی عدم موجودگی کی صورت میں' کسی دوسری صفت کے ہمراہ مباح قرار دیا گیا ہو۔

36 ویں قسم: کسی ایسی چیز کی ممانعت' جو کسی فعل کی وجہ سے منسوخ ہو اور اس کے مرتکب شخص کو دیکھنے کے باوجود آپ نے اس کا انکار نہ کیا ہو۔

37 ویں قسم: کسی ایسی چیز کی ممانعت' جو کسی سبب کے پیش آنے کے بعد ہو اور اس سے مراد اس سبب کے بعد والی صورتحال ہو۔

38 ویں قسم: کسی ایسی چیز سے ممانعت' جس کے ہمراہ دوسری چیز کے مباح ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہو اور اس سے مراد ایک ہی شخص میں ان دونوں چیزوں کے جمع ہونے سے منع کرنا ہو' ان میں سے ہر ایک انفرادی طور پر منع نہ ہو۔

39 ویں قسم: تین اشیاء کی ممانعت' جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہو' ان میں سے پہلی اور دوسری کا ذکر لفظ کے عموم کے ہمراہ ہو' اور اس سے مراد بعض احوال میں مخاطب افراد ہوں' جبکہ تیسری کا تذکرہ لفظ کے عموم کے ہمراہ ہو لیکن اس کی تخصیص کا ذکر دوسری روایت میں موجود ہو' جو کسی ذکر شدہ متعین علت کی وجہ سے ہو۔

40 ویں قسم: کسی ایسی چیز سے ممانعت جو قرآن کے مجمل حکم کی اور بعض احادیث کے عموم کی وضاحت ہو۔

41 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں ممانعت' جو کسی متعین سبب کی عدم موجودگی میں ہو تو جب بھی وہ سبب موجود ہو گا وہ چیز مباح ہو گی جس کی ممانعت کی گئی ہے اور جب وہ سبب معدوم ہو گا تو وہ ممانعت واجب ہو گی۔

42 ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں ممانعت: جسے کسی متعین شرط کے ساتھ ذکر کیا گیا ہو۔ تو جب وہ شرط موجود ہو گی وہ ممانعت لازمی ہو گی اور جب وہ شرط معدوم ہو گی' تو اس چیز کا استعمال جائز ہو گا۔

43ویں قسم: کچھ اشیاء کی ممانعت' موجود اسباب کی وجہ سے ہو اور متعین علتوں کی وجہ سے ہو' جن کا ذکر نفس خطاب میں ہو۔

44ویں قسم: کسی ایسے فعل پر عمل کرنے کا حکم دیا جائے' جس کے ہمراہ اس کے متضاد کو ترک کرنے کا بھی ذکر ہو۔ اور ان دونوں سے مراد کسی تیسری چیز سے منع کرنا ہو جس کی وجہ سے اس فعل پر عمل کیا جاتا ہے۔

45ویں قسم: ممانعت کسی ایسی چیز کے بارے میں ہو' جس پر عمل کرنے سے ایک مخصوص صفت میں منع کیا گیا ہو اور پھر بعینہ اسی فعل کو کسی دوسری صفت کے ہمراہ کرنے کو مباح قرار دیا گیا ہو لیکن یہ اس صفت کے علاوہ ہو جس کی موجودگی میں اس سے منع کیا گیا ہے۔ جبکہ اس سے پہلے اس کی مانند فعل ہو۔

46ویں قسم: کچھ متعین اشیاء سے' کنایہ کے الفاظ کے ذریعے منع کیا گیا ہو' صراحت کے ذریعے نہ ہو۔

47ویں قسم: دو متعین چیزوں کے پیش آنے کی صورت میں' کسی چیز پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہو۔ اور ان دونوں کی کیفیت نفس خطاب میں پوشیدہ طور پر مذکور ہو اور اس سے مراد یہ ہو: ان دونوں میں سے کوئی ایک چیز بھی ہو سکتی ہے اور دونوں ساتھ بھی ہو سکتی ہیں۔

48ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں ممانعت' جو منسوخ ہو' اس کے فعل اور اس کے مباح ہونے' دونوں کو منسوخ کر دیا گیا ہو۔

49ویں قسم: کچھ اشیاء کی ممانعت' جس کا مقصد ''ندب'' اور ''ارشاد'' (یعنی استحباب) ہو' حتمی اور واجب نہ ہو۔

50ویں قسم: کسی چیز کو مباح قرار دینے کے الفاظ مذکور ہوں' جبکہ اس چیز کے بارے میں سوال کیا گیا ہو اور اس سے مراد یہ ہو' اس چیز پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہو جس کے بارے میں سوال کیا گیا تھا۔ یہ مباح قرار دینے کے لفظ کے ذریعے ہو۔

51ویں قسم: کسی چیز سے منع کیا گیا ہو' جبکہ اصل مقصود اس سے پیدا ہونے والی چیز کی ممانعت ہو' نہ کہ اس چیز سے منع کرنا مقصود ہو۔ جس سے ممانعت ظاہر خطاب میں کی گئی ہے (تو نفس خطاب میں) ذکر ہونے والی چیز اس وقت ممنوع نہیں ہوگی۔ جب اس سے پیدا ہونے والی چیز موجود نہ ہو۔

52ویں قسم: الفاظ کے اطلاق کے ذریعے کچھ چیزوں سے منع کیا گیا ہو' جبکہ الفاظ کا باطنی (مفہوم) ظاہر کے خلاف ہو۔

53ویں قسم: کسی فعل سے منع کیا گیا ہو' جو کسی متوقع چیز کے حوالے سے ہو' تو جب تک اس چیز کے موجود ہونے کی توقع ہوگی' اس فعل پر عمل کی ممانعت قائم رہے گی اور جب وہ متوقع چیز موجود نہیں ہوگی تو اس فعل پر عمل کرنا جائز ہوگا۔

54ویں قسم: کچھ چیزوں سے منع کیا گیا ہو' جس میں ''تہدید'' کے الفاظ مطلق طور پر ذکر ہوں' اس میں حکم موجود نہ ہو لیکن اطلاع دینے کے الفاظ کے ذریعے اس سے منع کرنا مقصود ہو۔

55ویں قسم: تعبیر کے الفاظ کچھ چیزوں کے بارے میں ذکر کیے گئے ہوں' اور اس سے مراد یہ ہو کہ اس چیز سے ''تورع'' (یعنی تقویٰ) کے طور پر منع کیا گیا ہے۔

56ویں قسم: ایک چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو' اور اس سے مرا یہ ہو کہ اس فعل پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ جو

ایسے کسی سبب کی وجہ سے ہو جو اس سے متوقع ہو سکتا ہے۔

57ویں قسم: عمومی لفظ کے ذریعے کسی نیکی پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہو جبکہ اس نیکی پر انفرادی طور پر عمل کیا جائے یہاں تک کہ جب اس کے ساتھ اس کی مثل کو ملا دیا جائے (تو یہ ممانعت ختم ہو جائے)

تو ایسی صورتحال میں اس چیز پر عمل کرنا بعض اوقات مباح ہوتا ہے جبکہ اس پر انفرادی طور پر عمل کیا جائے اور وہ اس حالت کے علاوہ ہو جس حالت میں اس فعل کو انفرادی طور پر کرنے سے منع کیا گیا تھا۔

58ویں قسم: کسی ایسی چیز سے منع کیا گیا ہو جس کی ممانعت کسی متعین علت کی وجہ سے ہو جب تک وہ علت موجود ہوگی وہ ممانعت واجب ہوگی اور دوسری شرط اس ممانعت کو مباح کر دے گی جبکہ وہ علت جس کا ہم نے ذکر کیا ہے وہ متعین ہو۔

59ویں قسم: ایک چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو اور اس سے مراد دوسری چیز سے منع کرنا ہو۔

60ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم دیا گیا اور اس کے ہمراہ متعین مدت کے دوران اس سے منع کیا گیا اس سے مراد یہ ہو کہ ان ممنوعہ اوقات میں اس پر عمل کرنے سے منع کیا جائے جبکہ (کوئی) وقت ایسا ہوگا جس میں وہ کام مباح ہوگا۔

61ویں قسم: کسی چیز سے منع کیا گیا ہو یوں کہ اس کے مرتکب کے مسلمان ہونے کی نفی کی گئی ہو جبکہ اس سے مراد خطاب میں ظاہر (معنی) کا متضاد مفہوم ہو۔

62ویں قسم: کچھ چیزوں سے منع کیا گیا ہو (یہ ممانعت) صریح کی بجائے تعریض کے الفاظ کے ذریعے وارد ہو۔

63ویں قسم: ایک چیز کی مثال دوسری کے ساتھ بیان کی گئی ہو جس کے ذریعے مراد یہ ہو کہ اس چیز کے استعمال سے منع کیا جائے جس کی وجہ سے مثال بیان کی گئی ہے۔

64ویں قسم: ایک چیز کی موجودگی میں اس کی مجاورت کی ممانعت نیز اس کے ظہور کے وقت اس سے علیحدگی سے رکنے کا حکم ہونا۔

65ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو جبکہ اس سے مراد اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو اور اس کے ہمراہ وعید کا بھی ذکر ہو اور اس چیز سے اس کے اسم کی نفی سے مراد کمال کی بہ نسبت ناقص ہونا ہو۔

66ویں قسم: کسی ایسی چیز کے بارے میں حکم دینا جس کے بارے میں ایک صفت کے حوالے سے دریافت کیا گیا ہو اور اس سے مراد اس کے متضاد پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو۔

67ویں قسم: کسی چیز سے ممانعت متعین عدد کے ذکر کے ہمراہ ہو جبکہ اس سے یہ مراد نہ ہو کہ اس عدد کے علاوہ کی نفی کی جائے اس ممانعت کو اطلاع دینے کے الفاظ کے ذریعے ذکر کیا گیا ہو۔

68ویں قسم: لفظی طور پر ایک فعل کے بارے میں اطلاع ہو اور اس سے مراد اس فعل کے متضاد سے منع کرنا ہو۔

69ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کے بارے میں خبر حاصل کی ہو اور اس سے مراد اس فعل کے ارتکاب سے منع کرنا ہو جس کے بارے میں خبر حاصل کی جا رہی ہے۔

70ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کے بارے میں خبر حاصل کی گئی ہو اور اس سے مراد دوسری چیز پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو۔

71ویں قسم: ایک چیز سے منع کیا گیا ہوٗاس کے ہمراہ متعین عدد ذکر کیا گیا ہوٗ جبکہ اس سے مراد یہ نہ ہو کہ اس متعین عدد کے علاوہ تعداد میں وہ مباح ہے۔

72ویں قسم: نفس خطاب میں پوشیدہ طور پر موجود کسی علت کی وجہ سے کسی چیز پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہوٗ جبکہ یہ ممانعت عمومی طور پر واقع ہوٗاور اس علت کے ذکر (یعنی اس کے شرط ہونے) کے بغیر ہو۔

73ویں قسم: ایک فعل آپ ﷺ کی امت کی وجہ سے کیا گیا ہوٗاور اس سے مراد اس متعین فعل پر عمل کرنے سے منع کرنا ہو۔

74ویں قسم: ایک ایسی چیز کے ارتکاب سے روکنا' جس کا مرتکب شخص اجر پانے والے ہوتا ہے اور جس سے منع کیا گیا ہے۔ اس کے مرتکب کا حکم اس شخص کا سا ہوگا جس کے لئے اس کو مستحب قرار دیا گیا ہو اور اس کا ارتکاب جائز نہیں ہے۔

76ویں قسم: کسی متعین قوم کی مذمت کی اطلاع دینا جو کسی ایسے متعین فعل کے حوالے سے ہوٗ جس کے مرتکب وہ لوگ ہوتے ہوں اور اس سے مراد اس متعین صفت (یا فعل) کے ارتکاب سے منع کرنا ہو۔

77ویں قسم: لفظی طور پر کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہوٗاور اس سے مراد متعین اقوام (یعنی افراد) کو اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہوٗ جو ان میں متعین صورت کی موجودگی کے وقت ہوگا' اور اس متعین صورت کی کیفیت' ظاہر خطاب میں پوشیدہ طور پر موجود ہو۔

78ویں قسم: لفظی طور پر کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو۔ اور اس سے مراد اس چیز کے بعض پر عمل کرنے سے منع کرنا ہوٗ پوری چیز (پر عمل کرنے سے روکنا مراد) نہ ہو۔

79ویں قسم: لفظی طور پر کسی فعل کی نفی کے بارے میں اطلاع دی گئی ہوگی' اس سے مراد اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہوگا' جو کسی متعین علت کی وجہ سے ہوگا۔

80ویں قسم: کسی چیز کی موجودگی کی صورت میں اس کی نفی کی اطلاع دی گئی ہوگی' اور اس سے مراد اس چیز کے بعض حصے سے منع کرنا ہوگا۔ پوری چیز سے (منع کرنا مراد) نہیں ہوگا۔

81ویں قسم: الفاظ کچھ افعال کی نفی کے ہوں گے' اور ان سے مراد ان متعین خصال سے منع کرنا ہوگا۔

82ویں قسم: کچھ اشیاء کی نفی کے بارے میں اطلاع کے الفاظ ہوں گے' اس سے مراد ان چیزوں کی طرف جھکاؤ اور ان پر عمل پیرا ہونے سے منع کرنا ہوٗ اس طور پر (کہ یہ بچاؤ) واجب نہ ہو۔

83ویں قسم: لفظی مجاورت کے ہمراہ کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہوگی' اس سے مراد ان خصال سے منع کرنا ہوٗ جو اس کے مرتکب کے ہمراہ ملائی گئی ہیں اور انہی کی وجہ سے وہ اسم (یعنی لفظ) ہے۔

84ویں قسم: کچھ چیزوں کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ ہیں' اس سے مراد ان چیزوں سے منع کرنا ہوٗ کیونکہ ان اشیاء پر عقوبت لازم ہونے کا اطلاق کیا گیا ہے۔ اور اس سے مراد ان کا مرتکب ہے' نفس اشیاء مراد نہیں ہیں (یعنی ان کے مرتکب پر عقوبت لازم ہوگی)

85ویں قسم: کسی چیز پر عمل کرنے کے بارے میں اطلاع ہوٗ اس سے مراد دوسری چیز سے منع کرنا ہوٗ جس (دوسری چیز) کی وجہ

سے اس فعل پر عمل کرنے کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے۔

86ویں قسم: الفاظ کے تباین (اختلاف) کے ہمراہ کچھ چیزوں کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ ہوں گے' اس سے مراد بعینہ ان اشیاء کے استعمال سے منع کرنا ہوگا۔

87ویں قسم: لفظ کے عموم کے ہمراہ' کچھ اشیاء کی مثال بیان کرنے کے الفاظ ہوں گے' اور اس عموم کی تخصیص کا بیان دوسری روایات میں موجود ہوگا۔ اور ان الفاظ کے ذریعے اس عموم کے بعض حصے سے منع کرنا مراد ہوگا۔

88ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں اطلاع دینے کے الفاظ ہوں گے' اس سے بعض لوگوں کو اس پر عمل کرنے سے منع کرنا ہوگا۔ تمام لوگ مراد نہیں ہوں گے۔

89ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں اطلاع حاصل کرنے کے الفاظ ہوں گے' اس سے ان اشیاء پر عمل کرنے سے منع کرنا مراد ہوگا۔ جن کے بارے میں خبر حاصل کی گئی ہے' اس سے مراد عتاب (کے اظہار) کے طور پر تعلیم دینا ہوگا۔

90ویں قسم: الفاظ تین اشیاء کے بارے میں اطلاع دینے کے ہوں گے' جو''عام'' لفظ کے ہمراہ ایک ساتھ ذکر کی گئی ہوں گی اور مراد یہ ہوگی: ان سے ایک چیز سے اس علت کی وجہ سے منع کیا گیا ہے جو پوشیدہ ہے جس کا ذکر نفس خطاب میں نہیں ہے' جبکہ دوسری اور تیسری چیز خطاب کے عموم کی وجہ سے' ہر حال میں ان کا ارتکاب ممنوع ہوگا۔

91ویں قسم: ''تحذیر'' (بچنے کی تلقین) کے الفاظ کے ذریعے کچھ چیزوں کے بارے میں اطلاع ہوگی' اس سے مراد ان اشیاء کی ممانعت (کا حکم دینا ہو) جن کے بارے میں نفس خطاب میں تحذیر ہے۔

92ویں قسم: چند متعین اشیاء کے جواز کی نفی کی اطلاع ہوگی' اور اس سے مراد ان اشیاء کے ان اوصاف کے ہمراہ ارتکاب سے منع کرنا ہوگا۔

93ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت ہوگی' اس کے ذریعے بعض مخاطب افراد کو بعض حالتوں میں منع کیا گیا ہوگا اور بظاہر اس کے مقابلے میں نبی اکرم ﷺ کا کوئی فعل ہوگا' یا کوئی (فعل) اس کی موافقت میں ہوگا۔

94ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت ایسے لفظ کے استعمال کے ذریعے ہوگی' جو ایک ہی اسم دو مختلف اشیاء پر صادق آتا ہے' جس کا معنی (یعنی وہ دو اشیاء) ایک دوسرے سے مختلف ہوں تو ان میں سے ایک کے بارے میں حکم ہو اور دوسری سے منع کیا گیا ہو۔

95ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو' جس میں کسی متعین وقت میں اس چیز پر عمل کرنے کی نفی کی گئی ہو' اور اس سے مراد اس چیز کی نفی نہ ہو بلکہ تمام اوقات میں اس سے منع کرنا مراد ہو۔

96ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت ایسے لفظ کے ذریعے ہو' کہ نبی اکرم ﷺ نے خود اس پر عمل کیا ہو' اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کے بارے میں منقول دو قسم کی روایات ایک ہی قسم کے الفاظ کے ذریعے ایسے مفہوم کی طرف لے جائیں' جن دونوں کا مفہوم ان دو قسم کی چیزوں کے علاوہ ہو۔

97ویں قسم: کسی چیز پر عمل کرنے کی ممانعت مطلق صفت کے ہمراہ ہو' اور اس صفت کے ہمراہ اس چیز پر عمل کرنا جائز ہو' جبکہ

ادائیگی سے اس کے علاوہ کا قصد کیا گیا ہو۔

98ویں قسم: متعین صفت کے ہمراہ کسی چیز سے منع کیا گیا ہو لیکن پیش آنے والی کسی علت کی وجہ سے اس صفت کے ہمراہ اس چیز پر عمل کرنا مباح ہو' جس چیز سے منع کیا گیا ہے۔

99ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں ایسی ممانعت' جو کتاب اللہ میں موجود کسی ''مجمل'' حکم کا بیان ہو۔

100ویں قسم: دو اشیاء کے بارے میں اطلاع دی گئی ہو۔ جن کا ذکر ایک ساتھ ہوا ہو' ان دونوں میں سے ایک سے مراد: اس کی ضد (یعنی متضاد چیز) سے منع کرنا ہو' جبکہ دوسری چیز کا حکم ندب اور ارشاد (یعنی استحباب) کے طور پر ہو۔

101ویں قسم: ایسی چیز کی ممانعت جو پہلے ہر حال میں مباح تھی' پھر بعض حالتوں میں اس (کی اباحت کو) منسوخ کر کے اس سے منع کر دیا گیا ہو' جبکہ باقی ماندہ پہلے کی طرح ہر حال میں مباح ہو۔

102ویں قسم: ایسی چیز کی ممانعت' جو پہلے ہر حال میں مباح تھی' پھر اسے منسوخ کر کے' اس کی قلیل و کثیر مقدار کو تمام اوقات میں ممنوع قرار دیدیا گیا ہو۔

103ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں اطلاع دینا' جس سے مراد عمومی طور پر اس سے منع کرنا ہو جبکہ دوسری روایت سے اس کی تخصیص ثابت ہوتی ہو۔

104ویں قسم: ایسی چیز کی ممانعت' جس کے ارتکاب کو لوگوں کے لئے مباح قرار دیا گیا تھا پھر اس ممانعت کے بعد ایک متعین مدت کے لئے لوگوں کے لئے اس پر عمل کرنے کو مباح قرار دیدیا گیا' پھر اسے حرام قرار دیتے ہوئے اس سے منع کر دیا گیا تو اب یہ قیامت تک کے لئے حرام ہوگا۔

105ویں قسم: کسی متعین سبب کی وجہ سے کسی چیز کی ممانعت' پھر اس (حکم کو) منسوخ کر کے اس چیز کو مباح قرار دیدیا گیا ہو لیکن اس کا سبب اپنی (سابقہ) حالت پر بدستور حرام رہے گا۔

106ویں قسم: کسی چیز کی ممانعت' جس کے مقابلے میں بعینہ اسی چیز کی اباحت موجود ہو' جبکہ حقیقت کے اعتبار سے ان دونوں کے درمیان کوئی تضاد یا اختلاف موجود نہ ہو۔

107ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں حکم ہو' جس سے مراد اس ''مامور بہ'' چیز کی ضد (یعنی متضاد) سے منع کرنا ہو' جو نفس خطاب میں موجود پوشیدہ علت کی وجہ سے ہو۔

108ویں قسم: ایسی چیزوں سے ممانعت' جس کے ذریعے مشرکین اور اہل کتاب کی مخالفت (یعنی ان کے برخلاف عمل کرنا) مقصود ہو۔

109ویں قسم: کچھ اشیاء کے حوالے سے وعید کے الفاظ ہوں' اس سے مراد بعینہ ان اشیاء کے ارتکاب سے منع کرنا ہو۔

110ویں قسم: وہ اشیاء جنہیں نبی اکرم ﷺ ناپسند کرتے تھے' اور ان سے دور رہنے کو پسندیدہ قرار دیا گیا ہو' اگرچہ ظاہری خطاب میں ان کی ممانعت مطلق طور پر مذکور نہ ہو۔

اَلْقِسْمُ الثَّالِثُ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ
وَهُوَ اِخْبَارُ الْمُصْطَفٰى صلى الله عليه وسلم عَمَّا اُحْتِيجَ اِلٰى مَعْرِفَتِهَا

قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَمَّا اخبار النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا احتيج الى معرفتها فقد تاملت جوامع فصولها وانواع. ورودها لاسهل ادراكها على من رام حفظها فرايتها تدور على ثمانين نوعا.

اَلنَّوْعُ الْاَوَّلُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن بدء الوحى و كيفيته.

اَلنَّوْعُ الثَّانِيُّ: اِخْبَارُهُ عَمَّا فضل به على غيره من الانبياء صلوات الله عليه وعليهم.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ: الاخبار عَمَّا اكرمه الله جل وعلا واراه اياه وفضله به على غيره.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ مضت متقدمة من فصول الانبياء باسمائهم وانسابهم.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن فصول الانبياء كانوا قبله من غير ذكر اسمائهم.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الامم السالفة.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ امره الله جل وعلا بها.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ اِخْبَارِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَنَاقِبِ الصحابة رجالهم ونسائهم بذكر اسمائهم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن فضائل اقوام بلفظ الاجمال من غير ذكر اسمائهم.

اَلنَّوْعُ الْعَاشِرُ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ اراد بها تعليم امته.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ اراد بها تعليم بعض امته.

اَلنَّوْعُ الثَّانِىُّ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ هى البيان عن اللفظ العام الَّذِىْ فى الكتاب وتخصيصه فى سنته.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء بلفظ الاعتاب اراد به التعليم.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ اثبتها بعض الصحابة وانكرها بعضهم.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ اراد بها التعليم.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء المعجزة الَّتِیْ هی من علامات النبوة.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن نفی جواز استعمال فعل الا عند اوصاف ثلاثة فمتى كان احد هذه الاوصاف الثلاثة موجودا كان استعمال ذٰلِكَ الفعل مباحا.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ عَشَرَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء بذكر علة فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ قد يَجُوْزُ التمثيل بتلك العلة ما دامت العلة قائمة والتشبيه بها فی الاشياء وان لم يذكر فی الخطاب.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ عَشَرَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ بنفی دخول الجنة عن مرتكبها بتخصيص مضمر فی ظاهر الخطاب المطلق.

اَلنَّوْعُ الْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ حكاها عن جبريل عليه السلام.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ حكاه عن اصحابه.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیْ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ كان يتخوفها على امته.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق اسم كلية ذٰلِكَ الشیء على بعض اجزائه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَیْءٍ مجمل قرن بشرط مضمر فِیْ نَفْسِ الْخِطَابِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ نفی جواز استعمال الاشياء الَّتِیْ لا وصول للمرء الى ادائها الا بنفسه قاصدا فيها الى بارئه جل وعلا دون ما تحتوی عليه النفس من الشهوات واللذات.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق اسم ما يتوقع فی نهايته على بدايته قبل بلوغ النهاية فيه.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق اسم المستحق لمن اتى ببعض ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ هو البداية كمن اتاه مع غيره الى النهاية.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق الاسم عليه والغرض منه الابتداء فی السرعة الى الاجابة مع اطلاق اسم ضده مع غيره للتثبط والتلكؤ عن الاجابة.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِیْ تمثل بها مثلا.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء بلفظ الاجمال الَّذِیْ تفسير ذٰلِكَ الاجمال بالتخصيص فی اخبار ثلاثة غيره.

اَلنَّوْعُ الثَّلاثُوْنَ اخباره صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا استاثر الله عز وعلا بعلمه دون خلقه ولم يطلع عليه

اَحَدًا من البشر.

اَلـنَّـوْعُ الْحَادِیْ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن نفی شیء بعدد محصور من غیر ان یکون المراد ان ما وراء ذٰلِکَ العدد یکون مباحا والقصد فیہ جواب خرج علی سؤال بعینہ.

اَلـنَّـوْعُ الثَّانِیْ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن الاشیاء الَّتِیْ حصرھا بعدد معلوم من غیر ان یکون الْمُرَادُ مِنْ ذٰلِکَ العدد نفیا عَمَّا وراءہ.

اَلـنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ ھو المستثنی من عدد محصور معلوم.

اَلـنَّـوْعُ الـرَّابِـعُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن الاشیاء الَّتِیْ اراد ان یفعلھا فلم یفعلھا لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ عارضہ سائر الاخبار من غیر ان یکون بینھما تضاد ولا تھاتر.

اَلـنَّـوْعُ السَّـادِسُ وَالثَّلاثُـوْنَ: اِخْبَـارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ ظاھرہ مستقل بنفسہ ولہ تـخـصـیـصـان اثنان احدھما من سنة ثابتة والآخر من الاجماع قد یستعمل الخبر مرة علی عمومہ واخری یخص بخبر ثان وتارة یخص بالاجماع.

اَلـنَّـوْعُ السَّـابِـعُ وَالثَّلاثُـوْنَ: اِخْبَـارُہٗ صَـلَّـی اللّٰہُ عَـلَیْـہِ وَسَلَّمَ عن الشیء بالایماء المفھوم دون النطق باللسان.

اَلـنَّـوْعُ الثَّـامِنُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن الشیء باطلاق الاسم الواحد علی الشیئین المختلفین عند المقارنة بینھما.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالثَّلاثُوْنَ: اِخْبَارُہٗ عن الشیء بلفظ الاجمال الَّذِیْ تفسیر ذٰلِکَ الاجمال فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ.

اَلـنَّـوْعُ الْاَرْبَـعُـوْنَ: اِخْبَـارُہٗ صَـلَّـی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن الشیء من اجل علة مضمرة لَمْ تُذْکَرْ فِیْ نَفْسِ الْـخِـطَـابِ فمتی ارتفعت العلة الَّتِیْ ھی مضمرة فی الخطاب جَازَ اِسْتِعْمَالُ ذٰلِکَ الشیء ومتی عدمت بطل جواز ذٰلِکَ الشیء.

اَلـنَّـوْعُ الْحَادِیْ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْیَاءٍ بالفاظ مضمرة بیان ذٰلِکَ الاضمار فِیْ اَخْبَارٍ اُخَرَ.

اَلـنَّـوْعُ الثَّـانِـیْ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْیَاءٍ باضمار کیفیة حقائقھا دون ظواھر نصوصھا.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الحكم للاشياء الَّتِىْ تحدث فى امته قبل حدوثها.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء باطلاق اثباته وكونه باللفظ العام وَالْمُرَادُ مِنْهُ كونه فِىْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء بلفظ التشبيه مراده الزَّجْرِ عَنْ ذٰلِكَ الشىء لِعِلَّةٍ مَّعْلُوْمَةٍ.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء بذكر وصف مصرح معلل يدخل تحت هذا الخطاب ما اشبهه اذا كانت العلة الَّتِىْ من اجلها امر به موجودة.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء باطلاق اسم الزوج على الواحد من الاشياء اذا قرن بمثله وان لم يكن فى الحقيقة كذٰلِكَ.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ قصد بها مخالفة المشركين واهل الكتاب.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ اطلق الاسماء عليها لقربها من التمام.

اَلنَّوْعُ الْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ باطلاق نفى الاسماء عنها للنقص عن الكمال.

اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَشْيَاءٍ باطلاق التغليظ على مرتكبها مُرَادُهَا التاديب دون الحكم.

اَلنَّوْعُ الثَّانِىْ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ اطلقها على سبيل المجاورة والقرب.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشياء الَّتِىْ ابتداهم بالسؤال عنها ثُمَّ اخبرهم بكيفيتها.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء باطلاق استحقاق ذٰلِكَ الشىء الوعد والوعيد وَالْمُرَادُ مِنْهُ مرتكبه لا نفس ذٰلِكَ الشىء.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشىء باطلاق اسم العصيان على الفاعل فعلا بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وله تخصيصان اثنان من خبرين آخرين.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ لم یحفظ بعض الصحابة تمام ذٰلِكَ الخبر عنه وحفظه البعض.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ اراد به التعلیم قد بقی المسلمون علیه مدة ثُمَّ نسخ بشرط ثان.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشیاء الَّتِیْ اریها فی منامه ثُمَّ نسی ابقاء امته.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالْخَمْسُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا عاتب الله جل وعلا امته علی افعال فعلوها.

اَلنَّوْعُ السِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاهتمام لاشیاء اراد فعلها ثُمَّ ترکها ابقاء علی امته.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء بصفة معلومةٍ مُرَادُهَا اِبَاحَةُ اِسْتِعْمَالُهُ ثُمَّ زجر عن اتیان مثله بعینه اذا کان بصفة اخری.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیْ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشیاء الَّتِیْ اطلقها بالفاظ الحذف عنها مما علیه معولها.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الشیء الَّذِیْ مراده اِبَاحَةُ الحکم علی مثل ما اخبر عنه لاستحسانه ذٰلِكَ الشیء الَّذِیْ اخبر عنه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الاشیاء الَّتِیْ انزل الله من اجلها آیات معلومة.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالاجوبة عَنْ اَشْيَاءٍ سئل عنها.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فی البدایة عن کیفیة اشیاء احتاج المسلمون الی معرفتها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن صِفَاتُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الَّتِی لَا یَقَعُ علیها التکییف.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللّٰهِ جَلَّ وعلا فی اشیاء معین علیها.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسِّتُّوْنَ: اِخْبَارِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا یَکُوْنُ فی امته من الفتن والحوادث.

اَلنَّوْعُ السَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الموت واحوال الناس عند نزول المنیة بهم.

اَلنَّوْعُ الْحَادِیْ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن القبور وکیفیة احوال الناس فیها.

اَلنَّوْعُ الثَّانِیْ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَعْثِ واحوال الناس فی ذٰلِكَ الیوم.

اَلنَّوْعُ الثَّالِثُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الصراط وتباين الناس فى الجواز عليه.

اَلنَّوْعُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن محاسبة الله جل وعلا عباده ومناقشته اياهم.

اَلنَّوْعُ الْخَامِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الحوض والشفاعة ومن له منهما حظ من امته.

اَلنَّوْعُ السَّادِسُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن رؤية المؤمنين ربهم يوم القيامة وحجب غيرهم عنها.

اَلنَّوْعُ السَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يكرمه الله جل وعلا فى القيامة بانواع الكرامات الَّتِيْ فضله بها على غيره من الانبياء صلوات الله عليه وعليهم اجمعين.

اَلنَّوْعُ الثَّامِنُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الجنة ونعيمها واقتسام الناس المنازل فيها على حسب اعمالهم.

اَلنَّوْعُ التَّاسِعُ وَالسَّبْعُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن النار واحوال الناس فيها نعوذ بالله منها.

اَلنَّوْعُ الثَّمَانُوْنَ: اِخْبَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن الموحدين الذين استوجبوا النيران وتفضله عليهم بدخول الجنة بعد ما امتحشوا وصاروا فحما.

سنن کی اقسام میں سے تیسری قسم

یہ نبی اکرم ﷺ کا ان چیزوں کے بارے میں خبر دینا ہے‘ جن کی معرفت کی ضرورت ہوتی ہے

امام ابو حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جہاں تک نبی اکرم ﷺ کے ان چیزوں کے بارے میں اطلاع دینے کا تعلق ہے‘ جن کی معرفت کی ضرورت ہوتی ہے‘ تو جب میں نے ان کی ”جوامع فصول“ اوران کے ورود کی انواع میں غور وفکر کیا‘ تا کہ جو شخص ان کو حفظ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اس کے لئے میں ان کے ادراک کو آسان کردوں‘ تو میں نے دیکھا کہ یہ 80 اقسام کے گرد گھومتی ہیں۔

پہلی قسم: نبی اکرم ﷺ کا وحی کے آغاز اوراس کی کیفیت کے بارے میں کا اطلاع دینا

دوسری قسم: آپ ﷺ کو دیگر انبیاء پر جو فضیلت عطا کی گئی ہے‘ اس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

تیسری قسم: اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو شان عطاء کی‘ آپ کو جو دیدار کروایا اوراس حوالے سے آپ ﷺ کو دیگر تمام لوگوں پر جو فضیلت اس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

چوتھی قسم: پہلے زمانے کے انبیاء ان کے اسماء اور انساب کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

5 ویں قسم: پہلے زمانے کے بعض انبیاء کے اسماء کا ذکر کیے بغیر ان کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

6 ویں قسم: گزشتہ امتوں کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

7 ویں قسم: جن اشیاء کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو حکم دیا‘ ان کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

8 ویں قسم: مرد وخواتین صحابہ کے اسماء کے ذکر کے ہمراہ‘ ان کے مناقب کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

9 ویں قسم: کچھ اقوام (یعنی لوگوں) کا نام لیے بغیر‘ مجمل الفاظ کے ذریعے ان کے فضائل کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا

10 ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا‘ جن کے ذریعے آپ ﷺ اپنی امت کو تعلیم دینا چاہتے ہوں۔

11 ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا‘ جن کے ذریعے آپ ﷺ اپنی بعض امت کو تعلیم دینا چاہتے تھے۔

12 ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا‘ جو ”کتاب اللہ“ میں مذکور ”عام“ الفاظ کا ”بیان“ ہیں‘

اوراس کی تخصیص آپ ﷺ کی سنت میں ہے۔

13ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جولفظی طور پر عتاب کرنا ہو اوراس سے مراد تعلیم دینا ہو۔

14ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جنہیں بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے برقرار رکھا اور بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے انہیں برقرار' قرار نہیں دیا۔

15ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کے ذریعے آپ کی مراد تعلیم دینا ہو۔

16ویں قسم: معجزانہ حیثیت رکھنے والی ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو علامات نبوت میں سے ہیں۔

17ویں قسم: کسی فعل پر عمل کرنے کے جواز کی نفی کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جبکہ تین اوصاف کی صورت میں اس کا حکم مختلف ہو' تو ان تین اوصاف میں سے جب کوئی بھی ایک صفت موجود ہو تو اس فعل پر عمل کرنا مباح ہوگا۔

18ویں قسم: نفس خطاب میں علت کے تذکرے کے ہمراہ کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جب تک وہ علت برقرار رہے اس وقت تک اس علت کے ہمراہ مثال بیان کرنا اور اشیاء میں اس سے تشبیہہ دینا جائز ہوگا۔ اگرچہ اس کا ذکر خطاب میں نہ ہو۔

19ویں قسم: ان اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کے مرتکب کے جنت میں داخلے کی نفی کی گئی ہے۔ جو بظاہر مطلق خطاب میں پوشیدہ تخصیص کے ہمراہ ہے۔

20ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جو آپ ﷺ نے حضرت جبرائیل سے حکایت (یعنی ان کے بیان) کے طور پر بتائی ہیں۔

21ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو آپ ﷺ نے اپنے اصحاب سے حکایت (یعنی ان کے بیان) کے طور پر بیان کی ہیں۔

22ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو آپ ﷺ نے اپنی امت کو (خدا کا) خوف دلانے کے لئے بیان کی ہیں۔

23ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس میں کسی مکمل چیز کے نام کا اطلاق اس کے بعض اجزاء پر کیا گیا ہو۔

24ویں قسم: ایسی ''مجمل'' چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے ہمراہ نفس خطاب میں ایک پوشیدہ شرط موجود ہو' اوراس سے مراد ان اشیاء پر عمل کرنے کے جواز کی نفی ہو' جنہیں انسان بذات خود ہی ادا کرسکتا ہے۔ وہ اس میں اپنے خالق (کی رضامندی کے حصول) کا قصد کرتا ہے' اس میں نفسانی خواہشات اور لذات شامل نہیں ہوتی ہیں۔

25ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے آغاز کے لئے وہ اسم استعمال کیا گیا ہو' جو اس

کے اختتام کے لئے ہوتا ہے حالانکہ (اس صورتحال میں) اختتام تک پہنچا نہیں گیا۔

26ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے بعض حصے کو بجالینے جو کہ اس کا ابتدائی حصہ ہے والے پر اس کے مستحق کے اسم کا اطلاق کیا گیا ہو جبکہ اس نے اس (بعض ابتدائی حصے) کے علاوہ کو بھی اس کے ہمراہ ادا کیا ہو۔

27ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس پر اسم کا اطلاق کیا گیا ہو اور اصل غرض یہ ہو کہ اس کے جواب میں (یعنی اس پر عمل کرتے ہوئے ابتدائی طور پر جلدی کی جائے اس کے ہمراہ اس کے متضاد لفظ کا استعمال اس کے جواب (یعنی اس پر عمل کرنے کے حوالے سے) لیت ولعل کرنے والے کے لئے استعمال کیا گیا ہو۔

28ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جن کے ذریعے مثال بیان کی جاتی ہے۔

29ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے لفظ "مجمل" ہوں اور اس "اجمال" کی وضاحت "تخصیص" کے ہمراہ تین دوسری روایات میں مذکور ہو۔

30ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے علم کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اپنی ساری مخلوق پر ترجیح دی ہو اور کسی بھی بشر کو اس پر اطلاع نہ دی ہو۔

31ویں قسم: متعین عدد کے ہمراہ کسی چیز کی نفی کے بارے میں آپ ﷺ کا اطلاع دینا جبکہ اس سے یہ مراد نہ ہو کہ اس عدد کے ماوراء اعداد مباح ہیں اور اس میں مقصود صرف اس چیز کا جواب دینا ہے جس کے بارے میں سوال کیا گیا تھا۔

32ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جن کا حصر متعین تعداد میں کیا گیا ہو اور اس سے یہ مراد نہ ہو کہ اس محصور عدد کے علاوہ تعداد کی نفی کی جائے۔

33ویں قسم: ایسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس چیز کا کسی متعین محصور تعداد میں سے استثناء کیا گیا ہو۔

34ویں قسم: ایسی اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جنہیں آپ ﷺ کرنا چاہتے تھے لیکن کسی متعین علت کی وجہ سے آپ ﷺ نے وہ عمل نہیں کیا۔

35ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے مقابلے میں دیگر روایات موجود ہوں لیکن ان کے درمیان کوئی تضاد یا اختلاف نہ ہو۔

36ویں قسم: ایسی شے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کا ظاہر اپنی ذات کے اعتبار سے مستقل ہو اور اس میں دو پہلوؤں سے تخصیص پائی جاتی ہو ان میں سے ایک تخصیص مستند حدیث سے ثابت ہو جبکہ دوسری تخصیص اجماع سے ثابت ہو۔ تو اس روایات کو بعض اوقات اس کے عموم پر محمول کیا جاتا ہو اور کبھی دوسری حدیث کے ذریعے اس کی تخصیص کر دی جاتی ہو اور کبھی اجماع کے ذریعے اس کی تخصیص کر دی جاتی ہو۔

37ویں قسم: نبی اکرم ﷺ کا زبان کے ذریعے کلام کیے بغیر صرف سمجھ آجانے والے اشارے کے ذریعے کسی چیز کے بارے میں خبر دینا۔

38ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس میں ایک ہی اسم کا اطلاق دو اشیاء پر کیا گیا ہو کہ جب ان دونوں کو ساتھ ذکر کیا جائے تو وہ ایک دوسرے سے مختلف ہوں۔

39ویں قسم: ''مجمل'' لفظ کے ذریعے کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس کے اجمال کی وضاحت دوسری روایات میں ہو۔

40ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جو کسی ایسی پوشیدہ علت کی وجہ سے ہو' جو خطاب میں مذکور ہو' اور خطاب میں پوشیدہ علت جب اٹھ جائے گی' تو اس چیز کا استعمال جائز ہوگا اور جب وہ علت معدوم ہوگی تو اس چیز کا جواز باطل ہو جائے گا۔

41ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو پوشیدہ الفاظ کے ہمراہ ہو اور ان پوشیدہ الفاظ کا بیان دوسری روایات میں ہو۔

42ویں قسم: کچھ اشیاء کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا' جن کے حقائق کی کیفیت پوشیدہ ہو اور نصوص کے ظاہری مفہوم کے علاوہ ہو۔

43ویں قسم: نبی اکرم ﷺ کا کچھ اشیاء کے اپنی امت میں رونما ہونے سے پہلے ہی' ان کے حکم کے بارے میں اطلاع دینا۔

44ویں قسم: کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جو اس کے اثبات کے اطلاق کے ہمراہ ہو' یہ لفظ کے ''عموم'' کے ہمراہ ہو۔ اور اس سے مراد یہ ہو: وہ تمام حالتوں کے بارے میں نہ ہو بلکہ بعض حالتوں کے بارے میں ہو۔

45ویں قسم: تشبیہ کے لفظ کے ہمراہ' کسی چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا اطلاع دینا جس سے مراد یہ ہو کہ متعین علت کی وجہ سے' اس چیز سے منع کیا گیا ہو

الْقِسمِ الْقِسْمَ الْخَامِسَ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ الَّتِي هي افعال النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفُصُولِهَا وَاَنْوَاعِهَا اِن اللّٰهُ قَضَى ذَلِكَ وَشَاءَهُ.

جَعَلَنَا اللّٰهُ مِمَّنْ هدى لسبل الرشاد ووفق لسلوك السداد فى جمع وتشمر فِي جَمْعِ السُّنَنِ وَالْاَخْبَارِ وَتَفَقَّهَ فِي صَحِيحِ الْآثَارِ وَآثَرَ مَا يُقَرِّبُ اِلَى الْبَارِى جَلَّ وعلا من الاعمال على ما يباعد عنه فى الاحوال انه خير مسؤول.

ثم قال فى آخر الكتاب فهذا آخر انواع السنن قد فصلناها على حسب ما اصلنا الكتاب عليه من تقاسيمها وليس فى الانواع الَّتِيْ ذكرناها من اول الكتاب الى لآخره نوع يستقصى لانا لو ذكرنا كل نوع بما فيه من السنن لصار الكتاب اكثره معادا لِاَنَّ كل نوع منها يدخل جوامعه فى سائر الانواع فاقتصرنا على ذكر الانمى 1 من كل نوع لنستدرك به ما وراء ه منها وكشفنا عَمَّا اشكل من الفاظها وفصلنا عَمَّا يجب ان يوقف على معانيها على حسب ما سهل الله ويسره وله الحمد على ذٰلِكَ.

وقد تركنا من الاخبار المروية اخبار كثيرة من اجل ناقليها وان كانت تلك الاخبار مشاهير تداولها الناس فمن احب الوقوف على السبب الَّذِيْ من اجله تركتها نظر فى كتاب المجروحين من المحدثين من كتبنا يجد فيه التفصيل لكل شيخ تركنا حديثه ما يشفى صدره وينفى الريب عن خلده ان وفقه الله جل وعلا لذٰلِكَ وطلب سلوك الصواب فيه دون متابعة النفس لشهواتها ومساعدته اياها فى لذاتها.

وقد احتججنا فى كتابنا هذا بجماعة قد قدح فيهم بعض ائمتنا فمن احب الوقوف على تفصيل اسماء هم فلينظر فى الكتاب المختصر من تاريخ الثقات يجد فيه الاصول الَّتِيْ بنينا ذٰلِكَ الكتاب عليها حَتّٰى لا يعرج على قدح قادح فى محدث على الاطلاق من غير كشف عن حقيقة وقد تركنا من الاخبار المشاهير الَّتِيْ نقلها عدول ثقات لعلل تبين لنا منها الخفاء على عالم من الناس جوامعها.

وانما نملى بعد هذا علل الاخبار ونذكر كل مروى صح او لم يصح بما فيه من العلل ان يسر الله ذٰلِكَ وسهله.

جعلنا الله ممن سلك مسالك اولى النهى فى اسباب الاعمال دون التعرج على الاوصاف والاقوال فارتقى على سلالم اهل الولايات بالطاعات التعرج على الاوصاف والاقوال فارتقى على سلالم اهل الولايات بالطاعات والانقلاع بكل الكل عن المزجورات حَتّٰى تفضل عليه بقبول ما ياتى من الحسنات والتجاوز عَمَّا يرتكب من الحوبات انه خير مسؤول وافضل الحسنات والتجاوز عَمَّا يرتكب من الحوبات انه خير مسئول وافضل مامول انتهى كلامه اولا وآخرا رحمه الله بمنه وكرمه.

امام ابوحاتم فرماتے ہیں: تو سنن کی تمام اقسام 400 ہیں جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہم نے سنن کی جو انواع بیان کی ہیں' اگر ہم چاہتے تو ان کے علاوہ بھی بہت سی انواع بیان کر سکتے تھے۔ لیکن باقی کو چھوڑ کر ہم نے ان انواع پر اس لیے اکتفاء کیا ہے' کیونکہ ''سنن'' کی نوع بندی کا مقصد دو چیزوں سے پردہ ہٹانا ہے۔

ایک وہ روایت جس کی تاویل کے بارے میں ائمہ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

دوسرا روایت کے الفاظ کی عمومیت' اکثر لوگوں کیلئے اس کے مفہوم سے واقفیت حاصل کرنا دشوار ہوتا ہے اور اس سے مقصود کا حصول ان کیلئے مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے ہم نے سنن کی تقسیم اور نوع بندی کا ارادہ کیا تاکہ ایسی روایات' جن کے بارے میں ہم نے ذکر کیا ہے۔ ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ (کی عطا کردہ توفیق) کے مطابق ان کی وضاحت کر دیں اور اس کے بارے میں قول موافق ہو جائے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔

کتاب کے آغاز میں ہم نے انواعِ سنن کے تراجم سے آغاز کیا ہے' تاکہ اس شخص کیلئے سہولت ہو جائے جو ان میں سے کسی بھی نوع سے متعلق احادیث سے واقفیت حاصل کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور اس لیے بھی کہ مقصود کے وقت ہر قسم کی ہر فصل کو حفظ کرنا دشوار نہ رہے۔ اس کی وجہ یہ ہے' ہم نے سنن کی اس ترتیب بندی میں قرآن کی تالیف کی پیروی کرنے کا قصد کیا ہے کیونکہ قرآن کو مختلف اجزاء کی شکل میں تالیف کیا گیا ہے' تو قرآن کے اجزاء کے مقابلے میں (یعنی اس کی طرز پر) ہم نے سنن کی اقسام بنا دی ہیں۔

جس طرح قرآن کے اجزاء میں سے ہر جز مختلف سورتوں پر مشتمل ہوتا ہے' تو اسی طرح ہم نے سنن کی اقسام میں سے ہر قسم کو مختلف انواع پر مشتمل بنایا ہے' تو سنن کی انواع' قرآن کی سورتوں کے مقابل (یعنی اس طرز کے حوالے سے) ہوں گی اور قرآن کی ہر سورت کیونکہ کئی آیات پر مشتمل ہوتی ہے اس لیے ہم نے سنن کی انواع میں سے ہر نوع کو مختلف احادیث پر مشتمل بنایا ہے' تو سنن میں سے احادیث' قرآن کی آیات کے مقابلے میں ہوں گی۔

ہم نے جو تفصیل ذکر کی ہے' جب آدمی اس سے واقف ہو جائے گا اور ان (احادیث کو) حفظ کرنے کا ارادہ کرے گا' تو اس کیلئے یہ چیز آسان ہو گی جو اس نے ارادہ کیا ہے۔ جس طرح اس کیلئے یہ بات دشوار ہو گی کہ اگر وہ انہیں حفظ کرنے کا ارادہ نہیں کرتا تو اس کیلئے ان احادیث سے واقفیت حاصل کرنا (یعنی موضوع کی ترتیب کے حوالے سے انہیں تلاش کرنا) مشکل ہو گا۔

کیا آپ نے غور نہیں کیا؟ جب کسی شخص کے پاس قرآن مجید موجود ہو اور وہ شخص اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حافظ نہ ہو اور وہ قرآن کی کسی آیت کے بارے میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہو کہ وہ کس مقام پر ہے؟ تو یہ بات اس کیلئے دشوار ہو گی۔ لیکن جب وہ اس (قرآن کو) حفظ کر لے گا' تو تمام آیات اس کی آنکھوں کے سامنے ہونگی۔

تو اگر یہ کتاب کسی شخص کے پاس ہو' اور وہ اسے حفظ نہ کرے' اس کی تقاسیم اور انواع میں غور و فکر نہ کرے۔ اور پھر اس میں سے

کوئی حدیث نکالنا چاہے (یعنی تلاش کرنا چاہے) تو یہ بات اس کیلئے دشوار ہوگی لیکن جب وہ اسے حفظ کرنے کا قصد کرے گا' تو اس کا علم پوری کتاب کو محیط ہوگا۔ یہاں تک کہ وہ کسی ایک حدیث کو بھی نہیں چھوڑے گا۔ یہ وہ حیلہ ہے' جو ہم نے اس لیے اختیار کیا ہے' تا کہ لوگ ''سنن'' (یعنی احادیث) کو یاد کریں اور ان کو حفظ کرنے اور ان کا علم حاصل کرنے کو چھوڑ کر صرف تحریری طور پر نوٹ کرنے اور جمع کرنے پر اکتفاء نہ کریں البتہ ضرورت کے وقت (انہیں نوٹ بھی کرلیں)۔

ہم نے اپنی اس کتاب میں جو احادیث شامل کی ہیں۔ ان کو نقل کرنے میں ہم نے شرائط رکھی ہیں۔ ہم نے اس میں صرف وہی روایات شامل کی ہیں' جن کے راویوں میں سے ہر شیخ میں پانچ چیزیں پائی جائیں۔

پہلی: آراستہ پوشیدہ (معاملات) کے ہمراہ' دین میں عدالت

دوسری: حدیث بیان کرنے میں سچ بیانی اور اس حوالے سے اس کا مشہور ہونا۔

تیسری: جو حدیث وہ بیان کر رہا ہے اس کی سمجھ بوجھ ہونا۔

چوتھی: جو روایت وہ نقل کر رہا ہے اس کے معانی (ومصداق) کا علم ہونا۔

پانچویں: اس کی (نقل کردہ) روایت ''تدلیس'' سے خالی ہو۔

ہر وہ راوی جس میں یہ پانچ خصوصیات موجود ہونگی۔ ہم نے اس کی (نقل کردہ) روایت سے استدلال کیا ہے۔

اور اس کی روایت پر ہم نے کتاب کی بنیاد رکھی ہے اور جن راویوں میں یہ پانچ خصوصیات نہیں پائی جاتی ہیں ہم نے ان سے استدلال نہیں کیا۔

انسان میں عدالت موجود ہونے سے مراد یہ ہے' اس کے اکثر احوال اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری پر مشتمل ہوں اور وہ شخص عادل نہیں ہوگا' جس کے اکثر احوال اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر مشتمل ہوں۔

بعض اوقات کوئی عادل شخص ایسا ہوتا ہے' جس کے پڑوسی اور اس کے شہر کے عادل لوگ اس کے حق میں گواہی دیتے ہیں لیکن وہ اپنی روایت کردہ حدیث میں سچا نہیں ہوتا۔ اس چیز کی معرفت اسی شخص کو حاصل ہو سکتی ہے' جو باقاعدہ طور پر علم حدیث حاصل کرے اور تعدیل کرنے والا کوئی شخص علم حدیث کا ماہر اس وقت تک شمار نہیں ہوتا۔ جب تک وہ روایت اور دین دونوں حوالوں سے ایک ساتھ تعدیل نہ کرے۔

جو حدیث (راوی) بیان کر رہا ہے اس کی سمجھ بوجھ ہونے سے مراد یہ ہے' وہ لغت کی اتنی سمجھ بوجھ رکھتا ہو' جس کے نتیجے میں وہ روایت کے معانی کو ان کے مخصوص مقام سے ہٹا نہ دے اور اسے علم حدیث کی اتنی سمجھ بوجھ ہو کہ وہ موقوف روایت کو مسند روایت کے طور پر' یا مرسل روایت کو مرفوع روایت کے طور پر نقل نہ کر دے یا کسی اسم کی تصحیف نہ کر دے۔

اپنی نقل کردہ روایت کے ممکنہ معانی کا علم رکھنے سے مراد یہ ہے' وہ علم فقہ کی اتنی سمجھ بوجھ رکھتا ہو کہ جب وہ کسی روایت کو بیان کرے یا اپنے حافظے کی بنیاد پر اسے نقل کرے' یا اس کو مختصر طور پر نقل کرے تو وہ اس کا کوئی ایسا معنی بیان نہ کر دے جو نبی اکرم ﷺ کی مراد سے مختلف ہو۔

روایت میں تدلیس نہ ہونے سے مراد یہ ہے' وہ روایت اس قسم کی ہو' جس کی صفت ہم بیان کر چکے ہیں' اس میں یہ پانچ خوبیاں ہونی چاہئیں اور راوی نے اپنے جیسے (یعنی ان خصوصیات کے حامل شخص) سے سماع کے طور پر (یعنی اپنے استاد سے وہ حدیث با قاعدہ سن کر) اسے نقل کیا ہو یہاں تک کہ (سند کا سلسلہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ جائے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہم نے اسبیجاب سے لے کر اسکندریہ تک تقریباً دو ہزار مشائخ سے احادیث نوٹ کی ہیں لیکن ہم نے اپنی اس کتاب میں صرف 150 مشائخ سے روایات نقل کی ہیں۔ کسی سے کم' کسی سے زیادہ' ہماری اس کتاب میں مذکور زیادہ تر روایات کا مآخذ 20 مشائخ ہیں' جن کے حوالے سے ہم نے احادیث نقل کی ہیں اور ہم نے دوسروں کی روایات (چھوڑ کر) ان حضرات کی روایات پر اکتفاء کیا ہے' جو ان شرائط کے مطابق ہیں' جن کا ہم ذکر کر چکے ہیں۔

بعض اوقات میں اس کتاب میں کوئی روایت نقل کروں گا اور ایسے مشائخ کے حوالے سے نقل کروں گا۔ جن پر ہمارے بعض ائمہ نے تنقید کی ہے جیسے سماک بن حرب' داؤد بن ابو ہند' محمد بن اسحاق بن یسار' حماد بن سلمہ' ابوبکر بن عیاش اور ان جیسے دیگر حضرات ہیں' جن کی روایات سے ہمارے بعض ائمہ نے پہلو تہی کی ہے' جبکہ بعض ائمہ نے ان کی روایات کو نقل کیا ہے' تو ایسے حضرات میں سے' جس کے بارے میں' واضح براہین اور مستند قرائن سے یہ بات پتہ چل جائے کہ یہ ثقہ ہے' تو میں اس سے روایت نقل کردوں گا اور اس پر تنقید کرنے والے کے قول کو خاطر میں نہیں لاؤں گا اور جس راوی کے بارے میں روشن دلائل اور واضح قرائن سے یہ پتہ چل جائے کہ وہ عادل نہیں ہے' تو میں اس کے حوالے سے روایت نقل نہیں کروں گا۔ اگرچہ ہمارے بعض ائمہ نے اسے ''ثقہ'' قرار دیا ہو۔

میں ان میں سے ایک کی مثال پیش کرتا ہوں اور اس کے بارے میں کلام کرتا ہوں تا کہ آدمی اس شخص کے بارے میں اندازہ لگا سکے' جو اس کی مثل ہوگا۔

جیسے ہم حماد بن سلمہ کی طرف آتے ہیں اور ان کی مثال پیش کرتے ہیں جس شخص نے ان کی حدیث کو پرے کیا ہے' ہم اسے یہ کہتے ہیں: حماد بن سلمہ کس وجہ سے اس بات کے مستحق ٹھہرے کہ ان کی نقل کردہ روایت کو ترک کردیا جائے؟

حالانکہ وہ (اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے) ایک ایسے شخص ہیں۔ جنہوں نے (علم حدیث کی طلب میں) سفر کیا۔ (احادیث کو) نوٹ کیا' جمع کیا' تصنیف کیا' انہیں یاد کیا' ان کا مذاکرہ کیا۔ انہوں نے دینداری اور پوشیدہ (امور میں) تقویٰ کو (اپنے اوپر) لازم کیا۔ ہمیشہ عبادت گزار رہے۔ سنت کے معاملے میں پختہ رہے اور اہل بدعت کی مخالفت کرتے رہے۔ بصرہ کے عام لوگوں کو اس بارے میں کوئی شک نہیں تھا کہ وہ ''مستجاب الدعوات'' بزرگ ہیں اور ان کے زمانے میں ان کے علاوہ بصرہ میں کوئی ایسا شخص نہیں تھا' جس کی نسبت علم (حدیث) کی طرف کی جاتی ہو اور اس کا شمار ''ابدال'' میں ہوتا ہو' تو جس شخص میں یہ تمام خصوصیات جمع ہوں' اس کی روایت لاتعلقی کی مستحق کیوں ہوگی؟

اگر وہ یہ جواب دے: اس کی وجہ یہ ہے' وہ بعض اوقات اپنے معاصرین سے مختلف الفاظ نقل کر دیتے ہیں' تو اسے یہ کہا جائے گا: کیا دنیا میں کوئی ایسا ثقہ محدث ہے' جس نے بعض روایات میں اپنے معاصرین سے مختلف الفاظ نقل نہ کیے ہوں؟

تو اگر کوئی شخص بعض روایات میں معاصرین کی مخالفت کی وجہ سے اس بات کا مستحق بن جاتا ہے کہ اس کی نقل کردہ تمام تر روایات کو ترک کر دیا جائے' تو پسندیدہ ائمہ میں سے ہر ایک اس بات کا مستحق قرار پائے گا کہ اس کی روایات کو ترک کر دیا جائے کیونکہ اس نے بعض روایات اپنے اقران سے مختلف طور پر نقل کی ہوں گی۔

اگر وہ شخص یہ کہے: حماد غلطی کر جاتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا: اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کے بعد کیا دنیا میں کوئی ایسا شخص ہے' جو (مکمل طور پر) غلطی سے محفوظ ہو؟

اگر غلطی کرنے کی وجہ سے (کسی راوی کی) حدیث کو ترک کرنا جائز ہو' تو صحابہ کرام' تابعین عظام اور ان کے بعد کے محدثین کی (نقل کردہ) حدیث کو ترک کرنا بھی جائز ہوگا کیونکہ یہ حضرات معصوم نہیں تھے۔

اگر وہ شخص یہ کہے: حماد زیادہ غلطیاں کرتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا: لفظ ''زیادہ'' ایک ایسا لفظ ہے' جو کئی معانی پر مشتمل ہوتا ہے اور کوئی بھی شخص اس بات کا مستحق اس وقت تک نہیں بنتا کہ اس کی روایات کو ترک کر دیا جائے جب تک اس سے صادر ہونے والی غلطیاں اس (کی نقل کردہ) ٹھیک (روایات) پر غالب نہیں آ جاتی ہیں۔ جب اس کی غلطیاں زیادہ ہو جائیں اور ٹھیک روایات پر غالب آ جائیں' تو پھر وہ اس بات کا مستحق ہو جاتا ہے' اس کی نقل کردہ روایت سے لاتعلقی اختیار کی جائے۔ تاہم جس کی غلطیاں زیادہ ہوں لیکن وہ درست (روایات) پر غالب نہ ہوں' تو اس کی وہ روایات قبول کی جائیں گی۔ جن میں اس نے غلطی نہیں کی اور اس کی صرف ان روایات سے لاتعلقی اختیار کی جائے گی جن میں اس نے غلطی کی ہے جیسے شریک' ہشیم' ابوبکر بن عیاش اور ان جیسے دیگر افراد۔ یہ حضرات غلطیاں کرتے ہیں اور زیادہ کرتے ہیں لیکن ان کے حوالے سے احادیث روایت کی جاتی ہیں اور اس (معترض) نے اپنی کتاب میں ان کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ تو حماد بھی ان حضرات میں سے ایک ہیں۔

اگر وہ (معترض) یہ کہے: حماد ''تدلیس'' کرتے تھے' تو اسے یہ کہا جائے گا قتادہ' ابواسحاق سبیعی' عبدالملک بن عمیر' ابن جریج' اعمش' ثوری' ہشیم (یہ سب حضرات) تدلیس کیا کرتے تھے اور تم ان کی روایات سے استدلال کرتے ہو' تو اگر حماد کا اپنی روایات میں تدلیس کرنا' ان کی حدیث کو ترک کرنے کو لازم کرتا ہے' تو ان ائمہ کی تدلیس بھی ان کی روایات کو ترک کرنے کو لازم کر دے گی۔

اگر وہ (معترض) یہ کہے: وہ (یعنی حماد' راویوں کی) ایک جماعت کے حوالے سے ایک روایت' ایک ہی (جیسے) الفاظ میں نقل کر دیتے ہیں وہ ان (راویوں) کے الفاظ میں اختلاف کی وضاحت نہیں کرتے۔

تو اسے یہ کہا جائے گا: نبی اکرم ﷺ کے اصحاب اور تابعین روایات کو متباین الفاظ کے ہمراہ معنوی طور پر نقل کر دیتے ہیں' تو حماد بھی اسی طرح کر دیتے تھے۔

وہ ایوب' ہشام' ابن عون' یونس' خالد' قتادہ سے ابن سیرین کے حوالے سے (منقول) روایت سنتے تھے' اور اس کے مضمون کی تحقیق کرتے تھے اور اسے ایک ہی طرح کے الفاظ میں جمع کر لیتے تھے۔ اگر اس وجہ سے ان کی حدیث کو ترک کرنا لازم آتا ہو' تو پھر (اس بنیاد پر) سعید بن مسیب' حسن بصری' عطاء اور ان جیسے دوسرے تابعین حضرات کی حدیث کو ترک کرنا لازم آئے گا کیونکہ یہ حضرات بھی ایسا کرتے تھے۔ اس لیے روایات کے ناقلین کے بارے میں اس بات کا جائزہ لیا جاتا ہے' ان کی نقل کردہ روایت کی

قرائن سے تائید حاصل کی جائے (یعنی اس کے متابع اور شواہد کا جائزہ لیا جائے)

میں اس کی ایک مثال پیش کرتا ہوں تا کہ اس کے ذریعے دیگر روایات کے بارے میں شناسائی حاصل کی جا سکے۔

ہم حماد بن سلمہ کی طرف آتے ہیں' انہوں نے ایوب' ابن سیرین' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ایک روایت نقل کی۔

جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے' ہمیں حماد کے علاوہ ایوب کے کسی دوسرے شاگرد کے پاس وہ روایت نہیں مل سکی۔

تو اب ہم پر یہ بات لازم ہے' ہم حماد پر جرح کرنے میں' توقف کریں اور اس بات کا جائزہ لیں کہ ان کے معاصرین میں سے دیگر حضرات نے کون سی روایات نقل کی ہیں۔

تو یہ ضروری ہے' ہم سب سے پہلے اس بات کا جائزہ لیں۔

کیا حماد کے کئی شاگردوں نے ان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے؟ یا ان (کے شاگردوں) میں سے صرف کسی ایک نے وہ روایت نقل کی ہے؟

اگر یہ صورت پائی جائے کہ ان کے کئی شاگروں نے ان کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے' تو یہ بات پتہ چل جائے گی کہ حماد نے یہ حدیث روایت کی ہے۔

اگر یہ صورت پائی جائے کہ وہ روایت حماد کے حوالے (صرف ایک) ضعیف راوی نے روایت کی ہے' تو اس روایت کو حماد کے بعد والے (ضعیف راوی) سے منسلک کر دیا جائے گا۔

جب یہ بات مستند طور پر ثابت ہو جائے کہ انہوں نے ایوب کے حوالے سے ایسی روایت نقل کی ہے' جس کی متابعت نہیں کی گئی تو یہ ضروری ہو گا کہ اس بارے میں' توقف کیا جائے اور اسے ضعیف قرار نہ دیا جائے۔

بلکہ اس بات کا جائزہ لیا جائے۔ کیا ایوب کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے ابن سیرین کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے؟

اگر یہ صورت پائی جائے' تو یہ بات پتہ چل جائے گی کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہے' جس کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے'

اگر وہ صورت نہیں پائی جاتی جو ہم نے بیان کی ہے' تو پھر اس صورت میں اس بات کا جائزہ لیا جائے گا۔

ابن سیرین کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے وہ روایت نقل کی ہے؟ اگر یہ بات پائی جائے' تو پتہ چل جائے گا کہ اس حدیث کی اصل ہے۔

اگر وہ چیز نہیں پائی جاتی جو ہم نے بیان کی ہے' تو پھر اس بات کا جائزہ لیا جائے گا۔

کیا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور (صحابی) نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسے نقل کیا ہے؟ اگر یہ بات پائی جائے' تو یہ ثابت ہو جائے گا کہ اس حدیث کی کوئی اصل ہے۔

لیکن جب یہ چیز بھی نہ پائی جائے اور وہ روایت بذات خود تین اصولوں (یعنی کتاب' سنت اور اجماع) کے خلاف ہو' تو کسی شک کے بغیر یہ بات پتہ چل جائے گی کہ وہ روایت ''موضوع'' (یعنی جھوٹی روایت) ہے۔

یہ روایات کے ناقلین کے بارے میں تحقیق کرنے کا حکم (یعنی طریقہ) ہے۔ ہم نے ہر ایک شیخ کی روایت کی تحقیق کی ہے' جو

اس (اصول کے مطابق ہے) جسے ہم بیان کر چکے ہیں کہ دینی اعتبار سے جائزہ لیا جائے گا۔

تو ان میں سے جس کے بارے میں ہمارے نزدیک مستند طور پر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ عادل ہے ہم اس سے استدلال کریں گے (یعنی اس کی نقل کردہ روایات تحریر کریں گے) اور اس کی روایات کو قبول کریں گے اور انہیں اس کتاب میں شامل کریں گے۔ اور ہم نے جو معیار بیان کیا ہے اگر اس کے حوالے سے کسی راوی کے بارے میں ہمارے نزدیک مستند طور پر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ عادل نہیں ہے تو ہم اس سے استدلال نہیں کریں گے۔ ایسے راویوں کو ہم نے اپنی کتاب ''المجر وحین'' میں شامل کر دیا ہے جو ان محدثین کے بارے میں ہے جن پر کسی بھی حوالے سے جرح کی گئی ہے کیونکہ ''مجروح'' راویوں پر 20 قسم کی جرح کی گئی ہے جسے ہم نے کتاب ''المجر وحین'' کے آغاز میں مختلف فصول کے تحت ذکر کیا ہے جس کے بارے میں مجھے امید ہے جو شخص اس بارے میں تحقیق کرے گا یہ اس کیلئے کافی ہوگی۔ اس لیے اس (بحث کو) یہاں اس کتاب میں دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

جہاں تک روایات کا تعلق ہے تو تمام روایات ''خبر واحد'' ہیں کیونکہ نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے ایسی کوئی روایت موجود نہیں ہے جسے دو عادل راویوں نے نقل کیا ہو اور ان دونوں میں سے ہر ایک نے اسے دو عادل راویوں سے نقل کیا ہو یہاں تک کہ (دو عادل راویوں والی سند کا سلسلہ) نبی اکرم ﷺ تک پہنچ جائے۔

تو جب یہ بات ناممکن اور غلط ہے تو یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ تمام روایات ''خبر واحد'' ہیں تو جو شخص ''اخبار آحاد'' کو قبول کرنے سے روگردانی کرے گا تو وہ تمام احادیث کو ترک کرنے کا ارادہ رکھے گا کیونکہ احادیث صرف ''اخبار آحاد'' کے طور پر ہی موجود ہیں۔

جہاں تک روایات میں ''مرفوع'' ہونے کو قبول کرنے کا تعلق ہے تو ہم اسے ہر ایسے شیخ سے قبول کریں گے جس میں وہ پانچ خصوصیات پائی جاتی ہوں جن کا میں ذکر کر چکا ہوں۔

تو اگر ایک عادل راوی کسی روایت کو ''مرسل'' کے طور پر نقل کرتا ہے اور دوسرا عادل راوی اسی روایت کو ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کرتا ہے۔ تو ہم اس کی روایت کو قبول کریں گے جس نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

کیونکہ اس نے ایک ایسی اضافی چیز نقل کی ہے جسے اس نے محفوظ رکھا اور دوسرے راوی نے اسے محفوظ نہیں رکھا جو ''اتقان'' میں اس کی مثل ہے۔

اگر دو عادل راوی (کسی روایت کو) ''مرسل'' کے طور پر نقل کریں اور دو عادل راوی اسی روایت کو ''مسند'' کے طور پر نقل کریں تو میں ان دو عادل راویوں کی روایت قبول کرلوں گا۔ جنہوں نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے لیکن اس کیلئے وہی چیز شرط ہوگی (جو میں پہلے بیان کر چکا ہوں) اور اس بارے میں حکم اسی طرح ہوگا خواہ اس میں تعداد زیادہ ہو یا کم ہو۔

لیکن اگر پانچ عادل راویوں نے اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہو اور دو عادل راویوں نے ''مسند'' کے طور پر نقل کیا ہو تو اس صورت میں میں نے (متابع اور شواہد کا) جائزہ لیا اور جس کے حق میں (قرائن سامنے آئے) اس کیلئے فیصلہ دیدیا۔

جیسے ہم ایک ایسی روایت کی طرف آتے ہیں جسے نافع نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے نقل

کیا ہے۔

امام مالک' عبیداللہ بن عمر' یحییٰ بن سعید' عبداللہ بن عون' ایوب سختیانی اسے نافع کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے نقل کرنے پر متفق ہیں اور انہوں نے اسے ''مرفوع'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے' جبکہ ایوب بن موسیٰ' اسماعیل بن امیہ نے اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے' تو یہ سب حضرات ''ثقہ'' ہیں یا ان دو حضرات نے اسے ''مسند'' روایت کے طور پر نقل کیا ہو اور باقی نے ''مرسل'' کے طور پر نقل کیا ہو' تو میں نے نافع سے اوپر (کے بارے میں شواہد اور متابع) کی تحقیق کی ہے۔

یا نافع کے علاوہ کسی اور ثقہ راوی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے؟ یا ان سے بھی اوپر (یعنی کسی دوسرے صحابی نے) ایسا کیا ہے' جو (ان شرائط) کے مطابق ہو جو ہم بیان کر چکے ہیں۔

ہم نے جو بات بیان کی ہے اگر وہ پائی جائے' تو ہم اس کی روایت کو قبول کرلیں گے جس نے اضافی چیز (یعنی اس کا مرفوع ہونا) نقل کیا ہے۔ یہ اس کے مطابق ہوگا' جو ہم ذکر کر چکے ہیں۔

مختصر یہ کہ یہ بات ضروری ہے' نقل کرنے والوں میں عدالت کی تحقیق کی جائے۔ جب ان میں سے کسی ایک کا عادل ہونا ثابت ہو جائے' تو اس کی وہ روایت قبول کر لی جائے جو اس نے ''مسند'' کے طور پر نقل کی ہے اگر چہ دوسرے راوی نے اسے ''موقوف'' کے طور پر نقل کیا ہو' یا (اس کی نقل کردہ) ''مرفوع'' حدیث کو قبول کرلیا جائے اگر چہ دوسرے راوی نے اسے ''مرسل'' کے طور پر نقل کیا ہو کیونکہ عدالت صرف اسی چیز کو لازم کرتی ہے اس لیے دو ثقہ راویوں سے ''ارسال'' اور ''رفع'' مقبول ہونگے اور دو عادل راویوں سے ''مسند'' اور ''موقوف'' کو قبول کیا جائے گا' جو اس شرط کے مطابق ہو جو ہم بیان کر چکے ہیں۔

جہاں تک روایات میں اضافی الفاظ نقل کرنے کا تعلق ہے' تو ہم یہ چیز صرف اس راوی سے قبول کریں گے جس پر فقہ غالب ہو۔ یہاں تک کہ یہ پتہ چل جائے کہ وہ جس چیز کو روایت کر رہا ہے اس کا علم بھی رکھتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے بارے میں یہ شک نہ رہے' وہ (روایت کو) اس کے مخصوص مقام (یعنی مقصود و مفہوم) سے ہٹا دے گا' یا اس کے معنی میں تبدیلی کر دے گا یا ایسا نہیں ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے' روایتی محدثین عام طور پر متون کی بجائے (راویوں کے) نام اور اسانید یاد رکھنے پر توجہ دیتے ہیں جبکہ روایتی فقہاء' اسانید اور محدثین کے اسماء کو یاد رکھنے کی بجائے' صرف متون اور ان کے احکام کو یاد رکھنے پر توجہ دیتے ہیں اور وہ روایت کو معنوی طور پر نقل کر دیتے ہیں۔

تو جب کوئی محدث کسی روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کرتا ہے اور اس پر فقہ (کا رنگ) غالب ہو' تو میں اس کے ''رفع'' کو صرف اسی وقت قبول کروں گا' جب وہ اپنی کتاب میں سے (دیکھ کر حدیث بیان) کرے کیونکہ وہ ''مرسل'' کے مقابلے میں ''مسند'' اور ''منقطع'' کے مقابلے میں ''موقوف'' کا علم نہیں رکھتا۔ اس کی توجہ کا مرکز صرف متون (کے الفاظ) ہیں۔

اسی طرح میں کسی حافظ اور ''متقن'' محدث کے کسی روایت میں اضافی الفاظ کو قبول نہیں کروں گا کیونکہ اس کا واسطہ زیادہ تر اسناد کے احکام اور راویوں کے نام یاد رکھنے سے ہوتا ہے۔ وہ متون اور اس میں موجود الفاظ کی طرف زیادہ توجہ نہیں کرتے۔ البتہ اگر

وہ اپنی کتاب (کو دیکھ کر حدیث بیان کرے) تو معاملہ مختلف ہے۔

یہ وہ احتیاط ہے جو (روایت کے) الفاظ میں ''اضافی'' چیز قبول کرنے کے بارے میں ہے۔

جہاں تک ان راویوں کا تعلق ہے جن کی نسبت مختلف فرقوں کی طرف کی جاتی ہے جیسے ''مرجئہ'' ''شیعہ'' اوران جیسے (دوسرے فرقہ جات) تو ہم ایسے راویوں کی نقل کردہ روایات سے استدلال کریں گے جبکہ وہ اس شرط کے مطابق ثقہ ہوں جسے ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہم ان کے مسلک اور جس کی وہ پیروی کرتے ہیں اس کو ان کے اور ان کے خالق کے درمیان معاملے پر چھوڑتے ہیں ماسوائے اس صورت کے کہ وہ اپنے فرقے کے باقاعدہ داعی ہیں تو جو شخص اپنے فرقہ کا داعی اور دفاع کرنے والا ہو یہاں تک کہ وہ اس حوالے سے (اپنے فرقے کا) امام ہو اگر اس کے ثقہ ہونے کی وجہ سے ہم اس سے روایت نقل کر دیں تو ہم اس کے فرقے کے پیروکاروں کیلئے راستہ بنا دیں گے اور علم حدیث کے طالب کے لئے یہ راہ کھول دیں گے کہ وہ اس پر اور اس کے قول پر اعتماد کرے۔ اس لیے احتیاط اسی میں ہے ایسے داعیوں (اور) پیشواؤں کی روایت کو ترک کر دیا جائے اور ان میں سے صرف ثقہ راویوں سے استدلال کیا جائے۔ جو (ان شرائط) کے مطابق ہو جو ہم نے بیان کی ہیں۔

اگر ہم اعمش' ابواسحاق' عبدالملک بن عمیر اور ان جیسے حضرات کی روایات کو ان کے مسلک کی وجہ سے ترک کرنے کا ارادہ کریں اور قتادہ' سعید بن ابوعروبہ' ابن ابوذئب' اور ان کی مانند دیگر حضرات جس کے مقلد تھے ان کی وجہ سے (ان کی خدیث ترک کریں) یا عمر بن ذر' ابراہیم تیمی' مسعر بن کدام اور ان کے معاصرین کی (حدیث اس وجہ سے ترک کر دیں) جو انہوں نے اختیار کیا ہے' تو اگر ہم ان کے مسالک کی وجہ سے ان کی حدیث کو ترک کر دیں' تو یہ تمام احادیث کو ترک کرنے کا ذریعہ بن جائے گا اور اس صورت میں ہمارے ہاتھوں میں صرف تھوڑی سی احادیث باقی رہ جائیں گی۔ ہم نے جو چیز بیان کی ہے اگر اس پر عمل کریں' تو ہم احادیث کو پرے کرنے اور انہیں بجھا دینے میں مددگار بن جائیں گے اس لیے احتیاط کا تقاضا یہ ہے' ان کی روایات قبول کرنے میں اس اصول کو پیش نظر رکھا جائے جو ہم بیان کر چکے ہیں۔ یہ نہیں کہ ان کی روایت کردہ تمام احادیث کو پرے کر دیا جائے۔

جہاں تک ان راویوں کا تعلق ہے' جو آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔ جیسے جریری' سعید بن ابوعروبہ اور ان جیسے دیگر حضرات' تو ہم نے اپنی اس کتاب میں ان کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایات سے استدلال کیا ہے۔ ہم نے ان کی احادیث میں سے صرف ان روایات پر اعتماد کیا ہے' جو ان سے ایسے ثقہ راویوں نے نقل کی ہیں جو قدیم ہیں اور ان کے بارے میں ہمیں اس بات کا علم ہے اور انہوں نے ان حضرات سے' ان کے اختلاط کا شکار ہونے سے پہلے احادیث کا سماع کیا تھا۔

یا پھر ان روایات (کو قبول کیا ہے) جن میں انہوں نے (دوسرے) ثقہ راویوں کی موافقت کی ہے جن روایات کی دوسرے حوالوں سے صحت اور ثبوت کے بارے میں ہمیں کوئی شک نہیں ہے۔

تو ایسے حضرات جو آخری عمر میں اختلاط کا شکار ہو گئے اور ان کے عادل ہونے کی وجہ سے ان کے اختلاط کے دوران ان سے روایات نقل کی گئیں۔ اس کے باوجود ان کا حکم' ایسے ثقہ راوی کا ہے' جو غلطی کر جاتا ہے' تو یہ بات لازم ہوتی ہے' جب اس کی غلطی کا پتہ لگ جائے' تو اس کی غلطی کو ترک کر دیا جائے اور اس روایت سے استدلال کیا جائے جس کے بارے میں ہمیں علم ہے' اس نے

اس میں غلطی نہیں کی ہے۔

تو استدلال کے حوالے سے ان حضرات کا ان روایات میں یہی حکم ہوگا' جب وہ ثقہ راویوں کی موافقت کریں اور جو روایات ذکر کرنے میں یہ منفرد ہوں اور ان کے قدیم شاگردوں نے ان کے اختلاط کا شکار ہونے سے پہلے ان کے حوالے سے وہ روایات نقل کی تھیں ان کا بھی یہی حکم ہوگا۔

جہاں تک ان ''مدلسین'' کا تعلق ہے' جو ثقہ اور عادل ہوں' تو ہم ان کی صرف ان روایات سے استدلال کریں گے جن کے بارے میں انہوں نے یہ بیان کیا ہو کہ انہوں نے (اپنے مشائخ سے باقاعدہ ان روایات کا) سماع کیا ہے۔ جیسے ثوری' اعمش' ابواسحاق اور ان کی مانند دیگر ائمہ متقنین ہیں جو دین کے حوالے سے پرہیزگار ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے' جب ہم کسی مدلس کی ایسی روایت کو قبول کرلیں خواہ وہ ثقہ ہو' جس روایت کے بارے میں اس نے سماع کی صراحت نہ کی ہو' تو پھر تمام ''مقطوع'' اور ''مرسل'' روایات کو قبول کرلینا لازم آئے گا کیونکہ یہ بات پتہ نہیں چل سکے گی۔ ہوسکتا ہے' اس مدلس نے وہ روایت کسی ایسے ضعیف راوی کے حوالے سے نقل کی ہو کہ اگر اس کا ذکر کردیا جاتا تو وہ روایت ضعیف شمار ہوتی۔

البتہ اگر مدلس یہ بات بیان کردے کہ اس نے ہمیشہ کسی ثقہ راوی کے حوالے سے ہی تدلیس کی ہے (تو معاملہ مختلف ہے) اگر ایسا ہو' تو پھر اس کی روایت قبول کی جائے گی اگر اس نے ''سماع'' کو بیان نہ کیا ہو اور یہ چیز پوری دنیا میں صرف سفیان بن عیینہ میں ہے' وہ تدلیس کرتے ہیں لیکن صرف ثقہ اور متقن سے کرتے ہیں اور سفیان بن عیینہ سے منقول تدلیس والی زیادہ تر روایات ایسی ہیں' وہی خبر بعینہ (دوسرے حوالے سے) یوں بھی پائی گئی کہ انہوں نے اس میں اپنے جیسے ثقہ راوی سے سماع کی وضاحت کردی تو اس علت کی وجہ سے۔ اگر اس نے سماع کو بیان نہ کیا ہو' اس روایت کا حکم وہی ہوگا۔ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کا ہوگا' جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہو لیکن انہوں نے (بذات خود) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا سماع نہ کیا ہو۔

ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ تمام روایات کو قبول کریں گے۔ جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کی ہوں۔ خواہ انہوں نے اپنی روایت کردہ تمام روایات میں سماع کو بیان نہ کیا ہو۔

ہم یہ بات یقینی طور پر جانتے ہیں' بعض اوقات کسی صحابی نے کوئی حدیث کسی دوسرے صحابی سے سنی ہوتی ہے اور وہ اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کردیتے ہیں' وہ اس صحابی کا ذکر نہیں کرتے جن سے انہوں نے حدیث سنی تھی۔

اس کی وجہ یہ ہے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم' امام' سردار' قائد اور عادل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو اس چیز سے محفوظ رکھا ہے کہ ان کے ساتھ ضعف لاحق ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم میں سے موجود شخص' غیر موجود تک اس کی تبلیغ کردے'' اس بات کی سب سے بڑی دلیل ہے تمام صحابہ کرام عادل ہیں' ان میں سے کوئی بھی مجروح یا ضعیف نہیں ہے کیونکہ اگر ان میں سے کوئی مجروح یا ضعیف ہوتا یا ان میں سے کوئی ایک عادل نہ ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے فرمان میں استثناء کرلیتے اور یہ ارشاد فرماتے: تم میں سے فلاں اور فلاں موجود شخص غیر موجود افراد تک تبلیغ کردے۔ تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد والے افراد تک تبلیغ کے حکم میں (صحابہ کرام) کے ذکر کو ''مجمل'' رکھا

ہے تو یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے وہ سب (صحابہ کرام) عادل ہیں تو جس کو اللہ تعالیٰ کے رسول نے عادل قرار دیا ہو اس کے شرف کیلئے یہی کافی ہے۔

جب کسی اور مدلس کی نقل کردہ روایت کے بارے میں میرے نزدیک یہ بات مستند طور پر ثابت ہو جائے کہ اس نے اس روایت کے بارے میں سماع کو بیان کیا ہے تو پھر میں اس بات کی پرواہ نہیں کروں گا کہ میں اسے سماع کے ذکر کے بغیر بیان کر دوں جبکہ وہ دوسرے حوالے سے میرے نزدیک مستند ہو۔

اس تقسیم اور انواع کے ذکر کے بعد ہم کتاب کی شرائط ایک ایک قسم اور ایک ایک نوع کر کے بیان کریں گے اس میں وہ روایات ہوں گی جو ان شرائط کے مطابق ہوں گی جو ان کے ناقلین کے بارے میں ہم نے ذکر کی ہیں اور ان احادیث کی سند میں کوئی انقطاع نہیں ہوگا اور ان کے ناقلین کے بارے میں جرح ثابت نہیں ہو سکی۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

میں اس کتاب میں روایات کو تکرار کے ساتھ نقل کرنے سے گریز کروں گا۔ البتہ دو صورتوں کا معاملہ مختلف ہے یا تو (روایت کے) الفاظ میں اضافہ ہوگا جسے ذکر کرنا ضروری ہوگا۔ یا پھر اس روایت کے ذریعے کسی دوسری روایت کے مفہوم کے بارے میں استشہاد کرنا ہوگا۔ ان دو صورتوں کے علاوہ میں اس کتاب میں احادیث کو مکرر ذکر کرنے سے گریز کروں گا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جن پر اس نے دنیا میں ستر (یعنی ان کی خامیوں) پر پردے لٹکائے ہیں اس کے ہمراہ آخرت میں ان کی غلطیوں سے درگزر کیا ہے۔ وہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) شیخ (ابن حبان) کا خطبے میں کلام یہاں ختم ہو گیا۔

☆☆☆☆

(ابن بلبان کہتے ہیں) (سنن کی اقسام کی) پہلی قسم کے آخر میں انہوں نے یہ بات کہی ہے:

مصطفیٰ کریم سے منقول ''اوامر'' کی انواع کے مجموعہ کا یہ آخر ہے جنہیں ہم نے فصول اور تقاسیم کی انواع کے تحت ذکر کیا ہے۔ ''اوامر'' میں سے کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں جنہیں ہم نے دیگر تمام اقسام میں (مختلف مقامات پر) ذکر کیا ہے کیونکہ وہ مقام اس کیلئے زیادہ مناسب ہے جس طرح ہم نے ان میں سے کچھ کو ''اوامر'' کے تحت نقل کر دیا ہے تاکہ ان کے بارے میں قصد کرتے ہوئے مقصود حاصل کر سکے۔

اس کے بعد ہم دوسری قسم املاء کروائیں گے جو فصل بندی اور تقسیم کے ہمراہ ''نواہی'' کے بارے میں ہے اور یہ اس کے مطابق ہوگی جو ہم نے ''امر'' (کی قسم میں) املاء کروایا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے۔ جو اللہ تعالیٰ کے دین کے بارے میں حکم بیان کرتے ہوئے شدت پسندوں کی نفسانی خواہشات سے منہ موڑ کر رکھتے ہیں اور نئے پیش آمدہ مسائل کے بارے میں اوندھی خواہشات اور منحوس آراء کی تقلید کرنے والوں کی آراء کی طرف نہیں جھکتے ہیں۔ بے شک وہ (اللہ تعالیٰ ان میں) سب سے بہتر ہے جس سے سوال کیا جاتا ہے۔

☆☆☆☆

(ابن بلبان کہتے ہیں) پھرانہوں نے دوسری قسم کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ''نواہی'' کی انواع کے مجموعہ کا آخر ہے' جسے ہم نے فصول کے تحت تقسیم کیا ہے' تاکہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو جواحکام بتائے ہیں ان کی تفصیل سے واقفیت حاصل ہوجائے۔

''نواہی'' سے متعلق چند احادیث باقی رہ گئی ہیں' جنہیں ہم نے دیگر تمام اقسام میں ذکر کیا ہے' جس طرح ہم نے انہیں ''نواہی'' (سے متعلق باب) میں ذکر کیاہے اور یہ اس کے مطابق ہے' جس اصول کی بنیاد پر ہم یہ کتاب (مرتب کررہے ہیں)

اس قسم کے بعد ہم سنن کی تیسری قسم فصول کے ہمراہ املاء کروائیں گے جوان چیزوں کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطلاع پر مشتمل ہیں' جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ہم انہیں فصل' فصل کرکے ذکر کریں گے۔ اللہ تعالیٰ (ہمارے لیے یہ) آسان کرے اور سہل بنائے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں سنت کی پیروی کرنے والوں میں رکھے' خواہ وہ جس طرف بھی ہوں اور نفسانی خواہشات سے دور رہنے والا بنائے خواہ وہ جس طرف بھی مائل ہوں۔ بے شک وہ (اللہ تعالیٰ) سب سے بہتر مسؤل اور افضل مامول ہے۔

انہوں نے تیسری قسم کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ ان انواع کا آخر ہے' جو ان چیزوں کے بارے میں اطلاع پر مشتمل ہیں' جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے جن کا تعلق احادیث ہے اور ہم انہیں املاء کرواچکے ہیں۔

اس قسم سے متعلق بہت سی احادیث ایسی ہیں' جنہیں ہم نے دوسری اقسام میں بھی ذکر کیا ہے' جس طرح ہم نے انہیں اس قسم میں ذکر کیا ہے (دوسری اقسام میں انہیں ذکر کرنے کا مقصد) بظاہر دو متضاد روایات میں تطبیق دینے کیلئے استشہاد کرنا ہے یا ایسی چیز کے مفہوم کی وضاحت ہے' جس سے ایسا شخص متعلق ہوا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے سنت کا مفہوم اس سے مختلف بیان کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد تھی۔

اس قسم کے بعد ہم سنن کی چوتھی قسم املاء کروائیں گے جو ان اباحات کے بارے میں ہے جن کا ارتکاب مباح ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اس کا فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کرے جو مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی امت سے تعلق رکھنے والے دوسرے (کسی بھی فرد) پر ترجیح دیتے ہیں اور آپ کی جو احادیث منقول ہیں' ان کو قبول کرنے کیلئے (سرکو) جھکادیتے ہیں۔ رسوا کرنے والے نئے پیش آمدہ اموراور خراب کرنے والی اختراعات کے حوالے سے' دل جن لذات پر مشتمل ہوتا ہے اور نفس جن خواہشات کو لیے ہوئے ہوتا ہے' ان سب کو ترک کردیتے ہیں' بے شک وہ سب سے بہتر مسؤل ہے۔

☆☆☆☆

انہوں نے چوتھی قسم میں یہ کہا ہے' مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول اباحات کے مجموعہ کا یہ آخر ہے' جس کو ہم نے فصول کے ہمراہ املاء کروایا ہے۔ اس قسم سے متعلق کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں۔ جنہیں ہم نے باقی (تمام) اقسام میں ذکر کیا ہے۔ جس طرح ہم

نے انہیں اس قسم میں بھی نقل کیا ہے جو ہماری کتاب کے بنیادی اسلوب کے مطابق ہے۔

اس کے بعد ہم پانچویں قسم املاء کروائیں گے جو ان سنتوں کے بارے میں ہے جو نبی اکرم ﷺ کے افعال سے متعلق ہیں (ہم انہیں) فصول اور انواع کے ہمراہ (ذکر کریں گے) اگر اللہ تعالیٰ نے اس کا فیصلہ دیا اور یہ چاہا (تو ہم ایسا کریں گے)

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جن کی ہدایت کے راستوں کی طرف رہنمائی کی گئی ہے اور سیدھے (رہنے) کے راستے کی (انہیں) توفیق دی گئی۔ جو سنن اور اخبار (یعنی احادیث) کو جمع کرنے کے حوالے سے اور مستند آثار کا فہم حاصل کرنے کے حوالے سے محنت اور کوشش کے بارے میں ہے۔

(اور جن لوگوں نے) ان اعمال کو ترجیح دی جو باری تعالیٰ کے قریب کرتے ہیں ان اعمال پر جو مختلف احوال میں اس سے دور کر دیتے ہیں۔ بے شک وہ سب سے بہتر مسؤول ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) پھر انہوں نے کتاب کے آخر میں یہ کہا ہے: یہ سنن کی انواع کا آخر ہے جس کی فصل بندی ہم نے اپنی کتاب کے بنیادی اسلوب کے مطابق تقاسیم کے حوالے سے کی ہے۔ ہم نے کتاب کے آغاز سے لے کر اس کے اختتام تک جو انواع بیان کی ہیں وہ مکمل نہیں ہیں کیونکہ اگر ہم احادیث کے مضمون کے حوالے سے ہر ایک نوع کو ذکر کرتے تو اس کتاب میں مکرر روایات زیادہ ہو جاتیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک نوع اس کا مجموعہ دیگر تمام انواع میں بھی داخل ہو گا۔ اس لیے ہم نے ہر نوع میں سے صرف نمائندہ (یعنی منتخب) روایات کے ذکر پر اکتفاء کیا ہے تاکہ ہم اس میں سے ان (روایات) کے علاوہ کا استدارک کر سکیں اور ان (روایات) کے الفاظ میں موجود مشکل کو ختم کر سکیں۔ ہم نے ان روایات کے معانی سے واقفیت کے حصول کیلئے ضروری فصل بندی کی ہے جو اس کے مطابق ہے جو اللہ تعالیٰ نے سہل اور آسان کیا اور اس پر ''حمد'' اسی کیلئے مخصوص ہے۔

منقول روایات میں سے بہت سی روایات کو ہم نے ان کے ناقلین کی وجہ سے ترک کر دیا۔ اگرچہ وہ روایات مشہور اور لوگوں کے درمیان متداول تھیں۔ میں نے جس سبب کی وجہ سے انہیں ترک کیا ہے جو شخص اس سبب سے واقفیت حاصل کرنا چاہے وہ کتاب ''المجروحین'' کو دیکھ لے جو (ضعیف) محدثین کے بارے میں ہماری تصنیف ہے۔ وہ اس کتاب میں ہر اس شیخ کے بارے میں تفصیل پالے گا جس کی حدیث کو ہم نے ترک کیا ہے (اور وہ تفصیل) اس کے سینے کو شفا دے گی اور اس کے جھکاؤ سے شک کی نفی کر دے گی۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے اس کی توفیق دی اگر وہ شخص اس بارے میں صحیح راستے پر چلنا چاہتا ہو اور نفسانی خواہشات کی پیروی نہ کرے اور اس (نفس) کی لذات میں اس کی موافقت نہ کرے۔

ہم نے اپنی اس کتاب میں کئی ایسے راویوں سے استدلال کیا ہے جن پر ہمارے بعض ائمہ نے تنقید کی ہے جو شخص ان کے اسماء کی تفصیل سے واقفیت حاصل کرنا چاہے۔ وہ مختصر کتاب ''تاریخ ثقات'' پڑھ لے وہ اس میں وہ اصول پالے گا جن پر ہم نے اس کتاب کی بنیاد رکھی ہے۔ یہاں تک کہ وہ حقیقت کی وضاحت کے بغیر کسی محدث کے بارے میں کسی ناقد کی مطلق تنقید کی طرف مائل نہیں ہو گا۔

ہم نے بعض مشہور روایات بھی ترک کر دی ہیں جنہیں عادل اور ثقہ راویوں نے نقل کیا ہے یہ کچھ علتوں کی وجہ سے (ترک کی

ہیں) جو ہمارے سامنے ظاہر ہو گئیں اور بہت سے لوگوں سے یہ مخفی رہیں۔

اس کے بعد ہم روایات کی علتیں بیان کریں گے۔ اور ہم ہر منقول روایت کا ذکر کریں گے خواہ وہ صحیح ہو یا نہ ہو اور اس کے ہمراہ اس کی علتیں بیان کریں گے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے آسان اور سہل کیا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جو اعمال کے اسباب میں سمجھدار لوگوں کے راستے پر چلتے ہیں اور وہ صرف بیان اور اقوال کی طرف جھکاؤ نہیں رکھتے اور طاعات کے ذریعے اہل ولایت کے درجے پر چڑھ جاتے ہیں اور ممنوعہ امور سے مکمل طور پر اجتناب کرتے ہیں' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان پر یہ فضل کرتا ہے' انہوں نے جو نیکیاں کی ہوں' انہیں قبول کر لیتا ہے اور وہ جن گناہوں کے مرتکب ہوئے ان سے درگزر کرتا ہے۔

بے شک وہ سب سے بہتر مسؤل اور افضل مامول ہے۔

(ابن بلبان کہتے ہیں) یہاں ان کا (یعنی امام ابن حبان کا) کلام شروع سے لے کر آخر تک مکمل ہو گیا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے ذریعے ان پر رحم کرے۔

قال العبد الضعيف جامع شمل هذا التاليف قد رايت ان انبه في اول هذا الكتاب على ما فيه من الكتب والفصول في الابواب لفائدته وتوفيرا لعائدته والله المسؤول ان يجعله خالصا لذاته وفي ابتغاء مرضاته وهو حسبي ونعم الوكيل.

(اَلْمُقَدَّمَةُ)

بَابُ مَا جَاءَ فِي اِلابْتِدَاءِ بِحَمْدِ اللّٰهِ تعالى

بَابُ اِلاعْتِصَامِ بِالسُّنَّةِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهَا نَقْلًا وامرا وزجرا

كتاب الوحى، كتاب الاسراء ، كتاب العلم، كتاب الايمان

الفطرة التكليف فضل الايمان فرض الايمان صفات المؤمنين الشرك النفاق.

كتاب الاحسان

بَابُ الصِّدْقِ وَالْاَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

الطاعات وثوابها الاخلاص واعمال السر حق الوالدين صلة الرحم وقطعها الرحمة حسن الخلق العفو اطعام الطعام وافشاء السلام الجار فصل من البر والاحسان الرفق الصحبة والمجالسة الجلوس على الطريق فصل في تشميت العاطس العزلة.

كتاب الرقائق

التوبة حسن الظن بالله تعالى الخوف والتقوى الفقر والزهد والقناعة الورع والتوكل القرآن وتلاوته المطلقة الاذكار المطلقة الادعية المطلقة الاستعاذة.

كتاب الطهارة

الفطرة بمعنى السنة فضل الوضؤ فرض الوضؤ سنن الوضؤ نواقض الوضؤ الغسل قدر ماء الغسل احكام الجنب غسل الجمعة غسل الكافر اذا اسلم المياه قدر ماء الغسل احكام الجنب غسل الجمعة غسل الكافر اذا اسلم المياه الوضؤ بفضل وضؤ المراة الماء المستعمل الاوعية الاسار اَلتِيُّمم المسح على الخفين وغيرهما الحيض والاستحاضة النجاسة وتطهيرها الاستطابة.

كتاب الصلاة

فرض الصلاة الوعيد على ترك الصلاة مواقيت الصلاة الاوقات المنهى عنها الجمع بين الصلاتين

المساجد الاذان شروط الصلاة فضل الصلوات الخمس صفة الصلاة القنوت الامامة والجماعة فرض الجماعة الاعذار الَّتِیْ تبیح ترکها فرض متابعة الامام ما یکره للمصلی وما یکره اعادة الصلاة الوتر النوافل الصلاة علی الدابة صلاة الضحی التراویح قیام اللیل قضاء الفوائت سجود السهو المسافر صلاة السفر سجود التلاوة صلاة الجمعة صلاة العیدین صلاة الکسوف صلاة الاستسقاء صلاة الخوف الجنائز عیادة المریض الصبر وثواب الامراض والاعراض اعمار هذه الامة ذکر الموت الامل تمنی الموت المحتضر.

فَصْلٌ فِی الْمَوْتِ وَمَا یَتَعَلَّقُ بِهِ مِنْ رَاحَةِ الْمُؤْمِنِ وَبُشْرَاهُ وَرُوحِهِ وَعَمَلِهِ وَالثَّنَاءِ عَلَیْهِ

الغسل التکفین ما یقول المیت عند حمله القیام للجنازة الصلاة علی الجنازة الدفن احوال المیت فی قبره النیاحة ونحوها القبور زیارة القبور الشهید الصلاة فی الکعبة.

کتاب الزکاة

جمع المال من جله وما یتعلق بذٰلِکَ الخرص وما یتعلق به فضل الزکاة الوعید لمانع الزکاة فرض الزکاة العشر مصارف الزکاة صدقة الفطر صدقة التطوع.

فصل فی اشیاء لها حکم الصدقة

المنان الْمَسْاَلَةِ وَالْاَخْذِ وَمَا یَتَعَلَّقُ بِهِ مِنَ الْمُکَافَاَةِ والثناء والشکر.

کتاب الصوم

فضل الصوم فضل رمضان رؤیة الهلال السحور آداب الصوم صوم الجنب الافطار وتعجیله قضاء قضاء رمضان الکفارة حجامة الصائم قبلة الصائم صوم المسافر الصیام عن الغیر الصوم المنهی عنه صوم الوصال.

صوم الدهر صوم یوم الشك صوم العید صوم ایام التشریق صوم عرفة صوم الجمعة صوم السبت صوم التطوع الاعتکاف ولیلة القدر.

کتاب الحج.

فضل الحج والعمرة فرض الحج فضل مکة فضل المدینة مقدمات الحج 1 مواقیت الحج الاحرام دخول مکة وما یفعل فیها الصفا والمروة الخروج من مکة الی منی الوقوف بعرفة والمزدلفة والدفع منهما رمی جمرة العقبة الحلق والذبح الافاضة من منی لطواف الزیارة رمی الجمار ایام منی الافاضة من منی للصدر القران التمتع حجة النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اعتماره صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ما یباح للمحرم وما لا یباح الکفارة الحج والاعتمار عن الغیر الاحصار الهدی.

کتاب النکاح وآدابه

الولی الصداق ثبوت النسب والقائف حرمة المناكحة المتعة نكاح الاماء معاشرة الزوجين العزل الغيلة النهى عن اتيان النساء فى اعجازهن القسم الرضع النفقة.

كتاب الطلاق

الرجعة الايلاء الظهار الخلع اللعان العدة.

كتاب العتق

صحبة المماليك اعتاق الشريك العتق فى المرض الكتابة ام الولد الولاء .

كتاب الايمان والنذور كتاب الحدود

الزنى وحده حد الشرب التعزيز السرقة الردة.

كتاب السير

الخلافة والامارة بيعة الائمة وما يستحب لهم طاعة الائمة فضل الجهاد فضل النفقة فى سبيل الله فضل الشهادة الخيل الحمى السبق الرمى التقليد والجرس كتب النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فرض الجهاد الخروج وكيفية الجهاد غزوة بدر الغنائم وقسمتها الغلول الفداء وفك الاسرى الهجرة الموادعة والمهادنة الرسول الذمى والجزية.

كتاب اللقطة, كتاب الوقف,

كتاب البيوع

السلم بيع المدبر البيوع المنهى الربا الاقالة الجائحة المفلس الديون.

كتاب الحجر كتاب الحوالة كتاب القضاء الرشوة.

كتاب الشهادات كتاب الدعوى الاستحلاف عقوبة الماطل.

كتاب الصلح كتاب العارية كتاب الهبة الرجوع فى الهبة.

كتاب الرقبى والعمرى كتاب الاجارة كتاب الغصب كتاب الشفعة كتاب المزارعة كتاب احياء الموات كتاب الطعمة آداب الاكل ما يَجُوْزُ اكله وما لا يَجُوْزُ الضيافة العقيقة.

كتاب الاشربة

آداب الشرب ما يحل شربه.

كتاب اللباس وآدابه

الزينة آداب النوم.

كتاب الحظر والاِبَاحَةُ

وفيه: فصل فى التعذيب والمثلة وفصل فيما يتعلق بالدواب باب قتل الحيوان.

بَابُ مَا جَاءَ فِى التَّبَاغُضِ وَالتَّحَاسُدِ وَالتَّدَابُرِ والتشاحن والتهاجر بين المسلمين.

باب التواضع والتكبر والعجب والاستماع المكروه وسوء الظن والغضب والفحش.

باب ما يكره من الكرم وما لا يكره وفيه الكذب اللعن وذو الوجهين والغيبة والنميمة والمدح والتفاخر والشعر والسجع والمزاح والضحك وفصل من الكلام باب الاستئذان الاسماء والكنى.

باب الصور والمصورين واللعب واللهو والسماع.

كتاب الصيد كتاب الذبائح كتاب الاضحية كتاب الرهن1 الفتن.

كتاب الجنايات

القصاص القسامة.

كتاب الديات الغرة

كتاب الوصية كتاب الفرائض ذوو الارحام الرؤيا.

كتاب الطب كتاب الرقى والتمائم كتاب العدوى والطيرة باب الهام والغول.

كتاب الانواء والنجوم كتاب الكهانة والسحر كتاب التاريخ

بدء الخلق صفة النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خصائصه وفضائله المعجزات تبليغه صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مرضه صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وفاته صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يَكُونُ فى امته من الفتن والحوادث مناقب الصحابة رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ مفصلا فضل الامة فضل الصحابة والتابعين وباب ذكر الحجاز واليمن والشام وفارس وعمان اِخْبَارِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَعْثِ واحوال الناس فى ذٰلِكَ اليوم وصف الجنة واهلها صفة النار واهلها.

واعلم انى وضعت بازاء كل حديث بالقلم الهندى صورة اَلنَّوْعُ الَّذِىْ هو منه فى كتاب التقاسيم والانواع ليتيسر ايضا كشفه من اصله من غير كلفة ومشقة مثاله اذا كان الحديث من اَلنَّوْعُ الْحَادِىْ عَشَرَ مثلا كان بازائه هٰكَذَا 11 ثُمَّ ان كان من القسم الْاَوَّلُ كان العدد المرقوم مجردا عن العلامة كما رايته وان كان من القسم الثَّانِىُّ كان تحت العدد خط عرضى 1 هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الثَّالِثُ كان الخط من فوقه هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الرَّابِعُ كان العددين خطين هٰكَذَا 11 وان كان من القسم الْخَامِسُ كان الخطان فوقه 11 توفيرا للخاطر وتيسيرا للناظر 2 جعله الله خالصا لذاته وفى ابتغاء مرضاته انه على كل شىء قدير وبالاجابة جدير.

(ابن بلبان کہتے ہیں) بندۂ ضعیف جو اس کتاب کی ترتیب بندی کرنے لگا ہے وہ کہتا ہے: میں نے سوچا کہ میں اس کتاب کے آغاز میں اس میں موجود کتب (یعنی مرکزی ابواب) اور ابواب میں موجود فصول سے (اپنے قارئین کو) آگاہ کردوں تاکہ اس کا فائدہ آسان ہو جائے اور اس کی طرف رجوع کرنا زیادہ ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ سے یہ سوال ہے وہ اسے خاص طور پر اپنی ذات کیلئے اور اپنی رضا کے حصول کیلئے بنادے میرے لیے وہی کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

☆☆☆

مقدمہ

اللہ تعالیٰ کی حمد کے ذریعے آغاز کرنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے۔

سنت اور اس کے متعلقات کو نقل حکم ممانعت کے حوالے سے مضبوطی سے تھامنا

کتاب: وحی (کے بارے میں روایات)

کتاب: معراج (کے بارے میں روایات)

کتاب: علم (کے بارے میں روایات)

کتاب: ایمان (کے بارے میں روایات)

فطرت - تکلیف (احکام کا پابند کرنا) - ایمان کی فضیلت - ایمان کی فرضیت - مومنین کی صفات شرک - نفاق کا بیان

احسان (بھلائی) (کے بارے میں روایات)

باب: سچائی کا بیان نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔

نیکیاں اور ان کا ثواب ـــــ اخلاص اور پوشیدہ اعمال ـــــ والدین کا حق ـــــ صلہ رحمی اور اسے قطع کرنا ـــــ رحمت ـــــ اچھے اخلاق ـــــ معاف کرنا ـــــ کھانا کھلانا اور سلام پھیلانا ـــــ پڑوسی ـــــ

فصل: نیکی اور بھلائی ـــــ نرمی ـــــ ساتھ اور ہم نشینی ـــــ راستے میں بیٹھنا ـــــ

فصل: چھینکنے والے کو جواب دینا ـــــ گوشہ نشینی

کتاب: (دلوں کو) نرم کرنے والی روایات

توبہ ـــــ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھنا ـــــ خوف اور تقویٰ ـــــ فقر زہد اور قناعت ـــــ ورع اور توکل ـــــ قرآن اور اس کی مطلق تلاوت ـــــ مطلق اذکار ـــــ مطلق دعائیں ـــــ پناہ مانگنا

کتاب: طہارت (کے بارے میں روایات)

فطرت بمعنی سنت — وضو کی فضیلت — وضو کے فرائض — وضو کی سنتیں — وضو کے نواقض — غسل — غسل کیلئے پانی کی مقدار — جنبی کے احکام — جمعہ (کے دن) غسل کرنا — کافر کا اسلام قبول کرتے وقت غسل کرنا — پانیوں (کا بیان) — عورت کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا — آب مستعمل — برتنوں کا بیان — جوٹھے (پانی کے احکام) — تیمم — موزوں اور دوسری چیزوں پر مسح کرنا — حیض اور استحاضہ — نجاست اور اسے پاک کرنا — پاکیزگی حاصل کرنا (یعنی استنجاء کرنا)

کتاب نماز (کے بارے میں روایات)

نماز کی فرضیت — نماز ترک کرنے پر وعید — نمازوں کے اوقات — ان کے ممنوعہ اوقات — دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا — مساجد — اذان — نماز کی شرائط — پانچ نمازوں کی فضیلت — نماز کا طریقہ — قنوت — امامت اور جماعت — جماعت کی فرضیت — وہ عذر جو اس کے ترک کو مباح کر دیتے ہیں — امام کی متابعت فرض ہونا — نمازی کیلئے کیا مکروہ ہے اور کیا مکروہ نہیں ہے — نماز کو دہرانا — وتر — نوافل — سواری پر نماز پڑھنا — چاشت کی نماز — تراویح — رات کے نوافل — قضا نمازیں پڑھنا — سجدہ سہو — مسافر (کی نماز) — سفر کی نماز — سجدہ تلاوت — نماز جمعہ — نماز عیدین — نماز کسوف — نماز استسقاء — نماز خوف — جنائز — بیمار کی عیادت کرنا — صبر کرنا اور بیماریوں و تکالیف کا ثواب — اس امت کی عمریں — موت کا تذکرہ — (زندگی طویل ہونے کی) امید — موت کی آرزو کرنا — نزع (کا عالم)

فصل: موت اور اس کے متعلق مومن کی راحت' اس کی خوشخبری' اس کی روح' اس کا عمل اور اس کی تعریف

(میت کو) غسل (دینا) — کفن دینا — جب میت کو اٹھایا جاتا ہے' تو وہ کیا کہتی ہے؟ — جنازے کیلئے کھڑے ہو جانا — نماز جنازہ — دفن کرنا — قبر میں میت کے احوال — نوحہ کرنا (اور اس جیسے دیگر امور) — قبریں — قبروں کی زیارت — شہید — خانہ کعبہ میں نماز پڑھنا —

کتاب زکوٰۃ (کے بارے میں روایات)

حلال مال جمع کرنا اور اس سے متعلق امور — (کھجوروں کی پیداوار کا) اندازہ لگانا اور اس سے متعلق امور — زکوٰۃ کی فضیلت — زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے کیلئے وعید — زکوٰۃ کی فرضیت — عشر — مصارف زکوٰۃ — صدقہ فطر — نفلی صدقہ —

فصل: وہ اشیاء جو صدقہ کے حکم میں ہیں

احسان جتانے والا --- مانگنے اور لینے‘ بدلہ دینے‘ تعریف کرنے‘ شکریہ ادا کرنے کے حوالے سے اس سے متعلق امور

کتاب: روزے (کے بارے میں روایات)

روزے کی فضیلت --- رمضان کی فضیلت --- رؤیت ہلال --- سحری کرنا --- روزے کے آداب --- جنبی کا روزہ رکھنا --- افطاری کرنا اور اسے جلدی کرنا --- رمضان کی قضاء --- کفارہ --- روزہ دار کا پچھنے لگوانا --- روزہ دار کا (بیوی کا) بوسہ لینا --- مسافر کا روزہ --- دوسرے کی طرف سے روزہ رکھنا --- ممنوعہ روزے --- صوم وصال --- ہمیشہ (نفلی) روزے رکھنا --- مشکوک دن میں روزہ رکھنا --- عید کے دن روزہ رکھنا --- ایام تشریق میں روزہ رکھنا --- عرفہ کے دن روزہ رکھنا --- جمعہ کے دن روزہ رکھنا --- ہفتہ کے دن روزہ رکھنا --- نفلی روزہ رکھنا --- اعتکاف اور شب قدر

کتاب: حج (کے بارے میں روایات)

حج اور عمرہ کی فضیلت --- حج کی فرضیت --- مکہ کی فضیلت --- مدینہ کی فضیلت --- حج کے مقدمات (یعنی پیشگی امور) --- حج کے مواقیت --- احرام --- مکہ میں داخل ہونا اور وہاں کیا‘ کیا جائے --- صفا و مروہ --- مکہ سے نکل کر منیٰ جانا --- عرفہ اور مزدلفہ میں وقوف کرنا اور وہاں سے روانہ ہونا --- جمرہ عقبہ کی رمی --- سر منڈوانا اور ذبح کرنا --- طواف زیارت کیلئے منیٰ سے واپس آنا --- منیٰ کے دنوں میں رمی جمار کرنا --- طواف صدر کیلئے منیٰ سے واپس آنا --- (حج) قران --- (حج) تمتع --- نبی اکرم ﷺ کا حج --- آپ کا عمرہ کرنا --- محرم کیلئے کیا مباح ہے اور کیا مباح نہیں ہے --- کفارہ --- دوسرے کی طرف سے حج یا عمرہ کرنا --- احصار --- ہدی ---

کتاب: نکاح اور اس کے آداب (کے بارے میں روایات)

ولی --- مہر --- نسب کا ثبوت اور قیافہ شناسی --- حرمت مناکحت --- متعہ --- کنیز کے ساتھ نکاح کرنا --- میاں بیوی کی معاشرت --- عزل --- غیلہ --- عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی ممانعت --- قسم (یعنی زیادہ بیویوں میں وقت کی تقسیم) --- رضاعت --- خرچ

کتاب: طلاق (کے بارے میں روایات)

رجعت --- ایلاء --- ظہار --- خلع --- لعان --- عدت ---

کتاب: (غلام) آزاد کرنے (کے بارے میں روایات)

ممالیک سے اچھا برتاؤ --- شریک کا آزاد کرنا --- بیماری کے دوران (غلام) آزاد کرنا --- کتابت --- ام ولد --- ولاء

کتاب: ایمان (یعنی قسموں) اور نذروں (کے بارے میں روایات)

کتاب: حدود (کے بارے میں روایات)

زنااوراس کی حد ـــ شراب نوشی کی حد ـــ تعزیر ـــ چوری ـــ مرتد ہونا

کتاب:سیر (سیاسیات) (کے بارے میں روایات)

خلافت اور امارت ـــ حکمرانوں کی بیعت کرنا اور اس کیلئے مستحب امور ـــ حکمرانوں کی اطاعت ـــ جہاد کی فضیلت ـــ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت ـــ شہادت کی فضیلت ـــ گھوڑے ـــ چراگاہ ـــ دوڑ کا مقابلہ ـــ تیر اندازی ـــ ہار پہنانا اور گھنٹی (باندھنا) ـــ نبی اکرم ﷺ کے مکتوبات ـــ جہاد کی فرضیت ـــ خروج اور جہاد کی کیفیت ـــ غزوہ بدر ـــ مال غنیمت اور اس کی تقسیم ـــ غلول (مال غنیمت میں خیانت) ـــ فدیہ دینا اور قیدی آزاد کروانا ـــ ہجرت کرنا ـــ صلح کرنا ـــ پیغام رساں ـــ ذمی اور جزیہ

کتاب:لقطہ (کے بارے میں روایات)

کتاب:وقف (کے بارے میں روایات)

کتاب:خرید وفروخت (کے بارے میں روایات)

بیع سلم ـــ بیع مدبر ـــ وہ سودے جن سے منع کیا گیا ـــ سود ـــ اقالہ ـــ آفت آنا ـــ مفلس ہوجانا ـــ قرضہ جات

کتاب:تصرف سے روکنے (کے بارے میں روایات)

کتاب:حوالہ (دوسرے کی ادائیگی اپنے ذمے لینے) (کے بارے میں روایات)

کتاب:قضاء (کے بارے میں روایات)' رشوت کا بیان

کتاب: گواہی (کے بارے میں روایات)

کتاب:دعویٰ (کے بارے میں روایات)

حلف لینا' (قرض کی واپسی میں) ٹال مٹول کرنے والے کوسزادینا

کتاب:صلح (کے بارے میں روایات)

کتاب:عاریت (کے بارے میں روایات)

کتاب:ہبہ (کے بارے میں روایات)' ہبہ میں رجوع کرنا

کتاب:رقبیٰ اور عمریٰ (کے بارے میں روایات)' کتاب:اجارہ (کے بارے میں روایات)' کتاب:غصب (کے بارے میں روایات)' کتاب: شفعہ (کے بارے میں روایات) کتاب: مزارعت (کے بارے میں روایات) کتاب: بنجر زمین کو آباد کرنے (کے بارے میں روایات) کتاب: کھانے (کے بارے میں روایات)' کھانے کے آداب' کیا چیز کھانا جائز ہے اور کیا جائز نہیں ہے' ضیافت' عقیقہ

کتاب:مشروبات (کے بارے میں روایات)

پینے کے آداب' کیا پینا جائز ہے؟

کتاب: لباس اور اس کے آداب (کے بارے میں روایات)

زینت کا بیان' سونے کے آداب

کتاب: ممنوع اور مباح (چیزوں) (کے بارے میں روایات)

اس میں ایک فصل (کسی کو) عذاب دینے اور مثلہ کرنے کے بارے میں ہے' ایک فصل جانوروں سے متعلق روایات کے بارے میں ہے۔

باب: جانوروں کو مارنا

باب: مسلمانوں کے درمیان ایک دوسرے سے بغض رکھنے' حسد کرنے' ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرنے' کینہ رکھنے' لاتعلقی اختیار کرنے (کے بارے میں روایات)

باب: تواضع' تکبر خود پسندی ناپسندیدہ بات سننا' برا گمان رکھنا' غصہ کرنا فحش بات کرنا

باب: کون سا کلام مکروہ ہے اور کون سا مکروہ نہیں ہے۔

اس باب میں جھوٹ بولنے' لعنت کرنے' دو غلے پن' غیبت' چغل خوری' مدح' تفاخر' شعر' مسجع گفتگو کرنا' مزاح کرنا' ہنسنا' کے بارے میں روایات ہیں' ایک فصل کلام کے بارے میں ہے۔ باب: (اندر آنے کی) اجازت مانگنا' اسماء اور کنیت

باب: تصویریں اور تصویر بنانے والے' لہو ولعب' سماع

کتاب: شکار (کے بارے میں روایات)' کتاب: ذبائح (کے بارے میں روایات)' کتاب: اضحیہ (کے بارے میں روایات)' کتاب: رہن (کے بارے میں روایات)' فتنوں کا بیان

کتاب: دیات (کے بارے میں روایات)' تاوان (جرمانہ)

کتاب: وصیت (کے بارے میں روایات)' کتاب: وراثت (کے بارے میں روایات)' ذوی الارحام' خوابوں (کا بیان) کتاب: طب (کے بارے میں روایات)' کتاب: دم کرنے اور تعویذ لٹکانے (کے بارے میں روایات)' کتاب: عدویٰ اور طیرہ (کے بارے میں روایات)

باب: ہام اور غول کا بیان

کتاب: ستارہ شناسی اور نجوم (کے بارے میں روایات)' کتاب: کہانت اور جادو (کے بارے میں روایات)

کتاب: تاریخ (کے بارے میں روایات)' مخلوق کا آغاز — نبی اکرم ﷺ کا حلیہ مبارک — آپ کی خصوصیات اور فضائل — معجزات — آپ کی تبلیغ — آپ کی بیماری — آپ کا وصال — آپ کا اس بات کی اطلاع دینا کہ آپ کی امت میں فتنے اور حوادث پیدا ہوں گے — صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تفصیلی مناقب — امت کی فضیلت — صحابہ اور تابعین کی فضیلت — باب: حجاز' یمن' شام' فارس اور عمان کا تذکرہ —

نبی اکرم ﷺ کا (قیامت کے دن) دوبارہ زندہ ہونے اور اس دن میں لوگوں کی حالتوں کے بارے میں خبر دینا۔

جنت اور اہل جنت کا تذکرہ ـــــ جہنم اور اہل جہنم کا تذکرہ ـــــ

(ابن بلبان کہتے ہیں) یہ بات جان لیں! میں نے ہر حدیث کے سامنے ہندی قلم کے ساتھ اس ''نوع'' کی علامت بنادی ہیں جس نوع میں وہ حدیث کتاب ''التقاسیم والانواع'' میں موجود ہے' تا کہ کسی مشکل اور پریشانی کے بغیر اصل کتاب میں اسے تلاش کرنا آسان ہو۔

اس کی مثال یہ ہے: جب وہ حدیث ۱۱ ویں ''نوع'' میں ہوگی' تو اس کے سامنے اس طرح کی علامت ہوگی (۱۱)۔ پھر اگر وہ (نوع) پہلی قسم سے تعلق رکھتی ہوگی۔ تو لکھے ہوئے اس عدد پر مزید کوئی نشان موجود نہیں ہوگا۔

اگر وہ (نوع) دوسری قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو پھر عدد کے نیچے عرض لکیر ہوگی جو یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) تیسری قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو پھر لکیر عدد کے اوپر یوں ہوگی۔

اگر وہ (نوع) چوتھی قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو عدد' دولکیروں کے درمیان اس طرح ہوگا۔

اگر وہ (نوع) پانچویں قسم سے تعلق رکھتی ہو' تو عدد کے اوپر اس طرح دولکیریں ہونگی۔

یہ چیز فہم کو زیادہ (سہولت دے) گی اور دیکھنے والے کیلئے آسانی کردے گی۔

اللہ تعالیٰ (اس خدمت) کو خاص طور پر اپنی ذات کیلئے کردے' جو اس کی رضامندی کے حصول کیلئے ہو۔ بے شک وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور (دعا) قبول کرنے کے لائق ہے۔

---

پھر ذوالحجہ کے آخر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ آگئے جب جمعہ کا دن آیا تو شدید گرمی کے دن کے باوجود میں جلدی مسجد چلا گیا تو میں نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کو پایا کہ وہ مجھ سے بھی پہلے وہاں پہنچ چکے تھے۔ وہ منبر کے دائیں کنارے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ میں ان کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کے ساتھ مس ہو رہا تھا تھوڑی ہی دیر بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف لے آئے تو میں نے حضرت سعید رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آج حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسی بات چیت اس منبر پر کرنی ہے جو انہوں نے خلیفہ بننے کے بعد کبھی نہیں کی تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ کیا بات کریں گے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف فرما ہوئے انہوں نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق ان کی حمد وثناء بیان کی پھر انہوں نے یہ فرمایا:

''میں آپ لوگوں کے ساتھ ایسی بات کرنا چاہتا ہوں جسے کرنے کا مجھے موقع دیا گیا ہے مجھے نہیں معلوم ہو سکتا ہے میری موت کا وقت میرے قریب آچکا ہو اور جو شخص اس بات کو سمجھ لے اور اسے محفوظ رکھ لے وہ اس بات کو یہاں تک پہنچا دے جہاں تک اس کی سواری جا سکتی ہے جو شخص اس کو نہیں سمجھ پاتا تو کسی مسلمان کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے۔ بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ اس نے آپ پر کتاب نازل کی۔ اس نے جو چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی اس میں سنگسار کرنے کے حکم والی آیت بھی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو تلاوت بھی کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کروایا۔ بھی آپ کے بعد ہم نے بھی سنگسار کروایا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے جب طویل زمانہ گزر جائے گا تو کوئی شخص یہ کہے گا ہمیں اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے سے حکم سے متعلق آیت نہیں ملتی تو وہ لوگ ایک ایسے فریضے کو ترک کرنے کی وجہ سے گمراہ ہو جائیں گے جس کو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا تھا حالانکہ ہر ایسے شخص کو سنگسار کرنا لازم ہے جو مرد ہو یا عورت ہو اور اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو جبکہ ثبوت کے ذریعے یہ بات ہو جائے یا (عورت) حاملہ ہو جائے یا (مرد یا عورت) اعتراف کرلیں اگر اللہ کی قسم! اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ یہ کہیں گے کہ عمر نے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اضافہ کر دیا ہے تو میں اس چیز کو نوٹ کروا دیتا۔

خبردار! ہم پہلے یہ آیت تلاوت کیا کرتے تھے۔

''تم لوگ اپنے آباؤاجداد سے منہ نہ موڑو کیونکہ اپنے آباؤاجداد سے تمہارا منہ موڑنا تمہارا کفر ہے''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''تم مجھے اس طرح نہ بڑھا دینا جس طرح عیسائیوں نے عیسیٰ بن مریم کو بڑھا دیا تھا۔ بیشک میں بندہ ہوں تو تم لوگ

یہ کہنا: اللہ کے بندے اوراس کے رسول''۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) خبردار! مجھے یہ بات پتہ چلی ہے کہ فلاں شخص یہ کہتا ہے کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا' تو میں فلاں کا بیعت کرلوں گا' جو بھی شخص مسلمانوں کے مشورے کے بغیر کسی بھی امیر کی بیعت کرے گا' تو اس کی کوئی بیعت نہیں ہو گی اور نہ ہی اس شخص کی ہو گی' جس کی اس نے بیعت کی ہے۔کوئی بھی شخص اس غلط فہمی کا شکار ہو کر یہ نہ کہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہو گئی تھی۔خبردار وہ اچانک ہوئی تھی' لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی خرابی سے بچا کے رکھا اور آج تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص نہیں ہے' جس کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح کی حیثیت حاصل ہو' خبردار! جس دن اللہ کے رسول کا انتقال ہوا تھا۔اس وقت وہ ہم میں سب سے زیادہ بہتر تھے۔

بیشک مہاجرین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کی بیعت کرنے کے لئے) اکٹھے ہوئے تھے' لیکن انصار ہم سے الگ سقیفہ بنو ساعدہ میں اکٹھے ہوئے میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ہمارے ساتھ انصار بھائیوں کے ساتھ چلیں تاکہ ہم اس بات کا جائزہ لیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں' تو ہم لوگ روانہ ہوئے۔ ہمارا ارادہ ان کی طرف جانے کا تھا ہماری ملاقات ان میں سے دو نیک آدمیوں سے ہوئی' تو ان دونوں نے دریافت کیا: اے مہاجرین کے گروہ آپ لوگ کہاں جا رہے ہو؟ میں نے جواب دیا: ہم اپنے انصار بھائیوں کے پاس جا رہے ہیں' تو ان صاحب نے کہا: آپ پر کوئی گناہ نہیں ہو گا اگر آپ ان کے پاس نہ جائیں آپ اپنا معاملہ خود نمٹا لیں اے مہاجرین کے گروہ' تو میں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم اس وقت تک واپس نہیں جائیں گے جب تک ہم ان لوگوں کے پاس چلے نہیں جاتے پھر ہم ان کے پاس آئے' تو وہ لوگ سقیفہ بنو ساعدہ میں اکٹھے ہو چکے تھے وہاں ان کے درمیان ایک شخص چادر اوڑھ کر بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے دریافت کیا: کون ہے؟ یہ تو لوگوں نے بتایا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں میں نے دریافت کیا: انہیں کیا ہوا ہے۔ لوگوں نے بتایا انہیں تکلیف ہے' جب ہم بیٹھ گئے' تو ان کا خطیب کھڑا ہوا۔اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر اس نے یہ کہا: اما بعد! ہم اللہ تعالیٰ کے مددگار اور اسلام کا لشکر ہیں۔اے مسلمانوں کے گروہ! اب ہمیں پیچھے ہٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور وہ لوگ حکومت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں سرے سے ہی نکال دینا چاہتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ خاموش ہوا' تو میں نے کلام کرنے کا ارادہ کیا۔ میں نے اپنے ذہن میں مضمون سوچ لیا تھا جو مجھے بہت پسند آیا کہ اگر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے اس بیان کو کروں گا' تو یہ بہت عمدہ ہو گا اور میں اس کی وجہ سے ان لوگوں کی ناراضگی کو کسی حد تک کم کر دوں گا' لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے زیادہ بردبار اور زیادہ پروقار تھے۔انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: تم بیٹھے رہو۔ مجھے انہیں ناراض کرنا پسند نہیں آیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلام کرنا شروع کیا۔اللہ کی قسم! جو بھی گفتگو میں نے سوچی ہوئی تھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فی البدیہہ اس کی مانند بلکہ اس سے بھی بہتر گفتگو کی اور کوئی پہلو نہیں چھوڑا۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد یہ بات ارشاد فرمائی:

اما بعد! تم نے جس بھلائی کا ذکر کیا ہے تم لوگ اس کے اہل ہو' لیکن اہل عرب حکومت کے معاملے میں صرف قریش قبیلے سے واقف ہیں' کیونکہ اپنی رہائش اور نسب کے اعتبار سے یہ عربوں میں سب سے نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔ میں تم لوگوں کے لئے ان

دو میں سے کسی ایک شخص سے راضی ہوں تم ان دونوں میں سے جسے چاہو اس کی بیعت کرلو پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا وہ ہمارے درمیان بیٹھے ہوئے تھے۔ مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صرف یہ بات اچھی نہیں لگی۔ اس وقت صورت حال یہ تھی کہ اللہ کی قسم! اگر مجھے آگے کر کے میری گردن اڑا دی جاتی جو بغیر کسی جرم کے ہوتی' تو یہ بات میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ تھی کہ مجھے کسی ایسی قوم کا امیر مقرر کیا جائے' جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی موجود ہوں۔

انصار کے ایک نوجوان نے کہا: میں ایک ایسی شاخ ہوں جس کے ساتھ خارش کی جاتی ہے (یعنی اُمور میں میری رائے اور مشورے پر عمل کیا جاتا ہے) اور ایک ایسی کھجور ہوں جسے بچایا جاتا ہے (یعنی میرے قبیلے کے لوگ میرے پسِ پشت نہ ہیں) ایک امیر ہم میں سے ہوا ے قریش کے گروہ! اور ایک امیر آپ لوگوں میں سے ہو' اس پر آوازیں بلند ہوئیں' لوگوں کے درمیان اختلاف ہو گیا' تو میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنا ہاتھ آگے بڑھایئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ آگے بڑھایا۔ میں نے ان کی بیعت کر لی پھر مہاجرین اور انصار نے بھی ان کی بیعت کر لی۔ ہم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بالکل نظرانداز کر دیا' تو کسی شخص نے کہا: تم لوگوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا ہے' تو میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کیا ہے' تو ہمیں اس وقت کوئی ایسی چیز نہیں ملی جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کرنے سے افضل ہو۔ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ اگر ہم ان لوگوں سے جدا ہو گئے' تو وہ کہیں ہمارے بعد نئے سرے سے بیعت نہ کرلیں' تو یا' تو ہمیں اس چیز پر بیعت کرنی پڑے گی' جس سے ہم راضی نہیں ہیں' یا' پھر مخالفت کرنی پڑے گی' تو فساد اور اختلاف ہوگا اس لئے ہم سب نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی اور اس سے راضی ہو گئے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا ہے: اللہ تعالیٰ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کیا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے: اللہ کی راہ میں ایسا ہوا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الرَّغْبَةِ عَنِ الْاٰبَاءِ اِذْ رَغْبَةُ الْمَرْءِ عَنْ اَبِيْهِ ضَرْبٌ مِنَ الْكُفْرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے آباؤ اجداد سے منہ موڑے' کیونکہ آدمی کا اپنے آباؤ اجداد سے منہ موڑنا کفر کی ایک قسم ہے

414 (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ بِنَسَا وَاَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِالْمَوْصِلِ وَالْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِالْبَصْرَةِ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ بن اَخِي جُوَيْرِيَةَ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي جُوَيْرِيَةُ بْنُ اَسْمَاءَ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهٗ كَانَ يقرىء عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فِيْ خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ فَلَمْ اَرَ رَجُلًا يَجِدُ مِنَ الْاَقْشَعْرِيْرَةِ مَا يَجِدُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عِنْدَ الْقِرَاءَةِ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَجِئْتُ اَلْتَمِسُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ يَوْمًا فَلَمْ اَجِدْهُ فَانْتَظَرْتُهٗ فِيْ بَيْتِهٖ حَتّٰى رَجَعَ مِنْ عِنْدِ عُمَرَ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ لِيْ لَوْ رَاَيْتَ رَجُلًا اٰنِفًا قَالَ لِعُمَرَ كَذَا وَكَذَا وَهُوَ يَوْمَئِذٍ بِمِنًى فِيْ اٰخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ بْنُ

الْخَطَّابِ فَذَكَرَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتٰى اِلٰى عُمَرَ فَاَخْبَرَهُ اَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ لَوْ مَاتَ عُمَرُ لَقَدْ بَايَعْتُ فُلَانًا قَالَ عُمَرُ حِيْنَ بَلَغَهُ ذٰلِكَ اِنِّيْ لَقَائِمٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْعَشِيَّةَ فِي النَّاسِ فَمُحَذِّرُهُمْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَغْتَصِبُوْنَ الْاُمَّةَ اَمْرَهُمْ. فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فقلت يا أمير المؤمنين لَا تَفْعَلْ ذٰلِكَ يَوْمَكَ هٰذَا فَاِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَغَوْغَاءَهُمْ وَاِنَّهُمْ هُمُ الَّذِيْنَ يَغْلِبُوْنَ عَلٰى مَجْلِسِكَ فَاَخْشٰى اِنْ قُلْتَ فِيْهِمُ الْيَوْمَ مَقَالًا اَنْ يَّطِيْرُوْا بِهَا وَلَا يَعُوْهَا وَلَا يَضَعُوْهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا اَمْهِلْ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ وَتَخْلُصَ لِعُلَمَاءِ النَّاسِ وَاَشْرَافِهِمْ فَتَقُوْلُ مَا قُلْتَ مُتَمَكِّنًا فَيَعُوْا مَقَالَتَكَ وَيَضَعُوْهَا عَلٰى مَوَاضِعِهَا.

قَالَ عُمَرُ وَاللّٰهِ لَئِنْ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ صَالِحًا لَاُكَلِّمَنَّ بِهَا النَّاسَ فى أول مقام أقومه.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فِيْ عَقِبِ ذِى الْحِجَّةِ وَجَاءَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ هَجَّرْتُ صَكَّةَ الْاَعْمٰى لِمَا اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَوَجَدْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ قَدْ سَبَقَنِيْ بِالتَّهْجِيْرِ فَجَلَسَ اِلٰى رُكْنِ جَانِبِ الْمِنْبَرِ الْاَيْمَنِ فَجَلَسْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ تَمَسُّ رُكْبَتِيْ رُكْبَتَهٗ فَلَمْ يَنْشَبْ عُمَرُ اَنْ خَرَجَ فَاَقْبَلَ يَؤُمُّ الْمِنْبَرَ فَقُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ وَعُمَرُ مُقْبِلٌ وَاللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ الْيَوْمَ مَقَالَةً لَمْ يَقُلْهَا اَحَدٌ قَبْلَهٗ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ وَقَالَ مَا عَسٰى اَنْ يَّقُوْلَ مَا لَمْ يَقُلْهُ اَحَدٌ قَبْلَهٗ فَلَمَّا جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَلَمَّا اَنْ سَكَتَ قَامَ عُمَرُ فَتَشَهَّدَ وَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ قَائِلٌ لَكُمْ مَقَالَةً قَدْ قُدِّرَ لِيْ اَنْ اَقُوْلَهَا لَعَلَّهَا بَيْنَ يَدَيْ اَجَلِيْ فَمَنْ عَقَلَهَا وَوَعَاهَا فَلْيُحَدِّثْ بِهَا حَيْثُ انْتَهَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ وَمَنْ خَشِيَ اَنْ لَا يَعِيَهَا فَلَا اُحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّكْذِبَ عَلَيَّ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَاْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا وَرَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهٗ وَاَخْشٰى اِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ اَنْ يَّقُوْلَ قَائِلٌ وَاللّٰهِ مَا نَجِدُ اٰيَةَ الرَّجْمِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَيَتْرُكَ فَرِيْضَةً اَنْزَلَهَا اللّٰهُ وَاِنَّ الرَّجْمَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى اِذَا اُحْصِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافُ.

ثُمَّ اِنَّا قَدْ كُنَّا نَقْرَاُ اَنْ لَا تَرْغَبُوْا عَنْ اٰبَائِكُمْ فَاِنَّ كُفْرًا بِكُمْ اَنْ تَرْغَبُوْا عَنْ اٰبَائِكُمْ.

ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لا تطرونى كما أطرى بْنَ مَرْيَمَ فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدٌ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ.

ثُمَّ اِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّ فُلَانًا مِنْكُمْ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَوْ قَدْ مَاتَ عُمَرُ لقد بايعت فلانا فلا يغرن امرءًا أن يقول إن بيعة أبى بكر كانت فَلْتَةً فَتَمَّتْ فَاِنَّهَا قَدْ كَانَتْ كَذٰلِكَ اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا وَلَيْسَ فِيْكُمْ مَنْ تُقْطَعُ اِلَيْهِ الْاَعْنَاقُ مِثْلَ اَبِيْ بَكْرٍ وَاِنَّهٗ كَانَ مِنْ خَيْرِنَا حِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ وَمَنْ مَّعَهُمَا تَخَلَّفُوْا عَنَّا وَتَخَلَّفَتِ الْاَنْصَارُ عَنَّا بِاَسْرِهَا وَاجْتَمَعُوْا فِيْ سَقِيْفَةِ بَنِيْ سَاعِدَةَ وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُوْنَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فَبَيْنَا نَحْنُ فِيْ مَنْزِلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ رَجُلٌ يُنَادِيْ مِنْ وَرَاءِ الْجِدَارِ اخْرُجْ إلى يا

بن الْخَطَّابِ فَقُلْتُ اِلَيْكَ عَنِّی فَاِنَّا مَشَاغِيلُ عَنْكَ فقَالَ اِنَّهُ قَدْ حَدَثَ اَمْرٌ لَا بُدَّ مِنْكَ فِيْهِ اِنَّ الْاَنْصَارَ قَدِ اجْتَمَعُوا فِیْ سَقِيْفَةِ بَنِیْ سَاعِدَةَ فَاَدْرِكُوهُمْ قَبْلَ اَنْ يُّحْدِثُوا اَمْرًا فَيَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ فِيْهِ حَرْبٌ فَقُلْتُ لِاَبِی بَكْرٍ انْطَلِقْ بِنَا اِلٰی اِخْوَانِنَا هٰؤُلَاءِ مِنَ الْاَنْصَارِ فَانْطَلَقْنَا نَؤُمُّهُمْ فَلَقِيَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَاَخَذَ اَبُوْ بَكْرٍ بِيَدِهٖ فَمَشٰی بَيْنِیْ وَبَيْنَهُ حَتّٰی اِذَا دَنَوْنَا مِنْهُمْ لَقِيَنَا رجلان صالحان فذكرا الذی صنع القوم وقالا اَيْنَ تُرِيْدُوْنَ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَقُلْتُ نُرِيْدُ اِخْوَانَنَا مِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَنْصَارِ قَالَا لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَا تَقْرَبُوهُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ اقْضُوا اَمْرَكُمْ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَنَاْتِيَنَّهُمْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰی اَتَيْنَاهُمْ فَاِذَا هُمْ فِیْ سَقِيْفَةِ بَنِیْ سَاعِدَةَ فَاِذَا بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ رَجُلٌ مُزَّمِّلٌ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قالوا سعد بن عبادة قُلْتُ فَمَا لَهُ قَالُوْا هُوَ وَجِعٌ فَلَمَّا جَلَسْنَا تَكَلَّمَ خَطِيْبُ الْاَنْصَارِ فَاَثْنٰی عَلَی اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَنَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ وَكَتِيبَةُ الْاِسْلَامِ وَاَنْتُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَهْطٌ مِنَّا وَقَدْ دَفَّتْ دَافَّةٌ مِنْ قَوْمِكُمْ قَالَ عُمَرُ وَاِذَا هُمْ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْتَزِلُوْنَا مِنْ اَصْلِنَا وَيَحُطُّوا بِنَا 1 مِنْهُ قَالَ فَلَمَّا قَضٰی مَقَالَتَهُ اَرَدْتُ اَنْ اَتَكَلَّمَ وَكُنْتُ قَدْ زَوَّرْتُ مَقَالَةً اَعْجَبَتْنِیْ اُرِيْدُ اَنْ اَقُوْمَ بِهَا بَيْنَ يَدَیْ اَبِیْ بَكْرٍ وَكُنْتُ اُدَارِیْ مِنْ اَبِیْ بَكْرٍ بَعْضَ الْحِدَّةِ فَلَمَّا اَرَدْتُ اَنْ اَتَكَلَّمَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ عَلٰی رِسْلِكَ فَكَرِهْتُ اَنْ اُغْضِبَهُ فَتَكَلَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ وَهُوَ كَانَ اَحْلَمَ مِنِّیْ وَاَوْقَرَ وَاللّٰهِ مَا تَرَكَ مِنْ كَلِمَةٍ اَعْجَبَتْنِیْ فِیْ تَزْوِيرِیْ اِلَّا تَكَلَّمَ بِمِثْلِهَا اَوْ اَفْضَلَ فِیْ بَدِيهَتِهٖ حَتّٰی سَكَتَ فَتَشَهَّدَ اَبُوْ بَكْرٍ وَاَثْنٰی عَلَی اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اَيُّهَا الْاَنْصَارُ فَمَا ذَكَرْتُمْ فِيكُمْ مِنْ خَيْرٍ فَاَنْتُمْ اَهْلُهُ وَلَنْ تَعْرِفَ الْعَرَبُ هٰذَا الْاَمْرَ اِلَّا لِهٰذَا الْحَیِّ مِنْ قُرَيْشٍ هُمْ اَوْسَطُ الْعَرَبِ نَسَبًا وَدَارًا وَقَدْ رَضِيْتُ لَكُمْ اَحَدَ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ فَبَايِعُوا اَيُّهُمَا شِئْتُمْ فَاَخَذَ بِيَدِیْ وَبِيَدِ اَبِیْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ فَلَمْ اَكْرَهْ مِنْ مَقَالَتِهٖ غَيْرَهَا كَانَ وَاللّٰهِ اَنْ اُقَدَّمَ فَتُضْرَبَ عُنُقِی لَا يُقَرِّبُنِیْ ذٰلِكَ اِلٰی اِثْمٍ أحب إلی من أن اُوَمَّرَ عَلٰی قَوْمٍ فِيْهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ اِلَّا اَنْ تَغَيَّرَ نَفْسِیْ عِنْدَ الْمَوْتِ فَلَمَّا قَضٰی اَبُوْ بَكْرٍ مَقَالَتَهُ قَالَ قَائِلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ مِنَّا اَمِيرٌ وَمِنْكُمْ اَمِيرٌ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ قَالَ عُمَرُ فكثر اللغط وَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ حَتّٰی اَشْفَقْتُ الِاخْتِلَافَ قُلْتُ ابْسُطْ يَدَكَ يَا اَبَا بَكْرٍ فَبَسَطَ اَبُوْ بَكْرٍ يَدَهُ فَبَايَعَهُ وَبَايَعَهُ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ وَنَزَوْنَا عَلٰی سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ قَائِلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ قَتَلْتُمْ سَعْدًا قَالَ عُمَرُ فَقُلْتُ وَاَنَا مُغْضَبٌ قَتَلَ اللّٰهُ سَعْدًا فَاِنَّهُ صَاحِبُ فِتْنَةٍ وَشَرٍّ وَاِنَّا وَاللّٰهِ مَا رَاَيْنَا فِيمَا حَضَرَ مِنْ اَمْرِنَا اَمْرٌ اَقْوٰی مِنْ بَيْعَةِ اَبِیْ بَكْرٍ فَخَشِينَا اِنْ فَارَقْنَا الْقَوْمَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ بَيْعَةٌ اَنْ يُّحْدِثُوا بَعْدَنَا بَيْعَةً فَاِمَّا اَنْ نُبَايِعَهُمْ عَلٰی مَا لَا نَرْضٰی وَاِمَّا اَنْ نُخَالِفَهُمْ فَيَكُوْنُ فَسَادًا فَلَا يَغْتَرَّنَّ امْرُؤٌ اَنْ يقول إن بيعة أبی بكر كانت فلتة فَتَمَّتْ فَقَدْ كَانَتْ فَلْتَةً وَلٰكِنَّ اللّٰهَ وَقٰی شَرَّهَا اَلَا وَاِنَّهُ لَيْسَ فِيكُمُ الْيَوْمَ مِثْلُ اَبِیْ بَكْرٍ.

قَالَ مَالِكٌ اَخْبَرَنِی الزُّهْرِیُّ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ اَنَّ الرَّجُلَيْنِ الْاَنْصَارِيَّيْنِ اللَّذَيْنِ لَقِيَا الْمُهَاجِرِيْنَ هُمَا عُوَيْمُ بْنُ سَاعِدَةَ وَمَعْنُ بْنُ عَدِیٍّ وَزَعَمَ مَالِكٌ اَنَّ الزُّهْرِیَّ سمع سعيد بن الْمُسَيِّبِ يَزْعُمُ اَنَّ الَّذِیْ قَالَ

يَوْمَئِذٍ اَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ يُقَالُ لَهُ حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَوْلُ عُمَرَ اِنَّ بَيْعَةَ اَبِي بَكْرٍ كَانَتْ فَلْتَةً وَلٰكِنَّ اللّٰهَ وَقٰى شَرَّهَا يُرِيْدُ اَنَّ بَيْعَةَ اَبِي بَكْرٍ كَانَ ابْتِدَاؤُهَا مِنْ غَيْرِ مَلَاٍ وَالشَّيْءُ الَّذِي يَكُوْنُ عَنْ غَيْرِ مَلَاٍ يُقَالُ لَهُ الْفَلْتَةُ وَقَدْ يُتَوَقَّعُ فِيْمَا لَا يَجْتَمِعُ عَلَيْهِ الْمَلَاُ الشَّرُّ فَقَالَ وَقَى اللّٰهُ شَرَّهَا يُرِيْدُ الشَّرَّ الْمُتَوَقَّعَ فِي الْفَلَتَاتِ لَا اَنَّ بَيْعَةَ اَبِي بَكْرٍ كَانَ فِيْهَا شر. (1/101)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کوقرآن پڑھایا کرتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کی وہ حالت ہو جاتی ہو جو حضرت عبدالرحمان رضی اللہ عنہ کی قرأت کرتے وقت ہوتی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو تلاش کرتا ہوا آیا۔ وہ مجھے نہیں ملے میں ان کے گھر میں ان کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے واپس آنے کا انتظار کرتا رہا۔ جب وہ واپس آگئے تو انہوں نے مجھ سے کہا کاش تم اس شخص کو بھی دیکھتے جس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بات کہی ہے وہ ان دنوں منیٰ میں مقیم تھے۔ یہ اس آخری حج کی بات ہے جو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کیا تھا۔ پھر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اس بات کا تذکرہ کیا کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے یہ بتایا کہ ایک شخص یہ کہہ رہا ہے کہ اللہ کی قسم! اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا تو میں فلاں کی بیعت کرلوں گا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ اطلاع ملی تو انہوں نے فرمایا کہ آج شام میں لوگوں سے خطاب کرنے کے لئے کھڑا ہوں گا اور انہیں اس طرح کے لوگوں سے بچنے کی تلقین کروں گا جو اس امت سے اس کے معاملے کو غصب کرنا چاہتے ہیں حضرت عبدالرحمٰن کہتے ہیں میں نے کہا: اے امیر المومنین آپ آج کے دن ایسا نہ کیجئے کیونکہ حج کے موقع پر ہر طرح کے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ یہ لوگ آپ کی محفل میں غالب آجائیں اور مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آج ان کے درمیان آپ جو بات کہیں گے یہ اس کا فسانہ بنا دیں گے۔ یہ اسے محفوظ نہیں رکھیں گے اور غلط جگہ استعمال کر دیں گے۔ ابھی آپ ٹھہر جائیں جب آپ مدینہ منورہ تشریف لائیں تو وہ ہجرت اور سنت کا گھر ہے۔ وہاں لوگوں کے علماء اور اشراف کے سامنے آپ جو مناسب سمجھیں وہ بات آرام سے کرلیں وہ لوگ آپ کی بات کو محفوظ بھی رکھیں گے اور درست استعمال بھی کریں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر میں صحیح سلامت مدینہ منورہ پہنچ گیا تو میں لوگوں سے اپنے پہلے خطاب میں اسی موضوع پر بات کروں گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ذوالحجہ کے آخر میں ہم مدینہ منورہ آگئے جب جمعہ کا دن آیا تو میں ایک نابینا شخص کی طرح (یعنی) وقت اور موسم کی پرواہ کئے بغیر جلدی (مسجد کی طرف) چلا گیا کیونکہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ مجھے اس بارے میں بتا چکے تھے وہاں مجھے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ مجھ سے پہلے آچکے تھے وہ منبر کے دائیں طرف والے کنارے کے پاس بیٹھے

414- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو عند مالك مختصرًا في الموطأ 2/823 في الحدود: باب ما جاء في الرجم، ومن طريقه أخرجه أحمد بطوله 1/55 بنحو منه.

ہوئے تھے۔ میں ان کے پہلو میں آ کر بیٹھ گیا' تو میرا گھٹنا ان کے گھٹنے کے ساتھ مس ہو رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف لے آئے وہ منبر کی طرف تشریف لائے' تو میں نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے کہا جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس وقت آ رہے تھے۔ اللہ کی قسم! آج امیر المومنین اس منبر پر ایسی گفتگو کریں گے' جو انہوں نے اس سے پہلے کبھی نہیں کی' تو حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے میری بات کو تسلیم نہیں کیا اور بولے: وہ آج ایسی کون سی بات کریں گے' جو اس سے پہلے انہوں نے کبھی نہیں کی۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر بیٹھ گئے اور مؤذن نے اذان دی جب مؤذن خاموش ہوا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' تو انہوں نے کلمہ شہادت پڑھا۔ اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی ثناء بیان کی۔ پھر یہ بات ارشاد فرمائی:

''اما بعد آج میں آپ لوگوں کے ساتھ ایسی گفتگو کرنا چاہتا ہوں جسے کرنے کا مجھے موقع دیا گیا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ میرے مرنے سے پہلے (کی آخری بڑی اہم) گفتگو ہو' تو شخص اسے سمجھ لے وہ اسے محفوظ رکھے اور جہاں تک اس کی سواری جا سکتی ہو وہاں تک اسے پہنچا دے اور جس شخص کو یہ اندیشہ ہو کہ اس نے اسے محفوظ نہیں رکھا' تو میں اس کے لئے اس بات کو جائز قرار نہیں دوں گا کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے۔

بیشک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ اس نے ان پر کتاب نازل کی۔ اس نے ان پر جو چیز نازل کی تھی اس میں سنگسار کرنے والی آیت بھی تھی۔ ہم نے اس کی تلاوت کی اور اسے سمجھا اور اسے محفوظ رکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کروایا۔ آپ کے بعد ہم نے بھی سنگسار کروایا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ جب طویل زمانہ گزر جائے گا' تو کوئی شخص یہ نہ کہے۔ اللہ کی قسم! ہمیں' تو اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے کی آیت نہیں ملتی ہے' تو وہ شخص ایک ایسے فریضے کو ترک کر دے گا' جسے اللہ تعالیٰ نے نازل کیا تھا۔ اللہ کی کتاب میں سنگسار کرنے کا حکم ایسے شخص کے بارے میں ہے' جس نے زنا کا ارتکاب کیا ہو جبکہ وہ مرد ہو یا عورت ہو' لیکن محصن ہو جب ثبوت قائم ہو جائے یا (عورت) حاملہ ہو جائے یا اعتراف کر لے پھر ہم یہ بھی پڑھتے رہے ہیں۔

''تم لوگ اپنے آباؤ اجداد سے منہ نہ موڑو' کیونکہ تمہارا آباؤ اجداد سے منہ موڑنا تمہارا کفر کرنا ہے''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی:

''تم لوگ مجھے اس طرح نہ بڑھادو' جس طرح ابن مریم کو بڑھا دیا گیا۔ میں بندہ ہوں' تو تم لوگ یہ کہو: اللہ کا بندہ اور اس کا رسول''۔

(پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) مجھے اس بات کا پتہ چلا ہے کہ تم میں سے فلاں شخص یہ کہتا ہے کہ اگر عمر فوت ہو گیا' تو میں فلاں کی بیعت کر لوں گا۔ یہ بات کسی کو بھی دھوکے کا بھی شکار نہ کرے۔ کوئی شخص یہ کہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہوگئی اور مکمل ہوگئی' وہ ہوئی اچانک ہی تھی' لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے خرابی سے محفوظ رکھا تھا' اور تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص نہیں ہے' جسے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جیسی نمایاں حیثیت حاصل ہو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تھا اس وقت وہ ہم میں سب سے بہتر تھے۔ بیشک علی' زبیر اور ان کے ساتھ کے دیگر افراد ہم سے پیچھے رہ گئے تھے اور انصار بھی ہم سے کچھ پیچھے رہے تھے۔ وہ لوگ بنو ساعدہ کی بیٹھک میں اکٹھے ہوئے مہاجرین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اردگرد اکٹھے ہوگئے تھے۔ ابھی ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہائش گاہ میں تھے کہ

دیوار کے پرے سے ایک شخص نے بلند آواز میں کہا: اے خطاب کے صاحب زادے! میرے پاس باہر تشریف لائیں میں نے کہا: تم مجھ سے دور رہو۔ میری تمہارے علاوہ اور بھی مصروفیات ہیں' تو وہ شخص بولا ایک ایسا معاملہ رونما ہو گیا ہے جہاں آپ کی موجودگی ضروری ہے۔ انصار بنو ساعدہ کی بیٹھک میں اکٹھے ہو چکے ہیں۔ آپ لوگ ان کے پاس پہنچ جائیں۔ اس سے پہلے کہ وہ کوئی نیا فیصلہ کر لیں اور بعد میں آپ کے اور ان کے درمیان جنگ ہو' تو میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا آپ بھی ہمارے ساتھ ہمارے ان انصار بھائیوں کی طرف چلیں' تو ہم لوگ ان لوگوں کی طرف جانے کے ارادے سے روانہ ہوئے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کی ہم سے ملاقات ہوئی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا۔ وہ میرے اور ان کے درمیان چلنے لگے' یہاں تک کہ ہم لوگ ان لوگوں کے قریب ہوئے' تو دو نیک آدمی ہم سے ملے ان دونوں نے اس بات کا تذکرہ کیا' جو ان کی قوم کے افراد کر رہے ہیں ان دونوں نے دریافت کیا۔ اے مہاجرین کے گروہ! آپ کہاں جا رہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: ہم لوگ اپنے ان انصار بھائیوں کی طرف جا رہے ہیں۔ ان دونوں نے کہا: آپ کے لئے مناسب نہیں ہے کہ آپ ان کے قریب جائیں۔ اے مہاجرین کے گروہ! آپ لوگ اپنا فیصلہ خود کر لیں۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! ہم ان کے پاس ضرور جائیں گے۔ پھر ہم لوگ روانہ ہوئے اور ان لوگوں کے پاس آ گئے' تو وہ بنو ساعدہ کے سقیفے میں موجود تھے۔ ان کے درمیان ایک شخص چادر اوڑھ کر بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ تو لوگوں نے بتایا یہ سعد بن عبادہ ہیں۔ میں نے کہا: انہیں کیا ہوا ہے۔ لوگوں نے بتایا یہ بیمار ہیں۔ جب ہم بیٹھ گئے' تو انصار کے خطیب نے گفتگو شروع کی۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی ثنا بیان کی پھر یہ بات کہی۔ اما بعد! ہم لوگ اللہ تعالیٰ کے مددگار اور اسلام کا لشکر ہیں اور تم لوگ اے مہاجرین کے گروہ! ہمارا ایک گروہ ہو تمہیں تمہاری قوم نے پرے کر دیا تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ یہ چاہتے تھے کہ وہ ہمیں اصل سے دور کر دیں اور ہمیں ایک طرف کر دیں جب اس شخص نے اپنی گفتگو مکمل کر لی' تو میں نے بات چیت کرنے کا ارادہ کیا۔ میں نے اپنے ذہن میں ایک مضمون سوچ لیا تھا جو مجھے پسند بھی آیا۔ میں یہ چاہتا تھا کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے کھڑا ہو جاؤں اور میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف سے کچھ صورت حال کو بہتر کر سکوں۔ جب میں نے بات چیت کرنے کا ارادہ کیا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم ٹھہر جاؤ۔ مجھے انہیں ناراض کرنا اچھا نہ لگا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بات چیت شروع کی وہ مجھ سے زیادہ بردبار اور زیادہ پروقار تھے۔ اللہ کی قسم! میں نے اپنے ذہن میں جو مضمون سوچا تھا' اور جو مجھے اچھا لگا تھا۔ انہوں نے اس میں سے کوئی بھی بات ترک نہیں کی۔ انہوں نے اس کی مانند یا اس سے زیادہ عمدہ انداز میں بات کی' یہاں تک کہ جب وہ خاموش ہو گئے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد یہ کہا۔

اما بعد! اے انصار! تم لوگوں نے اپنے اندر موجود جس بھلائی کا ذکر کیا ہے تم لوگ اس کے اہل ہو' لیکن عرب اس معاملے (یعنی حکومت) کے بارے میں صرف اسی قبیلے قریش سے واقف ہیں' کیونکہ یہ نسب اور رہائش کے اعتبار سے عربوں میں سب سے ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ میں تم لوگوں کے لئے ان دو میں سے کسی ایک فرد سے راضی ہوں تم جس کی چاہو بیعت کر لو پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صرف یہی بات اچھی نہیں لگی۔

اللہ کی قسم! اگر مجھے آگے کر دیا جائے اور میری گردن اڑا دی جائے اور وہ کسی گناہ کی پاداش میں نہ ہو۔ یہ بات میرے نزدیک اسے زیادہ پسندیدہ ہے کہ مجھے کسی ایسی قوم کا امیر مقرر کیا جائے جس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ موجود ہوں البتہ اگر مرنے کے قریب میری صورتحال تبدیل ہو جائے تو اس کا معاملہ مختلف ہے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنی بات مکمل کر لی تو انصار میں سے ایک شخص نے کہا: میں وہ شاخ ہوں جس کے ذریعے کھجایا جاتا ہے اور وہ کھجور ہوں جس کی حفاظت کی جاتی ہے (یعنی مشکل وقت میں مجھ سے مشورہ لیا جاتا ہے اور میری قوم میرے ساتھ ہوتی ہے) اے قریش کے گروہ ایک امیر ہم میں سے ہو اور ایک امیر تم میں سے ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس پر شور شرابا شروع ہو گیا اور آوازیں بلند ہو گئیں یہاں تک کہ میں نے اس اختلاف کو چیرا اور میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ اپنا ہاتھ آگے بڑھائیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا۔ میں نے ان کی بیعت کر لی۔ مہاجرین اور انصار نے بھی ان کی بیعت کر لی۔ ہم نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا تو انصار میں سے ایک صاحب نے کہا: تم لوگوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: میں اس وقت غصے میں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے سعد کو قتل کیا ہے کیونکہ یہ فتنہ اور شر پیدا کرنا چاہتا تھا۔ بے شک ہم لوگ اللہ کی قسم! ہم نے اپنے معاملے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت سے زیادہ بہتر اور کوئی چیز نہیں دیکھی۔ ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ اگر ہم لوگ ان لوگوں سے الگ ہو گئے اس سے پہلے کہ بیعت ہو جائے تو کہیں ہمارے بعد وہ نئی بیعت نہ کر لیں تو پھر یا تو ہمیں ایسی بیعت کرنی پڑے گی جس سے ہم راضی نہیں ہوں گے یا ان کی مخالفت کرنی پڑے تو پھر فساد پیدا ہو گا تو کسی بھی شخص کا یہ کہنا ہرگز غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت بھی اچانک ہو گئی تھی لیکن وہ مکمل ہو گئی تھی۔ وہ اچانک ہوئی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی خرابی سے محفوظ رکھا تھا۔ خبردار! اب تمہارے درمیان ابوبکر جیسا اور کوئی شخص نہیں ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: زہری نے عروہ بن زبیر کی یہ بات نقل کی ہے کہ وہ دو انصاری افراد جن کی مہاجرین سے ملاقات ہوئی تھی وہ حضرت عویم بن ساعدہ اور حضرت معن بن عدی تھے۔

امام مالک بیان کرتے ہیں: زہری نے سعید بن مسیب کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے ایک دن انہوں نے یہ کہا روایت کے یہ الفاظ: "میں وہ شاخ ہوں جس کے ذریعے کھجایا جاتا ہے"۔ یہ بات کہنے والا شخص بنو سلمہ سے تعلق رکھتا تھا جس کا نام حباب بن المنذر رتھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت اچانک ہوئی تھی لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو برائی سے محفوظ رکھا اس سے مراد یہ ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کے آغاز میں سب لوگ شامل نہیں تھے اور وہ چیز جس میں سب لوگ شامل نہ ہوں اس کے لیے لفظ اچانک استعمال ہوتا ہے اور جس چیز میں سب لوگ شریک نہ ہوں اس کے بارے میں خرابی کا اندیشہ بھی ہوتا ہے اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کہا: اللہ تعالیٰ نے اس کو خرابی سے محفوظ رکھا۔

اس سے مراد وہ خرابی ہے جو اچانک ہو جانے والی چیزوں میں متوقع ہوتی ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت میں کوئی خرابی تھی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَمَّنِ ادَّعَى اَبًا غَيْرَ اَبِيهِ

اس روایت کا تذکرہ جس کے مطابق ایسے شخص کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کی گئی ہے جو اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی اولاد ہونے کا دعویٰ کرتا ہے

415 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا ادُّعِيَ زِيَادٌ لَقِيتُ اَبَا بَكْرَةَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا الَّذِي صَنَعْتُمْ اِنِّي سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ سَمِعَ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال من ادَّعَى اَبًا فِي الْاِسْلَامِ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهُ غَيْرُ اَبِيهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ فقَالَ اَبُو بَكْرَةَ وَاَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (3: 19)

ابوعثمان بیان کرتے ہیں: جب زیاد کے بارے میں دعویٰ کیا گیا' تو میری ملاقات حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے کہا: یہ آپ لوگ کیا کر رہے ہیں۔ میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو یہ بات کہتے ہوئے سنا ہے وہ کہتے ہیں: میرے دونوں کانوں نے اس بات کو سنا اور میرے دل نے اسے محفوظ رکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اسلام میں کسی باپ کی طرف خود کو منسوب کرے اور وہ یہ جانتا ہو کہ یہ اس کا باپ نہیں ہے' تو ایسے شخص پر جنت حرام ہوگی''۔

تو حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔

ذِكْرُ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْجَنَّةَ عَلَى الْمُنْتَمِي اِلٰى غَيْرِ اَبِيهِ فِي الْاِسْلَامِ

ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ نے جنت کو حرام قرار دیا ہے' جو اسلام میں اپنے باپ کی بجائے کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرتا ہے

416 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ

415– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 5/46، ومسلم 63 114 في الإيمان: باب بيان حال إيمان من رغب عن أبيه، والبيهقي في السُّنن 7/403 من طريق عمرو بن عون . وأخرجه أحمد 1/169 عن هشام، وأبو عوانة 1/30 . وأخرجه الطيالسي 199 عن ثابت أبي زيد وسلام بن سليم، وأحمد 1/174 و179 و5/38، وأبو عوانة 2/30 من طريق إسماعيل بن علية، وأحمد 1/174، والبخاري 4326 و4327 في المغازي: باب غزوة الطائف، وأبو عوانة 1/29، والدارمي 2/244 و343، والبغوي في شرح السُّنة 2376 ، من طريق شعبة، وأحمد 1/174، وأبو عوانة 1/28 من طريق سفيان، ومسلم 63 115 ، وابن ماجة 2610 في الحدود: باب من ادعى إلى غير أبيه أو تولى غير مواليه، وأبو عوانة 1/29 من طريق أبي معاوية ويحيى بن زكريا بن أبي زائدة، وأبو داوُد 5113 في الأدب: باب في الرجل ينتمي إلى غير مواليه.

(متن حدیث): مَنِ ادَّعَى اَبًا فِي الْاِسْلَامِ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهُ غَيْرُ اَبِيهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ

قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاَبِي بَكْرَةَ قَالَ وَاَنَا سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (2: 109)

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے دونوں کانوں کے ساتھ یہ بات سنی ہے اور میرے دل نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر اسے محفوظ رکھا ہے آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اسلام میں کسی باپ (کی اولاد ہونے) کا دعویٰ کرے اور وہ شخص یہ بات جانتا ہو کہ یہ اس کا باپ نہیں ہے' تو ایسے شخص پر جنت حرام ہوگئی''۔

راوی کہتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے کیا' تو انہوں نے کہا: میں نے بھی اپنے دونوں کانوں کے ذریعے اس بات کو سنا تھا' اور میرے دل نے بھی اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر محفوظ رکھا ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ لَعْنَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَمَلَائِكَتِهِ عَلَى الْفَاعِلِ الْفِعْلَيْنِ اللَّذَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُمَا

ہم نے اس سے پہلے جن دو افعال کا تذکرہ کیا ہے ان کے مرتکب شخص پر اللہ تعالیٰ کی اور فرشتوں کی لعنت واجب ہونے کا تذکرہ

417 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): مَنِ ادَّعَى اِلٰى غَيْرِ اَبِيهِ اَوْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ (2: 109)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے یا اپنے آزاد کرنے والے آقا کے علاوہ کسی اور کی

416- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما، خالد الأول هو ابن عبد الله الواسطي الطحان، وخالد الثاني هو ابن مهران الحذاء . وأخرجه البخاري 6766، 6767 في الفرائض: باب من ادعى إلى غير أبيه، والبيهقي في السُّنن 7/403، من طريق مسدد، عن خالد الواسطي، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله . وفي الباب عن ابن عباس في الحديث التالي. وعن علي عند أحمد 1/181 و126، والبخاري 6755 ، ومسلم 1370 . وعن أبي ذر عند البخاري 3508 في المناقب، ومسلم 61 ، والبيهقي 7/403. وعن أنس بن مالك عند أبي داؤد 5115 وسنده صحيح. وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عند الطيالسي 2274 ، وأحمد 2/171 و194، وابن ماجة 6211 ، أورده الهيثمي في المجمع 1/98، وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح. وعن أبي أمامة الباهلي عند الطيالسي 1127 ، وأحمد 5/267 وعن عمرو بن خارجة الخشني عند أحمد 4/187 و 238 و 239.

417- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الله بن عثمان بن خثيم من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما . وأخرجه أحمد 1/328 عن عفان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة 2609 في الحدود: باب من ادعى إلى غير أبيه . وأخرجه أحمد 1/318 عن أبي النضر.

طرف خود کو منسوب کرے' تو ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ' تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو''۔

ذِكْرُ وَصْفِ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ لِمَنْ تُوُفِّيَ اَبَوَاهُ فِي حَيَاتِهِ

جس شخص کی زندگی میں اس کے ماں باپ فوت ہوجائیں' اس کے لئے ماں باپ سے حسن سلوک کرنے کے طریقے کا تذکرہ

418 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ قَالَ

(متن حدیث): اَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ سَلِمَةَ وَاَنَا عِنْدَهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَوَيَّ قَدْ هَلَكَا فَهَلْ بَقِيَ لِيْ بَعْدَ مَوْتِهِمَا مِنْ بِرِّهِمَا شَيْءٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ الصَّلَاةُ عَلَيْهِمَا وَالِاسْتِغْفَارُ لَهُمَا وَاِنْفَاذُ عُهُوْدِهِمَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَاِكْرَامُ صَدِيْقِهِمَا وَصِلَةُ رَحِمِهِمَا الَّتِيْ لَا رَحِمَ لَكَ اِلَّا مِنْ قِبَلِهِمَا قَالَ الرَّجُلُ مَا اَكْثَرَ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاَطْيَبَهُ قَالَ فَاعْمَلْ بِهِ . (1: 2)

حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنوسلمہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ انتقال کر چکے ہیں۔ کیا ان کے انتقال کے بعد ان کے ساتھ نیکی کرنے کی کوئی صورت ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! تم ان کے لئے دعائے رحمت کرو ان کے لئے دعائے مغفرت کرو اور ان کے بعد ان کے کئے ہوئے عہد کو پورا کرو۔ ان کے دوستوں کی عزت افزائی کرو ان کے رشتے داروں کے حقوق کا خیال رکھو وہ رشتے دار جن کے ساتھ تمہارا رشتہ صرف انہی کے حوالے سے ہے۔

اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کتنی زبردست اور عمدہ بات ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس پر عمل کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اِدْخَالَ الْمَرْءِ السُّرُوْرَ عَلٰى وَالِدَيْهِ فِيْ اَسْبَابِهٖ يَقُوْمُ مَقَامَ جِهَادِ النَّفْلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اپنے والدین کو خوش کرنا اس کیلئے نفل جہاد میں حصہ لینے کے قائم مقام ہے

419 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ السَّرَّادُ بِتُسْتَرَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

418- علي بن عبيد مجهول . وأخرجه أحمد 3/497، 498 'وأبو داؤد 5142 في الأدب: باب في بر الوالدين، وابن ماجة 3664 في الأدب: باب صل من كان أبوك يصل، والبخاري في الأدب المفرد 35 عن أبي نعيم، والطبراني في المعجم الكبير /19 592 .

419- إسناده صحيح . وأخرجه الحميدي 584 ، وأحمد 2/198، وعبد الرزاق 9285 ومن طريقه أحمد 2/160، ثلاثتهم عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داؤد 2528 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان، والبخاري في الأدب المفرد 19 ، والبيهقي في السُّنن 9/26 من طريق محمد بن كثير، والبخاري في الأدب المفرد 13 ، عن أبي نعيم، والحاكم 4/152 ' والبغوي في شرح السُّنَّة 2639 . وأخرجه أحمد 2/194 عن إسماعيل ابن علية، وأحمد 2/204، والحاكم 4/153 من طريق شعبة، والنسائي 7/143 في البيعة: باب البيعة على الهجرة من طريق حماد بن زيد، وابن ماجة 2782 في الجهاد: باب الرجل يغزو.

مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابن جُرَيْجٍ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اُبَايِعَكَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَتَرَكْتُ اَبَوَيَّ يَبْكِيَانِ فقَالَ ارجع إليهما فأضحكهما كما أبكيتهما . (2:1)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہجرت پر آپ کی بیعت کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے اپنے ماں باپ کو روتے ہوئے چھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے پاس واپس جاؤ اور جس طرح، تم نے انہیں رُلایا ہے اس طرح انہیں ہنساؤ۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُؤْثِرَ بِرَّ الْوَالِدَيْنِ عَلَى الْجِهَادِ النَّفْلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ وہ اپنے ماں باپ کی خدمت کرنے کو اللہ کی راہ میں نفل جہاد کرنے پر ترجیح دے

420 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ وَهُوَ السَّائِبُ بْنُ فَرُّوخَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُجَاهِدُ فقَالَ لَكَ اَبَوَانِ قَالَ نَعَمْ قَالَ ففيهما فجاهد . (2:1)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جہاد میں حصہ لینا چاہتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارے ماں باپ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان دونوں کی بھرپور (خدمت کرو)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُجَاهَدَةَ الْمَرْءِ فِيْ بِرِّ وَالِدَيْهِ هُوَ الْمُبَالَغَةُ فِيْ بِرِّهِمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک میں مجاہدہ کرنے سے مراد یہ ہے: وہ ان کے ساتھ اچھائی کرنے میں مبالغہ کرے

421 (سند حدیث): حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا يعلى بن عطاء عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

420- إسناده صحيح. وأخرجه البخاري 5972 في الأدب: باب لا يجاهد إلا بإذن الأبوين، وأبو داوُد 2529 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان. وأخرجه عبد الرزاق 9284 عن سفيان الثوري، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ فِي الْجِهَادِ؟ قَالَ اَلَكَ وَالِدَانِ قَالَ نعم قال اذهب فبرهما فذهب وهو يحمل الركاب. (2:1)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ مجھے جہاد کرنے کی اجازت دیتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہارے ماں باپ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اوران کے ساتھ اچھا سلوک کرو، تو وہ شخص چلا گیا حالانکہ وہ رکاب اٹھا کر آیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بِرَّ الْوَالِدَيْنِ اَفْضَلُ مِنْ جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، والدین کے ساتھ حسن سلوک، نفل جہاد سے افضل ہے

422 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمَذَانِيُّ حدثنا أبو الطاهر بن السرح حدثنا بن وَهْبٍ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا هَاجَرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ هَاجَرْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ هَجَّرْتَ الشِّرْكَ وَلٰكِنَّهُ الْجِهَادُ هَلْ لَكَ اَحَدٌ بِالْيَمَنِ قَالَ اَبَوَايَ قَالَ اَذِنَا لَكَ قَالَ لَا قَالَ ارْجِعْ فَاسْتَاْذِنْهُمَا فَاِنْ اَذِنَا لَكَ فَجَاهِدْ وَاِلَّا فَبِرَّهُمَا. (2 :1)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص یمن سے ہجرت کر کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے ہجرت کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے شرک سے لاتعلقی اختیار کی ہے لیکن جہاد (کا معاملہ باقی ہے) کیا یمن میں تمہارا کوئی عزیز ہے اس نے عرض کیا میرے ماں باپ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دونوں نے تمہیں اجازت دی تھی؟ اس نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم واپس جاؤ اور ان دونوں سے اجازت لو اگر وہ تمہیں اجازت دیدیں، تو تم جہاد میں حصہ لو ورنہ تم ان کی خدمت کرو"۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ بِرِّ الْوَالِدَيْنِ عَلٰى جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ والدین کے ساتھ حسن سلوک کو نفلی جہاد پر ترجیح دے

423 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

421– إسناده حسن في الشواهد. وأخرجه أحمد 2/197 عن بهز، عن شعبة، بهذا الإسناد.

422– إسناده ضعيف لضعف دراج أبي السمح في روايته عن أبي الهيثم. وأخرجه أبو داوُد 2530 في الجهاد: باب في الرجل يغزو وأبواه كارهان، عن سعيد بن منصور، والحاكم 2/103، 104 ومن طريقه البيهقي في السُّنن 9/26. وأخرجه أحمد 3/75، 76.

423– رجاله ثقات، إلا أن رواية مسعر عن عطاء بعد الاختلاط، لكن رواه شعبة وحماد بن زيد وغيرهما عنه، وهم سمعوا منه قبل الاختلاط فالحديث صحيح، انظر 419.

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا اَتَـى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُهُ عَلَى الْهِجْرَةِ وَقَدْ اَسْلَمَ وَقَالَ قَدْ تَرَكْتُ اَبَوَيَّ يَبْكِيَانِ قَالَ ارْجِعْ اِلَيْهِمَا فَاَضْحِكْهُمَا كَمَا اَبْكَيْتَهُمَا وَاَبٰى اَنْ يَّخْرُجَ مَعَهُ . (5: 28)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہجرت کی بیعت کرنے کے لئے حاضر ہوا۔ اس نے اسلام قبول کیا' تو اس نے عرض کی: میں نے اپنے ماں باپ کو روتے ہوئے چھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے پاس واپس جاؤ اور جس طرح تم نے ان کو رلایا ہے اسی طرح ان دونوں کو ہنساؤ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ وہ آپ کے ساتھ (جہاد کے لئے) جائے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْمُبَالَغَةِ لِلْمَرْءِ فِيْ بِرِّ وَالِدِهٖ رَجَاءَ اللُّحُوقِ بِالْبَرَرَةِ فِيْهِ

آدمی کے لئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے مبالغہ کرے یہ امید رکھتے ہوئے کہ وہ اس عمل کے ذریعے نیک لوگوں میں شامل ہو جائے گا

424 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ وَاَبُوْ عَوَانَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): لَا يَجْزِى وَلَدٌ وَالِدَهُ اِلَّا اَنْ يَّجِدَهُ مَمْلُوكًا فيشتريه فيعتقه . (1: 2)

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی بھی شخص اپنے باپ کو بدلا نہیں دے سکتا' ماسوائے اس صورت حال کے' کہ وہ اس (باپ) کو غلام کی حیثیت میں پائے اور اسے خرید کر آزاد کر دے''۔

ذِكْرُ رَجَاءِ دُخُوْلِ الْجِنَانِ لِلْمَرْءِ بِالْمُبَالَغَةِ فِيْ بِرِّ الْوَالِدِ

والد کے ساتھ حسن سلوک میں مبالغہ کرنے والے شخص کے لئے جنت میں داخلے کی امید ہونے کا تذکرہ

425 (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى اَبَا الدَّرْدَاءِ فقَالَ اِنَّ اَبِيْ لَمْ يَزَلْ بِيْ حَتّٰى تَزَوَّجْتُ وَاِنَّهُ الْاٰنَ يَاْمُرُنِيْ بِطَلَاقِهَا

424- إسناده صحيح على شرط الصحيح . وأخرجه الطيالسي 2405 عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/230 و376 و445، ومسلم 1510 في العتق: باب فضل عتق الوالد، وأبو داوٗد 5137 في الأدب: باب في بر الوالدين، والبخاري في الأدب المفرد 10 ، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/109، والبيهقي في السُّنن 10/189 من طرق . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/539، ومن طريقه مسلم 1510 ، وابن ماجة 3659 في الأدب: باب بر الوالدين، والبغوي في شرح السُّنَّة 2425 ، وأخرجه الترمذي 1906 في البر: باب ما جاء في حق الوالدين، والبيهقي في السُّنن 10/189 .

قَالَ مَا اَنَا بِالَّذِیْ اٰمُرُكَ اَنْ تَعُقَّ وَالِدَكَ وَلَا اَنَا بِالَّذِیْ اٰمُرُكَ اَنْ تُطَلِّقَ امْرَاَتَكَ غَيْرَ اَنَّكَ اِنْ شِئْتَ حَدَّثْتُكَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ

اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَحَافِظْ عَلٰى ذٰلِكَ اِنْ شِئْتَ اَوْ دَعْ قَالَ فَاَحْسِبُ عَطَاءً قَالَ فَطَلَّقَهَا . (1: 2)

ابوعبدالرحمان سلمی بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور بولا: میرے والد نے بہت اصرار کر کے میری شادی کروائی اور اب وہ مجھے کہہ رہے ہیں کہ میں اس عورت کو طلاق دیدوں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں تمہیں اس بات کی ہدایت نہیں کروں گا کہ تم اپنے باپ کی نافرمانی کرو اور میں تمہیں یہ بھی نہیں کہوں گا کہ تم اپنی بیوی کو طلاق دیدو البتہ اگر تم چاہو تو میں تمہیں وہ بات سنا دیتا ہوں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔ میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''والد جنت کے دروازوں میں سے درمیانی دروازہ ہے اب اگر تم چاہو تو اس کی حفاظت کرو اور اگر چاہو تو چھوڑ دو''۔

راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے عطاء نامی راوی نے یہ بات بیان کی تھی: پھر اس شخص نے اس عورت کو طلاق دیدی تھی۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ طَلَاقِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ بِاَمْرِ اَبِيْهِ اِذَا لَمْ يُفْسِدْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ دِيْنَهُ وَلَا كَانَ فِيْهِ قَطِيْعَةُ رَحِمٍ

آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ اگر اس کا باپ اسے حکم دے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدے جب کہ اس صورت میں اس کے دین کو نقصان نہ ہو اور قطع رحمی کی کوئی صورت نہ پائی جاتی ہو

426 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ وعمر بن على عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ خَالِهِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): تَزَوَّجَ اَبِیْ امْرَاَةً وَكَرِهَهَا عُمَرُ فَاَمَرَهُ بِطَلَاقِهَا فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَطِعْ اَبَاكَ .

425- حديث صحيح . فقد أخرجه أحمد 5/196، وابن ماجة 2089 فى الطلاق: باب الرجل يأمره أبوه بطلاق امرأته عن محمد بن بشار، والحاكم 4/152 . وأخرجه من غير قصة الطلاق: الطيالسى 981 ، ومن طريقه البغوى فى شرح السنّة 3422 . وأخرجه الحميدى 395 ، ومن طريقه الحاكم 4/152، وأخرجه الترمذى 1900 فى البر: باب ما جاء فى الفضل فى رضا الوالدين . وأخرجه أحمد 6/445، والطحاوى فى مشكل الآثار 2/158 وأخرجه البغوى فى شرح السنّة 3421 . وأخرجه من غير قصة الطلاق ابن أبى شيبة 8/540 ، وأحمد 6/451، وابن ماجة 3663 فى الأدب: باب بر الوالدين. وأخرجه أحمد 5/197، 198 عن حسين بن محمد، عن شريك، عن عطاء ، به.

426- إسناده صحيح . رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحارث بن عبد الرحمٰن، فقد روى له الأربعة . وأخرجه أحمد 2/20، وأبو داوٗد 5138 فى الأدب: باب فى بر الوالدين، وابن ماجة 2088 فى الطلاق: باب الرجل يأمره أبوه بطلاق امرأته. وأخرجه الطيالسى 1822 ، ومن طريقه البيهقى فى السُّنن 7/322 . وأخرجه أحمد 2/42 و53 و157، والترمذى 1189 فى الطلاق: باب ما جاء فى الرجل يسأله أبوه أن يطلق زوجته، والحاكم 2/197 و4/152، 153 .

حمزہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میرے والد نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو وہ عورت اچھی نہیں لگی۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ ہدایت کی کہ وہ اس عورت کو طلاق دیدیں۔ انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے والد کی بات مان لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أمر بن عُمَرَ بِطَلَاقِهَا طَاعَةً لِاَبِيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے والد کی اطاعت کرتے ہوئے اپنی اہلیہ کو طلاق دینے کا حکم دیا تھا

427 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الصُّوْفِيُّ حَدَّثَنَا علی بن الجعد أنبأنا بن اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

(متن حدیث): كَانَتْ تَحْتِيْ امْرَاَةٌ وَكُنْتُ اُحِبُّهَا وَكَانَ اَبِيْ يَكْرَهُهَا فَاَمَرَنِيْ بِطَلَاقِهَا فَاَبَيْتُ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ طَلِّقْهَا . (1: 2)

حمزہ بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میری ایک بیوی تھی جس سے میں بہت محبت کرتا تھا' لیکن میرے والد اسے پسند نہیں کرتے تھے۔ انہوں نے مجھے اسے طلاق دینے کی ہدایت کی۔ میں نے ان کی بات تسلیم نہیں کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ! تم اس عورت کو طلاق دیدو۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ بِرِّ الْمَرْءِ وَالِدَهُ وَاِنْ كَانَ مُشْرِكًا فِيمَا لَا يَكُوْنُ فِيْهِ سَخَطُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے لئے اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ' اگرچہ وہ والد مشرک ہو اور یہ حسن سلوک ان چیزوں کے بارے میں ہوگا' جن میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی نہ ہو

428 (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بن وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ شَبِيْبُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

(متن حدیث): مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أبی بن سَلُوْلَ وَهُوَ فِيْ ظِلِّ اَجَمَةٍ فَقَالَ قَدْ غبر عَلَيْنَا ابْنُ اَبِيْ كَبْشَةَ فَقَالَ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ اَكْرَمَكَ وَالَّذِيْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ لَئِنْ شِئْتَ لَآتِيَنَّكَ بِرَاْسِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَلٰكِنْ بَرَّ اَبَاكَ وَاَحْسِنْ صُحْبَتَهُ .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَبُوْ كَبْشَةَ هٰذَا وَالِدُ اُمِّ اُمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

427- إسناده صحيح، وهو في مسند ابن الجعد 2859 ، وهو مكرر ما قبله.

428-وأخرجه البزار 2708 عن محمد بن بشار وأبي موسى.

فَـاقْتُلْ هٰذِهِ الدَّابَّةَ حَتّٰى يَمْضِيَ النَّاسُ، فَرَمَاهَا فَقَتَلَهَا، وَمَضَى النَّاسُ، فَاَتَى الرَّاهِبَ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ لَهُ الرَّاهِبُ: اَیْ بُنَـیَّ، اَنْـتَ الْيَـوْمَ اَفْـضَـلُ مِـنِّـیْ ، وَاِنَّكَ سَتُبْتَـلٰـى، فَـاِنِ ابْتُلِيتَ فَلَا تَدُلَّ عَلَیَّ، فَكَانَ الْغُلَامُ يُبْرِءُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ، وَيُدَاوِیْ سَائِرَ الْاَدْوَاءِ، فَسَمِعَ جَلِيسٌ لِلْمَلِكِ ، كَانَ قَدْ عَمِيَ، فَاَتَى الْغُلَامَ بِهَدَايَا كَثِيرَةٍ، فَقَالَ: مَا هَـاهُـنَـا لَكَ اَجْـمَـعُ اِنْ اَنْـتَ شَـفَيْتَـنِی، قَالَ: اِنِّیْ لَا اَشْفِیْ اَحَدًا اِنَّمَا يَشْفِی اللّٰهُ، فَاِنْ اٰمَنْتَ بِاللّٰهِ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَشَـفَاكَ، فَآمَنَ بِاللّٰهِ فَشَفَاهُ اللّٰهُ، فَاَتَى الْمَلِكَ يَمْشِی يَجْلِسُ اِلَيْهِ كَمَا كَانَ يَجْلِسُ، فَقَالَ الْمَلِكُ: فُلَانُ مَنْ رَدَّ عَـلَيْكَ بَـصَـرَكَ؟، قَـالَ: رَبِّی، قَالَ: وَلَكَ رَبٌّ غَيْرِی؟، قَالَ: رَبِّی وَرَبُّكَ وَاحِدٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُعَذِّبُهُ حَتّٰى دَلَّ عَلَى الْـغُلَامِ، فَـجِـیْءَ بِـالْـغُلَامِ، فَـقَـالَ لَـهُ الْـمَـلِكُ: اَیْ بُنَیَّ، قَدْ بَلَغَ مِنْ سِحْرِكَ مَا تُبْرِءُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَتَفْعَلُ وَتَـفْـعَـلُ؟، قَـالَ: اِنِّـیْ لَا اَشْفِیْ اَحَدًا، اِنَّمَا يَشْفِی اللّٰهُ، فَاَخَذَهُ، فَلَمْ يَزَلْ يُعَذِّبُهُ حَتّٰى دَلَّ عَلَى الرَّاهِبِ، فَجِیْءَ بِـالـرَّاهِـبِ، فَقِيلَ لَهُ: ارْجِعْ عَنْ دِيْنِكَ، فَاَبٰی، فَدَعَا بِالْمِنْشَارِ، فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ فِیْ مَفْرِقِ رَاْسِهٖ، فَشُقَّ بِهٖ حَتّٰى وَقَعَ شِقَّاهُ، ثُمَّ جِیْءَ بِجَلِيسِ الْمَلِكِ، فَقِيلَ: ارْجِعْ عَنْ دِيْنِكَ، فَاَبٰی، فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ فِیْ مَفْرِقِ رَاْسِهٖ، فَشَقَّهُ بِهٖ حَتّٰى وَقَعَ شِقَّاهُ، ثُمَّ جِیْءَ بِالْغُلَامِ فَقِيلَ لَهُ: ارْجِعْ عَنْ دِيْنِكَ فَاَبٰی، فَدَفَعَهُ اِلٰی نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: اذْهَبُوْا بِهٖ اِلٰـى جَبَـلِ كَـذَا وَكَـذَا، فَاصْعَدُوْا بِهِ الْجَبَلَ، فَاِذَا بَلَغْتُمْ ذُرْوَتَهُ، فَاِنْ رَجَعَ عَنْ دِيْنِهٖ، وَاِلَّا فَاطْرَحُوهُ، فَذَهَبُوْا بِهٖ فَـصَعِدُوْا بِهِ الْجَبَلَ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِمْ بِمَا شِئْتَ، فَرَجَفَ بِهِمُ الْجَبَلُ، فَسَقَطُوا، وَجَاءَ يَمْشِی اِلَى الْمَلِكِ، فَـقَـالَ لَـهُ الْـمَـلِكُ: مَـا فَـعَـلَ اَصْـحَـابُكَ؟، قَالَ كَفَانِيهِمُ اللّٰهُ، فَدَفَعَهُ اِلٰی قَوْمٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: اذْهَبُوْا بِهٖ، فَـاحْـمِـلُـوْهُ فِـیْ قُرْقُوْرٍ ، فَوَسِّطُوْا بِهِ الْبَحْرَ، فَلَجِّجُوا بِهٖ، فَاِنْ رَجَعَ عَنْ دِيْنِهٖ، وَاِلَّا فَاقْذِفُوهُ، فَذَهَبُوْا بِهٖ، فَقَالَ: اَلـلّٰهُـمَّ اكْـفِـنِيهِـمْ بِـمَـا شِـئْـتَ، فَـانْكَفَاَتْ بِهِمُ السَّفِينَةُ ، وَجَاءَ يَمْشِی اِلَى الْمَلِكِ، فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ: مَا فَعَلَ اَصْـحَـابُكَ؟، قَـالَ: كَـفَـانِيهِمُ اللّٰهُ، فَقَالَ لِلْمَلِكِ: وَاِنَّكَ لَسْتَ بِقَاتِلِیْ حَتّٰى تَفْعَلَ مَا اٰمُرُكَ بِهٖ، قَالَ: وَمَا هُوَ؟، قَالَ: تَجْمَعُ النَّاسَ فِیْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ، وَتَصْلُبُنِیْ عَلٰی جِذْعٍ، ثُمَّ خُذْ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِكَ ، ثُمَّ ضَعِ السَّهْمَ فِیْ كَبِدِ الْقَوْسِ، ثُمَّ قُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ، ثُمَّ ارْمِنِی، فَاِنَّكَ اِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ قَتَلْتَنِی، فَجَمَعَ النَّاسَ فِیْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ، ثُـمَّ صَـلَبَـهُ عَـلٰـى جِـذْعٍ، ثُـمَّ اَخَـذَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهٖ، ثُمَّ وَضَعَ السَّهْمَ فِیْ كَبِدِ قَوْسِهٖ، ثُمَّ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ، ثُمَّ رَمَاهُ، فَوَقَعَ السَّهْمُ فِیْ صُدْغِهٖ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِیْ مَوْضِعِ السَّهْمِ فَمَاتَ، فَقَالَ النَّاسُ: اٰمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ، اٰمَـنَّـا بِـرَبِّ الْـغُلَامِ، ثَلَاثًـا، فَـاُتِیَ الْمَلِكُ، فَقِيلَ لَهُ: اَرَاَيْتَ مَا كُنْتَ تَحْذَرُ، قَدْ وَاللّٰهِ نَزَلَ بِكَ حَذَرُكَ، قَدْ اٰمَنَ النَّاسُ، فَاَمَرَ بِالْاُخْدُودِ بِاَفْوَاهِ السِّكَكِ فَخُدَّتْ، وَاَضْرَمَ النِّيرَانَ وَقَالَ: مَنْ لَمْ يَرْجِعْ عَنْ دِيْنِهٖ فَاَحْمُوْهُ ، فَفَعَلُوْا حَتّٰـى جَـاءَتِ امْـرَاَةٌ وَمَـعَهَـا صَـبِـیٌّ لَهَا، فَتَقَاعَسَتْ اَنْ تَقَعَ فِيْهَا، فَقَالَ لَهَا الْغُلَامُ: يَا اُمَّهِ اصْبِرِی، فَاِنَّكِ عَلَى الْحَقِّ.(3: 6)

ﷺ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے زمانے میں ایک بادشاہ تھا اس کا ایک جادوگر

تھا۔ جب وہ عمر رسیدہ ہو گیا' تو اس نے بادشاہ سے کہا میں بوڑھا ہو گیا ہوں تم میرے پاس کسی لڑکے کو بھیجو تا کہ میں اسے جادو کی تعلیم دوں' تو بادشاہ نے اس کے پاس ایک لڑکے کو بھیجا تا کہ وہ اسے تعلیم دینا شروع کرے ابھی وہ لڑکا راستے میں جا رہا تھا کہ وہاں سے ایک راہب کا گزر ہوا وہ اس کے پاس بیٹھ گیا اور اس کی بات چیت سننے لگا اس کو اس کی باتیں اچھی لگیں جب وہ جادوگر کے پاس آیا' تو جادوگر نے اسے مارا جب وہ جادوگر کے پاس سے واپس آیا' تو راہب کے پاس بیٹھ گیا اور اس کی بات چیت سننے لگا۔ جب وہ اپنے گھر آیا' تو گھر والوں نے اسے مارا اس نے اس بات کی شکایت راہب سے کی' تو راہب نے کہا: جب تمہیں جادوگر سے اندیشہ ہو' تو تم کہنا مجھے گھر والوں نے نہیں آنے دیا تھا اور جب تمہیں گھر والوں سے اندیشہ ہو' تو تم کہنا جادوگر نے مجھے روک لیا تھا۔ اسی طرح ہوتا رہا اسی دوران ایک مرتبہ اس لڑکے کا گزر ایک بڑے جانور کے پاس سے ہوا جس نے لوگوں کو گزرنے سے روکا ہوا تھا۔ اس لڑکے نے سوچا آج یہ بات میں جان لوں گا کہ راہب فضیلت رکھتا ہے یا جادوگر؟ اس نے ایک پتھر لیا اور پھر کہا: اے اللہ! اگر راہب کا معاملہ تیرے نزدیک جادوگر کے معاملے سے زیادہ پسندیدہ ہے' تو اس جانور کو مار دے تا کہ لوگ وہاں سے گزر جائیں پھر اس نے وہ پتھر اس جانور کو مار کر قتل کر دیا' تو لوگ وہاں سے گزر گئے۔ وہ راہب کے پاس آیا اور اسے اس بارے میں بتایا' تو راہب نے اسے کہا: اے میرے بیٹے آج تم مجھ سے زیادہ فضیلت رکھتے ہو عنقریب تمہیں آزمائش میں مبتلا کیا جائے گا اگر تمہیں آزمائش میں مبتلا کیا جائے' تو تم میری طرف کسی کی رہنمائی نہ کرنا پھر وہ لڑکا پیدائشی نابینا لوگوں اور برص کے شکار لوگوں کو ٹھیک کرنے لگا۔ وہ تمام بیماریوں کی دوا دینے لگا (یعنی انہیں ٹھیک کرنے لگا) بادشاہ کے ایک مصاحب کو اس کے بارے میں پتہ چلا جو نابینا ہو چکا تھا۔ وہ بہت سے تحائف کے ہمراہ اس لڑکے کے پاس آیا اور بولا: اگر تم نے مجھے شفا دیدی' تو یہ سب کچھ تمہیں مل جائے گا۔ لڑکے نے کہا: میں کسی کو شفا نہیں دیتا شفا' تو اللہ تعالیٰ دیتا ہے' اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آؤ' تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کروں گا۔ وہ تمہیں شفا دے گا' تو وہ شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے شفا دے دی پھر وہ بادشاہ کے پاس آیا اور اس کے ہاں پہلے کی طرح آیا۔ بادشاہ نے اس سے دریافت کیا: فلاں شخص تمہاری بینائی کیسے واپس آئی اس نے جواب دیا: میرے پروردگار نے واپس کی ہے۔ بادشاہ نے دریافت کیا: کیا میرے علاوہ بھی تمہارا کوئی پروردگار ہے۔ اس نے کہا: میرا اور تمہارا پروردگار ایک ہے۔ اس کے بعد بادشاہ اس شخص کو تکلیف پہنچاتا رہا' یہاں تک کہ اس نے اس لڑکے کے بارے میں رہنمائی کر دی پھر اس لڑکے کو لایا گیا' تو بادشاہ نے اس سے کہا: اے لڑکے اب تمہارا جادو اس مقام تک پہنچ گیا ہے کہ تم پیدائشی نابینا اور برص کے شکار اور فلاں فلاں شخص کو ٹھیک کر دیتے ہو۔ اس لڑکے نے کہا: میں کسی کو ٹھیک نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ شفا دیتا ہے۔ بادشاہ نے اس لڑکے کو پکڑا وہ اسے مسلسل تکلیف پہنچاتا رہا' یہاں تک کہ اس نے راہب کی طرف رہنمائی کر دی۔ اس راہب کو لایا گیا' اس سے یہ کہا گیا کہ تم اپنے دین سے پھر جاؤ اس راہب نے اس بات کو نہیں مانا' تو پھر ایک ''آرا'' لایا گیا وہ ''آرا'' اس کے سر کے درمیان میں رکھا گیا اور اسے چیر دیا گیا' یہاں تک کہ اس کا جسم دو حصوں میں تقسیم ہو گیا پھر بادشاہ کے مصاحب کو لایا گیا۔ اسے کہا گیا تم اپنے دین سے پھر جاؤ' لیکن اس نے یہ بات نہیں مانی' تو وہی آرا اس کے سر کے درمیان میں رکھا گیا اسے بھی چیر کر دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا پھر اس لڑکے کو لایا گیا اور اسے کہا گیا کہ تم اپنے دین سے پھر جاؤ اس لڑکے نے بھی اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔ بادشاہ نے اس لڑکے کو ساتھیوں کے سپرد کیا اور کہا

اسے لے کرفلاں فلاں پہاڑ کی طرف جاؤ اسے لے کر پہاڑ پر چڑھ جاؤ جب تم پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ جاؤ اگر یہ اپنے دین سے رجوع کر لے' تو ٹھیک ہے ورنہ اسے نیچے پھینک دینا۔ وہ لوگ اسے ساتھ لے کر گئے اسے ساتھ لے کر پہاڑ پر چڑھ گئے۔ اس لڑکے نے دعا کی اے اللہ' تو ان لوگوں کے حوالے سے جیسے چاہے میرے لئے کافی ہو جا' تو پہاڑ کانپنے لگا اور وہ لوگ نیچے گر گئے۔ وہ لڑکا چلتا ہوا پھر بادشاہ کے پاس آیا۔ بادشاہ نے اس سے دریافت کیا: تمہارے ساتھیوں کا کیا بنا۔ اس نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ ان کے مقابلے میں میرے لئے کافی ہے۔ بادشاہ نے اسے اپنے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ سپرد کیا اور کہا اسے ساتھ لے کر جاؤ اسے کشتی میں بٹھاؤ اور اس کو لے جا کر سمندر کے درمیان میں لے جاؤ وہاں اگر یہ اپنے دین سے رجوع کر لے' تو ٹھیک ہے ورنہ اسے دریا میں ڈال دینا وہ اسے ساتھ لے کر گئے' تو لڑکے نے کہا: اے اللہ' تو ان لوگوں کے مقابلے میں جیسے چاہے میرے لئے کفایت کر لے' تو ان لوگوں کی کشتی الٹ گئی (باقی سب لوگ ڈوب گئے) وہ لڑکا چلتا ہوا بادشاہ کے پاس آ گیا۔ بادشاہ نے اس سے دریافت کیا: تمہارے ساتھیوں کا کیا بنا۔ اس نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ ان کے مقابلے میں میرے لئے کافی ہو گیا' تو اس نے بادشاہ سے کہا تم مجھے اس وقت تک قتل نہیں کر سکتے جب تک تم وہ کام نہیں کرو گے' جس کی میں تمہیں ہدایت کروں گا۔ بادشاہ نے دریافت کیا: وہ کیا ہے اس نے کہا: تم لوگوں کو ایک میدان میں اکٹھا کرو پھر مجھے کھجور کے درخت پر صلیب پر لٹکاؤ پھر اپنے ترکش میں سے ایک تیر لو' پھر اس تیر کو کمان میں لگاؤ اور پھر یہ کہو اس لڑکے کے پروردگار اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے (میں یہ تیر چلانے لگا ہوں) پھر وہ تیر مجھے مار دینا جب تم ایسا کرو گے' تو تم مجھے قتل کر دو گے۔ بادشاہ نے لوگوں کو ایک میدان میں اکٹھا کیا اس لڑکے کو کھجور کے درخت پر لٹکایا پھر اس نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر لیا پھر اس تیر کو کمان میں رکھا اور یہ کہا اس لڑکے کے پروردگار اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے (میں تیر چلانے لگا ہوں) پھر بادشاہ نے اسے تیر مارا وہ تیر اس کی کنپٹی پر لگا۔ اس نے اپنا ہاتھ تیر کی جگہ رکھا اور انتقال کر گیا۔ لوگوں نے کہا: ہم اس لڑکے کے پروردگار پر ایمان لے آتے ہیں۔ ہم ایمان لے آتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے تین مرتبہ کہی۔ (مصاحبین) نے بادشاہ کو آ کر بتایا کہ تم نے اس بات کو نوٹ کیا ہے کہ تم جس چیز سے بچنا چاہ رہے تھے وہی صورت حال سامنے آ گئی ہے۔ وہ ایمان لے آئے ہیں' تو بادشاہ کے حکم کے تحت مختلف جگہ پر گڑھے کھودے گئے۔ ان میں آگ جلائی گئی بادشاہ نے حکم دیا جو شخص اپنے دین سے رجوع نہیں کرے گا تم لوگ اسے جلا دو ان لوگوں نے ایسا ہی کیا' یہاں تک کہ ایک عورت آئی اس کے ساتھ اس کا بچہ بھی تھا' وہ آگ میں کودنے سے ہچکچائی تو لڑکے نے کہا: امی جان آپ صبر سے کام لیجئے۔ آپ حق پر ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ تُسْتَجَابُ لَهٗ لَا مَحَالَةَ، وَاِنْ اَتٰى عَلَيْهَا الْبُرْهَةُ مِنَ الدَّهْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مظلوم کی دعا ضرور مستجاب ہوتی ہے' اگرچہ اس کا اثر ظاہر ہونے میں کچھ وقت لگ جائے

874 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ رَوَاحَةَ الْمَنْبِجِيُّ،

قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدٌ الطَّائِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُدِلَّةِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ تُحْمَلُ عَلَى الْغَمَامِ، وَتُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاوَاتِ، وَيَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: وَعِزَّتِي لَاَنْصُرَنَّكِ وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ. (1: 87)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو الْمُدِلَّةِ اِسْمُهُ: عُبَيْدُ اللّٰهِ مَدِيْنِيٌّ، ثِقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مظلوم کی بددعا بادلوں کے اوپر اٹھائی جاتی ہے اور (اس کے لیے) آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور پروردگار یہ فرماتا ہے: مجھے اپنی عزت کی قسم ہے میں تمہاری مدد ضرور کروں گا خواہ تھوڑی دیر بعد کروں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالمدلہ کا نام عبیداللہ مدینی ہے یہ ثقہ ہیں۔

875 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مَّعْرُوْفِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ رَبَاحٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اِتَّقُوْا دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ. (1: 87)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوْا دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ اَمْرٌ بِاتِّقَاءِ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ، مُرَادُهُ الزَّجْرُ عَمَّا تَوَلَّدَ ذٰلِكَ الدُّعَاءُ مِنْهُ، وَهُوَ الظُّلْمُ، فَزَجَرَ عَنِ الشَّيْءِ بِالْاَمْرِ بِمُجَانَبَةِ مَا تَوَلَّدَ مِنْهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مظلوم کی بددعا سے بچو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''مظلوم کی بددعا سے بچو'' یہاں آپ نے مظلوم کی بددعا سے بچنے کا حکم دیا ہے' لیکن اس سے مراد اس چیز سے رُکنا ہے' جس کے نتیجے میں یہ بددعا سامنے آتی ہے' اور وہ چیز ظلم ہے۔ یہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چیز سے رُکنے کے حکم کے ذریعے اس سے الگ رہنے کا حکم دیا ہے' جس کے نتیجے میں وہ چیز سامنے آئی ہے۔

874- وانظر فتح الباری 8/698، وتفسير ابن كثير .4/494'وأخرجه عبد الرزاق (9751) ومن طريقه الترمذی (3340) والطبرانی (7319) عن معمر، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ صهيب .وأخرجه أحمد 6/17، 18، والطبرانی فی الكبير (7320)، والنسائی فی الكبرى كما فی التحفة 4/198 من طرق عن حماد بن سلمة بهذا الإسناد 874.-وأخرجه أحمد 2/304-305 عن أبی كامل وأبی النضر، عن زهير بن معاوية، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/445، وابن ماجة (1752) فی الصيام: باب الصائم لا ترد دعوته، من طريق وكيع، والترمذی (3598) فی الدعوات: باب فی العفو والعافية، من طريق عبد الله بن نمير، والبغوی فی شرح السنة (139) من طريق عُبيد الله بن موسى،

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ عِنْدَ إِرَادَةِ الدُّعَاءِ رَفْعُ الْيَدَيْنِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ دعا مانگتے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کرے

876 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ الْعُصْفُرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيمٌ يَسْتَحْيِي مِنْ عَبْدِهٖ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَيْهِ اَنْ يَّرُدَّهُمَا صِفْرًا. (3: 67)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہارا پروردگار زندہ اور معزز ہے وہ اپنے بندے سے حیاء کرتا ہے کہ جب بندہ اپنے دونوں ہاتھ اس کی بارگاہ میں بلند کرے تو وہ انہیں خالی لوٹا دے''۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّرْفَعَ يَدَيْهِ عِنْدَ الدُّعَاءِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مباح ہے وہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ بلند کرلے

877 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ صَالِحٍ الْاَنْطَاكِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

875- إسناده صحيح، معروف بن سويد، وثقه المؤلف، وروى عنه جمع، وباقي رجاله ثقات . 876- حديث قوى، جعفر بن ميمون فيه خلاف، وحديثه يصلح للمتابعة، وهذا منها، وباقي رجاله ثقات . وأخرجة الترمذى (3556) فى الدعوات، وحسنه: عن محمد بن بشار وابن ماجه

876- (3865) فى الدعاء : باب رفع اليدين فى الدعاء ، عن بكر بن خلف، كلاهما عن ابن أبى عدى، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوُد (1488) فى الصلاة: باب الدعاء ومن طريقه البيهقى فى الأسماء والصفات ص 90، من طريق عيسى بن يونس . والطبرانى (6148) من طريق أبى أسامة، كلاهما عن جعفر بن ميمون، به. وأخرجه البغوى فى شرح السنة (1385) من طريق أبى حاتم محمد بن إدريس، حدثنا الأنصارى، حدثنى أبو المعلى، حدثنا أبو عثمان النهدى، قال سمعت سلمان الفارسى يقول: قال رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... وسيرد من طريق سليمان التيمى عن أبى عثمان النهدى برقم (880) .

877- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 3/209 عن سليمان بن داوُد، و3/216 عن عبد الصمد، و3/259 عن أسود بن عامر، وابنُ أبى شيبة 10/379 ومن طريقه مسلم (895) فى الاستسقاء : باب رفع اليدين فى الدعاء فى الاستسقاء . وعلقه البخارى (1030) فى الاستسقاء باب رفع الناس أيديهم مع الامام فى الاستسقاء ، و (6341) فى الدعوات: باب رفع الأيدى فى الدعاء . قال الحافظ: وصله أبو نعيم فى المستخرج. وانظر تغليق التعليق 2/393، 394، و 5/146.

الزَّوْرَاءِ، قَائِمًا يَدْعُوْ يَسْتَسْقِي، رَافِعًا كَفَّيْهِ لَا يُجَاوِزُ بِهِمَا رَاْسَهُ، مُقْبِلًا بِبَاطِنِ كَفِّهِ اِلٰى وَجْهِهِ (5: 12)

حضرت عمیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو ''اجارزیت'' کے قریب دیکھا جو ''زوراء'' کے قریب ہے۔ بارش کے نزول کی دعا مانگتے ہوئے دیکھا آپ کھڑے ہوئے تھے اور بارش کے نزول کی دعا مانگ رہے تھے۔ آپ نے اپنی دونوں ہتھیلیاں بلند کی ہوئی تھیں' لیکن آپ نے انہیں سر سے اونچا نہیں اٹھایا تھا۔ آپ نے ہتھیلی کا رخ اپنے چہرے کی طرف کیا ہوا تھا۔

ذِكْرُ اسْتِجَابَةِ الدُّعَاءِ لِلرَّافِعِ يَدَيْهِ اِلٰى بَارِئِهٖ جَلَّ وَعَلَا

اپنے پروردگار کی بارگاہ میں دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا مانگنے والے کی دعا کے مستجاب ہونے کا تذکرہ

880 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْعَبْدِ اَنْ يَّرْفَعَ اِلَيْهِ يَدَيْهِ فَيَرُدَّهُمَا خَائِبَتَيْنِ. (2:1)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے حیا کرتا ہے کہ بندہ اپنے دونوں ہاتھ اللہ کی بارگاہ میں اٹھائے اور وہ انہیں نامراد واپس کر دے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءَ مَنْ رَفَعَ اِلَيْهِ يَدَيْهِ اِذَا لَمْ يَدْعُ بِمَعْصِيَةٍ اَوْ يَسْتَعْجِلِ الْاِجَابَةَ، فَيَتْرُكُ الدُّعَاءَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص پروردگار کی بارگاہ میں دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا مانگتا ہے

اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو مستجاب کرتا ہے' جبکہ وہ معصیت کے لئے دعا نہ مانگے اور قبولیت کا اثر جلدی ظاہر ہونے کا طلب گار ہوتے ہوئے (اثر ظاہر نہ ہونے کی صورت میں) دعا کو ترک نہ کر دے

881 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

880- إسناده جيد وأخرجه الطبراني (6130) من طريق العباس بن حمدان الحنفي، عن جميل بن الحسن، به . وأخرجه أحمد 5/438 عن يزيد بن هارون، عن محمد بن الزبرقان، به وصححه الحاكم 1/497، ووافقه الذهبي، وجود إسناده الحافظ في الفتح 11/143. وتقدم برقم (876) من طريق جعفر بن ميمون عن أبي عثمان.

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ، أَوْ قَطِيعَةِ رَحِمٍ، مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ ، قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ يَسْتَعْجِلُ؟، قَالَ: (يَقُوْلُ: يَا رَبِّ قَدْ دَعَوتُ و) قَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِي، فَيَنْحَسِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَيَتْرُكُ الدُّعَاءَ. (1: 2)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بندے کی دعا مسلسل قبول ہوتی رہتی ہے' جب تک وہ کسی گناہ' یا قطع رحمی کے بارے میں دعا نہیں کرتا وہ جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرتا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! جلد بازی کا مظاہرہ کرنے سے کیا مراد ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ یہ کہے کہ میں نے دعا مانگی میری دعا قبول نہیں ہوئی' تو ایسی صورت میں وہ بددل ہو کر دعا مانگا ترک کر دے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْإِشَارَةِ لِلْمَرْءِ بِإِصْبَعِهِ عِنْدَ إِرَادَتِهِ الدُّعَاءَ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے انگلی کے ذریعے اشارہ کرنے کی صفت کا تذکرہ

882 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ

(متن حدیث): أَنَّهُ رَأَى بِشْرَ بْنَ مَرْوَانَ رَافِعًا يَدَيْهِ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: قَبَّحَ اللّٰهُ هَاتَيْنِ الْيَدَيْنِ، لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزِيْدُ عَلٰى أَنْ يَقُوْلَ بِيَدِهِ كَذَا، وَأَشَارَ بِأُصْبُعِهِ لِلسَّبْحَةِ (5: 12)

حضرت عمارہ بن رویبہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے بشر بن مروان کو منبر پر دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا مانگتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: اللہ تعالیٰ ان دونوں ہاتھوں کو قبیح کر دے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے زیادہ کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ انہوں نے اپنی شہادت کی انگلی سے اشارہ کر کے یہ بات کہی۔

881- إسناده قوي على شرط مسلم، معاوية بن صالح صدوق له أوهام، وباقي رجاله ثقات.وأخرجه مسلم (2735) (92) في الذكر . باب بيان أنه يستجاب للداعي ما لم يعجل، والبخاري في الأدب المفرد برقم (655) والبيهقي في السنن 3/353، من طريق ابن وهب بهذا الإسناد .وأخرجه البغوي في شرح السنة (1390) من طريق عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح، به. وسيعيده المؤلف من طريق ابن وهب برقم (976) .وسيورده المؤلف أيضاً من طريق مالك برقم (975) ويأتي تخريجه عنده.

882- إسناده صحيح، وهو في مصنف ابن أبي شيبة 2/147-148، ومن طريقه أخرجه مسلم (874) في الجمعة: باب تخفيف الصلاة والخطبة.وأخرجه أحمد 4/135، والنسائي 3/108 في الجمعة: باب الإشارة في الخطبة، وفي الكبرى كما في التحفة 7/486، والدارمي 1/366 في الصلاة: باب كيف يشير الأمام في الخطبة، من طرق عن سفيان، عن حصين، به . وأخرجه أحمد 4/136 من طريق زهير، و 4/261 من طريق ابن فضيل، وأبو داود (1104) في الصلاة: باب رفع اليدين على المنبر، من طريق زائدة، والدارمي 1/366 من طريق أبي زبيد، جميعهم عن حصين، به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَرَادَ الْاِشَارَةَ فِي الدُّعَاءِ يَجِبُ اَنْ يُّشِيرَ بِالسَّبَّابَةِ الْيُمْنَى بَعْدَ اَنْ يَّحْنِيَهَا قَلِيلًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب آدمی دعا کے دوران اشارہ کرنے کا ارادہ کرے

تو یہ بات لازم ہے وہ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی کے ذریعے اشارہ کرے اور اسے تھوڑا سا جھکا دے

883 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِرًا يَدَيْهِ يَدْعُوْ عَلٰى مِنْبَرٍ وَّلَا غَيْرِهٖ، وَلٰكِنْ رَاَيْتُهٗ يَقُوْلُ هٰكَذَا

وَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: بِاُصْبُعِهٖ السَّبَّابَةِ مِنْ يَّدِهِ الْيُمْنَى يُقَوِّسُهَا . (5: 12)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی منبر پر یا منبر کے علاوہ اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے نہیں دیکھا۔ میں نے آپ کو صرف اس طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ابوسعید نامی راوی نے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی کے ذریعے اشارہ کیا اور اسے تھوڑا سا خمیدہ کیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْاِشَارَةِ فِي الدُّعَاءِ بِالْاُصْبُعَيْنِ

دعا کے دوران دو انگلیوں سے اشارہ کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

884 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ:

883- حديث صحيح بشواهده، عبد الرحمٰن بن معاوية: هو ابن الحويرث الأنصاري الزرقي، سيّىء الحفظ، وباقي رجاله ثقات وابن أبي ذباب هو: عبد الله بن عبد الرحمٰن بن الحارث بن سعد، وهو في مسند أبي يعلى الورقة 353، وأخرجه أبو داوُد (1105) في الصلاة: باب رفع اليدين على المنبر، والطبراني في الكبير (6023) من طريق مسدد، عن بشر بن المفضل، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/337 من طريق ربعي بن إبراهيم، عن عبد الرحمٰن بن إسحاق، به. وصححه الحاكم 1/536، ووافقه الذهبي، وأورده الهيثمي في المجمع 10/167، واقتصر في نسبته إلى أحمد، وأعله بعبد الرحمٰن بن إسحاق ويشهد له حديث عمارة بن رُوَيبة (882) المتقدم، وحديث أبي هريرة (884) الآتي.

884- إسناده صحيح رجاله رجال الصحيح، خلا شيخ ابن حبان، فإنه ثقة، وعبد الله ابن عمر هو ابن محمد بن أبان الأموي الكوفي الملقب بمشكدانة. وأخرجه الترمذي (3557) في الدعوات، والنسائي 3/38 في السهو: باب النهي عن الإشارة بأصبعين، عن محمد بن بشار، وهو في، المستدرك 1/536. وهذا الرجل هو سعد كما صرح به أبو هريرة عند ابن أبي شيبة 10/381

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلًا یَدْعُوْ بِاُصْبُعَیْهِ جَمِیْعًا فَنَهَاهُ وَقَالَ بِاِحْدَاهُمَا، بِالْیُمْنٰی . (2: 24)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَضْمَرَ فِیْهِ اَنَّ الْاِشَارَةَ بِالْاُصْبُعَیْنِ لِیَكُوْنَ اِلَی الْاِثْنَیْنِ، وَالْقَوْمُ عَهْدُهُمْ كَانَ قَرِیْبًا بِعِبَادَةِ الْاَصْنَامِ وَالْاِشْرَاكِ بِاللّٰهِ، فَمِنْ اَجْلِهِمَا اَمَرَ بِالْاِشَارَةِ بِاُصْبُعٍ وَّاحِدٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دو انگلیوں کے ذریعے دعا مانگتے دیکھا اور ایک انگلی کے ذریعے اشارہ کرنے کے لئے کہا جو دائیں ہاتھ کی ہوتی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس میں بات کی طرف اشارہ پوشیدہ ہے' دو انگلیوں کے ذریعے دو چیزوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے' اور وہ لوگ کیونکہ بتوں کی عبادت اور اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے کے زمانے کے قریب تھے۔ اس لئے انہیں ایک انگلی کے ساتھ اشارہ کرنے کا حکم دیا گیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاسْتِخَارَةِ اِذَا اَرَادَ الْمَرْءُ اَمْرًا قَبْلَ الدُّخُوْلِ عَلَیْهِ

جب آدمی کوئی کام کرنے کا ارادہ کرے' تو اسے شروع کرنے سے پہلے استخارہ کرنے کے حکم کا تذکرہ

885 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِیْنِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عِیسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَمْرًا فَلْیَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیرُكَ بِعِلْمِكَ، وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوبِ، اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا لِلْاَمْرِ الَّذِیْ یُرِیْدُ خَیْرًا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعِیشَتِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِی، فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ وَاَعِنِّیْ عَلَیْهِ، وَاِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا لِلْاَمْرِ الَّذِیْ یُرِیْدُ شَرًّا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعِیشَتِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِی، فَاصْرِفْهُ عَنِّی، ثُمَّ اقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ اَیْنَمَا كَانَ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ . (1: 104)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

885- إسناده حسن، عيسى بن عبد الله بن مالك، وثقه المؤلف، وروى عنه جمع،وباقي رجاله ثقات، وأخرجه البزار (3185) 4/56 من طريق عبيد الله بن سعد بن إبراهيم، عن يعقوب بن إبراهيم بهذا الإسناد .وأورده السيوطي في الجامع الكبير 1/38، وزاد نسبته الى أبي يعلى، والبيهقي في الشعب، والضياء في المختارة.وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 2/281 وقال: رواه أبو يعلى، ورجاله موثقون، ورواه الطبراني في الأوسط بنحوه وما عزاه الهيثمي للبزار.

''جب کوئی شخص کوئی کام کرنے کا ارادہ کرے' تو وہ یہ دعا مانگے''۔

''اے اللہ! میں تجھ سے تیرے علم کے مطابق بھلائی طلب کرتا ہوں اور میں تیری قدرت کے مطابق تجھ سے طاقت طلب کرتا ہوں میں تیرے عظیم فضل کی دعا کرتا ہوں۔ بے شک تو قدرت رکھتا ہے میں قدرت نہیں رکھتا تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! اگر یہ معاملہ ایسے' ایسے' ہے۔ یہاں آدمی اس کام کا نام لے جو وہ کرنا چاہتا ہے' اگر یہ میرے لئے میرے دین میری زندگی اور آخرت کے اعتبار سے بہتر ہے' تو اسے میرے لئے مقدر کر دے اور اسے میرے لئے آسان کر دے اور میری مدد کر اور اگر یہ معاملہ' یہاں آدمی کام کا نام لے' میری زندگی اور میرے دین' میرے حق میں برا ہے' تو مجھے اس سے پھیر دے اور مجھے بھلائی کی قدرت عطا کر' وہ جہاں کہیں بھی ہو' تیری مدد کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوسکتا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

886 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ طِلْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ فُدَيْكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُفَضَّلِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَمْرًا فَلْيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا خَيْرًا لِىْ فِىْ دِيْنِى، وَخَيْرًا لِىْ فِىْ مَعِيشَتِى، وَخَيْرًا لِىْ فِىْ عَاقِبَةِ اَمْرِى، فَاقْدُرْهُ لِىْ وَبَارِكْ لِىْ فِيْهِ، وَاِنْ كَانَ غَيْرُ ذٰلِكَ خَيْرًا لِى، فَاقْدُرْ لِىَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كَانَ، وَرَضِّنِىْ بِقَدَرِكَ . (1: 104)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو الْمُفَضَّلِ اِسْمُهُ: شِبْلُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مُسْتَقِيمُ الْاَمْرِ فِى الْحَدِيْثِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے تو اسے یہ پڑھنا چاہیے:

''اے اللہ! میں تیرے علم کے مطابق تجھ سے علم طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے مطابق تجھ سے مدد مانگتا ہوں تیرے عظیم فضل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ بے شک' تو قدرت رکھتا ہے میں قدرت نہیں رکھتا' تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا' تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! اگر یہ معاملہ میرے دین کے حق میں میرے لئے بہتر ہے۔ زندگی کے حق میں میرے لئے بہتر ہے۔ آخرت کے حق میں میرے لئے بہتر ہے' تو اسے میرے لئے مقدر کر دے میرے لئے اس میں برکت پیدا کر دے اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور معاملہ میرے لئے بہتر ہے' تو بہتر والے

معاملے کو میرے لئے مقدر کر دے وہ جہاں کہیں بھی ہو اور مجھے اپنے فیصلے سے راضی کر دے"۔

امام ابوحاتم بیان کرتے ہیں: ابومفضل بیان کرتے ہیں: مفضل نامی راوی کا نام شبل بن علا بن حاکم ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالمفضل کا نام شبل بن العلاء بن عبدالرحمٰن ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِدُعَاءِ الْاِسْتِخَارَةِ لِمَنْ اَرَادَ اَمْرًا اِنَّمَا اُمِرَ بِذٰلِكَ بَعْدَ رُكُوعِ رَكْعَتَيْنِ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہوا سے استخارہ کی شکل میں جس دعا کا حکم دیا گیا ہے اس کا حکم دو رکعات ادا کرنے کے بعد ہے' جو فرض نماز کے علاوہ ہو

887 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ الْمَوَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، يَقُوْلُ: اِذَا هَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ، ثُمَّ لِيَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اَللّٰهُمَّ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا الْاَمْرَ يُسَمِّيهِ بِعَيْنِهِ خَيْرًا لِیْ فِیْ دِيْنِی، وَمَعَاشِی، وَعَاقِبَةِ اَمْرِی، فَقَدِّرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ وَبَارِكْ فِيْهِ وَاِنْ كَانَ شَرًّا لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَادِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَقَدِّرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ وَرَضِّنِیْ بِهٖ. (1: 104)

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں استخارہ کی تعلیم اسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح آپ ہمیں قرآن کی تعلیم دیتے تھے آپ یہ فرماتے تھے۔

"جب بھی کوئی شخص کسی کام کو کرنے کا ارادہ کرے' تو پہلے دو رکعات نفل ادا کرے پھر وہ یہ دعا مانگے"۔

"اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے بھلائی طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعے تجھ سے صلاحیت

887- إسناده صحيح، وأخرجه البخاري (1162) في التهجد: باب ما جاء في التطوع مثنى مثنى، والترمذي (480) في الصلاة: باب ما جاء في صلاة الاستخارة، والنسائي 6/80 في النكاح: باب كيف الاستخارة، وفي عمل اليوم والليلة (498)، عن قتيبة بن سعيد بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/344، والبخاري (6382) في الدعوات: باب الدعاء عند الاستخارة، و (7390) في التوحيد: باب (قل هو القادر) وفي الأدب المفرد (293) وأبو داؤد (1538) في الصلاة، وابن ماجة (1383) في الاقامة: باب ما جاء في صلاة الاستخارة، والبيهقي في السنن 3/52، وفي الأسماء والصفات عن 124، 125، من طُرُق عن عبد الرحمٰن.

معاملے کو میرے لئے مقدر کردے وہ جہاں کہیں بھی ہو اور مجھے اپنے فیصلے سے راضی کردے''۔

امام ابوحاتم بیان کرتے ہیں: ابومفضل بیان کرتے ہیں: مفضل نامی راوی کا نام شبل بن علا بن حاکم ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالمفضل کا نام شبل بن العلاء بن عبدالرحمٰن ہے اور یہ حدیث میں مستقیم الامر ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِدُعَاءِ الْاِسْتِخَارَةِ لِمَنْ اَرَادَ اَمْرًا اِنَّمَا اُمِرَ بِذٰلِكَ بَعْدَ رُكُوعِ رَكْعَتَيْنِ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہو اسے استخارہ کی شکل میں جس دعا کا حکم دیا گیا ہے اس کا حکم دو رکعات ادا کرنے کے بعد ہے' جو فرض نماز کے علاوہ ہو

887 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الْمَوَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، يَقُوْلُ: اِذَا هَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ، ثُمَّ لِيَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ، فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اَللّٰهُمَّ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا الْاَمْرَ يُسَمِّيهِ بِعَيْنِهِ خَيْرًا لِيْ فِيْ دِيْنِي، وَمَعَاشِي، وَعَاقِبَةِ اَمْرِي، فَقَدِّرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ وَبَارِكْ فِيْهِ وَاِنْ كَانَ شَرًّا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَادِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَقَدِّرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ وَرَضِّنِيْ بِهٖ . (1: 104)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں استخارہ کی تعلیم اسی طرح دیا کرتے تھے جس طرح آپ ہمیں قرآن کی تعلیم دیتے تھے آپ یہ فرماتے تھے۔

''جب بھی کوئی شخص کسی کام کو کرنے کا ارادہ کرے' تو پہلے دو رکعات نفل ادا کرے پھر وہ یہ دعا مانگے''۔

''اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے بھلائی طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعے تجھ سے صلاحیت

887- إسناده صحيح، وأخرجه البخاري (1162) في التهجد: باب ما جاء في التطوع مثنى مثنى، والترمذي (480) في الصلاة: باب ما جاء في صلاة الاستخارة، والنسائي 6/80 في النكاح: باب كيف الاستخارة، وفي عمل اليوم والليلة (498)، عن قتيبة بن سعيد بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/344، والبخاري (6382) في الدعوات: باب الدعاء عند الاستخارة، و (7390) في التوحيد: باب (قل هو القادر) وفي الأدب المفرد (293) وأبو داؤد (1538) في الصلاة، وابن ماجة (1383) في الاقامة: باب ما جاء في صلاة الاستخارة، والبيهقي في السنن 3/52، وفي الأسماء والصفات عن 124، 125، من طُرُق عن عبد الرحمٰن.

طلب کرتا ہوں تیرے عظیم فضل کا تجھ سے سوال طلب کرتا ہوں' تو قدرت رکھتا ہے میں قدرت نہیں رکھتا' تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا' تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تو یہ بات جانتا ہے' تو یہ کام' یہاں وہ اس کام کا نام لے میرے دین میری زندگی اور میرے حق میں آخرت کے حوالے سے بہتر ہے۔ تو اسے میرے لئے مقدر کر دے۔ اسے میرے لئے آسان کر دے اس میں برکت رکھ دے اور اگر یہ میرے دین میری آخرت میری زندگی اور میری عاقبت کے حوالے سے میرے حق میں برا ہے' تو پھر اسے مجھ سے پھیر دے اور میرے لئے بھلائی کو مقدر کر دے خواہ وہ جہاں کہیں بھی ہو اور مجھے اس سے راضی کر دے''۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ اِذَا رَاَى الْهِلَالَ اَوَّلَ مَا يَرَاهُ

اس بات کا تذکرہ کہ جب آدمی پہلی کا چاند پہلی مرتبہ دیکھے تو وہ کیا پڑھے؟

888 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، وَعَنْ عَمِّهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَى الْهِلَالَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ، وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا نُحِبُّ وَتَرْضَى، رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ .(5: 12)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب پہلی کا چاند دیکھتے تھے' تو یہ دعا کرتے تھے۔

''اے اللہ! تو اسے ہم پر امن و امان' سلامتی اور اسلام کے ہمراہ طلوع کر دے اور اس چیز کے ہمراہ جسے تو پسند کرتا ہو' جس سے' تو راضی ہو (اے چاند!) ہمارا اور تمہارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِكْثَارِ فِي السُّؤَالِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا فِيْ دُعَائِهِ، وَتَرْكِ الْاِقْتِصَارِ عَلَى الْقَلِيْلِ مِنْهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی دعا کے دوران اپنے پروردگار سے مانگتے ہوئے کثرت کا سوال کرے اور اس سے تھوڑی چیز مانگنے پر اکتفاء کرنے کو ترک کرے

889 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ

888- حديث صحيح لغيره، عبد الرحمٰن بن عثمان: قال الذهبي: مقل، ضعفه أبو حاتم الرازي، وأما ابن حبان، فذكره في الثقات، وأبوه عثمان بن إبراهيم روى عنه غير واحد، ووثقه المؤلف، وقَالَ اَبُوْحَاتِمٍ: شيخ يكتب حديثه، روى عنه انه أحاديث منكرة، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الدارمي 2/3، 4 في الصوم، والطبراني (1330) عن طريق سعيد بن سليمان الواسطي بهذا الإسناد، وسقط من سند الطبراني المطبوع عبد الرحمٰن بن عثمان. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/139، وقال: رواه الطبراني، وفيه عثمان بن إبراهيم الحاطبي، وفيه ضعف، وبقية رجاله ثقات .

الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا سَاَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيُكْثِرْ، فَاِنَّهُ يَسْاَلُ رَبَّهُ . (1: 2)

سیّدہ عائشہ صدیقہ بیان کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جب کوئی شخص کچھ مانگے' تو کثرت سے مانگے کیوں کہ وہ اپنے پروردگار سے سوال کررہا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دُعَاءَ الْمَرْءِ رَبَّهُ فِي الْاَحْوَالِ مِنَ الْعِبَادَةِ الَّتِيْ يَتَقَرَّبُ بِهَا اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا مختلف اوقات میں اپنے پروردگار سے دعا مانگنا اس عبادت کا حصہ ہے' جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کیا جاتا ہے

890 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَّنْصُورٍ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ يُّسَيْعٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ ، ثُمَّ قَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ: (اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ، اِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ) . (غافر: 60). (1: 2)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دعا ہی عبادت ہے'' پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی:

''تم لوگ مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا کو قبول کروں گا۔ بے شک جو لوگ میری عبادت سے تکبر اختیار کرتے ہیں۔

889- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأبو أحمد الزبيرى، اسمه: محمد بن عبد الله بن الزبير بن عمر الأسدى، وقد تابعه عليه عبد الله بن موسى -وهو من رجال الشيخين- عبد عبد بن حميد فى المنتخب من المسند ورقة 193/1، بلفظ: إذا تمنى أحدكم فليستكثر، فإنما يسأل ربه عز وجل وذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد 10/150 وقال: رواه الطبرانى فى الأوسط، ورجاله رجال الصحيح وانظر حديث أبى هريرة الآتى برقم (896).

890- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير يسيع ويقال: أسيع بن معدان الحضرمى، وهو ثقة، وأبو خيثمة . هو زهير بن حرب، وجرير هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وذر هو: ابن عبد الله المُرهبى. وأخرجه أحمد 4/267، والترمذى (3247) فى التفسير: باب ومن سورة غافر، والحاكم 1/490، 491، وصححه ووافقه الذهبى، والبغوى فى شرح السنة (1384)، من طريق سفيان عن منصور، بهذا الإسناد، وقال الترمذى: حسن صحيح. وأخرجه الطيالسى (801)، وأبو داوُد (1479) فى الصلاة: باب الدعاء، والبخارى فى الأدب المفرد (714)، من طريق شعبة، عن منصور، به، وصححه الحاكم 1/491، ووافقه الذهبى. وأخرجه ابن أبى شيبة 10/200، وأحمد 4/267 و 271 و 276، والترمذى (3372) فى الدعوات: باب ما جاء فى فضل الدعاء، وابن ماجة (3828) فى الدعاء: باب فضل الدعاء، والطبرى فى التفسير 24/78، والنسائى فى الكبرى 9/30 كما فى التحفة، وأبو نعيم فى حلية الأولياء 8/120، من طرق عن الأعمش، عن ذر، به.

وہ عنقریب رسوا ہو کر جہنم میں داخل ہوگے''۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ اِذَا دَعَا الْمَرْءُ بِهٖ رَبَّهٗ جَلَّ وَعَلَا اَجَابَهٗ

اس چیز کا تذکرہ کہ جب آدمی اس کے ہمراہ اپنے پروردگار سے دعا مانگتا ہے تو پروردگار اس کی دعا کو قبول کرتا ہے

891 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَّحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ مَّالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاَنِّيْ اُشْهِدُكَ اَنَّكَ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ، الْاَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَاَلْتَ اللّٰهَ بِالِاسْمِ الَّذِيْ اِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰى، وَاِذَا دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ . (1: 2)

❁❁ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا:

اے اللہ! ''میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بے شک میں تجھے اس بات کا گواہ بناتا ہوں کہ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو ایک ہے' صمد ہے' جس نے کسی کو جنم نہیں دیا اور نہ ہی اسے (کسی سے) جنم دیا گیا اور جس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اس اسم کے ذریعے دعا مانگ لی ہے' جب اس کے وسیلے سے مانگا جائے' تو اللہ تعالیٰ دیتا ہے اور دعا کی جائے' تو اللہ تعالیٰ دعا قبول کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دُعَاءَ الْمَرْءِ بِمَا وَصَفْنَا اِنَّمَا هُوَ دُعَاؤُهٗ بِاسْمِ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ لَا يَخِيبُ مَنْ سَاَلَ رَبَّهٗ بِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ہم نے دعا کی جو صفت بیان کی ہے آدمی جب اس کے ذریعے دعا مانگتا ہے' تو یہ اسم اعظم کے ذریعہ دعا ہوتی ہے' جو شخص اس اسم اعظم کے ہمراہ اپنے پروردگار سے

891- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال البخاري، وأخرجه أبو داؤد (1493) في الصلاة: باب الدعاء، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 5/350 عن يحيى القطان، به وأخرجه ابن أبي شيبة 10/271، وابن ماجة (3857) في الدعاء . باب اسم الله الأعظم من طريق وكيع، والبغوي (1260) من طريق الحجاج بن نصير، كلاهما عن مالك بن مغول، به .وأخرجه مطولاً أحمد 5/349 من طريق عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مَّالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، به .وأخرجه مطولاً البغوي في شرح السنة (1259) من طريق عثمان بن عمر، عن عمرو بن مرزوق، عن مالك بن مغول، به . وصححه الحاكم 1/504، وأقره الذهبي . وسيرد بعده مطولاً من طريق زيد بن الحباب، عن مالك بن مغول، به.

کچھ مانگے تو وہ رسوا نہیں ہوتا

892 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السِّكِّينِ الْبَلَدِيُّ بِوَاسِطَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ الرَّهَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ، فَاِذَا رَجُلٌ يُصَلِّي يَدْعُو، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ بِاَنِّي اُشْهِدُكَ اَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَدْ سَاَلَ اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْاَعْظَمِ، الَّذِي اِذَا سُئِلَ بِهِ اَعْطَى، وَاِذَا دُعِيَ بِهِ اَجَابَ ، وَاِذَا رَجُلٌ يَقْرَاُ فِيْ جَانِبِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ اُعْطِيَ مِزْمَاراً مِنْ مَّزَامِيرِ اٰلِ دَاوُدَ وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بن قَيْسٍ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُخْبِرُهُ؟ فَقَالَ: اَخْبِرْهُ ، فَاَخْبَرْتُ اَبَا مُوْسَى فَقَالَ: لَنْ تَزَالَ لِيْ صَدِيقاً . (2:1)

قَالَ زَيْدُ بن الحباب: فَحَدَّثت بِهِ زُهَيرَ بن مُعَاوِيَةَ فَقَالَ: سَمِعتُ اَبَا اِسْحَاق السَّبِيْعِي يُحَدِّث بِهٰذَا الحَدِيْث عَنْ مَّالِك بن مِغْوَل.

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مسجد میں داخل ہوئے وہاں ایک شخص نماز ادا کررہا تھا اور دعا مانگ رہا تھا وہ یہ کہہ رہا تھا۔

''اے اللہ! میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں اور میں تجھے گواہ بنا کے یہ کہتا ہوں کہ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے تو ایک ہے اور صمد ہے جس نے کسی کو نہیں جنم دیا اور نہ ہی اسے جنم دیا گیا نہ ہی کوئی اس کا ہم سر ہے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔اس نے اللہ تعالیٰ کے اس اسم کے ذریعے مانگا ہے کہ جب اس کے وسیلے سے مانگا جائے تو وہ عطا کرتا ہے جب اس کے وسیلے سے دعا مانگی جائے تو وہ دعا کو قبول کرتا ہے۔

پھر ایک شخص مسجد کے پہلو میں قرأت کررہا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص کو حضرت داؤد علیہ السلام کی سی خوش الحانی عطا کی گئی ہے۔یہ عبداللہ بن قیس (یعنی ابوموسیٰ اشعری) ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہ! کیا میں اسے بتادوں۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے بتادو میں نے حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو یہ بات بتائی تو انہوں نے فرمایا تم ہمیشہ میرے دوست رہو گے۔

892- إسناده صحيح، وهو مطول ما قبله، وأخرجه الترمذي مختصراً (3475) في الدعوات: باب جامع الدعوات عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ جعفر بن محمد

زید بن حباب نامی راوی کہتے ہیں۔ میں نے یہ روایت زہیر بن معاویہ کو سنائی' تو انہوں نے کہا: میں نے ابواسحاق سبیعی کو یہ حدیث مالک بن مغول کے حوالے سے روایت کرتے ہوئے سنا ہے:

ذِكْرُ اسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيمِ الَّذِیْ اِذَا سَاَلَ الْمَرْءُ رَبَّهٗ اَعْطَاهُ مَا سَاَلَ

اللہ تعالیٰ کے اس عظیم اسم کا تذکرہ کہ جب آدمی (اس کے وسیلے سے) اپنے پروردگار سے مانگتا ہے' تو پروردگار اسے وہ چیز عطا کر دیتا ہے' جو اس نے مانگی ہو

893 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ ابْنُ اَخِی اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِی الْحَلْقَةِ، وَرَجُلٌ قَائِمٌ يُصَلِّی، فَلَمَّا رَكَعَ سَجَدَ وَتَشَهَّدَ، دَعَا، فَقَالَ فِیْ دُعَائِهٖ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ، بَدِيْعُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، يَا حَیُّ يَا قَيَّامُ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَدْرُوْنَ بِمَا دَعَا؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، فَقَالَ: وَالَّذِیْ نَفْسِی بِيَدِهٖ، لَقَدْ دَعَا بِاسْمِهِ الْعَظِيمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِیَ بِهٖ اَجَابَ، وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰى. (1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: حَفْصٌ هٰذَا: هُوَ حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ اَخُو اِسْحَاقَ بْنِ اَخِی اَنَسٍ لِاُمِّهٖ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک حلقے میں بیٹھا ہوا تھا۔ ایک شخص نماز ادا کر رہا تھا جب وہ رکوع میں گیا۔ اس نے سجدہ کیا اور تشہد پڑھ لیا' تو پھر اس نے دعا مانگتے ہوئے یہ کہا۔

''اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بے شک حمد تیرے لئے مخصوص ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' تو حنان اور منان ہے۔ (بڑا مہربان اور احسان کرنے والا ہے) آسمان اور زمین کو پیدا کرنے والا ہے جلال اور اکرام والے' زندہ اور ہر چیز کے قائم رکھنے والے اے اللہ! میں تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ یہ شخص کسی کے وسیلے سے دعا مانگ رہا ہے۔ لوگوں نے کہا:

893- خلف بن خليفة: هو ابن صاعد الأشجعي الكوفي: صدوق إلا أنه اختلط بأخرة، لكنه قد توبع عليه، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه النسائي 3/52 في السهو: باب الدعاء بعد الذكر، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/158 و245، وأبو داود (1495) في الصلاة: باب الدعاء، والبخاري في الأدب المفرد (705)، والبغوي في شرح السنة (1258) من طرق عن خلف ابن خليفة، به، وصححه الحاكم 1/503-504 ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/272، وأحمد 3/120، وابن ماجة (3858) في الدعاء: باب اسم الله الأعظم.

اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اس نے اس عظیم اسم کے واسطے سے دعا مانگی ہے کہ جب اس کے واسطے سے دعا مانگی جائے' تو اللہ تعالیٰ دعا کو قبول کرتا ہے اور جب اس کے واسطے سے کوئی چیز مانگی جائے' تو اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حفص نامی راوی حفص بن عبداللہ بن ابوطلحہ ہے' جو اسحاق کا بھائی ہے' اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے والدہ کی طرف سے شریک بھائی کا بیٹا ہے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ تَفْوِيضِ الْمَرْءِ لِلْأُمُوْرِ كُلِّهَا اِلٰى بَارِئِهٖ مَعَ سُؤَالِهٖ اِيَّاهُ الدِّقَّ وَالْجِلَّ مِنْ اَسْبَابِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ یہ بات مستحب ہے' آدمی اپنے تمام اُمور کو اپنے پروردگار کو تفویض کر دے اور اس کے ہمراہ اپنے اسباب میں سے ہر چھوٹی بڑی چیز اسی سے مانگے

894 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

لِيَسْاَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا، حَتّٰى شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ . (1: 2)

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر شخص کو اپنی تمام حاجات اپنے پروردگار سے مانگنی چاہئے' یہاں تک کہ جب اس کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے' تو وہ بھی اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہئے''۔

895 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِخَبَرٍ غَرِيْبٍ، قَالَ: (حَدَّثَنَا) قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ الصَّيْرَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لِيَسْاَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا، حَتّٰى شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ . (1: 2)

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں سے ہر ایک کو اپنی حاجات اپنے پروردگار سے مانگنی چاہئے' یہاں تک کہ جب اس کے جوتے کا (تسمہ) ٹوٹ جائے' تو وہ بھی اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہئے''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے

896 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خَالِيْ مَالِكٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ

هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا دَعَا اَحَدُكُمْ فَلْيُعْظِمِ الرَّغْبَةَ، فَاِنَّهُ لَا يَتَعَاظَمُ عَلَى اللّٰهِ شَيْءٌ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص دعا مانگتا ہے اس میں رغبت کو زیادہ کرے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی چیز بھی بڑی (یعنی مشکل) نہیں ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ دُعَاءَ الْمَرْءِ بِاَوْثَقِ عَمَلِهٖ قَدْ يُرْجَى لَهٗ اِجَابَةُ ذٰلِكَ الدُّعَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کا اپنے سب سے زیادہ قابل وثوق عمل کے وسیلے سے دعا مانگنے میں اس بات کی امید کی جاسکتی ہے کہ وہ دعا مستجاب ہوگئی

897 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے:

''حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے دو صاحبزادوں حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کو یہی (کلمات پڑھ کر) دم کیا کرتے تھے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ زَيْدُ بْنُ اَبِىْ اُنَيْسَةَ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو منہال بن عمرو سے نقل کرنے میں زید بن ابوانیسہ نامی راوی منفرد ہے

1013 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ حَسَنًا وَّحُسَيْنًا: اُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ ، وَكَانَ يَقُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ اَبُوْكُمَا يُعَوِّذُ بِهِمَا اِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحَاقَ . (5: 12)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت

1013- إسناده صحيح، على شرط البخاری، وأخرجه فی صحيحه (3371) فی الأنبياء ، وأبو داؤد (4737) فی السنة: باب فی القرآن، عن عثمان بن أبی شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائی فی عمل اليوم والليلة (1007) عن محمد بن قدامة، عن جرير، به . وأخرجه ابن أبی شيبة 7/48 فی الطب و 10/315 فی الدعاء عن يعلی بن عبيد، وأحمد 1/236 عن يزيد بن هارون، و 1/270 عن عبد الرزاق، والترمذی (2060) فی الطب، عن محمود بن غيلان، عن عبد الرزاق ويعلی، وعن الحسن بن علی الخلال، عن يزيد بن هارون وعبد الرزاق، والنسائی فی عمل اليوم والليلة (1006) ، عن محمد بن بشار، عن يزيد وأبی عامر، وابن ماجة (3525) فی الطب: باب ما عَوَّذ به النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وما عُوِّذ به، عن محمد بن سليمان البغدادی، عن وكيع، وعن أبی بكر بن خلاد الباهلی، عن أبی عامر، كلهم عن سفيان، عن منصور، به. وأخرجه ابن أبی شيبة 7/49 و 10/395 عن عبيدة بن حميد، عن منصور، به.

امام حسین رضی اللہ عنہ کو یہ پڑھ کر دم کیا کرتے تھے۔

''میں ہر شیطان' تکلیف دہ چیز اور لگنے والی نظر (کے شر سے بچانے کیلئے) تم دونوں کو اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ میں دے رہا ہوں''۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے:

''تمہارے جدامجد (حضرت ابراہیم علیہ السلام) بھی ان کلمات کے ذریعے حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کو دم کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ سُؤَالَ رَبِّهٖ دُخُوْلَ الْجَنَّةِ وَتَعَوُّذَهٗ بِهٖ مِنَ النَّارِ فِيْ اَيَّامِهٖ وَلَيَالِيهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ دن رات اپنے پروردگار سے جنت میں داخلے کا سوال کرے اور جہنم سے اس کی پناہ مانگے

1014 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِىْ اِسْحَاقَ ،، قَالَ بُرَيْدُ بْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ: عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا سَاَلَ رَجُلٌ مُسْلِمٌ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اِلَّا قَالَتِ الْجَنَّةُ: اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَلَا اسْتَجَارَ مُسْلِمٌ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اِلَّا، قَالَتِ النَّارُ: اَللّٰهُمَّ اَجِرْهُ . (2:1)

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو مسلمان شخص اللہ تعالیٰ سے تین مرتبہ جنت کا سوال کرتا ہے' تو جنت یہ کہتی ہے: اے اللہ! اسے جنت میں داخل کر دے' اور جو مسلمان شخص تین مرتبہ جہنم سے پناہ مانگتا ہے' تو جہنم یہ کہتی ہے: اے اللہ! تو اسے پناہ عطا کر دے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الصَّلَاةِ الَّتِىْ لَا تَنْفَعُ وَمِنَ النَّفْسِ الَّتِىْ لَا تَشْبَعُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ ہر ایسی دعا سے اللہ کی پناہ مانگے جو فائدہ نہ دے اور ایسے نفس سے اللہ کی پناہ مانگے جو سیر نہ ہو

1015 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِىْ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انَّهُ، قَالَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ صَلَاةٍ لَا تَنْفَعُ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ. (5: 12)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھا کرتے تھے)

''اے اللہ! میں ایسے نفس سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو سیر نہ ہو اور ایسی نماز سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو فائدہ نہ دے اور میں ایسی دعا سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو سنی نہ جائے اور میں ایسے دل سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو خشوع والا نہ ہو''۔

ذِكْرُ مَا يَتَعَوَّذُ الْمَرْءُ بِهٖ مِنْ سُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو فیصلے کی خرابی (یعنی تقدیر کے فیصلے کے نتیجے میں سامنے آنے والی خرابی) اور دشمن کی شماتت سے پناہ مانگنی چاہئے

1016 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، وَاَبُوْ

1015- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح ما خلا بريد بن أبي مريم، وهو ثقة، وأخرجه أحمد 3/141 و 155 و 262، والبغوى فى شرح السنة (1365) من طرق عن يوب بن أبى إسحاق، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبى شيبة 10/421 عن محمد بن فضيل، عن يونس بن عمرو، عن بُريد، به. وسيورده المؤلف برقم (1034) من طريق أبى اسحاق، عن بريد، ويرد تخريجه من طريقه هناك.

1016- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو داوٗد (1549) فى الصلاة: باب فى الاستعاذة، عن محمد بن المتوكل، عن المعتمر بن سليمان، بهذا الإسناد، ولفظه اللّٰهم إنى أعوذ بك من صلاة لا تنفع . وأخرجه ابن أبى شيبة 10/187، 188، وأحمد 3/255 عن حسن بن موسى، وأحمد 3/192 عن بهز وأبى كامل، والطيالسى 1/258، كلهم عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، به، ولفظه: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَعَمَلٍ لَا يُرْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، ودعاء لا يسمع. وأخرجه أحمد 3/283 عن عفان، والنسائى 8/263، 264 فى الإستعاذة: باب الاستعاذة من الشقاق والنفاق وسوء الأخلاق، عن قتيبة، كلاهما عن خلف بن خليفة، عن حفص بن عمر، عن أنس، به، ولفظه: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لا ينفع، وقلب لا يخشع، ودعاء لا يسمع، ونفس لا تشبع، اَللّٰهم إنى أعوذ بك من هؤلاء الأربع . وفى الباب عن أبى هريرة، وعبد الله بن عمرو ابن العاص، وزيد بن أرقم وعبد الله بن مسعود، انظر مصنف ابن أبى شيبة 10/186-195، والنسائى كتاب الاستعاذة. (2) إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه مسلم (2707) فى الذكر والدعاء : باب فى التعوذ من سوء القضاء ، عن عمرو الناقد، وأبى خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدى (972) ، وأحمد 2/246، والبخارى (6616) فى القدر: باب من تعوذ بالله من درك الشقاء ، عن مسدد، و (6347) فى الدعوات: باب التعوذ من جهد البلاء ، وفى الأدب المفرد (669) ، عن على بن عبد الله، و (730) عن محمد بن سلام، والنسائى 8/269 فى الاستعاذة من سوء القضاء ، عن إسحاق بن إبراهيم، و 270 فى الاستعاذة من درك الشقاء ، عن قتيبة، وابن أبى عاصم فى السنة (382) عن الشافعى، والبغوى فى شرح السنة (1360) من طريق البخارى.

خَيْثَمَةَ ،، قَالَا : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ : حَدَّثَنِيْ سُمَيٌّ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرْكِ الشَّقَاءِ، وَسُوْءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ (5: 12)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آزمائش کی مشقت، بدبختی لاحق ہونے، برے فیصلے اور دشمنوں کی شماتت سے پناہ مانگتے تھے"۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ حُدُوْثِ الْعَاهَاتِ بِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ اپنے آپ کو (جسمانی) خرابیاں لاحق ہونے سے اللہ کی پناہ مانگے

1017 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ : حَدَّثَنَا، مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُوْنِ، وَالْجُذَامِ، وَسَيِّءِ الْاَسْقَامِ . (5: 12)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ پڑھا کرتے تھے۔

''اے اللہ! میں پھلبہری، پاگل پن، کوڑھ اور بری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ شَرِّ حَيَاتِهِ وَمَمَاتِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ اپنی زندگی یا موت کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے

1018 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ : حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْ شَرِّ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ

1017- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبوداؤد (1554) في الصلاة: باب في وأخرجه ابن أبي شيبة: 10/188 عن الحسن بن موسى، وأحمد 3/192 عن بهز بن أسد وحسن بن موسى، والطيالسي (2007)، كلهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 8/270 في الإستعاذة عن محمد بن المثنى، عن الطيالسي، عن همام، عن قتادة، به. (كذا عند النسائي: عن الطيالسي، همام، والطيالسي رواه في مسنده عن حماد).

الدَّجَّالِ(12:5)

۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں۔
آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندگی اور موت کے شر، قبر کے عذاب اور دجال کے شر سے پناہ مانگا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ شَرِّ الْمَحْيَا الَّذِيْ يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ التَّعَوُّذُ مِنْهُ الْفِتْنَةُ، وَكَذٰلِكَ الْمَمَاتُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ زندگی کا وہ شر، جس سے پناہ مانگنا آدمی پر لازم ہے اس سے مراد فتنہ ہے یہی حکم موت کا ہے

1019 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: (متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ .(5: 12)

۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ پڑھا کرتے تھے۔
''اے اللہ! میں قبر کے عذاب، جہنم کے عذاب، زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ التَّعَوُّذِ الَّذِيْ يُعَاذُ الْاِنْسَانُ مِنْهُ مِنْ نَهْشِ الْهَوَامِّ

اس دم کا تذکرہ جس کے نتیجے میں آدمی زہریلی چیزوں کے کاٹنے سے محفوظ رہتا ہے

1020 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ:

1018– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح. محمد بن زياد هو القرشي الجمحي مولاهم، أبو الحارث المدني، روى له الجماعة، وأبو رافع: هو نفيع الصائغ المدني نزيل البصرة ثقة مشهور بكنيته. وأخرجه البخاري في الأدب المفرد (657) عن موسى بن إسماعيل، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/469 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، و 482 عن وكيع، كلاهما عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وانظر (1002) المتقدم.

1020– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه الطيالسي 1/258، وأحمد 2/522 عن عبد الملك بن عمرو، كلاهما عن هشام الدستوائي، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري (1377) في الجنائز: باب التعوذ من عذاب القبر، عن مسلم بن إبراهيم، ومسلم (588) (131) من طريق ابن أبي عدي، كلاهما عن هشام الدستوائي، به. وأخرجه عبد الرزاق (6755)، ومسلم (588) في المساجد: باب ما يستعاذ منه في الصلاة، والنسائي 8/275 و 278 في الاستعاذة من عذاب النار، وأبو عوانة 2/235 و 236، من طرق عن يحيى بن أبي كثير، به وصححه ابن خزيمة برقم (721) . وأخرجه النسائي 8/275 في الاستعاذة من عذاب جهنم، وشر المسيح الدجال، من طريق يحيى بن أبي كثير، عن أبي أسامة، عن أبي هريرة . وأخرجه ابن أبي شيبة 10/190، والبخاري في الأدب المفرد (648)، والترمذي (3604) في الدعوات: باب في الاستعاذة. وأورده المؤلف من طرق أخرى برقم (1002) و (1018) .

اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ يَزِيْدَ بْنَ اَبِيْ حَبِيْبٍ، وَالْحَارِثَ بْنَ يَعْقُوْبَ حَدَّثَاهُ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا لَقِيْتُ مِنْ عَقْرَبٍ لَدَغَتْنِي الْبَارِحَةَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ قُلْتَ حِيْنَ اَمْسَيْتَ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّكَ. (1:104)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! گزشتہ رات مجھے بچھو نے ڈنگ مار دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم شام کے وقت یہ کلمات پڑھ لیتے:

''(اللہ تعالیٰ نے) جو بھی چیز پیدا کی ہے اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں''۔

تو وہ (بچھو) تمہیں نقصان نہ پہنچاتا۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ يَحْتَرِزُ الْمَرْءُ لِقَوْلِهٖ عِنْدَ الْمَسَاءِ مِنْ لَسْعِ الْحَيَّاتِ

اس چیز کا تذکرہ جسے شام کے وقت پڑھنے سے آدمی سانپ کے کاٹنے سے محفوظ رہتا ہے

1021 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

1021- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه (2709) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من سوء القضاء، والنسائي في عمل اليوم والليلة (587) عن وهب بن بيان، كلهم عن عبد الله بن وهب، به. وأخرجه النسائي أيضاً (586) عن أحمد بن عمرو بن السرح، عن عبد الله بن وهب، عن الليث، عن ابن أبي حبيب، عن يعقوب، عن أبي صالح، به. وأخرجه مسلم (2709)، والنسائي (585) عن عيسى بن حماد. (2) إسناده حسن، سهيل بن أبي صالح، قال الحافظ في التقريب: صدوق تغير حفظه بأخره، أخرج حديثه مسلم والأربعة، وروى له البخاري مقرونًا وتعليقًا، وأخرجه البغوي في شرح السنة (93) من طريق أبي مصعب أحمد بن أبي بكر بهذا الإسناد، وما بين الحاصرتين منه، وهو في الموطأ 2/952 في الجامع: باب ما يؤمر به من التعوّذ، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/375، والنسائي في عمل اليوم والليلة (589). وأخرجه أحمد 2/290، والترمذي (3605) في الدعوات، عن يحيى بن موسى، والنسائي في عمل اليوم والليلة (590) عن محمد بن عبد الله بن المبارك، كلهم عن يزيد بن هارون، عن هشام بن حسان، عن سهيل بن أبي صالح، به. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (588) عن محمد بن سليمان لوين، عن حماد بن زيد، وأبو داوُد (3898) في الطب: باب كيف الرقى، عن أحمد بن يونس، عن زهير، كلاهما عن سهل بن أبي صالح، به. وأخرجه النسائي (592) عن إبراهيم بن يوسف الكوفي، وابن ماجة (3518) في الطب: باب رقية الحية والعقرب، عن إسماعيل بن بهرام، كلاهما عن عبيد الله الأشجعي، عن سفيان، عن سهيل بن أبي صالح، به. قال البوصيري في مصباح الزجاجة: إسناده صحيح، ورجاله ثقات. وسيورده المؤلف برقم (1022) من طريق جرير بن حازم، عن سهيل، به، وبرقم (1036) من طريق عبيد الله بن عمر، عن سهيل، به. وفي الباب عن خولة بنت الحكيم الأنصارية عند ابن أبي شيبة 10/287، ومسلم (2708) في الذكر والدعاء.

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَسْلَمَ، قَالَ: مَا نِمْتُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (مِنْ اَيِّ شَيْءٍ؟، قَالَ: لَدَغَتْنِي عَقْرَبٌ ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) : اَمَا اِنَّكَ لَوْ قُلْتَ حِيْنَ اَمْسَيْتَ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ . (2:1)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے عرض کی: گزشتہ رات میں سو نہیں سکا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کس وجہ سے؟ اس نے عرض کی: مجھے بچھو نے کاٹ لیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم نے شام کے وقت یہ کلمات پڑھ لیے ہوتے۔

''(اللہ تعالیٰ نے) جو چیز پیدا کی ہے میں اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں''۔

تو انشاء اللہ اس (بچھو) نے تمہیں نقصان نہیں پہنچانا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِنَّمَا يَحْتَرِزُ بِقَوْلِهِ مَا قُلْنَا مِنْ لَسْعِ الْحَيَّاتِ عِنْدَ الْمَسَاءِ اِذَا، قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَا مَرَّةً وَاحِدَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ہم نے جو کلمات ذکر کیے ہیں' اسے شام کے وقت پڑھنے سے

آدمی سانپ کے کاٹنے سے اس وقت محفوظ رہتا ہے' جب وہ اس کلمے کو تین مرتبہ پڑھے' یہ نہیں کہ صرف ایک مرتبہ پڑھے

1022 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَالَ حِيْنَ يُمْسِي: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، لَمْ تَضُرَّهُ حَيَّةٌ اِلَى الصَّبَاحِ ، قَالَ: وَكَانَ اِذَا لُدِغَ اِنْسَانٌ مِنْ اَهْلِهِ، قَالَ: اَمَا، قَالَ الْكَلِمَاتِ؟. (2:1)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

جو شخص شام کے وقت یہ کلمات پڑھے:

''(اللہ تعالیٰ نے) جو بھی چیز پیدا کی ہے' میں اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں''۔

وہ تین مرتبہ انہیں پڑھے تو صبح تک کوئی سانپ (یا زہریلی چیز) اسے کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) ان کے گھر والوں میں سے جب کسی کو (کوئی زہریلی چیز) کاٹ لیتی تو وہ یہ کہتے: کیا اس نے وہ کلمات نہیں پڑھے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ النِّفَاقِ فِيْ دِيْنِهِ، وَالرِّيَاءِ فِيْ طَاعَتِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے وہ اپنے دین میں نفاق اور اپنی اطاعت میں ریاء کاری سے اللہ کی پناہ مانگے

1023 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ، وَالْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ، وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ، وَالشِّرْكِ وَالنِّفَاقِ، وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ، وَالْجُنُونِ، وَالْبَرَصِ وَالْجُذَامِ، وَسَيِّءِ الْاَسْقَامِ.

(5: 12)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے۔

''اے اللہ! میں عاجز ہو جانے' کاہلی' کنجوسی' بڑھاپے' دل کی سختی' غفلت' ذلت اور ناداری سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور میں غربت' کفر' شرک' منافقت' ریاکاری سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور میں بہرے پن' گونگے پن' پاگل پن' پھلبہری' کوڑھ اور بری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ التَّعَوُّذُ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ فَسَادِ الدِّينِ وَالدُّنْيَا عَلَيْهِ بِسُوْءِ عُمْرِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے وہ اپنی عمر کی خرابی کی وجہ سے اپنے دین اور دنیا میں فساد سے اللہ کی پناہ مانگے

1024 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ.

1024- إسناد صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله، وفاعل قال هو أبو هريرة كما سيرد مصرحاً به في الحديث (1036). (2) إسناده صحيح، وأحمد بن منصور: هو الرمادي، ثقة، أخرج له ابن ماجة، وعبد الصمد بن النعمان: صدوق صالح الحديث. مترجم في الجرح والتعديل 6/51-52، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين، وشيبان: هو ابن عبد الرحمٰن النحوي نسبة إلى نحوة بطن من الأزد لا إلى علم النحو. وأخرجه الطبراني في الصغير 1/114، والحاكم 1/530 من طريقين عن آدم ابن أبي إياس، عن شيبان، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/143 وقال. رواه الطبراني في الصغير، ورجاله رجال الصحيح.

(متن حدیث): حَجَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ حَجَّتَيْنِ ، اِحْدَاهُمَا: الَّتِي اُصِيْبَ فِيْهَا، وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ بِجَمْعٍ: اَلَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْ خَمْسٍ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ (اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَاَعُوْذُ بِكَ) مِنْ سُوْءِ الْعُمُرِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الصَّدْرِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ .

(12:5)

عمرو بن میمون بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ دومرتبہ حج کیا ہے۔ان میں ایک مرتبہ وہ حج تھا (جس کے کچھ عرصہ بعد) وہ شہید ہو گئے (اس حج کے موقع پر) میں نے انہیں مزدلفہ میں یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔

خبردار! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانچ چیزوں سے پناہ مانگا کرتے تھے۔

''اے اللہ! میں کنجوسی اور بزدلی سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور خرابی عمر سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور سینے کی آزمائش سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الدَّيْنِ الَّذِيْ لَا وَفَاءَ لَهُ عِنْدَهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ ایسے قرض سے اللہ کی پناہ مانگے' جس کی ادائیگی کی اس کے پاس گنجائش نہ ہو

1025 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ ، اَنَّهُ سَمِعَ دَرَّاجًا اَبَا السَّمْحِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا الْهَيْثَمِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْكُفْرِ وَالدَّيْنِ ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ، يُعْدَلُ الدَّيْنُ بِالْكُفْرِ؟، قَالَ: نَعَمْ . (12 :5)

1025– إسناده صحيح، وقد توبع يونس عليه . وأخرجه أبو بكر ابن أبي شيبة 10/189 عن شبابة، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 8/267 في الاستعاذة: باب الإستعاذة من فتنة الدنيا من طريق النضر، و 8/272 باب الاستعاذة من سوء العمر، من طريق أحمد بن خالد، كلاهما عن يونس، بهذا الإسناد . وأخرجه ابنُ أبي شيبة 10/189، وأحمد 1/54، وأبو داؤد (1539) في الصلاة: باب في الاستعاذة، وابن ماجة (3844) في الدعاء : باب ما تعوذ مِنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، من طريق وكيع، وأحمد 1/22 عن أبي سعيد وحسين بن موسى، والبخاري في الأدب المفرد (670) ، والنسائي 8/255 في الاستعاذة من فتنة الصدر، و 8/266 في الاستعاذة من فتنة الدنيا والحاكم 1/530، من طريق عبيد الله بن موسى، والنسائي في عمل اليوم والليلة (134) من طريق يحيى بن آدم، ثلاثتهم عن إسرائيل، عن أبي إسحاق بهذا الإسناد . وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وفي الباب عن سعد بن أبي وقاص تقدم برقم (1004) و (1011) ، وعن أبي هريرة برقم (1002) .

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میں کفر اور قرض سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں''۔

ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا قرض، کفر کے برابر ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جی ہاں''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّيْءَ قَدْ يَشْتَبِهُ بِالشَّيْءِ اِذَا اَشْبَهَهُ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ، وَاِنْ كَانَ مُبَايِنًا لَهُ فِي الْحَقِيْقَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بعض اوقات ایک چیز دوسری چیز کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے

اور وہ بعض حوالوں سے اس کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اگرچہ حقیقت کے اعتبار سے وہ اس سے مختلف ہوتی ہے

1026 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ التُّجِيْبِيُّ، عَنْ دَرَّاجٍ اَبِي السَّمْحِ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَيَعْتَدِلَانِ؟، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ .(5: 12)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ یہ کہا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں کفر اور فقر سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ دونوں برابر ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جی ہاں''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا الدَّيْنَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جو قرض کے بارے میں ہماری ذکر کردہ تاویل کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے

1027 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

1026- هو سالم بن غيلان التُّجيبي المصري، قال أحمد وأبو داوُد والنسائي: لا بأس به، وذكره المؤلف في الثقات 6/409، وفي الميزان 2/113 عن الدارقطني: أنه متروك . وقد تحرف في الأصل إلى علان .(2) إسناده ضعيف، دراج أبو السمح في روايته عن أبي الهيثم ضعيف. وأخرجه أحمد 3/28، والنسائي 8/264 و 265 في الإستعاذة: باب الاستعاذة من الدين من طريقين عن عبد الله بن يزيد المقرىء ، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/532 ووافقه الذهبي !!(3) إسناده ضعيف كما تقدم في الحديث قبله، وأخرجه النسائي 8/267 عن أحمد بن عمرو بن السرح بهذا الإسناد.

السَّـرْحِ، قَـالَ: حَـدَّثَـنَـا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ حُیَیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْحُبُلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّـهٗ كَـانَ يَـدْعُـوْ: اَللّٰهُـمَّ اغْـفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَظُلْمَنَا، وَهَزْلَنَا وَجِدَّنَا وَعَمْدَنَا، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدَنَا، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الْعِبَادِ، وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ . (5: 12)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے:

''اے اللہ! ہمارے ذنوب' زیادتی 'مذاق' سنجیدگی' جان بوجھ کر کیے گئے (غرضیکہ) ہماری طرف سے ہونے والی (ہر قسم کی کوتاہی) کی مغفرت کردے۔اے اللہ! میں قرض کے غلبہ' بندوں کے غلبہ اور دشمنوں کی شماتت سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْفَقْرِ عَنْهُ اِلَى الْعِبَادِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اس چیز سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے کہ آدمی اللہ تعالیٰ کی بجائے لوگوں کا محتاج ہو جائے

1028 - (سند حدیث): اَخْبَـرَنَـا اَحْـمَـدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِیْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ . (5: 12)

1028- إسناده حسن، حيى بن عبد الله بن شريح المعافرى المصرى، قال الحافظ فى التقريب : صدوق يهم، وباقى رجاله ثقات والحبلى: هو عبد الله بن يزيد المعافرى أبو عبد الرحمٰن ثقة من رجال مسلم .وأخرج القسم الأخير منه النسائى 8/265 و 268 عن أحمد بن عمرو بن السرح به، وصححه الحاكم 1/531، ووافقه الذهبى، وذكر القسم الأول منه الهيثمى فى المجمع 10/172، وقال: رواه أحمد والطبرانى، وإسنادهما حسن.(2) إسناده قوى، وأخرجه ابن أبى شيبة 10/190، وأحمد 5/36 و 39، وكيع، وأحمد 5/44 عن روح، والنسائى 3/73، 74 فى السهو: باب التعوذ فى دبر كل صلاة، من طريق يحيى بن سعد، و 8/262 فى الاستعاذة: باب الاستعاذة من الفقر، من طريق ابن أبى عدى، والترمذى (3503) فى الدعوات، من طريق أبى عاصم النبيل، كلهم عن عثمان الشحام، بهذا الإسناد . وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح، ولفظ الترمذى: اَللّٰهم إنى أعوذ بك من الهم والكسل وعذاب القبر .وأخرجه أحمد 5/42، والبخارى فى الأدب المفرد (701) من طريق أبى عامر عبد الملك بن عمرو العقدى، عن عبد الجليل، عن جعفر بن ميمون، عن عبد الرحمٰن بن أبى بكرة، عن أبيه، به، وهذا سند حسن، وصححه الحاكم 1/533، ووافقه الذهبى.

۞۞ مسلم بن ابوبکرہ اپنے والد (حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں کفر' فقر اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْجُوْعِ وَالْخِيَانَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ بھوک اور خیانت سے اللہ کی پناہ مانگے

1029 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُوْعِ، فَاِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيْعُ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ، فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ (5: 12)

۞۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا میں یہ (کلمات بھی شامل) تھے۔

''اے اللہ! میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں' کیونکہ وہ بری ساتھی ہے' اور میں خیانت سے تیری پناہ مانگتا ہوں' کیونکہ وہ بری ہم راز ہے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ اَنْ يَّظْلِمَ اَحَدًا اَوْ يَظْلِمَهُ اَحَدٌ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ اس چیز سے اللہ کی پناہ مانگے کہ وہ کسی پر ظلم کرے یا کوئی اس پر ظلم کرے

1030 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْفَاقَةِ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ

۞۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہا (یعنی یہ دعا کیا) کرتے تھے:

1029- إسناده حسن، ابن عجلان: هو محمد بن عجلان المدني فيه كلام لا ينزل حديثه عن رتبة الحسن، وباقي رجاله ثقات، وأخرجه أبو داؤد (1547) في الصلاة: باب في الاستعاذة، والنسائي 8/263 في الاستعاذة باب الاستعاذة من الجوع، ومن الخيانة، عن محمد بن العلاء، ومحمد بن المثنى، كلاهما عن عبد الله بن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة (3354) في الأطعمة: باب التعوذ من الجوع، من طريق أخرى فيها ليث بن أبي سليم وهو ضعيف، وهو في شرح السنة (1370) من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن ليث، عن رجل عن أبي هريرة.

''اے اللہ! میں فقر و فاقہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں' اور میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ التَّعَوُّذُ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْمُنَاقَشَةِ عَلٰى جِنَايَاتِهٖ فِي الْعُقْبٰى، وَالْوُقُوْعِ فِيْ اَمْثَالِهَا فِي الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ آخرت میں اپنے گناہوں کے محاسبے اور دنیا میں ان گناہوں میں مبتلا ہونے سے اللہ کی پناہ مانگے

1031 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَّنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ عَمَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ، قَالَتْ: كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ، وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ. (5: 12)

۞۞ فروہ بن نوفل اشجعی بیان کرتے ہیں: میں نے ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اس دعا کے بارے میں دریافت کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مانگا کرتے تھے' تو انہوں نے بتایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہا (یعنی یہ دعا کیا) کرتے تھے:

''اے اللہ! میں نے جو عمل کیا ہے اور میں نے جو عمل نہیں کیا' میں اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ مَا وَصَلَهٗ اِلَّا مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو صرف منصور بن معتمر نامی راوی نے موصول روایت کے طور پر نقل کیا ہے

1032 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ، قُلْتُ: حَدِّثِيْنِيْ بِشَيْءٍ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهٖ،

1031– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو داوٗد (1544) في الصلاة: باب في الإستعاذة، والبخاري في الأدب المفرد (678)، والبيهقي في سننه 7/12، عن طريق موسى بن إسماعيل بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/305 و 325 و 354، والنسائي 8/261 في الاستعاذة: باب الاستعاذة من الذلة، من طرق عن حماد بن سلمة، به. وسبق برقم (1003) من طريق. فانظره.

قَالَتْ: كَانَ يَقُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ، وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ . (5: 12)

فروہ بن نوفل اشجعی بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ سے درخواست کی: میں نے کہا: آپ مجھے اس چیز (یعنی ان کلمات) کے بارے میں بتایئے جن کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگا کرتے تھے تو انہوں نے بتایا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہا (یعنی یہ دعا کیا) کرتے تھے:

''اے اللہ! میں نے جو عمل کیا ہے اور میں نے جو عمل نہیں کیا' میں اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَعَوَّذَ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ سُوْءِ الْجِوَارِ فِى الْعُقْبٰى بِهٖ يَتَعَوَّذُ مِنْهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ آخرت میں برے پڑوس سے اللہ کی پناہ مانگے' ہم اس سے پناہ مانگتے ہیں

1033 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمْدَانَ بْنِ مُوْسَى التُّسْتَرِيُّ بِعَبَّادَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ فِىْ دَارِ

1032- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أبو داوُد (1550) في الصلاة: باب في الاستعاذة، عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2716) (15) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من شر ما عمل ومن شر ما لم يعمل، عن يحيى بن يحيى وإسحاق بن إبراهيم، والنسائي 3/56 في السهو: باب التعوذ في الصلاة، عن إسحاق بن إبراهيم، و 8/281 في الاستعاذة من شر ما عمل، عن محمد بن قدامة، ثلاثتهم عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/278 عن حسين، عن شيبان، عن منصور، به. وسيورده المؤلف بعده من طريق حصين عن هلال بن يساف. (2) إسناده، وحصين هو: ابن عبد الرحمٰن السلمي أبو الهذيل الكوفي. وأخرجه النسائي 8/281 في الاستعاذة: باب الاستعاذة من شر ما لم يعمل، عن محمد بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 10/186، ومن طريقه مسلم (2716) في الذكر والدعاء، وابن ماجة (3839) في الدعاء: باب ما تعوذ منه رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن ابن إدريس، وأحمد 6/31، عن محمد بن فضيل، و 6/100 عن محمد بن جعفر، عن شعبة، والنسائي 8/281 في الاستعاذة، عن هناد، عن أبي الأحوص، كلهم عن حصين، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/213، ومسلم (2716) (66) عن عبد الله بن هاشم، كلاهما عن وكيع، عن الأوزاعي، عن عدة بن أبي لبابة، عن هلال بن يساف، به. وأخرجه النسائي 8/280 في الإستعاذة، من طريقين عن الأوزاعي، عن عبدة، عن هلال، عن عائشة، من غير ذكر فروة بن نوفل بين هلال وعائشة. وأخرجه أحمد 6/139 من طريق وكيع، و 257 من طريق شريك، كلاهما عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، به. وتقدم قبله من طريق منصور. عن هلال بن يساف، به.

1033- إسناده حسن، عن أجل ابن عجلان، وأخرجه النسائي 8/274 في الإستعاذة: باب الإستعاذة من جار السوء، من طريق يحيى بن سعيد القطان، والبخاري في الأدب المفرد برقم (117) من طريق سليمان بن حبان، والحاكم 1/532 من طريق أبي خالد الأحمر، ثلاثتهم عن ابن عجلان بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي، أخرجه أحمد 2/346، والحاكم 1/532، من طريق عفان، عن وهيب، عن عبد الرحمٰن بن إسحاق وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي، وهو كما قالا

الْمُقَامَةِ، فَإِنَّ جَارَ الْبَادِيْ يَتَحَوَّلُ . (5: 12)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہا (یعنی یہ دعا کیا) کرتے تھے:

''اے اللہ! میں ''دارالمقامہ'' میں بُرے پڑوس سے تیری پناہ مانگتا ہوں' کیونکہ دنیاوی پڑوسی تو تبدیل ہو جاتا ہے''۔

ذِكْرُ سُؤَالِ النَّارِ رَبَّهَا اَنْ يُّجِيرَ مَنِ اسْتَجَارَ بِهٖ مِنَ النَّارِ

جہنم کا اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنا کہ جو شخص جہنم سے پروردگار کی پناہ مانگے' پروردگار اسے پناہ دیدے

1034 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ الْجُنَيْدِ اِمْلَاءً بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِیْ مَرْيَمَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتِ الْجَنَّةُ: اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتِ النَّارُ: اَللّٰهُمَّ اَجِرْهُ مِنَ النَّارِ . (2:1)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ سے تین مرتبہ جنت مانگتا ہے' تو جنت کہتی ہے: اے اللہ! اسے جنت میں داخل کر دے' اور جو شخص جہنم سے تین مرتبہ پناہ مانگتا ہے' تو جہنم کہتی ہے: اے اللہ! اسے جہنم سے پناہ عطا کر دے''

ذِكْرُ الشَّیْءِ الَّذِیْ اِذَا قَالَهُ الْاِنْسَانُ دَخَلَ الْجَنَّةَ بِقَوْلِهٖ ذٰلِكَ لَيْلًا كَانَ اَوْ نَهَارًا

اس چیز کا تذکرہ کہ جب آدمی اسے پڑھ لے گا' تو اسے پڑھنے کی وجہ سے وہ جنت میں داخل ہو جائے گا' خواہ وہ اس کو رات کے وقت پڑھے یا دن کے وقت پڑھے

1035 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ ثَعْلَبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ، عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ، فَاغْفِرْ لِیْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ، فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهٖ

1035– حديث صحيح، رجاله ثقات، وأخرجه النسائي 8/279 في الاستعاذة: باب الاستعاذة من حر النار، عن قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (2572) في صفة الجنة: باب ما جاء في صفة أنهار الجنة، والنسائي في عمل اليوم والليلة (110)، وابن ماجة (4340) في الزهد: باب صفة الجنة، كلهم عن هناد بن السري، عن أبي الأحوص، به. وأخرجه أحمد 3/117 عن قران بن تمام، عن يونس، والحاكم 1/535 من طريق إسرائيل، كلاهما عن أبي اسحاق، به. وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وتقدم برقم (1014) من طريق يونس بن أبي إسحاق، عن بريد.

اَوْ لَيْلَتِهٖ دَخَلَ الْجَنَّةَ . (2:1)

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص یہ کہے:

''اے اللہ! تو میرا پروردگار ہے۔ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو نے مجھے پیدا کیا ہے' میں تیرا بندہ ہوں' میں اپنی استطاعت کے مطابق تیرے عہد اور تیرے وعدے پر قائم ہوں' میں نے جو کیا میں اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں' میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں' تو میری مغفرت کردے' گناہوں کی مغفرت صرف تو ہی کرسکتا ہے''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) اگر وہ شخص اسی دن یا اسی رات میں فوت ہوجائے' تو جنت میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ الدُّعَاءَ يَدْفَعُ الْقَضَاءَ السَّابِقَ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ دعا تقدیر کے سابقہ فیصلے کو ٹال دیتی ہے

1036 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا لُدِغَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّكَ لَوْ كُنْتَ قُلْتَ حِيْنَ اَمْسَيْتَ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، مَا ضَرَّكَ

قَالَ: فَكَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذَا لُدِغَ اِنْسَانٌ مِنَّا اَمَرَهُ اَنْ يَّقُوْلَهَا . (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ضَرَّكَ اَرَادَ بِهٖ اَنَّكَ لَوْ قُلْتَ مَا قُلْنَا، لَمْ يَضُرَّكَ اَلَمُ اللَّدْغِ، لَا اَنَّ الْكَلَامَ الَّذِيْ، قَالَ يَدْفَعُ قَضَاءَ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص کو کسی زہریلی چیز نے کاٹ لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم نے شام کے وقت یہ کلمات پڑھ لیے ہوتے:

1036- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 5/356، وأبو داوُد (5070) في الأدب: باب ما يقول إذا أصبح، والنسائي في عمل اليوم والليلة (466) و (579)، والبزار (564)، من طريق زهير بن معاوية، وابن ماجة (3872) في الدعاء: باب ما يدعو به الرجل إذا أصبح وإذا أمسى، من طريق إبراهيم بن عيينة، والنسائي في عمل اليوم والليلة (20)، والحاكم 1/514، 515 من طريق عن عيسى بن يونس، إسناده صحيح، وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (591) عن محمد بن عثمان العقيلي، عن عبد الأعلى، عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد. وتقدم برقم (1021) من طريق مالك، وبرقم (1022) من طريق جرير بن حازم، كلاهما عن سهيل بن أبي صالح، به، وبرقم (1020) من طريق القعقاع بن حكيم، عن أبي صالح، به، وسبق تخريجها هناك.

''(اللہ نے) جو پیدا کیا ہے میں اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) تو اس چیز نے تمہیں نقصان نہیں پہنچانا تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم میں سے جب کسی شخص کو کوئی زہریلی چیز کاٹ لیتی تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اسے یہ کلمات پڑھنے کی ہدایت کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے ''کوئی چیز تمہیں نقصان نہیں دے گی'' اس سے مراد یہ ہے ہم نے جو پڑھا ہے اگر تم وہ پڑھ لو گے تو ڈنگ مارنے کی تکلیف تمہیں نقصان نہیں دے گی۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو دعا پڑھی تھی۔ وہ اس شخص کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کو پرے کر دے گی۔

8- كِتَابُ الطَّهَارَةِ

طہارت کے بارے میں روایات

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْاِيمَانِ لِلْمُحَافِظِ عَلَى الْوُضُوْءِ

وضو کی حفاظت کرنے والے کے لئے ایمان کے اثبات کا تذکرہ

1037 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، وَاَبُوْخَيْثَمَةَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، حَدَّثَنِیْ حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، اَنَّ اَبَا كَبْشَةَ السَّلُوْلِيَّ حَدَّثَهُ ,اَنَّهُ سَمِعَ ثَوْبَانَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا، وَاعْلَمُوا اَنَّ خَيْرَ اَعْمَالِكُمُ الصَّلَاةُ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ. (2:1)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذِهِ اللَّفْظَةُ مِمَّا ذَكَرْنَا فِیْ كُتُبِنَا اَنَّ الْعَرَبَ تُطْلِقُ الْاِسْمَ بِالْكُلِّيَّةِ عَلٰى جُزْءٍ مِنْ اَجْزَاءِ شَیْءٍ يُطْلَقُ اسْمُ ذٰلِكَ الشَّیْءِ عَلٰى جُزْءٍ مِنْ اَجْزَائِهِ . فَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ اَطْلَقَ اسْمَ الْاِيمَانِ عَلَى الْمُحَافِظِ عَلَى الْوُضُوْءِ، وَالْوُضُوْءُ مِنْ اَجْزَاءِ الْاِيمَانِ، كَذٰلِكَ اسْمُ الْاِيمَانِ عَلَى الْمُفْرِدِ الْعَمَلَ بِهِ، لِاَنَّهُ جُزْءٌ مِنْ اَجْزَاءِ الْاِيمَانِ عَلٰى حَسَبِ مَا ذَكَرْنَاهُ.

وَخَبَرُ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عن ثوبان خبر منقطع، فلذلك تنكبناه.

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم سنت کی پیروی کرواور میانہ روی اختیار کرو''۔

اور یہ بات جان لو کہ تمہارے اعمال میں سب سے بہتر نماز ہے'اور وضو کی حفاظت صرف مومن کرتا ہے۔

1037- حديث صحيح، إسناده حسن، رجاله رجال البخاری عدا ابن ثوبان -واسمه عبد الرحمٰن- وهو حسن الحديث، وأخرجه أحمد 5/282، والدارمی 1/168، والطبرانی فی الكبير (1444) من طريق الوليد بن مسلم بهذا الإسناد، وأخرجه أحمد 5/280 من طريقين. وأخرجه أحمد 5/276-277 و 282، والطيالسی (996)، والدارمی 1/168، والطبرانی فی الصغير 2/88، وابن ماجة (277)، والحاكم 1/130، والبيهقی 1/457، والخطيب فی تاريخه 1/293 من طريقين

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ وہ الفاظ ہیں جن کا ہم اپنی کتابوں میں کئی بار ذکر کر چکے ہیں عرب اپنے محاورے میں کسی چیز کے مختلف اجزاء میں سے کسی ایک جز پر مکمل چیز کا نام استعمال کرتے ہیں۔ وہ اس چیز کے نام کو اس ایک جز کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''وضو کی حفاظت صرف مومن کرے گا''۔ یہاں لفظ ایمان کے لفظ کا اطلاق وضو کی حفاظت کرنے والے پر کیا گیا ہے۔ حالانکہ وضو ایمان کے اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔ اس طرح لفظ ایمان کا اطلاق ایک ایسی مفرد چیز پر کیا گیا ہے جس پر عمل کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے یہ ایمان کے اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔ جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

سالم بن ابوالجعد نے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے وہ ''منقطع'' ہے۔ اس لئے ہم نے اس سے پہلوتہی کی ہے۔

بَابُ فَضْلِ الْوُضُوْءِ

وضو کی فضیلت

ذِكْرُ حَطِّ الْخَطَايَا وَرَفْعِ الدَّرَجَاتِ بِإِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمَكَارِهِ

طبیعت آمادہ نہ ہونے کی صورت میں اچھی طرح وضو کرنے سے گناہوں کے مٹ جانے اور درجات بلند ہونے کا تذکرہ

1038 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا وَيَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ؟ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءُ عَلَى الْمَكَارِهِ. وَكَثْرَةُ الْخُطَا اِلَى الْمَسَاجِدِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، فَذٰلِكُمُ الرباط، فذلكم الرباط، فذلكم الرباط. 1:2

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: مَعْنَاهُ الرِّبَاطُ مِنَ الذُّنُوْبِ، لأن الوضوء يكفر الذنوب.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کیا میں تمہیں اس چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ خطاؤں کو مٹا دیتا ہے اور اس کے ذریعے درجات کو بلند کر دیتا ہے، جب طبیعت آمادہ نہ ہو تو اچھی طرح وضو کرنا زیادہ قدموں کے ساتھ چل کر مسجد تک جانا اور ایک نماز کے بعد

1038 - إسناده صحيح، على شرط مسلم، وهو في الموطأ 1/176 في الصلاة: باب انتظار الصلاة والمشي إليها، برواية يحيى الليثي ولم يرد فيه من رواية القعنبي طبعة عبد الحفيظ منصور ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/277 و 303، ومسلم 251 في الطهارة: باب فضل إسباغ الوضوء على المكاره، والنسائي 1/89 في الطهارة: باب الفضل في إسباغ الوضوء، وابن خزيمة في، صحيحه برقم 5، والبيهقي في السنن 1/82، والبغوي في شرح السنة 149. وأخرجه أحمد 2/235 و 301 و 438، ومسلم 251 في الطهارة، والترمذي 51 و 52 في الطهارة: باب ما جاء في إسباغ الوضوء وقال الترمذي: حسن صحيح، وفي الباب عن جابر في الحديث التالي، وعن أبي سعيد الخدري تقدم برقم 402، وعن علي بن أبي طالب عند البزار 447، والحاكم 1/132 وصححه على شرط مسلم، وعن أنر عند البزار 263. والرباط: في الأصل: ربط الخيل وإعدادها للجهاد، أو مرابط العدو وملازمتهم، فشبه هذه الأعمال بتلك ونزلها منزلتها.

دوسری نماز کا انتظار کرنا یہی تیاری ہے یہی تیاری یہی تیاری ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کا مطلب گناہوں سے (بچنے کے لئے) پہرہ ہے کیونکہ وضو گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے

اس روایت کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کرنے میں عبدالرحمٰن بن یعقوب نامی راوی منفرد ہے

1039 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا هَوْبَرُ بْنُ مُعَاذٍ الْكَلْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ شرحبيل بْنِ سَعْدٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا، وَيُكَفِّرُ بِهِ الذُّنُوبَ؟ قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمَكْرُوْهَاتِ، وَكَثْرَةُ الْخُطَا اِلَى الْمَسَاجِدِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصلاة، فذلك الرباط. 1:2

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کیا میں تمہاری رہنمائی اس چیز کی طرف نہ کروں جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ خطاؤں کو مٹا دیتا ہے اور اس کے ذریعے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب طبیعت آمادہ نہ ہو تو اچھی طرح وضو کرنا زیادہ قدموں کے ساتھ (چل کر) مسجد کی طرف جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا یہی تیاری ہے''۔

ذكر حط الخطايا بالوضوء وخروج المتوضىء نَقِيًّا مِنْ ذُنُوْبِهٖ بَعْدَ فَرَاغِهٖ مِنْ وَضُوْئِهٖ

وضو کی وجہ سے گناہوں کے ختم ہو جانے کا تذکرہ اور وضو کرنے والے شخص کا وضو سے فارغ ہونے کے بعد اپنے گناہوں سے پاک صاف ہو کر نکلنے کا تذکرہ

1040 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، بِمَنْبِجَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ الْمُسْلِمُ -اَوِ الْمُؤْمِنُ- فَغَسَلَ وَجْهَهُ، خَرَجَتْ مِنْ وَجْهِهٖ كُلُّ خَطِيْئَةٍ

نَظَرَ اِلَيْهَا بِعَيْنَيْهِ مَعَ الْمَاءِ، وَمَعَ اٰخِرِ قَطْرِ الْمَاءِ، اَوْ نَحْوَ هٰذَا، فَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتْ مِنْ يَدَيْهِ كُلُّ خَطِيْئَةٍ بَطَشَتْهَا يَدَاهُ مَعَ الْمَاءِ، اَوْ مَعَ اٰخِرِ قَطْرِ الْمَاءِ، حَتّٰى يَخْرُجَ نقيا من الذنوب . 1:2

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب مسلمان بندہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مومن بندہ وضوکرتے ہوئے اپنے چہرے کو دھوتا ہے' تو پانی کے ساتھ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) پانی کے آخری قطرے کے ساتھ یا اس کی مانند کوئی اور الفاظ ہیں۔اس کے چہرے سے ہر وہ گناہ نکل جاتا ہے' جس کے ذریعے وہ اپنی دونوں آنکھوں سے دیکھتا ہے' جب وہ اپنے دونوں بازو دھوتا ہے۔اس سے ہر وہ گناہ نکل جاتا ہے' جس کو اس نے اپنے ہاتھوں کے ذریعے پکڑا تھا۔پانی کے ساتھ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) پانی کے آخری قطرے کے ساتھ' یہاں تک کہ وہ شخص گناہوں سے پاک ہوجاتا ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَا بَيْنَ الصلاتين للمتوضیء بِوُضُوْئِهٖ وَصَلَاتِهٖ

وضوکرنے والے شخص کے وضوکرنے اور نماز پڑھنے کی وجہ سے دونمازوں کے درمیان ہونے والے گناہوں کی' اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت کا تذکرہ

1041- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حمران بن بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حُمْرَانَ

1040- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه البغوى في شرح السنة 150 من طريق أحمد بن أبي بكر، عن مالك، به، وهو في الموطأ 1/32 في الطهارة: باب جامع الوضوء، ومن طريق مالك أخرجه: أحمد 2/303، ومسلم 244 في الطهارة: باب خروج الخطايا مع ماء الوضوء، والترمذى 2 في الطهارة: باب ما جاء في فضل الطهور، والدارمي 1/183 في الوضوء: باب فضل الوضوء، وابن خزيمة في صحيحه برقم 4، والبيهقي في السنن 1/81.

کرنے کے بعد بچا رہنے والا (غبار ہے) تو یہ بات درست ہوگی کہ وہ مٹی جس کے ذریعے ایک ظرف کے فرض کوادا کیا گیا ہے۔ یہ بات جائز ہے کہ اس کے ذریعے دوسری مرتبہ میں دوسرے ظرف کے فرض کوادا کیا جائے' تو جب یہ بات تیمم میں درست ہوگی تو وضو میں بھی درست ہوگی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ التَّبَرُّكِ بِوَضُوْءِ الصَّالِحِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اِذَا كَانُوا مُتَّبِعِيْنَ لِسُنَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُونَ اَهْلِ الْبِدَعِ مِنْهُمْ

اہل علم سے تعلق رکھنے والے نیک افراد کے بچے ہوئے پانی سے برکت حاصل کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جبکہ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے پیروکار ہوں اور اہل بدعت سے تعلق نہ رکھتے ہوں

1268- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ،

(متن حدیث): عَنْ اَبِيهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قُبَّةٍ حَمْرَاءَ وَرَاَيْتُ بِلَالًا اَخْرَجَ وَضُوْءَهُ فَرَاَيْتُ النَّاسَ يَبْتَدِرُوْنَ وَضُوْءَهُ يَتَمَسَّحُونَ قَالَ ثُمَّ اَخْرَجَ بِلَالٌ عَنَزَةً فَرَكَزَهَا ثُمَّ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ سِيَرَاءَ فَصَلَّى اِلَيْهَا وَالنَّاسُ والدواب يمرون بين يديه.

1268- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 4/308 عن أبي داوُد، والبخاري (376) في الصلاة: باب الصلاة في الثوب الأحمر، و (5859) في اللباس: باب القبة الحمراء من أدم، عن محمد بن عرعرة، و (5786) باب التشمير في الثياب، عن إسحاق بن راهويه، عن النظر بن شميل، ومسلم (503) (205) في الصلاة: باب سترة المطلي، عن محمد بن حاتم، عن بهز، أربعتهم عن عمر بن أبي زائدة، به . ومن طريق البحاري (376) أخرجه البغوي في شرح السنة برقم (535) باب سترة المصلي. وأخرجه الشافعي 1/66، 67، وعبد الرزاق (2314) ، والطيالسي 1/88، وابن أبي شيبه 1/277، وأحمد 4/307و308، والبخاري (495) في الصلاة: باب سترة الإمام سترة من خلفه، و (499) باب الصلاة إلى العنزة، و (633) في الأذان: باب الأذان للمسافرين إذا كانوا جماعة والإقامة، و (3566) في المناقب: باب صفة النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ومسلم (503) (249) (251) وأبو داوُد (688) في الصلاة: باب ما يستر المصلي، وانسائي 2/73 في القبلة: باب الصلاة في الثياب الحمر، وابن خزيمة في صحيحه برقم (841) ، والبيهقي في السنن 2/270؛ من طرق عن عون بن أبي جحيفة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي 1/88، وأحمد 4/307و308و309، والبخاري (187) في الوضوء : باب استعمال فضل وضوء الناس، و (501) في الصلاة: باب السترة بمكة وغيرها، و (3553) في المناقب: باب صفة النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ومسلم (503) (252) باب سترة المصلي، والدارمي 1/327، 328 من طريق شعبة، عن الحكم بن عتيبة، عن أبي جحيفة . وفي رواية أحمد 4/308، والبخاري (187) و (3566) أن الوضوء الذي ابتده الناس كان فضل الماء الذي توضأ به النبي صلى الله عليه وسلم.

1268: عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سرخ خیمے میں دیکھا میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا بچا ہوا پانی لے کر باہر آئے۔ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ وضو کے بچے ہوئے پانی کی طرف تیزی سے لپکے اور وہ اسے (اپنے جسم) پر ملنے لگے پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ ایک نیزہ لے کر باہر آئے۔ انہوں نے اسے گاڑ دیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سرخ رنگ کے سیرانی حلّے میں باہر تشریف لائے آپ نے اس نیزے کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی جبکہ اس کے دوسری طرف سے لوگ اور جانور گزر رہے تھے۔

بَابُ الْاَوْعِيَةِ

باب 13: مختلف قسم کے برتنوں (کا بیان)

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اغْتِسَالِ الْجُنُبِ مِنَ الْاَوَانِي الَّتِي اتُّخِذَتْ مِنْ خَشَبٍ

جنبی شخص کے لئے ایسے برتنوں میں غسل کرنا مباح ہونا جولکڑی سے بنائے گئے ہوں

1269- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ،

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اغْتَسَلَ بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَفْنَةٍ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ اَوْ يَغْتَسِلُ مِنْ فَضْلِهَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي كُنْتُ جُنُبًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إن الماء لا ينجسه شيء .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ محترمہ نے ایک ٹب میں (پانی) سے غسل کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اوراس کے بچے ہوئے پانی سے وضو یا شاید غسل کرنے لگے۔ خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جنبی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی کو کوئی چیز نجس نہیں کرتی ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَخْمِيْرِ الْاِنَاءِ بِاللَّيْلِ وَلَوْ بِعُوْدٍ يُعْرَضُ عَلَيْهِ

رات کے وقت برتن کوڈھانپنے کاحکم ہونا خواہ ان پرلکڑی رکھ دی جائے

1270- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَبَنٍ وَّهُوَ بِالنَّقِيْعِ1غَيْرِ مُخَمَّرٍ فَقَالَ اَلَا خَمَّرْتَهُ وَلَوْ تَعْرِضُ عَلَيْهِ عُوْدًا قَالَ اَبُو حُمَيْدٍ اِنَّمَا كُنَّا نُؤْمَرُ بِالْاَسْقِيَةِ اَنْ تُوكَا لَيْلًا وَّبِالْاَبْوَابِ اَنْ تغلق ليلا.

1269- تقدم الحديث فی (1241) و (1242)، فانظر تخريجه هناك.

۞۞ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں دودھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جو ڈھانپا ہوا نہیں تھا۔ آپ اس وقت "نقیع" (کے مقام) پر موجود تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے ڈھانپ کیوں نہیں دیا۔ خواہ اس پر ایک لکڑی ہی رکھ دیتے۔

حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمیں برتنوں کے بارے میں اس بات کا حکم دیا گیا تھا کہ رات کے وقت ان کا منہ بند کر دیا کریں اور دروازوں کے بارے میں یہ حکم دیا تھا کہ رات کے وقت انہیں بند کر دیا کریں۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاِغْلَاقِ الْاَبْوَابِ وَاِيكَاءِ السِّقَاءِ وَاِطْفَاءِ الْمِصْبَاحِ وَتَخْمِيرِ الْاِنَاءِ

(رات کو سوتے وقت) دروازے بند کرنے اپنے مشکیزے کا منہ بند کرنے چراغ بجھانے اور برتنوں کو ڈھانپنے کا حکم ہونا

1271 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرٍ عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِىْ الزبير المكى

(متن حدیث): عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَغْلِقُوْا الْاَبْوَابَ وَاَوْكُوا السِّقَاءَ وَخَمِّرُوا الْاِنَاءَ وَاَطْفِئُوا الْمِصْبَاحَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ غَلَقًا وَّلَا يَحُلُّ وِكَاءً وَلَا يَكْشِفُ اِنَاءً وَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ على الناس بيتهم.

1270- إسناده صحيح على شرط مسلم سوى يوسف بن سعيد، فإنه من رجال النسائى، وهو ثقة حافظ، وقد صرح ابن جريج وأبو الزبير بالتحديث عند مسلم وأحمد فانتفت شبهة تدليسهما. وأخرجه مسلم (2010) فى الأشربة: باب فى شرب النبيذ وتخمير الإناء، والدارمى 2/122 فى الأشربة: باب فى تخمير الإناء، وابن خزيمة فى صحيحه برقم (129) من طريق الضحاك بن مخلد أبى عاصم النبيل، أخبرنا ابن جريج، أخبرنى أبو الزبير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/425، ومسلم (2010) عن إبراهيم بن دينار. ومن حديث جابر أخرجه ابن أبى شيبة 8/229، وأحمد 3/294 و370، والبخارى (5605) و (5656) فى الأشربة: باب شرب اللبن، ومسلم (2011) (95) والبغوى فى شرح السنة (3063). ولفظه: جاء أبو حميد بقدح من لبن من النقيع، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ألا حمرته؟ ولو تعرض عليه عوداً. وأخرجه أيضاً مسلم (2011) (94)، وأبو داوُد (3734) فى الأشربة: باب فى إيكاء الآنية.

1271- حديث صحيح، رجال ثقات، وهو فى الموطأ 2/928-929 باب جامع ما جاء فى الطعام والشراب. ومن طريق مالك أخرجه مسلم (2012) فى الأشربة: باب الأمر بتغطية الإناء وإيكاء السقاء. وأبو داوُد (3732) فى الأشربة: باب فى إيكاء السقاء، والترمذى (1812) فى الأطعمة: باب ما جاء فى تخمير الإناء وإطفاء السراج والنار عند المنام، والبخارى فى الأدب المفرد (1221). وأخرجه مسلم (2012)، وابن ماجه (3410) فى الأشربة: باب تخمير الإناء، عن محمد بن رمح، حدثنا الليث، عن أبى الزبير، به، وهذا سند صحيح. وأخرجه الحميدى (1273)، وأحمد 3/301 و362 و374 و386 و395، ومسلم (2012) والبغوى فى شرح السنة (3057)، من طرق عن أبى الزبير، عن جابر. وأخرجه احمد 3/355، ومسلم (2014)، ومن طريقه البغوى فى شرح السنة برقم (3061) من طريق القعقاع بن حكيم، عن جابر بنحوه.

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''(رات کو سوتے وقت) دروازے بند کر دو مشکیزوں کا منہ بند کر دو۔ برتنوں کو ڈھانپ دو چراغ بجھا دو' کیونکہ شیطان بند دروازوں کو کھولتا نہیں ہے۔ بند منہ والے مشکیزوں کو کھولتا نہیں ہے۔ برتن پر سے چیز کو ہٹاتا نہیں ہے' اور چوہا بعض اوقات لوگوں کے گھر کو آگ لگا دیتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِهٰذِهِ الْاَشْيَاءِ اِنَّمَا اَمْرٌ مَعَ التَّسْمِيَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جن چیزوں کا حکم دیا گیا ہے' اس کے ہمراہ بسم اللہ پڑھی جائے

1272 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ ،عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَغْلِقْ بَابَكَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فإن الشيطان لا يفتح بابا مغلقا وأطفىء مصباحك واذكر اسم اللّٰه وأوك سقائك وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ وَخَمِّرْ اِنَاءَكَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰه ولو بعود يعرض عليه.

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''اللہ کا نام لے کر دروازوں کو بند کر دو' کیونکہ شیطان بند دروازوں کو کھولتا نہیں ہے۔ اللہ کا نام لے کر اپنے چراغ کو بجھا دو اور اللہ کا نام لے کر اپنے مشکیزوں کا منہ بند کر دو۔ اللہ کا نام لے کر اپنے برتن کو ڈھانپ دو خواہ اس پر کوئی لکڑی ہی رکھ دو''۔

1272- إسناده صحيح على شرطهما، عطاء هو ابن أبي رباح، وأخرجه النسائي في عمر اليوم والليلة (745) عن عمرو بن علي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/319، وابن خزيمة في صحيحه برقم (131) عن عبد الرحمٰن بن بشر، كلاهما عن يحيى القطان، بهذا الإسناد. ومن طريق أحمد أخرجه أبو داوُد (3731) في الأشربة: باب في إيكاء الآنية. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة برقم (746) عن أحمد بن عثمان، عن أبي عاصم، عن ابن جريج، به. وأخرجه البخاري (3304) في بدء الخلق: باب خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال، و (5623) في الأشربة: باب تغطية الإناء، ومسلم (2012) (97) في الأشربة: باب الأمر بتغطية الإناء، عن إسحاق بن منصور، عن روح بن عبادة، عن ابن جريج، به. ومن طريق البخاري أخرجه البغوي في شرح السنة برقم (3058). وأخرجه البخاري (3280) في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، عن يحيى بن جعفر، عن محمد بن عبد الأنصاري، عن ابن جريج، به. وأخرجه أحمد 3/388 عن إسحاق بن عيسى، والبخاري (3316) في بدء الخلق: باب إذا وقع الذباب في شراب أحدكم فليغمسه، وأبو داوُد (3733) في الأشربة، عن مسدد، والبخاري (6295) في الاستئذان: باب لا تترك الناء في البيت عند النوم، والترمذي (2857) في الأدب، عن قتيبة، كلهم عن حماد بن زيد، عن كثير بن شنظير، عن عطاء به. ومن طريق البخاري (3316) أخرجه البغوي في شرح السنة برقم (3059). وأخرجه البخاري (5624) في الأشربة: باب تغطية الإناء، عن موسى بن إسماعيل، و (6296) في الاستئذان: باب غلق الأبواب بالليل، عن حسان بن أبي عباد، كلاهما عن همام، عن عطاء به. وأخرجه أحمد 3/306، والبخاري في الأدب المفرد (1234)، والبغوي في شرح السنة (3060).

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ بِهٰذِهِ الْاَشْيَاءِ اِنَّمَا اَمْرٌ بِاسْتِعْمَالِهَا لَيْلًا لَا نَهَارًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ان چیزوں کے بارے میں حکم یہ ہے' ان پر رات کے وقت عمل کیا جائے' دن میں (ان پر عمل کرنے کا حکم) نہیں ہے

1273 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى عَبْدَانُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أبو عاصم عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ

(متن حدیث): اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْبَعٍ وَّنَهَانَا عَنْ خَمْسٍ اِذَا رَقَدْتَ فَاَغْلِقْ بابك وأوك سقاء ك وخمر إناء ك وأطفىء مِصْبَاحَكَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا وَّلَا يَحُلُّ وِكَاءً وَلَا يَكْشِفُ غِطَاءً وَاِنَّ الْفَارَةَ الْفُوَيْسِقَةَ تُحْرِقُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ وَلَا تَاْكُلْ بِشِمَالِكَ وَلَا تَشْرَبْ بِشِمَالِكَ وَلَا تَمْشِ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ وَّلَا تَشْتَمِلِ الصَّمَّاءَ وَلَا تحتب فى الدار مفضيا.

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں چار باتوں کا حکم دیا' اور آپ نے پانچ باتوں سے منع کیا (آپ نے یہ فرمایا تھا) جب تم سونے لگو تو اپنے دروازے کو بند کر دو اپنے مشکیزے کا منہ بند کر دو۔ اپنے برتن کو ڈھانپ دو اپنے چراغ کو بجھا دو' کیونکہ شیطان بند دروازے کو کھولتا نہیں ہے بند منہ والے مشکیزے کو کھولتا نہیں ہے۔ برتن پر پڑی ہوئی چیز کو ہٹاتا نہیں ہے' اور چوہا بعض اوقات گھر والوں سمیت گھر کو آگ لگا دیتا ہے' اور تم اپنے بائیں ہاتھ کے ذریعے نہ کھاؤ اپنے بائیں ہاتھ کے ذریعے نہ پیو اور صرف ایک جوتا پہن کر نہ چلو اور تم اشتمال صماء (کے طور پر کپڑے کو نہ پہنو) اور گھر میں احتباء کے طور پر اس طرح کپڑا نہ پہنو کہ شرم گاہ ظاہر ہوتی ہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِهٰذِهِ الْاَشْيَاءِ اَمْرٌ بِاسْتِعْمَالِهَا بِاللَّيْلِ دُوْنَ النَّهَارِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' ان چیزوں کو کرنے کا حکم رات کے بارے میں ہے دن کے بارے میں نہیں ہے

1274 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَقِيْلِ بْنِ مَعْقِلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ وَهْبِ بن منبه قال،

1274- إسناده قوي، وأخرجه ابن خزيمة في صحيحه (133) عن محمد بن يحيى، عن إسماعيل بن عبد الكريم الصنعاني، بهذا الإسناد. وصححه الحكم 4/140 من طريق علي بن المبارك الصنعاني، عن إسماعيل بن عبد الكريم، به، ووافقه الذهبي.

(متن حدیث): اَخْبَرَنِی جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: اَوْكُوا الْاَسْقِيَةَ وَغَلِّقُوا الْاَبْوَابَ اِذَا رَقَدْتُمْ بِاللَّيْلِ وَخَمِّرُوا الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْتِی فَاِنْ لَمْ يَجِدِ الْبَابَ مُغْلَقًا دَخَلَ وَاِنْ لَمْ يَجِدِ السِّقَاءَ مُوكًى شَرِبَ مِنْهُ وَاِنْ وَجَدَ الْبَابَ مُغْلَقًا وَّالسِّقَاءَ مُوكًى لَمْ يَحْلِلْ وِكَاءً وَلَمْ يَفْتَحْ بَابًا مُغْلَقًا وَّاِنْ لَمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ لِاِنَائِهِ الَّذِیْ فِيْهِ شَرَابُهُ مَا يُخَمِّرُهُ فَلْيَعْرِضْ عليه عودا.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ ارشاد فرماتے تھے:

''مشکیزوں کا منہ بند کر دو جب تم رات کے وقت سونے لگو اور کھانے پینے کی چیزوں کو ڈھانپ دو' کیونکہ شیطان آتا ہے' اگر اسے دروازہ بند نہیں ملتا تو وہ اندر آجاتا ہے' اور اگر اسے مشکیزے کا منہ بند نہیں ملتا تو وہ اس میں سے پی لیتا ہے' لیکن اگر اسے دروازہ بند ملتا ہے۔ مشکیزے کا منہ بند ملتا ہے' تو وہ مشکیزے کے بند منہ کو کھول نہیں سکتا اور بند دروازے کو کھول نہیں سکتا اور اگر کسی شخص کو اپنے اس برتن جس میں اس کا مشروب موجود ہے اسے ڈھانپنے کے لئے کوئی چیز نہیں ملتی' تو وہ اس پر لکڑی ہی رکھ دے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِهٰذِهِ الْاَشْيَاءِ الَّتِی وَصَفْنَاهَا اَمْرٌ بِاسْتِعْمَالِهَا فِیْ بَعْضِ اللَّيْلِ لَا كُلِّهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ اشیاء جن کا تذکرہ ہم نے کیا ہے ان کے بارے میں جو حکم دیا گیا ہے یہ رات کے کچھ حصے کے بارے میں ہے پوری رات کے بارے میں نہیں ہے

1275 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): غَلِّقُوْا اَبْوَابَكُمْ وَاَوْكُوا اَسْقِيَتَكُمْ وَخَمِّرُوا اٰنِيَتَكُمْ وَاَطْفِئُوا سُرُجَكُمْ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ غَلَقًا وَّلَا يَحُلُّ وِكَاءً وَلَا يَكْشِفُ غِطَاءً وَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ رُبَّمَا اَضْرَمَتْ عَلٰی اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ وَكُفُّوا فَوَاشِيَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ عِنْدَ غروب الشمس إلى أن تذهب

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے یہ فرمایا تھا۔

''تم اپنے دروازے بند کر دو اور اپنے مشکیزے کے منہ بند کر دو اور اپنے برتنوں کو ڈھانپ دو اور اپنے چراغوں کو بجھا دو' کیونکہ شیطان (بند دروازوں) کو کھولتا نہیں ہے' اور بند مشکیزے کو کھولتا نہیں ہے' اور ڈھانپی ہوئی چیز کو ہٹاتا نہیں ہے'

1275- رجاله رجال الصحيح . جرير: هو ابن عبد الحميد، وهو في صحيح ابن خزيمة (132) ، وأخرجه ابن أبي شيبة 8/230 وأحمد 3/302، عن وكيع، عن فطر بن خليفة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/395 عن موسى بن داوُد، عن زهير، عن أبي الزبير، به.وأخرجه مسلم (2013) عن يحيى بن يحيى، عن أبي خيثمة، عن أبي الزبير، به، مختصراً، ومن طريق مسلم أخرجه البغوي في شرح السنة برقم (3062) .

اور چوہا بعض اوقات گھر والوں سمیت گھر کو آگ لگا دیتا ہے تم اپنے مویشیوں اور گھر والوں کو سورج غروب ہونے کے قریب گھر میں روکے رکھو یہاں تک کہ رات کا ابتدائی حصہ گزر جائے''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُمِرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس وقت میں یہ حکم دیا گیا ہے

1276- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَبِيبٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُفُّوا فَوَاشِيَكُمْ حَتّٰى تَذْهَبَ فَزْعَةُ الْعِشَاءِ فَاِنَّهَا سَاعَةٌ يحترق فيها الشيطان .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم اپنے مویشیوں کو (گھر میں) بند کر کے رکھو یہاں تک کہ رات کا ابتدائی حصہ گزر جائے' کیونکہ یہ ایک ایسی گھڑی ہے' جس میں شیطان آگ لگاتا ہے''۔

1276- إسناده صحيح على شرط مسلم سوى إبراهيم بن الحجاج، وهو ثقة، وهو في مسند أبي يعلى (1771). وأخرجه البخاري في الأدب المفرد برقم (1231) عن عارم، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد.

بَابُ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ

باب 14: مردار کی کھال کا بیان

1277 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ بِالْبَصْرَةِ بِخَبَرٍ غَرِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْكَرْمَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ:

كَتَبَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهٖ بِشَهْرٍ اَنْ لَا تَنْتَفِعُوا من الميتة بإهاب ولا عصب.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال سے ایک مہینہ پہلے ہمیں یہ خط لکھا تھا کہ جس میں یہ تحریر تھا

''تم لوگ مردار کی کھال اور اس کے پٹھوں سے نفع حاصل نہ کرو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُكَيْمٍ شَهِدَ قِرَاءَةَ كِتَابِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْضِ جُهَيْنَةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ اس وقت وہاں موجود تھے جب جہینہ کی سرزمین پہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط پڑھا گیا تھا

1278 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَخْبَرَنَا

1278–وأخرجه الترمذي (1729) في اللباس: باب ماجاء في جلود الميتة إذا دبغت، والنسائي 7/175، في الفرع والعتيرة: باب ما يدبغ به جلود الميتة، وابن حزم في المحلى 1/121، وابن ماجة (3613) في اللباس: باب من قال: با ينتفع من الميتة بإهاب ولا عصب، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/465؛ والبيهقي في السنن 1/18 من طريق الأعمش والشيباني ومنصور، ثلاثتهم عن الحكم، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داؤد (4128) في اللباس: باب من روى أن لا ينتفع بإهاب الميتة، ومن طريقه البيهقي في السنن 1/15، عن محمد بن إسماعيل. وأخرجه أحمد 4/311 عن إبراهيم بن أبي العباس، والنسائي 7/175 عن علي بن حجر، كلاهما عن شريك، عن هلال الوزان، عن عبد الله بن عكيم. قال الترمذي: هذا حديث حسن، ويروى عن عبد الله بن عكيم، عن أشياخ لهم هذا الحديث، وليس العمل على هذا عند أكثر أهل العلم. وسيورده المؤلف بعده (1278) من طريق النضر بن شميل، عن شعبة، عن الحكم، به. وبرقم (1279) من طريق القاسم بن مخيمرة، عن الحكم، عن ابن أبي ليلى، عن عبد الله بن

النَّضرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا، الْحَكَمُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِي لَيْلٰى يُحَدِّثُ،

(متن حدیث): عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قُرِءَ عَلَيْنَا كِتَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِاَرْضِ جُهَيْنَةَ اَنْ لَا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَّلَا عصب .

❁❁ حضرت عبداللہ بن عکیم جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمارے سامنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط پڑھ کے سنایا گیا۔ ہم اس وقت جہینہ کی سرزمین پر موجود تھے۔ (اس میں تحریر تھا)

''تم لوگ مردار کی کھال یا اس کے پٹھوں سے نفع حاصل نہ کرو''۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ اَوْهَمَتْ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ مُرْسَلٌ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ

ان الفاظ کا تذکرہ جنہوں نے بہت سے لوگوں کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت ''مرسل'' ہے یہ ''متصل'' نہیں ہے

1279 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى،

(متن حدیث): عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَشْيَخَةٌ لَنَا مِنْ جُهَيْنَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِمْ اَنْ لَا تَسْتَمْتِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بشيء .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: هٰذِهِ اللَّفْظَةُ حَدَّثَنَا مَشْيَخَةٌ لَنَا مِنْ جُهَيْنَةَ اَوْهَمَتْ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْخَبَرَ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ، وَهٰذَا مِمَّا نَقُوْلُ فِيْ كُتُبِنَا: اِنَّ الصَّحَابِيَّ قَدْ يَشْهَدُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَسْمَعُ مِنْهُ شَيْئًا ثُمَّ يَسْمَعُ ذٰلِكَ الشَّيْءَ عَنْ مَّنْ هُوَ اَعْظَمُ خَطَرًا مِنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

(بقیہ حاشیہ 1278) عكيم، عن أشياخ لهم . كما ذكر الترمذى . ويخرج كل طريق فى موضعه. صحيح، رجال إسناده رجال الشيخين، غير عبد الله بن عكيم، فمن رجال مسلم، وأخرجه البيهقى فى السنن 1/14 من طريق سعيد بن مسعود عن النضر بن شميل، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى (1293) ، وعبد الرزاق (202) ، وابن سعد فى الطبقات 6/1130، وأحمد 4/310 و311، وأبو داؤد (4127) فى اللباس: باب من روى أن لا ينتفع بإهاب الميتة، والنسائى 7/175 فى الفرع والعتيرة: باب ما يدبغ به جلود الميتة، وابن ماجة (3613) فى اللباس: باب من قال: لا ينتفع من الميتة بإهاب ولا عصب، والبيهقى 1/14، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/468 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

1279- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، وأشياخ جهينة صحابة، فلا تضر جهالتهم. وأخرجه الطحاوى 1/468، والبيهقى 1/25 من طريق صدقة بن خالد، بهذا الإسناد. حديث صحيح أخرجه مسلم وغيره من حديث ابن عباس، وسيرد عنه المصنف برقم (1287) ، ويخرج هناك.

وَسَلَّمَ فَمَرَّةً يُخبِرُ عَمَّا شَاهَدَ وَاُخْرَى يَرْوِیُ عَمَّنْ سمع ألا ترى أن بن عُمَرَ شَهِدَ سُؤَالَ جِبْرِيلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْإِيمَانِ وَسَمِعَهُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ؟ فَمَرَّةً اَخْبَرَ بِمَا شَاهَدَ وَمَرَّةً رَوَى عَنْ اَبِيْهِ مَا سَمِعَ فَكَذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُكَيْمٍ شَهِدَ كِتَابَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ قُرِءَ عَلَيْهِمْ فِي جُهَيْنَةَ وَسَمِعَ مَشَايِخَ جُهَيْنَةَ يَقُوْلُوْنَ ذٰلِكَ فَاَدَّى مَرَّةً مَا شَهِدَ وَاُخْرَى مَا سَمِعَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُونَ فِي الْخَبَرِ انْقِطَاعٌ.

وَمَعْنٰى خَبَرِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ: اَنْ لَا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَّلَا عَصَبٍ يُرِيْدُ بِهٖ قَبْلَ الدِّبَاغِ وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّتِهٖ قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا اِهَابٍ دُبِغَ فقد طهر .

حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جہینہ سے تعلق رکھنے والے ہمارے بزرگوں نے یہ بات ہمیں بتائی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو خط میں یہ تحریر کیا تھا۔

''تم لوگ مردار کی کسی بھی چیز سے فائدہ حاصل نہ کرو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت میں یہ الفاظ کہ ''جہینہ'' قبیلے سے تعلق رکھنے والے ہمارے بزرگوں نے یہ بات بتائی ہے۔اس نے بہت سے لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا ہے کہ یہ روایت متصل نہیں ہے' جبکہ ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ بعض اوقات صحابہ کرام' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں بھی آپ کی زبانی کوئی بات سنتے ہیں اور پھر وہ اسی بات کو ایسے شخص کے حوالے سے سن لیتے ہیں جو اس صحابی سے زیادہ مرتبے کا مالک ہوتا ہے اور اس کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتے ہیں' تو بعض اوقات وہ ایسی روایت نقل کرتے ہیں جس میں وہ خود موجود تھے اور بعض اوقات وہ اس شخص کے حوالے سے روایت نقل کرتے ہیں جس سے انہوں نے سنا تھا' کیا آپ نے غور کیا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی اس وقت موجود تھے جب حضرت جبرائیل نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے بارے میں سوال کیا تھا۔حضرت عبداللہ بن عمر نے یہ روایت حضرت عمر بن خطاب سے بھی سنی ہے' تو ایک مرتبہ انہوں نے وہ روایت بیان کی جس میں وہ خود موجود تھے۔ایک مرتبہ انہوں نے اسے اپنے والد کے حوالے سے سنی ہوئی روایت کے طور پر بیان کر دیا۔اسی طرح عبداللہ بن عکیم بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس خط کے وقت موجود تھے جب جہینہ قبیلے میں ان لوگوں کے سامنے اس خط کو پڑھا گیا تھا اور انہوں نے جہینہ قبیلے کے مشائخ کو بھی یہ بات ذکر کرتے ہوئے سنا تو ایک مرتبہ انہوں نے وہ روایت نقل کر دی جس میں وہ موجود تھے اور ایک مرتبہ وہ کر دی جس کو انہوں نے سنا تھا تو اب اس روایت میں کوئی انقطاع نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عکیم کی نقل کردہ روایت کے یہ الفاظ ''تم مردار کی کھال یا پٹھے سے نفع حاصل نہ کرو' اس مراد یہ ہے کہ تم دباغت سے پہلے ایسا نہ کرو۔اس بات کے صحیح ہونے کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''جس بھی کھال کی دباغت کر لی جائے وہ پاک ہو جاتی ہے''۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْاِنْتِفَاعِ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ بِنَفْعٍ مُطْلَقٍ

مردار کی کھال کو استعمال کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ یہ استعمال مطلق ہے

1280 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاتَتْ شَاةٌ لِزَوْجَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَتْهُ، فَقَالَ: اَلَا انْتَفَعْتُمْ بِمَسْكِهَا ؟ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَسْكُ مَيْتَةٍ؟قَالَ فَقَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ لَا اَجِدُ فِيْ مَا اُوحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّماً عَلٰى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ اِلَّا اَنْ يَكُونَ مَيْتَةً) إلى آخر الآية (الأنعام: 145) ؛ اِنَّكُمْ لَسْتُمْ تَاكُلُوْنَهُ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَبَعَثَتْ اِلَيْهَا فَسُلِخَتْ فَجَعَلَتْ مِنْ مَّسْكِهَا قِرْبَةً قَالَ ابن عباس فرأيتها بعد سنة.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ محترمہ کی بکری مرگئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ان کے ہاں تشریف لائے انہوں نے آپ کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی کھال سے نفع حاصل کیوں نہیں کرتے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا مردار کی کھال سے راوی بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی۔

''تم یہ فرمادو جو چیز میری طرف کی گئی ہے اس میں کوئی ایسی چیز نہیں پاتا جو کھانے والے کے لئے حرام ہو ماسوائے اس کے کہ وہ مردار ہو''۔

یہ آیت آخر تک تلاوت کی (پھر آپ نے ارشاد فرمایا:) لوگ اسے کھا نہیں رہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پھر اس خاتون نے اس کی کھال کو بھجوایا اس کی دباغت کی گئی اور اس کی کھال سے مشکیزہ بنالیا گیا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے ایک سال کے بعد بھی وہ مشکیزہ دیکھا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَبَاحَ لَهَا فِي الْاِنْتِفَاعِ بِجَلْدِ الْمَيْتَةِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردار کی کھال سے نفع حاصل کرنے کو مباح قرار دیا ہے اس کا تذکرہ ہم پہلے کر چکے ہیں

1281 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاتَتْ شَاةٌ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاتَتْ فُلَانَةٌ يَعْنِي الشَّاةَ قَالَ: فَهَلَّا اَخَذْتُمْ مَسْكَهَا قَالَتْ: فَنَاْخُذُ مَسْكَ شَاةٍ مَاتَتْ! فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا قَالَ: (قُلْ لَا اَجِدُ فِيْ مَا اُوحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّماً) -اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ- لَا بَاْسَ اَنْ تَدْبُغُوْهُ فَتَنْتَفِعُوا بِهِ. قَالَ فَاَرْسَلْنَا اِلَيْهَا فَسَلَخَتْ مَسْكَهَا فَاتَّخَذَتْ مِنْهَا قِرْبَةً حَتّٰى تحرقت.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کی بکری مرگئی۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں مرگئی ہے یعنی بکری' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی کھال کیوں نہیں حاصل کرتے۔ انہوں نے عرض کی: کیا ہم ایک ایسی بکری کی کھال حاصل کریں جو مرگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اللہ تعالیٰ) نے ارشاد فرمایا ہے: ''تم یہ فرمادو! جو چیز میری وحی کی گئی ہے میں اس میں کوئی چیز حرام نہیں پاتا''۔

یہ آیت کے آخر تک ہے۔

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اس میں کوئی حرج نہیں ہے' تم اس کی دباغت کر کے نفع حاصل کرلو۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر ہم نے اسے اس خاتون کی طرف اسے بھجوایا تو انہوں نے اس کی کھال کی دباغت کی اور اس سے مشکیزہ بنالیا یہاں تک کہ وہ جل گیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِنْتِفَاعِ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ اِذَا دُبِغَتْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ حکم اس حوالے سے ہے' اس کا استعمال اس وقت مباح ہوگا' جب کھال کی دباغت کرلی گئی ہو (اس سے پہلے نہیں ہوگا)

1282- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِشَاةٍ مَيْتَةٍ قَالَ: هَلَّا اسْتَمْتَعْتُمْ

1281- إسناده كسابقه، وهو في مسند أبي يعلى (2334)، وأخرجه أحمد 1/ 327- 328، والطبراني (11765)، والبيهقي 1/ 18، من طريقين عن أبي عوانة، بهذا الإسناد.

1282- إسناده كسابقه، وهو في مسند أبي يعلى (2334)، وأخرجه أحمد 1/ 327- 328، والطبراني (11765)، والبيهقي 1/ 18، من طريقين عن أبي عوانة، بهذا الإسناد 1. إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الدارقطني 1/ 47 من طريق الوليد بن مسلم، عن أخيه عبد الجبار بن مسلم، عن الزهري، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك في الموطأ 2/ 498 عن الزهري، به، ومن طريق مالك أخرج الشافعي في مسنده 1/ 23 (بترتيب الساعاتي في بدائع المنن ، وأحمد 1/ 327، والنسائي 7/ 172، وأبو عوانة 1/ 210. وأخرجه من طرق عن الزهري، به: عبد الرزاق (184)، وأحمد 1/365، وأبو داوُد (4120) و (4121)، والنسائي 7/172، والدارمي 2/86، البيهقي 1/15 و20، وابن حزم في المحلى 1/119، والدارقطني 1/41 و42، وأبو عوانة 1/210

بِجِلْدِهَا؟ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهَا مَيْتَةٌ، قَالَ: اِنَّمَا حُرِّمَ أَكْلُهَا.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی کھال سے فائدہ حاصل کیوں نہیں کرتے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کھانے کوحرام قرار دیا گیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اِنَّمَا اُبِيحَ اسْتِعْمَالُهُ عِنْدَ دِبَاغِ جِلْدِ الْمَيْتَةِ لَا قَبْلَهُ

1283: اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حکم یہ ہے کہ مردار کی کھال کی دباغت کے بعد اسے استعمال کرنا مباح قرار دیا گیا ہے

1283 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ حدثنا حجاج عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَطَاءُ بْنُ اَبِىْ رَبَاحٍ مُنْذُ حِيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَتْنِىْ مَيْمُوْنَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ شَاةً لَهُمْ (مَاتَتْ)، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هلا دبغتم إهابها فاستمتعتم به.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے ان کی ایک بکری مرگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی کھال کی دباغت کرکے اس سے فائدہ حاصل کیوں نہیں کرتے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْاِنْتِفَاعِ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ الَّتِى تَحِلُّ بالذكاة إذا دبغت

جو مردار ذبح کرنے سے حلال ہو جاتا ہے اس کی کھال سے نفع حاصل کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جب کہ اس کی دباغت کرلی گئی ہو

1284 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى قال أخبرنا بن وهب قال حدثنا يونس عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ شَاةً مَيْتَةً اُعْطِيَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَيْمُوْنَةَ مِنَ الصَّدَقَةِ

1283- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير يوسف بن سعيد، هو الحافظ ثقة . وأخرجه النسائى 7/ 172، والطحاوى 1/ 469 عن أبى بشر الرقى، عن حجاج بن محمد، بهذا الإسناد.

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِجِلْدِهَا؟ قَالُوْا اِنَّهَا مَيْتَةٌ قَالَ: اِنَّمَا حُرِّمَ اَكْلُهَا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسی بکری کو مردار پایا جو سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی کنیز کو صدقے میں سے دی گئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس کی کھال سے نفع حاصل کیوں نہیں کرتے۔ لوگوں نے عرض کی: یہ مردار ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کھانے کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اِبَاحَةَ الْاِنْتِفَاعِ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ اِنَّمَا هِيَ بَعْدَ الدِّبَاغِ لَا قَبْلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ مردار کی کھال سے نفع حاصل کرنا دباغت کے بعد ہے اس سے پہلے نہیں ہے

1285- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بَحْرٍ الْبَزَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا بْنِ اَبِيْ عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ:

1284- وأخرجه مسلم (364) في الحيض: باب طهارة جلود الميتة بالدباغ، والبيهقي في السنن 1/ 23، عن أحمد بن عثمان النوفلي، وأبو عوانة 1/ 211 عن أبي أميه، كلاهما عن أبي عاصم، عن ابن جريج، به .وأخرجه الحميدي (491) ، ومسلم (363) (102) ، والنسائي 7/ 172 في الفرع والعتيرة، وأبو عوانة 1/ 211، والطحاوي 1/ 469، والطبراني (11383) ، والبيهقي 1/ 16، من طرق عن سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، به. وعمرو بن دينار سقط من مسند الحميدي.وأخرجه ابن أبي شيبة 8/ 380، وعبد الرزاق (188) ، وعنه أحمد 6/ 336، وابن حزم في الحلى 1/ 119 من طريق ابن جريج، عن عطاء : قال ابن عباس: أخبرتني ميمونة ....وأخرجه أحمد 1/ 227، والدارقطني 1/ 44 عن يحيى، عن ابن جريج عن عطاء ، به.وأخرجه أحمد 1/ 372، والطحاوي 1/ 469 من طريق يعقوب بن عطاء ، عن أبيه، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 8/ 380، ومن طريق مسلم (365) عن عبد الرحيم بن سليمان، عن عبد الملك بن سليمان، عن عطاء ، به.وأجرجه الطحاوي 1/ 469، والدارقطني 1/ 44، والبيهقي 1/ 16 من طريق ابن وهب، عن أسامة بن زيد الليثي، عن عطاء ، به، دون ذكر ميمونة.وأخرجه الترمذي (1727) في اللباس: باب ما جاء في جلود الميتة إذا دبغت، وأبو عوانة 1/ 211، والطحاوي 1/ 469 من طريق الليث بن سعد، عن يزيد بن أبي حبيب، عن عطاء ، به، دون ذكر ميمونة. إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيحه ، (363) (101) في الحيض: باب طهارة جلود الميتة بالدباغ، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (1492) في الزكاة: باب الصدقة على موالي أزواج النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن سعيد بن كثير بن عفير، وأبو عوانة 1/ 210 و211، عن يونس بن عبد الأعلى، والبيهقي في السنن 1/ 23 من طريق محمد بن عبد الله بن عبد الحكم، ثلاثتهم عن ابن وهب، به.وأخرجه أبو عوانة 1/ 210 من طريق يحيى بن أيوب، عن يونس بن يزيد، به .وأخرجه البخاري (2221) في البيوع: باب جلود الميتة قبل أن تدبغ، و (5531) في الذبائح والصيد: باب جلود الميتة، عن زهير بن حرب، وأبو عوانة 1/ 210 عن أبي داوُد الحراني وعباس الدوري، ثلاثتهم عن يعقوب بن إبراهيم، عن أبيه، عن صالح، عن الزهري، به. وسيورده المؤلف بعده من طريق سفيان، عن الزهري، به.وأخرجه البخاري (5532) من طريق سعيد بن جبير، عن ابن عباس، دون ذكر ميمونة.

(متن حدیث): مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ مِنَ الصَّدَقَةِ مَيْتَةٍ اُعْطِيَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَيْمُوْنَةَ، فَقَالَ: آلَا اَخَذُوْا اِهَابَهَا فَدَبَغُوْهَا فَانْتَفَعُوا بِهَا؟ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا حرم أكلها

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا یہ بات بیان کرتی ہیں۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صدقے کی ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے جو سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی کنیز کو دی گئی تھی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: انہوں نے اس کی کھال حاصل کر کے اس کی دباغت کر کے اس سے نفع حاصل کیوں نہیں کیا لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کھانے کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ الْاِنْتِفَاعِ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ مَا يَحِلُّ مِنْهَا بِالذَّكَاةِ وَمَا لَا يَحِلُّ اِذَا احْتَمَلَتِ الدِّبَاغَ

اس روایت کا تذکرہ جس بات پر دلالت کرتی ہے مردار کی کھال سے نفع حاصل کرنا مباح ہے بشرطیکہ اس کی دباغت کر لی گئی ہو خواہ وہ مردار ذبح کے ذریعے حلال ہو جاتا ہو یا حرام ہوتا ہو

1286- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّوَاسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَنْ يُسْتَمْتَعَ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ اِذَا دُبِغَتْ .

1285- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيحه، (363) (101) في الحيض: باب طهارة جلود الميتة بالدباغ، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1492) في الزكاة: باب الصدقة على موالي أزواج النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن سعيد بن كثير بن عفير، وأبو عوانة 1/ 210 و 211، عن يونس بن عبد الأعلى، والبيهقي في السنن 1/ 23 من طريق محمد بن عبد الله بن عبد الحكم، ثلاثتهم عن ابن وهب، به. وأخرجه أبو عوانة 1/ 210 من طريق يحيى بن أيوب، عن يونس بن يزيد، به. وأخرجه البخاري (2221) في البيوع: باب جلود الميتة قبل أن تدبغ، و (5531) في الذبائح والصيد: باب جلود الميتة، عن زهير بن حرب، وأبو عوانة 1/ 210 عن أبي داوُد الحراني وعباس الدوري، ثلاثتهم عن يعقوب بن إبراهيم، عن أبيه، عن صالح، عن الزهري، به. وسيورده المؤلف بعده من طريق سفيان، عن الزهري، به. وأخرجه البخاري (5532) من طريق سعيد بن جبير، عن ابن عباس، دون ذكر ميمونة 2. في الأصل عبد الله وهو خطأ، وتقدم على الصواب برقم (714). إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الشافعي في مسنده 1/ 23، وعبد الرزاق (184)، وابن أبي شيبة 8/ 379، والحميدي (315)، وأحمد 6/ 329، ومسلم (363)، وأبو داوُد (4120)، والنسائي 7/ 171، وابن ماجه (3610)، الدارمي 2/ 86، والدارقطني 1/ 42، وأبو عوانة 1/ 209، والبيهقي في السنن 1/ 15، وابن حزم في المحلى 1/ 119، من طرق، عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وسيعيده المؤلف برقم (1289) من طريق أبي خيثمة، عن سفيان، به.

1286: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا حکم دیا ہے مردار کی کھال کو دباغت کے بعد استعمال کرلیا جائے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى اِبَاحَةِ الْاِنْتِفَاعِ بِكُلِّ جِلْدِ مَيِّتٍ اِذَا دُبِغَ وَاحْتَمَلَ الدِّبَاغَ

دوسری روایت کا تذکرہ اس بات پر دلالت کرتی ہے ہر (مردہ جانور) کی کھال سے نفع حاصل کرنا مباح ہے جب کہ اس کی دباغت کرلی گئی ہو اور اس کی دباغت ہوسکتی ہو

1287- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَعْلَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّمَا إهاب دبغ فقد طهر.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس بھی کھال کی دباغت حاصل کرلی جائے تو وہ پاک ہوجاتی ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هذا الخبر لم يسمعه بن وَعْلَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَلَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ مِنْهُ

اس روایت کا تذکرہ کہ اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کردیا جو اس بات کا قائل ہے

ابن وعلہ نامی راوی نے یہ روایت بیان کی ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے نہیں سنی ہے اور نہ ہی زید بن اسلم نے (یعنی ابن وعلہ) سے سنی ہے

1287–وهو في الموطأ /2 498، ومن طريقه أخرجه الشافعي /1 23، والطيالسي /1 43، وابن أبي شيبة /8 380، وعبد الرزاق (191)، وأحمد /6 73 و 104 و 148و 153، وأبو داؤد (4124)، والنسائي /7 176، وابن ماجه (3612)، والدارمي /2 86، والطحاوي /1 469، والبيهقي /1 .17 وانظر الحديث (1290) 1. إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه البغوي (303) من طريق أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد، وهو في الموطأ /2 498، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي /1 23، والدارمي /2 86، والطحاوي في شرح معاني الآثار /1 469، وفي المشكل /4 .262 وأخرجه الطيالسي /1 43، وأحمد /1 279 و 280، ومسلم (366)، والدارقطني /1 46، والخطيب في تاريخ بغداد /10 338، والطبراني في الصغير /1 239، وأبو نعيم في الحلية /10 218 من طرق عن زيد بن أسلم، به .وأخرجه الطيالسي /1 46، والخطيب في تاريخ بغداد /10 338، والطبراني في الصغير /1 239، وأبو نعيم في الحلية /10 218 من طرق عن زيد بن أسلم، به .وأخرجه الدارمي /2 86 و 256 من طريق القعقاع بن حكيم، وأبو عوانة /1 213 من طريق يحيى بن سعيد، كلاهما عن عبد الرحمٰن بن وعلة، به .وأخرجه أبو عوانة /1 212 و 213 من طريق جعفر بن ربيعة ويزيد بن أبي حبيب، كلاهما عن أبي الخير، عن ابن وعلة، به .وأخرجه الخطيب /2 295 من طريق شعبة، عن بسطام بن مسلم، عن أبيه، عن ابن عباس. وسيرد بعد من طريق سفيان بن عيينة، عن زيد بن أسلم، به.

1288- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بِبُسْتَ قال حدثنا بن اَبِى عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ قَالَ سمعت بن وَعْلَةَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَيُّمَا إهاب دبغ فقد طهر.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''جس بھی کھال کی دباغت حاصل کرلی جائے وہ پاک ہوجاتی ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اِبَاحَةِ انْتِفَاعِ الْمَرْءِ بِجُلُوْدِ مَا يَحِلُّ بِالذَّكَاةِ اِذَا دُبِغَتْ وَاِذَا كَانَتْ مَيْتَةً

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی اس جانور کی کھال سے نفع حاصل کرسکتا ہے' جو ذبح کے ذریعے حلال ہوجائے بشرطیکہ اس کی دباغت کرلی گئی ہو اور وہ مردہ ہو

1289- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَ

(متن حدیث): مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بشاة ميتة، فَقَالَ: اَلَا اَخَذُوْا اِهَابَهَا فَدَبَغُوْهُ فَانْتَفَعُوا بِهِ؟ فَقَالُوْا اِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ: اِنَّمَا حُرِّمَ اَكْلُهَا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مردار بکری کے پاس سے گزرے تو آپ نے ارشاد فرمایا: لوگوں نے اس کی کھال حاصل کرکے اس کی دباغت حاصل کرکے اس سے نفع حاصل کیوں نہیں کیا۔ لوگوں نے عرض کی: یہ مردار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کھانے کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

ذكر بيان بِاَنَّ الْاِنْتِفَاعَ بِجُلُوْدِ الْمَيْتَةِ بَعْدَ الدِّبَاغِ جَائِزٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ دباغت کے بعد مردار کی کھال سے نفع حاصل کرنا جائز ہے

1290- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ بِخَبَرٍ غَرِيبٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجُوزَجَانِيُّ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْاَسْوَدِ،

1288- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه عبد الرزاق (190)، والحميدى (486)، وابن أبى شيبة 8/ 378، وأحمد 1/ 219 و 270 و 343، ومسلم (366)، وأبو داؤد (4123)، الترمذى (1728)، النسائى 7/ 173، وابن ماجة (3609)، والدارمى 2/ 85، وأبو عوانة 1/ 212، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/ 469، و مشكل الآثار 4/ 262، وابن الجارود فى المنتقى (61)، والبيهقى فى السنن 1/ 16، وابن حزم فى المحلى 1/ 118، من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد.

1289- إسناده صحيح على شرطهما، وهو فى مسند أبى يعلى (7079)، وقد تقدم برقم (1285).

(متن حدیث):عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دباغ جلود الميتة طهورها .

1290: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''مردار کی کھال کی دباغت اسے پاک کر دیتی ہے''۔

1291- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ حدثنا حرملة عَنِ ابْنِ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَالِكِ بْنِ حُذَافَةَ حَدَّثَهُ عَنْ اُمِّهِ الْعَالِيَةِ بِنْتِ سُبَيْعٍ

(متن حدیث):اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ لِىْ غَنَمٌ بِاُحُدٍ فَوَقَعَ فِيْهَا الْمَوْتُ فَدَخَلْتُ عَلٰى مَيْمُوْنَةَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهَا فَقَالَتْ لِىْ مَيْمُوْنَةُ لَوْ اَخَذْتِ جُلُوْدَهَا فَانْتَفَعْتِ بِهَا قَالَتْ فَقُلْتُ وَيَحِلُّ ذٰلِكَ قَالَتْ نَعَمْ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رِجَالٍ مِنْ قُرَيْشٍ يَجُرُّوْنَ شَاةً لَهُمْ مِثْلَ الْحِمَارِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَخَذْتُمْ اِهَابَهَا قَالُوْا: اِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُطَهِّرُهَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ .

1291: عبداللہ بن مالک اپنی والدہ سیدہ عالیہ بنت سبیع رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میری بکریاں احد پہاڑ کے پاس موجود تھیں۔ان میں سے ایک مرگئی تھیں' سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ میں نے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے مجھے فرمایا تم اس کی کھال لے کر نفع حاصل کرلو وہ خاتون بیان کرتی ہیں (میں نے دریافت کیا:) کیا یہ جائز ہے؟ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے کچھ افراد کے پاس سے گزرے جو اپنی بکری کو یوں کھینچ رہے تھے جیسے گدھے کو کھینچا جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم لوگ اس کی کھال کیوں نہیں حاصل کر لیتے۔لوگوں نے عرض کی: یہ مردار ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی اور قرظ کے پتے اسے پاک کردیں گے۔

1290- رجاله ثقات غير شريك، فإنه سيء الحفظ، وقد توبع عليه. وأخرجه أحمد 6/ 154، 155، والنسائي 7/ 174 في الفرع: باب جلود الميتة، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/ 470، والدارقطني 1/ 44 من طريق الحسين بن محمد المروزي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/ 154، 155 عن حجاج بن محمد بن شريك، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 7/ 174، والدارقطني 1/ 44 من طرق عَنْ شَرِيكٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عائشة. وأخرجه النسائي 7/ 174، والطحاوي 1/ 470 من طريقين عن إسرائيل، عن الأعمش، عن إبراهيم، عن الأسود، به. وأخرجه الطحاوي 1/470 من طريق جرير بن عبد الحميد، عن منصور، عن إبراهيم، عن الأسود، به. وهذا إسناد صحيح أيضاً. وأخرجه الطحاوي أيضاً 1/ 470 من طريق عمر بن حفص بن غياث، عن أبيه، عن الأعمش، قال: حدثنا أصحابنا عن عائشة. ورواه الطبراني في الصغير 1/ 189-190 من طريق محمد بن مسلم الطائفي، عن عبد الرحمٰن بن القاسم، عن أبيه، عَنْ عَآئِشَةَ ...

1291- عبد اللّٰه بن مالك بن حذافة لم يوثقه غير المؤلف، وأمه العالية: قال العجلي: مدنية تابعية ثقة، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أبو داوٗد (4126)، والنسائي 7/ 174- 175، والطحاوي 1/ 471، والدارقطني 1/ 45، والبيهقي في السنن 1/ 19 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/ 334، من طريق رشدين بن سعد، عن عمرو بن الحارث، به. وأخرجه الطحاوي 1/ 470 من طريق الليث، عن كثير بن فرقد، به.

15- بَابُ الْاَسْآرِ
(مختلف) طرح کے جوٹھے کا بیان

ذِكْرُ اِبَاحَةِ مَجِّ الْمَرْءِ فِي البئر التي يستقى منها
آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ کسی کنویں میں کلی کردے جس کنویں میں سے پانی پیا جاتا ہو

1292 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بن قتيبة قال حدثنا بْنُ اَبِيْ السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ

(متن حدیث): عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ اَنَّهُ عَقَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَقَلَ مَجَّةً مَجَّهَا مِنْ دَلْوٍ فی بئر فی دارهم.

✿✿ حضرت محمود بن ربیع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے گھر میں موجود کنویں سے ڈول میں پانی لے کر اس کے ذریعے کلی کی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ سُؤْرَ الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ نَجِسٌ
اس روایت کا تذکرہ جو اس آدمی کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے حیض والی عورت کا جوٹھا نجس ہوتا ہے

1292- ابن أبي السری: هو محمد بن المتوكل بن العسقلاني، وثقه ابن معين، وقال المؤلف: كان من الحفاظ، ولينه أبو حاتم، وضعفه ابن عدى بكثرة الغلط، وقد تابعه عليه الإمام أحمد فرواه في المسند 5/ 429 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري (839) في الأذان، و (6422) في الرقاق: باب العمل الذي يبتغى به وجه الله، والنسائي في عمل اليوم والليلة برقم (1108) عن معمر، به. وأخرجه أحمد 5/ 427، والبخاري (77) في العلم: باب متى يصح سماع الصغير، و (189) في الوضوء: باب استعمال فضل وضوء الناس، و (1185) في التهجد: باب صلاة النوافل جماعة، و (6354) في الدعوات: باب الدعاء للصبيان بالبركة، ومسلم 1/ 456 (33) (265) في المساجد: باب الرخصة في التخلف عن الجماعة بعذر، والنسائي في العلم من الكبرى كما في تحفة الأشراف 8/ 364، وابن ماجة (457) في المساجد: باب المساجد في الدور، من طرق عن الزهري، به.

1293 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ مِسْعَرٍ وَّسُفْيَانَ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ اَبِيْهِ

(متن حدیث): عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ اَضَعُ الْاِنَاءَ عَلٰى فِىْ وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ اُنَاوِلُهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ وَآخُذُ الْعَرْقَ وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ اُنَاوِلُهُ فيضع فاه على موضع فى.

1293: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں حیض کی حالت میں برتن اپنے منہ کے ساتھ لگاتی تھی' پھر میں اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھا دیتی تھی' تو آپ اپنا منہ مبارک اسی جگہ پر رکھتے تھے جہاں میں نے منہ رکھا ہوتا تھا۔ میں حیض کی حالت میں ہڈی (والا گوشت) لے کر (اسے کھا کے) پھر اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھا دیتی تھی' تو آپ اپنا منہ اسی جگہ رکھتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا تھا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِغَسْلِ الْاِنَاءِ مِنْ وُلُوْغِ الْكَلْبِ بِعَدَدٍ مَعْلُوْمٍ

جب کتا برتن میں منہ ڈال دے' تو اسے متعین تعداد میں دھونے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1294 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ[1] حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ

عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِىْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَاغْسِلُوْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ.

1293- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 6/ 192 و 210، ومسلم (300) في الحيض: باب غسل الحائض رأس زوجها، والنسائي 1/ 149 في الطهارة: باب الانتفاع بفضل الحائض، والبغوي (321)، وابن حزيمة في صحيحه برقم (110)، من طرق عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن خزيمة (110) أيضاً عن يوسف بن موسى، عن جرير، عن مسعر، به. وأخرجه أبو عوانة 1/ 311 من طريق مخلد بن يزيد وعلى بن قادم، كلاهما عن مسعر، به. وأخرجه عبد الرزاق (1253) عن سفيان الثورى، به. وأخرجه عبد الرزاق (388)، والطيالسي (1514)، وأحمد 6/ 62 و 214، وأبو داوُد (259)، وابن ماجة (643)، والنسائي 1/ 190، والدارمي 1/ 246 من طرق، عن المقدام بن شريح، به. وأخرجه أحمد 6/ 64، والحميدى (166)، والنسائي 1/ 149 من طرق سفيان، عن مسعر، عن المقدام بن شريح ... وسيذكره المصنف برقم (1360) من طريق يزيد بن هارون، عن مسعر، به.

مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ ثَائِرَ الرَّاْسِ يُسْمَعُ دَوِيُّ صَوْتِهٖ وَلَا يُفْقَهُ مَا يَقُوْلُ حَتّٰى دَنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُوَ يَسْاَلُ عَنِ الْاِسْلَامِ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ" قَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُنَّ؟ قَالَ: "لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ"، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ"، قَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهٗ؟ قَالَ: "لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ"، قَالَ: وَذَكَرَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكَاةَ، فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: "لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ"، قَالَ: فأدبر الرجل وهو يقول: وَاللّٰهِ لَا اَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا وَلَا اَنْقُصُ مِنْهُ شَيْئًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اَفْلَحَ اِنْ صَدَقَ". (1: 2)

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ نجد سے تعلق رکھتا تھا اس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ اس کی آواز کی بھنبھناہٹ سنائی دیتی تھی۔ وہ کیا کہہ رہا ہے یہ سمجھ میں نہیں آتا تھا۔ یہاں تک کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہو گیا۔ وہ اسلام کے بارے میں دریافت کر رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا کہ دن اور رات میں پانچ نمازیں ادا کرنی ہیں۔ اس نے دریافت کیا کہ کیا ان (کے علاوہ کوئی اور نماز) بھی مجھ پر لازم ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ البتہ تم نفل (نماز ادا کرلو تو یہ مناسب ہے) راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کے مہینے کے روزے رکھنا (لازم ہیں) اس نے دریافت کیا کہ ان کے علاوہ (کوئی اور روزہ رکھنا) مجھ پر لازم ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں البتہ اگر تم نفل (روزہ رکھ لو) تو یہ بہتر ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سامنے زکوٰۃ کا تذکرہ کیا' تو اس نے یہی دریافت کیا کہ اس کے علاوہ کوئی اور ادائیگی بھی مجھ پر لازم ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں البتہ اگر تم نفلی طور پر (صدقہ دو تو یہ بہتر ہے) راوی بیان کرتے ہیں پھر وہ شخص یہ کہتے ہوئے چل دیا اللہ کی قسم! میں اس میں کوئی اضافہ نہیں کروں گا اور نہ ہی کسی چیز کی کمی کروں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ سچ کہہ رہا ہے' تو یہ کامیاب ہوگا۔

ذِكْرُ تَمْثِيْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُصَلِّيَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ بِالْمُغْتَسِلِ فِيْ نَهْرٍ جَارٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پانچ نمازیں ادا کرنے والے کو بہتی ہوئی نہر میں غسل کرنے والے سے تشبیہ دینا

1725 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ زَنْجُوَيْهِ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ

1725- إسناده صحيح. حميد بن زنجويه، هو حميد بن مخلد بن قتيبة بن عبد الله الأزدي، وزنجويه: لقب أبيه، ثقة، ثبت، صاحب تصانيف، وباقي رجاله على شرطهما. أبو سفيان: هو غير أبي سفيان، واسمه طلحة بن نافع الواسطي الإسكاف، فقد روى له البخاري مقرونا. وأخرجه البغوي في "شرح السنة" "343" من طريق أبي جعفر الرياني، عن حميد بن زنجويه، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/276، وأبو عوانة 2/21 عن علي بن حرب، كلاهما عن يعلى بن عبيد، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 9/389،

عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ كَمَثَلِ نَهْرٍ جَارٍ عَلٰى بَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خمس مرات". (2:1)

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''فرض نمازوں کی مثال اس طرح ہے جس طرح کسی شخص کے دروازے پر نہر بہتی ہو اور وہ روزانہ اس میں پانچ مرتبہ غسل کرے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الْاَعْمَشُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے، اس روایت کو نقل کرنے میں اعمش منفرد ہے

1726 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنِ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): "اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَنَّ نَهْرًا بِبَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ مَا تَقُوْلُوْنَ هَلْ يُبْقِي مِنْ دَرَنِهِ شَيْئًا قَالُوْا لَا يَبْقَى من درنه شيء قال "ذلك مثل الصوات الخمس يمحو الله به الخطايا". (2:1)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا

(بقيه تخريج 1725)وأحمد 2/426 و3/317، وأبو عوانة 2/21 عن علي بن حرب، ثلاثتهم عن أبي معاوية، عن الأعمش، به، ومن طريق ابنه أبي شيبة أخرجه مسلم "668" في المساجد ومواضيع الصلاة: باب المشي إلى الصلاة تمحي به الخطايا وترفع به الدرجات، والبيهقي في "السنن" 3/63. وأخرجه أحمد 3/305 عن محمد بن فضيل، و 3/357 عن عمار ابن محمد، كلاهما عن الأعمش، به.وفي الباب عن أبي هريرة في الحديث الذي بعده.

1726- إسناده صحيح على شرطهما. قتيبة: هو ابن سعيد، وابن الهاد: هو يزيد بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، ومحمد بن إبراهيم: هو التيمي . وأخرجه أحمد 2/379، ومسلم "667" في المساجد: باب المشي إلى الصلاة تمحي به الخطايا، وترفع به الدرجات، والترمذي "2868" في الأمثال: باب مثل الصلوات الخمس، والبغوي في "شرح الشنة" "342" عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/379، ومسلم "667" والترمذي "2868"، والنسائي 1/230-231 في الصلاة: باب فضل الصلوات الخمس والبغوي "342"، عن قتيبة بن سعيد، والدارمي 1/268 عن عبد الله بن صالح، والبيهقي 1/361 من طريق ابن بكير، وأبو عوانة 2/20 من طريق شعيب، كلهم عن الليث، عن ابن الهاد، به . وأخرجه البخاري "528" في مواقيت الصلاة: باب الصلوات الخمس كفارة، عن إبراهيم بن حمزة، عن أبي حازم والدراوردي، عن ابن الهاد، به. وأخرجه أبو عوانة 2/20 من طريق يعقوب بن محمد الزهري، عن عبد العزيز الدراوردي، عن ابن الهاد، به.

ہے:

”تمہارا کیا خیال ہے اگر تم میں سے کسی ایک کے دروازے پر نہر بہتی ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو تم اس بارے میں کیا کہتے ہو۔ کیا (یہ عمل) اس کے میل میں سے کوئی بھی چیز باقی رہنے دے گا۔ لوگوں نے عرض کی: اس کے میل میں سے کوئی بھی چیز باقی نہیں رہے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ پانچ نمازوں کی مثال ہے جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹادے گا“۔

ذِكْرُ تَكْفِيرِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ الْحَدَّ عَنْ مُرْتَكِبِهِ

اس بات کا تذکرہ، پانچ نمازیں، قابل حد جرم کے مرتکب سے حد کو ختم کروا دیتی ہیں

1727 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي شَدَّادُ اَبُوْعَمَّارٍ حَدَّثَنِي وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَيَّ قَالَ: فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَيَّ فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَيَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "هَلْ تَوَضَّاْتَ حِينَ اَقْبَلْتَ"؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: "صَلَّيْتَ مَعَنَا"؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: "فَاذْهَبْ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ لَكَ".

(2:1)

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے قابل حد جرم کا ارتکاب کیا ہے آپ مجھ پر حد قائم کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منہ موڑ لیا۔ پھر نماز قائم کی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے قابل حد جرم کا ارتکاب کیا ہے مجھ پر اسے قائم کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کہ کیا جب تم آئے تھے تو تم نے وضو کیا تھا۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے ہمارے ساتھ نماز ادا کی ہے؟ اس نے کہا جی ہاں!

1727- رجاله رجال الصحيح، ذكر النسائي في الرجم من "الكبرى"، كما في "التحفة" 8/77 من طريق محمود بن خالد، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . وقال: لا أعلم أحدا تابع الوليد على قوله: "عن واثلة"، والصواب عن أبي أمامة . قلت: قد تابعه عليه محمد بن كثير بن أبي عطاء الثقفي عند الطبراني 22/ "162"، لكن لا يفرح بهذه المتابعة، لأن محمد بن كثير الغلط. وأخرجه أحمد 3/491، والطبراني في "الكبير" 22/ "191" من طريق أبي معاوية شيبان، عن الليث هو ابن أبي سليم- أبي بردة بن أبي موسى، عن أبي مليح بن أسامة الهذلي، عن واثلة. وأخرجه من حديث أبي أمامة أحمد 5/262-263 و265، ومسلم "2765" في التوبة: باب قوله تعالى: (إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ) ، وأبو داؤد "4381" في الحدود: باب الرجل يعترف بحد ولا يسميه، والطبراني في "الكبير" "7323"، وابن جرير في "تفسيره" "18681"، وصححه ابن خزيمة برقم ."311"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اللہ تعالیٰ نے تمہاری مغفرت کردی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَدَّ الَّذِىْ اَتٰى هٰذَا السَّائِلُ لَمْ يَكُنْ بِمَعْصِيَةٍ تُوجِبُ الْحَدَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، اس سائل نے جو جرم کیا تھا وہ کوئی ایسا گناہ نہیں تھا جو حد کو لازم کردے

1728 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ والأسود عن ابن مَسْعُوْدٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّىْ اَخَذْتُ امْرَاَةً فِى الْبُسْتَانِ فَاَصَبْتُ مِنْهَا كُلَّ شَىْءٍ اِلَّا اَنِّىْ لَمْ اَنْكِحْهَا فَافْعَلْ بِىْ مَا شِئْتَ فَلَمْ يَقُلْ لَهُ

شَيْئًا ثُمَّ دَعَاهُ فَقَرَاَ عَلَيْهِ هٰذِهِ الْاٰيَةَ: (وَاَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ) (هود/114) . (1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: الْعَرَبُ تَذْكُرُ الشَّىْءَ اِذَا احْتَوٰى اسْمُهُ عَلٰى اَجْزَاءٍ وَشُعَبٍ فَتَذْكُرُ جُزْءً ا مِّنْ تِلْكَ الْاَجْزَاءِ بِاسْمِ ذٰلِكَ الشَّىْءِ نَفْسِهِ فَلَمَّا كَانَتِ الْمَحْظُوْرَاتُ كُلُّهَا مِمَّا نُهِىَ الْمَرْءُ عَنِ ارْتِكَابِهَا وَاشْتَمَلَ عَلَيْهَا كُلِّهَا اسْمُ الْمَعْصِيَةِ وَكَانَ الزِّنٰى مِنْهَا يُوجِبُ الْحَدَّ عَلٰى مُرْتَكِبِهَا وَلَهَا اَسْبَابٌ يُتَسَلَّقُ مِنْهَا اِلَيْهِ اُطْلِقَ اسْمُ كُلِّيَّتِهِ عَلٰى سَبَبِهِ الَّذِىْ هُوَ الْقُبْلَةُ وَاللَّمْسُ دُوْنَ الْجِمَاعِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: میں نے ایک باغ میں ایک عورت کو پکڑ لیا اور میں نے اس کے ساتھ صحبت کرنے کے علاوہ ہر عمل کیا۔ اب آپ جو چاہیں میرے ساتھ سلوک کریں۔ (راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کچھ نہیں کہا۔ آپ نے اسے بلایا اور اس کے سامنے اسے تلاوت کیا۔

''دن کے دونوں کناروں میں، رات کے کچھ حصے میں نماز قائم کرو بیشک نیکیاں گناہوں کو ختم کردیتی ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عرب بعض اوقات کسی چیز کا تذکرہ کرتے ہیں۔ جس کا نام کئی اجزاء اور شعبوں پر مشتمل

1728- إسناده حسن من أجل سماك - وهو ابن حرب - أبو عوانة: هو الوضاح بن عبد الله اليشكري. وأخرجه الطيالسي "285" عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "2763" "42" في التوبة: باب قوله تعالى: (إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ)، وأبو داوُد "4468" في الحدود: باب في الرجل يصيب من المرأة دون الجماع فيتوب قبل أن يأخذه الإمام، والترمذي "3112" في التفسير: باب ومن سوره هود، والطبري "18668"، والبيهقي في "السنن" 8/241، من طرق عن أبي الأحوص، عن سماك، به. وأخرجه الطبري "18672" و "18673" من طرق عن شعبة، عن سماك، به. وسيورده المؤلف برقم "1730" من طريق إسرائيل، عن سماك، به. ويخرج هناك. وأخرجه الترمذي "3112" أيضا، والطبراني "10482"، من طريق سفيان الثوري، عن الأعمش وسماك، عن إبراهيم، عن عبد الرحمٰن بن يزيد، عن ابن مسعود، عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه بمعناه.

ہوتا ہے۔ پھر عرب ان اجزاء میں سے کسی ایک جزء کا ذکر، اس پوری چیز کے نام سے کر دیتے ہیں، محظورات کی تمام اقسام کے ارتکاب سے بندوں کو منع کیا گیا ہے۔ اور ان سب پر لفظ ''معصیت'' کا اطلاق ہوتا ہے۔ ان میں سے ایک زنا ہے جو اپنے مرتکب پر حد کو واجب کر دیتا ہے۔ اس کی کچھ اسباب ہیں، جو اس کی طرف لے جاتے ہیں، تو یہاں ایک سبب کا اطلاق پورے فعل پر کر دیا گیا ہے اور وہ سبب بوسہ لینا اور چھونا ہے، صحبت کرنا مراد نہیں ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ لَمْ يَكُنْ بِفِعْلٍ يُوجِبُ الْحَدَّ مَعَ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ هٰذَا السَّائِلِ وَحُكْمَ غَيْرِهٖ مِنْ اُمَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ سَوَاءٌ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، وہ فعل کوئی ایسا فعل نہیں تھا

جو حد کو لازم کر دے، اس کے ہمراہ اس بات کا بیان کہ اس بارے میں اس سائل اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے تمام افراد کا حکم برابر ہے

1729 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ بِالصُّغْدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ عن ابن مَسْعُوْدٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَنَّهٗ اَصَابَ مِنَ امْرَاَةٍ قُبْلَةً كَاَنَّهٗ يَسْاَلُ عَنْ كَفَّارَتِهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جل وعلا: (وَاَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذَّاكِرِيْنَ) (هود/114) قَالَ: فَقَالَ الرَّجُلُ: اَلِيْ هٰذِهٖ قَالَ: "هِيَ لمن عمل بها من أمتي". (1: 2)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ اس نے ایک عورت کا بوسہ لیا ہے وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا کفارہ دریافت کرنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

1729- إسناده صحيح على شرط مسلم. محمد بن عبد الأعلى: من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما، معتمر: هو ابن سليمان بن طرخان التيمي، وأبو عثمان: هو النهدي عبد الرحمٰن بن ملّ. وأخرجه مسلم "2763" "40" في التوبة: باب قوله تعالى: (إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ)، وابن خزيمة في "صحيحه" "312"، عن محمد بن عبد الأعلى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجه "4254" في الزهد: باب ذكر التوبة، وابن خزيمة "312" أيضا، عن إسحاق بن إبراهيم بن حبيب ابن الشهيد، عن المعتمر بن سليمان التيمي، بهٰذا الإسناد. وأخرجه البخاري "526" في المواقيت: باب الصلاة كفارة، و "4687" في التفسير: باب (وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذَّاكِرِيْنَ)، ومسلم "2763" "41" في التوبة، والبيهقي في "السنن" 8/241، والبغوي في "شرح السنة" "346"، من طريق عن يزيد بن زريع، عن سليمان التيمي، به. وصححه ابن خزيمة "312" أيضا. وأخرجه مسلم "2763" "41" في التوبة، والترمذي "3114" في التفسير: باب ومن سوره هود، وابن ماجه "1398" في الإقامة: باب ما جاء في أن الصلاة كفارة، والطبراني "10560"، والطبري "18676" من طرق عن سليمان التيمي، به.

''دن کے دونوں کناروں میں اور رات کے کچھ حصے میں نماز قائم کرو بے شک نیکیاں گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں یہ بات نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے نصیحت ہے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس شخص نے دریافت کیا کہ کیا یہ حکم صرف میرے لیے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میری امت کے ہر اس شخص کیلئے ہے' جو اس پر عمل کرے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1730 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَقِيتُ امْرَاَةً فِي الْبُسْتَانِ فَضَمَمْتُهَا اِلَيَّ وَقَبَّلْتُهَا وَبَاشَرْتُهَا وَفَعَلْتُ بِهَا كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا اَنِّيْ لَمْ اُجَامِعْهَا. فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جل وعلا: (وَاَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذَّاكِرِينَ) (هود: 114) قَالَ: فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهَا عَلَيْهِ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَهُ خَاصَّةً؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "بل للناس كافة". (1: 2)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایک باغ میں ایک عورت کو ملا اسے اپنے ساتھ چمٹا لیا میں نے اس کا بوسہ لیا میں نے اس کے ساتھ مباشرت کی میں نے اس کے ساتھ ہر کام کیا لیکن میں نے اس کے ساتھ صحبت نہیں کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''دن کے دونوں کناروں میں اور رات کے کچھ حصے میں نماز قائم کرو۔ بیشک نیکیاں گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں' تو یہ بات نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے نصیحت ہے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو بلایا اور اس کے سامنے اسے تلاوت کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کہ کیا یہ حکم اس کیلئے خاص ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (جی نہیں) بلکہ تمام لوگوں کیلئے ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْعَذَابِ فِي الْقِيَامَةِ عَمَّنْ اَتَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ بِحُقُوقِهَا

جو شخص پانچ نمازیں، ان کے حقوق کے ہمراہ ادا کرتا ہو، اس سے قیامت کے دن عذاب کی نفی کا تذکرہ

1730- إسناده حسن. وأخرجه أحمد 1/445، وابن خزيمة "313" عن يعقوب بن إبراهيم الدورقي، والطبري "18669" من طريق ابن وكيع، ثلاثتهم عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبري "18670" من طريق عبد الرزاق، عن إسرائيل، به وتقدم برقم "1728" من طريق أبي عوانة، عن سماك، به وسبق تخريجه عنده.

1731 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانِ الْقَطَّانُ بِوَاسِطٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ عَنِ الْمُخْدَجِيِّ – وَهُوَ اَبُوْرُفَيْعٍ –، اَنَّهٗ قَالَ لِعُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ: يَا اَبَا الْوَلِيدِ اِنَّ اَبَا مُحَمَّدٍ – رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ كَانَتْ لَهٗ صُحْبَةٌ – يَزْعُمُ اَنَّ الْوِتْرَ حَقٌّ قَالَ: كَذَبَ اَبُوْمُحَمَّدٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): " مَنْ جَاءَ بِالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ قَدْ اَكْمَلَهُنَّ لَمْ يَنْقُصْ مِنْ حَقِّهِنَّ شَيْئًا كَانَ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدٌ اَنْ لَا يُعَذِّبَهٗ وَمَنْ جَاءَ بِهِنَّ وَقَدِ انْتَقَصَ مِنْ حَقِّهِنَّ شَيْئًا فَلَيْسَ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدٌ اِنْ شَاءَ رَحِمَهٗ وَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ". (1: 2).

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ اَبُوْمُحَمَّدٍ هٰذَا: اسْمُهٗ مَسْعُوْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ سُبَيْعٍ الْاَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِیْ دِيْنَارِ بْنِ النَّجَّارِ لَهٗ صُحْبَةٌ سَكَنَ الشَّام

❀❀ ابورفیع بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے یہ کہا: اے ابوولید! حضرت ابومحمد یہ انصار سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب تھے' جو صحابی تھے وہ اس بات کے قائل ہیں: وتر لازم ہیں۔ حضرت عبادہ بن صامت نے کہا: ابومحمد نے یہ غلط کہا ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' جو شخص پانچ نمازیں ادا کرتا ہے اور انہیں مکمل ادا کرتا ہے وہ ان کے حق میں کوئی کمی نہیں کرتا تو اللہ کی بارگاہ میں اس شخص کیلئے یہ عہد ہے' اللہ تعالیٰ اسے کوئی عذاب نہیں دے گا اور جو شخص انہیں ادا کرتا ہے' لیکن ان کے حق میں سے کسی چیز کی کمی کرتا ہے' تو ایسے شخص کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی عہد نہیں ہے۔ اگر وہ چاہے گا' تو اس پر رحم کرے گا اور اگر چاہے گا' تو اس کو عذاب دے گا۔

1731– حديث صحيح. محمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي، حسن الحديث، والمخدجي: ذكره المؤلف في "الثقات" 5/570، وهو لا يعرف بغير هذا الحديث، لكن تابعه أبو عبد الله الصنابحي عند أحمد 5/317، وأبو داوٗد "425"، وأبو إدريس الخولاني عند الطيالسي "573"، وباقي رجاله ثقات على شرطهما. وأخرجه ابن أبي شيبة 2/296، وأحمد 5/315، والدرامي 1/370 عن يزيد بن هارون، عن يحيى بن سعيد الأنصاري، عن محمد بن يحيى بن حبان، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك 1/123 في الصلاة: باب الأمر بالوتر، ومن طريقه أبو داوٗد "1420" في الصلاة: باب فيمن لم يوتر، والنسائي 1/230 في الصلاة: باب المحافظة على الصلوات الخمس، والبيهقي في "السنن" 2/8 و467 و10/217 والبغوي في "شرح السنة" "977"، عن يحيى بن سعيد الأنصاري، عن محمد بن يحيى بن حبان، به . وأخرجه الحميدي "388" وعبد الرزاق "4575"، وأحمد 5/319 و322، وابن ماجه "1401" في الإقامة: باب ما جاء في فرض الصلوات الخمس والمحافظة عليها، والبيهقي في "السنن" 1/361 و2/467 من طرق عن محمد بن يحيى بن حبان، به . وسيعيده المؤلف من طريق محمد بن يحيى بن حبان في باب الوتر . وأخرجه أحمد 5/317 عن حسين بن محمد، وأبو داوٗد "425" في الصلاة: باب في المحافظة على وقت الصلوات . ومن طريقه البيهقي في "السنن" 2/215 من طريق آدم بن أبي إياس، محمد بن مطرف، بالإسناد السابق، وقال: "عن أبي عبد الله الصنابحي " قال الحافظ في "النكت الظراف" 4/255: أخرجه الطبراني في "الأوسط" في ترجمة أبي زرعة الدمشقي، حدثنا آدم، حدثنا أبو غسان وهو– محمد بن مطرف– وقال في روايته: عن أبي عبد الله الصنابحي" وهو الصواب. وانظر "التهذيب" 6/90–92، وتعليق الشيخ أحمد شاكر على رسالة الشافعي، ص 317.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابومحمد نامی راوی کا نام مسعود بن زید بن سبیع انصاری ہے، یہ بنو دینار بن نجار سے تعلق رکھتے ہیں، یہ صحابی ہیں، انہوں نے شام میں سکونت اختیار کی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَقَّ الَّذِىْ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ قُصِدَ بِهِ الْاِيجَابُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، اس روایت میں موجود لفظ "حق" سے مراد "ایجاب" ہے

1732 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بْنِ مَرْزُوقٍ بِفَمِ الصِّلْحِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حبان الأنصارى عن ابن مُحَيْرِيزٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَقَالَ: يَا اَبَا الْوَلِيدِ اِنِّىْ سَمِعْتُ اَبَا مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِىَّ يَقُوْلُ: الْوِتْرُ وَاجِبٌ فَقَالَ عُبَادَةُ كَذَبَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): "خَمْسُ صَلَوَاتٍ افْتَرَضَهُنَّ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهِ فَمَنْ جَاءَ بِهِنَّ وَقَدْ اَكْمَلَهُنَّ وَلَمْ يَنْتَقِصْهُنَّ اسْتِخْفَافًا بِحَقِّهِنَّ كَانَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدٌ اَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ جَاءَ بِهِنَّ وَقَدِ انْتَقَصَهُنَّ اسْتِخْفَافًا بِحَقِّهِنَّ لَمْ يَكُنْ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدٌ اِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَاِنْ شَاءَ رَحِمَهُ". (1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُ عُبَادَةَ: "كَذَبَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ" يُرِيدُ بِهِ اَخْطَاَ. وَكَذٰلِكَ قَوْلُ عَائِشَةَ حَيْثُ قَالَتْ لِاَبِىْ هُرَيْرَةَ. وَهٰذِهِ لَفْظَةٌ مُسْتَعْمَلَةٌ لِاَهْلِ الْحِجَازِ إذا أخطأ أحدهم يقال له كذب.

وَاللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا نَزَّهَ اَقْدَارَ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اِلْزَاقِ الْقَدْحِ بِهِمْ حَيْثُ قَالَ: (يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ ...) (التحريم: 8). فَمَنْ اَخْبَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَزَّ اَنَّهُ لَا يُخْزِيهِ فِى الْقِيَامَةِ فَبِالْحَرِىِّ اَنْ لَا يُجْرَحَ وَالرَّجُلُ الَّذِىْ سَاَلَ عُبَادَةَ هٰذَا: هُوَ اَبُوْ رفيع المخدجى.

ابن محیریز بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے پاس آیا کہ اے ابو ولید! میں نے حضرت ابومحمد انصاری کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' وتر واجب ہیں۔ حضرت عبادہ نے کہا ابومحمد نے غلط کہا ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد کرتے ہوئے سنا ہے:

"پانچ نمازیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرض کیا ہے' جو شخص انہیں ادا کرے گا اور مکمل کرے گا اور ان کے حق کو کم سمجھتے ہوئے ان میں کمی نہیں کریگا' تو اس کیلئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ عہد ہے اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا اور جو شخص انہیں ادا کرے گا۔ ان کے حق کو کم سمجھتے ہوئے ان میں کمی کرے گا' تو اس شخص کیلئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی عہد نہیں ہے اور اگر وہ چاہے گا' تو وہ عذاب دے گا اور اگر چاہے گا' تو اس پر رحم کرے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا "ابومحمد نے جھوٹ کہا ہے" اس سے مراد انہوں نے غلط کہا ہے۔

اسی طرح سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں جو کہا تھا، اس سے بھی یہی مراد ہے، اہل حجاز کا یہ محاورہ ہے کہ جب کوئی شخص غلط بات کہے تو اس کے بارے میں کہا جاتا ہے ''اس نے جھوٹ کہا ہے''

اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو اس چیز سے محفوظ رکھا ہے کہ ان میں کوئی قابلِ اعتراض چیز ہو۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اس دن اللہ نے نبی اور اس کے ساتھ موجود اہلِ ایمان کو رسوا نہیں کیا' ان کا نور''۔

تو جب اللہ تعالیٰ نے اس بات کی اطلاع دی کہ وہ قیامت کے دن انہیں رسوا نہیں کرے گا تو وہ اس بات کے زیادہ لائق ہیں کہ ان پر جرح نہ کی جائے۔

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ سے سوال کرنے والا شخص ابو رفیع مخدجی تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِنَّمَا يَغْفِرُ بِالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ ذُنُوبَ مُصَلِّيهَا اِذَا كَانَ مُجْتَنِبًا لِلْكَبَائِرِ دُونَ مَنْ لَمْ يَجْتَنِبْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ،، اللہ تعالیٰ پانچ نمازیں ادا کرنے کی وجہ سے نمازی کے گناہوں کی

مغفرت اس صورت میں کرتا ہے جب وہ (نمازی) کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا ہو۔ یہ اس کے لیے نہیں ہے جو ان سے اجتناب نہیں کرتا

1733 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ وَالْجُمُعَةُ اِلَى الْجُمُعَةِ

1733– إسناده صحيح على شرط مسلم. العلاء : هو الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوبَ مَوْلَى الحرقة. وأخرجه مسلم "233" في الطهارة: بـاب الصـلوات الخمس والجمعة إلى الجمعة ... ، والترمذي "214" في الصـلاة: باب ما جاء في فضل الصلوات الخمس، والبيهقي في "السنن" 2/467 و10/187، وابن خزيمة في "صحيحه" "314" و "1814"، والبغوي في "شرح السنة" "345" من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهٰذا الإسناد .وأخرجه أبو عوانة 2/20 مـن طريق عبد العزيز بن محمد ومحمد بن جعفر، كـلاهـما عن العلاء ، بهٰذا الإسناد .وأخـرجه أحمد 2/484 عـن عبـد الـرحمٰن بن مهدي، زهير، عن العلاء ، به .وأخـرجه ابن ماجه "1086" مـن طـريـق مـحـرز بـن سـلـمة العدني، حدثنا أبي عبد العزيز بن أبي حازم، عن العلاء ، به . إلا أنـه لم يقل فيه: "الصلوات الخمس ."وأخرجه أحمد 2/359 مـن طريق عباد بن العوام، ومسلم "233" "15"، والبيهقي في "السنن" 2/466 من طريق عبد لأعـلـى، كلاهما عن هشام بن حسان، عن محمد بن سيرين، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/400 عن هارون بن معروف، ومسلم "233" "16"، والبيهقي في "السنن" 10/187 عـن هارون بن سعيد الأيلي، كلاهما عن عبد الله بن وهب، عن أبي صخر حميد بن زيـاد، أن عـمر بن إسحاق مولى زائدة، حدثه عن أبيه، عن أبي هريرة. وأخرجه الطيالسي "2470"، وأحمد 2/414 من طريق حماد بن سلمة، عن علي بن زيد وغيره، عن الحسن، عن ابي هريرة.

كَفَّارَاتٌ لَمَّا بَيْنَهُنَّ مَا لَمْ يَغْشَ الكبائر". (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''پانچ نمازیں ایک جمعہ دوسرے جمعے تک (درمیان میں) کیے جانے والے گناہوں کا کفارہ بن جاتے ہیں جب تک کبیرہ گناہ کا ارتکاب نہ کیا جائے''۔

ذِكْرُ تَسَّاقَطِ الْخَطَايَا عَنِ الْمُصَلِّي بِرُكُوْعِهِ وَسُجُوْدِهِ

رکوع وسجود کی وجہ سے نمازی کے گناہوں کے ختم ہو جانے کا تذکرہ

1734 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بن قتيبة حدثنا حرملة حدثنا بن وَهْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ صَالِحٍ يُحَدِّثُ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَاَى فَتًى وَهُوَ يُصَلِّي قَدْ اَطَالَ صَلَاتَهُ وَاَطْنَبَ فِيهَا فَقَالَ: مَنْ يعرف هٰذا؟ فقال رجل: أنا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَوْ كُنْتُ اَعْرِفُهُ لَاَمَرْتُهُ اَنْ يُطِيلَ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُودَ فَاِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا قَامَ يُصَلِّي اُتِيَ بِذُنُوبِهِ فَوُضِعَتْ عَلٰى رَاْسِهِ اَوْ عَاتِقِهِ فَكُلَّمَا رَكَعَ اَوْ سَجَدَ تساقطت عنه". (1: 2)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ انہوں نے ایک شخص کو نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا۔ اس نے طویل نماز ادا کی تھی اور اس کو خوب کھینچا تھا۔ حضرت عبداللہ نے دریافت کیا کون شخص اسے جانتا ہے، تو ایک صاحب نے جواب دیا: میں، حضرت عبداللہ نے فرمایا: اگر میں اسے جانتا ہوتا تو میں انسے ہدایت کرتا کہ یہ رکوع اور سجدہ طویل کرے کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

''بندہ جب کھڑا ہو کر نماز ادا کرتا ہے، تو اس کے گناہ لائے جاتے ہیں اور وہ اس کے سر یا کندھے پر رکھ دیئے جاتے ہیں اور جب وہ رکوع یا سجدہ میں جاتا ہے، تو وہ اس سے گر جاتے ہیں''۔

ذِكْرُ حَطِّ الْخَطَايَا وَرَفْعِ الدَّرَجَاتِ لِمَنْ سَجَدَ فی صلاته لله عز وجل

جو شخص (صرف) اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے نماز کے دوران سجدہ کرتا ہے

1734- حديث صحيح رجاله ثقات إلا العلاء بن حارث قد اختلط، لكنه متابع . وأخرجه البيهقي في "السنن" 3/10 من طريق بحر بن نصر، عن ابن وهب، بهٰذا الإسناد. وأخرجه محمد بن نصر المروزي في "الصلاة" "294"، والبغوي "656" من طريق عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح، بهٰذا الإسناد . وأخرجه ابن نصر في "الصلاة" "293"، وفي "قيام الليل" ص 52، وأبو نعيم في "الحيلة" 6/99، 100 من طريق ثور بن يزيد، عن أبي المنيب الجرشي، أن ابن عمر رأى ... وهٰذا سند صحيح رجاله كلهم ثقات.

اس کے گناہ ختم ہونے اور درجات بلند ہونے کا تذکرہ

1735 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ سَلْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُعَيْطِيُّ حَدَّثَنِي مَعْدَانُ بْنُ اَبِي طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيُّ قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيتُ ثَوْبَانَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ: حَدِّثْنِي بِحَدِيثٍ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّنْفَعَنِي بِهٖ فَقَالَ: عَلَيْكَ بِالسُّجُودِ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: "مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً اِلَّا رَفَعَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً." قَالَ مَعْدَانُ: ثُمَّ لَقِيتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ لِي مِثْلَ ذٰلِكَ. (1: 2)

معدان بن طلحہ یعمری بیان کرتے ہیں میری ملاقات حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہوئی جو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام تھے۔ میں نے ان سے کہا: مجھے کوئی حدیث بیان کریں' تا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مجھے نفع عطا کرے تو انہوں نے کہا: تم پر سجدے کرنا لازم ہے کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جو بھی شخص اللہ تعالیٰ کیلئے ایک سجدہ کرتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے ایک درجے کو بلند کرتا ہے۔ اس کی وجہ سے اس کے ایک گناہ کو ختم کرتا ہے''۔

معدان بیان کرتے ہیں پھر میری ملاقات حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے ان سے یہ سوال کیا۔ انہوں نے بھی اسی کی مانند جواب دیا:۔

ذِكْرُ تَعَاقُبِ الْمَلَائِكَةِ عِنْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَالْفَجْرِ

فرشتوں کے عصر اور فجر کی نماز کے وقت، ایک دوسرے کے بعد آنے کا تذکرہ

1736 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

1735- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح. وأرخجه ابن ماجه "1423" في الإقامة: باب ما جاء في كثرة السجود، عن عبد الرحمن بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/276 عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "488" في الصلاة: باب فضل السجود والدعاء عليه، عن زهير بن حرب، والترمذي "388" و "389" في الصلاة: باب ما جاء في كثرة الركوع والسجود، والنسائي 2/288 في التطبيق: باب ثواب من سجد لله عز وجل، وابن خزيمة " "316، عن أبي عمار الحسين بن حريث، كلاهما عن الوليد بن مسلم، به. وأخرجه أحمد 5/280، والبيهقي في "السنن" 2/485، والبغوي في "شرح السنة" "388"، من طرق عن الأوزاعي، به. وأخرجه الطيالسي "986"، وأحمد 5/283 من طريق شعبة، عن عمرو بن مرة، عن سالم بن أبي الجعد، عن ثوبان. وأخرجه عبد الرزاق في "المصنف" "4846" من طريق الأوزاعي، عن الوليد بن هشام، عن رجل قال: قلت لثوبان ... والرجل المبهم: هو معدان بن طلحة اليعمري.

وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): "يَتَعَاقَبُونَ فِيكُمْ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلَائِكَةُ النَّهَارِ فَيَجْتَمِعُونَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ الَّذِينَ بَاتُوا فِيكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي؟ قَالُوا: تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ وَأَتَيْنَاهُمْ وهم يصلون". (3:66)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''رات اور دن کے فرشتے آگے پیچھے تمہارے درمیان آتے ہیں۔ وہ فجر اور عصر کی نماز میں اکٹھے ہوتے ہیں۔ پھر وہ فرشتے اوپر چلے جاتے ہیں جنہوں نے تمہارے ساتھ رات بسر کی ہوتی ہے۔ ان کا پروردگار ان سے سوال کرتا ہے حالانکہ وہ اس کے بارے میں زیادہ علم رکھتا ہے' تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا ہے' تو وہ جواب دیتے ہیں: ہم نے انہیں اس حالت میں چھوڑا ہے' وہ نماز ادا کر رہے تھے۔ جب ہم ان کے پاس گئے تھے' تو وہ اس وقت بھی نماز ادا کر رہے تھے''۔

ذِكْرُ تَعَاقُبِ الْمَلَائِكَةِ عِنْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَالْغَدَاةِ

فرشتوں کے عصر اور صبح کی نماز کے وقت، ایک دوسرے کے بعد آنے کا تذکرہ

1737 – (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ الْفَقِيهُ بِمَنْبِجَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "يَتَعَاقَبُونَ فِيكُمْ مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ وَيَجْتَمِعُونَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَعْرُجُ الَّذِينَ بَاتُوا فِيكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ: كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي؟ فَيَقُولُونَ: تركناهم وَهُمْ يُصَلُّونَ وَأَتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ" (1:2)

1736– إسناده صحيح على شرط مسلم. العباس بن عبد العظيم: ثقة حافظ من رجال مسلم، ومن فوقه على شرطهما. وأخرجه أحمد 2/312، ومسلم "632" في المساجد: باب فضل صلاتي الصبح والعصر والمحافظة عليهما، عن محمد بن رافع، والبغوي في "شرح السنة" "380" من طريق أحمد بن يوسف السلمي، ثلاثتهم عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وسيورد المؤلف بعده من طريق مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة، ويرد تخريجه عنده.

1737– إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه البغوي في "شرح السنة" "380" من طريق أبي إسحاق الهاشمي، عن أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وهو في "الموطأ" 1/170 في قصر الصلاة في السفر: باب جامع الصلاة، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/486، والبخاري "555" في مواقيت الصلاة: باب فضل صلاة العصر، و "7429" في التوحيد: باب قوله تعالى: (تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ)، و "7486": باب كلام الرب مع جبريل ونداء الله الملائكة، ومسلم "632" في المساجد: باب فضل صلاتي الصبح والعصر والمحافظة عليهما، والنسائي 1/241، 240 في الصلاة: باب فضل الجماعة. وأخرجه البخاري "3223" في بدأ الخلق: باب ذكر الملائكة، عن أبي اليمان، عن شعيب، عن أبي الزناد، به. وتقدم قبله "1736" من طريق همام بن منبه، عن أبي هريرة، وسيرد برقم "2061" من طريق أبي صالح، عن أبي هريرة.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ بِاَنَّ مَلَائِكَةَ اللَّيْلِ اِنَّمَا تَنْزِلُ وَالنَّاسُ فِيْ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَحِينَئِذٍ تَصْعَدُ مَلَائِكَةُ النَّهَارِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مَلَائِكَةَ اللَّيْلِ تَنْزِلُ بَعْدَ غروب الشمس.

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''رات اور دن کے فرشتے آگے پیچھے تمہارے درمیان آتے ہیں۔ وہ فجر اور عصر کی نماز میں اکٹھے ہوتے ہیں پھر جن فرشتوں نے تمہارے درمیان رات بسر کی ہوتی ہے وہ اوپر چلے جاتے ہیں' تو (اللہ تعالیٰ) ان سے سوال کرتا ہے' حالانکہ وہ زیادہ علم رکھتا ہے' تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا ہے' تو وہ جواب دیتے ہیں: ہم نے انہیں اس حالت میں چھوڑا ہے' وہ نماز ادا کررہے تھے اور جب ہم ان کے پاس گئے تھے' تو وہ اس وقت بھی نماز ادا کررہے تھے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس حدیث میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ رات کے فرشتے اس وقت نیچے اترتے ہیں۔ جب لوگ عصر کی نماز ادا کررہے ہوں، اور اسی وقت میں دن کے فرشتے اوپر چلے جاتے ہیں، یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جو اس بات کا قائل ہے: فرشتے سورج غروب ہونے کے بعد نیچے اترتے ہیں۔

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُوْلِ النَّارِ عَمَّنْ صَلَّى الْعَصْرَ وَالْغَدَاةَ

جو شخص عصر اور صبح کی نماز ادا کرتا ہے، اس کے جہنم میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ

1738 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم قال:

(متن حدیث): "لَا يَلِجُ النَّارَ اَحَدٌ صَلَّى قَبْلَ طُلُوْعِ الشمس وقبل غروبها". (1: 2)

1738- إسناده صحيح. أبو بكر بن عمارة بن رويبة، ذكره المؤلف في "الثقات" 5/563، وروى عنه جمع، وهو من رجال مسلم، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه ابن خزيمة "318" عن ابندار، والبيهقي في "السنن" 1/466 من طريق علي بن إبراهيم الواسطي، كلاهما عن يزيد بن هارون، عن إسماعيل بن أبي خالد، عن أبي بكر بن عمارة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 2/386، ومن طريقه مسلم "634" في المساجد: باب فضل صلاتي الصبح والعصر، وأخرجه أحمد 4/261، والنسائي 1/235 في الصلاة: باب فضل صلاة العصر، عن محمود بن غيلان، ثلاثتهم عن وكيع، عن مسعر بن كدام، وابن أبي خالد، والبختري بن المختار، كلهم سمعوه من أبي بكر، به. وأخرجه أحمد 4/261، وأبو داوٗد "427" في الصلاة: باب في المحافظة على وقت الصلوات، من طريق يحيى القطان، والبغوي "382" من طريق جعفر بن عون، كلاهما عن أبي إسماعيل بن أبي خالد، عن أبي بكر، به. وأخرجه أحمد 4/136 من طريق عفان وأبي عوانة وشيبان، ومسلم "382" "214"، والبيهقي في "السنن" 1/466 من طريق يحيى بن أبي بكير، أربعتهم عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ عمارة بن رويبة، أبيه، به.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ: اَبُوْبَكْرٍ هٰذَا: هُوَ بن عُمَارَةَ بْنُ رُوَيْبَةَ الثَّقَفِيُّ لِاَبِيْهِ صُحْبَةٌ، وَاسْمُ أبى بكر كنيته.

ابوبکر بن عمارہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ایسا شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا' جو سورج نکلنے سے پہلے اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نماز ادا کرتا ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوبکر نامی راوی حضرت عمارہ بن رویبہ کا صاحبزادہ ہے، اس کے والد کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے، ابوبکر نامی راوی کی کنیت ہی اس کا نام ہے۔

ذِكْرُ تَسْمِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ وَالْغَدَاةَ بَرْدَيْنِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عصر اور صبح کی نماز کو ''دو ٹھنڈی چیزیں'' کا نام دینا

1739 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا اَبُوْجَمْرَةَ الضُّبَعِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم قَالَ:

(متن حدیث): " من صلى البردين دخل الجنة." (1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ: اَبُوْجَمْرَةَ هٰذَا مِنْ ثِقَاتِ اَهْلِ الْبَصْرَةِ اسْمُهُ: نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ الضُّبَعِيُّ. وَاَبُوْحَمْزَةَ: مِنْ مُتْقِنِيْ اَهْلِهَا اسْمُهُ: عمران بن أبى عطاء سمعا جميعا بن عَبَّاسٍ سَمِعَ شُعْبَةُ مِنْهُمَا وَكَانَا فِيْ زَمَنٍ واحد

ابوبکر بن عمارہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ

''جو شخص دو ٹھنڈی نمازیں ادا کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوجمرہ نامی راوی بصرہ سے تعلق رکھنے والے ''ثقہ'' راویوں میں سے ایک ہے، اس کا نام نصر بن عمران ضبعی ہے۔ ابوحمزہ نامی راوی وہاں کے ''متقن'' راویوں میں سے ایک ہے۔ اس کا نام عمران بن ابوعطاء ہے، ان

1739- وأخرجه البغوى فى "شرح السنة" "383" من طريق رقبة بن مصقلة، عن أبى بكر بن عمارة، به. وأخرجه الحميدى "861"، وأحمد 4/136، وابن خزيمة "صحيحه" "319" عن أحمد بن عبد الضبى، ثلاثتهم عن سفيان بن عيينة، عن عبد الملك بن عمير، عن عمارة بن رويبة، به. وأخرجه ابن خزيمة أيضا "320" عن عبد الجبار بن العلاء، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عن عمارة بن رويبة، به 1. كذا قال ابن حبان، وهو خطأ، صوابه أبو بكر بن أبى موسى "عبد الله بن قيس الأشعرى" كما سيأتى فى التخريج. إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخارى "574" فى مواقيت الصلاة: باب صلاة الفجر، والبيهقى فى "السنن" 1/466، من طريق هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وفيها: أبو بكر بن أبى موسى عبد الله بن قيس. وأخرجه أحمد 4/80، ومسلم "635" "215" فى المساجد: باب فضل صلاتى الصبح والعصر والمحافظة عليهما، عن خدبة بن خالد، بهذا الإسناد، إلا أنهما لم ينسبا أبا بكر. وأخرجه البخارى "574" أيضا، ومسلم "635" فى المساجد والدارمى 1/332، 331، والبيهقى فى "السنن" 1/466، والبغوى فى "شرح السنة" "381" من طريق عن همام بن يحيى، بهذا الإسناد.

دونوں حضرات نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع کیا ہے اور شعبہ نے ان دونوں سے سماع کیا ہے، یہ دونوں ایک ہی زمانے کے ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْبَرْدَيْنِ اللَّذَيْنِ يُرْجَى دُخُولُ الْجَنَّةِ بِالصَّلَاةِ عِنْدَهُمَا

ان دو ٹھنڈے (اوقات) کا تذکرہ، جن کے قریب نماز ادا کرنے سے جنت میں داخلے کی امید کی جا سکتی ہے

1740 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رِزْمَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ مَرْدَانِبَةَ، حَدَّثَنَا رَقَبَةُ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم يقول: "لَنْ يَلِجَ النَّارَ مَنْ صَلَّى قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا الْحَدِيثَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قال: نعم. (1: 2)

ابوبکر بن عمارہ بن رویبہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔

''وہ شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا' جو سورج نکلنے سے پہلے اور سورج غروب ہونے سے پہلے کی نماز ادا کرتا ہو''۔

حاضرین میں سے ایک شخص نے عرض کی:۔ کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی خود یہ حدیث سنی ہے' تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں

1741 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اللَّيْثِيِّ، قال:

(متن حدیث): أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَسْلَمْتُ وَعَلَّمَنِي الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ فِي مَوَاقِيتِهَا قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: اِنَّ هٰذِهِ سَاعَاتٌ اَشْتَغِلُ فِيهَا فَمُرْ لِي بِجَوَامِعَ . قَالَ: فَقَالَ: "اِنْ شُغِلْتَ فَلَا تُشْغَلْ عَنِ

1741- إسناده صحيح. رَقَبَة: هو ابن مَصْقَلَة العبدي الكوفي، وأخرجه البغوي في "شرح السنة" "383" من طريق محمد بن موسى بن أعين، عن إبراهيم بن يزيد، بهٰذا الإسناد، وأورده المؤلف برقم "1738" من طريق مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عمارة، به. تقدم تخريجه هناك . رجال ثقات إلا أن أبا حرب بن أبي الأسود لم يسمع من فضالة، وبينهما عبد الله بن فضالة كما في الرواية التي سيذكرها المصنف بعد هذه، وهشيم مدلس، وقد صرح بالتحديث عند أحمد فانتفت شبهة تدليسه. إسناده صحيح، وأخرجه أبو داوٗد "428" في الصلاة: باب في المحافظة على وقت الصلوات، والطبراني في "الكبير" /18 "826"، والطحاوي في "مشكل الآثار" 1/440، والبيهقي في "السنن" 1/466، من طريق عمرو بن عون الواسطي، عن خالد بن عبد الله، بهٰذا الإسناد . وصححه الحاكم 1/199-200 و 3/628، ووافقه الذهبي.

الْعَصْرَيْنِ." قَالَ: قُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ؟ قَالَ: "صَلَاةُ الغداة وصلاة العصر". (1: 17)

حضرت فضالہ بن عبداللہ لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے اسلام قبول کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مخصوص اوقات میں پانچ نمازیں ادا کرنے کی تعلیم دی۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے آپ سے دریافت کیا یہ تو وہ اوقات ہیں جن میں میں مشغول ہوتا ہوں۔ آپ مجھے کچھ جامع چیزوں کے بارے میں حکم دیں تو راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم مشغول ہوتے ہو تو عصر کی دو نمازوں کے بارے میں مصروف نہ ہونا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا۔ عصر کی دو نمازیں کون سی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صبح کی نماز اور عصر کی نماز۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِالْمُحَافَظَةِ عَلَى الْعَصْرَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اَمْرُ تَاْكِيدٍ عَلَيْهِمَا مِنْ بَيْنِ الصَّلَوَاتِ لَا اَنَّهُمَا يُجْزِيَانِ عَنِ الْكُلِّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، ان دو نمازوں کی حفاظت کا حکم، باقی نمازوں کے درمیان ان کے بارے میں مزید تاکید کا حکم ہے، اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ یہ باقی نمازوں کی جگہ کفایت کر جاتی ہیں

1742 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بِفَمِ الصِّلْحِ قَالَ: حدثنا إسحاق بن شاهين قال: حدثنا بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَضَالَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

(متن حدیث): عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ فِيمَا عَلَّمَنَا قَالَ: "حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَحَافِظُوا عَلَى الْعَصْرَيْنِ" قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْعَصْرَانِ؟ قَالَ: "صَلَاةٌ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَصَلَاةٌ قَبْلَ غُرُوبِهَا". (1: 17)

(توضیح مصنف): قَالَ: اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: سَمِعَ دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ وَمِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَضَالَةَ عَنْ فَضَالَةَ وَاَدّٰى كُلَّ خَبَرٍ بِلَفْظِهِ فَالطَّرِيْقَانِ جَمِيْعًا مَّحْفُوْظَانِ.

وَالْعَرَبُ تَذْكُرُ فِي لُغَتِهَا اَشْيَاءَ عَلَى الْقِلَّةِ وَالْكَثْرَةِ وَتُطْلِقُ اسْمَ "الْقَبْلِ" عَلَى الشَّيْءِ الْيَسِيرِ وَعَلَى الْمُدَّةِ الطَّوِيْلَةِ وَعَلَى الْمُدَّةِ الْكَبِيرَةِ كَقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَمَارَاتِ السَّاعَةِ: "يَكُوْنُ مِنَ الْفِتَنِ قَبْلَ السَّاعَةِ كَذَا"، وَقَدْ كَانَ ذٰلِكَ مُنْذُ سِنِينَ كَثِيْرَةٍ. وَهٰذَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ اسْمَ الْقَبْلِ يَقَعُ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا لَا اَنَّ "الْقَبْلَ" فِي اللُّغَةِ يَكُوْنُ مَقْرُوْنًا بِالشَّيْءِ حَتّٰى لَا يُصَلِّيَ الْغَدَاةَ اِلَّا قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا الْعَصْرَ اِلَّا قَبْلَ غروبها إرادة إصابة القبل فيها.

عبداللہ بن فضالہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اللہ کے رسول نے ہمیں تعلیم دی آپ نے ہمیں جو تعلیم دی اس میں یہ بات بھی تھی کہ عصر کی دو نمازوں سے مراد کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سورج طلوع ہونے سے پہلے کی

نماز اوراس کے غروب ہونے سے پہلے کی نماز۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) داؤد بن ابو ہند نے یہ روایت ابوحرب بن ابوالاسوداور عبداللہ بن فضالہ سے سنی ہے، اس نے ان دونوں روایات کے الفاظ نقل کر دیے ہیں، اس کی دونوں سندیں محفوظ ہیں۔

عرب اپنی زبان میں قلت یا کثرت کی بنیاد پر اشیاء کا تذکرہ کرتے ہیں، وہ لفظ ''قبل'' کوتھوڑی چیز، طویل مدت، بڑی مدت کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

جیسے قیامت کی نشانیوں کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ قیامت سے پہلے اس، اس طرح کے فتنے ہونگے۔ حالانکہ یہ فتنے (قیامت سے) کئی برس پہلے ہونگے۔

یہ چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے، لفظ ''قبل'' اس مفہوم کے لیے استعمال ہوتا ہے جو ہم نے ذکر کیا ہے، ایسا نہیں ہے کہ لفظ ''قبل'' لغت میں کسی چیز کے ساتھ ملے ہونے کے طور پر استعمال ہوتا ہو۔ یہاں تک کہ (یہ حکم ہو) صبح کی نماز صرف سورج طلوع ہونے سے پہلے ہی، اور عصر کی نماز سورج غروب ہونے سے پہلے ہی ادا کی جاسکتی ہو، جبکہ اس بارے میں، پورے طور پر ''پہلے ہونے'' کا مفہوم مرادلیا جائے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ ذِمَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُصَلِّي صَلَاةَ الْغَدَاةِ

صبح کی نماز ادا کرنے والے کے لیے اللہ تعالیٰ کے ذمہ کے اثبات کا تذکرہ

1743 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): "مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ فاتق الله يا بن آدم اَنْ يَّطْلُبَكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ" (1: 2)

1743- حديث صحيح رجاله ثقات رجال الصحيح، إلا أن الحسن-وهو البصري-مدلس وقد عنعن. ولا يصح له سماع من جندب فيما قاله ابن أبي حاتم في "المراسيل"، إلا أنه قد تابعه عليه أنس بن سيرين، كما سيرد فهو صحيح. جندب هو ابن عبد الله بن سيفان البجلي. وأخرجه أحمد 4/313، ومسلم "657" في المساجد: باب فضل صلاة العشاء والصبح في جماعة، والترمذي "222" في الصلاة: باب ما جاء في فضل العشاء والفجر في جماعة، والطبراني في "الكبير" "1655" و "1657"، وأبو نعيم في "الحلية" 3/96، والبيهقي في "السنن" 1/464، من طرق عن داوُد بن أبي هند، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 4/312، والطبراني في "الكبير" "1654" و "1656" و "1658" و "1659" و "1660" و "1661" من طرق عن الحسن، به. وأخرجه مسلم "657"، والطبراني في "الكبير" "1683"، والبيهقي في "السنن" 1/464: من طريق خالد الحذاء. وأخرجه الطيالسي "938" عن شعبة، عن أنس بم سيرين، سمع جندبا البجلي يقول: من صلى الصبح.. ثم قال الطيالسي: وروى هذا الحديث بشر بن المفضل، عن خالد الحذاء، عن ابن سيرين، عن جندب، عن النبي صلى الله عليه وسلم. وأخرجه الطبراني "1684" من طريق يزيد بن هارون، عن شعبة، عن أنس بن سيرين، عن جندب رفعه. وأخرجه ابن ماجه "3946" في الفتن: باب المسلون في ذمة الله.

حضرت جندب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص صبح کی نماز ادا کرتا ہے وہ اللہ کے ذمے میں ہوتا ہے تو اے آدم کے بیٹے! تم اللہ کے بارے میں اس حوالے سے ڈرو۔

کہ وہ اپنے ذمے میں سے کوئی چیز تم سے طلب کرے''۔

ذِكْرُ تَضْعِيفِ الْاَجْرِ لِمَنْ صَلَّى الْعَصْرَ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ

اہل کتاب سے تعلق رکھنے والا جو شخص، مسلمان ہونے کے بعد عصر کی نماز (باقاعدگی سے) ادا کرتا ہے، اسے دگنا اجر ملنے کا تذکرہ

1744 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أبِى عن ابن اِسْحَاقَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيبٍ عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ السَّبَائِيِّ عَنْ اَبِيْ تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ اَبِيْ بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ فَقَالَ: "اِنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ عُرِضَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَوَانَوْا فِيْهَا وَتَرَكُوْهَا فَمَنْ صَلَّاهَا مِنْهُمْ ضُعِّفَ لَهُ اَجْرُهَا مَرَّتَيْنِ وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتّٰى يَرَى الشَّاهِدَ" وَالشَّاهِدُ النَّجْمُ. (1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْعَرَبُ تُسَمِّي الثُّرَيَّا: النَّجم. وَلَمْ يُرِدْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِ هٰذَا اَنَّ وَقْتَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ لَا تَدْخُلُ حَتّٰى تُرَى الثُّرَيَّا لِاَنَّ الثُّرَيَّا لَا تَظْهَرُ اِلَّا عِنْدَ اسْوِدَادِ الْاُفُقِ وَتَغْيِيرِ الْاَثِيرِ وَلٰكِنْ مَعْنَاهُ عِنْدِيْ: اَنَّ الشَّاهِدَ هُوَ اَوَّلُ مَا يَظْهَرُ مِنْ تَوَابِعِ الثُّرَيَّا لِاَنَّ الثُّرَيَّا تَوَابِعُهَا الْكَفُّ الْخَضِيبُ وَالْكَفُّ الْجَذْمَاءُ وَالْمَابِضُ وَالْمِعْصَمُ وَالْمِرْفَقُ وَاِبْرَةُ الْمِرْفَقِ وَالْعَيُّوقُ وَرِجْلُ الْعَيُّوقِ وَالْاَعْلَامُ وَالضَّيِّقَةُ وَالْقِلَاصُ وَلَيْسَ هٰذِهِ الْكَوَاكِبُ بِالْاَنْجُمِ الزُّهْرِ اِلَّا الْعَيُّوقَ فَاِنَّهُ كَوْكَبٌ اَحْمَرُ مُنِيرٌ مُنْفَرِدٌ فِيْ شِقِّ الشِّمَالِ عَلٰى مَتْنِ الثُّرَيَّا يَظْهَرُ عِنْدَ غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ فَاِذَا كَانَ الْاِنْسَانُ فِيْ بَصَرِهِ اَدْنٰى حِدَّةٍ وَغَابَتِ الشَّمْسُ يَرَى الْعَيُّوقَ وَهُوَ الشَّاهِدُ الَّذِيْ تَحِلُّ صَلَاةُ الْمَغْرِبِ عِنْدَ ظُهُوْرِهِ.

1744- إسناده صحيح، فقد صرّح ابن إسحاق بالتحديث. أبو بصرة: هو جميل بن بصرة. وأخرجه الدولابي في "الكنى والأسماء " 1/18، وأحمد 6/396-397، ومسلم "830" في صلاة المسافرين: باب الأوقات التي نهى عن الصلاة فيها، من طريق يعقوب بن إبراهيم بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/397، ومسلم "830" في صلاة المسافرين، والطبراني "2165"، والنسائي 1/259 في المواقيت، من طريق الليث بن سعد، عن خير بن نعيم الحضرمي، به. "وقد تحرف في النسائي "خير" إلى: "خالد"، " و "ابن هبيرة " إلي "ابن جبيرة ."" وأخرجه أحمد 6/397، والطبراني "2166"، والدولابي 1/18 من طريقين عن ابن لهيعة، عن ابن هبيرة، به. وقد سبق عند المؤلف برقم " ."1472

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عصر کی نماز پڑھائی اور ارشاد فرمایا: بے شک یہ نماز تم سے پہلے لوگوں کے سامنے بھی پیش کی گئی تھی تو انہوں نے اس کے بارے میں کوتاہی کی اور اس کو ترک کر دیا۔ ان لوگوں میں سے جس نے اس نماز کو ادا کیا اسے اس نماز کا دوگنا اجر دیا گیا اور اس نماز کے بعد کوئی نماز ادا نہیں کی جائے گی۔ یہاں تک کہ شاہد (ستارہ) نظر آ جائے''۔

(راوی کہتے ہیں:) شاہد سے مراد ستارہ ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اہل عرب ستارے کو ''ثریا'' کہتے ہیں: لیکن اس فرمان کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ مراد نہیں ہے کہ مغرب کا وقت اس وقت تک شروع نہیں ہوتا جب تک ''ثریا'' (ستارہ) نظر نہ آ جائے۔

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت معلول ہے

1866 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ السَّكُوْنِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عِيْسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ اَحَدُ بَنِيْ مَالِكٍ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ

(متن حدیث): اَنَّـهُ كَـانَ فِـيْ مَجْلِسٍ كَانَ فِيْهِ اَبُوْهُ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْمَجْلِسِ اَبُوْهُرَيْرَةَ وَاَبُوْاُسَيْدٍ وَاَبُوْحُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ مِنَ الْاَنْصَارِ وَاَنَّهُمْ تَذَاكَرُوْا الصَّلَاةَ

فَـقَـالَ اَبُـوْحُـمَـيْـدٍ اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا فَاَرِنَا قَالَ فَقَامَ يُصَلِّي وَهُمْ يَـنْـظُرُوْنَ فَبَدَاَ يُكَبِّرُ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حِذَاءَ الْمَنْكِبَيْنِ ثُمَّ كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ فَرَفَعَ يَدَيْهِ اَيْضًا ثم أمكن يديه من ركبته غَيْرَ مُـقَـنِّـعٍ وَلَا مُـصَـوِّبٍ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰه أكبـر فسـجـد فـانتصب على كفيه وركبته وَصُدُوْرِ قَدَمَيْهِ وَهُوَ سَاجِدٌ ثُمَّ كَبَّرَ فَجَلَسَ وَتَوَرَّكَ اِحْدَى رِجْلَيْهِ وَنَـصَـبَ قَـدَمَـهُ الْاُخْـرٰى ثُـمَّ كبـر فجد الْاُخْرٰى فَكَبَّرَ فَقَامَ وَلَمْ يَتَوَرَّكْ ثُمَّ عَادَ فَرَكَعَ الرَّكْعَةَ الْاُخْرٰى وَكَبَّرَ كَذٰلِكَ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ حَتّٰى اِذَا هُوَ اَرَادَ اَنْ يَّنْهَضَ لِلْقِيَامِ كَبَّرَ ثُمَّ رَكَعَ الرَّكْعَتَيْنِ الْاَخِيرَتَيْنِ فَلَمَّا سَلَّمَ سَلَّمَ عَنْ يَّمِيْنِهِ: "سَلَامٌ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ" وَسَلَّمَ عَنْ شِمَالِهِ: "سَلَامٌ عَلَيْكُمْ ورحمة اللّٰه."

قَالَ الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ وَحَدَّثَنِيْ عِيْسٰى اَنَّ مِمَّا حَدَّثَهُ اَيْضًا فِي الْمَجْلِسِ فِي التَّشَهُّدِ اَنْ يَّضَعَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَيَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ يُشِيْرُ فِي الدُّعَاءِ بِاِصْبَعٍ وَاحِدَةٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ وَسَمِعَهُ مِنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ عن أبيه فالطريقان جميعا محفوظان.

۞۞ حضرت عباس بن سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ وہ ایک محفل میں موجود تھے وہاں ان کے والد بھی موجود تھے جو

1866- إسناده حسن، عيسى بن عبد الله بن مالك: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات 7/231، وترجم له البخاري في التاريخ الكبير 6/389-390،وابن أبي حاتم 6/280، فلم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلًا، وباقي رجاله ثقات. أبو خيثمة: هو زهير بن معاوية الجعفي .وأخرجه أبو داوُد "733" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة و "966": باب من ذكر التورك في الرابعة، والبيهقي في السنن 2/101و118 من طرق عن أبي بدر شجاع بن الوليد، بهٰذا الإسناد. وانظر ما قبله.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں اس محفل میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت ابواسید رضی اللہ عنہ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ موجود تھے جن کا تعلق انصار سے تھا۔ان حضرات نے نماز کا تذکرہ کیا' تو حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ بولے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں آپ سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں۔لوگوں نے کہا: پھرآپ ہمیں دکھایئے۔راوی کہتے ہیں پھر وہ نماز ادا کرنے کیلئے کھڑے ہوئے۔دیگر حضرات دیکھ رہے تھے انہوں نے شروع میں تکبیر کہی۔دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کیے پھر انہوں نے رکوع میں جانے کیلئے تکبیر کہی۔پھر انہوں نے رفع یدین کیا۔پھر انہوں نے اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ لیے۔ اپنے سر کو بالکل جھکایا بھی نہیں اور اوپر بھی نہیں کیا پھر انہوں نے سر اٹھایا اور سمع اللہ لمن حمدہ پڑھا۔پھر انہوں نے رفع یدین کیا۔اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے میں چلے گئے۔انہوں نے اپنی دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنے اپنے دونوں پاؤں کے کنارے زمین پر رکھے وہ سجدے کی حالت میں تھے۔پھر انہوں نے تکبیر کہی اور بیٹھ گئے۔انہوں نے اپنی ایک ٹانگ کو تورک کے طور پر بچھالیا اور دوسرے پاؤں کو کھڑا کر لیا۔پھر انہوں نے تکبیر کہتے ہوئے دوسرا سجدہ کیا تکبیر کہی اور کھڑے ہو گئے لیکن انہوں نے تورک نہیں کیا۔پھر انہوں نے ایسا ہی کیا اور دوسری رکعت ادا کی۔اس طرح تکبیر کہی اور دو رکعات ادا کرنے کے بعد بیٹھ گئے۔پھر جب انہوں نے کھڑے ہونے کا ارادہ کیا' تو تکبیر کہی۔پھر انہوں نے آخری دو رکعات بھی اس طرح ادا کی' پھر جب انہوں نے سلام پھیرا تو پہلے دائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور بائیں طرف سلام پھیرتے ہوئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔

حسن بن حر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے۔عیسیٰ نامی راوی نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے' اس حدیث میں تشہد کے بارے میں یہ الفاظ بھی ہیں: انہوں نے اپنا بایاں ہاتھ اپنے بائیں زانوں پر رکھا اور دایاں ہاتھ دائیں زانوں پر رکھا اور پھر انہوں نے ایک انگلی کے ذریعے اشارہ کیا۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: محمد بن عمرو نے یہ روایت حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے سنی ہے۔انہوں نے یہ روایت عباس بن سہل کے حوالے سے ان کے والد سے بھی سنی ہے۔ان کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ بَعْضِ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِىْ اَمَرَنَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِاتِّبَاعِهِ وَاتِّبَاعِ مَا جَاءَ بِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض نمازوں کی صفت کا تذکرہ' وہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) جن کی پیروی کرنے اور ان کی لائی ہوئی تعلیمات کی پیروی کرنے کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے

1867 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ بِتُسْتَرَ وَكَانَ اَسْوَدَ مِنْ رَاَيْتُ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بن عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدٍ السَّاعِدِيَّ فِيْ عَشَرَةٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِمْ

اَبُوْقَتَادَةَ فَقَالَ، اَبُوْحُمَيْدٍ اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِمَ فَوَاللّٰهِ مَا كُنْتَ اَكْثَرَنَا لَهُ تَبَعَةً وَلَا اَقْدَمَنَا لَهُ صُحْبَةً قَالَ بَلٰى قَالُوْا فَاعْرِضْ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ كَبَّرَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ وَيُقِيمُ كُلَّ عَظْمٍ فِيْ مَوْضِعِهٖ ثُمَّ يَقْرَاُ ثُمَّ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ يَرْكَعُ وَيَضَعُ رَاحَتَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ مُعْتَدِلًا لَا يُصَوِّبُ رَاْسَهٗ وَلَا يُقْنِعُ بِهٖ يَقُوْلُ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ حَتّٰى يَقَرَّ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهٖ ثُمَّ يَهْوِي اِلَى الْاَرْضِ وَيُجَافِيْ يَدَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ وَيَثْنِيْ رِجْلَهٗ فَيَقْعُدُ عَلَيْهَا وَيَفْتَخُ اَصَابِعَ رِجْلَيْهِ اِذَا سَجَدَ ثُمَّ يَسْجُدُ ثُمَّ يُكَبِّرُ وَيَجْلِسُ عَلٰى رِجْلِهِ الْيُسْرٰى حَتّٰى يَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهٖ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَصْنَعُ فِي الْاُخْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ كَمَا صَنَعَ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ ثُمَّ يُصَلِّي بَقِيَّةَ صَلَاتِهٖ هٰكَذَا حَتّٰى إذا كان فى السجدة التى فيها التَّسْلِيمُ اَخْرَجَ رِجْلَيْهِ وَجَلَسَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْسَرِ مُتَوَرِّكًا فَقَالُوْا صَدَقْتَ هٰكَذَا كَانَ يُصَلِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (1: 21)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: فِيْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ يُصَلِّيهَا الْاِنْسَانُ سِتُّ مِائَةِ سُنَّةٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْرَجْنَاهَا بِفُصُوْلِهَا فِيْ كِتَابِ صِفَةِ الصَّلَاةِ فَاَغْنٰى ذٰلِكَ عَنْ نَظْمِهَا فِيْ هٰذَا النَّوْعِ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ.

قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: عَبْدُ الْحَمِيْدِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَحَدُ الثِّقَاتِ الْمُتْقِنِينَ قَدْ سَبَرْتَ اَخْبَارَهٗ فَلَمْ اَرَهُ انْفَرَدَ بِحَدِيثٍ مُنْكَرٍ لَمْ يُشَارِكْ فِيْهِ وَقَدْ وَافَقَ فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَعِيْسٰى بن عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنِ اَبِيْ حُمَيْدٍ عَبْدَ الحميد بن جعفر فى هٰذا الخبر.

❁❁ محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں میں نے حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دس صحابہ کرام جن میں ابوقتادہ بھی تھے۔ان کی موجودگی میں یہ کہتے ہوئے سنا۔حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے زیادہ علم رکھتا ہوں۔ان حضرات نے دریافت کیا وہ کیسے۔اللہ کی قسم! آپ نہ تو ہم سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار رہیں اور نہ پرانے صحابی ہیں۔حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہا جی ہاں دیگر صحابہ کرام نے کہا پھر آپ پیش کیجئے' تو حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تھے تو تکبیر کہتے تھے پھر آپ دونوں ہاتھ بلند کرتے ہوئے کندھوں تک اٹھالیتے تھے۔پھر آپ اس طرح قیام کرتے تھے۔ ہر ہڈی اپنی جگہ پر ہوتی تھی پھر آپ تلاوت کرتے تھے۔پھر آپ دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے یہاں تک کہ انہیں کندھوں کے برابر لے آتے تھے۔پھر وہ رکوع میں چلے جاتے تھے اور اپنی دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنوں پر رکھ لیتے۔آپ اعتدال کی حالت میں رہتے آپ اپنے سر کو اٹھاتے بھی نہیں تھے اور جھکاتے بھی نہیں تھے۔پھر سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہوئے رفع یدین کرتے یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو کندھوں کے برابر لے آتے تھے (اور اس طرح کھڑے ہوتے تھے کہ) ہر ہڈی اپنی جگہ پر آجاتی تھی۔پھر آپ زمین کی طرف آتے تھے۔آپ اپنے

دونوں بازوں اپنے پہلوؤں سے دور رکھتے تھے پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے اور ایک ٹانگ کو بچھالیتے تھے اور اس پر بیٹھ جاتے تھے۔ جب آپ سجدے میں جاتے تھے تو اپنے پاؤں کی انگلیوں کو کشادہ رکھتے تھے۔ پھر آپ سجدہ کرتے تھے۔ پھر آپ تکبیر کہتے تھے اور بائیں ٹانگ کے بل بیٹھ جاتے تھے۔ یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی مخصوص جگہ پر آجاتی تھی۔ پھر آپ کھڑے ہوتے تھے اور دوسری رکعت میں بھی ایسے کرتے تھے۔ پھر آپ جب دو رکعات ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوتے تھے۔ دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے۔ جس طرح نماز کے آغاز میں کیے تھے۔ پھر آپ بقیہ نماز بھی اس طرح ادا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ جب آپ سجدہ کر لیتے تھے اس کے بعد سلام پھیرنا ہوتا تھا تو آپ اپنے دونوں پاؤں نکال لیتے تھے اور بائیں پہلو کے بل تورک کے طور پر بیٹھ جاتے تھے۔

تو دیگر صحابہ کرام نے کہا آپ نے سچ کہا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح نماز ادا کرتے تھے۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: چار رکعات میں چھ سو چیزیں سنت ہیں' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں' ہم نے انہیں ان کی فصول کے ہمراہ کتاب ''نماز کا طریقہ'' میں ذکر کیا ہے۔ اب اس کتاب میں اس نوع کی ترتیب کے ذریعے میں نے اس کتاب سے بے نیاز کر دیا ہے۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عبدالحمید نامی راوی ثقہ اور متقن راویوں میں سے ایک ہیں۔ میں نے ان کے حالات کی تحقیق کی ہے' میں نے نہیں دیکھا کہ یہ کسی منکر روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہوں جس میں ان کے ساتھ کوئی شریک نہ ہو۔ فلیح بن سلیمان اور عیسیٰ بن عبداللہ' محمد بن عمرو کے حوالے سے حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کرنے میں عبدالحمید کے موافق ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خَبَرَ مَالِكٍ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ خبر مختصر ذكر بقصته فِىْ خبر عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مالک کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت ایک مختصر روایت ہے' یہ واقعہ عبیداللہ بن عمر کے حوالے سے منقول روایت میں مذکور ہے

1868 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْعَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِىُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ

1867- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عبد الحميد بن جعفر، فإنه من رجال مسلم. أبو عاصم: هو الضحاك بن خلد. وأخرجه الترمذي "305" في الصلاة: باب ما جاء في وصف الصلاة، وابن ماجه "1061" في الإقامة: باب إتمام الصلاة، وابن خزيمة في صحيحه "588" عن محمد بن بشار، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/313، 314 عن أبي عاصم، به. وأخرجه أبو داوٗد "730" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، و "963": باب من ذكر التورك في الرابعة، عن أحمد بن حنبل، والطحاوي 1/223و258 عن أبي بكرة، وابن الجارود "192" و "193" عن محمد بن يحيى، والبيهقي في السنن 2/72و118و123و129 من طريق محمد بن سنان القزاز، كلهم عن أبي عاصم، به. وانظر "1865" و "1866".

(متن حدیث): عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ وَاِذَا قَالَ: "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" وَاِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَهُمَا اِلٰى مَنْكِبَيْهِ. (5: 44)

سالم اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: جب آپ نماز شروع کرتے تھے تو رفع یدین کرتے تھے۔ جب رکوع میں جاتے تھے۔ رفع یدین کرتے تھے جب سمع الله لمن حمده کہتے تھے (یعنی جب رکوع سے کھڑے ہوجاتے تھے) تو رفع یدین کرتے تھے۔ جب آپ دو رکعات کے بعد کھڑے ہوتے تھے تو بھی دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ احْتَجَّ بِهٖ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ وَنَفْىِ رَفْعَ الْيَدَيْنِ فِي الصَّلَاةِ فِي الْمَوَاضِعِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

اس روایت کا تذکرہ جس سے اس شخص نے استدلال کیا' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے نماز کے دوران ان مقامات پر رفع یدین کرنے کی نفی کی' جن کا ہم نے ذکر کیا ہے

1869 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَّزِيدَ بْنِ مُحَمَّدِ القرش وَعَنْ يَّزِيدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ

(متن حدیث): اَنَّهٗ كَانَ جَالِسًا مَّعَ نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ اَنَا اَحْفَظُكُمْ لِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُهٗ اِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ اَمْكَنَ يَدَيْهِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهٗ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ اسْتَوَى فَاِذَا سَجَدَ وَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَلَا

1868- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "739" في الأذان: باب رفع اليدين إذا قام من الركعتين، وأبو داؤد "741" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، من طريق عبد الأعلى بن عبد الأعلى، والبخاري في قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة: ص 200، وابن خزيمة في صحيحه "693" من طريق المعتمر بن سليمان، كلاهما عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد. وتقدم برقم "1861" من طريق مالك، و "1864" من طريق سفيان، كلاهما عن الزهري، به. فانظرهما.

1869- عبد الله بن محمد بن عمرو الغزي: ثقة روى له أبو داؤد، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير يزيد بن محمد، وهو ابن قيس بن مخرمة بن المطلب القرشي، فإنه من رجال البخاري، يحيى بن بكير: هو يحيى بن عبد الله بن بكير، والليث: هو ابن سعد. وأخرجه البخاري "828" في الأذان: باب سنة الجلوس في التشهد، ومن طريقه البيهقي في السنن 2/128، والبغوي في شرح السنة "557" عن يحيى بن بكير، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "828" أيضًا ومن طريقه البيهقي 2/128، والبغوي "557"، عن يحيى بن بكير. وأخرجه أبو داؤد "732" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، و "964": باب من ذكر التورك في الرابعة، من طريق ابن وهب، عن الليث بن سعد، به. وأخرجه أبو داؤد "731" و "965"، والبيهقي 2/84 و97 و102 و116 من طريق الليث وابن لهيعة، وابن خزيمة "652" من طريق يحيى بن أيوب، ثلاثتهم عن يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عمرو بن حلحلة، به. وانظر "1865".

قَابِضٍ وَاسْتَقْبَلَ بِاَطْرَافِ رِجْلَيْهِ اِلَى الْقِبْلَةِ وَاِذَا جَلَسَ فِى الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ قَدَّمَ رجله اليسرى وجلس على مقعدته. (5: 44)

😇😇 محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں۔ وہ صحابہ کرام کے ہمراہ بیٹھے تھے تو حضرت ابوحمید ساعدی نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں آپ سب سے زیادہ یاد رکھے ہوئے ہوں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب آپ تکبیر کہتے تھے تو دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے جب رکوع میں جاتے تو دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ لیتے تھے۔ آپ اپنی پشت کو سیدھا رکھتے تھے۔ جب آپ سر اٹھاتے تھے تو سیدھا کھڑے ہو جاتے تھے اور جب سجدے میں جاتے تو دونوں بازوں بچھاتے بھی نہیں تھے اور اٹھا کر بھی نہیں رکھتے تھے۔ آپ اپنی دونوں پاؤں کا رخ قبلہ کی طرف رکھتے تھے جب آپ آخری رکعت میں بیٹھتے تھے تو بائیں ٹانگ کو باہر نکال لیتے تھے اور تشریف گاہ پر بیٹھتے تھے۔

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

3

جہانگیری

صحیح ابن حبان

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

شبیر برادرز

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

جہانگیری

صحیح ابن حبان

3

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ٤٠، اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

نام کتاب ______ صحیح ابن حبان

مترجم ______ ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

کمپوزنگ ______ ورڈ زمیکر

باہتمام ______ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ______ فروری 2014ء

سرورق ______ اے ایف ایس ایڈورٹائزر لاہور 0322-7202212

طباعت ______ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ______ روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

عنوانات

عنوان	صفحہ

صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان
۳۹۰	اس بات کا تذکرہ کہ جب آدمی کے پاس صرف ایک کپڑا ہو اور وہ بڑا نہ ہو تو اسے کیا کرنا چاہیے؟	۳۹۷	فرمان کے عموم کو خاص کیا گیا ہے ''میرے لیے تمام روئے زمین کو مسجد بنا دیا گیا ہے''
۳۹۱	اس بات کی اطلاع کا تذکرہ (اضافی کپڑے کی) عدم موجودگی میں ایک کپڑے میں نماز ادا کرنا آدمی کیلئے جائز ہے	۳۹۷	اس راویت کا تذکرہ جو ان الفاظ کے عموم کو خاص کرتی ہے جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں
۳۹۱	آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ چٹائی پر نماز ادا کرے	۳۹۸	اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اشعث بن عبدالملک کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں حفص بن غیاث نامی راوی منفرد ہے
۳۹۲	آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کے وہ بچھونے پر نماز ادا کرے	۳۹۸	اس روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے
۳۹۳	اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ نمازیں اس کھانے کے بعد تھیں جو نبی اکرم ﷺ نے انصار کے ہاں کھایا تھا	۳۹۹	اس روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ الفاظ کے عموم کے خاص ہونے کی صراحت کرتی ہے
۳۹۳	اوڑھنی پر آدمی کی نماز کے جائز ہونے کا تذکرہ	۳۹۹	قبروں کے درمیان' قبرستان میں نماز ادا کرنے کی ممانعت کا تذکرہ
۳۹۴	آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اوڑھنی پر نماز ادا کرے	۳۹۹	اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں اشعث نامی راوی منفرد ہے
۳۹۴	اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے	۴۰۰	قبروں کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنے اور ان پر بیٹھ کر نماز ادا کرنے کی ممانعت کا تذکرہ
۳۹۵	اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ تمام زمین پاک ہے آدمی کیلئے اس پر نماز ادا کرنا جائز ہے	۴۰۰	اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی قبروں کو مساجد بنالے اور نماز ادا کرے
۳۹۶	اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''میرے لیے زمین کو طہارت کے حصول کا ذریعہ اور نماز اادا کرنے کی جگہ بنا دیا گیا ہے'' اس سے آپ کی مراد زمین کا کچھ حصہ ہے ساری زمین مراد نہیں ہے	۴۰۱	اس بعض علت کا ذکر جس کی وجہ سے قبروں کے درمیان نماز ادا کرنے سے منع کیا گیا ہے
۳۹۶	اس پہلی تخصیص کی صفت کا تذکرہ جس کے ذریعے ان الفاظ کے عموم کو خاص کیا گیا ہے جن الفاظ کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے	۴۰۱	اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں پر لعنت کرنے کا تذکرہ جنہوں نے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنالیا
۳۹۶	اس دوسری تخصیص کا تذکرہ جس کے ذریعے ہمارے ذکر کردہ الفاظ کے عموم کو خاص کیا گیا ہے	۴۰۲	اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب قبر کو اکھاڑ دیا جائے اور اس کی مٹی کو برابر کر لیا جائے اس جگہ پر نماز ادا کرنا جائز ہو جاتا ہے اگر چہ وہاں پہلے قبریں موجود رہی ہوں
	اس تیسری تخصیص کا تذکرہ جس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کے اس		

فوت شدہ نمازوں کو قضا کرنا

مسافر کا بیان

عنوان — صفحہ

عنوان	صفحہ

نماز استسقاء کا بیان

نماز خوف کا بیان

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خَبَرَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ خَبَرٌ مُخْتَصَرٌ ذُكِرَ بِقِصَّتِهِ فِي خَبَرِ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' کہ محمد بن عمرو بن حلحلہ کے حوالے سے منقول وہ روایت جسے ہم نے ذکر کیا ہے وہ ایک مختصر روایت ہے' اس کا پورا واقعہ عبدالحمید بن جعفر کی نقل کردہ روایت میں ہے

1870 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَوْدِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدٍ السَّاعِدِيَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ اسْتَقْبَلَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَاِذَا رَكَعَ كَبَّرَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حِيْنَ رَكَعَ، ثُمَّ عَدَلَ صُلْبَهُ، وَلَمْ يُصَوِّبْ رَاْسَهُ وَلَمْ يُقْنِعْهُ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ اعْتَدَلَ حَتّٰى رَجَعَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهِ مُعْتَدِلًا، ثُمَّ هَوٰى اِلَى الْاَرْضِ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَسَجَدَ وَجَافٰى عَضُدَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ، وَاسْتَقْبَلَ بِاَطْرَافِ اَصَابِعِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، وَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَثَنٰى رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَقَعَدَ عَلَيْهَا، وَاعْتَدَلَ حَتّٰى رَجَعَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهِ مُعْتَدِلًا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، ثُمَّ عَادَ فَسَجَدَ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، ثُمَّ ثَنٰى رِجْلَهُ الْيُسْرٰى، ثُمَّ قَعَدَ عَلَيْهَا حَتّٰى رَجَعَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهِ، ثُمَّ قَامَ فَصَنَعَ فِي الْاُخْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتّٰى اِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، كَبَّرَ وَصَنَعَ كَمَا صَنَعَ فِيْ ابْتِدَاءِ الصَّلَاةِ، حَتّٰى اِذَا كَانَتِ السَّجْدَةُ الَّتِيْ تَكُوْنُ خَاتِمَةَ الصَّلَاةِ، رَفَعَ رَاْسَهُ مِنْهُمَا، وَاَخَّرَ رِجْلَهُ، وَقَعَدَ مُتَوَرِّكًا عَلٰى رِجْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

✿✿ محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوتے تھے' تو آپ قبلہ کی طرف رُخ کرتے تھے اور دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے یہاں تک کہ انہیں کندھوں کے برابر لے آتے تھے' پھر آپ اللہ اکبر کہتے تھے۔ جب آپ رکوع میں جاتے تھے' تو تکبیر کہتے تھے جب آپ رکوع میں جاتے تھے' تو رفع یدین کرتے تھے' پھر آپ اپنی پشت کو سیدھا کر لیتے تھے۔ آپ اپنے سر کو اٹھاتے بھی نہیں تھے اور جھکاتے بھی نہیں

1870- إسناده صحيح، عبد الله بن عمرو الأودي روى له ابن ماجه، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد الحميد بن جعفر. أبو أسامة: هو حماد بن أسامه .وأخرجه البيهقي في السنن 2/116 من طريق إسحاق بن إبراهيم وأبي كريب، كلاهما عن أبي أسامة، بهٰذا الإسناد. وانظر "1865" و "1867" و "1869" و "1876".

تھے پھر آپ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتے تھے اور دونوں ہاتھ بلند کرتے ہوئے انہیں کندھوں کے برابر تک لے آتے تھے پھر آپ سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی مخصوص جگہ پر اعتدال کی حالت میں آجاتی تھی پھر آپ زمین کی طرف جھکتے تھے اور اللہ اکبر کہتے تھے جب آپ سجدے میں جاتے تھے تو اپنے دونوں بازو پہلو سے الگ رکھتے تھے اور اپنے پاؤں کی انگلیوں کے کناروں کا رُخ قبلہ کی طرف رکھتے تھے پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے اور اللہ اکبر کہتے تھے۔ آپ اپنی بائیں ٹانگ کو بچھا کر اس پر تشریف فرما ہو جاتے تھے یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی مخصوص جگہ پر اعتدال کی حالت میں آجاتی تھی پھر آپ اللہ اکبر کہتے ہوئے دوبارہ سجدے میں چلے جاتے تھے پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے اور اللہ اکبر کہتے تھے پھر بائیں ٹانگ کو بچھا دیتے تھے اور اس پر تشریف فرما ہو جاتے تھے یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی مخصوص جگہ پر آجاتی تھی پھر آپ کھڑے ہوتے تھے اور دوسری (رکعت) میں بھی اسی طرح کرتے تھے یہاں تک کہ جب آپ دو رکعات ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوتے تھے تو تکبیر کہنے کے بعد اسی طرح کرتے تھے جس طرح آپ نے نماز کے آغاز میں کیا تھا (یعنی رفع یدین کرتے تھے) یہاں تک کہ جب وہ سجدہ آتا جس پر نماز ختم ہو رہی ہوتی (یعنی آخری سجدہ آتا) تو آپ دو سجدوں کے بعد اپنے سر کو اٹھاتے تھے اور اپنی ٹانگ کو پیچھے کر کے اپنی ٹانگ پر تورک کے طور بیٹھ جاتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمُصَلِّيْ رَفْعَ الْيَدَيْنِ عِنْدَ اِرَادَتِهِ الرُّكُوْعَ وَبَعْدَ رَفْعِهٖ رَاْسَهٗ مِنْهُ كَمَا يَرْفَعُهُمَا عِنْدَ ابْتِدَاءِ الصَّلَاةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نمازی پر رکوع میں جانے کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت دونوں ہاتھ بلند کرنا اسی طرح لازم ہے جس طرح وہ انہیں نماز کے آغاز میں بلند کرتا ہے

1871 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبَّاسُ بْنُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): اِجْتَمَعَ اَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، وَاَبُوْ اُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، وَسَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، فَذَكَرُوْا صَلَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ: اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فَكَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حِيْنَ كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ، ثُمَّ رَكَعَ، فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ كَالْقَابِضِ عَلَيْهِمَا فَوَتَرَ يَدَيْهِ فَنَحَّاهُمَا عَنْ جَنْبَيْهِ، وَلَمْ يُصَوِّبْ رَاْسَهٗ وَلَمْ يُقْنِعْهُ، ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَاسْتَوٰى حَتّٰى رَجَعَ كُلُّ عُضْوٍ اِلٰى مَوْضِعِهٖ، ثُمَّ سَجَدَ اَمْكَنَ اَنْفَهٗ وَجَبْهَتَهٗ، وَنَحّٰى يَدَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ، وَوَضَعَ كَفَّيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ حَتّٰى رَجَعَ كُلُّ عُضْوٍ فِيْ مَوْضِعِهٖ حَتّٰى فَرَغَ، ثُمَّ جَلَسَ فَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَاَقْبَلَ بِصَدْرِ الْيُمْنٰى عَلٰى قِبْلَتِهٖ، وَوَضَعَ كَفَّهُ الْيُمْنٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُمْنٰى، وَكَفَّهُ الْيُسْرٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى، وَاَشَارَ بِاُصْبُعِهِ السَّبَّابَةِ. (5: 2)

عباس بن سہل ساعدی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ حضرت ابواسید ساعدی رضی اللہ عنہ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ اور حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ اکٹھے ہوئے۔ ان حضرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا تذکرہ کیا' تو حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں' میں آپ سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں (پھر انہوں نے بیان کیا)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے تھے' تو آپ تکبیر کہتے ہوئے رفع یدین کرتے تھے جب آپ رکوع میں جانے کے لئے تکبیر کہتے تھے' پھر رفع یدین کرتے تھے' پھر آپ رکوع میں چلے جاتے تھے اور اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر یوں رکھ لیتے تھے جس طرح انہیں پکڑے ہوئے ہیں۔ آپ اپنے دونوں بازو سیدھے رکھتے تھے اور انہیں پہلو سے الگ رکھتے تھے۔ آپ اپنے سر کو اٹھا کر بھی نہیں رکھتے تھے اور جھکا کر بھی نہیں رکھتے تھے۔ پھر آپ کھڑے ہو جاتے اور رفع یدین کرتے' یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہو جاتے اور آپ کا ہر ایک عضو اپنی مخصوص جگہ پر آ جاتا پھر آپ سجدے میں جاتے تو اپنی ناک اور پیشانی کو جما کر رکھتے۔ آپ اپنے دونوں بازو اپنے پہلو سے الگ رکھتے تھے۔ آپ اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے کندھوں کے برابر رکھتے تھے' پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے یہاں تک کہ ہر عضو اپنی مخصوص جگہ پر آ جاتا' یہاں تک کہ جب آپ (نماز کی رکعات ادا کر کے) فارغ ہوتے تو آپ تشریف فرما ہوتے آپ اپنی بائیں ٹانگ کو بچھا لیتے تھے۔ آپ اپنے دائیں (پاؤں کی انگلیوں) کو قبلہ کی طرف رکھتے تھے۔ آپ اپنی دائیں ہتھیلی کو دائیں زانو پر رکھتے تھے اور بائیں ہتھیلی کو بائیں زانو پر رکھتے تھے اور اپنی شہادت کی انگلی کے ذریعے اشارہ کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اُمَّتَهُ بِرَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الصَّلَاةِ عِنْدَ اِرَادَتِهِمُ الرُّكُوْعَ وَعِنْدَ رَفْعِهِمْ رُءُوسَهُمْ مِنْهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو رکوع میں جانے کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت رفع یدین کرنے کا حکم دیا ہے

1872 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَلَيَّةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُتَقَارِبُوْنَ، فَاَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً فَظَنَّ اَنَّا قَدِ اشْتَقْنَا اَهْلِيْنَا، سَاَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَا مِنْ اَهْلِيْنَا، فَاَخْبَرْنَاهُ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيْمًا رَفِيْقًا، فَقَالَ: ارْجِعُوْا اِلٰى اَهْلِيْكُمْ، فَعَلِّمُوْهُمْ، وَمُرُوْهُمْ، وَصَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ، فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَلْيُؤَذِّنْ اَحَدُكُمْ، وَلْيَؤُمَّكُمْ اَكْبَرُكُمْ. (5: 4)

1872- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فإنه من رجال البخاري، وقد تقدم برقم "1658" في باب الأذان، بإسناده هنا، وتقدم تخريجه هناك. وسيعيده المؤلف برقم "2128" و "2129" و "2130" و "2131".

۞۞ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نوجوان ہم عمر لوگ تھے۔ہم نے آپ کے ہاں بیس دن قیام کیا جب آپ کو یہ اندازہ ہوا' ہمیں اپنے اہل خانہ (سے دور رہنے میں) دشواری ہو رہی ہے' تو آپ نے ہم سے دریافت کیا: ہم نے اپنے اہل خانہ کے لئے کیا چھوڑا ہے۔ہم نے آپ کو اس بارے میں بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بڑے مہربان اور نرم دل تھے۔آپ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے گھر والوں کی طرف واپس چلے جاؤ تم انہیں تعلیم دو تم انہیں حکم دو اور اس طرح نماز ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' جب نماز کا وقت ہو جائے' تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور جو شخص تم میں سے عمر میں بڑا ہو وہ تمہاری امامت کرے۔"

ذِكْرُ اسْتِعْمَالِ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ مَا اَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاتِهٖ

حضرت مالک بن حویرث کا اس پر عمل کرنے کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز کے بارے میں ان کو حکم دیا تھا

1873 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا شَبَّابُ بْنُ صَالِحٍ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ:

(متن حدیث): اَنَّهُ رَاَى مَالِكَ بْنَ الْحُوَيْرِثِ: اِذَا صَلَّى كَبَّرَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، رَفَعَ يَدَيْهِ، وَحَدَّثَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ هٰكَذَا. (5: 4)

۞۞ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کو دیکھا' جب انہوں نے نماز ادا کی تو تکبیر کہی اور رفع یدین کیا جب انہوں نے رکوع میں جانے کا ارادہ کیا' تو رفع یدین کیا۔جب رکوع سے سر اٹھایا' تو رفع یدین کیا۔انہوں نے یہ بات بیان کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس طرح کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ غَيْرُ جَائِزٍ فِيْ فَضْلِهٖ وَعِلْمِهٖ اَنْ لَّا يَرَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِىْ وَصَفْنَا اِذْ كَانَ مِنْ اُولِى الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے'

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے علم وفضل کے حوالے سے یہ بات ممکن نہیں ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان مقامات

1873- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهب بن بقية: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. خالد الأول: هو ابن عبد الله الواسطي، والثاني هو خالد بن مهران الحذاء . وأخرجه مسلم "391" "24" في الصلاة: باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الإحرام والركوع، والبيهقي في السنن 2/71 من طريقين عن خالد بن عبد الله الواسطي، بهذا الإسناد. وتقدم برقم "1863" من طريق نصر بن عاصم، عن مالك بن الحويرث، به، فانظره.

پر رفع یدین کرتے ہوئے نہ دیکھا ہو جن کا ہم نے ذکر کیا ہے کیونکہ وہ تجربہ کار اور سمجھدار حضرات میں سے تھے اللہ تعالیٰ ان پر رحمت نازل کرے

1874 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَعَلْقَمَةُ عَلٰى ابْنِ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ لَنَا: اَصَلّٰى هٰؤُلَاءِ؟ فَقُلْنَا: لَا، قَالَ: فَقُوْمُوْا فَصَلُّوا، فَذَهَبْنَا لِنَقُوْمَ خَلْفَهُ، فَجَعَلَ اَحَدَنَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ، وَالْاٰخَرَ عَنْ شِمَالِهٖ، فَصَلّٰى بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ، فَجَعَلَ اِذَا رَكَعَ شَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ فِي الصَّلَاةِ، فَجَعَلَهَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ، فَلَمَّا صَلّٰى، قَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ، وَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّهَا سَتَكُوْنُ عَلَيْكُمْ اُمَرَاءُ يُمِيتُوْنَ الصَّلَاةَ يَخْنُقُوْنَهَا اِلٰى شَرَقِ الْمَوْتٰى، فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ، فَلْيُصَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَلْيَجْعَلْ صَلَاتَهُ مَعَهُمْ سُبْحَةً. (5: 4)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ مِمَّنْ يُشَبِّكُ يَدَيْهِ فِي الرُّكُوْعِ، وَزَعَمَ اَنَّهُ كَذٰلِكَ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ، وَاَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ قَاطِبَةً مِنْ لَّدُنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِنَا هٰذَا عَلٰى اَنَّ الْفِعْلَ كَانَ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ، ثُمَّ نَسَخَهُ الْاَمْرُ بِوَضْعِ الْيَدَيْنِ لِلْمُصَلِّيْ فِيْ رُكُوْعِهٖ، فَاِنْ جَازَ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ فِيْ فَضْلِهٖ وَوَرَعِهٖ، وَكَثْرَةِ تَعَاهُدِهٖ اَحْكَامَ الدِّيْنِ، وَتَفَقُّدِهٖ اَسْبَابَ الصَّلَاةِ خَلْفَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِي الصَّفِّ الْاَوَّلِ، اِذْ كَانَ مِنْ اُولِي الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى اَنْ يَّخْفٰى عَلَيْهِ مِثْلُ هٰذَا الشَّيْءِ الْمُسْتَفِيْضِ الَّذِيْ هُوَ مَنْسُوْخٌ بِاِجْمَاعِ الْمُسْلِمِيْنَ، اَوْ رَاٰهُ فَنَسِيَهُ، جَازَ اَنْ يَّكُوْنَ رَفْعُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ، وَعِنْدَ رَفْعِ الرَّاْسِ مِنَ الرُّكُوْعِ، مِثْلَ التَّشْبِيْكِ فِي الرُّكُوْعِ اَنْ يَّخْفٰى عَلَيْهِ ذٰلِكَ، اَوْ يَنْسَاهُ بَعْدَ اَنْ رَاٰهُ.

اسود بیان کرتے ہیں: میں اور علقمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے ہم سے دریافت کیا: کیا ان لوگوں نے نماز ادا کر لی ہے۔ ہم نے جواب دیا: جی نہیں، تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ کھڑے ہو کر نماز ادا کرو ہم اٹھ کر ان کے پیچھے کھڑے ہونے لگے، تو انہوں نے ہم دونوں میں سے ایک کو اپنے دائیں طرف کھڑا کر لیا اور دوسرے کو بائیں طرف کھڑا کر لیا پھر انہوں نے اذان دیئے بغیر اور اقامت کہے بغیر نماز ادا کی۔ نماز کے دوران جب وہ رکوع میں گئے، تو انہوں نے انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کیں اور انہیں اپنے دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھ لیا جب انہوں نے نماز ادا کر لی، تو یہ بات بیان کی۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا تھا:

''اے لوگو! عنقریب تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں گے، جو نماز کو فوت کر دیں گے وہ اس کا گلا یوں گھونٹیں گے جس طرح

1874- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه النسائي 2/49-50 في المساجد: باب تشبيك الأصابع في المسجد، عن إسحاق بن إبراهيم، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مسلم "534" .

قریب المرگ شخص ہوتا ہے۔تم میں سے جو شخص یہ صورت حال پائے وہ نماز کو اس کے مخصوص وقت میں ادا کر لے اور ان لوگوں کے ساتھ اپنی نماز کو نفل بنا لے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) :حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ رکوع کے دوران انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کیا کرتے تھے اور وہ اس بات کے قائل تھے کہ انہوں نبی اکرم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے لے کر ہمارے آج کے دن تک تمام مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ فعل ابتدائے اسلام میں تھا اور پھر رکوع میں دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھنے کے حکم نے اسے منسوخ کر دیا۔تو جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جیسی شخصیت کے تمام تر علم و فضل اور زہد و تقویٰ اور ان کے دینی احکام پر بکثرت عمل پیرا ہونے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ان کے پہلی صف میں نماز ادا کرنے' کیونکہ وہ سمجھدار اور تجربہ کار افراد میں سے ایک تھے' اس سب کے باوجود ان سے یہ چیز مخفی سے رہ سکتی ہے جو تمام مسلمانوں کے اتفاق کے ساتھ منسوخ ہے یا پھر انہوں نے اسے دیکھا اور وہ اسے بھول گئے تو یہ بات بھی ممکن ہے کہ رکوع کے دوران انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کرنے کی طرح رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رفع یدین کرنا' ان سے مخفی رہ گیا ہو یا انہوں نے اسے دیکھا ہو پھر وہ اسے بھول گئے ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخَيِّرَ الْفَاضِلَ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ قَدْ يَخْفٰى عَلَيْهِ مِنَ السُّنَنِ الْمَشْهُوْرَةِ مَا يَحْفَظُهُ مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ، اَوْ مِثْلُهٗ وَاِنْ كَثُرَ مُوَاظَبَتُهٗ عَلَيْهَا، وَعِنَايَتُهٗ بِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' کہ بعض اوقات بہتر اور فضیلت رکھنے والے اہل علم سے

بعض مشہور سنتیں مخفی رہ جاتی ہیں جبکہ وہ چیز ان سے کم مرتبے یا ان کے مانند مرتبے کے مالک شخص کو یاد ہوتی ہیں اگر وہ (دوسرا شخص) ان کا باقاعدگی کے ساتھ اہتمام کرتا ہے اور انہیں زیادہ توجہ دیتا ہے

1875 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ:

(متن حدیث):دَخَلْتُ اَنَا وَعَلْقَمَةُ عَلٰى ابْنِ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ لَنَا: قُوْمُوْا فَصَلُّوا، فَذَهَبْنَا لِنَقُوْمَ خَلْفَهٗ، فَاَقَامَ اَحَدَنَا عَنْ يَمِيْنِهٖ، وَالْاٰخَرَ عَنْ شِمَالِهٖ، فَصَلّٰى بِنَا بِغَيْرِ اَذَانٍ وَلَا اِقَامَةٍ، فَجَعَلَ اِذَا رَكَعَ طَبَّقَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ، وَجَعَلَهَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ، فَلَمَّا صَلّٰى قَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ . (1: 99)

اسود بیان کرتے ہیں: میں اور علقمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو انہوں نے ہم سے فرمایا تم لوگ اٹھو اور نماز ادا کر لو۔ہم اٹھ کر ان کے پیچھے کھڑے ہونے لگے' تو انہوں نے ہم میں سے ایک کو اپنے دائیں طرف کھڑا کر لیا اور دوسرے کو اپنے بائیں طرف کھڑا کر لیا۔انہوں نے اذان دیئے بغیر اور اقامت کہے بغیر ہمیں نماز پڑھائی جب وہ رکوع میں گئے' تو انہوں نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کیں اور انہیں دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھ لیا۔جب انہوں نے نماز ادا کر لی' تو یہ بات بیان کی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمُصَلِّي اَنْ يَّرْفَعَ يَدَيْهِ اِلٰى مَنْكِبَيْهِ عِنْدَ قِيَامِهٖ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ فِيْ صَلَاتِهٖ

نمازی کیلئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ وہ اپنی نماز میں دو رکعات کے بعد کھڑے ہوتے وقت اپنے دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرے

1876 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدٍ السَّاعِدِيَّ، فِيْ عَشْرَةٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَحَدُهُمْ اَبُوْ قَتَادَةَ، قَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ: اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوْا لَهٗ: وَلِمَ؟ فَوَاللّٰهِ مَا كُنْتَ اَكْثَرَنَا لَهٗ تَبَعَةً، وَلَا اَقْدَمَنَا لَهٗ صُحْبَةً، قَالَ: بَلٰى، قَالُوْا: فَاعْرِضْ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ كَبَّرَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، وَيَقِرَّ كُلُّ عَظْمٍ فِيْ مَوْضِعِهٖ مُعْتَدِلًا، ثُمَّ يَقْرَاُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ، وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، وَيَرْكَعُ، وَيَضَعُ رَاحَتَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ يَعْتَدِلُ فَلَا يُصَوِّبُ رَاْسَهٗ وَلَا يَرْفَعُهٗ، ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ، وَيَقُوْلُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ، وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ مُعْتَدِلًا، ثُمَّ يَقُوْلُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، ثُمَّ يَهْوِي اِلَى الْاَرْضِ، وَيُجَافِيْ يَدَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ، ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ، فَيَثْنِيْ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى، فَيَقْعُدُ عَلَيْهَا وَيَفْتَحُ اَصَابِعَ رِجْلَيْهِ اِذَا سَجَدَ، ثُمَّ يَعُوْدُ فَيَسْجُدُ، وَيَرْفَعُ رَاْسَهٗ وَيَقُوْلُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَيَثْنِيْ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى، فَيَقْعُدُ عَلَيْهَا حَتّٰى يَعُوْدَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهٖ مُعْتَدِلًا، ثُمَّ يَصْنَعُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُخْرٰى مِثْلَ ذٰلِكَ، وَاِذَا قَامَ مِنَ الثِّنْتَيْنِ كَبَّرَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، كَمَا صَنَعَ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ، ثُمَّ صَنَعَ مِثْلَ ذٰلِكَ فِيْ بَقِيَّةِ صَلَاتِهٖ، حَتّٰى اِذَا كَانَتْ قَعْدَةُ السَّجْدَةِ الَّتِيْ فِيْهَا التَّسْلِيْمُ، اَخَّرَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى، وَقَعَدَ مُتَوَرِّكًا عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْسَرِ قَالُوْا جَمِيْعًا: هٰكَذَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ. (5: 2)

محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کو دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں جن میں سے ایک حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ یہ بیان کرتے ہوئے سنا حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں آپ سب سے زیادہ علم رکھتا ہوں۔ ان حضرات نے ان سے کہا: وہ کیوں؟ اللہ کی قسم! آپ نہ تو ہم سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار ہیں اور نہ ہم سے زیادہ پرانے صحابی ہیں۔ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں ان حضرات نے کہا: پھر آپ پیش کیجئے' تو حضرت ابوحمید نے بتایا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے' تو آپ تکبیر کہتے تھے اور دونوں ہاتھ

1876- إسناده صحيح، وهو مكرر "1867"

کندھوں تک بلند کر لیتے تھے۔ آپ اپنی ہر ہڈی کو اس کی مخصوص جگہ پر اعتدال کی حالت میں رکھتے تھے' پھر آپ تلاوت کرتے تھے۔ پھر آپ تکبیر کہتے تھے' پھر آپ رفع یدین کرتے ہوئے دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھاتے تھے اور رکوع میں چلے جاتے تھے۔ آپ اپنی دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنوں پر رکھتے تھے' پھر آپ اعتدال کی حالت میں رہتے تھے۔ آپ اپنے سر کو نہ تو جھکاتے تھے اور نہ ہی اٹھاتے تھے' پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے اور سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھتے تھے آپ دونوں ہاتھ کندھوں تک اعتدال کی حالت میں بلند کرتے تھے' پھر اللہ اکبر کہتے تھے' پھر آپ زمین کی طرف جھک جاتے تھے اور دونوں بازو پہلو سے دور رکھتے تھے' پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے آپ اپنی بائیں ٹانگ کو بچھا لیتے تھے اور اس پر تشریف فرما ہو جاتے تھے جب آپ سجدے میں جاتے تھے' تو آپ اپنے پاؤں کی انگلیوں کو کشادہ رکھتے تھے' پھر آپ دوبارہ سجدے میں چلے جاتے تھے' پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے اور اللہ اکبر کہتے تھے۔ آپ اپنی بائیں ٹانگ کو بچھا کر اس پر تشریف فرما ہو جاتے تھے' یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی مخصوص جگہ پر اعتدال کی حالت میں آ جاتی تھی' پھر آپ دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا کرتے تھے۔ جب آپ دو رکعات ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوتے تھے' تو تکبیر کہتے تھے اور دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے جس طرح آپ نے نماز کے آغاز میں کیا تھا' پھر آپ بقیہ نماز اسی طریقے سے ادا کرتے تھے' یہاں تک کہ جب اس سجدے کے بعد والا قعدہ آتا جس میں سلام پھیرنا ہوتا تو آپ اپنی بائیں ٹانگ کو پیچھے کر لیتے تھے اور بائیں پہلو کے بل تورک کے طور پر تشریف فرما ہو جاتے تھے۔

ان حضرات (یعنی دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح نماز ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّي رَفْعُ الْيَدَيْنِ عِنْدَ قِيَامِهِ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ مِنْ صَلَاتِهِ

نمازی کیلئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ نماز میں دو رکعات کے بعد کھڑے ہونے کے وقت رفع یدین کرے

1877 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّهٗ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ، وَاِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ فِيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ حَذْوَ الْمَنْكِبَيْنِ. (5: 4)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: جب آپ نماز شروع کرتے تھے' تو آپ رفع یدین کرتے تھے جب آپ رکوع میں جانے کا ارادہ کرتے تھے جب رکوع سے سر اٹھاتے تھے جب دو رکعات ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوتے تھے' تو آپ ان تمام مقامات پر دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کیا کرتے تھے۔

1878 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَوْدُوْدٍ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ

الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْمُسَيِّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِذَا النَّاسُ رَافِعُو اَيْدِيهِمْ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: مَا لِي اَرَاكُمْ رَافِعِي اَيْدِيكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ؟ اُسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ. (1: 24)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اس دوران کچھ لوگوں نے نماز کے دوران رفع یدین کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا وجہ ہے میں تمہیں دیکھ رہا ہوں' تم اپنے ہاتھ یوں بلند کر رہے ہو' جس طرح وہ سرکش گھوڑوں کی دُمیں ہوتی ہیں تم لوگ نماز کے دوران سکون کی حالت میں رہا کرو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ الْاَعْمَشُ مِنَ الْمُسَيِّبِ بْنِ رَافِعٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو اعمش نے مسیّب بن رافع سے نہیں سنا ہے

1879 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُسَيِّبَ بْنَ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَاَبْصَرَ قَوْمًا قَدْ رَفَعُوْا اَيْدِيهِمْ، فَقَالَ: قَدْ رَفَعُوْهَا كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ

1878 - إسناده صحيح على شرط مسلم . محمد بن عبد الأعلى الصنعاني: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وهو في صحيح ابن خزيمة برقم "693" وتقدم برقم "1868" من طريق عبد الوهاب الثقفي، عن عبيد الله بن عمر، به، وتقدم تخريجه هناك . وانظر "1861" و "1864". إسناده حسن. عبد الرحمٰن بن عمرو البجلي الحراني: سئل عنه أبو زرعة كما في الجرح والتعديل 5/267- فقال: شيخ، وذكره المؤلف في الثقات 8/380، وأرخ وفاته سنة 230هـ، وقد توبع عليه، وباقي رجاله ثقات، رجال الصحيح .وأخرجه أبو داوُد "661" في الصلاة: باب تسوية الصفوف، و "1000": باب في السلام، عن عبد الله بن محمد النفيلي، والطبراني في الكبير "1827" من طريق عمرو بن خالد الحراني، كلاهما عن زهير بن معاوية، بهٰذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/101و107 ، ومسلم "430" في الصلاة: باب الأمر بالسكون في الصلاة والنهي عن الإشارة باليد ورفعها عند السلام، والنسائي 3/ 4 في السهو: باب السلام بالأيدي في الصلاة، والبيهقي في السنن 2/280، والطبراني في الكبير "1822" و "1825"، "1826" و "1828" و "1829" من طرق عن الأعمش، به. وسيرد بعده من طريق شعبة، عن الأعمش، به، وبرقم "1880" و "1881" من طريق عبيد الله بن القبطية، عن جابر بن سمرة، به.

1879 - إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 5/93 عن محمد بن جعفر، بهٰذا الإسناد . وأخرجه الطبراني "1824" من طريق أبي الوليد، عن شعبة، به. وانظر ما قبله.

شُمْسٍ، اسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ . (1: 24)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں۔ آپ مسجد میں تشریف لائے' تو آپ نے کچھ لوگوں کو رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: ان لوگوں نے ہاتھ یوں اٹھائے ہیں جس طرح وہ سرکش گھوڑوں کی دُمیں ہوتی ہیں تم لوگ نماز کے دوران سکون کی حالت میں رہا کرو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُقْتَضِي لِلَّفْظَةِ الْمُخْتَصَرَةِ الَّتِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا بِاَنَّ الْقَوْمَ اِنَّمَا اُمِرُوْا بِالسُّكُوْنِ فِي الصَّلَاةِ عِنْدَ الْاِشَارَةِ بِالتَّسْلِيْمِ دُوْنَ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ

اس روایت کا تذکرہ جس میں اس روایت کے تفصیلی الفاظ ہیں جس کو مختصر طور پر ہم نے پہلے ذکر کیا ہے کہ لوگوں کو نماز کے دوران پرسکون رہنے کا حکم اس وقت دیا گیا تھا جب وہ سلام پھیرتے ہوئے اشارہ کررہے تھے یہ حکم رکوع میں جاتے ہوئے رفع یدین کرنے کے بارے میں نہیں ہے

1880 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْقِبْطِيَّةِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْنَا بِاَيْدِيْنَا: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي اَرٰى اَيْدِيَكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ، اِنَّمَا يَكْفِيْ اَحَدَكُمْ اَنْ يَّضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى فَخِذِهِ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَنْ يَّمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ . (1: 24)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کرتے تھے' تو ہم اپنے ہاتھ کے ذریعے (اشارہ کرتے ہوئے) دائیں طرف اور بائیں طرف السلام علیکم کہتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا وجہ ہے' میں دیکھ رہا ہوں' تمہارے ہاتھ سرکش گھوڑوں کی دُم کی مانند ہیں تم میں سے ہر ایک کے لئے اتنا کافی ہے' وہ اپنے دونوں ہاتھ اپنے زانوں پر رکھے اور پھر دائیں طرف اور بائیں طرف سلام پھیر دے۔

1880 - إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيح ابن خزيمة برقم "733" وأخرجه الشافعي في المسند 1/92، وعبد الرزاق "3135"، والحميدي "896"، وأحمد 5/ 86و88و102و107، وأبو داوُد "998" و "999" في الصلاة: باب في السلام، والنسائي 3/ 4-5 في السهو: باب السلام بالأيدي في الصلاة، وابن خزيمة "733"، والبيهقي في السنن 2/172و173و178و180، والطبراني في الكبير "1837"، والبغوي في شرح السنة "699" من طريق عن مسعر، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبراني "1839" و "1840" من طريق عمرو بن أبي قيس، وإسرائيل، كلاهما عن فرات القزاز، عن عبيد الله بن القبطية، به.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1881 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْقِبْطِيَّةِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا اِذَا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَفَعَ اَحَدُنَا يَدَهُ يُمْنَةً وَيُسْرَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي اَرَاكُمْ رَافِعِي اَيْدِيكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ، اَوَلَا يَكْفِي اَحَدَكُمْ اَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلٰى فَخِذِهِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلٰى مَنْ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَمَنْ عَنْ يَسَارِهِ .(1: 24)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم پہلے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کیا کرتے تھے تو ہم میں سے کوئی ایک شخص دائیں طرف اور بائیں طرف (سلام پھیرتے ہوئے) اپنا ہاتھ بلند کرتا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا وجہ ہے میں تمہیں یوں ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھتا ہوں جس طرح وہ سرکش گھوڑوں کی دُم ہوتے ہیں کیا تم میں سے کسی ایک کے لئے یہ کافی نہیں ہے وہ اپنا ہاتھ اپنے زانو پر رکھے اور پھر اپنے دائیں طرف موجود شخص اور بائیں طرف موجود شخص کو سلام کرے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِوَضْعِ الْيَدَيْنِ عَلَى الرُّكْبَتَيْنِ فِي الرُّكُوْعِ بَعْدَ اَنْ كَانَ التَّطْبِيقُ مُبَاحًا لَهُمْ اسْتِعْمَالُهُ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ رکوع میں دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے جائیں گے پہلے لوگوں کیلئے (رکوع کے دوران) تطبیق کرنا (یعنی دونوں ہاتھ جوڑ کر دونوں زانوں کے درمیان رکھنا) مباح تھا

1882 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي يَعْفُورٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): صَلَّيْتُ اِلٰى جَنْبِ اَبِي، فَطَبَّقْتُ بَيْنَ كَفَّيَّ، ثُمَّ وَضَعْتُهُمَا بَيْنَ فَخِذَيَّ، فَنَهَانِي عَنْ ذٰلِكَ، وَقَالَ: كُنَّا نَفْعَلُ هٰذَا، فَنُهِينَا عَنْهُ، وَاُمِرْنَا اَنْ نَضَعَ عَلَى الرُّكَبِ. (1: 99)

مصعب بن سعد بن ابی وقاص بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کے پہلو میں نماز ادا کی میں نے اپنی دونوں ہتھیلیوں کے درمیان تطبیق دی پھر میں نے انہیں اپنے دونوں زانوں کے درمیان رکھ لیا تو میرے والد نے مجھے اس سے منع کیا اور

1882- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عبيد الله بن القبطية، فإنه من رجال مسلم. وانظر ما قبله و "1878".

فرمایا ہم پہلے ایسا کیا کرتے تھے' پھر ہمیں اس سے منع کر دیا گیا' اور ہمیں یہ حکم دیا گیا' ہم (اپنے ہاتھ) گھٹنوں پر رکھیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ التَّطْبِيقَ فِي الرُّكُوعِ كَانَ فِي اَوَّلِ الْإِسْلَامِ ثُمَّ نُسِخَ ذٰلِكَ بِالْاَمْرِ بِوَضْعِ الْاَيْدِي عَلَى الرُّكَبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' رکوع میں تطبیق کا حکم ابتدائے اسلام میں تھا پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا اور گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم دیا گیا

1883 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، (عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ) *بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اِذَا صَلَّيْتُ، طَبَّقْتُ، وَوَضَعْتُ يَدَيَّ بَيْنَ رُكْبَتَيَّ، فَرَآنِيْ اَبِيْ سَعْدٌ، فَقَالَ: كُنَّا نَفْعَلُ هٰذَا، فَنُهِينَا عَنْهُ، وَاُمِرْنَا بِالرُّكَبِ. (1: 99)

❀❀ مصعب بن سعد بن ابی وقاص بیان کرتے ہیں: میں جب نماز ادا کرتا تھا تو میں تطبیق کیا کرتا تھا اور اپنے دونوں ہاتھ دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھا کرتا تھا۔ میرے والد حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے مجھے (ایسا کرتے ہوئے) دیکھا تو ارشاد فرمایا: پہلے ہم اس طرح کیا کرتے تھے' پھر ہمیں اس سے منع کر دیا گیا' اور ہمیں گھٹنوں (پر ہاتھ رکھنے کا) حکم دیا گیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ قَدْرِ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ لِلْمُصَلِّيْ فِيْ صَلَاتِهٖ

رکوع اور سجود کی مقدار کی صفت کا تذکرہ جو نمازی کیلئے اس کی نماز کے بارے میں ہے

1884 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ:

1883– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه البخاري "790" في الأذان: باب وضع الأكف على الركب في الركوع، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/230، والبيهقي 2/83 من طريق أبي الوليد الطيالسي، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أبو داوٗد "867" في الصلاة: باب وضع اليدين على الركبتين، عن حفص بن عمر، عن شعبة، به. وأخرجه الحميدي "79"، ومسلم "535" في المساجد: باب الندب إلى وضع الأيدي على الركب في الركوع ونسخ التطبيق، والترمذي "259" في الصلاة: باب ما جاء في وضع اليدين على الركبتين في الركوع، والنسائي 2/185 في التطبيق: باب نسخ ذلك، والدارمي 1/ 298، والبيهقي 2/ 83 من طرق عن أبي يعفور، به. وأخرجه عبد الرزاق "2953" عن معمر، عن أبي إسحاق، عن مصعب بن سعد، به. وانظر ما بعده.

1884– إسناده صحيح . رجاله رجال الشيخين ما خلا إسحاق الطالقاني، وهو ثقة، روى عنه أبو داوٗد وغيره . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/244، ومن طريقه مسلم "535" "30" في المساجد: باب الندب إلى وضع الأيدي على الركب في الركوع، عن وكيع، بهٰذا الإسناد . وصححه ابن خزيمة ."596" وأخرجه ابن أبي شيبة 1/244، ومسلم "535" "31"، والنسائي 2/185 في التطبيق، وابن ماجه "873"، وابن خزيمة "596" وأبو عوانة 2/166، والبيهقي 2/84 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، به . وأخرج أبو داوٗد "747"، والنسائي 2/184–185، وأحمد 1/418–419، وابن الجارود "196"، والدارقطني 1/339 من طرق .

(متن حدیث): كَانَ رُكُوعُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَفْعُهُ رَأْسَهُ بَعْدَ الرُّكُوعِ، وَسُجُودُهُ، وَجُلُوسُهُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ، قَرِيبًا مِنَ السَّوَاءِ . (5: 8)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رکوع' آپ کا رکوع کے بعد سر کو اٹھانا' آپ کا سجدہ کرنا اور آپ کا دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنا تقریباً ایک جتنا ہوتا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ أَنَّهُ يُضَادُّ خَبَرَ الْبَرَاءِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت حضرت براء رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

1885 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: إِنِّي لَا آلُو أَنْ أُصَلِّيَ بِكُمْ كَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِنَا، قَالَ ثَابِتٌ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَصْنَعُ شَيْئًا لَا أَرَاكُمْ تَصْنَعُونَهُ، كَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ قَامَ حَتّٰى يَقُولَ الْقَائِلُ: لَقَدْ نَسِيَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السَّجْدَةِ الْأُولٰى، قَعَدَ حَتّٰى يَقُولَ الْقَائِلُ: لَقَدْ نَسِيَ . (5: 8)

ثابت نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہم سے فرمایا میں اس حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں کروں گا' میں تمہیں اسی طرح نماز پڑھاؤں جس طرح میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیں نماز پڑھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

ثابت نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے وہ کچھ ایسا کیا کرتے تھے جو میں تمہیں کرتے ہوئے نہیں دیکھتا جب وہ رکوع سے سر اٹھانے کے بعد کھڑے ہوتے تھے' تو کہنے والا یہ کہہ سکتا تھا' شاید یہ (سجدے میں جانا) بھول گئے ہیں اور جب وہ پہلے سجدے سے سر اٹھا کر بیٹھتے تھے' تو کہنے والا یہ کہہ سکتا تھا' یہ (دوسرے سجدے میں جانا) بھول گئے ہیں۔

1885- إسناده صحيح على شرطهما. محمد شيخ محمد بن بشار فيه: هو محمد بن جعفر الهذلي البصري المعروف بغندر، والحكم هو ابن عتيبة الكندي الكوفي. وأخرجه مسلم "471" "194" في الصلاة: باب اعتدال أركان الصلاة وتخفيفها في تمام، والترمذي "280" في الصلاة: باب ما جاء في إقامة الصلب إذا رفع رأسه من الركوع والسجود، وابن خزيمة في صحيحه "610"، ثلاثتهم عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "736"، وأحمد 4/280و285، والبخاري "792" في الأذان: باب حد إتمام الركوع والاعتدال فيه والاطمأنينة، و "801" باب الاطمأنينة حين يرفع رأسه من الركوع، ومسلم "471" "194"، وأبو داوٗد "852"، في الصلاة: باب طول القيام من الركوع وبين السجدتين، والترمذي "279"، والنسائي 2/197-198 في التطبيق: باب قدر القيام بين الرفع من الركوع والسجود، والدارمي 1/306، وابن خزيمة "610"، والبغوي "628"، والبيهقي 2/122 من طرق عن شعبة، به.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس دوسری روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ ان روایات کی متضاد ہے جن کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

1886 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَحَدٍ قَطُّ اَخَفَّ صَلَاةً مِنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا اَتَمَّ، وَاِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ وَرَائَهُ، فَيُخَفِّفُ مَخَافَةَ اَنْ تُفْتَنَ اُمُّهُ . (5: 8)

شریک بن ابونمر بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا میں نے کسی ایسے شخص کے پیچھے نماز ادا نہیں کی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مختصر اور آپ سے زیادہ مکمل نماز ادا کرتا ہو۔ بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیچھے کسی بچے کے رونے کی آواز سنتے تھے تو آپ نماز کو مختصر کر دیتے تھے۔ اس اندیشے کے تحت کہیں اس بچے کی والدہ آزمائش کا شکار نہ ہو جائے۔

ذِكْرُ وَصْفِ بَعْضِ السُّجُوْدِ وَالرُّكُوْعِ لِلْمُصَلِّيْ فِيْ صَلَاتِهِ

نمازی کیلئے نماز کے دوران بعض رکوع اور سجود کی صفت کا تذکرہ

1887 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ السِّنْجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْهَيَّاجِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَرْحَبِيُّ، حَدَّثَنِيْ عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيْدِ، عَنْ سِنَانِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَلِمَاتٌ اَسْاَلُ عَنْهُنَّ، قَالَ: اجْلِسْ ، وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ ثَقِيْفٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَلِمَاتٌ اَسْاَلُ عَنْهُنَّ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبَقَكَ الْاَنْصَارِيُّ ، فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: اِنَّهُ رَجُلٌ غَرِيْبٌ، وَاِنَّ لِلْغَرِيْبِ حَقًّا، فَابْدَاْ بِهٖ، فَاَقْبَلَ عَلَى الثَّقَفِيِّ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ اَجَبْتُكَ عَمَّا كُنْتَ تَسْاَلُ، وَاِنْ شِئْتَ سَاَلْتَنِيْ وَاُخْبِرُكَ ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بَلْ اَجِبْنِيْ عَمَّا كُنْتُ اَسْاَلُكَ، قَالَ: جِئْتَ تَسْاَلُنِيْ عَنِ الرُّكُوْعِ، وَالسُّجُوْدِ، وَالصَّلَاةِ، وَالصَّوْمِ ، فَقَالَ: لَا وَالَّذِي

1886- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، وفي شريك بن أبي نَمِرٍ كلام خفيف، وقد توبع عليه. وأخرجه أحمد 3/233و240و262، والبخاري "708" في الأذان: باب من أخف الصلاة عند بكاء الصبي، ومسلم "469" "190" في الصلاة: باب أمر الأئمة بتخفيف الصلاة في تمام، والبغوي في شرح السنة "841" من طريقين عن شريك بن أبي نمر، بهذا الإسناد . وتقدم تفصيل طرقه فيما تقدم برقم "1759" فانظره.

بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَاْتَ مِمَّا كَانَ فِيْ نَفْسِي شَيْئًا، قَالَ: فَاِذَا رَكَعْتَ، فَضَعْ رَاحَتَيْكَ عَلٰى رُكْبَتَيْكَ، ثُمَّ فَرِّجْ بَيْنَ اَصَابِعِكَ، ثُمَّ اَمْكُثْ حَتّٰى يَاْخُذَ كُلُّ عُضْوٍ مَاْخَذَهُ، وَاِذَا سَجَدْتَ، فَمَكِّنْ جَبْهَتَكَ، وَلَا تَنْقُرْ نَقْرًا، وَصَلِّ اَوَّلَ النَّهَارِ وَآخِرَهُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، فَاِنْ اَنَا صَلَّيْتُ بَيْنَهُمَا؟ قَالَ: فَاَنْتَ اِذًا مُصَلٍّ، وَصُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ، فَقَامَ الثَّقَفِيُّ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الْاَنْصَارِيِّ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ اَخْبَرْتُكَ عَمَّا جِئْتَ تَسْاَلُ، وَاِنْ شِئْتَ سَاَلْتَنِيْ فَاُخْبِرُكَ، فَقَالَ: لَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِيْ عَمَّا جِئْتُ اَسْاَلُكَ، قَالَ: جِئْتَ تَسْاَلُنِيْ عَنِ الْحَاجِّ مَا لَهُ حِيْنَ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ؟ وَمَا لَهُ حِيْنَ يَقُوْمُ بِعَرَفَاتٍ؟ وَمَا لَهُ حِيْنَ يَرْمِي الْجِمَارَ؟ وَمَا لَهُ حِيْنَ يَحْلِقُ رَاْسَهُ؟ وَمَا لَهُ حِيْنَ يَقْضِي آخِرَ طَوَافٍ بِالْبَيْتِ؟ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَاْتَ مِمَّا كَانَ فِيْ نَفْسِي شَيْئًا، قَالَ: فَاِنَّ لَهُ حِيْنَ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ اَنَّ رَاحِلَتَهُ لَا تَخْطُو خُطْوَةً اِلَّا كُتِبَ لَهُ بِهَا حَسَنَةٌ، اَوْ حُطَّتْ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةٌ، فَاِذَا وَقَفَ بِعَرَفَةَ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْزِلُ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ: اُنْظُرُوْا اِلٰى عِبَادِيْ شُعْثًا غُبْرًا، اشْهَدُوا اَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ ذُنُوْبَهُمْ، وَاِنْ كَانَ عَدَدَ قَطْرِ السَّمَاءِ وَرَمْلِ عَالِجٍ، وَاِذَا رَمَى الْجِمَارَ لَا يَدْرِي اَحَدٌ مَا لَهُ حَتّٰى يُوَفَّاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِذَا حَلَقَ رَاْسَهُ فَلَهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَقَطَتْ مِنْ رَاْسِهِ نُوْرٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِذَا قَضَى آخِرَ طَوَافِهِ بِالْبَيْتِ خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کچھ کلمات ہیں' جن کے بارے میں' میں دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ پھر ثقیف قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کچھ کلمات ہیں' جن کے بارے میں' میں جاننا چاہتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصاری شخص تم سے سبقت لے گیا ہے۔ انصاری نے کہا: یہ شخص مسافر ہے اور مسافر کا حق ہوتا ہے آپ اس سے آغاز کیجئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ثقفی شخص کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس چیز کے بارے میں بتا دیتا ہوں' جس کے بارے میں تم دریافت کرنا چاہتے تھے اور اگر تم چاہو تو تم مجھ سے پوچھ لو میں تمہیں بتا دیتا ہوں۔ اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ مجھے اس چیز کے بارے میں بتائیے جس کے بارے میں' میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مجھ سے رکوع و سجود نماز اور روزے کے بارے میں دریافت کرنے کے لئے آئے تھے' تو اس نے کہا: جی ہاں! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ میرے ذہن میں جو تھا آپ نے اس کے بارے میں کوئی غلطی نہیں کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم رکوع میں جاؤ تو اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے گھٹنوں پر رکھ لو تم اپنی انگلیوں کے درمیان کشادگی رکھو اور تم اتنی دیر وہاں ٹھہرے رہو ہر عضو اپنی جگہ پر آ جائے۔ جب تم سجدے میں جاؤ تو اپنی پیشانی کو جما کر رکھو تم ٹھونگ نہ مارو تم دن کے ابتدائی حصے اور اس کے آخری حصے میں نماز ادا کرو۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اگر میں ان دونوں کے درمیان میں نماز ادا کر لیتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تم نمازی ہو گئے۔ تم ہر مہینے میں تیرہ چودہ اور پندرہ تاریخ کو روزے رکھو تو وہ ثقفی شخص کھڑا ہوا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس انصاری کی طرف متوجہ ہوئے۔ آپ

نے ارشادفرمایا: اگرتم چاہوتو میں تمہیں اس چیز کے بارے میں بتادیتاہوں' جس کے بارے میں دریافت کرنے کے لئے تم آئے ہو اور اگرتم چاہوتو تم مجھ سے سوال کرواور میں تمہیں خبردوں گا اس نے عرض کی: جی نہیں۔ اے اللہ کے نبی! آپ مجھے اس چیز کے بارے میں بتادیجئے جس کے بارے میں' میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم مجھ سے حاجی کے بارے میں دریافت کرنے کے لئے آئے تھے' جب وہ اپنے گھر سے نکلتا ہے' تو اس کے کیا احکام ہوتے ہیں جب وہ عرفات میں قیام کرتا ہے' تو اس کے کیا احکام ہوتے ہیں جب وہ جمرات کو کنکریاں مارتا ہے' تو اس کے کیا احکام ہوتے ہیں جب وہ اپنے سر کو منڈواتا ہے' تو اس کے کیا احکام ہوتے ہیں اور جب وہ آخر میں بیت اللہ کا طواف کرتا ہے' تو اس کے کیا احکام ہوتے ہیں۔ اس شخص نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے' جو چیز میرے ذہن میں تھی اس کے بارے میں آپ نے کوئی غلطی نہیں کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: اس شخص کے لئے حکم یہ ہے' جب وہ اپنے گھر سے نکلتا ہے' تو اس کی سواری جو بھی قدم اٹھاتی ہے اس کے بدلے میں اس شخص کو نیکی ملتی ہے یا اس کے کسی گناہ کو مٹادیا جاتا ہے' جب وہ حاجی عرفہ میں وقوف کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف نزول کرتا ہے اور ارشادفرماتا ہے: میرے ان بکھرے ہوئے بالوں اور غبار آلود (اجسام) والے بندوں کو دیکھو تم لوگ گواہ ہو جاؤ' میں نے ان کے گناہوں کی مغفرت کردی ہے۔ اگرچہ وہ آسمان (یعنی بارش) کے قطروں کے برابر ہوں اور ریت کے ذرّوں کے برابر ہوں جب حاجی جمرات کو کنکریاں مارتا ہے تو کوئی شخص یہ نہیں جان سکتا' اسے کیا اجروثواب ملے گا' یہاں تک کہ قیامت کے دن اس کا اجروثواب مکمل طور پر اسے دیا جائے گا' جب وہ اپنے سر کو منڈواتا ہے' تو اس کے سر سے گرنے والے ہر ایک بال کے عوض میں قیامت کے دن اسے نور نصیب ہوگا اور جب وہ بیت اللہ کا آخری طواف کرتا ہے' تو وہ اپنے گناہوں سے یوں باہر آجاتا ہے جیسے اس دن تھا جب اس کی والدہ نے اسے جنم دیا تھا۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ اسْمِ السَّارِقِ عَلَى النَّاقِصِ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ فِيْ صَلَاتِهٖ

نماز کے دوران رکوع اور سجدے میں کمی کرنے والے کیلئے لفظ ''سارق'' (چور) استعمال کرنے کے اثبات کا تذکرہ

1888 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ

1888- إسناده حسن. عبد الحميد بن أبي العشرين: هو عبد الحميد بن حبيب، وهو كاتب الأوزاعي، ولم يرو عن غيره، مختلف فيه، وقال الحافظ في التقريب: صدوق ربما أخطأ، فمثله يكون حسن الحديث. وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير هشام بن عمار، فإنه من رجال البخاري، وقد كبر، فصار يتلقن. وأخرجه الحاكم في المستدرك 1/229، والبيهقي في السنن 2/386 من طريق هشام بن عمار، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد 2/120، وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط، وفيه عبد الحميد بن حبيب بن أبي العشرين، وثقه أحمد، وأبو حاتم، وابن حبان، وضعفه دحيم. وقال النسائي: ليس بالقوي. وباقي رجاله ثقات. قلت: وله شاهد من حديث أبي قتادة عند أحمد 5/310، والدارمي 1/304-305، والبيهقي 2/385-386 من طريقين عن الوليد بن مسلم، عن الأوزاعي، عن يحيى بن أبي كثير، عن عبد الله بن أبي قتادة، عن أبيه، وصححه الحاكم 1/229، ووافقه الذهبي، مع ان فيه عنعنة الوليد بن مسلم.

بْنُ اَبِی الْعِشْرِیْنَ، عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ كَثِیْرٍ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث):اَسْوَاُ النَّاسِ سَرِقَةً الَّذِیْ یَسْرِقُ صَلَاتَهٗ، قَالَ: وَكَیْفَ یَسْرِقُ صَلَاتَهٗ؟ قَالَ: لَا یُتِمُّ رُكُوْعَهَا، وَلَا سُجُوْدَهَا. (2: 92)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''لوگوں میں سب سے برا چور وہ ہے' جو اپنی نماز کی چوری کرتا ہے۔ انہوں نے عرض کی: وہ اپنی نماز کی کیسے چوری کرتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ اس کے رکوع اور اس کے سجود کو مکمل ادا نہیں کرتا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يُكْتَبُ لَهٗ بَعْضُ صَلَاتِهٖ اِذَا قَصَّرَ فِى الْبَعْضِ الْاٰخَرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی اگر نماز کے کچھ حصے میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے نامہ اعمال میں بعض نماز کا ثواب نوٹ کیا جاتا ہے

1889 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِیْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَعِیْدٌ الْمَقْبُرِیُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، (عَنْ اَبِیْهِ)،

(متنِ حدیث):اَنَّ عَمَّارَ بْنَ یَاسِرٍ، صَلّٰى رَكْعَتَیْنِ، فَخَفَّفَهُمَا، فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ: یَا اَبَا الْیَقْظَانِ، اَرَاكَ قَدْ خَفَّفْتَهُمَا، قَالَ: اِنِّیْ بَادَرْتُ بِهِمَا الْوَسْوَاسَ، وَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: اِنَّ الرَّجُلَ لَیُصَلِّی الصَّلَاةَ، وَلَعَلَّهٗ لَا یَكُوْنُ لَهٗ مِنْهَا اِلَّا عُشْرُهَا، اَوْ تُسْعُهَا، اَوْ ثُمْنُهَا، اَوْ سُبُعُهَا، اَوْ سُدُسُهَا حَتّٰى اَتٰى عَلَى الْعَدَدِ.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا اِسْنَادٌ یُوْهِمُ مَنْ لَّمْ یُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهٗ مُنْفَصِلٌ غَیْرُ مُتَّصِلٍ، وَلَیْسَ كَذٰلِكَ؛ لِاَنَّ عُمَرَ بْنَ اَبِیْ بَكْرٍ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ، عَلٰى مَا ذَكَرَهٗ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، لِاَنَّ عُمَرَ بْنَ اَبِیْ بَكْرٍ لَمْ یَسْمَعْهُ مِنْ عَمَّارٍ عَلٰى ظَاهِرِهٖ

عمر بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے دو رکعات ادا کی۔ انہوں نے انہیں مختصر ادا کیا' تو عبدالرحمٰن بن حارث نے ان سے کہا: اے ابویقظان میں نے دیکھا ہے' آپ نے مختصر نماز ادا کی ہے' تو انہوں نے فرمایا: میں نے وسوسے آنے سے پہلے ہی انہیں مکمل ادا کر لیا کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''ایک شخص نماز ادا کرتا ہے اور نماز میں اس کا حصہ صرف دسواں ہوتا ہے یا نواں ہوتا ہے یا آٹھواں ہوتا ہے یا ساتواں ہوتا

1889– إسناده حسن. عمر بن أبي بكر بن عبد الرحمٰن: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات 7/167

ہے یا چھٹا ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ ایک کے عدد تک آئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس حدیث کی سند اس شخص کو جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اس غلط فہمی کا شکار کرتی ہے کہ اس کی سند منفصل ہے متصل نہیں ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ عمر بن ابوبکر نے یہ روایت اپنے دادا عبدالرحمٰن بن حارث کے حوالے سے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے سنی ہے جیسا کہ عبیداللہ بن عمر نے بیان کیا ہے۔ عمر بن ابوبکر نے یہ روایت براہِ راست حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے۔

1890 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى ثُمَّ جَاءَ فَجَلَسَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ حَتّٰى فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا اَعْرِفُ غَيْرَ هٰذَا، فَعَلِّمْنِیْ، قَالَ: اِذَا قُمْتُ اِلَى الصَّلَاةِ، فَكَبِّرْ، وَاقْرَاْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، وَافْعَلْ ذٰلِكَ فِیْ صَلَاتِكَ كُلِّهَا. (1: 85)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاقْرَاْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ، يُرِيْدُ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ، وَقَوْلُهُ: ارْجِعْ فَصَلِّ، فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ، نَفَى الصَّلَاةَ عَنْ هٰذَا الْمُصَلِّیْ؛ لِنَقْصِهِ عَنْ حَقِيْقَةِ اِتْيَانِ مَا كَانَ عَلَيْهِ مِنْ فَرْضِهَا، لَا اَنَّهُ لَمْ يُصَلِّ، فَلَمَّا كَانَ فِعْلُهُ نَاقِصًا عَنْ حَالَةِ الْكَمَالِ، نَفٰى عَنْهُ الِاسْمَ بِالْكُلِّيَّةِ.

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے ایک شخص مسجد میں آیا۔ اس نے نماز ادا کی پھر وہ آ کر بیٹھ گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم واپس جا کر نماز ادا کرو کیونکہ تم نے نماز ادا نہیں کی ہے یہاں تک کہ اس شخص نے تین مرتبہ ایسا کیا، پھر اس شخص نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ مجھے اس کے علاوہ کسی چیز کا علم نہیں ہے۔ آپ مجھے تعلیم دیجئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو تکبیر کہو اور جو قرآن تمہیں آتا ہو اس کی تلاوت کرو پھر تم رکوع میں جاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے رکوع کرو پھر تم (سر کو) اٹھاؤ یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہو جاؤ پھر سجدے

1890– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه البخاري "757" في الأذان باب وجوب القراءة للإمام والمأموم في الصلوات كلها في الحضر والسفر، و "6252" في الاستئذان: باب من رد فقال: وعليك السلام، والترمذي "303" في الصلاة: باب ما جاء في وصف الصلاة، وابن خزيمة "590"، عن محمد بن بشار، والبخاري "793" في الأذان: باب أمر النبي صلى الله عليه وسلم الذي لا يتم ركوعه بالإعادة، والطحاوي 1/233، والبيهقي 2/122 من طريق مسدد، ومسلم "397" "45" في الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة في كل ركعة، والنسائي 2/124 في الافتتاح: باب فرض التكبيرة الأولى، وأبو داوُد "856" في الصلاة: باب صلاة من لا يقيم صلبه في الركوع، عن محمد بن المثنى، ثلاثتهم عن يحيى بن سعيد، بهٰذا الإسناد . إلا أنهم زادوا بين سعيد بن أبي سعيد وبين أبي هريرة: عن أبيه.وأخرجه أحمد 3/437 عن يحيى بن سعيد، به.وأخرجه البيهقي 2/88و117 .

میں جاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے سجدہ کرو پھر (سرکو) اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے بیٹھ جاؤ تم اپنی پوری نماز اسی طرح ادا کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''جو قرآن تمہیں آتا ہو اس کی تلاوت کرو''۔ اس سے آپ کی مراد سورۂ فاتحہ کی تلاوت ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم واپس جاکر نماز ادا کرو کیونکہ تم نے نماز ادا نہیں کی''۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے اپنے ذمے لازم چیز کی ادائیگی میں کوتاہی کی وجہ سے اس نمازی کی نماز (ادا ہونے) کی نفی کردی۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ اس شخص نے نماز ادا ہی نہیں کی تھی۔ تو جب اس کا فعل کمال کے حوالے سے ناقص ہوا تو اس سے کلی طور پر اسم کی نفی کردی گئی۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ لَّا يُقِيمَ الْمَرْءُ صُلْبَهُ فِيْ رُكُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی رکوع اور سجود میں اپنی پشت کو قائم نہ رکھے

1891 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ مُّلَازِمِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَدْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ شَيْبَانَ الْحَنَفِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، وَكَانَ اَحَدَ الْوَفْدِ السِّتَّةِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّيْنَا مَعَهُ، فَلَمَحَ بِمُؤَخَّرِ عَيْنَيْهِ رَجُلًا لَا يُقِرُّ صُلْبَهُ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ، فَقَالَ: اِنَّهُ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَّمْ يُقِمْ صُلْبَهُ .(2: 86)

۞۞ عبدالرحمٰن بن علی بن شیبان اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' جو چھ افراد کے وفد میں سے ایک فرد تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہم نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں آنکھوں کے گوشے سے ایک شخص کو دیکھا جو رکوع اور سجدے کے دوران اپنی پشت کو سیدھا نہیں رکھ رہا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو اپنی پشت کو سیدھا نہیں رکھتا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ صَلَاةِ الْمَرْءِ اِذَا لَمْ يُقِمْ اَعْضَائَهُ فِيْ رُكُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ رکوع اور سجود میں اپنے اعضاء کو قائم نہ رکھے

1892 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

1891 - إسناده صحيح، رجاله ثقات، وأخرجه أحمد 4/23، وابن ماجة "871" في الإقامة: باب الركوع في الصلاة، ويعقوب بن سفيان في المعرفة والتاريخ 1/275-276، والبيهقي 3/105 من طرق، عن ملازم بن عمرو، بهذا الإسناد . وقال البوصيري في مصباح الزجاجة ورقة 57: إسناده صحيح، رجاله ثقات . رواه مسدد في مسنده عن ملازم، به . وأخرجه أحمد 4/22 عن أبي النضر، عن أيوب بن عتبة، عن عبد الله بن بدر، به. وصححه ابن خزيمة برقم "593" و "667".

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُجْزِءُ صَلَاةٌ لَا يُقِيمُ الرَّجُلُ فِيهَا صُلْبَهُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ. (5: 10)

❀❀ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

''وہ نماز درست نہیں ہوتی جس میں آدمی رکوع اور سجود کے دوران اپنی پشت کو سیدھا نہیں رکھتا۔''

1893 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِى مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِى مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُجْزِءُ صَلَاةٌ لِاَحَدٍ لَا يُقِيمُ صُلْبَهُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ. (2: 92)

❀❀ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے:

''ایسے کسی شخص کی نماز درست نہیں ہوتی جو رکوع اور سجود کے دوران اپنی پشت کو سیدھا نہیں رکھتا۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْفِطْرَةِ عَنْ مَنْ لَّمْ يُقِمْ صُلْبَهُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ

ایسے شخص سے فطرت کی نفی کا تذکرہ جو رکوع اور سجود میں اپنی پشت کو قائم نہیں رکھتا

1894 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

1893- إسناده صحيح على شرطهما . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو معاوية: هو محمد بن خازم، وأبو معمر: هو عبد اللّٰه بن سخبرة الازدى، وأبو مسعود: هو عقبة بن عمرو بن ثعلبة الأنصارى البدرى، صحابى جليل. وأخرجه الدارقطنى 1/348، والطبرانى 17/ "583"، وابن خزيمة فى صحيحه "591" و "666"، من طريق وكيع وأبى معاوية، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الترمذى "265" فى الصلاة: باب ما جاء فيمن لا يقيم صلبه فى الركوع والسجود، من طريق أبى معاوية، به. وأخرجه أحمد 4/122، وابن ماجه "870" فى الإقامة: باب الركوع فى الصلاة، والبغوى فى شرح السنة "617" من طريق وكيع، به . وأخرجه الحميد "454"، وعبد الرزاق "2856"، وأحمد 4/122، والنسائى 2/183 فى الافتتاح: باب إقامة الصلب فى الركوع و 2/214: باب إقامة الصلب فى السجود، والدارمى 1/304، وابن خزيمة "591" و "666"، والدارقطنى 1/348، والطحاوى فى شرح مشكل الآثار "206" بتحقيقى، وابن الجارود "195"، والبيهقى فى السنن 2/88، والطبرانى 17/ "578" و "580" و "581" و "582" و "585"، والبغوى فى شرح السنة "617" من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه الطبرانى 17/ "584" من طريق عبد الرحمٰن بن حميد الرؤاسى، عن عمارة بن عمير، به. إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر ما قبله، وأخرجه ابن خزيمة فى صحيحه "592" عن بشر بن خالد، بهٰذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى "613"، وأحمد 4/119، وأبو داؤد "855" فى الصلاة: باب صلاة من لا يقيم صلبه فى الركوع والسجود، والطبرانى 17/ "579"، وابن خزيمة "592"، والطحاوى فى شرح مشكل الآثار "205"، والبغوى "617" من طريق شعبة، بهٰذا الإسناد.

1894-وأخرجه أحمد 5/384 عن أبى معاوية، والبخارى "791" فى الأذان: باب إذا لم يتم الركوع، والبيهقى فى السنن 2/386، والبغوى فى شرح السنة "616" من طريق شعبة، كلاهما عن الأعمش، بهٰذا الإسناد . وأخرجه النسائى 3/58-59 فى السهو: باب تطفيف الصلاة، من طريق طلحة بن مصرف، عن زيد بن وهب، به.

مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاٰى حُذَيْفَةُ رَجُلًا عِنْدَ اَبْوَابِ كِنْدَةَ يَنْقُرُ، فَقَالَ: مُذْ كَمْ صَلَّيْتَ هٰذِهِ الصَّلَاةَ؟ قَالَ: مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً؟ قَالَ: لَوْ مُتَّ، مُتَّ عَلٰى غَيْرِ الْفِطْرَةِ الَّتِيْ فُطِرَ عَلَيْهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّ الرَّجُلَ لَيُخَفِّفُ وَيُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ. (2: 92)

❀❀ زید بن وہب بیان کرتے ہیں: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ''کندہ'' کے دروازوں کے نزدیک ایک شخص کو ٹھونگے مارتے ہوئے دیکھا تو دریافت کیا: تم کتنے عرصے سے اس طرح نماز پڑھ رہے ہو۔ اس نے جواب دیا: چالیس سال سے تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم اسی حالت میں مرتے ہو تو تم اس فطرت کے علاوہ مرو گے جس پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا تھا۔ آدمی نماز مختصر پڑھ لے لیکن رکوع اور سجود مکمل ادا کرے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ رکوع اور سجود میں قرآن کی تلاوت کی جائے

1895 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ، يَقُوْلُ: نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَاَ رَاكِعًا وَسَاجِدًا. (2: 19)

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس بات سے منع کیا ہے میں رکوع یا سجدے کے دوران تلاوت کروں۔

1895- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخن غير حرملة بن يحيى، فإنه من رجال مسلم. وأخرجه مسلم "480" في الصلاة: باب النهي عن قراءة القرآن في الركوع والسجود، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة 2/170 عن يونس بن عبد الأعلى، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "2832" ومن طريقه أبو عوانة 2/170 عن معمر، عن الزهري، به. وأخرجه مالك في الموطأ 1/80، وعبد الرزاق "2833"، ومسلم "480" في الصلاة، و "2078" في اللباس: باب النهي عن لبس الرجل الثوب المعصفر، وأبو داؤد "4044" و "4045" و "4046" في اللباس: باب من كرهه، والترمذي "264" في الصلاة: باب ما جاء عن النهي عن القراءة في الركوع والسجود، و "1737" في اللباس: باب ما جاء في كراهية خاتم الذهب، والنسائي 2/189 في التطبيق: باب النهي عن القراءة في الركوع، و 8/191 في الزينة: باب النهي عن لبس خاتم الذهب، و 8/204: باب ذكر النهي عن لبس المعصفر، وأبو عوانة 2/171و172و173و174و175، والبيهقي 2/87، والبغوي في شرح السنة "627"، من طرق عن إبراهيم بن عبد الله بن حنين، به. وأخرجه أبو عوانة 2/171 من طريق داؤد بن قيس، و 2/172 من طريق الضحاك بن عثمان، كلاهما عن إبراهيم بن عبد الله بن حنين، عن أبيه، عن ابن عباس، عن علي. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/249 من طريق النعمان بن سعد، والشافعي 1/83 من طريق محمد بن علي، وعبد الرزاق "2834" من طريق أبي جعفر، كلاهما عن علي، به.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْقِرَائَةِ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ لِلْمُصَلِّيْ فِيْ صَلَاتِهٖ

نمازی کے لئے نماز کے دوران رکوع اور سجود میں قرأت کی ممانعت کا تذکرہ

1896 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَشَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّتَارَةَ، وَالنَّاسُ صُفُوْفٌ خَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ لَمْ يَبْقَ مِنْ مُّبَشِّرَاتِ النُّبُوَّةِ اِلَّا الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ، يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰى لَهٗ ثُمَّ قَالَ: اَلَا اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَقْرَاَ رَاكِعًا وَسَاجِدًا، اَمَّا الرُّكُوْعُ، فَعَظِّمُوْا فِيْهِ الرَّبَّ، وَاَمَّا السُّجُوْدُ، فَاجْتَهِدُوْا فِي الدُّعَاءِ، فَقَمِنٌ اَنْ يُسْتَجَابَ لَكُمْ . (2: 75)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ ہٹایا۔ لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے صفیں بنائے ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! نبوت کے مبشرات میں سے اب صرف سچے خواب باقی رہ گئے ہیں جنہیں کوئی مسلمان دیکھتا ہے یا جو اسے دکھائے جاتے ہیں پھر آپ نے ارشاد فرمایا: خبردار! مجھے اس بات سے منع کیا گیا ہے' میں رکوع یا سجدے کے دوران تلاوت کروں۔ جہاں تک رکوع کا تعلق ہے' تو تم اس میں پروردگار کی عظمت کا اعتراف کرو اور جہاں تک سجدے کا تعلق ہے' تو تم اس میں اہتمام کے ساتھ دعا مانگو کیونکہ وہ اس لائق ہوگی' اسے تمہارے لئے مستجاب کیا جائے۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ فِيْ رُكُوْعِهٖ مِنْ صَلَاتِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی اپنی نماز میں رکوع کے دوران کیا پڑھے

1896- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الشافعي في المسند 1/82، وعبد الرزاق "2839"، وأحمد 1/219، وابن أبي شيبة 1/248، 249، ومن طريقه مسلم "479" في الصلاة: باب النهي عن قراءة القرآن في الركوع والسجود، والحميدي "489" ومن طريقه أبو عوانة 2/170، والبيهقي في السنن 2/87، 88، أربعتهم عن سفيان بن عيينة، به. ومن طريق الشافعي وعبد الرزاق أخرجه أبو عوانة أيضًا 2/170-171. وأخرجه مسلم "479" أيضًا عن سعيد بن منصور وزهير بن حرب، وأبو داوٗد "876" في الصلاة: باب في الدعاء في الركوع والسجود، عن مسدد، والنسائي 2/188، 190 في التطبيق: باب تعظيم الرب في الركوع، عن قتيبة والدارمي 1/304، عن محمد بن أحمد، ويحيى بن حسان، وابن الجارود "203" عن ابن المقرء وعبد الرحمٰن بن بشر، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/233-234 عن أحمد بن الحسن الكوفي، وأبو عوانة 2/170 من طريق أبي نعيم وشريح، كلهم عن سفيان، به . وصححه ابن خزيمة "548" وأخرجه مسلم "479" "208"، والنسائي 2/217-218 في التطبيق: باب الأمر بالاجتهاد في الدعاء في السجود، وفي الرؤيا كما في التحفة 5/49، والدارمي 1/ 304، والبغوي "626"، والبيهقي 2/110 من طريق إسماعيل بن جعفر، وأبو عوانة 2/171 من طريق عبد العزيز بن محمد، كلاهما عن سليمان بن سحيم، به.

1897 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ اَحْنَفَ، عَنْ صِلَةَ بْنَ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَكَعَ جَعَلَ يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ، ثُمَّ سَجَدَ فَقَالَ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى . (5: 12)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی جب آپ رکوع میں گئے تو آپ نے سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ پڑھنا شروع کیا' پھر جب آپ سجدے میں گئے تو آپ نے سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى پڑھا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْبِيحِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ لِلْمُصَلِّيْ فِيْ صَلَاتِهٖ

نمازی کو نماز کے دوران رکوع اور سجود کے دوران اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1897- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير المستورد بن أحنف، فإنه من رجال مسلم، وهو في المصنف 1/284 لابن أبي شيبة، ومن طريقه أخرجه مسلم "772" في صلاة المسافرين: باب استحباب تطويل القراء ة في صلاة الليل. وأخرجه أحمد 5/384، والنسائي 2/190 في التطبيق: باب الذكر في الركوع، عن إسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن أبي معاوية، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة "603" و ."669" وأخرجه النسائي 3/225-226 في قيام الليل: باب تسوية القيام والركوع والقيام بعد الركوع والسجود والجلوس بين السجدتين في صلاة الليل، عن الحسين بن منصور، وأبو عوانة 2/168 عن الحسن بن عفان، كلاهما عن عبد ال له بن نمير، به. وأخرجه الطيالسي "415" ومن طريقه الترمذي "262" في الصلاة: باب ما جاء في التسبيح في الركوع والسجود، والبغوي في شرح السنة ."622" وأخرجه أحمد 5/382، وأبو داوٗد "871" في الصلاة: باب ما يقول الرجل في ركوعه وسجوده، والدارمي 1/299، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/235، وابن خزيمة في صحيحه "603" جميعًا من طريق شعبة، وعبد الرزاق "2875"، وأحمد 5/389 عن سفيان، ومسلم "772"، والبيهقي 2/85 من طريق جرير، وأبو عوانة 2/169 من طريق ابن فضيل، أربعتهم عن الأعمش، به. وأخرجه الطحاوي 1/235 من طريق مجالد، وابن أبي شيبة 1/248، والدارقطني 1/334، وابن خزيمة "604" و "668".

1898- عم موسى بن أيوب واسمه إياس بن عامر الغافقي المصري، كان من شيعة علي، والوافدين عليه من أهل مصر، وشهد معه مشاهده، وثقه المؤلف هنا، وفي ثقاته 4/33و35، وقال العجلي: لا بأس به، وصحح ابن خزيمة حديثه هٰذا، وكذا الحاكم، وقال الحافظ في التقريب: صدوق. وأورده ابن أبي حاتم 2/281، ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا. وأخرجه الطيالسي "1000"، وأبو داوٗد "869" في الصلاة: باب ما يقول الرجل في ركوعه وسجوده، عن الربيع بن نافع، وموسى بن إسماعيل، وابن ماجه "887" في الإقامة: باب التسبيح في الركوع والسجود، عن عمرو بن رافع البجلي، وابن خزيمة "601" و "670" عن محمد بن عيسى، خمستهم عن عبد الله بن المبارك، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/155، والدارمي 1/299، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/235، ويعقوب بن سفيان في المعرفة 5/502، والطبراني 17/ "889"، وابن خزيمة "600" و "670"، والبيهقي 2/86، من طريق عبد الله بن يزيد المقرء، عن موسى بن أيوب، به. وتصحف في ابن خزيمة "670" إلى ابن زيد. وصححه الحاكم 1/225، 2/477، ووافقه الذهبي في الأخيرة بينما تعقبه في الأولى، فقال: إياس ليس بالمعروف. وأخرجه الطبراني 17/ "790" و "791" من طريق الليث وابن لهيعة، كلاهما عن موسى، به.

1898 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ الْغَافِقِيُّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ)، (قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوهَا فِي رُكُوعِكُمْ، فَلَمَّا نَزَلَ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى)) قَالَ: اجْعَلُوهَا فِي سُجُودِكُمْ. (1: 104)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَمُّ مُوسَى بْنِ اَيُّوبَ اسْمُهُ: اِيَاسُ بْنُ عَامِرٍ مِنْ ثِقَاتِ الْمِصْرِيِّينَ

۞۞ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''تم اپنے عظیم پروردگار کے اسم کی تسبیح بیان کرو'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے اپنے رکوع میں شامل کرلو جب یہ آیت نازل ہوئی: ''تم اپنے اعلیٰ پروردگار کے اسم کی تسبیح بیان کرو'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم لوگ اسے اپنے سجود میں شامل کرلو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): موسیٰ بن ایوب نامی راوی کے چچا کا نام ایاس بن عامر ہے اور یہ مصر سے تعلق رکھنے والے ''ثقہ'' راوی ہیں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ نَوْعٍ ثَالِثٍ مِنَ التَّسْبِيحِ اِذَا سَبَّحَ الْمَرْءُ بِهِ فِي رُكُوعِهِ

آدمی جب رکوع کے دوران تسبیح پڑھتا ہے تو تسبیح کی تیسری قسم کے مباح ہونے کا تذکرہ

1899 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، اَنَّ عَائِشَةَ، اَنْبَاَتْهُ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ فِي رُكُوعِهِ، وَفِي سُجُودِهِ: سُبُّوحٌ، قُدُّوسٌ، رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ. (5: 12)

۞۞ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رکوع اور سجدوں میں یہ پڑھا کرتے تھے۔

''ہر طرح کے عیب سے پاک ہے وہ مقدس ہے جو فرشتوں اور روح الامین کا پروردگار ہے''۔

1899- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أبو بكر بن أبي شيبة 1/250، ومن طريقه أخرجه مسلم "487" في الصلاة: باب ما يقال في الركوع والسجود، عن محمد بن بشر بهٰذا الإسناد. وأخرجه ابو عوانة 2/167 عن عباس الدوري، عن محمد بن بشر العبدي، به. وأخرجه أحمد 6/193، والنسائي 2/224 في التطبيق: باب نوع اٰخر، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/234 من طريق يحيى بن سعيد القطان، وابن أبي عدي، وأحمد 6/266 عن عبد الوهاب الثقفي، وأبو عوانة 2/167، والبيهقي في السنن 2/87 و109 من طريق سعيد بن عامر، وأبو عوانة 2/167 من طريق روح وأبي عتاب، ستتهم عن سعيد بن أبي عروبة، به.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَعْظِيمِ الرَّبِّ جَلَّ وَعَلَا فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ لِلْمُصَلِّي

نمازی کو رکوع اور سجود کے دوران پروردگار کی عظمت کا اعتراف کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

1900 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَشَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّتَارَةَ، وَالنَّاسُ صُفُوفٌ خَلْفَ اَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنْ مُبَشِّرَاتِ النُّبُوَّةِ اِلَّا الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰى لَهُ ثُمَّ قَالَ: اَلَا اِنِّي نُهِيتُ اَنْ اَقْرَاَ رَاكِعًا، اَوْ سَاجِدًا، اَمَّا الرُّكُوعُ، فَعَظِّمُوا فِيهِ الرَّبَّ، وَاَمَّا السُّجُودُ، فَاجْتَهِدُوا فِي الدُّعَاءِ، فَقَمِنٌ اَنْ يُسْتَجَابَ لَكُمْ .(1: 104)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ ہٹایا لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے صفیں بنائے ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! نبوت کے مبشرات میں سے صرف سچے خواب باقی رہ گئے ہیں، جنہیں کوئی مسلمان دیکھتا ہے یا جو اسے دکھائے جاتے ہیں پھر آپ نے ارشاد فرمایا: خبردار مجھے رکوع یا سجدے کی حالت میں تلاوت کرنے سے منع کیا گیا ہے جہاں تک رکوع کا تعلق ہے تو تم اس میں پروردگار کی عظمت کا اعتراف کرو اور جہاں تک سجدے کا تعلق ہے تو تم اس میں اہتمام کے ساتھ دعا مانگو۔ وہ اس لائق ہوگی اسے تمہارے لئے مستجاب کیا جائے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُفَوِّضَ الْاَشْيَاءَ كُلَّهَا اِلٰى بَارِئِهٖ جَلَّ وَعَلَا فِي دُعَائِهٖ فِي رُكُوعِهٖ فِي صَلَاتِهٖ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے تمام امور کو اپنے خالق کو تفویض کردے وہ اپنی نماز میں اپنے رکوع کے دوران دعا مانگتے ہوئے ایسا کرے

1901 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ،

1900- وأخرجه عبد الرزاق "2884"، وأحمد 6/35و94و115و148و176و200و244، ومسلم "487" "224"، والنسائي 2/190، 191 في التطبيق: باب نوع آخر منه، وأبو داؤد "872" في الصلاة: باب ما يقول الرجل في ركوعه وسجوده، والبغوي في شرح السنة "625"، وأبو عوانة 2/167، وصححه ابن خزيمة برقم "606"، من طرق عن قتادة، به.

1901- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر "1896" 2 إسناده صحيح على شرطهما غير أحمد بن إبراهيم الدورقي، فإنه من رجال مسلم. حجاج: هو ابن محمد الأعور. وأخرجه البيهقي في السنن 2/32 من طريق إبراهيم بن إسحاق الأنماطي، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 1/83 عن عبد المجيد، وابن خزيمة في صحيحه "607" من طريق روح بن عبادة، كلاهما عن ابن جريج، به. وهو مكرر "1772" و "1774" فانظره.

قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَكَعَ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ اَسْلَمْتُ، اَنْتَ رَبِّیْ، خَشَعَ سَمْعِیْ، وَبَصَرِیْ، وَمُخِّیْ، وَعَظْمِیْ، وَعَصَبِیْ، وَمَا اسْتَقَلَّتْ بِهٖ قَدَمِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. (5: 12)

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع میں جاتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

''اے اللہ! تیرے لئے میں نے رکوع کیا تجھ پر ہی میں ایمان لایا تیرے لئے میں نے اسلام قبول کیا تو میرا پروردگار ہے۔ میری سماعت میری بصارت میرا گودا میری ہڈیاں میرے پٹھے اور میرے دونوں پاؤں پر جو چیز قائم ہے (یعنی میرا پورا وجود) اللہ کے حضور جھکا ہوا ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔''

ذِكْرُ طُمَاْنِيْنَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ رَفْعِ رَاْسِهٖ مِنَ الرُّكُوْعِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رکوع سے سر اٹھانے پر اطمینان سے (کھڑے ہونے) کا تذکرہ

1902 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ

(متن حدیث): يَنْعَتُ لَنَا صَلَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْمُ فَيُصَلِّیْ، فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ، قُلْنَا: قَدْ نَسِیَ مِنْ طُوْلِ الْقِيَامِ. (2: 92)

ثابت بنانی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو سنا۔ انہوں نے ہمارے سامنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی کیفیت بیان کرتے ہوئے فرمایا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کر رہے ہوتے تھے تو آپ رکوع سے جب سر اٹھاتے تھے تو آپ کے قیام کے طوالت کی وجہ سے ہم یہ سوچتے تھے شاید آپ (سجدے میں جانا) بھول گئے ہیں۔

ذِكْرُ مَا يَحْمَدُ الْعَبْدُ رَبَّهٗ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ رَفْعِهٖ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ فِیْ صَلَاتِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی اپنی نماز کے دوران رکوع سے سر اٹھاتے وقت اپنے پروردگار کی حمد کیسے بیان کرے

1903 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ:

1902 - إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه أحمد 3/172 عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "800" في الأذان: باب الاطمأنينة حين يرفع رأسه من الركوع، والبيهقي في السنن 2/97 من طريق أبي الوليد الطيالسي، عن شعبة، بهذا الإسناد. وأورده المؤلف برقم "1885" من طريق حماد بن زيد، عن ثابت، به، وتقدم تخريجه هناك، فانظره.

اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ عَمِّهِ الْمَاجِشُونِ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَكَعَ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ اَسْلَمْتُ، خَشَعَ لَكَ سَمْعِي، وَبَصَرِي، وَمُخِّي، وَعِظَامِي، وَعَصَبِي، ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ، قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ.(5: 12)

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع میں جاتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

''اے اللہ! میں نے تیرے لئے رکوع کیا میں تجھ پر ایمان لایا میں نے تیرے لئے اسلام قبول کیا میری سماعت میری بصارت میرا گودا میری ہڈیاں اور میرے پٹھے تیری بارگاہ میں جھکے ہوئے ہیں۔''

جب آپ رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

''اللہ تعالیٰ نے اس شخص کی بات کو سن لیا جس نے اس کی حمد بیان کی ہے۔ اے ہمارے پروردگار ہر طرح کی حمد تیرے لئے مخصوص ہے جو آسمانوں اور زمین جتنی بھری ہوئی ہو اور ان دونوں کے درمیان جو جگہ ہے۔ اتنی بھری ہوئی ہو۔ اس کے بعد جس چیز کو تو چاہے اتنی بھری ہوئی ہو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ جَائِزٌ لَهُ اَنْ يَّقُوْلُ مَا وَصَفْنَا فِي الصَّلَاةِ الْفَرِيضَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات جائز ہے کہ وہ اس چیز کو فرض نماز میں پڑھ سکتا ہے جو ہم نے ذکر کی ہے

1904 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

1903- إسناده صحيح على شرط مسلم، الماجشون بن أبى سلمة: هو يعقوب، والأعرج: هو عبد الرحمٰن . وأخرجه ابن أبى شيبة 1/248، والطيالسى "152"، ومسلم "771" "202" فى صلاة المسافرين: باب الدعاء فى صلاة الليل وقيامه، والترمذى "266" فى الصلاة: باب ما يقول الرجل إذا رفع رأسه من الركوع، والنسائى 2/192 فى التطبيق: باب نوع آخر من الذكر فى الركوع، والدارمى 1م301، وابن خزيمة فى صحيحه "607" و "612"، وأبو عوانة 2/101، 102، 168، والبغوى فى شرح السنة "631"، والبيهقى فى السنن 2/94، من طريق عبد العزيز بن أبى سلمة، بهٰذا الإسناد. وهو مكرر "1773" وسيرد طرفه أيضًا برقم ."1977"

1904- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو عوانة 2/102 عن يوسف بن مسلم، عن حجاج، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "2930" عن إبراهيم بن محمد، والشافعى 1/84 عن عبد المجيد ومسلم بن خالد، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/239 من طريق عبد الرحمٰن بن أبى الزناد، أربعتهم عن موسى بن عقبة، بهٰذا الإسناد. وانظر ما قبله و "1772" و ."1774"

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ فِي الصَّلَاةِ قَالَ: اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاوَاتِ، وَمِلْءَ الْاَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ. (5: 12)

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے دوران جب رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو آپ یہ پڑھتے تھے۔

''اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! حمد تیرے لئے مخصوص ہے جو آسمانوں جتنی بھری ہوئی ہو۔ زمین جتنی بھری ہوئی ہو اور اس کے بعد جو چیز تو چاہے اتنی بھری ہوئی ہو۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّيْ اَنْ يُفَوِّضَ الْاَشْيَاءَ اِلٰى بَارِئِهٖ عِنْدَ تَحْمِيْدِ رَبِّهٖ جَلَّ وَعَلَا فِي الْمَوْضِعِ الَّذِي وَصَفْنَا مِنْ صَلَاتِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنی نماز میں اس مقام پر اپنے پروردگار کی حمد بیان کرتے ہوئے اشیاء کو اپنے خالق کو تفویض کردے جس کا تذکرہ ہم نے کیا ہے

1905 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَاصِمِ الْاَنْصَارِيُّ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْحَوَارِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْهِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، قَالَ: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاوَاتِ، وَمِلْءَ الْاَرْضِ، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، اَهْلُ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ، اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ، لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ. (5: 12)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ پڑھ لیتے تھے' پھر آپ یہ پڑھتے تھے۔

1905- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه أبو عوانة 2/102 عن يوسف بن مسلم، عن حجاج، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "2930" عن إبراهيم بن محمد، والشافعي 1/84 عن عبد المجيد ومسلم بن خالد، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/239 من طريق عبد الرحمٰن بن أبي الزناد، أربعتهم عن موسى بن عقبة، بهٰذا الإسناد. وانظر ما قبله و "1772" و "1774".

2 إسناده صحيح على شرط الصحيح غير أحمد بن أبي الحواري وهو أحمد بن عبد الله بن ميمون- وهو ثقة، أبو مسهر: هو عبد الأعلى بن مسهر الغساني. وأخرجه أبو داوٗد "847" في الصلاة: باب ما يقول إذا رفع رأسه من الركوع، عن محمود بن خالد، وأبو عوانة 2/176 عن يزيد بن عبد الصمد، وابن خزيمة في صحيحه "613" عن محمد بن يحيى، ثلاثتهم عن أبي مسهر، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/87، والدارمي 1/301، ومسلم "477" في الصلاة: باب ما يقول إذا رفع رأسه من الركوع، وأبو داوٗد "847"، والنسائي 2/198-199 في التطبيق: باب ما يقول في قيامه ذلك، وابن خزيمة في صحيحه "613" أيضًا، وأبو عوانة 2/176، والطحاوي في شحر معاني الآثار 1/239، والبيهقي 2/94 من طرق عن سعيد بن عبد العزيز، به.

''اے ہمارے پروردگار! حمد تیرے لئے مخصوص ہے' جو آسمانوں جتنی بھری ہوئی ہو زمین جتنی بھری ہوئی ہو اور اس کے بعد جو چیز تو چاہے اتنی بھری ہوئی ہو' تو تعریف اور بزرگی کا اہل ہے وہ چیز سب سے زیادہ حق ہے' جو ایک بندے نے کہی ہے۔ ویسے ہم سب تیرے بندے ہیں (اس بندے نے یہ کہا ہے) جسے تو عطا کر دے اسے کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جسے تو نہ دے اسے کوئی دینے والا نہیں ہے اور تیری مرضی کے مقابلے میں کسی بھی صاحب حیثیت شخص کی حیثیت فائدہ نہیں دیتی''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں سعید بن عبدالعزیز نامی راوی منفرد ہے

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روایت میں ان لوگوں کو منع کیا ہے جو اپنے امام سے مختلف طور پر نماز ادا کرتے ہیں۔ اس وقت جب امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو۔ یہ وہ قسم ہے جس کا ذکر میں نے اپنی کتاب میں دوسری جگہوں پر کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات لفظ کے عموم کے ذریعے کسی چیز سے منع کرتے ہیں اور پھر اس میں سے کچھ حصے کو مستثنیٰ کر لیتے ہیں جس سے منع کیا گیا ہے۔ اور کسی متعین علت کی وجہ سے اس حصے کو مباح قرار دیتے ہیں۔ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلق لفظ کے ذریعے بیع مزابنہ سے منع کیا ہے۔ لیکن پھر آپ نے اس کے کچھ حصے کا استثنیٰ کر دیا۔ اور وہ حصہ عریہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعین علت کی وجہ سے متعین شرط کے ہمراہ اسے مباح قرار دیا ہے۔ اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لفظ کے عموم کے ذریعے کوئی حکم دیتے ہیں۔ پھر اس عموم کے کچھ حصے کا استثنیٰ کر لیتے ہیں۔ اور کسی متعین علت کی وجہ سے اسے ممنوع قرار دے دیتے ہیں۔ اس طرح

2107- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه الحميدى "958"، والبخارى "734" فى الأذان: باب إيجاب التكبير وافتتاح الصلاة، ومسلم "414" فى الصلاة: باب ائتمام المأموم بالإمام، وأبو عوانة 2/109، والبيهقى 3/79 من طرق عن أبى الزناد، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة "1613" وأخرجه ابن أبى شيبة 2/326، وأحمد 2/341، ومسلم "415" فى الصلاة: باب النهى عن مبادرة الإمام بالتكبير وغيره، وأبو داوٗد "603" و "604" فى الصلاة: باب الإمام يصلى من قعود، والنسائى 2/141و142 فى الافتتاح: باب تأويل قوله عزو جل: (وَاِذَا قُرِءَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ)، وابن ماجه "846" فى الإقامة: باب إذا قرأ الإمام فأنصتوا، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 1/404، وأبو عوانة 2/110، من طرق عن أبى صالح، عن أبى هريرة. وأخرجه عبد الرزاق "4082" ومن طريقه أحمد 2/314، والبخارى "722" فى الأذان: باب إقامة الصف من تمام الصلاة، ومسلم "414"، والبغوى فى شرح السنة "852" عن معمر، عن همام، عن أبى هريرة. وأخرجه أحمد 2/230و 411و475، والطحاوى 1/404، وابن ماجه "1239" فى الإقامة: باب ما جاء فى إنما جعل الإمام ليؤتم به، من طريق أبى سلمة، عن أبى هريرة. وأخرجه أحمد 2/376 من طريق مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هريرة. وأخرجه الطحاوى 1/404، وأبو عوانة 2/109، من طريق يعلى بن عطاء، عن أبى علقمة، عن أبى هريرة بنحوه. وأخرجه الحميدى "959"، وعبد الرزاق "4083" كلاهما عن سفيان بن عيينة، عن إسماعيل بن أبى خالد، عن قيس بن أبى حازم، عن أبى هريرة قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "الإمام أمير، فإن صلى قاعدًا، فصلوا قعودًا، وإن صلى قائمًا، فصلوا قيامًا." وسيورده المؤلف برقم "2115" من طريق أبى يونس مولى أبى هريرة، عن أبى هريرة.

نبی اکرم ﷺ نے مقتدیوں اور آئمہ سب کو حکم دیا ہے کہ وہ کھڑے ہو کر نماز ادا کریں۔ البتہ اگر کوئی شخص قیام سے عاجز ہو تو اس کا حکم مختلف ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کے عموم کے بعض حصے کا استثنیٰ کیا اور وہ صورت یہ ہے کہ اگر امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو تو آپ نے لوگوں کو اس سے منع کر دیا کہ (وہ کھڑے ہو کر نماز ادا کریں) تو یہ حکم اس عمومی مطلق حکم سے مستثنیٰ ہو گیا۔ اس کی مثالیں احادیث میں بہت ساری ہیں۔ جن کو ہم ان کے مخصوص مقام پر اس کتاب میں ذکر کریں گے اگر اللہ تعالیٰ نے یہ چاہا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اَمْرُ فَرِيضَةٍ وَاِيجَابٍ عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس چوتھی روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ حکم فرض اور وجوب کے طور پر تھا جیسا کہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

2108 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ فَرَسًا فَصُرِعَ عَنْهُ فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ، قَالَ اَنَسٌ: فَصَلّٰى لَنَا يَوْمَئِذٍ صَلَاةً مِنَ الصَّلَوَاتِ وَهُوَ قَاعِدٌ فَصَلَّيْنَا وَرَائَهُ قُعُودًا، ثُمَّ قَالَ حِينَ سَلَّمَ: اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَاِذَا صَلَّى الْاِمَامُ قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا، وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا، وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوا، وَاِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، وَاِذَا صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوا قُعُودًا اَجْمَعُونَ. (1: 5)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ گھوڑے پر سوار ہوئے آپ اس سے گر گئے۔ آپ کا دایاں پہلو زخمی ہو گیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس دن نبی اکرم ﷺ نے ہمیں ایک نماز بیٹھ کر پڑھائی۔ ہم نے آپ کے پیچھے بیٹھ کر نماز ادا کی جب آپ نے سلام پھیرا تو ارشاد فرمایا:

''امام کو اس لئے مقرر کیا گیا ہے' تاکہ اس کی پیروی کی جائے۔ جب امام کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تم لوگ بھی کھڑے ہو کر نماز ادا کرو جب وہ رکوع میں جائے' تو تم بھی رکوع میں جاؤ جب وہ رکوع سے سر اٹھائے' تو تم بھی اٹھاؤ جب وہ سجدے میں جائے' تو تم بھی سجدے میں جاؤ جب وہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ پڑھے تم رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ پڑھو جب وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ خَامِسٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اَمْرُ فَرِيضَةٍ لَا فَضِيلَةٍ

2108- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمرو بن عثمان وأبيه، وهما ثقتان. وأخرجه البخاري "732" في الأذان: باب إيجاب التكبير وافتتاح الصلاة، وأبو عوانة 2/107، من طريق أبي اليمان، عن شعيب، بهذا الإسناد. وتقدم برقم "2102" من طريق سفيان، عن الزهري، به، وذكرت طرقه في الكتاب هناك.

اس پانچویں روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ حکم فرض کے طور پر تھا فضیلت کے طور پر نہیں تھا

2109 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ الْعَدَوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ اَبِي الصَّهْبَاءِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ؛

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ: اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ؟ قَالُوْا: بَلٰى نَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ: اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مَنْ اَطَاعَنِيْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ طَاعَتِيْ؟ قَالُوْا: بَلٰى نَشْهَدُ اَنَّهٗ مَنْ اَطَاعَكَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ طَاعَتُكَ، قَالَ: فَاِنَّ مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ اَنْ تُطِيْعُوْنِيْ، وَمِنْ طَاعَتِيْ اَنْ تُطِيْعُوْا اُمَرَائَكُمْ، وَاِنْ صَلُّوْا قُعُوْدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا. (1: 5)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان موجود تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: ''کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے ہو میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں ان لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ ہم اس بات کی گواہی دیتے ہیں' آپ اللہ کے رسول ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے ہو جو شخص میری اطاعت کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے اور میری اطاعت اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا حصہ ہے۔ ان لوگوں نے عرض کی: جی ہاں ہم اس بات کی گواہی دیتے ہیں' جو شخص آپ کی اطاعت کرتا ہے وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے اور آپ کی فرمانبرداری کرنا اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا حصہ ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں یہ بات شامل ہے' تم میری اطاعت کرو اور میری اطاعت میں یہ بات شامل ہے' تم امراء کی اطاعت کرو اگر وہ بیٹھ کر نماز ادا کرتے ہیں' تو تم لوگ بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو''۔

2110 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ، بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): وَمِنْ طَاعَتِيْ اَنْ تُطِيْعُوْا اَئِمَّتَكُمْ

اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ يَعْلَى الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: سَاَلْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي الصَّهْبَاءِ فَقَالَ: ثِقَةٌ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ اَنَّ صَلَاةَ الْمَاْمُوْمِيْنَ قُعُوْدًا اِذَا صَلّٰى اِمَامُهُمْ قَاعِدًا مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الَّتِيْ اَمَرَ عِبَادَهٗ وَهُوَ عِنْدِيْ ضَرْبٌ مِّنَ الْاِجْمَاعِ الَّذِيْ اَجْمَعُوْا عَلٰى اِجَازَتِهٖ؛ لِاَنَّ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةٌ اَفْتَوْا بِهٖ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَاُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، وَقَيْسُ بْنُ قَهْدٍ، وَالْاِجْمَاعُ عِنْدَنَا اِجْمَاعُ الصَّحَابَةِ الَّذِيْنَ شَهِدُوْا هُبُوْطَ الْوَحْيِ

2109– إسناده حسن. حوثرة بن أشرس: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات 8/215، وأورده ابن أبي حاتم 3/283 فلم يذكر فيه جرحا ولا تعديلًا، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 2/93، والطبراني في الكبير "13238"، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/404، من طرق عن عقبة بن أبي الصهباء، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في المجمع 2/67، وقال: رواه أحمد والطبراني في الكبير، ورجاله ثقات2. هو مكرر ما قبله.

وَالتَّنْزِيلِ وَأُعِيذُوا مِنَ التَّحْرِيفِ وَالتَّبْدِيلِ حَتّٰى حَفِظَ اللّٰهُ بِهِمُ الدِّينَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ وَصَانَهُ عَنْ ثَلْمِ الْقَادِحِينَ،

وَلَمْ يُرْوَ عَنْ أَحَدٍ مِنَ الصَّحَابَةِ خِلَافٌ لِهٰؤُلَاءِ الْأَرْبَعَةِ لَا بِإِسْنَادٍ مُتَّصِلٍ وَلَا مُنْقَطِعٍ، فَكَأَنَّ الصَّحَابَةَ أَجْمَعُوا عَلٰى أَنَّ الْإِمَامَ إِذَا صَلّٰى قَاعِدًا كَانَ عَلَى الْمَأْمُومِينَ أَنْ يُصَلُّوا قُعُودًا وَقَدْ أَفْتٰى بِهِ مِنَ التَّابِعِينَ جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ أَبُو الشَّعْثَاءِ

وَلَمْ يُرْوَ عَنْ أَحَدٍ مِنَ التَّابِعِينَ أَصْلًا بِخِلَافِهِ لَا بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ وَلَا وَاهٍ فَكَأَنَّ التَّابِعِينَ أَجْمَعُوا عَلٰى أَجَازَتِهِ،

وَأَوَّلُ مَنْ أَبْطَلَ فِي هٰذِهِ الْأُمَّةِ صَلَاةَ الْمَأْمُومِ قَاعِدًا إِذَا صَلّٰى إِمَامُهُ جَالِسًا الْمُغِيرَةُ بْنُ مِقْسَمٍ صَاحِبُ النَّخَعِيِّ وَأَخَذَ عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، ثُمَّ أَخَذَ عَنْ حَمَّادٍ أَبُو حَنِيفَةَ وَتَبِعَهُ عَلَيْهِ مَنْ بَعْدَهُ مِنْ أَصْحَابِهِ

وَأَعْلٰى شَيْءٍ احْتَجُّوا بِهِ فِيهِ شَيْءٌ رَوَاهُ جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

لَا يَؤُمَّنَّ أَحَدٌ بَعْدِي جَالِسًا وَهٰذَا لَوْ صَحَّ إِسْنَادُهُ لَكَانَ مُرْسَلًا

وَالْمُرْسَلُ مِنَ الْخَبَرِ وَمَا لَمْ يُرْوَ سِيَّانِ فِي الْحُكْمِ عِنْدَنَا؛ لِأَنَّا لَوْ قَبِلْنَا إِرْسَالَ تَابِعِيٍّ وَإِنْ كَانَ ثِقَةً فَاضِلًا عَلٰى حُسْنِ الظَّنِّ لَزِمَنَا قَبُولُ مِثْلِهِ عَنْ أَتْبَاعِ التَّابِعِينَ وَمَتٰى قَبِلْنَا ذٰلِكَ لَزِمَنَا قَبُولُ مِثْلِهِ عَنْ تَبَعِ الْأَتْبَاعِ، وَمَتٰى قَبِلْنَا ذٰلِكَ لَزِمَنَا قَبُولُ مِثْلِ ذٰلِكَ عَنْ تُبَّاعِ التَّبَعِ، وَمَتٰى قَبِلْنَا ذٰلِكَ لَزِمَنَا أَنْ نَقْبَلَ مِنْ كُلِّ إِنْسَانٍ إِذَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

وَفِي هٰذَا نَقْضُ الشَّرِيعَةِ، وَالْعَجَبُ مِمَّنْ يَحْتَجُّ بِمِثْلِ هٰذَا الْمُرْسَلِ وَقَدْ قَدَحَ فِي رِوَايَتِهِ زَعِيمُهُمْ فِيمَا أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي الْحَوَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا يَحْيَى الْحِمَّانِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَنِيفَةَ يَقُولُ: مَا رَأَيْتُ فِيمَنْ لَقِيتُ أَفْضَلَ مِنْ عَطَاءٍ وَلَا لَقِيتُ فِيمَنْ لَقِيتُ أَكْذَبَ مِنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ مَا أَتَيْتُهُ بِشَيْءٍ قَطُّ مِنْ رَأْيٍ إِلَّا جَائَنِي فِيهِ بِحَدِيثٍ وَزَعَمَ أَنَّ عِنْدَهُ كَذَا وَكَذَا أَلْفَ حَدِيثٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَنْطِقْ بِهَا، فَهٰذَا أَبُو حَنِيفَةَ يُجَرِّحُ جَابِرًا الْجُعْفِيَّ وَيُكَذِّبُهُ ضِدَّ قَوْلِ مَنِ انْتَحَلَ مِنْ أَصْحَابِهِ مَذْهَبَهُ وَزَعَمَ أَنَّ قَوْلَ أَئِمَّتِنَا فِي كُتُبِهِمْ: فُلَانٌ ضَعِيفٌ غِيبَةٌ، ثُمَّ لَمَّا اضْطَرَّهُ الْأَمْرُ جَعَلَ يَحْتَجُّ بِمَنْ كَذَّبَهُ شَيْخُهُ فِي شَيْءٍ يَدْفَعُ بِهِ سُنَّةً مِنْ سُنَنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَّا جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ فَقَدْ ذَكَرْنَا قِصَّتَهُ فِي كِتَابِ الْمَجْرُوحِينَ مِنَ الْمُحَدِّثِينَ بِالْبَرَاهِينِ الْوَاضِحَةِ الَّتِي لَا يَخْفٰى عَلٰى ذِي لُبٍّ صِحَّتُهَا فَأَغْنٰى ذٰلِكَ عَنْ تِكْرَارِهَا فِي هٰذَا.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔ تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

''میری اطاعت میں یہ بات شامل ہے تم اپنی آئمہ کی اطاعت کرو۔''

یہ روایت امام ابویعلیٰ نے نقل کی ہے وہ کہتے ہیں میں نے یحییٰ بن معین سے عقبہ نامی راوی کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: یہ ثقہ ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ جب امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو۔ تو مقتدیوں کا بیٹھ کر نماز ادا کرنا اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کا حصہ ہے جس کا اس نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے اور میرے نزدیک یہ اس اجماع کی ایک قسم ہے۔ جس کو جائز قرار دینے پر سب کا اتفاق ہے۔ کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے چار حضرات نے اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اور حضرت قیس بن قہد رضی اللہ عنہ۔

ہمارے نزدیک اصل اجماع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع ہوتا ہے جنہوں نے وحی کے نزول کا مشاہدہ کیا اور انہیں تحریف اور تبدیلی سے بچالیا گیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے ذریعے مسلمانوں کے لیے ان کے دین کو محفوظ کرلیا۔ اور انہیں تنقید کرنے والوں کی خرابی سے بچالیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں کسی ایک حوالے سے بھی ان چار حضرات کے خلاف رائے نقل نہیں کی گئی نہ کسی متصل سند کے ذریعے اور نہ ہی کسی منقطع سند کے ذریعے تو گویا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس بات پر اتفاق ہوگیا کہ جب امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو تو مقتدیوں پر یہ بات لازم ہوگی کہ وہ بیٹھ کر نماز ادا کریں۔

تابعین نے بھی اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے جن میں جابر بن زید، ابوشعثاء شامل ہیں۔ اور تابعین میں سے بھی کسی ایک تابعی کے حوالے سے بھی اس کے برخلاف رائے منقول نہیں ہے۔ نہ ہی کسی صحیح سند کے ہمراہ منقول ہے اور نہ ہی کسی واہی سند کے ہمراہ منقول ہے۔ گویا تابعین کا بھی اس کو جائز قرار دینے پر اتفاق ہوگیا۔

مقتدی کے بیٹھ کر نماز ادا کرنے کو جبکہ امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو۔ سب سے پہلے اس امت میں مغیرہ بن مقسم نے غلط قرار دیا ہے۔ یہ ابراہیم نخعی کے شاگرد ہیں۔ ان سے یہ حکم حماد بن ابوسلیمان نے حاصل کیا (جو امام ابوحنیفہ کے استاد ہیں) پھر حماد سے یہ حکم امام ابوحنیفہ نے اور ان کے بعد ان کے پیروکار اصحاب نے یہ حاصل کیا۔

یہ حضرات اس بارے میں جو دلیل پیش کرتے ہیں ان میں سے سب سے بلند دلیل وہ روایت ہے جسے جابر جعفی نے امام شعبی کے حوالے سے نقل کیا ہے اور وہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

''میرے بعد کوئی بھی شخص بیٹھ کر امامت نہ کرے''

اس روایت کی سند کو اگر مستند بھی تسلیم کرلیا جائے تو یہ روایت مرسل ہے۔ اور وہ روایت جو مرسل ہو۔ اور وہ روایت جو نقل نہیں ہوئی۔ ہمارے نزدیک حکم میں برابر ہوں گی اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر ہم کسی تابعی کی مرسل روایت کو قبول کرلیں۔ اگرچہ وہ تابعی ثقہ اور فاضل ہو۔ اور ہم حسن ظن کی وجہ سے ایسا کرلیں تو ہم پر یہ بات لازم آئے گی کہ ہم اس کی مانند کسی تبع تابعی سے بھی (منقول مرسل روایت کو) قبول کرلیں۔ اور جب ہم اس کو قبول کریں گے تو ہم پر یہ بات لازم آئے گی ہم اس طرح کی روایت تبع تابعی

سے بھی قبول کرلیں۔ جب ہم اسے قبول کرلیں گے تو ہم پر یہ بات لازم آئے گی کہ ہم اسے تبع تابعین کے شاگردوں سے بھی اسے قبول کرلیں۔ اور جب ہم اسے قبول کرلیں گے۔ تو ہمارے لیے یہ بات ضروری ہوگی کہ ہم ہر شخص سے (مرسل روایت) قبول کر لیں۔

جب بھی وہ شخص یہ بات بیان کرے کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

تو اس صورت میں شریعت کالعدم ہو جائے گی اور حیرانگی اس شخص پر ہوتی ہے۔ جو اس طرح کی مرسل روایت کو دلیل کے طور پر پیش کرتا ہے حالانکہ اس روایت کے بارے میں ان کے بڑوں نے اعتراضات کیے ہیں۔ حسین بن عبداللہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات بیان کی ہے۔ ابویحییٰ حمانی بیان کرتے ہیں میں نے امام ابوحنیفہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ میری جن لوگوں سے بھی ملاقات ہوئی ہے۔ ان میں سے عطاء بن ابی رباح سے زیادہ فضیلت والا کوئی شخص نہیں دیکھا اور میری جن لوگوں سے بھی ملاقات ہوئی ہے میں نے ان میں سے جابر جعفی سے زیادہ بڑا جھوٹا اور کوئی نہیں دیکھا جب بھی میں اس کے پاس اپنی رائے سے کوئی مسئلہ لے کر آیا۔ تو اس نے اس بارے میں کوئی حدیث سنا دی۔ اور اس نے یہ بات بھی بیان کی کہ اس کے پاس اتنے' اتنے ہزار احادیث ہیں۔ جو نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے منقول ہیں۔ جن کو ابھی اس نے بیان ہی نہیں کیا۔

امام ابن حبان کہتے ہیں: تو یہ امام ابوحنیفہ ہیں جو جابر جعفی پر تنقید کر رہے اور جھوٹا قرار دے رہے ہیں' تو یہ بات اس شخص کے موقف کے برخلاف ہے۔ جو خود کو امام ابوحنیفہ کے مسلک کا پیروکار ظاہر کرتا ہے۔ اور اس بات کا قائل ہے کہ ہمارے آئمہ کا اپنی کتابوں میں یہ بات کہنا کہ فلاں راوی ضعیف ہے۔ یہ چیز غیبت ہوتی ہے۔ لیکن جب خود اسے ضرورت پیش آئی۔ تو اس نے اس شخص سے استدلال کرنا شروع کر دیا جسے اس کے شیخ نے جھوٹا قرار دیا ہے۔ اور اس نے اس شخص سے استدلال ایک ایسی چیز کے بارے میں کیا۔ جس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کی سنت پر عمل ترک ہو رہا ہے۔ جہاں تک جابر جعفی کا تعلق ہے۔ تو ہم نے اس کا واقعہ کتاب المجروحین میں واضح براہین کے ہمراہ ذکر کر دیا ہے۔ جس کا مستند ہونا کسی بھی سمجھدار سے مخفی نہیں ہوگا۔ تو یہاں اس کو دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ اَمْرُ فَضِيلَةٍ لَا فَرِيضَةٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ حکم' جو ہم نے ذکر کیا ہے' فضیلت کے طور پر تھا فرض کے طور پر نہیں تھا

2111 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى،

2111- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الأعلى، فإنه من رجال مسلم وحده. وأخرجه أحمد 3/200، والبخاري "378" في الصلاة: باب الصلاة في السطوح والمنبر والخشب، من طريق يزيد بن هارون، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/404 من طريق هشيم، كلاهما عن حميد، بهذا الإسناد. وورد برقم "2102" و "2103" و "2108" و "2113" من طريق الزهري، عن أنس، فانظرها.

قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ الْقَوْمُ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَصَلّٰى بِهِمْ قَاعِدًا وَهُمْ قِيَامٌ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ الْاُخْرٰى ذَهَبُوا يَقُوْمُوْنَ فَقَالَ: ائْتَمُّوا بِاِمَامِكُمْ، وَاِنْ صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا، وَاِنْ صَلّٰى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا . (1: 5)

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے نماز کا وقت ہو گیا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بیٹھ کر نماز پڑھانا شروع کی۔ وہ لوگ کھڑے رہے جب اگلی نماز کا وقت آیا تو وہ لوگ کھڑے ہونے لگے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''تم اپنے امام کی پیروی کرو اگر وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم لوگ بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو اگر وہ کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تو تم لوگ بھی کھڑے ہو کر نماز ادا کرو''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ تَاْوِيلَ هٰذَا الْمُتَاَوِّلِ لِهٰذِهِ اللَّفْظَةِ الَّتِیْ فِیْ خَبَرِ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کی بیان کی ہوئی تاویل کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس الفاظ کے بارے میں ہے جو حمید طویل کی نقل کردہ روایت میں مذکور ہیں

2112 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث):رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا بِالْمَدِيْنَةِ فَصَرَعَهُ عَلٰى جِذْعِ نَخْلَةٍ، فَانْفَكَّتْ قَدَمُهُ فَاَتَيْنَاهُ نَعُوْدُهُ فَوَجَدْنَاهُ فِیْ مَشْرُبَةٍ لِعَائِشَةَ يُسَبِّحُ جَالِسًا فَقُمْنَا خَلْفَهُ فَتَنَكَّبَ عَنا، ثُمَّ اَتَيْنَاهُ مَرَّةً اُخْرٰى فَوَجَدْنَاهُ يُصَلِّیْ الْمَكْتُوْبَةَ، فَقُمْنَا خَلْفَهُ فَاَشَارَ اِلَيْنَا فَقَعَدْنَا، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ: اِذَا صَلَّى الْاِمَامُ جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا، وَاِذَا صَلّٰى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا وَلَا تَفْعَلُوْا كَمَا يَفْعَلُ اَهْلُ فَارِسٌ بِعُظَمَائِهَا . (1: 5)

2112- إسناده قوى على شرط مسلم. أبو سفيان: هو طلحة بن نافع الواسطى، ويقال: المكى صاحب جابر، قال أحمد، والنسائى: ليس به بأس. ابن أبى خيثمة عن ابن معين: ليس بشىء، وقال ابوحاتم: أبو الزبير أحب إلى منه، وقال ابن عدى: أحاديث الأعمش عنه مستقيمة، وقال ابن عيينة: حديثه عن جابر صحيفة، وقال الشعبة: لم يسمع من جابر إلا أربعة أحاديث، وكذا قال ابن المدينى فى العلل عن معلى بن منصور، عن ابن أبى زائدة مثله، أخرج له البخارى أربعة أحاديث، وهو مقرون فيها عنده بغيره، واحتج به الباقون، وقال فى التقريب: صدوق. وأخرجه أبو داوٗد "602" فى الصلاة: باب الإمام يصلى من قعود، عن عثمان بن أبى شيبة، وابن خزيمة "1615" عن يوسف بن موسى، كلاهما عن وكيع وجرير، بهٰذا الإسناد. وأخرجه البيهقى فى السنن 3/79، 80 من طريق جعفربن عون، عن الأعمش، بهٰذا الإسناد. وسيورده المؤلف برقم "2114" من طريق وكيع، عن الأعمش، به، وبرقم "2122" من طريق الليث، وبرقم "2123" من طريق عبد الرحمٰن الرؤاسى، كلاهما عن أبى الزبير، عن جابر، فانظر تخريجها ثمة.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ اَنَّ اللَّفْظَةَ الَّتِيْ فِيْ خَبَرِ حُمَيْدٍ حَيْثُ صَلّٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمْ قَاعِدًا وَهُمْ قِيَامٌ اِنَّمَا كَانَتْ تِلْكَ سُبْحَةً، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ الْفَرِيضَةُ اَمَرَهُمْ اَنْ يُصَلُّوْا قُعُوْدًا كَمَا صَلّٰى هُوَ فَفِيْ هٰذَا اَوْكَدُ الْاَشْيَاءِ اَنَّ الْاَمْرَ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا وَصَفْنَا اَمْرُ فَرِيضَةٍ لَا فَضِيلَةٍ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں گھوڑے پر سوار ہوئے آپ اس سے ایک کھجور کے تنے پر گر گئے جس کی وجہ سے آپ کے پاؤں میں موچ آ گئی ہم آپ کی عیادت کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نے آپ کو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بالا خانہ میں پایا' آپ بیٹھ کر نوافل ادا کر رہے تھے ہم آپ کے پیچھے کھڑے ہو گئے' تو آپ ہم سے ہٹ گئے پھر ہم دوسری مرتبہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ کو فرض نماز پڑھتے ہوئے پایا۔ ہم آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے' تو آپ نے ہماری طرف اشارہ کیا' تو ہم بیٹھ گئے' جب آپ نے نماز مکمل کی تو ارشاد فرمایا:

''جب امام بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو۔ جب وہ کھڑے ہو کر نماز ادا کرے تو تم بھی کھڑے ہو کر نماز ادا کرو تم لوگ اس طرح نہ کرو جس طرح' اہل فارس اپنے بادشاہوں کے لئے کرتے ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ حمید کے حوالے سے منقول روایت کے وہ الفاظ کہ اس میں یہ مذکور ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو بیٹھ کر نماز پڑھائی' اور وہ لوگ کھڑے ہوئے تھے۔ یہ نفل نماز تھی۔ جب فرض نماز کا وقت ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو یہ ہدایت کی کہ وہ بیٹھ کر نماز ادا کریں۔ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی تھی۔ تو یہ چیز سب سے زیادہ تاکید والی ہو جائے گی۔ (اور اس بات کو ثابت کر دے گی) کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم جس کا ہم نے ذکر کیا ہے لازم قرار دینے کے طور پر حکم ہے۔ فضیلت کے اظہار کا حکم نہیں تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ تَاَوَّلَهُ بَعْضُ النَّاسِ بِمَا يَنْطِقُ عُمُومُ الْخَبَرِ بِضِدِّهِ

اس روایت کا تذکرہ جس کی تاویل بعض لوگوں نے یوں کی ہے کہ روایت کا عموم اس کے متضاد پر دلالت کرتا

2113 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

2113- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير يزيد بن موهب، وهو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب، فإنه لم يخرجا له ولا أحدهما، وهو ثقة. وأخرجه البخاري "773" في الأذان: باب إيجاب التكبير وافتتاح الصلاة، ومسلم "411" "78" في الصلاة: باب إئتمام المأموم بالإمام، والترمذي "361" في الصلاة: باب ما جاء إذا صلى الإمام قاعدًا فصلوا قعودًا، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/403، وأبو عوانة 2/106 و 107" من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأوردت ذكر طرقه فيما تقدم في تخريج الحديث "2102" فانظره.

(متن حدیث): خَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ فَرَسٍ فَجُحِشَ، فَصَلّٰى لَنَا قَاعِدًا فَصَلَّيْنَا مَعَهٗ قُعُوْدًا، ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ: اِنَّمَا الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ، فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَاِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ، وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا، وَاِذَا صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا اَجْمَعُوْنَ . (1: 5)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: زَعَمَ بَعْضُ الْعِرَاقِيِّيْنَ مِمَّنْ كَانَ يَنْتَحِلُ مَذْهَبَ الْكُوْفِيِّيْنَ اَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِذَا صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا اَرَادَ بِهٖ، وَاِذَا تَشَهَّدَ قَاعِدًا فَتَشَهَّدُوْا قُعُوْدًا اَجْمَعُوْنَ فَحَرَّفَ الْخَبَرَ عَنْ عُمُوْمِ مَا وَرَدَ الْخَبَرُ فِيْهِ بِغَيْرِ دَلِيْلٍ يَثْبُتُ لَهٗ عَلٰى تَاْوِيْلِهٖ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے گر کر زخمی ہو گئے۔ آپ نے ہمیں بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ ہم نے آپ کی اقتداء میں بیٹھ کر نماز ادا کی جب آپ نے نماز مکمل کی تو آپ نے ارشاد فرمایا: امام کو اس لئے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو جب وہ رکوع میں جائے تو تم بھی رکوع میں جاؤ جب وہ (رکوع سے سر) اٹھائے تو تم بھی اٹھاؤ جب وہ سمع الله لمن حمده پڑھے تم لوگ ربنا ولك الحمد پڑھو جب وہ سجدے میں جائے تو تم بھی سجدے میں جاؤ جب وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) بعض اہل عراق جو اہل کوفہ کے مسلک کے قائل ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''جب وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم لوگ بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو'' اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ جب وہ بیٹھ کر تشہد پڑھے تو تم لوگ بھی بیٹھ کر تشہد پڑھو۔ تو اس شخص نے اس روایت کو اس کے اس عمومی مفہوم سے پھیر دیا ہے۔ جس کے بارے میں وہ روایت منقول ہوئی تھی۔ اور اس نے کسی دلیل کے بغیر ایسا کیا ہے جس دلیل سے اس کی بیان کردہ تاویل ثابت ہوتی ہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ تَاْوِيْلَ هٰذَا الْمُتَاَوِّلِ لِهٰذَا الْاَمْرِ الْمُطْلَقِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس تاویل بیان کرنے والے کی تاویل کو غلط ثابت کرتی ہے جس نے اس مطلق حکم کی تاویل کی ہے

2114 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صُرِعَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ فَرَسٍ لَهٗ فَوَقَعَ عَلٰى جِذْعِ نَخْلَةٍ، فَانْفَكَّتْ قَدَمُهٗ فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ نَعُوْدُهٗ وَهُوَ يُصَلِّىْ فِىْ مَشْرُبَةٍ لِعَائِشَةَ جَالِسًا فَصَلَّيْنَا بِصَلَاتِهٖ وَنَحْنُ قِيَامٌ، ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ مَرَّةً

2114– إسناده قوي على شرط مسلم، وهو في مصنف ابن أبي شيبة 2/325–326 وأخرجه أحمد 3/300، وأبو داؤد "602" من طريق وكيع، بهذا الإسناد. وتقدم برقم "2112" من طريق جرير، عن الأعمش، به. وانظر ما سيرد برقم "2122" و "2123". والمشربة– بضم الراء وفتحها: الغرفة، أو العلية، أو الصفة.

اُخْرٰى وَهُوَ يُصَلِّيْ جَالِسًا فَصَلَّيْنَا بِصَلَاتِهِ وَنَحْنُ قِيَامٌ فَاَوْمَاَ اِلَيْنَا اَنِ اجْلِسُوا فَلَمَّا صَلّٰى قَالَ: اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ، فَاِذَا صَلّٰى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا، وَاِنْ صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا وَلَا تَقُوْمُوْا وَهُوَ جَالِسٌ كَمَا يَصْنَعُ اَهْلُ فَارِسٍ بِعُظَمَائِهَا.(1: 5)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ قَوْلِ جَابِرٍ: فَصَلَّيْنَا بِصَلَاتِهِ وَنَحْنُ قِيَامٌ، بَيَانٌ وَاضِحٌ عَلٰى دَحْضِ قَوْلِ هٰذَا الْمُتَاَوِّلِ اِذِ الْقَوْمُ لَمْ يَتَشَهَّدُوا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ قِيَامٌ وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُ فِي الصَّلَاةِ الْاُخْرٰى فَصَلَّيْنَا بِصَلَاتِهِ وَنَحْنُ قِيَامٌ فَاَوْمَاَ اِلَيْنَا اَنِ اجْلِسُوا اَرَادَ بِهِ الْقِيَامَ الَّذِي هُوَ فَرْضُ الصَّلَاةِ لَا التَّشَهُّدَ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے گر گئے۔آپ کھجور کے تنے پر گرے تھے جس کی وجہ سے آپ کے پاؤں پر چوٹ آئی ہم آپ کی عیادت کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔آپ اس وقت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بالاخانہ میں بیٹھ کر نماز ادا کر رہے تھے۔ہم نے آپ کی نماز کی پیروی شروع کی ہم کھڑے ہوئے تھے' پھر جب ہم دوبارہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ بیٹھ کر نماز ادا کر رہے تھے۔ہم نے آپ کی نماز کی پیروی کی ہم اس وقت بھی کھڑے ہوئے' تو آپ نے ہمیں اشارہ کیا کہ تم لوگ بیٹھ جاؤ جب آپ نے نماز مکمل کر لی' تو آپ نے ارشاد فرمایا: امام کو اس لئے مقرر کیا گیا ہے' تاکہ اس کی پیروی کی جائے جب وہ کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تو تم لوگ بھی کھڑے ہو کر نماز ادا کرو اور اگر وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم لوگ بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو۔وہ بیٹھا ہوا ہو' تو تم لوگ کھڑے نہ ہو' جس طرح اہل فارس اپنے بادشاہوں کے لئے کرتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ ہم نے آپ کی نماز کی پیروی کی اور ہم اس وقت کھڑے ہوئے تھے۔اس بات کا واضح بیان موجود ہے۔جو تاویل کرنے والے شخص کے موقف کو پرے کر دیتا ہے۔کیونکہ ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے قیام کی حالت میں تشہد نہیں پڑھا تھا۔اس طرح دوسری نماز کے بارے میں راوی کا یہ کہنا کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کی اور ہم کھڑے ہوئے تھے۔تو آپ نے ہمیں اشارہ کیا کہ تم لوگ بیٹھ جاؤ اس کے ذریعے ان کی مراد وہ قیام ہے جو نماز میں فرض ہے اس سے مراد تشہد نہیں ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى فَسَادِ تَاْوِيلِ هٰذَا الْمُتَاَوِّلِ لِهٰذَا الْخَبَرِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس شخص کی اس روایت کی بیان کردہ تاویل کے فاسد ہونے پر دلالت کرتی ہے

2115 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيْ يُوْنُسَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ

2115– إسناده قوي على شرط مسلم. أبو يونس: اسمه سليم بن جبير وهو مولى أبي هريرة. وتقدم برقم "2107" من طريق مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هريرة، وأوردت تخريجه من طرقه هناك فانظره.

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّمَا الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا، وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، وَإِذَا صَلّٰى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا، وَإِذَا صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا اَجْمَعُوْنَ. (1: 5)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ: فِیْ تَقْرِيْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَمْرَ لِلْمَاْمُوْمِيْنَ اَنْ يُصَلُّوْا قِيَامًا اِذَا صَلّٰى اِمَامُهُمْ قَائِمًا بِالْاَمْرِ بِالصَّلَاةِ قُعُوْدًا اِذَا صَلّٰى اِمَامُهُمْ جَالِسًا اَعْظَمُ الْبَيَانِ اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُرِدْ بِهِ التَّشَهُّدَ فِي الْاَمْرَيْنِ جَمِيعًا وَاِنَّمَا اَرَادَ الْقِيَامَ الَّذِیْ هُوَ فَرْضُ الصَّلَاةِ اَنْ يُؤْتٰى بِهٖ كَمَا يَاْتِی الْاِمَامُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''امام کو اس لئے مقرر کیا گیا ہے، تاکہ اس کی پیروی کی جائے جب وہ تکبیر کہے، تو تم بھی تکبیر کہو جب وہ رکوع میں جائے، تو تم بھی رکوع میں جاؤ جب وہ (رکوع سے سر) کو اٹھائے، تو تم بھی اٹھاؤ جب وہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھے تم اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھو جب وہ کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تو تم لوگ کھڑے ہو کر نماز ادا کرو جب وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقتدیوں کے لیے حکم کو پختہ کر دینا کہ جب ان کا امام کھڑا ہو کر نماز ادا کر رہا ہو۔ تو وہ کھڑے ہو کر نماز ادا کریں۔ اور جب ان کا امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو۔ تو وہ بیٹھ کر نماز ادا کریں۔ اس بات کا سب سے بڑا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں احکام میں تشہد مراد نہیں لیا بلکہ آپ نے وہ قیام مراد لیا ہے۔ جو نماز میں فرض ہے کہ آدمی اسے اسی طرح بجالائے گا۔ جس طرح امام اسے ادا کرتا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ بَعْضَ اَئِمَّتِنَا اَنَّهٗ نَاسِخٌ لِاَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَاْمُوْمِيْنَ بِالصَّلَاةِ قُعُوْدًا اِذَا صَلّٰى اِمَامُهُمْ جَالِسًا

اس روایت کا تذکرہ جس نے بعض آئمہ کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتدیوں کو بیٹھ کر نماز ادا کرنے کا جو حکم دیا تھا کہ جب امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو (تو وہ بھی بیٹھ کر نماز ادا کریں) یہ روایت اس کی ناسخ ہے

2116 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ اَبِیْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَقُلْتُ لَهَا: اَلَا تُحَدِّثِيْنِیْ عَنْ مَرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: بَلٰى، ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَصَلَّى النَّاسُ؟ فَقُلْتُ: لَا هُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ يَا

رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: ضَعُوْا لِي مَاءً فِي الْمِخْضَبِ قَالَتْ: فَفَعَلْنَا فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ ذَهَبَ لِيَنُوءَ فَأُغْمِيَ عَلَيْهِ، ثُمَّ اَفَاقَ، فَقَالَ: اَصَلَّى النَّاسُ؟ فَقُلْتُ: لَا هُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالنَّاسُ عُكُوفٌ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلَاةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، قَالَتْ: فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيقِ اَنْ صَلِّ بِالنَّاسِ فَاَتَاهُ الرَّسُوْلُ فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ وَكَانَ رَجُلًا رَقِيقًا: يَا عُمَرُ صَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اَنْتَ اَحَقُّ بِذٰلِكَ، قَالَ: فَصَلّٰى بِهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ تِلْكَ الْاَيَّامَ، قَالَتْ: ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ مِنْ نَفْسِهِ خِفَّةً فَخَرَجَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ لِصَلَاةِ الظُّهْرِ وَاَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ، قَالَتْ: فَلَمَّا رَآهُ اَبُوْ بَكْرٍ ذَهَبَ لِيَتَاَخَّرَ، فَاَوْمَا اِلَيْهِ اَنْ لَّا يَتَاَخَّرَ، وَقَالَ لَهُمَا: اَجْلِسَانِيْ اِلٰى جَنْبِهِ فَاَجْلَسَاهُ اِلٰى جَنْبِ اَبِيْ بَكْرٍ فَجَعَلَ اَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّيْ وَهُوَ قَائِمٌ بِصَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ اَبِيْ بَكْرٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: فَدَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ: اَلَا اَعْرِضُ عَلَيْكَ مَا حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ، عَنْ مَرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: هَاتِ فَعَرَضْتُ حَدِيْثَهَا عَلَيْهِ، فَمَا اَنْكَرَ مِنْهُ شَيْئًا.(1: 5)

❀❀ عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے ان سے گزارش کی' آپ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے بارے میں نہیں بتائیں گی؟ انہوں نے فرمایا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت خراب ہوگئی۔ آپ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز ادا کر لی ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں' یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! وہ آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے لئے کسی ٹب میں پانی رکھو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہے ہم نے ایسا ہی کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل

2116- إسناده صحيح على شرطهما. زائدة: هو ابن قدامة. وهو في مصنف ابن أبي شيبة 2/332. وأخرجه أحمد 6/251، والنسائي 101، 102 في الإمامة: باب الائتمام بالإمام يصلي قاعدًا، من طريق ابن مهدي، والبخاري "687" في الأذان: باب إنما جعل الإمام ليؤتم، به، ومسلم "418" في الصلاة: باب استخلاف الإمام إذا عرض له عذر من مرض وسفر وغيرهما من يصلي بالناس، وأبو عوانة 2/111، والدارمي 1/287، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/405، والبيهقي 3/80 في السنن و 7/190 في الدلائل من طريق أحمد بن يونس، وأبو عوانة 2/111 من طريق معاوية بن عمرو الأزدي وخلف بن تميم، كلهم عن زائدة بن قدامة، به. وأخرجه مختصرًا الحميدي "233"، وعبد الرزاق "9754"، وأحمد 6/228، والبخاري "198" في الوضوء: باب الغسل والوضوء في المخضب والقدح والخشب والحجارة، و "665" في الأذان: باب حد المريض أن يشهد الجماعة، و "2588" في الهبة: باب هبة الرجل لامرأته والمرأة لزوجها، و "4442" في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ووفاته، و "5714" في الطب: باب 22، ومسلم "418" "91" و "92" و "93"، وابن ماجه "1618" في الجنائز، وأبو عوانة 2/113 و114، من طريق الزهري، وأبو عوانة 2/114 من طريق يونس، كلاهما عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بن مسعود، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/231، والبخاري "679" في الأذان: باب أهل العلم والفضل أحق بالإمامة، و "683": باب من قام إلى جنب الإمام لعلة، و "716" باب إذا بكى الإمام في الصلاة، و "7303" في الاعتصام: باب ما يكره من التعمق والتنازع والغلو في الدين والبدع، ومسلم "418" "97"، وأبو عوانة 2/117، والبيهقي في السنن 3/82، وفي الدلائل 7/188، من طريق هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ. وأخرجه مسلم "418" "94"، وأبو عوانة 2/114، والبيهقي في الدلائل 7/187، من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن الزهري، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عائشة.

کیا' پھر آپ اٹھنے لگے' تو آپ پر بے ہوشی طاری ہو گئی جب آپ کو ہوش آیا' تو آپ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز ادا کر لی۔ میں نے عرض کی: جی نہیں' یا رسول اللہ (ﷺ)! وہ آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔ لوگ اس وقت مسجد میں بیٹھے ہوئے عشاء کی نماز کے لئے نبی اکرم ﷺ کا انتظار کر رہے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا' تم لوگوں کو نماز پڑھا دو' پیغام رساں شخص حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ اللہ کے رسول نے آپ کو حکم دیا ہے' آپ لوگوں کو نماز پڑھا دیں' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جو ایک نرم دل آدمی تھے۔ انہوں نے فرمایا: اے عمر! تم لوگوں کو نماز پڑھاؤ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: آپ اس کے زیادہ حق دار ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: ان دنوں میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کو اپنی طبیعت میں بہتری محسوس ہوئی تو آپ دو آدمیوں کے درمیان چلتے ہوئے ظہر کی نماز کے لئے تشریف لے گئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس وقت لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کو دیکھا تو پیچھے ہٹنے لگے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں اشارہ کیا کہ وہ آپ پیچھے نہ ہٹیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں صاحبان سے فرمایا مجھے اس کے پہلو میں بٹھا دو۔ ان دونوں حضرات نے آپ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بٹھا دیا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز ادا کرنے لگے وہ کھڑے ہو کر نبی اکرم ﷺ کی نماز کی پیروی کر رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی کر رہے تھے حالانکہ نبی اکرم ﷺ اس وقت بیٹھے ہوئے تھے۔

عبیداللہ نامی راوی کہتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے کہا: کیا میں آپ کے سامنے وہ حدیث پیش کروں جو نبی اکرم ﷺ کی بیماری کے بارے میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بیان کی ہے۔ انہوں نے فرمایا: پیش کرو۔ میں نے وہ حدیث ان کے سامنے بیان کی تو انہوں نے اس کی کسی بھی بات کا انکار نہیں کیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يُعَارِضُ الْخَبَرَ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ فِي الظَّاهِرِ

اس روایت کا تذکرہ جو بظاہر ہماری پہلے ذکر کردہ روایت کے معارض ہے

2117 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي عَائِشَةَ، عَنْ، عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا بَكْرٍ صَلّٰى بِالنَّاسِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّفِّ خَلْفَهُ. (1: 5)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: خَالَفَ شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ زَائِدَةَ بْنَ قُدَامَةَ فِي مَتْنِ هٰذَا الْخَبَرِ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي عَائِشَةَ فَجَعَلَ شُعْبَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاْمُومًا حَيْثُ صَلّٰى قَاعِدًا وَالْقَوْمُ

2117– إسناده صحيح على شرط البخاري . وهو في صحيح ابن خزيمة برقم "1621" وأخرجه أحمد 6/249، والنسائي 2/83–84 في الإقامة: باب الائتمام بمن يأتم بالإمام، وأبو عوانه 2/112، 113، من طريق أبي داوُد الطيالسي، عن شعبة، بهذا الإسناد. ولفظه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر أبا بكر أن يصلي بالناس في مرضه الذي مات فيه، فكان رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ بَيْنَ يدي أبي بكر، يصلي بالناس قاعدًا، وأبو بكر يصلي بالناس، والناس خلفه. لفظ أحمد.

قِيَامٌ وَجَعَلَ زَائِدَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمَامًا حَيْثُ صَلّٰى قَاعِدًا وَالْقَوْمُ قِيَامٌ وَهُمَا مُتْقِنَانِ حَافِظَانِ فَكَيْفَ يَجُوزُ اَنْ تُجْعَلَ اِحْدَى الرِّوَايَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَضَادَّتَا فِي الظَّاهِرِ فِيْ فِعْلٍ وَاحِدٍ نَاسِخًا لِاَمْرٍ مُطْلَقٍ مُتَقَدِّمٍ، فَمَنْ جَعَلَ اَحَدَ الْخَبَرَيْنِ نَاسِخًا لِمَا تَقَدَّمَ مِنْ اَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ الْاٰخَرَ مِنْ غَيْرِ دَلِيْلٍ يَثْبُتُ لَهُ عَلٰى صِحَّتِهٖ سَوَّغَ لِخَصْمِهٖ اَخْذَ مَا تَرَكَ مِنَ الْخَبَرَيْنِ وَتَرْكَ مَا اَخَذَ مِنْهُمَا، وَنَظِيْرُ هٰذَا النَّوْعِ مِنَ السُّنَنِ خَبَرُ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ[1] وَخَبَرُ اَبِيْ رَافِعٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَهَا وَهُمَا حَلَالَانِ[2] فَتَضَادَّ الْخَبَرَانِ فِيْ فِعْلٍ وَاحِدٍ فِي الظَّاهِرِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَهُمَا تَضَادٌّ عِنْدَنَا فَجَعَلَ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ الْخَبَرَيْنِ اللَّذَيْنِ رُوِيَا فِيْ نِكَاحِ مَيْمُوْنَةَ مُتَعَارِضَيْنِ وَذَهَبُوا اِلٰى خَبَرِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ[3] فَاَخَذُوا بِهٖ اِذْ هُوَ يُوَافِقُ اِحْدَى الرِّوَايَتَيْنِ اللَّتَيْنِ رُوِيَتَا فِيْ نِكَاحِ مَيْمُوْنَةَ وَتَرَكُوا خَبَرَ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَهَا وَهُوَ مُحْرِمٌ.

فَمَنْ فَعَلَ هٰذَا لَزِمَهُ اَنْ يَّقُوْلَ تَضَادَّ الْخَبَرَانِ فِيْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِلَّتِهٖ عَلٰى حَسَبِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ فَيَجِبُ اَنْ نَجِيْءَ اِلَى الْخَبَرِ الَّذِيْ فِيْهِ الْاَمْرُ بِصَلَاةِ الْمَاْمُوْمِيْنَ قُعُوْدًا اِذَا صَلّٰى اِمَامُهُمْ قَاعِدًا فَنَاْخُذُ بِهٖ اِذْ هُوَ يُوَافِقُ اِحْدَى الرِّوَايَتَيْنِ اللَّتَيْنِ رُوِيَتَا فِيْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِلَّتِهٖ وَنَتْرُكَ الْخَبَرَ الْمُنْفَرِدَ عَنْهُمَا كَمَا فَعَلَ ذٰلِكَ فِيْ نِكَاحِ مَيْمُوْنَةَ وَلَيْسَ عِنْدَنَا بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ تَضَادٌّ وَلَا تَهَاتُرٌ وَلَا نَاسِخٌ وَلَا مَنْسُوْخٌ بَلْ مِنْهَا مُخْتَصَرٌ وَمُتَقَصًّى وَمُجْمَلٌ وَمُفَسَّرٌ اِذَا ضُمَّ بَعْضُهَا اِلٰى بَعْضٍ بَطَلَ التَّضَادُّ بَيْنَهُمَا وَاسْتُعْمِلَ كُلُّ خَبَرٍ فِيْ مَوْضِعِهٖ عَلٰى مَا سَنُبَيِّنُهُ اِنْ قَضَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَشَاءَهُ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پیچھے صف میں موجود تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) شعبہ بن حجاج نے اس روایت کا متن نقل کرنے میں زائدہ بن قدامہ کی مخالفت کی ہے انہوں نے اسے موسیٰ بن ابوعائشہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ تو شعبہ نے اپنی روایت میں یہ بات نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھ کر نماز ادا کر رہے تھے۔ تو آپ مقتدی کے طور پر شریک ہوئے تھے اور لوگ کھڑے ہوئے تھے۔ جبکہ زائدہ نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ بات نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھ کر نماز ادا کر رہے تھے تو آپ امام کے طور پر نماز ادا کر رہے تھے اور لوگ کھڑے ہو کر نماز ادا کر رہے تھے۔

---

[1] أخرجه البخاری "1837" و "4258" و "4259" و "5114"، ومسلم "1410"، وسيرد عند المصنف.

[2] أخرجه أحمد 6/393، والترمذی "841"، والدارمی 2/38، والطحاوی 2/270، والبغوی "1982" من طريق حماد بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ رَبِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ ... وقال الترمذی: حديث حسن، كذا قال مع أن مطرًا الوراق كثير الخطأ، وخالفه الإمام مالك، فرواه 1/348 مرسلًا، وسليمان بن يسار لا يمكن سماعه من أبی رافع.

[3] رواه مالك فی الموطأ 1/348-349، ومن طريقه مسلم "1409"، وسيرد عند المصنف.

یہ دونوں راوی متقی ہیں اور دونوں حافظ ہیں تو یہ بات کیسے جائز ہوسکتی ہے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک کی نقل کردہ روایت کو قبول کرلیا جائے حالانکہ یہ دونوں روایات ایک ہی فعل کے بارے میں منقول ہیں۔ اور بظاہر ایک دوسرے کی متضاد ہیں۔ اور یہ پہلے موجود مطلق حکم کو ناسخ قرار دینے والی روایت بنتی ہیں تو جو شخص ان دونوں روایات میں سے کسی ایک کو نبی اکرم ﷺ کے پہلے موجود حکم کی ناسخ قرار دیتا ہے اور دوسری روایت کو ترک کردیتا ہے اور کسی دلیل کے بغیر ایسا کرتا ہے جو دلیل اس کے صحیح ہونے کو ثابت کرتی ہو۔ تو وہ اپنے مدمقابل کو اس طرف جانے پر مجبور کرتا ہے کہ وہ اس دوسری روایت کو قبول کرلے جس روایت کو اس نے ان دونوں روایات میں سے ترک کیا ہے۔ اور اس کا مدمقابل اس روایت کو ترک کردے جسے اس نے قبول کیا ہے۔

احادیث میں اس نوعیت کی ایک مثال حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت ہے۔ جس میں یہ مذکور ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے احرام کی حالت میں سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کیا تھا۔ جبکہ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے یہ بات نقل کی ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کے ساتھ نکاح کیا تھا۔ اس وقت آپ دونوں حالت احرام میں نہیں تھے۔

تو یہ دونوں روایات ایک ہی فعل کے بارے میں ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔ حالانکہ ہمارے نزدیک بھی ان دونوں کے درمیان کوئی بھی تضاد نہیں ہے۔ محدثین کی ایک جماعت نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے بارے میں منقول ان دونوں روایات کو ایک دوسرے کے متارج قرار دیا ہے۔ اور ان لوگوں نے اس روایت کے مطابق فتویٰ دیا ہے جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''احرام والا شخص نہ تو نکاح کرسکتا ہے اور نہ ہی کسی کا نکاح پڑھوا سکتا ہے''

محدثین نے اس روایت کو قبول کرلیا کیونکہ یہ ان دونوں روایات میں سے ایک روایت کے موافق ہے جو سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کے بارے میں نقل کی گئی ہیں اور محدثین نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کو ترک کردیا۔ جس میں یہ مذکور ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کیا تھا۔ آپ اس وقت حالت احرام میں تھے۔

جو شخص ایسا کرتا ہے۔ اس کے لیے یہ بات ضروری ہوگی کہ وہ یہ کہے کہ نبی اکرم ﷺ کے نماز ادا کرنے کے بارے میں اس کی علت کے حوالے سے یہ دونوں روایات ایک دوسرے کی متضاد ہیں۔ جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا ہے۔ تو اب یہ بات ضروری ہوگی۔ کہ ہم اس روایت کی طرف رجوع کریں۔ جس میں مقتدیوں کو اس وقت بیٹھ کر نماز ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے جب ان کا امام بیٹھ کر نماز ادا کررہا ہو۔ تو اب ہم اس روایت کے مطابق فتویٰ دے دیں گے۔ کیونکہ یہ ان دو روایات میں سے ایک روایت کے موافق ہے۔ جو نبی اکرم ﷺ کی نماز کے بارے میں نقل کی گئی ہیں۔ جس میں اس کی علت کا تذکرہ ہے اور ہم اس روایت کو ترک کردیں جو ان دونوں میں سے منفرد ہیں۔ جس طرح سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے بارے میں روایت کے بارے میں کیا گیا ہے۔

ہمارے نزدیک ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں ہے اور نہ کوئی روایت ان میں سے ناسخ ہے۔ اور نہ ہی منسوخ ہے۔ بلکہ ان میں سے ایک روایت مختصر ہے۔ اور دوسری تفصیلی ہے۔ ایک مجمل ہے۔ اور دوسری وضاحتی ہے۔ جب اس کے ایک حصے کو دوسرے کے ساتھ ملایا جائے گا۔ تو ان دونوں کے درمیان موجود تضاد ختم ہوجائے گا۔ اور ان میں سے ہر ایک روایت کو اس

کے مخصوص موقع ومحل پر محمول کرلیا جائے گا۔ جیسا کہ ہم عنقریب آگے چل کر یہ بات بیان کریں گے۔ اگر اللہ نے چاہا۔

ذِكْرُ طَرِيْقٍ آخَرَ بِخَبَرِ عَائِشَةَ اَوْهَمَ جَمَاعَةً مِنْ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ نَاسِخٌ لِلْاَمْرِ الْمُتَقَدِّمِ الَّذِی ذَكَرْنَاهُ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول روایت کی دوسری سند کا تذکرہ جس نے بہت سے محدثین کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ پہلے ذکر شدہ حکم کی ناسخ ہے

2118 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ الْعَبْسِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ *، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اُغْمِیَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ: اَصَلَّی النَّاسُ؟ قُلْنَا: لَا قَالَ: مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ اَسِيفٌ اِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يُصَلِّیَ بِالنَّاسِ، - قَالَ عَاصِمٌ: وَالْاَسِيفُ الرَّقِيقُ الرَّحِيْمُ - قَالَ: مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ اَنْ يُصَلِّیَ بِالنَّاسِ قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ اَرُدُّ عَلَيْهِ قَالَتْ: فَصَلّٰی اَبُوْ بَكْرٍ بِالنَّاسِ، ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ خِفَّةً مِنْ نَفْسِهٖ فَخَرَجَ بَيْنَ بَرِيْرَةَ وَنُوْبَةَ اِنِّیْ لَاَنْظُرُ اِلٰی نَعْلَيْهِ تَخُطَّانِ فِی الْحَصَا وَاَنْظُرُ اِلٰی بُطُوْنِ قَدَمَيْهِ، فَقَالَ لَهُمَا: اَجْلِسَانِیْ اِلٰی جَنْبِ اَبِیْ بَكْرٍ فَلَمَّا رَآهُ اَبُوْ بَكْرٍ ذَهَبَ يَتَاَخَّرُ، فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ اَنِ اثْبُتْ مَكَانَكَ فَاَجْلَسَاهُ اِلٰی جَنْبِ اَبِیْ بَكْرٍ، قَالَتْ: فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ وَهُوَ جَالِسٌ وَاَبُوْ بَكْرٍ قَائِمٌ يُصَلِّیْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلَاةِ اَبِیْ بَكْرٍ .(1: 5)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بے ہوشی طاری ہوگئی جب آپ کو ہوش آیا' تو آپ نے دریافت کیا: کیا لوگوں نے نماز ادا کرلی ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں آپ نے فرمایا: ابوبکر سے کہو وہ لوگوں کو نماز پڑھادے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک نرم دل آدمی ہیں جب وہ آپ کی جگہ پر کھڑے ہوں گے تو وہ لوگوں کو نماز نہیں پڑھاسکیں گے۔

2118– إسناده حسن. عاصم: هو ابن بهدلة، حسن الحديث، أخرجا له في الصحيحين مقرونًا، وباقي السند رجاله رجال الشيخين غير زائدة وهو ابن قدامة الثقفي – فإنه من رجال البخاري. وأخرجه أبو بكر بن أبي شيبة 2/331 عن حسين بن علي، بهذا الإسناد. وسيرد بعده "2119" و "2124" من طريق نعيم بن أبي هند عن شقيق، به. وبرقم "2120" و "2121" من طريق الأسود، عن عائشة. وفي الباب عن سالم بن عبيد، أخرجه ابن خزيمة "1624" من طرق، عن سلمة بن نبيط، عن نعيم بن أبي هند، عن نبيط بن شريط، عن سالم بن عبيد. وأخرجه الترمذي في الشمائل 378، وابن ماجه "1234" من طريق نصر بن علي الجهضمي، عن عبد الله بن داود، عن سلمة بن نبيط، به. قال البوصيري في مصباح الزجاجة ورقة 78. هذا إسناد صحيح رجاله ثقات.

عاصم نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے۔ روایت کے متن میں استعمال ہونے والے لفظ ''اسیف'' سے مراد نرم دل اور مہربان ہونا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر سے کہو لوگوں کو نماز پڑھا دے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ کہی اور ہر مرتبہ میں نے بھی وہی جواب دیا: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو طبیعت میں بہتری محسوس ہوئی تو آپ بریرہ اور نوبہ (نامی کنیزوں) کے درمیان (یعنی ان کے ساتھ ٹیک لگا کر چلتے ہوئے) تشریف لے گئے یہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے۔ آپ کے نعلین شریفین کنکریوں پر لکیر بنا رہے تھے اور میں آپ کے پاؤں کے تلوے کو دیکھ رہی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا: تم مجھے ابوبکر کے پہلو میں بٹھا دو جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کو دیکھا تو وہ پیچھے ہٹنے لگے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اشارہ کیا' اپنی جگہ پر رہو اور ان دونوں نے آپ کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بٹھا دیا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر نماز ادا کرتے رہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کرتے رہے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کرتے رہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يُعَارِضُ فِي الظَّاهِرِ خَبَرَ اَبِيْ وَائِلٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جو بظاہر ابووائل کے حوالے سے منقول روایت کی معارض ہے جس کا ہم ذکر کر چکے ہیں

2119 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيْهِ خَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ قَاعِدًا.

(5:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: خَالَفَ نُعَيْمُ بْنُ اَبِيْ هِنْدَ، عَاصِمَ بْنَ اَبِي النَّجُوْدِ فِيْ مَتْنِ هٰذَا الْخَبَرِ فَجَعَلَ عَاصِمٌ اَبَا بَكْرٍ مَاْمُوْمًا وَجَعَلَ نُعَيْمُ بْنُ اَبِيْ هِنْدَ اَبَا بَكْرٍ اِمَامًا وَهُمَا ثِقَتَانِ حَافِظَانِ مُتْقِنَانِ، فَكَيْفَ يَجُوْزُ اَنْ يُجْعَلَ خَبَرُ اَحَدِهِمَا نَاسِخًا لِاَمْرٍ مُتَقَدِّمٍ، وَقَدْ عَارَضَهُ فِي الظَّاهِرِ مِثْلُهُ؟ وَنَحْنُ نَقُوْلُ بِمَشِيْئَةِ اللّٰهِ وَتَوْفِيْقِهِ: اِنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ كُلَّهَا صِحَاحٌ وَلَيْسَ شَيْءٌ مِّنْهَا يُعَارِضُ الْاٰخَرَ وَلٰكِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِيْ عِلَّتِهِ صَلَاتَيْنِ فِي الْمَسْجِدِ جَمَاعَةً لَا صَلَاةً وَاحِدَةً فِيْ اِحْدَاهُمَا كَانَ مَاْمُوْمًا وَفِي الْاُخْرٰى كَانَ اِمَامًا وَالدَّلِيْلُ عَلٰى اَنَّهُمَا كَانَتَا صَلَاتَيْنِ لَا صَلَاةً وَاحِدَةً اَنَّ فِيْ خَبَرِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ

2119- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير نعيم بن أبي هند، فإنه من رجال مسلم وحده. وهو في مصنف ابن أبي شيبة 2/332، ومن طريقه أخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار 1/406. وأخرجه أحمد 6/159، والترمذي "362" في الصلاة، والبيهقي في السنن 3/83، وفي دلائل النبوة 7/191 من طرق عن شبابة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/159، والنسائي 2/79 في الإمامة: باب صلاة الإمام خلف رجل من رعيته، وابن خزيمة في صحيحه "1620" من طريق بكر بن عيسى، عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 6/159 عن شبابة، عن شُعْبَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُرْوَةَ بن الزبير، عن عائشة، وانظر ما قبله و "2124" وانظر أيضًا "2120" و "2121"

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ يُرِيْدُ اَحَدُهُمَا الْعَبَّاسَ وَالْاٰخَرَ عَلِيًّا وَفِيْ خَبَرِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ بَيْنَ بَرِيْرَةَ وَنُوْبَةَ فَهٰذَا يَدُلُّكَ عَلٰى اَنَّهَا كَانَتْ صَلَاتَيْنِ لَا صَلَاةً وَاحِدَةً

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اس بیماری کے دوران حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھ کر نماز ادا کی جس بیماری کے دوران آپ کا وصال ہوا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نعیم بن ابوہند نامی راوی نے اس روایت کے متن میں عاصم بن ابونجود سے مختلف رائے نقل کی ہے۔ عاصم نے یہ بات نقل کی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مقتدی تھے جبکہ نعیم نے یہ بات نقل کی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ امام تھے۔ یہ دونوں راوی ثقہ ہیں حافظ ہیں اور ''متقن'' ہیں۔

تو یہ بات کیسے جائز ہوسکتی ہے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک خبر کو پہلے سے موجود حکم کی ناسخ بنا دیا جائے۔ جبکہ اسی کی مانند ایک روایت بظاہر اس کے مقابلے میں موجود ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کی مشیت اور اس کی توفیق کے ہمراہ ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ تمام روایات مستند ہیں اور ان میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے جو دوسری کے مدمقابل ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیماری کے دوران مسجد میں جماعت کے ساتھ دو مرتبہ نماز ادا کی۔ ایک نماز ادا نہیں کی تھی۔ ان دو میں سے ایک مرتبہ آپ مقتدی کے طور پر شریک ہوئے تھے اور دوسری مرتبہ میں آپ امام کے طور پر شریک ہوئے تھے۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آپ نے دو نمازوں میں شرکت کی تھی۔ ایک نماز میں نہیں کی تھی۔ ایک یہ روایت ہے کہ عبید اللہ بن عبداللہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو آدمیوں کے درمیان چلتے ہوئے تشریف لے گئے تھے۔ جن میں سے ایک حضرت عباس رضی اللہ عنہ تھے اور دوسرے حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔ جبکہ مسروق نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بریرہ اور نوبہ (نامی کنیزوں) کے درمیان چلتے ہوئے تشریف لے گئے تھے۔ تو یہ بات آپ کی رہنمائی اس چیز کی طرف کرے گی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو نمازیں ادا کی تھیں ایک نماز ادا نہیں کی تھی۔

ذِكْرُ الصَّلَاةِ الَّتِيْ رُوِيَتْ فِيْهَا الْاَخْبَارُ الْمُخْتَصَرَةُ الْمُجْمَلَةُ الَّذِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس نماز کا تذکرہ جس کے بارے میں یہ مختصر اور مجمل روایت نقل کی گئی ہے جس کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

2120 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا

2120- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير سلم بن جنادة، وهو ثقة. وهو في صحيح ابن خزيمة برقم "1616". وأخرجه ابن أبي شيبة 2/329، وأحمد 6/210، ومسلم "418" "95" في الصلاة: باب استخلاف الإمام إذا عرض له عذر، وابن ماجه 1 "1232" في الإقامة: باب ما جاء في صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم في مرضه، والبيهقي في السنن 3/81، من طريق وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "664" في الأذان: باب حد المريض أن يشهد الجماعة، وأبو عوانة 2/116، من طريق حفص بن غياث، والبخاري "712" في الأذان: باب من أسمع الناس تكبير الإمام، من طريق عبد الله بن داوُد، ومسلم "418" "96"، وأبو عوانة 2/115 من طريق علي بن مسهر، ومسلم "418" "96" أيضًا من طريق عيسى بن يونس، والبيهقي في السنن 3/82 من طريق شعبة، كلهم عن الأعمش، به. وسيرد بعده "2121" من طريق أبي معاوية، عن الأعمش، به، فانظره.

سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث):لَمَّا مَرِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَضَهُ الَّذِي مَاتَ فِيهِ جَائَهُ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَالَ: مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ اَسِيفٌ وَمَتَى يَقُمْ مَقَامَكَ يَبْكِ فَلَوْ اَمَرْتَ عُمَرَ اَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ قَالَ: مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ لِيُصَلِّيَ بِالنَّاسِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاِنَّكُنَّ صَوَاحِبَاتُ يُوسُفَ، قَالَتْ: فَاَرْسَلْنَا اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ فَوَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَفْسِهِ خِفَّةً فَخَرَجَ يُهَادٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ وَرِجْلَاهُ تَخُطَّانِ فِي الْاَرْضِ، فَلَمَّا حَسَّ * بِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ ذَهَبَ يَتَاَخَّرُ، فَاَوْمَا اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ مَكَانَكَ قَالَ: فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ اِلٰى جَنْبِ اَبِيْ بَكْرٍ فَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ يَاْتَمُّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يَاْتَمُّوْنَ بِاَبِيْ بَكْرٍ.(1: 5)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا خَبَرٌ مُخْتَصَرٌ مُجْمَلٌ فَاَمَّا اخْتِصَارُهُ، فَلَيْسَ فِيْهِ ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي جَلَسَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعَلٰى يَمِيْنِ اَبِيْ بَكْرٍ اَوْ عَنْ يَسَارِهٖ؟

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بیماری میں مبتلا ہوئے جس میں آپ کا وصال ہوا تھا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کو نماز کے لئے بلانے کے لئے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر سے کہو لوگوں کو نماز پڑھا دے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک نرم دل آدمی ہیں۔ وہ آپ کی جگہ پر کھڑے ہو گئے تو رونے لگ جائیں گے اگر آپ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ ہدایت کریں وہ لوگوں کو نماز پڑھا دیں (تو یہ مناسب ہوگا)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر سے کہو لوگوں کو نماز پڑھا دے یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر فرمایا: تم حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی خواتین کی طرح ہو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہے۔ ہم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا۔ انہوں نے لوگوں کو نماز پڑھانا شروع کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی طبیعت میں بہتری محسوس ہوئی تو آپ دو آدمیوں کے درمیان ٹیک لگا کر تشریف لے گئے۔ آپ کے پاؤں زمین پر لکیر بنا رہے تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آپ کی آہٹ محسوس ہوئی تو وہ پیچھے ہٹنے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اشارہ کیا کہ اپنی جگہ پر رہو۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھ گئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کرتے رہے اور لوگ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء کرتے رہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت مختصر اور مجمل ہے جہاں تک اس کے مختصر ہونے کا تعلق ہے تو اس میں اس مقام کا ذکر نہیں ہے جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے۔ کہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دائیں طرف بیٹھے تھے یا بائیں طرف بیٹھے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُتَقَصِّي لِلَّفْظَةِ الْمُخْتَصَرَةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا

اس راویت کا تذکرہ جس نے ہماری ذکرکردہ مختصر روایت کے الفاظ کی وضاحت کی ہے

2121 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا وَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَفْسِهِ خِفَّةً جَاءَ حَتّٰى جَلَسَ عَنْ يَسَارِ اَبِي بَكْرٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ قَاعِدًا وَاَبُوْ بَكْرٍ قَائِمًا .(1: 5).

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَاَمَّا اِجْمَالُ الْخَبَرِ فَاِنَّ عَائِشَةَ حَكَتْ هٰذِهِ الصَّلَاةَ اِلٰى هٰذَا الْمَوْضِعِ وَآخِرُ الْقِصَّةِ عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِذِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُمْ بِالْقُعُوْدِ اَيْضًا فِيْ هٰذِهِ الصَّلَاةِ كَمَا اَمَرَهُمْ بِهِ عِنْدَ سُقُوطِهِ عَنْ فَرَسِهِ عَلٰى حَسْبِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی طبیعت میں بہتری محسوس ہوئی تو آپ تشریف لائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بائیں طرف آ کر بیٹھ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر (نماز پڑھا رہے تھے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جہاں تک اس روایت کے مجمل ہونے کا تعلق ہے۔ تو اس میں اجمال یہ ہے کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس نماز کا تذکرہ کیا ہے۔ جو اس مقام کے بارے میں ہے جبکہ دوسرا واقعہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو بیٹھنے کا حکم دیا تھا۔ وہ بھی اسی نماز کے بارے میں ہے جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس وقت حکم دیا تھا۔ جب آپ گھوڑے سے گر گئے تھے۔ جیسا کہ ہم اس سے پہلے اس روایت کو ذکر کر چکے ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ لِلْاَلْفَاظِ الْمُجْمَلَةِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا فِيْ خَبَرِ عَائِشَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو ہماری ذکرکردہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول روایت کے مجمل الفاظ کی وضاحت کرتی ہے

2122 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

2121–إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه بأطول مما هنا: البخارى "713" فى الأذان: باب الرجل يأتم بالإمام ويأتم بالمأموم، عن قتيبة بن سعيد، ومسلم "418" "95" فى الصلاة: باب استخلاف الإمام إذا عرض له عذر، وابن ماجه "1232" فى الإقامة: باب ما جاء فى صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فى مرضه، والبيهقى فى السنن 3/81 عن أبى بكر بن أبى شيبة، والنسائى 2/99 100 فى الإمامة: باب الائتمام بالإمام يصلى قاعدًا، عن محمد بن العلاء، وابن خزيمة فى صحيحه "1616" عن سلم بن جنادة، وأحمد 6/224. خمستهم عن أبى معاوية، بهذا الإسناد. وتقدم قبله مطولًا من طريق وكيع، عن الأعمش، به، فانظره.

(متن حدیث):اشْتَكَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّيْنَا وَرَائَهُ وَهُوَ قَاعِدٌ وَاَبُوْ بَكْرٍ يُكَبِّرُ يُسْمِعُ النَّاسَ تَكْبِيرَهُ قَالَ: فَالْتَفَتَ اِلَيْنَا فَرَآنَا قِيَامًا، فَاَشَارَ اِلَيْنَا فَقَعَدْنَا فَصَلَّيْنَا بِصَلَاتِهِ قُعُوْدًا، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ: كِدْتُمْ اَنْ تَفْعَلُوْا فِعْلَ فَارِسَ وَالرُّومِ يَقُوْمُوْنَ عَلٰى مُلُوكِهِمْ وَهُمْ قُعُوْدٌ فَلَا تَفْعَلُوْا ائْتَمُّوا بِاَمَامِكُمْ اِنْ صَلّٰى قَائِمًا، فَصَلُّوْا قِيَامًا، وَاِنْ صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا .(1: 5)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَعَدَ عَنْ يَّسَارِ اَبِيْ بَكْرٍ وَتَحَوَّلَ اَبُوْ بَكْرٍ مَاْمُومًا يَقْتَدِي بِصَلَاتِهِ، وَيُكَبِّرُ يُسْمِعُ النَّاسَ التَّكْبِيرَ لِيَقْتَدُوا بِصَلَاتِهِ اَمَرَهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَئِذٍ بِالْقُعُوْدِ حِيْنَ رَآهُمْ قِيَامًا وَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ اَمَرَهُمْ اَيْضًا بِالْقُعُوْدِ اِذَا صَلّٰى اِمَامُهُمْ قَاعِدًا وَقَدْ شَهِدَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ صَلَاتَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ سَقَطَ عَنْ فَرَسِهِ فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ وَكَانَ سُقُوطُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْفَرَسِ فِيْ شَهْرِ ذِي الْحِجَّةِ آخِرَ سَنَةِ خَمْسٍ مِنَ الْهِجْرَةِ وَشَهِدَ هٰذِهِ الصَّلَاةَ فِيْ عِلَّتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَدّٰى كُلَّ خَبَرٍ بِلَفْظِهِ، اَلَا تَرَاهُ يَذْكُرُ فِيْ هٰذِهِ الصَّلَاةِ رَفْعَ اَبِيْ بَكْرٍ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ لِيَقْتَدِيَ النَّاسُ بِهِ وَتِلْكَ الصَّلَاةُ الَّتِيْ صَلَّاهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِهِ عِنْدَ سُقُوطِهِ عَنْ فَرَسِهِ لَمْ يَحْتَجْ اَبُوْ بَكْرٍ اِلٰى اَنْ يَّرْفَعَ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ لِيَسْمَعَ النَّاسَ تَكْبِيرَهُ عَلٰى صِغَرِ حُجْرَةِ عَائِشَةَ وَاِنَّمَا رَفْعُهُ بِالصَّوْتِ بِالتَّكْبِيرِ فِي الْمَسْجِدِ الْاَعْظَمِ الَّذِي صَلّٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِلَّتِهِ، فَلَمَّا صَحَّ مَا وَصَفْنَا لَمْ يَجُزْ اَنْ يُجْعَلَ بَعْضُ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ نَاسِخًا لِمَا تَقَدَّمَ عَلٰى حَسْبِ مَا وَصَفْنَاهُ .

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے۔ہم نے آپ کے پیچھے نماز ادا کی آپ بیٹھ کر نماز ادا کر رہے تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کی تکبیر کی آواز لوگوں تک پہنچا رہے تھے۔راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری طرف توجہ کی تو آپ نے ہمیں کھڑے ہوئے ملاحظہ کیا آپ نے اشارہ کیا' تو ہم بیٹھ گئے اور ہم نے بیٹھ کر وہ نماز ادا کی آپ نے سلام پھیرا اور ارشاد فرمایا: قریب تھا کہ تم وہ عمل کرتے جو اہل فارس اور اہل روم کرتے ہیں۔وہ لوگ اپنے بادشاہوں کے سامنے کھڑے رہتے ہیں اور بادشاہ بیٹھے رہتے ہیں تم ایسا نہ کرو تم اپنے امام کی پیروی کرو اگر وہ کھڑا ہو کر نماز ادا کرے تو تم بھی کھڑے ہو کر نماز ادا کرو اگر وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے تو تم بھی بیٹھ کر نماز ادا کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ وضاحتی روایت اس بات کا واضح بیان ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

2122– إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، وباقي السند من رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، وأخرجه أبو داوٗد "606" في الصلاة: باب الإمام يصلي من قعود، عن يزيد بن موهب، بهذا الإسناد . مختصرًا .وأخرجه أحمد 3/334، ومسلم "413" في الصلاة: باب ائتمام المأموم بالإمام، وأبو داوٗد "606" أيضًا، والنسائي 3/9 في السهو: باب الرخصة في الالتفات يمينًا وشمالًا، وابن ماجه "1240" في الإقامة: باب ما جاء في إنما جعل الإمام ليؤتم به، وأبو عوانة 2/108، والبيهقي 3/79 من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد.

کے بائیں طرف بیٹھے تھے۔ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مقتدی بن گئے تھے۔ اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی پیروی کر رہے تھے۔ وہ تکبیر کہتے ہوئے تکبیر کی آواز لوگوں تک پہنچا رہے تھے۔ تاکہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی پیروی کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں قیام کی حالت میں دیکھا تو آپ نے ان کو بیٹھنے کا حکم دیا تھا۔ جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو پھر آپ نے ان کو یہی حکم دیا کہ جب ان کا امام بیٹھ کر نماز ادا کر رہا ہو تو وہ بھی بیٹھ کر نماز ادا کریں۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس نماز میں شریک ہوئے تھے۔ جب آپ اپنے گھوڑے سے گر کر زخمی ہو گئے تھے اور آپ کا دایاں پہلو زخمی ہوا تھا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گھوڑے سے گرنے کا واقعہ ذی الحج کے مہینے میں پیش آیا تھا۔ جو سن پانچ ہجری کے آخر میں پیش آیا تھا۔ اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے دوران ادا کی جانے والی نماز میں بھی شریک ہوئے تھے۔ تو انہوں نے دونوں میں سے ہر ایک روایت اپنے لفظوں میں بیان کر دی۔ کیا آپ نے یہ بات نوٹ نہیں کی کہ انہوں نے اس نماز کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بلند آواز میں تکبیر کہہ رہے تھے۔ تاکہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں نماز ادا کریں جہاں تک اس نماز کا تعلق ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے سے گرنے کے بعد اپنے گھر میں ادا کی تھی۔ تو اس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بلند آواز میں تکبیر کہنے کی ضرورت نہیں تھی۔ تاکہ لوگوں تک اپنی تکبیر کی آواز پہنچائیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا حجرہ چھوٹا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں تکبیر مسجد میں کہی تھی جو بڑی تھی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیماری کے دوران نماز ادا کی تھی تو ہم نے جو چیز ذکر کی ہے۔ اس سے وہ بات مستند طور پر ثابت ہو گئی ہے اب یہ بات جائز نہیں ہو گی۔ کہ ان روایات میں سے کسی ایک کو پہلے سے موجود حکم کی ناسخ قرار دیا جائے جیسا کہ ہم نے یہ بات ذکر کی ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے

2123 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْجَعْفَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ اَبُوْ عَوْفٍ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الظُّهْرِ وَهُوَ جَالِسٌ وَاَبُوْ بَكْرٍ خَلْفَهُ، فَاِذَا كَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ اَبُوْ بَكْرٍ يُسْمِعُنَا، قَالَ: فَنَظَرَنَا قِيَامًا فَقَالَ: اجْلِسُوْا اَوْمَا بِذٰلِكَ اِلَيْهِمْ قَالَ: فَجَلَسْنَا فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قَالَ: كِدْتُمْ تَفْعَلُوْا فِعْلَ فَارِسَ وَالرُّوْمِ بِعُظَمَائِهِمِ ائْتَمُّوْا بِاَئِمَّتِكُمْ، فَاِنْ

2123- الحسن بن سهل الجعفري: روى عنه الحسن بن سفيان، وأبو زرعة وغيرهما، وذكره ابن أبي حاتم 3/17 فلم يذكر فيه جرحا ولا تعديلًا، وأورده المؤلف في الثقات 8/177، ونسبه الجعفي، ويغلب على الظن أنه تحريف من النساخ، وباقي رجال الصحيح .وأخرجه مسلم "413" "85" في الصلاة: باب ائتمام المأموم بالإمام، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/403، والبيهقي 3/79 من طريق يحيى بن يحيى، والطحاوي 1/403أيضًا، وأبو عوانة 2/109، من طريق محمد بن سعيد، كلاهما عن حميد بن عبد الرحمٰن، بهٰذا الإسناد .وتقدم قبله "2122" من طريق الليث، عن أبي الزبير، به، و "2112" و "2124" من طريق الأعمش عن أبي سفيان، عن جابر.

صَلُّوْا جُلُوْسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا، وَاِنْ صَلُّوْا قِيَامًا فَصَلُّوْا قِيَامًا .(1: 5)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی۔ آپ نے بیٹھ کرنماز پڑھائی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے تھے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بلند آواز میں تکبیر کہی تا کہ ہم تک آواز آئے۔ راوی کہتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کھڑا ہوا دیکھا تو فرمایا تم لوگ بیٹھ جاؤ۔ آپ نے لوگوں کی طرف اس کا اشارہ کیا (کہ تم لوگ بیٹھ جاؤ) راوی کہتے ہیں: ہم بیٹھ گئے' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم ایسا طرزِعمل اختیار کرنے لگے تھے جو اہل فارس اور اہل روم اپنے بادشاہوں کے ساتھ کرتے ہیں تم لوگ اپنے آئمہ کی پیروی کرو اگر وہ بیٹھ کرنماز ادا کریں' تو تم بھی بیٹھ کرنماز ادا کرو اگر وہ کھڑے ہو کرنماز ادا کریں تو تم بھی کھڑے ہو کرنماز ادا کرو۔

ذِكْرُ الصَّلَاةِ الْاُخْرَى الَّتِيْ تُوهِمُ اَكْثَرَ النَّاسِ اَنَّهَا مُعَارِضَةٌ الْاَخْبَارَ الْاُخَرَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا

اس دوسری نماز کا تذکرہ جس نے بہت سے لوگوں کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان دیگر روایات کے معارض ہے جن کا ہم ذکر کر چکے ہیں

2124 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، اَحْسَبُهُ عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اُغْمِيَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: هَلْ نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ؟ فَقُلْنَا: لَا فَقَالَ: مُرِيْ بِلَالًا فَلْيُبَادِرْ بِالصَّلَاةِ وَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ اَبُوْ بَكْرٍ قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ اَسِيفٌ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَقُوْمَ مَقَامَكَ قَالَتْ: فَنَظَرَ اِلَيَّ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ كَلَامِهِ، ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: هَلْ نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ؟ قَالَتْ: فَقُلْتُ: لَا قَالَ: مُرِيْ بِلَالًا فَلْيُنَادِ بِالصَّلَاةِ وَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ اَبُوْ بَكْرٍ قَالَتْ: فَاَوْمَاَتْ اِلٰى حَفْصَةَ فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ رَقِيقٌ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَقْرَاَ اِلَّا يَبْكِي قَالَ: فَنَظَرَ اِلَيْهَا حِيْنَ فَرَغَتْ مِنْ كَلَامِهَا، ثُمَّ اُغْمِيَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: هَلْ نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ؟ قَالَتْ: فَقُلْتُ: لَا فَقَالَ: مُرِيْ بِلَالًا فَلْيُنَادِ بِالصَّلَاةِ وَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ اَبُوْ بَكْرٍ، فَاِنَّكُنَّ صَوَاحِبَاتُ يُوْسُفَ، ثُمَّ اُغْمِيَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: فَاَقَامَ بِلَالٌ الصَّلَاةَ وَصَلّٰى بِالنَّاسِ اَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ اَفَاقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ بِنُوْبَةَ، وَبَرِيْرَةَ فَاحْتَمَلَاهُ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى اَصَابِعِ قَدَمَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

2124– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير نعيم بن أبي هند، فإنه من رجال مسلم وحده . وأخرجه البيهقي 3/82 من طريق يعقوب بن سفيان، عن عبيد الله بن معاذن بهذا الإسناد. وانظر ."2119"

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَخُطُّ فِي الْاَرْضِ قَالَتْ: فَلَمَّا اَحَسَّ اَبُوْ بَكْرٍ بِمَجِيءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ يَّسْتَاْخِرَ فَاَوْمَا اِلَيْهِ اَنْ يَّثْبُتَ قَالَتْ: وَجِيءَ بِنَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوُضِعَ بِحِذَاءِ اَبِيْ بَكْرٍ فِي الصَّفِّ. (1: 5)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا خَبَرٌ يُوهِمُ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْاَخْبَارِ وَلَا يَفْقَهُ فِي صَحِيْحِ الْاٰثَارِ اَنَّهُ يُضَادُّ سَائِرَ الْاَخْبَارِ الَّتِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا وَلَيْسَ بَيْنَ اَخْبَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَضَادٌّ وَلَا تَهَاتُرٌ وَلَا يُكَذِّبُ بَعْضُهَا بَعْضًا وَلَا يُنْسَخُ بِشَيْءٍ مِنْهَا الْقُرْاٰنُ بَلْ يُفَسِّرُ عَنْ مُّجْمَلِ الْكِتَابِ وَمُبْهَمِهٖ وَيُبَيِّنُ عَنْ مُّخْتَصَرِهٖ وَمُشْكِلِهٖ وَقَدْ دَلَّلْنَا بِحَمْدِ اللّٰهِ وَمَنِّهٖ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ الَّتِيْ رُوِيَتْ كَانَتْ فِيْ صَلَاتَيْنِ لَا فِيْ صَلَاةٍ وَاحِدَةٍ عَلٰى حَسْبِ مَا وَصَفْنَاهُ، فَاَمَّا الصَّلَاةُ الْاُوْلٰى فَكَانَ خُرُوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهَا بَيْنَ رَجُلَيْنِ وَكَانَ فِيْهَا اِمَامًا وَصَلّٰى بِهِمْ قَاعِدًا وَاَمَرَهُمْ بِالْقُعُوْدِ فِيْ تِلْكَ الصَّلَاةِ، وَهٰذِهِ الصَّلَاةُ كَانَ خُرُوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهَا بَيْنَ بَرِيْرَةَ وَنُوْبَةَ وَكَانَ فِيْهَا مَاْمُوْمًا وَصَلّٰى قَاعِدًا فِي الصَّفِّ خَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بے ہوشی طاری ہوگئی۔ جب آپ کو ہوش آیا' تو آپ نے دریافت کیا: کیا نماز کے لئے اذان دے دی گئی ہے۔ ہم نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلال سے کہو' وہ نماز کے لئے جلدی کرے اور ابوبکر لوگوں کو نماز پڑھا دے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک نرم دل آدمی ہیں وہ آپ کی جگہ پر کھڑے نہیں ہوسکیں گے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف دیکھا جب آپ کلام کر کے فارغ ہوئے تو' پھر آپ پر بے ہوشی طاری ہوگئی جب آپ کو ہوش آیا' تو آپ نے دریافت کیا: کیا نماز کے لئے اذان ہوگئی ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلال سے کہو نماز کے لئے اذان دے اور ابوبکر لوگوں کو نماز پڑھا دے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے حفصہ کی طرف اشارہ کیا' تو انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک نرم دل آدمی ہیں۔ وہ قرأت نہیں کر سکیں گے اور روتے رہیں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بات ختم ہونے پر ان کی طرف دیکھا پھر آپ پر بے ہوشی طاری ہوگئی جب آپ کو ہوش آیا' تو آپ نے دریافت کیا: کیا نماز کے لئے اذان دے دی گئی ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلال سے کہو نماز کے لئے اذان دے اور ابوبکر لوگوں کو نماز پڑھا دے تم حضرت یوسف کے زمانے کی خواتین کی طرح ہو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بے ہوشی طاری ہوگئی۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان کے لئے اقامت کہی پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو نماز پڑھانا شروع کی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوش آیا' تو آپ نوبہ اور بریرہ کے ساتھ تشریف لے گئے۔ ان دونوں نے آپ کو ٹیک دی ہوئی تھی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں پاؤں کی انگلیوں کا منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے' وہ زمین پر نشان بنا رہی تھی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد محسوس ہوئی تو انہوں نے پیچھے ہٹنے کا ارادہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اشارہ کیا کہ وہ اپنی جگہ پر رہیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لا کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ صف میں بٹھا دیا گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کرتی ہے۔ جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور مستند روایات کا فہم نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ یہ دیگر تمام روایات کے برخلاف ہے۔ جو اس سے پہلے ہم ذکر کر چکے ہیں۔ حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول روایات میں کوئی تضاد اور کوئی اختلاف نہیں ہوتا۔ اور نہ ان میں سے کوئی ایک کسی دوسری کی تکذیب کرتی ہے۔ اور نہ ہی ان میں سے کسی ایک روایت کے ذریعے قرآن کے حکم کو منسوخ قرار دیا جا سکتا ہے بلکہ اس کے ذریعے کتاب کے مجمل اور مبہم حکم کی وضاحت کی جاتی ہے۔ اور اس کے مشکل اور مختصر حکم کو بیان کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے تحت ہم اس بات کی طرف رہنمائی کر چکے ہیں کہ یہ تمام روایات جو نقل کی گئی ہیں۔ یہ دو نمازوں کے بارے میں ہے۔ ایک نماز کے بارے میں نہیں جیسا کہ ہم نے پہلے یہ بات نقل کی ہے۔ جہاں تک پہلی نماز کا تعلق ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز کی ادائیگی کے لیے دو صاحبان کے درمیان چلتے ہوئے تشریف لے گئے تھے۔ اور آپ امام کے طور پر اس نماز میں شامل ہوئے تھے۔ آپ نے بیٹھ کر لوگوں کو نماز پڑھائی تھی۔ اور آپ نے اس نماز میں بھی لوگوں کو بیٹھ کر نماز ادا کرنے کا حکم دیا ہے اور یہ وہ نماز ہے جس کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ بریرہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ نوبہ رضی اللہ عنہا (نامی کنیزوں کے درمیان چلتے ہوئے) تشریف لے گئے تھے۔ آپ اس میں مقتدی کے طور پر شریک ہوئے تھے۔ اور آپ نے اس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے صف میں بیٹھ کر نماز ادا کی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ كَانَتْ آخِرَ الصَّلَاتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَصَفْنَاهُمَا قَبْلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ نماز ان دو نمازوں میں سے آخری نماز ہے جس کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

2125 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ الرَّمْلِيُّ *، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): آخِرُ صَلَاةٍ صَلَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ الْقَوْمِ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُتَوَشِّحًا

2125- إسناده صحيح. إسحاق بن إبراهيم بن سويد الرملي، ثقة، روى له أبو داؤد والنسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين، وأبـو بكر بن أبي أويس: هو عبد الحميد بن عبد الله الأصبحي . وأخرجه الترمذي "363" في الصلاة، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/406، والبيهقي في دلائل النبوة 7/192 من طرق عن حميد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/159و216و243و262، والنسائي 2/79 في الإمامة: باب صلاة الإمام خلف رجل من رعيته، والبيهقي في الدلائل 7/192 من طريق حميد، عن أنس. لم يذكر ثابت، وفي رواية البيهقي تصريح حميد بسماعه من أنس.

بِهٖ يُرِيْدُ قَاعِدًا خَلْفَ اَبِىْ بَكْرٍ .(1: 5)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ يَنْفِى الْارْتِيَابَ عَنِ الْقُلُوْبِ اَنَّ شَيْئًا مِنْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ يُضَادُّ مَا عَارَضَهَا فِى الظَّاهِرِ وَلَا يَتَوَهَّمَنَّ مُتَوَهِّمٌ اَنَّ الْجَمْعَ بَيْنَ الْاَخْبَارِ عَلٰى حَسْبِ مَا جَمَعْنَا بَيْنَهَا فِىْ هٰذَا النَّوْعِ مِنْ اَنْوَاعِ السُّنَنِ يُضَادُّ قَوْلَ الشَّافِعِيِّ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَرِضْوَانُهُ عَلَيْهِ وَذٰلِكَ اَنَّ كُلَّ اَصْلٍ تَكَلَّمْنَا عَلَيْهِ فِىْ كُتُبِنَا اَوْ فَرْعٍ اسْتَنْبَطْنَاهُ مِنَ السُّنَنِ فِىْ مُصَنَّفَاتِنَا هِىَ كُلُّهَا قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَهُوَ رَاجِعٌ عَمَّا فِىْ كُتُبِهٖ وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ الْمَشْهُوْرَ مِنْ قَوْلِهٖ وَذَاكَ اَنِّىْ سَمِعْتُ ابْنَ خُزَيْمَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْمُزَنِيَّ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الشَّافِعِيَّ يَقُوْلُ: اِذَا صَحَّ لَكُمُ الْحَدِيْثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخُذُوا بِهٖ وَدَعُوْا قَوْلِى، وَلِلشَّافِعِيِّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فِىْ كَثْرَةِ عِنَايَتِهٖ بِالسُّنَنِ وَجَمْعِهٖ لَهَا وَتَفَقُّهِهٖ فِيْهَا وَذَبِّهٖ عَنْ حَرِيْمِهَا وَقَمْعِهٖ مَنْ خَالَفَهَا زَعَمَ اَنَّ الْخَبَرَ اِذَا صَحَّ فَهُوَ قَائِلٌ بِهٖ رَاجِعٌ عَمَّا تَقَدَّمَ مِنْ قَوْلِهٖ فِىْ كُتُبِهٖ وَهٰذَا مِمَّا ذَكَرْنَاهُ فِىْ كِتَابِ الْمُبَيِّنِ اَنَّ لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ ثَلَاثُ كَلِمَاتٍ مَا تَكَلَّمَ بِهَا اَحَدٌ فِى الْاِسْلَامِ قَبْلَهٗ وَلَا تَفَوَّهَ بِهَا اَحَدٌ بَعْدَهٗ اِلَّا وَالْمَاْخَذُ فِيْهَا كَانَ عَنْهُ، اِحْدَاهَا مَا وَصَفْتُ وَالثَّانِيَةُ، اَخْبَرَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ الزَّعْفَرَانِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ الشَّافِعِيَّ يَقُوْلُ: مَا نَاظَرْتُ اَحَدًا قَطُّ فَاَحْبَبْتُ اَنْ يُخْطِءَ، وَالثَّالِثَةُ سَمِعْتُ مُوْسَى بْنَ مُحَمَّدٍ الدَّيْلَمِيَّ بِاَنْطَاكِيَّةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الرَّبِيعَ بْنَ سُلَيْمَانَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الشَّافِعِيَّ يَقُوْلُ: وَدِدْتُ اَنَّ النَّاسَ تَعَلَّمُوْا هٰذِهِ الْكُتُبَ وَلَمْ يَنْسِبُوْهَا اِلَيَّ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ جو آخری نماز ادا کی تھی وہ آپ نے ایک کپڑے میں ادا کی تھی جسے آپ نے توشیح کے طور پر اوڑھا ہوا تھا۔آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھ کر نماز ادا کی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت دلوں سے شک کو ختم کر دیتی ہے کہ ان روایات میں بظاہر کوئی تضاد پایا جاتا ہے اور کوئی بھی شخص اس غلط فہمی کا شکار نہ ہو کہ ہم نے ان روایات کے درمیان جو تطبیق دی ہے وہ امام شافعی کے اس قول کے برخلاف ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر وہ بنیادی اصول جس کے بارے میں ہم نے اپنی کتابوں میں کلام کیا۔اور ہر وہ فروعی مسئلہ جس کے بارے میں ہم نے احادیث سے استنباط کیا اور ان سب کو اپنی تصنیفات میں ذکر کیا۔وہ سارے کے سارے امام شافعی کے اقوال ہی ہوں گے۔اور وہ اس بارے میں اس چیز کی طرف لوٹیں گے۔جو ان کی کتابوں میں مذکور ہیں۔اگرچہ یہ بات ان کے مشہور قول کے طور پر ہی کیوں نہ ہو۔اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے امام ابن خزیمہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے امام مزنی کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے امام شافعی کو یہ بیان فرماتے ہوئے سنا:

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی مستند حدیث تمہارے سامنے ثابت ہو جائے تو تم اس کو اختیار کرلو اور میرے قول کو چھوڑ دو۔''

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے احادیث کے بارے میں بڑی کوشش کی انہیں جمع کیا اور ان کا فہم حاصل کیا اور جس شخص نے ان کے خلاف رائے پیش کی اس کی بھر پور مخالفت کی وہ یہ کہتے ہیں۔ اگر کوئی روایت مستند طور پر ثابت ہو جائے وہ بھی اس حدیث کے مطابق مسئلے کے قائل ہوں گے اور اس چیز سے رجوع کرنے والے شمار ہونگے۔ جو (حدیث میں مذکور مسئلے کے خلاف ہو) اور اس سے پہلے ان کی کتابوں میں تحریر ہو چکا ہو۔ ہم اس سے پہلے کتاب ''المبین'' میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ امام شافعیؒ کے تین کلمات ایسے ہیں۔ جو ان سے پہلے اسلام میں کسی بھی شخص نے بیان نہیں کیے اور نہ ہی ان کے بعد کسی شخص نے کہے ہیں۔ اگر بعد میں بھی کسی نے بیان کیے ہوں۔ تو اس کا ماخذ امام شافعیؒ ہی ہوں گے۔

ان میں سے ایک قول وہ ہے جو میں بیان کر چکا ہوں۔

دوسرا قول وہ ہے جسے محمد بن مندر نے حسن بن محمد کے حوالے سے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ امام شافعیؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے میں نے جب بھی کسی کے ساتھ بحث کی تو میں نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ وہ غلطی کر جائے۔

تیسرا قول وہ ہے جو موسیٰ بن محمد نے ربیع بن سلیمان کے حوالے سے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے امام شافعیؒ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے۔

''میری یہ خواہش ہے کہ لوگ ان کتابوں کا علم حاصل کریں لیکن ان کو میری طرف منسوب نہ کریں''۔

ذِكْرُ اسْتِحْقَاقِ الْإِمَامَةِ بِالْازْدِيَادِ مِنْ حِفْظِ الْقُرْآنِ عَلَى الْقَوْمِ وَإِنْ كَانَ فِيهِمْ مَنْ هُوَ اَحْسَبُ وَاَشْرَفُ مِنْهُ

اس شخص کے امامت کا مستحق ہونے کا تذکرہ جس کو باقی لوگوں سے زیادہ قرآن یاد ہو اگرچہ ان میں ایسے لوگ بھی ہوں جو حسب کے اعتبار سے اس سے بہتر ہوں یا اس سے زیادہ معزز ہوں

2126 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، مَوْلٰى اَبِيْ اَحْمَدَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

2126– عطاء مولى أبي أحمد أو ابن أبي أحمد: لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلِّف، ولم يَروِ عنه غير سعيد المقبري، وقال الإمام الذهبي في "الميزان" و"المغني": لا يعرف. وباقي رجاله رجال الشيخين غير عبد الحميد بن جعفر، فهو من رجال مسلم وحده. أبو عمار: هو الحسين بن حريث، وقد تحرف في المطبوع من "صحيح ابن خزيمة" إلى "الحسين." وهو في "صحيح ابن خزيمة" برقم "1509." وأخرجه الترمذي "2876" في فضائل القرآن: باب ما جاء في فضل سورة البقرة وآية الكرسي، عن الحسن الحلواني، عن أبي أسامة، عن عبد الحميد بن جعفر، بهٰذا الإسناد. وقال: هٰذا حديث حسن. وأخرجه النسائي في السير كما في "التحفة" 10/280 من طريق المعافى بن عمران، عن عبد الحميد بن جعفر، به. وأخرجه ابن ماجة "217" في المقدمة: باب فضل من تعلم القرآن وعلمه، مختصرا من طريق أبي أسامة، عن عبد الحميد بن جعفر، به. وأخرجه الترمذي باثر الحديث "2876" عن قتيبة بن سعيد، عن الليث بن سعد، عن سعيد المقبري، عن عطاء مولى أبي أحمد، عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا، لم يذكر فيه عن أبي هريرة.

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا وَهُمْ نَفَرٌ فَدَعَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَاذَا مَعَكُمْ مِنَ الْقُرْآنِ؟ فَاسْتَقْرَاَهُمْ حَتّٰى مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ مِنْهُمْ هُوَ مِنْ اَحْدَثِهِمْ سِنًّا فَقَالَ: مَاذَا مَعَكَ يَا فُلَانُ؟ قَالَ مَعِي كَذَا وَكَذَا وَسُوْرَةُ الْبَقَرَةِ قَالَ: مَعَكَ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اذْهَبْ فَاَنْتَ اَمِيْرُهُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ اَشْرَفِهِمْ وَالَّذِي كَذَا وَكَذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَمْنَعُنِي اَنْ اَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ اِلَّا خَشْيَةَ اَنْ لَّا اَقُوْمَ بِهٖ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمِ الْقُرْآنَ وَاقْرَاْهُ وَارْقُدْ، فَاِنَّ مَثَلَ الْقُرْآنِ لِمَنْ تَعَلَّمَهُ فَقَرَاَهُ وَقَامَ بِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْكًا يَفُوحُ رِيحُهُ عَلٰى كُلِّ مَكَانٍ، وَمَنْ تَعَلَّمَهُ فَرَقَدَ وَهُوَ فِي جَوْفِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ وُكِيَءَ عَلٰى مِسْكٍ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک مہم روانہ کی وہ کچھ افراد تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں بلایا اور دریافت کیا: تمہیں کتنا قرآن آتا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ان سے تلاوت سنی یہاں تک کہ آپ ایسے شخص کے پاس سے گزرے جوان میں سب سے کم سن تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اے فلاں تمہیں کتنا قرآن آتا ہے۔ اس نے جواب دیا: مجھے فلاں اور فلاں سورۃ اور سورۃ البقرہ بھی آتی ہے آپ نے دریافت کیا: کیا تمہیں سورۃ البقرہ آتی ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جاؤ تم ان لوگوں کے امیر ہو، تو اس گروہ کے معزز افراد میں سے ایک آدمی نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس میں یہ یہ خوبی ہے۔ یارسول اللہ (ﷺ)! میں نے قرآن کا علم صرف اس لئے حاصل نہیں کیا' مجھے یہ اندیشہ تھا' میں نوافل میں اس کی تلاوت نہیں کروں گا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم قرآن کا علم حاصل کرو اور اس کی تلاوت کرو اور سو بھی جایا کرو جو شخص قرآن کا علم حاصل کر کے اس کی تلاوت کرتا ہے اسے نوافل میں ادا کرتا ہے۔ اس کی مثال ایک ایسی تھیلی کی مانند ہے' جس میں مشک موجود ہو اور اس کا منہ کھلا ہوا ہو۔ اس کی خوشبو ہر جگہ پھیل رہی ہو اور جو شخص قرآن کا علم حاصل کر کے سویا رہتا ہے' لیکن وہ قرآن اس کے ذہن میں ہوتا ہے اس کی مثال ایسی تھیلی کی مانند ہے' جس میں مشک موجود ہو اور اس کا منہ بند ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَوْمَ اِذَا اسْتَوُوا فِي الْقِرَائَةِ يَجِبُ اَنْ يَّؤُمَّهُمْ مَنْ كَانَ اَعْلَمَ بِالسُّنَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب لوگ قرأت کے حوالے سے برابر ہوں' تو یہ بات لازم ہے کہ ان کی امامت وہ شخص کرے جو سنت کا زیادہ علم رکھتا ہو

2127 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْمُوْنِ بْنِ الرَّمَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ، فَاِنْ كَانُوا فِي الْقِرَائَةِ سَوَاءً فَاَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ، فَاِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَاِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَكْبَرُهُمْ سِنًّا، وَلَا يُؤَمَّ الرَّجُلُ فِي سُلْطَانِهٖ وَلَا

يُجْلَسَ عَلٰى تَكْرِمَتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ حَتّٰى يَاْذَنَ لَهٗ .(2: 3)

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''لوگوں کی امامت وہ شخص کرے جوان میں سے اللہ کی کتاب کا سب سے زیادہ علم رکھتا ہو اگر وہ لوگ قرأت کی حوالے سے برابر ہوں' تو وہ شخص کرے جو سنت کا زیادہ علم رکھتا ہو اگر وہ سنت کے علم کے حوالے سے برابر ہوں' تو وہ شخص کرے جس نے پہلے ہجرت کی ہو اگر وہ ہجرت کے حوالے سے برابر ہوں' تو وہ شخص کرے جس کی عمر زیادہ ہو۔ کسی شخص کی سربراہی کی جگہ پر امامت نہ کی جائے اور اس کے گھر میں اس کی مخصوص جگہ پر نہ بیٹھا جائے جب تک وہ شخص اس کی اجازت نہیں دیتا''۔

2128 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَّابُ بْنُ صَالِحٍ الْمُعَدِّلُ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، قَالَ:

(متن حدیث):اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَصَاحِبٌ لِي فَقَالَ: اِذَا صَلَّيْتُمَا فَاَذِّنَا وَاَقِيمَا وَلْيَؤُمَّكُمَا اَكْبَرُكُمَا

قَالَ: وَكَانَا مُتَقَارِبَيْنِ.(1: 14)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَذِّنَا وَاَقِيمَا اَرَادَ بِهٖ اَحَدَهُمَا لَا كِلَيْهِمَا

2127- إسناده صحيح . عبد الله بن عمر بن ميمون: ذكره ابن أبي حاتم 5/111، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا، وذكره المؤلف في "ثقاته" 8/357، وقال: مستقيم الحديث إذا حدث عن الثقات، وقال الإمام الذهبي في "السير" 11/12-13: كان صاحب سمة، وصدع بالحق، ووثّقه الذهلي، وباقي رجال السند ثقات رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 5/272، ومسلم "673" في المساجد: باب من أحق بالإمامة، عن أبي كريب، والترمذي "235" في الصلاة: باب ما جاء من أحق بالإمامة، و "2772" في الأدب، عن هناد ومحمود بن غيلان، وابن خزيمة "1507" عن يعقوب الدورقي، والطبراني في "الكبير" /17 "609" من طريق عبد الله بن يوسف، كلهم عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "3808" و "3809"، والحميدي "457"، ومسلم "673"، وأبو داوٗد "584" في الصلاة: باب من أحق بالإمامة، والترمذي "235" أيضا، والنسائي 2/76 في الإمامة: باب من أحق بالإمامة، وابن جارود "308"، والدارقطني 1/280، وأبو عوانة 2/35 و36، والطبراني في "الكبير" /17 "600" و "601" و "602" و "603" و "604" و "605" و "606" و "607" و "608" و "610" و "612"، والبيهقي في "السنن" 3/90 و119، والبغوي في "شرح السنة " "832"، من طرق عن الأعمش، به . وصححه ابن خزيمة "1507" أيضا، والحاكم 1/243، ووافقه الذهبي . وأخرجه الدارقطني 1/279-280، والطبراني /17 "614" و "615" و "617" و "619" و "621"، والبغوي "833" من طرق عن إسماعيل بن رجاء ، به. وصححه الحاكم 1/243. وسيورده المؤلف برقم "2133" من طريق أبي خالد الأحمر، عن الأعمش، به، وبرقم "2144" من طريق شعبة، عن إسماعيل بن رجاء ، به، ويرد تخريج كل طريق في موضعه.

2128- إسناده صحيح على شرط مسلم . وهب بن بقية: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . خالد الحذاء : هو خالد بن مهران، وأبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي . وأورده المؤلف برقم "1658" في باب الأذان، من طريق أيوب، عن أبي قلابة، به، وتقدم تفصيل طرقه في تخريجه هناك، فانظره.

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میرے ساتھ میرا ایک دوست بھی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم دونوں نماز ادا کرو تو اذان دو اور اقامت کہو تم دونوں میں سے جو بڑی عمر کا ہو وہ امامت کرے۔

راوی کہتے ہیں: وہ دونوں ہم عمر تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''کہ تم دونوں اذان دینا اور تم دونوں اقامت کرنا'' اس سے مراد یہ ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی شخص ایسا کرے ایسا نہیں کہ وہ دونوں ایسا کریں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ وَكَانَا مُتَقَارِبَيْنِ اِنَّمَا هُوَ كَلَامُ اَبِىْ قِلَابَةَ اَدْرَجَهُ خَالِدٌ الطَّحَّانُ فِى الْخَبَرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ روایت کے یہ الفاظ ''دونوں برابر کی حیثیت رکھتے ہوں'' یہ الفاظ ابو قلابہ نامی راوی کے ہیں جنہیں خالد طحان نامی راوی نے روایت میں درج کیا ہے

2129 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ وَلِصَاحِبٍ لَهُ: اِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَاَذِّنَا ثُمَّ اَقِيْمَا، ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمَا اَكْبَرُكُمَا.

قَالَ خَالِدٌ: فَقُلْتُ لِاَبِىْ قِلَابَةَ: فَاَيْنَ الْقِرَائَةُ؟ قَالَ: اِنَّهُمَا كَانَا مُتَقَارِبَيْنِ. (1: 14)

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اور ان کے ساتھی فرمایا ''جب نماز کا وقت ہو' تو تم دونوں اذان دو اور تم دونوں اقامت کہو پھر تم دونوں میں سے جو عمر میں بڑا ہو وہ امامت کرے۔

خالد نامی راوی کہتے ہیں: میں نے ابوقلابہ نامی راوی سے دریافت کیا: قرأت کا حکم کہاں گیا تو اس نے جواب دیا: وہ دونوں اس حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذِّنَا وَاَقِيْمَا اَرَادَ بِهِ اَحَدَهُمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم دونوں اذان دینا' تم دونوں اقامت کہنا'' اس سے مراد یہ ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی ایک ایسا کرے

2129- إسناده صحيح على شرط البخاري. مسدد بن مسرهد: من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين. وانظر "1658".

2130 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّوْلَابِیُّ، مُنْذُ ثَمَانِیْنَ سَنَةً، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَیْرِثِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِی وَلِصَاحِبٍ لِی: اِذَا خَرَجْتُمَا فَلْیُؤَذِّنْ اَحَدُکُمَا وَلْیُقِمْ وَلْیَؤُمَّکُمَا اَکْبَرُکُمَا .(1: 14)

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے اور میرے ساتھی سے فرمایا:

''جب تم روانہ ہو جاؤ تو تم دونوں میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور وہ اقامت کہے اور تم دونوں میں سے جو شخص عمر میں بڑا ہو وہ تمہاری امامت کرے''۔

2131 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ اَیُّوْبَ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَیْرِثِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَیْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ شَبَبَةٌ مُتَقَارِبُوْنَ فَاَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِیْنَ لَیْلَةً فَظَنَّ اَنَّا قَدِ اشْتَقْنَا اِلٰی اَهْلِیْنَا سَاَلَنَا عَمَّنْ تَرَکْنَا فِیْ اَهْلِنَا فَاَخْبَرْنَاهُ وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَحِیْمًا رَفِیْقًا فَقَالَ: ارْجِعُوْا اِلٰی اَهْلِیْکُمْ فَعَلِّمُوْهُمْ وَمُرُوْهُمْ وَصَلُّوْا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ، فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْیُؤَذِّنْ اَحَدُکُمْ وَلْیَؤُمَّکُمْ اَکْبَرُکُمْ .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوْا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ لَفْظَةُ اَمْرٍ تَشْتَمِلُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ کَانَ یَسْتَعْمِلُهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ صَلَاتِهٖ، فَمَا کَانَ مِنْ تِلْكَ الْاَشْیَاءِ خَصَّهُ الْاِجْمَاعُ اَوِ الْخَبَرُ بِالنَّقْلِ فَهُوَ لَا حَرَجَ عَلٰی تَارِکِهٖ فِیْ صَلَاتِهٖ وَمَا لَمْ یَخُصَّهُ الْاِجْمَاعُ اَوِ الْخَبَرُ بِالنَّقْلِ فَهُوَ اَمْرٌ حَتْمٌ عَلَی الْمَخَاطَبِیْنَ کَافَّةً لَا یَجُوْزُ تَرْکُهٗ بِحَالٍ

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت حاضر ہوئے ہم نوجوان ہم عمر لوگ تھے۔ ہم نے آپ کے پاس بیس دن قیام کیا جب آپ کو یہ اندازہ ہو گیا' ہمارے لئے ہمارے گھر والوں سے علیحدگی دشواری کا باعث ہو رہی ہے' تو آپ نے ہم سے اس بارے میں دریافت کیا: ہم اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ کے آئے ہیں۔ ہم نے آپ کو اس بارے میں بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بڑے مہربان اور نرم دل تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے گھر والوں کے پاس واپس چلے جاؤ۔ انہیں تعلیم دو انہیں حکم دو اور تم اسی طرح نماز ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے' جب نماز کا وقت آ جائے' تو تم میں سے ایک شخص اذان دے اور جو شخص عمر میں بڑا ہو وہ تمہاری امامت کرے''۔

2130– إسناده صحيح على شرطهما. وانظر "1658"

2131– إسناده صحيح على شرط البخاري، وهو مكرر "1658"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "تم لوگ اس طرح نماز ادا کرو جس طرح تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے" یہ لفظی طور پر امر کا صیغہ ہے جو ہر اس چیز پر مشتمل ہے جس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز کے دوران عمل کیا کرتے تھے اور ان میں سے دو چیزیں ایسی ہیں۔ جن کو اجماع نے خاص کر دیا ہے۔ یا روایت نقل ہونے کے حوالے سے وہ خاص ہو گئی ہیں تو نماز کے دوران اسے ترک کرنے والے شخص کو کوئی حرج نہیں ہوگا: اور جسے اجماع نے یا کسی منقول حدیث نے خاص نہیں کیا۔ تو وہ لازمی حکم ہوگا جو تمام مخاطب لوگوں کے لیے ضروری ہوگا اور اسے ترک کرنا کسی بھی حالت میں جائز نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ الثَّلَاثَةِ وَاَكْثَرَ فِي الْإِمَامَةِ حُكْمُ الِاثْنَيْنِ سَوَاءً

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ امامت کے بارے میں تین یا اس سے زیادہ آدمیوں اور دو آدمیوں کا حکم برابر ہے

2132 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَهِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فِيْ سَفَرٍ فَلْيَؤُمَّكُمْ اَحَدُكُمْ وَاَحَقُّكُمْ بِالْإِمَامَةِ اَقْرَؤُكُمْ .(1: 14)

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب تم تین آدمی سفر کر رہے ہو تو تم میں سے کوئی ایک شخص تمہاری امامت کرے اور تم میں سے امامت کا زیادہ حق دار وہ شخص ہوگا جو زیادہ تلاوت جانتا ہو"۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّنْ يَّسْتَحِقُّ الْإِمَامَةَ لِلنَّاسِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ لوگوں کی امامت کا مستحق کون ہے؟

2133 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

2132– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي نضرة –واسمه المنذر بن مالك– فإنه من رجال مسلم .وأخرجه أحمد 3/24 عن يحيى بن سعيد، عن شعبة وهشام، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة "1508"وأخرجه الطيالسي "2152"، ومسلم "672" في المساجد: باب من أحق بالإمامة، والنسائي 3/119 في الإمامة: باب اجتماع القوم في موضع هم فيه سواء، والبيهقي في "السنن" 3/119 من طريق هشام، به .وأخرجه أحمد 3/34، وابن أبي شيبة 1/343، ومسلم "672"، والنسائي 2/103–104: باب الجماعة إذا كانوا ثلاثة، والدارمي 1/286، والبغوي "836"، والبيهقي 3/119 من طرق عن قتادة، به.وأخرجه أحمد 3/48، ومسلم "672" من طريق أبي نضرة، به.

(متن حدیث): يَـؤُمُّ الْـقَوْمَ اَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ، فَاِنْ كَانُوا فِي الْقِرَائَةِ سَوَاءً فَاَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ، فَاِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَاِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ سِنًّا وَلَا يُؤُمَّنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فِي سُلْطَانِهِ وَلَا يَقْعُدُ عَلٰى تَكْرِمَتِهِ اِلَّا بِاِذْنِهِ . (3: 10)

۞ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''لوگوں کی امامت وہ شخص کرے جو اللہ کی کتاب کا زیادہ علم رکھتا ہو اگر وہ لوگ قرأت کے حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو وہ شخص کرے جو سنت کا زیادہ علم رکھتا ہو اگر وہ لوگ سنت کے حوالے سے برابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو وہ شخص کرے جس نے پہلے ہجرت کی ہو اگر وہ ہجرت کے حوالے سے بھی برابر ہوں تو وہ شخص کرے جس کی عمر زیادہ ہو اور کوئی بھی شخص کسی دوسرے کی سربراہی کی جگہ پر اس کی امامت نہ کرے اور اس کے بیٹھنے کی مخصوص جگہ پر نہ بیٹھے۔ البتہ اس کی اجازت ہو تو حکم مختلف ہے۔

ذِكْرُ جَوَازِ اِمَامَةِ الْاَعْمَى بِالْمَامُوْمِيْنَ اِذَا لَمْ يَكُوْنُوا عُمَاةً

نابینا شخص کیلئے لوگوں کی امامت کے جائز ہونے کا تذکرہ جبکہ وہ لوگ نابینا نہ ہوں

2134 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ يُصَلِّي بِالنَّاسِ (5: 10)

۞ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں نائب مقرر کیا تھا وہ لوگوں کو نماز پڑھاتے رہے تھے۔

2133- إسناده حسن. أبو خالد الأحمر: هو سليمان بن حيان، روى له جماعة، إلا أن البخاري روى له متابعة، وهو صدوق
يخطء، كما في "التقريب"، وقد تابعه أبو معاوية عند المؤلف برقم "2127" وغيره. وهو في "مصنف بن أبي شيبة" 1/343، ومن
طريقه أخرجه مسلم "673" في المساجد: باب من أحق بالإمامة، والبيهقي في "السنن" 3/125. وقد تقدم برقم "2118" "2127"
من طريق أبي معاوية، عن الأعمش، به، وسيرد برقم "2144" من طريق شعبة، عن إسناعيل بن رجاء، به، فانظره 2134. - إسناده
صحيح على شرطهما. وأورده الهيثمي في "المجمع" 2/65، وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في "الأوسط" وقال: استخلف ابن أم
مكتوم على المدينة مرتين يصلي بالناس. ورجال أبي يعلى رجال الصحيح. وفي الباب عن أنس رضي الله عنه عند أبي داوُد "595"
في الصلاة: باب إمامة الأعمى، و "2931" في الخراج والإمارة: باب في الضرير يولى، وابن الجارود "310"، والبيهقي 3/88، من
طريق عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عن قتادة، عن أنس. وهٰذا إسناد حسن من أجل عمران بن داوُد، فإنه صدوق يهم.
وهو في "المسند" 3/192 من طريق بهز، عن أبي العوام القطان، عن أبيه عمران، به. وأخرجه عبد الرزاق "3828" عن سفيان
الثوري، عن أبي خالد وجابر، عن الشعبي أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إذا سافر استخلف ابن أم مكتوم على المدينة. وفيه
"3830" عن ابن جريج قال: أخبرني من أصدق أن النبي صلى الله عليه وسلم خرج مخرجا، فأمر عبد الله بن أم مكتوم أن يؤم
أصحابه، ومن تخلف عن النبي صلى الله عليه وسلم من الزمناء، ومن لا يستطيع خروجا.

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّؤُمَّ بِالنَّاسِ وَهُوَ اَعْمَى اِذَا كَانَ لَهُ مَنْ يَّتَعَاهَدُهُ

امام کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ لوگوں کی امامت کرے جبکہ وہ نابینا ہو لیکن شرط یہ ہے کہ اس کو نماز کے اوقات کے بارے میں کوئی بتانے والا ہو

2135 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ يُصَلِّي بِالنَّاسِ (1:4)

۞۞ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں اپنا نائب مقرر کیا تھا وہ لوگوں کو نماز پڑھاتے رہے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَمَّ النَّاسَ بِالتَّخْفِيفِ لِوُجُودِ اَصْحَابِ الْعِلَلِ خَلْفَهُ

جو شخص لوگوں کی امامت کرتا ہے اسے مختصر نماز پڑھانے کا حکم ہونے کا تذکرہ کیونکہ اس کے پیچھے بیمار لوگ بھی موجود ہوتے ہیں

2136 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ، فَاِنَّ فِي النَّاسِ الضَّعِيفَ وَالسَّقِيمَ وَذَا الْحَاجَةِ (1: 95)

۞۞ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص لوگوں کو نماز پڑھائے' تو اسے مختصر نماز پڑھانی چاہئے' کیونکہ لوگوں میں کمزور' بیمار اور کام کاج والے لوگ بھی ہوتے ہیں۔''

2135- هو مكرر ما قبله.

(متن حدیث): كُنَّا نُصَلِّي وَالدَّوَابُّ تَمُرُّ بَيْنَ اَيْدِينَا، فَسَاَلْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مِثْلُ آخِرَةِ الرَّحْلِ يَكُونُ بَيْنَ يَدَيْ اَحَدِكُمْ، فَلَا يَضُرُّهُ مَا مَرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ. (4: 50)

موسیٰ بن طلحہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' ہم لوگ نماز ادا کر رہے ہوتے تھے۔ ہمارے سامنے سے چوپائے گزرا کرتے تھے ہم نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب پالان کی پچھلی لکڑی جتنی کوئی چیز تمہارے سامنے موجود ہو' تو پھر اس کے دوسری طرف سے گزرنے والی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّ مُرُورَ الْحِمَارِ قُدَّامَ الْمُصَلِّي لَا يَقْطَعُ صَلَاتَهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں (اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ) نمازی کے آگے سے گدھے کے گزرنے سے اس کی نماز منقطع نہیں ہوتی

2381 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ

2380- إسناده حسن. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (805)، والطنافسي: نسبة إلى الطَّنفِسَة، واحدة الطنافس وهي البُسط. وأخرجه مسلم (499) (242) عن ابن نمير وإسحاق بن إبراهيم بن حبيب، وابن ماجه (940) في إقامة الصلاة: باب ما يستر المصلي، عن ابن نمير، والبيهقي 2/269 من طريق إسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن عمر بن عبيد الطنافسي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/161 عن عمر بن عبيد، عن زائدة، عن سماك، بهذا الإسناد. فأدخل زائدةَ بين الطنافسي وسماك، وما أظنه إلا من خطأ النساخ، والله أعلم.

الْحَكَمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ اَبِى الصَّهْبَاءِ، قَالَ:
(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَذَكَرْنَا مَا كَانَ يَقْطَعُ الصَّلَاةَ، فَقَالُوْا: الْحِمَارُ وَالْمَرْاَةُ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَقَدْ جِئْتُ اَنَا وَغُلَامٌ مِّنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ مُرْتَدِفِينَ عَلٰى حِمَارٍ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ فِيْ اَرْضٍ خَلَاءٍ، فَتَرَكْنَا الْحِمَارَ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ، ثُمَّ جِئْنَا حَتّٰى دَخَلْنَا بَيْنَهُمْ فَمَا بَالٰى بِذٰلِكَ. (4: 50)

ابوصہباء بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس موجود تھے ہم نے اس بات کا ذکر کیا' کون سی چیز نماز کو توڑ دیتی ہے' تو لوگوں نے کہا: گدھا اور عورت (نمازی کے آگے سے گزر کر نماز کو توڑ دیتے ہیں) تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا: میں اور بنو عبدالمطلب سے تعلق رکھنے والا ایک نوجوان گدھے پر آگے پیچھے سوار ہو کر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کھلے میدان میں لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ ہم نے گدھے کو لوگوں کے سامنے چھوڑ دیا' پھر ہم آئے اور صف میں شامل ہو گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ الَّتِيْ كَانَ الْحِمَارُ يَمُرُّ قُدَّامَهُمْ فِيْهَا

كَانُوا يُصَلُّونَ لِعَنَزَةٍ تُرْكَزُ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ، وَالْعَنَزَةُ تَمْنَعُ مِنْ قَطْعِ الصَّلَاةِ وَاِنْ مَرَّ قُدَّامَهُمُ الْحِمَارُ وَالْكَلْبُ وَالْمَرْاَةُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ نماز جس میں گدھے ان لوگوں کے آگے سے گزر رہے تھے تو وہ لوگ یہ نماز نیزے کی طرف رخ کر کے پڑھ رہے تھے' جو ان کے سامنے گاڑھا گیا تھا اور نیزہ نماز کو منقطع کرنے سے روک دیتا ہے اگرچہ ان لوگوں کے آگے سے گدھا عورت یا کتا گزر جائے

2382 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِشْكَابَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:
(متن حدیث): شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ حَمْرَاءَ وَعِنْدَهُ اُنَاسٌ، فَجَاءَ بِلَالٌ فَاَذَّنَ، ثُمَّ جَعَلَ يَتْبَعُ فَاهُ هَاهُنَا وَهَاهُنَا - قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِيْ بِقَوْلِ: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ - قَالَ: وَاَخْرَجَ فَضْلَ وَضُوْءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّاسُ مِنْ بَيْنِ نَائِلٍ، وَنَاضِحٍ، حَتّٰى جَعَلَ الصَّغِيْرُ

2381- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو الصهباء: هو صهيب البكري مولى ابن عباس. وأخرجه أبو داوٗد (716) في الصلاة: باب من قال: الحمار لا يقطع الصلاة، من طريق أبي عوانة، والطبراني (12892) من طريق زائدة، كلاهما عن منصور، بهٰذا الاسناد. وأخرجه بنحوه النسائي 2/65 في القبلة: باب ذكر ما يقطع الصلاة، وما لا يقطع إذا لم يكن بين يدى المصلي سترة، والطبراني (12891) من طريقين عن الحكم، به. كلهم زاد في الحديث قصة الجاريتين وقد تقدمت برقم (2356). وانظر هٰذا الحديث من طريق اٰخر عند المصنف (2148).

2382- إسناده صحيح، علي بن إشكاب: صدوق روى له أبو داوٗد وابن ماجه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وقد تقدم برقم (2334) من طريق محمد بن بشار، عن عبد الرحمٰن، عن سفيان.

يُدْخِلُ يَدَهُ تَحْتَ اِبَاطِ الْقَوْمِ فَيُصِيبُ ذٰلِكَ، وَرَكَزَ بِلَالٌ بَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةً، فَيَمُرُّ الْحِمَارُ وَالْمَرْاَةُ وَالْكَلْبُ لَا يُمْنَعُ، فَصَلَّى الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى قَدِمَ الْمَدِينَةَ .(4: 50)

✿✿ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں بطحاء میں نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھا۔ آپ اس وقت سرخ خیمے میں موجود تھے۔ آپ کے پاس کچھ لوگ بھی تھے' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ آئے۔ انہوں نے اذان دی انہوں نے (اذان دیتے ہوئے) اپنا منہ اس طرف بھی پھیرا اور اس طرف بھی پھیرا۔

سفیان نامی راوی کہتے ہیں: یعنی حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کہتے ہوئے ایسا کیا۔

راوی کہتے ہیں: پھر وہ نبی اکرم ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی لے کر باہر آئے' تو کچھ لوگوں کو وہ پانی ملا اور کچھ کو نہیں ملا' یہاں تک کہ ایک کم سن بچے نے لوگوں کی بغل کے نیچے سے اپنا ہاتھ داخل کیا' اور اس پانی تک پہنچ گیا پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے ایک نیزہ گاڑھ دیا (نبی اکرم ﷺ اس کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرنے لگے) پھر گدھے یا عورت یا کتے کے (اس کے دوسری طرف سے گزرنے پر) منع نہیں کیا جارہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز میں دو رکعات پڑھائیں' پھر آپ مدینہ منورہ تشریف لانے تک دو' دو رکعات ہی ادا کرتے رہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْحُكْمَ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْهِ كَآخِرَةِ الرَّحْلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ حکم ان لوگوں کیلئے ہے جن کے سامنے پالان کی پچھلی لکڑی جتنی کوئی چیز (سترہ کے طور پر) نہیں ہوتی

2383 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحِ الْبُخَارِيُّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَذْرَمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَبَا ذَرٍّ عَمَّا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْكَ كَآخِرَةِ الرَّحْلِ: الْمَرْاَةُ وَالْحِمَارُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، قُلْتُ: مَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَصْفَرِ مِنَ الْاَبْيَضِ؟ قَالَ: يَا ابْنَ اَخِي، سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِي، فَقَالَ: الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ (3: 61)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْاَذْرِمَةُ قَرْيَةٌ مِّنْ قُرٰى نَصِيبِيْنَ

2383- إسناده صحيح، عبد الله بن إسحاق الأذرمي: هو عبد الله بن محمد بن إسحاق، وهو ثقة روى له أبو داؤد والنسائي، ومن فوقه على شرط مسلم .وأخرجه الدارمي 1/329 من طريق شعبة، والطبراني في "الصغير" (1161) من طريق قُرة بن خالد، كلاهما عن حُميد بن هلال، بهٰذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (830) . وأخرجه عبد الرزاق (2348) ، ومن طريقه الطبراني في "الكبير" (1632) عن معمر، عن علي بن زيد بن جدعان، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِيْ ذر قال: يقطع الصلاة الكلب الأسود -أحسبه قال: والمرأة الحائض. فقلت لأبي ذر.. فذكره. وانظر ما بعده.

عبداللہ بن صامت بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے اس چیز کے بارے میں اس چیز کے بارے میں دریافت کیا: جونماز کوتوڑ دیتی ہے' تو انہوں نے فرمایا: جب تمہارے آگے پالان کی پچھلی لکڑی جتنی کوئی چیز نہ ہو' تو عورت گدھا اور سیاہ کتا (نمازی کے آگے سے گزر کر نماز کو توڑ دیتے ہیں) میں نے کہا: اس میں سیاہ کتے کی کیا خصوصیت ہے زرد یا سفید کیوں نہیں ہے۔ انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کیا تھا جو تم نے مجھ سے کیا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''سیاہ کتا شیطان ہوتا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ''اذرمہ'' نصیبین کی بستیوں میں سے ایک بستی ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ اَوَّلَ هٰذَا الْخَبَرِ غَيْرُ مَرْفُوعٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت ''مرفوع'' نہیں ہے

2384 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقْطَعُ صَلَاةَ الرَّجُلِ اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْهِ مِثْلُ آخِرَةِ الرَّحْلِ: الْمَرْاَةُ وَالْحِمَارُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، قَالَ: قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، مَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَبْيَضِ مِنَ الْاَحْمَرِ؟ قَالَ: يَا ابْنَ اَخِي، سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِي، فَقَالَ: الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ. (3: 61)

عبداللہ بن صامت حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب آدمی کے نماز پڑھنے کے دوران اس کے سامنے پالان کی پچھلی لکڑی جتنی کوئی چیز (سترے کے طور پر) نہ ہو' تو عورت گدھا اور سیاہ کتا (نمازی کے آگے سے گزر کر) اس کی نماز کو توڑ دیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: اے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سیاہ کتے کا کیا معاملہ ہے۔ سفید اور سرخ کیوں نہیں' تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کیا تھا جو تم نے مجھ سے کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''سیاہ کتا شیطان ہوتا ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اَوَّلَ هٰذَا الْخَبَرِ مَوْقُوفٌ غَيْرُ مُسْنَدٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ یہ روایت ''موقوف'' ہے ''مسند'' نہیں ہے

2385 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ:

2384- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه البيهقي 2/274 من طريق أحمد بن النضر بن عبد الوهّاب، عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/155-156، وأبو داوٗد (702) في الصلاة: باب ما يقطع الصلاة، وابن ماجه (3210) في الصيد: باب صيد كلب المجوس والكلب الأسود البهيم، من طرق عن سليمان بن المغيرة، به.

اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الصَّامِتِ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقْطَعُ صَلَاةَ الرَّجُلِ اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْهِ كَآخِرَةِ الرَّحْلِ: الْحِمَارُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ وَالْمَرْاَةُ، قَالَ: قُلْتُ: مَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَحْمَرِ مِنَ الْاَصْفَرِ؟ فَقَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِي، فَقَالَ: الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ. (3: 61)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گدھا سیاہ کتا اور عورت آدمی (کے آگے سے گزر کر اس کی) نماز کو منقطع کر دیتے ہیں جب آدمی کے سامنے پالان کی پچھلی لکڑی جتنی (کوئی چیز سترے کے طور پر) نہ ہو''۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے (حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے) دریافت کیا: سیاہ کتا کیوں؟ سرخ یا زرد کیوں نہیں؟ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کیا تھا جو تم نے مجھ سے کیا ہے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سیاہ (کتا) شیطان ہوتا ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ جَوَازِ اسْتِعْمَالِ هٰذَا الْفِعْلِ اِذَا عَدِمَتِ الصِّفَةُ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا

اس فعل پر عمل کرنے کے جائز ہونے کی نفی کا تذکرہ

جب اس کی وہ صفت نہ پائی جائے، جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

2386 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ وَالْحِمَارُ وَالْمَرْاَةُ. (3: 61)

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

2385- إسناده صحيح على شرط مسلم. محمد بن كثير: هو العبدي. وأخرجه أحمد 5/149 و161، والطيالسي (453)، ومسلم (510) في الصلاة: باب قدر ما يستر المصلي، وأبو داوٗد (702)، وابن ماجه (952) في إقامة الصلاة: باب ما يقطع الصلاة، وأبو عوانة 2/47، والبيهقي 2/274 من طرق عن شعبة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/160، ومسلم (510)، والنسائي 2/63-64 في القبلة: باب ذكر ما يقطع الصلاة وما لا يقطع إذا لم يكن بين يدي المصلي سترة، والترمذي (338) في الصلاة: باب ما جاء أنه لا يقطع الصلاة إلا الكلب والحمار والمرأة، والطحاوي 1/458، والطبراني في "الكبير" (1635) و (1636)، وفي "الصغير" (195) و (505)، وأبو عوانة 2/46 و47 من طرق عن حميد بن هلال، به.

2386- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن الحسن عنعنه. عبد الأعلى: هو ابن عبد الأعلي السامي، وسعيد: هو ابن أبي عروبة. وأخرجه أحمد 4/86 و5/57، وابن ماجه (951) في إقامة الصلاة: باب ما يقطع الصلاة، عن عبد الأعلى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي 1/458 من طريق معاذ بن معاذ، عن سعيد بن أبي عروبة، به.

''کتا گدھا اور عورت (نمازی کے آگے سے گزر کر) اس کی نماز کو توڑ دیتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ذِكْرَ الْمَرْاَةِ اُطْلِقَ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وَالْمُرَادُ مِنْهُ بَعْضُ النِّسَاءِ لَا الْكُلُّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس روایت میں لفظ کے عموم کے ہمراہ ''خاتون'' کا ذکر مطلق طور پر کیا گیا ہے لیکن اس سے مراد ''بعض خواتین'' ہیں ''تمام خواتین'' مراد نہیں ہیں

2387 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَاشِمٍ الطُّوسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ وَالْمَرْاَةُ الْحَائِضُ. (3: 61)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کتا اور حیض والی عورت (اس کا یہ مفہوم بھی ہوسکتا ہے بالغ عورت) نمازی کے آگے سے گزر کر اس کی نماز کو توڑ دیتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ذِكْرَ الْكَلْبِ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ اُطْلِقَ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ وَالْقَصْدُ مِنْهُ بَعْضُ الْكِلَابِ لَا الْكُلُّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس روایت میں ''کتے'' کا ذکر لفظ کے عموم کے ہمراہ مطلق طور پر ذکر کیا گیا ہے اس سے مراد بعض مخصوص قسم کے کتے ہیں تمام قسم کے کتے مراد نہیں ہیں

2388 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ بِخَبَرٍ غَرِيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ اَبِي الذَّيَّالِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

2387- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه ابن خزيمة (832) عن عبد الله بن هاشم، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/347، وأبو داؤد (703) في الصلاة: باب ما يقطع الصلاة، وابن ماجه (949) في إقامة الصلاة: باب المرور بين يدي المصلي، والنسائي 2/64 في القبلة: باب ذكر ما يقطع الصلاة وما لا يقطع، والبيهقي 2/374 من طرق عن يحيى بن سعيد، به. زاد فيه ابن ماجه فقال: "الكلب الأسود"، وقال أبو داؤد: وقفه سعيد وهشام وهمام عن قتادة عن جابر بن زيد على ابن عباس.

2388- حديث صحيح، ابن أبي السري: وهو محمد بن المتوكل صدوق إلا أن له أوهاما كثيرة، وقد توبع، ومَن فوقه ثقات على شرط مسلم. وأخرجه مسلم (510) في الصلاة: باب قدر ما يستر المصلي، عن إسحاق بن إبراهيم الحنظلي، عن المعتمر بن سليمان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث (2385).

بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْمَرْاَةُ وَالْحِمَارُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ: مَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَحْمَرِ مِنَ الْاَصْفَرِ؟ فَقَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِی، فَقَالَ: الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ (3: 61)

عبداللہ بن صامت حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''عورت گدھا اور سیاہ کتا (نمازی کے آگے سے کر) نماز کو توڑ دیتے ہیں۔''

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا ہے۔اے (حضرت) ابوذر (رضی اللہ عنہ)! سیاہ کتا کیوں سرخ یا زرد کیوں نہیں' تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کیا تھا جو تم نے مجھ سے کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیاہ (کتا) شیطان ہوتا ہے۔

2389 - حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْلٰی، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِیُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، وَحَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ، وَيُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْحِمَارُ وَالْمَرْاَةُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، قَالَ: فَقُلْتُ: مَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَحْمَرِ مِنَ الْاَصْفَرِ مِنَ الْاَبْيَضِ؟ قَالَ: يَا ابْنَ اَخِی، قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ الْكَلْبَ الْاَسْوَدَ شَيْطَانٌ. (3: 61)

عبداللہ بن صامت حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''گدھا عورت اور سیاہ کتا (نمازی کے آگے سے گزر کر اس کی) نماز کو توڑ دیتے ہیں۔''

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: سیاہ کتا کیوں سرخ یا زرد یا سفید کیوں نہیں۔انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی پوچھا تھا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''سیاہ کتا شیطان ہوتا ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِیْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت ان روایات کے متضاد ہے جن کا ہم نے اس سے پہلے ذکر کیا ہے

2390 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

2389– إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج السامي –بالمهملة– ثقة روى له النسائي، ومن فوقه على شرط مسلم. وانظر (2385).

شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ حَفْصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُوْلُ: قَالَتْ عَائِشَةُ:

(متن حدیث): لَقَدْ رَاَيْتُنِیْ بَيْنَ يَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعْتَرِضَةً كَاعْتِرَاضِ الْجَنَازَةِ وَهُوَ يُصَلِّیْ. (3: 61)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے چوڑائی کی سمت میں یوں لیٹی ہوتی تھی جس طرح جنازہ رکھا جاتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز ادا کر رہے ہوتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَلَاةَ الْمَرْءِ اِنَّمَا تُقْطَعُ (مِنْ) مُرُوْرِ الْكَلْبِ وَالْحِمَارِ وَالْمَرْاَةِ لَا كَوْنِهِنَّ وَاعْتِرَاضِهِنَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ کتے' گدھے یا عورت کے نمازی کے آگے سے گزرنے کی وجہ سے نمازی کی نماز منقطع ہوتی ہے ان کے سامنے موجود ہونے یا چوڑائی کی سمت میں ہونے سے نماز منقطع نہیں ہوتی

2391 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْبُسْرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): تُعَادُ الصَّلَاةُ مِنْ مَمَرِّ الْحِمَارِ وَالْمَرْاَةِ وَالْكَلْبِ الْاَسْوَدِ، قُلْتُ: مَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَصْفَرِ مِنَ الْاَحْمَرِ؟ فَقَالَ: فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِی، فَقَالَ: الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ. (3: 61)

عبداللہ بن صامت' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''گدھے عورت یا سیاہ کتے کے (نمازی سے آگے سے) گزرنے سے دوبارہ نماز ادا کی جائے۔''

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: سیاہ کتا کیوں؟ زرد یا سرخ کیوں نہیں؟ تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے

2390- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه أحمد 6/126، ومسلم (512) (269) في الصلاة: باب الاعتراض بين يدي المصلي، من طريق محمد بن جعفر، وأحمد 6/134 من طريق عفان، والبيهقي 2/275 من طريق النضر بن شميل، ثلاثتهم عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/37 و199-200، وعبد الرزاق (2374) و (2375)، والدارمي 1/328، والبخاري (383) في الصلاة: باب الصلاة على الفراش، و (515) باب من قال: لا يقطع الصلاة شيء، ومسلم (512) (267) و (268)، والطيالسي (1452)، وابن ماجه (956) في إقامة الصلاة: باب من صلى وبينه وبين القبلة شيء، وابن خزيمة (822)، والبيهقي 2/275، والبغوي (546) من طرق عن عروة، به. وأخرجه مسلم (512) (270)، والبغوي (547) من طريق حفص بن غياث، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، وانظر (2345).

2391- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في "صحيح ابن خزيمة" (831)، وانظر الحديث (2385).

بھی نبی اکرم ﷺ سے یہی سوال کیا تھا جو تم نے مجھ سے کیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سیاہ کتا شیطان ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ الثَّلَاثَةَ اِنَّمَا تَقْطَعُ صَلَاةَ الْمُصَلِّيْ اِذَا لَمْ يَكُنْ قُدَّامَهُ سُتْرَةٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ تین چیزیں نمازی کی نماز کو منقطع کر دیتی ہیں جب نمازی کے سامنے کوئی سترہ موجود نہ ہو

2392 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثنا اِسماعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْهِ مِثْلُ آخِرَةِ الرَّحْلِ، فَاِنَّهُ يَقْطَعُ صَلَاتَهُ الْمَرْاَةُ وَالْحِمَارُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، قَالَ: قُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، فَمَا بَالُ الْكَلْبِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْكَلْبِ الْاَحْمَرِ مِنَ الْكَلْبِ الْاَصْفَرِ؟ قَالَ: يَا ابْنَ اَخِيْ، اِنِّيْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا سَاَلْتَنِيْ عَنْهُ، فَقَالَ: الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ .(3: 61)

❀❀ عبداللہ بن صامت حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''جب کسی شخص کے سامنے پالان کی پچھلی لکڑی جتنی کوئی چیز (سترے کے طور پر) نہ ہو' تو عورت گدھا اور سیاہ کتا (اس کے آگے سے گزر کر) اس کی نماز کو توڑ دیتے ہیں۔''

راوی کہتے ہیں: اے (حضرت) ابوذر (رضی اللہ عنہ)! سیاہ کتا کیوں؟ سرخ کتا یا زرد کتا کیوں نہیں' تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے جس چیز کے بارے میں تم نے مجھ سے سوال کیا ہے اس کے بارے میں' میں نے بھی نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا تھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: سیاہ کتا شیطان ہوتا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ يُضَادُّ الْاَخْبَارَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان روایات کی متضاد ہے جن کا ذکر ہم نے پہلے کیا ہے

2393 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ،

2392- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 1/281، ومن طريقه أخرجه مسلم (510) (265). وانظر ما قبله.

2393- إسناده صحيح على شرطهما. وقد تقدم برقم (2148). وقوله "بمنى" كذا قال مالك وأكثر أصحاب الزهري، ووقع عند مسلم 1/362 من رواية ابن عيينة "بعرفة"، قال النووي: يحمل ذلك على أنهما قضيتان، وتُعقب بأن الأصل عدم التعدد، ولا سيما مع اتحاد مخرج الحديث، قال الحافظ: فالحق أن قول ابن عيينة "بعرفة" شاذ، ووقع عند مسلم أيضًا من رواية معمر عن الزهري "وذلك في حجة الوداع أو يوم الفتح" وهذا الشك من معمر لا يعول عليه، والحق أن ذلك كان في حجة الوداع.

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): اَقْبَلْتُ رَاكِبًا عَلٰى اَتَانٍ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ نَاهَزْتُ الْاِحْتِلَامَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ بِمِنًى، فَمَرَرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ، فَنَزَلْتُ فَاَرْسَلْتُ الْاَتَانَ تَرْتَعُ، وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ، فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ اَحَدٌ. (3: 61)

﴿﴾ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں ایک گدھی پر سوار ہو کر آیا۔ میں اس وقت قریب البلوغ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ میں لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ میں ایک صف کے کچھ حصے کے آگے سے گزرا پھر میں اس سے نیچے اتر گیا' اور میں نے گدھی کو چرنے کے لئے چھوڑ دیا' پھر میں صف میں آ کر شامل ہو گیا تو اس حوالے سے کسی نے مجھ پر اعتراض نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَلَاةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى كَانَتِ السُّتْرَةُ قُدَّامَهُ حَيْثُ كَانَ الْاَتَانُ تَرْتَعُ قُدَّامَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب منیٰ میں نماز ادا کر رہے تھے تو سترہ آپ کے سامنے موجود تھا اس وقت جب گدھی نے آپ کے سامنے آ کر چرنا شروع کر دیا تھا

2394 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ اَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْاَبْطَحِ فِيْ قُبَّةٍ لَهُ حَمْرَاءَ مِنْ اَدَمٍ، قَالَ: فَخَرَجَ بِلَالٌ بِوَضُوْئِهِ، فَبَيْنَ نَائِلٍ وَنَاضِحٍ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ، كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى بَيَاضِ سَاقَيْهِ، قَالَ: فَتَوَضَّاَ وَاَذَّنَ بِلَالٌ، فَجَعَلَ يَتْبَعُ فَاهُ هَاهُنَا وَهَاهُنَا، يَقُوْلُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، ثُمَّ رُكِزَتْ لَهُ عَنَزَةٌ، فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الْحِمَارُ وَالْكَلْبُ لَا يَمْنَعُ، ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى رَجَعَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ. (3: 61)

2394- إسناده صحيح على شرطهما. سفيان: هو الثوري وكتب هذا الحديث على هامش الأصل، وقد أذهب التصوير بعض كلماته، فاستدركت من "التقاسيم" 3/لوحة 191. وأخرجه مسلم (503) في الصلاة: باب سترة المصلي، عن أبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه بطوله الطبراني في "الكبير" 22/ (249) عن ابن أبي شيبة، عن وكيع، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 1/210، وعنه مسلم، وأخرجه ابن خزيمة 1/203، والبيهقي 3/156، والطبراني 22/ (251) من طريق وكيع، به مختصرًا. وأخرجه أحمد 4/308، والبخاري (634) في الأذان: باب هل يتتبع المؤذن فاه ها هنا وها هنا؟ والنسائي 2/73 في القبلة: باب الصلاة في الثياب الحمر، وابن خزيمة (387)، والطبراني 22/ (250) و (252) من طرق عن سفيان، به مختصرًا. وأخرجه عبد الرزاق (1806)، ومن طريقه الترمذي (197) في الصلاة: باب ما جاء في إدخال الإصبع في الأذن عند الأذان، والطبراني 22/ (248)، والحاكم 1/202 عن الثوري، به مطولًا. وقد تقدم من طريق آخر عند المصنف (1269).

❁❁ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت ''ابطح'' میں، وہاں چمڑے کے بنے سرخ خیمے میں موجود تھے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی لے کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ باہر آئے، تو لوگوں نے اس پانی کو حاصل کرنا شروع کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ باہر تشریف لائے، تو آپ نے سرخ حلّہ پہنا ہوا تھا۔ آپ کی پنڈلیوں کی سفیدی کا منظر گویا، آج بھی میری نگاہ میں ہے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے وضو کیا، پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی اور اذان دیتے ہوئے اپنے منہ کو اس طرف اور اس طرف، یعنی دائیں طرف اور بائیں طرف پھیرا، یعنی حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کہتے ہوئے ایسا کیا، پھر نبی اکرم ﷺ کے سامنے نیزہ گاڑھ دیا گیا۔ نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے اور آپ نے عصر کی نماز کی دو رکعات پڑھائیں۔ آپ کے سامنے سے (نیزے کی دوسری جانب سے) گدھے اور کتے گزرتے رہے۔ انہیں روکا نہیں گیا پھر نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ واپس آنے تک مسلسل دو رکعات (یعنی قصر) نماز ادا کرتے رہے۔

بَابُ اِعَادَةِ الصَّلَاةِ

نماز کو دہرانا

2395 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ الْاَسْوَدِ الْعَامِرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّتَهُ، فَصَلَّيْتُ مَعَهُ صَلَاةَ الصُّبْحِ فِي مَسْجِدِ الْخَيْفِ مِنْ مِنًى، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ اِذَا رَجُلَانِ فِي آخِرِ النَّاسِ لَمْ يُصَلِّيَا، فَاُتِيَ بِهِمَا تَرْعَدُ فَرَائِصُهُمَا، فَقَالَ: مَا مَنَعَكُمَا اَنْ تُصَلِّيَا مَعَنَا؟ قَالَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كُنَّا قَدْ صَلَّيْنَا فِي رِحَالِنَا، قَالَ: فَلَا تَفْعَلَا، اِذَا صَلَّيْتُمَا فِي رِحَالِكُمَا، ثُمَّ اَتَيْتُمَا مَسْجِدَ جَمَاعَةٍ فَصَلِّيَا مَعَهُمْ، فَاِنَّهَا لَكُمْ نَافِلَةٌ. (4: 49)

❀❀ جابر بن یزید عامری اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نبی اکرم ﷺ کے حج میں شریک ہوا تھا۔ میں نے ''منیٰ'' میں مسجد خیف میں صبح کی نماز آپ کی اقتداء میں ادا کی جب نبی اکرم ﷺ نے نماز مکمل کی تو لوگوں کے پیچھے دو ایسے افراد موجود تھے جنہوں نے نماز ادا نہیں کی تھی۔ ان دونوں کو لایا گیا تو وہ کانپ رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم نے ہمارے ساتھ نماز ادا کیوں نہیں کی۔ انہوں نے عرض کی: ہم اپنی رہائشی جگہ پر پہلے ہی نماز ادا کر چکے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو جب تم اپنی رہائشی جگہ پر نماز ادا کر چکے ہو اور پھر تم با جماعت نماز والی مسجد میں آؤ تو ان لوگوں کے ساتھ بھی نماز ادا کرو یہ تمہارے لئے نفل ہو جائے گی۔

2396 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ رَاَى ابْنَ عُمَرَ جَالِسًا بِالْبَلَاطِ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ، فَقُلْتُ: مَا يُجْلِسُكَ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ؟

2395- إسناده صحيح . وقد تقدم برقم (1565) ، وهو في "مصنف عبد الرزاق " (3934) عن هشام بن حسان والثوري، كلاهما عن يعلى بن عطاء ، بهٰذا الإسناد.

2396- إسناده صحيح، عمرو بن شعيب، قال ابن معين: إذا حدث عن سعيد بن المسيب أو سليمان بن يسار أو عروة فهو ثقة، وكذا قال المصنف بإثر هٰذا الحديث، وباقي رجاله ثقات على شرطهما .وأخرجه أحمد 2/19 و41، وابن أبي شيبة 2/278-279، والنسائي 2/114 في الإمامة: باب سقوط الصلاة عمن صلى مع الإمام في المسجد جماعة، وأبو داوٗد (579) في الصلاة: باب إذا صلى في جماعة ثم أدرك جماعة أيعيد، والطبراني (13270) ، والدارقطني 1/415 و416، والبيهقي 2/303 من طرق عن حسين بن ذكوان المعلم، بهٰذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (1641) .

قَالَ: اِنِّیْ قَدْ صَلَّیْتُ، وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَہَانَا اَنْ نُعِیْدَ صَلَاۃً فِیْ یَوْمٍ مَرَّتَیْنِ .

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ : عَمْرُو بْنُ شُعَیْبٍ فِیْ نَفْسِہٖ ثِقَۃٌ یُحْتَجُّ بِخَبَرِہٖ اِذَا رَوٰی عَنْ غَیْرِ اَبِیْہِ، فَاَمَّا رِوَایَتُہٗ عَنْ اَبِیْہِ، عَنْ جَدِّہٖ، فَلَا تَخْلُو مِنِ انْقِطَاعٍ وَاِرْسَالٍ فِیْہِ، فَلِذٰلِکَ لَمْ نَحْتَجَّ بِشَیْءٍ مِنْہُ . (2: 97)

❀❀ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو بلاط میں بیٹھے ہوئے دیکھا لوگ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے۔ میں نے دریافت کیا: آپ کیوں بیٹھے ہوئے ہیں جبکہ لوگ نماز ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: میں نماز ادا کر چکا ہوں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے ہم ایک ہی دن میں کوئی نماز دو مرتبہ ادا کریں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عمرو بن شعیب نامی بذات خود ثقہ ہے اس کی نقل کردہ روایات سے استدلال کیا جائے گا۔ جب وہ اپنے والد کی بجائے کسی اور کے حوالے سے روایت نقل کرے۔ جہاں تک اس کی ان روایات کا تعلق ہے جو اس نے اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا سے نقل کی ہیں تو ان میں انقطاع اور ارسال پایا جاتا ہے اسی وجہ سے ہم ایسی کسی روایت سے استدلال نہیں کرتے ہیں۔

ذِکْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ الزَّجْرَ لَمْ یُرِدْ بِہٖ اِلَّا الْفَرِیضَۃَ الَّتِیْ یُعِیْدُ الْاِنْسَانُ اِیَّاہَا، ثَانِیًا بِعَیْنِہَا دُوْنَ مَنْ نَوٰی فِیْ اِعَادَتِہِ التَّطَوُّعَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس ممانعت سے مراد صرف فرض نماز ہے

جسے انسان دہراتا ہے اور دوسری مرتبہ بھی عین اسی نماز کو دہراتا ہے ایسا نہیں ہے کہ دوبارہ دہراتے ہوئے نفل نماز کی نیت کرے گا

2397 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ بِالْاُبُلَّۃِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُعَاوِیَۃَ الْجُمَحِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُہَیْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ النَّاجِیِّ، عَنْ اَبِی الْمُتَوَکِّلِ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ:

(متن حدیث):دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلّٰی، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلَا مَنْ یَّتَصَدَّقُ عَلٰی ہٰذَا فَلْیُصَلِّ مَعَہٗ . (2: 97)

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص مسجد میں داخل ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا کوئی شخص اس پر صدقہ کرے گا' یوں کہ وہ اس کے ساتھ نماز ادا کر لے۔

2397- إسناده صحيح. أبو المتوكل: هو علي بن داوُد -ويقال: دؤاد- الناجي. وأخرجه أحمد 3/64، والدارمي 1/318، وأبوُ داوُد (574) في الصلاة: باب في الجمع في المسجد مرتين، والبيهقي 3/69، والبغوي (859) من طرق عن وهيب، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/209، ووهم الحاكم وتابعه على ذلك الذهبي رحمهما الله فسمى سليمان الناجي: سليمان بن سحيم، وإنما هو سليمان الأسود، ويقال: ابن الأسود الناجي.

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِمَنْ صَلَّى فِي مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ اَنْ يُصَلِّيَ فِيهِ مَرَّةً اُخْرٰى جَمَاعَةً

جو شخص باجماعت نماز والی مسجد میں نماز ادا کرتا ہے اس کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اس میں دوسری مرتبہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرے

2398 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُرَّةَ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ النَّاجِيِّ، عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلّٰى، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا مَنْ يَّتَصَدَّقُ عَلٰى هٰذَا فَيُصَلِّيَ مَعَهُ. (5:4)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص مسجد میں داخل ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز ادا کر چکے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی شخص اس پر صدقہ کرے گا' یوں کہ وہ اس کے ساتھ نماز ادا کر لے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ وُهَيْبٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں وہیب نامی راوی منفرد ہے

2399 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ النَّاجِيِّ، عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِاَصْحَابِهِ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَّتَصَدَّقُ عَلٰى هٰذَا فَيُصَلِّيَ مَعَهُ. (5:4)

2398- إسناده صحيح. وهو مكرر ما قبله.

2399- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سليمان الناجي، وهو ثقة احتج به أبو داوٗد والترمذي. ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم، وسماعه من ابن أبي عروبة قديم، وروايته عنه في "الصحيحين."وأخرجه أبو يعلى (1057) عن مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، بهٰذا الإسناد، ولفظه عنده "مَن يتّجر على هٰذا فيصلِّي معه" قال: فصلى معه رجل. وأخرجه أحمد 3/5 عن محمد بن أبي عدي، بهٰذا الإسناد، ولفظه عنده "من يتجر على هٰذا فيصلي معه؟ " قال: فصلى معه رجل. وأخرجه أحمد 3/45، والترمذي (220) في الصلاة: باب ما جاء في الجماعة في مسجد قد صلِّي فيه مرة، من طريق سعيد بن أبي عروبة، به. قال الترمذي: حديث حسن، وصححه ابن خزيمة (1632). رواية أحمد. بلفظ التصدق، والترمذي بلفظ الاتجار. وأخرجه أحمد 3/85 من طريق علي بن عاصم، عن سليمان الناجي، به. وهو بلفظ التصدق، وفيه قصة.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو نماز پڑھادی پھر ایک شخص آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کون شخص اس پر صدقہ کرے گا' یوں کہ وہ اس کے ساتھ نماز ادا کرے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُؤَدِّىَ فَرْضَهُ جَمَاعَةً ثُمَّ يَؤُمُّ النَّاسَ بِتِلْكَ الصَّلَاةِ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے فرض کو جماعت کے ساتھ ادا کرے اور پھر اسی نماز میں دوسرے لوگوں کی امامت بھی کرے

2400 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى قَوْمِهٖ فَيَؤُمُّهُمْ، قَالَ: فَاَخَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَصَلّٰى مَعَهُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، ثُمَّ رَجَعَ اِلَيْنَا فَتَقَدَّمَ لِيَؤُمَّنَا، فَافْتَتَحَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ، فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ تَنَحّٰى فَصَلّٰى وَحْدَهٗ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقُلْنَا لَهٗ: مَا لَكَ يَا فُلَانُ، اَنَافَقْتَ؟ قَالَ: مَا نَافَقْتُ، وَلَاٰتِيَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَاُخْبِرَنَّهٗ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ مُعَاذًا يُصَلِّيْ مَعَكَ، ثُمَّ يَرْجِعُ فَيَؤُمُّنَا، وَاِنَّكَ اَخَّرْتَ الْعِشَاءَ الْبَارِحَةَ فَصَلّٰى مَعَكَ، ثُمَّ رَجَعَ اِلَيْنَا فَتَقَدَّمَ لِيَؤُمَّنَا، فَافْتَتَحَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ، فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ تَنَحَّيْتُ فَصَلَّيْتُ وَحْدِيْ، اَيْ رَسُوْلَ

2400- إسناده قوى. إبراهيم بن بشار الرمادى من الحفاظ إلا أن له أوهامًا وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه الطحاوى 1/213 عن أبى بكرة، عن إبراهيم بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/308، والشافعى 1/103 و103-104، والحميدى (1246)، ومسلم (465) (178) فى الصلاة: باب القراء ة فى العشاء، والنسائى 2/102-103 فى الإمامة: باب اختلاف نية الإمام والمأموم، وأبو داود (600) فى الصلاة: باب إمامة من يصلى بقوم وقد صلى تلك الصلاة، و (790) باب فى تخفيف الصلاة، وأبو يعلى (1827)، وابن خزيمة (1611)، والبيهقى 3/85 و112، والبغوى (599) من طرق عن سفيان بن عيينة، به -منهم من طوله ومنهم من اختصره. وأخرجه أحمد 3/369، والطيالسى (1694)، والبخارى (700) و (701) فى الأذان: باب إذا طول الإمام وكان للرجل حاجة فخرج فصلى، و (711) باب إذا صلى ثم أمّ قومًا، و (6106) فى الأدب: باب من لم يَرَ إكفار مَن قال ذلك متأولًا أو جاهلًا، ومسلم (465) (181)، والترمذى (583) فى الصلاة: باب وما جاء فى الذى يصلى الفريضة ثم يؤم الناس بعد ما صلى، والطحاوى 1/213، والبيهقى 3/85 و86 من طرق عن عمرو بن دينار، به. وأخرجه أحمد 3/299، وابن أبى شيبة 2/55، والبخارى (705) فى الأذان: باب من شكا إمامه إذا طوّل، والنسائى 2/97-98 فى الإمامة: باب خروج الرجل من صلاة الإمام وفراغه من صلاته فى ناحية المسجد، و2/168 فى الافتتاح: باب القراء ة فى المغرب بسبح اسم ربك الأعلى، و 172 باب القراء ة فى العشاء الآخرة بسبح اسم ربك الأعلى، والطحاوى 1/213 من طرق عن محارب بن دثار، عن جابر، به نحوه. قرن النسائى فى الموضع الأول أبا صالح بمحارب. وأخرجه مسلم (465) (179)، والنسائى 2/172-173 فى الافتتاح: باب القراء ة فى العشاء الآخرة بالشمس وضحاها، وابن ماجه (986) فى إقامة الصلاة: باب من أمّ قومًا فليخفف، من طريقين عن الليث بن سعد، عن أبى الزبير، عن جابر. وأخرجه الشافعى 1/103 و104، والبيهقى 3/112 من طريق سفيان عن أبى الزبير، عن جابر. وقد صرح أبو الزبير عند البيهقى بالسماع من جابر.

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنَّمَا نَحْنُ اَصْحَابُ نَوَاضِحَ، وَاِنَّمَا نَعْمَلُ بِاَيْدِينَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفَتَّانٌ اَنْتَ يَا مُعَاذُ؟ اَفَتَّانٌ اَنْتَ يَا مُعَاذُ؟ اقْرَاْ بِسُورَةِ كَذَا وَسُورَةِ كَذَا

قَالَ عَمْرٌو: وَاَمَرَهُ بِسُوَرٍ قِصَارٍ لَا اَحْفَظُهَا، قَالَ سُفْيَانُ: فَقُلْنَا لِعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ: اِنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ قَالَ لَهُمْ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ:

(متن حدیث): اقْرَاْ بِالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ، وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ، وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشَى ، قَالَ عَمْرٌو نَحْوَ هٰذَا.(4: 50)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرتے تھے' پھر وہ اپنی قوم کی طرف واپس جا کر ان کی امامت کیا کرتے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز تاخیر سے ادا کی۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی پھر وہ ہمارے پاس واپس آئے اور ہماری امامت کرنے کے لئے آگے بڑھ گئے۔ انہوں نے سورہ بقرہ کی تلاوت شروع کر دی۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے جب یہ صورت حال دیکھی تو وہ پیچھے ہٹے۔ انہوں نے تنہا نماز ادا کی اور چلے گئے۔ ہم نے ان صاحب سے دریافت کیا۔ اے فلاں کیا وجہ ہے کیا تم منافق ہو گئے ہو اس نے جواب دیا: میں منافق نہیں ہوا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ضرور حاضر ہو کر آپ کو اس بارے میں بتاؤں گا پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! حضرت معاذ آپ کی اقتداء میں نماز ادا کرتے ہیں پھر وہ واپس آ کر ہماری امامت کرتے ہیں۔ گزشتہ رات آپ نے عشاء کی نماز تاخیر سے ادا کی تھی۔ انہوں نے آپ کے ساتھ نماز ادا کی پھر یہ ہمارے پاس واپس آئے اور آگے کھڑے ہوئے انہوں نے سورہ بقرہ پڑھنی شروع کر دی جب میں نے یہ صورت حال دیکھی تو میں پیچھے ہٹا اور اکیلے نماز ادا کر لی۔ یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم کام کاج کرنے والے لوگ ہیں۔ ہم خود کام کرتے ہیں (ہمارے لئے اتنی لمبی نماز پڑھنا مشکل ہوتا ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ! کیا تم آزمائش کا شکار کرنا چاہتے ہو تم فلاں اور فلاں سورت کی تلاوت کیا کرو۔

عمرو نامی راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مختصر سورتوں کو پڑھنے کا حکم دیا تھا ان صورتوں کے نام مجھے یاد نہیں رہے۔

سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے عمرو بن دینار نامی راوی سے کہا۔ ابوزبیر نامی راوی نے ان لوگوں کو یہ حدیث سنائی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا' تم سورہ طارق سورہ بروج سورہ شمس کی تلاوت کیا کرو۔

تو عمرو نے کہا: اسی کی مانند (الفاظ ہوں گے)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مُعَاذًا لَمْ يَكُنْ يَّؤُمُّ قَوْمَهُ بِصَلَاةِ الْعِشَاءِ الَّتِيْ كَانَتْ فَرْضَهُ الْمُؤَدَّاةُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اپنی قوم کو عشاء کی نماز کی امامت کرتے تھے اور یہ وہ فرض تھا جو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ادا کر چکے ہوتے تھے

2401 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ بِمِصْرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ اِلٰى قَوْمِهٖ فَيُصَلِّيهَا لَهُمْ، وَكَانَ اِمَامَهُمْ. (4: 50)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں عشاء کی نماز ادا کرتے تھے، پھر وہ اپنی قوم کی طرف واپس جا کر ان لوگوں کو یہ نماز پڑھاتے تھے۔ وہ ان کے امام تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِمَنْ صَلّٰى جَمَاعَةً فَرْضَهُ اَنْ يَّؤُمَّ قَوْمًا بِتِلْكَ الصَّلَاةِ

جو شخص جماعت کے ساتھ فرض نماز ادا کر چکا ہو اس کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اسی نماز میں اپنی قوم کی امامت کر سکتا ہے

2402 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ مُعَاذٌ وَهُوَ ابْنُ جَبَلٍ يُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى قَوْمِهٖ فَيَؤُمُّهُمْ. (4: 1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ (راوی کہتے ہیں) یہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز ادا کرتے تھے، پھر وہ اپنی قوم کی طرف واپس جا کر ان لوگوں کی امامت کرتے تھے۔

2401- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أبو داؤد (793) في الصلاة: باب في تخفيف الصلاة، وابن خزيمة (1634) عن يحيى بن حبيب، عن خالد بن الحارث، عن محمد بن عجلان، بهٰذا الإسناد. زادا في آخره اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ للفتى: "كيف تصنع يا ابن أخي إذا صليت؟" قال: أقرأ بفاتحة الكتاب، وأسأل الله الجنة، وأعوذ به من النار، وإني لا أدري ما دندنتك ولا دندنة معاذ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إني ومعاذًا حول هاتين".

2402- إسناده صحيح. وانظر الحديث (2400).

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يُصَلِّي بِالْقَوْمِ فَرْضَهُ لا نَفْلَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اپنی قوم کو فرض نماز پڑھاتے تھے' نفل نماز نہیں پڑھاتے تھے

2403 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ اِلٰى قَوْمِهٖ فَيُصَلِّيْ بِهِمْ تِلْكَ الصَّلَاةَ .(1:4)

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں عشاء کی نماز ادا کرتے تھے' پھر وہ اپنی قوم کی طرف واپس جا کر ان لوگوں کو یہ نماز پڑھاتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2404 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ مُعَاذٌ يُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَرْجِعُ فَيَؤُمُّ قَوْمَهُ، فَيُصَلِّيْ بِهِمْ تِلْكَ الصَّلَاةَ .(1:4)

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرتے تھے' پھر وہ واپس جا کر اپنی قوم کی امامت کیا کرتے تھے وہ ان لوگوں کو وہ نماز پڑھاتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ صَلّٰى فِيْ بَيْتِهٖ اَوْ رَحْلِهٖ، ثُمَّ حَضَرَ مَسْجِدَ الْجَمَاعَةِ اَنْ يُّصَلِّيَ مَعَهُمْ ثَانِيًا

2403- إسناده صحيح. الحسن بن عرفة: وثقه ابن معين، وقال ابوحاتم: صدوق، وروى له الترمذي وابن ماجه والنسائي، ومن فوقه ثقات على شرطهما، وقد صرح هشيم بالتحديث عند البيهقي. وأخرجه مسلم (465) (180)، والبيهقي 3/86 من طريقين عن هشيم، بهذا الاسناد.

2404- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أبو داوٗد (599) في الصلاة: باب إمامة من يصلي بقوم وقد صلى تلك الصلاة، وابن خزيمة (1633)، والبيهقي من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الاسناد.

جوشخص اپنے گھر میں یا رہائشی علاقے میں نماز ادا کر لیتا ہے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ جماعت والی مسجد میں آئے تو ان لوگوں کے ساتھ وہ دوسری مرتبہ نماز ادا کر لے

2405 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِى الدِّيْلِ يُقَالُ لَهُ: بُسْرُ بْنُ مِحْجَنٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّـهُ كَـانَ فِىْ مَجْلِسٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ، ثُمَّ رَجَعَ وَمِحْجَنٌ فِىْ مَجْلِسِهٖ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّىَ مَعَ النَّاسِ، اَلَسْتَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلٰكِنِّىْ قَدْ كُنْتُ صَلَّيْتُ فِىْ اَهْلِى. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا جِئْتَ فَصَلِّ مَعَ النَّاسِ وَاِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ. (1: 78)

✿✿ زید بن اسلم نے بنودئل سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب بسر بن محجن کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے۔ وہ ایک محفل میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ موجود تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا کی پھر آپ واپس تشریف لے آئے تو حضرت محجن اپنی جگہ پر بیٹھے ہوئے تھے' نبی اکرم ﷺ نے ان سے دریافت کیا: کیا وجہ ہے' تم نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی کیا تم مسلمان نہیں ہو۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں' یا رسول اللہ (ﷺ)! (میں مسلمان ہوں) لیکن میں اپنے گھر میں نماز ادا کر چکا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم آؤ تو لوگوں کے ساتھ بھی نماز ادا کر لو اگرچہ تم پہلے نماز ادا کر چکے ہو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَخَّرَ اِقَامَةَ الصَّلَاةِ عَنْ وَّقْتِهَا اَنْ يُصَلِّىَ وَحْدَهٗ، ثُمَّ يُصَلِّىَ مَعَهُمْ ثَانِيًا اِذَا كَانَتْ فِى الْوَقْتِ

جوشخص نماز کو قائم کرنے کو اس کے وقت سے مؤخر کر دیتا ہے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ تنہا نماز ادا کرے اور پھر لوگوں کے ساتھ دوسری مرتبہ نماز ادا کرے' جبکہ وہ نماز وقت میں ادا کی جائے

2406 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْقَزَّازُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِى الْعَالِيَةِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

2405- بسر بن محجن لا يُعرف حاله، وباقى رجاله ثقات . وهو فى "الموطأ" 1/132. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 4/34، والشافعى 1/102، والنسائى 2/112 فى الإمامة: باب إعادة الصلاة مع الجماعة بعد صلاة الرجل لنفسه، والحاكم 1/244، والطبرانى فى "الكبير" 20/ (697)، والبيهقى 2/300، والبغوى (856) وحسنه . وقال الحاكم: هٰذا حديث صحيح، ومالك بن أنس الحكم فى حديث المدنيين، وقد احتج به فى "الموطأ." وقال الذهبى فى "المختصر": ومحجن تفرد عنه ابنه . وأخرجه أحمد 4/34 و338، والطبرانى 20/ (696) من طريق سفيان، عن زيد بن أسلم، بهٰذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق (3932) و (3933)، وأحمد 4/34، والطبرانى 20/ (698) و (699) و (700) و (701) و (702) من طرق عن زيد بن أسلم، به. وفى الباب عن أبى ذر وهو الحديث الآتى، وعن يزيد بن الأسود وقد تقدم (2395)، وانظر "شرح السنة" 3/430-433.

(متن حدیث): اَخَّـرَ ابْـنُ زِيَـادٍ الـصَّلَاةَ، فَاَتَانِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّامِتِ، فَاَلْقَيْتُ لَهُ كُرْسِيًّا، فَجَلَسَ عَلَيْهِ، (فَذَكَرْتُ لَهُ صَنِيعَ ابْنِ زِيَادٍ) فَعَضَّ عَلٰى شَفَتِهٖ، ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى فَخِذِیْ، وَقَالَ: اِنِّیْ سَاَلْتُ اَبَا ذَرٍّ، فَضَرَبَ فَخِذِیْ كَمَا ضَرَبْتُ فَخِذَكَ، فَقَالَ: اِنِّیْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِیْ، وَضَرَبَ فَخِذِیْ كَمَا ضَرَبْتُ فَخِذَكَ، فَقَالَ: صَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، فَاِنْ اَدْرَكْتَ مَعَهُمْ فَصَلِّ، وَلَا تَقُلْ: اِنِّیْ قَدْ صَلَّيْتُ فَلَا اُصَلِّیْ .(1: 95)

ابوالعالیہ براء بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ابن زیاد نے ایک نماز تاخیر سے ادا کی تو عبداللہ بن صامت میرے پاس تشریف لائے میں نے ان کے لئے کرسی رکھی وہ اس پر تشریف فرما ہوئے۔ میں نے ان کے سامنے ابن زیاد کے اس عمل کا تذکرہ کیا' تو وہ اپنے ہونٹ چبانے لگے' پھر انہوں نے اپنا ہاتھ میرے زانو پر مارا اور بولے: میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ایک سوال کیا' تو انہوں نے میرے زانو پر اسی طرح ہاتھ مارا جس طرح میں نے تمہارے زانو پر ہاتھ مارا ہے' پھر انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا جس طرح تم نے مجھ سے سوال کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے زانو پر اسی طرح ہاتھ مارا تھا جس طرح میں نے تمہارے زانو پر ہاتھ مارا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''(اس طرح کی صورت حال میں) تم نماز کو اس کے وقت پر ادا کر لو اگر تمہیں لوگوں کے ساتھ نماز ملے' تو تم اسے بھی ادا کر لو تم یہ نہ کہو' میں نماز ادا کر چکا ہوں اس لئے اب نہیں پڑھوں گا۔''

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات ایک سے زیادہ وتر بھی ادا کرتے تھے جب آپ رات کے وقت نماز ادا کر رہے ہوتے تھے اور ایسا بعض راتوں میں ہوتا تھا اور بعض راتوں میں نہیں ہوتا تھا

2437 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُوْتِرُ مِنْهَا بِخَمْسٍ، لَا يَجْلِسُ فِيْ شَيْءٍ مِنَ الْخَمْسِ اِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ، يَجْلِسُ ثُمَّ يُسَلِّمُ . (5: 1)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت تیرہ (13) رکعات ادا کیا کرتے تھے جن میں سے پانچ رکعات وتر ہوتی تھیں۔ آپ ان پانچ رکعات کے درمیان بیٹھتے نہیں تھے صرف ان کے آخر میں بیٹھتے تھے پھر آپ بیٹھ کر (تشہد) پڑھتے اور سلام پھیر دیتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُوتِرَ بِغَيْرِ الْعَدَدِ الَّذِي وَصَفْنَاهُ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ ہم نے جو عدد بیان کیا ہے وہ اس کے علاوہ وتر ادا کرے

2438 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْتَرَ بِخَمْسٍ، وَاَوْتَرَ بِسَبْعٍ . (5: 34)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ رکعات اور سات رکعات وتر ادا کرتے تھے۔

2437- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه مسلم (737) (123) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل، والبيهقي 3/27 عن أبي بكر بن أبي شيبة، والبيهقي 3/28 من طريق إبراهيم بن موسى، كلاهما عن عبدة بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/50 و123، ومسلم (737) (123)، وأبو داوُد (1338) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والترمذي (459) في الصلاة: باب ما جاء في الوتر بخمس، وابن خزيمة (1076) و (1077)، وأبو عوانة 2/325، والبيهقي 3/27 و28، والبغوي (960) و (961) من طرق عن هشام بن عروة، به.

2438- إسناده صحيح على شرطهما إن كان "سعيد" محرفًا عن "شعبة." وانظر ما بعده.

ذِكْرُ وَصْفِ وِتْرِ الْمَرْءِ اِذَا اَوْتَرَ بِخَمْسِ رَكَعَاتٍ

آدمی کے وتر کی صفت کا تذکرہ جب آدمی پانچ رکعات وتر ادا کرے

2439 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُوْسَى الْحَادِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ بِخَمْسِ رَكَعَاتٍ لَا يَقْعُدُ اِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ.

(34:5)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانچ رکعات وتر ادا کرتے تھے آپ ان کے آخر میں ہی بیٹھتے تھے"۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاِبَاحَةِ اسْتِعْمَالِ مَا وَصَفْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ ہم نے جو چیز ذکر کی ہے اس پر عمل کرنا مباح ہے

2440 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ بِخَمْسٍ، لَا يَجْلِسُ فِيْ شَيْءٍ مِنَ الْخَمْسِ اِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ، يَجْلِسُ ثُمَّ يُسَلِّمُ. **(5: 34)**

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانچ رکعات وتر ادا کرتے تھے۔ آپ ان پانچ رکعات کے درمیان میں نہیں بیٹھتے تھے۔ صرف ان کے آخر میں بیٹھتے تھے اور بیٹھنے کے بعد آپ سلام پھیر دیتے تھے۔

ذِكْرُ وَصْفِ وِتْرِ الْمَرْءِ اِذَا اَوْتَرَ بِسَبْعِ رَكَعَاتٍ

جب آدمی سات رکعات وتر ادا کرتا ہے تو وتر ادا کرنے کے طریقے کا تذکرہ

2441 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

2439- عمر بن موسى الحادى، ذكره المؤلف فى "ثقاته" 8/445-446 وقال: ربما أخطأ، وضعفه ابن عدى وابن نقطة، لكن تابعه الإمام أحمد، فرواه فى "مسنده" 6/161 عن حماد بن سلمة، به. وهذا سند صحيح. وفى الباب عن أم سلمة عند النسائى 3/239 قالت: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم يوتر بخمس وبسبع لا يفصل بينها بسلام ولا بكلام. وفى رواية: كان يوتر بسبع أو بخمس لا يفصل بينهن بتسليم.

2440- إسناده صحيح على شرطهما. وهو مكرر (2437).

يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ سُئِلَتْ عَنْ وِتْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كُنَّا نُعِدُّ لَهُ سِوَاكَهُ وَطَهُوْرَهُ، فَيَبْعَثُهُ اللّٰهُ لِمَا شَاءَ اَنْ يَّبْعَثَهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَيَتَسَوَّكُ وَيَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يُصَلِّيْ سَبْعَ رَكَعَاتٍ، وَلَا يَجْلِسُ فِيْهِنَّ اِلَّا عِنْدَ السَّادِسَةِ، فَيَجْلِسُ وَيَذْكُرُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْ .(5: 34)

سعد بن ہشام بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وتر کی نماز کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسواک اور آپ کے وضو کا پانی تیار کر کے رکھتے تھے۔ جب اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا آپ رات کے وقت اٹھ جاتے تھے۔ آپ مسواک کرتے تھے' وضو کرتے تھے۔ پھر سات رکعات ادا کرتے تھے۔ آپ ان کے درمیان صرف چھٹی رکعات کے بعد بیٹھتے تھے۔ آپ بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تھے اور دعا مانگتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّوْتِرَ بِتِسْعِ رَكَعَاتٍ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ نو رکعات وتر ادا کرے

2442 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوْتَرَ بِتِسْعِ رَكَعَاتٍ لَمْ يَقْعُدْ اِلَّا فِي الثَّامِنَةِ، فَيَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَذْكُرُهُ وَيَدْعُوْ، ثُمَّ يَنْهَضُ وَلَا يُسَلِّمُ، ثُمَّ يُصَلِّي التَّاسِعَةَ وَيَذْكُرُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْ، ثُمَّ يُسَلِّمُ تَسْلِيْمًا يُسْمِعُنَاهُ، ثُمَّ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ .(5: 34)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نو رکعات وتر ادا کرتے تھے' تو آپ صرف آٹھویں رکعت کے بعد بیٹھتے تھے' پھر آپ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرتے تھے اس کا ذکر کرتے تھے اس سے دعا مانگتے تھے' پھر آپ کھڑے ہو جاتے تھے آپ سلام نہیں پھیرتے تھے' پھر آپ نویں رکعت ادا کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تھے۔ اس سے دعا مانگتے تھے' پھر آپ بلند آواز میں سلام پھیرتے تھے اس کے بعد آپ بیٹھ کر دو رکعت ادا کرتے تھے۔

2441- إسناده صحيح على شرطهما. يحيى بن سعيد -وهو القطان- قد سمع من سعيد -وهو ابن أبي عروبة- قبل الاختلاط. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1078). وأخرجه أحمد 6/53-54 عن يحيى بن سعيد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة في "مسنده" 2/323-324 عن الحسن بن علي بن عفان، عن محمد بن بشر، عن سعيد بن أبي عروبة، به.

2442- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم (746)، وابن خزيمة (1078) من طريقين عن معاذ بن هشام، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مسلم (746) (139)، والنسائي 3/241 في قيام الليل: باب كيف الوتر بتسع، وابن ماجه (1191) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الوتر بثلاث وخمس وسبع وتسع، وأبو داؤد (1342) في قيام الليل: باب في صلاة الليل، وأبو عوانة 2/321-322 من طريق قتادة، به.

ذِكْرُ الْوَقْتِ الْمُسْتَحَبِّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُوتِرَ فِيهِ اِذَا كَانَ مُتَهَجِّدًا

آدمی اگر تہجد کی نماز ادا کرتا ہو تو پھر اس کیلئے اس مستحب وقت کا تذکرہ جس میں اسے وتر ادا کرنے چاہئے

2443 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِيْ حَصِينٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ وِتْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كُلَّ اللَّيْلِ قَدْ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلَهُ وَاَوْسَطَهُ، فَانْتَهٰى وِتْرُهُ حِيْنَ مَاتَ اِلَى السَّحَرِ .(5: 34)

❁❁ سروق بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وتر کی نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ہر حصے میں ابتدائی میں بھی درمیانی میں بھی وتر ادا کر لیتے تھے جب آپ کا وصال ہوا تو آپ کے وتر ادا کرنے کا آخری وقت صبح صادق سے کچھ پہلے تک تھا۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي يُوتِرُ فِيهِ الْمَرْءُ بِاللَّيْلِ اِذَا عَقَّبَ تَهَجُّدَهُ بِهِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں آدمی کو رات کے وقت وتر ادا کرنے چاہئے جب اس نے تہجد کی نماز ادا کی ہو

2444 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ: مَتٰى كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ؟ قَالَتْ: اِذَا سَمِعَ الصَّارِخَ

2443- إسناده قوى، رجاله على شرط الشيخين غير أبي بكر بن عياش، فمن رجال البخاري، وقد توبع . أبو حَصين: هو عثمان بن عاصم . وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 2/286، ومن طريقه أخرجه ابن ماجه (1185) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الوتر آخر الليل.وأخرجه أحمد 6/129، والترمذي (456) في الصلاة: باب ما جاء في الوتر من أول الليل وآخره، ومن طريقه البغوي (970) من طريقين عن أبي بكر بن عياش، بهٰذا الإسناد. وقال الترمذي: حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 6/204-205، والدارمي 1/372، ومسلم (745) (137) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل، والنسائي 3/230 في قيام الليل: باب وقت الوتر، والبيهقي 3/35 من طريق سفيان، عن أبي حصين، به .وأخرجه البيهقي 3/35 من طريق حبيب بن أبي ثابت، عن يحيى بن وثاب، به .وأخرجه أحمد 6/46 و100 و107 و129 و204، وابن أبي شيبة 2/286، والشافعي 1/195، وعبد الرزاق (4624) ، والحميدي (188) ، والبخاري (996) في الوتر: باب ساعات الوتر، ومسلم (745) ، وأبو داوٗد (1435) في الصلاة: باب في وقت الوتر، والبيهقي 3/35 من طريق مسلم أبي الضحى، عن مسروق، به.

2444- إسناده جيد. عبد الله بن رجاء : هو الغُدَاني لا بأس به من رجال البخاري، ومن فوقه على شرطهما . إسرائيل: هو ابن يونس بن أبي إسحاق السبيعي .وقد أخرجه أحمد 6/110 و147 و203 و279، والطيالسي (1407) ، والبخاري (1132) في التهجد: باب من نام عند السحر، و (6461) في الرقائق: باب القصد والمداومة على العمل، ومسلم (741) في صلاة المسافرين: باب في صلاة الليل، وأبو داوٗد (1317) في الصلاة: باب وقت قيام النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ، والنسائي 3/208 في قيام الليل: باب وقت القيام، والبيهقي 3/3

يَعْنِي الدِّيكَ، وَكَانَ أَحَبَّ الْعَمَلِ إِلَيْهِ أَدْوَمُهُ وَإِنْ قَلَّ.(5: 47)

مسروق بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کب ادا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: جب آپ مرغ کی آواز سنتے تھے۔ آپ کے نزدیک پسندیدہ ترین عمل وہ تھا جو باقاعدگی سے کیا جائے اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِمُبَادَرَةِ الصُّبْحِ بِالْوِتْرِ

صبح صادق ہونے سے پہلے وتر ادا کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

2445 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَادِرُوا الصُّبْحَ بِالْوِتْرِ

تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، قَالَهُ الشَّيْخُ .(1: 78)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"صبح صادق ہونے سے پہلے ہی وتر ادا کرلو"

اس روایت کو نقل کرنے میں ابن ابوزائدہ نامی منفرد ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ تَأْخِيرَ الْوِتْرِ إِلَى آخِرِ اللَّيْلِ إِذَا طَمِعَ فِي التَّهَجُّدِ وَتَعْجِيلَهُ قَبْلَ النَّوْمِ إِذَا كَانَ آيِسًا مِنْهُ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ وتر کی نماز کورات کے آخری حصے تک موخر کردے جبکہ اسے یہ امید ہو کہ وہ تہجد کی نماز ادا کرے گا اور اگر اسے تہجد کیلئے اٹھنے کی امید نہ ہو تو وہ اسے سونے سے پہلے ادا کرے

2446 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَأَبُو يَعْلَى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: مَتَى تُوتِرُ؟ قَالَ: أُوتِرُ ثُمَّ أَنَامُ، قَالَ:

2445- إسناده صحيح على شرط مسلم. ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا بن أبي زائدة. وأخرجه أحمد 2/37-38، وأبو داؤد (1436) في الصلاة: باب في وقت الوتر، والترمذي (467) في الصلاة: باب ما جاء في مبادرة الصبح بالوتر، والطبراني (13362)، وأبو عوانة 2/332، والبغوي (966) من طرق عن ابن أبي زائدة، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (1087)، والحاكم 1/301 ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 2/38، ومسلم (750) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل مثنى مثنى. وابن خزيمة (1088)، وأبو عوانة 2/332، والبيهقي 2/478، والبغوي (967) من طرق عن ابن أبي زائدة، أخبرني عاصم الأحول، عن عبد الله بن شقيق، عن ابن عمر.

بِالْحَزْمِ اَخَذْتَ ، وَسَاَلَ عُمَرَ: مَتَى تُوتِرُ؟ قَالَ: اَنَامُ، ثُمَّ اَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ فَاُوْتِرُ، قَالَ: فِعْلَ الْقَوِيِّ اَخَذْتَ .(4: 38)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: تم وتر کب ادا کرتے ہو۔ انہوں نے عرض کی: میں وتر ادا کرتا ہوں اور پھر سوجاتا ہوں (یعنی سونے سے پہلے ادا کرتا ہوں) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے احتیاطی طریقے کو اپنایا ہے' پھر آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: تم وتر کب ادا کرتے ہو انہوں نے عرض کی: میں سوجاتا ہوں پھر بیدار ہو کر وتر ادا کر لیتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے قوی شخص کے طریقے کو اختیار کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُوتِرَ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَوْ آخِرِهٖ عَلٰى حَسَبِ عَادَتِهٖ فِيْ تَهَجُّدِ اللَّيْلِ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ رات کے وقت تہجد کی نماز کے حوالے سے اپنی عادت کے حساب سے وتر کو رات کے ابتدائی حصے میں یا پھر آخری حصے میں ادا کرے

2447 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ بُرْدٍ اَبِي الْعَلَاءِ ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَرَاَيْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَكَانَ يُوتِرُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ، اَوْ مِنْ آخِرِهٖ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ، وَرُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ آخِرِهٖ ، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ

2446- إسناده ضعيف، ومتنه صحيح . يحيى بن سُليم -وهو الطائفي- قال الدارقطني: سيء الحفظ، وقال المؤلف في "الثقات": يخطء، وقال ابوحاتم: شيخ صالح محله الصدق، لم يكن بالحافظ، يكتب حديثه ولا يحتج به، وقال الساجي: صدوق يهم في الحديث، وأخطأ في أحاديث رواها عن عبيد الله بن عمر، وقال النسائي: ليس به بأس، وهو منكر الحديث عن عبيد الله بن عمر، وقال الحافظ في "المقدمة" ص 451: لم يخرج له الشيخان من روايته عن عبيد الله بن عمر شيئا . وباقي رجال السند على شرطهما. وأخرجه ابن ماجه 1/379-380 في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الوتر أول الليل، وابن خزيمة (1085)، والحاكم 1/301، والبيهقي 3/36 من طرق عن محمد بن عباد المكي، بهذا الإسناد . وصحح الحاكم إسناده ووافقه الذهبي ! وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة" 1/398: هذا إسناد صحيح رجاله ثقات .! وفي الباب عن أبي قتادة عند أبي داوٗد (1434)، والحاكم 1/301، وابن خزيمة (1084)، والبيهقي 3/35. وإسناده صحيح . وعن جابر عند أحمد 3/330، والطيالسي (1671)، وابن ماجه (1202)، وهو حسن في الشواهد، والحديث صحيح بهما.

2447- إسناده صحيح . غضيف بن الحارث عدّه بعضهم تابعيًا، والأكثرون قالوا بصحبته، وانظر ترجمته في "أسد الغابة" 4/340، و"الإصابة" 3/183-184. برد أبو العلاء: هو برد بن سنان . وأخرجه أحمد 6/47، وعنه أبو داوٗد (226) في الطهارة: باب في الجنب يؤخر الغسل، عن إسماعيل بن إبراهيم، وأبو داوٗد (226) من طريق معتمر، كلاهما عن برد بن سنان، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 1/125 في الطهارة: باب ذكر الاغتسال أول الليل، من طريق حماد وسفيان، كلاهما عن برد، به -وفيه قصة الاغتسال فقط . وأخرجه أحمد 6/73-74، ومسلم (307)، وأبو داوٗد (1437)، والنسائي 1/199، وابن خزيمة (1081) من طريق عبد الله بن أبي قيس، أنه سأل عائشة ... فذكره.

الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَرَاَيْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ، اَوْ مِنْ آخِرِهِ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ، وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ آخِرِهِ، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَرَاَيْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَكَانَ يَجْهَرُ بِصَلَاتِهِ اَمْ يُخَافِتُ بِهَا؟ قَالَتْ: رُبَّمَا جَهَرَ بِصَلَاتِهِ، وَرُبَّمَا خَافَتَ بِهَا، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً. (1:4)

غضیف بن حارث بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اے ام المومنین آپ کیا کہتی ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی نماز رات کے ابتدائی حصے میں ادا کرتے تھے یا آخری حصے میں ادا کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بعض اوقات آپ وتر رات کے ابتدائی حصے میں ادا کر لیتے تھے اور بعض اوقات آخری حصے میں ادا کرتے تھے۔ میں نے کہا: اللہ اکبر، ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے، جس نے اس معاملے میں گنجائش رکھی ہے۔ میں نے دریافت کیا: اے ام المومنین! آپ کیا کہتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل جنابت رات کے ابتدائی حصے میں کرتے تھے یا آخری حصے میں کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بعض اوقات آپ رات کے ابتدائی حصے میں غسل کر لیتے تھے بعض اوقات رات کے آخری حصے میں غسل کرتے تھے، تو میں نے کہا: اللہ اکبر ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے، جس نے اس معاملے میں گنجائش رکھی ہے میں نے دریافت کیا: اے ام المومنین! آپ کیا کہتی ہیں۔ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرتے ہوئے بلند آواز سے قرأت کرتے تھے یا پست آواز میں قرأت کرتے تھے، تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بعض اوقات آپ بلند آواز میں قرأت کرتے تھے اور بعض اوقات پست آواز میں کر لیتے تھے۔ میں نے کہا: اللہ اکبر! ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے، جس نے اس معاملے میں گنجائش رکھی ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّضُمَّ قِرَائَةَ الْمُعَوِّذَتَيْنِ اِلٰى قِرَائَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فِيْ وِتْرِهِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی وتر کی نماز میں معوذتین کے ہمراہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کو بھی شامل کرلے جس کا ذکر ہم نے کیا ہے

2448 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَيْمُوْنُ بْنُ الْاَصْبَغِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى مِنَ الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ. (5: 34)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں سورۃ

الکفرون کی اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی تلاوت کرتے تھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُوتِرَ الْمَرْءُ فِي اللَّيْلَةِ الْوَاحِدَةِ مَرَّتَيْنِ فِيْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَآخِرِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی ایک ہی رات میں دو مرتبہ وتر ادا کرے یعنی اس کے ابتدائی حصے میں بھی اور آخری حصے میں بھی

2449 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): زَارَنِيْ اَبِيْ يَوْمًا فِيْ رَمَضَانَ، فَاَمْسٰى عِنْدَنَا وَاَفْطَرَ، فَقَامَ بِنَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ وَاَوْتَرَ، ثُمَّ انْحَدَرَ اِلٰى مَسْجِدِهِ فَصَلّٰى بِاَصْحَابِهِ، ثُمَّ قَدَّمَ رَجُلًا، فَقَالَ: اَوْتِرْ بِاَصْحَابِكَ، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا وِتْرَانِ فِيْ لَيْلَةٍ. (2: 81)

قیس بن طلق بیان کرتے ہیں: ایک دن میرے والد رمضان کے مہینے میں مجھ سے ملنے کے لئے آئے وہ شام تک ہمارے ہاں رہے۔ انہوں نے افطاری کی پھر اس رات انہوں نے ہمیں نماز پڑھائی تو وتر بھی ادا کر لئے پھر وہ مسجد تشریف لے گئے وہاں انہوں نے اپنے ساتھیوں کو بھی نماز پڑھائی۔ پھر انہوں نے ایک شخص کو آگے کیا' اور بولے: تم اپنے ساتھیوں کو وتر پڑھا دو کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایک ہی رات میں دو مرتبہ وتر ادا نہیں کیے جاتے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُسَبِّحَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ فَرَاغِهِ مِنْ وِتْرِهِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

آدمی کیلئے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ وتر کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد

2448- صحيح، وهو مكرر (2432).

2449- إسناده قوي. وأخرجه أبو داوُد (1439) في الصلاة: باب في نقض الوتر، والنسائي 3/229-230 في قيام الليل: باب نَهي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ الوترين في ليلة، والترمذي (470) في الصلاة: باب ما جاء لا وتران في ليلة، وابن خزيمة (1101)، والبيهقي 3/36 من طرق عن ملازم بن عمرو، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/23 عن عفان، عَنْ مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بِنْ بدر، عن سراج بن عقبة، عن قيس بن طلق، به. وأخرجه الطيالسي (1095)، والطبراني (8247) من طريق أيوب بن عتبة، عن قيس بن طلق، به.

2450- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو عبيدة: اسمه عبد الملك بن معن ابن عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ الهذلي. وأخرجه النسائي 3/244 في قيام الليل: باب نوع آخر من القراءة في الوتر، عن محمد بن الحسين بن إبراهيم بن إشكاب، عن محمد بن أبي عبيدة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (546)، والنسائي 3/235 و235-236 في قيام الليل: باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر أبي بن كعب في الوتر، و245 باب ذكر الاختلاف على شعبة فيه، والبيهقي 3/39 و40 و40- 41، والبغوي (972) من طرق عن سعيد بن عبد الرحمٰن، به. انظر الحديث (2436).

اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

2450 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِى الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى، وَقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، فَاِذَا سَلَّمَ قَالَ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. (5: 34)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ سورۃ الکفرون اور سورۃ اخلاص کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ جب آپ سلام پھیرتے تھے تو سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ (پاک ہے وہ ذات بادشاہ ہے اور ہر عیب سے پاک ہے) یہ تین مرتبہ پڑھتے تھے۔

بَابُ النَّوَافِلِ

نوافل کا بیان

ذِكْرُ بِنَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ لِمَنْ صَلَّى فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً سِوَى الْفَرِيضَةِ

اللہ تعالیٰ کے اس شخص کیلئے جنت میں گھر بنانے کا تذکرہ جو رات اور دن میں بارہ رکعات' فرض نمازوں کے علاوہ ادا کرتا ہے

2451 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ رَجُلٍ يُصَلِّي ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً غَيْرَ الْفَرِيضَةِ اِلَّا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ .

سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص فرض نماز کے علاوہ (روزانہ) بارہ رکعات ادا کرے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنا دے گا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ الرَّكَعَاتِ الَّتِي يَبْنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ يَّرْكَعُ بِهَا بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

ان رکعات کے طریقے کا تذکرہ جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ انہیں ادا کرنیوالے کیلئے جنت میں گھر بنا دیتا ہے

2452 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ

2451- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 6/327، والدارمي 1/335، ومسلم (728) (103) في صلاة المسافرين: باب فضل السنن الراتبة قبل الفرائض وبعدهن، والطيالسي (1591)، وأبو عوانة 2/261 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/426، ومسلم (728) (101) و (102)، وأبو داود (1250) في الصلاة: باب تفريع أبواب التطوع، وابن خزيمة (1185) و (1186) و (1187)، وأبو عوانة 2/261-262

2452-وأخرجه أحمد 6/226-227، والنسائي 3/261-262، و262 و262-263 و263 و264، وابن ماجه (1141) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في ثنتي عشرة ركعة من السنة، من طرق عن عنبسة، به.

عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ، عَنْ اُخْتِهٖ اُمِّ حَبِیْبَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ صَلّٰی ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَكْعَةً فِی الْیَوْمِ بَنَی اللّٰهُ لَهٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ: اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَیْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ *، وَرَكْعَتَیْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَرَكْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَیْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ. (2:1)

2452: عنبسہ بن ابوسفیان اپنی بہن سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص روزانہ بارہ رکعات (نفل) ادا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنادے گا۔ چار رکعات ظہر سے پہلے دو رکعات ظہر کے بعد دو رکعات عصر سے پہلے اور دو رکعات مغرب کے بعد اور دو رکعات فجر سے پہلے''۔

ذِكْرُ دُعَاءِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّحْمَةِ لِمَنْ صَلّٰی قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس شخص کیلئے دعائے رحمت کا تذکرہ جو عصر سے پہلے چار رکعات ادا کرتا ہے

2453 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِیْ جَدِّیْ اَبُو الْمُثَنّٰی، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): رَحِمَ اللّٰهُ امْرَاً صَلّٰی قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا. (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُو الْمُثَنّٰی هٰذَا اسْمُهٗ مُسْلِمُ بْنُ الْمُثَنّٰی مِنْ ثِقَاتِ اَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَقَوْلُهٗ

2452- إسناده حسن. أبو إسحاق الهمداني. هو عمرو بن عبد الله السَّبيعيّ. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1188). وأخرجه الحاكم 1/311، وعنه البيهقي 2/473 عن أبي العباس محمد بن يعقوب، عن الربيع بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضًا الحاكم 1/311، وعنه البيهقي 2/473 من طريق يحيى بن بكير، عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 3/262 في قيام الليل: باب ثواب من صلى في اليوم والليلة ثنتي عشرة ركعة، من طريق الربيع بن سليمان، عن أبي الأسود، عن بكر بن مضر، عن ابن عجلان، به. وأخرجه الترمذي (415) في الصلاة: باب ما جاء في ركعتي الفجر من الفضل، ومن طريقه البغوي (866) عن محمود بن غيلان، عن مؤمل بن اسماعيل، عن سفيان الثوري، عن أبي إسحاق، عن المسيب بن رافع، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ، عَنْ اُمِّ حبيبة، ولكن قال "ركعتين بعد العشاء" ولم يذكر "ركعتين قبل العصر". وقال الترمذي بإثره: وحديث عنبسة عن أم حبيبة في هذا الباب حديث حسن صحيح. وله شاهد من حديث عائشة عند الترمذي (414)، والنسائي 3/260 و261، وابن ماجه (1140)، وسنده حسن.

2453- إسناده حسن. محمد بن مهران. هو محمد بن إبراهيم بن مسلم بن مهران بن المثنى المؤذن الكوفي، قال ابن معين والدارقطني: ليس به بأس. وذكره المؤلف في "الثقات" 7/371 وقال: كان يخطىء، وجده أبو المثنى. هو مسلم بن المثنى، ويقال: ابن مهران بن المثنى روى عنه جمع، وقال أبو زرعة: ثقة، وذكره المؤلف في "الثقات" 7/397، وباقي رجاله ثقات. والحديث في مسند الطيالسي (1936) عن محمد بن المثنى، عن أبيه، عن جده، عن ابن عمر. ومن طريقه بهذا السند أخرجه البيهقي 2/473. وأخرجه أبو داؤد (1271) في الصلاة: باب الصلاة قبل العصر، والترمذي (430) في الصلاة: باب ما جاء في الأربع قبل الظهر. وحسنه، والبغوي (893)، والبيهقي 2/473 من طريق أحمد بن إبراهيم الدورقي وغير واحد، عن أبي داوُد، بإسناد المؤلف. وأخرجه أحمد 2/117، وابن خزيمة (1193) من طريق أبي داوُد الطيالسي، به

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَرْبَعًا اَرَادَ بِہٖ بِتَسْلِیْمَتَیْنِ، لِاَنَّ فِیْ خَبَرِ یَعْلٰی بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْاَزْدِیِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: صَلَاۃُ اللَّیْلِ وَالنَّہَارِ مَثْنٰی مَثْنٰی

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو عصر سے پہلے چار رکعات ادا کرے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابومثنیٰ نامی راوی کا نام مسلم بن مثنیٰ ہے یہ اہل کوفہ سے تعلق رکھنے والے ثقہ راویوں میں سے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''چار'' اس سے آپ کی مراد یہ ہے کہ دو سلاموں کے ساتھ ایسا کیا جائے کہ یعلیٰ بن عطا نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''رات اور دن کی نمازیں دو دو کر کے ادا کی جائیں گی''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ الْمُوَاظَبَةُ عَلَى الرَّكَعَاتِ الْمَعْلُوْمَةِ مِنَ النَّوَافِلِ قَبْلَ الْفَرَائِضِ وَبَعْدَهَا

آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ فرائض سے پہلے اور فرائض کے بعد چند متعین نوافل (یعنی سنتوں) کو باقاعدگی سے ادا کرے

2454 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَۃَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ زُرَیْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَیُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، وَکَانَ یُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ قَبْلَ الظُّہْرِ، وَرَکْعَتَیْنِ بَعْدَہَا، وَرَکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَۃِ.

2454- إسناده صحيح على شرط البخاري، فإن مسدّد بن مسرهد لم يخرج له مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه عبد الرزاق (4811)، وأحمد 2/6، والبخاري (1180) في التهجد: باب الركعتان قبل الظهر، والترمذي (425) في الصلاة: باب ما جاء في الركعتين بعد الظهر، و (432) و (433) باب ما جاء أنه يصليهما في البيت، وفي "الشمائل" (277)، وابن خزيمة (1197)، والبيهقي 2/471، والبغوي (867) من طرق عن أيوب، بهذا الإسناد - طوله بعضهم واختصره بعضهم. وأخرجه مالك في "الموطأ" 1/166 عن نافع، عن ابن عمر .. فذكره، وقال فيه "وركعتين بعد الجمعة" ولم يذكر ركعتي الفجر. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/63، والبخاري (937) في الجمعة: باب الصلاة بعد الجمعة وقبلها، وأبو داود (1252) في الصلاة: باب تفريع أبواب التطوع وركعات السنة، والنسائي 2/119 في الإمامة: باب الصلاة بعد الظهر، والبغوي (868). وأخرجه من طريقه مسلم (882) (71) بذكر الجمعة فقط. وأخرجه البخاري (1172) في التهجد: باب التطوع بعد المكتوبة، ومسلم (729) في صلاة المسافرين: باب فضل السنن الراتبة قبل الفرائض وبعدهن، وأبو عوانة 2/263، والبيهقي 2/471 من طريقين عن عبيد الله بن عمر، عن نافع عن ابن عمر، بنحو حديث مالك. زاد البخاري: وحدثتني أختي حفصة ... فذكر الركعتين قبل الفجر. وسيرد الحديث من طريق آخر برقم (2473).

وَاَخْبَرَتْنِي حَفْصَةُ اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ حِينَ يُنَادِي الْمُنَادِي لِصَلَاةِ الصُّبْحِ، وَكَانَتْ سَاعَةٌ لَا يَدْخُلُ عَلَيْهِ فِيهَا اَحَدٌ .(5: 4)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے۔ آپ ظہر سے پہلے دو رکعات ادا کرتے تھے اس کے بعد دو رکعات ادا کرتے تھے۔ مغرب کے بعد دو رکعات ادا کرتے تھے۔ عشاء کے بعد دو رکعات ادا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بتایا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی اذان ہو جانے کے بعد فجر کی نماز سے پہلے دو مختصر رکعات ادا کرتے تھے (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: یہ ایسا وقت تھا' جس میں کوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہوسکتا تھا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ كُلِّ صَلَاةٍ فَرِيضَةٍ يُرِيدُ اَدَائَهَا

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ ہر فرض نماز سے پہلے دو رکعات ادا کرے

2455 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): مَا مِنْ صَلَاةٍ مَفْرُوضَةٍ اِلَّا وَبَيْنَ يَدَيْهَا رَكْعَتَانِ .(1: 92)

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر فرض نماز سے پہلے دو رکعات ادا کی جانی چاہئے''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْمُسَارَعَةِ اِلَى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ اقْتِدَاءً بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فجر سے پہلے کی دو رکعات کی طرف جلدی کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی جائے

2456 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ

2455- إسناده قوي. وسيعيده المؤلف برقم (2488). وأخرجه الدارقطني 1/267 من طريق عثمان بن سعيد القرشي، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن عدي في "الكامل" 2/524 من طريق سويد بن عبد العزيز، عن ثابت بن عجلان، به. وأورده الهيثمي في "المجمع" 2/231 وقال: رواه الطبراني في "الكبير" و"الأوسط" وفيه سويد بن عبد العزيز وهو ضعيف. وفي الباب عن عبد الله بن مغفل، وقد تقدم عند المؤلف برقم (1560)، ولفظه "بين كل أذانين صلاة ..." وهو شاهد قوي لحديث الباب.

سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِىْ عَطَاءٌ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ عَلٰى شَىْءٍ مِنَ النَّوَافِلِ اَشَدَّ مُعَاهَدَةً مِنْهُ عَلَى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ. (2:1)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعات سنت سے زیادہ اہتمام کے ساتھ اور کوئی نفل نماز ادا نہیں کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُسَارَعَتَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ كَانَ اَكْثَرَ مِنْ مُّسَارَعَتِهِ اِلَى الْغَنِيمَةِ الَّتِىْ يَغْنَمُهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فجر سے پہلے کی دو رکعات کی طرف جلدی کرنا، آپ کے مالِ غنیمت کے حصول کی طرف جلدی کرنے سے زیادہ (اہتمام کے ساتھ) ہوتا تھا

2457 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى السَّخْتِيَانِىُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْرِعُ اِلٰى شَىْءٍ مِنَ النَّوَافِلِ اَسْرَعَ مِنْهُ اِلَى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ وَلَا اِلٰى غَنِيمَةٍ يَغْتَنِمُهَا. (2:1)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی بھی نفل نماز کی طرف اس سے زیادہ تیزی کرتے ہوئے نہیں دیکھا اور نہ ہی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنی تیزی سے کوئی غنیمت حاصل کرتے ہوئے دیکھا ہے جتنی تیزی (یعنی اہتمام سے) آپ صبح سے پہلے کی دو رکعات (سنت) ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ التَّرْغِيبِ فِىْ رَكْعَتَىِ الْفَجْرِ مَعَ الْبَيَانِ بِاَنَّهَا خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

فجر کی دو رکعات کی ترغیب کا تذکرہ اور اس بات کا بیان کہ یہ دنیا

2456- إسناده صحيح على شرطهما. عطاء: هو ابن أبي رباح. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1109) وفي سنده ليعقوب الدورقي متابعان آخران. وأخرجه النسائي في الصلاة كما في "التحفة" 11/484 عن يعقوب الدورقي، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1169) في التهجد: باب تعاهد ركعتي الفجر، ومسلم (724) (94) في صلاة المسافرين: باب استحباب ركعتي سنة الفجر، وأبو داود (1254) في الصلاة: باب ركعتي الفجر، والبيهقي 2/470 من طرق عن يحيى بن سعيد، به. وأخرجه البيهقي 2/470، والبغوي (880) من طريقين عن ابن جريج، به. وانظر ما بعده. والحديث (2463).

2457- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه ابن أبي شيبة 2/240-241، ومسلم (724) (95)، وابن خزيمة (1108) من طريق حفص بن غياث، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

اوراس میں موجود تمام چیزوں سے بہتر ہے

2458 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ بُهْلُولٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، وَسَعِيْدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، (متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا (1: 2)

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''فجر سے پہلے کی دو رکعات میرے نزدیک دنیا اوراس میں موجود تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے''۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَقْرَاُ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر سے پہلے کی دو رکعات میں کیا تلاوت کیا کرتے تھے؟

2459 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رَمَقْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا، فَكَانَ يَقْرَاُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ بِقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. (1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِيُّ هٰذَا الْخَبَرَ عَنِ

2458- إسناده صحيح. إسحاق بن بهلول: هو الأنبارى، روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات" 8/119-120، ونقل ابن أبى حاتم عن أبيه: أنه صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 6/50-51، ومسلم (725) (97) فى صلاة المسافرين: باب استحباب ركعتى سنة الفجر، والبيهقى 2/470 من طرق عن سليمان التيمى، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة (1107). وأخرجه أحمد 6/149 و265، والنسائى 3/252 فى قيام الليل: باب المحافظة على الركعتين قبل الفجر، وأبو عوانة 2/273 من طرق عن سعيد بن أبى عروبة، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (1107)، والحاكم 1/306-307. وأخرجه ابن أبى شيبة 2/241، ومسلم (725) (96)، والترمذى (416) فى الصلاة: باب ما جاء فى ركعتى الفجر من الفضل، والطيالسى (1498)، والبيهقى 2/470، والبغوى (881) من طريقين عن قتادة، به. ولفظه عند الطيالسى "أحب إلى من حمر النعم."

2459- إسناده صحيح على شرطهما. أبو أحمد الزبيرى: هو محمد بن عبد الله بن الزبير بن عمر الأسدى، وسفيان: هو الثورى. وأخرجه أحمد 2/94، والترمذى (417) فى الصلاة: باب ما جاء فى تخفيف ركعتى الفجر، وابن ماجه (1149) فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فيما يقرأ فى الركعتين قبل الفجر، من طرق عن أبى أحمد الزبيرى، به. وأخرجه النسائى 2/170 فى الافتتاح: باب القراءة فى الركعتين بعد المغرب، من طريق عمار بن رزيق، عن أبى إسحاق، عن إبراهيم بن مهاجر، عن مجاهد، به. زاد فيه أنه كان يقرأ بهما فى الركعتين بعد المغرب. وأخرجه عبد الرزاق (4790)، وعنه أحمد 2/35 عن سفيان الثورى، به. وأخرجه أحمد 2/24 و58 و95 و99، وابن أبى شيبة 2/242، والطبرانى (13528) من طريقين عن أبى إسحاق، به. وهو فى الطبرانى (13123) من حديث سالم عن ابن عمر. وفى الباب عن أبى هريرة عند مسلم (726)، وأبى داؤد (1256)، والنسائى 2/155-156، وابن ماجة (1148).

الثَّوْرِيِّ، وَإِسْرَائِيلَ، وَشَرِيكٍ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، فَمَرَّةً كَانَ يُحَدِّثُ بِهِ عَنْ هٰذَا، وَاُخْرٰى عَنْ ذَاكَ، وَتَارَةً عَنْ ذَا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں ایک ماہ تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا جائزہ لیتا رہا آپ فجر سے پہلے کی دو رکعات (سنت) میں پہلی رکعت میں سورہ کافرون اور سورہ اخلاص کی تلاوت کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابواحمد زبیری محمد بن عبداللہ اسدی نے یہ روایت' ثوری اور اسرائیل اور شریک سے بھی سنی ہے جو ابواسحاق کے حوالے سے منقول ہے تو ایک مرتبہ انہوں نے اس راوی سے نقل کر دیا دوسری مرتبہ دوسرے سے نقل کر دیا تیسری مرتبہ اس سے نقل کر دیا۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْاِيمَانِ لِمَنْ قَرَاَ سُوْرَةَ الْاِخْلَاصِ فِيْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

ایسے شخص کیلئے ایمان کے اثبات کا تذکرہ کہ جو فجر کی دو رکعات میں سورۃ اخلاص کی تلاوت کرتا ہے

2460 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ يُحَدِّثُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، فَقَرَاَ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى: (قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ) (الکافرون: 1) حَتّٰى انْقَضَتِ السُّوْرَةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا عَبْدٌ عَرَفَ رَبَّهُ، وَقَرَاَ فِي الْاٰخِرَةِ: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) (الاخلاص: 1) حَتّٰى انْقَضَتِ السُّوْرَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا عَبْدٌ آمَنَ بِرَبِّهِ فَقَالَ طَلْحَةُ: فَاَنَا اَسْتَحِبُّ اَنْ اَقْرَاَ بِهَاتَيْنِ السُّوْرَتَيْنِ فِيْ هَاتَيْنِ الرَّكْعَتَيْنِ. (1: 2)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے فجر کی دو رکعات (سنت) ادا کی اس نے پہلی رکعت میں سورہ کافرون کی تلاوت کی یہاں تک کہ اس سورۃ کو مکمل طور پڑھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس بندے نے پروردگار کی معرفت حاصل کر لی ہے۔

اس نے دوسری رکعت میں سورہ اخلاص کی تلاوت کی اور اس سورہ کو بھی پورا پڑھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ بندہ

2460- قال الترمذی باثر هذا الحديث (417) بعد أن أورده من طريق أبی أحمد الزبيری عن سفيان عن أبی إسحاق ... : حديث ابن عمر حديث حسن، ولا نعرفه من حديث الثوری عن أبی إسحاق إلا من حديث أبی أحمد، والمعروف عند الناس حديث إسرائيل عن أبی إسحاق، وقد روی عن أبی أحمد، عن إسرائيل هذا الحديث أيضًا . وعلق المرحوم الشيخ أحمد شاكر عليه فقال: كأن الترمذی يشير إلى تعليل إسناد الحديث بأن الرواة رووه عن إسرائيل عن أبی إسحاق، وأنه لم يروه عن الثوری إلا أبو أحمد، وليست هذه علة إذا كان الراوی ثقة، فلا بأس أن يكون الحديث عن الثوری وإسرائيل معًا عن أبی إسحاق ما رواه الثقات، وأبو أحمد ثقة، فروايته عن الثوری تقوی رواية غيره عن إسرائيل، ثم هو قد رواه عن إسرائيل أيضًا كغيره، فقد حفظ ما حفظ غيره، وزاد عليهم ما لم يعرفوه، أو لم يرووه عنهم.

اپنے پروردگار پر ایمان لے آیا ہے۔

طلحہ نامی راوی کہتے ہیں: میں اس بات کو مستحب قرار دیتا ہوں' ان دو رکعات میں یہ دو سورتیں تلاوت کی جائیں۔

ذِكْرُ الْحَثِّ عَلَى الْقِرَائَةِ فِي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ بِسُورَةِ الْإِخْلَاصِ

فجر کی دو رکعات (سنت) میں سورۃ اخلاص کی تلاوت کی ترغیب دینا

2461 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: نِعْمَ السُّوْرَتَانِ هُمَا، تُقْرَآنِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ: قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. (1: 2)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات ارشاد فرماتے ہیں:

''یہ دو سورتیں بہترین ہیں' جنہیں فجر سے پہلی کی دو رکعات میں تلاوت کیا جاتا ہے۔ سورۃ کافرون اور سورۃ اخلاص''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ تَكُوْنَ رَكْعَتَا الْفَجْرِ مِنْهُ فِي اَوَّلِ انْفِجَارِ الصُّبْحِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ اس کی فجر کی دو رکعات (سنت) صبح صادق ہونے کے فوراً بعد ادا ہونی چاہیے

2462 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ السَّعْدِيُّ بِمَرْوَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَفْصَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ اِذَا اَضَاءَ الْفَجْرُ. (5: 4)

2461- حديث صحيح رجاله ثقات رجال الصحيح إلا أن يزيد بن هارون سمع من سعيد الجريرى بعد الاختلاط، وأخرجه ابن خزيمة (1114) عن ابندار، حدثنا إسحاق بن يوسف الأزرق، عن الجريرى، بهٰذا الإسناد . وإسحاق بن يوسف الأزرق سمع من الجريرى بعد الاختلاط أيضًا . ويتقوى بحديث ابن عمر وجابر السابقين. وأخرجه أحمد 6/239، وابن ماجه (1150) فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فيما يقرأ فى الركعتين قبل الفجر، من طريق يزيد بن هارون، به. وقوى إسناده الحافظ فى "الفتح" 3/47.

2462- إسناده صحيح على شرط مسلم. ابن أبى عمر العدنى: هو محمد بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه على شرطهما . وأخرجه الدارمى 1/337، ومسلم (723) (89) فى صلاة المسافرين: باب استحباب ركعتى سنة الفجر، والنسائى 3/252 فى قيام الليل: باب وقت ركعتى الفجر، و 256 باب وقت ركعتى الفجر وذكر الاختلاف على نافع، وابن ماجة (1143) فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فى الركعتين قبل الفجر، من طرق عن سفيان بن عيينة، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/11 عن سفيان، به -إلا أنه جعله من مسند ابن عمر . وأخرجه عبد الرزاق (4771)، ومن طريقه النسائى 3/256، وأبو عوانة 2/274 عن معمر، عن الزهرى، به نحوه . وأخرجه البخارى (618) و (1173) و (1181)، ومسلم (723)، والنسائى 3/252 و 254 و 255 من طريق نافع، عن ابن عمر، عن حفصة، بنحوه.

﴿﴿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح صادق ہو جانے کے بعد فجر کی دو رکعات (سنت) ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ تَعَاهُدِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا باقاعدگی سے فجر کی دو رکعات (سنت) ادا کرنا

2463 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ عَلٰى شَيْءٍ مِنَ النَّوَافِلِ اَشَدَّ مُعَاهَدَةً مِنْهُ عَلَى الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ . (5:1)

﴿﴿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بھی نفل نماز کا اتنا زیادہ اہتمام نہیں کرتے تھے جتنے اہتمام کے ساتھ آپ فجر کی سنتیں ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ تَخْفِيْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فجر کی دو رکعات (سنت) کو مختصر ادا کرنے کا تذکرہ

2464 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخَفِّفُ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ . (5:8)

﴿﴿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعات سنت مختصر ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُخَفِّفَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ اِذَا اَرَادَهُمَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ جب وہ فجر کی دو رکعات ادا کرے تو انہیں مختصر ادا کرے

2463- إسناده صحيح على شرط البخاري، وقد تقدم برقم (2456) .

2464- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه البيهقي 3/44 من طريق إبراهيم بن أبي طالب، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/204، ومسلم (724) (90) ، والبيهقي 3/44 من طريق وكيع، عن هشام بن عروة، به بأطول مما هنا، لم يذكرا فيه سفيان بين وكيع وهشام. وقال البيهقي بعد أن ساق الرواية الأولى: وكذا رواه أحمد بن سلمة وأبو العباس السراج عن إسحاق، ورواية غيره عن وكيع عن هشام أصح، والله أعلم. وأخرجه مالك 1/121 عن هشام، به بحوه. ومن طريقه أخرجه البخاري (1170) في التهجد: باب ما يقرأ في ركعتي الفجر، وأبو داود (1339) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والطحاوي 1/283. وأخرجه مسلم (724) (90) من طرق عن هشام، به. وانظر ما بعده.

2465 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، وَیَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰی رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ خَفَّفَهُمَا حَتّٰی یَقَعَ فِیْ نَفْسِی اَنَّهُ لَمْ یَقْرَاْ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ .(5: 27)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی دو رکعات سنت ادا کرتے تھے تو آپ انہیں مختصر پڑھتے تھے یہاں تک کہ میں یہ سوچتی تھی شاید آپ نے سورۃ فاتحہ کی تلاوت بھی نہیں کی ہے۔

ذِکْرُ مَا یُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ التَّخْفِیفُ فِیْ رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ اِذَا رَکَعَهُمَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ جب وہ فجر کی دو رکعات ادا کرے تو انہیں مختصر ادا کرے

2466 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَکِیْمٍ، قَالَ: عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ یَحْیَی بْنَ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَةَ تُحَدِّثُ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیُصَلِّیْ رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ فَیُخَفِّفُهُمَا حَتّٰی اِنِّیْ لَاَقُوْلُ: هَلْ قَرَاَ فِیْهِمَا بِاُمِّ الْقُرْآنِ؟ . (5: 4)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعت سنت ادا کرتے ہوئے اتنا مختصر ادا کرتے تھے میں یہ سوچتی تھی کیا آپ نے ان میں سورہ فاتحہ کی تلاوت کی ہے؟

2465- إسناده صحيح على شرطهما. محمد بن عبد الرحمٰن: هو ابن سعد بن زرارة الأنصاری، وعمرة: هي بنت عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارة الأنصارية المدنية كانت في حجر عائشة. وأخرجه أحمد 6/235، وابن أبي شيبة 2/244، والبيهقي 3/43 من طريق يزيد بن هارون، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الحميدی (181)، وأحمد 6/164، 165 و186، والبخاری (1171) فی التهجد: باب ما يقرأ في ركعتي الفجر، وأبو داؤد (1255) في الصلاة: باب في تخفيفهما، والنسائی 2/156 في الافتتاح: باب تخفيف ركعتي الفجر، والطحاوی 1/297، والبيهقی 3/43، والبغوی (882) من طرق عن يحيی بن سعيد، به. وصححه ابن خزيمة (1113). وأخرجه الطيالسي (1581)، والبخاری (1171)، ومسلم (724) (93)، والطحاوی 1/297 من طرق عن شعبة، عن محمد بن عبد الرحمٰن، به. وانظر ما بعده. وقال الحافظ في "الفتح" 3/47: قال القرطبي: ليس معنى هٰذا

2466- إسناده صحيح. يحيى بن حكيم: ثقة حافظ، ومن فوقه من رجال الشيخين. عبد الوهاب: هو ابن عبد المجيد الثقفي، وقد اختلط قبل موته بثلاث سنين، وقد حجبه أهله فلم يرو في الاختلاط شيئًا. انظر "الميزان" 2/681، و"الضعفاء" 3/75 للعقيلي. وأخرجه مسلم (724) (92)، والبيهقي 3/43 من طريق محمد بن المثنى، عن عبد الوهاب الثقفي، بهٰذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة (1113)، وانظر ما قبله.

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ الِاضْطِجَاعُ عَلَى الْاَيْمَنِ مِنْ شِقِّهٖ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ فجر کی دو رکعات ادا کرنے کے بعد دائیں پہلو کے بل لیٹ جائے

2467 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّدٌ: اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ بِالْاَوَّلِ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ، قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ بَعْدَ اَنْ يَّتَبَيَّنَ لَهُ الْفَجْرُ، ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلْاِقَامَةِ. (5: 4)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مؤذن جب فجر کی نماز کی پہلی اذان دے کر خاموش ہوتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کر دو مختصر رکعات فجر کی نماز سے پہلے ادا کر لیتے تھے یہ صبح صادق ہو جانے کے بعد ادا کرتے تھے' پھر آپ اپنے دائیں پہلو کے بل لیٹ جاتے تھے یہاں تک کہ مؤذن آپ کو نماز قائم ہونے کی اطلاع دینے کے لئے آ جاتا تھا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاضْطِجَاعِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ لِمَنْ اَرَادَ صَلَاةَ الْغَدَاةِ

فجر کی دو رکعات ادا کرنے کے بعد لیٹ جانے کا حکم ہونے کا تذکرہ' یہ اس شخص کیلئے ہے جو صبح کی نماز کا ارادہ کرے

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چاشت کی نماز ادا کرنے کی نفی کی ہے۔ البتہ جب آپ سفر سے واپس تشریف لاتے تھے یا (شہر سے) غیر حاضری کے بعد واپس تشریف لاتے تھے (تو اس کا حکم مختلف ہے) آپ کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ آپ لوگوں کو مسجد میں مل لیں نہ کہ گھر پر ملیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق میں یہ بات شامل تھی کہ جب آپ سفر سے واپس تشریف لاتے تھے۔ تو سب سے پہلے مسجد میں تشریف لاتے تھے۔ وہاں دو رکعات ادا کرتے تھے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر کسی سفر سے یا غزوہ سے چاشت کے وقت تشریف لاتے تھے جو دن کا ابتدائی حصہ ہوتا تھا۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے۔ کہ کوئی شخص رات کے وقت اپنی بیوی کے پاس (طویل غیر حاضری کے بعد) چلا جائے۔

ذِکْرُ اِثْبَاتِ عَائِشَۃَ صَلَاۃَ الضُّحٰی لِلْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چاشت کی نماز ادا کرنے کے اثبات کا تذکرہ

2529 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَۃَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ، وَابْنُ کَثِیْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ یَزِیْدُ الرِّشْکُ، عَنْ مُّعَاذَۃَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَۃَ: اَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ الضُّحٰی؟ قَالَتْ: نَعَمْ، اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ وَیَزِیْدُ مَا شَاءَ اللّٰہُ. (5: 15)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ: اِثْبَاتُ عَائِشَۃَ صَلَاۃَ الضُّحٰی لِلْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَادَتْ بِہٖ فِی الْبَیْتِ دُوْنَ مَسْجِدِ الْجَمَاعَۃِ، لِاَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ:

2529- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هشام بن عبد الملك وابن كثير: محمد بن كثير العبدي، ويزيد الرشك: هو يزيد بن أبي يزيد الضبعي مولاهم، ومعاذة: هي معاذة بنت عبد الله العدوية أم الصهباء البصرية . وأخرجه الطيالسي (1571) ، ومسلم (719) (78) في صلاة المسافرين: باب استحباب صلاة الضحى، والترمذي في "الشمائل" (282) ، وابن ماجه (1381) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في صلاة الضحى، وأبو عوانة 2/267، والبيهقي 3/47، والبغوي (1005) من طريق شعبة عن يزيد الرشك، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم (719) (78) من طريق عبد الوارث، عن يزيد الرشك، به . وأخرجه عبد الرزاق (4853) ، وأحمد 6/145 و168 و265، ومسلم (819) (79) ، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/436، وأبو عوانة 2/267-268، والبيهقي 3/47 من طريق قتادة، عن معاذة العدوية، به.

(متن حدیث):اَفْضَلُ صَلاتِكُمْ فِيْ بُيُوتِكُمْ اِلَّا الْمَكْتُوبَةَ.

معاذہ بیان کرتی ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز ادا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: جی ہاں! آپ چار رکعات ادا کرتے تھے اور جو اللہ کو منظور ہوتا تھا مزید ادا کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چاشت کی نماز ادا کرنے کے اثبات کا تذکرہ کیا ہے۔ اس سے ان کی مراد گھر ہے۔ باجماعت نماز والی مسجد مراد نہیں ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''تمہاری نمازوں میں سب سے افضل نماز وہ ہے جو تم اپنے گھر میں ادا کرو۔ البتہ فرض نماز کا حکم مختلف ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ الضُّحَى عَلٰى دَائِمِ الْاَوْقَاتِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ چاشت کی نماز ادا کیا کرتے تھے

2530 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِيْ وَدَاعَةَ، اَنَّ حَفْصَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ:

(متن حدیث):لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِيْ سُبْحَتِهِ وَهُوَ جَالِسٌ حَتّٰى كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِعَامٍ وَاحِدٍ، فَرَاَيْتُهُ يُصَلِّيْ فِيْ سُبْحَتِهِ وَهُوَ جَالِسٌ، وَيُرَتِّلُ السُّوْرَةَ حَتّٰى تَكُوْنَ اَطْوَلَ مِنْ اَطْوَلَ مِنْهَا. (5: 15)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی بیٹھ کر نوافل ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک کہ آپ کے وصال سے ایک سال پہلے میں نے آپ کو دیکھا آپ بیٹھ کر نوافل ادا کر رہے تھے آپ سورۃ کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے تھے یہاں تک کہ وہ اپنے سے لمبی سورۃ سے بھی زیادہ طویل محسوس ہوتی تھی۔

ذِكْرُ عَدَدِ الرَّكَعَاتِ الَّتِيْ كَانَ يُصَلِّيْهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الضُّحَى

ان رکعات کی تعداد کا تذکرہ جن کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز میں ادا کیا کرتے تھے

2530- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم (733) في صلاة المسافرين: باب جواز النافلة قائمًا وقاعدًا، عن حرملة بن يحيى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مسلم، والطبراني في "الكبير" 23/ (343) من طريقين عن ابن وهب، به. وانظر (2508).

2531 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْلَى الطَّائِفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتِي، فَصَلَّى الضُّحَى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ . (5: 15)

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے آپ نے چاشت کے وقت آٹھ رکعات ادا کی۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُوَاظِبَ عَلٰى سُبْحَةِ الضُّحَى

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ چاشت کی نماز کو باقاعدگی سے ادا کرے

2532 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ تَقُوْلُ: مَا كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَبِّحُ سُبْحَةَ الضُّحَى ، وَكَانَتْ عَائِشَةُ تُسَبِّحُهَا، وَكَانَتْ تَقُوْلُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ كَثِيْرًا مِنَ الْعَمَلِ خَشْيَةَ اَنْ يَسْتَنَّ النَّاسُ بِهٖ، فَيُفْرَضَ عَلَيْهِمْ . (5: 15)

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز ادا نہیں کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا یہ نماز ادا کیا کرتی تھیں وہ یہ بیان کرتی تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سے عمل اس لئے چھوڑ دیئے تھے آپ کو یہ اندیشہ تھا کہ کہیں لوگ ان کو سنت کے طور پر اختیار نہ کرلیں اور پھر وہ ان پر فرض نہ ہو جائیں۔

2531- المطلب بن عبد الله بن حنطب، وثقه أبو زرعة ويعقوب بن سفيان والدارقطني، إلا أنهم اختلفوا في سماعه من عائشة، قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لم يدرك عائشة، وعامة حديثه مراسيل، وقال أبو زرعة: أرجو أن يكون سمع منها، وباقي السند على شرط مسلم.

2532- إسناده صحيح . يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب، ثقة روى له أبو داؤد والنسائي وابن ماجه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 6/223 عن حجاج، حدثنا الليث، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك في "الموطأ" 1/152-153، ومن طريقه أحمد 6/178، والبخاري (1128) في التهجد: باب تحريض النبي صلى الله عليه وسلم على صلاة الليل والنوافل، ومسلم (718) في صلاة المسافرين: باب استحباب صلاة الضحى، وأبو داؤد (1293) في الصلاة: باب صلاة الضحى، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/75، والبيهقي 3/50، وأبو عوانة 2/266-267 عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 6/169-170، وأبو عوانة 2/267 من طريق ابن جريج، وعبد الرزاق (4867)، ومن طريقه أبو عوانة عن معمر، كلاهما عن الزهري، به . وأخرجه أحمد 6/209-210 عن وكيع، والبخاري (1177) في التهجد: باب من لم يصل الضحى ورآه واسعًا، عن آدم، كلاهما عن ابن أبي ذئب، عن الزهري، به - بالقسم الأول منه. وقد أورده المؤلف برقم (312) و (313).

ذِكْرُ مَا يَكْفِي الْمَرْءَ آخِرَ النَّهَارِ بِاَرْبَعِ رَكَعَاتٍ يُصَلِّيهَا مِنْ اَوَّلِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کا دن کے ابتدائی حصے میں چار رکعات ادا کر لینا اس کے لئے دن کے آخری حصے تک کافی ہوتا ہے

2533 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ بُرْدًا، يَقُولُ: حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ قَيْسٍ الْجُذَامِيِّ،

(متن حدیث): عَنْ نُعَيْمِ بْنِ هَمَّارٍ الْغَطَفَانِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَّهُ قَالَ:

يَا ابْنَ آدَمَ، صَلِّ لِي اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِي اَوَّلِ النَّهَارِ اَكْفِكَ آخِرَهُ . (2:1)

✿✿ حضرت نعیم بن ہمار غطفانی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے آدم کے بیٹے! تم دن کے ابتدائی حصے میں میرے لئے چار رکعات ادا کرو میں اس کے آخری حصے میں تمہاری کفایت کروں گا''۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُصَلِّيَ صَلَاةَ الضُّحٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ رَجَاءَ كِفَايَةِ آخِرِ النَّهَارِ بِهِ

آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ دن کے آخری حصے تک کفایت کی اُمید رکھتے ہوئے چاشت کے وقت چار رکعات ادا کر لے

2534 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، حَدَّثَنَا

2533- إسناده حسن. برد: هو ابن سنان الدمشقي. وأخرجه الدارمي 1/338 عن أبي النعمان، عن المعتمر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/287، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 9/35 من طريقين عن بُرد بن سنان، به. وأخرجه أحمد 6/286-287، وأبو داؤد (1289) في الصلاة: باب صلاة الضحى، من طريق سعيد بن عبد العزيز، وأحمد 6/287 من طريق محمد بن راشد، كلاهما عن كثير بن مرة، عن نعيم، به -وليس فيه قيس الجذامي وللحديث طرق أخرى عند أحمد 6/286-287.

2534- إسناده صحيح. دحيم لقب عبد الرحمٰن بن إبراهيم بن عمرو العثماني مولاهم الدمشقي الحافظ المتقن، وأبو إدريس الخولاني: هُوَ عَائِذُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وُلِدَ في حياة النبي صلى الله عليه وسلم يوم حنين، وسمع من كبار الصحابة، ومات سنة ثمانين، وكان عالمَ الشام بعد أبي الدرداء. وأخرجه أحمد 4/153 و201، من طريقين عن أبان بن يزيد، عن قتادة، عن نعيم بن همّار، عن عقبة بن عامر. فجعله من مسند عقبة لا من مسند نعيم، وكلاهما له صحبة، فلا يضر ذلك. وفي الباب عن أبي الدرداء وأبي ذر عند الترمذي (475) وإسناده قوي. وهو عند أحمد 6/440 و 451 من طريق أخرى عن أبي الدرداء.

دُحَيْمٌ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي السَّائِبِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ،

(متن حدیث): عَنْ نُعَيْمِ بْنِ هَمَّارٍ الْغَطَفَانِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَّهُ قَالَ:

يَا ابْنَ آدَمَ، صَلِّ لِيْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ اَوَّلَ النَّهَارِ اَكْفِكَ آخِرَهُ. (1: ?)

حضرت نعیم بن ہمار غطفانی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے آدم کے بیٹے! تم دن کے ابتدائی حصے میں میرے لئے چار رکعات ادا کرو میں اس کے آخری حصے میں تمہاری کفایت کروں گا''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ اَعْظَمِ الْغَنِيمَةِ لِمُعَقِّبِ صَلَاةَ الْغَدَاةِ بِرَكْعَتَيِ الضُّحٰى

صبح کی نماز کے بعد چاشت کی دو رکعات ادا کرنے والے شخص کے لئے سب سے زیادہ غنیمت کے اثبات کا تذکرہ

2535 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ صَخْرٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَاَعْظَمُوا الْغَنِيمَةَ وَاَسْرَعُوا الْكَرَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا رَاَيْنَا بَعْثَ قَوْمٍ اَسْرَعَ كَرَّةً، وَلَا اَعْظَمَ غَنِيمَةً، مِنْ هٰذَا الْبَعْثِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَسْرَعَ كَرَّةً وَاَعْظَمَ غَنِيمَةً مِنْ هٰذَا الْبَعْثِ؟ رَجُلٌ تَوَضَّاَ فِيْ بَيْتِهِ فَاَحْسَنَ وُضُوْئَهُ، ثُمَّ تَحَمَّلَ اِلَى الْمَسْجِدِ، فَصَلّٰى فِيْهِ الْغَدَاةَ، ثُمَّ عَقَّبَ بِصَلَاةِ الضُّحٰى، فَقَدْ اَسْرَعَ الْكَرَّةَ، وَاَعْظَمَ الْغَنِيمَةَ. (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی انہیں بہت سا مال غنیمت ملا اور وہ لوگ جلدی بھی واپس آ گئے ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے کبھی بھی کوئی ایسی مہم نہیں دیکھی جو اتنی جلدی واپس آ گئی ہو جسے

2535- إسناده محتمل للتحسين. حميد بن صخر ذكره المؤلف في "الثقات" 6/188-189، فقال: حميد بن زياد أبو صخر الخراط من أهل المدينة مولى بني هاشم، يروي عن نافع ومحمد بن كعب، روى عنه حيوة بن شريح، وهو الذي يروي عنه حاتم بن إسماعيل، ويقول: حميد بن صخر، وإنما هو حميد بن زياد أبو صخر، لا حميد بن صخر، وهو مختلف فيه. وقال ابن عدي: هو عندي صالح الحديث، وإنما أنكر عليه هذان الحديثان "المؤمن مؤالف" و"في القدرية"، وسائر حديثه أرجو أن يكون مستقيمًا. روى له الجماعة غير البخاري، فإنه روى له في "الأدب المفرد" حديثين. وأخرجه ابن عدي في "الكامل" 2/691 من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد. وأورده المنذري في "الترغيب والترهيب" 1/463-464 ونسبه إلى أبي يعلى والبزار وابن حبان، وقال: وبيّن البزار في روايته أن الرجل أبو بكر رضي الله عنه. وفي الباب عن عبد الله بن عمرو عند أحمد 2/175 وفي إسناده ابن لهيعة، وعند الطبراني في "الكبير"، قال المنذري: إسناده جيد.

اتنا زیادہ مال غنیمت ملا ہو جتنا اس مہم کو ملا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں اس مہم سے زیادہ تیزی سے واپس آنے اور زیادہ مال غنیمت حاصل کرنے کے بارے میں بتاؤں؟ ایک شخص اپنے گھر میں اچھی طرح وضو کرے پھر وہ مسجد جائے وہاں صبح کی نماز ادا کرے پھر اس کے بعد (وہ وہیں بیٹھا رہے اور پھر) چاشت کی نماز ادا کرے تو وہ شخص جلدی بھی واپس آ جاتا ہے اور اسے زیادہ مال غنیمت بھی حاصل ہوتا ہے۔

ذِكْرُ وَصِيَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَكْعَتَيِ الضُّحَى

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چاشت کی دو رکعات ادا کرنے کی تلقین کرنے کا تذکرہ

2536 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): اَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: الْوِتْرُ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصَلَاةُ الضُّحَى رَكْعَتَيْنِ، وَصَوْمُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے خلیل حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین چیزوں کی تلقین کی تھی سونے سے پہلے وتر ادا کرنے کی چاشت کے وقت دو رکعات ادا کرنے کی اور ہر مہینے میں تین روزے رکھنے کی۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِقْتِدَاءِ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاةِ الضُّحَى بِثَمَانِ رَكَعَاتٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کرتے ہوئے چاشت کی نماز میں آٹھ رکعات پڑھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

2537 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْقَطَّانُ بِوَاسِطَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

2536– إسناده صحيح على شرط الشيخين . عباس الجريرى: هو عباس بن فرّوخ الجريرى البصرى، وأبو عثمان النهدى: هو عبد الرحمٰن بن مَلّ النهدى، مشهور بكنيته، مخضرم: ثقة ثبت عابد .وأخرجه أبو داوٗد الطيالسى (2392) ، وأحمد 2/459، والبخارى (1178) ، فى التهجد: باب صلاة الضحى فى الحضر، ومسلم (721) فى صلاة المسافرين: باب استحباب صلاة الضحى، والنسائى 3/229 فى قيام الليل: باب الحث على الوتر قبل النوم، والبيهقى 4/293 من طريق شعبة، بهٰذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/459، والبخارى (1981) فى الصوم: باب صيام البيض، ومسلم (721) ، والنسائى 3/229، والبيهقى 3/36 و4/293 من طريقين عن أبى عثمان النهدى، به .وأخرجه مسلم (721) ، والدارمى 2/18–19، والبيهقى 3/47 من طريقين عن أبى هريرة . وصححه ابن خزيمة (1222) و (1223) .

2537– إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عمرو –وهو ابن علقمة بن وقاص الليثى المدنى– فقد روى له البخارى مقرونًا ومسلم متابعة، وهو حسن الحديث، وأبو مرة مولى أم هانء: هو يزيد الهاشمى .وأخرجه أحمد 6/342 عن يزيد بن هارون، بهٰذا الإسناد و 6/343 من طريق الضحاك بن عثمان، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، به مختصرًا .وأخرجه مالك فى "الموطأ" 1/152 عن أبى النضر، عن أبى مرة، عن أم هانء نحوه. وقد تقدم عند المؤلف (1189) ، وانظر (1190) .

هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ اَبِىْ مُرَّةَ مَوْلٰى اُمِّ هَانِئٍ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو: وَقَدْ رَاَيْتُ اَبَا مُرَّةَ، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا قَدْ اَدْرَكَ اُمَّ هَانِئٍ، عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّىْ اَجَرْتُ حَمَوَيَّ، فَزَعَمَ ابْنُ اُمِّي، تَعْنِىْ عَلِيًّا، اَنَّهُ قَاتِلُهُ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ يَا اُمَّ هَانِئٍ، قَالَتْ: وَصَبَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاءً فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ الْتَحَفَ بِثَوْبٍ عَلَيْهِ، وَخَالَفَ بَيْنَ طَرَفَيْهِ، فَصَلَّى الضُّحٰى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ

❀❀ محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں نے ابومرہ کو دیکھا ہے وہ ایک عمر رسیدہ شخص تھے انہیں سیّدہ اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا کی زیارت کا شرف حاصل تھا وہ سیّدہ اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' وہ بیان کرتی ہیں: فتح مکہ کے موقع پر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اپنے دو دیوروں کو پناہ دی ہے اور میرے بھائی یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ انہیں قتل کرنا چاہتے ہیں سیّدہ اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ام ہانی جسے تم نے پناہ دی ہے ہم بھی اسے پناہ دیتے ہیں۔

سیّدہ اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی انڈیلا اور غسل کیا' پھر کپڑے کو لحاف کے طور پر لپیٹ لیا اس کے کنارے مخالف سمت میں (کندھوں) پر ڈال لئے پھر آپ نے چاشت کے وقت آٹھ رکعات ادا کی۔

ذِكْرُ التَّسْوِيَةِ فِى صَلَاةِ الضُّحٰى بَيْنَ قِيَامِهٖ وَرُكُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ

چاشت کی نماز میں قیام' رکوع' سجدہ ایک جتنا کرنے کا تذکرہ

2538 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، اَنَّ اَبَاهُ قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ وَحَرَصْتُ عَلٰى اَنْ اَجِدَ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ يُخْبِرُنِىْ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّحَ سُبْحَةَ الضُّحٰى، فَلَمْ اَجِدْ اَحَدًا يُخْبِرُنِىْ عَنْ ذٰلِكَ غَيْرَ اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِىْ طَالِبٍ، اَخْبَرَتْنِىْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى بَعْدَ ارْتِفَاعِ النَّهَارِ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَاَمَرَ بِثَوْبٍ، فَسُتِرَ عَلَيْهِ، فَاغْتَسَلَ ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ ثَمَانِىَ رَكَعَاتٍ، لَا اَدْرِىْ اَقِيَامُهُ فِيْهَا اَطْوَلُ اَمْ رُكُوْعُهُ اَمْ سُجُوْدُهُ، كُلُّ ذٰلِكَ مُتَقَارِبَةٌ، قَالَتْ: فَلَمْ اَرَهُ سَبَّحَهَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ

❀❀ عبیداللہ بن عبداللہ بن حارث اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے اس بارے میں تحقیق کی اور مجھے اس بات کی بڑی جستجو تھی' مجھے کوئی ایسا شخص ملے جو مجھے اس بارے میں بتائے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کی نماز ادا کی ہے' تو مجھے صرف سیّدہ اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا ملیں جنہوں نے مجھے اس بارے میں بتایا: انہوں نے مجھے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن' دن چڑھ جانے کے بعد تشریف لائے آپ کے حکم کے تحت آپ کے پردے کے لئے کپڑا لٹکا دیا آپ نے غسل کیا' پھر آپ نے اٹھ کر آٹھ رکعات ادا

کی میں اندازہ نہیں کرسکتی' ان میں آپ کا قیام زیادہ طویل تھا یا رکوع زیادہ طویل تھا یا سجدہ زیادہ طویل تھا یہ سب ایک دوسرے کے قریب قریب تھے سیّدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اس سے پہلے یا اس کے بعد کبھی بھی آپ کو اس وقت میں نوافل ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَلَاةَ الضُّحٰى عِنْدَ تَرْمِيضِ الْفِصَالِ مِنْ صَلَاةِ الْاَوَّابِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب ریت گرم ہو' تو چاشت کی نماز ادا کرنا نیک لوگوں کا طریقہ ہے

2539 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ الْقَاسِمِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

(متن حدیث): اَنَّهٗ رَاٰى قَوْمًا يُصَلُّوْنَ الضُّحٰى فِيْ مَسْجِدِ قُبَاءَ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمُوْا اَنَّ الصَّلَاةَ فِيْ غَيْرِ هٰذِهِ السَّاعَةِ اَفْضَلُ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ الْاَوَّابِيْنَ حِيْنَ تَرْمَضُ الْفِصَالُ

✿✿ حضرت زید بن ارقم کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ انہوں نے مسجد قباء میں کچھ لوگوں کو چاشت کے وقت نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا تو یہ بات ارشاد فرمائی یہ لوگ یہ بات جانتے ہیں' اس وقت کے علاوہ وقت میں نماز ادا کرنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''نیک لوگوں کی نماز اس وقت ہوتی ہے' جب (اونٹ کے) بچوں کے لیے ریت گرم ہو جائے''۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الصَّدَقَةَ لِلْمَرْءِ بِصَلَاةِ الضُّحٰى

چاشت کی نماز ادا کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا آدمی کیلئے صدقہ (کرنے) کو نوٹ کرنے کا تذکرہ

2540 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيْلِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

2539- إسناده صحيح على شرطهما . القاسم الشيباني: هو القاسم بن عوف. والحديث في "مسند أبي يعلى الكبير" من رواية الأصبهانيين. وأخرجه مسلم (748) (143) في صلاة المسافرين: باب صلاة الأوابين حين ترمض الفصال، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/367 و372، ومسلم (748) (143)، والبيهقي 3/49 من طريق إسماعيل بن إبراهيم بن علية، به. وأخرجه الطبراني في "الصغير" (155)، وابن خزيمة 2/230، وأبو عوانة 2/270 من طريقين عن أيوب السختياني، به. وأخرجه أحمد 4/366 و374-375، والطيالسي (687)، ومسلم (748) (144)، وابن خزيمة (1227)، والطبراني في "الكبير" (5108) و(5109) و(5110) و(5111) و(5112) و(5113)، وأبو عوانة 2/271، والبيهقي 3/49، والبغوي (1010) من طريقين عن القاسم الشيباني، به.

2540- إسناده قوي على شرط مسلم. وقد تقدم برقم (1643).

(متن حدیث): فِی الْاِنْسَانِ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتُّونَ مَفْصِلًا، عَلٰی كُلِّ مَفْصِلٍ صَدَقَةٌ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَنْ يُطِيْقُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تُنَحِّي الْاَذٰی، وَاِلَّا فَرَكْعَتَيِ الضُّحٰی

❁❁ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''انسان میں تین سو ساٹھ (360) جوڑ ہوتے ہیں اور ہر جوڑ پر صدقہ کرنا لازم ہے ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! کون اس کی طاقت رکھتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم تکلیف دہ چیز کو پرے کر دو ورنہ چاشت کے وقت دو رکعات ادا کر لو''۔

فَصْلٌ فِی التَّرَاوِیْحِ

تراویح کا بیان

2541 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَیْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِیعُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا النَّاسُ فِیْ رَمَضَانَ یُصَلُّوْنَ فِیْ نَاحِیَةِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰؤُلَاءِ؟ فَقِیلَ: نَاسٌ لَیْسَ مَعَهُمْ قُرْآنٌ، وَاُبَیُّ بْنُ كَعْبٍ یُصَلِّیْ بِهِمْ، وَهُمْ یُصَلُّوْنَ بِصَلَاتِهٖ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَصَابُوْا، اَوْ نِعْمَ مَا صَنَعُوْا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے لوگ مسجد کے ایک گوشے میں رمضان کے مہینے میں نماز ادا کر رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کون لوگ ہیں عرض کی گئی: یہ کچھ لوگ ہیں' جنہیں قرآن نہیں آتا۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ انہیں نماز پڑھا رہے ہیں وہ لوگ ان کے نماز کی پیروی کر رہے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انہوں نے ٹھیک کیا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہے) انہوں نے جو کیا ہے وہ عمدہ ہے۔

2542 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰی فِی الْمَسْجِدِ ذَاتَ لَیْلَةٍ فَصَلّٰی بِصَلَاتِهٖ نَاسٌ، ثُمَّ صَلّٰی مِنَ الْقَابِلَةِ فَكَثُرَ النَّاسُ، ثُمَّ اجْتَمَعُوْا مِنَ اللَّیْلَةِ الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ، فَلَمْ یَخْرُجْ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

2541- إسناده ضعيف، مسلم بن خالد -وهو الزنجي المكي الفقيه- سيّء الحفظ . وهو عند ابن خزيمة (2208) . وأخرجه أبو داوُد (1377) في الصلاة: باب في قيام شهر رمضان، ومن طريقه البيهقي 2/495 عن أحمد بن سعيد الهمداني، حدثنا عبد الله بن وهب، بهٰذا الإسناد . ثم قال أبو داوُد: ليس هٰذا الحديث بالقوى، مسلم بن خالد ضعيف . وأخرجه البيهقي 2/495 من طريقين عن ابن وهب .

2542- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" .1/113 ومن طريق مالك أخرجه: البخاري (1129) في التهجد: باب تحريض النبي صلى الله عليه وسلم على صلاة الليل، ومسلم (761) (177) في صلاة المسافرين: باب الترغيب في قيام رمضان وهو التراويح، وأبو داوُد (1373) في الصلاة: باب في قيام شهر رمضان والنسائي 3/202 في قيام الليل: باب قيام شهر رمضان، والبيهقي 2/492-493، والبغوي (989) . وانظر ما بعده.

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اَصْبَحَ قَالَ: قَدْ رَاَیْتُ الَّذِی صَنَعْتُمْ، فَلَمْ یَمْنَعْنِیْ مِنَ الْخُرُوجِ اِلَیْکُمْ اِلَّا اَنِّیْ خَشِیتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَیْکُمْ ، وَذٰلِکَ فِیْ رَمَضَانَ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں نماز ادا کی کچھ لوگوں نے آپ کی نماز کی پیروی میں نماز ادا کی اگلی رات جب آپ نے نماز ادا کی تو لوگوں کی تعداد زیادہ ہوگئی تیسری یا چوتھی رات میں بہت سے لوگ اکٹھے ہوگئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف نہیں لے گئے' صبح ہوئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں نے جو کیا (یعنی تم لوگ جو نماز ادا کرنے آئے تھے) وہ میں نے دیکھ لیا تھا لیکن میں اس لئے تمہاری طرف نہیں آیا مجھے یہ اندیشہ تھا' یہ تم پر فرض ہو جائے گی۔ (راوی کہتے ہیں) یہ رمضان کے مہینے کی بات ہے۔

ذِکْرُ خَبَرٍ ثَانٍ یُصَرِّحُ بِصِحَّۃِ مَا ذَکَرْنَاہُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2543 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاھِیمَ الْحَنْظَلِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْحَارِثِ الْمَخْزُومِیُّ، عَنْ یُونُسَ بْنِ یَزِیدَ الْاَیْلِیِّ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عُرْوَۃُ بْنُ الزُّبَیْرِ، اَنَّ عَائِشَۃَ اَخْبَرَتْہُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ فَصَلّٰی فِی الْمَسْجِدِ، فَصَلَّی النَّاسُ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ یَتَحَدَّثُونَ بِذٰلِکَ، فَکَثُرَ النَّاسُ، فَخَرَجَ عَلَیْھِمُ اللَّیْلَۃَ الثَّانِیَۃَ فَصَلّٰی، فَصَلَّوْا بِصَلَاتِہٖ، فَاَصْبَحُوا یَتَحَدَّثُونَ بِذٰلِکَ حَتّٰی کَثُرَ النَّاسُ، فَخَرَجَ مِنَ اللَّیْلَۃِ الثَّالِثَۃِ، فَصَلّٰی فَصَلَّوْا بِصَلَاتِہٖ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ یَتَحَدَّثُونَ بِذٰلِکَ، فَکَثُرَ النَّاسُ حَتّٰی عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ اَھْلِہٖ، فَلَمْ یَخْرُجْ اِلَیْھِمْ، فَطَفِقَ النَّاسُ یَقُولُونَ: الصَّلَاۃَ، فَلَمْ یَخْرُجْ اِلَیْھِمْ حَتّٰی خَرَجَ لِصَلَاۃِ الْفَجْرِ، فَلَمَّا قَضٰی صَلَاۃَ الْفَجْرِ اَقْبَلَ عَلَی النَّاسِ فَتَشَھَّدَ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّہٗ لَمْ یَخْفَ عَلَیَّ شَاْنُکُمُ اللَّیْلَۃَ، وَلٰکِنِّیْ خَشِیتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَیْکُمْ صَلَاۃُ اللَّیْلِ، فَتَعْجِزُوا عَنْ ذٰلِکَ ، وَکَانَ یُرَغِّبُھُمْ فِیْ قِیَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّاْمُرَھُمْ بِعَزِیمَۃٍ، یَقُولُ: مَنْ قَامَ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ اِیمَانًا وَّاحْتِسَابًا، غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ قَالَ: فَتُوُفِّیَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُ عَلٰی ذٰلِکَ، ثُمَّ کَذٰلِکَ کَانَ فِیْ خِلَافَۃِ اَبِیْ بَکْرٍ وَصَدْرٍ مِنْ خِلَافَۃِ عُمَرَ، حَتّٰی جَمَعَھُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلٰی اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ، فَقَامَ بِھِمْ فِیْ رَمَضَانَ، وَکَانَ ذٰلِکَ اَوَّلَ اجْتِمَاعِ النَّاسِ عَلٰی قَارِیٍٔ وَاحِدٍ فِیْ رَمَضَانَ

عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت تشریف لے گئے۔آپ نے مسجد میں نماز ادا کی لوگوں نے بھی (آپ کی اقتداء میں) نماز ادا کی اگلے دن لوگوں نے اس بارے میں بات چیت

2543- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه النسائي 4/155 في الصيام: باب ثواب من قام رمضان وصامه إيمانًا واحتسابًا، عن زكريا بن يحيى، عن إسحاق، بهٰذا الإسناد - بأخصر مما هنا. وأخرجه بهٰذا اللفظ ابنُ خزيمة (2207)

کی تو (دوسری رات) لوگوں کی تعداد زیادہ ہوگئی۔ نبی اکرم ﷺ دوسری رات بھی ان لوگوں کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے نماز ادا کی تو لوگوں نے آپ کی نماز کی پیروی کی اگلے دن لوگوں نے اس بارے میں بات کی تو لوگوں کی تعداد زیادہ ہوگئی۔ نبی اکرم ﷺ تیسری رات بھی تشریف لے گئے۔ آپ نے نماز ادا کی لوگوں نے آپ کی نماز کی اقتداء کی اگلے دن لوگوں نے اس بارے میں بات چیت کی تو لوگوں کی تعداد زیادہ ہوگئی یہاں تک کہ مسجد ان کے لئے کم پڑ گئی۔ نبی اکرم ﷺ ان کے پاس تشریف نہیں لے گئے لوگ کہتے رہے: نماز (کے لئے تشریف لے آئیں) لیکن نبی اکرم ﷺ ان کے پاس تشریف نہیں لے گئے نبی اکرم ﷺ فجر کی نماز کے لئے ان کے پاس تشریف لے گئے' جب آپ نے فجر کی نماز ادا کر لی' تو آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور آپ نے کلمہ شہادت پڑھا اور پھر یہ بات ارشاد فرمائی:

''امابعد! گزشتہ رات تمہاری حالت مجھ سے مخفی نہیں تھی لیکن مجھے یہ اندیشہ ہوا' رات کی نماز تم پر فرض قرار دے دی جائیگی اور تم اسے ادا نہیں کر پاؤ گے''۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہے) نبی اکرم ﷺ رمضان میں لوگوں کو نوافل ادا کرنے کی ترغیب دیتے تھے۔ آپ عزیمت کے ساتھ انہیں حکم نہیں دیتے تھے۔ آپ ارشاد فرماتے تھے:

''جو شخص ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے شب قدر میں نوافل ادا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے گزشتہ گناہوں کی بخشش کر دے گا''۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوا' تو یہ معاملہ یوں ہی رہا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد کے ابتدائی دور میں معاملہ اسی طرح رہا یہاں تک کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پیچھے اکٹھا کیا' تو وہ رمضان میں انہیں تراویح پڑھایا کرتے تھے یہ لوگوں کا وہ پہلا اجتماع تھا جو رمضان میں کسی قاری کے پیچھے ہوا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلٰكِنِّىْ خَشِيتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ فَتَعْجِزُوا عَنْهَا اَرَادَ بِذٰلِكَ قِيَامَ اللَّيْلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''لیکن مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ یہ تم پر فرض ہو جائے گی اور پھر تم اس سے عاجز آجاؤ گے'' اس سے آپ کی مراد رات کے نوافل ادا کرنا ہے

2544 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ بِعَسْقَلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى،

2543–عن يونس بن يزيد، به .وأخرجه البيهقي 2/493 من طريق محمد بن عبيد بن عبد الواحد، عن يحيى بن عبد الله بن بكير، عن الليث، عن عقيل عن الزهري، به . وأخرجه البخاري (924) في الجمعة: باب من قال في الخطبة بعد الثناء : أما بعد، و (2012) في صلاة التراويح: باب فضل من قام رمضان، عن يحيى بن بكير، عن الليث، عن عقيل، عن الزهري، به مختصرًا.

قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، (متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، فَصَلّٰى فِي الْمَسْجِدِ، فَصَلّٰى رِجَالٌ بِصَلَاتِهٖ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُونَ بِذٰلِكَ، فَاجْتَمَعَ اَكْثَرُ مِنْهُمْ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اللَّيْلَةِ الثَّانِيَةِ فَصَلّٰى، فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهٖ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَذَاكَرُونَ ذٰلِكَ، فَكَثُرَ اَهْلُ الْمَسْجِدِ فِي اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ، فَخَرَجَ فَصَلّٰى بِهِمْ، فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهٖ، فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الرَّابِعَةُ عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ اَهْلِهٖ، فَلَمْ يَخْرُجْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَفِقَ رِجَالٌ مِّنْهُمْ يَقُولُونَ: الصَّلَاةَ، فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى خَرَجَ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ، فَلَمَّا قَضَى الْفَجْرَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ فَقَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّهٗ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ شَاْنُكُمُ اللَّيْلَةَ، وَلَقَدْ خَشِيتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ صَلَاةُ اللَّيْلِ، فَتَعْجِزُوا عَنْهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نصف رات کے وقت تشریف لے گئے۔ آپ نے مسجد میں نماز ادا کی سب لوگوں نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ اگلے دن لوگوں نے اس بارے میں بات چیت کی تو پہلے سے زیادہ لوگ اکٹھے ہو گئے پھر نبی اکرم ﷺ دوسری رات بھی تشریف لے گئے۔ آپ نے نماز ادا کی لوگوں نے آپ کی اقتدا میں نماز ادا کی۔ اگلی رات لوگوں نے اس بات کا تذکرہ کیا' تو تیسری رات تعداد زیادہ ہو چکی تھی۔ نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے آپ نے انہیں پڑھائی لوگوں نے آپ کے پیچھے اقتداء میں نماز ادا کی جب چوتھی رات آئی تو مسجد مکمل بھر چکی تھی۔ نبی اکرم ﷺ تشریف نہیں لے گئے کچھ لوگوں نے عرض کرنا شروع کیا: نماز (کے لئے تشریف لے آئیں) لیکن نبی اکرم ﷺ ان کے پاس تشریف نہیں لے گئے یہاں تک کہ آپ فجر کی نماز کے لئے تشریف لے گئے' جب آپ نے فجر کی نماز ادا کر لی' تو آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے پھر آپ نے کلمہ شہادت پڑھا اور یہ بات ارشاد فرمائی:

''گزشتہ رات تمہارا معاملہ مجھ سے مخفی نہیں تھا مجھے یہ اندیشہ ہوا تم پر رات کی نماز فرض کر دی جائے گی اور تم اس سے عاجز آ جاؤ گے (یعنی اسے ادا نہیں کر پاؤ گے)''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ صَلَاةَ النَّاسِ التَّرَاوِيحَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ لَيْسَتْ سُنَّةً

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے (جو اس بات کا قائل ہے) کہ رمضان کے مہینے میں لوگوں کا تراویح کی نماز ادا کرنا سنت نہیں ہے

2545 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا

2544- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه مسلم (761) (178) في صلاة المسافرين: باب الترغيب في قيام رمضان، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

2545- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو مكرر ما قبله.

ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ فِي الْمَسْجِدِ، فَصَلّٰى رِجَالٌ بِصَلَاتِهٖ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُوْنَ بِذٰلِكَ، فَاجْتَمَعَ اَكْثَرُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اللَّيْلَةِ الثَّانِيَةِ، فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهٖ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَذَاكَرُوْنَ ذٰلِكَ، فَكَثُرَ اَهْلُ الْمَسْجِدِ مِنَ اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ، فَخَرَجَ يُصَلِّيْ بِهِمْ، فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهٖ، فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الرَّابِعَةُ عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ اَهْلِهٖ، فَلَمْ يَخْرُجْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى خَرَجَ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ، فَلَمَّا قَضَى الْفَجْرَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ فَقَالَ: اَمَّا بَعْدُ، اِنَّهٗ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ شَاْنُكُمُ اللَّيْلَةَ، وَلٰكِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ صَلَاةُ اللَّيْلِ فَتَعْجِزُوْا عَنْهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نصف رات کے وقت مسجد تشریف لے گئے کچھ لوگوں نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی اگلے دن لوگوں نے آپس میں اس بارے میں بات چیت کی تو زیادہ تعداد میں لوگ اکٹھے ہوگئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوسری رات بھی تشریف لے گئے کچھ لوگوں نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ اگلے دن لوگوں نے آپس میں اس بات کا تذکرہ کیا' تو تیسری رات اہل مسجد کی تعداد زیادہ ہوگئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے آپ نے انہیں نماز پڑھائی لوگوں نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ چوتھی رات آئی تو مسجد مکمل بھر چکی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لے گئے یہاں تک کہ آپ فجر کی نماز کے لئے تشریف لے گئے' جب آپ نے فجر کی نماز ادا کر لی' تو ان لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے پھر آپ نے کلمہ شہادت پڑھا اور ارشاد فرمایا:

''امابعد! گزشتہ رات تمہارا معاملہ مجھ سے مخفی نہیں تھا لیکن مجھے یہ اندیشہ ہوا' تم پر رات کے نوافل فرض کر دیئے جائیں گے اور تم اس سے عاجز آ جاؤ گے (یعنی انہیں ادا کر پاؤں گے)''۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَا قُدِّمَ مِنْ ذُنُوْبِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ اِذَا قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا فِيْهِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کرنے کا تذکرہ جو مسلمان رمضان کے مہینے میں ایمان کی حالت میں ثواب کی اُمید رکھتے ہوئے نوافل ادا کرتا ہے

2546 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِرَمَضَانَ: مَنْ قَامَهٗ اِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَلِاحْتِسَابُ: قَصْدُ الْعَبِيْدِ اِلٰى بَارِئِهِمْ بِالطَّاعَةِ رَجَاءَ الْقَبُوْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رمضان کے بارے میں یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے اس میں نوافل ادا کرے گا اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہوجائے گی''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) احتساب سے مراد یہ ہے کہ بندہ اطاعت کے ہمراہ اپنے پروردگار کی بارگاہ کا قصد کرے اس کی قبولیت کی امید رکھتے ہوئے۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِكَتْبِهٖ قِيَامَ اللَّيْلِ كُلِّهٖ لِمَنْ صَلّٰى مَعَ الْاِمَامِ التَّرَاوِيحَ حَتّٰى يَنْصَرِفَ

اللہ تعالیٰ کا اپنے فضل کے تحت اس شخص کے لئے تمام رات نوافل ادا کرنے کے اجر کو نوٹ کرلینا جو امام کے ہمراہ تراویح کی پوری نماز ادا کرتا ہے

2547 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُدَامَةَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ:

2546- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه النسائى 4/155 فى الصيام: باب ثواب من قام رمضان وصامه إيمانًا واحتسابًا، والبيهقى 2/492 من طريق الربيع بن سليمان، عن ابن وهب، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مالك 1/113 عن الزهرى، به. ومن طريقه أخرجه عبد الرزاق (7719)، وأبو داوٗد (1371) فى الصلاة: باب فى قيام شهر رمضان، والنسائى 3/201-202 فى قيام الليل: باب ثواب من قام رمضان إيمانًا واحتسابًا، و4/156 فى الصيام: باب ثواب من قام رمضان وصامه، و8/118 فى الإيمان: باب قيام رمضان، وابن خزيمة (2202)، والبيهقى 2/492. وأخرجه أحمد 2/281 و289، والبخارى (2008) فى صلاة التراويح: باب فضل من قام رمضان، ومسلم (759) (174) فى صلاة المسافرين: باب الترغيب فى قيام رمضان، وأبو داوٗد (1371)، والترمذى (808) فى الصوم: باب الترغيب فى قيام رمضان، والنسائى 4/156، والبيهقى 2/492 من طرق عن الزهرى، به. وأخرجه أحمد 2/408 و423، والدارمى 2/26، والنسائى 4/157 و8/118، وابن ماجه (1326) فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فى قيام شهر رمضان، والبغوى (1707) من طريقين عن أبى سلمة، به. وأخرجه البخارى (2009)، ومسلم (759) (173)، والنسائى 3/201 و4/156 و8/117 و118، وابن خزيمة (2203)، والبيهقى 1/492-492، والبغوى (988) من طريق الزُّهرِىِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِىْ هريرة، به. وأخرجه عبد الرزاق (7720) من طريق الزهرى، عن حميد مرسلًا. (1) إسناده صحيح على شرط مسلم. ابن فضيل: هو محمد، والوليد بن عبد الرحمٰن: هو الجرشى. وهو فى "صحيح ابن خزيمة" (2206). وأخرجه النسائى 3/202-203 فى قيام الليل: باب قيام شهر رمضان، عن هنّاد، عن محمد بن الفضيل، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/159-160 و163، والدارمى 2/26-27، وأبو داوٗد (1375) فى الصلاة: باب فى قيام شهر رمضان، والنسائى 3/83-84 فى السهو: باب ثواب من صلى مع الإمام حتى ينصرف، وابن ماجه (1327) فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فى قيام شهر رمضان، وابن الجارود (403) من طرق عن داوٗد بن أبى هند، به.

(متن حدیث): صُمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَضَانَ فَلَمْ يَقُمْ بِنَا فِي السَّادِسَةِ، وَقَامَ بِنَا فِي الْخَامِسَةِ حَتّٰى ذَهَبَ يَنْتَظِرُ اللَّيْلَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ نَفَّلْتَنَا بَقِيَّةَ لَيْلَتِنَا هٰذِهِ، فَقَالَ: اِنَّهُ مَنْ قَامَ مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ كُتِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَةٍ، ثُمَّ لَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتّٰى بَقِيَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الشَّهْرِ، فَقَامَ بِنَا فِي الثَّالِثَةِ، وَجَمَعَ اَهْلَهُ وَنِسَائَهُ، فَقَامَ بِنَا حَتّٰى تَخَوَّفْنَا اَنْ يَفُوْتَنَا الْفَلَاحُ قُلْتُ: وَمَا الْفَلَاحُ؟ قَالَ: السَّحُوْرُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُ اَبِيْ ذَرٍّ: لَمْ يَقُمْ بِنَا فِي السَّادِسَةِ، وَقَامَ بِنَا فِي الْخَامِسَةِ، يُرِيْدُ: مِمَّا بَقِيَ مِنَ الْعَشْرِ لَا مِمَّا مَضٰى مِنْهُ، وَكَانَ الشَّهْرُ الَّذِيْ خَاطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّتَهُ بِهٰذَا الْخِطَابِ فِيْهِ تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ، فَلَيْلَةُ السَّادِسَةِ مِنْ بَاقِيْ تِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ تَكُوْنُ لَيْلَةَ اَرْبَعٍ وَعِشْرِيْنَ، وَلَيْلَةُ الْخَامِسَةِ مِنْ بَاقِيْ تِسْعٍ وَعِشْرِيْنَ تَكُوْنُ لَيْلَةَ الْخَامِسِ وَالْعِشْرِيْنَ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رمضان کے روزے رکھے۔ آپ نے ہمیں چھٹی رات میں نوافل نہیں پڑھائے۔ آپ نے ہمیں پانچویں رات میں نوافل پڑھائے تھے یہاں تک کہ آپ رات کا انتظار کرنے لگے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ اس باقی رہ جانے والی رات میں نفل پڑھائیں (تو یہ مناسب ہوگا)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص امام کے ہمراہ نماز ادا کرے یہاں تک کہ اسے مکمل کرے تو اسے رات بھر نوافل ادا کرنے کا ثواب ملتا ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز نہیں پڑھائی یہاں تک اس مہینے میں تین دن باقی رہ گئے تو آپ نے ہمیں تیسری رات میں نماز پڑھائی۔ آپ نے اپنے اہل خانہ اور اپنی ازواج کو بھی اکٹھا کیا آپ نے ہمیں نوافل پڑھائے یہاں تک کہ ہمیں یہ اندیشہ ہوا ہماری فلاح رہ جائے گی۔

(راوی کہتے ہیں:) میں نے دریافت کیا: فلاں سے مراد کیا ہے تو انہوں نے جواب دیا: سحری۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ چھٹی رات میں آپ نے ہمیں نوافل نہیں پڑھائے۔ آپ نے پانچویں رات میں ہمیں نوافل پڑھائے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جو عشرہ باقی رہ گیا تھا۔ اس کی چھٹی یا پانچویں رات۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے۔ جو مہینہ گزر چکا تھا۔ اس کی پانچویں یا چھٹی رات کیونکہ وہ مہینہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو یہ خطاب کیا تھا۔ اس میں انتیس دن تھے۔ تو انتیس دنوں والے مہینے کے باقی حصے کی چھٹی رات چوبیسویں رات تھی۔ اور 29 دن والے مہینے کے باقی حصے کی پانچویں رات پچیسویں رات ہوگی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا اللَّفْظَةَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جو ہماری ذکر کردہ تاویل کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے جو ان الفاظ کے بارے میں ہے جن کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

2548 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ

بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): ذَكَرْنَا لَيْلَةَ الْقَدْرِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمْ مَضٰى مِنَ الشَّهْرِ؟ فَقُلْنَا: مَضَى اثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ يَوْمًا، وَبَقِیَ ثَمَانٌ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، بَلْ مَضَى اثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ يَوْمًا، وَبَقِیَ سَبْعٌ، اَلشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ يَوْمًا، فَالْتَمِسُوْهَا اللَّيْلَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے شب قدر کا ذکر کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مہینے کا کتنا حصہ گزر چکا ہیں ہم نے عرض کی: بائیس (22) دن گزر گئے ہیں اور آٹھ دن باقی رہ گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں' بلکہ بائیس (22) دن گزر گئے ہیں اور سات دن باقی رہ گئے ہیں مہینہ کبھی انتیس (29) کا ہوتا ہے' تو تم اس رات کو تلاش کرو۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْقَارِءِ فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ اَنْ يَّؤُمَّ بِالنِّسَاءِ التَّرَاوِيحَ جَمَاعَةً

رمضان کے مہینے میں امام کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' کہ وہ تراویح کی نماز باجماعت میں خواتین کی امامت کرے

2549 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ الْقُمِّیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ جَارِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اُبَیُّ بْنُ كَعْبٍ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَانَ مِنِّی اللَّيْلَةَ شَیْءٌ فِیْ رَمَضَانَ، قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا اُبَیُّ؟ قَالَ: نِسْوَةٌ فِیْ دَارِیْ قُلْنَ: اِنَّا لَا نَقْرَاُ الْقُرْآنَ، فَنُصَلِّیْ بِصَلَاتِكَ، قَالَ: فَصَلَّيْتُ بِهِنَّ ثَمَانِیَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ اَوْتَرْتُ، قَالَ: فَكَانَ شِبْهُ الرِّضَا، وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! گزشتہ رات رمضان کے حوالے سے مجھے کچھ مشکل پیش آئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کیا تھی؟ اے ابی! انہوں نے عرض کی: ہمارے گھر کی کچھ خواتین تھی۔ انہوں نے یہ کہا ہم قرآن نہیں پڑھ سکتی ہیں ہم آپ کی نماز کی پیروی کرتی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے انہیں آٹھ رکعات پڑھائی پھر میں نے وتر ادا کر لئے۔

2548- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه أحمد 2/251، وابن ماجه (1656) فی الصيام: باب ما جاء فی "الشهر تسع وعشرون"، والبيهقی 4/310 من ثلاثة طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد . وأخرجه البيهقی 4/310 من طريق أبی مسلم عبيد الله بن سعيد قائد الأعمش، عن الأعمش، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عن أبی هريرة.

2549- إسناده ضعيف، لضعف عيسى بن جارية الأنصاری المدنی. يعقوب القمی: هو يعقوب بن عبد الله بن سعد الأشعری أبو الحسن القمی، قال النسائی: ليس به بأس، وقال أبو القاسم الطبرانی: ثقة، وذكره المؤلف فی "الثقات"، وقال الدارقطنی: ليس بالقوی، وقال الإمام الذهبی فی "الكاشف": صدوق، وقال الحافظ فی "التقريب": صدوق يهم. وهو فی "مسند أبی يعلى" (1801). وأورده الحافظ الهيثمی فی "المجمع" 2/74 وقال: رواه أبو يعلى والطبرانی بنحوه فی "الأوسط" وإسناده حسن.

(حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گویا رضامندی کا اظہار کیا آپ نے انہیں کچھ کہا نہیں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اِمَامَةِ الرَّجُلِ النِّسْوَةَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ جَمَاعَةً

مرد کا رمضان کے مہینے میں باجماعت نماز میں خواتین کی امامت کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

2550 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُ كَانَ مِنِّي اللَّيْلَةَ شَيْءٌ - يَعْنِي فِيْ رَمَضَانَ - قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا اُبَيُّ؟ قَالَ: نِسْوَةٌ فِيْ دَارِي قُلْنَ: اِنَّا لَا نَقْرَاُ الْقُرْآنَ، فَنُصَلِّي بِصَلَاتِكَ، قَالَ: فَصَلَّيْتُ بِهِنَّ ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ اَوْتَرْتُ، قَالَ: فَكَانَ شِبْهُ الرِّضَا، وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! گزشتہ رات مجھے کچھ پریشانی ہوئی یعنی رمضان کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابی! وہ کیا تھی؟ انہوں نے عرض کی: میرے گھر کی خواتین نے کہا: ہم قرآن نہیں پڑھ سکتی ہیں، تو ہم آپ کی نماز کی پیروی کریں گی۔ حضرت ابی نے بتایا: میں نے ان خواتین کو آٹھ رکعات نماز پڑھائی پھر میں نے وتر ادا کر لئے۔

(حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گویا رضامندی کا اظہار کیا تاہم آپ نے انہیں کچھ کہا نہیں۔

2550- إسناده ضعيف. وهو مكرر ما قبله

فَصْلٌ فِیْ قِیَامِ اللَّیْلِ

فصل: رات کے وقت نوافل ادا کرنا

2551 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَخْبَرَنَا سَعْدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ، وَكَانَ جَارًا لَهُ، اَنَّهُ قَالَ لِعَائِشَةَ: اَخْبِرِيْنِيْ عَنْ خُلُقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: اَلَسْتَ تَقْرَاُ الْقُرْآنَ؟ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَتْ: خُلُقُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ الْقُرْآنَ، قَالَ: فَهَمَمْتُ اَنْ اَقُوْمَ وَلَا اَسْاَلُهَا عَنْ شَيْءٍ

فَقُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَنْبِئِيْنِيْ عَنْ قِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: اَلَسْتَ تَقْرَاُ هٰذِهِ السُّوْرَةَ: (يَا اَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ) (المزمل: 1) ؟ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَتْ: فَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا افْتَرَضَ الْقِيَامَ فِيْ اَوَّلِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ، فَقَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ حَوْلًا حَتّٰى انْتَفَخَتْ اَقْدَامُهُمْ، وَاَمْسَكَ اللّٰهُ خَاتِمَتَهَا اثْنَيْ عَشَرَ شَهْرًا فِي السَّمَاءِ، ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا التَّخْفِيْفَ فِيْ آخِرِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ، فَصَارَ قِيَامُ اللَّيْلِ تَطَوُّعًا بَعْدَ فَرِيْضَتِهٖ

سعد بن ہشام بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں عرض کی: آپ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے بارے میں بتائیں' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم نے قرآن کی تلاوت نہیں کی ہے میں نے جواب دیا: جی ہاں! کی ہے' تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق' قرآن تھے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے یہ ارادہ کیا' اب میں اٹھ جاتا ہوں اب اس سے کسی چیز کے بارے میں دریافت نہیں کروں گا۔

تو میں نے کہا: اے ام المومنین! آپ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قیام کے بارے میں بتائیں' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم نے اس سورۃ کی تلاوت نہیں کی ہے؟ ''اے چادر اوڑھنے والے'' میں نے جواب دیا: جی ہاں! کی ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کے آغاز میں رات کے وقت نوافل ادا کرنا فرض قرار دیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب ایک سال

2551- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "مصنف" عبد الرزاق برقم (4714)، وصححه ابن خزيمة (1078) و (1127). وتقدّم تخريجه عند الحديث (2420).

تک رات کے وقت نوافل ادا کرتے رہے یہاں تک کہ ان کے پاؤں ورم آلود ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کے اختتامی حصے کو بارہ ماہ تک آسمان میں روکے رکھا' پھر اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کے آخر میں تخفیف کا حکم نازل کر دیا تو رات کے وقت نوافل ادا کرنا نفل قرار پایا جو پہلے فرض تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ صَلَاةَ اللَّيْلِ جُعِلَتْ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْلًا بَعْدَ اَنْ كَانَ الْفَرْضُ عَلَيْهِ فِي الْبِدَايَةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ رات کے نوافل نبی اکرم ﷺ کے لئے نفل قرار دیئے گئے تھے اس سے پہلے آغاز میں یہ آپ پر فرض تھے

2552 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى صَلَاةً اَحَبَّ اَنْ يُدَاوِمَ عَلَيْهَا، وَكَانَ اِذَا شَغَلَهُ عَنْ قِيَامِ اللَّيْلِ نَوْمٌ اَوْ مَرَضٌ، اَوْ وَجَعٌ صَلّٰى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً

❀❀ سعد بن ہشام' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ جب کوئی نماز ادا کرتے تھے' تو آپ اس بات کو پسند کرتے تھے' اسے باقاعدگی سے ادا کریں اور اگر آپ نیند یا بیماری یا تکلیف وغیرہ جیسی کسی مصروفیت کی وجہ سے رات کے وقت نوافل ادا نہیں کر پاتے تھے' تو آپ دن کے وقت بارہ رکعات ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ حَلِّ عُقَدِ الشَّيْطَانِ الَّتِي عَلٰى قَافِيَةِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ عِنْدَ نَوْمِهٖ بِانْتِبَاهِهٖ لِصَلَاةِ اللَّيْلِ

رات کے وقت بیدار ہونے پر نوافل ادا کر کے شیطان کی لگائی ہوئی ان گرہوں کو کھولنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ جو وہ مسلمان شخص کے سونے کے وقت اس کی گدی پر لگاتا ہے

2553 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الْعَابِدُ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰى قَافِيَةِ رَاْسِ اَحَدِكُمْ اِذَا هُوَ نَامَ ثَلَاثَ عُقَدٍ يَضْرِبُ مَكَانَ كُلِّ عُقْدَةٍ: عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ، فَاِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ، انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، وَاِنْ

2579 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): نَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا انْتَصَفَ اللَّيْلُ، اَوْ قَبْلَهٗ، اَوْ بَعْدَهٗ بِقَلِيلٍ، اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَّجْهِهٖ بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَرَاَ الْعَشْرَ الْاٰيَاتِ الْخَوَاتِمَ مِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ اِلٰى شَنٍّ مُعَلَّقَةٍ، فَتَوَضَّاَ مِنْهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے یہاں تک کہ نصف رات ہوگئی۔نصف رات سے کچھ پہلے یا بعد کا وقت تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے۔آپ نے اپنے دونوں ہاتھ چہرے پر پھیر کر نیند کے اثرات کو دور کیا' پھر آپ نے سورہ آلِ عمران کی آخری دس آیات کی تلاوت کی اس کے بعد آپ لٹکے ہوئے مشکیزے کی طرف بڑھے اور آپ نے اس سے وضو کیا۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يُرَتِّلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَائَتَهٗ فِيْ صَلَاةِ اللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز میں ترتیل کے ساتھ تلاوت کرتے تھے

2580 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِيْ وَدَاعَةَ السَّهْمِيِّ، عَنْ حَفْصَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِيْ سُبْحَتِهٖ قَاعِدًا، فَيَقْرَاُ بِالسُّوْرَةِ فَيُرَتِّلُهَا حَتّٰى تَكُوْنَ اَطْوَلَ مِنْ اَطْوَلَ مِنْهَا

سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: (بعض اوقات) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر نوافل ادا کرنا شروع کرتے تھے آپ جس سورت کی تلاوت کرتے تھے اسے ٹھہر' ٹھہر کر پڑھتے تھے یہاں تک کہ وہ اپنی سے طویل سورۃ سے بھی زیادہ طویل محسوس ہوتی تھی۔

ذِكْرُ جَهْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِرَائَةِ الْقُرْآنِ عِنْدَ صَلَاةِ اللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (بعض اوقات) رات کی نماز میں بلند آواز میں قرأت کرتے تھے

2581 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، اَنَّ كُرَيْبًا اَخْبَرَهٗ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقُلْتُ: مَا صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ؟ قَالَ: كَانَ

2579– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 1/121–122 بأطول مما هنا. ومن طريق مالك أخرجه عبد الرزاق (4708)، وأحمد 1/242 و358، والبخاري (183) في الوضوء: باب قراءة القرآن بعد الحديث وغيره، و (992) في الوتر: باب ما جاء في الوتر، و (1198) في العمل في الصلاة: باب استعانة اليد في الصلاة، و (4570) في التفسير: باب (الذين يذكرون الله قيامًا وقعودًا) و (4571) باب (ربنا إنك مَن تدخل النار فقد أخزيته)، و (4572) باب (ربنا إننا سمعنا مناديًا ينادي للإيمان)، ومسلم (763) (182) في صلاة المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه، وأبو داود (1367) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والنسائي 3/210–211 في قيام الليل: باب ذكر ما يستفتح به القيام، والترمذي في "الشمائل" (262)، وابن ماجه (1363) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في كم يصلي بالليل، وأبو عوانة 2/315–316، والطبراني (12192)، والبيهقي 3/7. وسيعيده المؤلف برقم (2592) و (2626).

2580– إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد تقدم برقم (2508).

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي بَعْضِ حُجَرِهِ، فَيَسْمَعُ مَنْ كَانَ خَارِجًا

کریب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا میں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت کیسے نماز ادا کرتے تھے؟ انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حجرے میں تلاوت کر رہے ہوتے تھے اور حجرے کے باہر موجود شخص اسے سن سکتا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَّجْهَرُ فِي صَلَاةِ اللَّيْلِ بِقِرَائَتِهٖ كُلِّهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز میں تمام قرأت بلند آواز میں نہیں کرتے تھے

2582 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ بُرْدٍ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَرَاَيْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْهَرُ بِصَلَاتِهٖ، اَوْ يُخَافِتُ بِهَا؟ قَالَتْ: رُبَّمَا جَهَرَ بِصَلَاتِهٖ، وَرُبَّمَا خَافَتَ بِهَا، قُلْتُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً

غضیف بن حارث بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں عرض کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں آپ کیا کہتی ہیں؟ آپ نماز پڑھتے وقت بلند آواز میں قرأت کرتے تھے یا پست آواز میں کرتے تھے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بعض اوقات آپ بلند آواز میں قرأت کرتے تھے اور بعض اوقات پست آواز میں کرتے تھے تو میں نے کہا: ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جس نے اس معاملہ میں گنجائش رکھی ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُتَهَجِّدِ بِاللَّيْلِ بِالنَّوْمِ عِنْدَ غَلَبَتِهٖ اِيَّاهُ عَلٰى وِرْدِهٖ

رات کے وقت نوافل ادا کرنے والے شخص کے اس وقت سو جانے کا تذکرہ جب اس کو شدید نیند آ رہی ہو

2583 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

2581- إسناده قوى. سعد بن عبد الله مترجم فى الجرح والتعديل 4/92 وقال ابن أبى حاتم وأبوه: صدوق، ووثقه الخليلى فى "الارشاد"، وأبوه عبد الله من رجال "التهذيب" وثقه أبو زرعة والعجلى والمؤلف وابن عبد البر والخليلى، وقال ابوحاتم: صدوق، ومن فوقهما من رجال الشيخين. وهو فى "صحيح ابن خزيمة" (1157). وأخرجه ابن خزيمة، والبيهقى 3/11 من طريقين عن يحيى بن عبد الله بن بكير، عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/271، وأبو داؤد (1327) فى الصلاة: باب فى رفع الصوت بالقراءة فى صلاة الليل، ومن طريقه البيهقى 3/10-11 من طريقين عن عبد الرحمٰن بن أبى الزناد، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَتْ قراءة النبى صلى الله عليه وسلم على قدر ما يسمعه مَن فى الحجرة، وهو فى البيت.

2582- إسناده صحيح. وهو مكرر (2447)، وقد وقع فى السند هنا "ابن وهب" بدل "وهيب" والمثبت من السند المتقدم.

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا نَامَ اَحَدُکُمْ فِیْ صَلَاتِہٖ، فَلْیَرْقُدْ حَتّٰی یَذْھَبَ عَنْہُ النَّوْمُ، فَاِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا قَامَ یُصَلِّیْ وَھُوَ نَاعِسٌ لَعَلَّہٗ یَسْتَغْفِرُ فَیَسُبُّ نَفْسَہٗ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کسی شخص کو نماز کے وقت نیند آ جائے' تو اسے سو جانا چاہیے' یہاں تک کہ اس کی نیند ختم ہو جائے کیونکہ ایسا ہو سکتا ہے' کوئی شخص نماز کے لئے کھڑا ہوگا اور وہ اونگھ رہا ہو اور اپنی طرف سے دعائے مغفرت کر رہا ہو لیکن در حقیقت خود کو برا بھلا کہہ رہا ہو''۔

ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ اُمِرَ بِہِ النَّاعِسُ فِیْ صَلَاتِہٖ، وَاِنْ لَّمْ یَکُنِ النَّوْمُ غَلَبَ عَلَیْہِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ حکم اس شخص کو دیا گیا ہے جسے نماز کے دوران اونگھ آ جاتی ہے اگر چہ نینداس پر غالب نہیں آتی ہے

2584 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ ھِلَالٍ الصَّوَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ اَیُّوْبَ، عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ، عَنْ اَبِیْہِ، عَنْ عَائِشَۃَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا نَعَسَ الرَّجُلُ وَھُوَ یُصَلِّیْ فَلْیَنْصَرِفْ، لَعَلَّہٗ یَکُوْنُ یَدْعُو فِیْ صَلَاتِہٖ فَیَدْعُو عَلٰی نَفْسِہٖ وَھُوَ لَا یَدْرِی

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کسی شخص کو نماز کے دوران اونگھ آنے لگے' تو اسے نماز ختم کر دینی چاہئے کیونکہ ایسا ہو سکتا ہے وہ اپنی طرف سے نماز کے دوران دعا مانگ رہا ہو حالانکہ در حقیقت اپنے لئے دعائے ضرر کر رہا ہو اور اسے اس بات کا علم بھی نہ ہو''۔

ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ مَنِ اسْتَعْجَمَ عَلَیْہِ قِرَائَتُہٗ بِاللَّیْلِ مِنَ النُّعَاسِ

2583- إسناده صحيح على شرطهما. وهو في "الموطأ" 1/118 برواية يحيى الليثي، وفيه "إذا نعس أحدكم ...."ومن طريق مالك أخرجه البخاري (212) في الوضوء: باب الوضوء من النوم، ومسلم (786) في صلاة المسافرين: باب أمر من نعس في صلاته بأن يرقد، وأبو داؤد (1310) في الصلاة: باب النعاس في الصلاة، والبيهقي 3/16، وأبو عوانة 2/297. وأخرجه عبد الرزاق (4222)، وأحمد 6/56 و202 و205 و259، والدارمي 1/321، والحميدي (185)، والترمذي (355) في الصلاة: باب ما جاء في الصلاة عند النعاس، وابن ماجه (1370) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في المصلي إذا نعس، وأبو عوانة 2/297، والبيهقي 3/16، والبغوي (940) من طرق عن هشام بن عروة، بهٰذا الإسناد.

2584- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير بشر بن هلال الصواف فمن رجال مسلم. وأخرجه النسائي 1/99-100 في الطهارة: باب النعاس، عن بشر بن هلال، بهٰذا الإسناد. وانظر ما قبله.

اَوِ النَّهَارِ كَانَ عَلَيْهِ الِانْفِتَالُ مِنْ صَلَاتِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ رات کے وقت یا دن کے وقت اونگھنے کی وجہ سے جس شخص کے لئے تلاوت کرنے میں دشواری ہو اس پر یہ بات لازم ہے وہ (نفل) نماز کو ختم کر دے

2585 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ مِنَ اللَّيْلِ، فَاسْتَعْجَمَ الْقُرْآنُ عَلٰى لِسَانِهٖ فَلَمْ يَدْرِ مَا يَقُولُ، فَلْيَضْطَجِعْ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص رات کے وقت نوافل ادا کر رہا ہو اور قرآن کی تلاوت اس کی زبان پر دشوار ہو جائے اور اسے یہ اندازہ نہ ہو پائے وہ کیا کہہ رہا ہے' تو اسے سو جانا چاہئے''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُمِرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا ہے

2586 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ،

(متن حدیث): اَنَّ الْحَوْلَاءَ بِنْتَ تُوَيْتِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى مَرَّتْ بِهَا، وَعِنْدَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: هٰذِهِ الْحَوْلَاءُ بِنْتُ تُوَيْتٍ، زَعَمُوا اَنَّهَا لَا تَنَامُ بِاللَّيْلِ، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنَامُ اللَّيْلَ خُذُوا مِنَ الْعَمَلِ مَا تُطِيقُونَ، فَوَاللّٰهِ لَا يَسْاَمُ اللّٰهُ حَتّٰى تَسْاَمُوا

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ حولاء بنت تویت ان کے پاس سے گزری۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کے پاس موجود تھے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے کہا: یہ حولاء بنت تویت ہے۔ لوگ یہ کہتے ہیں یہ رات کے وقت سوتی

2585– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "مصنف عبد الرزاق" (4221) . ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/318، ومسلم (787) في صلاة المسافرين: باب أمر من نعس في صلاة أو استعجم عليه القرآن بأن يرقد، وأبو داؤد (1311) في الصلاة: باب النعاس في الصلاة، والبيهقي 3/16، وأبو عوانة 2/297، والبغوي (941) . وأخرجه ابن ماجه (1372) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في المصلي إذا نعس، من طريق حاتم بن إسماعيل، عن أبي بكر بن يحيى بن النضر، عن أبيه، عن أبي هريرة.

2586– إسناده صحيح على شرط مسلم، من فوق حرملة من رجال الشيخين . والحولاء : قرشية أسدية من المهاجرات . وأخرجه مسلم (785) في صلاة المسافرين: باب أمر من نعس في صلاته ... عن حرملة بن يحيى، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/247 عن عثمان بن عمر، عن يونس بن يزيد، بهٰذا الإسناد . وتقدم برقم (359) من طريق شعيب، عن الزهري، به، فانظره.

نہیں ہے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''یہ رات کے وقت سوتی نہیں ہے تم لوگ اتنا عمل کرو جس کی تم طاقت رکھتے ہو اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ کا فضل اس وقت تک منقطع نہیں ہوتا' جب تک تم اکتاہٹ کا شکار نہیں ہو جاتے''۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ الصَّلَاةَ بِاللَّيْلِ مَا لَمْ تَغْلِبْهُ عَيْنُهُ عَلَيْهِ

آدمی کے لئے اس وقت تک رات کے وقت نوافل ادا کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ' جب تک اس کی آنکھ نہیں لگ جاتی ہے

2587 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِحَبْلٍ مَمْدُودٍ بَيْنَ سَارِيَتَيْنِ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا هٰذَا الْحَبْلُ؟ قَالُوْا: فُلَانَةُ تُصَلِّي، فَإِذَا خَشِيَتْ اَنْ تُغْلَبَ اَخَذَتْ بِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِتُصَلِّ مَا عَقَلَتْهُ، فَإِذَا غُلِبَتْ فَلْتَنَمْ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں دو ستونوں کے درمیان بندھی ہوئی رسی کے پاس سے گزرے تو آپ نے دریافت کیا: یہ رسی کیوں ہے لوگوں نے عرض کی: فلاں خاتون نماز ادا کرتی ہے اسے یہ اندیشہ ہوتا ہے' اسے نیند آ رہی ہے' تو اسے پکڑ لیتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے اس وقت تک نماز ادا کرنی چاہئے جب تک وہ جاگ رہی ہو اور جب نیند آنے لگے' تو اسے سو جانا چاہئے۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُحَدِّثِ نَفْسَهُ بِقِيَامِ اللَّيْلِ ثُمَّ غَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ حَتّٰى نَامَ عَنْهُ بِكِتْبَةِ اَجْرِ مَا نَوٰى

جو شخص رات کے وقت نوافل ادا کرنے کی نیت کرتا ہے پھر اس کی آنکھ لگ جاتی ہے یہاں تک کہ وہ ان کو ادا کئے بغیر سو جاتا ہے' تو اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ اس نے جو نیت کی تھی اس کا اجر اس کے لئے نوٹ کر لے گا

2588 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِي لُبَابَةَ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ،

2587- إسناده صحيح على شرط مسلم. وقد تقدم الحديث برقم (2493)، وانظر (2492).

(متن حدیث):اَنَّـهُ عَـادَ زِرَّ بْـنَ حُبَيْشٍ فِيْ مَرَضِهِ، فَقَالَ: قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ، اَوْ اَبُو الدَّرْدَاءِ - شَكَّ شُعْبَةُ - قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِقِيَامِ سَاعَةٍ مِنَ اللَّيْلِ، فَيَنَامُ عَنْهَا، اِلَّا كَانَ نَوْمُهُ صَدَقَةً تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْهِ، وَكُتِبَ لَهُ اَجْرُ مَا نَوَى

سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں: وہ زر بن حبیش کی بیماری کے دوران ان کی عیادت کے لئے گئے انہوں نے بتایا: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے (راوی کو شک ہے) یا شاید حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے' یہ شک شعبہ نامی راوی کو ہے' انہوں نے یہ بات بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو بھی بندہ ذہن میں یہ طے کرتا ہے' رات کے کسی حصے میں نوافل ادا کرے گا اور وہ اس وقت میں سویا رہ جاتا ہے' تو وہ نیند صدقہ ہوتی ہے' جو اللہ تعالیٰ نے اس پر کیا ہوتا ہے اور اس شخص کو اس کی نیت کے مطابق اجر مل جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي كَانَ يَقُوْمُ فِيْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلتَّهَجُّدِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کی نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے

2589 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ:

(متن حدیث):سَاَلْنَا عَائِشَةَ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: كَانَ يَنَامُ اَوَّلَ اللَّيْلِ، وَيَقُوْمُ آخِرَهُ

اسود بیان کرتے ہیں: ہم نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: آپ رات کے ابتدائی حصے میں سو جاتے تھے اور آخری حصے میں نوافل ادا کیا کرتے تھے۔

2588- إسناده جيد، محمد بن سعيد الأنصاري ترجمه المؤلف في "الثقات" 9/102، فقال: من أهل حرّان، يروي عن أبي نعيم والكوفيين، حدثنا عنه أبو عروبة، مات سنة أربع أو خمس وأربعين ومئتين، وله ترجمة في "التهذيب" 9/187، ومن فوقه من رجال الشيخين إلا أن مسكين بن بكير قال عنه في "التقريب": صدوق يخطىء. وأخرجه البيهقي 3/15 من طريق الحسين بن علي الجعفي، عن زائدة، عن سليمان الأعمش، عن حبيب بن أبي ثابت، عن عبدة، عن سويد بن غفلة، عن أبي الدرداء، مرفوعًا. وأخرجه عبد الرزاق (4224) عن الثوري، عن عبدة، عن سويد، عن أبي الدرداء أو أبي ذر، موقوفًا. وأخرجه البيهقي 3/15 من طريق معاوية بن عمرو، عن زائدة، عن الأعمش، عن حبيب بن أبي ثابت، عن عبدة، عن سويد، عن أبي الدرداء، من قوله.

2589- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يوسف بن موسى فمن رجال البخاري. وأخرجه ابن ماجه (1365) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في أي ساعات الليل أفضل، عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن عبيد الله بن موسى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/253 عن يحيى بن آدم، عن إسرائيل، به. وأرجه أحمد 6/102، ومسلم (739) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل، والنسائي 3/218 في قيام الليل: باب الاختلاف على عائشة في إحياء الليل، من طريق زهير بن حرب، والبخاري (1146) في التهجد: باب من نام أول الليل وأحيى آخره، من طريق شعبة، كلاهما عن أبي إسحاق، به - وهو أطول مما هنا.

ذِكْرُ وَصْفِ قِيَامِ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِيَامِهِ

اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام کے نوافل ادا کرنے اور روزہ رکھنے کے طریقے کا تذکرہ

اللہ تعالیٰ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان پر درود وسلام نازل کرے

2590 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ مُنْذُ سَبْعِينَ سَنَةً، يَقُولُ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ اَوْسٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يُخْبِرُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَحَبُّ الصَّلَاةِ اِلَى اللّٰهِ صَلَاةُ دَاوُدَ، كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ، وَيَقُوْمُ ثُلُثَ اللَّيْلِ، وَيَنَامُ سُدُسَهُ، وَاَحَبُّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوُدَ، كَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا، وَيُفْطِرُ يَوْمًا

حضرت عبداللہ بن عمرو العاص رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین نماز حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز ہے' وہ نصف رات سوئے رہتے تھے اور ایک تہائی رات میں نوافل ادا کرتے تھے اور پھر رات کے چھٹے حصے میں سو جاتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین روزہ رکھنے کا طریقہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتے تھے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا كَانَ يَقُوْمُ اللَّيْلَ بَعْدَ نَوْمَةٍ يَنَامُهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر سونے کے بعد رات کے وقت نوافل ادا کرنے کے لئے اٹھتے تھے

2591 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ،

2590- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء فمن رجال مسلم. وأخرجه عب[د] الرزاق (7864)، وأحمد 2/160، والبخاري (1131) في التهجد: باب من نام عند السحر، و (3420) في أحاديث الأنبياء: باب أحب الصلاة إلى الله داوُد، ومسلم (1159) (189) في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر، وأبو داوُد (2448) في الصوم: باب صوم يوم وفطر يوم، والنسائي 3/214-215 في قيام الليل: باب ذكر صلاة نبي الله داوُد عليه السلام بالليل، و 4/198 في الصيام: باب صوم نبي الله داوُد عليه السلام، وابن ماجه (1712) في الصيام: باب ما جاء في صيام داوُد عليه السلام، والدارمي 2/20، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 2/85، من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد، مع اختلاف في الألفاظ. وأخرجه أحمد 2/206، وعبد الرزاق (7864)، والطحاوي 2/85، والبيهقي 4/295، 296 من طريق ابن جريج، عن عمرو بن دينار، به.

2591- إسناده صحيح على شرطهما. أبو وائل: شقيق بن سلمة. وقد تقدم الحديث (1073) و (1076).

قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوْصُ فَاهُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت بیدار ہوتے تھے تو آپ مسواک کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي مَا وَصَفْنَا مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ بَعْدَ رَقْدِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی وہ (نفل) نماز سونے کے بعد ادا کرتے تھے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

2592 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهِيَ خَالَتُهُ، قَالَ: فَاضْطَجَعْتُ فِي عَرْضِ الْوِسَادَةِ، وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلُهُ فِي طُوْلِهَا، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى انْتَصَفَ اللَّيْلُ، اَوْ قَبْلَهُ، اَوْ بَعْدَهُ بِقَلِيلٍ، اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَرَاَ الْعَشْرَ آيَاتِ الْخَوَاتِمِ مِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ اِلٰى شَنٍّ مُعَلَّقَةٍ، فَتَوَضَّاَ مِنْهَا فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَقُمْتُ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَا صَنَعَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُمْتُ

2592- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم تخريجه من طريق مالك عند الحديث (2579). وأخرجه البخاري (698) في الأذان: باب إذا قام الرجل عن يسار الإمام فحوله إلى يمينه لم تفسد صلاته، ومسلم (763)، وأبو داود (1364)، وأبو عوانة 2/316-317، و318، والبيهقي 3/7-8، والطبراني (12193) و(12194) من طرق عن مخرمة بن سليمان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث (2626) عند المؤلف. وأخرجه عبد الرزاق (4707)، وأحمد 1/284 و364، والحميدي (472)، والطيالسي (2706)، والبخاري (138) في الوضوء: باب التخفيف في الوضوء، و(726) في الأذان: باب إذا قام الرجل عن يسار الإمام وحوله الإمام خلفه إلى يمينه تمّت صلاته، و(859) باب وضوء الصبيان، و(4569) في التفسير: باب (إن في خلق السماوات والأرض)، و(6215) في الأدب: باب رفع البصر إلى السماء، و(6316) في الدعوات: باب الدعاء إذا انتبه من الليل، و(7452) في التوحيد: باب ما جاء في تخليق السماوات والأرض وغيرهما من الخلائق، ومسلم (763)، والنسائي 2/218 في التطبيق: باب الدعاء في السجود، والترمذي (232) في الصلاة: باب ما جاء في الرجل يصلي ومعه رجل، وابن ماجه (423) في الطهارة: باب ما جاء في القصد في الوضوء وكراهية التعدى فيه، وابن خزيمة (1533) و(1534)، وأبو عوانة 2/315 و317-318، والطبراني (12165) و(12172) و(12184) و(12188) و(12189) و(12190) و(12191) من طرق عن كريب، به -وبعضهم يزيد فيه على بعض.

اِلٰی جَنْبِہٖ، فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَہُ الْیُمْنٰی عَلٰی رَاْسِی، فَاَخَذَ بِاُذُنِی الْیُمْنٰی یَفْتِلُھَا، فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ، ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ، ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ، ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ، ثُمَّ اَوْتَرَ، ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰی جَائَہُ الْمُؤَذِّنُ، فَقَامَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ خَفِیفَتَیْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّی الصُّبْحَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ایک مرتبہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں رات بسر کی جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خالہ تھیں' وہ بیان کرتے ہیں۔ میں بستر پر چوڑائی کی سمت لیٹ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اہلیہ لمبائی کی سمت میں لیٹ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے یہاں تک کہ جب نصف رات ہوئی یا شاید اس سے کچھ پہلے یا بعد کی بات ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے آپ نے اپنے دونوں ہاتھ چہرے پر پھیر کر نیند کے اثرات کو دور کیا' پھر آپ نے سورۃ آلِ عمران کی آخری دس آیات کی تلاوت کی پھر آپ لٹکے ہوئے مشکیزے کی طرف بڑھے آپ نے اس سے وضو کیا' اور اچھی طرح وضو کیا' پھر آپ کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے لگے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اٹھا میں نے بھی اسی طرح کیا جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا' پھر میں آیا اور آ کر آپ کے پہلو میں کھڑا ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک میرے سر پر رکھا اور میرے دائیں کان کو پکڑ کر اسے ملنے لگے آپ نے دو رکعات نماز ادا کی پھر آپ دو رکعات ادا کی پھر دو رکعات ادا کی پھر دو رکعات ادا کی پھر دو رکعات ادا کی پھر آپ نے وتر ادا کئے۔ پھر آپ لیٹ گئے (پھر سو گئے) یہاں تک کہ مؤذن آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اٹھے آپ نے دو مختصر رکعات ادا کی پھر آپ صبح کی نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے گئے۔

ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُصَلِّیْ مَا وَصَفْنَاہُ مِنْ صَلَاۃِ اللَّیْلِ بَیْنَ الْعِشَاءِ وَالْفَجْرِ بَعْدَ نَوْمِہٖ مِنْ اَوَّلِ اللَّیْلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی وہ (نفل) نماز جو عشاء اور فجر کے درمیان ہوتی تھی' آپ رات کے ابتدائی حصے میں سونے کے بعد (نصف رات کے قریب بیدار ہو کر وہ نفلی نماز) ادا کرتے تھے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

2593 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَۃَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَۃَ عَنْ صَلَاۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاللَّیْلِ، فَقَالَتْ: کَانَ یَنَامُ اَوَّلَ اللَّیْلِ، ثُمَّ یَقُوْمُ فَیُصَلِّیْ، فَاِذَا کَانَ مِنَ السَّحَرِ اَوْتَرَ، فَاِنْ کَانَتْ لَہٗ حَاجَۃٌ اِلٰی اَھْلِہٖ وَاِلَّا نَامَ، فَاِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ

2593– إسناده صحيح غلى شرط الشيخين . وهو في البخاري (1146) عن أبي الوليد، بهذا الإسناد. وانظر الحديث (2589) عند المؤلف.

وَثَبَ - وَمَا قَالَتْ: قَامَ - فَإِنْ كَانَ جُنُبًا اَفَاضَ عَلَيْهِ مِنَ الْمَاءِ - وَمَا قَالَتْ: اغْتَسَلَ - وَإِلَّا تَوَضَّأَ، وَخَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ

❁❁ اسود بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کے بارے میں دریافت کیا: انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں سو جاتے تھے۔ پھر آپ بیدار ہو کر نماز ادا کرتے تھے جب سحری کا وقت قریب آ جاتا تھا تو آپ وتر ادا کر لیتے تھے اگر آپ کو اپنی اہلیہ سے کوئی حاجت ہوتی تھی' تو اسے پورا کرتے تھے ورنہ سو جاتے تھے' پھر آپ اذان کی آواز سنتے تھے' تو اٹھ جاتے تھے اگر آپ جنابت کی حالت میں ہوتے تھے' تو آپ غسل کر لیتے تھے اور ورنہ وضو کر کے نماز کے لئے تشریف لے جاتے تھے (یہاں راوی نے کچھ الفاظ کی وضاحت کی ہے)

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ اِذَا تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ يُرِيْدُ التَّهَجُّدَ

اس بات کا تذکرہ کہ جب آدمی رات کے وقت تہجد کی نماز ادا کرنے کیلئے بیدار ہو' تو وہ کیا پڑھے؟

2594 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيُّ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كُنْتُ اَبِيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاٰتِيْهِ بِوَضُوْئِهِ وَحَاجَتِهِ، وَكَانَ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهِ الْهَوِيَّ "، ثُمَّ يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الْهَوِيَّ

❁❁ حضرت ربیع بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک مرتبہ رات کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا' میں آپ کے وضو اور قضائے حاجت کے لئے پانی لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ رات کے وقت نوافل ادا کرتے ہوئے یہ پڑھتے رہے۔

''پاک ہے میرا پروردگار اور حمد اسی کے لئے مخصوص ہے پاک ہے میرا پروردگار حمد اسی کے لئے مخصوص ہے''۔

2594- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم فمن رجال البخاري . وأخرجه الطبراني (4570) من طريق يحيى بن عبد الله البابلتي، والبيهقي 2/486 من طريق الوليد بن مزيد، كلاهما عن الأوزاعي، بهٰذا الإسناد. وزاد في اخره "قال: فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " هَلْ لك حاجة؟ " قال: فقلت: يا رسول الله، مرافقتك في الجنة . قال: " أوغير ذلك؟ " قال: فقلت: يا رسولَ الله، مرافقتك في الجنة. قال: "فأعِنّي على نفسك بكثرة السجود ." وهذه الزيادة أخرجها مسلم (489) في الصلاة: باب فضل السجود والحث عليه، والنسائي 2/227-228 في التطبيق: باب فضل السجود، من طريق هِقْل بن زياد، عن الأوزاعي، به . وأخرجه بمثل حديث الباب: أحمد 4/57 و57-58، والترمذي (3416) في الدعوات: باب منه، وابن ماجه (3879) في الدعاء : باب ما يدعو به إذا انتبه من الليل، والطبراني (4571) و(4572) و(4573) و(4574) و(4575) من طرق عن يحيى بن أبي كثير، به. وقال الترمذي: هٰذا حديث حسن صحيح. =

آپ خاصی دیر یہ پڑھتے رہے' پھر آپ یہ پڑھتے رہے۔

''پاک ہے تمام جہانوں کا پروردگار اور پاک ہے تمام جہانوں کا پروردگار'' آپ خاصی دیر یہ پڑھتے رہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو یحییٰ بن ابوکثیر کے حوالے سے نقل کرنے میں امام اوزاعی منفرد ہیں

2595 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، وَالْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَبِيتُ عِنْدَ حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُنْتُ اَسْمَعُهُ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ: سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الْهَوِيَّ، ثُمَّ يَقُوْلُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ الْهَوِيَّ

حضرت ربیع بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرے کے پاس رات بسر کی جب آپ رات کے وقت نوافل ادا کر رہے تھے' تو میں آپ کو سنتا رہا آپ یہ پڑھ رہے تھے:

''تمام جہانوں کا پروردگار پاک ہے۔ آپ خاصی دیر یہ پڑھتے رہے' اللہ تعالیٰ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے''۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي اِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ عِنْدَ الِانْتِبَاهِ مِنْ رَقْدَتِهٖ قُبِلَتْ صَلَاةُ لَيْلِهٖ اِذَا اَعْقَبَهُ بِهَا

اس چیز کا تذکرہ جسے آدمی بیدار ہونے کے وقت پڑھ لے' تو اگر وہ اس کے بعد نوافل ادا کرے' تو اس کی رات کی نماز قبول ہو جاتی ہے

2596 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا

2594– وأخرجه بنحوه مطولًا الطبراني (4576) من طريق محمد بن إسحاق، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ نعيم المجمر، عن ربيعة بن كعب الأسلمي.

2595– إسناده صحيح على شرطهما. عبد الله: هو ابن المبارك. وأخرجه النسائي 3/209 في قيام الليل: باب ذكر ما يستفتح به القيام، عن سويد بن نصر، عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/57، والطبراني (4569) من طريق عبد الرزاق، عن معمر، به. وانظر ما قبله.

الْوَلِيدُ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جُنَادَةُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ حِيْنَ يَسْتَيْقِظُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، رَبِّ اغْفِرْ لِي، غُفِرَ لَهُ، وَاِنْ قَامَ فَتَوَضَّاَ وَصَلّٰى قُبِلَتْ صَلَاتُهُ قَالَ الْوَلِيدُ: قَالَ: غُفِرَ لَهُ، اَوِ اسْتُجِيبَ لَهُ

✿✿ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص رات کے وقت بیدار ہو اور بیدار ہونے کے بعد یہ پڑھے۔

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے بادشاہی اسی کے لئے مخصوص ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا اے اللہ! تو میری مغفرت کر دے''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے رہے) اس شخص کی مغفرت ہو جاتی ہے اگر وہ اٹھ کر وضو کرے اور نماز ادا کرے تو اس کی نماز قبول ہوتی ہے۔

ولید نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے روایت میں یہ الفاظ ہیں۔

''اس شخص کی مغفرت ہو جاتی ہے'' راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہے ''اس شخص کی دعا قبول ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَحْمَدُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا وَيَدْعُوْهُ بِهٖ عِنْدَ صَلَاةِ اللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز کے وقت اپنے پروردگار کی حمد کس طرح بیان کرتے تھے اور اس سے دعا کیسے مانگتے تھے؟

2597 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَحْوَلُ، عَنْ طَاوُوسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

2596- إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه أبو داوٗد (5060) في الأدب: باب ما يقول الرجل إذا تعارّ من الليل، وابن ماجه (3878) في الدعاء: باب ما يدعو به إذا انتبه من الليل، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/313، والبخاري (1154) في التهجد: باب فضل مَن تعارّ من الليل فصلّى، والترمذي (3414) في الدعوات: باب ما جاء في الدعاء إذا انتبه من الليل، والنسائي في "اليوم والليلة" (861)، وابن السني (749)، والبيهقي 3/5، والبغوي (953) من طرق عن الوليد بن مسلم، به.

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ تَهَجَّدَ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيَّامُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَوَعْدُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ بِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ اَسْلَمْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ اَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ، وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، اَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ قَالَ سُفْيَانُ: وَزَادَ فِيهِ عَبْدُ الْكَرِيمِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، قَالَ سُفْيَانُ: فَحَدَّثْتُ بِهِ عَبْدَ الْكَرِيمِ اَبَا اُمَيَّةَ، فَقَالَ: قُلْ: اَنْتَ إِلٰهِي لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت جب تہجد کی نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

''اے اللہ! حمد تیرے ہی لئے مخصوص ہے تو آسمانوں اور زمین میں موجود ہر چیز کا نور ہے حمد تیرے لئے مخصوص ہے تو آسمانوں اور زمین میں موجود ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے۔ حمد تیرے لئے مخصوص ہے تو آسمانوں اور زمین میں موجود ہر چیز کا بادشاہ ہے حمد تیرے لئے مخصوص ہے تو حق ہے تیری بارگاہ میں حاضری حق ہے تیرا وعدہ حق ہے جنت حق ہے جہنم حق ہے قیامت حق ہے انبیاء حق ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حق ہیں اے اللہ! میں تجھ پر ہی ایمان لایا اور تیرے ہی لئے اسلام قبول کیا تجھ پر ہی توکل کیا تیری طرف رجوع کیا تیری مدد سے میں جھگڑا کرتا ہوں تجھے ہی ثالث مقرر کرتا ہوں میں نے جو پہلے کیا جو بعد میں کروں گا جو پوشیدہ طور پر کیا جو علانیہ طور پر کیا ان سب کی مغفرت کر دے تو ہی آگے کرنے والا ہے تو ہی پیچھے کرنے والا ہے صرف توں ہی معبود ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

سفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں: اس میں عبدالکریم نامی راوی نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں۔

2597- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الجبار بن العلاء أخرج له مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. سليمان الأحول: هو سليمان بن أبي مسلم المكي الأحول. وأخرجه ابن خزيمة (1151) عن عبد الجبار بن العلاء، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (2565)، وأحمد 1/358، والحميدي (495)، والدارمي 1/348-349، والبخاري (1120) في التهجد: باب التهجد بالليل، و (6317) في الدعوات: باب الدعاء إذا انتبه من الليل، ومسلم (769) في صلاة المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل، والنسائي 3/209-210 في قيام الليل: باب ذكر ما يستفتح به القيام، وابن ماجه (1355) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الدعاء إذا قام الرجل من الليل، والطبراني (10987)، وأبو عوانة 2/299 و300، والبيهقي 3/4 من طرق عن سفيان، به. وأخرجه أحمد 1/366، والبخاري (7385) في التوحيد: باب قوله تعالى: (وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ)، و (7442) باب قوله تعالى: (وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ (22) إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ)، و (7499) باب قوله تعالى: (يُرِيدُونَ اَنْ يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللّٰهِ)، ومسلم (769)، والبيهقي 3/5 من طريق ابن جريج، عن سليمان الأحول، به. وسيرد بعده (2598) من طريق أبي الزبير المكي، عن طاووس. وبرقم (2599) من طريق قيس بن سعد، عن طاووس. فانظرهما.

''تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا''۔

سفیان نامی راوی کہتے ہیں: میں نے یہ الفاظ عبدالکریم ابوامیہ کے سامنے بیان کئے' تو وہ بولے: تم یہ پڑھو۔

''تو میرا معبود ہے صرف تو ہی معبود ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2598 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ طَاوُوسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ قَيَّامُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، اَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ، وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، اَنْتَ اِلٰهِي لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نصف رات کے وقت نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے تھے' تو یہ پڑھتے تھے۔

''اے اللہ! حمد تیرے لئے مخصوص ہے' تو آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ حمد تیرے لئے مخصوص ہے۔ تو آسمانوں اور زمین کو قائم رکھنے والا ہے۔ حمد تیرے لئے مخصوص ہے۔ تو آسمانوں اور زمین میں موجود ہر چیز کا پروردگار ہے۔ تو حق ہے تیرا وعدہ حق ہے۔ تیری بارگاہ میں حاضری حق ہے جنت حق ہے' جہنم حق ہے قیامت حق ہے۔ اے اللہ! میں نے تیرے لئے اسلام قبول کیا ہے۔ تجھ پر ہی ایمان لایا تجھ پر ہی توکل کیا تیری ہی طرف رجوع کیا تیری مدد سے میں جھگڑا کرتا ہوں اور تجھے ہی ثالث مقرر کرتا ہوں میں نے جو پہلے کیا' اور جو بعد میں کروں گا' جو پوشیدہ طور پر کیا' اور جو اعلانیہ طور پر کیا' تو ان سب کی مغفرت کر دے تو میرا معبود ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو بِمَا وَصَفْنَا بَعْدَ افْتِتَاحِهِ فِي صَلَاةِ اللَّيْلِ فِي عَقِبِ التَّكْبِيرِ، قَبْلَ ابْتِدَاءِ الْقِرَائَةِ لَا قَبْلَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ

2598- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 1/215-216. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 1/298، ومسلم (769) (199)، وأبو داؤد (771) في الصلاة: باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء، والترمذي (3418) في الدعوات: باب ما يقول إذا قام من الليل إلى الصلاة، والنسائي في "اليوم والليلة" (868)، وابن السني (758)، وأبو عوانة 2/300-301، والبغوي (950) . وانظر ما قبله وما بعده.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ہم نے جو ذکر کیا کہ نبی اکرم ﷺ دعا مانگا کرتے تھے

تو آپ رات کی نماز کے آغاز میں تکبیر (تحریمہ) کہنے کے بعد اور تلاوت کرنے سے پہلے یہ دعا مانگا کرتے تھے ایسا نہیں ہے کہ آپ نماز سے پہلے (یہ دعا) مانگا کرتے تھے

2599 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُوسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ كَبَّرَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ قَيَّامُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، اَنْتَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَوَعْدُكَ حَقٌّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ، وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ، وَاِلَيْكَ الْمَصِيرُ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ، وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، اَنْتَ اِلٰهِي لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' جب آپ رات کے وقت بیدار ہوتے تھے' تو تکبیر کہتے پھر یہ پڑھتے تھے:

''اے اللہ! حمد تیرے لئے مخصوص ہے' تو آسمانوں اور زمین کو قائم رکھنے والا ہے۔ حمد تیرے لئے مخصوص ہے' تو آسمانوں زمین میں موجود ہر چیز کا پروردگار ہے' تو حق ہے تیرا فرمان حق ہے تیرا وعدہ حق ہے تیری بارگاہ میں حاضری حق ہے جنت حق ہے جہنم حق ہے قیامت حق ہے۔ اے اللہ! میں نے تیرے ہی لئے اسلام قبول کیا میں تجھ پر ہی ایمان لایا میں نے تجھ پر ہی توکل کیا تیری ہی طرف رجوع کیا میں تجھے ہی ثالث سمجھتا ہوں تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے اللہ! میں نے جو پہلے کیا جو بعد میں کروں گا' جو پوشیدہ طور پر کیا' اور جو علانیہ طور پر کیا ان سب کے حوالے سے میری مغفرت کردے تو میرا معبود ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے''۔

ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا الْهِدَايَةَ لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ عِنْدَ افْتِتَاحِهِ صَلَاةَ اللَّيْلِ

نبی اکرم ﷺ کا رات کی نماز کے آغاز میں اپنے پروردگار سے' حق کے حوالے سے

2599- إسناده صحيح على شرط مسلم. عمران بن مسلم: هو المنقرى أبو بكر القصير البصرى . وأخرجه مسلم (769)، والطبرانى (11012)، وأبو عوانة 2/301 من طريق شيبان بن فروخ، بهٰذا الإسناد. وانظر (2597) و (2598). وأخرجه أبو داوٗد (772)، وابن خزيمة (1152)، والطبرانى (11012) من طريقين عن عمران بن مسلم، به.

اس ہدایت کا سوال کرنا جس کے بارے میں اختلاف کیا گیا ہے

2600 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ: بِاَىِّ شَىْءٍ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ صَلَاتَهُ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ؟ قَالَتْ: كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ افْتَتَحَ صَلَاتَهُ:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرِيْلَ، وَمِيْكَائِيْلَ، وَاِسْرَافِيْلَ، فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ، اهْدِنِىْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ، فَاِنَّكَ تَهْدِىْ مَنْ تَشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت بیدار ہوتے تھے تو آپ اپنی نماز کا آغاز کس چیز سے کرتے تھے؟ انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت کھڑے ہوتے تھے تو آپ اپنی نماز کے آغاز (میں یہ دعا پڑھتے تھے)

''اے اللہ! اے جبرائیل' میکائیل اور اسرافیل کے پروردگار! اے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے' اے غیب اور شہادت کا علم رکھنے والے' تو اس دن لوگوں کے درمیان فیصلہ دے گا' جس کے بارے میں لوگ اختلاف رکھتے ہیں۔ تو میری ہدایت اس چیز کی طرف کر جس حق کے بارے میں اختلاف کیا جاتا ہے۔ بے شک تو جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت نصیب کرتا ہے''۔

ذِكْرُ تَكْرَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّكْبِيْرَ، وَالتَّحْمِيْدَ وَالتَّسْبِيْحَ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ افْتِتَاحِهِ صَلَاةَ اللَّيْلِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کی نماز کے آغاز میں تکرار کے ساتھ تکبیر، تحمید اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرنا

2601 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

2600- والحديث إسناده حسن على شرط مسلم، وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1153) . وأخرجه مسلم (770) في صلاة المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه، وأبو داود (767) في الصلاة: باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (770)، والترمذي (3420) في الدعوات: باب ما جاء في الدعاء عند افتتاح الصلاة بالليل، والنسائي 3/212-213 في قيام الليل: باب بأي شيء تستفتح صلاة الليل، وابن ماجه (1357) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الدعاء إذا قام الرجل من الليل، من طرق عن عمر بن يونس، به. وأخرجه أحمد 6/156، وأبو داود (768)، وأبو عوانة 2/304-305 و305، والبغوي (952) من طرق عن عكرمة بن عمار، به.

مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَنَزِيِّ، عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ دَخَلَ الصَّلَاةَ، قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا، سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ، مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْثِهٖ وَنَفْخِهٖ.

قَالَ عَمْرٌو: وَهَمْزُهُ: الْمُوتَةُ، وَنَفْخُهُ: الْكِبْرُ، وَنَفْثُهُ: الشِّعْرُ

حضرت جبیر بن معطم رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' جب آپ نے نماز شروع کی تو یہ پڑھا:

''اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے وہ بڑا ہے اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ وہ بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔ وہ بڑا ہے ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے' جو زیادہ ہو میں ہر صبح و شام اللہ تعالیٰ کے ہر عیب سے پاک ہونے کو بیان کرتا ہوں۔ میں ہر صبح و شام اللہ تعالیٰ کے ہر عیب سے پاک ہونے کو بیان کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں شیطان سے اس کے ''ہمز'' اور اس کے ''نفث'' سے اور اس کے ''نفخ'' سے پناہ مانگتا ہوں۔

عمرو نامی راوی کہتے ہیں: ہمز سے مراد مرگی اس کے ''نفخ'' سے مراد تکبر اور اس کے ''نفث'' سے مراد شعر کہنا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّزِيْدَ فِيْ مَا وَصَفْنَا مِنَ التَّكْبِيْرِ وَالتَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ عِنْدَ افْتِتَاحِ صَلَاةِ اللَّيْلِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ رات کی نماز کے آغاز میں تکبیر، تحمید اور تسبیح کی جو صفت ہم نے بیان کی ہے اس میں اضافہ کردے

2601– عاصم العنزي: هو ابن عمير، روى عنه اثنان، وذكره المؤلف في "الثقات"، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. ابن جبير: هو نافع بن جبير. وقد تقدم الحديث عند المؤلف برقم (1780) و (1781). 2602– إسناده حسن. يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب، وعاصم بن حميد: هو السكوني الحمصي، وأزهر بن سعيد: هو الحرازي الحميري الحمصي، ويقال: هو أزهر بن عبد الله. وأخرجه أبو داوُد (766) في الصلاة: باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء، والنسائي 3/208–209 في قيام الليل: باب ذكر ما يستفتح به القيام، و 8/284 في الاستعاذة: باب الاستعاذة من ضيق المقام يوم القيامة، وابن ماجه (1356) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الدعاء إذا قام الرجل من الليل، من طرق عن زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/143، والنسائي في "اليوم والليلة" (870) من طريق يزيد بن هارون، عن الأصبغ بن زيد، عَنْ ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عن ربيعة الجرشي، عن عائشة. وعلّقه أبو داوُد بعد الرواية الأولى.

2602 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَزْهَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَالَ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُلْتُ: مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِحُ بِهِ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ؟ قَالَتْ: لَقَدْ سَاَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ مَا سَاَلَنِي عَنْهُ اَحَدٌ قَبْلَكَ، كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِحُ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يُصَلِّي: يَبْدَاُ فَيُكَبِّرُ عَشْرًا، ثُمَّ يُسَبِّحُ عَشْرًا، وَيَحْمَدُ عَشْرًا، وَيُهَلِّلُ عَشْرًا، وَيَسْتَغْفِرُ عَشْرًا، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، وَاهْدِنِي، وَارْزُقْنِي عَشْرًا، وَيَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ ضِيقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ عَشْرًا

عاصم بن حمید بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا وہ کہتے ہیں میں نے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ جب رات کے نوافل پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے تھے' تو آپ کس چیز سے آغاز کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم نے مجھ سے ایک ایسی چیز کے بارے میں دریافت کیا ہے: تم سے پہلے کسی نے بھی مجھ سے اس بارے میں دریافت نہیں کیا۔ نبی اکرم ﷺ جب رات کے وقت نوافل ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوتے تو آپ ﷺ پہلے دس مرتبہ اللہ اکبر کہتے تھے' پھر دس مرتبہ سبحان اللہ کہتے تھے دس مرتبہ الحمدللہ کہتے تھے' پھر دس مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھتے تھے۔ پھر دس مرتبہ استغفار پڑھتے تھے اور یہ کہتے تھے:

''اے اللہ! تو میری مغفرت کردے مجھے ہدایت پر ثابت قدم رکھ۔ تو مجھے رزق عطا کر''۔

یہ بھی آپ دس مرتبہ پڑھتے تھے' پھر آپ قیامت کے دن کی تنگی سے دس مرتبہ اللہ کی پناہ مانگتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُتَهَجِّدِ اَنْ يَّجْهَرَ بِصَوْتِهٖ لِيُسْمِعَ بَعْضَ الْمُسْتَمِعِينَ اِلَيْهِ

تہجد پڑھنے والے شخص کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی آواز کو بلند کرے تا کہ بعض سننے والوں تک اپنی آواز کو پہنچا سکے

2603 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ زَائِدَةَ بْنِ نَشِيطٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ رَفَعَ صَوْتَهُ طَوْرًا، وَيَذْكُرُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ

2603- زائدة بن نشيط: روى عنه اثنان، وذكره المؤلف في "الثقات"، وباقي رجاله ثقات . أبو خالد الوالبي: هو هرمز، ويقال: هرم . وأخرجه ابن خزيمة (1159) عن علي بن خشرم، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داؤد (1328) في الصلاة: باب صلاة الليل مثنى مثنى، وابن خزيمة (1159) من طريقين عن عمران بن زائدة، به.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں بات منقول ہے جب وہ رات کے وقت نوافل ادا کرتے تھے تو وہ اپنی آواز کو کچھ بلند کیا کرتے تھے وہ یہ بات ذکر کرتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُتَهَجِّدِ سُؤَالَ الْبَارِي جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ آيِ الرَّحْمَةِ وَيَعُوْذُ بِهِ عِنْدَ آيِ الْعَذَابِ

تہجد پڑھنے والے کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ رحمت کے مضمون والی آیت پڑھتے وقت اللہ تعالیٰ سے اس رحمت کا سوال کرے اور عذاب والی آیت پڑھتے وقت اس عذاب سے پناہ مانگے

2604 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَمَا مَرَّ بِآيَةِ رَحْمَةٍ اِلَّا وَقَفَ عِنْدَهَا وَسَاَلَ، وَلَا مَرَّ بِآيَةِ عَذَابٍ اِلَّا وَقَفَ عِنْدَهَا وَتَعَوَّذَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ایک رات میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی آپ جب بھی کسی ایسی آیت کی تلاوت کرتے جس میں رحمت کا مضمون ہوتا تو وہاں ٹھہر کر اس رحمت کا سوال کرتے تھے اور جب بھی کسی ایسی آیت کی تلاوت کرتے جس میں عذاب کا ذکر ہوتا تو آپ وہاں ٹھہر کر اس سے پناہ مانگتے تھے۔

ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا فِيْ صَلَاةِ اللَّيْلِ عِنْدَ قِرَائَتِهِ آيِ الرَّحْمَةِ، وَتَعْوِيْذِهِ مِنَ النَّارِ عِنْدَ آيِ الْعَذَابِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز میں رحمت کے مضمون والی آیت کی تلاوت کے وقت اپنے پروردگار سے وہ رحمت مانگتے تھے اور عذاب والی آیت کی تلاوت کے وقت جہنم سے پناہ مانگتے تھے

(متن حدیث): بِتُّ عِنْدَ خَالَتِي مَيْمُونَةَ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ نَامَ، ثُمَّ قَامَ فَاَتَى الْقِرْبَةَ، فَاَطْلَقَ شِنَاقَهَا، ثُمَّ تَوَضَّاَ وُضُوْئًا بَيْنَ الْوُضُوْئَيْنِ، لَمْ يُكْثِرْ وَقَدْ اَبْلَغَ، ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى، فَقُمْتُ فَتَمَطَّيْتُ كَرَاهِيَةَ اَنْ يَّرٰى اَنِّيْ كُنْتُ اَرْقُبُهُ، فَقُمْتُ فَتَوَضَّاْتُ، فَقَامَ يُصَلِّيْ، فَقُمْتُ عَنْ يَّسَارِهِ، فَاَخَذَ بِاُذُنِيْ فَاَدَارَنِيْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ، فَتَتَامَّتْ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثُمَّ اضْطَجَعَ فَنَامَ حَتّٰى نَفَخَ، وَكَانَ اِذَا نَامَ نَفَخَ، فَاِذَا بِلَالٌ فَاٰذَنَهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَامَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ، وَكَانَ فِيْ دُعَائِهٖ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا، وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا، وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا، وَعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا، وَعَنْ يَّسَارِيْ نُوْرًا، وَفَوْقِيْ نُوْرًا، وَتَحْتِيْ نُوْرًا، وَاَمَامِيْ نُوْرًا، وَخَلْفِيْ نُوْرًا، وَاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا قَالَ كُرَيْبٌ: فَلَقِيْتُ بَعْضَ وَلَدِ الْعَبَّاسِ، فَحَدَّثَنِيْ بِهِنَّ وَذَكَرَ: عَصَبِيْ، وَلَحْمِيْ، وَدَمِيْ، وَشَعْرِيْ، وَبَشَرِيْ، وَذَكَرَ خَصْلَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے اپنی خالہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں رات بسر کی۔ رات کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے۔ آپ نے قضائے حاجت کی پھر آپ نے اپنے چہرے اور دونوں ہاتھوں کو دھویا پھر آپ سو گئے پھر آپ بیدار ہوئے آپ مشکیزے کے پاس آئے آپ نے اس کا منہ کھولا پھر آپ نے وضو کیا جو درمیانے درجے کا تھا آپ نے اس میں زیادہ مرتبہ اعضاء کو نہیں دھویا آپ نے پورا وضو کیا' پھر آپ کھڑے ہو گئے اور نماز ادا کرنے لگے میں بھی اٹھا میں نے یوں ظاہر کیا جیسے ابھی بیدار ہوا ہوں' اس چیز کو ناپسند کرتے ہوئے' آپ یہ نہ سمجھیں کہ میں آپ کا جائزہ لے رہا تھا میں اٹھا میں نے وضو کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کر رہے تھے میں آپ کی بائیں طرف آ کر کھڑا ہو گیا آپ نے میرے کان پکڑے اور مجھے گھما کر اپنے دائیں طرف کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز تیرہ رکعات میں پوری ہوئی آپ لیٹ گئے اور سو گئے یہاں تک کہ آپ خراٹے لینے لگے آپ سوتے تھے' تو خراٹے لیا کرتے تھے' پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کو نماز کے لئے بلانے کے لئے آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے آپ نے نماز ادا کی اور از سر نو وضو نہیں کیا' اور اس (نماز) میں یہ دعا پڑھی:

''اے اللہ! تو میرے دل میں نور کر دے میری بصارت میں نور کر دے۔ میری سماعت میں نور کر دے میرے دائیں طرف نور کر دے میرے بائیں طرف نور کر دے میرے اوپر نور کر دے میرے نیچے نور کر دے میرے آگے نور

2636- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه البخاري (6316) في الدعوات: باب الدعاء إذا انتبه من الليل، ومسلم (763) في المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه، والترمذي -مختصرًا- في "الشمائل" (255) من طرق عن عبد الرحمٰن بن مهدي، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (3862) و (4707)، وأبو داوٗد (5043) في الأدب: باب في النوم على طهارة، وابن ماجه (508) في الطهارة: باب وضوء النوم، من طريق سفيان، به -مطولًا ومختصرًا. وأخرجه النسائي 2/218 في التطبيق: باب الدعاء في السجود، من طريق مسروق عن سلمة بن كهيل، به. وانظر (2579) و (2592) و (2626). إسناده صحيح، محمد بن خالد الواسطي -وإن كان ضعيفًا- مقرون بجمعة بن عبد الله البلخي، وهو من رجال البخاري، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه البخاري (1133) في التهجد: باب من نام عند السحر، وأبو داوٗد (1318) في الصلاة: باب وقت قيام النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ، من طريقين عن إبراهيم بن سعد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مسلم (742) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل، وابن ماجه (1197) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الضجعة بعد الوتر وبعد ركعتي الفجر، والبيهقي 3/3.

کردے میرے پیچھے نور کردے اور میرے لئے نور کو زیادہ کردے"۔

کریب نامی راوی بیان کرتے ہیں: میری ملاقات حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے کسی سے ہوئی انہوں نے مجھے یہ حدیث بیان کی جس میں یہ الفاظ بھی بیان کیے۔

"میرے پٹھوں میرے گوشت میرے خون میرے بالوں اور میری کھال میں (نور) کردے"۔

انہوں نے دو خصلتوں کا ذکر بھی کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْعَلُ آخِرَ صَلَاتِهٖ بِاللَّيْلِ نَوْمَةً خَفِيفَةً قَبْلَ انْفِجَارِ الصُّبْحِ فِيْ بَعْضِ اللَّيَالِي دُوْنَ بَعْضٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز کے آخر میں صبح صادق ہونے سے پہلے تھوڑی سی جو نیند لیتے تھے تو ایسا بعض راتوں میں ہوتا تھا بعض راتوں میں نہیں ہوتا تھا

2637 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ، وَجُمْعَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَلْخِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهٖ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): قَالَتْ: مَا اَلْفَاهُ السَّحَرَ عِنْدِي اِلَّا نَائِمًا ، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۞۞ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے آپ کو سحری کے وقت اپنے ہاں ہمیشہ سوئے ہوئے پایا ہے۔

ان کی مراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهٖ كَانَ يَنَامُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِرَ اللَّيْلِ النَّوْمَةَ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے آخری حصے میں تھوڑی دیر کے لئے سو جاتے تھے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

2638 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: كَانَ يَنَامُ اَوَّلَ

2638- إسناده صحيح على شرط الشيخين . محمد: هو ابن جعفر الملقب بغندر . وأخرجه الترمذي في "الشمائل" (261) عن محمد بن بشار، بهٰذا الإسناد. وأخرجه النسائي 3/230 في قيام الليل: باب وقت الوتر، عن محمد بن المثنى، عن محمد بن جعفر، به. وانظر (2593).

اللَّيْلِ ثُمَّ يَقُوْمُ، فَإِذَا كَانَ مِنَ السَّحَرِ اَوْتَرَ، ثُمَّ اَتَى فِرَاشَهُ، فَإِنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةُ الْمَرْءِ بِاَهْلِهِ كَانَ، فَإِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ وَثَبَ، فَإِنْ كَانَ جُنُبًا اَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَاءَ وَإِلَّا تَوَضَّاَ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلَاةِ

(توضیح مصنف):قَالَ: اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذِهِ الْاَخْبَارُ لَيْسَ بَيْنَهَا تَضَادٌّ، وَإِنْ تَبَايَنَتْ اَلْفَاظُهَا وَمَعَانِيْهَا مِنَ الظَّاهِرِ، لِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ عَلَى الْاَوْصَافِ الَّتِيْ ذُكِرَتْ عَنْهُ، لَيْلَةً بِنَعْتٍ وَاُخْرٰى بِنَعْتٍ آخَرَ، فَاَدّٰى كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْهُمْ مَا رَاٰى مِنْهُ، وَاَخْبَرَ بِمَا شَاهَدَ، وَاللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَلِّمًا لِاُمَّتِهِ قَوْلًا وَفِعْلًا، فَدَلَّنَا تَبَايُنُ اَفْعَالِهِ فِيْ صَلَاةِ اللَّيْلِ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ مُخَيَّرٌ بَيْنَ اَنْ يَاْتِيَ بِشَيْءٍ مِنَ الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ فَعَلَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاتِهِ بِاللَّيْلِ دُوْنَ اَنْ يَكُوْنَ الْحُكْمُ لَهُ فِي الِاسْتِنَانِ بِهِ فِيْ نَوْعٍ مِنْ تِلْكَ الْاَنْوَاعِ لَا الْكُلِّ

اسود بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کے (نفل) نماز کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں سو جاتے تھے' پھر آپ نوافل ادا کرتے رہتے تھے یہاں تک کہ جب سحری کا وقت قریب آتا تو آپ وتر ادا کر لیتے تھے' پھر آپ اپنے بستر پر آتے اگر آپ کو وہ خواہش ہوتی جو کسی مرد کو اپنی بیوی کے ساتھ ہوتی ہے' تو آپ اسے پوری کرتے تھے جب آپ اذان کی آواز سنتے تو جلدی سے اٹھ جاتے اگر جنابت کی حالت میں ہوتے تو غسل کر لیتے ورنہ وضو کر کے نماز کے لئے تشریف لے جاتے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): ان روایات میں کوئی تضاد نہیں ہے' اگرچہ بظاہر اور معانی میں اختلاف محسوس ہوتا ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت مختلف (تعداد میں) نوافل ادا کرتے تھے' ایک رات میں ایک طریقے کے مطابق اور دوسری رات میں دوسرے طریقے کے مطابق ادا کرتے تھے' تو صحابہ کرام میں سے جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جس طریقے کے مطابق نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا اسے آگے بیان کر دیا اور جو مشاہدہ کیا' اس کے بارے میں خبر دے دی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو ان کی اُمت کے لئے زبانی اور عملی طور پر معلم بنا کر بھیجا تھا تو رات کے نوافل کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کا اختلاف اس بات کی طرف ہماری رہنمائی کرتا ہے کہ آدمی کو اس بارے میں اختیار ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رات کے نوافل کے بارے میں جو طریقہ بھی اختیار کیا' آدمی ان میں سے کسی ایک طریقے کے مطابق نوافل ادا کر لے' ایسا نہیں ہے کہ اس کے لئے یہ حکم ہو کہ وہ ان میں سے کسی ایک طریقے کی ہی پیروی کر سکتا ہے' تمام طریقوں کی پیروی نہیں کر سکتا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ يُضَادُّ الْاَخْبَارَ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ ان روایات کی متضاد ہے جنہیں ہم نے اس سے پہلے ذکر کیا ہے

2639 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ:

اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ يَعْلٰى بْنُ مَمْلَكٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّهُ سَالَ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ، ثُمَّ يُسَبِّحُ، ثُمَّ يُصَلِّي بَعْدُ مَا شَاءَ اللّٰهُ مِنَ اللَّيْلِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَرْقُدُ مِثْلَ مَا يُصَلِّي، ثُمَّ يَسْتَيْقِظُ مِنْ نَوْمَتِهِ تِلْكَ، فَيُصَلِّي مِثْلَ مَا نَامَ، وَصَلَاتُهُ تِلْكَ الْاٰخِرَةُ تَكُوْنُ اِلَى الصُّبْحِ

یعلیٰ مملک بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم ﷺ کی رات کی (نفل) نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم ﷺ عشاء کی نماز ادا کرتے تھے' پھر آپ تسبیح پڑھتے رہتے تھے' پھر اس کے بعد رات کے وقت جب اللہ کو منظور ہوتا تھا نماز ادا کرتے رہتے تھے' پھر آپ نماز ختم کر کے اتنی ہی دیر کے لئے سو جاتے تھے جتنی دیر آپ نماز ادا کرتے رہے تھے' پھر آپ اپنی اس نیند سے بیدار ہو کے اتنی دیر نماز ادا کرتے رہتے تھے جتنی دیر سوئے رہتے تھے آپ کی آخری نماز صبح صادق تک جاری رہتی تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ قَدْ يُوهِمُ فِي الظَّاهِرِ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِیْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس دوسری روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو بظاہر غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ ان روایات کے برخلاف ہے جن کا ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

2640 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ حُرَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ الْاَنْصَارِيِّ،

(متنِ حدیث): اَنَّهُ سَالَ عَائِشَةَ عَنْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

2639- إسناده ضعيف لجهالة يعلى بن مملك. وقد صرح ابن جريج بالتحديث عند أحمد. وأخرجه أحمد 6/297 عن محمد بن بكر، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (4709)، ومن طريقه أحمد 6/297 و308، والطبراني في "الكبير" 23/ (645) عن ابن جريج، به. وأخرجه أحمد 6/300، والطبراني 23/ (646) من طريق اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ، به.

2640- إسناده صحيح. وأخرجه البخاري (1152) في التهجد: باب ما يكره من ترك قيام الليل لمن كان يقومه، والنسائي 3/253 في قيام الليل: باب ذم من ترك قيام الليل، من طريق عبد الله بن المبارك، وابن ماجه (1331) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في قيام الليل، من طريق الوليد بن مسلم، كلاهما عن الأوزاعي، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1159) (185) في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر لمن تضرر به، والبغوي (939) من طريق عمرو بن أبي سلمة، والنسائي 3/253 من طريق بشر بن بكر، كلاهما عن الأوزاعي، عن يحيى بن أبي كثير، عن عمر بن الحكم، عن أبي سلمة، به. زادوا في إسناده عمر بن الحكم بين يحيى وأبي سلمة. وقال البخاري بعد روايته الأولى: وقال هشام: حدثنا ابن أبي العشرين، قال: حدثنا الأوزاعي، قال: حدثنا يحيى، عن عمر بن الحكم بن ثوبان، قال: حدثنا أبو سلمة.. مثله، وتابعه عمرو بن أبي سلمة عن الأوزاعي.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْعِشَاءَ تَجَوَّزَ بِرَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَنَامُ وَعِنْدَ رَأْسِهِ طَهُورُهُ وَسِوَاكُهُ، فَيَقُومُ فَيَتَسَوَّكُ وَيَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّي، وَيَتَجَوَّزُ بِرَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي ثَمَانَ رَكَعَاتٍ يُسَوِّي بَيْنَهُنَّ فِي الْقِرَائَةِ، ثُمَّ يُوتِرُ بِالتَّاسِعَةِ، وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، فَلَمَّا أَسَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخَذَ اللَّحْمُ، جَعَلَ الثَّمَانَ سِتًّا، وَيُوتِرُ بِالسَّابِعَةِ، وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ يَقْرَأُ فِيهِمَا: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَإِذَا زُلْزِلَتْ

سعد بن ہشام انصاری بیان کرتے ہیں۔انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی (نفل) نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب عشاء کی نماز ادا کر لیتے تھے تو دو مختصر رکعات ادا کرتے تھے' پھر آپ سو جاتے تھے آپ کے وضو کا پانی اور آپ کی مسواک آپ کے سرہانے موجود ہوتے تھے' پھر آپ بیدار ہو کے مسواک کرتے تھے' پھر وضو کرتے تھے اور نماز ادا کرتے تھے آپ پہلے دو مختصر رکعات ادا کرتے تھے' پھر آپ آٹھ رکعات ادا کرتے تھے جن میں تقریباً ایک جتنی تلاوت کرتے تھے آپ نویں رکعت کے ذریعے انہیں طاق کر لیتے تھے' پھر آپ بیٹھ کر دو رکعات ادا کرتے تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر زیادہ ہوگئی آپ کا جسم بھاری ہوگیا تو آپ نے آٹھ رکعات کی جگہ چھ ادا کرنا شروع کر دیں اور ساتویں رکعت کے ذریعے انہیں طاق کر لیتے تھے' پھر آپ بیٹھ کر دو رکعات ادا کرتے تھے جس میں آپ سورۃ الکفرون اور سورۃ زلزال کی تلاوت کرتے تھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ الْمَرْءِ مَا اعْتَادَ مِنْ تَهَجُّدِهِ بِاللَّيْلِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی رات کے وقت نوافل ادا کرنے کے معمول کو ترک کر دے

2641 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، لَا تَكُنْ مِثْلَ فُلَانٍ، كَانَ يَقُومُ اللَّيْلَ فَتَرَكَ قِيَامَ اللَّيْلِ

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيلٌ عَلٰى إِبَاحَةِ قَوْلِ الْإِنْسَانِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ فِي الْإِنْسَانِ مَا إِذَا سَمِعَهُ اغْتَمَّ بِهِ، إِذَا أَرَادَ هٰذَا الْقَائِلُ بِهِ إِنْبَاهَ غَيْرِهِ دُونَ الْقَدْحِ فِي هٰذَا الَّذِي قَالَ فِيهِ مَا قَالَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے عبداللہ بن عمرو! تم فلاں شخص کی مانند نہ ہو جانا جو پہلے رات کے وقت نوافل ادا کیا کرتا تھا اور پھر اس نے رات کے قیام کو ترک کر دیا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ آدمی کے لئے کسی دوسرے شخص کی

2641- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم (747) في صلاة المسافرين: باب جامع صلاة الليل، ومن نام عنه أو مرض، عن حرملة بن يحيى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مسلم (747)، وأبو داؤد (1313) في الصلاة: باب من نام عن حزبه، وابن ماجه (1343) في إقامة الصلاة: باب فيمن نام عن حزبه من الليل، والبيهقي 2/484 و485، وأبو عوانة 2/271.

غیر موجودگی میں اس کے بارے میں کوئی ایسی بات کہنا جائز ہے کہ اگر وہ شخص خود اس بات کو سن لے تو غمگین ہو جائے، جبکہ کہنے والے شخص کا مقصد اس کی برائی بیان کرنا نہ ہو بلکہ کسی اور شخص کو کسی حوالے سے تنبیہ کرنا مقصود ہو۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّهَارِ مَا فَاتَهُ مِنْ تَهَجُّدِهٖ بِاللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ اس کے رات کے نوافل میں سے جو چیز فوت ہوگئی ہو اس کو دن میں ادا کرلے

2642 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعِيْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، اَخْبَرَنَا عِيسٰى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَمِلَ عَمَلًا اَثْبَتَهُ، وَكَانَ اِذَا نَامَ مِنَ اللَّيْلِ، اَوْ مَرِضَ صَلّٰى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً

قَالَتْ: وَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ لَيْلَةً حَتَّى الصَّبَاحِ، وَلَا صَامَ شَهْرًا مُتَتَابِعًا اِلَّا رَمَضَانَ

(توضیح مصنف): قَالَ: اَبُوْحَاتِمٍ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْوِتْرَ لَيْسَ بِفَرْضٍ، اِذْ لَوْ كَانَ فَرْضًا لَصَلّٰى مِنَ النَّهَارِ مَا فَاتَهُ مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی عمل کرتے تھے تو باقاعدگی سے کیا کرتے تھے اگر آپ رات کے وقت سو جاتے یا بیماری کی وجہ سے (رات کے نوافل ادا نہیں کر پاتے) تو آپ دن کے وقت بارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی ساری رات صبح صادق تک نوافل ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا اور نہ ہی رمضان کے مہینے کے علاوہ کبھی آپ کو مسلسل (پورا مہینہ) روزے رکھتے ہوئے دیکھا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ وتر فرض نہیں ہیں کیونکہ اگر یہ فرض ہوتے تو آپ دن کے وقت اپنی رات کے وقت رہ جانے والی **13** رکعات ادا کرتے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ، ثُمَّ صَلّٰى مِثْلَهُ مَا بَيْنَ الْفَجْرِ وَالظُّهْرِ كُتِبَ لَهُ اَجْرُ حِزْبِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص (رات کے نوافل کے) وظیفے کے وقت سو یا رہ جائے اور پھر وہ فجر اور ظہر کے درمیان ان کی مانند ادا کرے تو اسے اپنے معمول کے مطابق وظیفے کا ثواب ملے گا

2643 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا

ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ، وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَاهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ الْقَارِيِّ مِنْ بَنِي قَارَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ، اَوْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ، فَقَرَاَهُ فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الظُّهْرِ، كُتِبَ لَهٗ كَاَنَّمَا قَرَاَهُ بِاللَّيْلِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنے معمول کے وظیفے کو سرانجام دینے سے پہلے سو جائے یا اس میں سے کوئی چیز رہ جائے' تو وہ اگر اسے (اگلے دن) فجر کی نماز سے لے کر ظہر کی نماز تک کے درمیانی حصے میں پڑھ لے' تو اس کے نامہ اعمال میں یہ اسی طرح نوٹ کیا جائے گا' جس طرح اس کے رات کے وقت پڑھنے کو نوٹ کیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا فَاتَهٗ تَهَجُّدُهٗ مِنَ اللَّيْلِ بِسَبَبٍ مِنَ الْاَسْبَابِ اَنْ يُصَلِّيَهَا بِالنَّهَارِ سَوَاءً

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے جب کسی بھی سبب کی وجہ سے آدمی کے رات کے نوافل رہ جائیں تو وہ ان کو دن کے وقت ادا کر لے تو یہ برابر ہے

2644 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو فِرَاسٍ مُحَمَّدُ بْنُ جُمْعَةَ الْاَصَمُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَعِيشَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَمِلَ عَمَلًا اَثْبَتَهٗ، وَقَالَتْ: كَانَ اِذَا نَامَ مِنَ اللَّيْلِ اَوْ مَرِضَ صَلَّى بِالنَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً، وَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ لَيْلَةً حَتَّى الصُّبْحِ، وَلَا صَامَ شَهْرًا مُتَتَابِعًا اِلَّا رَمَضَانَ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی عمل کرتے تھے' تو اس کو باقاعدگی سے کیا کرتے تھے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے (نوافل) ادا کئے بغیر سو جاتے یا بیماری کی وجہ سے (انہیں ادا نہ کر پاتے) تو آپ دن کے وقت بارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے میں نے کبھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ساری رات صبح صادق تک نوافل ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا اور نہ ہی آپ کو رمضان کے مہینے کے علاوہ کسی اور پورے مہینے میں روزے رکھتے ہوئے دیکھا۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يُصَلِّي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّهَارِ مَا فَاتَهٗ مِنْ وِرْدِهٖ بِاللَّيْلِ

2644- إسناده صحيح، إبراهيم بن أحمد بن يعيش: هو إبراهيم بن أحمد بن عبد الله بن يعيش أبو إسحاق، ترجمه الخطيب في "تاريخه" 6/3-5 وقال: كان ثقة فهمًا، صنف المسند وجوّده، وكانت وفاته بهمذان سنة 257، ومن فوقه من رجال الشيخين. وانظر (2420) و (2642).

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کے رات کے معمول میں سے جو چیز رہ جاتی تھی آپ اسے دن کے وقت ادا کر لیتے تھے

2645 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يُصَلِّ مِنَ اللَّيْلِ، مَنَعَهُ عَنْ ذٰلِكَ النَّوْمُ اَوْ غَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ، صَلّٰى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ جب رات کے وقت نوافل ادا نہیں کر پاتے تھے نیند کی وجہ سے آپ ادا نہیں کرتے تھے یا آپ کی آنکھ لگ جاتی تھی' تو آپ دن کے وقت بارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا مَرِضَ بِاللَّيْلِ صَلّٰى وِرْدَ لَيْلِهٖ بِالنَّهَارِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ جب رات کے وقت بیمار ہوتے تو آپ اپنے رات کے ورد کو دن کے وقت ادا کر لیتے تھے

2646 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ السِّجِسْتَانِيُّ بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَمِلَ عَمَلًا اَثْبَتَهُ، وَكَانَ اِذَا نَامَ مِنَ اللَّيْلِ، اَوْ مَرِضَ، صَلّٰى مِنَ النَّهَارِ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً قَالَتْ: وَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ لَيْلَةً حَتَّى الصَّبَاحِ، وَلَا صَامَ شَهْرًا مُتَتَابِعًا اِلَّا رَمَضَانَ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ جب کوئی عمل کرتے تھے' تو اسے باقاعدگی سے ادا کیا کرتے تھے جب آپ رات کے وقت سو جاتے' یا بیمار ہو جاتے (اس وجہ سے رات کے نوافل ادا نہیں کر پاتے) تو آپ اگلے دن بارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے)

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے کبھی بھی نبی اکرم ﷺ کو ساری رات صبح صادق تک نوافل ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا اور نہ ہی رمضان کے مہینے کے علاوہ آپ کو کسی اور مہینے میں پورا مہینہ روزے رکھتے ہوئے دیکھا۔

2645- إسناده صحيح على شرطهما. وقد تقدم تخريجه عند الحديث (2420)، وانظر (2642) و (2644).

2646- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو مكرر (2642).

بَابُ قَضَاءِ الْفَوَائِتِ

فوت شدہ نمازوں کو قضا کرنا

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى النَّاسِي صَلَاتَهُ عِنْدَ ذِكْرِهِ اِيَّاهَا اَنَّهُ يَاْتِي بِهَا فَقَطْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نماز کو بھول جانے والے شخص کو نماز کے یاد آنے پر صرف یہی بات لازم ہے کہ وہ اسے ادا کرلے

2647 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ نَسِيَ صَلَاةً، فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص کسی نماز کو بھول جائے' تو جب وہ اسے یاد آئے' تو وہ اسے ادا کرلے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ صَلَاةَ اَحَدٍ عَنْ اَحَدٍ غَيْرُ جَائِزَةٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ کسی ایک شخص کی نماز کسی دوسرے کی طرف سے درست نہیں ہوتی

2648 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً، فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا، لَا كَفَّارَةَ لَهَا اِلَّا ذٰلِكَ ۔

(توضیح مصنف): قَالَ: اَبُوْحَاتِمٍ : فِيْ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا، لَا كَفَّارَةَ لَهَا اِلَّا

2647- إسناده قوى. عبد الواحد بن غياث: صدوق روى له أبو داوُد، ومن فوقه من رجال الشيخين. وقد تقدم الحديث عند المؤلف (1556).

2648- إسناده صحيح على شرطهما. وهو فى "مسند أبى يعلى" (2856) وانظر (1556) و (1557).

ذٰلِكَ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الصَّلَاةَ لَوْ اَدَّاهَا عَنْهُ غَيْرُهُ لَمْ تُجْزِ عَنْهُ، اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا كَفَّارَةَ لَهَا اِلَّا ذٰلِكَ ، يُرِيْدُ اِلَّا اَنْ يُصَلِّيَهَا اِذَا ذَكَرَهَا، وَفِيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْمَيِّتَ اِذَا مَاتَ وَعَلَيْهِ صَلَوَاتٌ لَمْ يَقْدِرْ عَلٰى اَدَائِهَا فِيْ عِلَّتِهٖ لَمْ يَجُزْ اَنْ يُعْطَى الْفُقَرَاءَ عَنْ تِلْكَ الصَّلَوَاتِ الْحِنْطَةَ، وَلَا غَيْرَهَا مِنْ سَائِرِ الْاَطْعِمَةِ وَالْاَشْيَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص نماز ادا کرنا بھول جائے تو جب اسے (نماز) یاد آئے' تو اسے ادا کر لے اس کا کفارہ صرف یہی ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''جب وہ اسے یاد آئے تو اسے ادا کر لے اس کا کفارہ صرف یہی ہے'' اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ اگر کوئی دوسرا شخص اس کی طرف سے اس کی نماز کو ادا کرتا ہے تو یہ جائز نہیں ہوگی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے'' کیونکہ اس کا کفارہ صرف یہ ہی ہے'' اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ اس کا کفارہ یہ ہے کہ جب وہ اسے یاد آجائے تو خود اس کو ادا کرے۔ اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے اگر کوئی شخص فوت ہو جائے۔ اس کے ذمے کچھ نمازیں ہوں جنہیں وہ اپنی بیماری کے دوران ادا نہ کر سکا ہو۔ تو اب یہ بات جائز نہ ہوگی کہ ان نمازوں کے عوض میں غریبوں کو گندم دے دی جائے۔ یا اس کے علاوہ دیگر اناج یا کوئی اور چیز دے دی جائے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْاَخْبَارِ وَالتَّفَقُّهِ فِيْ مُتُوْنِ الْاٰثَارِ اَنَّ الصَّلَاةَ الْفَائِتَةَ تُعَادُ فِي الْوَقْتِ الَّتِيْ كَانَتْ فِيْهِ مِنْ غَدِهَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور روایات کے متون کا فہم نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ فوت شدہ نماز کو اس کے اگلے دن اس کے مخصوص وقت میں دہرایا جائے گا

2649 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابَهُ لَمَّا نَامُوْا عَنِ الصَّلَاةِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوْهَا الْغَدَ لِوَقْتِهَا

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب رات کے وقت سوتے رہ گئے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ کل اسے اس کے وقت پر ادا کر لینا۔

2649- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو داؤد: هو سليمان بن داوٗد الطيالسي، وثابت: هو ابن أسلم البناني أبو محمد البصري. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (990) . وأخرجه أحمد 5/309، والنسائي 1/295 في المواقيت: باب إعادة من نام عن الصلاة لوقتها من الغد، من طريق أبي داوٗد الطيالسي، بهذا الإسناد. وانظر (1461) .

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْاَمْرَ الَّذِى وَصَفْنَاهُ اِنَّمَا هُوَ اَمْرُ فَضِيلَةٍ لِمَنْ اَحَبَّ ذٰلِكَ، لَا اَنَّ كُلَّ مَنْ فَاتَتْهُ صَلَاةٌ يُعِيدُهَا مَرَّتَيْنِ اِذَا ذَكَرَهَا وَالْوَقْتُ الثَّانِى مِنْ غَيْرِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ حکم جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

یہ حکم فضیلت کے حوالے سے ہے اور اس شخص کیلئے ہے جو اسے پسند کرتا ہے ایسا نہیں ہے کہ ہر وہ شخص جس کی نماز فوت ہو جائے وہ اسے دو مرتبہ دہرائے گا اس وقت جب وہ اسے یاد آ جائے اور دوسرے وقت میں جو اس کے علاوہ ہے

2650 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْـمَـدُ بْـنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سِرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ، فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ عَرَّسَ، فَمَا اسْتَيْـقَـظَ حَتّٰـى اَيْقَظَنَا حَرُّ الشَّمْسِ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَقُوْمُ دَهِشًا فَزِعًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَبُوا، فَـرَكِـبَ وَرَكِبْنَا، فَسَارَ حَتّٰى ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ نَزَلَ فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ، وَفَرَغَ الْقَوْمُ مِنْ حَاجَاتِهِمْ، وَتَـوَضَّـؤُوا، وَصَـلَّـوَا الـرَّكْـعَتَيْنِ، ثُمَّ اَقَامَ، فَصَلّٰى بِنَا، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَا نَقْضِيهَا لِوَقْتِهَا مِنَ الْغَدِ؟ قَالَ: يَنْهَاكُمْ رَبُّكُمْ عَنِ الرِّبَا وَيَقْبَلُهُ مِنْكُمْ؟

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک غزوے میں سفر کر رہے تھے جب رات کا آخری حصہ آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ کر لیا آپ بیدار نہیں ہوئے' یہاں تک کہ سورج کی تپش نے ہم لوگوں کو بیدار کیا ہر شخص گھبرا کر پریشان ہو کر کھڑا ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ سوار ہو جاؤ پھر آپ سوار ہوئے ہم بھی سوار ہوئے۔ آپ کچھ دیر چلتے رہے' جب سورج بلند ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سواری سے اترے آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا انہوں نے اذان دی۔ لوگ اپنی حاجات پوری کر کے فارغ ہوئے انہوں نے وضو کیا انہوں نے دو رکعات (سنت) ادا کی پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہم کل اس کے وقت میں اس کی قضا نہ کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پروردگار نے تمہیں سود سے منع کیا ہے' تو کیا وہ خود اسے قبول کرے گا''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِىْ مِنْ اَجْلِهَا رَكِبَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَوْضِعِ الَّذِى انْتَبَهَ فِيْهِ اِلَى الْمَوْضِعِ الْاٰخَرِ لِاَدَاءِ الصَّلَاةِ الَّتِىْ فَاتَتْهُ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس مقام سے سوار (ہو کر آگے روانہ) ہو گئے تھے

2650- رجاله ثقات رجال الشيخين، إلا أن رواية هشام -وهو ابن حسان- عن الحسن يتكلمون فيها. عبد الأعلى: هو ابن حماد بن نصر الباهلي مولاهم البصري المعروف بالنرسي. وقد تقدم عند المؤلف (1462) من طريق يزيد بن هارون، عن هشام، به. وزاد في اخره بعد قوله "ويقبله منكم": "إنما التفريط في اليقظة."

جہاں آپ بیدار ہوئے تھے اور دوسری جگہ چلے گئے تھے تاکہ آپ وہاں فوت شدہ نماز کو ادا کر سکیں

2651 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): عَرَّسْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ نَسْتَيْقِظْ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَاْخُذْ كُلُّ اِنْسَانٍ بِرَاْسِ رَاحِلَتِهٖ، فَاِنَّ هٰذَا لَمَنْزِلٌ حَضَرَنَا فِيْهِ الشَّيْطَانُ، فَفَعَلْنَا، فَدَعَا بِالْمَاءِ فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ صَلّٰى سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رات کے وقت پڑاؤ کیا۔ ہم بیدار نہیں ہوئے یہاں تک کہ سورج نکل آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر شخص اپنی سواری کا سر پکڑ لے (اور یہاں سے روانہ ہو جائے) کیونکہ یہ ایک ایسی پڑاؤ کی جگہ ہے جہاں شیطان ہمارے پاس آ گیا تھا ہم نے ایسا ہی کیا (کچھ آگے جانے کے بعد) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا۔ آپ نے وضو کیا آپ نے دو رکعت (سنت) ادا کی اور پھر نماز ادا کی گئی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ اَبِي هُرَيْرَةَ: ثُمَّ صَلّٰى سَجْدَتَيْنِ اَرَادَ بِهِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ قول "پھر انہوں نے دو سجدے ادا کئے" اس سے مراد وہ دو رکعات ہیں جو فجر کی نماز سے پہلے ادا کی جاتی ہیں

2652 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْفُوْظُ بْنُ اَبِي تَوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

2651- إسناده صحيح على شرط مسلم. بندار: لقب محمد بن بشار، وأبو حازم: هو سلمان الأشجعي الكوفي. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (988). وأخرجه أحمد 2/428-429، ومسلم (680) (310) في المساجد: باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، والنسائي 1/298 في المواقيت: باب كيف يُقضى الفائت من الصلاة، من طريق يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وانظر الحديث (1460).

2652- إسناده ضعيف وهو حديث صحيح، محفوظ بن أبي توبة ترجمه المؤلف في "الثقات" 9/204، فقال: محفوظ بن الفضل بن أبي توبة من أهل بغداد، يروى عن يزيد بن هارون وأهل العراق، حدثنا عنه الحسن بن سفيان وغيره، مات سنة سبع وثلاثين ومئتين. ونقل ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل" 8/423 عن الإمام أحمد قوله: محفوظ بن أبي توبة كان معنا باليمن لم يكن يكتب، كان يسمع مع إبراهيم أخي أبان وغيره، وضعف أمره جدًا. قال الذهبي في "الميزان" 3/444 بعد أن نقل مقالة أحمد: قلت: وهو محفوظ بن الفضل. روى عن معن، وضمرة بن ربيعة، حدث عنه إسماعيل القاضي، وعمر بن أيوب السقطي، لم يترك ومن فوقه ثقات. وأخرجه ابن ماجه (1155) في إقامة الصلاة: باب ما جاء فيمن فاتته الركعتان قبل صلاة الفجر متى يقضيهما، عن عبد الرحمن بن إبراهيم ويعقوب بن حميد بن كاسب، كلاهما عن مروان بن معاوية، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله، و (1460).

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَامَ عَنْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، فَصَلَّاهَا بَعْدَمَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی دو رکعات کی ادائیگی کے وقت سوئے رہ گئے تھے، تو آپ نے سورج نکلنے کے بعد انہیں ادا کیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ فَاتَتْهُ رَكْعَتَا الظُّهْرِ اِلٰى اَنْ يُصَلِّيَ الْعَصْرَ لَيْسَ عَلَيْهِ اِعَادَتُهُمَا، وَاِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً دُوْنَ اُمَّتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جس شخص کی ظہر کی دو رکعات رہ جائیں یہاں تک کہ وہ عصر کی نماز ادا کر لے

تو اب اس شخص پر ان کو دہرانا لازم نہیں ہے یہ صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے یہ حکم اُمت کے لئے نہیں ہے

2653 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ، ثُمَّ دَخَلَ بَيْتِيْ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلَّيْتَ صَلَاةً لَمْ تَكُنْ تُصَلِّيهَا، فَقَالَ: قَدِمَ عَلَيَّ مَالٌ، فَشَغَلَنِيْ عَنْ رَكْعَتَيْنِ كُنْتُ اَرْكَعُهُمَا قَبْلَ الْعَصْرِ، فَصَلَّيْتُهُمَا الْاٰنَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَفَنَقْضِيهِمَا اِذَا فَاتَتَا؟ قَالَ: لَا.

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے نماز ادا کرنے کے بعد میرے ہاں تشریف لائے۔ آپ نے دو رکعات ادا کی۔ میں نے عرض کی: آج آپ نے یہ کیسی نماز ادا کی ہے، جو آپ نے اس سے پہلے ادا نہیں کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس کچھ مال آیا تھا تو میں مصروفیت کی وجہ سے ان دو رکعات کو عصر سے پہلے ادا نہیں کر سکا جیسے پہلے ادا کرتا تھا ان دونوں کو میں نے اب ادا کر لیا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر ہم سے یہ رکعات فوت ہو جائیں، تو ہم ان کی قضاء کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں۔

2653– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح. ذكوان: هو أبو صالح السمّان. وهو في "مسند أبي يعلى" 2/ورقة 326، وفيه "فشغلني عن ركعتين كنت أركعهما بعد الظهر." وأخرجه أحمد 6/315 عن يزيد، بهذا الإسناد. وانظر (1577).

بَابُ سُجُوْدِ السَّهْوِ

سجدۂ سہو کا بیان

2654 - حَدَّثَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَّمَ فِيْ ثَلَاثِ رَكَعَاتٍ مِنَ الْعَصْرِ، فَقَالَ لَهُ الْخِرْبَاقُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَنَسِيتَ اَمْ قُصِرَتِ الصَّلَاةُ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصَدَقَ الْخِرْبَاقُ؟ فَقَالُوْا: نَعَمْ. فَقَامَ فَصَلّٰى رَكْعَةً، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز میں تین رکعات ادا کرنے کے بعد سلام پھیر دیا۔ حصرت خرباق نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ بھول گئے ہیں؟ یا پھر نماز مختصر ہوگئی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا خرباق ٹھیک کہہ رہا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور ایک رکعت ادا کی پھر آپ نے دومرتبہ سجدۂ سہو کیا' اور پھر سلام پھیر دیا۔

ذِكْرُ تَسْمِيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ الْمُرْغِمَتَيْنِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سہو کے دوسجدوں کو رسوا کرنے والی دو چیزوں کا نام لینا

2655 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ

2654- إسناده صحيح على شرط مسلم، خالد الأول: هو ابن عبد الله الواسطي، والثاني: هو خالد بن مهران الحذاء، وأبو قلابة: عبد اللّٰه بن زيد الجرمي، وأبو المهلب: هو الجرمي عم أبي قلابة، مختلف في اسمه. وقد كتب هذا الحديث في هامش الأصل، وذهب منه بعض سنده، واستدرك من (2671) فقد أعاده المصنف هناك. وأخرجه أحمد 4/427، ومسلم (574) في المساجد: باب السهو في الصلاة والسجود له، وأبو داوُد (1018) في الصلاة: باب السهو في السجدتين، والنسائي 3/26 في السهو: باب ذكر الاختلاف على أبي هريرة في السجدتين، و 66 باب السلام بعد سجدتي السهو، وابن ماجه (1215) في إقامة الصلاة: باب فيمن سلم من ثنتين أو ثلاث ساهيًا، وابن خزيمة (1054)، والبيهقي 2/359 .

2655- إسناده ضعيف . عبد اللّٰه بن كيسان هو المروزي كثير الخطأ، ضعفه غير واحد من الأئمة . وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1063) . وأخرجه أبو داوُد (1025) في الصلاة: باب إذا شك في الثنتين والثلاث مَن قال: يلقي الشك، والطبراني (12050) من طريق مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِيْ رِزْمَةَ، بهذا الإسناد. له حديث أبي سعيد الخدري، وسيرد عند المؤلف (2663) .

اَبِی رِزْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّی سَجْدَتَیِ السَّهْوِ: الْمُرْغِمَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہو کے دوسجدوں کو (شیطان کو) رسوا کرنے والی دو چیزوں کا نام دیا ہے۔

2656 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰی بِنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتُرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِیِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً زَادَ فِيهَا، اَوْ نَقَصَ مِنْهَا، فَلَمَّا اَتَمَّ قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَحَدَثَ فِی الصَّلَاةِ شَیْءٌ؟ قَالَ: فَثَنٰی رِجْلَهٗ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: لَوْ حَدَثَ فِی الصَّلَاةِ شَیْءٌ لَاَخْبَرْتُكُمْ بِهٖ، وَلٰكِنْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، اَنْسٰی كَمَا تَنْسَوْنَ، فَاِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُوْنِی، وَاِذَا اَحَدُكُمْ شَكَّ فِیْ صَلَاتِهٖ فَلْيَتَحَرَّی الصَّوَابَ وَلْيَبْنِ عَلَيْهِ، ثُمَّ لِيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک نماز پڑھائی۔ آپ نے اس میں کچھ اضافہ کیا یا شاید کچھ کمی کر دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا نماز کے بارے میں کوئی نیا حکم آیا ہے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک ٹانگ بچھائی آپ نے دومرتبہ سجدہ سہو کیا۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اگر نماز کے بارے میں کوئی نیا حکم آیا ہوتا تو میں تمہیں اس کے بارے میں بتا دیتا' لیکن میں بھی ایک انسان ہوں' میں اسی طرح بھول جاتا ہوں' جس طرح تم بھول جاتے ہو اور جب میں بھول جاؤں' تو تم مجھے یاد کروا دو اور جب کسی انسان کو اپنی نماز کے بارے میں شک ہو' تو وہ درست چیز کے بارے میں اندازہ لگانے کی کوشش کرے اسی پر بنیاد قائم کرے اور پھر (آخر میں) دومرتبہ سجدہ سہو کر لے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکرکردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2657 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدٍ السَّعْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنِی مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

2656- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن المقدام فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 1/419 و438، والحميدي (96)، والبخاري (6671) في الأيمان: باب إذا حنث ناسيًا في الأيمان، ومسلم (572) (90) في المساجد: باب السهو في الصلاة والسجود له، وابن ماجه (1211) في إقامة الصلاة: باب ما جاء فيمن شك في صلاته فتحرى الصواب، وابن خزيمة (1028)، وأبو عوانة 2/201 و201-202 و202، والبيهقي 2/14-15 من طرق عن منصور، بهذا الإسناد مختصرًا ومطولًا. وانظر ما بعده.

(متن حدیث):صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَادَ، اَوْ نَقَصَ، فَقِيلَ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ حَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَوْ حَدَثَ شَيْءٌ لَنَبَّاْتُكُمُوْهُ، وَلٰكِنْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَاَيُّكُمْ شَكَّ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحْرٰى ذٰلِكَ اِلَى الصَّوَابِ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ يَقُوْمُ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ هٰذَا خَتَنُ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَلٰى ابْنَتِهٖ، ثِقَةٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نماز پڑھاتے ہوئے کچھ اضافہ کردیا یا شاید کمی کی آپ کی خدمت میں عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا نماز کے بارے میں کوئی نیا حکم آیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی نیا حکم آیا ہوتا تو میں تم لوگوں کو اس بارے میں بتادیتا' لیکن میں بھی ایک انسان ہوں میں اسی طرح بھول جاتا ہوں' جس طرح تم بھول جاتے ہو تم میں سے جس شخص کو اپنی نماز کے بارے میں شک ہو' تو وہ اس بات کا جائزہ لے' کونسی صورت درست ہونے کے زیادہ قریب ہے اور پھر اسی کی بنیاد پر وہ اپنی نماز کو مکمل کرے اور پھر دو مرتبہ سجدہ سہو کرلے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابراہیم بن مغیرہ نامی راوی عبداللہ بن مبارک کا داماد ہے۔ اور یہ ثقہ ہے۔

2657- صحيح. عمرو بن صالح: هو الصائغ المروزي أبو حفص ذكره المؤلف في "الثقات" 8/486، وقال: حدثنا عنه الحسن بن سفيان، وعبد الله بن محمود، وباقي السند رجاله ثقات. وأخرجه مسلم (572) (90)، وابن ماجه (1212)، والدارقطني 1/376 من طرق عن مسعر، بهذا الإسناد. مختصرًا ومطولًا. وأخرجه من طرق وبألفاظ أخرى مسلم (572) (93) و (94) و (95) و (96)، وأبو داود (1021)، والترمذي (393)، والنسائي 3/33، وابن ماجه (1203)، وأبو عوانة 2/203 و 204 و 205، والبيهقي 2/342. (2) انظر "ثقات المؤلف" 6/25.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ فِيْ هٰذِهِ الصَّلَاةِ بَعْدَ السَّلَامِ لَا قَبْلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اس نماز میں سلام پھیرنے کے بعد دومرتبہ سجدہ سہو کیا تھا اس سے پہلے نہیں کیا تھا

2658 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقِيلَ: زِيدَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوْا: اِنَّكَ صَلَّيْتَ خَمْسًا، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَمَا سَلَّمَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ نے ظہر کی نماز میں پانچ رکعات پڑھا دیں آپ کی خدمت میں عرض کی گئی: کیا نماز میں کچھ اضافہ ہو گیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا ہوا ہے؟۔ انہوں نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعات پڑھائی ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے سلام پھیرنے کے بعد دو مرتبہ سجدہ سہو کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِسَجْدَتَيِ السَّهْوِ لِلتَّحَرِّي فِيْ شَكِّهٖ فِي الصَّلَاةِ اِنَّمَا اُمِرَ بِهَا بَعْدَ السَّلَامِ لَا قَبْلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سجدہ سہو کا حکم اس شخص کیلئے ہے جو نماز کے بارے میں اپنے شک میں تحری کرتا ہے اور اس شخص کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ سلام پھیرنے کے بعد تحری کرے گا اس سے پہلے نہیں کرے گا

2659 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ:

2658- إسناده صحيح على شرط الشيخين. الحكم: هو ابن عتيبة الكندي مولاهم الكوفي. وأخرجه البخاري (404) في الصلاة: باب ما جاء في القبلة، و (1226) في السهو: باب إذا صلى خمسًا، و (7249) في أخبار الآحاد: باب ما جاء في إجازة خبر الواحد، ومسلم (572) (91)، وأبو داؤد (1019) في الصلاة: باب إذا صلى خمسًا، والترمذي (392) في الصلاة: باب ما جاء في سجدتي السهو بعد السلام والكلام، والنسائي 3/31 في السهو: باب ما يفعل من صلى خمسًا، وابن ماجه (1205) في إقامة الصلاة: باب من صلى الظهر خمسًا وهو ساهٍ، والبيهقي 2/341، والبغوي (756) من طرق عن شعبة، بهٰذا الإسناد، وسيكرره المؤلف برقم (2682).

اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهٖ، فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ ثُمَّ لِيُسَلِّمْ، ثُمَّ لِيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کسی شخص کو اپنی نماز کے بارے میں شک ہو تو وہ درست صورت کا اندازہ لگانے کی کوشش کرے اور پھر سلام پھیرے اور پھر دو مرتبہ سجدہ سہو کرلے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتَحَرِّى الصَّوَابَ فِيْ صَلَاتِهٖ اِذَا سَهَا فِيْهَا عَلَيْهِ اَنْ يَّسْجُدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ الْاَوَّلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اپنی نماز کے بارے میں درست نتیجے تک پہنچنے کی کوشش کرنے والے شخص کو اگر اس بارے میں سہو تو اس پر یہ بات لازم ہے کہ وہ پہلے سلام کے بعد دو مرتبہ سجدہ سہو کرے

2660 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَادَ اَوْ نَقَصَ، وَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ حَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَیْءٌ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ حَدَثَ شَیْءٌ لَنَبَّاْتُكُمُوْهُ، وَلٰكِنِّيْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَاَيُّكُمْ شَكَّ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحْرٰى ذٰلِكَ اِلَى الصَّوَابِ، وَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ لِيُسَلِّمْ وَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھاتے ہوئے کچھ اضافہ کردیا یا کچھ کمی کردی تو عرض کی گئی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا نماز کے بارے میں کوئی نیا حکم آ گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی نیا حکم آیا ہوتا تو میں تمہیں اس کے بارے میں بتادیتا' لیکن میں ایک انسان ہوں میں بھی اسی طرح بھول جاتا ہوں' جس طرح تم بھول جاتے ہو' تو تم میں سے جس کسی کو بھی اپنی نماز کے بارے میں شک ہو' تو وہ اس بات کا جائزہ لے' کونسی صورت درست ہونے کے زیادہ قریب ہے اور وہ اسی کی بنیاد پر نماز کو مکمل کرے پھر وہ سلام پھیرے اور دو مرتبہ سجدہ سہو کرلے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُصَلِّيَ الظُّهْرِ خَمْسًا سَاهِيًا مِنْ غَيْرِ جُلُوْسٍ فِي الرَّابِعَةِ لَا يُوْجِبُ عَلَيْهِ اِعَادَةَ الصَّلَاةِ بِفِعْلِهٖ ذٰلِكَ

2659– إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه بهذا اللفظ مختصرًا ابن ماجه (1212) ، وأبو يعلى (5002) من طريق مسعر ، عن منصور ، بهذا الإسناد.

2660– إسناده صحيح على شرطهما. وانظر (2657) .

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ظہر کی نماز ادا کرنے والا وہ شخص جو چار رکعات کے بعد بھول کر بیٹھتا نہیں ہے اور پانچویں رکعت ادا کر لیتا ہے تو اپنے اس فعل کی وجہ سے اس پر اس نماز کو دہرانا لازم نہیں ہوگا

2661 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّى بِنَا عَلْقَمَةُ الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقَالَ لَهُ اِبْرَاهِيمُ، فَقَالَ: وَاَنْتَ يَا اَعْوَرُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ، ثُمَّ حَدَّثَ عَلْقَمَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ

ابراہیم بن سوید بیان کرتے ہیں: علقمہ نے ہمیں ظہر کی نماز میں پانچ رکعات پڑھا دی تو ابراہیم نے ان سے کہا: (آپ نے غلطی کی ہے) انہوں نے فرمایا: اے کانے! کیا تم بھی یہ کہتے ہو ابراہیم نے جواب دیا: جی ہاں! تو راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے دو مرتبہ سجدہ سہو کیا' پھر علقمہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند حدیث بیان کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتَحَرِّىَ فِى الصَّلَاةِ عِنْدَ شَكِّهِ عَلَيْهِ اَنْ يَّسْجُدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نماز میں شک لاحق ہونے پر تحری کرنے والے شخص پر یہ بات لازم ہے کہ وہ سلام پھیرنے کے بعد دو مرتبہ سجدہ سہو کرے

2662 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ:

(متن حدیث): صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً قَالَ اِبْرَاهِيمُ: لَا اَدْرِى اَزَادَ نَقَصَ - فَلَمَّا سَلَّمَ قِيلَ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَحَدَثَ فِى الصَّلَاةِ شَىْءٌ؟ قَالَ: لَا، وَمَا ذَاكَ؟ قَالُوْا: صَلَّيْتَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَثَنٰى رِجْلَهُ، وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ، فَلَمَّا اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ قَالَ: اِنَّهُ لَوْ حَدَثَ فِى الصَّلَاةِ شَىْءٌ اَنْبَاْتُكُمْ بِهِ، وَلٰكِنِّىْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ، اَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ، فَاِذَا نَسِيتُ فَذَكِّرُوْنِى، وَاِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ

2661- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه بنحوه مطولاً مسلم (572) (92) ، وأبو داؤد (1022) ، والنسائي 3/32 و33، وأبو عوانة 2/203 من طريق الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سويد، بهٰذا الاسناد.

2662- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 1/379، وابن أبي شيبة 2/25، والبخاري (401) في الصلاة: باب التوجه نحو القبلة حيث كان، ومسلم (572) (89) ، وأبو داؤد (1020) ، وأبو عوانة 2/202، والبيهقي 2/335، والدارقطني 1/375 من طرق عن جرير، بهٰذا الاسناد.

فِىْ صَلَاتِهٖ، فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ، وَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ لْيُسَلِّمْ، ثُمَّ لْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ

(متن حدیث): قَالَ لِي اَبُوْ هُرَيْرَةَ: صَلَّى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ، فَلَمْ يُصَلِّ بِنَا اِلَّا رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: ذُو الْيَدَيْنِ مِنْ خُزَاعَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَقُصِرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟ فَقَالَ: كُلُّ ذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّمَا صَلَّيْتَ بِنَا رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَقُوْلُ ذُو الْيَدَيْنِ؟ وَاَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَمْ تُصَلِّ بِنَا اِلَّا رَكْعَتَيْنِ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَصَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ الْبَاقِيَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ.

ضمضم بن جوس ہفانی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں شام کی ایک نماز پڑھائی۔ آپ نے ہمیں صرف دو رکعات پڑھائیں (اور سلام پھیر دیا) ایک صاحب نے جن کا نام ذوالیدین تھا جن کا تعلق خزاعہ قبیلے سے تھا انہوں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا نماز مختصر ہوگئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

2687- إسناده قوي. قال ابن عدي: عكرمة بن عمار مستقيم الحديث إذا روى عنه ثقة. وأخرجه أبو داوُد (1016) في الصلاة: باب السهو في السجدتين، عن هارون بن عبد الله، عن هاشم بن القاسم، عن عكرمة بن عمار، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 3/66 في السهو: باب السلام بعد سجدتي السهو، من طريق عبد الله بن المبارك، عن عكرمة بن عمار، به نحوه.

نے فرمایا: دونوں میں سے کچھ بھی نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ نے ہمیں دو رکعات پڑھائی ہیں نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: ذوالیدین کیا کہہ رہا ہے۔ آپ حاضرین کی طرف متوجہ ہوئے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ نے ہمیں صرف دو رکعات پڑھائی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے آپ نے قبلہ کی طرف رُخ کیا' اور آپ نے باقی رہ جانے والی دو رکعات ادا کی پھر آپ نے سلام پھیرا پھر آپ نے بیٹھنے کے دوران دو مرتبہ سجدہ سہو کیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ شَاهَدَ هٰذِهِ الصَّلَاةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس نماز میں نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں موجود تھے

2688 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ - اِمَّا قَالَ: الظُّهْرَ، وَاِمَّا قَالَ: الْعَصْرَ، قَالَ: وَاَكْبَرُ ظَنِّىْ اَنَّهَا الْعَصْرُ - فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، وَتَقَدَّمَ اِلٰى خَشَبَةٍ فِىْ مُقَدَّمِ الْمَسْجِدِ، فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَيْهَا، اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى، وَخَرَجَ سَرَعَانُ النَّاسِ فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ: قُصِرَتِ الصَّلَاةُ، وَفِى الْقَوْمِ اَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا، فَهَابَا اَنْ يَّسْاَلَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ ذُو الْيَدَيْنِ: اَقُصِرَتِ الصَّلَاةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمْ نَسِيتَ؟ قَالَ: مَا قُصِرَتِ الصَّلَاةُ، وَلَا نَسِيتُ، قَالَ: بَلْ نَسِيتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَكَذٰلِكَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَرَجَعَ فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، فَاَطَالَ نَحْوًا مِنْ سُجُوْدِهٖ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ، ثُمَّ سَجَدَ الثَّانِيَةَ، فَاَطَالَ نَحْوًا مِنْ سُجُوْدِهٖ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ فَقِيلَ لِمُحَمَّدٍ: ثُمَّ سَلَّمَ؟ قَالَ: لَمْ اَحْفَظْ ذٰلِكَ مِنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَاُنْبِئْتُ اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ: ثُمَّ سَلَّمَ،

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَخْبَارُ ذِى الْيَدَيْنِ مَعْنَاهَا: اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكَلَّمَ فِىْ صَلَاتِهٖ عَلٰى اَنَّ الصَّلَاةَ قَدْ تَمَّتْ لَهٗ، وَاَنَّهٗ قَدْ اَدّٰى فَرْضَهُ الَّذِىْ عَلَيْهِ، وَذُو الْيَدَيْنِ قَدْ تَوَهَّمَ اَنَّ الصَّلَاةَ قَدْ رُدَّتْ اِلَى الْفَرِيضَةِ الْاُوْلٰى، فَتَكَلَّمَ عَلٰى اَنَّهٗ فِىْ غَيْرِ الصَّلَاةِ، وَاَنَّ صَلَاتَهٗ قَدْ تَمَّتْ، فَلَمَّا اسْتَثْبَتَ

2688- إسناده صحيح على شرطهما . أبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داوٗد العتكي، ومحمد: هو ابن سيرين . وأخرجه مسلم (573) (98) في المساجد: باب السهو في الصلاة والسجود له، عن أبي الربيع الزهراني، بهذا الاسناد . وأخرجه أبو داوٗد (1008) و (1011) في الصلاة: باب السهو في السجدتين، والطحاوي 1/444، والبيهقي 2/357 من طرق عن حماد بن زيد، به. وانظر (2246).

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ، كَانَ مِنَ اسْتِثْبَاتِهِ عَلٰى يَقِينٍ اَنَّهُ قَدْ اَتَمَّ صَلَاتَهُ.

وَاَمَّا جَوَابُ الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ لَهُ اَنْ: نَعَمْ، فَكَانَ الْوَاجِبُ عَلَيْهِمْ اَنْ يُجِيبُوهُ، وَاِنْ كَانُوا فِي نَفْسِ الصَّلَاةِ، لِقَوْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُولِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ) (الأنفال: 24) ، فَاَمَّا الْيَوْمَ، فَقَدِ انْقَطَعَ الْوَحْيُ، وَاُقِرَّتِ الْفَرَائِضُ، فَاِنْ تَكَلَّمَ الْاِمَامُ وَعِنْدَهُ اَنَّ الصَّلَاةَ قَدْ تَمَّتْ بَعْدَ السَّلَامِ لَمْ تَبْطُلْ صَلَاتُهُ، وَاِنْ سَاَلَ الْمَامُومِينَ فَاَجَابُوهُ بَطَلَتْ صَلَاتُهُمْ، وَاِنْ سَاَلَ بَعْضَ الْمَامُومِينَ الْاِمَامَ عَنْ ذٰلِكَ، بَطَلَتْ صَلَاتُهُ لِاسْتِحْكَامِ الْفَرَائِضِ، وَانْقِطَاعِ الْوَحْيِ، وَالْعِلَّةُ فِي سَهْوِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاتِهِ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثَ مُعَلِّمًا قَوْلًا وَفِعْلًا، فَكَانَتِ الْحَالُ تَطْرَاُ عَلَيْهِ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ، وَالْقَصْدُ فِيهِ اِعْلَامُ الْاُمَّةِ مَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ عِنْدَ حُدُوثِ تِلْكَ الْحَالَةِ بِهِمْ بَعْدَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دوپہر کی ایک نماز پڑھائی (راوی کہتے ہیں) شاید انہوں نے ظہر کی نماز کا ذکر کیا تھا یا عصر کا ذکر کیا تھا۔ لیکن میرا غالب گمان یہ ہے' وہ عصر کی نماز تھی۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دو رکعات پڑھائیں اس کے بعد سلام پھیر دیا۔ پھر آپ مسجد میں آگے کی طرف رکھی ہوئی لکڑی کی طرف بڑھ گئے آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اس پر رکھ دیئے ان میں سے ایک ہاتھ دوسرے پر تھا۔ جلد باز لوگ (مسجد سے) باہر نکل گئے وہ یہ کہہ رہے تھے نماز مختصر ہوگئی ہے۔ حاضرین میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے لیکن انہیں اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گزارش کرنے کی جرأت نہیں ہوئی ایک صاحب جن کا نام ذوالیدین تھا انہوں نے آپ کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا نماز مختصر ہوگئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز مختصر نہیں ہوئی اور میں بھی بھولا نہیں ہوں۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاید آپ بھول گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اسی طرح ہے لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس آئے آپ نے ہمیں دو رکعات پڑھائیں پھر آپ نے سلام پھیرا پھر دو مرتبہ سجدہ سہو کیا جو آپ کے عام سجدوں جتنا طویل تھا' پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا' پھر آپ نے دوسری مرتبہ سجدہ کیا آپ نے عام سجدوں جتنا طویل سجدہ کیا' پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا۔

محمد بن سیرین نامی راوی سے دریافت کیا گیا: روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: پھر آپ نے سلام پھیر دیا' تو انہوں نے بتایا: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مجھے یہ الفاظ یاد نہیں ہیں' البتہ مجھے یہ بات بتائی گئی ہے' حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں پھر آپ نے سلام پھیر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ کی اطلاع کا مطلب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے دوران کلام کیا تھا۔ اس بنیاد پر کہ ان کی نماز مکمل ہو چکی ہے۔ اور آپ نے وہ فرض ادا کرلیا ہے۔ جو آپ کے ذمے لازم تھا۔ حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ یہ سمجھے کہ شاید نماز اپنے پہلے والے فرض کی طرف لوٹا دی گئی ہے۔ انہوں نے اس صورت میں کلام کردیا کہ وہ نماز کی حالت میں نہیں ہیں اور نماز مکمل ہو چکی ہے۔ لیکن جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے تصدیق چاہی اور آپ کو اس بات کا

یقین ہو گیا تو پھر آپ نے اپنی نماز کو مکمل کر لیا۔ جہاں تک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا آپ کو جواب دینے کا تعلق ہے۔ کہ انہوں نے جی ہاں کہا تو اب ان لوگوں پر یہ بات لازم تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دیتے اگرچہ وہ نماز ادا کر رہے ہوتے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کی پکار پر جواب دو جب وہ تمہیں بلائیں تا کہ یہ چیز تم کو زندگی دے۔''

جہاں تک آج کے دن کا تعلق ہے۔ تو اب وحی کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے اور فرض برقرار ہو چکے ہیں۔ تو جب امام کلام کرے اور اس کا خیال یہ ہو کہ سلام پھیرنے کے بعد اس کی نماز مکمل ہو چکی ہے تو اس کی نماز باطل نہیں ہو گی۔ لیکن اگر وہ مقتدیوں سے سوال کرتا ہے۔ مقتدی اس کو جواب دیتے ہیں۔ تو ان لوگوں کی نماز باطل ہو جائے گی اور اگر امام نے بعض مقتدیوں سے اس بارے میں دریافت کیا۔ تو امام کی نماز بھی باطل ہو جائے گی۔ کیونکہ اب فرائض مستحکم ہو چکے ہیں۔ اور وحی کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے دوران سہو لاحق ہونے میں علت یہ تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تعلیم دینے والا بھیجا گیا ہے۔ آپ قولی طور پر بھی اور عملی طور پر بھی تعلیم دیتے تھے۔ تو بعض اوقات آپ پر ایسی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ جس کا مقصد آپ کی امت کو اطلاع دینا ہوتا تھا۔ کہ اس طرح کی صورتحال درپیش ہونے پر ان پر کیا چیز لازم ہو گی؟ یعنی وہ صورت حال جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان کو پیش آئے گی۔

ذِكْرُ تَسْمِيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ الْمُرْغِمَتَيْنِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سہو کا دو سجدوں کو رسوا کرنے والی دو چیزوں کے نام دینا

2689 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رِزْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّى سَجْدَتَيِ السَّهْوِ الْمُرْغِمَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہو کے دو سجدوں کو (شیطان کو) رسوا کرنے والی دو چیزوں کا نام دیا ہے۔

بَابُ الْمُسَافِرِ

مسافر کا بیان

2690 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ مُسْلِمَ بْنَ مِشْكَمٍ اَبَا عُبَيْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا اَبُوْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّاسُ اِذَا نَزَلُوْا مَنْزِلًا تَفَرَّقُوا فِي الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ تَفَرُّقَكُمْ فِيْ هٰذِهِ الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ اِنَّمَا ذٰلِكُمْ مِنَ الشَّيْطَانِ، قَالَ: فَلَمْ يَنْزِلُوْا بَعْدُ مَنْزِلًا اِلَّا انْضَمَّ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ حَتّٰى لَوْ بُسِطَ عَلَيْهِمْ ثَوْبٌ لَعَمَّهُمْ

❀❀ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگ جب کسی جگہ پڑاؤ کرتے تھے' تو وہ گھاٹیوں اور نشیبی علاقوں میں مختلف جگہ بکھر جاتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا اس طرح گھاٹیوں اور نشیبی علاقوں میں بکھر جانا شیطان کی طرف سے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد لوگ جب بھی کسی جگہ پڑاؤ کرتے تھے' تو وہ ایک جگہ یوں اکٹھے رہتے تھے' اگر ان پر کوئی کپڑا بچھایا جائے' تو وہ ان سب پر آ جائے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفٰى جَوَازَ التَّزَوُّدِ لِلْاَسْفَارِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے
جس نے سفر کے لئے زادِ سفر اختیار کرنے کے جواز کی نفی کی ہے

2691 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ

2690- إسناده صحيح. إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْقُرَشِيُّ: وثقه الدارقطني، وقال ابوحاتم: صدوق، وذكره المؤلف في "الثقات"، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح غير مسلم بن مشكم فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة. وأخرجه أحمد 4/193، وأبو داوُد (2628) في الجهاد: باب ما يؤمر من انضمام العسكر وسعته، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 9/133، والحاكم 2/115، والبيهقي 9/152 من طرق عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: صحيح الإسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبي! مع أن مسلم بن مشكم لم يخرج له الشيخان ولا أحدهما.

الْمُخَرِّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانُوا يَحُجُّونَ وَلَا يَتَزَوَّدُونَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ: (وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَى) (البقرة: 197)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پہلے لوگ حج پر جاتے تھے تو زادِراہ ساتھ لے کر نہیں جاتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''اور تم زادِراہ بھی ساتھ رکھو بے شک سب سے بہتر زادِراہ پرہیزگاری ہے''۔

ذِكْرُ مَا يَدْعُو الْمَرْءُ بِهِ لِأَخِيهِ إِذَا عَزَمَ عَلَى سَفَرٍ يُرِيدُ الْخُرُوجَ فِيهِ

اس بات کا تذکرہ کہ جب آدمی کا کوئی بھائی سفر کے ارادے سے روانہ ہونے لگے تو وہ اس کے لئے کیا دعا کرے؟

2692 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، أَنَّ سَعِيدًا الْمَقْبُرِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا جَاءَهُ وَهُوَ يُرِيدُ سَفَرًا، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُوصِيكَ بِتَقْوَى اللَّهِ، وَالتَّكْبِيرِ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ، حَتَّى إِذَا أَدْبَرَ الرَّجُلُ قَالَ: اللَّهُمَّ ازْوِ لَهُ الْأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا وہ سفر پر جانا چاہتا تھا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنے کی اور ہر بلندی پر چڑھتے ہوئے اللہ اکبر کہنے کی تلقین کرتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: جب وہ شخص چلا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اس کے لئے زمین کو لپیٹ دے اور اس کے لئے سفر کو آسان کر دے۔

2691- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ فمن رجال البخاري. شبابة: هو ابن سوار المدائني، وورقاء: هو ابن عمر اليشكري. وأخرجه ابن جرير في "جامع البيان" (3730)، وأبو داؤد (1730) في المناسك: باب التزود في الحج، من طريق المخرّمي، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1523) في الحج: باب قول الله تعالى: (وتزوّدوا فإن خير الزاد التقوى)، وابن أبي حاتم في "تفسيره" فيما ذكره ابن كثير 1/246 من طريق ورقاء، به. وأخرجه النسائي في السير من "الكبرى" كما في "التحفة" 5/154 من طريق سفيان، عن عمرو بن دينار، عن عكرمة، عن ابن عباس، وأخرجه سفيان بن عيينة عن عكرمة مرسلًا كما في البخاري، والطبري (3733) و(3759)، وابن أبي حاتم.

2692- إسناده حسن. أسامة بن زيد: هو الليثي، قال الحافظ في "التقريب": صدوق يهم، وقال ابن عدي: يروي عنه الثوري وجماعة من الثقات، ويروي عنه ابن وهب نسخة صالحة ... وهو حسن الحديث، وأرجو أنه لا بأس به، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/517، وأحمد 2/325 و331 و443 و476، والنسائي في "اليوم والليلة" (505)، والترمذي (3445) في الدعوات: باب رقم (46)، وابن ماجه (2771) في الجهاد: باب فضل الحرس والتكبير في سبيل الله، والحاكم 2/98 وصححه، والبيهقي 5/251، والبغوي (1346) من طرق عن أسامة بن زيد، بهذا الإسناد. وسيكرره المؤلف برقم (2702).

ذِكْرُ مَا يَقُولُ الْمَرْءُ لِاَخِيهِ عِنْدَ الْوَدَاعِ فَيَحْفَظُهُ اللّٰهُ فِي سَفَرِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی اپنے بھائی کو رخصت کرتے وقت کیا پڑھے؟ تو اللہ تعالیٰ اس کے سفر کے دوران اس کی حفاظت کرتا ہے

2693 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّغُوْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ الرَّازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُطْعِمُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ اِلَى الْعِرَاقِ اَنَا وَرَجُلٌ مَعِي، فَشَيَّعَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يُفَارِقَنَا، قَالَ: اِنَّهُ لَيْسَ مَعِي شَيْءٌ اُعْطِيكُمَا، وَلٰكِنْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا اسْتَوْدَعَ اللّٰهُ شَيْئًا حَفِظَهُ، وَاِنِّي اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِينَكُمَا وَاَمَانَتَكُمَا، وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكُمَا

مجاہد بیان کرتے ہیں: میں عراق کے لئے روانہ ہونے لگا تھا میرے ساتھ ایک اور شخص تھا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہمیں رخصت کرنے کے لیے ہمارے ساتھ آئے جب وہ ہم سے جدا ہونے لگے' تو انہوں نے فرمایا: میرے پاس ایسی کوئی چیز نہیں ہے' جو میں تمہیں دوں لیکن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو کوئی چیز ودیعت کرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرتا ہے' تو میں تمہارے دین تمہاری امانت اور تم دونوں کے عمل کے خاتمے کو اللہ تعالیٰ کو ودیعت کرتا ہوں''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْمِيَةِ لِمَنْ اَرَادَ رُكُوبَ الْاِبِلِ لِيُنَفِّرَ الشَّيَاطِينَ عَنْ ظُهُورِهَا بِهَا

جو شخص اونٹ پر سوار ہونے لگے اسے بسم اللہ پڑھنے کے حکم ہونے کا تذکرہ تاکہ وہ اونٹ کی پشت سے شیاطین کو دور بھگا دے

2694 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَاهُ حَمْزَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

2693- إسناده قوى. أبو زرعة الرازى: هو عُبيد الله بن عبد الكريم بن يزيد. وأخرجه النسائى فى "اليوم والليلة" (509) عن أحمد بن إبراهيم بن محمد، عن ابن عائذ، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقى 9/173 من طريق محمد بن عثمان التنوخى، عن الهيثم بن حميد، به. وأخرجه أحمد 2/7 و25 و38 و136 و358، والنسائى (506)، وابن ماجه (2826)، والترمذى (3442) و (3443)، والحاكم 2/97 من طرق عن ابن عمر.

2694- إسناده حسن. وهو مكرر (1704).

(متن حدیث): عَلٰی ظَهْرِ كُلِّ بَعِيرٍ شَيْطَانٌ، فَإِذَا رَكِبْتُمُوهَا فَسَمُّوا اللّٰهَ، وَلَا تَقْصُرُوا عَنْ حَاجَاتِكُمْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر اونٹ کی پشت پر شیطان ہوتا ہے' جب تم اس پر سوار ہو' تو اللہ کا نام لو اور اپنی حاجت کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہ کرو''۔

ذِكْرُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ عِنْدَ الرُّكُوبِ لِسَفَرٍ يُرِيدُ الْخُرُوجَ فِيهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی سفر کیلئے سوار ہوتے وقت کیا پڑھے؟ جب وہ سفر پر جانے کا ارادہ کرے

2695 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَارِقِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَافَرَ فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: (سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ) (الزخرف: 13) ، يَقْرَاُ الْآيَتَيْنِ ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْاَلُكَ فِي سَفَرِي هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوَى، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضَى، اللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، وَاطْوِ لَنَا الْاَرْضَ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ، اللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا فِي سَفَرِنَا فَاخْلُفْنَا فِي اَهْلِنَا ، وَكَانَ إِذَا رَجَعَ قَالَ: آيِبُونَ تَائِبُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر پر روانہ ہونے کے وقت جب اپنی سواری پر سوار ہوتے تو تین مرتبہ تکبیر کہتے تھے' پھر یہ پڑھتے تھے۔

''پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لئے اس (سواری کو) مسخر کر دیا ورنہ ہم اس پر قابو پانے والے نہیں تھے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو آیات تلاوت کرتے تھے اور پھر یہ کہتے تھے۔

''اے اللہ! میں اپنے اس سفر کے دوران نیکی اور پرہیزگاری کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور ایسے عمل کا بھی جس سے تو راضی ہو جائے۔ اے اللہ! ہمارے لئے سفر کو آسان کر دے اور ہمارے لئے زمین کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو ہی سفر میں ساتھی ہے اور (ہماری غیر موجودگی میں) گھر والوں کا نگران ہے۔ اے اللہ! تو ہمارے اس سفر میں ہمارے ساتھ رہنا اور ہمارے گھر والوں کا بھی خیال رکھنا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب واپس آتے تھے' تو یہ کہتے تھے۔

''ہم رجوع کرنے والے ہیں اور توبہ کرنے والے ہیں اور اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے والے ہیں''۔

2695- إسناده صحيح، رجاله رجال مسلم غير إبراهيم بن الحجاج السامي فمن رجال النسائي، وهو ثقة . وأخرجه أحمد 2/144، والترمذي (3447) في الدعوات: باب ما يقول إذا ركب الناقة، والدارمي 2/285، والحاكم 2/254 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وانظر ما بعده.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ خَبَرَ اَبِي الزُّبَيْرِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ تَفَرَّدَ بِهٖ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ ابوزبیر کے حوالے سے منقول روایت جسے ہم نے ذکر کیا ہے اس کو نقل کرنے میں حماد بن سلمہ منفرد ہیں

2696 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ اَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَلِيًّا الْاَسَدِيَّ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَلَّمَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اسْتَوٰى عَلٰى بَعِيرِهٖ خَارِجًا اِلٰى سَفَرٍ كَبَّرَ ثَلَاثًا، وَقَالَ: (سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ) (الزخرف: 13)، اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا، وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ، وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ، فَاِذَا رَجَعَ قَالَهُنَّ، وَزَادَ فِيْهِنَّ: آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

علی اسدی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں یہ تعلیم دی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر پر روانہ ہونے کے وقت اپنی سواری پر سوار ہوتے تو آپ تین مرتبہ تکبیر کہتے اور پھر یہ پڑھتے تھے۔

''پاک ہے وہ ذات جس نے (اس سواری کو) ہمارے لئے مسخر کیا ورنہ ہم اسے قابو میں لانے والے نہیں تھے''۔

اے اللہ! ہم تجھ سے اس سفر میں نیکی اور پرہیزگاری کا سوال کرتے ہیں اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جس سے تو راضی ہو جائے۔ اے اللہ! ہمارے لئے اس سفر کو آسان کر دے ہمارے لئے اس کی مسافت کو سمیٹ دے۔ اے اللہ! سفر میں' تو ہی ساتھی ہے اور گھر والوں کا تو ہی نگران ہے اے اللہ! میں سفر کی مشقت (سفر کے دوران یا واپسی پر) کسی ناپسندیدہ منظر کو دیکھنے اور واپسی پر اپنے اہلِ خانہ' مال یا اولاد کے بارے میں کسی برے منظر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لاتے تھے' تو یہی کلمات پڑھتے تھے اور ان میں یہ الفاظ زائد پڑھتے تھے۔

2696- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله . علي الأسدي: هو علي بن عبد الله البارقي الأزدي، قال أبو عبيد وابن السكيت: الأسد بالسين والأزد بالزاي: وهم أزد شنوءة . وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 6/16، و"اليوم والليلة" (548)، والبيهقي 5/251-252 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق (9232) -ومن طريقه أحمد 2/150، وأبو داؤد (2599) في الجهاد: باب ما يقول الرجل إذا سافر- ومسلم (1342) في الحج: باب ما يقول إذا ركب إلى سفر الحج وغيره، وابن خزيمة (2542) من طريق ابن جريج، به.

(ہم) رجوع کرنے والے ہیں' توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں اور اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے والے ہیں۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّزِيْدَ فِيْ هٰذَا الدُّعَاءِ كَلِمَاتٍ اُخَرَ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اس دعا میں دوسرے کلمات کا بھی اضافہ کرے

2697 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَوْفَلٍ عَلِيُّ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ الْاَسَدِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): رَكِبَ عَلِيٌّ دَابَّةً، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَلَمَّا اسْتَوٰى عَلَيْهَا، قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَكْرَمَنَا، وَحَمَلَنَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ، وَرَزَقَنَا مِنَ الطَّيِّبَاتِ، وَفَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَهُ تَفْضِيْلًا: (سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ، وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ) (الزخرف: 14)، ثُمَّ كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَيْرُكَ، ثُمَّ قَالَ: فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هٰذَا، وَاَنَا رِدْفُهُ

❀❀ علی بن ربیعہ اسدی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ سواری پر سوار ہوں گے تو آپ نے بسم اللہ پڑھی تو جب آپ اس پر سوار ہو گئے' تو آپ نے یہ پڑھا:

''ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے' جس نے ہمیں عزت عطا کی ہمیں خشکی اور سمندری راستوں پر چلنے کا موقع دیا۔ ہمیں پاکیزہ رزق عطا کیا' اور ہمیں اپنی مخلوق میں سے بہت سے لوگوں پر فضیلت دی۔ پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لیے (اس سواری کو) مسخر کیا ورنہ ہم تو اسے قابو میں نہیں کر سکتے تھے۔ بے شک ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹا دیے جائیں گے''۔

پھر انہوں نے تین مرتبہ تکبیر کہی پھر یہ کہا:

''اے اللہ! تو میری مغفرت کر دے بے شک تیرے علاوہ کوئی اور گناہوں کی مغفرت نہیں کر سکتا''۔

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسا کیا تھا میں اس وقت آپ کے پیچھے سوار تھا۔

ذِكْرُ مَا يَحْمَدُ الْعَبْدُ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ الرُّكُوْبِ لِسَفَرٍ يُرِيْدُهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی سفر کے ارادے سے سوار ہوتے وقت اپنے پروردگار کی کیسے حمد بیان کرے؟

2698 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ عَلِيًّا اُتِيَ بِدَابَّةٍ لِيَرْكَبَهَا، فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَلَمَّا

2697- إسناده حسن، وانظر ما بعده.

اسْتَوٰى عَلٰى ظَهْرِهٖ، قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: (سُبْحَانَ الَّذِىْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ) (الزخرف: 13) اِلٰى قَوْلِهٖ: (وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ) (الزخرف: 14)، ثُمَّ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثَلَاثًا، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ثَلَاثًا، سُبْحَانَكَ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ، اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ، ثُمَّ ضَحِكَ، قُلْتُ: مِنْ اَىِّ شَىْءٍ ضَحِكْتَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ كَمَا صَنَعْتُ ثُمَّ ضَحِكَ، فَقُلْتُ: مِنْ اَىِّ شَىْءٍ ضَحِكْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِنَّ رَبَّكَ لَيَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهٖ اِذَا قَالَ: رَبِّ اغْفِرْ لِىْ ذُنُوْبِىْ، قَالَ: عَلِمَ عَبْدِىْ اَنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَيْرِىْ

علی بن ربیعہ بیان کرتے ہیں: میں اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا جب ایک جانور لایا گیا تا کہ وہ اس پر سوار ہوں جب انہوں نے اپنا پاؤں رکاب میں رکھا تو بسم اللہ پڑھی جب وہ اس جانور کی پشت پر سیدھے بیٹھ گئے' تو انہوں نے تین مرتبہ الحمدللہ کہا پھر یہ پڑھا:

''پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لیے (اس سواری کو) مسخر کیا ورنہ ہم اس پر قابونہیں پا سکتے تھے'' یہ آیت یہاں تک ہے۔

''بے شک ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹا دیئے جائیں گے''۔

پھر انہوں نے تین مرتبہ الحمدللہ پھر تین مرتبہ اللہ اکبر کہا ''(اے اللہ) تو پاک ہے میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے' تو میری مغفرت کر دے گناہوں کی مغفرت صرف تو ہی کر سکتا ہے''۔

پھر وہ مسکرا دیئے میں نے دریافت کیا: امیر المومنین آپ کس بات پر مسکرائے ہیں' تو انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ نے اسی طرح کیا جس طرح میں نے کیا ہے۔

پھر آپ مسکرا دیئے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کس بات پر مسکرائے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا پروردگار اس بندے سے خوش ہوتا ہے' جب وہ یہ کہتا ہے' اے میرے پروردگار تو میری مغفرت کر دے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرا بندہ یہ بات جانتا ہے' میرے علاوہ کوئی اور گناہوں کی مغفرت نہیں کر سکتا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ دَعْوَةَ الْمُسَافِرِ لَا تُرَدُّ مَا دَامَ فِىْ سَفَرِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسافر جب تک سفر کرتا رہتا ہے اس کی دعا مسترد نہیں ہوتی ہے

2698- رجاله ثقات رجال الشيخين . أبو الأحوص: هو سلام بن سُليم الحنفي، وقد أخرج الشيخان حديث أبي إسحاق برواية أبي الأحوص عنه . وأخرجه الترمذي (3446) في الدعوات: باب ما يقول إذا ركب الناقة، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوُد (2602) في الجهاد: باب ما يقول الرجل إذا ركب، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 471 من طريقين عن أبي الأحوص، به. وأخرجه أحمد 1/97 و115 و128، والطيالسي (132)، والنسائي في السِّير كما في "التحفة" 7/436، والحاكم 2/99 وصححه، من طريقين عن أبي إسحاق، به . وأخرجه الحاكم 2/98 من طريق المنهال بن عمرو، عن علي بن ربيعة، به.

2699 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ فَارِسٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسٰى الْبِسْطَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثُ دَعَوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ لَّا شَكَّ فِيهِنَّ: دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ، وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ، وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اسْمُ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ

امام محمد الباقر رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
تین طرح کی دعاؤں کے مستجاب ہونے کے بارے میں کوئی شک نہیں ہے۔ مظلوم کی دعا' مسافر کی دعا اور والد کی اپنی اولاد کے لئے کی گئی دعا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام ابوجعفر نامی راوی کا نام محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب ہے یعنی (یہ امام باقر ہیں)

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي اِذَا قَالَ الْمُسَافِرُ فِي مَنْزِلِهِ اَمِنَ الضَّرَرَ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى يَرْتَحِلَ مِنْهُ

اس چیز (یعنی کلمات) کا تذکرہ جب مسافر اپنے پڑاؤ کی جگہ پر اسے پڑھ لے تو وہ وہاں سے روانہ ہونے تک ہر چیز سے ہونے والے نقصان سے محفوظ رہتا ہے

2700 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ:

2699- حديث حسن، رجال إسناده ثقات إلا أن فيه انقطاعًا إن كان أبو جعفر هو محمد بن على كما قال المؤلف، فإنه لم يدرك أبا هريرة، وإن كان غيره، فهو مجهول، فقد جاء في "الميزان" 4/11: أبو جعفر اليمامى عن أبى هريرة، وعنه عثمان بن أبى العاتكة مجهول. أبو جعفر عن أبى هريرة، أراه الذى قبله، روى عنه يحيى بن أبى كثير وحده، فقيل: الأنصارى المؤذن، له حديث النزول، وحديث "ثلاث دعوات"، ويقال: مدنى، فلعله محمد بن على بن الحسين، وروايته عن أبى هريرة وعن أم سلمة فيها إرسال، لم يلحقهما أصلًا. وأخرجه البخارى فى "الأدب المفرد" (32) و (481)، وأبو داؤد (1536) فى الصلاة: باب الدعاء بظهر الغيب، والترمذى (1905) فى البر والصلة: باب ما جاء فى دعوة الوالدين، و (3448) فى الدعوات: باب رقم (48)، وابن ماجه (3862) فى الدعاء: باب دعوة الوالد ودعوة المظلوم، والطيالسى (2517)، وأحمد 2/258 و348 و478 و517 و523، والقضاعى فى "مسند الشهاب" (306)، والبغوى (1394) من طرق عن يحيى بن أبى كثير، بهذا الإسناد. وله شاهد يتقوى به عند أحمد 4/154 من طريق زيد بن سلام، عن عبد الله بن زيد بن الأزرق (لم يوثقه غير ابن حبان) عن عقبة بن عامر الجهنى قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ثلاثة تستجاب دعوتهم: الوالد والمسافر والمظلوم".

اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ یَزِیدَ بْنَ اَبِیْ حَبِیْبٍ، وَالْحَارِثَ بْنَ یَعْقُوبَ حَدَّثَاهُ، عَنْ یَّعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَکِیمٍ السُّلَمِیَّةِ، اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا نَزَلَ اَحَدُکُمْ مَنْزِلًا فَلْیَقُلْ: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، فَاِنَّهٗ لَا یَضُرُّهٗ شَیْءٌ حَتّٰی یَرْتَحِلَ مِنْهُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: یَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ هُوَ اَخُو بُکَیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، وَالْحَارِثُ بْنُ یَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، وَالْحَارِثُ بْنُ یَعْقُوبَ هُوَ وَالِدُ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ مِصْرِیٌّ

حضرت سعد بن ابی وقاص سیّدہ خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب کوئی شخص کسی جگہ پر پڑاؤ کرے اور یہ کلمات نماز پڑھ لے جاتا'' میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جسے اس نے پیدا کیا ہے''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) تو جب تک وہ شخص وہاں سے روانہ نہیں ہوا اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یعقوب بن عبداللہ نامی راوی بکیر بن عبداللہ بن اشج کے بھائی ہیں۔ اور حارث نامی راوی حارث بن یعقوب بن عبداللہ بن اشج ہے حارث بن یعقوب نامی راوی عمرو بن حارث مصری کا باپ ہے۔

ذِکْرُ مَا یَقُوْلُ الْمُسَافِرُ اِذَا اَسْحَرَ فِیْ سَفَرٍ

اس بات کا تذکرہ کہ جب مسافر سفر کے دوران سحری کرے تو کیا پڑھے؟

2701 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ سُلَیْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ سُهَیْلٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ کَانَ اِذَا سَافَرَ وَجَاءَ سَحَرًا یَقُوْلُ: سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَائِهٖ، رَبَّنَا

2700- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم (2708) (55) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من سوء القضاء ودرك الشقاء وغيره، وابن ماجه (3547) في الطب: باب الفزع والأرق وما يتعوذ منه، وابن خزيمة (2567) من طرق عن ابن وهب، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/377، والنسائي في "اليوم والليلة" (560) -وعنه ابن السني (533) - ومسلم (2708)، والترمذي (3437) في الدعوات: باب ما جاء ما يقول الرجل إذا نزل منزلًا، وابن خزيمة (2566)، والبيهقي 5/253 من طرق عن الليث، عن يزيد بن أبي حبيب، به. وأخرجه أحمد 6/377 من طريق ابن لهيعة، عن يزيد، به. وأخرجه مالك 2/978 -وعنه عبد الرزاق (9261) - وأحمد 6/377، والنسائي (561)، والدارمي 2/287 من طرق عن خولة بنت حكيم. وأخرجه عبد الرزاق (9260)، والنسائي (561) من طريق ابن عجلان، عن يعقوب بن عبد الله، عن سعيد بن المسيب مرسلًا.

صَاحِبْنَا، فَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذٌ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے اور سحری کے وقت آپ تشریف لاتے تو یہ کہتے تھے۔

''سننے والے نے اللہ تعالیٰ کی حمد کو سن لیا اور اس کی آزمائش کی خوبی کو بھی۔ اے ہمارے پروردگار! تو ہمارے ساتھ رہ اور ہم پر اپنا فضل کر! ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّكْبِيرِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ لِلْمُسَافِرِ فِیْ سَفَرِهٖ

مسافر کیلئے سفر کے دوران ہر بلندی پر چڑھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے نام کی تکبیر کہنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

2702 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ يُرِيْدُ سَفَرًا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَوْصِنِی، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُوصِيكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَالتَّكْبِيرِ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ، فَلَمَّا وَلَّى الرَّجُلُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ ازْوِ لَهُ الْاَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص سفر پر جانا چاہتا تھا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے نصیحت کیجئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنے اور ہر بلندی پر چڑھتے ہوئے اللہ اکبر کہنے کی تلقین کرتا ہوں جب وہ شخص چلا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اس کے لئے زمین کو لپیٹ دے اور اس کے سفر کو آسان کر دے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْرَاعِ فِی السَّيْرِ عَلٰى ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ اِذَا سَافَرَ الْمَرْءُ فِی السَّنَةِ عَلَيْهَا

2701- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم (2718) في الذكر والدعاء: باب التعوذ من شر ما عمل ومن شر ما لم يعمل، وأبو داوُد (5086) في الأدب: باب ما يقول إذا أصبح، والنسائي في السير كما في "التحفة" 9/406، وابن خزيمة 1/446، وابن السني في "اليوم والليلة" (515) من طرق عن ابن وهب، بهٰذا الإسناد. وأخطأ الحاكم فاستدركه على مسلم، وخرجه 1/446 من الطريق التي أخرجها مسلم. وأخرجه عبد الرزاق (9236) و (9237)، وابن أبي شيبة 10/360 من طريق مجاهد عن ابن عمر موقوفًا عليه. قوله: "سمع سامع"، قال النووي في "شرح مسلم" 17/39: رُوي بوجهين: أحدهما: فتح الميم من "سمَّع" وتشديدها، ومعناه: بلَّغ سامع قولي هٰذا لغيره وقال مثله، تنبيهًا على الذكر في السحر والدعاء، والوجه الثاني: ضبط "سمِع" بكسر الميم وتخفيفها، أي: شهد شاهد على حمدنا لله تعالى على نعمه وحسن بلائه.

جانوروں پر تیزی سے سفر کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ جب آدمی خشک علاقے میں سفر کر رہا ہو

2703 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَاَعْطُوا الْاِبِلَ حَقَّهَا، وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَاَسْرِعُوا السَّيْرَ عَلَيْهَا، وَاِذَا عَرَّسْتُمْ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِيْقَ، فَاِنَّهَا مَاْوٰى الْهَوَامِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب تم شادابی کے زمانے میں سفر کرو تو اونٹ کو اس کا حق دو (یعنی اس کو چرنے کا موقع دو) اور جب تم قحط سالی کے زمانے میں سفر کرو تو تیزی سے سفر کرو اور جب تم رات کے وقت پڑاؤ کرو تو راستے میں پڑاؤ کرنے سے اجتناب کرو کیونکہ وہ حشرات الارض کا ٹھکانہ ہوتے ہیں"۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سَفَرِ الْمَرْءِ وَحْدَهُ بِاللَّيْلِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی رات کے وقت تنہا سفر کرے

2704 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الْوَحْدَةِ مَا سَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ اَبَدًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"اگر ان لوگوں کو پتہ چل جائے اکیلے سفر کرنے میں (کتنا نقصان ہے) تو کبھی کوئی سوار رات کے وقت اکیلا سفر نہ کرے"۔

2703- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 2/337 و378، ومسلم (1926) في الإمارة: باب مراعاة مصلحة الدواب في السير والنهي عن التعريس في الطريق، والترمذي (2858) في الأدب: باب رقم (75)، وأبو داؤد (2569) في الجهاد: باب في سرعة السير والنهي عن التعريس في الطريق، وابن خزيمة (2550) و (2556)، والطحاوي في "مشكل الآثار" بتحقيقنا (115) و (116)، والبيهقي 5/256 من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد. وسيكرره المؤلف برقم (2705).

2704- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عاصم بن محمد: هُوَ ابْنُ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ العمري. وأخرجه أحمد 2/24 و60، وابن أبي شيبة 9/38 و 12/521- 522 وعنه ابن ماجه (3768) في الأدب: باب كراهية الوحدة، عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/23 و86 و120، والدارمي 2/287، والبخاري (2998) في الجهاد: باب السير وحده، والترمذي (1673) في الجهاد: باب ما جاء في كراهية أن يسافر الرجل وحده، وابن خزيمة (2569)، والحاكم 2/101، والبيهقي 5/257 من طرق عن عاصم، به. وقال الحاكم: صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي.!! وأخرجه أحمد 2/112، والنسائي في السير كما في "التحفة" 6/38 من طريق عمر بن محمد - أخي عاصم بن محمد، عن أبيه، به.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ التَّعْرِيسِ عَلٰى جَوَادِّ الطَّرِيْقِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی رات کے وقت راستے کے درمیان پڑاؤ کرلے

2705 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَاَعْطُوا الْاِبِلَ حَقَّهَا، وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَاَسْرِعُوا السَّيْرَ، وَاِذَا عَرَّسْتُمْ بِاللَّيْلِ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِيْقَ، فَاِنَّهَا مَاْوَى الْهَوَامِّ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب تم شادابی کے علاقے میں سفر کرو تو اونٹوں کو ان کا حق دو (یعنی انہیں چرنے کا موقع دو) جب تم بنجر جگہ پر سفر کرو تو تیزی سے سفر کرو اور جب تم رات کے وقت پڑاؤ کرو تو راستے میں پڑاؤ کرنے سے اجتناب کرو کیونکہ وہ حشرات الارض کا ٹھکانہ ہوتا ہے"۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْتَعْمِلَ فِيْ سَفَرِهِ اِذَا صَعُبَ عَلَيْهِ الْمَشْيُ وَالْمَشَقَّةُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے سفر کے دوران کیا عمل کرنا مستحب ہے؟

اس وقت جب اس کے لئے چلنا دشوار ہو اور مشقت کا باعث ہو

2706 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَامَ الْفَتْحِ اِلٰى مَكَّةَ فِيْ رَمَضَانَ حَتّٰى بَلَغَ كُرَاعَ الْغَمِيْمِ، قَالَ: فَصَامَ النَّاسُ وَهُمْ مُشَاةٌ وَرُكْبَانٌ، فَقِيْلَ لَهُ: اِنَّ النَّاسَ قَدْ شَقَّ عَلَيْهِمُ الصَّوْمُ، اِنَّمَا يَنْظُرُوْنَ مَا تَفْعَلُ، فَدَعَا بِقَدَحٍ فَرَفَعَهُ اِلٰى فِيْهِ حَتّٰى نَظَرَ النَّاسُ، ثُمَّ شَرِبَ، فَاَفْطَرَ بَعْضُ النَّاسِ وَصَامَ بَعْضٌ، فَقِيْلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بَعْضَهُمْ صَامَ، فَقَالَ: اُولٰٓئِكَ الْعُصَاةُ، وَاجْتَمَعَ الْمُشَاةُ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَقَالُوْا: نَتَعَرَّضُ

2705- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر (2703)، جرير: هو ابن عبد الحميد. وأخرجه مسلم (1926) في الإمارة: باب مراعاة مصلحة الدواب في السير، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 9/396، وابن خزيمة (2557)، والبيهقي 5/256، والبغوي (2684) من طرق عن جرير، بهذا الإسناد.

2706- إسناده صحيح على شرط مسلم. جعفر: هو ابن محمد بن علي الصادق. وهو في "مسند أبي يعلى" (1880). وأخرجه ابن خزيمة (2536) عن محمد بن بشار، عن عبد الوهاب بن عبد المجيد، عن جعفر بن محمد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن خزيمة (2537)، والحاكم 1/443 وصححه ووافقه الذهبي، والبيهقي 5/256 من طرق عن روح بن عبادة، عن ابن جريج، عن جعفر بن محمد، به. وانظر (3541) (3543). والنَّسل: هو الإسراع في المشي.

لِدَعَوَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدِ اشْتَدَّ السَّفَرُ، وَطَالَتِ الْمَشَقَّةُ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَعِينُوا بِالنَّسْلِ، فَإِنَّهُ يَقْطَعُ عَلَمَ الْاَرْضِ، وَتَخِفُّوْنَ لَهُ، قَالَ: فَفَعَلْنَا، فَخَفَفْنَا لَهُ *

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' فتح مکہ کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے مہینے میں مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ جب آپ ''کراء الغیم'' کے مقام پر پہنچے' تو راوی بیان کرتے ہیں: ان لوگوں نے روزہ رکھا ہوا تھا کچھ پیدل چل رہے تھے کچھ سوار تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: لوگوں کے لئے روزہ رکھنا دشواری کا باعث ہو رہا ہے اور لوگ اس بات کا جائزہ لے رہے ہیں' آپ کیا کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیالہ منگوایا اور اس کو اپنے منہ کی طرف بلند کیا یہاں تک کہ لوگوں نے دیکھ لیا تو آپ نے اسے پی لیا اس کے بعد کچھ لوگوں نے روزہ ختم کر دیا۔ کچھ لوگ بدستور روزے کی حالت میں رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: بعض لوگوں نے ابھی بھی روزہ رکھا ہوا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ نافرمان ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے پیدل چلنے والے لوگ اکٹھے ہوئے۔ انہوں نے کہا: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں کے درپے ہو رہے ہیں جبکہ سفر شدت اختیار کر چکا ہے مشقت طویل ہو گئی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ تیزی سے چلنے کے ذریعے مدد حاصل کرو کیونکہ وہ زمین کے نشان کو منقطع کر دیتی ہے یہ تم لوگوں کے لئے آسان ہوگا۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے ایسا ہی کیا' تو ہمارے لیے یہ آسان ہو گیا۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ عِنْدَ قُفُوْلِهِ مِنَ الْاَسْفَارِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی سفر سے واپس آنے پر کیا پڑھے؟

2707 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوٍ اَوْ حَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ، كَبَّرَ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ فِى الْاَرْضِ ثَلَاثَ تَكْبِيرَاتٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ، آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ، سَاجِدُوْنَ، لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی غزوے یا حج یا عمرے سے واپس آتے تھے' تو

2707- إسناده صحيح على شرطهما . وهو فى "الموطأ" .2/980 ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/63، والبخارى (1797) فى العمرة: باب ما يقول إذا رجع من الحج أو العمرة أو الغزو، ومسلم (1344) فى الحج: باب ما يقول إذا قفل من سفر الحج وغيره، وأبو داوٗد (2770) فى الجهاد: باب فى التكبير على كل شرف فى المسير، والنسائى فى السير كما فى "التحفة" 6/210، والبيهقى .5/259 وأخرجه عبد الرزاق (9235) ، وأحمد 2/21، وابن أبى شيبة 10/361 و12/519، ومسلم (1344) من طريق عبيد الله بن عمر، عن نافع، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذى (950) فى الحج: باب ما جاء ما يقول عند القفول من الحج والعمرة، والنسائى فى "اليوم والليلة" (539) من طريقين عن نافع، به.

آپ ہر بلندی پر چڑھتے ہوئے تین مرتبہ تکبیر کہتے تھے پھر یہ پڑھتے تھے۔

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے بادشاہی اسی کے لئے ہے مخصوص ہے۔ حمد اسی کے لئے مخصوص ہیں اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہیں (ہم) رجوع کرنے والے ہیں' توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں سجدہ کرنے والے ہیں اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے والے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے کو سچ ثابت کیا اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور (دشمن کے) لشکروں کو تنہا پسپا کر دیا''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ لِلْمَرْءِ عِنْدَ طُوْلِ سَفَرَتِهٖ سُرْعَةَ الْاَوْبَةِ اِلٰى وَطَنِهٖ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ جب وہ طویل سفر کرے تو اسے وطن جلدی واپس جانے کی کوشش کرنی چاہیے

2708 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلسَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ، يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ نَوْمَهٗ وَطَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ، فَاِذَا قَضٰى اَحَدُكُمْ نَهْمَتَهٗ مِنْ سَفَرِهٖ، فَلْيُعَجِّلِ الرُّجُوْعَ اِلٰى اَهْلِهٖ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے یہ آدمی کو (صحیح طریقے سے) سونے کھانے اور پینے سے روک دیتا ہے' تو جب کوئی شخص سفر کے حوالے سے اپنے مقصد کو پورا کر لے' تو اسے جلدی اپنے گھر واپس آ جانا چاہیے''۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمُسَافِرُ اِذَا رَاٰى قَرْيَةً يُرِيْدُ دُخُوْلَهَا

اس بات کا تذکرہ کہ جب آدمی کوئی ایسی بستی دیکھے جس میں وہ داخل ہونا چاہتا ہو' تو اسے کیا پڑھنا چاہیے؟

2709 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی السَّرِيِّ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰى حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ، وَاَنَا اَسْمَعُ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ مَرْوَانَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ كَعْبًا حَلَفَ لَهٗ بِالَّذِیْ فَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى اَنَّ صُهَيْبًا حَدَّثَهٗ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَرٰى قَرْيَةً يُرِيْدُ دُخُوْلَهَا اِلَّا قَالَ حِيْنَ يَرَاهَا: اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ،

2708- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 2/980. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/236 و445، والدارمي 2/284، والبخاري (1804) في العمرة: باب السفر قطعة من العذاب، و (3001) في الجهاد: باب السرعة في السير، و (5429) في الأطعمة: باب ذكر الأطعمة، ومسلم (1927) في الإمارة: باب السفر قطعة من العذاب، وابن ماجه (2882) في المناسك: باب الخروج إلى الحج، وأبو الشيخ في "الأمثال" (205)، والقضاعي في "الشهاب" (225)، والبيهقي 5/259، والبغوي (2687) . وأخرجه أحمد 2/496 من طريق سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ.

وَرَبَّ الْاَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ وَمَا اَضْلَلْنَ، نَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا

عطاء بن ابومروان اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' کعب الاحبار نے ان کے سامنے اس ذات کی قسم اٹھا کر یہ بات بیان کی جس ذات نے حضرت موسیٰ رضی اللہ عنہ کے لئے دریا کو چیر دیا تھا' حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ حدیث بیان کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بستی میں داخل ہونے کا ارادہ کرتے تھے' تو جیسے ہی اس بستی کو دیکھتے تو اسے دیکھ کر یہ پڑھتے تھے:

''اے اللہ! اے سات آسمانوں اور جن پر انہوں نے سایہ کیا ہوا ہے ان سب چیزوں کے پروردگار! اے سات زمینوں اور جن کے نیچے وہ ہیں ان کے پروردگار! اے ہواؤں اور جنہیں وہ اڑتی ہیں ان کے پروردگار! اے شیاطین اور جنہیں وہ گمراہ کرتے ہیں ان کے پروردگار! ہم تجھ سے اس بستی کی بھلائی اس بستی کے رہنے والوں کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں اور ہم اس بستی کے شر اس بستی کے رہنے والوں کے شر اس میں موجود شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ الْإِيضَاعُ إِذَا دَنَا مِنْ بَلَدِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی جب اپنے شہر کے قریب پہنچے تو اس کے لئے سواری کو تیز کرنا مستحب ہے

2710 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ، فَنَظَرَ اِلٰى جُدُرَاتِ الْمَدِينَةِ اَوْضَعَ رَاحِلَتَهُ، وَاِنْ كَانَ عَلٰى دَابَّةٍ حَرَّكَهَا مِنْ حُبِّهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس تشریف لاتے اور مدینہ منورہ کی دیواروں کو دیکھتے تو اپنی سواری کو تیز کر دیتے تھے اور اگر آپ کسی جانور پر سوار ہوتے تھے' تو اسے حرکت دیتے تھے ایسا آپ مدینہ

2709- إسناده حسن كما قال الحافظ فيما نقله عنه صاحب "الفتوحات الربانية"، وأبو مروان والد عطاء ذكره المؤلف في "الثقات"، وروى عنه جمع. وأخرجه ابن السني في "عمل اليوم والليلة" (525) عن محمد بن الحسن بن قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة" (544)، وابن خزيمة (2565)، والحاكم 1/446 و2/100-101، والبيهقي 5/252 من طريق عن ابن وهب، عن حفص بن ميسرة، به. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه الطبراني (7299) من طريق سويد بن سعيد، عن حفص بن ميسرة، به. قال الهيثمي في "المجمع" 10/135: رجاله رجال الصحيح غير عطاء بن أبي مروان وأبيه، وكلاهما ثقة. وأخرجه النسائي (543) من طريق سليمان، عن أبي سهل بن مالك، عن أبيه، عن كعب. وفي الباب عن عائشة عند ابن السني (528).

2710- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 3/159، والبخاري (1802) في العمرة: باب من أسرع ناقته إذا بلغ المدينة، و (1886) في فضائل المدينة، والترمذي (3441) في الدعوات: باب ما يقول إذا قدم من السفر، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/174، والبيهقي 5/260 من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1802)، والبيهقي 5/260 من طريق محمد بن جعفر، عن حميد، به.

منورہ سے محبت کی وجہ سے کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ عِنْدَ الْقُدُوْمِ مِنْ سَفَرِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو سفر سے واپس آنے پر کیا پڑھنا چاہئے؟

2711 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، عَنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْبَرَاءِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ قَالَ: آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

2845– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" "1/86" في الكسوف: باب العمل في صلاة الكسوف، ومن طريق مالك أخرجه البخاري "1044" باب الصدقة في الكسوف، ومسلم "901" في الكسوف: باب صلاة الكسوف، والنسائي "3/132"–"133" باب نوع آخر منه عن عائشة، وأبو داود "1191" في الصلاة: باب الصدقة فيها، والدارمي "1/360"، والبغوي "1142". ولفظ أبي داود والدارمي مختصر. وأخرجه أحمد "6/164" من طريق عبد الله بن نمير، وابن خزيمة "1395" من طريق محمد بن بشر، والبخاري "1058" من طريق معمر، ثلاثتهم عن هشام، بهذا الإسناد. وليس في البخاري الجزء الأخير من الحديث. وانظر الحديث رقم "2840" و"2841" و"2842" و"2846".

وَتَصَدَّقُوا وَقَالَ: يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ أَنْ يَزْنِيَ عَبْدُهُ أَوْ تَزْنِيَ أُمَّتُهُ، يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا، وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں سورج گرہن ہو گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام کیا' اور طویل قیام کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے اور طویل رکوع کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام کیا' تو طویل قیام کیا لیکن یہ پہلے والے قیام سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا' اور طویل رکوع کیا لیکن یہ پہلے والے رکوع سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا اور سجدے میں چلے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا کی جس طرح پہلی رکعت ادا کی تھی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو سورج روشن ہو چکا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں یہ کسی کے مرنے یا جینے کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے ہیں جب تم انہیں دیکھو تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرو اس کی کبریائی بیان کرو صدقہ و خیرات کرو۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے محمد کی امت! اللہ کی قسم! کسی کو بھی اتنا غصہ نہیں آتا جتنا اللہ تعالیٰ کو اس بات پر آتا ہے' جب اس کا کوئی بندہ زنا کا ارتکاب کرے یا اس کی کوئی کنیز زنا کا ارتکاب کرے۔ اے محمد کی امت! اللہ کی قسم! جو میں جانتا ہوں اگر وہ تم لوگ جان لو تو تم تھوڑا ہنسا کرو اور زیادہ رویا کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَادْعُوا اللّٰهَ وَكَبِّرُوا وَتَصَدَّقُوا أَرَادَ بِهِ فَصَلُّوا إِذِ الصَّلَاةُ تُسَمَّى دُعَاءً

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم لوگ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو (اس کی کبریائی بیان کرو) اور صدقہ و خیرات کرو'' اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ تم لوگ نماز ادا کرو کیونکہ نماز کے لیے بھی لفظ دعا استعمال کیا جاتا ہے

2846 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الصَّلَاةِ، فَأَطَالَ الْقِيَامَ جِدًّا، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوعَ جِدًّا، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَأَطَالَ الْقِيَامَ وَهُوَ دُونَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوعَ وَهُوَ دُونَ الرُّكُوعِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، ثُمَّ انْحَدَرَ بِالسُّجُودِ،

2846- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عبد الله: هو ابن المبارك. وهو مكرر ما قبله، وانظر "2840" و"2841" و"2842".

فَسَجَدَ، ثُمَّ قَامَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، فَاَطَالَ الْقِيَامَ وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ فَاَطَالَ الرُّكُوْعَ وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَاَطَالَ الْقِيَامَ وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ فَاَطَالَ الرُّكُوْعَ وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَانْحَدَرَ بِالسُّجُوْدِ فَسَجَدَ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهِ، فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَصَلُّوْا وَتَصَدَّقُوا وَكَبِّرُوْا يَا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اِنْ اَحَدٌ اَغْيَرَ مِنَ اللّٰهِ اَنْ يَّزْنِيَ عَبْدُهُ اَوْ تَزْنِيَ اُمَّتُهُ، يَا اُمَّةَ مُحَمَّدٍ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں سورج گرہن ہوگیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی طویل قیام کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی طویل رکوع کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کو اٹھایا اور طویل قیام کیا لیکن یہ پہلے والے قیام سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا' اور طویل رکوع کیا لیکن یہ پہلے والے رکوع سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں جانے کے لئے جھک گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری رکعت میں کھڑے ہوئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل قیام کیا یہ پہلے والے قیام سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے اور طویل رکوع کیا لیکن یہ پہلے والے رکوع سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا اور طویل قیام کیا لیکن یہ پہلے قیام سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے اور طویل رکوع کیا لیکن یہ پہلے رکوع سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا اور سجدہ کے لئے جھک گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (نماز سے فارغ ہونے کے بعد) فرمایا۔

''اے لوگو! بے شک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں کسی کے مرنے یا جینے کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے ہیں جب تم انہیں (گرہن کی حالت میں) دیکھو تو نماز ادا کرو، صدقہ وخیرات کرو (اور اللہ تعالیٰ کی) کبریائی کا اعتراف کرو۔

اے محمد کی امت! کسی کو بھی اتنا غصہ نہیں آتا جتنا اللہ تعالیٰ کو اس بات پر آتا ہے' جب اس کا کوئی بندہ زنا کا ارتکاب کرے یا اس کی کوئی کنیز زنا کا ارتکاب کرے۔ اے محمد کی امت! اگر تم وہ بات جان لو جو میں جانتا ہوں' تو تم تھوڑا ہنسا کرو اور زیادہ رویا کرو''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ الْاِسْتِغْفَارُ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ رُؤْيَةِ كُسُوْفِ الشَّمْسِ اَوِ الْقَمَرِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ سورج یا چاند کو گرہن کی حالت میں دیکھنے کے وقت اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے

2847 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوْقِيُّ، قَالَ:

2847- إسناده صحيح. موسى بن عبد الرحمٰن المسروقي: ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وهو في "صحيح ابن خزيمة" "1371". وقد تقدم "2836".

حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): خَسَفَتِ الشَّمْسُ زَمَنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ فَزِعًا، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذِهِ الْاٰيَاتُ الَّتِيْ يُرْسِلُ اللّٰهُ لَا تَكُوْنُ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهٖ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُرْسِلُهَا يُخَوِّفُ بِهَا عِبَادَهٗ، فَاِذَا رَاَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَافْزَعُوْا اِلٰى ذِكْرِهٖ وَاسْتِغْفَارِهٖ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَافْزَعُوْا اِلٰى ذِكْرِهٖ: يُرِيْدُ بِهٖ اِلٰى صَلَاةِ الْكُسُوْفِ لِاَنَّ الصَّلَاةَ تُسَمَّى ذِكْرًا، اَوْ فِيْهَا ذِكْرُ اللّٰهِ، فَسَمَّى الصَّلَاةَ ذِكْرًا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں سورج گرہن ہوگیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھبراہٹ کے عالم میں اٹھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''یہ وہ نشانیاں ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ بھیجتا ہے یہ کسی کے مرنے یا جینے کی وجہ سے ظاہر نہیں ہوتی ہیں' بلکہ اللہ تعالیٰ انہیں بھیجتا ہے' تاکہ ان کے ذریعے اپنے بندوں کو خوف دلائے جب تم ان میں سے کسی چیز کو دیکھو تو اللہ کے ذکر اور اس سے مغفرت طلب کرنے کی طرف آؤ''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ ''تم اس کے ذکر کی طرف آؤ'' اس سے آپ کی مراد نماز کسوف ہے کیونکہ نماز کے لیے لفظ ذکر استعمال ہوتا ہے یا پھر یہ کہ اس میں اللہ کا ذکر ہوتا ہے۔ اس لیے نماز کے لیے لفظ ذکر استعمال ہوا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا ابْتَدَاَ فِيْ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ وَصَلّٰى بَعْضَهَا، ثُمَّ انْجَلَتْ، عَلَيْهِ اَنْ يُتِمَّ بَاقِيْ صَلَاتِهٖ كَسَائِرِ الصَّلَوَاتِ لَا كَصَلَاةِ الْكُسُوْفِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جب کوئی شخص نماز کسوف کا آغاز کرے

اور اس کا کچھ حصہ ادا کر چکا ہو اور پھر سورج روشن ہو جائے تب اس پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنی باقی رہ جانے والی نماز کو دیگر نمازوں کی طرح ادا کرے ایسا نہیں ہے کہ وہ انہیں نماز کسوف کی طرح (طویل تر کر کے) ادا کرے

2848 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ

2848- إسناده صحيح على شرط مسلم . والجريري: هو سعيد بن إياس الجريري، وسماع عبد الأعلى بن عبد الأعلى منه قديم، وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 2/469"؛ وقدتحرف فيه "حيان" إلى "حسان." وأخرجه مسلم "913" في الكسوف: باب ذكر النداء بصلاة الكسوف "الصلاة جامعة" من طريق أبي بكر بن أبي شيبة، بهٰذا الإسناد . وأخرجه مسلم "913"، وأبو داوٗد "1195" في الصلاة: باب من قال يركع ركعتين، من طريق بشر بن المفضل، ومسلم "913"، والحاكم "1/329" من طريق سالم بن نوح، وأحمد "5/61" من طريق إسماعيل بن إبراهيم، والنسائي 3/124"-"125 في الكسوف: باب التسبيح والتكبير والدعاء عند كسوف الشمس، من طريق وهيب، أربعتهم عن الجريري. وقوله: "فنبذتها" أي: ألقيت سهامي من يدي وطرحتهن. وقوله: "حسر" أي: كشف وازيل ما بها.

الْاَعْلٰی بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی، عَنِ الْجُرَیْرِیِّ، عَنْ حَیَّانَ بْنِ عُمَیْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:
(متن حدیث): کُنْتُ اَرْمِی بِاَسْهُمٍ بِالْمَدِینَةِ، اِذْ خَسَفَتْ فَنَبَذْتُهَا، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَاَنْظُرَنَّ مَا یُحَدِّثُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فِیْ کُسُوْفِ الشَّمْسِ قَالَ: فَاَتَیْتُهُ وَهُوَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَائِمٌ فِی الصَّلَاةِ رَافِعٌ یَدَیْهِ، قَالَ: فَجَعَلَ یُسَبِّحُ، وَیَحْمَدُ، وَیُکَبِّرُ، وَیُهَلِّلُ، وَیَدْعُو، حَتّٰی حَسَرَ، فَلَمَّا حَسَرَ عَنْهَا قَرَاَ سُوْرَتَیْنِ وَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں مدینہ منورہ میں تیراندازی کررہا تھا اسی دوران سورج گرہن ہوگیا میں نے تیرایک طرف رکھے میں نے سوچا: اللہ کی قسم! آج میں اس بات کا ضرور جائزہ لوں گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورج گرہن کے بارے میں کیا کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کر رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سبحان اللّٰہ الحمد اللّٰہ اللّٰہ اکبر لا الٰہ الا اللّٰہ پڑھ رہے تھے دعا مانگ رہے تھے یہاں تک کہ جب گرہن ختم ہوا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسورتوں کی تلاوت کی پھر دو رکعات ادا کیں۔

ذِکْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُصَلِّیْ صَلَاةَ الْکُسُوْفِ اَنْ یَّجْهَرَ بِقِرَائَتِهٖ فِیْهَا

نمازی کے لیے نماز کسوف میں بلند آواز میں قرأت کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

2849 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَمِرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،
(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، جَهَرَ بِالْقِرَائَةِ فِیْ صَلَاةِ الْکُسُوْفِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز قصوف میں بلند آواز میں قرأت کی تھی۔

ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ الْمُصَلِّیَ صَلَاةَ الْکُسُوْفِ لَهٗ اَنْ یَّجْهَرَ بِالْقِرَائَةِ فِیْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نماز کسوف ادا کرنے والے شخص کو اس بات کی اجازت ہے کہ وہ اس میں' بلند آواز میں قرأت کرے

2850 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، قَالَ:

2849- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه النسائي "3/148" في الكسوف: باب الجهر بالقراءة في صلاة الكسوف، من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1065" في الكسوف: باب الجهر بالقراءة في الكسوف، ومسلم "901" باب صلاة الكسوف، والبغوي "1146" من طريق محمد بن مهران، عن الوليد، به. وأخرجه أحمد "6/65" من طريق عقيل بن خالد، وأبو داؤد "188" في الصلاة: باب القراءة في صلاة الكسوف، من طريق الأوزاعي، والترمذي "563" في الصلاة: باب ما جاء فيصفة القراءة في الكسوف، من طريق سفيان بن حسين، ثلاثتهم عن الزهري، به.

اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَمِرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلّٰى بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، وَاَرْبَعَ سَجَدَاتٍ، وَجَهَرَ بِالْقِرَائَةِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں سورج گرہن ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھاتے ہوئے دو رکعات میں چار مرتبہ رکوع کیا' اور چار سجدے کیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں قرأت کی تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّ صَلَاةَ الْكُسُوْفِ لَا يُجْهَرُ فِيْهَا بِالْقِرَائَةِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا وہ اس بات کا قائل ہے کہ نماز کسوف میں بلند آواز میں قرأت نہیں کی جائے گی

2851 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكُسُوْفِ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کسوف کے موقع پر نماز پڑھائی ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز نہیں سنی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ سَمُرَةَ لَمْ يَسْمَعْ قِرَائَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ، لِاَنَّهٗ كَانَ فِيْ اُخْرَيَاتِ النَّاسِ بِحَيْثُ لَا يَسْمَعُ صَوْتَهٗ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے نماز کسوف میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت نہیں سنی تھی اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ پیچھے کے لوگوں میں شامل تھے' جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز نہیں پہنچ رہی تھی

2852 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

2850- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله.

2851- إسناده ضعيف. ثعلبة بن عباد: لم يرو عنه غير الأسود بن قيس وذكره ابن المديني في المجاهيل، وكذا قال ابن حزم وابن القطان والذهبي، ومع ذلك فقد صحح حديثه الترمذي، وذكره المؤلف في "ثقاته." وأخرجه أحمد "5/19"، وابن ماجه "1264" في إقامة الصلاة: باب ما جاء في صلاة الكسوف، من طريق وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي "3/148" في الكسوف: باب ترك الجهر فيها بالقراءة، والطبراني "7/6796"، من طريق أبي نعيم، والطبراني "6797" من طريق عبد الله بن المبارك، كلاهما عن سفيان، به. وأخرجه أحمد "5/23" من طريق سلام بن أبي مطيع، عن الأسود به. وانظر الحديث رقم "2852" و"2856".

الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ثَعْلَبَةُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِيُّ، (متن حدیث):اَنَّهُ شَهِدَ خِطْبَةً يَوْمًا لِسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، فَذَكَرَ فِي خُطْبَتِهٖ حَدِيْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ سَمُرَةُ: بَيْنَا اَنَا يَوْمًا وَغُلَامٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ نَرْمِي غَرَضًا لَنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ قَدْرَ رُمْحَيْنِ - اَوْ ثَلَاثَةٍ - فِي عَيْنِ النَّاظِرِ مِنَ الْاُفُقِ اسْوَدَّتْ، فَقَالَ اَحَدُنَا لِصَاحِبِهٖ: انْطَلِقْ بِنَا اِلَى الْمَسْجِدِ فَوَاللّٰهِ لَتُحْدِثَنَّ هٰذِهِ الشَّمْسُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي اُمَّتِهٖ، حَدِيْثًا قَالَ: فَدَفَعْنَا اِلَى الْمَسْجِدِ، فَوَافَقْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِذَا هُوَ بَارِزٌ حِيْنَ خَرَجَ اِلَى النَّاسِ قَالَ: فَتَقَدَّمَ، فَصَلّٰى بِنَا كَاَطْوَلِ مَا قَامَ بِنَا فِي صَلَاةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا، ثُمَّ سَجَدَ كَاَطْوَلِ مَا سَجَدْنَا فِي صَلَاةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا، ثُمَّ قَعَدَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ: فَوَافَقَ تَجَلِّي الشَّمْسِ جُلُوْسَهٗ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، فَسَلَّمَ

ثعلبہ بن عباد عبدی کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے خطبے میں موجود تھے تو انہوں نے اپنے خطبے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ایک حدیث بیان کی حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک مرتبہ میں اور انصار سے تعلق رکھنے والا ایک لڑکا نشانے بازی کررہے تھے یہاں تک کہ سورج دو نیزوں جتنا یا شاید تین نیزوں جتنا ہوگیا دیکھنے والے کو افق سیاہ محسوس ہونے لگا (یعنی سورج گرہن ہوگیا) تو ہم میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: ہم مسجد کی طرف چلتے ہیں اللہ کی قسم! سورج کی یہ حالت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کوئی نیا حکم لے کر آئے گی۔ راوی کہتے ہیں: ہم لوگ مسجد کی طرف آئے وہاں ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ملے آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف تشریف لائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھانا شروع کی جو سب سے طویل نماز تھی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں پڑھائی تھی لیکن ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز نہیں سنی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا جو سب سے طویل سجدہ تھا جو ہم نے کسی بھی نماز میں کیا تھا لیکن ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سنائی نہیں دی پھر دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا کرنے کے بعد آپ بیٹھ گئے۔

راوی کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسری رکعت میں بیٹھنے کے ساتھ ہی سورج روشن ہوگیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ، اَنَّ صَلَاةَ الْكُسُوْفِ لَا يُجْهَرُ فِيْهَا بِالْقِرَائَةِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ نماز کسوف میں

2852- إسناده ضعيف لجهالة ثعلبة. وأخرجه الحاكم 1/329 "-"331، والبيهقي "3/339" من طريق الفضل بن دكين أبي نعيم، بهٰذا الإسناد مطولًا، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وهٰذا خطأ منهما رحمهما الله، فإن ثعلبة بن عباد لم يخرج له الشيخان ولا أحدهم، ثم هو مجهول، وقد فطن لذلك الإمام الذهبي في مكان آخر من المستدرك، فقد أخرجه الحاكم قطعة، من الحديث "1/334"، وصححه على شرط الشيخين، فتعقبه الذهبي بقوله: ثعلبة مجهول وما أخرجا له شيئًا. وأخرجه أبو داؤد "1184" في الصلاة: باب من قال أربع ركعات، والنسائي 3/140 "-"141 في الكسوف، من طريق زهير به، وسيرد عند المصنف برقم "2856" بأطول مما هنا وقال ابن خزيمة "2/327".

بلند آواز میں قرأت نہیں کی جائے گی

2853 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): خَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّاسُ مَعَهُ، فَقَامَ طَوِيْلًا نَحْوًا مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا، ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ قَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ، وَرَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ سَجَدَ، ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ، لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهٖ، فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْنَاكَ تَنَاوَلْتَ شَيْئًا فِيْ مَقَامِكَ هٰذَا، ثُمَّ رَاَيْنَاكَ تَكَعْكَعْتَ، فَقَالَ: اِنِّيْ رَاَيْتُ الْجَنَّةَ - اَوْ اُرِيْتُ الْجَنَّةَ -، فَتَنَاوَلْتُ مِنْهَا عُنْقُوْدًا، وَلَوْ اَخَذْتُهٗ لَاَكَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا، وَرَاَيْتُ النَّارَ فَلَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ مَنْظَرًا قَطُّ، وَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ قَالُوْا: بِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِكُفْرِهِنَّ قِيْلَ: يَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ؟ قَالَ: يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، وَيَكْفُرْنَ الْاِحْسَانَ، لَوْ اَحْسَنْتَ اِلٰى اِحْدَاهُنَّ الدَّهْرَ، ثُمَّ رَاَتْ مِنْكَ شَيْئًا قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں سورج گرہن ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل قیام کیا جو سورہ بقرہ کی تلاوت جتنا تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل رکوع کیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا اور طویل قیام کیا لیکن یہ پہلے قیام سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل رکوع کیا یہ پہلے رکوع سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں چلے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل قیام کیا لیکن یہ پہلے قیام سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل رکوع کیا لیکن یہ پہلے رکوع سے کم تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں چلے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو سورج روشن ہو چکا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں یہ کسی کے مرنے یا جینے کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے جب تم انہیں (گرہن کی حالت میں) دیکھو تو اللہ کا ذکر کرو۔''

لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جگہ سے کوئی چیز پکڑنے کے (آگے ہوئے تھے) پھر ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے ہٹے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے جنت دیکھا تھا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) مجھے جنت دکھائی گئی تو میں نے اس میں سے انگوروں کا ایک گچھا پکڑنے کی کوشش کی اگر میں اسے پکڑ لیتا تو تم اسے رہتی دنیا تک کھاتے رہتے اور میں نے جہنم کو دیکھا میں نے آج جیسا (ہیبت ناک) منظر کبھی نہیں

2853- إسناده صحيح على شرطهما، وقد تقدم برقم "2832".

دیکھا میں نے دیکھا اس میں اکثریت خواتین کی تھی لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ) اس کی وجہ کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کی وجہ کفر ہے عرض کی گئی: کیا وہ اللہ کا کفر کرتی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شوہر کی ناشکری کرتی ہیں اور احسان کا انکار کرتی ہیں اگر تم ان میں سے کسی ایک کے ساتھ ایک زمانے تک اچھائی کرتے رہو پھر اسے تمہاری طرف سے کوئی ناگوار صورت حال دیکھنی پڑے تو وہ یہی کہے گی: اللہ کی قسم! میں نے کبھی تمہاری طرف سے کوئی بھلائی نہیں دیکھی۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ اَنْ يَّتَبَرَّكَ بِرُؤْيَةِ كُسُوْفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ فَيُحْدِثُ لِلّٰهِ تَوْبَةً اَوْ يُقَدِّمُ لِنَفْسِهٖ طَاعَةً

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ سورج یا چاند گرہن کو دیکھ کر گھٹنوں کے بل جھک جائے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نئے سرے سے توبہ کرے اور اپنے آپ کو فرمانبرداری کیلئے تیار کرے

2854 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَرَى الْاٰيَاتِ فِيْ زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرَكَاتٍ، وَاَنْتُمْ تَرَوْنَهَا تَخْوِيفًا

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: خَبَرُ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلّٰى فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ وَاَرْبَعَ سَجَدَاتٍ، لَيْسَ بِصَحِيْحٍ لِاَنَّ حَبِيْبًا لَمْ يَسْمَعْ مِنْ طَاوُسٍ هٰذَا الْخَبَرَ، وَكَذٰلِكَ خَبَرُ عَلِيٍّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، اَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلّٰى فِيْ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ هٰذَا النَّحْوَ، لِاَنَّا لَا نَحْتَجُّ بِحَنَشٍ وَاَمْثَالِهٖ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ، وَكَذٰلِكَ اَغْضَيْنَا عَنْ اِمْلَائِهٖ

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں (ظاہر ہونے والی) نشانیوں کو برکت کا نشان سمجھتے تھے جبکہ تم انہیں خوف دلانے والی چیز سمجھتے ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حبیب بن ابوثابت نے طاؤس کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے سورج گرہن کی نماز میں آٹھ رکوع کیے تھے۔ چار سجدے کیے تھے۔ یہ روایت صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ حبیب نے طاؤس کے حوالے سے یہ روایت نہیں سنی ہے۔ اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول یہ روایت کہ نبی اکرم ﷺ نے نماز کسوف اس طرح ادا کی تھی وہ بھی درست نہیں ہے کیونکہ ہم حنش اور اس جیسے راویوں کی احادیث سے استدلال نہیں کرتے ہیں۔ اسی طرح ہم ان کی املاء کروائی ہوئی روایت سے بھی چشم پوشی کرتے ہیں۔

2854- إسناده قوى على شرط مسلم . سفيان: هو الثورى، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعى، وعلقمة: وهو ابن قيس بن عبد الله النخعى. وأخرجه أحمد "2/396" من طريق معاوية بن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه بأطول مما هنا أحمد "2/460"، والبخارى "3579" فى المناقب: باب علامات النبوة فى الإسلام، والدارمى 1/14"-"15 من طرق عن إسرائيل، عن منصور، عن إبراهيم، به.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْعَتَاقَةِ عِنْدَ رُؤْيَةِ كُسُوْفِ الشَّمْسِ اَوِ الْقَمَرِ لِمَنْ قَدَرَ عَلٰى ذٰلِكَ

سورج یا چاند گرہن کو دیکھ کر غلام آزاد کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

یہ اس کے لیے ہے جو اس کی قدرت رکھتا ہو

2855 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَاْمُرُ بِالْعَتَاقَةِ فِيْ صَلَاةِ الْكُسُوْفِ

سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کسوف (کے بعد والے خطبے) کے دوران غلام آزاد کرنے کا حکم دیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْكُسُوْفَ يَكُوْنُ لِمَوْتِ الْعُظَمَاءِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ گرہن زمین پر بسنے والے کسی بڑے آدمی کے مرنے کی وجہ سے ہوتا ہے

2856 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ يَوْمًا خَطِيبًا فَذَكَرَ فِيْ خُطْبَتِهِ، حَدِيْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ سَمُرَةُ: بَيْنَا اَنَا وَغُلَامٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ نَرْمِي غَرَضًا لَنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَكَانَتْ فِيْ عَيْنِ النَّاظِرِ قِيدَ رُمْحٍ اَوْ رُمْحَيْنِ اسْوَدَّتْ، فَقَالَ اَحَدُنَا لِصَاحِبِهِ: انْطَلِقْ بِنَا اِلٰى

2855– إسناده صحيح على شرط الشيخين . معاوية بن عمرو: هو ابن المهلب الأزدي المعني. وزائدة: هو زائدة بن قدامة الثقفي. وأخرجه أبو داوٗد "1192" في الصلاة: باب العتق فيها من طريق أبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم "1/331"، وأحمد "6/345" من طريق معاوية بن عمرو، به. وأخرجه البخاري "2519" في العتق: باب ما يستحب من العتاقة في الكسوف أو الآيات، والحاكم "1/331"، والبغوي "1147" من طريق موسى بن مسعود، والبخاري "1054" في الكسوف: باب من أحب العتاقة في كسوف الشمس، من طريق ربيع بن يحيى، كلاهما عن زائدة، به . وأخرجه الدارمي "1/360" من طريق موسى بن مسعود، عن زائدة، عن هشام، عن أسماء . وأخرجه البخاري "2520"، وأحمد "6/345" من طريق عثام بن علي، والدارمي "1/360"، والحاكم 1/331"–"332 من طريق عبد العزيز بن محمد، كلاهما عن هشام، به.

2856– إسناده ضعيف لجهالة ثعلبة، وقد تقدم الحديث بأخصر مما هنا برقم "2851" و."2852" وأخرجه الطبراني "6798" من طريق حجاج بن المنهال، ويحيى الحماني، عنأبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن خزيمة "1397" من طريق أبي نعيم، عن الأسود، بهز وأخرجه أحمد "5/16"، والحاكم 1/329"–"331، والطبراني "7/6799"، والبيهقي "3/339" من طرق عن زهير، عن الأسود بن قيس به. وانظر الحديث رقم "2851" و."2852" وقوله: "جذم الشجرة": أصلها.

مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَاللّٰهِ لَتُحْدِثَنَّ هٰذِهِ الشَّمْسُ الْيَوْمَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ فِي اُمَّتِهِ حَدِيْثًا، قَالَ: فَدَفَعْنَا اِلَى الْمَسْجِدِ، فَوَافَقْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ خَرَجَ فَاسْتَقَامَ فَصَلّٰى فَقَامَ بِنَا كَاَطْوَلِ مَا قَامَ فِيْ صَلَاةٍ قَطُّ، لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا، ثُمَّ قَامَ فَفَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ بِالرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، ثُمَّ جَلَسَ فَوَافَقَ جُلُوْسَهٗ تَجَلِّيَ الشَّمْسِ، فَسَلَّمَ وَانْصَرَفَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَشَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ رَسُوْلٌ اُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّيْ قَصَّرْتُ عَنْ شَيْءٍ بِتَبْلِيْغِ رِسَالَاتِ رَبِّيْ لَمَّا اَخْبَرْتُمُوْنِيْ، فَقَالَ النَّاسُ: نَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ رَبِّكَ، وَنَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ، وَقَضَيْتَ الَّذِيْ عَلَيْكَ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ رِجَالًا يَزْعُمُوْنَ اَنَّ كُسُوْفَ هٰذِهِ الشَّمْسِ، وَكُسُوْفَ هٰذَا الْقَمَرِ، وَزَوَالَ هٰذِهِ النُّجُوْمِ عَنْ مَطَالِعِهَا لِمَوْتِ رِجَالٍ عُظَمَاءَ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ، وَاِنَّهُمْ كَذَبُوْا، وَلٰكِنَّهَا آيَاتُ اللّٰهِ يَعْتَبِرُ بِهَا عِبَادُهٗ لِيَنْظُرَ مَنْ يُحْدِثُ مِنْهُمْ تَوْبَةً، وَاِنِّيْ وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاَيْتُ مَا اَنْتُمْ لَاقُوْنَ فِيْ اَمْرِ دُنْيَاكُمْ، وَآخِرَتِكُمْ مُنْذُ قُمْتُ اُصَلِّيْ، وَاِنَّهٗ وَاللّٰهِ مَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ ثَلَاثُوْنَ كَذَّابًا اَحَدُهُمُ الْاَعْوَرُ الدَّجَّالُ مَمْسُوْحُ عَيْنِ الْيُسْرٰى، كَاَنَّهَا عَيْنُ اَبِيْ تِحْيٰى شَيْخٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، بَيْنَهٗ وَبَيْنَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ خَشَبَةٌ، وَاِنَّهٗ مَتٰى يَخْرُجُ، فَاِنَّهٗ سَوْفَ يَزْعُمُ اَنَّهُ اللّٰهُ، فَمَنْ آمَنَ بِهٖ وَصَدَّقَهٗ، وَاتَّبَعَهٗ، فَلَيْسَ يَنْفَعُهٗ عَمَلٌ صَالِحٌ مِّنْ عَمَلٍ سَلَفَ، وَاِنَّهٗ سَيَظْهَرُ عَلَى الْاَرْضِ كُلِّهَا غَيْرَ الْحَرَمِ، وَبَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَاِنَّهٗ يَسُوْقُ الْمُسْلِمِيْنَ اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَيُحَاصَرُوْنَ حِصَارًا شَدِيْدًا.

قَالَ الْاَسْوَدُ: وَظَنِّيْ اَنَّهٗ قَدْ حَدَّثَنِيْ، اَنَّ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ يَصِيْحُ فِيْهِ، فَيَهْزِمُهُ اللّٰهُ وَجُنُوْدَهٗ، حَتّٰى اِنَّ اَصْلَ الْحَائِطِ، اَوْ جِذْمَ الشَّجَرَةِ لَيُنَادِيْ: يَا مُؤْمِنُ هٰذَا كَافِرٌ، مُسْتَتِرٌ بِيْ، تَعَالَ فَاقْتُلْهُ، وَلَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ حَتّٰى تَرَوْا اُمُوْرًا عِظَامًا يَتَفَاقَمُ شَاْنُهَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ، وَتَسَائَلُوْنَ بَيْنَكُمْ: هَلْ كَانَ نَبِيُّكُمْ ذَكَرَ لَكُمْ مِنْهَا ذِكْرًا، وَحَتّٰى تَزُوْلَ جِبَالٌ عَنْ مَرَاتِبِهَا، قَالَ: ثُمَّ عَلٰى اِثْرِ ذٰلِكَ الْقَبْضُ، ثُمَّ قَبَضَ اَطْرَافَ اَصَابِعِهٖ، ثُمَّ قَالَ مَرَّةً اُخْرٰى: وَقَدْ حَفِظْتُ مَا قَالَ، فَذَكَرَ هٰذَا فَمَا قَدَّمَ كَلِمَةً عَنْ مَنْزِلِهَا وَلَا اَخَّرَ اُخْرٰى

❁❁ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے ایک مرتبہ وہ خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے تو انہوں نے اپنے خطبے کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث بیان کی حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ایک مرتبہ میں اور انصار سے تعلق رکھنے والا ایک لڑکا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں نشانے بازی کر رہے تھے اسی دوران سورج طلوع ہوا تو وہ دیکھنے والے کو ایک نیزے جتنا یا دو نیزے جتنا محسوس ہو رہا تھا باقی سیاہ تھا ہم میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا ہم اللہ کے رسول کی مسجد کی طرف چلتے ہیں اللہ کی قسم! سورج کی یہ حالت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے کوئی نیا حکم لے کر آئے گی ہم لوگ مسجد کی طرف آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت گھر سے تشریف لائے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے نماز ادا کرنا شروع کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جتنی بھی نمازیں پڑھائی تھیں وہ ان میں سے سب سے طویل تھی ہم نے

آپ ﷺ کی آواز نہیں سنی پھر آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ نے دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا کی پھر جب آپ ﷺ بیٹھے تو آپ ﷺ کے بیٹھنے کے دوران ہی گرہن ختم ہو گیا' آپ سلام پھیرا نماز مکمل کی پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی اور اس بات کی گواہی دی' اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور آپ ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں ایک انسان ہوں' جسے رسول کے طور پر مبعوث کیا گیا، میں تمہیں اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں' اگر تم لوگ یہ بات جانتے ہو' میں نے اپنے پروردگار کے پیغام کی تبلیغ میں کوئی کوتاہی کی ہے' تو تم مجھے اس بارے میں بتاؤ لوگوں نے عرض کی: ہم اس بات کی گواہی دیتے ہیں آپ ﷺ نے اپنے پروردگار کے پیغام کو پہنچا دیا ہے اور اپنی امت کی خیر خواہی کی ہے اور جو چیز آپ ﷺ کے ذمے تھی آپ ﷺ نے اسے ادا کر دیا ہے' پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں' سورج کا گرہن ہونا چاند کا گرہن ان ستاروں کا اپنے مطلع سے گرنا زمین سے تعلق رکھنے والے کسی بڑے آدمی کے انتقال کی وجہ سے ہوتا ہے یہ لوگ غلط سمجھتے ہیں' بلکہ یہ اللہ کی نشانیاں ہیں' جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عبرت دلاتا ہے' تاکہ وہ لوگ توبہ کی طرف آئیں۔

اللہ کی قسم! تم نے اپنے دنیا اور آخرت کے معاملے میں جس بھی صورت حال کا سامنا کرنا ہے وہ میں نے ابھی یہاں نماز ادا کرنے کے دوران کھڑے ہوئے دیکھ لی ہے اللہ کی قسم! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تیس کذابوں کا ظہور نہیں ہوگا جن میں سے ایک کانا دجال ہوگا اس کی بائیں آنکھ نہیں ہوگی وہ ابو تحیی کی آنکھ کی مانند ہوگی یہ انصار کا ایک بوڑھا تھا اس کے اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے درمیان ایک لکڑی تھی۔

دجال کا جب بھی ظہور ہوگا' تو وہ یہی دعویٰ کرے گا' وہ اللہ ہے اور جو اس کی تصدیق کرے گا پیروی کرے گا' تو اس کے پہلے کا کوئی بھی نیک عمل اسے فائدہ نہیں دے گا اور عنقریب دجال تمام روئے زمین پر غالب آجائے گا صرف حرم کی حدود اور بیت المقدس پر قبضہ نہیں کر سکے گا وہ مسلمانوں کو بیت المقدس کی طرف جانے پر مجبور کر دے گا وہ لوگ شدید محاصرہ کریں گے۔ اسود نامی راوی بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں' اسی دوران حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ان کے درمیان آئیں گے تو اللہ تعالیٰ دجال کو اور اس کے لشکروں کو پسپا کر دے گا' یہاں تک کہ دیوار کی بنیاد اور درخت کا تنا بھی یہ پکار کر کہیں گے: اے مومن! یہ کافر ہے' جو میرے پیچھے چھپا ہوا ہے تم آگے آؤ اور اسے قتل کر دو اور ایسا اس وقت تک نہیں ہوگا' جس وقت تک تم عظیم امور نہیں دیکھو گے' جو تمہیں پریشان کر دیں گے تم ایک دوسرے سے پوچھو گے' تمہارے نبی نے اس کا ذکر تمہارے سامنے کیا تھا وہ ایسی آزمائش ہو گی' پہاڑ اپنی جگہ سے ہل جائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر اس کے بعد قبض ہوگا۔

پھر انہوں نے اپنی انگلیوں کے کناروں کو بند کیا' پھر انہوں نے دوسری مرتبہ یہ کہا نبی اکرم ﷺ نے جو بات ارشاد فرمائی تھی وہ میں نے دیکھی ہے' پھر انہوں نے یہی چیز ذکر کی اور اس میں کوئی ایک لفظ بھی اپنی جگہ سے پہلے یا بعد میں بیان نہیں کیا۔

بَابُ صَلَاةِ الِاسْتِسْقَاءِ

باب نماز استسقاء کا بیان

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ عِنْدَ وُجُوْدِ الْجَدْبِ اَنْ يَّسْاَلَ الصَّالِحِيْنَ الدُّعَاءَ وَالِاسْتِسْقَاءَ لِلْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ قحط سالی کی صورت میں وہ نیک لوگوں سے یہ درخواست کرے کہ وہ مسلمانوں کے لیے دعا مانگیں اور ان کے لیے بارش کی دعا مانگیں

2857 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ نَمِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَتِ الْمَوَاشِى، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَمُطِرْنَا مِنَ الْجُمُعَةِ اِلَى الْجُمُعَةِ، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ، وَهَلَكَتِ الْمَوَاشِى، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ عَلٰى رُءُ وسِ الْجِبَالِ، وَالْاٰكَامِ، وَبُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ قَالَ: فَانْجَابَتْ عَنِ الْمَدِيْنَةِ انْجِيَابَ الثَّوْبِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مویشی ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں سفر کرنا ممکن نہیں رہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ

2857- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو فى "الموطأ" "1/191" فى الاستسقاء : باب ما جاء فى الاستسقاء ، ومن طريقه أخرجه الشافعى "490"، والبخارى "1016" فى الاستسقاء : باب من اكتفى بصلاة الجمعة فى الاستسقاء ، "1017" باب الدعاء إذا تقطعت السبل من كثرة المطر، و "1019" باب إذا استشفعوا إلى الإمام ليستسقى لهم لم يردهم، والنسائى 3/154"-"155 فى الاستسقاء : باب متى يستسقى الإمام، والبيهقى ."3/343" وأخرجه البخارى "1013" باب الاستسقاء فى المسجد الجامع، من طريق أنس بن عباض، والبخارى "1014" باب الاستسقاء: باب الدعاء فى الاستسقاء ، والنساءء 3/161"-"163 باب ذكر الدعاء ، والبغوى "1166" من طريق إسماعيل بن جعفر، والنسائى 3/159"-"160 باب: كيف يرفع، وأبو داوُد "1175" من طريق سعيد المقبرى، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" "1/322" من طريق سليمان بن بلال، أربعتهم عن شريك، بهٰذا الإسناد.

تعالیٰ سے دعا کی راوی کہتے ہیں: ایک جمعے سے لے کر اگلے جمعے تک ہم پر بارش ہوتی رہی راوی کہتے ہیں: پھر ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) گھر گر رہے ہیں مویشی ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی۔

''اے اللہ! پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور نشیبی علاقوں میں اور جنگلات میں بارش ہو۔''

راوی کہتے ہیں: مدینہ منورہ سے بادل یوں چھٹ گیا جس طرح کپڑا اچھٹ جاتا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ عِنْدَ وُقُوعِ الْجَدْبِ بِالنَّاسِ اَنْ يَّسْتَسْقِيَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لَهُمْ

اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ جب لوگ قحط سالی کا شکار ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ سے ان کے لیے بارش کی دعا مانگے

2858 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَامَ اِلَيْهِ النَّاسُ فَصَاحُوا فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَحِطَ الْمَطَرُ، وَاحْمَرَّ الشَّجَرُ، وَهَلَكَتِ الْبَهَائِمُ، فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّسْقِيَنَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اسْقِنَا قَالَ: وَايْمُ اللّٰهِ مَا نَرٰى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً مِنْ سَحَابٍ، قَالَ: فَنَشَاَتْ سَحَابَةٌ، فَانْتَشَرَتْ، ثُمَّ اِنَّهَا مَطَرَتْ، فَنَزَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلّٰى، وَانْصَرَفَ فَلَمْ تَزَلْ تُمْطِرُ اِلَى الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى، فَلَمَّا قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْطُبُ، صَاحُوا وَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، تَهَدَّمَتِ الْبُيُوتُ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ يَحْبِسْهَا عَنَّا، قَالَ: فَتَبَسَّمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا، وَلَا عَلَيْنَا قَالَ: فَتَقَشَّعَتْ عَنِ الْمَدِينَةِ فَجَعَلَتْ تُمْطِرُ حَوْلَهَا، وَمَا تَقْطُرُ بِالْمَدِينَةِ قَطْرَةً، قَالَ: فَنَظَرْتُ اِلَى الْمَدِينَةِ، وَاِنَّهَا لَفِيْ مِثْلِ الْاِكْلِيْلِ

2858- إسناده صحيح على شرط مسلم. محمد بن عبد الأعلى: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجالهما. وهو في "صحيح ابن خزيمة". "1423" وأخرجه النسائي 3/160"-"161 في الاستسقاء: باب ذكر الدعاء، من طريق محمد بن عبد الأعلى بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1021" في الاستسقاء: باب الدعاء إذا كثر المطر "حوالينا ولا علينا"، ومسلم "897" في الاستسقاء: باب الدعاء في الاستسقاء، وأبو يعلى "3334" من ثلاثة طرق عن المعتمر، به. وأخرجه البخاري "932" في الجمعة: باب رفع اليدين في الخطبة مختصرًا، و "3582" في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، وأبو داوُد "1174" في الصلاة: باب رفع اليدين في الاستسقاء، من طريق يونس، ومسلم "897"، والطحاوي "1/322"، وأحمد "3/194"، من طريق سليمان بن المغيرة، وأحمد "3/271"، وأبو يعلى "3509"، من طريق حماد، ثلاثتهم عن ثابت، به. وانظر الحديث "2857" و."2859"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے کچھ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہوئے انہوں نے بلند آواز سے کہا: اے اللہ کے نبی! بارش کا قحط پڑ گیا ہے درخت سیاہ ہو گئے ہیں جانور ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے' وہ ہم پر بارش نازل کر دے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! ہم پر بارش نازل کر دے۔ راوی کہتے ہیں: اللہ کی قسم! ہمیں آسمان میں بادل کا کوئی بھی ٹکڑا نظر نہیں آ رہا تھا۔ راوی کہتے ہیں: اسی دوران ایک ٹکڑا نمودار ہوا اور وہ پھیلنا شروع ہوا پھر بارش شروع ہو گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی اس کے بعد اگلے جمعے تک بارش ہوتی رہی پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے' تو لوگوں نے بلند آواز میں عرض کی: اے اللہ کے نبی! گھر گر رہے ہیں سفر کرنا ممکن نہیں رہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے' وہ ہم سے بارش کو روک دے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے پھر فرمایا: اے اللہ! ہمارے آس پاس ہو ہم پر نہ ہو۔ راوی کہتے ہیں: مدینہ منورہ سے بادل چھٹ گیا' اور مدینہ منورہ کے اردگرد بارش ہوتی رہی اور مدینہ منورہ پر بارش کا ایک قطرہ بھی نہیں پڑا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے مدینہ منورہ کو دیکھا تو وہ تاج کی مانند تھا۔ (یعنی اس سے بادل چھٹ چکا تھا)

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا تَبَسَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا وَصَفْنَا

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس موقع پر مسکرا دیئے تھے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

2859 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

2859– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب فمن رجال مسلم. وأخرجه النسائي "3/165"–"166" في الاستسقاء: باب مسألة الإمام رفع المطر إذا خاف ضرره، والبغوي "1168" من طريف على بن حجر، . . . . عن إسماعيل، بهذا الإسناد. وروايتهما: "فتكشطت عن المدينة." وأخرجه أحمد "3/104" من طريق ابن أبى عدى، و"3/187" من طريق عبيدة، كلاهما عن حميد، به. وأخرجه البخارى "1015" في الاستسقاء: باب الاستسقاء على المنبر، و"6093" في الأدب: باب التبسم والضحك، و"6342" في الدعوات: باب الدعاء غير مستقبل القبلة، وأحمد "3/245" و"261"، من طرق عن قتادة، عن أنس. وأخرجه البخارى "933" في الجمعة: باب الاستسقاء في الخطبة يوم الجمعة، و"1018" مختصرًا، باب ما قيل إن النبى صلى الله عليه وسلم لم يحول رداء ه في الاستسقاء يوم الجمعة، و"1033" باب من تمطر في المطر حتى يتحادر على لحيته، ومسلم "897" في الاستسقاء: باب الدعاء في الاستسقاء، والنسائى "3/166" باب رفع الإمام يديه عند مسألة إمساك المطر، وأحمد "3/256"، والبغوى "1167" من طريق الأوزاعى، عن إسحاق بن عبد الله بن أبى طلحة الأنصارى، عن أنس بن مالك. وأخرجه البخارى "932" في الجمعة: باب رفع اليدين في الخطبة مختصرًا، و"3582" في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، وأبو داوُد "1174" في الصلاة: باب رفع اليدين في الاستسقاء، من طريق حماد بن زيد، عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس. وأخرجه مسلم "897" من طريق حفص بن عبيد بن أنس، عن أنس. وأخرجه البخارى "1029" باب رفع الناس أيديهم مع الإمام في الاستسقاء، والنسائى "3/160" مختصرًا، باب ذكر الدعاء ن من طريق يحيى بن سعيد عن أنس. وانظر الحديث رقم "2857" و"2858".

(متن حدیث):قَحِطَ الْمَطَرُ عَامًا، فَقَامَ بَعْضُ الْمُسْلِمِينَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَحِطَ الْمَطَرُ، وَاَجْدَبَتِ الْاَرْضُ، وَهَلَكَ الْمَالُ، قَالَ: فَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَمَا نَرٰى فِي السَّمَاءِ سَحَابَةً، فَمَدَّ يَدَيْهِ حَتّٰى رَاَيْتُ بَيَاضَ اِبْطَيْهِ، يَسْتَسْقِي اللّٰهَ، فَمَا صَلَّيْنَا الْجُمُعَةَ حَتّٰى اَهَمَّ الشَّابَّ الْقَرِيْبَ الدَّارِ الرُّجُوْعُ اِلٰى اَهْلِهِ، فَدَامَتْ جُمُعَةً، فَلَمَّا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الَّتِيْ تَلِيهَا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ، وَاحْتَبَسَ الرُّكْبَانُ، قَالَ: فَتَبَسَّمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِسُرْعَةِ مَلَالَةِ ابْنِ آدَمَ وَقَالَ بِيَدَيْهِ: اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا، وَلَا عَلَيْنَا قَالَ: فَتَكَشَّفَتْ عَنِ الْمَدِينَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک سال تک بارش نہیں ہوئی تو بعض مسلمان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) بارش نہیں ہوئی زمین خشک ہو گئی ہے کھیتیاں ہلاکت کا شکار ہو رہی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے ہمیں آسمان میں کوئی بادل نظر نہیں آ رہا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے یہاں تک کہ ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بغلوں کی سفیدی نظر آ گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے بارش کے لئے دعا کی ابھی ہم نے جمعہ ادا نہیں کیا تھا' (کہ اتنی تیز بارش شروع ہو گئی) کہ وہ نوجوان جس کا گھر مسجد کے قریب تھا اس نے یہ ارادہ کیا' وہ اپنے گھر چلا جائے پھر پورا ہفتہ بارش ہوتی رہی جب اس کے بعد والا جمعہ آیا' تو ایک شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) گھر گر رہے ہیں سفر کرنا ممکن نہیں رہا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابن آدم کے جلدی ملال پر مسکرا دیئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا کی: اے اللہ! ہمارے آس پاس ہو ہم پر نہ ہو۔ راوی کہتے ہیں: مدینہ منورہ سے بادل چھٹ گیا۔

ذِكْرُ مَا يَدْعُو الْمَرْءُ بِهٖ عِنْدَ وُجُوْدِ الْجَدْبِ بِالْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کا تذکرہ کہ جب مسلمانوں کو قحط سالی لاحق ہو' تو آدمی کو کیا دعا کرنی چاہئے؟

2860 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ الْاَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَبْرُوْرٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيدَ الْاَيْلِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث):شَكَا النَّاسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَحْطَ الْمَطَرِ، فَاَمَرَ بِالْمِنْبَرِ، فَوُضِعَ لَهُ فِي الْمُصَلّٰى، وَوَعَدَ النَّاسَ يَوْمًا يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ

2860- إسناده حسن. طاهر بن خالد بن نزار: قال الذهبي في "الميزان" "2/334": صدوق وله ما ينكر، وقال ابن عدي: له إفرادات وغرائب، وقال الخطيب: ثقة، وقال الدارقطني: هو وأبوه ثقتان. وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أبو داؤد "1173" في الصلاة: باب رفع اليدين في الاستسقاء، والطحاوي "1/325"، والحاكم "1/328"، والبيهقي "3/349"، من طريق هارون بن سعيد الأيلي، عن خالد بن نزار، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرطهما ووافقه الذهبي !! مع أن خالد بن نزار وشيخه لم يخرج لهما الشيخان شيئًا. وقال أبو داؤد: هذا حديث غريب إسناده جيد.

بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ، فَقَعَدَ عَلَى الْمِنبَرِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّكُمْ شَكَوْتُمْ جَدْبَ جِنَانِكُمْ، وَاحْتِبَاسَ الْمَطَرِ عَنْ اِبَّانِ زَمَانِهِ عَنْكُمْ، وَقَدْ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَدْعُوْهُ، وَوَعَدَكُمْ اَنْ يَّسْتَجِيْبَ لَكُمْ ثُمَّ قَالَ: (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ) ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً، وَبَلَاغًا اِلٰى خَيْرٍ ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَاَيْنَا بَيَاضَ اِبْطَيْهِ، ثُمَّ حَوَّلَ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ، وَقَلَبَ - اَوْ حَوَّلَ رِدَائَهُ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ - ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، وَنَزَلَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَاَنْشَاَ اللّٰهُ سَحَابًا فَرَعَدَتْ، وَاَبْرَقَتْ، وَاَمْطَرَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَلَمْ نَلْبَثْ فِيْ مَسْجِدِهِ حَتّٰى سَالَتِ السُّيُوْلُ، فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَثَقَ الثِّيَابِ عَلَى النَّاسِ، ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، وَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَاِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کچھ لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بارش نہ ہونے کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے منبر کے بارے میں حکم دیا اسے عیدگاہ میں رکھا گیا نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کے ساتھ ایک دن کا وعدہ کیا' اس دن وہ لوگ آئیں' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جیسے ہی سورج نکلا نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے اور منبر پر تشریف فرما ہوئے آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم نے اپنے باغات کے خشک ہونے کی شکایت کی اور ایک طویل عرصے سے بارش نہ ہونے کی شکایت کی اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو یہ حکم دیا ہے' تم لوگ اس سے دعا مانگو اور اس نے تم سے یہ وعدہ کیا ہے' وہ تمہاری دعا کو قبول کرے گا پھر آپ ﷺ نے یہ پڑھا۔

ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' جو بڑا مہربان ہے نہایت رحم کرنے والا ہے قیامت کے دن کا مالک ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' تو جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے اے اللہ! تو ہی وہ اللہ ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو بے نیاز ہے اور ہم تیرے محتاج ہیں' تو ہم پر بارش نازل کر اور جو تو نے ہم پر نازل کیا ہے اسے قوت بنا دے اور بھلائی کی طرف پہنچانے والا بنا دے۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے دونوں ہاتھ بلند کیے یہاں تک کہ ہم نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لی پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنی پشت کو لوگوں کی طرف کیا' اور اپنی چادر کو الٹا دیا آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے ہوئے تھے' پھر آپ ﷺ نے لوگوں کی طرف رُخ کیا آپ ﷺ منبر سے نیچے اتر آئے پھر آپ ﷺ نے دو رکعات نماز ادا کی تو اللہ تعالیٰ نے بادل کو پیدا کیا' اور وہ کڑکا بجلی چمکی اور بارش شروع ہوگئی یہ اللہ کے حکم سے ہوا ابھی ہم مسجد میں ہی تھے' نالیاں بہنی شروع ہوگئیں جب نبی اکرم ﷺ نے دیکھا' لوگوں نے کپڑے اپنے اوپر کر لیے ہیں' تو آپ ﷺ مسکرا دیئے یہاں تک کہ آپ ﷺ کے اطراف کے دانت نظر آنے لگے۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں بے شک اللہ تعالیٰ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے اور میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ إِذَا أَرَادَ الْاِسْتِسْقَاءَ أَنْ يَّسْتَسْقِيَ اللّٰهَ بِالصَّالِحِيْنَ رَجَاءَ اسْتِجَابَةِ الدُّعَاءِ لِذٰلِكَ

اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ جب وہ بارش کے نزول کی دعا مانگے

تو اللہ تعالیٰ سے نیک لوگوں کے وسیلے سے دعا مانگے اس بات کی امید رکھتے ہوئے کہ اس صورت میں اس کی دعا کا اثر ظاہر ہوگا

2861 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانُوْا اِذَا قَحَطُوْا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اسْتَسْقَوْا بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَسْتَسْقِي لَهُمْ فَيُسْقَوْنَ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ وَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ اِمَارَةِ عُمَرَ، قَحَطُوْا فَخَرَجَ عُمَرُ بِالْعَبَّاسِ يَسْتَسْقِي بِهٖ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا اِذَا قَحَطْنَا عَلٰى عَهْدِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَسْقَيْنَا بِهٖ، فَسَقَيْتَنَا وَاَنَا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ الْيَوْمَ بِعَمِّ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْقِنَا قَالَ: فَسُقُوْا

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں جب قحط پڑ جاتا تھا تو لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے بارش کی دعا کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان لوگوں کے لئے بارش کی دعا کرتے تھے' تو ان لوگوں کو بارش عطا ہو جاتی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں قحط آیا' تو عمر رضی اللہ عنہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ساتھ لے کر نکلے تاکہ ان کے وسیلے سے بارش کی دعا کریں انہوں نے یہ کہا:

''اے اللہ! پہلے تیرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جب ہم قحط کا شکار ہوتے تھے' تو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے بارش کی دعا کرتے تھے' تو تو ہمیں سیراب کر دیتا تھا اب ہم تیرے نبی کے چچا کے وسیلے سے تیری بارگاہ میں دعا کرتے ہیں' تو ہمیں سیراب کر دے''۔

راوی کہتے ہیں: ان لوگوں کو سیراب کر دیا گیا۔

قَالَتْ عَمْرَةُ: فَقَالَتْ عَائِشَةُ عِنْدَ ذٰلِكَ: اَرْغَمَ اللّٰهُ بِآنَافِهِنَّ، وَاللّٰهِ مَا تَرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا اَنْتَ بِفَاعِلٍ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے انتقال کی اطلاع آئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر غم کے اثرات نمایاں تھے ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے گھر کی خواتین ان پر نوحہ کر رہی ہیں اور بہت زیادہ رو رہی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو یہ ہدایت کی کہ وہ خواتین کو اس سے منع کر دے کچھ دیر بعد وہ شخص واپس آیا اور یہ بات ذکر کی کہ اس نے انہیں منع کیا ہے' لیکن ان خواتین نے اس کی بات ماننے سے انکار کر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دوبارہ یہ ہدایت کی کہ وہ انہیں منع کر دے۔ راوی کہتے ہیں: پھر اس نے آ کر یہ بات ذکر کی کہ وہ خواتین اس پر غالب آ گئی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ان کے چہرے پر مٹی ڈال دو۔

عمرہ نامی خاتون کہتی ہیں اس موقع پر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ فرمایا: اللہ تعالیٰ ان خواتین کی ناک خاک آلود کرے اللہ کی قسم! تم اللہ کے رسول کو چھوڑتے بھی نہیں ہو اور جو (وہ تمہیں حکم دے رہے ہیں) اس پر عمل بھی نہیں کرتے۔

3148 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا اُصِيْبَ جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: تَسَلَّمِي ثَلَاثًا، ثُمَّ اصْنَعِي بَعْدُ مَا شِئْتِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَلَّمِي ثَلَاثًا لَفْظَةُ اَمْرٍ قُرِنَتْ بِعَدَدٍ مَوْصُوْفٍ قُصِدَ بِهِ الْحَسْمُ عَمَّا لَا يَحِلُّ اسْتِعْمَالٌ فِيْ ذٰلِكَ الْعَدَدِ، قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْنَعِي بَعْدُ مَا شِئْتِ لَفْظَةُ اَمْرٍ قُصِدَ بِهِ الْاِبَاحَةُ فِيْ ظَاهِرِ الْخِطَابِ، مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ اسْتِعْمَالِ مَا اَمَرَ بِهِ، يُرِيْدُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِ مَا وَصَفْتُ التَّسْلِيْمَ لِاَمْرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْاَيَّامِ الثَّلَاثِ وَقَبْلَهَا وَبَعْدَهَا

سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب حضرت جعفر بن ابو طالب رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم سونپ دو' اس کے بعد تم جو چاہو کرو۔[1]

3148- إسناده قوي كما قال الحافظ في "الفتح" "9/487" فإن رجاله رجال الصحيح .وأخرجه أحمد "6/369"، و"438"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" "3/75"، والطبراني "24/369"، والبيهقي "7/438" من طرق عن محمد بن طلحة، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع" "3/17" وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح.

[1] کتاب کے متن میں اسی طرح تحریر ہے' تاہم حافظ ابن حجر نے یہ بات بیان کی ہے: یہ لفظ غلط نقل ہوا ہے' اصل میں لفظ تسلمی نہیں بلکہ تسلبی ہے۔ جس کا مطلب عورت کا سوگ کا لباس پہننا ہے' تاہم امام ابن حبان نے جو لفظ تسلمی نقل کیا ہے اس کا مطلب انہوں نے یہ بیان کیا ہے: تم اپنے معاملے کو اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر چھوڑ دو...

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم تین دن تک سونپ دو''۔ اس میں لفظی طور پر امر کا صیغہ ہے' جو ایک عدد کے ساتھ موصوف ہے۔ اس چیز کے ذریعے مراد یہ ہے: اتنی تعداد میں جس چیز کا استعمال جائز نہیں ہے اس سے منع کیا جائے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم اس کے بعد جو چاہو کرو''۔ یہاں پر الفاظ امر کے ہیں۔ اس سے بظاہر یہ لگتا ہے: یہ اباحت کے لئے ہیں لیکن اس سے مراد اس چیز پر عمل کرنے سے منع کرنا ہے جس کا حکم دیا گیا ہے' تو ان الفاظ کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: تم ان تین دنوں میں اور اس سے پہلے ان تمام امور کو اللہ تعالیٰ کے حکم کو سونپ دو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ ضَرْبِ الْخُدُوْدِ وَاسْتِعْمَالِ دَعْوَةِ الْجَاهِلِيَّةِ لِمَنْ نَزَلَتْ بِهِ مُصِيبَةٌ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ جسے مصیبت لاحق ہو (یعنی جس کے ہاں فوتگی ہو جائے) وہ گال پیٹے یا زمانہ جاہلیت کا سا عمل کرے

3149 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (متن حدیث): لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ، وَشَقَّ الْجُيُوْبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''وہ ہم میں سے نہیں ہے' جو گال پیٹے، گریبان پھاڑے اور زمانہ جاہلیت کی سی چیخ و پکار کرے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ، اَوْ تَسْلِقَ، اَوْ تَخْرِقَ عِنْدَ مُصِيبَةٍ تُمْتَحَنُ بِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ عورت سر منڈوا دے یا چیخ و پکار یا گریبان پھاڑ دے اس مصیبت کے وقت جس کے ذریعے اسے آزمائش میں مبتلا کیا گیا ہے

3150 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ، عَنْ اَبِىْ حَرِيْزٍ، اَنَّ اَبَا بُرْدَةَ، حَدَّثَهُ،

3149– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير عبيدة بن حميد فمن رجال البخاري . وأخرجه أحمد "1/432" و "456" و "465"، والبخاري "2197" في الجنائز: باب ليس منا من ضرب الخدود، و "1298" باب ما يُنهى من الويل ودعوى الجاهلية عند المصيبة، و "3519" في المناقب: باب ما ينهى من دعوى الجاهلية، ومسلم "103" في الإيمان: باب تحريم ضرب الخدود وشق الجيوب والدعاءبدعوى الجاهلية، وابن ماجه "1584" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن ضرب الخدود وشق الجيوب، والبيهقي "4/63" و "64"، والبغوي "1533" من طرق عن الأعمش بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد "1/386" و "442"، والبخاري "1294" في الجنائز: باب ليس منا من شق الجيوب، و "3519"، والترمذي "999" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن ضرب الخدود وشق الجيوب عند المصيبة، والنسائي "4/20" في الجنائز: باب ضرب الخدود، وابن ماجه "1584"، وابن الجارود "516"، والبيهقي "4/64" من طريق سفيان، عن زبيد اليامي، عن إبراهيم، عن مسروق، به.

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا مُوْسٰى حِيْنَ حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَالَ: اِذَا انْطَلَقْتُمْ بِجَنَازَتِي، فَاَسْرِعُوا الْمَشْيَ وَلَا تُتْبِعُوْنِيْ بِجَمْرٍ، وَلَا تَجْعَلُوْا عَلٰى لَحْدِيْ شَيْئًا يَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ التُّرَابِ، وَلَا تَجْعَلُوْا عَلٰى قَبْرِيْ بِنَاءً، وَاُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ بَرِيْءٌ مِنْ كُلِّ حَالِقَةٍ اَوْ سَالِقَةٍ اَوْ خَارِقَةٍ، قَالُوْا: سَمِعْتَ فِيْهِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوبردہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا آخری وقت قریب آیا' تو انہوں نے ارشاد فرمایا: جب تم میرے جنازے کو لے کر چلو' تو اسے تیزی سے لے کر چلنا اور اس کے ساتھ آگ نہ لے جانا اور میری لحد پر کوئی چیز نہ رکھنا جو میرے اور مٹی کے درمیان حائل ہو اور میری قبر پر کوئی عمارت تعمیر نہ کرنا اور میں تم لوگوں کو گواہ بنا کر یہ کہہ رہا ہوں کہ میں سر مونڈ نے والی عورت اور چیخ و پکار کرنے والی عورت اور (گریبان پھاڑنے والی عورت سے لاتعلق ہوں) لوگوں نے دریافت کیا: کیا آپ نے اس بارے میں کوئی چیز سن رکھی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی (سن رکھی ہے)

3151 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ مُسْلِمٍ بِفَرْهَاذْجِرْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ خَالِدٍ الْاَحْدَبِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا حَضَرَ اَبُوْ مُوْسٰى، صَاحُوا عَلَيْهِ فَقَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ سَلَقَ، وَلَا خَرَقَ وَلَا حَلَقَ

صفوان بن محرز بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا آخری وقت قریب آیا اور لوگوں نے ان پر چیخ کر رونا شروع کیا' تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''وہ ہم میں سے نہیں ہے' جو (مصیبت کے وقت) چیخ و پکار کرے اور جو (گریبان) کو پھاڑے اور جو سر منڈوائے۔''

3150- إسناده حسن من أجل أبي حريز -واسمه عبد الله بن حسين- فإنه مختلف فيه، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح غير الفضيل -وهو ابن ميسرة- وهو صدوق. وأخرجه أحمد "4/397" من طريق معتمر بن سليمان، بهٰذا الأسناد. وأخرجه ابن ماجه "1487" في الجنائز: باب ما جاء في الجنازة لا تؤخر إذا حضرت ولا تتبع بنار، من طريق محمد بن عبد الأعلى، هب. مختصرًا. وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة" "1/484": هٰذا إسناد حسن. أبو حريز: اسمه عبد الله بن حسين مختلف فيه. وله شاهد من حديث أبي هريرة. رواه مالك في "الموطأ" "1/226"، وأبو داوٗد في "سننه". "3171" وانظر الحديث رقم "3151" و"3152" و."3154"

3151- إسناده جيد. خالد الأحدب: هو خالد بن عبد الله بن محرز المازني البصري، ذكره المؤلف في "الثقات"، وروى عنه جمع، وأخرج له مسلم، وباقي رجال ثقات. عوف: هو ابن أبي جميلة الأعرابي. وأخرجه النسائي "4/20" في الجنائز: باب السلق، من طريق عمرو بن علي، عن سليمان بن حرب، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "4/396" و"404" من طريق عفان، عن شعبة، به. وأخرجه "4/416"، ومسلم "104" من طريق عاصم بن سليمان، عن صفوان بن خرز، به. وأخرجه أحمد "4/411" من طريق يحيى بن آدم، عن شريك، عن يزيد بن أبي زياد، عن عبد الرحمٰن بن أبي ليلي، عن أبي موسى مرفوعًا. وانظر الحديث رقم "3150" و"3152" و."3154"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِهٰذَا الشَّيْءِ الْمَزْجُوْرِ عَنْهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس چیز کے ممنوع ہونے کی صراحت کرتی ہے

3152 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، اَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَيْمِرَةَ، حَدَّثَهُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ: (متن حدیث): وَجِعَ اَبُوْ مُوْسٰى، وَجَعَلَ يُغْمٰى عَلَيْهِ، وَرَاْسُهُ فِيْ حِجْرِ امْرَاَةٍ مِنْ اَهْلِهِ، فَصَاحَتِ امْرَاَةٌ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَّرُدَّ عَلَيْهَا شَيْئًا، فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: اَنَا بَرِيْءٌ مِّمَّنْ بَرِءَ مِنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِءَ مِنَ الْحَالِقَةِ، وَالسَّالِقَةِ، وَالشَّاقَّةِ

ابو بردہ بن حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیمار ہو گئے اور ان پر بے ہوشی طاری ہوئی' تو اس وقت ان کا سر اپنی بیوی کی گود میں تھا اس خاتون نے چیخ کر رونا شروع کیا حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اسے کچھ نہیں کہہ سکے جب ان کی طبیعت ذرا سنبھلی' تو انہوں نے فرمایا: میں اس سے لاتعلق ہوں جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لاتعلق ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سر منڈوانے والی عورت' (مصیبت کے وقت) چیخ و پکار کرنے والی عورت اور (گریبان) چاک کرنے والی عورت سے لاتعلق ہیں۔

ذِكْرُ الْاِسْمَاعِ لِمَنْ تَعَزّٰى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ مُصِيْبَةٍ يُمْتَحَنُ بِهَا

جو شخص کسی لاحق ہونے والی مصیبت کے وقت زمانہ جاہلیت کی طرح چیخ و پکار کرے اسے سنانے (یعنی سختی سے روکنے) کا تذکرہ

3153 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

3152- إسناده صحيح على شرط مسلم . الحكم بن موسى: هو القنطري. وأخرجه البخاري "1296" في الجنائز: باب ما ينهى عن الحلق عند المصيبة تعليقًا من طريق الحكم بن موسى، بهٰذا الإسناد. ووصله مسلم "104" في الإيمان: باب تحريم ضرب الخدود وشق الجيوب والدعاء بدعوى الجاهلية، فقال: حدثنا الحكم بن موسى به، وأخرجه أبو عوانة 1/56"-"57 عن ابن عبدوس وأبي حفص القاص، قالا: حدثنا الحكم بن موسى به، وأخرجه البيهقي "4/64" من طريق الحسن بن سفيان حدثنا الحكم بن موسى القنطري به. وأخرجه أبو عوانة "1/56" و"57" من طريقين عن يحيى بن حمزة، به. وأخرجه أبو عوانة "1/57" من طريق يحيى بن سلام، عن عبد الرحمٰن بن يزيد، به. وأخرجه مسلم "104"، والنسائي "4/20" في الجنائز: باب الحلق، وابن ماجه "1586" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن ضرب الخدود وشق الجيوب، واليهقي "4/64" من طريق جعفر بن عون عن أبي عميس، عن أبي صخرة، عن عبد الرحمٰن بن يزيد وأبي بردة بن أبي موسي، قالا: أغمي على أبي موسي، واقبلت أم عبد الله تصيح برنة، قالا: ثم أفاق، قال: ألم تعلمي وكان يحدثها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "أنا بريء ممن حلق وسلق وخرق ." واللفظ لمسلم وأخرجه مسلم "104"، والبيهقي "4/64"، وأبو عوانة "1/56" عن شعبة، عن عبد الملك بن عمير، عن ربعي بن حراش أن أبا موسى أغمي عليه ... وانظر الحديث رقم "3150" و"3151" و."3154"

يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، قَالَ:
(متن حدیث): رَاَيْتُ اُبَيًّا رَاٰى رَجُلًا تَعَزّٰى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَعَضَّهُ وَلَمْ يَكُنْ، ثُمَّ قَالَ: قَدْ اَرٰى فِيْ اَنْفُسِكُمْ - اَوْ فِيْ نَفْسِكَ - اِنِّيْ لَمْ اَسْتَطِعْ اِذَا سَمِعْتُهَا اَنْ لَّا اَقُوْلَهَا، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ تَعَزّٰى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَعِضُّوْهُ وَلَا تَكْنُوْا

عتی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے ایک شخص کو زمانہ جاہلیت کے سے انداز میں چیخ و پکار کرتے ہوئے سنا' تو اسے سختی سے روکا' حالانکہ وہ ایسا نہیں کیا کرتے تھے پھر انہوں نے فرمایا: میں یہ سمجھتا ہوں کہ تمہیں اس حوالے سے کچھ الجھن ہوئی ہے' لیکن جب میں نے اسے سنا' تو میں یہ کہنے سے نہیں رک سکا' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

"جو شخص زمانہ جاہلیت کی طرح چیخ و پکار کرے' تو تم لوگ اسے سختی سے روکو اور اشارے سے نہ روکو۔"

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْخَارِجَ اِلَى التَّسَخُّطِ عِنْدَ مُصِيْبَةٍ يُمْتَحَنُ بِهَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص پر لعنت کرنا جو کسی مصیبت کے لاحق ہونے کے وقت،

جس کے ذریعے اسے آزمائش میں مبتلا کیا گیا ہو (یعنی کسی فوتگی کے وقت) اس چیز کی طرف نکلتا ہے جو ناراضگی ظاہر کرتی ہے

3154 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ اَبِيْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى النَّخَعِيِّ،
(متن حدیث): اَنَّ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ، قَالَ: يَا اُمَّ عَبْدِ اللّٰهِ اَلَا اُخْبِرُكِ بِمَا لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ: بَلٰى، قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَقَ، اَوْ خَرَقَ، اَوْ سَلَقَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اُمّ عبداللہ! کیا میں نے تمہیں یہ نہیں بتایا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس پر لعنت کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر لعنت کی ہے' جو

3153- رجال ثقات غير عبد الأعلى النخعي، فإنه لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلِّف "5/128"، ولم يرو عنه غير أبي حرب بن أبي الأسود. خالد: هو ابن عبد الله الواسطي. وأخرجه أحمد "4/396" و"404"، والنسائي "4/21" باب شق الجيوب، والطيالسي "507" من طريق شعبة عن منصور، عن إبراهيم، عن يزيد بن أوس، عن أبي موسى أغمي عليه، فبكت أم ولد له، فلما أفاق، قال لها: أما بلغك ما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فسألناها، فقالت: قال: "ليس منا من سلق وحلق وخرق." وأخرجه النسائي "4/21" من طريق إسرائيل، وأبو داوُد "3130" في الجنائز: باب في النوح، من طريق جرير، كلاهما عن منصور، عن إبراهيم، عن يزيد، عن امرأة أبي موسى، عن أبي موسى، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ليس منا من حلق وسلق وخرق ." وأخرجه أحمد "4/405"، وابن أبي شيبة "3/289"، والنسائي "4/21" من طريق أبي معاوية عن الأعمش، وانظر الحديث رقم "3150" و"3151" و."3152"

سر منڈوائے یا (گریبان) پھاڑ دے یا چیخ و پکار کرے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْبُكَاءِ لِلنِّسَاءِ عِنْدَ الْمَصَائِبِ اِذَا امْتُحِنَّ بِهَا

مصیبت لاحق ہونے کے وقت جب خواتین کو اس آزمائش میں مبتلا کیا جائے خواتین کے رونے کی ممانعت کا تذکرہ

3155 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، اَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمَّا جَاءَ نَعْيُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، وَزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ، جَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُعْرَفُ فِیْ وَجْهِهِ الْحُزْنُ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَاَنَا اَطَّلِعُ مِنْ شَقِّ الْبَابِ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ قَدْ كَثُرَ بُكَاؤُهُنَّ، فَاَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْهَاهُنَّ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَذَهَبَ الرَّجُلُ، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: قَدْ نَهَيْتُهُنَّ وَاِنَّهُنَّ لَمْ يُطِعْنَنِی، حَتّٰى كَانَ فِی الثَّالِثَةِ، فَزَعَمَتْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: احْثُ فِیْ اَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: اَرْغَمَ اللّٰهُ بِاَنْفِكَ، مَا اَنْتَ بِفَاعِلٍ مَا يَذْكُرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ، حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کی اطلاع آئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے شدید غم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے پہچانا جا سکتا تھا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں دروازے کی جھری میں سے جھانک رہی تھی ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے گھر کی خواتین بکثرت رو رہی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو یہ ہدایت کی کہ وہ ان خواتین کو ایسا کرنے سے روکے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ شخص چلا گیا پھر وہ آیا اور بولا: میں نے انہیں منع کیا ہے' لیکن وہ میری بات نہیں مان رہی ہیں ایسا تین مرتبہ ہوا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے منہ پر مٹی ڈال دو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے (دل ہی دل میں) کہا اللہ تعالیٰ تمہاری ناک کو خاک آلود کرے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جو فرما رہے ہیں تم وہ کرتے کیوں نہیں ہو۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْبُكَاءِ الَّذِیْ نَهَى النِّسَاءَ عَنِ اسْتِعْمَالِهِ عِنْدَ الْمَصَائِبِ

رونے کی اس صفت کا تذکرہ جس پر عمل کرنے سے خواتین کو منع کیا گیا ہے اس وقت جب مصیبت لاحق ہو (یعنی فوتگی ہو جائے)

3155- إسناده صحيح على شرط الشيخين . ابن نمير: هو عبد الله. وأخرجه أحمد 6/58"-"59، ومسلم "935" في الجنائز: باب التشديد في النياحة، من طريق ابن نمير، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3147".

3156 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْهُذَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَكْحُولٌ، وَغَيْرُهُ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ الْخَامِشَةَ وَجْهَهَا، وَالشَّاقَّةَ جَيْبَهَا، وَالدَّاعِيَةَ بِالْوَيْلِ

❀❀ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرے کو نوچنے والی، اپنے گریبان کو چیرنے والی اور بربادی کی چیخ و پکار کرنے والی عورت پر لعنت کی ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلنِّسَاءِ اَنْ يَبْكِيْنَ مَوْتَاهُنَّ مَا لَمْ يَكُنْ ثَمَّ نَوْحٌ

خواتین کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی فوتگی پر روسکتی ہیں جبکہ وہاں نوحہ نہ کیا جائے

3157 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ وَهْبُ بْنُ كَيْسَانَ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرٍو، اَخْبَرَهُ، اَنَّ سَلَمَةَ بْنَ الْاَزْرَقِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا مَعَ ابْنِ عُمَرَ، فَاُتِيَ بِجَنَازَةٍ يُبْكٰى عَلَيْهَا، فَعَابَ ذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ، وَانْتَهَرَهُنَّ، فَقَالَ سَلَمَةُ بْنُ الْاَزْرَقِ: اَشْهَدُ عَلٰى اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنِّيْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: مُرَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ، وَاَنَا مَعَهُ، وَمَعَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَنِسَاءٌ يَبْكِيْنَ عَلَيْهَا، فَزَجَرَهُنَّ، وَانْتَهَرَهُنَّ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ يَا عُمَرُ، فَاِنَّ الْعَيْنَ دَامِعَةٌ، وَالنَّفْسَ مُصَابَةٌ، وَالْعَهْدَ قَرِيْبٌ.

❀❀ سلمہ بن ازرق بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا اسی دوران وہاں ایک جنازہ لایا گیا جس پر رویا جا رہا تھا' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس پر اعتراض کیا اور ان خواتین کو جھڑکا۔ سلمہ بن ازرق نے کہا: میں

3156– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مكحول –وهو الشامي– فمن رجال مسلم. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة القرشي، وابن جابر: هو عبد الرحمٰن بن يزيد. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/290"، وابن ماجه "1585" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن ضرب الخدود وشق الجيوب، والطبراني في "الكبير" "8/7591" و"7775" من طريق أبي أسامة، عن عبد الرحمٰن بن يزيد بن جابر، عن مكحول والقاسم، عن أبي أمامة.

3157– إسناده ضعيف. سلمة بن الأزرق لم يرو عنه غير محمد بن عمرو، ولم يذكره المصنف في "الثقات"، وقال ابن القطان: لا يعرف حاله، ولا أعرف أحدًا من المصنفين في كتب الرجال ذكره، وقال الذهبي في "المغني" "1/274": لا يعرف. وهو في "مصنف عبد الرزاق" "6674"، ومن طريقه أخرجه البيهقي "4/70". وأخرجه عبد الرزاق "6674"، وابن أبي شيبة "3/395"، وابن ماجه "1587" في الجنائز: باب ما جاء في البكاء على الميت، وأحمد "2/273"، و"333" وقد تحرف فيه "سلمة" إلى "عمرو"، وهو خطأ بين و "408" من طرق عن هشام بن عروة، به. وأخرجه أحمد "2/110"، والنسائي "4/19" في الجنائز: باب الرخصة في البكاء على الميت، من طريق إسماعيل بن جعفر، عن محمد بن عمرو بن حلحلة، به. وأخرجه أحمد "2/444" من طريق وكيع، عن هشام بن عروة، عن وهب، عن محمد بن عمرو، عن أبي هريرة.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے خواتین اس میت پر رو رہی تھیں، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں جھڑکا اور انہیں ڈانٹا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! انہیں کرنے دو، کیونکہ آنکھ آنسو بہا رہی ہے، جسم کو تکلیف لاحق ہے اور (افسوس ناک واقعہ) قریب ہی رونما ہوا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ بُكَاءِ الْمَرْءِ عِنْدَ فَقْدِهِ وَلَدَهُ، اَوْ وَلَدَ وَلَدِهِ مَا لَمْ يُخَالِطِ الْبُكَاءَ حَالَةُ التَّسَخُّطِ

آدمی کے لیے اپنے بچے یا بچے کی اولاد کے انتقال کے وقت رونے کے مباح ہونے کا تذکرہ جبکہ اس رونے کے ہمراہ (تقدیر کے فیصلے پر) ناراضگی کا اظہار نہ ہو

3158 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُهُ بِابْنَةِ زَيْنَبَ وَنَفْسُهَا تَقَعْقَعُ كَاَنَّهَا فِيْ شَنٍّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلّٰهِ مَا اَخَذَ، وَلَهُ مَا اَعْطَى، وَكُلٌّ اِلٰى اَجَلٍ قَالَ: فَدَمَعَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ لَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَرِقُّ، اَوَلَمْ تَنْهَ عَنِ الْبُكَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا هِيَ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِ عِبَادِهِ، وَاِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

❁❁ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کے ہاں آیا جو آخری سانسیں لے رہی تھیں ان کی سانس اکھڑی ہوئی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جو واپس لے لے وہ بھی اسی کی ملکیت ہے اور جو عطا کر دے وہ بھی اسی کی ملکیت اور ہر چیز کا ایک طے شدہ وقت ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت

3158- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عاصم: هو: ابن سليمان الأحول، وأبو عثمان: هو عبد الرحمٰن بن مل النهدي. وأخرجه أحمد "5/204" و"206"، وابن أبي شيبة 3/392 "3"-"393"، ومسلم "923" في الجنائز: باب البكاء على الميت، والبيهقي "4/68"، من طريق أبي معاوية محمد بن خازم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "5/204"، "206"، والطيالسي "636"، وعبد الرزاق "6670"، والبخاري "1284" في الجنائز: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "يعذب الميت ببعض بكاء أهله عليه." و"5655" في المرضى: باب عيادة الصبيان، و"6602" في القدر: باب (وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا) الأحزاب: من الآية"38 و"6655" في الأيمان والنذور: باب قوله تعالى: (وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ) الأنعام: من الآية "109"، و"7377" في التوحيد: باب قول الله تبارك وتعالى: (قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ) الإسراء: من الآية "110"، و"7448" باب ما جاء في قول الله تعالى: (اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ) الأعراف: من الآية"56، ومسلم "923"، والنسائي 4/21 "-"22 في الجنائز: باب الأمر بالاحتساب والصبر عند نزول المصيبة. وقوله: "ونفسها تقعقع كأنها في شن": القعقعة: حكاية حركة الشيء يسمع له صوت، والشن: القربة البالية، والمعنى: وروحه تضطرب وتتحرك، لها صوت حشرجة كصوت الماء إذا أُلقي في القربة البالية.

میں عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ رورہے ہیں کیا آپ ﷺ نے رونے سے منع نہیں کیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ وہ رحمت ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمَرْءَ مُؤَاخَذٌ عِنْدَمَا امْتُحِنَ بِهِ مِنَ الْمُصِيبَةِ مِمَّا يَقُولُ بِلِسَانِهِ دُونَ حُزْنِ الْقَلْبِ وَدَمْعِ الْعَيْنِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کو جب کسی مصیبت کے ذریعے آزمایا جاتا ہے

اس وقت وہ اپنی زبان کے ذریعے جو کہتا ہے اس بات پر اس کا مواخذہ ہوگا اس کے دل میں جو غم ہوتا ہے یا آنکھ سے جو آنسو جاری ہوتے ہیں (ان پر) مواخذہ نہیں ہوگا

3159 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ الْاَنْصَارِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: اشْتَكٰى سَعْدٌ شَكْوٰى، فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهُ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَسَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، فَلَمَّا دَخَلَ وَجَدَهُ فِيْ غَشْيَتِهِ، فَقَالَ: قَدْ قَضٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَبَكٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا بَكٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَكَوْا، فَقَالَ: اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لَا يُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَيْنِ، وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ، وَلٰكِنْ يُعَذِّبُ بِهٰذَا اَوْ يَرْحَمُ - وَاَشَارَ اِلٰى لِسَانِهِ -

سعید بن حارث انصاری بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے حضرت سعد رضی اللہ عنہ زخمی ہو گئے نبی اکرم ﷺ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ان کی عیادت کرنے کے لیے آئے جب نبی اکرم ﷺ ان کے ہاں تشریف لائے' تو آپ ﷺ نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ ان پر غشی طاری تھی' تو انہیں بتایا گیا کہ یارسول اللہ (ﷺ)! ان کا انتقال ہو گیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ رونے لگے۔ جب نبی اکرم ﷺ رونے لگے' تو لوگ بھی رونے لگے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگوں نے یہ بات نہیں سنی ہے کہ اللہ تعالیٰ آنکھ کے رونے کی وجہ سے یا دل کے غمگین ہونے کی وجہ سے عذاب نہیں دے گا بلکہ وہ اس کی وجہ سے عذاب دے گا یا رحم کرے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی زبان کی طرف اشارہ کر کے یہ بات ارشاد فرمائی۔

3159- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أحمد بن عيسى: هو ابن حسان، يعرف بابن التسترى . وأخرجه البخارى "1304" فى الجنائز: باب البكاء عند المريض، ومسلم "924" فى الجنائز: باب البكاء عند الميت، والبيهقى "4/69"، والبغوى "1529" من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَنْ صَرَخَ بِمَا لَا يُرْضِي اللّٰهَ عِنْدَ مُصِيبَةٍ يُمْتَحَنُ بِهَا لَا يَكُوْنُ لَهُ عَلَيْهَا اَجْرٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جو شخص کسی مصیبت کے لاحق ہونے کے وقت

اس طرح سے چیختا ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو تو اس شخص کو (اس مصیبت کا سامنا کرنے پر) کوئی اجر نہیں ملے گا

3160 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا تُوُفِّيَ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَاحَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ هٰذَا مِنَّا، لَيْسَ لِصَارِخٍ حَظٌّ، الْقَلْبُ يَحْزَنُ، وَالْعَيْنُ تَدْمَعُ، وَلَا نَقُوْلُ مَا يُغْضِبُ الرَّبَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحب زادے کا وصال ہوا' تو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بلند آواز میں چیخے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ہم میں سے نہیں ہے چیخنے والے کا کوئی حصہ نہیں ہے دل غمگین ہوتا ہے آنکھ آنسو بہاتی ہے اور ہم ایسی کوئی بات نہیں کہتے جو پروردگار کو غضب ناک کردے۔

ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ اَتٰى بِمَا لَا يُرْضِي اللّٰهَ بِالْاَعْضَاءِ عِنْدَ مُصِيبَةٍ يُمْتَحَنُ بِهَا

ایسے شخص کی شدید مذمت کا تذکرہ جو کسی مصیبت کے پیش آنے پر اس طرح کا کام کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو

3161 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْفِرْيَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ كَرِيْمَةَ بِنْتِ الْحَسْحَاسِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ثَلَاثٌ هِيَ الْكُفْرُ بِاللّٰهِ: النِّيَاحَةُ، وَشَقُّ الْجَيْبِ، وَالطَّعْنُ فِي النَّسَبِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تین چیزیں اللہ تعالیٰ کا کفر کرنے کے مترادف ہیں نوحہ کرنا، گریبان پھاڑنا اور نسب میں طعن کرنا''

3160- إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو، وأخرجه الحاكم "1/382" من طريق موسى بن إسماعيل، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد بلفظ: "ليس هذا مني وليس بصائح حق، القلب يحزن ... ."

3161- رجاله ثقات رجال الصحيح غير كريمة بنت الحسحاس، فإنه لم يوثقها غير المؤلف "5/344"، ولم يرو عنها غير إِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْمُهَاجِرِ. الفريابي: هو محمد بن يوسف بن واقد، والأوزاعي: هو عبد الرحمٰن بن عمرو. وأخرجه الحاكم "1/383" من طريق بشر بن بكر، عن الأوزاعي، بهذا الإسناد، وصححه ووافقه الذهبي.! وانظر الحديث رقم "3141" و"3142".

فَصْلٌ فِی الْقُبُوْرِ

فصل: قبروں کا بیان

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَجْصِيصِ الْقُبُوْرِ

قبروں کو چونا لگانے کی ممانعت کا تذکرہ

3162 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُقَصَّصَ الْقُبُوْرُ قَالَ: وَكَانُوْا يُسَمُّوْنَ الْجِصَّ: الْقَصَّةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر چونا لگانے سے منع کیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہ لوگ چونے کے لیے لفظ قصہ استعمال کرتے تھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّخَاذِ الْاَبْنِيَةِ عَلَى الْقُبُوْرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ قبروں پر عمارت تعمیر کی جائے

3162- إسناده صحيح. عمر بن يزيد السيارى روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقال: مستقيم الحديث، وقال محمد بن عبد الرحيم البزاز صدوق، وقال الدارقطنى: لا بأس به، روى له أبو داوٗد، ومن فوقَهٗ ثقاتٌ من رجال مسلم، وقد صرح أبو الزبير بالتحديث عند أحمد ومسلم والمؤلف ."3165" وأخرجه أحمد "3/332"، ومسلم "970" "95" فى الجنائز: باب النهى عن تجصيص القبر والبناء عليه، والبغوى "1517" من طريق إسماعيل بن علية، والنسائى "4/88" فى الجنائز: باب تجصيص القبور، وابن ماجه "1562" فى الجنائز: باب ما جاء فى النهى عن البناء على القبور وتجصيصها والكتابة عليها، من طريق عبد الوارث، كلاهما عن أيوب بهٰذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3163" و"3164" و ."3165"

3163- إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد صرح ابن جريج وأبو الزبير بالتحديث عند المؤلف ."3165" وأخرجه أبو داوٗد "3226" فى الجنائز: باب فى البناء على القبر، والبيهقى "4/4" من طريق عثمان بن أبى شيبة بهٰذا الإسناد. وأخرجه ابن أبى شيبة "3/335" و"337"، ومسلم "970" "94" فى الجنائز: باب النهى عن تجصيص القبر والبناء عليه، والنسائى "4/86" فى الجنائز: باب الزيادة على القبر، والحاكم "1/370" من طرق عن حفص بن غياث، به. وانظر الحديث رقم "3162" و"3164" و ."3165"

3163 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يُبْنٰى عَلَى الْقَبْرِ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ قبر پر عمارت بنائی جائے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْكِتْبَةِ عَلَى الْقُبُوْرِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ قبروں پر کچھ تحریر کیا جائے

3164 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَا:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَجْصِيْصِ الْقُبُوْرِ، وَالْكِتَابِ عَلَيْهَا، وَالْبِنَاءِ عَلَيْهَا، وَالْجُلُوْسِ عَلَيْهَا

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ اور حضرت سلیمان بن موسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر چونا لگانے، ان پر تحریر کرنے، ان پر عمارت بنانے اور ان پر بیٹھنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْجُلُوْسِ عَلَى الْقُبُوْرِ تَعْظِيْمًا لِحُرْمَةِ مَنْ فِيْهَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ قبروں پر بیٹھا جائے' یہ قبر میں موجود مسلمان کے احترام کے پیش نظر ہے

3165 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَقْصِيْصِ الْقُبُوْرِ، وَاَنْ يُبْنٰى عَلَيْهَا اَوْ يُجْلَسَ عَلَيْهَا

3164– رجاله ثقات رجال مسلم، إلا أن رواية سليمان بن موسى منقطعة، فهو يريل عن جابر . وأخرجه الحاكم "1/370" من طريق سعيد بن منصور، عن أبي معاوية، عن ابن جريج، عن أبي الزبير، عن جابر . وصححه وقال: وليس العمل عليها، فإن أئمة المسلمين من الشرق إلى الغرب مكتوب على قبورهم، وهو عمل أخذ به الخلف عن السلف. قال الذهبي: ما قلت طائلًا، ولا نعلم صحابيًا فعل ذلك، وإنما هو شيء أحدثه بعض التابعين فمن بعدهم، ولم يبلغهم النهي. وأخرجه الترمذي "1052" في الجنائز: باب ما جاء في كراهية تجصيص القبور والكتابة عليها، والحاكم "1/370" من طريفين عن ابن جريج، عن أبي الزبير، عن جابر . وأخرجه ابن أبي شيبة "3/335"، وأبو داوُد "3226" في الجنائز: باب في البناء على القبر، والنسائي "4/86" في الجنائز: باب الزيادة على القبر، وابن ماجه "1563" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن البناء على القبور وتجصيصها والكتابة عليها، والبيهقي "4/4" من طريق حفص، وأحمد "3/295" من طريق محمد بن بكر، كلاهما عن ابن جريج، عن سليمان بن موسى، عن جابر . وانظر الحديث رقم "3162" و."3165"

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر چونا لگانے، ان پر عمارت بنانے اور ان پر بیٹھنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قُعُوْدِ الْمَرْءِ عَلٰى قُبُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ غَيْرِ انْتِظَارٍ لِدَفْنِ الْمَيِّتِ فِيْ اَوْقَاتِ الضَّرُوْرَاتِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی مسلمانوں کی قبروں پر بیٹھے جو ضرورت کے اوقات میں میت کو دفن کرنے کے انتظار کے علاوہ بیٹھنا ہو

3166 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُهَيْلٌ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): لَاَنْ يَّجْلِسَ اَحَدُكُمْ عَلٰى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهُ حَتّٰى تَخْلُصَ اِلَيْهِ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَّقْعُدَ عَلٰى قَبْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں سے کوئی ایک شخص ایسے انگارے پر بیٹھ جائے جو اس کے کپڑے کو جلا کر اس کے جسم تک پہنچ جائے یہ اس کے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ قبر پر بیٹھے۔''

3165- إسناده صحيح . يوسف بن سعيد بن مسلم وهو المصيصي، ثقة حافظ روى له النسائي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وقد صرح ابن جريج وابو الزبير بالسماع . حجاج: هو ابن محمد المصيصي الأعور . وأخرجه النسائي "3/339"، ومسلم "970" "94" في الجنائز: باب النهي عن تجصيص القبر والبناء عليه، والبيهقي "4/4" من طريق حجاج بن محمد، به. وأخرجه عبد الرزاق "6488"، ومن طريقه أحمد "3/255"، ومسلم "970" "94"، وأبو داوٗد في الجنائز: باب في البناء على القبر، عن ابن جريج، به . وأخرجه مختصرًا ابن أبي شيبة "3/339" عن طريق حفص عن ابن جريج، به. وأخرجه أحمد "3/399" من طريق عفان، عن المبارك، عن نصر بن راشد، عمن حدثه عن جابر. وانظر الحديث رقم "3162" و"3163"، و."3164"

3166- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد "2/528" من طريق عبد الصمد، عن حماد، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد "2/311"، و"389"، و"444"، ومسلم "971" في الجنائز: باب النهي عن الجلوس على القبر والصلاة عليه، وأبو داوٗد "3228" في الجنائز: باب في كراهية القعود على القبر، والنسائي "4/95" في الجنائز: باب التشديد في الجلوس على القبور، وابن ماجه "1566" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن المشي على القبور، والجلوس عليها، والبيهقي "4/79"، والبغوي "1519" من طرق عن سهيل بن أبي صالح، به. وأخرجه الطيالسي "2544" من طريق محمد بن أبي حميد، عن محمد بن كعب، عن أبي هريرة مرفوعًا، وزاد فيه: "قال أبو هريرة: يعني: يجلس بغائط أبو بول." وأخرجه عبد الرزاق "6511"، وابن أبي شيبة "3/339"، من طريق زيد بن أسلم وأبي يحيى عن أبي هريرة موقوفًا.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنْ تَحَفُّظِ أَذَى الْمَوْتَى وَلَا سِيَّمَا فِي أَجْسَادِهِمْ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ میت کو تکلیف پہنچانے سے بچے بطور خاص ان کے جسم کے حوالے سے (تکلیف پہنچانے سے بچے)

3167 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): كَسْرُ عَظْمِ الْمَيِّتِ كَكَسْرِهِ حَيًّا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: مردہ کی ہڈی کو توڑنا زندہ شخص کی ہڈی توڑنے کی مانند ہے۔

3167- إسناده صحيح على شرطهما. أبو أحمد الزبيري: هو محمد بن عبد الله بن الزبير الأسدي، وسفيان: هو الثوري وعمرة: هي بنت عبد الرحمٰن. وأخرجه البيهقي "4/58" من طريق محمد بن يحيى، عن أبي أحمد الزبيري، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "6/58" و168"-"169 و"200" و"264" وأبو داوٗد "3207" في الجنائز: باب في الحفار يجد العظم هل يتنكب ذلك المكان، وابن ماجه "1616" في الجنائز: باب في النهي عن كسر عظام الميت، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" "2/108"، والدارقطني "3/188"، وأبو نعيم في "أخبار أصبهان" "2/186"، والبيهقي "4/58" من طرق عن سعد بن سعيد أخي يحيى بن سعيد عن عمرة، به. وأخرجه أحمد "6/105"، والخطيب في "تاريخ بغداد" "12/106"، وأبو نعيم في "الحلية" "7/95" من طريق أبي الرجال، عن عمرة، به. وأخرجه أحمد "6/100" من طريق محمد بن عبد الرحمٰن الأنصاري، عن عمرة، عن عائشة موقوفًا. وأخرجه الطحاوي "2/108" من طريق حارثة بن محمد ومحمد بن عمارة عن عمرة، به. وأخرجه الدارقطني "3/188"-"189" من طريق إسماعيل بن أبي الحكم، عن القاسم، عن عائشة. وأخرج مالك في "الموطأ" "1/238" في الجنائز: باب ما جاء في الاختفاء - ومن طريقه البيهقي 4/58"- بلاغًا، وفيهما وفي "الدارقطني" زيادة: "يعني في الإثم".

17

فَصْلٌ فِیْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ

فصل: قبروں کی زیارت کرنا

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلرَّجُلِ زِيَارَةَ الْقُبُوْرِ وَالْأَمْوَاتِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ قبروں اور مرحومین کی زیارت کرے

3168 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ الْقَطَّانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَكِيْمُ بْنُ سَيْفٍ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنِّیْ نَهَيْتُكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ، عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ، وَعَنْ لُحُوْمِ الْاَضَاحِیْ اَنْ تُمْسِكُوْهَا فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، وَعَنِ الظُّرُوْفِ اِلَّا مَا كَانَ فِیْ سِقَاءٍ، وَقَدْ رُخِّصَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ زِيَارَةِ قَبْرِ اُمِّهِ، وَاِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ اَنْ تُمْسِكُوْا لُحُوْمَ الْاَضَاحِیْ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، لِيُوَسِّعَ ذُو السَّعَةِ مِنْكُمْ عَلٰى مَنْ لَّمْ يُضَحِّ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوْفِ اِلَّا مَا كَانَ مِنْ سِقَاءٍ، فَلَا يُحِلُّ ظَرْفٌ شَيْئًا وَلَا يُحَرِّمُهُ

❀❀ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں نے تمہیں تین چیزوں سے منع کیا تھا قبروں کی زیارت کرنے سے، قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ استعمال

3168- إسناده قوی. حکیم بن سیف: صدوق روی له أبو داوٗد والنسائی، ومن فوقه ثقات من رجال الشیخین غیر سلیمان بن بریدة، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "977" فی الجنائز: باب استئذان النبی صلی اللّٰه علیه وسلم ربه عز وجل فی زیارة قبر أمه، والترمذی "1054" فی الجنائز: باب ما جاء فی الرخصة فی زیارة القبور، والطیالسی "807"، والحاکم "1/375"، ثلاثتهم -مختصرًا- من طریقین عن علقمة بن مرثد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "5/259" و"261" من طریق أبی جناب عن سلیمان بن بریدة، به. وأخرجه أبو داوٗد "3235" فی الجنائز: باب فی زیارة القبور، والبیهقی "4/76" و"77"، والبغوی "1553"، والهمذانی فی "الاعتبار" ص "130" من طریق معروف بن واصل، عن محارب بن دثار، عن سلیمان بن بریدة، به. وأخرجه أحمد "5/350" و"355" و"356"، وابن أبی شیبة "3/342"، وعبد الرزاق "6708"، ومسلم "1977" ص"1563 فی الأضاحی، والنسائی "4/89" فی الجنائز: باب زیارة القبور، والبیهقی "4/76"، والهمذانی فی "الاعتبار" ص"130، والحاکم "1/376" من طرق عن عبد اللّٰه بن بریدة، عن أبیه. ولفظ مسلم: "نهیتکم عن زیارة القبور فزوروها، ونهیتکم عن لحوم الأضاحی فوق ثلاث، فأمسکوا ما بدا لکم، ونهیتکم عن النبیذ إلا فی سقاء، فاشربوا فی الأسقیة کلها ولا تشربوا مسکرًا."

کرنے سے اور کچھ مخصوص قسم کے برتنوں سے ماسوائے اس کے جو پینے کے لیے ہو اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت دے دی گئی ہے میں نے تمہیں اس بات سے منع کیا تھا کہ تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت نہیں رکھنا اس کی وجہ یہ تھی کہ تم میں سے جو شخص گنجائش والا ہے وہ اس شخص کو بھی گوشت دے جس نے قربانی نہیں کی ہے اور میں نے تمہیں مخصوص قسم کے برتنوں سے منع کیا تھا ماسوائے اس کے جو پینے کے لیے ہوں تو برتن کسی بھی چیز کو حلال یا حرام نہیں کرتا ہے۔"

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِزِيَارَةِ الْقُبُوْرِ اِذْ زِيَارَتُهَا تُذَكِّرُ الْمَوْتَ

قبروں کی زیارت کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ کیونکہ ان کی زیارت کرنا موت کی یاد دلاتا ہے

3169 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِى حَازِمٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): زَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ اُمِّهِ، فَبَكَى وَاَبْكَى مَنْ حَوْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: اسْتَاْذَنْتُ رَبِّى اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاَذِنَ لِى، فَاسْتَاْذَنْتُهُ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لَهَا، فَلَمْ يَاْذَنْ لِى، فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْمَوْتَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم رو پڑے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آس پاس کے لوگوں کو بھی رلا دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے پروردگار سے اجازت مانگی کہ میں ان کی قبر کی زیارت کروں تو اس نے مجھے اجازت دے دی میں نے اس سے اجازت مانگی کہ میں ان کے لیے دعائے مغفرت کروں تو اس نے مجھے اجازت نہیں دی تم لوگ قبروں کی زیارت کرو کیونکہ یہ تمہیں موت کی یاد دلائیں گی۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ دُخُوْلِ الْمَقَابِرِ بِالنِّعَالِ

جوتے پہن کر قبرستان میں داخل ہونے کی ممانعت کا تذکرہ

3170 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَاَبُوْ

3169- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو حازم: هو سليمان الأشجعي الكوفي. وأخرجه الحاكم "1/375" من طريق محمد بن عبد الوهاب، عن يعلى بن عبيد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/343"، وأحمد "2/441"، ومسلم "976" في الجنائز: باب استئذان النبي صلى الله عليه وسلم، والنسائي "4/90" في الجنائز: باب زيارة قبر المشرك، وأبو داوٗد "3234" في الجنائز: باب في زيارة القبور، وابن ماجه "1572" في الجنائز: باب ما جاء في زيارة قبور المشركين، والبيهقي "4/76"، والبغوي "1554"، والهمذاني في "الاعتبار" ص"130"، من طريق محمد بن عبيد، عن يزيد بن كيسان، به. وأخرجه مسلم "976"

3170- إسناده قوي، وهو في "مسند الطيالسي" "1123"، و."1124" وأخرجه أحمد "5/83" و"84" و"224"، والنسائي "4/96" في الجنائز: باب كراهية المشي بين القبور في النعال السبتية، وأبو داوٗد "3230" في الجنائز: باب المشي في النعل بين القبور، وابن ماجه "1568" في الجنائز: باب ما جاء في خلع النعلين في المقابر، وابن أبي شيبة "3/396"، والحاكم "1/373"

دَاوُدَ قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، حَدَّثَنِیْ خَالِدُ بْنُ سُمَيْرٍ، حَدَّثَنِیْ بَشِيرُ بْنُ نَهِيكٍ،

(متن حدیث): حَدَّثَنَا بَشِيرُ بْنُ الْخَصَاصِيَةِ وَكَانَ اسْمُهُ فِی الْجَاهِلِيَّةِ زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: زَحْمٌ.

قَالَ: اَنْتَ بَشِيرٌ فَكَانَ اسْمُهُ بَيْنَمَا اَنَا اَمْشِی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا ابْنَ الْخَصَاصِيَةِ، مَا اَصْبَحْتَ تَنْقِمُ عَلَى اللّٰهِ؟ قُلْتُ: مَا اَصْبَحْتُ اَنْقِمُ عَلَى اللّٰهِ شَيْئًا، كُلُّ خَيْرٍ فَعَلَ اللّٰهُ بِیْ، فَاَتٰى عَلٰى قُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: سَبَقَ هٰؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيرًا - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ -، ثُمَّ اَتٰى عَلٰى قُبُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالَ: لَقَدْ اَدْرَكَ هٰؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيرًا - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - فَبَيْنَمَا هُوَ يَمْشِی اِذْ حَانَتْ مِنْهُ نَظْرَةٌ، فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ يَمْشِی بَيْنَ الْقُبُوْرِ وَعَلَيْهِ نَعْلَانِ، فَنَادَاهُ: يَا صَاحِبَ السِّبْتِيَّتَيْنِ اَلْقِ سِبْتِيَّتَيْكَ فَنَظَرَ فَلَمَّا عَرَفَ الرَّجُلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَرَمٰى بِهِمَا.

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ: كُنْتُ اَكُوْنُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ، فِی الْجَنَائِزِ، فَلَمَّا بَلَغَ الْمَقَابِرَ حَدَّثْتُهُ بِهٰذَا الْحَدِيثِ، فَقَالَ: حَدِيثٌ جَيِّدٌ، وَرَجُلٌ ثِقَةٌ، ثُمَّ خَلَعَ نَعْلَيْهِ فَمَشٰى بَيْنَ الْقُبُوْرِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ تَكُوْنَ تِلْكَ مِنْ جِلْدِ مَيْتَةٍ لَمْ تُدْبَغْ، فَكَرِهَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُبْسَ جِلْدِ الْمَيْتَةِ، وَفِیْ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ اِذَا وَلَّوْا عَنْهُ، دَلِيْلٌ عَلٰى اِبَاحَةِ دُخُوْلِ الْمَقَابِرِ بِالنِّعَالِ

❁❁ بشیر بن نہیک بیان کرتے ہیں: حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے ان کا نام زمانہ جاہلیت میں زحم بن معبد تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: تمہارا نام کیا ہے انہوں نے جواب دیا: زحم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بشیر ہو تو پھر یہی ان کا نام ہو گیا وہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے خصاصیہ کے صاحب زادے! کیا تم نے ایسی حالت میں صبح کی ہے کہ تمہیں اللہ تعالیٰ سے کوئی ناراضگی ہے۔ میں نے عرض کی: میں نے ایسی حالت میں صبح نہیں کی کہ مجھے اللہ تعالیٰ سے کوئی ناراضگی ہو اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کی بھلائی مجھے عطا کر دی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ مشرکین کی قبروں کے پاس تشریف لے گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ لوگ بہت زیادہ بھلائی سے آگے چلے گئے ہیں یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کی قبروں کے پاس تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انہوں نے بہت زیادہ بھلائی حاصل کر لی ہے یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم چلتے رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر پڑی تو ایک شخص قبروں کے درمیان چل رہا تھا اس نے جوتے پہنے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلند آواز میں پکارا اے جوتوں والے شخص! اپنے جوتے اتار دو اس شخص نے دیکھا جب اس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان لیا تو اس نے اپنے جوتے اتار کر ایک طرف رکھ دیئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس بات کا امکان موجود ہے: وہ جوتے کسی مردار کی کھال کے بنے ہوئے ہوں جس کی

دباغت نہ کی گئی ہو۔ اس لئے نبی اکرم ﷺ نے مردار کی کھال کو پہننے کو ناپسند کیا ہو اور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''وہ ان لوگوں کی جوتوں کی آہٹ سنتا ہے جب وہ اسے چھوڑ کر واپس جاتے ہیں''۔ اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے: جوتے پہن کر قبرستان میں داخل ہونا مباح ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالسَّلَامِ عَلٰى مَنْ سَكَنَ الثَّرٰى لِلدَّاخِلِ الْمَقَابِرَ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ اَمَرَ بِضِدِّهِ

قبرستان میں داخل ہونے والے شخص کو وہاں کے رہائشیوں پر سلام بھیجنے کا حکم ہونے کا تذکرہ، یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جس نے اس کے برعکس کے بارے میں حکم دیا ہے

3171 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَقْبَرَةَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ قبرستان میں داخل ہوئے اور آپ ﷺ نے یہ پڑھا۔

''اے مومنوں کی قوم کی آبادی والو! تم پر سلام ہو بیشک ہم بھی اگر اللہ نے چاہا' تو تم سے آملیں گے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ دُخُولِ الْمَقْبَرَةِ اَنْ يَقُوْلَ: عَلَيْكُمُ السَّلَامُ، لَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ جب وہ قبرستان میں داخل ہو تو یہ کہے علیکم السلام یہ نہ کہے السلام علیکم

3172 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَتْ لَيْلَتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

3171- إسناده صحيح على شرط مسلم. العلاء: هو ابن عبد الرحمٰن بن يعقوب الحرقي. وهو في "الموطأ" مطولاً 1/28"-30في الطهارة: باب جامع الوضوء، ومن طريقه أخرجه عبد الرزاق "6729"، وأحمد "2/375"، ومسلم "249" في الطهارة: باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، وأبو داوُد "3237" في الجنائز: باب ما يقول إذا زار القبور أو مر بها، والنسائي 1/93-"95 في الطهارة: باب حلية الوضوء، وابن السني ."593"وأخرجه أحمد "2/300" و"408"، وابن ماجه "4306" في الزهد: باب ذكر الحوض، والبيهقي "4/78" من طرق عن العلاء بن عبد الرحمٰن، به .وأخرجه ابن السني "595" من طريق يزيد بن عياض، عن عبد الرحمٰن الأعرج، عن أبي هريرة.

وَسَلَّمَ، يَخْرُجُ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ اِلَى الْبَقِيعِ فَيَقُولُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِيْنَ، وَآتَانَا وَاِيَّاكُمْ مَا تُوعَدُونَ غَدًا مُؤَجَّلُونَ، وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَهْلِ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ان کے ہاں رات ٹھہرنے کی باری ہوتی تھی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے آخری حصے میں بقیع کی طرف تشریف لے جاتے تھے اور یہ کہتے تھے۔

''اے مومنوں کی قوم کی بستی کے رہنے والو! تم پر سلام ہو ہمارے پاس اور تمہارے پاس وہ چیز آ جائے گی، جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا اور اگر اللہ نے چاہا، تو ہم بھی تم سے آملیں گے اے اللہ! تمام اہل بقیع کی مغفرت کر دے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ دَخَلَ الْمَقَابِرَ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا الْعَافِيَةَ لِنَفْسِهِ، وَلِمَنْ تَحْتَ اَطْبَاقِ الثَّرٰى، نَسْاَلُ اللّٰهَ الْبَرَكَةَ فِيْ تِلْكَ الْحَالَةِ

جو شخص قبرستان میں داخل ہوتا ہے اسے اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ

وہ اپنی ذات کے لیے اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگے اور ان کے لیے بھی عافیت مانگے جو وہاں دفن ہیں ہم اس حالت میں برکت کا اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں

3173 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجُوا اِلَى الْمَقَابِرِ يُعَلِّمُهُمْ اَنْ يَّقُولُوا: السَّلَامُ عَلَى اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ، اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ، وَنَحْنُ لَكُمْ

3172- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه مسلم "974" في الجنائز: باب ما يقال عند دخول القبور والدعاء لأهلها، ن طريق قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "974"، والنسائي 4/93"-"94 في الجنائز: باب الأمر بالاستغفار للمؤمنين، وفي "عمل اليوم والليلة" "1092"، والبيهقي "4/49" من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به. وأخرجه أحمد "6/180"، وابن السني في "عمل اليوم والليلة" "597" من طريقين عن شريك، به. وأخرجه أحمد "6/71"، وابن السني "596"، وابن ماجه "1546" في الجنائز: باب ما جاء فيما يقال إذا دخل المقابر، من طرق عن شريك بن عبد الله، عن عاصم بن عبيد الله، عن عبد الله بن عامر بن ربيعة، عن عائشة بنحوه. وأخرجه أحمد "6/71" و"111" من طريقين عن القاسم بن محمد عن عائشة. وأخرجه أحمد "6/221"، وعبد الرزاق "6722"، ومسلم "974" "103"، والنسائي 4/91"-"93، والبيهقي "4/79" من طريق محمد بن قيس بن مخرمة، عن عائشة مطولًا.

3173- إسناده صحيح على شرط مسلم، وسفيان هو الثوري. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/340"، وأحمد "5/353"، وابن السني في "عمل اليوم والليلة" "594" من طريق معاوية بن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "5/353" و359"-"360، ومسلم "975" في الجنائز: باب الصلاة على الجنازة في المسجد، وابن ماجه "1547" في الجنائز: باب ما جاء فيما يقال إذا دخل المقابر، والبيهقي "4/79"، والبغوي "1555" من طرق عن سفيان، به. وأخرجه النسائي "4/94" في الجنائز: باب الأمر بالاستغفار للمؤمنين، وفي "عمل اليوم والليلة" "1091" من طريق عبيد الله بن سعيد، عن حرمي بن عماره، عن شعبة، عن علقمة، به.

تَبَعٌ، نَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ

❀❀ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب قبرستان تشریف لے جاتے تھے تو لوگوں کو یہ تعلیم دیتے تھے کہ وہ یہ پڑھیں۔

''اے مومنوں اور مسلمانوں کی بستی والوں پر سلام ہو اگر اللہ نے چاہا' تو ہم بھی تم سے آملیں گے تم ہمارے پیش رو ہو اور ہم تمہارے بعد آئیں گے ہم اپنے لیے اور تمہارے لیے اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگتے ہیں۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدِ احْتَجَّ بِهٖ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ زِيَارَةَ الْمُسْلِمِيْنَ قُبُوْرَ الْمُشْرِكِيْنَ جَائِزَةٌ

اس روایت کا تذکرہ جس کے ذریعے اس شخص نے استدلال کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) مسلمانوں کا مشرکین کی قبروں کی زیارت کرنا جائز ہے

3174 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلٍ، بَعْدَمَا اُدْخِلَ حُفْرَتَهٗ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ، فَوَضَعَهٗ عَلٰى رُكْبَتِهٖ، وَنَفَثَ عَلَيْهِ مِنْ رِيْقِهٖ، وَاَلْبَسَهٗ قَمِيْصَهٗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ عبداللہ بن ابی کی قبر کے پاس تشریف لائے یہ اس کے قبر میں داخل کر دیئے جانے کے بعد کی بات ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اسے باہر نکالا گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کو اپنے گھٹنے پر رکھا آپ ﷺ نے اپنا لعاب دہن اس پر ڈالا اور اسے اپنی قمیض پہنائی' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهٖ فَعَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَا

اس سبب کا تذکرہ جس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ نے وہ فعل کیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

3175 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

3174– إسناده صحيح على شرطهما. أبو بكر بن خلاد: هو محمد بن خلاد بن كثير الباهلي، ثقة من رجال مسلم، وسفيان: هو ابن عيينة .وأخرجه البخاري "1270" في الجنائز: باب الكفن في القميص الذي يكف أو لا يكف ومن كفن بغير قميص، "1350" باب هل يخرج الميت من القبر واللحد لعلة، و "3008" في الجهاد: باب الكسوة للأسارى، "5795" في اللباس: باب لبس القميص، ومسلم "2773" في صفات المنافقين وأحكامهم، والنسائي 4/37 –"38 في الجنائز: باب القميص في الكفن، من طرق عن سفيان بن عيينة، بهٰذا الإسناد.وأخرجه مسلم "2773" من طريق ابن جريج، عن عمرو بن دينار، به.

(متن حدیث):اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ لَمَّا مَاتَ جَاءَ ابْنُهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَعْطِنِيْ قَمِيصَكَ حَتّٰى اُكَفِّنَهُ فِيْهِ، وَصَلِّ عَلَيْهِ، وَاسْتَغْفِرْ، قَالَ: فَاَعْطَاهُ قَمِيصَهُ، وَقَالَ: اِذَا فَرَغْتَ فَآذِنِّيْ حَتّٰى اُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَلَمَّا فَرَغَ آذَنَهُ، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ جَذَبَهُ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَقَالَ: اَلَيْسَ قَدْ نَهَاكَ اللّٰهُ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ: (اسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ) (التوبة: 80) قَالَ: فَنَزَلَتْ : (وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ) (التوبة: 84) قَالَ: فَتَرَكَ الصَّلَاةَ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب عبداللہ بن ابی کا انتقال ہوگیا' تو اس کا بیٹا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قمیض مجھے عطا کیجئے' تاکہ میں اسے (یعنی اپنے باپ کو) اس میں کفن دوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ بھی ادا کیجئے اور اس کے لیے دعائے مغفرت بھی کیجئے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قمیض اسے عطا کردی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم (غسل اور کفن دیکر) فارغ ہوجاؤ' تو مجھے اطلاع دے دینا' تاکہ میں اس کی نماز جنازہ پڑھاؤں جب وہ فارغ ہوا اور اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کا جنازہ پڑھنے کے لیے اٹھنے لگے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھینچا اور عرض کی: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات سے منع نہیں کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم منافقین کی نماز جنازہ ادا کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے دو باتوں کے درمیان اختیار دیا گیا ہے اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے:

''تم ان کے لیے دعائے مغفرت کرو یا تم ان کے لیے دعائے مغفرت نہ کرو۔''

راوی بیان کرتے ہیں: تو اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی۔

''اب تم کبھی بھی ان (منافقین میں سے) کسی کی بھی نماز جنازہ ادا نہ کرنا اور اس کی قبر پر کھڑے نہ ہونا۔''

راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَلْفَاظَ خَبَرِ ابْنِ عُمَرَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ اُدِّيَتْ عَلَى الْاِجْمَالِ، لَا عَلَى الْاِسْتِقْصَاءِ فِي التَّفْسِيرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول وہ روایت

3175- إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه "2/18"، والبخاري "1269" في الجنائز: باب الكفن في القميص، و "5796" في اللباس: باب لبس القميص، ومسلم "2774" "4" في صفات المنافقين وأحكامهم، والنسائي "4/36" في الجنائز: باب القميص في الكفن، وفي التفسير من "الكبرى" كما في "التحفة" "6/173"، والترمذي "3098" في التفسير: باب ومن سورة التوبة، وابن ماجه "1523" في الجنائز: باب في الصلاة على أهل القبلة، والطبري في "جامع البيان" "17050" من طرق عن يحيى القطان بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري "4670" في التفسير: باب: (اسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ...) التوبة: من الآية "80 و "4672" باب: (وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ) التوبة: من الآية "84، ومسلم "2774"، والطبراني "17051"، والبيهقي في "دلائل النبوة" "5/287" من طريقين عن عبيد الله، به.

جو ہم ذکر کیے ہیں اس کے الفاظ مختصر طور پر ذکر کیے گئے ہیں وضاحت کے ساتھ تفصیلی طور پر ذکر نہیں کیے گئے ہیں

3176 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بِنِ اِسْحَاقَ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ، اَتٰى ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ قَدْ وَضَعْنَاهُ، فَصَلِّ عَلَيْهِ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَامَ يُصَلِّيْ عَلَيْهِ، قُمْتُ فِيْ صَدْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَتُصَلِّيْ عَلٰى عَدُوِّ اللّٰهِ الْقَائِلِ يَوْمَ كَذَا كَذَا وَكَذَا، وَالْقَائِلِ يَوْمَ كَذَا كَذَا وَكَذَا، اُعَدِّدُ اَيَّامَهُ الْخَبِيثَةَ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عَنِّيْ يَا عُمَرُ، حَتّٰى اِذَا اَكْثَرْتُ قَالَ: عَنِّيْ يَا عُمَرُ، فَاِنِّيْ قَدْ خُيِّرْتُ، فَاخْتَرْتُ، اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: (اسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ) (التوبة: 80) وَلَوْ اَعْلَمُ اَنِّيْ زِدْتُ عَلَى السَّبْعِيْنَ غُفِرَ لَهُ، لَزِدْتُ قَالَ عُمَرُ: فَعَجَبًا لِجُرْاَتِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، فَلَمَّا قَالَ لِيْ ذٰلِكَ، انْصَرَفْتُ عَنْهُ، فَصَلّٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ مَشٰى مَعَهُ، فَقَامَ عَلٰى حُفْرَتِهٖ حَتّٰى دُفِنَ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثَ اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَاتَ اَبَدًا، وَلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ) (التوبة: 84) فَمَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مُنَافِقٍ بَعْدَ ذٰلِكَ، وَلَا قَامَ عَلٰى قَبْرِهٖ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: جب عبداللہ بن ابی کا انتقال ہو گیا' تو اس کا بیٹا عبداللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ عبداللہ بن ابی ہے' جسے ہم نے (میت کی چارپائی پر) رکھ دیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ ادا کیجئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ ادا کرنے کے لیے اٹھے' تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے اس دشمن کی نماز جنازہ ادا کریں گے جس نے فلاں دن یہ یہ بات کہی تھی اور فلاں دن یہ یہ بات کہی تھی میں نے اس کے متعدد خبیث دن گنوا دیئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے چھوڑ دو اے عمر! جب میں نے زیادہ تکرار کی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے چھوڑ دو اے عمر' کیونکہ مجھے اختیار دیا گیا ہے میں نے (اپنی پسندیدہ صورت

3176- إسناده قوى، فقد صرح محمد بن إسحاق بالتحديث .وأخرجه أحمد "1/16" عن ابن إسحاق، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذى "3097" فى التفسير: باب ومن سورة التوبة، وابن جرير الطبرى فى "تفسيره" "17055" من طريق عبد بن حميد، عن سلمة، عن ابن إسحاق، به .وأخرجه البخارى "1366" فى الجنائز: باب ما يكره من الصلاة على المنافقين، و "4671" فى التفسير: باب: (اسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ) التوبة: من الآية"80، ومن طريقه البغوى فى "التفسير" "2/316"، والنسائى 4/67"-"68 فى الجنائز: باب الصلاة على المنافقين، وفى التفسير من "الكبرى" كما فى "التحفة" 8/49"-"50 من طريقين عن ابن شهاب، به .وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" "4/254"، وزاد نسبته إلى ابن أبى حاتم والنحاس وابن مردويه وأبى نعيم فى "الحلية."

کو) اختیار کرلیا ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم ان کے لیے دعائے مغفرت کرو یا ان کے لیے دعائے مغفرت نہ کرو۔''

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) اگر مجھے یہ پتہ ہو کہ میں ستر مرتبہ سے زیادہ دعائے مغفرت کروں' تو اس کی مغفرت ہو جائے گی' تو میں اس سے زیادہ مرتبہ کرلوں گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اب میں نبی اکرم ﷺ کے سامنے اپنی جرأت پر حیران ہوتا ہوں بہر حال اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے تھے جب نبی اکرم ﷺ نے مجھے یہ بات کہی' تو میں آپ ﷺ کے سامنے سے ہٹ گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کی نماز جنازہ ادا کی آپ ﷺ اس کے جنازے کے ہمراہ گئے آپ ﷺ اس کی قبر کے کنارے کھڑے ہو گئے' یہاں تک کہ اسے دفن کر دیا گیا' تو آپ ﷺ واپس تشریف لائے اللہ کی قسم! اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کر دی۔

''ان میں سے جس کسی کا بھی انتقال ہو' تو تم نے اس کی نماز جنازہ کبھی ادا نہیں کرنی اور نہ ہی اس کی قبر پر کھڑے ہونا ہے۔''

اس کے بعد نبی اکرم ﷺ نے کسی منافق کی نماز جنازہ ادا نہیں کی اور نہ ہی آپ ﷺ کسی منافق کی قبر پر کھڑے ہوئے۔

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنْ زَائِرَةِ الْقُبُوْرِ وَاِنْ كَانَتْ فَاضِلَةً خَيِّرَةً

قبرستان جانیوالی عورت کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ اگرچہ وہ فضیلت والی اور بہترین ہو

3177 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَبَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَلَمَّا فَرَغْنَا، انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَانْصَرَفْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا حَاذَى بَابَهُ، وَتَوَسَّطَ الطَّرِيْقَ، اِذَا نَحْنُ بِامْرَاَةٍ مُقْبِلَةٍ، فَلَمَّا دَنَتْ اِذَا هِيَ فَاطِمَةُ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَخْرَجَكِ يَا فَاطِمَةُ مِنْ بَيْتِكِ؟ قَالَتْ: اَتَيْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَهْلَ هٰذَا الْبَيْتِ، فَعَزَّيْنَا مَيِّتَهُمْ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَلَّكِ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى؟ قَالَتْ: مَعَاذَ اللّٰهِ، وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَذْكُرُ فِيْهَا مَا تَذْكُرُ قَالَ: لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى مَا رَاَيْتِ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَرَاهَا جَدُّكِ اَبُوْ اَبِيكِ.

فَسَاَلْتُ رَبِيعَةَ عَنِ الْكُدٰى، فَقَالَ: الْقُبُوْرُ.

3177- إسناده ضعيف. ربيعة بن سيف: هو ابن ماتع المعافرى، ذكره المؤلف فى "الثقات" وقال: يخطىء كثيرًا، وقال البخارى وابن يونس: عنده مناكير، وقال البخارى فى "الأوسط": روى أحاديث لا يتابع عليها، وقال النسائى فى "السنن" "4/28": ضعيف. وأخرجه أحمد "2/169"، والنسائى "4/37" فى الجنائز: باب النعي، والحاكم "1/373"-"374 و"374"، والبيهقى "4/60" و"77"-"78 من طرق عن ربيعة بن سيف، به. وقال الحاكم: صحيح الإسناد على شرط الشيخين ووافقه الذهبى !! مع أن ربيعة بن سيف ليس من رجال الشيخين، ثم هو كثير الخطأ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ: لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدَى مَا رَاَيْتِ الْجَنَّةَ يُرِيْدُ مَا رَاَيْتِ الْجَنَّةَ الْعَالِيَةَ الَّتِي يَدْخُلُهَا مَنْ لَّمْ يَرْتَكِبْ مَا نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ، لِاَنَّ فَاطِمَةَ عَلِمَتِ النَّهْيَ قَبْلَ ذٰلِكَ، وَالْجَنَّةُ هِيَ جَنَّاتٌ كَثِيْرَةٌ لَا جُنَّةٌ وَاحِدَةٌ، وَالْمُشْرِكُ لَا يَدْخُلُ جَنَّةً مِنَ الْجِنَانِ اَصْلًا لَا عَالِيَةً وَّلَا سَافِلَةً وَّلَا مَا بَيْنَهُمَا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کسی کو دفن کیا جب ہم فارغ ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی واپس آ رہے تھے جب ہم راستے کے درمیان میں پہنچے' تو وہاں سامنے سے ایک خاتون آ رہی تھی' جب وہ خاتون قریب ہوئی' تو وہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: اے فاطمہ! تم اپنے گھر سے کیوں باہر آئی ہو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس گھر والوں کے ہاں گئی تھی میں نے ان کی میت پر ان سے افسوس کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: شاید تم لوگوں کے ہمراہ کدیٰ (قبرستان) تک بھی گئی ہوگی انہوں نے عرض کی: اللہ کی پناہ میں نے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہوا ہے (تو میں وہاں تک کیسے جاسکتی ہوں؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم ان لوگوں کے ہمراہ کدیٰ تک گئی ہوتی' تو تم جنت کو اس وقت تک نہ دیکھتی جب تک تمہارا دادا یعنی تمہارے باپ کا باپ اسے نہ دیکھتا۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے استاد سے دریافت کیا: کدیٰ سے مراد کیا ہے انہوں نے جواب دیا: قبرستان۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے یہ کہنا کہ "اگر تم ان کے ساتھ کدی کے ساتھ گئی ہوتی تو تم جنت کو نہ دیکھتی"۔ اس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: تم جنت کے اس بلند درجے کو نہ دیکھتی جہاں وہ لوگ داخل ہوتے ہیں جنہوں نے ایسی کسی چیز کا ارتکاب نہیں کیا ہوتا جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اس سے پہلے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ممانعت سے واقف تھیں اور جنت کے کئی درجات ہیں ایک درجہ نہیں ہے اور مشرک شخص سرے سے جنت میں داخل ہی نہیں ہوگا نہ اوپر کے مرتبے والی جنت میں اور نہ ہی نیچے کے مرتبے والی جنت میں اور نہ ہی درمیان والی میں۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ مِنَ النِّسَاءِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قبرستان جانے والی خواتین پر لعنت کرنے کا تذکرہ

3178 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (متن

3178– إسناده حسن من أجل عمر بن أبي سلمة، فإن حديثه لا يرقى إلى الصحة .وأخرجه الترمذي "1056" في الجنائز: باب ما جاء في كراهية زيارة القبور للنساء، من طريق قتيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي "2358"، وأحمد "2/337" و"356"، وابن ماجه "1576" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن زيارة النساء القبور، والبيهقي "4/78"

(حدیث): لَعَنَ اللّٰهُ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ نے قبرستان جانے والی عورتوں پر لعنت کی ہے۔''

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَّخِذَاتِ الْمَسَاجِدَ، وَالسُّرُجَ عَلَى الْقُبُوْرِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا (قبروں کو) سجدہ گاہ بنانے والی خواتین اور قبروں پر چراغ جلانے والی خواتین پر لعنت کرنے کا تذکرہ

3179 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ، وَالْمُتَّخِذَاتِ عَلَيْهَا الْمَسَاجِدَ، وَالسُّرُجَ.

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبرستان جانے والی عورتوں اور قبروں پر سجدہ گاہ بنانے یا چراغ لگانے والی عورتوں پر لعنت کی ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ، وَاتِّخَاذِ السُّرُجِ، وَالْمَسَاجِدِ عَلَيْهَا

قبرستان کی زیارت کرنے، وہاں چراغ جلانے اور قبروں پر مساجد بنانے کی ممانعت کا تذکرہ

3180 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا صَالِحٍ، يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

3179- إسناده صحيح إن كان أبو صالح هذا ميزانًا كما جزم به المؤلف هنا، ونقله عنه الحافظ فى "النكت الظراف" "4/368" لكنه انفرد بذلك ولم يتابع، وإن كان هو مولى أم هانء كما قال الترمذى، فهو ضعيف، قال فى "تهذيب التهذيب" "10/385": ويؤيده أن على بن مسلم الطوسى روى هذا الحديث عن شعيب، عن محمد بن جحادة سمعت أبا صالح مولى أم هانء، فذكر هذا الحديث، وجزم بكونه مولى أم هانء: الحاكم، وعبد الحق الإشبيلى، وابن القطان، وابن عساكر، والمنذرى، وابن دحية وغيرهم، وهو الصواب، فالسند ضعيف. وأخرجه النسائى "4/94-95" فى الجنائز: باب التغليظ فى اتخاذ السرج على القبور، والترمذى "320" فى الصلاة: باب ما جاء فى كراهية أن يتخذ على القبر مسجدًا، وحسنه، ومن طريقه البغوى "510" من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجه "1575" فى الجنائز: باب ما جاء فى النهى عن زيارة القبور، من طريق أزهر بن مروان، عن عبد الوارث، به. وأخرجه الطيالسى "2733"، ومن طريقه البيهقى "4/78"، وأخرجه أحمد "1/229" و"287" و"324" و"337"، وأبو داؤد "3236" فى الجنائز: باب فى زيارة القبور، والحاكم "1/374" من طرق عن شعبة، عن محمد بن جحادة، به.

3180- إسناده كالذى قبله.

(متن حدیث): لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ، وَالْمُتَّخِذِيْنَ عَلَيْهَا الْمَسَاجِدَ، وَالسُّرُجَ.

اَبُوْ صَالِحٍ هٰذَا اِسْمُهٗ مِيْزَانُ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ وَلَيْسَ بِصَاحِبِ مُحَمَّدِ بْنِ سَائِبِ الْكَلْبِيِّ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبرستان جانے والی عورتوں، قبروں پر مساجد بنانے والی عورتوں اور چراغ (جلانے والی عورتوں) پر لعنت کی ہے۔

ابوصالح میزان نامی راوی ثقہ ہیں۔ یہ کلبی کا شاگرد نہیں ہے اس کا نام باذام ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْقُبُوْرَ لَا يَجُوْزُ اَنْ تُتَّخَذَ مَسَاجِدَ وَتُصَوَّرَ فِيْهَا الصُّوَرُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ قبروں کے حوالے سے یہ بات جائز نہیں ہے کہ ان پر مسجد بنائی جائے یا وہاں تصویریں بنائی جائیں

3181 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ مَرَضُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذَكَرَ بَعْضُ نِسَائِهٖ كَنِيْسَةً رَاَيْنَهَا بِاَرْضِ الْحَبَشَةِ، وَكَانَتْ اُمُّ سَلَمَةَ، وَاُمُّ حَبِيْبَةَ قَدْ اَتَتَا اَرْضَ الْحَبَشَةِ، فَذَكَرْنَ كَنِيْسَةً رَاَيْنَهَا بِاَرْضِ الْحَبَشَةِ يُقَالُ لَهَا مَارِيَةُ، وَذَكَرْنَ مِنْ حُسْنِهَا وَتَصَاوِيْرَ فِيْهَا، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهٗ، فَقَالَ: اِنَّ اُولٰٓئِكَ اِذَا مَاتَ مِنْهُمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلٰى قَبْرِهٖ مَسْجِدًا، ثُمَّ صَوَّرُوْا فِيْهِ تِلْكَ الصُّوَرَ، وَاُولٰٓئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے کسی نے ایک گرجا کا ذکر کیا جو انہوں نے حبشہ کی سرزمین پر دیکھا تھا۔ سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا حبشہ گئی تھیں انہوں نے ایک

3181- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "1341" في الجنائز: باب بناء المسجد على القبر، والبغوي "509" من طريقين عن مالك، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة "1/400" و"401"، ومسلم "528" في المساجد: باب النهي عن ابتناء المساجد على القبور من طرق عن هشام بن عروة، به وأخرجه أبو عوانة "1/399"، وأحمد "6/121" و"255"، والبخاري "1390" في الجنائز: باب ما جاء في قبر النبي صلى الله عليه وسلم وأبي بكر وعمر رضي الله عنهما، عن هلال بن حميد الوزان، عن عروة بن الزبير، به. وأخرجه أبو عوانة "1/399"، وأحمد "6/80"، والبخاري "1330" في الجنائز: باب ما يكره ما اتخاذ المساجد على القبور، و"4441" في المغازي: باب مرض النبي صلى الله عليه وسلم ووفاته، ومسلم "529"، والبيهقي "4/80"، والبغوي "508" من طرق عن هلال الوزان عن هشام، به. وأخرجه عبد الرزاق "1588"، أبو عوانة "1/299"، وأحمد "1/218" و"6/34"، والبخاري "3453" و"4443" و"5815"، ومسلم "531"، والنسائي "2/40"، والدارمي "1/326"، والبيهقي "4/80" من طريقين عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن عائشة وابن عباس.

گرجا گھر کا ذکر کیا جو انہوں نے حبشہ کی سرزمین پر دیکھا تھا جس کا نام ماریہ تھا انہوں نے اس گرجا گھر کی خوبصورتی اور اس میں موجود تصویروں کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور ارشاد فرمایا: ان لوگوں کا یہ معمول تھا جب ان میں سے کوئی نیک آدمی فوت ہو جاتا' تو وہ اس کی قبر پر مسجد بنا دیتے تھے اور پھر وہ اس میں اس کی تصویریں لگا دیتے تھے یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین مخلوق تھے۔

ذِكْرُ لَعْنِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنِ اتَّخَذَ قُبُوْرَ الْاَنْبِيَاءِ مَسَاجِدَ

اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں پر لعنت کرنے کا تذکرہ جنہوں نے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا

3182 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَعَنَ اللّٰهُ قَوْمًا اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر لعنت کرے جنہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنالیا۔

3182- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه أحمد "6/146" و"252"، والنسائي "4/95" في الجنائز: باب اتخاذ القبور مساجد، وفي الوفاة من "الكبرى" كما في "التحفة" "11/412" من طرق عن قتادة، بهذا الإسناد.

فَصْلٌ فِي الشَّهِيدِ

فصل: شہید کے بارے میں روایات

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِرَدِّ الشُّهَدَاءِ اِلٰى مَصَارِعِهِمْ اِذَا اُخْرِجُوا عَنْهَا

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ شہداء کو ان کے شہید ہونے کی جگہ کی طرف لوٹایا جائے اگرچہ پہلے ان کو وہاں سے دوسری جگہ منتقل کر دیا گیا ہو

3183 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: فِي قَتْلٰى اُحُدٍ حَمَلُوْا قَتْلَاهُمْ، فَنَادٰى مُنَادِي رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْ رُدُّوا الْقَتْلٰى اِلٰى مَصَارِعِهِمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما احد کے مقتولین کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے اپنے مقتولین کو وہاں سے منتقل کر دیا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اعلان کرنے والے نے یہ اعلان کیا: مقتولین کو ان کی قتل گاہ کی طرف واپس لے آئیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَتْلٰى مِنَ الشُّهَدَاءِ اِنَّمَا اُمِرَ بِرَدِّهِمْ اِلٰى مَصَارِعِهِمْ لِئَلَّا يُدْفَنُوْا فِي غَيْرِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ شہداء میں سے قتل ہونے والے افراد کو ان کے قتل کی جگہ کی طرف لوٹانے کا حکم دیا گیا تھا تا کہ ان کو کسی دوسری جگہ دفن نہ کیا جائے

3184 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ

3183– إسناده قوى رجاله ثقات رجال الصحيحين غير نبيح العنزى، فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه أبو زرعة والترمذى والعجلى والمؤلف والذهبى، وصحح حديثه الترمذى وابن خزيمة والحاكم. وأخرجه أحمد "3/297"، والطيالسى "1780" ومن طريقه الترمذى "1717" فى الجهاد: باب ما جاء فى دفن القتيل فى مقتله، من طريق شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبى شيبة، وأحمد "3/308"، وأبو داوٗد "3165" فى الجنائز: باب فى الميت يحمل من أرض إلى أرض وكراهة ذلك، والنسائى "4/79" فى الجنائز: باب أين يدفن الشهيد، وابن ماجه "1516" فى الجنائز: باب ما جاء فى الصلاة على الشهداء ودفنهم، وابن الجارود "553"، والبيهقى "4/57" من طرق عن سفيان عن الأسود، به.

عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ إِلَى الْمُشْرِكِينَ لِيُقَاتِلَهُمْ، فَقَالَ لِي أَبِي عَبْدُ اللّٰهِ: يَا جَابِرُ لَا عَلَيْكَ أَنْ تَكُونَ فِي نُظَّارِ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، حَتّٰى تَعْلَمَ إِلٰى مَا يَصِيرُ أَمْرُنَا، فَإِنِّي وَاللّٰهِ لَوْلَا أَنِّي أَتْرُكُ بَنَاتٍ لِي بَعْدِي لَأَحْبَبْتُ أَنْ تُقْتَلَ بَيْنَ يَدَيَّ، فَبَيْنَا أَنَا فِي النَّظَّارِينَ، إِذْ جَاءَ ابْنُ عَمَّتِي بِأَبِي وَخَالِي، عَادَلَهُمَا عَلٰى نَاضِحٍ، فَدَخَلَ بِهِمَا الْمَدِينَةَ، لِيَدْفِنَهُمَا فِي مَقَابِرِنَا، إِذْ لَحِقَ رَجُلٌ يُنَادِي: أَلَا إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَرْجِعُوا بِالْقَتْلٰى، فَتَدْفِنُوهَا فِي مَصَارِعِهَا حَيْثُ قُتِلَتْ قَالَ: فَرَجَعْنَاهُمَا مَعَ الْقَتْلٰى حَيْثُ قُتِلَتْ.

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: فَرَجَعْنَاهُمَا أُضْمِرَ فِي: فَدَفَنَّاهُمَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے مشرکین کی طرف جانے کے لئے روانہ ہوئے' تا کہ ان کے ساتھ جنگ کریں' تو میرے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے جابر! تم پر کوئی حرج نہیں ہو گا اگر تم مدینہ میں رک جانے والے لوگوں میں شامل رہو' یہاں تک کہ تمہیں پتہ چل جائے ہمارا کیا بنا' کیونکہ اللہ کی قسم! اگر میں اپنے بعد بیٹیاں نہ چھوڑتا' تو مجھے یہ بات پسند تھی کہ تم میرے سامنے شہید ہو جاتے (حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) تو میں مدینہ منورہ میں ہی رک گیا اسی دوران میری پھوپھو کا بیٹا میرے والد اور میرے ماموں کی لاش لے کر آیا وہ اونٹ پر رکھ کر انہیں لایا تھا وہ انہیں لے کر مدینہ منورہ آ گیا تھا تا کہ ان دونوں کو ہمارے قبرستان میں دفن کرے اسی دوران ایک شخص نے یہ اعلان کیا خبردار بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تم لوگوں کو یہ حکم دے رہے ہیں کہ تم مقتولین کو واپس لے جاؤ اور انہیں میدان میں اسی جگہ دفن کرو جہاں وہ شہید کئے گئے تھے۔ راوی کہتے ہیں: تو ہم نے ان دونوں صاحبان کو بھی مقتولین کے ہمراہ وہیں لٹا دیا جہاں وہ شہید ہوئے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ کہ: "ہم ان دونوں کو واپس لے آئے' اس سے مراد یہ ہے کہ ہم نے انہیں وہاں دفن کیا۔

ذِكْرُ إِثْبَاتِ الشَّهَادَةِ لِمَنْ جُرِحَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَمَاتَ مِنْ جِرَاحِهِ تِلْكَ

اس شخص کے لیے شہادت کے اثبات کا تذکرہ جو اللہ کی راہ میں زخمی ہو اور پھر اس زخم کی وجہ سے انتقال کر جائے

3185 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ يَخَامِرَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3184– إسناده قوى كالذى قبله وأخرجه أحمد 3/397"–"398 من طريق عفان عن أبى عوانة، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): مَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَدْمَى، اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ، وَالرِّيحُ رِيحُ مِسْكٍ، وَمَنْ جُرِحَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ طُبِعَ بِطَابَعِ الشُّهَدَاءِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ کی راہ میں زخمی ہو جائے' تو جب وہ قیامت کے دن آئے گا' تو اس کا خون بہہ رہا ہو گا' جس کا رنگ خون جیسا ہو گا اور خوشبو مشک کی خوشبو جیسی ہو گی اور جو شخص اللہ کی راہ میں زخمی ہو جائے اس پر شہداء کی مہر لگا دی جاتی ہے۔''

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِي يُدْرِكُ بِهَا الْمَرْءُ فَضْلَ الشَّهَادَةِ وَإِنْ لَّمْ يُقْتَلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

اس چیز کا تذکرہ جس کے ذریعے آدمی شہادت کی فضیلت تک پہنچ جاتا ہے اگرچہ وہ اللہ کی راہ میں قتل نہ ہوا ہو

3186 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ تَعُدُّونَ الشُّهَدَاءَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَهُوَ شَهِيدٌ قَالَ: إِنَّ شُهَدَاءَ أُمَّتِي إِذًا لَقَلِيلٌ قَالُوا: مَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِي الطَّاعُونِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِي بَطْنٍ، فَهُوَ شَهِيدٌ.

قَالَ سُهَيْلٌ: وَاَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مِقْسَمٍ، قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى اَبِيكَ، اَنَّهُ زَادَ فِي الْحَدِيثِ الْخَامِسَ وَمَنْ غَرِقَ فَهُوَ شَهِيدٌ

3185- إسناده حسن. أبو إسحاق الفزاري: هو إبراهيم بن محمد بن الحارث بن أسماء الفزاري الإمام الحافظ، وعبد الله بن مالك بن يخامر: ذكره المؤلف في "الثقات" "7/8" وقال: يروي عن أبيه عن معاذ بن جبل، روى عنه سليمان بن موسى. وله طريق أخر سيرد عند المصنف برقم "3191" فيتقوى به. وأخرجه البيهقي "9/170" من طريق أحمد بن علي الخزاز عن الأنطاكي، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "9534"، ومن طريقه أحمد 5/230"-"231، والبيهقي "9/170"، والطبراني في "الكبير" "20/204" وأخرجه أحمد "5/244"، والترمذي "1657" في فضائل الجهاد: باب ما جاء فيمن يكلم في سبيل الله، والنسائي 6/25"-"26 في الجهاد: باب ثواب من قاتل في سبيل الله، من طريق ابن جريج، عن سليمان بن موسى، عن مالك بن يخامر، عن معاذ بن جبل. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "20/205" و"207"

3186- إسناده صحيح على شرط مسلم. خالد بن عبد الله هو الواسطي. وأخرجه مسلم "1915" في الجهاد: باب بيان الشهداء من طريق عبد الحميد بن بيان الواسطي، عن خال الواسط، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "9574"، وأحمد "2/522"، وابن ماجه "2804" في الجهاد: باب ما يرجى فيه الشهادة، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، به. وأخرجه ابن أبي شيبة "5/332"، وأحمد "2/441" من طريقين عن محمد بن إسحاق، عن أبي مالك بن ثعلبة، عن عمرو بن الحكم بن ثوبان، عن أبي هريرة. وفي الباب عن عبادة بن الصامت عند ابن أبي شيبة "5/332"، وأحمد .5/315"

13

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم لوگ اپنے درمیان کسے شہید شمار کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جو شخص اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے وہ شہید ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس صورت میں میری امت کے شہداء تھوڑے ہوں گے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! پھر کون (شہید ہیں؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے وہ شہید ہے' جو اللہ کی راہ میں مر جائے وہ شہید ہے' جو شخص طاعون کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے' جو شخص پیٹ کی بیماری کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے۔''

سہیل نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے عبیداللہ بن مقسم نے مجھے بتایا میں تمہارے والد کے حوالے سے گواہی دے کر یہ بات بیان کرتا ہوں کہ انہوں نے حدیث میں پانچویں شخص کا بھی تذکرہ کیا تھا' جو شخص ڈوب کر مر جائے وہ شہید ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الشَّهِيدِ الَّذِي يَكُونُ غَيْرَ الْقَتِيلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

شہید کی اس صفت کا تذکرہ جو شہید اللہ کی راہ میں قتل نہیں ہوتا

3187 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ تَعُدُّونَ الشُّهَدَاءَ فِيكُمْ؟ قَالُوْا: مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَنْ مَاتَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِي طَاعُونٍ فَهُوَ شَهِيدٌ.

قَالَ: وَحَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ، اَنَّهُ قَالَ: وَاَشْهَدُ عَلَى اَبِيكَ، اَنَّهُ زَادَ وَمَنْ غَرِقَ فَهُوَ شَهِيدٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اپنے درمیان کسے شہید قرار دیتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: وہ شخص جو اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے وہ شہید ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ کی راہ میں (جہاد یا حج کے لئے جاتے ہوئے) مر جائے وہ شہید ہے' جو شخص طاعون کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: عبیداللہ بن مقسم نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے وہ یہ کہتے ہیں: میں تمہارے والد کے بارے میں گواہی دے کر یہ بات بیان کرتا ہوں کہ انہوں نے حدیث میں یہ الفاظ بھی نقل کیے ہیں۔

(جو شخص ڈوب) کر مر جائے وہ شہید ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يُرِدْ بِهٰذَا الْعَدَدِ نَفْيًا عَمَّا وَرَائَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عدد کے ذریعے اس کے علاوہ کی نفی مراد نہیں لی ہے

3188 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ،

3187- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله.

188 عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):اَلشَّهِيدُ خَمْسَةٌ: الْمَبْطُوْنُ، وَالْمَطْعُوْنُ، وَالْغَرِقُ، وَصَاحِبُ الْهَدْمِ، وَالشَّهِيدُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''شہید پانچ قسم کے ہیں پیٹ کی بیماری سے مرنے والا، طاعون کی بیماری سے مرنے والا، ڈوب کر مرنے والا، ملبے کے نیچے آ کر مرنے والا اور اللہ کی راہ میں (جنگ کے دوران قتل) ہو کر شہید ہونے والا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى لَمْ يُرِدْ بِقَوْلِهٖ: الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ نَفْيًا عَمَّا وَرَاءَ هٰذَا الْعَدَدِ الْمَحْصُوْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ان الفاظ کے ذریعے ''شہداء پانچ قسم کے ہوتے ہیں'' اس متعین عدد کے علاوہ کی نفی مراد نہیں لی ہے

3189 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ،

3188- إسناده صحيح على شرط الشيخين. سُمي: هو مولى أَبِى بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هشام وهو في "الموطأ" "1/131" في صلاة الجماعة: باب ما جاء في العتمة والصبح، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/324"-"325 و"533"، والبخاري "653" في الأذان: باب فضل التهجير إلى الظهر و"720" باب الصف الأول، و "2829" في الجهاد: باب الشهادة سبع سوى القتل، و"5733" في الطب: باب ما يذكر في الطاعون، ومسلم "1914" في الإمارة: باب بيان الشهداء، والترمذي "1063" في الجنائز: باب ما جاء في الشهداء من هم، والنسائي في الطب من "الكبرى" كما في "التحفة" ."9/392"

3189- عقيل بن الحارث: وثقه المؤلف، وهو من رجال "الموطأ"، وباقي السند على شرطهما . وللحديث شواه كثيرة. وجابر بن عتيك هذا: هو ابن قيس بن هيشة بن الحارث بن أمية بن معاوية بن عوف بن عمرو بن عوف الأنصاري، شهد بدرًا والمشاهد، وكانت إليه راية بني معاوية بن مالك يوم الفتح. وجاء اسمه في هذا الحديث عند ابن أبي شيبة "5/332" "جبرًا"، والمعتمد رواية مالك. انظر "السير" 2/36"-"37، و"الإصابة" 1/215"-."216وهو في "الموطأ" 1/233"-"234 في الجنائز: باب النهي عن البكاء على الميت، ومن طريق مالك أخرجه: الشافعي 1/199"-"200، وأحمد "5/446"، وأبو داوُد "3111" في الجنائز: باب فضل من مات في الطاعون، والنسائي "4/13" في الجنائز: باب النهي عن البكاء على الميت، وفي الطب من " الكبرى" كما في "التحفة" "2/403" والحاكم 1/351"-"352 -وصححه ووافقه الذهبي- والبيهقي 4/69"-"70، والطبراني في "الكبير" "1779"، والبغوي ."1532"وأخرجه النسائي 6/51"-"52، وابن أبي شيبة 5/332"-"333، وابن ماجه "2703" في الجهاد: باب ما يرجى فيه الشهادة، والطبراني في "الكبير" "1780" من طريقين عن أبي العميس عن عبد الله بن عبد الله، به . وأخرجه عبد الرزاق "6695" عن ابن جريج قال: أخبرت خبرًا رفع إلى أبي عبيدة بن الجراح صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم أن النبي صلى الله عليه وسلم أتى عبد الله بن ثابت يعوده.. وذكره بطوله وفي الباب ما يشهد له عن أبي هريرة عند البخاري "2829" و"5833" ومسلم "1914"، وعن أنس عند البخاري "5732"، وعن عمر عند الحاكم "2/109"، وعن عائشة عند البخاري "5734"، وعن عبادة بن الصامت عند أحمد "4/201" و"5/323"، والدارمي "2/208"، والطيالسي "582"، وعن عقبة بن عامر عند أحمد "4/157"، وعن سلمان عند الطبراني "6115" و"6116"، وعن أبي مالك الأشعري عند أبي داوُد "2399"، والحاكم ."2/78"

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، عَنْ عَتِيكِ بْنِ الْحَارِثِ، وَهُوَ جَدُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اُمِّهٖ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَتِيكٍ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ثَابِتٍ، فَوَجَدَهُ قَدْ غُلِبَ عَلَيْهِ، فَصَاحَ بِهٖ، فَلَمْ يُجِبْهُ، فَاسْتَرْجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: غُلِبْنَا عَلَيْكَ يَا اَبَا الرَّبِيعِ فَصَاحَ النِّسْوَةُ وَبَكَيْنَ، وَجَعَلَ ابْنُ عَتِيكٍ يُسَكِّتُهُنَّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ فَاِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ بَاكِيَةٌ، فَقَالُوْا: وَمَا الْوُجُوبُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِذَا مَاتَ قَالَتِ ابْنَتُهُ: وَاللّٰهِ اِنْ كُنْتُ لَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ شَهِيدًا فَاِنَّكَ كُنْتَ قَدْ قَضَيْتَ جِهَازَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوْقَعَ اَجْرَهُ عَلٰى قَدْرِ نِيَّتِهٖ، وَمَا تَعُدُّونَ الشَّهَادَةَ؟ قَالُوْا: اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ: اَلْمَبْطُوْنُ شَهِيدٌ، وَالْغَرِيْقُ شَهِيدٌ، وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيدٌ، وَالْمَطْعُوْنُ شَهِيدٌ، وَالْحَرِيْقُ شَهِيدٌ، وَالَّذِی يَمُوْتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيدٌ، وَالْمَرْاَةُ تَمُوْتُ بِجَمْعٍ شَهِيدٌ

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ وہ مغلوب ہو چکے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلند آواز میں پکارا' لیکن انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور فرمایا: اے ابوربیع تمہارا معاملہ ہمارے بس سے باہر ہے' تو خواتین نے بلند آواز سے رونا شروع کر دیا۔ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ انہیں خاموش کروانے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انہیں کرنے دو جب وہ واجب ہو جائے' تو پھر کوئی رونے والی نہ روئے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! واجب ہونے سے مراد کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب ان کا انتقال ہو جائے' ان کی صاحب زادی نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے یہ امید ہے کہ آپ شہید ہوں گے' کیونکہ آپ نے اپنی تیاری مکمل کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اس کی نیت کے مطابق اس کا اجر عطا کرے تم لوگ کسے شہادت شمار کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ کی راہ میں قتل ہونے کو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی راہ میں قتل ہونے کے علاوہ بھی شہادت کی سات قسمیں ہیں پیٹ کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے، ڈوب کر مرنے والا شہید ہے، نمونیے کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے، طاعون سے مرنے والا شہید ہے، جل کر مرنے والا شہید ہے، ملبے کے نیچے آنے والا شہید ہے، زچگی کے وقت مرنے والی عورت شہید ہے۔

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِی تَقُوْمُ مَقَامَ الشَّهَادَةِ لِغَيْرِ الْقَتِيلِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ

اس چیز کا تذکرہ جو اس شخص کے لیے شہادت کی قائم مقام ہوتی ہے جو اللہ کی راہ میں قتل نہیں ہوتا

3190 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِیُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، عَنْ عَتِيكِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَتِيكٍ، وَهُوَ جَدُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

3190- صحيح وهو مكرر ما قبله.

اَبُوْ اُمِّهٖ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَتِيكٍ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَاءَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ثَابِتٍ فَوَجَدَهُ قَدْ غُلِبَ عَلَيْهِ، فَصَاحَ بِهٖ، فَلَمْ يُجِبْهُ، فَاسْتَرْجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: غُلِبْنَا عَلَيْكَ يَا اَبَا الرَّبِيعِ فَصَاحَتِ النِّسْوَةُ، وَبَكَيْنَ، وَجَعَلَ ابْنُ عَتِيكٍ يُسَكِّتُهُنَّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ، فَاِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ بَاكِيَةٌ، قَالُوْا: وَمَا الْوُجُوبُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِذَا مَاتَ قَالَتِ ابْنَتُهُ: وَاللّٰهِ اِنِّي كُنْتُ لَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ شَهِيدًا فَاِنَّكَ كُنْتَ قَدْ قَضَيْتَ جِهَازَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوْقَعَ اَجْرَهُ عَلٰى قَدْرِ نِيَّتِهٖ، وَمَا تَعُدُّوْنَ الشَّهَادَةَ؟ قَالُوْا: اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوٰى الْقَتْلِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ: اَلْمَبْطُوْنُ شَهِيدٌ، وَالْغَرِيْقُ شَهِيدٌ، وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيدٌ، وَالْمَطْعُوْنُ شَهِيدٌ، وَصَاحِبُ الْحَرِيْقِ شَهِيدٌ، وَالَّذِي يَمُوتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيدٌ، وَالْمَرْاَةُ تَمُوتُ بِجَمْعٍ شَهِيدٌ

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ انہیں اپنا ہوش نہیں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلند آواز میں پکارا تو انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انا للّٰہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور ارشاد فرمایا: اے ابوربیع! تمہارا معاملہ ہمارے بس سے باہر ہے تو خواتین نے بلند آواز سے رونا شروع کر دیا۔ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ نے انہیں خاموش کروانے کی کوشش کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انہیں رونے دو جب وہ واجب ہو جائے تو پھر کوئی نہ روئے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! واجب ہونے سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اس کا انتقال ہو جائے۔ ان کی صاحبزادی نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے یہ امید ہے کہ یہ شہید ہوں گے کیونکہ انہوں نے اپنی تیاری مکمل کر لی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کی نیت کے مطابق اسے اجر عطا کرے گا تم لوگ کسے شہادت شمار کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ کی راہ میں قتل ہونے کو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے علاوہ بھی سات قسمیں ہیں پیٹ کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے، ڈوب کر مرنے والا شہید ہے، نمونیے کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے۔ طاعون سے مرنے والا شہید ہے، جل کر مرنے والا شہید ہے، ملبے کے نیچے آ کر مرنے والا شہید ہے اور زچگی کے وقت فوت ہونے والی عورت شہید ہے۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى سَائِلِهِ الشَّهَادَةَ مِنْ قَلْبِهٖ بِاِعْطَائِهٖ اَجْرَ الشَّهِيدِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ

اللہ تعالیٰ کا سچے دل سے شہادت کی دعا مانگنے والے شخص پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ وہ اسے شہید جیسا اجر و ثواب عطا کرے گا اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہو

3191 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ

يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ يَخَامِرَ السَّكْسَكِيِّ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رِيحُهُ كَرِيحِ الْمِسْكِ، لَوْنُهُ لَوْنَ الزَّعْفَرَانِ، عَلَيْهِ طَابَعُ الشُّهَدَاءِ، وَمَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ مُخْلِصًا، اَعْطَاهُ اللّٰهُ اَجْرَ شَهِيدٍ، وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ

❀❀ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص کو اللہ کی راہ میں زخمی کر دیا جائے' تو جب وہ قیامت کے دن آئے گا' تو اس کی خوشبو مشک کی خوشبو کی مانند ہو گی اور اس کا رنگ زعفران کے رنگ کی مانند ہو گا اس پر شہداء کی مہر لگی ہوئی ہو گی اور جو شخص خلوص کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت کا سوال کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے شہید کا اجر عطا کرتا ہے' اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہو۔''

ذِكْرُ تَبْلِيغِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ وَاِنْ جَاءَتْهُ مَنِيَّتُهُ عَلٰى فِرَاشِهِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو شہداء کے مقام پر فائز کرنے کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ سے شہادت کی دعا مانگتا ہے اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہوتا ہے

3192 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ، بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ

❀❀ سہل بن ابوامامہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''جو شخص صدق دل سے اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اسے شہداء کے مرتبے پر فائز کرے گا اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہو۔''

3191– إسناده حسن وقد تقدم برقم "3185" من طريق اٰخر. وأخرجه أحمد 5/243"-"244، وأبو داوٗد "2541" في الجهاد: باب فيمن سأل الله تعالى الشهادة، والطبراني في "الكبير" "2/206" من طرق عن ابن ثوبان، بهٰذا الإسناد.

3192– إسناده صحيح على شرط الصحيح. أبو أمامة: هو أسعد بن سهل بن حنيف. وأخرجه مسلم "1909" في الإمارة: باب استحباب طلب الشهادة في سبيل الله، وأبو داوٗد "1520" في الصلاة: باب في الاستغفار، والنسائي 6/36"-"37 في الجهاد: باب مسألة الشهادة، وابن ماجه "2797" في الجهاد: باب القتال في سبيل الله، والبيهقي 9/169"-"170، من طرق عن ابن وهب، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الترمذي "1653" في فضائل الجهاد: باب ما جاء فيمن سأل الشهادة، والدارمي "2/205" من طريق القاسم بن كثير، والطبراني "6/5550" من طريق عبد الله بن صالح، كلاهما عن ابن شريح، به.

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى مَنْ قُتِلَ مِنْ اَجْلِ مَالِهٖ اِذَا تُعُدِّىَ عَلَيْهِ بِكَتْبَةِ الشَّهَادَةِ لَهٗ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر فضل کرنے کا تذکرہ' جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جاتا ہے جب اس کے خلاف زیادتی کی جائے' کہ اللہ تعالیٰ اس کے لیے شہادت کو نوٹ کر لیتا ہے

3193 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا اُمُّ سَلَمَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا هُوَ فِىْ بَيْتِهَا وَعِنْدَهُ نَفَرٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ اِذْ جَائَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ صَدَقَةُ كَذَا وَكَذَا مِنَ التَّمْرِ؟ قَالَ: كَذَا وَكَذَا قَالَ الرَّجُلُ: فَاِنَّ فُلَانًا تَعَدّٰى عَلَىَّ، وَاَخَذَ مِنِّىْ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَكَيْفَ اِذَا سَعٰى عَلَيْكُمْ مَنْ يَّتَعَدّٰى عَلَيْكُمْ اَشَدَّ مِنْ هٰذَا التَّعَدِّىْ، فَخَاضَ الْقَوْمُ فِىْ ذٰلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ: فَكَيْفَ بِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا غَائِبًا فِىْ اِبِلِهٖ وَمَاشِيَتِهٖ وَزَرْعِهٖ وَنَخْلِهٖ، فَاَدّٰى زَكَاةَ مَالِهٖ، فَتَعَدّٰى عَلَيْهِ الْحَقَّ، فَكَيْفَ يَصْنَعُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدّٰى زَكَاةَ مَالِهٖ طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهٗ يُرِيْدُ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ، ثُمَّ لَمْ يُغَيِّبْ مِنْهَا شَيْئًا، وَاَقَامَ الصَّلَاةَ، وَآتَى الزَّكَاةَ فَتَعَدّٰى عَلَيْهِ الْحَقَّ، فَاَخَذَ سِلَاحَهٗ، فَقَاتَلَ فَقُتِلَ، فَهُوَ شَهِيْدٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَعْنٰى هٰذَا الْخَبَرِ اِذَا تَعَدّٰى عَلَى الْمَرْءِ فِىْ اَخْذِ صَدَقَتِهٖ، اَوْ مَا يُشْبِهُ هٰذِهِ الْحَالَةَ، وَكَانَ مَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ الَّذِىْ يُوَاطِؤُوْنَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ، وَفِيْهِمْ كِفَايَةٌ بَعْدَ اَنْ لَّا يَكُوْنَ قَصْدُهُمُ الدُّنْيَا، وَلَا شَيْئًا مِنْهَا دُوْنَ اِلْقَاءِ الْمَرْءِ نَفْسَهٗ اِلَى التَّهْلُكَةِ اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِىْ ذَرٍ: اسْمَعْ وَاَطِعْ وَلَوْ عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا [1] وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا [2]

3193– رجاله ثقات رجال الصحيح غير أيوب بن محمد الوزان، وهو ثقة، وعبد الله بن جعفر: وثقه ابن معين وأبو حاتم، وقال النسائي: ليس به بأس قبل أن يتغير. وقال المؤلف: اختلط سنة ثماني عشرة ولم يكن اختلاطه اختلاطًا فاحشًا. وأخرجه أحمد "6/301" مختصرًا من طريق زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عمرو بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 1/404 "-"105 – وصححه ووافقه الذهبي– والبيهقي "4/137"، والطبراني في "الكبير" "23/632" من طريقين عن عمرو بن خالد الحراني، عن عبيد الله بن عمرو، به. وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" "3/72" وقال: رواه أحمد والطبراني في "الكبير" و"الأوسط"، ورجال الجميع رجال الصحيح.

[1] تقدم تخريجه برقم "1718"، وسيرد برقم "5943".

[2] سيرد عند المصنف من حديث الأكوع برقم "4579"، ومن حديث ابن عمر برقم "4581".

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ہمیشہ صاع کی شکل میں ادائیگی کروں گا' جس طرح ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں کیا کرتے تھے جو کھجور کا ایک صاع ہوتا تھا جو کا ایک صاع ہوتا تھا یا کشمش کا ایک صاع ہوتا تھا یا پنیر کا ایک صاع ہوتا تھا ان کی مراد یہ تھی کہ صدقہ فطر کے طور پر اسے ادا کرتے تھے۔

3307– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن عجلان، فقد أخرج له البخاري تعليقًا ومسلم متابعة . وأخرجه أبو يعلى "1227" عن أبي خيثمة، عن يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوُد "1618" في الزكاة: باب يؤدى في صدقة الفطر، ومن طريقه البيهقي 4/172 عن مسدد، عن يحيى القطان، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/172–173، ومسلم "985" "21" في الزكاة: باب زكاة الفطر على المسلمين من التمر والشعير، والنسائي 5/52 في الزكاة: باب زكاة الدقيق، وابن خزيمة "2413" و "2414" من طرق عن ابن عجلان، به. وأخرجه مالك 1/284، ومن طريقه الشافعي 1/251و 252، والدارمي 1/392، والبخاري "1506" في الزكاة: باب صدقة الفطر صاعًا من طعام، ومسلم "985"، والطحاوي 2/42، والبيهقي 4/164، والبغوي "1595" عن زيد بن أسلم، عن عياض، به. وأخرجه أحمد 3/73، والدارمي 1/392، والبخاري "1505" في الزكاة: باب صاع من شعير، و "1508" باب صاع من زبيب، ومسلم "985" "19" و"20"، والنسائي 5/51 باب التمر في زكاة الفطر، وباب الزبيب، والطحاوي 2/41و 42، والدارقطني 2/146من طرق عن زيد بن أسلم، به.

بَابُ صَدَقَةِ التَّطَوُّعِ

باب: نفلی صدقے کا بیان

3308 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِیْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُنْذِرَ بْنَ جَرِيْرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَدْرِ النَّهَارِ، فَجَاءَ قَوْمٌ حُفَاةٌ عُرَاةٌ مُجْتَابِي النِّمَارِ عَلَيْهِمْ سُيُوْفٌ، عَامَّتُهُمْ مِنْ مُضَرَ، بَلْ كُلُّهُمْ مِنْ مُضَرَ، فَرَاَيْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغَيَّرَ لَمَّا رَاٰى مِنْهُمْ مِنَ الْفَاقَةِ، قَالَ: فَدَخَلَ، فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ، ثُمَّ اَقَامَ، فَخَرَجَ، فَصَلّٰى، ثُمَّ قَالَ: (يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَائَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا) (النساء: 1)، (اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ) (الحشر: 18) يَتَصَدَّقُ امْرُؤٌ مِنْ دِيْنَارِهٖ، وَمِنْ دِرْهَمِهٖ، وَمِنْ ثَوْبِهٖ، وَمِنْ صَاعِ بُرِّهٖ، وَمِنْ صَاعِ شَعِيْرِهٖ، حَتّٰى ذَكَرَ شِقَّ تَمْرَةٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ بِصُرَّةٍ كَادَتْ تَعْجِزُ كَفَّاهُ، بَلْ قَدْ عَجَزَتْ، ثُمَّ تَتَابَعَ النَّاسُ حَتّٰى رَاَيْتُ بَيْنَ يَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَوْمَيْنِ مِنَ الثِّيَابِ وَالطَّعَامِ، فَلَقَدْ رَاَيْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَهَلَّلَ حَتّٰى كَاَنَّهٗ مُذْهَبَةٌ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَعَمِلَ بِهَا مَنْ بَعْدَهٗ، كَانَ لَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ يَّعْمَلُ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعَمِلَ بِهَا مَنْ بَعْدَهٗ، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا، وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ

3308– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير المنذر بن جرير فمن رجال مسلم. أخرجه الطحاوي في "مشكل الآثار" "243" بتحقيقنا، والطبراني "2372" من طريقين عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد. أخرجه الطيالسي "670"، وعلي بن الجعد "531"، وابن شيبة 3/109 – 110، وأحمد 4/357 و 358 359 و359، ومسلم "1017" في الزكاة: باب الحث على الصدقة ولو بشق تمرة، والنسائي 5/75 77 في الزكاة: باب التحريض على الصدقة، والبيهقي 4/175– 176، والبغوي "1661" من طريق شعبة، به. وأخرجه الطحاوي "244"، والطبراني "2373" و "2374" من طريقين عن عون بن أبي جحيفة، به. وأخرجه مسلم "1017" "70"، والترمذي "2675" في العلم: باب ما جاء فيمن دعا إلى هدى فاتبع أو إلى ضلالة، وابن ماجه "203" في المقدمة: باب من سن سنة حسنة أو سيئة، والطحاوي "245"، والطبراني "2375"، والبيهقي 4/176 من طريق عبد الملك بن عمير، عن المنذر بن جرير، به مطولًا ومختصرًا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ دَالٌّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا (لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰى) (الأنعام: 164) اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ الْاَوْزَارِ لَا الْكُلَّ، اِذْ اَخْبَرَ الْمُبَيِّنُ عَنْ مُرَادِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِيْ كِتَابِهٖ اَنَّ مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً، فَعَمِلَ بِهَا مَنْ بَعْدَهُ، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ، فَكَانَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَالَ: لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰى اِلَّا مَا اَخْبَرَكُمْ رَسُوْلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا تَزِرُ، وَالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقُلْ ذٰلِكَ، وَلَا خَصَّ عُمُوْمَ الْخِطَابِ بِهٰذَا الْقَوْلِ اِلَّا مِنَ اللّٰهِ، شَهِدَ اللّٰهُ لَهُ بِذٰلِكَ حَيْثُ قَالَ: (وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُوْحٰى) (النجم: 4) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَظِيْرُ هٰذَا قَوْلُهُ جَلَّ وَعَلَا: (وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ) (الأنفال: 41) فَهٰذَا خِطَابٌ عَلَى الْعُمُوْمِ، كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى (لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰى) (الأنعام: 164)، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ، فَاَخْبَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ السَّلَبَ لَا يُخَمَّسُ وَاَنَّ الْقَلِيْلَ يَكُوْنُ مُنْفَرِدًا بِهٖ، فَهٰذَا تَخْصِيْصُ بَيَانٍ لِذٰلِكَ الْعُمُوْمِ الْمُطْلَقِ

✿✿ منذر بن جریر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ لوگ دن چڑھے نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھے کچھ لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جن کے جسم پر نامناسب لباس تھا اور پاؤں میں جوتے نہیں تھے انہوں نے کھالیں اوڑھی ہوئی تھیں تلواریں لٹکائی ہوئی تھیں ان میں سے زیادہ تر لوگوں کا تعلق مضر قبیلے سے تھا بلکہ ان سب کا تعلق مضر قبیلے سے تھا جب نبی اکرم ﷺ نے ان کا فقر و فاقہ ملاحظہ فرمایا' تو آپ ﷺ کی پریشانی آپ ﷺ کے چہرہ اقدس پر مجھے نظر آئی۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ گھر میں تشریف لے گئے آپ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا انہوں نے اذان دی پھر انہوں نے اقامت کہی' تو نبی اکرم ﷺ تشریف لائے آپ ﷺ نے نماز پڑھائی پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"(ارشاد باری تعالیٰ ہے) اے لوگو! اپنے اس پروردگار سے ڈرو جس نے تمہیں ایک ہی جان سے پیدا کیا ہے اور اس سے اس کے جوڑے کو پیدا کیا اور پھر ان دونوں سے بہت زیادہ مردوں اور عورتوں کو پھیلا دیا اس اللہ سے ڈرو جس کے وسیلے سے تم ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتے داری کا خیال رکھو بے شک اللہ تعالیٰ تمہارا نگران ہے"۔

(ایک اور مقام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

"اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ہر شخص اس بات کا جائزہ لے کہ اس نے آگے کے لیے کیا بھیجا ہے۔"

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے:) آدمی اپنے دینار میں سے اپنے درہم میں سے اپنے کپڑے میں سے گندم کا ایک صاع جو کا ایک صاع صدقہ کرے' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے نصف کھجور کا تذکرہ کیا (راوی بیان کرتے ہیں:) انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ایک تھیلی لے کر آیا جسے وہ بمشکل اٹھا رہا تھا وہ اس سے اٹھائی نہیں جا رہی تھی' پھر لوگ یکے بعد دیگرے چیزیں لانے لگے' یہاں تک کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے کپڑوں اور اناج کے دو ڈھیر دیکھے' تو میں نے نبی اکرم ﷺ کے چہرہ مبارک کو دیکھا کہ وہ سونے کی طرح دمک رہا تھا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"جو شخص اسلام میں کسی اچھے طریقے کا آغاز کرے اور اس کے بعد اس پر عمل کیا جائے تو اس شخص کو اس اچھے کام بھی

اجر ملے گا اور اس کے بعد جو لوگ اس پر عمل کریں گے (ان کا سا بھی) اجر ملے گا اور جو شخص کسی برے طریقے کا آغاز کرے اور اس کے بعد اس برے طریقے پر عمل کیا جائے تو اسے (اپنے برے عمل) کا بھی گناہ ہوگا اور اس کے بعد جو لوگ اس برائی پر عمل کریں گے ان کا بھی اسے گناہ ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا'' اس سے مراد بعض قسم کا بوجھ ہے تمام اقسام کے بوجھ مراد نہیں ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی مراد کو بیان کرنے والی شخصیت (نبی اکرم) نے یہ بات بتائی ہے کہ جو شخص اسلام میں برے طریقے کا آغاز کرتا ہے اور پھر اس کے بعد اس طریقے پر عمل کیا جاتا ہے تو اس برائی کا بوجھ اس شخص پر بھی ہوگا۔ اس کے بعد جو شخص اس برائی پر عمل کرے گا اس کا بوجھ بھی اس شخص پر ہوگا تو گویا اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ ماسوائے اس کے جس کے بارے میں میرے رسول نے تمہیں یہ اطلاع دے دی ہے کہ وہ بوجھ اٹھائے گا اور نبی اکرم ﷺ نے یہ بات اللہ تعالیٰ کے حکم کے تحت ارشاد فرمائی ہے اور آپ نے اس خطاب کے عموم کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے تحت مخصوص کیا ہے۔ اس بات کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

''یہ رسول اپنی خواہش نفس سے کلام نہیں کرتا یہ صرف وہی کلام کرتا ہے جو اس کی طرف وحی کیا جاتا ہے۔''

اس کی نظیر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

''تم لوگ یہ بات جان لو کہ تم جو بھی غنیمت حاصل کرو گے اس کا پانچوں حصہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہوگا۔''

تو یہ خطاب عمومی طور پر ہے جس طرح اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔''

پھر نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی کہ جو شخص کسی کو قتل کرے گا تو اس مقتول کا سامان اس شخص کو مل جائے گا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے یہاں یہ اطلاع دی ہے کہ مقتول کے جسم پر موجود سامان مال خمس میں شامل نہیں ہوگا اور اور تھوڑا مال بھی اسی (قاتل) کو ملے گا' تو یہ اس مطلق عمومی حکم کی تخصیص ہو جائے گی۔

ذِكْرُ اِطْفَاءِ الصَّدَقَةِ غَضَبَ الرَّبِّ جَلَّ وَعَلَا

صدقے کا پروردگار کے غضب کو ختم کر دینے کا تذکرہ

3309 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ

3309– إسناده ضعيف، عبد اللّٰه بن عيسى الخزاز ضعيف كما في "التقريب"، والحسن قد عنعنه. وأخرجه الترمذي "664" في الزكاة: باب ما جاء في فضل الصدقة، ومن طريقه البغوي "1634" عن عقبة بن مكرم، بهٰذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن غريب من هٰذا الوجه. قلت: وله من طريق آخر عند العقيلي في "الضعفاء" بلفظ "إن الصدقة ترد غضب الرب وتمنع البلاء وتزيد في الحياة" وفي سنده مجهولان. وآخر عند القضاعي في "مسند الشهاب" "1094" بلفظ "إن اللّٰه ليدرأ بالصدقة سبعين ميتة من السوء" وفيه ثلاثة ضعفاء، ولا يصلح الطريقان لتقوية الحديث.

اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الصَّدَقَةُ تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ، وَتَدْفَعُ مِيتَةَ السُّوْءِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''صدقہ پروردگار کے غضب کو بجھا دیتا ہے اور بری موت کو پرے کرتا ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ظِلَّ كُلِّ امْرِءٍ فِي الْقِيَامَةِ يَكُوْنُ صَدَقَتَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت کے دن ہر شخص اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا

3310 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَخْبَرَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ يَزِيدَ بْنَ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّ اَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُلُّ امْرِءٍ فِي ظِلِّ صَدَقَتِهِ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ، اَوْ قَالَ: حَتّٰى يُحْكَمَ بَيْنَ النَّاسِ قَالَ يَزِيدُ: فَكَانَ اَبُو الْخَيْرِ لَا يُخْطِئُهُ يَوْمٌ لَا يَتَصَدَّقُ فِيهِ بِشَيْءٍ وَّلَوْ كَعْكَةً وَلَوْ بَصَلَةً

❁❁ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''(قیامت کے دن) ہر شخص اپنے صدقے کے سائے میں ہوگا' یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ ہو جائے گا۔''

(راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں)' یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے گا۔

یزید نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے ابوالخیر نامی راوی روزانہ کوئی نہ کوئی چیز صدقہ کیا کرتے تھے' اگرچہ کوئی روٹی یا پیاز ہی صدقہ کریں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الِاتِّقَاءِ مِنَ النَّارِ - نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا - بِالصَّدَقَةِ، وَاِنْ قَلَّتْ

صدقے کے ذریعے جہنم سے بچنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ خواہ وہ صدقہ تھوڑا ہو' ہم (جہنم سے) اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

3311 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي

3310- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو الخير: هو مَرْثَد بن عبد الله اليزني. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 8/181 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد. وهو في "الزهد" لابن المبارك "645"، ومن طريقه أخرجه أحمد 4/147- 148، وأبو يعلى "1766"، وابن خزيمة "2431"، وصحَّحه الحاكم 1/416 على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي. وأخرجه الطبراني في "الكبير" 17/"771" عن المطلب بن شعيب الأزدي، عن عبد الله بن صالح، عن حرملة بن عمران، به.

اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): مَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يَّتَّقِيَ النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَلْيَفْعَلْ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''جو شخص (کوئی بھی چیز صدقہ کر کے) جہنم سے بچ سکتا ہو اسے ایسا کرنا چاہئے' خواہ وہ نصف کھجور کے ذریعے ایسا کرے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَدَقَةَ الصَّحِيْحِ الشَّحِيْحِ الْخَائِفِ الْفَقْرَ الْمُؤَمِّلِ طُوْلَ الْعُمُرِ اَفْضَلُ مِنْ صَدَقَةِ مَنْ لَّمْ يَكُنْ كَذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ تندرستی کے عالم میں مال کی خواہش رکھتے ہوئے

جبکہ آدمی کو مال میں کمی ہونے کا اندیشہ بھی ہو اور لمبی عمر کی خواہش بھی ہو یہ اس صدقے سے افضل ہے جس میں یہ چیزیں نہیں پائی جاتی ہیں

3312 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ،

3311- إسناده صحيح على شرط الشيخين . محمد بن كثير: هو العبدي، وأبو إسحاق: هو عمرو بن عبد الله السبيعي، وسماع الثوري منه قديم .أخرجه الطبراني في "الكبير" "207"/17 عن أبي خليفة وعن معاذ بن المثنى، كلاهما عن محمد بن كثير العبدي، بهذا الإسناد .أخرجه أحمد 4/256 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، عن سفيان، به .أخرجه الطيالسي "1036"، وابن الجعد "467" "471"، , أحمد 4/258 -259 و 377، وابن أبي شيبة 3/110، والبخاري "1417"، في الزكاة: باب اتقوا النار ولو بشق تمرة، ومسلم "1016" في الزكاة: باب الحث على الصدقة ولو بشق تمرة، والطبراني "208"/17، والبيهقي 4/176 من طرق عن شعبة، عن أبي إسحاق به .أخرجه الطبراني "209"/17 و "210"و "211و "212و "213" و "214"و "215" من طرق عن أبي إسحاق، به .أخرجه أحمد 4/258 و 379، والطبراني "215"/17 من طريقين عن عبد الله ابن معقل، به. وانظر "7329" و ."7330"

3312- إسناده صحيح على شرط الشيخين . جرير: هو ابن عبد الحميد، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير بن عبد الله البجلي الكوفي مختلف في اسمه، فقيل: هرم، وقيل: عمرو، وقيل: عبد الله، وقيل: عبد الرحمٰن، وقيل: جرير . وأخرجه أحمد 2/25، ومسلم "1032" في الزكاة: باب بيان أن أفضل الصدقة صدقة الصحيح الشحيح، ابن خزيمة "2454"، والبيهقي 4/189 190_من طرق عن جرير، به .وأخرجه أحمد 2/231 و 415، والبخاري "1419" في الزكاة: باب فضل صدقة الصحيح الشحيح، و "2748" في الوصايا: باب الصدقة عند الموت، وأبو داوٗد "2865" في الوصايا: باب ما جاء في كراهية الإضرار في الوصية، والنسائي 5/86 في الزكاة: باب أي الصدقة أفضل، و 6/237 في الوصايا: باب الكراهية في تأخير الوصية، وابن ماجه "2706" في الوصايا: باب النهي عن الإمساك في الحياة، والتبذير عند الموت، والبغوي "1671" من طرق عن عمارة بن القعقاع، به . قوله "إذا بلغت الحلقوم" يريد الروح وإن لم يتقدم لها ذكر، وقوله "لفلان كذا" كناية عن الموصى له، وقوله "وقد كان لفلان " كناية عن الوارث. وفيه دليل على أن الموصي ممنوع من الإضرار في الوصية لتعلق حق الورثة بماله، لقوله "وقد كان لفلان " وأنه إذا أضر كان للورثة رد الضرر وهو ما زاد على الثلث.

عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ الصَّدَقَةِ اَعْظَمُ؟ قَالَ: اَنْ تَصَدَّقَ وَاَنْتَ صَحِيْحٌ شَحِيْحٌ تَخْشَی الْفَقْرَ وَتَاْمَلُ الْغِنٰی، وَلَا تُمْهِلْ حَتّٰی اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ، قُلْتَ: لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا، اَلَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا صدقہ زیادہ بڑا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم ایسی حالت میں صدقہ کرو کہ تم تندرست بھی ہو تمہیں (اپنے مال کے ساتھ) محبت بھی ہو اور تمہیں (مال خرچ کرنے کے نتیجے میں) غربت کا اندیشہ بھی ہو اور تمہیں خوشحال رہنے کی خواہش بھی ہو تم (صدقہ کرنے کو) اتنا مؤخر نہ کر دینا کہ جان حلق تک پہنچ جائے اور پھر تم یہ کہو کہ فلاں کو اتنا ملے فلاں کو اتنا ملے حالانکہ وہ ویسے ہی فلاں کو مل جانا ہے۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَصَدِّقَ بِالْمُتَجَنِّنِ لِلْقِتَالِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صدقہ کرنے والے شخص کو جنگ کے لیے ڈھال استعمال کرنے والے شخص سے تشبیہ دینا

3313 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا عِيْسَی بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْمُنْفِقِ وَالْبَخِيْلِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُنَّتَانِ مِنْ لَّدُنْ تَرَاقِيْهِمَا اِلٰی ثَدْيَيْهِمَا، فَاَمَّا الْمُنْفِقُ، فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُنْفِقَ مَادَتْ عَلَيْهِ، وَاتَّسَعَتْ حَتّٰی تَبْلُغَ قَدَمَيْهِ وَتَعْفُوَ اَثَرَهُ، وَاَمَّا الْبَخِيْلُ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُنْفِقَ اَخَذَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَوْضِعَهَا وَلَزِمَتْ، فَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يُوَسِّعَهَا وَلَا تَتَّسِعُ، فَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يُوَسِّعَهَا وَلَا تَتَّسِعُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

3313- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير ابن عجلان فقد روى له مسلم متابعة وهو صدوق . وأخرجه الشافعي 1/221، وأحمد 2/256، والحميدي "1064"، والبخاري "1443" في الزكاة: باب مثل المتصدق والبخيل، ومسلم "1021" في الزكاة: باب مثل المنفق والبخيل، والنسائي 5/70-71 في الزكاة: باب صدقة البخيل، وأبو الشيخ في "الأمثال" "268"، والرامهرمزي في "الأمثال" ص1023، والبيهقي 4/186، والبغوي "1660" من طرق عن أبي الزناد، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو الشيخ في "الأمثال" "267" من طريق ابن لهيعة، عن الأعرج، به. وله طريق أخرى سترد عند المؤلف ."3332"تنبيه: وقع في رواية مسلم: عن عمرو الناقد، عن سفيان "مثل المنفق والمتصدق" وهو وهم صوابه مثل ما وقع في باقي الروايات عنده وعند غيره "مثل المنفق والبخيل"، ووقع في هذه الرواية تصحيفات وتقديم وتأخير نبه عليها القاضي عياض، ونقلها عنه النووي في "شرح مسلم" 7/107-108، فانظرها فيه.

''خرچ کرنے والے اور کنجوس کی مثال ایسے آدمیوں کی طرح ہے جن کے جسم پر دو زرہیں ہوتی ہیں جو ان کی گردن سے لے کر سینے تک ہوتی ہیں خرچ کرنے والا شخص جب خرچ کرنے کا ارادہ کرتا ہے' تو اس کی زرہ کھل جاتی ہے اور کشادہ ہو جاتی ہے' یہاں تک کہ (ڈھیلی ہو کے نیچے گر جاتی ہے) اور اس کے قدموں تک آ جاتی ہے اور اس کے پاؤں کے نشان کو ڈھانپ لیتی ہے جہاں تک کنجوس شخص کا تعلق ہے جب وہ خرچ کرنے کا ارادہ کرتا ہے' تو اس زرہ کا ہر حلقہ اپنی جگہ پر جم جاتا ہے اور پختہ ہو جاتا ہے اور وہ اسے کشادہ کرنے کی کوشش کرتا ہے' لیکن وہ کشادہ نہیں ہوتی وہ اسے کشادہ کرنے کی کوشش کرتا ہے' لیکن وہ کشادہ نہیں ہوتی ۔''

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَصَدِّقَ بِطُولِ الْيَدِ

نبی اکرم ﷺ کا صدقہ کرنے والے شخص کو لمبے ہاتھ سے تشبیہ دینا

3314 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَسْرَعُكُنَّ بِي لُحُوقًا اَطْوَلُكُنَّ يَدًا، قَالَتْ: فَكُنَّ يَتَطَاوَلْنَ اَيُّهُنَّ اَطْوَلُ يَدًا، قَالَتْ: فَكَانَ اَطْوَلَنَا يَدًا زَيْنَبُ، لِاَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَتَصَدَّقُ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم (یعنی ازواج مطہرات) میں سے مجھ سے سب سے پہلے وہ ملے گی' جس کے ہاتھ تم سب سے لمبے ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ازواج مطہرات نے اپنے ہاتھوں کی پیمائش کی کہ کس کا ہاتھ زیادہ لمبا ہے؟ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: تو سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کا ہاتھ ہم سب سے لمبا تھا' کیونکہ وہ اپنے اس ہاتھ کے ذریعے خود کام کاج کرتی ہیں اور صدقہ وخیرات کرتی تھیں۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَصَدِّقَ الْكَثِيرَ بِطُولِ الْيَدِ

نبی اکرم ﷺ کا زیادہ صدقہ کرنے والے شخص کو لمبے ہاتھ سے تشبیہ دینا

3315 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ،

(متن حدیث): اَنَّ نِسَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْتَمَعْنَ عِنْدَهُ لَمْ تُغَادِرْ مِنْهُنَّ وَاحِدَةٌ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَيَّتُنَا اَسْرَعُ بِكَ لُحُوقًا؟ فَقَالَ: اَطْوَلُكُنَّ يَدًا، قَالَ: فَاَخَذْنَ قَصَبَةً يَتَذَارَعْنَهَا، فَمَاتَتْ

3314- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه مسلم "2452" في فضائل الصحابة: باب من فضائل زينب أم المؤمنين رضي الله عنها، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/374 من طريق محمود بن غيلان، بهذا الإسناد

سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ، وَكَانَتْ كَثِيرَةَ الصَّدَقَةِ، فَظَنَنَّا اَنَّهُ قَالَ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا بِالصَّدَقَةِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع تھیں ان میں سے کوئی بھی غیر موجود نہیں تھی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے پہلے ہم میں سے کون ملے گی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا ہاتھ زیادہ لمبا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ازواج مطہرات نے ایک لکڑی لی اوراس کے ذریعے اپنے ہاتھوں کی پیمائش کرنے لگیں، تو سیّدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کا انتقال پہلے ہوا کیونکہ وہ بکثرت صدقہ کیا کرتی تھیں (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) ہم نے یہ گمان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ جس کا ہاتھ زیادہ لمبا ہو اس سے مراد یہ ہے کہ جو زیادہ صدقہ کرتی ہو۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّدَقَةَ فِي التَّرْبِيَةِ كَتَرْبِيَةِ الْاِنْسَانِ الْفَلُوَّ اَوِ الْفَصِيلَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صدقے میں اضافے کو اس چیز سے تشبیہ دینا جس طرح انسان اپنے جانور کو پالتا پوستا ہے

3316 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي الْحُبَابِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَتَصَدَّقُ بِصَدَقَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ - وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّيِّبَ - اِلَّا كَانَ اللّٰهُ يَاْخُذُهَا بِيَمِيْنِهِ فَيُرَبِّيْهَا لَهُ كَمَا يُرَبِّي اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ اَوْ فَصِيلَهُ حَتّٰى تَبْلُغَ التَّمْرَةُ مِثْلَ اُحُدٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو بھی مسلمان پاکیزہ کمائی میں سے صدقہ کرتا ہے ویسے اللہ تعالیٰ صرف پاکیزہ چیز کو ہی قبول کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ (اس صدقے کو) اپنے دست قدرت میں لے لیتا ہے اوراسے بڑھانا شروع کرتا ہے، جس طرح کوئی شخص اپنے

3315- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير الحسن بن مدرك فمن رجال البخاري، قال النسائي: لا بأس به، وقال ابن عدي: هو من حفاظ البصرة، وقول أبي داوٗد: كذاب كان يأخذ أحاديث فهد بن عوف فيلقنها على يحيى بن حماد، ردّه الحافظ بقوله: إن كان مستند أبي داوٗد في تكذيبه هٰذا الفعل، فهو لا يوجب كذبا، لأن يحيى بن حماد وفهد بن عوف جميعا من أصحاب أبي عوانة، فإذا سأل الطالب شيخه عن حديث رفيقه ليعرف إن كان من جملة مسموعه، فحدثه به أو لا، فكيف يكون بذٰلك كذابا وقد كتب عنه أبو زرعة وأبو حاتم ولم يذكرا فيه جرحا وهما ما هما في النقد، وقد أخرج عنه البخاري أحاديث يسيرة من روايته عن يحيى بن حماد، مع أنه شاركه في الحمل عن يحيى بن حماد وفي غيره من شيوخه. والحديث أخرجه النسائي 5/66-67 في الزكاة: باب فضل الصدقة، عن أبي داوٗد، عن يحيى بن حماد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/121، والبخاري "1420" في الزكاة، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/371

جانور کے بچے کو پالتا پوستا ہے یہاں تک کہ ایک کھجور "احد" پہاڑ جتنی ہو جاتی ہے۔"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُو الْحُبَابِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں ابوحباب نامی راوی منفرد ہے

3317 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ لَيُرَبِّي لِاَحَدِكُمُ التَّمْرَةَ وَاللُّقْمَةَ كَمَا يُرَبِّي اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ اَوْ فَصِيلَهُ حَتّٰى يَكُوْنَ مِثْلَ اُحُدٍ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

"بے شک اللہ تعالیٰ تم میں سے کسی ایک کی ایک کھجور یا ایک لقمے کو بڑھاتا ہے جس طرح کوئی شخص اپنے جانور کے بچے کو پالتا پوستا ہے یہاں تک کہ وہ (ایک لقمہ یا ایک کھجور احد پہاڑ کی مانند ہو جاتا ہے)"۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَضْعِيفِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا صَدَقَةَ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ لِيُوَفِّرَ ثَوَابَهَا عَلَيْهِ فِي الْقِيَامَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ مسلمان شخص کے دیئے ہوئے صدقے کو دوگنا کر دیتا ہے تاکہ قیامت کے دن اسے اس کا ثواب زیادہ دے

3316- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عبيد الله بن عمر: هو العدوي والعمري، وأبو الحباب: هو سعيد بن يسار المدني. وهو في "الزهد" لا بن المبارك "648"ن ومن طريقة أخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 10/75، وابن خزيمة "2425"وأخرجه أحمد 2/538، ومسلم "1014" في الزكاة باب قبول الصدقة من الكسب الطيب وتربيتها، والترمذي "في الزكاة: باب ما جاء في فضل في الزكاة: باب فضل الصدقة، والنسائي 5/57 في الزكاة: باب الصدقة من غلول، وابن ماجه "1842" في الزكاة: باب فضل الصدقة، والبغوي "1632" من طريق الليث، عن سعيد المقبري، بهذا الإسناد. أخرجه أحمد 2/381- 382- 419، ومسلم "1014" "64" من طريق سهيل بن أبي صالح، عن أبيه، عن أبي هريرة. وأخرجه البخاري "1410" في الزكاة: باب الصدقة من طريق أبي النضر، عن عبد الرحمن بن عبد الله بن دينار، عن أبيه، عن أبي صالح، عن أبي هريرة. وأخرجه أيضًا "7430" وقال خالد بن مخلد، حدثنا سليمان، حدثني عبد الله بن دينار، عن أبي صالح، عن أبي هريرة.

3317- إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الصمد، هو ابن عبد الوارث. وأخرجه أحمد 6/251 عن عبد الصمد، بهذا الإسناد. وقال الهيثمي في "المجمع" 3/111: رواه الطبراني في "الأوسط" ورجاله رجال الصحيح. وفاته أن يعزوه لأحمد. وأخرجه البزار "931" من طريق يحيى بن سعيد، عن عمرة، عن عائشة قال الهيثمي 3/112: رجاله ثقات.

3318 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِی، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَصَدَّقُ بِالتَّمْرَةِ اِذَا كَانَتْ مِنْ طَيِّبٍ - وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّيِّبَ - فَيَجْعَلُهَا اللّٰهُ فِىْ كَفِّهِ، فَيُرَبِّيهَا كَمَا يُرَبِّى اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ اَوْ فَصِيلَهُ حَتّٰى تَكُوْنَ فِىْ يَدِهِ جَلَّ وَعَلَا مِثْلَ جَبَلٍ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم میں سے کوئی ایک شخص جب پاکیزہ کمائی میں سے کوئی کھجور صدقہ کرتا ہے ویسے اللہ تعالیٰ صرف پاکیزہ کمائی کو ہی قبول کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے دست قدرت میں رکھتا ہے اور اسے بڑھانا شروع کرتا ہے جس طرح کوئی شخص اپنے جانور کے بچے کو پالتا پوستا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے دست قدرت میں وہ (ایک کھجور) پہاڑ کی مانند ہو جاتی ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں سعید مقبری نامی راوی منفرد ہے

3319 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ اَبِى الْحُبَابِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ تَصَدَّقَ بِعِدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ - وَلَا يَصْعَدُ اِلَى اللّٰهِ اِلَّا الطَّيِّبُ - فَاِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِيْنِهِ ثُمَّ يُرَبِّيهَا لِصَاحِبِهَا كَمَا يُرَبِّى اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ حَتّٰى يَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص پاکیزہ کمائی میں سے ایک کھجور جتنا صدقہ کرتا ہے ویسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صرف پاکیزہ چیز ہی پیش ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے دست قدرت میں الٹتا پلٹتا ہے پھر وہ اس کرنے والے کے لئے بڑھاتا ہے جس طرح کوئی

3318– إسناده حسن. أبو سعيد مولى المهرى روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وأخرج له مسلم فى "صحيحه"، ووثقه الذهبى فى "الكاشف"، فقول الحافظ فى "التقريب": مقبول، غيرُ مقبول.

3319– إسناده حسن، على بن شعيب صدوق روى له النسائى، وابن عجلان روى له مسلم متابعة والبخارى تعليقًا وهو صدوق، وباقى رجاله ثقات على شرطهما. أبو النضر: هو هاشم بن القاسم، وورقاء: هو ابن عمر اليشكرى. وأخرجه أحمد 2/431، عن يحيى بن سعيد، عن ابن عجلان، بهذا الإسناد.

شخص اپنے جانور کے بچے کو پالتا پوستا ہے یہاں تک کہ وہ (ایک کھجور) پہاڑ کی مانند ہو جاتی ہے۔''

3320 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ حِزَامِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ فَوَعَظَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالطَّاعَةِ لِاَزْوَاجِهِنَّ، وَقَالَ: اِنَّ مِنْكُنَّ مَنْ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ - وَجَمَعَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ -، وَمِنْكُنَّ حَطَبُ جَهَنَّمَ - وَفَرَّقَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ -، فَقَالَتِ الْمَارِدَةُ اَوِ الْمُرَادِيَّةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلِمَ ذٰلِكَ؟، قَالَ: تَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ، وَتُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتُسَوِّفْنَ الْخَيْرَ *

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کو خطبہ دیتے ہوئے انہیں وعظ و نصیحت کی اور انہیں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے اور شوہر کی فرمانبرداری کی ہدایت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کچھ خواتین جنت میں داخل ہوں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو جمع کر کے فرمایا: اور تم میں سے کچھ جہنم کا ایندھن بنیں گی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو کشادہ کر لیا' تو ماردیا شاید مراد قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس کی وجہ کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم شوہر کی ناشکری کرتی ہو تم لعنت بکثرت کرتی ہو اور بھلائی کی ناشکری کرتی ہو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلرِّجَالِ بِالْاِكْثَارِ مِنَ الصَّدَقَةِ

مردوں کو بکثرت صدقہ کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

3321 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ

3320– عبيد بن جناد ترجمه المؤلف في الثقات 8/432، فقال: عبيد بن جناد مولى بن جعفر بن كلاب من أهل حلب، يروى عن عبيد الله بن عمرو، وعطاء بن مسلم الحلبي، حدثنا عنه أبو يعلى مات سنة إحدى وثلاثين ومئتين، وفي "الجرح والتعديل" 5/404: عبيد بن جناد الحلبي روى عن عطاء بن مسلم وابن المبارك، روى عنه أحمد بن أبي الحوارى وأبو زرعة، سئل أبى عنه، فقال: صدوق لم أكتب عنه، وزيد بن رفيع مختلف فيه، قال أحمد: ما به بأس، وقال أبو داؤد: جزرى ثقة، وذكره المؤلف في "الثقات" 6/304 وقال: كان فقيهًا ورعًا ثقة، وذكره ابن شاهين في "الثقات"، وضعفه الدارقطني، وقال النسائي: ليس بالقوة. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "3109" عن محمد بن أحمد الوكيعي، عن عبيد بن جناد، بهٰذا الإسناد. وأورده الهيثمي في "المجمع" 4/314 ونسبه للطبراني وضعفه بيزيد بن رفيع.

3321– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير داؤد بن قيس فمن رجال مسلم. وأخرجه عبد الرزاق "5634"، وأحمد 3/36 و42 و54، ومسلم "889" في أول كتاب العيدين، والنسائي 3/187 في العيدين: باب استقبال الإمام الناس بوجهه في الخطبة، و 3/190 باب حث الإمام على الصدقة في الخطبة، وابن ماجه "1288" في الصلاة: باب ما جاء في الخطبة في العيدين، وأبو يعلى "1343"، وابن خزيمة "1449"، والفريابي في "أحكام العيدين" "101"، والبيهقي 3/297 من طرق عن داؤد بن قيس، بهٰذا الإسناد. وأخرجه البخاري "304" في الحيض: باب ترك الحائض الصوم، و "1462" في الزكاة: باب الزكاة على الأقارب، و "1951" في الصوم: باب الحائض تترك الصوم والصلاة، و "2658" في الشهادات: باب شهادة النساء، ومسلم "80" في الإيمان: باب بيان نقصان الإيمان بنقص الطاعات، من طريق محمد بن جعفر، عن زيد بن أسلم، عن عياض، به.

عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عِيَاضَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ، أَنَّ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْأَضْحٰى فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ، فَيَنْصَرِفُ إِلَى النَّاسِ قَائِمًا فِيْ مُصَلَّاهُ، ثُمَّ يَجْلِسُ فَيُقْبِلُ عَلَيْهِمْ، وَيَقُوْلُ لِلنَّاسِ: تَصَدَّقُوا، فَكَانَ أَكْثَرُ مَنْ يَتَصَدَّقُ النِّسَاءُ بِالْقُرْطِ وَالتِّبْرِ، فَإِنْ كَانَ لَهُ حَاجَةٌ يَبْعَثُ عَلَى النَّاسِ وَإِلَّا انْصَرَفَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن تشریف لے جاتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعات ادا کرتے تھے پھر سلام پھیرتے تھے پھر عید گاہ میں لوگوں کی طرف رخ کر کے کھڑے ہو جاتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوتے تھے اور لوگوں کی طرف رخ کرتے تھے اور لوگوں سے فرماتے: تم صدقہ وخیرات کرو تو زیادہ تر خواتین اپنی بالیاں اور انگوٹھیاں وغیرہ صدقہ کرتی تھیں۔ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی مہم (روانہ کرنی ہوتی) تو اس کے بارے میں بات چیت کر لیتے ورنہ واپس تشریف لے جاتے۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ لِلنِّسَاءِ بِالْإِكْثَارِ مِنَ الصَّدَقَةِ

خواتین کو بکثرت صدقہ کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

3322 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ إِسْمَاعِيْلَ، بِبُسْتٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْبُسْرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أَشْهَدُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ شَهِدَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ صَلّٰى فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ، ثُمَّ خَطَبَ، ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ فَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ

عطاء بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں گواہی دے کر یہ بات بیان کرتا ہوں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں گواہی دے کر یہ بات بیان کی ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے عید کے دن نماز ادا کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا پھر خواتین کے پاس تشریف لائے اور انہیں صدقہ وخیرات کرنے کا حکم دیا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ أَجْلِهَا حَثَّ النِّسَاءَ عَلَى الْإِكْثَارِ مِنَ الصَّدَقَةِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) خواتین کو بکثرت صدقہ کرنے کی ترغیب دی تھی

3323 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ شُعْبَةَ،

3322- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم تخريجه برقم . "2824"

3323- وائل بن مهانة لم يوثقه غير المؤلف 5/495، وباقي رجاله رجال الشيخين. محمد: هو ابن جعفر غندر، والحكم: هو ابن عتيبة، وذر: ابن عبد الله المرهبي .وأخرجه النسائي في "عشرة النساء " "374"عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/433 و436، والدارمي 1/237من طرق عن الحكم، به .وأخرجه أحمد 1/376، و423 و425، وابن أبي شيبة 3/110 والنسائي في "عشرة النساء " "375" من طريقين عن ذرّ، به.

عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ ذَرًّا، يُحَدِّثُ عَنْ وَائِلِ بْنِ مُهَانَةَ *، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ،

(متن حدیث): عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لِلنِّسَاءِ: تَصَدَّقْنَ فَاِنَّكُنَّ اَكْثَرُ اَهْلِ النَّارِ، قَالَتِ امْرَاَةٌ: لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ: بِمَ، اَوْ لِمَ؟، قَالَ: اِنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا مِنْ نَاقِصَاتِ الْعَقْلِ وَالدِّيْنِ اَغْلَبُ عَلَى الرِّجَالِ ذَوِي الْاَمْرِ عَلٰى اَمْرِهِمْ مِنَ النِّسَاءِ، قِيلَ: وَمَا نُقْصَانُ عَقْلِهَا وَدِينِهَا؟، قَالَ: اَمَّا نُقْصَانُ عَقْلِهَا فَاِنَّ شَهَادَةَ امْرَاَتَيْنِ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ، وَاَمَّا نُقْصَانُ دِينِهَا فَاِنَّهُ يَاْتِي عَلٰى اِحْدَاهُنَّ كَذَا وَكَذَا مِنْ يَوْمٍ لَا تُصَلِّيْ فِيْهِ صَلَاةً وَاحِدَةً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین سے فرمایا:

''تم صدقہ و خیرات کیا کرو' کیونکہ اہل جہنم میں اکثریت تمہاری ہے ایک خاتون جو کسی بڑے خاندان کی نہیں تھی اس نے دریافت کیا: اس کی وجہ کیا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) کیوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لعنت بکثرت کرتی ہو اور شوہر کی ناشکری کرتی ہو''۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عقل اور دین کے اعتبار سے ناقص خواتین لوگوں کے معاملات میں سمجھدار لوگوں پر غالب آجاتی ہیں دریافت کیا گیا: ان خواتین کی عقل اور دین میں کیا کمی ہے' تو انہوں نے فرمایا: جہاں تک ان کی عقل کا تعلق ہے اس کی صورت یہ ہے کہ دو خواتین کی گواہی ایک مرد کے برابر ہوتی ہے جہاں تک ان کے دین کی کمی کا تعلق ہے' تو اس کی صورت یہ ہے کہ ہر عورت پر کچھ ایسے دن آتے ہیں جن میں وہ ایک بھی نماز ادا نہیں کرسکتی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِاِطْعَامِ الْجِيَاعِ، وَفُكِّ الْاُسَارٰى مِنْ اَيْدِي اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ

آدمی کو اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ بھوکے کو کھانا کھلائے اور اللہ کے دشمن کافروں کے ہاتھوں سے قیدیوں کو نجات دلوائے (یعنی ان کا فدیہ ادا کرے)

3324 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اَبِي مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3324– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البيهقي 9/226من طريق الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "5373" في أول الأطعمة، وأبو داوُد "3105" في الجنائز: باب الدعاء للمريض بالشفاء، والبيهقي 3/379، و10/3، والبغوي "1407" من طريق محمد بن كثير، به.وأخرجه أحمد 4/394 و406، والبخاري "5174" في النكاح: باب حق إجابة الوليمة والدعوة، و "7173" في الأحكام: باب إجابة الحاكم الدعوة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 6/418من طرق عن سفيان، به .وأخرجه البخاري "3046" في الجهاد: باب فكاك الأسير، و "5649" في المرضى: باب وجوب عيادة المريض، والبيهقي 9/226 من طريقين عن منصور، به.

(متن حدیث): اَطْعِمُوا الْجَائِعَ، وَعُودُوا الْمَرِيضَ، وَفُكُّوا الْعَانِيَ، قَالَ سُفْيَانُ: الْعَانِي الْأَسِيرُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بھوکے کو کھانا کھلاؤ، بیمار کی عیادت کرو اور قیدی کو رہا کرواؤ''

سفیان نامی راوی کہتے ہیں: (روایت کے متن میں استعمال ہونے والے لفظ) العانی سے مراد قیدی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ سُؤَالَ رَعِيَّتِهِ الصَّدَقَةَ عَلَى الْفُقَرَاءِ اِذَا عَلِمَ الْحَاجَةَ بِهِمْ

اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنی رعایا سے یہ مطالبہ کرے کہ وہ غریبوں کو صدقہ دیں جب اسے ان (غرباء) کے ضرورت مند ہونے کا علم ہو

3325 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ اَنَا، وَالْحَسَنُ، وَالْحُسَيْنُ، وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، يَوْمَ فِطْرٍ، وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُصَلَّى، فَصَلَّى بِنَا، ثُمَّ خَطَبَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ هٰذَا يَوْمُ صَدَقَةٍ فَتَصَدَّقُوا، قَالَ: فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْزِعُ خَاتَمَهُ، وَالرَّجُلُ يَنْزِعُ ثَوْبَهُ، وَبِلَالٌ يَقْبِضُ، حَتّٰى اِذَا لَمْ يَرَ اَحَدًا يُعْطِي شَيْئًا تَقَدَّمَ اِلَى النِّسَاءِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ اِنَّ هٰذَا يَوْمُ صَدَقَةٍ، فَتَصَدَّقْنَ، فَجَعَلَتِ الْمَرْاَةُ تَنْزِعُ خُرْصَهَا وَخَاتَمَهَا، وَجَعَلَتِ الْمَرْاَةُ تَنْزِعُ خُلْخَالَهَا، وَبِلَالٌ يَقْبِضُ، حَتّٰى اِذَا لَمْ يَرَ اَحَدًا يُعْطِي شَيْئًا اَقْبَلَ بِلَالٌ وَاَقْبَلْنَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما عید الفطر کے دن نکلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی عید گاہ کی طرف تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے لوگو! یہ صدقہ کرنے کا دن ہے تو تم لوگ صدقہ و خیرات کرو۔ راوی کہتے ہیں: تو کسی نے اپنی انگوٹھی اتاری، کسی نے اپنا کپڑا اتارا (یعنی اضافی چادر اتاری) حضرت بلال رضی اللہ عنہ انہیں وصول کرتے رہے یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ کوئی شخص ایسا نہیں رہا جس نے کچھ دینا ہوتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم خواتین کی طرف بڑھ گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خواتین کے گروہ یہ صدقہ کرنے کا دن ہے تو تم صدقہ کرو تو کسی عورت نے اپنا ہار اتارا، کسی نے انگوٹھی اتاری،

3325- حديث صحيح إسناده ضعيف، عمران بن عيينة صدوق له أوهام، وعطاء بن السائب قد اختلط بأخرة . لكن أخرجه بنحوه البخاري "964" و "1431" و "5883"، ومسلم "884"، والدارمي 1/378، وأحمد 1/280 من طريق شعبة، عن عدي، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ. وأخرجه أحمد 1/220، وأبو داؤد "1141" و "1142" و "1144"، وابن ماجه "1273" من طريق عطاء، عن ابن عباس. وفي الباب عن جابر عند أحمد 3/318، والدارمي 1/377- 378، والبخاري "961"، والنسائي 3/186-.187

کسی نے اپنی پازیبیں اتاریں۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ انہیں وصول کرتے رہے یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاحظہ کیا کہ کوئی دینے والا باقی نہیں رہا' تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ واپس آ گئے اور ہم بھی واپس آ گئے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُتَصَدِّقِينَ فِي الدُّنْيَا هُمُ الْاَفْضَلُوْنَ فِي الْعُقْبٰى

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ دنیا میں صدقہ کرنے والے لوگ آخرت میں زیادہ فضیلت رکھنے والے ہوں گے

3326 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، وَعِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَشْهَدُ بِاللّٰهِ لَسَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، يَقُوْلُ: كُنْتُ اَمْشِي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَرَّةِ الْمَدِينَةِ مُمْسِيًا، فَاسْتَقْبَلَنَا اُحُدٌ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ مَا اُحِبُّ اَنَّ لِي اُحُدًا ذَهَبًا اُمْسِي ثَالِثَةً وَعِنْدِي مِنْهُ دِينَارٌ اِلَّا دِينَارٌ اَرْصُدُهُ لِدَيْنٍ، اِلَّا اَنْ اَقُوْلَ بِهِ فِيْ عِبَادِ اللّٰهِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا - يَعْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، وَمِنْ خَلْفِهِ، وَعَنْ يَمِينِهِ، وَعَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ اِنَّ الْمُكْثِرِيْنَ هُمُ الْاَقَلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ قَالَ لِي: لَا تَبْرَحْ حَتّٰى آتِيَكَ، فَانْطَلَقَ، ثُمَّ جَاءَ فِيْ سَوَادِ اللَّيْلِ، فَسَمِعْتُ صَوْتًا، فَخَشِيتُ اَنْ يَكُوْنَ ضِرَارَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهَمَمْتُ اَنْ اَنْطَلِقَ، ثُمَّ ذَكَرْتُ قَوْلَهُ، فَجَلَسْتُ حَتّٰى جَاءَ، فَقُلْتُ لَهُ: اِنِّيْ اَرَدْتُ اَنْ آتِيَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ثُمَّ ذَكَرْتُ قَوْلَكَ لِي، وَسَمِعْتُ صَوْتًا، قَالَ: ذَاكَ جِبْرِيلُ جَائَنِي، فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِي لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، فَقُلْتُ وَاِنْ زَنٰى، وَاِنْ سَرَقَ، فَقَالَ: وَاِنْ زَنٰى، وَاِنْ سَرَقَ قَالَ جَرِيْرٌ: قَالَ الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ ذٰلِكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اُضْمِرَ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ شَرْطَانِ: اَحَدُهُمَا اَنَّ مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ اِنْ تَفَضَّلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَيْهِ بِالْعَفْوِ عَنْ جِنَايَاتِهِ الَّتِي لَهُ فِيْ دَارِ الدُّنْيَا، لِاَنَّ الْمَرْءَ لَا يَخْلُو مِنَ ارْتِكَابِ بَعْضِ مَا حُظِرَ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا، اُضْمِرَ فِي الْخَبَرِ هٰذَا الشَّرْطُ، وَالشَّرْطُ الثَّانِي: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، يُرِيْدُ بَعْدَ تَعْذِيبِهِ اِيَّاهُ فِي النَّارِ، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا، اِنْ لَّمْ يَتَفَضَّلْ عَلَيْهِ بِالْعَفْوِ قَبْلَ ذٰلِكَ، لِئَلَّا يَبْقٰى فِي النَّارِ مَعَ مَنْ اَشْرَكَ بِهِ فِي الدُّنْيَا، فَهٰذَانِ الشَّرْطَانِ مُضْمَرَانِ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ، لَا اَنَّ كُلَّ مَنْ

3326- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 5/152، والبخارى "2388" فى الإستقراض: باب أداء الديون، و "6268" فى الاستئذان: باب من أجاب بلبيك وسعديك، و "6444" فى الرقاق: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: "ما يسرنى أن عندى مثل أحد ذهبا"، ومسلم 2/687 "32" فى الزكاة: باب الترغيب فى الصدقة، والترمذى "2644" فى الإيمان: باب ما جاء فى افتراق هذه الأمة، والنسائى فى "اليوم والليلة" "1119" و "1121" و "1122"، والبيهقى 10/189 من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى "3222" فى بدء الخلق: باب ذكر الملائكة، و "6443" فى الرقاق: باب المكثرون هم المقلون، ومسلم "33"، والنسائى "1120" و "1122" من طرق عن زيد بن وهب، به. وانظر الحديث "169" و "170" عند المؤلف.

مَاتَ وَلَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ لَا مَحَالَةَ

زید بن وہب بیان کرتے ہیں: اللہ کے نام کی گواہی دے کر میں یہ بات بیان کرتا ہوں میں نے ربذہ میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ایک مرتبہ میں شام کے وقت مدینہ منورہ کے پتھریلے علاقے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا ہمارے سامنے احد پہاڑ آ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہو اور پھر اس سے تیسرے دن شام کے وقت میرے پاس ان میں سے ایک بھی دینار باقی ہو ماسوائے اس دینار کے جسے میں نے قرض کی واپسی کے لئے سنبھال کے رکھا ہو میں اس سونے کے بارے میں اللہ کے بندوں کے بارے میں یہی کہتا رہوں گا کہ اسے اتنا دے دو اسے اتنا دے دو یعنی اپنے آگے اپنے پیچھے اپنے دائیں اپنے بائیں خرچ کرتا رہوں گا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر (دنیا میں مال و دولت کے اعتبار سے) کثرت رکھنے والے لوگ قیامت کے دن (اجر و ثواب کے حوالے سے) کمی رکھنے والے ہوں گے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: تم اپنی جگہ پر رہنا جب تک میں تمہارے پاس آتا نہیں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کی تاریکی پھیل جانے کے بعد تشریف لائے میں نے ایک آواز سنی مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی نقصان نہ پہنچا ہو میں روانہ ہونے لگا پھر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت یاد آئی تو میں اپنی جگہ بیٹھا رہا یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود ہی تشریف لے آئے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے پہلے یہ ارادہ کیا کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتا ہوں لیکن پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مجھے یاد آ گیا میں نے ایک آواز سنی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جبرائیل علیہ السلام تھے وہ میرے پاس آئے انہوں نے مجھے بتایا کہ میری امت کا جو بھی شخص ایسی حالت میں فوت ہو کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو وہ جنت میں داخل ہوگا میں نے دریافت کیا: اگرچہ وہ زنا کرے یا وہ چوری کرے؟ انہوں نے کہا: اگرچہ وہ زنا کرے یا چوری کرے۔

جریر نامی راوی کہتے ہیں: یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں دو وضاحتیں پوشیدہ ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے: جو شخص ایسی حالت میں مرجاتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اس کے ان گناہوں کو معاف کر دے جن کا ارتکاب اس نے دنیا میں کیا تھا۔ اس کی وجہ یہ ہے: آدمی اس دنیا میں کسی نہ کسی ممنوعہ چیز کا ارتکاب کر ہی لیتا ہے تو اس روایت میں یہ شرط پوشیدہ ہوگی اور دوسری شرط یہ ہے: کوئی شخص ایسی حالت میں انتقال کرتا ہے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اس سے مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ اسے جہنم میں کچھ عرصہ کے لئے عذاب دے گا۔ ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ یہ اس وقت ہوگا جب اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اسے معاف نہ کرے۔ اس کی وجہ یہ ہے تاکہ جہنم میں صرف وہی لوگ باقی رہ جائیں جو دنیا میں کسی کو اس کا شریک ٹھہراتے تھے تو یہ دونوں شرطیں اس روایت میں پوشیدہ ہیں۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ ہر وہ شخص جو ایسی حالت میں انتقال کر جائے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو وہ لامحالہ طور پر جنت میں داخل ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ لَا بَقَاءَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ اِلَّا مَا قَدَّمَ لِنَفْسِهٖ، لِيَنْتَفِعَ بِهٖ يَوْمَ فَقْرِهٖ وَفَاقَتِهٖ، بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کے مال میں سے وہی باقی رہ جاتا ہے

جسے وہ اپنی ذات کے لیے آگے بھیج دیتا ہے تاکہ وہ اس کے ذریعے اس دن فائدہ حاصل کرے جب اس کے فقر و فاقہ کا دن ہوگا (یعنی قیامت کے دن فائدہ حاصل کرے) اللہ تعالیٰ ہمیں اس دن میں برکت نصیب کرے

3327 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَاُ: (اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ) (التكاثر: 1) ، قَالَ: يَقُوْلُ ابْنُ آدَمَ: مَالِيْ مَالِيْ، وَهَلْ لَكَ مِنْ مَالِكَ اِلَّا مَا اَكَلْتَ فَاَفْنَيْتَ، اَوْ لَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ، اَوْ تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَيْتَ

مطرف بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ اس وقت یہ آیت تلاوت کر رہے تھے:

''کثرت تمہیں غافل کر دے گی''۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آدم کا بیٹا کہتا ہے میرا مال میرا مال حالانکہ تمہارا مال صرف وہ ہے جسے تم کھا کر فنا کر دو یا جسے تم پہن کر پرانا کر دو یا صدقہ کر کے آگے بھیج دو۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَكُوْنُ لِلْمَرْءِ مِنْ مَالِهٖ فِيْ اَوْلَادِهٖ وَعُقْبَاهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے مال میں سے اس کی اولاد کے لیے اور اس کی آخرت کے لیے کیا رہتا ہے؟

3328 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَقُوْلُ الْعَبْدُ: مَالِيْ، وَاِنَّمَا لَهٗ مِنْ مَالِهٖ مَا اَكَلَ فَاَفْنٰى، اَوْ لَبِسَ فَاَبْلٰى، اَوْ تَصَدَّقَ فَاَمْضٰى، وَمَا سِوَاهُ فَهُوَ ذَاهِبٌ وَتَارِكُهٗ لِلنَّاسِ

3327- إسناده صحيح على شرط الشيخين، غير صحابي الحديث فمن رجال مسلم. وانظر ."701"

3328- إسناده صحيح على شرط مسلم. وانظر ."3244"

ﷺ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بندہ کہتا ہے میرا مال حالانکہ اس کے مال میں سے اس کا حصہ صرف وہ ہے جسے وہ کھا کر فنا کر دے یا پہن کر پرانا کر دے یا صدقہ کر کے آگے بھیج دے اس کے علاوہ جو بھی ہے تو آدمی چلا جائے گا اور اسے لوگوں کے لئے چھوڑ جائے گا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ توقُّعِ الْخِلَافِ فِيمَا قَدَّمَ لِنَفْسِهِ، وَتَوَقُّعِ ضِدِّهِ إِذَا اَمْسَكَ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ

اس نے اپنی ذات کے لیے جو آگے بھیجا ہے اس میں برخلاف ہونے کی توقع رکھے اور جب وہ روک دیتا ہے تو اس کے متضاد ہونے کی توقع رکھے

3329 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ خُلَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَرِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص ویران جگہ پر موجود تھا اس نے ایک بادل دیکھا جس میں اسے آواز سنائی دی (یعنی کسی فرشتے نے بادل کو حکم دیا) تم فلاں شخص کے باغ کو سیراب کرو پھر وہ بادل وہاں آیا اور وہاں اس نے ایک پتھریلی زمین پر بارش نازل کی وہ شخص کہتا ہے جب میں اس جگہ پر پہنچا' تو وہاں سے کچھ نالیاں نکل رہی تھیں ان میں سے ایک نالی پانی سے بھری ہوئی تھی جو کسی جگہ کو سیراب کرتی تھی میں وہاں ایک شخص کے پاس پہنچا جو کھڑا ہوا بیلچے کے ذریعے اپنے باغ میں کام کر رہا تھا اور وہ پانی لگا رہا تھا میں نے اس سے دریافت کیا: اے اللہ کے بندے تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: فلاں۔ یہ وہی نام تھا جو اس شخص نے بادل میں سنا تھا اس شخص نے دریافت کیا: اے اللہ کے بندے تم مجھ سے میرا نام کیوں پوچھ رہے ہو؟ اس نے بتایا: میں نے بادل میں جس سے یہ پانی آیا ہے اس میں یہ سنا تھا کہ فرشتہ یہ کہہ رہا تھا کہ تم فلاں بندے کے باغ کو سیراب کرو اس نے تمہارا نام لیا تھا' تو تم مجھے بتاؤ کہ تم اس باغ میں کیا کرتے ہو اس نے کہا: اب جب تم یہ بات کہہ رہے ہو تو میں تمہیں بتا دیتا ہوں کہ اس کی جتنی بھی پیداوار ہوتی ہے میں اس کے ایک تہائی حصے کو صدقہ کر دیتا ہوں اور ایک تہائی حصے کو اپنے اوپر اور بیوی بچوں پر خرچ کرتا ہوں اور ایک تہائی حصہ دوبارہ اس پر لگا دیتا ہوں۔

3355- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "2984" في الزهد: باب الصدقة في المساكين، عن ابن أبي شيبة وأبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/296 عن يزيد، به. وأخرجه أبو داود الطيالسي "2587"، ومن طريقه مسلم "2984"، والبيهقي 3/133، وأبو نعيم في "الحلية" 3/275-276 عن عبد العزيز بن أبي سلمة، به، غير أنه قال: "وأجعل ثلثه في المساكين والسائلين وابن السبيل."

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ اِعْطَاءِ الْمَرْءِ صَدَقَتَهٗ مَنْ اَخَذَهَا، وَاِنْ كَانَ الْاٰخِذُ اَنْفَقَهَا فِيْ غَيْرِ طَاعَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، مَا لَمْ يَعْلَمِ الْمُعْطِي ذٰلِكَ مِنْهُ فِي الْبِدَايَةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آدمی کا کسی بھی شخص کو صدقہ دینا مباح ہے

اگر چہ وہ صدقہ لینے والا شخص اسے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے کام میں خرچ کرے جبکہ دینے والے شخص کو شروع میں اس بات کا علم نہ ہو

3356 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّغُوْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، حَدَّثَنَا الْاَعْرَجُ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ زَانِيَةٍ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى زَانِيَةٍ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى زَانِيَةٍ، لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ سَارِقٍ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى سَارِقٍ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ، لَاَتَصَدَّقَنَّ اللَّيْلَةَ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ غَنِيٍّ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى غَنِيٍّ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى غَنِيٍّ، فَاُتِيَ، فَقِيْلَ: اَمَّا صَدَقَتُكَ فَقَدْ قُبِلَتْ، اَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا تَسْتَعِفُّ بِهَا عَنْ زِنَاهَا، وَاَمَّا السَّارِقُ فَلَعَلَّهٗ يَسْتَعِفُّ عَنْ سَرِقَتِهٖ، وَلَعَلَّ الْغَنِيَّ يَعْتَبِرُ فَيُنْفِقُ مِمَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک شخص نے طے کیا کہ میں ضرور صدقہ کروں گا وہ اپنے صدقے کو لے کر نکلا اور (اندھیرے میں لاعلمی کی وجہ سے) کسی زانیہ عورت کے ہاتھ میں رکھ آیا اگلے دن لوگ آپس میں بات چیت کر رہے تھے گزشتہ رات ایک زانیہ عورت کو کسی نے صدقہ دیا ہے' تو اس شخص نے کہا: اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے (اگر چہ میرا صدقہ) زانیہ عورت کو ملا ہے میں ضرور پھر صدقہ کروں گا پھر وہ شخص اپنے صدقے کو لے کر نکلا اور اس نے (اندھیرے میں لاعلمی کی وجہ سے) کسی چور کے ہاتھ میں اسے رکھ دیا اگلے روز لوگ بات چیت کر رہے تھے گزشتہ رات کسی چور کو صدقہ دیا گیا ہے' تو وہ شخص بولا: اے

3356- حديث صحيح، محمد بن مشكان ذكره المؤلف في "الثقات" 9/127، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/322 عن علي بن حفص، عن ورقاء، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1421" في الزكاة: باب إذا تصدق على غني وهو لا يعلم، ومسلم "1022" في الزكاة: باب ثبوت أجر المتصدق وإن وقعت الصدقة في يد غير أهلها، والنسائي 5/55-56 في الزكاة: باب إذا أعطاها غنياً وهو لايشعر، والبيهقي 4/191-192و 7/34 من طريقين عن أبي الزناد، به. وأخرجه أحمد 2/350 من طريق ابن لهيعة، عن الأعرج، به. وزاد الحافظ في "الفتح" 3/290 نسبته إلى الطبراني في "مسند الشاميين" والدارقطني في "غرائب مالك" وأبي نعيم في "المستخرج."

اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے (اگرچہ میرا صدقہ) ایک چور کے ہاتھ میں چلا گیا ہے میں آج بھی ضرور صدقہ کروں گا پھر وہ شخص اپنا صدقہ لے کر نکلا اور اس نے اسے ایک خوشحال شخص کے ہاتھ پر رکھ دیا اگلے دن لوگ بات کر رہے تھے گزشتہ رات ایک خوشحال شخص کو صدقہ دے دیا گیا' تو وہ شخص بولا: اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے (اگرچہ میرا صدقہ) ایک خوشحال شخص کو ملا ہے پھر اسے (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) لایا گیا' تو اسے بتایا گیا' جہاں تک تمہارے صدقے کا تعلق ہے' تو وہ قبول ہو گیا ہے زانیہ عورت کو ملنے والا اس لیے قبول ہوا کہ شاید وہ اس کے ملنے کی وجہ سے زنا کرنے سے باز آجائے، چور والا اس لیے قبول ہوا شاید وہ اس کی وجہ سے چوری سے بچ جائے اور خوشحال شخص والا اس لیے قبول ہوا کہ وہ اس سے نصیحت حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ نے جو اسے عطا کیا ہے وہ اس میں سے کچھ خرچ کرے۔''

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَتَصَدَّقَ مِنْ مَالِ زَوْجِهَا مَا لَمْ يُجْحِفْ ذٰلِكَ بِهِ

عورت کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے شوہر کے مال میں سے صدقہ کر سکتی ہے جبکہ وہ اس کے ذریعے کوئی خرابی پیدا نہ کرے

3357 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِى ابْنُ اَبِى مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِى بَكْرٍ،

(متن حدیث): اَنَّهَا جَائَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا نَبِىَّ اللّٰهِ لَيْسَ لِى شَىْءٌ اِلَّا مَا اَدْخَلَ عَلَىَّ الزُّبَيْرُ، فَهَلْ عَلَىَّ مِنْ جُنَاحٍ اَنْ اَرْضَخَ مِمَّا يُدْخِلُ عَلَىَّ؟، قَالَ: ارْضَخِى مَا اسْتَطَعْتِ، وَلَا تُوعِى فَيُوعِىَ اللّٰهُ عَلَيْكِ

سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس صرف وہی چیز ہوتی ہے' جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ مجھے دیتے ہیں' تو وہ مجھے جو دیتے ہیں اگر اس میں سے کچھ

3357- إسناده صحيح . يوسف بن سعيد روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات على شرطهما، حجاج: هو ابن محمد الأعور .وأخرجه البخاري "1434" في الزكاة: باب الصدقة فيما استطاع، ومسلم "1029" "89" في الزكاة: باب الحث على الإنفاق، والنسائي 5/74 في الزكاة: باب الإحصاء في الصدقة، وفي "عشرة النساء" "311"، والبيهقي 4/187 6/60 من طرق عن حجاج الأعور، بهٰذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/354، والبخاري "1434"، و"2590" في الهبة: باب هبة المرأة لغير زوجها، والبغوي "1654" من طريقين عن ابن جريج، به .وأخرجه عبد الرزاق "16614"، وأحمد 6/353و 354 من طرق عن ابن أبي مليكة، عن أسماء .وأخرجه أحمد 6/353-354 عن وكيع، عن أسامة بن زيد، عن محمد بن المنكدر، عن أسماء . وانظر "3209".وقوله "ارضخي" بكسر الهمزة من الرضخ وهو العطاء اليسير، والمعنى: أنفقي بغير إجحاف ما دمت قادرة مستطيعة، وقوله "ولا توعي فيوعي الله عليك" يقال: أو عيت المتاع في الوعاء أو عيه: إذا جعلته فيه، والمعنى: لاتجمعي في الوعاء , وتبخلي بالنفقة، فتجازى بمثل ذل.

خرچ کرلوں، تو کیا مجھ پر کوئی گناہ ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم سے جہاں تک ہو سکے تم خرچ کرو اور تم (خرچ کرتے ہوئے) بندش کرنے کی کوشش نہ کرنا ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تم پر بندش کردے گا۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمَرْاَةِ اِذَا تَصَدَّقَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ فَلَهَا اَجْرٌ، كَمَا لِزَوْجِهَا اَجْرُ مَا اكْتَسَبَ، وَلَهَا اَجْرُ مَا نَوَتْ، وَلِلْخَازِنِ كَذٰلِكَ

اللہ تعالیٰ کا عورت پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ جب وہ کوئی خرابی پیدا کیے بغیر اپنے شوہر کے گھر میں

سے کوئی چیز صدقہ کرتی ہے تو اس عورت کو اجر ملتا ہے جس طرح اس کے شوہر کو کمانے کا اجر ملتا ہے اور عورت کو نیت کرنے کا اجر ملتا ہے خزانچی کا بھی یہی حکم ہے

3358 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ فَلَهَا اَجْرُهَا وَلِزَوْجِهَا اَجْرُ مَا اكْتَسَبَ، وَلَهَا اَجْرُ مَا نَوَتْ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر میں سے' کوئی خرابی پیدا کیے بغیر' صدقہ کرتی ہے تو اس عورت کو اس کا اجر ملتا ہے اس کے شوہر کو اس کا اجر ملتا ہے آدمی کو کمانے کا اجر ملتا ہے اور عورت کو اس کی نیت کا اجر ملتا ہے اور خزانچی کی مثال بھی اسی کی مانند ہے۔''

3358– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح . محمد بن الحسن: هو ابن إبراهيم بن الحر بن إشكاب الحافظ الثقة، وأبو الضحى: هو مسلم بن صبيح. وأخرجه عبد الرزاق "7275" و "16619"، وأحمد 6/44 و 99، والبخاري "1425" في الزكاة: باب من أمر خادمه بالصدقة ولم يناوله بنفسه، "1437" باب أجر الخادم إذا تصدق بأمر صاحبه غير مفسد، و "1439" و "1440" و "1441" باب أجر المرأة إذا تصدقت أو أطعمت من بيت زوجها غير مفسدة، و "2065" في البيوع: باب قوله تعالى: (اَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ) (البقرة: من الآية 267) ، ومسلم "1024" في الزكاة: باب أجر الخازن الأمين والمرأة إذا تصدقت من بيت زوجها غير مفسدة، وأبو داوُد "1685" في الزكاة: باب المرأة تتصدق من بيت زوجها، والترمذي "672" في الزكاة: باب المرأة تتصدق من بيت زوجها، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/307، والبيهقي 4/192، والبغوي "1692" و "1693" من طريقين عن أبي وائل شقيق بن سلمة، عن مسروق، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/99، والترمذي "671"، والنسائي 5/65 في الزكاة: باب صدقة المرأة من بيت زوجها، من طريق شعبة، عن عمرو بن مرة، عن شقيق، عن عائشة.

ذِكْرُ صِفَةِ الْخَازِنِ الَّذِي يُشَارِكُ الْمُتَصَدِّقَ فِي الْاَجْرِ

خزانچی کی اس صفت کا تذکرہ جو اجر میں صدقہ کرنے والے کا شراکت دار ہوتا ہے

3359 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، سَجَّادَةٌ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنِي بُرَيْدٌ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْاَمِيْنُ الَّذِي يُنْفِقُ، وَرُبَّمَا قَالَ: يُعْطِي مَا اُمِرَ، فَيُعْطِيهِ كَامِلًا مُوَفَّرًا طَيِّبَةً بِهٖ نَفْسُهٗ، فَيَدْفَعُهٗ اِلَى الَّذِي اُمِرَ بِهٖ اَحَدُ الْمُتَصَدِّقِينَ

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''امانت دار مسلمان خزانچی جو خرچ کرتا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جو کچھ وہ عطا کرتا ہے' جس کا اسے حکم دیا گیا ہے اور وہ اسے کامل طور پر پورا اور اپنی رضامندی کے ساتھ دیتا ہے اور اس شخص کے سپرد کرتا ہے' جسے دینے کا حکم دیا گیا تھا' تو وہ خزانچی بھی صدقہ کرنے والوں میں سے ایک شمار ہوتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْعَبْدِ اَنْ يَتَصَدَّقَ مِنْ مَالِ السَّيِّدِ عَلٰى اَنَّ الْاَجْرَ بَيْنَهُمَا نِصْفَانِ

غلام کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے آقا کے مال میں سے صدقہ کرے اس بنیاد پر کہ اجر ان دونوں کے درمیان برابر' برابر تقسیم ہوگا

3360 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى آبِي اللَّحْمِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَمْلُوْكًا، فَكُنْتُ اَتَصَدَّقُ بِلَحْمٍ مِنْ لَحْمِ مَوْلَايَ، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَصَدَّقْ وَالْاَجْرُ بَيْنَكُمَا نِصْفَانِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اُضْمِرَ فِي هٰذَا الْخَبَرِ: تَصَدَّقْ بِاِذْنِهٖ، فَذِكْرُ الْاِذْنِ فِيهِ مُضْمَرٌ، وَعُمَيْرٌ مَوْلٰى آبِي اللَّحْمِ اِنَّمَا قِيلَ: آبِي اللَّحْمِ، لِاَنَّهٗ فِي الْجَاهِلِيَّةِ حَرَّمَ عَلٰى نَفْسِهِ اللَّحْمَ وَاَبَى اَنْ يَاْكُلَ، فَقِيلَ: آبِي اللَّحْمِ،

3359- إسناده صحيح . الحسن بن حماد روى له أبو داؤد والنسائي وابن ماجه وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 4/394 عن أبي أسامة حماد بن أسامة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1438" في الزكاة: باب أجر الخادم إذا تصدق بأمر صاحبه غير مفسد، و "2319" في الوكالة: باب وكالة الأمين في الخزانة ونحوها، ومسلم "1023" في الزكاة: باب أجر الخازن الأمين ... ، وأبو داؤد "1684" في الزكاة: باب أجر الخازن، والقضاعي في "مسند الشهاب" "302"، والبيهقي 4/192 من طرق عن أبي أسامة، به. وأخرجه أحمد 4/404-405، والبخاري "2260" في الإجارة: باب استئجار الرجل الصالح، والنسائي 5/79- 80 في الزكاة: باب أجر الخازن إذا تصدق بإذن مولاه، من طرق عن سفيان، عن بريد، به. وأخرجه القضاعي "303" من طريق أبي أحمد الزبيري، عن بريد، به.

وَمُحَمَّدُ بْنُ زَيْدٍ هٰذَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ الْجُدْعَانِيُّ الْقُرَشِيُّ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، وَمُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ، رَوٰى عَنْهُ مَالِكٌ وَاَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

حضرت عمیر رضی اللہ عنہ جو حضرت آبی لحم رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں: میں غلام تھا میں اپنے آقا کے گوشت میں سے کچھ گوشت صدقہ کر دیا کرتا تھا میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم صدقہ کرو اجر تم دونوں کے درمیان برابر برابر تقسیم ہوگا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت میں یہ بات پوشیدہ ہے کہ انہوں نے اپنے آقا کی اجازت کے تحت صدقہ کیا تھا۔ تو اجازت کا ذکر اس روایت میں پوشیدہ ہے۔ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ حضرت آبی لحم رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں۔ یہ بات بیان کی گئی ہے۔ حضرت آبی لحم رضی اللہ عنہ کا یہ نام اس لئے تھا کیونکہ انہوں نے زمانہ جاہلیت میں گوشت کھانا اپنے لئے حرام قرار دیا تھا اور گوشت کھانے سے انکار کر دیا تھا۔ اسے لئے انہیں آبی لحم کہا جاتا تھا (یعنی گوشت سے انکار کرنے والا شخص)

محمد بن زید نامی راوی محمد بن زید بن مہاجر بن قنفذ جدعانی قرشی ہیں۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع کیا ہے جبکہ امام مالک اور اہل مدینہ نے ان کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُعْطِي فِيْ بَعْضِ الْاَحَايِينِ قَدْ يَكُوْنُ خَيْرًا مِنَ الْاٰخِذِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بعض حالتوں میں دینے والا شخص کبھی لینے والے شخص سے بہتر ہوتا ہے

3361 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔''

3360- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن زيد فمن رجال مسلم . وهو في "صحيحه" "1025" في الزكاة: باب ما أنفق العبد من مال مولاه، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 3/164، ومن طريقه مسلم "1025"، وابن ماجه "2297" في التجارات: باب ما للعبد أن يعطي ويتصدق، والبيهقي 4/194 عن حفص بن غيات، به .وأخرجه مسلم "1025" "83"، والنسائي 5/63-64 في الزكاة: باب صدقة العبد، والبيهقي 4/194 من طريق حَاتِمِ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِيْ عبيد، عن عمير مولى آبي اللحم.

3361- إسناده صحيح. عبد الواحد بن غياث روى له أبو داؤد وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه البيهقي 4/198، والقضاعي "1230" و "1260" من طريقين عن عبد الله بن دينار، بهذا الإسناد. وانظر الحديث ."3364"

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْيَدَ السُّفْلٰى هِيَ السَّائِلَةُ دُونَ الْاٰخِذَةِ بِغَيْرِ سُؤَالٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہوتا ہے اور یہ اس کے علاوہ ہے جو مانگے بغیر کوئی چیز لیتا ہے

3362 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو الزَّعْرَاءِ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيهِ مَالِكِ بْنِ نَضْلَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): الْاَيْدِي ثَلَاثَةٌ: فَيَدُ اللّٰهِ الْعُلْيَا، وَيَدُ الْمُعْطِي الَّتِي تَلِيهَا، وَيَدُ السُّفْلَى السَّائِلَةُ، فَاَعْطِ الْفَضْلَ، وَلَا تَعْجِزْ عَنْ نَفْسِكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ بِاَنَّ الْاَخْبَارَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ فِي كِتَابِنَا هٰذَا، اَنَّ الْيَدَ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، اَرَادَ بِهِ اَنَّ يَدَ الْمُعْطِي خَيْرٌ مِنْ يَدِ الْاٰخِذِ، وَاِنْ لَمْ يَسْاَلْ، وَاَبُو الزَّعْرَاءِ هٰذَا: هُوَ الصَّغِيرُ، وَاسْمُهُ عَمْرُو بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ اَخِي اَبِي الْاَحْوَصِ، وَاَبُو الزَّعْرَاءِ الْكَبِيرُ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَانِئٍ، يَرْوِي عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ

❁❁ حضرت مالک بن نضلہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہاتھ تین طرح کے ہوتے ہیں اوپر والا ہاتھ اللہ تعالیٰ کا ہے، دینے والا ہاتھ اس کے بعد ہے اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والے کا ہے' تو تم اضافی چیز کو دے دیا کرو اور اپنی ذات کے حوالے سے عاجز نہ آؤ۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ وہ روایات' جنہیں ہم اس سے پہلے اپنی کتاب میں ذکر کر چکے ہیں۔ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اس سے مراد یہ ہے: دینے والے کا ہاتھ لینے والے سے بہتر ہوتا ہے۔ اگرچہ اس نے مانگا نہ ہو۔

ابوزعراء نامی راوی صغیر ہے اس کا نام عمرو بن عمرو بن مالک ہے۔ (مالک کا باپ) ابواحوص کا بھائی ہے جبکہ ابوزعراء کبیر کا نام عبداللہ بن ہانی ہے۔ اس نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْيَدَ الْمُعْطِيَةَ اَفْضَلُ مِنَ الْيَدِ السَّائِلَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ دینے والا ہاتھ مانگنے والے ہاتھ سے افضل ہوتا ہے

3362- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير أبي الزعراء، وهو ثقة. أبو الأحوص: هو عوف بن مالك بن نضلة. وأخرجه أحمد 3/473 و 4/137، وعنه أبو داؤد "1649" في الزكاة: باب الاستعفاف، عن عبيدة بن حميد، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/407 ووافقه الذهبي. وأخرجه البيهقي 4/198 من طريق الحسن بن محمد الزعفراني، عن عبيدة، به.

3363 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّاجِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، وَلْيَبْدَاْ اَحَدُكُمْ بِمَنْ يَعُولُ، تَقُوْلُ امْرَاَتُهٗ: اَنْفِقْ عَلَيَّ، وَتَقُوْلُ اُمُّ وَلَدِهٖ: اِلٰى مَنْ تَكِلُنِي؟، وَيَقُوْلُ لَهٗ عَبْدُهٗ: اَطْعِمْنِيْ وَاسْتَعْمِلْنِي

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى عِنْدِيْ اَنَّ الْيَدَ الْمُتَصَدِّقَةَ اَفْضَلُ مِنَ الْيَدِ السَّائِلَةِ، لَا الْاٰخِذَةِ دُوْنَ السُّؤَالِ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ تَكُوْنَ الْيَدُ الَّتِي اُبِيحَ لَهَا اسْتِعْمَالُ فِعْلٍ بِاسْتِعْمَالِهٖ اَحْسَنَ مِنْ اٰخَرَ فُرِضَ عَلَيْهِ اِتْيَانُ شَيْءٍ، فَاَتٰى بِهٖ اَوْ تَقَرَّبَ اِلٰى بَارِئِهٖ مُتَنَفِّلًا فِيْهِ، وَرُبَّمَا كَانَ الْمُعْطِي فِيْ اِتْيَانِهٖ ذٰلِكَ اَقَلَّ تَحْصِيلًا فِي الْاَسْبَابِ مِنَ الَّذِي اَتٰى بِمَا اُبِيحَ لَهٗ، وَرُبَّمَا كَانَ هٰذَا الْاٰخِذُ بِمَا اُبِيحَ لَهٗ اَفْضَلَ وَاَوْرَعَ مِنَ الَّذِي يُعْطِي، فَلَمَّا اسْتَحَالَ هٰذَا عَلَى الْاِطْلَاقِ دُوْنَ التَّحْصِيلِ بِالتَّفْصِيلِ صَحَّ اَنَّ مَعْنَاهُ اَنَّ الْمُتَصَدِّقَ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِي يَسْاَلُهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سب سے بہتر صدقہ وہ ہے' جو خوشحالی کے عالم میں دیا جائے (یا جسے دینے کے بعد آدمی خوشحال رہے) اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور تم میں سے ہر شخص کو اپنے زیر کفالت سے آغاز کرنا چاہئے' کیونکہ اس کی بیوی کہے گی تم مجھ پر خرچ کرو اس کی اولاد کہے گی تم مجھے کس کے حوالے کر رہے ہو اس کا غلام کہے گا مجھے کھانے کے لئے دو پھر مجھ سے کام لینا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے۔'' میرے نزدیک اس سے مراد یہ ہے: صدقہ دینے والے شخص کا ہاتھ مانگنے والے ہاتھ سے افضل ہوتا ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ مانگے بغیر لینے والے سے افضل ہوتا ہے کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ وہ ہاتھ جس کے لئے کسی فعل کے کرنے کو مباح قرار دیا گیا ہو وہ اس مباح فعل پر عمل کرنے کی وجہ سے اس دوسرے شخص سے کم تر ہو جائے جس پر کسی کام کے کرنے کو فرض قرار دیا گیا ہو اور وہ اسے سرانجام دے یا وہ دوسرا شخص کسی نفلی کام کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنا چاہے۔ بعض اوقات دینے والا شخص اپنے دینے میں کم اسباب اختیار کرتا ہے۔ اس شخص کے مقابلے میں جس کے لئے اسے (لینا) مباح قرار دیا گیا ہے۔ اور بعض

3363– إسناده حسن من أجل عاصم بن بهدلة، فإن حديثه لا يرقى إلى الصحة . وأخرجه البيهقي 7/470 من طريق إسحاق بن منصور، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/476 و 524، والبخاري "5355" في النفقات: باب وجوب النفقة على الأهل والعيال، والبيهقي 7/466 و 471 من طرق عن الأعمش، عن أبي صالح، به . وأخرجه أحمد 2/278 و 402، والبخاري "1426" في الزكاة: باب لا صدقة إلا عن ظهر غني، و "5356" في النفقات، والنسائي 5/69 في الزكاة: باب أي الصدقة أفضل، والبيهقي 4/180 و 470 من طرق عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/212 من طريق عاصم بن كليب، عن أبيه، عن أبي هريرة. انظر ."4240"

اوقات لینے والا شخص جس کے لئے اس کو مباح قرار دیا گیا ہے وہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور اس شخص سے زیادہ پرہیزگار ہوتا ہے جو دے رہا ہے تو جب کسی ایک کو افضل قرار دیئے بغیر یہ اطلاق ناممکن ہو تو یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ صدقہ دینے والا شخص اس شخص سے افضل ہے جو اسے مانگتا ہے۔

ذِکْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا الْخَبَرَ الَّذِی تَقَدَّمَ ذِکْرُنَا لَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو ہماری اس روایت کی ذکر کردہ تاویل کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے جسے ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

3364 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صُلَيْحٍ الْعَابِدُ، بِوَاسِطَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، وَالْيَدُ الْعُلْيَا الْمُنْفِقَةُ وَالْيَدُ السُّفْلٰى السَّائِلَةُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اوپر والا ہاتھ خرچ کرنے والا ہے اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہے۔"

ذِکْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِحْصَاءِ الْمَرْءِ صَدَقَتَهُ اِذَا تَصَدَّقَ بِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کوئی چیز صدقہ کرتے ہوئے اس کی گنتی کرے

3365 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): جَائَهَا سَائِلٌ، فَاَمَرَتْ لَهُ عَائِشَةُ بِشَيْءٍ، فَلَمَّا خَرَجَتِ الْخَادِمُ دَعَتْهَا، فَنَظَرَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَ

3364- إسناده على شرط البخاري، وفضيل بن سليمان قد توبع. وأخرجه البيهقي 4/198، والخطيب في "تاريخه" 3/435 من طريق إبراهيم بن طهمان، عن موسى بن عقبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مالك في "الموطأ" 2/998 عن نافع، عن ابن عمر. ومن طريق مالك أخرجه البخاري "1429" في الزكاة: باب لا صدقة إلا عن ظهر غني، ومسلم "1033" في الزكاة: باب بيان أن اليد العليا خير من اليد السفلى، وأبو داؤد "1648" في الزكاة: باب في الاستعفاف، والنسائي 5/61 في الزكاة: باب اليد السفلى، والبيهقي 4/197، والقضاعي "1231"، والبغوي. "1614" وأخرجه البخاري "1429"، وأحمد 2/67 و 98، والدارمي 1/389، والبيهقي 4/197- 198 من طريقين عن نافع، به.

3365- إسناده صحيح على شرط الشيخين ابن إدريس: هو عبد الله الأودي، والحكم: هو ابن عتيبة. وأخرجه أحمد 6/70- 71 عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن ابن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/108، وأبو داؤد "1700" في الزكاة: باب في الشح، من طريقين عن عبد الله بن أبي مليكة، عن عائشة.

لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تُخْرِجِينَ شَيْئًا اِلَّا بِعِلْمِكِ، قَالَتْ: اِنِّي لَاَعْلَمُ، فَقَالَ لَهَا: لَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ

❁❁ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ ایک مانگنے والا ان کے ہاں آیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے کچھ دینے کی ہدایت کی جب خادمہ اسے لے کر باہر نکلی' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے بلوایا پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے علم کے ساتھ ہی چیز باہر نکالتی ہو (یعنی تم جو بھی خیرات کرتی ہو اسے پہلے دیکھتی ہو پھر کرتی ہو) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میں پہلے جانتی ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم شمار نہ کرو ورنہ اللہ تعالیٰ بھی گنتی کر کے تمہیں دے گا۔

ذِكْرُ نَفْيِ قَبُوْلِ الصَّدَقَةِ عَنِ الْمَرْءِ اِذَا كَانَتْ مِنَ الْغُلُوْلِ

ایسے شخص کی طرف سے صدقہ قبول ہونے کی نفی کا تذکرہ جب وہ صدقہ حرام مال میں سے دیا جائے

3366 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ الْجُنَيْدِ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلَ ابْنُ عُمَرَ عَلٰى ابْنِ عَامِرٍ يَعُوْدُهُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ اَلَا تَدْعُوا لِي، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ اِلَّا بِطُهُوْرٍ، وَلَا صَدَقَةٌ مِنْ غُلُوْلٍ، وَقَدْ كُنْتَ عَلَى الْبَصْرَةِ

❁❁ مصعب بن سعد بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لئے تشریف لائے انہوں نے فرمایا: اے ابن عمر! آپ میرے لیے دعا نہیں کریں گے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اللہ تعالیٰ وضو کے بغیر نماز کو قبول نہیں کرتا اور حرام مال میں سے دیئے گئے صدقے کو قبول نہیں کرتا اور تم بصرہ کے گورنر رہ چکے ہو (جہاں سے تمہیں آمدن ہوئی تھی)''

3366- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سماك وهو ابن حرب، فمن رجال مسلم، وحديثه حسن.وأخرجه مسلم "224" في الطهارة: باب وجوب الطهارة للصلاة، والترمذي"1" في الطهارة: باب ما جاء لا تقبل صلاة بغير طهور، والبيهقي 4/191 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أبي عوانة في "مسنده" 1/234 من طريق محمد بن حيوة وأبي المثنى، عن أبي عوانة، به .وأخرجه الطيالسي "1874" وابن أبي شيبة 1/4- 5، وأحمد 2/19-20 و 37و39، وابن ماجه "272" في الطهارة: باب لا يقبل الله صلاة بغير طهور، وابن خريمة "8"، وأبو عوانة 1/234، والبيهقي 1/42 من طرق عن سماك به. وانظر الحديث "1706".

27
27

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَالَ اِذَا لَمْ يَكُنْ بِطَيِّبٍ اُخِذَ مِنْ حِلِّهِ لَمْ يُؤْجَرِ الْمُتَصَدِّقُ بِهٖ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب مال پاکیزہ (حلال) نہیں ہوگا تو صدقہ کرنے والے کو اس پر اجر نہیں ملے گا

3367 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِیْ دَرَّاجٌ اَبُو السَّمْحِ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ جَمَعَ مَالًا حَرَامًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهٖ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ فِيْهِ اَجْرٌ، وَكَانَ اِصْرُهٗ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص حرام طور پر مال جمع کرے اور پھر اسے صدقہ کرے اسے اس کا کوئی اجر نہیں ملے گا اس کا وبال اس شخص کے ذمے ہوگا۔''

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْغَارِسِ الْغِرَاسَ بِكَتْبِهِ الصَّدَقَةَ عِنْدَ اَكْلِ كُلِّ شَیْءٍ مِنْ ثَمَرَتِهٖ

اللہ تعالیٰ کا درخت لگانے والے شخص پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ اس کے درخت لگانے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر اس موقع پر نیکی نوٹ کرتا ہے جب اس درخت کے پھل میں سے کوئی چیز کوئی بھی کھاتا ہے

3368 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى اُمِّ مُبَشِّرٍ الْاَنْصَارِيَّةِ فِیْ نَخْلٍ لَهَا، فَقَالَ لَهَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَرَسَ هٰذَا النَّخْلَ؟ اَمُسْلِمٌ اَمْ كَافِرٌ؟ فَقَالَتْ: بَلْ مُسْلِمٌ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغْرِسُ الْمُسْلِمُ غَرْسًا وَلَا يَزْرَعُ زَرْعًا، فَيَاْكُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ وَلَا دَابَّةٌ وَلَا شَیْءٌ اِلَّا كَانَتْ لَهٗ صَدَقَةٌ

3367- إسناده حسن. ابن حجيرة: هو عبد الرحمٰن. والحديث ذكره الحافظ السيوطي في "الجامع الكبير" 2/770 ولم ينسبه إلى غير ابن حبان. وفي الباب عند الطبراني من حديث أبي الطفيل، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال: "من كسب مالًا من حرام، فأعتق منه ووصل منه رحمه، كان ذلك إصرًا."قال الهيثمي في "المجمع" 10/293: .

3368- إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم "1552" "8" في المساقاة: باب فضل الغرس والزرع، والبيهقي 6/138 من طريق عن الليث، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الحميدي "1274" عن سفيان، عن أبي الزبير، به.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ اُمّ مبشر انصاریہ رضی اللہ عنہا کے باغ میں ان کے ہاں تشریف لے گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: یہ باغ کس نے لگایا ہے کسی مسلمان نے یا کافر نے۔ انہوں نے جواب دیا: مسلمان نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان جو بھی باغ لگاتا ہے یا کھیت لگاتا ہے تو اس میں سے جو بھی انسان یا جانور یا جو بھی چیز کچھ کھاتے ہیں تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا يَاْكُلُ السِّبَاعُ وَالطُّيُورُ مِنْ ثَمَرِ غِرَاسِ الْمُسْلِمِ يَكُوْنُ لَهٗ فِيْهِ اَجْرٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ درندے اور پرندے مسلمان کے لگائے ہوئے درخت میں سے جو کچھ کھاتے ہیں یہ چیز اس مسلمان کے لیے اجر کا باعث ہوتی ہے

3369 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى الْجَوَالِيقِيُّ، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا يَغْرِسُ مُسْلِمٌ غَرْسًا فَيَاْكُلَ مِنْهُ سَبُعٌ وطيرٌ وَشَيْءٌ اِلَّا كَانَ لَهٗ فِيْهِ اَجْرٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''مسلمان جو بھی باغ لگاتا ہے اور اس میں سے کوئی بھی درندہ یا پرندہ جو بھی کوئی چیز کھاتے ہیں تو اس شخص کو اس کا اجر ملتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِتَرْكِ صَدَقَةِ مَالِهٖ كُلِّهٖ وَالْاِقْتِصَارِ عَلَى الْبَعْضِ مِنْهُ اِذْ هُوَ خَيْرٌ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے سارے مال کو صدقہ کرے بلکہ بعض مال کو صدقہ کرنے پر اکتفاء کرے کیونکہ یہ زیادہ بہتر ہے

3370 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

3369- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو عاصم: هو النبيل الضحاك بن مخلد . وأخرجه مسلم "1552" "9" في المساقاة: باب فضل الغرس والزرع، وأبو يعلى "2245" من طريق روح، عن ابن جريج، به. وأخرجه أحمد 3/391، والطيالسي "1272"، ومسلم "1552" "11" من طريق الأعمش، عن أبي سفيان، عن جابر . وأخرجه مسلم "1552"، وأبو يعلى "2213"، والبيهقي 6/137 من طريقين عن عطاء، عن جابر . وأخرجه أحمد 6/420، والبغوي "1652" من طريق أبي سفيان، عن جابر، عن أم مبشر.

(متن حدیث): لَمْ اَتَخَلَّفْ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، حَتّٰی كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوكَ اِلَّا بَدْرٍ، وَلَمْ يُعَاتِبِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَدًا تَخَلَّفَ عَنْ بَدْرٍ، اِنَّمَا خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ الْعِيرَ، وَخَرَجَتْ قُرَيْشٌ مُغِيثِينَ لِعِيرِهِمْ، فَالْتَقَوْا عَلٰی غَيْرِ مَوْعِدٍ كَمَا قَالَ اللّٰهُ، وَلَعَمْرِی اِنَّ اَشْرَفَ مَشَاهِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی النَّاسِ لَبَدْرٌ، وَمَا اُحِبُّ اَنِّیْ كُنْتُ شَهِدْتُهَا مَكَانَ بَيْعَتِی لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ حِينَ تَوَاثَقْنَا عَلَی الْاِسْلَامِ، وَلَمْ اَتَخَلَّفْ بَعْدُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، حَتّٰی كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوكَ، وَهِیَ اٰخِرُ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، آذَنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ بِالرَّحِيلِ وَاَرَادَ اَنْ يَّتَاَهَّبُوْا اُهْبَةَ غَزْوِهِمْ، وَذٰلِكَ حِينَ طَابَ الظِّلَالُ وَطَابَتِ الثِّمَارُ، وَكَانَ قَلَّمَا اَرَادَ غَزْوَةً اِلَّا وَرَّی غَيْرَهَا، وَكَانَ يَقُوْلُ: الْحَرْبُ خُدْعَةٌ، فَاَرَادَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوكَ اَنْ يَّتَاَهَّبَ النَّاسُ اُهْبَتَهُ، وَاَنَا اَيْسَرُ مَا كُنْتُ، قَدْ جَمَعْتُ رَاحِلَتَيْنِ لِی، فَلَمْ اَزَلْ كَذٰلِكَ حَتّٰی قَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَادِيًا بِالْغَدَاةِ، وَذٰلِكَ يَوْمُ الْخَمِيسِ، وَكَانَ يُحِبُّ اَنْ يَّخْرُجَ يَوْمَ الْخَمِيسِ، فَاَصْبَحَ غَادِيًا، فَقُلْتُ: اَنْطَلِقُ اِلَی السُّوقِ وَاَشْتَرِی جِهَازِی، ثُمَّ اَلْحَقُ بِهَا، فَانْطَلَقْتُ اِلَی السُّوقِ مِنَ الْغَدِ، فَعَسُرَ عَلَیَّ بَعْضُ شَاْنِیْ فَرَجَعْتُ، فَقُلْتُ: اَرْجِعُ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَاَلْحَقُ بِهِمْ، فَعَسُرَ عَلَیَّ بَعْضُ شَاْنِیْ اَيْضًا، فَلَمْ اَزَلْ كَذٰلِكَ حَتّٰی لَبَّسَ بِیَ الذَّنْبُ، وَتَخَلَّفْتُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلْتُ اَمْشِی فِی الْاَسْوَاقِ وَاَطْرَافِ الْمَدِينَةِ فَيُحْزِنُنِیْ اَنْ لَّا اَرٰی اَحَدًا تَخَلَّفَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا رَجُلًا مَغْمُوصًا عَلَيْهِ فِی النِّفَاقِ، وَكَانَ لَيْسَ اَحَدٌ تَخَلَّفَ اِلَّا اَرٰی ذٰلِكَ سَيَخْفٰی لَهُ، وَكَانَ النَّاسُ كَثِيرًا لَا يَجْمَعُهُمْ دِيوَانٌ، وَكَانَ جَمِيعُ مَنْ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَضْعَةً

3370– حديث صحيح . محمد بن أبي السَّرى قد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين . وهو فى "المصنف" لعبد الرزاق "19744"، ومن طريقين أخرجه أحمد 5/387، والترمذى "3102" فى التفسير: باب ومن سورة التوبة . وأخرجه ابن أبى شيبة 14/540– 545، والبخارى "4418" فى التفسير: باب حديث كعب بن مالك، ومسلم "2769" فى التوبة: باب حديث توبة كعب بن مالك وصاحبيه، والطبرانى فى "جامع البيان" "17447"، والبيهقى فى "دلائل النبوة" 5/273– 279 من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد . وأخرجه قطعة منه أبو داوٗد "3320" فى الأيمان والنذور: باب فيمن نذر أن يتصدق بماله، وابن ماجه "1393" فى الصلاة: باب ما جاء فى الصلاة، والسجدة عند الشكر، والطبرانى فى "الكبير" "90"/19 من طريق عبد الرزاق، به . وأخرج بعضًا منه ابن أبى شيبة 14/539، وأحمد 6/390، وأبو داوٗد "2637" فى الجهاد: باب المكر والخديعة، والطبرى "17449" من طرق عن معمر، به .وهو من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد عند أحمد 6/386 و 390، والبخارى "2757" و "2947" و "2948" و"2949" و "2950" و "3088" و "3556" و "3889" و "3951" و "4673" و "4676" و"4677" و "4678" و "6255" و "6690" و "7225"، والبخارى فى "الأدب المفرد " "944"، ومسلم "716" فى = صلاة المسافرين: باب استحباب الركعتين فى المسجد لمن قدم من سفر أول قدومه، وأبى داوٗد "2202" و "2605" و "2773" و "2781" و "3317" و "3318" و "3319"، والنسائى 2/53–54، و6/152–154، و7/22–23، والنسائى فى السير والتفسير كما فى "التحفة" 8/313 و 318، وابن خزيمة "2242" والطبرانى "96"/19 و "97" و "98" و "99" و "100" و "101" و "103" و "104" و "105" و "106" و "107" و "108" و "109" و "110" و "133" و "134" و "135" و "136"، والبيهقى 4/181، والبغوى ."1676"

وَثَمَانِيْنَ رَجُلًا، وَلَمْ يَذْكُرْنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَلَغَ تَبُوْكَ، فَلَمَّا بَلَغَ تَبُوْكَ، قَالَ: مَا فَعَلَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ ؟، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِي: خَلَّفَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بُرْدَاهُ وَالنَّظَرُ فِي عِطْفَيْهِ، فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: بِئْسَ مَا قُلْتَ، وَاللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا نَعْلَمُ اِلَّا خَيْرًا، قَالَ: فَبَيْنَا هُمْ كَذٰلِكَ اِذَا رَجُلٌ يَزُوْلُ بِهِ السَّرَابُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْ اَبَا خَيْثَمَةَ، فَاِذَا هُوَ اَبُوْ خَيْثَمَةَ، فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوْكَ، وَقَفَلَ وَدَنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ جَعَلْتُ اَتَذَكَّرُ مَاذَا اَخْرُجُ بِهِ مِنْ سَخَطِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَسْتَعِيْنُ عَلٰى ذٰلِكَ بِكُلِّ ذِي رَاْيٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي، حَتّٰى اِذَا قِيْلَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُصَبِّحُكُمْ بِالْغَدَاةِ، رَاحَ عَنِّي الْبَاطِلُ، وَعَرَفْتُ اَنِّيْ لَا اَنْجُو اِلَّا بِالصِّدْقِ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضُحًى، فَصَلّٰى فِي الْمَسْجِدِ رَكْعَتَيْنِ، وَكَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَعَلَ ذٰلِكَ، دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ جَلَسَ فَجَعَلَ يَاْتِيْهِ مَنْ تَخَلَّفَ، فَيَحْلِفُوْنَ لَهُ وَيَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْهِ، فَيَسْتَغْفِرُ لَهُمْ وَيَقْبَلُ عَلَانِيَتَهُمْ، وَيَكِلُ سَرَائِرَهُمْ اِلَى اللّٰهِ، فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا هُوَ جَالِسٌ، فَلَمَّا رَآنِيْ تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ، فَجِئْتُ فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَمْ تَكُنِ ابْتَعْتَ ظَهْرًا، قُلْتُ: بَلٰى يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، فَقَالَ: مَا خَلَّفَكَ عَنِّيْ ؟، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَوْ بَيْنَ يَدَيْ اَحَدٍ مِنَ النَّاسِ غَيْرِكَ جَلَسْتُ لَخَرَجْتُ مِنْ سَخَطِهِ عَلَيَّ بِعُذْرٍ، وَلَقَدْ اُوْتِيْتُ جَدَلًا وَلٰكِنِّيْ قَدْ عَلِمْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَنِّيْ اِنْ حَدَّثْتُكَ الْيَوْمَ بِقَوْلٍ تَجِدُ عَلَيَّ فِيْهِ وَهُوَ حَقٌّ، فَاِنِّيْ اَرْجُو فِيْهِ عُقْبَى اللّٰهِ، وَاِنْ حَدَّثْتُكَ الْيَوْمَ بِحَدِيْثٍ تَرْضٰى عَنِّيْ فِيْهِ وَهُوَ كَذِبٌ اَوْشَكَ اَنْ يُطْلِعَكَ اللّٰهُ عَلَيَّ، وَاللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ اَيْسَرَ، وَلَا اَخَفَّ حَاذًا مِنِّي، حَيْثُ تَخَلَّفْتُ عَلَيْكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا هٰذَا فَقَدْ صَدَقَكُمُ الْحَدِيْثَ، قُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِيْكَ، فَقُمْتُ فَثَارَ عَلٰى اَثَرِي نَاسٌ مِنْ قَوْمِي يُؤَنِّبُوْنَنِي، فَقَالُوْا: وَاللّٰهِ مَا نَعْلَمُكَ اَذْنَبْتَ ذَنْبًا قَطُّ قَبْلَ هٰذَا، فَهَلَّا اعْتَذَرْتَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُذْرٍ يَرْضَاهُ عَنْكَ فِيْهِ، وَكَانَ اسْتِغْفَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيَاْتِي مِنْ وَرَاءِ ذٰلِكَ، وَلَمْ تَقِفْ مَوْقِفًا لَا نَدْرِي مَاذَا يُقْضٰى لَكَ فِيْهِ، فَلَمْ يَزَالُوْا يُؤَنِّبُوْنَنِيْ حَتّٰى هَمَمْتُ اَنْ اَرْجِعَ فَاُكَذِّبَ نَفْسِي، فَقُلْتُ هَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ غَيْرِي، قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَهُ هِلَالُ بْنُ اُمَيَّةَ وَمُرَارَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ، فَذَكَرُوا رَجُلَيْنِ صَالِحَيْنِ شَهِدَا بَدْرًا لِي فِيْهِمَا اُسْوَةٌ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا اَرْجِعُ اِلَيْهِ فِيْ هٰذَا اَبَدًا، وَلَا اُكَذِّبُ نَفْسِي، وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَلَامِنَا اَيُّهَا الثَّلَاثَةُ، فَجَعَلْتُ اَخْرُجُ اِلَى السُّوقِ وَلَا يُكَلِّمُنِيْ اَحَدٌ، وَتَنَكَّرَ لَنَا النَّاسُ، حَتّٰى مَا هُمْ بِالَّذِيْنَ نَعْرِفُ، وَتَنَكَّرَ لَنَا الْحِيطَانُ حَتّٰى مَا هِيَ بِالْحِيطَانِ الَّتِي نَعْرِفُ، وَتَنَكَّرَتْ لَنَا الْاَرْضُ حَتّٰى مَا هِيَ بِالْاَرْضِ الَّتِي نَعْرِفُ، وَكُنْتُ اَقْوٰى اَصْحَابِيْ، فَكُنْتُ اَخْرُجُ فَاَطُوْفُ فِي الْاَسْوَاقِ فَآتِي الْمَسْجِدَ، وَآتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُسَلِّمُ عَلَيْهِ، وَاَقُوْلُ: هَلْ حَرَّكَ شَفَتَيْهِ بِالسَّلَامِ، فَاِذَا قُمْتُ اُصَلِّيْ اِلٰى سَارِيَةٍ، وَاَقْبَلْتُ عَلٰى صَلَاتِي، نَظَرَ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُؤَخَّرِ عَيْنَيْهِ، وَاِذَا نَظَرْتُ اِلَيْهِ اَعْرَضَ عَنِّي، وَاشْتَكٰى صَاحِبَايَ فَجَعَلَا يَبْكِيَانِ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ، وَلَا

يُطْلِعَانِ رُءُ وسَهُمَا، قَالَ: فَبَيْنَا اَنَا اَطُوفُ فِي الْاَسْوَاقِ اِذَا رَجُلٌ نَصْرَانِيٌّ قَدْ جَاءَ بِطَعَامٍ لَهُ يَبِيعُهُ، يَقُولُ: مَنْ يَدُلُّ عَلٰى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، فَطَفِقَ النَّاسُ يُشِيرُوْنَ لَهُ اِلَيَّ، فَاَتَانِي بِصَحِيفَةٍ مِنْ مَلِكِ غَسَّانَ، فَاِذَا فِيهَا: اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّهُ بَلَغَنِي اَنَّ صَاحِبَكَ قَدْ جَفَاكَ وَاَقْصَاكَ وَلَسْتَ بِدَارِ هَوَانٍ وَّلَا مَضْيَعَةٍ، فَالْحَقْ بِنَا نُوَاسِكَ، فَقُلْتُ: هٰذَا اَيْضًا مِنَ الْبَلَاءِ، فَسَجَرْتُ لَهَا التَّنُّورَ، فَاَحْرَقْتُهَا فِيهِ، فَلَمَّا مَضَتْ اَرْبَعُونَ لَيْلَةً اِذَا رَسُوْلٌ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَتَانِي، فَقَالَ: اعْتَزِلِ امْرَاَتَكَ، فَقُلْتُ: اُطَلِّقُهَا، قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ لَّا تَقْرَبْهَا، فَجَائَتِ امْرَاَةُ هِلَالِ بْنِ اُمَيَّةَ، فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّ هِلَالَ بْنَ اُمَيَّةَ شَيْخٌ ضَعِيفٌ، فَهَلْ تَاْذَنُ لِي اَنْ اَخْدُمَهُ، قَالَ: نَعَمْ، وَلٰكِنْ لَّا يَقْرَبَنَّكِ، قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا بِهِ حَرَكَةٌ لِشَيْءٍ، مَا زَالَ مُتَّكِيًا يَبْكِي اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ مُذْ كَانَ مِنْ اَمْرِهِ مَا كَانَ، قَالَ كَعْبٌ: فَلَمَّا طَالَ عَلَيَّ الْبَلَاءُ، اقْتَحَمْتُ عَلٰى اَبِي قَتَادَةَ حَائِطَهُ، وَهُوَ ابْنُ عَمِّي، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ، فَقُلْتُ: اَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا قَتَادَةَ اَتَعْلَمُ اَنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَسَكَتَ، فَقُلْتُ: اَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا قَتَادَةَ اَتَعْلَمُ اَنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ؟ فَسَكَتَ، فَقُلْتُ: اَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا قَتَادَةَ اَتَعْلَمُ اَنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَقَالَ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: فَلَمْ اَمْلِكْ نَفْسِي اَنْ بَكَيْتُ، ثُمَّ اقْتَحَمْتُ الْحَائِطَ خَارِجًا، حَتّٰى اِذَا مَضَتْ خَمْسُونَ لَيْلَةً مِنْ حِينَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَلَامِنَا، صَلَّيْتُ عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ لَنَا صَلَاةَ الْفَجْرِ، وَاَنَا فِي الْمَنْزِلَةِ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ، قَدْ ضَاقَتْ عَلَيْنَا الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْنَا اَنْفُسُنَا، اِذْ سَمِعْتُ نِدَاءً مِنْ ذِرْوَةِ سَلْعٍ اَنْ اَبْشِرْ يَا كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ، فَخَرَرْتُ سَاجِدًا، وَعَرَفْتُ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ جَائَنَا بِالْفَرَجِ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ يَرْكُضُ عَلٰى فَرَسٍ يُبَشِّرُنِي، فَكَانَ الصَّوْتُ اَسْرَعَ مِنْ فَرَسِهِ، فَاَعْطَيْتُهُ ثَوْبِي بِشَارَةً، وَلَبِسْتُ ثَوْبَيْنِ اٰخَرَيْنِ، وَكَانَتْ تَوْبَتُنَا نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُلُثَ اللَّيْلِ، فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلَا نُبَشِّرُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ، فَقَالَ: اِذًا يَحْطِمُكُمُ النَّاسُ وَيَمْنَعُونَكُمُ النَّوْمَ سَائِرَ اللَّيْلَةِ، قَالَ: وَكَانَتْ اُمُّ سَلَمَةَ مُحْسِنَةً فِي شَاْنِي، تُخْبِرُنِي بِاَمْرِي، فَانْطَلَقْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحَوْلَهُ الْمُسْلِمُوْنَ، وَهُوَ يَسْتَنِيرُ كَاسْتِنَارِ الْقَمَرِ، وَكَانَ اِذَا سُرَّ بِالْاَمْرِ اسْتَنَارَ، فَجِئْتُ فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: يَا كَعْبُ بْنَ مَالِكٍ، اَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ اَتٰى عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَمِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اَمْ مِنْ عِنْدِكَ؟، قَالَ: بَلْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، ثُمَّ تَلَا عَلَيْهِمْ (لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ) (التوبة: 117)، حَتّٰى بَلَغَ (هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ) (التوبة: 118)، قَالَ: وَفِينَا نَزَلَتِ (اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِينَ) (التوبة: 119)، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِي اَنِّي لَا اُحَدِّثُ اِلَّا صِدْقًا، وَاَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِي كُلِّهِ صَدَقَةً اِلَى اللّٰهِ، وَاِلٰى رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ، قَالَ: فَقُلْتُ: فَاِنِّي اُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِي بِخَيْبَرَ، قَالَ: فَمَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ نِعْمَةٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ اَعْظَمَ فِي نَفْسِي مِنْ صِدْقِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ صَدَقْتُهُ اَنَا وَصَاحِبَايَ، اَنْ لَّا نَكُوْنَ كَذَبْنَا فَهَلَكْنَا كَمَا هَلَكُوا، وَمَا تَعَمَّدْتُ لِكَذْبَةٍ بَعْدُ، وَاِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَحْفَظَنِيَ اللّٰهُ

فِیمَا بَقِیَ، قَالَ الزُّهْرِیُّ: فَهٰذَا مَا انْتَهٰى اِلَیْنَا مِنْ حَدِیثِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ

عبدالرحمٰن بن کعب اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: میں کبھی بھی کسی جنگ میں نبی اکرم ﷺ سے پیچھے نہیں رہا' یہاں تک کہ غزوہ تبوک کا موقع آ گیا' البتہ میں غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوا تھا' لیکن نبی اکرم ﷺ نے ایسے کسی شخص پر ناراضگی کا اظہار نہیں کیا تھا جو غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوا تھا نبی اکرم ﷺ دراصل (قریش) کے قافلے کی تلاش میں نکلے تھے اور قریش اپنے قافلے کی مدد کرنے کے لیے نکلے تھے پہلے سے طے شدہ صورت حال کے بغیر دونوں لشکروں کا سامنا ہو گیا جس طرح اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: اور مجھے اپنی زندگی کی قسم! نبی اکرم ﷺ کے غزوات میں لوگوں کے نزدیک سب سے زیادہ باعث شرف بدر ہے' لیکن میری یہ خواہش نہیں ہے کہ میں اس میں شریک ہوا ہوتا اس کے بدلے میں کہ مجھے شب عقبہ میں بیعت کرنے کا شرف حاصل ہے' تو ہم نے اسلام پر ثابت قدم رہنے کا عہد کیا تھا اس کے بعد نبی اکرم ﷺ نے جس بھی غزوہ میں شرکت کی میں پیچھے نہیں رہا' یہاں تک کہ غزوہ تبوک کا موقع آیا' وہ آخری غزوہ ہے' جس میں نبی اکرم ﷺ نے شرکت کی۔ نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو روانگی کی اطلاع دی اور آپ ﷺ نے یہ ارادہ کیا کہ وہ لوگ جنگ میں حصہ لینے کی پوری طرح تیاری کر لیں۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب سائے پاکیزہ ہو گئے تھے پھل تیار ہو چکے تھے۔ نبی اکرم ﷺ کا یہ معمول تھا کہ جب بھی آپ ﷺ کسی جنگ میں حصہ لیتے تھے' تو اس کی سمت کا تعین نہیں کرتے تھے' آپ ﷺ یہ فرماتے تھے کہ جنگ دھوکہ دینے کا نام ہے' لیکن نبی اکرم ﷺ غزوہ تبوک کے بارے میں یہ چاہتے تھے کہ لوگ اچھی طرح سے تیاری کر لیں میں اس وقت پہلے سے زیادہ خوشحال تھا میں نے اپنی دو سواریاں بھی تیار کر لی تھیں میں اسی حالت میں رہا' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے اگلے دن جانے کی تیاری کر لی یہ جمعرات کے دن کی بات ہے۔ نبی اکرم ﷺ کو جمعرات کے دن روانہ ہونا پسند تھا آپ ﷺ صبح کے وقت روانہ ہوئے میں نے سوچا میں بازار جاتا ہوں اور سامان خریدتا ہوں پھر نبی اکرم ﷺ سے جا ملوں گا میں اگلے دن بازار گیا وہاں میرا کوئی کام پورا نہیں ہوا میں واپس آ گیا میں نے سوچا میں انشاء اللہ کل چلا جاؤں گا اور لوگوں سے جا ملوں گا پھر میرا کوئی کام پھنس گیا ایسا ہی ہوتا رہا' یہاں تک کہ میرے لیے گناہ رکاوٹ بنتا چلا گیا اور میں نبی اکرم ﷺ سے پیچھے رہ گیا پھر میں بازار میں چلتا پھرتا تھا مدینہ منورہ کے اطراف میں چلتا پھرتا تھا مجھے اس بات کا بھی افسوس تھا کہ مجھے کوئی ایسا شخص نظر نہیں آتا تھا جو نبی اکرم ﷺ سے پیچھے رہ گیا ہو صرف وہی شخص پیچھے رہا تھا جس کے بارے میں یہ خیال تھا کہ وہ منافق ہے اور وہی شخص پیچھے رہ سکتا تھا جس کے بارے میں میری یہ رائے ہو گی کہ وہ نبی اکرم ﷺ سے مخفی رہ گیا۔ لوگوں کی تعداد بہت زیادہ تھی آج کی طرح ان کے نام نہیں نوٹ ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ کے پیچھے رہ جانے والے تمام افراد اسی (**80**) کے لگ بھگ تھے۔ نبی اکرم ﷺ کو تبوک پہنچنے تک میرا خیال نہیں آیا جب آپ ﷺ تبوک پہنچے' تو آپ ﷺ نے دریافت کیا: کعب بن مالک کا کیا حال ہے؟ قوم کے ایک فرد نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! اس کی دو چادروں نے اور اس کی خود پسندی نے اسے پیچھے کر دیا ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے کہا: تم نے بہت غلط بات کہی ہے اے اللہ کے نبی ﷺ! اللہ کی قسم! (اس کے بارے میں) ہمیں صرف بھلائی کا علم ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ لوگ ابھی اسی حالت میں تھے کہ دور سے سراب کی مانند ایک شخص آتا ہوا نظر آیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابوخیثمہ ہو' تو وہ ابوخیثمہ ہی تھے جب نبی اکرم ﷺ نے

غزوہ تبوک مکمل کرلیا واپس تشریف لائے اور مدینہ منورہ کے قریب پہنچے' تو میں نے اس بات کے بارے میں سوچنا شروع کیا کہ میں نبی اکرم ﷺ کی ناراضگی سے کیسے بچ سکتا ہوں میں نے اپنے خاندان کے ہر سمجھ دار شخص سے اس بارے میں مدد لی' یہاں تک کہ جب یہ بات بیان کی گئی کہ نبی اکرم ﷺ کل صبح تشریف لے آئیں گے' تو باطل مجھ سے دور ہو گیا اور مجھے یہ بات پتہ چل گئی کہ میں صرف سچ بول کر ہی نجات حاصل کرسکتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ چاشت کے وقت (مدینہ منورہ) میں داخل ہوئے آپ ﷺ نے مسجد میں دو رکعات ادا کیں آپ ﷺ جب بھی کسی سفر سے تشریف لاتے تھے' تو ایسا ہی کیا کرتے تھے آپ ﷺ مسجد میں تشریف لاتے تھے وہاں دو رکعات ادا کرتے تھے پھر تشریف فرما ہو جاتے تھے پیچھے رہ جانے والے لوگ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے قسم اٹھانے لگے عذر پیش کرنے لگے۔ نبی اکرم ﷺ ان کے لیے دعائے مغفرت کرتے انہوں نے جو چیز ظاہر کی اسے قبول کرتے اور ان کے پوشیدہ معاملے کو اللہ کے سپرد کر دیتے جب میں مسجد میں داخل ہوا' تو نبی اکرم ﷺ تشریف فرما تھے' آپ ﷺ نے جب مجھے دیکھا' تو مسکرائے یوں جیسے کوئی شخص ناراضگی کے عالم میں مسکراتا ہے۔ میں آیا اور نبی اکرم ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم نے (سفر پر جانے کے لیے) جانور خرید نہیں لیا تھا میں نے عرض کی: جی ہاں اے اللہ کے نبی ﷺ۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: پھر تم پیچھے کیوں رہ گئے۔ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! اگر میں آپ ﷺ کے بجائے کسی اور شخص کے سامنے بیٹھا ہوتا' تو کوئی عذر پیش کر کے اس کی ناراضگی سے بچ جاتا' کیونکہ مجھے بات چیت کرنے کا فن عطا کیا گیا ہے۔ اے اللہ کے نبی ﷺ میں یہ بات جانتا ہوں کہ آج اگر میں آپ ﷺ کے ساتھ کوئی ایسی بات کر لیتا ہوں جس کی وجہ سے آپ ﷺ کو مجھ پر غصہ آئے' لیکن وہ بات سچ ہو' تو مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آخر کار اس کو ٹھیک کرے گا اور اگر میں آج آپ ﷺ کے ساتھ ایسی بات کرتا ہوں جس کی وجہ سے آپ ﷺ مجھ سے راضی ہو جائیں' لیکن وہ بات جھوٹ ہو' تو عنقریب میرے بارے میں اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو اطلاع دیدے گا۔ اللہ کی قسم! اے اللہ کے نبی ﷺ اب جب میں آپ ﷺ سے پیچھے رہ گیا تھا' تو میں اس سے پہلے کبھی اتنا خوشحال نہیں تھا اور اتنا فارغ البال نہیں تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے تم لوگوں کے ساتھ سچی بات بیان کی ہے تم اٹھ جاؤ جب تک اللہ تعالیٰ تمہارے بارے میں فیصلہ نہیں دے دیتا میں اٹھ گیا میری قوم کے کچھ افراد میرے پیچھے آئے وہ مجھے ڈانٹ رہے تھے اور کہہ رہے تھے اللہ کی قسم! ہمیں پتہ ہے کہ اس سے پہلے تم نے کبھی کوئی گناہ نہیں کیا۔ تم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کوئی عذر پیش کر دیتے جس سے نبی اکرم ﷺ تم سے راضی ہو جاتے اور نبی اکرم ﷺ اس کے بعد تمہارے لیے دعائے مغفرت کر دیتے تم ایسی جگہ پر کھڑے نہ ہوتے جس کے بارے میں ہمیں اندازہ نہیں ہو پا رہا کہ تمہارے بارے میں کیا فیصلہ ہوگا؟ وہ لوگ مسلسل مجھے ٹوکتے رہے' یہاں تک کہ میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں واپس جا کر اپنی ہی بات کو جھٹلا دیتا ہوں میں نے کہا: کیا میرے علاوہ کسی اور نے بھی اس طرح سچی بات کہی ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ اور حضرت مرارہ بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے بھی یہی بات کہی ہے۔ لوگوں نے دو ایسے افراد کا ذکر کیا تھا جو غزوہ بدر میں شریک ہو چکے تھے میرے لیے ان دونوں کی پیروی میں نمونہ تھا میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں کبھی بھی نبی اکرم ﷺ کی طرف اس بارے میں واپس نہیں جاؤں گا اور اپنی بات کو غلط قرار نہیں دوں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ہم تین آدمیوں سے بات چیت کرنے سے

لوگوں کو منع کر دیا میں بازار میں نکلتا تھا' لیکن کوئی میرے ساتھ بات نہیں کرتا تھا لوگ ہمیں پہچاننا چھوڑ گئے' یہاں تک کہ ان میں کوئی ایسا شخص نہیں رہا جس کے ساتھ ہم بات چیت کر سکتے۔ باغات ہمارے لیے اجنبی ہو گئے' یہاں تک کہ باغات میں کوئی ایسا شخص نہیں تھا جسے ہم جانتے زمین ہمارے لیے اجنبی ہو گئی' یہاں تک کہ زمین ہمیں اجنبی محسوس ہوتی تھی میں اپنے ساتھیوں سے زیادہ طاقتور تھا میں گھر سے باہر نکلتا تھا بازار کا چکر لگاتا تھا مسجد آجاتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا آپ ﷺ کو سلام کرتا تھا اور پھر دیکھتا تھا کہ آپ ﷺ نے سلام کا جواب دیتے ہوئے ہونٹوں کو حرکت دی ہے؟ جب میں ستون کی طرف رخ کر کے نماز ادا کر رہا ہوتا تھا اور نماز کی طرف متوجہ ہوتا تھا' تو نبی اکرم ﷺ اپنی آنکھوں کے گوشوں کے ذریعے میری طرف دیکھ لیتے تھے جب میں آپ ﷺ کی طرف دیکھتا تھا' تو آپ ﷺ مجھ سے منہ پھیر لیتے تھے میرے دونوں ساتھی بیمار ہو گئے وہ رات دن روتے رہتے تھے وہ اپنا سر باہر نہیں نکالتے تھے۔

ایک مرتبہ میں بازار گھوم رہا تھا' تو ایک عیسائی شخص وہاں کچھ فروخت کرنے کے لیے آیا ہوا تھا اور وہ یہ دریافت کر رہا تھا کہ کعب بن مالک تک مجھے کون پہنچا سکتا ہے؟ تو لوگوں نے میری طرف اشارہ کر دیا وہ غسان کے بادشاہ کا خط لے کر میرے پاس آیا اس میں یہ تحریر تھا:

''امابعد! مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ تمہارے آقا نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے اور تمہیں پرے کر دیا ہے تم بے عزتی کروانے کے لیے اور ضائع کیے جانے کے لیے نہیں ہو' تم ہم سے ملو ہم تمہاری خبر گیری کریں گے۔''

3635- إسناده صحيح، أبو أسماء الرحبي: هو عمرو بن مرثد .وأخرجه أحمد 5/280، والدارمي 2/21، والطحاوي في "مشكل الآثار " 3/119-120، وابن ماجه "1715" في الصيام: باب صيام ستة أيام من شوال، والبيهقي 4/293، والنسائي في "الكبرى" "كما في "التحفة" "2/138"، والخطيب في تأريخه 2/362 من طرق عن يحيى بن الحارث الذماري، بهذا الإسناد .

3636- إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو عوانة: هو وضاح اليشكري، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس .وأخرجه مسلم "1163" "202" في الصيام: باب فضل صوم المحرم، وأبو داوُد "2429" في الصوم: باب في صوم المحرم، والنسائي 3/206-207 في قيام الليل: باب فضل صلاة الليل، والترمذي "438" في الصلاة: باب ماجاء في فضل صلاة الليل، والبيهقي 4/290-291 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوُد "2429"، وأحمد 2/344، والدارمي 2/22، والبيهقي 4/290-291 من طرق عن أبي عوانة، بِهٖ .وأخرجه أحمد 2/303 و 329 و342 و 535 "وسقط من سند الأخير: محمد بن المنتشر "، ومسلم "1163" "203"، وابن خزيمة "2076"، والطحاوي في "مشكل الآثار " 2/101، والبيهقي 4/291 من طرق عن عبد الملك بن عمير، عن محمد بن المنتشر، عن حميد بن عبد الرحمٰن، بِهٖ .وأخرجه النسائي 3/207 من طريق شعبة، عن أبي بشر، عن حميد مرسلا .

(متن حدیث): اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ، وَاَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ صَلَاةُ اللَّيْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''رمضان کے مہینے کے بعد سب سے افضل روزے اللہ تعالیٰ کے مہینے محرم کے ہیں اور فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز رات کے وقت ادا کی جانے والی نماز ہے''۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصُوْمَ مَرَّةً، وَيُفْطِرَ مَرَّةً

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ کبھی (نفلی روزے) رکھے اور کبھی نہ رکھے

3637 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ كَاسِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ لَبِيدٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ عَائِشَةَ اَسْاَلُهَا عَنْ صِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ صَامَ، ثُمَّ يُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ اَفْطَرَ، وَمَا رَاَيْتُهُ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ اَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِيْ شَعْبَانَ، كَانَ يَصُوْمُهُ كُلَّهُ اِلَّا قَلِيْلًا

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' تاکہ ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روزہ رکھنے معمول کے بارے میں دریافت کروں' تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کسی مہینے میں) اتنے نفلی روزے رکھتے تھے کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ آپ روزے ہی رکھتے رہیں گے پھر آپ (کسی مہینے میں) نفلی روزے ترک کردیتے تھے' یہاں تک کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ آپ روزہ نہیں رکھیں گے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رمضان کے علاوہ اور کسی بھی مہینے میں شعبان سے زیادہ روزے رکھتے نہیں دیکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کے کچھ دنوں میں روزہ نہیں رکھتے تھے باقی پورا مہینہ روزہ رکھتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِصِيَامِ نِصْفِ الدَّهْرِ لِمَنْ قَوِيَ عَلٰى اَكْثَرِ مِنْ صِيَامِ اَيَّامِ الْبِيضِ

جو شخص ایام بیض کے روزوں سے زیادہ روزے رکھنے کی طاقت رکھتا ہو اسے نصف عرصہ

3637– إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن كاسب –وهو يعقوب بن حميد بن كاسب– فروى له أصحاب السنن، وهو صدوق، وقد توبع .وأخرجه أحمد 6/39، وابن أبي شيبة 3/103، ومسلم "1156" "176" في الصيام: باب صيام النبي صلى الله عليه وسلم، والنسائي 4/151 في الصيام: باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر عائشة فيه، وابن ماجه "1710" في الصيام: باب ماجاء في صيام النبي صلى الله عليه وسلم، من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/128 و 143 و 165 و 189 و233 و268، وابن أبي شيبة 3/103، والبخاري "1970" في الصوم: باب صوم شعبان، ومسلم "782" ص 811، والنسائي 4/151 و199–200 باب صوم النبي صلى الله عليه وسلم بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر، وابن خزيمة "2078" و "2079"، والبغوي "1777"، والبيهقي 4/292 من طرق عن أبي سلمة، به . وانظر الحديث رقم "3580" و "3648" .

(یعنی ایک دن چھوڑ کر ایک دن) روزہ رکھنے کے حکم ہونے کا تذکرہ

3638 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْكَرْخِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، بَلَغَنِيْ اَنَّكَ تَصُوْمُ النَّهَارَ وَتَقُوْمُ اللَّيْلَ، فَلَا تَفْعَلْ، فَاِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَاِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، صُمْ وَاَفْطِرْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، صَوْمُ الدَّهْرِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ اَجِدُ قُوَّةً، قَالَ: صُمْ صَوْمَ دَاوُدَ، صُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمًا، قَالَ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ اَخَذْتُ الرُّخْصَةَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! مجھے پتہ چلا ہے کہ تم روزانہ نفلی روزہ رکھ لیتے ہو۔ رات بھر نفل پڑھتے رہتے ہو۔ تم ایسا نہ کرو تمہارے جسم کا تم پر حق ہے۔ تمہاری جان کا تم پر حق ہے۔ تم (نفلی) روزہ رکھا بھی کرو اور چھوڑ بھی دیا کرو۔ تم ہر مہینے میں تین روزے رکھ لیا کرو تو یہ ہمیشہ (یعنی پورا مہینہ) روزہ رکھنے کے مترادف ہو جائے گا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں قوت کو پاتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم حضرت داؤد علیہ السلام کے طریقے کے مطابق روزہ رکھو۔ تم ایک دن روزہ رکھا کرو اور ایک دن نہ رکھا کرو۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کاش میں نے رخصت کو اختیار کر لیا ہوتا۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ يَوْمٍ وَّاِفْطَارِ يَوْمٍ اِذْ هُوَ صَوْمُ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، اَوْ صَوْمِ يَوْمٍ وَّاِفْطَارِ يَوْمَيْنِ لِمَنْ عَجَزَ عَنْ ذٰلِكَ

ایک دن روزہ رکھنے اور ایک دن روزہ نہ رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

کیونکہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے اور جو شخص ایسا نہیں کر سکتا ہے اس کے لیے ایک دن روزہ رکھنے اور دو دن روزہ نہ رکھنے (کے مستحب ہونے کا تذکرہ)

3639 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ

3638– إسناده صحيح، أحمد بن الوليد الكرخي: ذكره المؤلف في "الثقات" 8/45 فقال: من أهل سامرا، يروي عن أبي نعيم والعراقيين، حدثنا عنه حاجب بن اركين وغيره . وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين . عفان: هو ابن مسلم الباهلي .وأخرجه أحمد 2/194 من طريق عفان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/194، ومسلم "1159" "193" في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر لمن تضرر به أو فوت به حقا أو لم يفطر العيدين والتشريق، من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، عن سليم بن حيان، بِهِ . وانظر الحديث رقم "3571" و "3640" و "3658" و "3660" .

بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، كَيْفَ تَصُوْمُ؟، قَالَ: فَغَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَاَى ذٰلِكَ عُمَرُ، قَالَ: رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا، نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهٖ، وَجَعَلَ يُرَدِّدُهَا حَتّٰى سَكَنَ مِنْ غَضَبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، كَيْفَ مَنْ يَّصُوْمُ يَوْمَيْنِ وَيُفْطِرُ يَوْمًا؟، قَالَ: وَيُطِيقُ ذٰلِكَ اَحَدٌ؟، قَالَ: فَكَيْفَ مَنْ يَّصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ اَخِي دَاوُدَ، قَالَ: فَكَيْفَ بِمَنْ يَّصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمَيْنِ؟، قَالَ: وَدِدْتُّ اَنِّي طُوِّقْتُ ذَاكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَمْ يَكُنْ غَضَبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَجْلِ مَسْاَلَةِ هٰذَا السَّائِلِ عَنْ كَيْفِيَّةِ الصَّوْمِ، وَاِنَّمَا كَانَ غَضَبُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ السَّائِلَ سَاَلَهُ، قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كَيْفَ تَصُوْمُ؟، قَالَ: فَكَرِهَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتِخْبَارَهُ عَنْ كَيْفِيَّةِ صَوْمِهٖ مَخَافَةَ اَنْ لَوْ اَخْبَرَهُ يَعْجِزُ عَنْ اِتْيَانِ مِثْلِهٖ، اَوْ خَشِيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّائِلِ وَاُمَّتِهٖ جَمِيعًا اَنْ يُّفْرَضَ عَلَيْهِمْ ذٰلِكَ فَيَعْجِزُوْا عَنْهُ

❁❁ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ کیسے روزہ رکھتے ہیں؟ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غصے میں آ گئے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ صورتحال دیکھی، تو انہوں نے عرض کی: ہم اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے سے راضی ہیں (یعنی اس پر ایمان رکھتے ہیں) اور ہم اللہ کے غضب اور اس کے رسول کے غضب سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسلسل یہ بات دہراتے رہے، یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ ختم ہوا۔ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ایسے شخص کا کیا حکم ہوگا جو دو دن روزہ رکھتا ہے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا کوئی ایسا کر سکتا ہے؟ انہوں نے دریافت کیا: ایسے شخص کا کیا حکم ہوگا جو ایک دن روزہ رکھتا ہے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرے بھائی حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: ایسے شخص کا کیا حکم ہوگا جو ایک دن روزہ رکھتا ہے اور دو دن روزہ نہیں رکھتا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری یہ خواہش ہے کہ مجھ میں اس کی طاقت ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس سائل کے روزے کی کیفیت کے بارے میں دریافت کرنے کی وجہ سے غضب ناک نہیں ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات پر غضب ناک ہوئے تھے کہ اس سائل نے آپ سے یہ سوال کیا تھا کہ اے اللہ کے نبی آپ کیسے روزے رکھتے ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کو ناپسند کیا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روزے کی کیفیت کے

3639- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه مسلم "1162" "196" في الصيام: باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء والاثنين والخميس، وأبو داوٗد "2425" في الصوم: باب صوم الدهر تطوعا، وابن ماجه "1713" في الصيام: باب ما جاء في صيام داوٗد عليه السلام، وابن خزيمة "2111" من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .
وانظر الحديث رقم "3642" .

بارے میں دریافت کرے۔ نبی اکرم ﷺ کو یہ اندیشہ تھا کہ اگر آپ نے اس کو اس بارے میں بتا دیا تو وہ اس کی مانند روزہ نہیں رکھ سکے گا یا پھر نبی کو اس سائل اور آپ کی اُمت کے بارے میں یہ اندیشہ تھا کہ کہیں یہ ان لوگوں پر لازم نہ ہو جائے اور وہ اسے ادا نہ پائیں گے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اقْتِصَارِ الْمَرْءِ عَلٰى صِيَامِ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام کے روزہ رکھنے کے طریقے پر اکتفاء کرے

3640 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَحَدَّثَنَا،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذُكِرَ لَهُ صَوْمِي، فَدَخَلَ عَلَيَّ وَاَلْقَيْتُ وِسَادَةً مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ، فَجَلَسَ عَلَى الْاَرْضِ، وَصَارَتِ الْوِسَادَةُ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ، فَقَالَ: اَمَا يَكْفِيكَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثٌ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: خَمْسٌ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: سَبْعٌ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: تِسْعٌ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اِحْدَى عَشْرَةَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا صَوْمَ فَوْقَ صَوْمِ دَاوُدَ، شَطْرُ الدَّهْرِ صِيَامُ يَوْمٍ، وَاِفْطَارُ يَوْمٍ

✿✿ ابوملیح بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو انہوں نے ہمیں یہ حدیث بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے میرے (نفلی) روزہ رکھنے کا ذکر کیا گیا' تو آپ میرے پاس تشریف لائے میں نے چمڑے کا بنا ہوا تکیہ پیش کیا جس میں پتے بھرے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ زمین پر تشریف فرما ہوئے وہ تکیہ میرے اور آپ کے درمیان تھا آپ نے دریافت کیا: تمہارے لیے ہر مہینے میں تین روزے رکھنا کافی نہیں ہیں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پانچ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سات۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: گیارہ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت داؤد علیہ السلام کے روزہ رکھنے کے طریقے سے زیادہ روزہ نہیں رکھا جا سکتا جو نصف زمانہ ہوگا۔ ایک دن روزہ ہوگا اور ایک دن روزہ نہیں ہوگا۔

3640- إسناده صحيح على شرط مسلم . خالد الأول: هو ابن عبد الله بن عبد الرحمٰن الطحان الواسطي، وخالد الآخر: هو ابن مهران الحذاء، وأبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي، وأبو المليح: هو ابن أسامة بن عمير، اسمه عامر، وقيل: زيد، وقيل: زياد .وأخرجه البخاري "6277" في الاستئذان: باب من ألقى له وسادة، ومسلم "1159" "191" في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر لمن تضرر به أو فوت به حقاً، من طريق خالد بن عبد الله، بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوي 2/86 من طريق خالد الحذاء، به . وانظر الحديث "3571" و "3638" و "3658" و "3660" .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصُومَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ اَيَّامًا مَعْلُوْمَةً

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ ہر مہینے میں متعین دنوں میں روزہ رکھ لے

3641 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ عَوْنٍ الرَّيَّانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حديث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کے تین چمکدار دنوں میں (یعنی تیرہ چودہ پندرہ تاریخ کو) روزہ رکھا کرتے تھے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ، لِاَنَّ فِيْهِ وُلِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيْهِ اُنْزِلَ عَلَيْهِ ابْتِدَاءُ الْوَحْيِ

پیر کے دن روزہ رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ کیونکہ اس دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تھی اس دن میں آپ پر وحی کے نزول کا آغاز ہوا تھا

3642 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِىْ قَتَادَةَ،

(متن حديث):اَنَّ اَعْرَابِيًّا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ الدَّهْرِ؟، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ اَوْ قَالَ: لَا اَفْطَرَ وَلَا صَامَ فَقَامَ غَيْرُهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُوْمُ مِنْ

3641– إسناده حسن . رجاله رجال مسلم غير عاصم–وهو ابن بهدلة– فإن الشيخين رويا له مقرونا، وهو صدوق . أبو داوٗد: هو الطيالسي، وشيبان: هو ابن عبد الرحمٰن النحوي .وهو في "مسند الطيالسي " "360" ومن طريقه أخرجه أبو داوٗد "2450" في الصوم: باب في صوم الثلاثة من كل شهر، وابن خزيمة "2129"، والبيهقي 4/294 .وأخرجه أحمد 1/406، والترمذي "742" في الصوم: باب ما جاء في صوم يوم الجمعة، والبغوي "1803" من طرق عن شيبان، بِه . وقال الترمذي: حديث حسن غريب . انظر الحديث رقم "3645" .

3642– إسناده صحيح على شرط مسلم . عبد الله بن معبد: هو الزماني .وأخرجه ابن خزيمة "2117" من طريق عبد الأعلى، عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 4/286 من طريق هشام عن قتادة، بِه .وأخرجه أحمد 5/296–297 و310–311، وابن أبي شيبة 3/78، ومسلم "1162" "197" "198" في الصيام: باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء والاثنين والخميس، وأبو داوٗد "2426" في الصوم: باب في صوم الدهر تطوعا، والنسائي 4/207 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على غيلان بن جرير فيه، وابن خزيمة "2117" و"2126"، والبيهقي 4/286 و300، والبغوي "1789" و "1790" من طرق عن غيلان بن جرير، بِه . وانظر الحديث رقم "3639" .

كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ؟ قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ الدَّهْرِ قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُومُ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، قَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ وُلِدْتُ فِيهِ، وَيَوْمٌ اُنْزِلَ عَلَيَّ قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا؟ قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ اَخِي دَاوُدَ

❁❁ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمیشہ روزہ رکھنے (یعنی روزانہ نفلی روزہ رکھنے) کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسے شخص نے نہ روزہ رکھا اور نہ ہی روزہ چھوڑا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نہ اس نے روزہ چھوڑا اور نہ اس نے روزہ رکھا" پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جو ہر مہینے میں تین روزے رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ہمیشہ (یعنی پورا مہینہ) نفلی روزہ رکھنے کے مترادف ہے۔ اس شخص نے عرض کی: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جو پیر کے دن روزہ رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ دن ہے جس میں میری پیدائش ہوئی تھی اور اسی دن میں مجھ پر (قرآن یا وحی) نازل کیا گیا اس شخص نے عرض کی: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جو ایک روزہ رکھتا ہے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرے بھائی حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے۔

ذِكْرُ تَحَرِّي الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اہتمام کے ساتھ پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھنا

3643 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافَى الْعَابِدُ، بِصَيْدَا، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ الْغَازِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ صِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ حَتّٰى يَصِلَهُ بِرَمَضَانَ، وَكَانَ يَتَحَرّٰى صِيَامَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

❁❁ ربیعہ بن غاز بیان کرتے ہیں: انہوں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (نفلی) روزہ رکھنے کے بارے میں دریافت کیا: تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کا تقریباً پورا مہینہ ہی نفلی روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ آپ اسے رمضان کے ساتھ ملا دیتے تھے البتہ آپ اہتمام کے ساتھ پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔

3643- إسناده صحيح على شرط البخاري غير ربيعة، وهو ثقة .وأخرجه ابن ماجه "1739" في الصيام: باب صيام يوم الاثنين والخميس، من طريق هشام بن عمار عن يحيى، عن ثور، عن خالد، عن ربيعة بن الغاز، عن عائشة .وأخرجه النسائي 4/153 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على خالد بن معدان في هذا الحديث، و 4/202-203 باب صوم النبي صلى الله عليه وسلم بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر في ذلك، والترمذي "745" في الصوم: باب ما جاء في صوم يوم الاثنين والخميس، من طريق عمرو بن علي الفلاس، عن عبد الله بن داوُد، عن ثور بن يزيد، بِهِ . وقال الترمذي: حديث حسن غريب من هذا الوجه .وأخرجه أحمد 6/89، والنسائي 4/152-153 و202 من طريق بقية، عن بحير بن سعد، عن خالد بن معدان، عن جبير بن نفير، عن عائشة . وأخرجه أحمد 6/80 و 106، والنسائي 4/203 من طريق سفيان، عن ثور، عن خالد بن معدان، عن عائشة .وأخرجه النسائي 4/203 من طريق أحمد بن سليمان، عن أبي داوُد، عن سفيان، عن منصور، عن خالد بن سعد، عن عائشة .

ذِكْرُ فَتْحِ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فِي كُلِّ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ وَعَرْضِ اَعْمَالِ الْعِبَادِ عَلٰى بَارِئِهِمْ جَلَّ وَعَلَا فِيهِمَا

ہر پیر اور جمعرات کے دن جنت کے دروازے کھول دیئے جانے اور بندوں کے اعمال ان کے پروردگار کی بارگاہ میں ان دونوں میں پیش کیے جانے کا تذکرہ

3644 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى التَّمِيمِيُّ، بِالْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ، عَنْ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تُفْتَحُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ كُلَّ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ، وَتُعْرَضُ الْاَعْمَالُ فِي كُلِّ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر پیر اور جمعرات کے دن جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور ہر پیر اور جمعرات کے دن (لوگوں کے) اعمال (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) پیش کیے جاتے ہیں''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ عَلَى الدَّوَامِ مَقْرُونًا بِمِثْلِهِ

جمعہ کے دن باقاعدگی سے روزہ رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ جو اس کے مثل کے ہمراہ ملا ہوا ہے

3645 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْخُلْقَانِيُّ، بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ: اَخْبَرَنَا اَبُو حَمْزَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، وَقَلَّمَا يُفْطِرُ

3644– حديث صحيح . إبراهيم بن محمد: هو ابن عرعرة بن البرند القرشي السامي ثقة من رجال مسلم والنسائي، وأبو عرعرة: قال الذهبي في "الميزان" 3/63: وثقه ابن حبان وغيره، وضعفه علي بن المديني، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق يهم . وقد توبع، وباقي رجاله على شرط الصحيح .وهو في "المصنف" "7914"، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/268 . وأخرجه مالك 2/908، في حسن الخلق: باب ماجاء في المهاجرة، وأحمد 2/329، والدارمي 2/20، ومسلم "2565" في البر والصلة: باب النهي عن الشحناء والتهاجر، والترمذي "747" في الصوم: باب ما جاء في صوم يوم الاثنين والخميس، وابن ماجه "1740" في الصيام: باب صيام يوم الاثنين والخميس، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 2/909، ومن طريقه مسلم "2565" "36"، وابن خزيمة "2120"، وأخرجه عبد الرزاق "7915"، ومسلم "2565" "36" من طريق مسلم بن أبي مريم، عن أبي صالح، بِهِ .وأخرجه أحمد 2/483–484 من طريق يونس بن محمد، عن الخزرج بن عثمان السعدي، عن أبي أيوب، عن أبي هريرة .وفي الباب عن أسامة بن زيد عند عبد الرزاق "7917"، وابن أبي شيبة 3/42–43، وأبو داوُد "3436"، والنسائي 4/201و 201–202، وابن خزيمة "2119"، والبيهقي 4/293 .

يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کے چمکدار دنوں میں تین روزے رکھا کرتے تھے اور بہت کم ایسا ہوتا کہ آپ جمعہ کے دن روزہ نہیں رکھتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصُومَ يَوْمَ السَّبْتِ وَالْاَحَدِ اِذْ هُمَا عِيْدَانِ لِاَهْلِ الْكِتَابِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ ہفتے اور اتوار کے دن روزہ رکھے کیونکہ یہ دو دن اہل کتاب کی عید کے دن ہیں

3646 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، (متن حدیث): قَالَ: اَرْسَلَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ وَّنَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ اَسْاَلَهَا: اَيُّ الْاَيَّامِ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرُهَا صَوْمًا؟، فَقَالَتْ: يَوْمَ السَّبْتِ وَيَوْمُ الْاَحَدِ، فَاَتَيْتُهُمْ فَاَخْبَرْتُهُمْ، فَاَنْكَرُوا ذٰلِكَ عَلَيَّ، فَظَنُّوا اَنِّي لَمْ اَحْفَظْ فَرَدُّونِي، فَقَالَتْ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَاَخْبَرْتُهُمْ فَقَامُوْا بِاَجْمَعِهِمْ، فَقَالُوا: اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَيْكِ فِي كَذَا وَكَذَا، فَزَعَمَ اَنَّكِ قُلْتِ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَتْ: صَدَقَ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ يَوْمَ السَّبْتِ وَيَوْمَ الْاَحَدِ اَكْثَرَ مَا كَانَ يَصُومُ مِنَ الْاَيَّامِ، وَيَقُوْلُ: اِنَّهُمَا عِيْدَانِ لِلْمُشْرِكِيْنَ، فَاُحِبُّ اَنْ اُخَالِفَهُمْ

کریب بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا' تا کہ میں ان سے یہ دریافت کروں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ تر کون سے دن میں روزہ رکھتے تھے' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: ہفتہ کے دن اور اتوار کے دن میں ان لوگوں کے پاس واپس آیا اور انہیں اس بارے میں بتایا' تو انہوں نے میری اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔ انہوں نے یہ گمان کیا کہ شاید میں نے بات کو صحیح طرح سے یاد نہیں رکھا۔ انہوں نے دوبارہ مجھے بھیجا' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اسی کی مانند جواب دیا میں نے ان لوگوں کو آ کر بتایا' تو وہ سب لوگ خود اٹھے اور (سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے) انہوں نے بتایا: ہم نے اس مسئلے کے بارے میں (اس شخص کو) آپ کی

3645- إسناده حسن . عاصم-وهو ابن أبي النجود-: صدوق، وباقي رجاله ثقات . أبو حمزة: هو محمد بن ميمون المروزي السكري . وأخرجه النسائي 4/204 في الصيام: باب صوم النبي صلى الله عليه وسلم بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر في ذلك، من طريق مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، بهذا الإسناد . وأخرجه البيهقي 4/294 من طريق العباس بن محمد الدوري عن علي بن الحسن بن شقيق، به . وأخرج القسم الأخير منه: الطيالسي "359"، وابن أبي شيبة 3/46، والبيهقي 4/294 من طريق شيبان عن عاصم، به . ولفظه: "مارأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم مفطراً يوم الجمعة" . وانظر الحديث رقم "3641" .

3646- إسناده حسن وقد تقدم برقم "3616" .

خدمت میں بھیجا تھا اس نے یہ بات بیان کی ہے کہ آپ نے یہ جواب دیا ہے تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے نبی اکرم ﷺ زیادہ تر ہفتے کے دن اور اتوار کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔ آپ یہ فرماتے تھے: یہ دونوں مشرکین کے عید کے دن ہیں (وہ ان دنوں میں کھاتے پیتے ہیں) تو میں یہ چاہتا ہوں کہ میں ان کے برخلاف کروں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالَمًا مِّنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ عَائِشَةَ وَابْنِ مَسْعُودٍ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3647 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِيُّ، بِجُرْجَانَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ، قُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ، كَيْفَ كَانَ عَمَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَخُصُّ شَيْئًا مِّنَ الْاَيَّامِ؟، قَالَتْ: لَا، كَانَ عَمَلُهُ دِيمَةً، وَاَيُّكُمْ يَسْتَطِيعُ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَطِيعُ؟

❀❀ علقمہ بیان کرتے ہیں: میں نے اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: میں نے کہا: اے اُمّ المومنین! نبی اکرم ﷺ کا عمل کس طرح کا ہوتا تھا۔ کیا آپ کسی دن کو خاص کر لیتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ کا عمل باقاعدگی سے ہوتا تھا اور تم میں سے کون شخص اس کی استطاعت رکھتا جس کی استطاعت نبی اکرم ﷺ رکھتے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِالْاِيمَاءِ الَّذِي اَشَرْنَا اِلَيْهِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اشارے کے ذریعے اس بات کی صراحت کرتی ہے جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے

3648 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

3647– إسناده صحيح على شرط الشيخين ـ جرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وعلقمة: هو ابن قيس .وأخرجه البخاري "6466" في الرقاق: باب القصد والمداومة على العمل، وأبو داوُد "1370" في الصلاة: باب ما يؤمر به من القصد في الصلاة، من طريق عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/43، ومسلم "783" في الصلاة المسافرين: باب فضيلة العمل الدائم من قيام الليل وغيره، من طريق جرير، بِهِ .وأخرجه أحمد 6/55 و174 و189، والطيالسي "1398"، والبخاري "1987" في الصوم: باب هل يخص شيئاً من الأيام، والبيهقي 4/299 من طرق عن منصور، بِهِ .

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يَصُوْمُ، وَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ قَطُّ اِلَّا رَمَضَانَ، وَمَا رَاَيْتُهُ اَكْثَرَ صِيَامًا مِّنْهُ فِيْ شَعْبَانَ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (نفلی) روزے رکھا کرتے تھے یہاں تک کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ آپ کوئی نفلی روزہ ترک نہیں کریں گے اور بعض اوقات آپ نفلی روزہ رکھنا چھوڑ دیتے تھے یہاں تک کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ اب آپ کوئی نفلی روزے نہیں رکھیں گے۔ میں نے رمضان کے علاوہ اور کسی بھی مہینے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شعبان سے زیادہ روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ

ہر مہینے کے تین دن کے روزے رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

3649 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، اَنَّ مُطَرِّفًا مِّنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ حَدَّثَهُ:

(متن حدیث): اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِي الْعَاصِ دَعَا بِلَبَنٍ لِيَسْقِيَهُ، فَقَالَ مُطَرِّفٌ: اِنِّيْ صَائِمٌ، فَقَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ كَجُنَّةِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْقِتَالِ، وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: صِيَامٌ حَسَنٌ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ

❀❀ مطرف بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے دودھ منگوایا' تا کہ انہیں پلوائیں۔ مطرف نے کہا: میں نے تو روزہ رکھا ہوا ہے' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: روزہ ڈھال ہے جس طرح کسی شخص کی جنگ میں حصہ لینے کے لئے ڈھال ہوتی ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

3648- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأبو النضر: هو سالم بن أبي أمية . وأخرجه البغوي "1776" من طريق أبي مصعب أحمد ب بن أبي بكر، بهذا الإسناد . وهو في "الموطأ" 1/309 في الصيام: باب جامع الصيام، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/107 و153 و242، والبخاري "1969" في الصوم: باب صوم شعبان، ومسلم "1156" "175" في الصيام: باب صيام النبي صلى الله عليه بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر، والبيهقي 4/292 و299 . وانظر الحديث رقم "3580" و "3637" .

3649- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن رمح، فمن رجال مسلم . مطرف: هو ابن عبد الله بن الشخير . وأخرجه ابن ماجه "1639" في الصيام: باب ما جاء في فضل الصيام، على طريق محمد بن رمح المصري، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/22 و217، والنسائي 4/167 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على محمد بن أبي يعقوب في حديث أبي أمامة في فضل الصائم، و4/219 باب ذكر الاختلاف على أبي عثمان في حديث أبي هريرة في صيام ثلاثة أيام من كل شهر، وابن خزيمة "2125"، والطبراني "8360"/9 من طرق عن الليث بن سعد، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/4، والنسائي 4/167، والطبراني "8361"/9 و "8363" من طرق عن محمد بن إسحاق، عن سعيد بن أبي هند، به . وأخرجه أحمد 4/217- 218، والطبراني "8364" من طريق حماد بن سلمة، عن سعيد الجريري، عن يزيد بن عبد الله أبي العلاء، عن مطرف، به .

''عمدہ روزے ہر ماہ کے تین دن کے ہیں''۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّجْعَلَ هٰذِهِ الْاَيَّامَ الثَّلَاثَ اَيَّامَ الْبِيضِ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ ان تین دنوں کو ایام بیض کرلے

3650 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَرْنَبٍ قَدْ شَوَاهَا، وَجَاءَ مَعَهَا بِاَدَمِهَا فَوَضَعَهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاَمْسَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَاْكُلْ، وَاَمَرَ اَصْحَابَهُ اَنْ يَّاْكُلُوا، وَاَمْسَكَ الْاَعْرَابِيُّ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تَاْكُلَ؟، قَالَ: اِنِّي اَصُومُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِّنَ الشَّهْرِ، قَالَ: اِنْ كُنْتَ صَائِمًا فَصُمْ اَيَّامَ الْغُرِّ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مُوْسَى بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَسَمِعَهُ مِنِ ابْنِ الْحَوْتَكِيَّةِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، وَالطَّرِيْقَانِ جَمِيْعًا مَحْفُوظَانِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی گوشت بھون کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے کر آیا وہ اس کے ہمراہ اس کا سالن بھی لے کر آیا تھا اس نے اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ کو روک لیا آپ نے اسے کھایا نہیں آپ نے اپنے ساتھیوں کو یہ ہدایت کی کہ وہ کھالیں اس دیہاتی نے بھی اسے نہیں کھایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: تم کیوں نہیں کھا رہے ہے؟ اس نے جواب دیا: میں ہر مہینے کے تین دن روزے رکھتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم نے روزہ رکھنا ہی ہوتا ہے' تو چمکدار دنوں میں روزے رکھا کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): موسیٰ بن طلحہ نے یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اور انہوں نے یہ روایت ابن حوتکیہ کے حوالے سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے بھی سنی ہے' تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ بِكِتْبَةِ صَائِمِي الْبِيضِ لَهُمْ اَجْرَ صَوْمِ الدَّهْرِ

ایام بیض کا روزہ رکھنے والوں پر اللہ تعالیٰ کا یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ ان کے لیے ہمیشہ روزہ رکھنے (یعنی پورا مہینہ روزہ رکھنے) کے اجر کو نوٹ کیا جاتا ہے

3650– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو عوانة: هو وضاح اليشكري .وأخرجه أحمد 2/336 و346، والنسائي 4/222 في الصيام: باب ذكر ولاختلاف على موسى بن طلحة في الخبر في صيام ثلاثة أيام من الشهر، و 7/196 في الصيد: باب الأرنب، من طرق عن أبي عوانة، بهذا الإسناد .والغر، أي: البيض .وأخرجه النسائي 4/224 من طريق موسى بن طلحة مرسلاً . وانظر الحديث رقم "3655" و "3656" .

3651 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ سِيرِينَ، سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ الْمِنْهَالِ، عَنْ أَبِيهِ:

(متن حدیث): أَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُهُمْ بِصِيَامِ الْبِيضِ، وَيَقُوْلُ: هِيَ صِيَامُ الدَّهْرِ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ: الْمِنْهَالُ هُوَ ابْنُ مِلْحَانَ الْقَيْسِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ، وَلَيْسَ فِي الصَّحَابَةِ مِنْهَالٌ غَيْرُهُ

عبدالملک بن منہال اپنے والد کا یہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ روشن دنوں کے روزہ رکھنے کا حکم دیتے تھے۔ آپ یہ فرماتے تھے: یہ ہمیشہ روزہ رکھنے کے مترادف ہے (یعنی پورا مہینہ روزہ رکھنے کے مترادف ہے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): منہال نامی راوی ملحان قیسی کے صاحب زادے ہیں۔ یہ صحابی رسول ہیں صحابہ کرام میں ان کے علاوہ اور کسی کا نام منہال نہیں ہے۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ بِكِتْبَةِ صِيَامِ الدَّهْرِ، وَقِيَامِهِ لِمَنْ صَامَ الْأَيَّامَ الثَّلَاثَةَ مِنَ الشَّهْرِ

جو شخص ہر مہینے میں تین دن روزے رکھتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ کا یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ

(اس کے لیے) ہمیشہ روزہ رکھنے اور نوافل ادا کرنے (یعنی پورا مہینہ روزے رکھنے اور نوافل ادا کرنے کا اجر نوٹ کیا جاتا ہے)

3652 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ يَعْلَى، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ،

3651– حديث صحيح . عبد الملك بن منهال: قال في "التهذيب" 6/414: عبد الملك بن قتادة بن ملحان القيسي، ويقال: قدامة بدل قتادة، ويقال: عبد الملك بن المنهال، ويقال: ابن أبي المنهال . عن أبيه مرفوعاً في صوم الأيام البيض، وعنه أنس بن سيرين، قال ابن المديني: لم يرو عنه غيره، وذكره ابن حبان في "الثقات" . وقال ابن حجر: قال البخاري: عداده في البصريين قال: أخبرنا أبو الوليد الطيالسي: وهم شعبة في قوله: "ابن المنهال" يعني أن الصواب: ابن ملحان، والله أعلم، وأما ابن حبان فقال: هو عبد الملك بن المنهال بن ملحان . وباقي رجاله ثقات .وأخرجه أبو داوُد الطيالسي "1225"، وأحمد 5/28، والنسائي 4/224 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على موسى بن طلحة في الخبر في صيام ثلاثة أيام من الشهر، وابن ماجه "1707" في الصيام: باب ما جاء في صيام ثلاثة أيام من كل شهر، والطبراني "24"/19، والبيهقي 4/294 من طريق شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/27 و28، وأبو داوُد "2449" في الصوم: باب في صوم الثلاث من كل شهر، والنسائي 4/225، وابن ماجه "1707"، والطبراني /19 "23"، والبيهقي 4/294 من طريق همام، عن أنس بن سيرين، بِهِ .وفي الباب عن جرير بن عبد الله عند النسائي 4/221، وعن أبي ذر، وسيأتي برقم "3655"، وعن قرة وهو الآتي .

3652– إسناده صحيح على شرط الشيخين غير صحابيه قرة– وهو ابن إياس بن هلال المزني– فقد روى له أصحاب السنن يحيى بن سعيد: هو القطان .وأخرجه البزار "1059" من طريق عمرو بن علي، عن يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/435 و4/19 و5/35، والدارمي 2/19، والطبراني "53"/19، والبزار "1059" من طرق عن شعبة، بِهِ . ولفظه عندهم: "صيام ثلاثة أيام من كل شهر صيام الدهر وإفطاره" . وذكره الهيثمي في "المجمع" 3/196 وقال: رواه أحمد والبزار، والطبراني في "الكبير"، ورجال أحمد رجال الصحيح . ونظر الحديث الآتي .

عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: صَوْمُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ صِيَامُ الدَّهْرِ وَقِيَامُهُ

معاویہ بن قرۃ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر مہینے میں تین روزے رکھ لینا پورا مہینہ روزہ رکھنے اور اس کے نوافل ادا کرنے کے مترادف ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3653 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، حَدَّثَنَا فَيَّاضُ بْنُ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ،

(متن حدیث): وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلٰى رَاْسِهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِيَامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ صِيَامُ الدَّهْرِ وَاِفْطَارُهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: قَالَ وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ فِي هٰذَا الْخَبَرِ: وَاِفْطَارُهُ، وَقَالَ يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ شُعْبَةَ: وَقِيَامُهُ، وَهُمَا جَمِيعًا حَافِظَانِ مُتْقِنَانِ

معاویہ بن قرۃ مزنی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ان کے سر پر اپنا دست اقدس پھیرا تھا' وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ہر مہینے کے تین روزے رکھ لینا پورا مہینہ روزہ رکھنے اور افطار کرنے کے مترادف ہے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں شاید راوی کو غلط فہمی ہوئی ہے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) وکیع نے شعبہ کے حوالے سے اس روایت میں الفاظ نقل کیے ہیں ''اور اس کا روزہ نہ رکھنا'' جبکہ یحییٰ قطان نے شعبہ کے حوالے سے یہ نقل کیا ہے: ''اس کا قیام کرنا'' اور یہ دونوں حضرات حافظ اور متقن ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُبَاحٌ لَهُ اَنْ يَصُومَ هٰذِهِ الْاَيَّامَ الثَّلَاثَ مِنْ اَيِّ الشَّهْرِ شَاءَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مباح ہے کہ وہ مہینے میں جب چاہے ان تین دنوں کے روزے رکھ لے

3654 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ، عَنْ مُعَاذَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ؟، قَالَتْ: نَعَمْ،

3653- فياض بن زهير: ذكره المؤلف في "الثقات" 9/11 فقال: فياض بن زهير من أهل نسا، يروى عن وكيع بن الجراح، وجعفر بن عون، حدثنا عنه محمد بن أحمد بن أبي عون وغيره من شيوخنا، مات بعد سنة خمسين ومئتين . وباقي رجاله ثقات .

قُلْتُ: مِنْ اَیِّهٖ؟ ، قَالَتْ: لَمْ یُبَالِ مِنْ اَیِّهٖ صَامَ

❁❁ معاذہ نامی خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین روزے رکھتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا: کون سے؟ انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کی پرواہ نہیں کرتے تھے کہ آپ کون سے دن میں روزہ رکھ رہے ہیں۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِصِيَامِ اَيَّامِ الْبِيضِ

ایامِ بیض کے روزے رکھنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

3655 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَامٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَوْمِ ثَلاثَ عَشْرَةَ، وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ

توضیحِ مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يَحْيَى هٰذَا يُقَالُ لَهٗ يَحْيَى بْنُ سَامٍ، وَيُقَالُ يَحْيَى بْنُ سَالِمٍ، وَالصَّوَابُ سَامٍ

❁❁ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو روزہ رکھنے کا حکم دیتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یحییٰ نامی راوی کا نام یحییٰ بن سام ہے اور ایک قول کے مطابق یحییٰ بن سالم ہے لیکن درست لفظ سام ہے۔

3654– إسناده صحيح على شرط الشيخين . يزيد: هو ابن أبي يزيد الضبعي، ويعرف بالرشك، ومعاذة: هي بنت عبد الله العدوية . وأخرجه الطيالسي "1572"، والترمذي "763" في الصوم: باب ما جاء في صوم ثلاثة أيام من كل شهر، وابن خزيمة "2130"، وأبو القاسم البغوي في "مسند علي بن الجعد" "1565"، والبغوي "1802" من طريق شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "1160" في الصيام: باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر، وأبو داوُد "2453" في الصوم: باب من قال لا يبالي من أي الشهر، والبيهقي 4/295 من طريق عبد الوارث عن يزيد الرشك، به . وانظر الحديث رقم "3657" .

3655– إسناده حسن . يحيى بن سام: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال أبو داوُد: لا بأس به . فطر: هو ابن خليفة المخزومي . وأخرجه البيهقي 4/294 من طريق فطر، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/152، والترمذي "761" في الصوم: باب ما جاء في صوم ثلاثة أيام من كل شهر، والنسائي 4/222 و222 –223 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على موسى بن طلحة في الخبر في صيام ثلاثة أيام من الشهر، والبيهقي 4/294، والبغوي "1800" من طريق الأعمش عن يحيى بن سام "وقد تحرف في والترمذي إلى: بسام "، به . وقال الترمذي والبغوي: حديث حسن . وأخرجه عبد الرزاق "7873" من طريق معمر، عن يزيد أبي زياد، عن موسى بن طلحة، عن أبي ذر . وانظر الحديث الآتي والتعليق رقم "2" من ص 411 .

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3656 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِیْ رِزْمَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَامٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَصُومَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامِ الْبِيضِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا تھا کہ ہم ہر مہینے میں تین دن ایام بیض کے روزے رکھیں۔ تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُخَيَّرٌ فِیْ صَوْمِ الْاَيَّامِ الثَّلَاثَةِ مِنَ الشَّهْرِ، اَیَّ يَوْمٍ مِّنْ اَيَّامِهٖ صَامَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مہینے کے تین دنوں کے بارے میں آدمی کو اختیار ہے کہ وہ جن دنوں میں چاہے روزہ رکھ لے

3657 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ، عَنْ مُعَاذَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ، قُلْتُ: مِنْ اَيِّهٖ؟ قَالَتْ: لَمْ يَكُنْ يُبَالِی مِنْ اَيِّهٖ كَانَ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین دن روزہ رکھا کرتے تھے (راوی خاتون کہتی ہیں) میں نے دریافت کیا: کون سے دن میں؟ تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کی پرواہ نہیں کرتے تھے کہ کون سا دن ہے۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمَرْءِ بِصَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنَ الشَّهْرِ اَجْرَ مَا بَقِیَ

اللہ تعالیٰ کا ہر مہینے میں تین دن روزے رکھنے والے شخص کے لیے باقی دنوں

3656- إسناده حسن كسابقه .وأخرجه النسائي 4/222 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على موسى بن طلحة في الخبر في صيام ثلاثة أيام من الشهر، من طريق محمد بن عبد العزيز، بهذا الإسناد . وانظر الحديث السابق والتعليق رقم "2" ص 411 .

3657- إسناده صحيح على شرط الشيخين . يزيد: هو ابن أبي يزيد الضبعي .وأخرجه ابن ماجه "1709" في الصيام: باب ما جاء في صيام ثلاثة أيام من كل شهر، من طريق ابن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/145-146 من طريق غندر، بِهِ . وانظر الحديث رقم "3654" .

(میں روزہ رکھنے) کے اجر کو نوٹ کرنے کا تذکرہ

3658 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ، عَنْ اَبِي عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ عَنِ الصَّوْمِ، فَقَالَ: صُمْ يَوْمًا مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّلَكَ اَجْرُ مَا بَقِيَ ، قُلْتُ: اِنِّي اُطِيقُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: صُمْ يَوْمَيْنِ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّلَكَ اَجْرُ مَا بَقِيَ ، قُلْتُ: اِنِّي اُطِيقُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّلَكَ اَجْرُ مَا بَقِيَ ، قُلْتُ: اِنِّي اُطِيقُ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: اِنَّ اَحَبَّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ صَوْمُ دَاوُدَ، وَكَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُمْ يَوْمًا مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّلَكَ اَجْرُ مَا بَقِيَ يُرِيدُ اَجْرَ مَا بَقِيَ مِنَ الْعِشْرِيْنَ، وَكَذٰلِكَ فِي الثَّلَاثِ اِذْ مُحَالٌ اَنْ كَدَّهُ كُلَّمَا كَثُرَ كَانَ اَنْقَصَ لِاَجْرِهِ *

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے آپ سے روزہ رکھنے کے بارے میں دریافت کیا: تو آپ نے فرمایا: تم ہر مہینے میں ایک دن روزہ رکھ لیا کرو تمہیں باقی کا اجر مل جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ہر مہینے میں تین دن روزہ رکھ لو تمہیں باقی کا اجر مل جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک روزہ رکھنے کا سب سے پسندیدہ طریقہ حضرت داؤد علیہ السلام کا طریقہ ہے وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "تم ہر مہینے میں ایک دن روزہ رکھ لو تم کو باقی کا اجر مل جائے گا۔" اس سے مراد یہ ہے: تیس دنوں میں جو باقی رہ جائے گا اس کا اجر مل جائے گا اور ان کا بھی اس طرح حکم ہوگا کیونکہ یہ بات ممکن نہیں ہے کہ آدمی کی محنت جیسے جیسے زیادہ ہوتی جائے اس کا اجر اتنا ہی کم ہوتا جائے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْتُ خَبَرَ شُعْبَةَ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ شعبہ کے حوالے سے منقول وہ روایت جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں اس کی میں نے جو تاویل بیان کی ہے وہ ٹھیک ہے

3659 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

3658– إسناده صحيح على شرط مسل . أبو عياض: هو عمر بن الأسود العنسي . وهو في "صحيح ابن خزيمة" "2106"، وأخرجه مختصراً برقم "2121" .وأخرجه مسلم "1159" "192" .

3659– إسناده صحيح على شرط مسلم . ثابت: هو ابن أسلم البناني، وأبو عثمان: هو عبد الرحمٰن بن مل النهدي . وأخرجه النسائي 4/218 –219 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على أبي عثمان في حديث أبي هريرة في صيام ثلاثة أيام من كل شهر، من طريق عبد الأعلى، بهذا الإسناد مختصراً بلفظ: "شَهْرِ الصَّبْرِ وَثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ صوم الدهر" .

سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ فِي سَفَرٍ، فَلَمَّا نَزَلُوا وَوُضِعَتِ السُّفْرَةُ بَعَثُوا اِلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَقَالَ: اِنِّي صَائِمٌ، فَلَمَّا كَادُوا اَنْ يَفْرُغُوا جَاءَ، فَجَعَلَ يَاْكُلُ فَنَظَرَ الْقَوْمُ اِلَى رَسُولِهِمْ، فَقَالَ: مَا تَنْظُرُونَ اِلَيَّ قَدْ وَاللّٰهِ اَخْبَرَنِي اَنَّهُ صَائِمٌ، فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: صَدَقَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ فَقَدْ صَامَ الشَّهْرَ كُلَّهُ، وَقَدْ صُمْتُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَاِنِّي الشَّهْرَ كُلَّهُ صَائِمٌ، وَوَجَدْتُ تَصْدِيقَ ذٰلِكَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا (مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ اَمْثَالِهَا) (الأنعام: 160)

ابوعثمان بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سفر کر رہے تھے جب ان لوگوں نے پڑاؤ کیا اور دسترخوان بچھا دیا گیا' تو لوگوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو بلانے کے لئے کسی کو بھیجا وہ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا: میں نے روزہ رکھا ہوا ہے جب وہ لوگ کھانے سے فارغ ہو گئے' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ انہوں نے کھانا شروع کر دیا۔ لوگوں نے اپنے پیغام رساں کی طرف بھیجا۔ اس نے کہا: آپ لوگ میری طرف کیا دیکھ رہے ہیں اللہ کی قسم! انہوں نے' تو مجھے یہ کہا تھا کہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس نے سچ کہا تھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جو شخص ہر مہینے کے تین روزے رکھ لے' تو یہ پورا مہینہ روزے رکھنے کے برابر ہیں''۔

تو میں ہر مہینے کے تین روزے رکھتا اس طرح میں پورا مہینہ روزہ رکھ لیتا ہوں اور میں نے اس بات کی تصدیق اللہ تعالیٰ کی کتاب میں بھی پائی ہے (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''جس شخص نے ایک نیکی کی' تو اسے اس کا دس گنا اجر ملے گا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِمَعْنَى مَا تَاَوَّلْتُ خَبَرَ شُعْبَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ شعبہ کے حوالے سے منقول وہ روایت جو میں پہلے ذکر کر چکا ہوں اس کی میں نے جو تاویل کی ہے اس کا وہی مفہوم ہے

3660 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَاَبُو سَلَمَةَ بْنُ

3660- إسناده صحيح . عمرو بن عثمان وهو ابن سعيد بن كثير الحمصي وأبوه ثقتان، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وأخرجه البخاري "1976" في الصوم: باب صوم الدهر، من طريق أبي اليمان، عن شعيب، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "7862"، ومن طريقه أحمد 2/187– 188، وأخرجه أحمد 2/188، والبخاري "3418" في الأنبياء : باب قوله تعالى: (وَآتَيْنَا دَاوُدَ زَبُوراً) (الاسراء : من الآية 55) ومسلم "1159" "181" في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر لمن تضرر به أو فوت به حقاً، والطحاوي 2/85– 86 من طرق عن الزهري، به . وانظر الحديث رقم "3571" و "3638" و "3640" و "3658" .

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: اُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِّى اَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَاَصُومَنَّ النَّهَارَ وَلَاَقُومَنَّ اللَّيْلَ مَا عِشْتُ، فَقُلْتُ لَهُ: قَدْ قُلْتُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنَّكَ لَا تَسْتَطِيعُ ذٰلِكَ، صُمْ وَاَفْطِرْ، وَنَمْ وَقُمْ، وَصُمْ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنَّ الْحَسَنَةَ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا، وَذٰلِكَ مِثْلُ صِيَامِ الدَّهْرِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی گئی کہ میں یہ کہتا ہوں: اللہ کی قسم! میں جب تک زندہ رہا روزانہ روزہ رکھا کروں گا اور روزانہ رات کے وقت نفل پڑھتا رہوں گا' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے یہ بات کہی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی استطاعت نہیں رکھ سکو گے تم روزہ رکھ بھی لیا کرو اور چھوڑ بھی دیا کرو۔ سو بھی جایا کرو اور نفل بھی پڑھ لیا کرو۔ ہر مہینے میں تین روزے رکھ لیا کرو نیکی کا بدلہ دس گنا ہوتا ہے تو یہ پورا مہینہ روزے رکھنے کے مترادف ہوگا۔

بَابُ الِاعْتِكَافِ وَلَيْلَةِ الْقَدْرِ

باب: اعتکاف اور شب قدر کا بیان

3661 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: پھر نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں کے طواف کو سنت قرار دیا' تو اب کسی شخص کے لئے اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ وہ ان دونوں کے طواف کو ترک کرے۔

زہری کہتے ہیں: میں اس روایت کو لے کر ابوبکر بن عبدالرحمٰن کے پاس گیا وہ روایت جو عروہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے مجھے بیان کی تھی ابوبکر بن عبدالرحمٰن نے کہا: یہ واقعی علم ہے میں نے یہ بات پہلے نہیں سنی ہوئی تھی میں نے پہلے کچھ اہل علم کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا تھا پہلے سب لوگ صفا اور مروہ کا طواف کیا کرتے تھے' ماسوائے ان لوگوں کے جن کا ذکر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا ہے' جو مناۃ کے نام کا قربانی کا جانور لے کر جاتے تھے' جب اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بیت اللہ کے طواف کا ذکر کیا اور صفا اور مروہ کے طواف کا ذکر نہیں کیا (تو اس بارے میں لوگوں کو الجھن ہوئی)' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''بے شک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں' تو جو شخص بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے' تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا اگر وہ ان دونوں کا طواف کر لیتا ہے''۔

ابوبکر بن عبدالرحمٰن نے کہا: تو میں نے یہ سنا کہ یہ آیت دونوں فریقوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی ان لوگوں کے بارے میں جو زمانہ جاہلیت میں صفا اور مروہ کا طواف کیا کرتے تھے' تو انہوں نے اسلام میں ان دونوں کے طواف کو گناہ سمجھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بیت اللہ کا طواف کرنے کا حکم دیا ہے اور صفا و مروہ کا اس میں ذکر نہیں کیا یہ اس وقت کی بات ہے جب اللہ تعالیٰ نے صرف بیت اللہ کا طواف کرنے کا ذکر کیا تھا۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ قَدْ تُوهِمُ عَالَمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لَيْسَ بِفَرْضٍ

ان الفاظ کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ صفا ومروہ کے درمیان سعی کرنا فرض نہیں ہے

3841 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَاوُدَ، عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: اِنَّ قَوْمَكَ يَزْعُمُونَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ، وَاَنَّهُ سُنَّةٌ، فَقَالَ: كَذَبُوْا وَصَدَقُوا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ وَالْمُشْرِكُوْنَ عَلٰى قُعَيْقِعَانَ، فَتَحَدَّثُوا اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَصْحَابَهُ هَزْلٰى، فَرَمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَ اَصْحَابَهُ فَرَمَلُوا، وَلَيْسَتْ بِسُنَّةٍ

❁❁ عامر بن واثلہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ کی قوم کے لوگ یہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمل کیا ہے اور یہ چیز سنت ہے' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: انہوں نے کچھ بات ٹھیک بیان کی ہے اور کچھ غلط بیان کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں داخل ہوئے تھے' تو مشرکین اس وقت قیقعان میں موجود تھے وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کے بارے میں مذاق اڑانے کے طور پر بات چیت کر رہے تھے (کہ یہ کمزور لوگ ہیں)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمل کیا اور آپ نے اپنے اصحاب کو حکم دیا کہ وہ بھی رمل کریں) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) یہ چیز سنت نہیں ہے۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْحَاجُّ وَالْمُعْتَمِرُ عَلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ اِذَا رَقَاهُمَا

اس بات کا تذکرہ کہ حج یا عمرہ کرنے والے افراد جب صفا ومروہ پر چڑھیں گے تو کیا پڑھیں گے

3842 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا وَقَفَ عَلَى الصَّفَا يُكَبِّرُ ثَلَاثًا وَيَقُوْلُ: لَا اِلٰهَ

3841- إسناده صحيحن رجاله رجال الصحيح غير فطر بن خليفة، لوى له البخارى مقروناً وأصحاب السنن، وهو صدوق، عبد الله بن داؤد: هو ابن عامر الهمْدانى الخريبى، وانظر الحديث رقم 3811 .

3842- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو فى الموطأ 1/732 فى الحج: باب البدء بالصفا فى السعى . وأخرجه النسائى مختصراً 5/240 فى المناسك باب التكبير على الصفا، والبغوى فى شرح السنة 1919، وفى التفسير 1/133 من طريق مالك بهذا الإسناد، وسيأتى مطولاً برقم 3943 و 3944 .

إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ يَصْنَعُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَيَدْعُو، وَيَصْنَعُ عَلَى الْمَرْوَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب صفا پر ٹھہرے تو آپ نے تین مرتبہ تکبیر پڑھی اور یہ پڑھا۔

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے بادشاہی اسی کے لئے مخصوص ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا تین مرتبہ کہا پھر آپ نے دعا مانگی پھر آپ نے مروہ پر بھی اسی کی مانند کیا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ، أَنْ يَّدْعُوَ عَلٰى أَعْدَاءِ اللّٰهِ، عِنْدَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے کیا چیز مستحب قرار دی گئی ہے کہ وہ صفا و مروہ کے قریب اللہ کے دشمنوں کے خلاف دعا کرے

3843 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفٰى، قَالَ:

(متن حدیث): اعْتَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ خَرَجَ، فَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَنَحْنُ نَسْتُرُهُ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، أَنْ يَّرْمِيَهُ أَحَدٌ أَوْ يُصِيبُهُ بِشَيْءٍ، قَالَ: فَسَمِعْتُهُ يَدْعُو عَلَى الْأَحْزَابِ، يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ، مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيعَ الْحِسَابِ اهْزِمِ الْأَحْزَابَ، اللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ

حضرت ابن ابوعوفی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کیا آپ نے بیت اللہ کا طواف کیا تھا صفا اور مروہ کا طواف کیا۔ ہم آپ کو اہل مکہ سے بچا رہے تھے کہ کوئی شخص آپ کو تیر نہ مار دے یا کوئی اور چیز نہ مار دے۔ راوی کہتے ہیں: تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو (دشمنوں کے) لشکروں کے خلاف یہ دعا کرتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! انہیں پسپا کر دے انہیں لڑکھڑا دے۔ اے کتاب کو نازل کرنے والے اے جلدی حساب لینے والے (دشمنوں کے لشکروں) کو پسپا کر دے اے اللہ! انہیں پسپا کر دے''۔

3843- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه النسائي في الكبرى كما في التحفة 4/279 .، وابن خزيمة 2990 من طريقين عن يحيي القطان بهذا الإسناد، وقد تحرف في المطبوع من ابن خزيمة "إسماعيل بن أبي خالد" إلى إسماعيل بن علية . وأخرجه أحمد 4/355 عن يزيد بن هارون، عن إسماعيل بن ابي خالد، به . وأرخج الشطر الأول منه: أحمد 4/353، والبخاري 1600 في الحج باب من لم يدخل مكة، و 1791 في العمرة، باب متى يحل المعتمر، و 4188 في المغازي باب غزوة الحديبية، و 4255 باب عمرة القضاء، وأبو داؤد 1902 في الحج باب أمر الصفا والمروة، والنسائي في الكبرى، وابن ماجه 2990 في المناسك باب العمرة، والبيهقي 5/102 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، به .

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ اَوْفٰى

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ یہ روایت اسماعیل بن ابوخالد نے ابن ابواوفی سے نہیں سنی ہے

3844 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِىْ اَوْفٰى، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَوْمَ الْاَحْزَابِ: اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ - يَعْنِى الْاَحْزَابَ

❁❁ حضرت ابن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے غزوہ حزاب کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! اے کتاب کو نازل کرنے والے جلدی حساب لینے والے! تو ان لوگوں کو پسپا کردے اور انہیں لڑکھڑا دے (راوی کہتے ہیں) یعنی (دشمن کے) لشکروں کو''۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّرْكَبَ فِى السَّعْىِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِعِلَّةٍ تَحْدُثُ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ کسی علت کے پیش آنے کی وجہ سے صفا ومروہ کے درمیان سعی سوار ہو کر کرے

3845 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِىُّ، عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَرَاَيْتَ هٰذَا الرَّمَلَ بِالْبَيْتِ ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ، وَمَشْىَ اَرْبَعَةَ اَطْوَافٍ، اَسُنَّةٌ

3844- إسناده صحيح، إبراهيم بن بشار الرمادى وإن كانت له أوهام- قد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه الحميدى 719، والبخارى 7489 فى التوحيد باب قول الله تعالى: (أَنْزَلَهُ بِعِلْمِهِ) (النساء : 166)، ومسلم 1724 فى الجهاد باب استحباب الدعاء بالنصر عند لقاء العدو، والنسائى فى السير من الكبرى كما فى التحفة 4/278، وفى عمل اليوم والليلة 602 من طريق سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/353، وسعيد بن منصور فى سننه 2527، والبخارى 2933 فى الجهاد باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة، و 4115 فى المغازى باب غزوة الخندق، و 6392 فى الدعوات: باب الدعاء على المشركين، ومسلم 1742، والترمذى 1678 فى الجهاد باب ما جاء فى الدعاء عند القتال، وابن ماجه 2796 فى الجهاد باب القتال فى سبيل الله سبحانه وتعالى، والبغوى 1353 من طرق عن إسماعيل بن أبى خالد، به . وأخرجه البخارى 2966 فى الجهاد باب كان النبى صلى الله عليه وسلم إذا لم يقاتل أول النهار أخر القتال حت تزول الشمس، و 3025 باب لا تتمنوا لقاء العدو، ومسلم 1742، وأبو داوُد 2631، والبيهقى 9/152 من طريقين عن موسى بن عقبة، عن سالم بن النضر، عن عبد الله بن أبى أوفى، وفيه زيادة .

هُوَ؟ فَإِنَّ قَوْمَكَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُ سُنَّةٌ، فَقَالَ: صَدَقُوا، وَكَذَبُوا، قُلْتُ: مَا قَوْلُكَ صَدَقُوا وَكَذَبُوا؟، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ مَكَّةَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: إِنَّ مُحَمَّدًا وَأَصْحَابَهُ لَا يَسْتَطِيعُونَ أَنْ يَطُوفُوا بِالْبَيْتِ مِنَ الْهُزَالِ، قَالَ: وَكَانُوا يَحْسُدُونَهُ، قَالَ: فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَرْمُلُوا ثَلَاثًا، وَيَمْشُوا أَرْبَعًا، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: أَخْبِرْنِي عَنِ الطَّوَافِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ رَاكِبًا، سُنَّةٌ هُوَ؟، فَإِنَّ قَوْمَكَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُ سُنَّةٌ، قَالَ: صَدَقُوا وَكَذَبُوا، قَالَ: قُلْتُ: مَا قَوْلُكَ صَدَقُوا وَكَذَبُوا؟، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثُرَ عَلَيْهِ النَّاسُ يَقُولُونَ: هٰذَا مُحَمَّدٌ؟، هٰذَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى خَرَجَتِ الْعَوَاتِقُ مِنَ الْبُيُوتِ، قَالَ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصْرِفُ النَّاسَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَلَمَّا كَثُرَ عَلَيْهِ رَكِبَ، وَالْمَشْيُ وَالسَّعْيُ أَفْضَلُ

ابوطفیل بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: آپ کی رمل کے بارے میں کیا رائے ہے۔ بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے تین چکروں میں رمل کرنا اور چار چکروں میں عام رفتار سے چلنا سنت ہے؟ آپ کی قوم کے افراد تو یہ کہتے ہیں: یہ سنت ہے انہوں نے فرمایا: انہوں نے کچھ بات ٹھیک بیان کی ہے اور کچھ بات غلط بیان کی ہے میں نے دریافت کیا: آپ کی اس بات سے کیا مراد ہے کہ انہوں نے کچھ بات ٹھیک بیان کی ہے اور کچھ بات غلط بیان کی ہے۔ انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ تشریف لائے تو مشرکین نے یہ بات کہی: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کمزوری کی وجہ سے بیت اللہ کا طواف نہیں کرسکیں گے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حسد کرتے تھے راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ لوگ تین چکروں میں رمل کریں اور چار چکروں میں عام رفتار سے چلیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے ان سے دریافت کیا: مجھے صفا اور مروہ کا طواف کرنے کے بارے میں بتائیں کہ کیا اسے سوار ہو کر کرنا سنت ہے؟ آپ کی قوم کے لوگ تو یہ کہتے ہیں: یہ سنت ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: انہوں نے کچھ بات صحیح بیان کی ہے اور کچھ بات غلط بیان کی ہے میں نے ان سے دریافت کیا: آپ کے اس قول کا کیا مطلب ہے کہ انہوں نے کچھ بات صحیح بیان کی ہے اور کچھ بات غلط بیان کی ہے تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد لوگوں کا ہجوم زیادہ ہوگیا تھا۔ جو یہ کہہ رہے تھے: یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یہاں تک کہ خواتین گھروں سے نکل آئی تھیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سامنے سے لوگوں کو ہٹا نہیں رہے تھے ان لوگوں کا ہجوم زیادہ ہوگیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوگئے ویسے پیدل چلنا اور دوڑنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

3845- حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح وأخرجه مسلم 1264 فى الحج باب استحباب الرمل فى الطواف والعمرة، عن أبى كامل الجحدرى بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/247 من طريق على بن عاصم، ومسلم 1264، والبيهقى 5/81-82 من طريق يزيد بن هارون وابن خزيمة 2719 من طريق خالد بن عبد اللّٰه ثلاثتهم عن الجريرى، به . وله طريقان آخران تقدما برقم 3811 و 3812 .

بَابٌ، الْخُرُوْجُ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى مِنًى

باب: مکہ مکرمہ سے نکل کر منیٰ کی طرف جانا

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْحَاجِّ اَنْ يُصَلِّيَ الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ بِمِنًى لَا بِمَكَّةَ

اس بات کا تذکرہ کہ حاجی کے لیے یہ چیز مستحب قرار دی گئی ہے کہ وہ ترویہ کے دن ظہر کی نماز منیٰ میں ادا کرے مکہ میں ادا نہ کرے

3846 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، اَخْبِرْنِيْ عَنْ شَيْءٍ عَقَلْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ؟، قَالَ: بِمِنًى قَالَ: قُلْتُ: فَاَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ النَّفْرِ؟، قَالَ: بِالْاَبْطَحِ

❀❀ عبدالعزیز بن رفیع بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں بتائیں جو آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یاد ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ترویہ کے دن ظہر کی نماز کہاں ادا کی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: منیٰ میں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روانگی کے وقت ظہر کی نماز کہاں ادا کی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: ابطح میں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْغَادِي مِنْ مِنًى اِلٰى عَرَفَاتٍ اَنْ يُهَلِّلَ وَيُكَبِّرَ

منیٰ سے عرفات کی طرف جانے والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ لا الہ الا اللہ پڑھے یا اللہ اکبر پڑھے

3846- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في مسند أحمد 3/100 . وأخرجه الدارمي 2/55، والبخاري 1653 في الحج باب أين يصلي الظهر ثوم التروية و 1763 باب من صلى العصر يوم النفر بالأبطح، ومسلم 1309 في الحج باب استحباب طواف الإفاضة يوم النحر، وأبو داوٗد 1912 في المناسك باب الخروج إلى منى، والترمذي 664 في الحج باب رقم 116، والنسائي 5/249-250 في مناسك الحج باب أين يصلي الإمام الظهر يوم التروية، وابن الجارود 494 والبيهقي 5/112، والبغوي 1923 من طرق عن إسحاق الأزرق، به . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، يستغرب من حديث إسحاق بن يوسف الأزرق، عن الثوري . يعني أن إسحاق تفرد به .

3847 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ الثَّقَفِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، وَهُمَا غَادِيَانِ مِنْ مِنًى اِلٰى عَرَفَةَ، كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ فِىْ هٰذَا الْيَوْمِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ: كَانَ يُهِلُّ الْمُهِلُّ بِمِنًى، فَلَا يُنْكِرُ عَلَيْهِ، وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ، فَلَا يُنْكِرُ عَلَيْهِ

❁❁ محمد بن ابوبکر ثقفی بیان کرتے ہیں:۔ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا یہ دونوں اس وقت منیٰ سے عرفہ کی طرف جارہے تھے (سوال یہ تھا) آج کے دن آپ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کیا' کیا تھا۔ انہوں نے بتایا: منیٰ میں تلبیہ پڑھنے والا شخص تلبیہ پڑھ رہا تھا' تو اس پر انکار نہیں کیا گیا اور تکبیر کہنے والا (تکبیر کہہ رہا تھا) تو اس پر بھی انکار نہیں کیا گیا۔

3847- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 1/337 في الحج باب قطع التلبية . وأخرجه أحمد 3/240، والدارمي 2/56، والبخاري 970 في صلاة العيدين باب التكبير أيام منى وإذا غدا من عرفة، و 1659 في الحج باب التلبية والتكبير إذا غدا من منى إلى عرفة، ومسلم 1285 في الحج باب التلبية والتكبير في الذهاب من منى إلى عرفات يوم عرفة، والنسائي 5/250 في الحج باب التكبير في لمسير إلى عرفة، والبيهقي 3/313 و 5/112، والبغوي 1924 من طريق مالك، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1285 275، والنسائي 5/251 في الحج باب التلبية فيه، من طريقين عن موسى بن عقبة، وابن ماجه 3008 في المناسك باب الغدوّ من منى إلى عرفات، من طريق سفيان بن عيينة، عن محمد بن عقبة، كلاهما عن محمد بن أبي بكر، به .

بَابُ الْوُقُوفِ بِعَرَفَةَ وَالْمُزْدَلِفَةِ وَالدَّفْعِ مِنْهُمَا

باب: عرفہ اور مزدلفہ میں وقوف کرنے اور وہاں سے روانہ ہونے کا تذکرہ

3848 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ،

(متن حدیث): عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، ذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَقَفَ عَلٰى بَعِيْرِهٖ، وَاَمْسَكَ اِنْسَانٌ بِخِطَامِهٖ - اَوْ قَالَ: بِزِمَامِهٖ - فَقَالَ: اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ ، فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ، فَقَالَ: اَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟ ، قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟ ، فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ، فَقَالَ: اَلَيْسَ بِذِي الْحِجَّةِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ ، فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ سِوَى اسْمِهٖ، قَالَ: اَلَيْسَ الْبَلَدَ الْحَرَامِ ، قُلْنَا: بَلٰى، فَقَالَ: فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَاَمْوَالَكُمْ، وَاَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ، فَاِنَّ الشَّاهِدَ يُبَلِّغُ مَنْ هُوَ اَوْعٰى لَهٗ مِنْهُ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہوئے یہ بات بیان کرتے ہیں: آپ نے اپنے اونٹ پر وقوف کیا ہوا تھا' جس کی لگام کو کسی صاحب نے تھاما ہوا تھا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا:

3848- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الأعلى، فمن رجال مسلم . وأخرجه البخاري 67 في العلم باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "رب مبلغ أوعى من سامع"، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 9/50 من طريقين عن بشر بن المفضل، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/37 و 45، ومسلم 1679 في القسامة باب تغليظ تحريم الدماء والأعراض والأموال، والنسائي في الكبرى والبيهقي 3/298 من طرق عن ابن عون، بِهِ . وأخرجه أحمد 5/37 و 39 و 49، والبخاري 105 في العلم باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب، و 1741 في الحج: باب خطبة أيام منى، و 3197 في بدء الخلق باب ما جاء في سبع أرضين، و 4406 في المغازي باب حجة الوداع، و 4662 في التفسير باب (اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ) (التوبة: 36)، و 5550 في الأضاحي باب من قال: الأضحى يوم النحر، و 7078 في الفتن باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "لا ترجعوا بعدي كفاراً يضرب بعضكم رقاب بعض"، و 7447 في التوحيد باب قول الله تعالى: (وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ) (القيامة: 22)، ومسلم 1679، وأبو داوُد 1948 في المناسك باب الأشهر الحرم، وابن ماجه 233 في المقدمة باب من بلغ علماً وابن خزيمة 2952 والبيهقي 5/140 و 165-166، والبغوي 1965 من طرق عن ابن سيرين، بِهِ . وأخرجه أحمد 5/39و 49، والبخاري 1741و 7078، ومسلم 1679 31، والنسائي في الكبرى، وابن ماجه 233، وابن خزيمة 2952، والبيهقي 5/140 من طريقين عن قرة بن خالد، حدثنا محمد بن سيرين قال حدثنا عبد الرحمٰن بن أبي بكرة، عن أبيه ورجل في نفسي أفضل من عبد الرحمٰن: حميد بن عبد الرحمٰن، عن أبي بكرة، فذكره .

آج کون سا دن ہے' تو ہم لوگ خاموش رہے ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس کے نام کے علاوہ کوئی اور نام تجویز کریں گے نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم خاموش رہے۔ ہم نے یہ سمجھا کہ شاید آپ اس کا کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحج نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ کون سا شہر ہے' تو ہم خاموش رہے ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس نام کی بجائے دوسرا نام تجویز کریں گے تو نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ قابل احترام شہر نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہاری جانیں تمہارا مال تمہاری عزتیں ایک دوسرے کے لئے اسی طرح قابل احترام ہیں' جس طرح یہ دن اس مہینے میں اس شہر میں قابل احترام ہے۔ خبردار! تم میں سے ہر موجود شخص غیر موجود تک تبلیغ کردے' کیونکہ (ممکن ہے) موجود شخص اس شخص تک یہ بات پہنچادے جو اس سے زیادہ بہتر طور پر اسے محفوظ رکھے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْوُقُوْفِ بِعَرَفَاتٍ فِيْ حَجِّهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ حج کے موقع پر عرفات میں وقوف کرے

3849 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ الطُّوسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَضْلَلْتُ بَعِيرًا لِي فَذَهَبْتُ اَطْلُبُهُ بِعَرَفَةَ، فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ وَاقِفًا مَعَ النَّاسِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ اِنَّ هٰذَا لَمِنَ الْحُمْسِ، فَمَا شَانُهُ وَاقِفًا هَاهُنَا

❀❀ محمد بن جبیر اپنے والد (حضرت جبیر بن معطم رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میرا اونٹ گم ہوگیا میں اس کی تلاش میں عرفہ آیا' تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو عرفہ میں لوگوں کے ہمراہ وقوف کئے ہوئے دیکھا میں نے کہا: اللہ کی قسم! یہ' تو حمس سے تعلق رکھتے ہیں یہ یہاں وقوف کیوں کئے ہوئے ہیں؟

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَمَامِ حَجِّ الْوَاقِفِ بِعَرَفَةَ مِنْ حِيْنَ يُصَلِّي الْاُوْلٰى وَالْعَصْرَ بِعَرَفَاتٍ اِلٰى طُلُوْعِ الْفَجْرِ مِنْ لَيْلَتِهِ قَلَّ وُقُوْفُهُ بِهَا اَمْ كَثُرَ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ ظہر اور عصر کی نماز عرفات میں ادا کرکے

3849- إسناده صحيحي على شرط البخاري، زياد بن أيوب الطوسي من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه الحميدي 559، والدارمي 2/56، والبخاري 1664 في الحج: باب الوقوف بعرفة، ومسلم 1220 في الحج: باب الوقوف وقوله تعالى: (ثُمَّ اَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ) (البقرة: 199)، والنسائي 5/255 في مناسك الحج: باب رفع اليدين في الدعاء بعرفة، والطبراني في الكبير 1556 والبيهقي 5/113 من طرق عن سفيان بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 1/482 من طريق محمد بن زكريا بن بكير.

اس رات کی صبح صادق تک (کے درمیانی وقت میں) عرفہ میں وقوف کرنے والے شخص کا حج مکمل ہوتا ہے خواہ اس کا وقوف تھوڑا ہو یا زیادہ ہو

3850 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ،

(متن حدیث): عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ بِجَمْعٍ فَقُلْتُ: هَلْ عَلَيَّ مِنْ حَجٍّ؟ قَالَ: مَنْ شَهِدَ مَعَنَا هٰذَا الْمَوْقِفَ حَتّٰى يُفِيضَ، وَقَدْ اَفَاضَ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْ عَرَفَاتٍ لَيْلًا، اَوْ نَهَارًا، فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ، وَقَضٰى تَفَثَهُ

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت مزدلفہ میں موجود تھے میں نے عرض کی: کیا مجھے پر حج کرنا لازم ہے (یعنی میرا حج ہو گیا ہے یا میں دوبارہ کروں؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہمارے ساتھ روانہ ہونے تک اس جگہ پر وقوف کیے رہا اور وہ اس سے پہلے عرفات سے رات کے وقت یا دن کے وقت روانہ ہو چکا ہو تو اس نے اپنے حج کو پورا کر لیا اور اپنی نذر کو مکمل کر لیا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَمَامِ حَجِّ الْوَاقِفِ بِعَرَفَةَ لَيْلًا، اَوْ نَهَارًا مِّنْ وَّقْتِ جَمْعِهِ بَيْنَ الْاُوْلٰى، وَالْعَصْرِ اِلٰى وَقْتِ طُلُوْعِ الْفَجْرِ الَّذِى يَطْلُعُ عَلَى النَّاسِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ حج کی تکمیل میں یہ بات شامل ہے کہ آدمی نے عرفہ میں وقوف کیا ہو

خواہ رات کے وقت کیا ہو یا دن کے وقت کیا ہو اور یہ اس وقت سے شروع ہوگا' جب آدمی نے ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کی ہو یہ صبح صادق کے وقت تک ہوگا جو صبح صادق لوگوں کو مزدلفہ میں ملتی ہے

3851 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدَ، وَاِسْمَاعِيلَ، وَزَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَاقِفٌ بِالْمُزْدَلِفَةِ، فَقَالَ: مَنْ صَلّٰى صَلَاتَنَا هٰذِهِ، ثُمَّ اَقَامَ مَعَنَا وَقَدْ وَقَفَ قَبْلَ ذٰلِكَ بِعَرَفَةَ لَيْلًا، اَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مزدلفہ میں وقوف کیے ہوئے دیکھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جس نے ہمارے ہمراہ یہ نماز ادا کی پھر وہ ہمارے ساتھ مقیم رہا اور وہ اس سے پہلے رات کے وقت یا دن کے وقت

3850– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، فقد روى له أصحاب السنن، أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي . وأخرجه الطبراني في الكبير 17/379 عن أبي خليفة، بهذا الإسناد . وأخرجه الدارمي 2/59 عن أبي الوليد الطيالسي، به . وأخرجه أحمد 4/261 و 262 والطيالسي 1282، والنسائي 5/264 في مناسك الحج باب فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الإمام بمزدلفة، والطحاوي 2/208، والحاكم 1/463 من طرق عن شعبة، به .

عرفہ میں وقوف کر چکا ہو تو اس نے اپنے حج کو مکمل کر لیا۔

ذِكْرُ مُبَاهَاةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَلَائِكَتَهُ بِالْحَاجِّ عِنْدَ وُقُوفِهِمْ بِعَرَفَاتٍ

حاجیوں کے عرفات میں وقوف کے وقت اللہ تعالیٰ کا فرشتوں کے سامنے ان پر فخر کا اظہار کرنے کا تذکرہ

3852 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يُبَاهِي بِاَهْلِ عَرَفَاتٍ مَلَائِكَةَ اَهْلِ السَّمَاءِ، فَيَقُولُ: انْظُرُوا اِلَى عِبَادِي هَؤُلَاءِ جَاءُونِي شُعْثًا غُبْرًا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اللہ تعالیٰ آسمان کے رہنے والوں یعنی فرشتوں کے سامنے اہل عرفات پر فخر کا اظہار کرتا ہے اور فرماتا ہے: تم میرے ان بندوں کو دیکھو! جو وہ بکھرے ہوئے اور غبار آلود ہو کر میرے پاس یعنی میری بارگاہ میں آئے ہیں''۔

ذِكْرُ رَجَاءِ الْعِتْقِ مِنَ النَّارِ لِمَنْ شَهِدَ عَرَفَاتٍ يَوْمَ عَرَفَةَ

جو شخص عرفہ کے دن عرفات میں موجود ہو اس کے جہنم سے آزاد ہونے کی امید کا تذکرہ

3851- إسناده صحيح، إسماعيل: هو ابن أبي خالد الأحمصي، زكريا: هو ابن أبي زائدة . وأخرجه الطبراني في الكبير 17/382 عن زكريا بن يحيى اساجي، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 5/263 في مناسك الحج باب فيمن لم يدرك صلاة الصبح مع الإمام بمزدلفة، عن سعيد بن عبد الرحمٰن به . وأخرجه الترمذي 891 في الحج باب ما جاء فيمن أدرك الإمام بجمع فقد أدرك الحج والطحاوي 2/208، والبيهقي 5/173 من طرق عن سفيان عن داؤد وإسماعيل وزكريا، بِهِ . وقال الترمذي: حديث حسن صحيح . وأخرجه الحميدي 900 ومن طريقه الطبراني 17/385 عن سفيان عن إسماعيل، بِهِ . وأخرجه الحميدي 901، وابن الجارود 467، وابن خزيمة 2821، والطبراني 17/378 من طريق سفيان عن زكريا، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/15 عن هشيم، عن إسماعيل وزكريا، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/261، والدارمي 2/59، وأبو داؤد 1950 في المناسك باب من لم يدرك عرفة، والنسائي 5/264، وابن ماجه 3016 في المناسك باب من أتى عرفة قبل الفجر ليلة جمع، وابن خزيمة 2820، والدراقطني 2/239، والطحاوي 2/207 و 208، والحاكم 1/463، والطبراني 17/386 و 387 و 388 و 389 و 390 و 391 و 392 و 393، والبيهقي 5/173 من طرق عن إسماعيل بن ابي خالد، بِهِ .

3852- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يونس بن أبي إسحاق السبيعي فمن رجال مسلم، إسحا بن إبراهيم: هو ابن راهويه . وأخرجه أحمد 2/305، وابن خزيمة 2839، وأبو نعيم في الحيلة 3/305-306، والحاكم 1/465، والبيهقي 5/58 من طرق عن يونس بن أبي إسحاق، بهذا الإسناد . وقال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . كذا قال مع أن يونس لم يرو له البخاري . وأورده الهيثمي في المجمع 3/252 ونسبه لأحمد، وقال: ورجاله رجال الصحيح . وفي الباب عن جابر عند المؤلفن وهو الحديث الآتي . وعن عبد الله بن عمرو بن العاص عند أحمد 2/224، والطبراني في الصغير 575، وأورده الهيثمي في المجمع 3/251، وزاد نسبته إلى الطبراني في الكبير وقال: ورجال أحمد موثقون .

3853 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ هُوَ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ اَيَّامٍ اَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ اَيَّامِ عَشْرِ ذِی الْحِجَّةِ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هُنَّ اَفْضَلُ اَمْ عِدَّتُهُنَّ جِهَادًا فِیْ سَبِيلِ اللّٰهِ، قَالَ: هُنَّ اَفْضَلُ مِنْ عِدَّتِهِنَّ جِهَادًا فِیْ سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَا مِنْ يَوْمٍ اَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ يَنْزِلُ اللّٰهُ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيُبَاهِی بِاَهْلِ الْاَرْضِ اَهْلَ السَّمَاءِ، فَيَقُوْلُ: انْظُرُوا اِلٰى عِبَادِی شُعْثًا غُبْرًا ضَاحِينَ جَاءُوا مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ يَرْجُونَ رَحْمَتِی، وَلَمْ يَرَوْا عَذَابِی، فَلَمْ يُرَ يَوْمٌ اَكْثَرُ عِتْقًا مِّنَ النَّارِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هِشَامٌ هٰذَا هُوَ هِشَامُ بْنُ اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ، وَالدَّسْتَوَاءُ قَرْيَةٌ مِّنْ قُرَى الْاَهْوَازِ، وَاِنَّمَا سُمِّیَ الدَّسْتُوَائِیَّ لِاَنَّهٗ كَانَ يَبِيعُ الثِّيَابَ الَّتِی تُحْمَلُ مِنْهَا فَنُسِبَ اِلَيْهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ کے نزدیک ذوالحج کے دس دنوں سے زیادہ فضیلت والے دن اور کوئی نہیں ہیں۔ راوی کہتے ہیں: ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ دن زیادہ فضیلت رکھتے ہیں یا اتنے ہی دن اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے گزارنا زیادہ فضیلت رکھتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دن اتنے ہی دن اللہ کی راہ میں جہاد کے دوران گزارنے سے زیادہ فضیلت رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرفہ کے دن سے زیادہ فضیلت والا دن اور کوئی نہیں ہے اس دن میں اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف نزول کرتا ہے اور آسمان والوں کے سامنے اہل زمین پر فخر کا اظہار کرتا ہے اور فرماتا ہے: میرے ان بندوں کو دیکھو یہ بکھرے ہوئے بال لے کر اور غبار آلود ہو کر آئے ہیں یہ دور دراز علاقوں سے آئے ہیں یہ میری رحمت کی امید رکھتے ہیں انہوں نے میرے عذاب کو نہیں دیکھا ہوا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:)' تو ایسا کوئی دن نظر نہیں آیا جس دن میں عرفہ کے دن سے زیادہ تعداد میں لوگ جہنم سے آزاد ہوتے ہوں''۔

3853– حديث صحيح، إسناده قوی لولا عنعنة أبی الزبير، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن مروان العقيلی، فقد روى له ابن ماجه، وهو مختلف فيه، وقال الحافظ فی التقريب: صدوق له أوهام، فمثله يكون حسن الحديث. وقد تابعه مرزوق الباهلی مولى طلحة بن عبد الرحمٰن وقد وثقه أبو زرعة عند ابن منده، فی التوحيد 1/147، والبغوی فی شرح السنة 1931، وابن خزيمة 2840 . وأخرجه أبو يعلى 2090 عن عمرو بن جبلة، بهذا الإسناد . وأخرجه البزار 1128 عن عثمان بن حفص الازدی، عن محمد بن مروان العقيلی، به .وأخرجه البزار 1128، والطحاوی فی شرح مشكل الآثار 4/114، من طرق عن أبی الزبير عن جابر . وذكره الهيثمی فی المجمع 3/253 وقال: رواه أبو يعلى، وفيه محمد بن مروان العقيلی، وثقه ابن معين، وابن حبان، وفيه بعض كلام، وبقية رجاله رجال الصحيح، ورواه البزار . . . . وفی الباب عن عائشة عند مسلم 1348، والنسائی 5/251–252، وابن ماجه 3014 بلفظ: "ما من يوم أكثر من أن يعتق الله فيه عبداً من النار من يوم عرفة، وإنه ليدنو ثم يباهی بهم الملائكة فيقول: ما أراد هؤلاء ؟" .

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہشام نامی یہ راوی ہشام بن ابوعبداللہ دستوائی ہے۔ دستواء، اہواز کی ایک بستی ہے۔ ان کا نام دستوائی اس لئے رکھا گیا کیونکہ یہ دستواء سے لاکر کپڑے فروخت کیا کرتے تھے تو ان کی نسبت اس شہر کی طرف ہوگئی۔

ذِكْرُ وُقُوفِ الْحَاجّ بِعَرَفَاتٍ وَّالْمُزْدَلِفَةِ

عرفات اور مزدلفہ میں حاجی کے وقوف کرنے کا تذکرہ

3854 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْقُشَيْرِيُّ فِيْ شَوَّالٍ سَنَةَ سَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِئَتَيْنِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ عَرَفَاتٍ مَوْقِفٌ، وَارْفَعُوا عَنْ عُرَنَةَ، وَكُلُّ مُزْدَلِفَةَ مَوْقِفٌ وَارْفَعُوا عَنْ مُحَسِّرٍ، فَكُلُّ فِجَاجِ مِنًى مَنْحَرٌ، وَفِيْ كُلِّ اَيَّامِ التَّشْرِيْقِ ذَبْحٌ

❀❀ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عرفات سارے کا سارا وقوف کی جگہ ہے تم لوگ عرنہ سے بلند ہو جاؤ اور مزدلفہ سارے کا سارا وقوف کی جگہ ہے اور تم لوگ محسر سے بلند ہو جاؤ منیٰ کا ہر راستہ قربانی کی جگہ ہیں اور تمام ایام تشریق میں ذبح کیا جا سکتا ہے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ خُرُوْجِ الْمَرْءِ اِلٰى عَرَفَاتٍ، وَدَفْعِهِ مِنْهَا اِلٰى مِنًى

آدمی کے عرفات کی طرف جانے اور وہاں سے منیٰ کی طرف جانے کے طریقے کا تذکرہ

3854- عبد الرحمٰن بن أبي حسين: لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف 5/109، ولم يَرْوِ عنه غير سليمان بن موسى ثم هو لم يلق جبير بن مطعم، وباقي رجال السند رجال الشيخين، غير سليمان بن موسى، وهو الأموي الدمشقي الأشدق، فقيه أهل الشام في زمانه، فقد روى له أصحاب السنن، وهو صدوق . وأخرجه ابن عدي في الكامل ص 1118 ومن طريقه البيهقي 9/295-296 عن اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، بهذا الإسناد . وأخرجه البزار 1126 عن يوسف بن موسى، عن عبد الملك بن عبد العزيز، وأخرجه أحمد 4/82، والبيهقي 5/295 من طريقين عن سعيد بن عبد العزيز، عن سليمان بن موسى عن جبير بن مطعم، وه منقطع، فإن سليمان بن موسى لم يدرك جبير بن مطعم . وأخرجه الطبراني في الكبير 1583 من طريق سويد بن عبد العزيز، عن سعيد بن عبد العزيز عن سليمان بن موسى عن نافع بن جبير عن أبيه، وقال البزار 2/27: تفرد به سويد، ولا يحتج ما تفرد به . وقال أيضاً فيما نقله الزيلعي في نصب الراية 2/61: رواه سويد بن عبد العزيز فقال فيه: عن نافع بن جبير، عن ابيه، وهو رجل ليس بالحافظ، ولا يحتج له إذا انفرد بحديث، وحديث ابن أبي حسين هو الصواب مع أن ابن أبي حسين لم يلق جبير بن مطعم . وذكره الهيثمي في المجمع 3/251 وقال: رواه أحمد والبزار والطبراني في الكبير إلا أنه قال: "وكل فجاج مكة منحر"، ورجاله موثقون . وأخرجه البيهقي في سننه 5/115 عن محمد بن المنكدر مرسلاً بلفظ: "عرفة كلها موقف، وارتفعوا عن بطن عرنة، ولالمزدلفة كلها موقف، وارتفعوا عن محسر" وذكره مالك في الموطأ 1/388 بلاغاً، قال ابن عبد البر: وصله عبد الرزاق عن معمر عن محمد بن المنكدر عن ابي هريرة .

3855 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِیْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّهُ كَانَ رَدِيفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَقَفَ يُهَلِّلُ وَيُكَبِّرُ اللّٰهَ، وَيَدْعُوهُ، فَلَمَّا نَفَرَ دَفَعَ النَّاسُ، فَصَاحَ: عَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةَ، فَلَمَّا بَلَغَ الشِّعْبَ اِهْرَاقَ الْمَاءَ، وَتَوَضَّأَ ثُمَّ رَكِبَ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمُزْدَلِفَةَ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، فَلَمَّا صَلَّى الصُّبْحَ وَقَفَ، فَلَمَّا نَفَرَ دَفَعَ النَّاسَ، فَقَالَ حِيْنَ دَفَعُوا: عَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةَ، وَهُوَ كَافٌّ رَاحِلَتَهُ حَتّٰى اِذَا دَخَلَ بَطْنَ مِنًى قَالَ: عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِیْ يُرْمَى بِهِ الْجَمْرَةَ وَهُوَ فِیْ ذٰلِكَ يُهِلُّ حَتّٰى رَمَى الْجَمْرَةَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سواری پر سوار تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرنے کے دوران لا الہ الا اللہ پڑھتے رہے۔ اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا ذکر کرتے رہے اور اس سے دعا مانگتے رہے۔ جب آپ روانہ ہوئے تو لوگ روانہ ہو چکے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں انہیں حکم دیا آرام سے چلو جب آپ گھاٹی میں پہنچے تو آپ نے پانی بہایا اور وضو کیا پھر آپ سوار ہوئے جب آپ مزدلفہ تشریف لائے تو آپ نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں جب آپ نے صبح کی نماز ادا کر لی تو آپ ٹھہرے رہے جب آپ روانہ ہوئے تو لوگ بھی روانہ ہوئے جب لوگ روانہ ہوئے تو آپ نے فرمایا: تم لوگ آرام سے چلو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنی سواری کی لگام کو کھینچے ہوئے تھے یہاں تک کہ جب آپ منیٰ کے نشیبی حصے میں داخل ہوئے تو آپ نے فرمایا: تم پر ایسی کنکریاں چننا لازم ہیں جو چٹکی میں آ جائیں وہ جمرہ کو ماری جائیں گی اور اس مقام پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ آپ نے جمرہ کی رمی کر لی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْیِ جَوَازِ الْاِفَاضَةِ لِلْحَاجِّ مِنْ مِنًى دُوْنَ عَرَفَاتٍ وَّالْكَيْنُوْنَةِ بِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس چیز کے جائز ہونے کی نفی کے بارے میں ہے کہ حاجی شخص عرفات کی بجائے منیٰ سے واپس آ جائے اور وہیں ٹھہرا رہے

3856 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): كَانَتْ قُرَيْشٌ قُطَّانَ الْبَيْتِ، وَكَانُوْا يُفِيضُوْنَ مِنْ مِنًى، وَكَانَ النَّاسُ يُفِيضُوْنَ مِنْ عَرَفَاتٍ،

3855- إسناده صحيح على شرط مسلم، فقد صرح ابو الزبير بالتحديث عند مسلم وغيره، فانتفت شبهة تدليسه . أبو معبد: هو نافذ مولى ابن عباس . وأخرجه الطبراني في الكبير 18/692 عن عمر بن عبد العزيز بن مقلاص المصري، عن أبيه، عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/210 و 213، والنسائي 5/269 في الحج باب من أين يلتقط الحصى، وابن خزيمة 2843 و 2860 و 2873، والطبراني 18/687 و 688 و 690 و 391، والبيهقي 5/127 من طرق عن ابي الزبير، بِهِ . وسيأتي برقم 3872 .

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ) (البقرة: 199)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قریش بیت اللہ کے نگران تھے وہ لوگ منیٰ سے روانہ ہو جاتے تھے جبکہ دوسرے لوگ عرفات سے روانہ ہوتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تم لوگ بھی وہیں سے واپس جاؤ جہاں سے لوگ واپس جاتے ہیں''۔

ذِكْرُ وُقُوفِ الْمَرْءِ بِعَرَفَاتٍ، وَدَفْعِهِ عَنْهَا اِلَى الْمُزْدَلِفَةِ اِذَا كَانَ حَاجًّا

آدمی کا عرفات میں وقوف کرنے اور وہاں سے مزدلفہ کی طرف جانے کا تذکرہ جب آدمی حج کرنے والا ہو

3857 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ:

(متن حدیث): دَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالشِّعْبِ نَزَلَ، فَبَالَ، ثُمَّ تَوَضَّاَ، وَلَمْ يُسْبِغِ الْوُضُوءَ، فَقُلْتُ لَهُ: الصَّلَاةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: الصَّلَاةُ اَمَامَكَ فَرَكِبَ، فَلَمَّا جَاءَ الْمُزْدَلِفَةَ نَزَلَ. فَتَوَضَّاَ فَاَسْبَغَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ اَنَاخَ كُلُّ اِنْسَانٍ بَعِيرَهُ فِي مَنْزِلِهِ، ثُمَّ اُقِيمَتِ الْعِشَاءُ فَصَلَّاهُمَا، وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عرفہ سے روانہ ہوئے یہاں تک کہ جب آپ گھاٹی میں پہنچے تو آپ سواری سے نیچے اترے۔ آپ نے پیشاب کیا پھر آپ نے وضو کیا آپ نے مبالغے کے ساتھ وضو نہیں کیا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نماز ادا کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز آگے جا کے ہوگی پھر آپ سوار ہوئے یہاں تک کہ آپ مزدلفہ تشریف لے آئے۔ پھر آپ سواری سے اترے آپ نے وضو کرتے ہوئے مبالغے کے ساتھ وضو کیا پھر نماز کھڑی ہوئی آپ نے مغرب کی نماز ادا کی پھر آپ ہر شخص نے اپنے اونٹ کو اپنی رہائشی جگہ پر بٹھالیا پھر عشاء کی نماز کے لئے اقامت کہی گئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں نمازیں ادا کیں آپ نے ان کے درمیان (کوئی اور نفل نماز) ادا نہیں کی۔

3856- إسناده صحيح على شرط الصحيح، أبو داوُد: هو سليمان بن دواد الطيالسي، وسفيان: هو الثوري . وأخرجه ابن ماجه 3018 في المناسك باب الدفع من عرفة، والبيهقي 5/113 من طريق محمد بن يحيى الذهلي، عن عبد الرزاق، عن الثوري، بهذا الإسناد . ولفظة: قالت قريش: نحن قواطن البيت لا نجاور الحرم، فقال الله عز وجل: (ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ) (البقرة: 199) . وأخرجه البخاري 1665 في الحج باب الوقوف بعرفة، و 4520 في التفسير باب (ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ) (البقرة: 199)، ومسلم 1219 في الحج باب في الوقوف، وقوله تعالى: (ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ) (البقرة: 199)، وأبو داوُد 1910 في المناسك باب الوقوف بعرفة، والترمذي 884 في الحج باب ما جاء الوقوف بعرفات والدعاء بها، والنسائي 5/255 في مناسك الحج باب رفع اليدين في الدعاء بعرفة، والطبري في جامع البيان 3831، والبيهقي 5/113، والبغوي 1925 من طرق عن هشام بن عروة، بِهِ . وعندهم جميعاً: "وكانوا يفيضون من المزدلفة" ورواية المؤلف: "وكانوا يفيضون من منى"، لم أقف عليها عند غيره .

3857- إسناده صحيح على شرط الشيخين وقد تقدم برقم 1595 .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْحَاجِّ الْجَمْعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

حاجی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کرے

3858 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ جَمِيعًا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کی تھیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَمْعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ لِلْحَاجِّ اِذَا كَانُوا غَيْرَ اَهْلِ الْحَرَمِ يَجِبُ اَنْ يُصَلُّوا صَلَاةَ الْمُسَافِرِ لَا صَلَاةَ الْمُقِيمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حاجی شخص کے لیے دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنے کا حکم

اس وقت ہے جب وہ حرم کی حدود میں رہنے والا نہ ہو اور اس پر یہ بات لازم ہے کہ وہ مسافر شخص کی نماز ادا کرے وہ مقیم شخص کی نماز ادا نہیں کرے گا

3859 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّى بِنَا ابْنُ عُمَرَ بِجَمْعٍ الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ، وَحَدَّثَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ فِي ذٰلِكَ الْمَكَانِ مِثْلَ ذٰلِكَ

3858– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 1/401 في الحج باب صلاة المزدلة . ومن طريق مالك أخرجه أحمد 5/420، والبخاري 4414 في المغازي باب حجة الوداع، والنسائي 1/291 في المواقيت باب الجمع بين المغرب والعشاء بمزدلفة، والطبراني في الكبير 3863، والبيهقي 5/120، والبغوي 1936 . وأخرجه أحمد 5/419، والحميدي 383، والبخاري 1674 في الحج باب من جمع بينهما ولم يتطوع، ومسلم 1287 في الحج باب الإفاضة من عرفة إلى مزدلفة، والنسائي 5/260 في مناسك الحج باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة، وابن ماجه 3020 في المناسك باب باب الجمع بين الصلاتين بجمع، والطبراني 3864 3856 3867 3868، والبيهقي 5/260 من طرق عن يحيى بن سعيد، به . وأخرجه الطيالسي 590، وأحمد 5/421، وعلى بن الجعد 490، والدارمي 2/58، والطبراني 3862 3866 3869 3870 3871 من طرق عن دى بن ثابت، به .

سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ہمیں مزدلفہ میں مغرب کی نماز میں تین رکعات پڑھائیں جب انہوں نے سلام پھیرا، تو وہ پھر کھڑے ہوئے اور انہوں نے عشاء کی دو رکعات پڑھائیں۔ انہوں نے یہ بات بیان کی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ پر ان لوگوں کو اسی طرح نماز پڑھائی تھی۔

ذِكْرُ وَقْتِ الدَّفْعِ لِلْحَاجِّ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ اِلٰی مِنًی

مزدلفہ سے منیٰ کی طرف حاجی کے روانہ ہونے کے وقت کا تذکرہ

3860 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

(متن حدیث): كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يُفِيضُونَ حَتّٰى يَرَوَا الشَّمْسَ عَلٰى ثَبِيرٍ، فَخَالَفَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَفَعَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: زمانہ جاہلیت کے لوگ اس وقت تک روانہ نہیں ہوتے تھے جب تک ثبیر (نامی پہاڑ) پر سورج کو دیکھ نہیں لیتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے برخلاف کیا اور آپ سورج کے طلوع ہونے سے پہلے ہی روانہ ہو گئے۔

3859– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أبو داوٗد 1932 في المناسك باب الصلاة بجمع، عن مسدد عن يحيى القطان، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي 1870 عن شعبة به . وأخرجه مسلم 1288 290 في الحج باب الإفاضة من عرفات إلى المزدلفة واستحباب صلاتي المغرب والعشاء جميعاً بالمزدلفة في هذه الليلة، والنسائي 5/260 في مناسك الحج باب الجمع بين الصلاتين بالمزدلفة، والطحاوي 2/212، والبيهقي 5/121 من طريقين عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، بِهِ . وأخرجه مسلم 1288 288 و 289، والطحاوي 2/112 من طرق عن شعبة، عن سلمة بن كهيل، والحكم بن عتيبة، عن سعيد بن جبير، بِهِ . وأخرجه الدارمي 2/58، وأحمد 2/18، والبخاري 1092 في تقصير الصلاة باب يصلي المغرب ثلاثاً في السفر، و 1668 في الحج باب النزول بين عرفة وجمع، و 1673 باب من جمع بينهما ولم يتطوع، ومسلم 1288 287 وأبو داوٗد 1962 و 1927 و 1928 و 1929 و 1930، والنسائي 1/291 و 5/260، والترمذي 887، وابن خزيمة 2848 و 2849، والطحاوي 2/212 و 213، والبيهقي 1/400–401 من طرق عَنِ ابْنِ عُمَرَ بنحوه .

3860– إسناده صحيح على شرط الشيخين، سفيا: هو الثوري، وابو إسحاق: هو السبيعي، وعمرو بن ميمون: هو الأودي . وأخرجه أبو داوٗد 1938 في المناسك باب الصلاة بجمع، عن محمد بن كثير العبدي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/29 و 39 و 42 و 54، والبخاري 3838 في مناقب الأنصار باب أيام الجاهلية، وابن خزيمة 2859، والطحاوي 2/218 من طرق عن سفيان، بِهِ . وأخرجه الطيالسي ص 12، وأحمد 1/14 و 50، والدارمي 2/59–60، والبخاري 1684 في الحج باب ما جاء أن الإفاضة من جمع قبل طلوع الشمس، والنسائي 5/265 في مناسك الحج باب وقت الإفاضة من جمع، وابن ماجه 3022 في المناسك باب الوقوف بجمع، والطحاوي 2/218، والبيهقي 5/124، والبغوي 1940 من طرق عن أبي إسحاق السبيعي، بِهِ .

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ تَقْدِيمِ النِّسَاءِ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى بِاللَّيْلِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ خواتین کو رات کے وقت مزدلفہ سے منیٰ پہلے ہی روانہ کر دینا جائز ہے

3861 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ، أَنَّ الْقَاسِمَ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ عَائِشَةُ: اسْتَأْذَنَتْ سَوْدَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَتَقَدَّمَ مِنْ جَمْعٍ، وَكَانَتِ امْرَأَةً ثَقِيلَةً ثَبِطَةً فَأَذِنَ لَهَا، وَوَدِدْتُ أَنِّي اسْتَأْذَنْتُهُ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اجازت مانگی کہ وہ مزدلفہ سے پہلے روانہ ہو جائیں' کیونکہ وہ ایک بھاری بھرکم خاتون تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) میری یہ خواہش تھی کہ میں بھی آپ سے اجازت لے لیتی۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ أَنْ يَتَقَدَّمَ ضَعَفَةَ أَهْلِهِ، وَعِيَالَهُ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے اہل خانہ میں سے کمزور افراد اور اپنے بیوی بچوں کو پہلے ہی مزدلفہ سے منیٰ کی طرف روانہ کر دے

3862 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

3861– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم، وعمرو بن الحارث: هو ابن يعقوب الأنصاى . وأخرجه أحمد 6/94 و 133، والبخارى 1680فى الحج باب من قدم ضعفة أهله بليل، ومسلم 1290 296 فى الحج باب استحباب تقديم دفع الضعفة من النساء وغيرهن من مزدلفة إلى منى فى أواخر الليالى قبل الزحمة، والنسائى 5/262 فى مناسك الحج باب الرخصة للنساء فى الإفاضة من جمع قبل الصبح، وابن ماجه 3027 فى المناسك باب من تقدم من جمع إلى منى لرمى الجمار، من طرق عن عبد الرحمٰن بن القاسم، بهذا الإسناد . وأخرجه الدارمى 2/58، والبخارى 1681، ومسلم 1290، والبيهقى 5/124، من طرق عن أفلح بن حميد، عن القاسم، به . وسيرد برقم 3864 و 3866 . وجمع: مزدلفة، وثَبِطة بفتح الثاء وكسر الباء – أى: بطيئة الحركة، كأنها ثبط بالأرض، أى: تثبت بها .

3862– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير محمد بن عُبيد بن حساب، فمن رجال مسلم، أيوب: هو السختيانى . وأخرجه البخارى 1677 فى الحج باب من قدم ضعفة أهله بليل، والترمذى 892 فى الحج باب ما جاء فى تقديم الضعفة من جمع بليل، والبيهقى 5/123 من طريقين عن حماد بن زيدبن بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/372، ومسلم 1293 302 فى الحج باب استحباب تقديم الضعفة، والنسائى 5/216فى مناسك الحج باب تقديم النساء والصبيان إلى منازلهم بمزدلفة، و 5/266 فى الرخصة للضعفة أن يصلوا يوم النحر الصبح بمنى، وابن ماجه 3026 فى المناسك باب من تقدم من جمع إلى منى لرمى الجمار، وابن خزيمة 2870، والطبرانى 11285 و 11353 و 11354 و 11360 و 11385، والبيهقى 5/123 من طرق عن عطاء بن أبى رباح، عن ابن عباس، به . وأخرجه الطيالسى 2729، وأحمد 1/352، والطبرانى 12220 من طريق ابن أبى ذئب، عن شعبة مولى ابن عباس، عن ابن عباس، به . وانظر ما بعده .

حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الثَّقَلِ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ان لوگوں کے ہمراہ بھیج دیا تھا' جنہیں مزدلفہ سے (پہلے ہی) رات کے وقت بھجوادیا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِإِبَاحَةِ مَا ذَكَرْنَا

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مسئلے کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3863 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اللہ کے رسول نے مجھے مزدلفہ سے رات کے وقت بھجوادیا تھا۔

3864 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ زِيَادٍ السُّوسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): قَالَتْ: لَوَدِدْتُ اَنِّيْ كُنْتُ اسْتَاْذَنْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اسْتَاْذَنَتْ سَوْدَةُ فَاُصَلِّيَ الصُّبْحَ بِمِنًى، وَاَرْمِي الْجَمْرَةَ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَ النَّاسُ، فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ وَكَانَتْ سَوْدَةُ اسْتَاْذَنَتْهُ قَالَتْ: نَعَمْ اِنَّهَا كَانَتِ امْرَاَةً ثَقِيْلَةً ثَبِطَةً، فَاسْتَاْذَنَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذِنَ لَهَا

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میری یہ خواہش ہے کہ میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح اجازت لے لی ہوتی' جس طرح سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا نے لی تھی اور میں صبح کی نماز منیٰ میں ادا کرتی جمرہ کو کنکریاں لوگوں کے آنے سے پہلے مار لیتی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: کیا سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں وہ ایک بھاری بھرکم خاتون تھیں' تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی۔

3863- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله . وأخرجه البخاري 1856 في جزاء الصيد باب حج الصبيان، ومسلم 1293 في الحج باب استحباب تقديم دفعة الضعفة، والطبراني 11261 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، وانظر 3865 .

فَذَكَرَ لَهُ شَأْنَ بَدَنَتِهِ فَقَالَ عَلَى الْخَبِيرِ سَقَطْتُ بَعَثَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِسِتَّ عَشْرَةَ بَدَنَةً مَعَ رَجُلٍ وَأَمَرَهُ فِيهَا فَمَضَى، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ كَيْفَ أَصْنَعُ بِمَا يُبْدِعُ عَلَيَّ مِنْهَا قَالَ انْحَرْهَا، ثُمَّ اصْبِغْ نَعْلَهَا فِي دَمِهَا، ثُمَّ اجْعَلْهُ عَلَى صَفْحَتِهَا، وَلَا تَأْكُلْ مِنْهَا أَنْتَ، وَلَا أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ رُفْقَتِكَ

❁❁ موسیٰ بن سلمہ بیان کرتے ہیں: میں اور سنان عمرہ کرنے کیلئے روانہ ہوئے سنان اپنے ہمراہ قربانی کا جانور بھی لے کر گئے تھے جسے وہ ساتھ لے کر چل رہے تھے راستے میں کسی مقام پر وہ جانور آگے چلنے کے قابل نہ رہا تو سنان نے کہا: اگر ہم کسی شہر پہنچ گئے تو ہم اس بارے میں مسئلہ دریافت کرلیں گے۔ راوی کہتے ہیں: اگلے دن ہم نے وادی بطحاء میں پڑاؤ کیا انہوں نے کہا: آپ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس چلیں' تو ہم لوگ گئے ہم نے ان کے قربانی کے جانور کا معاملہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے سامنے ذکر کیا' تو انہوں نے فرمایا: تم نے صاحب علم شخص سے دریافت کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاحب کے ہمراہ سولہ اونٹ بھیجے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں اس صاحب کو ہدایت کی وہ صاحب چلے گئے پھر وہ واپس آئے انہوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر ان میں سے کوئی جانور میرے لیے بوجھ بن جائے (یعنی آگے جانے کے قابل نہ رہے) تو میں کیا کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے قربان کرو پھر اس کے (گلے میں موجود ہار کے) جوتے اس کے خون میں رنگین کر کے اس کے ذریعے اس کے پہلو پر نشان لگا دو تم خود اس کے گوشت کو نہ کھانا اور تمہارے ساتھیوں میں سے بھی کوئی اس کا گوشت نہ کھائے۔

كِتَابُ النِّكَاحِ

کتاب! نکاح کے بارے میں روایت

4026 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَا اَنَا وَابْنُ مَسْعُودٍ نَمْشِي بِالْمَدِينَةِ، قَالَ: فَلَقِيَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَاَخَذَ بِيَدِهِ قَالَ: فَقَامَا وَتَنَحَّيْتُ عَنْهُمَا، فَلَمَّا رَاَى عَبْدُ اللّٰهِ اَنْ لَيْسَ لَهُ حَاجَةٌ يَسُرُّهَا، قَالَ: اُدْنُ عَلْقَمَةُ، قَالَ: فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ، وَهُوَ يَقُولُ: اَلَا نُزَوِّجُكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ جَارِيَةً لَعَلَّهَا اَنْ تُذَكِّرَكَ مَا فَاتَكَ؟ قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَئِنْ قُلْتَ ذٰلِكَ، فَاِنَّا قَدْ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، شَبَابًا، فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، فَاِنَّهُ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَصُمْ، فَاِنَّهُ لَهُ وَجَاءٌ، وَهُوَ الْاِخْصَاءُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اَلْاَمْرُ بِالتَّزْوِيجِ فِي هٰذَا الْخَبَرِ وَسَبَبُهُ اسْتِطَاعَةُ الْبَاءَةِ، وَعِلَّتُهُ غَضُّ الْبَصَرِ وَتَحْصِينُ الْفَرْجِ، وَالْاَمْرُ الثَّانِي هُوَ الصَّوْمُ عِنْدَ عُدْمِ السَّبَبِ، وَهُوَ الْبَاءَةُ، وَالْعِلَّةُ الْاُخْرَى هُوَ قَطْعُ الشَّهْوَةِ

❀❀ علقمہ بن قیس بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں کہیں جا رہے تھے تو

4026- حديث صحيح، وإسناده قوى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حكيم بن سيف الرقى، فقد روى له أبو داوٗد، وهو صدوق وقد توبع .وأخرجه ابن أبى شيبة 4/126، وأحمد 1/378و 447، والدارمى 2/132، . والبخارى 1905 فى الصوم: باب الصوم لمن خاف على نفسه العزبة، و 5065 فى النكاح: باب قول النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الباء ة فليتزوج"، ومسلم 1400 1 و 2 فى النكاح: باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه إليه ووجد مونة، وأبو داوٗد 2046 فى النكاح: باب التحريض على النكاح، والنسائى 6/57 و 58 فى النكاح: باب الحث على النكاح، وابن ماجه 1845 فى النكاح: باب ما جاء فى فضل النكاح، والبيهقى 7/77 من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائى 6/56-57 من طرق عن أبى معشر، عن إبراهيم النخعى، بـه .وأخرجه الحميدى 115 وابن أبى شيبة 4/126-127، وأحمد1/424و 425، و 432، والدارمى 2/132، والبخارى 5066 بـاب من لم يستطع الباء ة فليصم، ومسلم 1400 3 و4، والترمذى 1081 فى النكاح: باب ما جاء فى فضل التزويج والحث عليه، والنسائى 4/169-170فى الصيام: بـاب ذكر الاختلاف عـلى محمد بن أبى يعقوب فى حديث أبى أمامة فى فضل الصاء م، و 6/57-58، وابن الجارود 672، والبيهقى 4/296و 7/77، والبغوى 2236 من طرق عن الأعمش، عن عمارة بن عمير، عن عبد الرحمٰن بن يزيد، عن ابن مسعود .وأخرجه النسائى 6/57 من طريق الأعمش، عن إبراهيم، عن الأسود .

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوگئی انہوں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا راوی کہتے ہیں: یہ دونوں صاحبان اٹھے اور ذرا ایک طرف ہو گئے جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے (دور جا کر) یہ بات نوٹ کی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ان سے کوئی ایسا کام نہیں ہے' جسے پوشیدہ رکھا جائے' تو انہوں نے فرمایا: علقمہ تم آ گے آ جاؤ راوی کہتے ہیں: میں ان کے پاس گیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ یہ کہہ رہے تھے: اے عبداللہ! ہم آپ کی شادی کسی لڑکی سے نہ کروادیں تا کہ وہ آپ کو گزرے ہوئے (جوانی کے زمانے) کی یاد دلا دے۔ راوی کہتے ہیں: تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر آپ یہ بات کہتے ہیں (تو میں آپ کو بتاتا ہوں) ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں نوجوان تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: تم میں سے جو شخص نکاح کی استطاعت رکھتا ہو اسے شادی کر لینی چاہئے' کیونکہ یہ نگاہ کو زیادہ جھکا کے رکھتی ہے اور شرم گاہ کی زیادہ حفاظت کرتی ہے اور تم میں سے جو شخص شادی کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا اسے روزے رکھنے چاہئیں' کیونکہ یہ اس کی شہوت کو ختم کر دیں گے۔

(راوی کہتے ہیں: روایت کے متن میں استعمال ہونے والے لفظ) وجاء سے مراد شہوت کو ختم کرنا ہے

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں شادی کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور اس کا سبب شادی کرنے کی استطاعت ہے اور اس کی علت نگاہ کو جھکانا اور شرمگاہ کی حفاظت کرنا ہے' جبکہ دوسرا حکم یہ ہے: جب یہ سبب موجود نہ ہو' تو روزے رکھے جائیں اور وہ سبب شادی کی استطاعت نہ ہونا ہے اور اس کی دوسری علت شہوت کو ختم کرنا ہے۔

ذكر الزجر عن التبتل إذ تبتل هذه الأمة الجهاد في سبيل الله

مجرد رہنے کی ممانعت کا تذکرہ' کیونکہ اس امت کا تجرد جہاد فی سبیل اللہ ہے

4027 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِي وَقَّاصٍ اَخْبَرَهُ، قَالَ:

(متن حدیث): اَرَادَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ اَنْ يَتَبَتَّلَ، فَنَهَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ قَالَ سَعْدٌ: فَلَوْ اَجَازَ لَهُ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاخْتَصَيْنَا

سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے مجرد رہنے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس سے منع کر دیا۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اجازت دے دیتے تو ہم خود کو خصی کروالیتے۔

4027- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم، ابن وهب: هو عبد الله بن وهب بن مسلم، ويونس: هو ابن يزيد الأيلي . وأخرجه ابن الجارود 674 من طريق الربيع بن سليمان، عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/175و 176، و 183، والدارمي 2/133، والبخاري 5073و 5074 في النكاح: باب ما يكره من التبتل والخصاء، ومسلم 1402 في النكاح: باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه إليه ووجد مؤنة، والترمذي 1083 في النكاح: باب النهي عن التبتل، وابن ماجه 1848 في النكاح: باب النهي عن التبتل، والبيهقي 7/97، والبغوي 2237 من طرق عن الزهري، بِهِ .والتبتل: هو الانقطاع عن النساء وترك النكاح انقطاعاً إلى عبادة الله .

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجَلِهَا نَهٰى عَنِ التَّبَتُّلِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے مجرد رہنے سے منع کیا گیا ہے

4028 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسحاق الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ حَفْصِ بن اَخِي اَنَس بن مَالِكٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِالْبَاءَةِ، وَيَنْهٰى عَنِ التَّبَتُّلِ نَهْياً شَدِيْداً، وَيَقُوْلُ: تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ، فَاِنِّيْ مُكَاثِرٌ الْأنبياءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نکاح کرنے کا حکم دیتے تھے اور مجرد رہنے سے سختی سے منع کرتے تھے۔ آپ یہ فرماتے تھے: محبت کرنے والی اور اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والی خواتین کے ساتھ شادی کرو۔ کیونکہ میں قیامت کے دن انبیاء کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ قَوْلَهُ جَلَّ وَعَلَا (ذٰلِكَ اَدْنٰى اَلَّا تَعُوْلُوا) (النساء: 3) اَرَادَ بِهٖ كَثْرَةَ الْعِيَالِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے ارشاد باری تعالیٰ: "یہ اس بات کے زیادہ لائق ہے تم ناانصافی نہ کرو" اس سے مراد یہ ہے: جب عیال کثرت سے ہو (یعنی جب زیادہ بیویاں ہوں)

4029 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ الْعُمَرِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ: ذٰلِكَ اَدْنٰى اَنْ لَا تَعُوْلُوا، قَالَ: اَنْ لَا تَجُوْرُوْا

4028- حديث صحيح لغيره، خلف بن خليفة: صدوق من رجال مسلم إلا أنه اختلط بأخرة، وباقي رجاله ثقات .وأخرجه سعيد بن منصور في سننه 490، وأحمد 3/158و 245، والبيهقي 7/81-82 من طرق عن خلف بن خليفة، بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في المجمع 4/252و 258 وزاد نسبته إلى الطبراني في الأوسط، وحسن إسناده! وله شاهد من حديث معقل بن يسار سيأتي برقم 4056 وآخر من حديث عبد الله بن عمرو عند أحمد 2/171-172 ليتقوى بهما ويصح .

4029- محمد بن شعيب: روى له الأربعة، وهو صدوق وباقي رجاله على شرط البخاري .وذكره السيوطي في الدر المنثور 2/119، ونسبه إلى ابن المنذر وابن أبي حاتم، وابن حبان، ونقل ابن كثير في تفسيره 1/451، وكذا السيوطي عن ابن أبي حاتم قوله: قال أبي: هذا حديث خطأ، والصحيح عن عائشة موقوف .

ﷺ ۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

یہ اس بات کے زیادہ لائق ہے' تم عول نہ کرو''۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں اس سے مراد یہ ہے: تم ظلم نہ کرو۔

ذِكْرُ مَعُوْنَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْقَاصِدَ فِيْ نِكَاحِهِ الْعَفَافَ، وَالنَّاوِيَ فِيْ كِتَابَتِهِ الْاَدَاءَ

جو شخص نکاح کر کے پاکدامنی اختیار کرنا چاہتا ہو اور جو شخص اپنے کتابت کی رقم کی ادائیگی کی نیت کرے اللہ تعالیٰ کا اس کی مدد کرنے کا تذکرہ

4030 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعِيْنَهُمْ: اَلْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالنَّاكِحُ يُرِيْدُ اَنْ يَّسْتَعِفَّ، وَالْمُكَاتَبُ يُرِيْدُ الْاَدَاءَ

ﷺ ﷺ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تین لوگ ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ذمے یہ بات ہے' وہ ان کی مدد کرے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا مجاہد اور نکاح کرنے والا ایسا شخص جو پاک دامنی اختیار کرنا چاہتا ہو اور ایسا مکاتب غلام جو ادائیگی کرنے کا ارادہ کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الصَّالِحَةَ لِلْمُؤْمِنِ خَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا

اس بات کا تذکرہ' نیک عورت مومن کے لیے دنیا کی سب سے بہترین چیز ہے

4031 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيْسَى الْبِسْطَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِئُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ - وَذَكَرَ ابْنُ خُزَيْمَةَ اٰخَرَ مَعَهُ - قَالَا: حَدَّثَنَا شُرَحْبِيْلُ بْنُ شَرِيْكٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الدُّنْيَا كُلَّهَا مَتَاعٌ، وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ

4030- إسناده حسن، محمد بن عجلان: روى له مسلم متابعة، والبخاري تعليقاً، وهو صدوق، وباقي رجاله على شرط الشيخين، يحيى ابن سعيد: هو القطان . وأخرجه أحمد 2/251و 437 والحاكم 2/160و 217 من طريق يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد . وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي!وأخرجه الترمذي 1655 في فضائل الجهاد: باب ما جاء في المجاهد والناكح والمكاتب وعون الله إياهم، والنسائي6/61 في النكاح: باب معونة الله الناكح الذي يريد العفاف، وابن ماجه 2518 في العتق: باب المكاتب، والبيهقي 7/78، والبغوي 2239 من طرق عن ابن عجلان، بِهِ . وقال الترمذي: هذا حديث حسن .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دنیا ساری کی ساری ساز وسامان ہے دنیا کے ساز وسامان میں سب سے بہترین چیز نیک بیوی ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْأَشْيَاءِ الَّتِي هِيَ مِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ فِي الدُّنْيَا

ان چیزوں کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو آدمی کے دنیا میں سعادت مند ہونے کی علامت ہیں

4032 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رِزْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَرْبَعٌ مِّنَ السَّعَادَةِ: الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ، وَالْمَسْكَنُ الْوَاسِعُ، وَالْجَارُ الصَّالِحُ، وَالْمَرْكَبُ الْهَنِيءُ، وَاَرْبَعٌ مِّنَ الشَّقَاوَةِ: الْجَارُ السُّوءُ، وَالْمَرْاَةُ السُّوءُ، وَالْمَسْكَنُ الضِّيقُ، وَالْمَرْكَبُ السُّوءُ

اسمٰعیل بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''چار چیزیں خوش بختی کی (علامت) ہیں نیک بیوی' کشادہ گھر' اچھا ہمسایہ اور اچھی سواری اور چار چیزیں بدبختی کی (علامت ہیں) برا ہمسایہ' بری بیوی' تنگ گھر اور بری سواری۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ فِي اَشْيَاءَ مَعْلُومَةٍ يُوجَدُ الشُّؤْمُ وَالْبَرَكَةُ مَعًا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' کچھ متعین چیزیں ہیں' جن میں نحوست یا برکت پائی جاتی ہے

4033 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ

4031- إسناده صحيح على شرط مسلم . المقرء: هو أبو عبد الرحمٰن عبد الله بن يزيد المكي، وحيوة: هو ابن شريح التجيبي، وأبو عبد الرحمٰن الحُبُلي: هو عبد الله بن يزيد المعافري .وأخرجه النسائي 6/69 في النكاح: باب المرأة الصالحة، من طريق المقرء، عن حيوة، وذكر اٰخر، وصرح بالذي مع حيوة: أحمد 2/168، والبغوي 2241 فقالا: عن حيوة، وابن لهيعة، عن شرحبيل، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1467 في الرضاع: باب خير متاع الدنيا المرأة الصالحة، والبيهقي 7/80، من طريق المقرء، بِهٖ . ولم يذكرا مع حيوة اٰخر .

4032- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رِزْمَةَ، فمن رجال البخاري .وأخرجه الخطيب البغدادي في "تاريخ بغداد 12/99" من طريق محمود بن اٰدم المروزي، عن الفضل بن موسى، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 8/388 من طريق وائل بن داوُد، عن محمد بن سعد، بِهٖ . وأخرجه أحمد 1/168، والبزار 1412 من طريق محمد بن أبي حميد وهو ضعيف كما في التقريب .وأخرجه البزار 1413، والطبراني 1/329، والحاكم 2/162 من طرق عن محمد بن سعد بن أبي وقاص، بِهٖ .

يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث):اِنْ كَانَ فِيْ شَيْءٍ، فَفِي الرَّبْعِ، وَالْفَرَسِ، وَالْمَرْاَةِ يَعْنِي: الشُّؤْمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر وہ (نحوست) کسی چیز میں ہو تو یا گھر میں ہوگی یا گھوڑے میں یا بیوی میں (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد نحوست تھی''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ خَيْرِ النِّسَاءِ لِلْمُتَزَوِّجِ مِنَ الرِّجَالِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جوان خواتین کی صفت کے بارے میں ہے جو شادی کرنے والے مردوں کے لیے بہترین (شمار کی جائیں گی)

4034 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ رَجَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):خَيْرُهُنَّ اَيْسَرُهُنَّ صَدَاقًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ان (بیویوں میں) سب سے بہتر وہ ہے جس کا مہر کم ہو''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ عِنْدَ التَّزْوِيجِ اَنْ يَّطْلُبَ الدِّيْنَ دُوْنَ الْمَالِ فِي الْعَقْدِ عَلٰى وَلَدِهِ اَوْ عَلٰى نَفْسِهِ

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ شادی کے وقت مالدار کی بجائے دین دار عورت کو طلب کرے خواہ وہ اپنی اولاد کی شادی کر رہا ہو یا خود شادی کر رہا ہو

4035 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ كِنَانَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ:

4033– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقروناً، أبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد .وأخرجه مسلم 2227 في السلام: باب الطيرة والفأل وما يكون فيه من الشؤم، والنسائي220/6–221 في الخيل: باب شؤم الخيل: من طريقين عن ابن جريج، بهذا الإسناد .

4034– إسناده ضعيف، رجاء بن الحرث: ضعفه ابن معين وغيره، وباقي رجاله ثقات .وأخرجه العقيلي في "الضعفاء 2/61"، والطبراني 11/11100و 11101 من طريقين عن الفضل بن موسى، بهذا الإسناد، وقال العقيلي: ولا يتابع عليه .قلت: وله شواهد تقويه، منها: حديث عقبة بن عامر بلفظ: "خير النكاح أيسره" و "خير الصداق أيسره"، وسيأتي تخريجه برقم4072 .

(متن حدیث): اَنَّ جُلَيْبِيبًا كَانَ امْرَأً مِنَ الْاَنْصَارِ، وَكَانَ يَدْخُلُ عَلَى النِّسَاءِ، وَيَتَحَدَّثُ اِلَيْهِنَّ، قَالَ اَبُوْ بَرْزَةَ: فَقُلْتُ لِامْرَاَتِي: لَا يَدْخُلَنَّ عَلَيْكُمْ جُلَيْبِيبٌ، قَالَ: فَكَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ لِاَحَدِهِمْ اَيِّمٌ لَمْ يُزَوِّجْهَا حَتّٰى يَعْلَمَ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا حَاجَةٌ اَمْ لَا؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ لِرَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ: يَا فُلَانُ زَوِّجْنِي ابْنَتَكَ، قَالَ: نَعَمْ وَنُعْمَى عَيْنٍ، قَالَ: اِنِّي لَسْتُ لِنَفْسِي اُرِيدُهَا، قَالَ: فَلِمَنْ؟، قَالَ: لِجُلَيْبِيبٍ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَتّٰى اَسْتَامِرَ اُمَّهَا، فَاَتَاهَا، فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ ابْنَتَكِ، قَالَتْ: نَعَمْ وَنُعْمَى عَيْنٍ، قَالَ: اِنَّهُ لَيْسَتْ لِنَفْسِهِ يُرِيدُهَا، قَالَتْ: فَلِمَنْ يُرِيدُهَا؟، قَالَ: لِجُلَيْبِيبٍ، قَالَتْ: حَلْقَى اَلْجُلَيْبِيبِ؟، قَالَتْ: لَا لَعَمْرُ اللّٰهِ، لَا اُزَوِّجُ جُلَيْبِيبًا، فَلَمَّا قَامَ اَبُوهَا لِيَاْتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتِ الْفَتَاةُ مِنْ خِدْرِهَا لِاُمِّهَا: مَنْ خَطَبَنِي اِلَيْكُمَا قَالَا: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: اَتَرُدُّونَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهُ ادْفَعُوْنِي اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنَّهُ لَنْ يُضَيِّعَنِي، فَذَهَبَ اَبُوهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: شَاْنُكَ بِهَا، فَزَوَّجَهَا جُلَيْبِيبًا قَالَ حَمَّادٌ: قَالَ اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ: هَلْ تَدْرِي مَا دَعَا لَهَا بِهِ قَالَ: وَمَا دَعَا لَهَا بِهِ؟ قَالَ: اَللّٰهُمَّ صُبَّ الْخَيْرَ عَلَيْهِمَا صَبًّا، وَلَا تَجْعَلْ عَيْشَهُمَا كَدًّا قَالَ ثَابِتٌ: فَزَوَّجَهَا اِيَّاهُ، فَبَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، قَالَ: تَفْقِدُوْنَ مِنْ اَحَدٍ؟، قَالُوا: لَا، قَالَ: لٰكِنِّي اَفْقِدُ جُلَيْبِيبًا، فَاطْلُبُوهُ فِي الْقَتْلَى، فَوَجَدُوهُ اِلَى جَنْبِ سَبْعَةٍ، قَدْ قَتَلَهُمْ، ثُمَّ قَتَلُوهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقَتَلَ سَبْعَةً، ثُمَّ قَتَلُوهُ هٰذَا مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، يَقُوْلُهَا سَبْعًا، فَوَضَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى سَاعِدَيْهِ، مَا لَهُ سَرِيرٌ اِلَّا سَاعِدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى وَضَعَهُ فِي قَبْرِهِ، قَالَ ثَابِتٌ: وَمَا كَانَ فِي الْاَنْصَارِ اَيِّمٌ اَنْفَقُ مِنْهَا

✿✿ حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جلیبیب ایک انصاری تھا وہ خواتین کے ہاں جایا کرتا تھا اور ان کے ساتھ بات چیت کیا کرتا تھا حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنی بیوی سے کہا جلیبیب تمہارے پاس نہ آئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کا یہ معمول تھا کہ جب ان کے ہاں کی خواتین میں سے کوئی بیوہ یا طلاق یافتہ ہو جاتی' تو وہ اس خاتون کی آگے شادی اس وقت تک نہیں کرتے تھے جب تک یہ بات نہیں جان لیتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تو اس کے ساتھ شادی نہیں کرنا چاہتے؟ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری سے کہا: اے فلاں شخص تم اپنی بیٹی کی شادی کروا دو اس نے عرض کی: جی ہاں! سر آنکھوں پر۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں خود اس کے ساتھ شادی نہیں کرنا چاہتا اس انصاری نے دریافت کیا: پھر کس کے ساتھ کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جلیبیب کے ساتھ' اس نے عرض کی: یارسول اللہ (آپ مجھے موقع دیں) تاکہ میں لڑکی کی

4035– إسناده صحيح . إبراهيم بن الحجاج: ثقة روى له النسائي، وباقي رجاله على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 4/422و 452، والبغوى 3997، وأخرجه مختصراً الطيالسى 924، ومسلم 2472 فى فضائل الصحابة: باب من فضائل جليبيب رضى اله عنه، وأحمد 4/421، والنسائى فى فضائل الصحابة 142، والبيهقى 4/221 من طريق حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وانظر 4059 .

ماں کے ساتھ مشورہ کرلوں پھر وہ شخص اس عورت کے پاس آیا اور یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ نے تمہاری بیٹی کیلئے نکاح کا پیغام بھجوایا ہے اس عورت نے کہا: ٹھیک ہے سر آنکھوں پر۔ اس شخص نے کہا: نبی اکرم ﷺ نے اپنے لیے پیغام نہیں دیا: تو عورت دریافت کیا: پھر نبی اکرم ﷺ نے کس کے لیے نکاح کا پیغام بھجوایا ہے اس شخص نے بتایا: جلیبیب کیلئے۔ اس عورت نے کہا: اس نالائق جلیبیب کیلئے پھر اس عورت نے کہا: نہیں اللہ کی قسم! میں جلیبیب کے ساتھ (اپنی بیٹی کی) شادی نہیں کروں گی۔ جب لڑکی کا باپ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جانے کیلئے اٹھنے لگا' تو لڑکی نے پردے کے پیچھے سے اپنی ماں سے کہا میری شادی کے بارے میں آپ کو نکاح کا پیغام کس نے بھجوایا ہے؟ ان دونوں نے جواب دیا: اللہ کے رسول نے' اس لڑکی نے دریافت کیا: تو کیا آپ لوگ اللہ کے رسول کے حکم پر عمل نہیں کریں گے آپ مجھے اللہ کے رسول کے سپرد کر دیں وہ مجھے ضائع نہیں کریں گے پھر اس بچی کا باپ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: اس بچی کا معاملہ آپ کے سپرد ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے اس بچی کی شادی جلیبیب سے کروادی۔

حماد نامی راوی کہتے ہیں: اسحاق بن عبداللہ نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: کیا تم جانتے ہو کہ نبی اکرم ﷺ نے اس بچی کیلئے کیا دعا کی تھی۔ راوی نے دریافت کیا: نبی اکرم ﷺ نے اس کے لیے کیا دعا کی تھی' تو اسحاق نے بتایا: (نبی اکرم ﷺ نے یہ دعا کی تھی)

''اے اللہ! ان دونوں پر بھلائی کو اچھی طرح انڈیل دے اور ان کی زندگی میں کوئی سختی نہ آنے دینا''۔

یہاں ثابت نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس لڑکی کی شادی ان صاحب سے کروادی ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کسی جنگ میں حصہ لینے کیلئے تشریف لے گئے' تو آپ نے دریافت کیا: کیا تم کسی کو غیر موجود پاتے ہو ان لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:' لیکن مجھے جلیبیب غیر موجود محسوس ہو رہا ہے' تو تم لوگ مقتولین میں اسے تلاش کرو تو ان لوگوں نے جلیبیب کو ایسی حالت میں پایا کہ وہ سات مشرکین کے پاس موجود تھے انہوں نے ان سات مشرکین کو قتل کیا تھا اور پھر خود شہید ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا اس نے سات آدمیوں کو قتل کیا ہے اور پھر خود شہید ہوا ہے یہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں یہ بات نبی اکرم ﷺ نے سات مرتبہ ارشاد فرمائی پھر نبی اکرم ﷺ نے انہیں اپنے بازوؤں پر اٹھالیا ان کی چارپائی نبی اکرم ﷺ کے صرف بازو ہی تھے' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے انہیں خود ان کی قبر میں اتارا۔

ثابت نامی راوی بیان کرتے ہیں: انصار میں کوئی بیوہ عورت ایسی نہیں تھی جو اس (جلیبیب کی اہلیہ) سے زیادہ خرچ کرنے والی ہو (یعنی ان سے زیادہ مالدار ہو)

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُتَزَوِّجِ اَنْ يَّقْصِدَ ذَوَاتَ الدِّيْنِ مِنَ النِّسَاءِ

شادی کرنے والے شخص کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' وہ خواتین میں سے دین دار عورتوں کا قصد کرے

4036 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ لِاَرْبَعٍ: لِجَمَالِهَا، وَلِحَسَبِهَا، وَلِمَالِهَا، وَلِدِيْنِهَا، فَعَلَيْكَ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عورت کے ساتھ شادی چار باتوں کی وجہ سے کی جاتی ہے اس کی خوبصورتی کی وجہ سے اس کے نسب کی وجہ سے اس کے مال کی وجہ سے یا اس کے دین کی وجہ سے تو تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں تم دین دار عورت کو ترجیح دو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتَزَوِّجَ اِنَّمَا اَمَرَ اَنْ يَّقْصِدَ مِنَ النِّسَاءِ ذَوَاتَ الدِّيْنِ وَالْخُلُقِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ شادی کرنے والے شخص کو یہ حکم دیا گیا ہے

وہ دین دار اور نیک اخلاق والی خواتین کا قصد کرے

4037 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدٍ النَّسَوِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى، وَهُوَ الْفِطْرِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمَّتِهِ قَالَتْ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى مَالِهَا، وَتُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى جَمَالِهَا، وَتُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى دِيْنِهَا، خُذْ ذَاتَ الدِّيْنِ، وَالْخُلُقِ تَرِبَتْ يَمِيْنُكَ

عَمَّتُهُ زَيْنَبُ بِنْتُ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

4036– إسناده صحيح على شرط الشيخين، ويحيى بن سعيد: هو القطان .وأخرجه أحمد 2/428، والدارمي 2/133–134، والبخاري 5090 في النكاح: باب الأكفاء في الدين، ومسلم 1466 في الرضاع: باب استحباب نكاح ذات الدين، وأبو داوٗد 2047 في النكاح: باب ما يؤمر به من تزويج ذات الدين، والنسائي 6/68 في النكاح: باب كراهية تزويج ذات الدين، والبيهقي 7/79–80، والبغوي 2240 من طريق يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد .

4037–صحيح . زينب بنت كعب بن عجرة: هي زوجة أبي سعيد الخدري، روى عنها ابنا أخويها سعد بن ابي إسحاق، وسليمان بن محمد ابنا كعب بن عجرة، وذكرها ابن الأثير وابن فتحون في الصابة .وأخرجه الحاكم 2/161، وأبو يعلى 1012 من طريق خالد بن مخلد، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي، وقال الهيثمي في المجمع 4/254: ورجاله ثقات .وأخرجه أحمد 3/80، والبزار 1403 من طريقين عن محمد بن موسى الفطري وقد تخرقت في مسند البزار إلى: العطرى–، بِهِ . قلت: وحديث أبي هريرة قبله يشهد له .

''عورت کے ساتھ شادی یا تو اس کے مال کی بنیاد پر کی جاتی ہے یا اس کی خوبصورتی کی بنیاد پر کی جاتی ہے یا اس کے دین کی وجہ سے کی جاتی ہے تو تم دین اور اچھے اخلاق کو اختیار کرو تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں) سعید بن اسحاق نامی راوی کی پھوپھی سے مراد حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی صاحب زادی زینب ہے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ التَّفَقُّدِ فِي اَسْبَابِ مَنْ يُّرِيْدُ اَنْ يَّتَزَوَّجَ بِهَا مِنَ النِّسَاءِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے' وہ جس خاتون کے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہو وہ اس میں کچھ چیزوں کے بارے میں چھان بین کر لے

4038 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ اَسْلَمَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَتَزَوَّجُ فِي الْاَنْصَارِ قَالَ: اِنَّ فِيْ اَعْيُنِهِمْ شَيْئًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ انصار میں شادی نہیں کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّذْكُرَ الَّتِىْ يُرِيْدُ اَنْ يَّخْطُبَهَا لِاِخْوَانِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّخْطُبَهَا اِلٰى وَلِيِّهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ جس خاتون کے لیے نکاح کا پیغام بھجوانا چاہتا ہو اس خاتون کا تذکرہ اپنے بھائیوں کے سامنے کر دے اس سے پہلے کہ وہ اس خاتون کے ولی کو نکاح کا پیغام بھجوائے

4039 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

4038- إسناده صحيح . رجاله رجال الصحيح غير خلاد بن أسلم، فروى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة .وأخرجه النسائي 6/69 في النكاح: باب المرأة الغيرى من طريق إسحاق بن إبراهيم، عن النضر، بهذا الإسناد، بلفظ: قالوا: يا رسول الله، ألا تتزوج من نساء الأنصار، قال: "إن فيهم لغيرة شديدة"، وانظر 4041 و 4044 .

4039- حديث صحيح، ابن أبي السرى وهو محمد بن المتوكل- قد توبع وباقي رجاله على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 1/12، والنسائي 6/77-78 في النكاح: باب عرض الرجل ابنته على من يرضى، والطبراني 23/3002 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد وأخرجه البخاري 5129 في النكاح: باب من قال لا نكاح إلا بولي، من طريق هشام، عن معمر، بِهِ .وأخرجه البخاري 4005 في المغازي: باب 12، و 5122 في النكاح: باب عرض الإنسان ابنته أو أخته على أهل الخير، و 5445 باب تفسير ترك الخطبة، والنسائي 6/83-84، باب إنكاح الرجل ابنته الكبيرة، وابن سعد في "الطبقات 8/81"-82، والطبراني 23/302 من طرق عن الزهري، بِهِ .

(متن حدیث): قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: تَاَيَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَتُوُفِّيَ بِالْمَدِيْنَةِ، قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَفْصَةَ، فَقُلْتُ: اِنْ شِئْتَ اَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، فَقَالَ: سَاَنْظُرُ فِي ذٰلِكَ، قَالَ: فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ، فَلَقِيَنِي، فَقَالَ: مَا اُرِيْدُ النِّكَاحَ يَوْمِي هٰذَا، قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيتُ اَبَا بَكْرٍ، فَقُلْتُ: اِنْ شِئْتَ اَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ، قَالَ: فَلَمْ يَرْجِعْ اِلَيَّ شَيْئًا، فَكُنْتُ اَوْجَدَ عَلَيْهِ مِنِّي عَلٰى عُثْمَانَ، فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ، فَخَطَبَهَا اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَنْكَحْتُهَا اِيَّاهُ، فَلَقِيَنِي اَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: لَعَلَّكَ وَجَدْتَ فِي نَفْسِكَ حِينَ عَرَضْتَ عَلَيَّ حَفْصَةَ، فَلَمْ اَرْجِعْ اِلَيْكَ شَيْئًا قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي اَنْ اَرْجِعَ اِلَيْكَ شَيْئًا لَمَّا عَرَضْتَ عَلَيَّ، اِلَّا اَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُهَا، وَلَمْ اَكُنْ اُفْشِيْ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكَهَا لَنَكَحْتُهَا*

❁❁ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے: حفصہ بنت عمر کے شوہر حضرت خنیس بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی تھے انہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل تھا ان کا انتقال مدینہ منورہ میں ہوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری ملاقات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے انہیں حفصہ کے ساتھ شادی کی پیش کش کی میں نے کہا: اگر آپ چاہیں' تو میں آپ کی شادی حفصہ بنت عمر سے کروا دیتا ہوں انہوں نے کہا: میں اس معاملے میں غور کروں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کچھ دن بعد ان کی مجھ سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا: میں ابھی شادی نہیں کرنا چاہتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر میری ملاقات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو میں نے کہا: اگر آپ چاہیں' تو میں حفصہ بنت عمر کے ساتھ آپ کی شادی کروا دیتا ہوں' تو انہوں نے مجھے کوئی جواب نہیں دیا۔ مجھے ان پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے زیادہ غصہ آیا پھر کچھ دن گزر گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نکاح کا پیغام بھجوایا میں نے حفصہ کی شادی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کردی پھر میری ملاقات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ہوئی انہوں نے فرمایا: جب تم نے مجھے حفصہ کی شادی کی پیشکش کی تھی' تو میں نے تمہیں کوئی جواب نہیں دیا تھا شاید اس وجہ سے تمہیں مجھ سے کوئی ناراضگی ہے میں نے جواب دیا: جی ہاں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تم نے مجھے یہ پیشکش کی تھی' تو میں نے تمہیں جواب اس لیے نہیں دیا تھا' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو (سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی) کا ذکر کرتے ہوئے سنا تھا تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے راز کو ظاہر نہیں کرنا چاہتا تھا اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا نہ کرتے تو میں اس کے ساتھ شادی کر لیتا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِكِتْمَانِ الْخِطْبَةِ، وَاسْتِعْمَالِ دُعَاءِ الِاسْتِخَارَةِ بَعْدَ الْوُضُوءِ، وَالصَّلَاةِ، وَالتَّحْمِيدِ، وَالتَّمْجِيدِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَهَا

نکاح کا پیغام چھپانے کا حکم ہونے کا تذکرہ اور نکاح کا پیغام بھیجنے کے وقت آدمی کا وضو کرنے کے

بعد دعائے استخارہ پر عمل کرنا، نماز پڑھنا، الحمدللہ پڑھنا اور اللہ تعالیٰ کی بزرگی بیان کرنا (ان سب باتوں کا حکم ہونے کا تذکرہ)

4040 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ حَيْوَةُ اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ اَبِي الْوَلِيْدِ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَيُّوْبَ بْنَ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ اَبِيْ اَيُّوْبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اُكْتُمِ الْخِطْبَةَ، ثُمَّ تَوَضَّاْ فَاَحْسِنْ وُضُوْءَكَ، ثُمَّ صَلِّ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكَ، ثُمَّ احْمَدْ رَبَّكَ وَمَجِّدْهُ، ثُمَّ قُلْ: اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ، وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، فَاِنْ رَاَيْتَ فِيْ فُلَانَةَ - وَتُسَمِّيهَا بِاسْمِهَا - خَيْرًا لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ فَاقْدُرْهَا لِيْ، وَاِنْ كَانَ غَيْرُهَا خَيْرًا لِيْ مِنْهَا فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ فَاقْضِ لِيْ ذٰلِكَ

❁❁ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نکاح کے پیغام کو ذہن میں رکھو پھر وضو کرتے ہوئے اچھی طرح وضو کرو پھر جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے نصیب میں لکھا ہوا اتنی نماز ادا کرو پھر تم اپنے پروردگار کی حمد بیان کرو اس کی بزرگی کا تذکرہ کرو پھر یہ دعا مانگو۔

"اے اللہ! بے شک تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا تو علم رکھتا ہے اور میں علم نہیں رکھتا تو غیوب کا بہت زیادہ علم رکھتا ہے اگر تو یہ جانتا ہے فلاں عورت (راوی کہتے ہیں: یہاں اس عورت کا نام لے) میرے لیے میرے دین میری دنیا اور میری آخرت کے اعتبار سے بہتر ہے تو اسے میرا نصیب کر دے اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور میرے دین میری دنیا اور میری آخرت کے حوالے سے میرے حق میں بہتر ہے تو اس کو میرا نصیب کر دے"۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِمَنْ اَرَادَ خِطْبَةَ امْرَاَةٍ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا قَبْلَ الْعَقْدِ

جو شخص کسی خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجنا چاہتا ہو اس کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ

4040- خالد بن أبي أيوب: لم يوثقه غير المؤلف 4/198، واسم أبيه صفوان، وباقي السند رجاله رجال الصحيح .وأخرجه أحمد5/423، والطبراني 4/3901 وقد تحرف فيه "الخطبة" إلى "الخطيئة"، والحاكم 1/314، والبيهقي7/147 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وقال الحاكم عقب هذا الحديث: هذه سنة صلاة الاستخارة عزيزة، تفرد بها أهل مصر، ورواته عن آخرهم ثقات، ووافقه الذهبي! .وأخرجه أحمد 5/423 من طريق ابن لهيعة، عن الوليد بن ابي الوليد، به .

وہ عقد سے پہلے اس عورت کو دیکھ لے

4041 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَرَادَ اَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّ فِي اَعْيُنِ الْاَنْصَارِ شَيْئًا يَعْنِي صَغَرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے انصار کی کسی خاتون کے ساتھ شادی کرنے کا ارادہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس عورت کو دیکھ لینا' کیونکہ انصار کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے (راوی کہتے ہیں) یعنی ان کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْخَاطِبِ الْمَرْاَةَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَيْهَا قَبْلَ الْعَقْدِ

عورت کو نکاح کا پیغام بھیجنے والے کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ عقد سے پہلے اسے دیکھ لے

4042 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، عَنْ عَمِّهِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ يُطَارِدُ ابْنَةَ الضَّحَّاكِ عَلٰى اِنْجَارٍ مِّنْ اَنَاجِيرِ الْمَدِيْنَةِ يُبْصِرُهَا،

4041- إسناده صحيح . إبراهيم بن بشار: حافظن روى له أبو داوُد والترمذى، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين غير يزيد بن كيسان، فمن رجال مسلم . وأخرجه الحميدى 1172، وأحمد 2/299، ومسلم 1424 74 فى النكاح: باب ندب النظر إلى وجه المرأة وكفيها لمن يريد أن يتزوجها، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار 3/14"، والنسائى 6/77 فى النكاح: باب إذا استشار رجل رجلاً فى المرأة هل يخبره بما يعلم، وسعيد بن منصور فى سننه 523 والدارقطنى 3/253، والبيهقى 7/84 من طريق سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1424 75، والنسائى 6/77 من طريقين عن يزيد بن كيسان، به . وانظر الحديث رقم 4044 .

4042- إسناده ضعيف، سهل بن محمد بن أبى حثمة، وعمه سليمان بن أبى حثمة: لم يوثقهما غير المؤلف6/406و 385، وباقى رجاله على شرط الشيخين . وأخرجه سعيد بن منصور 519، وابن ابى شيبة 4/356، و 365، وأحمد3/493و 4/225، وابن ماجه 1864 فى النكاح: باب النظر إلى المرأة إذا أراد أن يتزوجها، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 3/13، والمزى فى تهذيب الكمال ص1204 من طرق عن الحجاج بن أرطاة، عن محمد بن سليمان بن ابى حثمة، عن عمه سهل بن ابى حثمة، ووقع فى الطحاوى: عن عمه سليمان بن أبى حثمة، عن محمد بن مسلمة . والحجاج بن أرطاة: كثير الخطأ والتدليس، ولم يصرح بالتحديث .وأخرجه البيهقى5/85 من طريق الحجاج عن أبى مليكة، عن محمد بن سليمان بن ابى حثمة، بالإسناد السابق . وقال: هذ الحديث إسناده مختلف فيه، ومداره على الحجاج بن أرطاة .وأخرجه الحاكم 3/434 من طريق إبراهيم بن صرمة، عن يحيى بن سعيد الأنصارى، عن محمد بن سليمان بن أبى حثمة، به . وقال: هذا حديث غريب، وإبراهيم بن صرمة ليس من شرط هذا الكتاب، وتعقبه الذهبى بقوله: ضعفه الدارقطنى، وقال أبو خاتم: شيخ .وأخرجه الطيالسى 1186 من طريق حماد بن سلمة، عن الحجاج، عن محمد بن أبى سهل، عن أبيه قال: رأيت محمد بن مسلمة وأخرجه أحمد 4/226 من طريق وكيع، عن ثور، عن رجل من أهل البصرة، عن محمد بن مسلمة .

فَقُلْتُ لَهُ: اَتَفْعَلُ هٰذَا وَاَنْتَ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا اَلْقَى اللّٰهُ فِيْ قَلْبِ امْرِءٍ خِطْبَةَ امْرَاَةٍ، فَلَا بَاْسَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا

سلیمان بن ابوحثمہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ حضرت ضحاک رضی اللہ عنہ کی صاحب زادی کو مدینہ منورہ کے ایک باغ میں چھپ کر دیکھنے کی کوشش کر رہے تھے میں نے ان سے دریافت کیا: کیا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہو کر ایسا کر رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے دل میں کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھجوانے کی بات ڈال دے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، وہ شخص اس عورت کو پہلے دیکھ لے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اِذَا اَرَادَ خِطْبَةَ امْرَاَةٍ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَيْهَا قَبْلَ الْعَقْدِ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ، جب وہ کسی خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجنے کا ارادہ کرے تو عقد سے پہلے اس کی طرف دیکھ لے

4043 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ

(متن حدیث): اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ خَطَبَ امْرَاَةً، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهٗ اَجْدَرُ اَنْ يُّؤْدَمَ بَيْنَكُمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام بھجوایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم جاؤ اور اس عورت کو دیکھ لو، کیونکہ یہ اس بات کے زیادہ لائق ہے، تم دونوں کے درمیان محبت پیدا کر دے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا ہے

4043– إسناده صحيح على شرط مسلم . عباس بن عبد العظيم: ثقة رويله مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين .وأخرجه ابن ماجه 1865 في النكاح: باب النظر إلى المرأة إذا أراد أن يتزوجها، وابن الجارود 676، والدارقطني 3/253، والحاكم2/165، والبيهقي 7/84، من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 4/244–245و 246، والدارمي 2/134، وسعيد بن منصور 516و 517 و 518، وابن أبي شيبة 4/355، والترمذي 1087 في النكاح: باب إباحة النظر قبل التزويج، وابن ماجه 1866، وابن الجارود 675، والدارقطني 3/252 و 253، والطحاوي 3/14، والبيهقي 7/84و 84–85، والبغوي 2247 من طريق ثابت، وعاصم الأحول، عن بكر بن عبد الله المزني، عن المغيرة بن شعبة

4044 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ لَهُ نِكَاحَ امْرَاَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: انْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّ فِي اَعْيُنِ الْاَنْصَارِ شَيْئًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے آپ کے سامنے ایک انصاری خاتون کے ساتھ شادی کرنے (کے ارادے) کا ذکر کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس عورت کو دیکھ لو' کیونکہ انصار کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اِذَا اَرَادَ خِطْبَةَ امْرَاَةٍ وَهِيَ فِي عِدَّتِهَا اَنْ يُّعَرِّضَ لَهَا وَلَا يُصَرِّحُ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب وہ کسی خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجنے لگے

اور وہ عورت اس وقت عدت گزار رہی ہو تو اشارے کنایے سے اسے نکاح کا پیغام دے صراحت کے ساتھ نہ دے

4045 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ: اذْهَبِي اِلَى اُمِّ شَرِيكٍ وَلَا تُفَوِّتِينَا بِنَفْسِكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ بنت قیس سے فرمایا: تم ام شریک کے ہاں چلی جاؤ اور اپنی ذات کے حوالے سے ہمیں کسی پریشانی کا شکار نہ کرنا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ خِطْبَةِ الْمَرْءِ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ، اَوْ اَنْ يَّسْتَامَ عَلٰى سَوْمِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر نکاح کا پیغام بھیجے' یا اس کی بولی پر بولی لگائے

4046 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرَاهِيجَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَسْتَامُ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيهِ، وَلَا يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ، وَلَا تَسْاَلُ الْمَرْاَةُ

4044– إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد تقدم برقم 4041 .

4045– إسناده حسن، من أجل محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ– وباقي رجاله على شرط الصحيح، وانظر الحديث رقم 4049 .

طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَكْتَفِءَ مَا فِي صَحْفَتِهَا

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ: ابْنُ زَيْدٍ هٰذَا مِنْ اَهْلِ الْمَزَارِ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی شخص اپنے بھائی کی بولی پر بولی نہ لگائے اور کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر نکاح کا پیغام نہ بھیجے' کوئی عورت اپنی بہن (یعنی سوکن) کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اس کے حصے میں آنے والی نعمتیں بھی خود حاصل کر لے۔

شیخ بیان کرتے ہیں: ابن زید نامی یہ راوی اہل مزار میں سے ہے یہ بصرہ کا رہنے والا ہے اور ثقہ ہے۔

4047 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَخْطُبُ اَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر نکاح کا پیغام نہ بھیجے''۔

4046- إسناده ضعيف، وهو حديث صحيح، محمد بن أحمد بن زيد، وشيخه عمرو بن عاصم لم يوثقهما غير المؤلف 9/123 و 7/180، وداؤد بن فراهيج: مختلف فيه، وقال ابن عدى: لا أرى بمقدار ما يرويه بأساً .وأخرجه مالك 2/523 فى النكاح: باب ما جاء فى الخطبة، و 2/900 فى القدر: باب جامع ما جاء فى أهل القدر، والشافعى فى الرسالة ص 307، والحميدى 1027، وأحمد 2/462، والبخارى 5144 فى النكاح: باب لا يخطب على خطبة أخيه حتى ينكح أو يدع، و 6601 فى القدر: باب وكان أمر الله قدراً مفعولاً، والنسائى 6/73 فى النكاح: باب النهى عن أن يخطب الرجل على خطبة أخيه، والطحاوى فى شرح معانى الآثار 3/4، والبيهقى 7/180 من طريق الأعرج عن أبى هريرة .وأخرجه الحميدى 01026 وابن أبى شيبة 4/403، وأحمد 2/274و 487، والبخارى 2140 فى البيوع: باب لا يبيع على بيع أخيه، و 2723 فى الشروط: باب ما لا يجوز من الشروط فى النكاح، ومسلم 1413 و 51 و 52 و 53 فى النكاح: باب تحريم الخطبة على خطبة أخيه حتى يأذن أو يترك، وأبو داؤد 2080 فى النكاح: باب فى كراهية أن يخطب الرجل على خطبة أخيه، والنسائى6/71-72 و 73 فى النكاح: باب النهى عن أن يخطب الرجل على خطبة أخيه، و 7/258 فى البيوع: باب سوم الرجل على سوم أخيه، و 258-259 باب النجش، والترمذى 1134 فى النكاح: باب ما جاء أن لا يخطب الرجل على خطبة أخيه، وابن ماجه 2172 فى التجارات: باب لا يبيع على بيع أخيه ولا يسوم على سومه، وابن الجارود 677، والطحاوى 3/4، والبيهقى 5/344 و 346 و 7/479 من طريق سعيد بن المسيب، عن أبى هريرة .وأخرجه أحمد 2/411، و 457، ومسلم 1413 54 و55 و 1515 9 و 10 فى البيوع: باب تحريم بيع الرجل على بيع أخيه، والطحاوى 3/4 والبيهقى 5/345 من طريق عبد الرحمٰن بن يعقوب الحرقى، عن أبى هريرة .وأخرجه أحمد 2/489 و 508 و 516، والنسائى 6/73، والطحاوى3/4، والبيهقى 5/345 من طريق محمد بن سيرين، عن أبى هريرة .وأخرجه البخارى 2727 فى الشروط: باب الشروط فى الطلاق، ومسلم 1515 10 و 12، والنسائى 7/255 فى البيوع: باب بيع المهاجر للأعرابى، والبيهقى 5/345 من طريق أبى حازم، عن أبى هريرة .وأخرجه البخارى 5152 فى النكاح: باب الشروط التى لا تحل فى النكاح، والنسائى 7/258-259 و 259، وابن الجارود 678 من طريق أبى سلمة، عن أبى هريرة .وأخرجه أحمد 2/394، والبيهقى 5/345 من طريق الوليد بن رباح عن أبى هريرة .وأخرجه أحمد 2/318 من طريق همام بم منبه، و 2/427 من طريق الحسن، و 2/512 من طريق أبى صالح، ثلاثتهم عن أبى هريرة . وانظر الحديث رقم 4048 و 4050 و 4068 و 4069 و 4070 .

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا اِخْبَارٌ دُوْنَ النَّهْيِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت دراصل اطلاع ہے یہ ممانعت نہیں ہے

4048 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ نَهٰى اَنْ يَّسْتَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيْهِ، اَوْ يَخْطُبَ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ نے اس بات سے منع کیا ہے' کوئی شخص اپنے بھائی کی بولی پر بولی لگائے یا اپنے بھائی کے نکاح کے پیغام پر نکاح کا پیغام بھیجے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الزَّجْرَ اِنَّمَا زَجَرَ اِذَا رَكَنَ اَحَدُهُمَا اِلٰى صَاحِبِهٖ، وَهُوَ الْعِلَّةُ الَّتِىْ ذَكَرْنَاهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ ممانعت اس صورت میں ہے

جب ان دونوں میں سے کوئی ایک فریق دوسرے فریق کی طرف مائل ہو چکا ہو اور یہ وہ علت ہے' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

4049 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ، وَهُوَ غَائِبٌ بِالشَّامِ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا وَكِيلُهُ بِشَعِيرٍ، فَسَخِطَتْهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا لَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ، فَجَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ، وَاَمَرَهَا اَنْ تَعْتَدَّ فِىْ بَيْتِ اُمِّ شَرِيكٍ، ثُمَّ قَالَ: تِلْكَ امْرَاَةٌ يَغْشَاهَا اَصْحَابِىْ، فَاعْتَدِّىْ عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ، فَاِنَّهُ رَجُلٌ اَعْمٰى، فَاِذَا حَلَلْتِ فَآذِنِيْنِىْ، قَالَتْ: فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهُ اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِىْ سُفْيَانَ وَاَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِىْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اَبُوْ جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهٖ، وَاَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوكٌ لَا مَالَ لَهُ، انْكِحِىْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، قَالَتْ: فَكَرِهْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: انْكِحِىْ اُسَامَةَ فَنَكَحْتُهُ،

4048- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي .وأخرجه الطحاوي 3/4 من طريق أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1413 55 في النكاح: باب تحريم الخطبة على خطبة أخيه حتى يأذن أو يترك، و 1515 في البيوع: باب تحريم بيع الرجل على بيع أخيه، من طريق عبد الصمد، عن شعبة، بِهِ . وأخرجه أحمد 2/529 من طريق الأعمش، عن أبي صالح، بِهِ .

فَجَعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا، وَاغْتَبَطْتُ بِهِ

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوعمرو بن حفص رضی اللہ عنہ نے انہیں طلاق بتہ دے دی وہ اس وقت شام گئے ہوئے تھے انہوں نے اپنے وکیل کو کچھ "جو" دے کر اس خاتون کے پاس بھیجا اس خاتون نے اس وکیل پر ناراضگی کا اظہار کیا اس وکیل نے کہا: اللہ کی قسم! تمہیں دینے کیلئے ہمارے ذمے اس کے علاوہ کوئی اور چیز لازم نہیں ہے۔ وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ کے سامنے اس مسئلے کا ذکر کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں خرچ دینا اس پر لازم نہیں ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو ہدایت کی کہ وہ سیّدہ ام شریک رضی اللہ عنہا کے ہاں عدت بسر کرے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ایک ایسی خاتون ہے' جس کے ہاں میرے اصحاب آتے جاتے رہتے ہیں تم ابن ام مکتوم کے ہاں عدت بسر کرو' کیونکہ وہ ایک نابینا شخص

4142 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، وَوَكِيعٌ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ مَعَنَا نِسَاءٌ فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَسْتَخْصِي؟ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ وَرَخَّصَ لَنَا اَنْ نَنْكِحَ الْمَرْاَةَ بِالثَّوْبِ اِلٰى اَجَلٍ ثُمَّ قَرَاَ: (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ) (المائدة: 87)

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جنگ میں شریک ہوئے ہمارے ساتھ خواتین نہیں تھیں ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم خصی نہ ہو جائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کر دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات کی رخصت دی کہ ہم کسی کپڑے کے عوض میں کسی عورت کے ساتھ ایک متعین مدت کیلئے نکاح کر لیں پھر انہوں نے (یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے) یہ آیت تلاوت کی۔

''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے جو پاکیزہ چیزیں حلال قرار دی ہیں تم انہیں حرام قرار نہ دو اور حد سے تجاوز نہ کرو بے شک اللہ تعالیٰ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا''۔

4142– إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر ما قبله .

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِى نَهٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُتْعَةِ فِيْهِ

اس وقت کا تذکرہ' جس میں نبی اکرم ﷺ نے متعہ کرنے سے منع کر دیا تھا

4143 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْحَسَنِ ابْنَىْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيْهِمَا، عَنْ عَلِيٍّ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے غزوہ خیبر کے دن خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے سے منع کر دیا تھا اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے (منع کر دیا تھا)۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لَهُمْ فِى الْمُتْعَةِ مُدَّةً مَعْلُوْمَةً بَعْدَ هٰذَا الزَّجْرِ الْمُطْلَقِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے ایک متعین مدت کے لیے لوگوں کو متعہ کرنے کی اجازت دی تھی جو اس مطلق ممانعت کے بعد تھی

4144 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ

4143– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في الموطأ 2/542 في النكاح: باب نكاح المتعة .وأخرجه من طريق مالك: البخاري 4216 في المغازي: باب غزوة خيبر، و 5523 في الذبائح والصيد: باب لحوم الحمر الإنسية، ومسلم 1407 29 في النكاح: باب نكاح المتعة، والنسائي 6/126 في النكاح: باب تحريم المتعة، و7/203 في الصيد: باب تحريم لحوم الحمر الأهلية، والترمذي 1794 في الأطعمة: باب ما جاء في لحوم الحمر الأهلية، وابن ماجه 1961 في النكاح: باب النهي عن نكاح المتعة، والبيهقي 7/201 . وأخرجه من طريق سفيان بن عيينة عن الزهري: البخاري 5115 في النكاح: باب نهي رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نكاح المتعة أخيراً، ومسلم 1407 30، وسعيد بن منصور 848، والنسائي 7/202 في الصيد والذبائح: باب تحريم . أكل لحوم الحمر الأهلية، والترمذي 1121 في النكاح: باب ما جاء في تحريم نكاح المتعة، وأحمد 1/79، والحميدي 37، والدارمي 2/140، وأبو يعلى 576، والبيهقي 7/201 و 202، وابن أبي شيبة 4/292 .وأخرجه من طريق عبيد الله بن عمر، عن الزهري،: البخاري 6961 في الحيل: باب الحيلة في النكاح: ومسلم . وأخرجه من طريق يونس، عن الزهري: مسلم 1407 32 والنسائي 7/203، والبيهقي 7/201 .

4144– إسناده صحيح . حفص بن عمر: ثقة من رجال البخاري، والربيع بن سبرة من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما .وأخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار 3/26 من طريق حفص بن عمر الحوضي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/405 عن محمد بن جعفر، عن شعبة، بِهِ .

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِيْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ فَاَتَيْتُهُ بَعْدَ ثَلَاثٍ فَاِذَا هُوَ يُحَرِّمُهَا اَشَدَّ التَّحْرِيْمِ، وَيَقُوْلُ فِيْهَا اَشَدَّ الْقَوْلِ

❁❁ ربیع بن سبرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے کی اجازت دی تین دن کے بعد میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم ﷺ اسے سختی کے ساتھ حرام قرار دے چکے تھے اور آپ ﷺ اس بارے میں سخت ترین فرمان جاری کر چکے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتْعَةَ حَرَّمَهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ بَعْدَ هٰذَا الْاَمْرِ الْمُطْلَقِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے اس مطلق حکم کے بعد غزوہ خیبر کے دن متعہ کو حرام قرار دے دیا تھا

4145 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيْهِمَا، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے غزوہ خیبر کے موقع پر خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاحَ لَهُمْ فِي الْمُتْعَةِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ يَوْمَ الْفَتْحِ بَعْدَ نَهْيِهِ عَنْهَا يَوْمَ خَيْبَرَ ثُمَّ نَهٰى عَنْهَا مَرَّةً ثَانِيَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر لوگوں کے لیے تین دن

کے لیے متعہ کرنے کو مباح قرار دیا تھا حالانکہ پہلے آپ ﷺ غزوہ خیبر کے موقع پر اسے منع کر چکے تھے اس کے بعد آپ ﷺ نے دوسری مرتبہ اس سے منع کر دیا تھا

4146 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث):اَذِنَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْمُتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ، فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَرَجُلٌ

4145- إسناده صحيح على شرطهما، وقد تقدم برقم 4141 .

اٰخَرُ اِلٰی امْرَاَةٍ شَابَّةٍ كَاَنَّهَا بَكْرَةٌ عَيْطَاءُ، لِنَسْتَمْتِعَ بِهَا فَجَلَسْنَا بَيْنَ يَدَيْهَا، وَعَلَيْهِ بُرْدٌ وَّعَلَيَّ بُرْدٌ، فَكَلَّمْنَاهَا وَمَهَرْنَاهَا بُرْدَيْنَا، وَكُنْتُ اَشَبَّ مِنْهُ وَكَانَ بُرْدُهُ اَجْوَدَ مِنْ بُرْدِي فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ اِلَيَّ مَرَّةً، وَاِلٰی بُرْدِهِ مَرَّةً، ثُمَّ اخْتَارَتْنِي فَنَكَحْتُهَا فَاَقَمْتُ مَعَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْهَا فَفَارَقْتُهَا

❀❀ ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے فتح مکہ کے سال ہمیں نکاح متعہ کرنے کی اجازت دی میں اور ایک دوسرا شخص ایک نوجوان عورت کے پاس گئے جو کنواری محسوس ہوتی تھی ہم اس کے ساتھ نکاح متعہ کرنا چاہتے تھے ہم اس کے سامنے بیٹھ گئے میرے ساتھی کے جسم پر بھی ایک چادر تھی اور میرے جسم پر بھی ایک چادر تھی ہم نے اس عورت کے ساتھ بات چیت کی مہر کے بارے میں بات چیت کی کہ ہم اسے چادریں دیں گے میں اپنے ساتھی کے مقابلے میں زیادہ نوجوان تھا' لیکن اس کی چادر میری چادر سے زیادہ عمدہ تھی وہ عورت ایک دفعہ میری طرف دیکھتی تھی اور ایک مرتبہ اس کی چادر کی طرف دیکھتی تھی پھر اس عورت نے مجھے اختیار کر لیا تو میں نے اس کے ساتھ نکاح کر لیا میں تین دن تک اس کے ساتھ ٹھہرا رہا پھر نبی اکرم ﷺ نے اس (نکاح متعہ سے) منع کر دیا' تو میں نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کر لی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ الْمُتْعَةَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ تَحْرِيْمَ الْاَبَدِ اِلٰی يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر متعہ کو حرام قرار دیا تھا یہ ایسا حرام قرار دینا تھا جو قیامت کے دن تک برقرار رہے گا

4147 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَحْمَسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضَيْنَا عُمْرَتَنَا قَالَ لَنَا: اسْتَمْتِعُوا مِنْ

4146– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه من طرق عن الزهرى: مسلم 1406 24 و 25 و 26 و 27، وأحمد 2/404 و 405، والدارمى 2/140، وأبو داؤد 2072 و 2073، وابن أبى شيبة 4/292، وسعيد بن منصور فى سننه 847، وابن الجارود 698،وأبو يعلى 938، والطبرانى 6527 و 6528 و 6529 و 6530 و 6531 و6532 و 6533 و 6534، وعبد الرزاق 14034، والحميدى 846 والبيهقى 7/204 .

4147– إسناده صحيح . محمد بن إسماعيل الأحمسى: روى له أصحاب السنن غير أبى داؤد، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه من طرق عن عبدا لعزيز بن عمر، بهذا الإسناد: أحمد 3/404 و 405،وابن ابى شيبة 4/292، وعبد الرزاق 14041، والحميدى 847، والدارمى 2/140، ومسلم 1406 21 فى النكاح: باب نكاح المتعة، وابن ماجه 1962 فى النكاح: باب النهى عن نكاح المتعة، وأبو يعلى 939، وابن الجارود 699، والطحاوى 3/25، والطبرانى 6514 و 6515 و6515 و 6517 و6517 و6518 و 6519 و 6520، والبيهقى 7/203 .

هٰذِهِ النِّسَاءِ قَالَ: وَالِاسْتِمْتَاعُ عِنْدَنَا يَوْمَئِذٍ التَّزْوِيجُ فَعَرَضْنَا بِذٰلِكَ النِّسَاءَ أَنْ نَضْرِبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُنَّ أَجَلًا قَالَ: فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: افْعَلُوا ذٰلِكَ فَخَرَجْتُ أَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي مَعِي بُرْدَةٌ وَّمَعَهُ بُرْدَةٌ وَّبُرْدُهُ أَجْوَدُ مِنْ بُرْدِي وَأَنَا أَشَبُّ مِنْهُ فَأَتَيْنَا امْرَأَةً فَعَرَضْنَا ذٰلِكَ عَلَيْهَا فَأَعْجَبَهَا شَبَابِي وَأَعْجَبَهَا بُرْدُ ابْنِ عَمِّي فَقَالَتْ: بُرْدٌ كَبُرْدٍ فَتَزَوَّجْتُهَا، وَكَانَ الْأَجَلُ بَيْنِي وَبَيْنَهَا عَشْرًا فَلَبِثْتُ عِنْدَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ، ثُمَّ أَصْبَحْتُ غَادِيًا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْحَجَرِ وَالْبَابِ قَائِمٌ يَخْطُبُ النَّاسَ وَهُوَ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي قَدْ أَذِنْتُ لَكُمْ فِي الِاسْتِمْتَاعِ فِي هٰذِهِ النِّسَاءِ، أَلَا وَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ ذٰلِكَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْهُنَّ شَيْئًا فَلْيُخَلِّ سَبِيلَهُ، وَلَا تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا

ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں روانہ ہوئے جب ہم نے عمرہ ادا کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرلو۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہمارے نزدیک ان دنوں میں متعہ کرنا شادی کے مترادف تھا ہم نے خواتین کو اس کی پیشکش کی کہ ہم متعین مدت کے لیے ان کے ساتھ شادی کر لیتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ایسا کرلو۔

میں اور میرا چچازاد بھائی نکلے میرے پاس بھی ایک چادر تھی اور اس کے پاس بھی ایک چادر تھی اس کی چادر میری چادر سے اچھی تھی اور میں اس کے مقابلے میں زیادہ نوجوان تھا ہم ایک عورت کے پاس آئے ہم نے اس عورت کو نکاح کی پیشکش کی اسے میری جوانی پسند آئی اور میرے چچازاد کی چادر پسند آئی وہ بولی چادر تو چادر کی طرح ہوتی ہے' تو میں نے اس عورت کے ساتھ شادی کر لی میرے اور اس عورت کے درمیان دس دن ساتھ رہنے کا معاہدہ ہوا تھا اس رات میں اس کے پاس رہا پھر اگلے دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود اور خانہ کعبہ کے درمیان کھڑے ہوئے لوگوں سے خطاب کر رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے۔

''اے لوگو! میں نے تمہیں خواتین کے ساتھ نکاح متعہ کرنے کی اجازت دی تھی خبردار! بے شک اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت کے دن تک حرام قرار دے دیا ہے' تو جس شخص نے ایسا کوئی معاہدہ کیا ہو' تو اسے ان عورتوں کو چھوڑ دینا چاہئے اور تم نے انہیں جو ادائیگی کی تھی اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لینا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الزَّجْرَ عَنِ الْمُتْعَةِ يَوْمَ الْفَتْحِ كَانَ زَجْرَ تَحْرِيمٍ لَا زَجْرَ نَدْبٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' فتح مکہ کے دن متعہ سے روکنے کی ممانعت ایسی ممانعت ہے' جو حرام قرار دینے کے لیے ہے یہ استحباب کے طور پر ممانعت نہیں ہے

4148 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَخَرَجْتُ اَنَا وَرَجُلٌ مِّنْ قَوْمِي لِيْ عَلَيْهِ فَضْلٌ فِي الْجَمَالِ وَهُوَ قَرِيبٌ مِّنَ الدَّمَامَةِ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنَّا بُرْدٌ اَمَا بُرْدِي، فَبُرْدٌ خَلَقٌ وَّاَمَّا بُرْدُ ابْنِ عَمِّيْ فَبُرْدٌ جَدِيدٌ غَضٌّ حَتّٰى اِذَا كُنَّا اَسْفَلَ مَكَّةَ اَوْ بِاَعْلَاهَا فَلَقِيَنَا فَتَاةٌ مِثْلُ الْبَكْرَةِ فَقُلْنَا: هَلْ نَسْتَمْتِعُ مِنْكِ قَالَتْ: وَمَاذَا تَبْذُلَانِ فَنَشَرَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنَّا بُرْدَهُ فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ اِلَى الرَّجُلِ فَاِذَا رَآهَا الرَّجُلُ تَنْظُرُ اِلَيَّ عِطْفِهَا وَقَالَ: بُرْدُ هٰذَا خَلَقٌ وَّبُرْدِي جَدِيدٌ غَضٌّ فَتَقُوْلُ: بُرْدُ هٰذَا لَا بَاْسَ بِهٖ ثُمَّ اسْتَمْتَعْتُ مِنْهَا فَلَمْ نَخْرُجْ حَتّٰى حَرَّمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ربیع بن سبرہ بیان کرتے ہیں: ان کے والدنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں شرکت کی وہ بیان کرتے ہیں: میں اور میری قوم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نکلے خوبصورتی کے اعتبار سے مجھے اس پر فضیلت حاصل تھی اور وہ شخص بدصورت ہونے کے قریب تھا ہم میں سے ہر ایک کے پاس چادر موجود تھی جہاں تک میری چادر کا تعلق تھا تو وہ پرانی تھی اور جہاں تک میرے چچازاد کی چادر کا تعلق تھا وہ بالکل نئی چادر تھی' یہاں تک کہ ہم مکہ کے زیریں علاقے میں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) بالائی علاقے میں آئے ہماری ملاقات ایک نوجوان عورت سے ہوئی جو کنواری محسوس ہوتی تھی ہم نے کہا: کیا ہم تمہارے ساتھ نکاح متعہ کر سکتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: تم کیا خرچ کرو گے (یعنی کیا مہر دو گے) تو ہم میں سے ہر ایک نے اپنی چادر کو پھیلا دیا اس عورت نے اس دوسرے شخص کی طرف دیکھا (جو بدصورت تھا) پھر جب اس مرد نے یہ دیکھا کہ وہ عورت میری طرف دلچسپی کے ساتھ دیکھ رہی ہے تو وہ بولا: اس کی چادر تو پرانی ہے میری چادر بالکل نئی ہے اس عورت نے کہا: اس چادر میں بھی کوئی حرج نہیں ہے' میں نے اس کے ساتھ نکاح متعہ کر لیا' پھر میں اس عورت سے اس وقت الگ ہوا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے (یعنی نکاح متعہ کو) حرام قرار دے دیا تھا۔

ذِكْرُ الْاَسْبَابِ الَّتِي حَرَّمَتِ الْمُتْعَةَ الَّتِي كَانَتْ مُطْلَقَةً قَبْلَهَا

ان اسباب کا تذکرہ جن کی وجہ سے متعہ کو حرام قرار دیا گیا جو اس سے پہلے مطلق تھا

4149 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ نَزَلَ ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ فَرَاٰى مَصَابِيحَ، وَسَمِعَ نِسَاءً يَبْكِينَ فَقَالَ: مَا هٰذَا قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نِسَاءٌ كَانُوا تَمَتَّعُوا مِنْهُنَّ اَزْوَاجُهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

4148– إسناده صحيح على شرط الصحيح .وأخرجه من طرق عن عمار بن غزية بهذا الإسناد: مسلم 1406 20، وأحمد 3/405، والطبراني 652 و6523، والبيهقي 7/202 . وأخرجه من طريقين عن الليث، عن الربيع بن سبرة، عن أبيه: أحمد 3/405، ومسلم 1406 19، والنسائي 6/126–127 في النكاح: باب تحريم المتعة، والطحاوي 3/25، والطبراني 6521، والبيهقي 7/202 .وأخرجه سعيد بن منصور 846 عن ابنْ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ الربيع بن سبرة، عن بيه .

وَسَلَّمَ: هَدَمَ - اَوْ قَالَ: حَرَّمَ - الْمُتْعَةَ: النِّكَاحُ، وَالطَّلَاقُ، وَالْعِدَّةُ، وَالْمِيرَاثُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثنیۃ الوداع کے مقام پر پڑاؤ کیا وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ چراغ دیکھے اور کچھ خواتین کے رونے کی آواز سنی تو دریافت کیا: کیا معاملہ ہے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کچھ خواتین ہیں جن کے ساتھ ان کے شوہروں نے نکاح متعہ کیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: متعہ نکاح طلاق عدت اور وراثت کو منہدم کر دیتا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) حرام کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتْعَةَ حَرَّمَهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ تَحْرِيمَ الْاَبَدِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر متعہ کو ہمیشہ کے لیے حرام قرار دے دیا

4150 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ الْحَرَّانِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِىْ عَبْلَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَ: حَدَّثَنِى الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِىُّ، عَنْ اَبِيهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُتْعَةِ وَقَالَ: اِنَّهَا حَرَامٌ مِّنْ يَّوْمِكُمْ هٰذَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ كَانَ اَعْطٰى شَيْئًا فَلَا يَاْخُذْهُ

❀❀ ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع کر دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے آج کے دن سے لے کر قیامت کے دن تک کیلئے حرام ہے اور جس شخص نے کوئی چیز (کسی عورت کو) دی ہو وہ اسے واپس نہ لے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ جَهِلَ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِىْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث سے ناواقف ہے (اور وہ یہ سمجھتا ہے) یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

4151 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ،

4149– إسناده ضعيف . مؤمل بن إسماعيل: سيء الحفظ، ومع ذلك فقد حسن الحافظ إسناده في التلخيص3/154 .

4150– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير محمد بن معدان الحراني، فقد روى له النسائي، وهو ثقة .وأخرجه الطبراني 6525و 6526، والبيهقي 7/203 من طريقين عن الحسين بن محمد بن أعين الحراني، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1406 22، والطبراني 6537 والبيهقي 7/202 من طريق إبراهيم بن سعد، عن عبد الملك بن الربيع بن سبرة، عن أبيه، عن حده .وأخرجه البيهقي 7/202 من طريق زيد بن الحباب، عن إبراهيم بن سعد، به .وأخرجه مسلم 1406 23، والبيهقي 7/203 من طريقين عن عبد العزيز بن الربيع بن سبرة بن معبد، عن أبيهٌ عن جده .

عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

(متن حدیث): رَخَّصَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ اَوْطَاسٍ فِي الْمُتْعَةِ ثَلَاثًا، ثُمَّ نَهَانَا عَنْهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَامُ اَوْطَاسٍ وَعَامُ الْفَتْحِ وَاحِدٌ

❁❁ ایاس بن سلمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: غزوہ اوطاس کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تین دن تک نکاح متعہ کرنے کی رخصت دی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) غزوہ اوطاس اور فتح مکہ ایک ہی سال میں ہوئے تھے۔

4151- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو العميس: هو عتبة بن عبد الله بن عتبة بن عبد الله بن مسعود الهلالي .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/292، وعنه: مسلم 1404 في النكاح: باب نكاح المتعة، عن يونس بن محمد، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 7/204 من طريق محمد بن عبيد الله بن أبي داوُد المنادي، عن يونس بن محمد، بِهِ .

بَابُ الشِّغَارِ

باب: شغار کا بیان

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّجْعَلَ بُضْعَ بَعْضَ النِّسَاءِ صَدَاقًا لِبَعْضِهِنَّ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کسی خاتون کے جسم کے حصے کو دوسری خاتون کے لیے مہر قرار دے دیا جائے

4152 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الشِّغَارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شغار سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الشِّغَارِ الَّذِی نُهِیَ عَنِ اسْتِعْمَالِهٖ

شغار کے طریقے کا تذکرہ جس پر عمل کرنے سے منع کیا گیا ہے

4153 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هُرْمُزَ الْاَعْرَجُ

(متن حدیث): اَنَّ عَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنْكَحَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَكَمِ ابْنَتَهٗ وَاَنْكَحَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنَتَهٗ وَقَدْ كَانَا جَعَلَاهُ صَدَاقًا فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِیْ سُفْيَانَ وَهُوَ خَلِيْفَةٌ اِلٰى مَرْوَانَ يَاْمُرُهٗ بِالتَّفْرِيْقِ

4152– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في الموطأ 2/535 في النكاح: باب جامع ما لا يجوز من النكاح . ومن طريق مالك أخرجه البخاري 5112 في النكاح: باب الشغار، ومسلم 1415 57 في النكاح: باب تحريم نكاح الشغار، والترمذي 1124 في النكاح: باب في الشغار، وابن ماجه 1883 في النكاح: باب النهي عن الشغار، والنسائي 6/112 في النكاح: باب تفسير الشغار، والبيهقي 7/199، والدارمي 2/136 . وأخرجه البخاري 6960 في الحيل: باب الحيلة في النكاح، ومسلم 1415 58، وابو داؤد 2074، والنسائي 6/110 في النكاح: باب الشغار، والبيهقي 7/199–200 من طريق عبيد الله، عن نافع، عن ابن عمر . وأخرجه مسلم 1415 59 و 60 من طريقين عن نافع، به .

4153– إسناده قوي، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث، وباقي السند رجاله ثقات من رجال الصحيح . وأخرجه أحمد 4/94، وأبو داؤد 2075 في النكاح: باب في الشغار والطبراني 19/803، والبيهقي 7/200 من طريق يعقوب بن إبراهيم بهذا الإسناد .

بَيْنَهُمَا وَقَالَ فِي كِتَابِهِ: هٰذَا الشِّغَارُ قَدْ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ

٭٭ عبدالرحمٰن بن ہرمز بیان کرتے ہیں: عباس بن عبداللہ نے عبدالرحمٰن بن حکم کے ساتھ اپنی بیٹی کی شادی کر دی عبدالرحمٰن نے اپنی بیٹی کی شادی ان کے ساتھ کر دی اور ان دونوں صاحبان نے شادی کو ہی مہر قرار دے دیا' تو حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ اس وقت خلیفہ وقت تھے انہوں نے (مدینہ کے گورنر) مروان کو خط لکھا اور اسے یہ ہدایت کی کہ وہ ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروا دے انہوں نے اپنے خط میں یہ بات تحریر کی: یہ شغار ہے' جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّزَوِّجَ الْمَرْءُ ابْنَتَهُ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ عَلٰى اَنْ يُّزَوِّجَهُ اِيَّاهُ ابْنَتَهُ مِنْ غَيْرِ صَدَاقٍ يَكُوْنُ بَيْنَهُمَا اِلَّا بُضْعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص اپنی بیٹی کی شادی اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ اس شرط پر کر دے کہ وہ دوسرا شخص اپنی بیٹی کی شادی اس شخص کے ساتھ کر دے اور ان دونوں عورتوں کے درمیان کوئی مہر نہیں ہوگا صرف ان دونوں میں سے ہر ایک کے جسم کا حصہ (مہر ہوگا)

4154 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا شِغَارَ فِي الْاِسْلَامِ

٭٭ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اسلام میں شغار کی (کوئی حیثیت) نہیں ہے''۔

4154- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى وهو الذهلي- فمن رجال البخاري .وأخرجه ابن ماجه 1885 في النكاح: باب النهي عن الشغار، والبيهقي 7/200 من طريقين عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائي 6/111 عن محمد بن كثير، عن الفزاري، عن حميد، عن أنس .وذكره الهيثمي في المجمع 2/265 ونسبه الطبراني في الأوسط، وقال: رجاله رجال الصحيح .

بَابُ نِكَاحِ الْكُفَّارِ

کفار کے نکاح (کا حکم)

4155 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ، عَنْ اَبِيْ وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوزَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَسْلَمْتُ وَعِنْدِيْ اُخْتَانِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلِّقْ اَيَّتَهُمَا شِئْتَ

ضحاک بن فیروز اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! جب میں نے اسلام قبول کیا اس وقت دو بہنیں میرے نکاح میں تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان دونوں میں سے جسے چاہو طلاق دے دو۔

4156 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ:

(متن حدیث): اَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ اَسْلَمَ وَتَحْتَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْتَرْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا، فَلَمَّا كَانَ فِيْ عَهْدِ عُمَرَ طَلَّقَ نِسَاءَهُ وَقَسَّمَ مَالَهُ بَيْنَ بَنِيهِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: اِنِّيْ اَظُنُّ الشَّيْطَانَ فِيمَا يَسْتَرِقُ مِنَ السَّمْعِ سَمِعَ بِمَوْتِكَ فَقَذَفَهُ فِيْ نَفْسِكَ، وَلَعَلَّكَ اَنْ لَا تَمْكُثَ اِلَّا قَلِيلًا وَايْمُ اللّٰهِ لَتَرُدَّنَّ نِسَاءَكَ وَلَتَرْجِعَنَّ فِيْ مَالِكَ اَوْ لَاُوَرِّثُهُنَّ مِنْكَ، وَلَاٰمُرَنَّ بِقَبْرِكَ فَيُرْجَمُ كَمَا رُجِمَ قَبْرُ اَبِيْ رِغَالٍ

4155– ابو وهب الجَيْشانى المصرى، وجيشان من اليمن، قيل: اسمه ديلم بن هوشع، وقال ابن يونس: هو عبيد بن شرحبيل، وروى عنه جمع، وذكره المؤلف فى الثقات 6/291، وشيخه الضحاك بن فيروز: روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى الثقات 4/387، وصحح الدارقطنى سند حديثه، وباقى السند ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه أبو داوُد 2243 فى الطلاق: باب فيمن أسلم وعنده نساء أكثر من أربع أو أختان، والترمذى 1130 فى النكاح: باب ما جاء الرجل يسلم وعنده أختان، والدارقطنى 3/273، والبيهقى 7/184 من طرق عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى 18/845 من طريق سعيد بن سليمان النشطى، عن جرير بن حازم .وأخرجه أحمد 4/232، وابن ماجه 1951 فى النكاح: باب الرجل يسلم .وعنده أختان، والترمذى 1129، والدارقطنى 3/274، والطبرانى 18/843، والبيهقى 7/184 من طرق عن ابن لهيعة، عن أبى وهب الجيشانى، بِهٖ .

❁❁ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا بیان نقل کرتے ہیں: حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' تو ان کی دس بیویاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ان میں سے چار کو اختیار کر لو۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عہد حکومت آیا' تو انہوں نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی اور اپنا مال اپنی اولاد کے درمیان تقسیم کر دیا جب اس بات کی اطلاع حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ملی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان سے ملے اور بولے: میرا یہ خیال ہے شیطان چوری چھپے جو باتیں سنتا ہے ان میں سے اس نے تمہاری موت کی بات بھی سن لی ہے اور یہ چیز تمہارے ذہن میں ڈال دی ہے ہوسکتا ہے' اب تم تھوڑا عرصہ زندہ رہو اللہ کی قسم! یا تو تم اپنی بیویوں سے رجوع کر لو اور اپنا مال واپس لے لو یا میں ان خواتین کو تمہارا وارث قرار دوں گا اور تمہاری قبر کے بارے میں حکم جاری کروں گا اور اسے یوں سنگسار کیا جائے گا' جس طرح ابورغال کی قبر کو سنگسار کیا گیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ حَدَّثَ بِهٖ مَعْمَرٌ بِالْبَصْرَةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت معمر نے بصرہ میں بیان کی تھی

4157 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): اَسْلَمَ غَيْلَانُ الثَّقَفِيُّ وَعِنْدَهٗ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمْسِكْ اَرْبَعًا، وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت غلان ثقفی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' تو ان کی دس بیویاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم چار کو روک لو باقی سے علیحدگی اختیار کر لو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4158 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَسْلَمَ غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ الثَّقَفِيُّ وَعِنْدَهٗ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَاَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَخَيَّرَ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا وَيَتْرُكَ سَائِرَهُنَّ

❁❁ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت غیلان بن ثقفی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول

4157– رجاله ثقات رجال الشيخين . أبو عمار: هو الحسين بن حريث المروزي، وهو مكرر ما قبله .

4158– رجاله ثقات رجال الشيخين . وهو كالذي قبله .

کیا' توان کی دس بیویاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ ان میں سے چار کو اختیار کر لیں اور باقی کو چھوڑ دیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الذِّمِّيَّيْنِ اِذَا اَسْلَمَا يَجِبُ اَنْ يُّقَرَّا عَلٰى نِكَاحِهِمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب دو ذمی (میاں بیوی) مسلمان ہو جائیں' تو یہ بات لازم ہے' ان کے سابقہ نکاح کو برقرار رکھا جائے

4159 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

(متن حدیث): اَنَّ امْرَاَةً اَسْلَمَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ زَوْجُهَا فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا قَدْ كَانَتْ اَسْلَمَتْ مَعِىْ فَرَدَّهَا عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک خاتون نے اسلام قبول کر لیا پھر اس کا شوہر آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس عورت نے میرے ساتھ اسلام قبول کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو اس مرد کی طرف لوٹا دیا۔

4159- إسناده ضعيف . سماك روايته عن عكرمة فيها اضطراب، وهو في مسند أبي يعلى 2525 .وأخرجه أحمد 1/232، وأبو داوُد 2238 في الطلاق: باب إذا أسلم أحد الزوجين، والترمذي 1144 في النكاح: باب ما جاء في الزوجين المشركين يسلم أحدهما، من طريق وكيع، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن سماك، به: الطيالسي 2674، وعبد الرزاق 12645، وأحمد 1/232وأبو داوُد 2239، وابن ماجه 2008 في النكاح: باب الزوجين يسلم أحدهما قبل الآخر، وابن الجارود 757، والحاكم 2/200، والبيهقي 7/188و 189، والبغوي 2290وقال: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي .وفي الباب عن ابن عباس قال: رد رسول الله صلى الله عليه وسلم ابنته زينب على أبي العاص بالنكاح الأول، ولم يحدث نكاحاً أخرجه أحمد 1/217و 261 و 351، وأبو داوُد 2240، والترمذي 1143، وابن ماجه 2009 من طرق ابن إسحاق، عن داوُد بن الحصين، عن عكرمة، عن ابن عباس . داوُد بن الحصين: فيه لين، وما رواه عن عكرمة منكر، لكن له شواهد مرسلة صحيحة عن عامر وقتادة وعكرمة بن خالد أخرجها ابن سعد في الطبقات 8/32، وعبد الرزاق في "المصنف" 12647، والطحاوي في شرح معاني الآثار 2/149 .

بَابُ مُعَاشَرَةِ الزَّوْجَیْنِ

میاں بیوی کے آپس کے سلوک کا بیان

4160 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیزِ الْعُمَرِیُّ بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَلَّی بْنُ مَهْدِیٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُبَاشِرِ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ كَاَنَّهَا تَنْعَتُهَا لِزَوْجِهَا، اَوْ تَصِفُهَا لِرَجُلٍ كَاَنَّهُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کوئی عورت کسی دوسری عورت کا تذکرہ اس طرح سے نہ کرے جیسے وہ اپنے شوہر کے سامنے اس کی شکل وصورت کو بیان کر رہی ہے یا اس کی صفت یوں بیان کر رہی ہو کہ مرد کو یوں محسوس ہو کہ جیسے وہ اس عورت کو دیکھ رہا ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4161 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، حَدَّثَنَا جَرِیرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا تُبَاشِرِ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ فَتَصِفُهَا لِزَوْجِهَا حَتّٰی كَاَنَّهُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا

4160– حديث صحيح، معلى بن مهدى: هو ابن رستم الموصلى، ذكره المؤلف فى الثقات 9/182–183، وروى عنه جمع، وقال ابن أبى حاتم 8/335: سألت أبى عنه، فقال: شيخ موصلى أدركته ولم أسمع منه، يحدث أحياناً بالحديث المنكر، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عاصهم وهو ابن أبى النجود– فقد روى له أصحاب السنن، وحديث فى الصحيحين مقرون، وهو حسن الحديث، أبو وائل: هو شقيق بن سلمة .وأخرجه أحمد 1/460عن حسن بن موسى، عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى 10419 عن الأعمش، عن أبى وائل، عن ابن مسعود: البخارى 5241 فى النكاح: باب لا تباشر المرأة المرأة فتنعتها لزوجها،وأحمد 1/380 و 387 و 440 و 463 و 464، والترمذى 2792 فى الأدب باب فى كراهيو مباشرة ارجل الرجل والمرأة المرأة، وأبو داوُد 2150 فى النكاح: بابما يؤمر به من غض البصر، وعلى بن الجعد 2167، والبغوى 2249، والطيالسى 368، والبيهقى 6/23 .

4161– إسناده صحيح على شرط الشيخبن . جرير: هوابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر .وأخرجه البخارى 5240، وأحمد 1/438 و 440، وابن ابى شيبة 4/397 من طرق عن منصور، بِهِ .

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی عورت کسی دوسری عورت کا تذکرہ اپنے شوہر کے سامنے یوں نہ کرے جیسے وہ اس کی صفت بیان کر رہی ہے اور یوں لگے جیسے مرد عورت کو دیکھ رہا ہے''۔

ذِكْرُ تَعْظِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا حَقَّ الزَّوْجِ عَلٰى زَوْجَتِهِ

اللہ تعالیٰ کا بیوی پر شوہر کے حق کو زیادہ کرنے کا تذکرہ

4162 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ حَائِطًا مِنْ حَوَائِطِ الْاَنْصَارِ فَاِذَا فِيْهِ جَمَلانِ يَضْرِبَانِ وَيَرْعَدَانِ فَاقْتَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمَا فَوَضَعَا جِرَانَهُمَا بِالْاَرْضِ فَقَالَ مَنْ مَعَهُ سَجَدَ لَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَنْبَغِى لِاَحَدٍ اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ وَلَوْ كَانَ اَحَدٌ يَنْبَغِى اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا لِمَا عَظَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهَا مِنْ حَقِّهِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انصار کے ایک باغ میں داخل ہوئے وہاں دو اونٹوں کی پٹائی ہو رہی تھی اور انہیں جھڑکا جا رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کے قریب ہوئے' تو انہوں نے اپنی گردنیں زمین پر رکھ دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو صاحب تھے انہوں نے عرض کی: انہوں نے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی شخص کیلئے یہ مناسب نہیں ہے' وہ کسی دوسرے کو سجدہ کرے اگر کسی کیلئے کسی کو سجدہ کرنا مناسب ہوتا' تو میں عورت کو یہ حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شوہر کے حق کو عظیم قرار دیا ہے۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِلْمَرْاَةِ اِذَا اَطَاعَتْ زَوْجَهَا مَعَ اِقَامَةِ الْفَرَائِضِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

ایسی عورت کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے فرائض کی ادائیگی کے ہمراہ اپنے شوہر کی فرمانبرداری بھی کرتی ہے

4163 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْجَوَالِيقِيُّ بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاهِرُ

4162– حديث صحيح، إسناده حسن . رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عمرو، وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي، فقد روى لـه أصحاب السنن، وروى له البخاري مقروناً، ومسلم متابعة، وهو حسن الحديث .وأخرجه الترمذي 1159 في الرضاعة: باب ما جاء في حق الزوجة على المرأة، والبيهقي 7/291 من طريق محمود بن غيلان، عن النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، وقال الترمذي: حديث حسن غريب .وأخرجه الحاكم 4/171–172، والبزار 1466 من طريق سليمان بن أبي سليمان، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيرٍ، عَنْ اَبِىْ سلمة قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ورد الذهبي: بل سليمان هو اليمامي ضعفوه، وقال البزار: سليمان بن داوُد: لين، وضعفه الهيثمي في المجمع 4/307 بعد أن أورده عن البزار بسليمان بن داوُد .

بْنُ نُوحٍ الْاَهْوَازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ الْمِنْهَالِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلَّتِ الْمَرْاَةُ خُمُسَهَا، وَصَامَتْ شَهْرَهَا، وَحَصَّنَتْ فَرْجَهَا، وَاَطَاعَتْ بَعْلَهَا دَخَلَتْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَفَرَّدَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ مِّنْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَلَمَةَ وَمَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا هُدْبَةُ بْنُ الْمِنْهَالِ وَهُوَ شَيْخٌ اَهْوَازِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی عورت پانچ نمازیں ادا کرے رمضان کے روزے رکھے اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرے اپنے شوہر کی فرمانبرداری کرے تو وہ جنت کے جس بھی دروازے سے چاہے گی جنت میں داخل ہو جائے گی''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوسلمہ کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں عبدالملک بن عمیر منفرد ہیں اور عبدالملک کے حوالے سے یہ روایت صرف ہدبہ بن منہال نے نقل کی ہے اور وہ اہواز سے تعلق رکھنے والے عمر رسیدہ صاحب ہیں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ تَحَمُّلِ الْمَكَارِهِ لِلْمَرْاَةِ عَنْ زَوْجِهَا رَجَاءَ الْاِبْلَاغِ فِيْ قَضَاءِ حُقُوْقِهِ

عورت کا شوہر کی طرف سے پیش آنے والی ناپسندیدہ صورت حال کو برداشت کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ' کیونکہ اس میں یہ امید کی جاسکتی ہے' وہ شوہر کے حقوق کو ادا کر دے گی

4164 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ:

4163– حديث صحيح . داهر بن نوح الأهوازي: ذكره المؤلف في الثقات 8/238، وقال: ربما أخطأ، وقال الدارقطني في "العلل": شيخ لأهل الأهواز، ليس بقوي الحديث . وهدبة بن المنهال: ذكره المؤلف في الثقات 7/588، وابن أبي حاتم 9/114 .وباقي السند من رجال الشيخين .وله شاهد من حديث عبد الرحمٰن بن عوف عند أحمد 1/191، وأودره الهيثمي في المجمع 4/306، وزارد نسبته إلى الطبراني في "الأوسط"، وقال فيه ابن لهيعة، وحديثه حسن وبقية رجاله رجال الصحيح .وأخرجه من حديث أنس بن مالك عند البزار 1463و 1473 وأبي نعيم في "الحلية6/308"، وسنده ضعيف

4164– إسناده حسن . نهار العبدي: روى له ابن ماجه، وهو صدوق، وباقي السند ثقات رجاله رجال الصحيح غير ربيعة بن عثمان فقد أخرج له مسلم، وهو مختلف فيه، وثقه ابن معين، وابن نمير، والحاكم وغيرهم، وقال النسائي: ليس به بأس، وذكره المؤلف في "الثقات"، هو إلى الصدوق ما هو، وليس بذلك القوي، وقال ابو حاتم: منكر الحديث يكتب حديثه .وأخرجه النسائي في الكبرى كما في التحفة 3/475 عن أحمد بن عثمان بن حكيم، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن جعفر بن عون، به: ابن أبي شيبة 4/303، والدارقطني 3/237، والحاكم 2/188، والبزار 1465، والبيهقي 7/291، ولفظ ابن أبي شيبة والدارقطني: "لا تنكحوهن إلا بإذنهن" .

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنَةٍ لَهُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهِ ابْنَتِیْ قَدْ اَبَتْ اَنْ تَتَزَوَّجَ فَقَالَ لَهَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَطِيْعِیْ اَبَاكِ فَقَالَتْ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَتَزَوَّجُ حَتّٰی تُخْبِرَنِیْ مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلٰی زَوْجَتِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَقُّ الزَّوْجِ عَلٰی زَوْجَتِهٖ، اَنْ لَوْ كَانَتْ قَرْحَةٌ فَلَحَسَتْهَا مَا اَدَّتْ حَقَّهُ قَالَتْ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَتَزَوَّجُ اَبَدًا، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَنْكِحُوْهُنَّ اِلَّا بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی بیٹی کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ بیٹی شادی کرنے سے انکار کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑکی سے فرمایا: تم اپنے والد کی بات مان لو۔ اس نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں اس وقت تک شادی نہیں کروں گی جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس بارے میں بتا نہیں دیتے کہ شوہر کا بیوی پر کیا حق ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شوہر کا بیوی پر یہ حق ہے اگر شوہر کو کوئی پھوڑا نکلا ہوا ہو اور عورت اسے چاٹ لے تو بھی وہ شوہر کے حق کو ادا نہیں کر سکتی۔ لڑکی نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں کبھی شادی نہیں کروں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان خواتین کے ساتھ شادی ان کے اہل خانہ سے اجازت لے کر ہی کرو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ بِاِجَابَةِ الزَّوْجِ عَلٰی اَیِّ حَالَةٍ كَانَتْ اِذَا كَانَتْ طَاهِرَةً

عورت کے لیے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ شوہر کے بلاوے پر جائے خواہ وہ کسی بھی حالت میں ہو جبکہ وہ پاک ہو

4165 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، قَالَ: سَمِعْتُ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا دَعَا الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ لِحَاجَتِهٖ فَلْتُجِبْهُ وَاِنْ كَانَتْ عَلَی التَّنُّوْرِ

❀❀ قیس بن طلق بیان کرتے ہیں: میرے والد نے مجھے یہ بات بتائی ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جب کوئی مرد اپنی بیوی کو اپنی حاجت پوری کرنے کیلئے بلائے تو وہ عورت اس کی بات مان لے اگرچہ وہ تندور پر موجود ہو"۔

4165- إسناده صحيح .وأخرجه الطبراني 8240 عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 1160 في الرضاع: باب ما جاء في حق الزوج على المرأة، والطبراني 8240، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 4/254، والبيهقي 7/294 من طرق عن ملازم بن عمرو، به .وأخرجه الطيالسي 1097، والطبراني 8248 من طريق أيوب بن عتبة، عن قيس بن طلق، به، بلفظ: "لا تمنع المرأة زوجها، ولو كان على ظهر قتب" .وأخرجه أحمد 4/22-23، والطبراني 8235 من طريق محمد بن جابر، عن قيس بن طلق، به، بلفظ: "إذا أراد أحدكم من امرأته حاجتها، فليأتها ولو كانت على تنور" .

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ مُوَاقَعَةِ الْمَرْءِ اَهْلَهُ عَلٰى اَيِّ حَالٍ اَحَبَّ اِذَا قَصَدَ فِيْهِ مَوْضِعَ الْحَرْثِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' مرد اپنی بیوی کے ساتھ کسی بھی صورت میں صحبت کرسکتا ہے' جبکہ وہ صحبت کرتے ہوئے افزائش کے مقام کا قصد کرے

4166 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِى، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتِ الْيَهُودُ: اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَتٰى امْرَاَتَهُ وَهِيَ مُجَبِّيَةٌ جَاءَ وَلَدُهُ اَحْوَلَ فَنَزَلَتْ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَاْتُوا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) اِنْ شَاءَ مُجَبِّيَةً وَاِنْ شَاءَ غَيْرَ مُجَبِّيَةٍ اِذَا كَانَ فِي صِمَامٍ وَاحِدٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہود نے یہ کہا: جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ پچھلی طرف سے صحبت کرتا ہے' تو اس کا بچہ بھینگا ہوتا ہے' تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم اپنے کھیت میں جس طرف سے چاہو آؤ''۔

(راوی کہتے ہیں) تو اب آدمی اگلی طرف سے کرے یا پیچھے کی طرف سے کرے' جبکہ صحبت کا مقام ایک ہی ہونا چاہئے (تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے)

ذِكْرُ كِتَابَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الصَّدَقَةَ لِلْمُسْلِمِ بِمُوَاقَعَةِ اَهْلِهِ

اللہ تعالیٰ کا مسلمان کے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے کی وجہ سے' صدقہ نوٹ کرنے کا تذکرہ

4167 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، قَالَ:

4166– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، والنعمان بن راشد وإن كان سيء الحفظ– قد توبع .وأخرجه مسلم 1435 119 في النكاح: باب حواز جماعه امرأته في قبلها من قدّامها ومن ورائها من غير تعرض للدبر، والطحاوي في شرح معاني الآثار 3/41، والبيهقي 7/95، اولواحدى في "أسباب النزول" ص 48 من طرق عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن محمد بن المنكدر، به: البخاري 4528 في التفسير: باب نساؤكم حرث لكم، ومسلم 1435 116 و 117 و 118و 119، والطبرى 4336 و 4339 و 4340، وابن أبي شيبة 4/229، والترمذى 2978 في التفسير: باب ومن سورة البقرة، وابن ماجه 1925 في النكاح: باب النهى عن إتيان النساء في أدبارهن، وأبو داوُد 2163 في النكاح: باب في جامع النكاح، والنسائي في عشرة النساء كما في التحفة 2/363، والدارمي 2/145–146، والطحاوى 3/40 و 41، والبيهقى 7/194 و 195، والبغوى في "التفسير" 1/198، والواحدى في "أسباب النزول" ص 47، وقال الترمذى: حسن صحيح .

4167– إسناده صحيح على شرط مسلم .وهو مكرر 838 .

حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ مَوْلَى اَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): فِي بُضْعِ اَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيَاْتِي اَحَدُنَا شَهْوَتَهُ وَيَكُوْنُ لَهُ فِيهِ اَجْرٌ فَقَالَ: اَرَاَيْتُمْ لَوْ وَضَعَهَا فِي الْحَرَامِ اَكَانَ عَلَيْهِ فِيهِ وِزْرٌ فَكَذٰلِكَ اِذَا وَضَعَهَا فِي الْحَلَالِ كَانَ لَهُ اَجْرٌ

(توضیح مصنف): هٰذَا خَبَرٌ اَصْلٌ فِي الْمُقَايَسَاتِ فِي الدِّيْنِ قَالَهُ الشَّيْخُ

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں:

''آدمی کے صحبت کرنے سے بھی صدقے کا ثواب ملتا ہے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم میں سے کوئی شخص اپنی خواہش پوری کرتا ہے' تو کیا اس کو اس میں بھی اجر ملے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے' اگر وہ اسے ناجائز طریقے سے پورا کرتا تو اسے اس کا گناہ ہوتا؟ اسی طرح اگر وہ اسے جائز طریقے سے پورا کرے گا' تو اسے اس کا اجر ملے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) دینی معاملات میں قیاس کرنے کے جائز ہونے کے بارے میں یہ روایت اصول کی حیثیت رکھتی ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ تَاْذَنَ الْمَرْاَةُ لِاَحَدٍ فِي بَيْتِهَا اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر کسی بھی شخص کو اپنے گھر میں آنے کی اجازت دے

4168 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَاْذَنِ الْمَرْاَةُ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا وَهُوَ شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب عورت کا شوہر گھر میں موجود ہو' تو وہ اس کی اجازت کے بغیر کسی کو اپنے شوہر کے گھر کے اندر آنے کی اجازت نہ دے''۔

4168– إسناده صحيح على شرط مسلم، ورجاله ثقات رجال الشيخين غير العباس بن عبد العظيم العنبري فمن رجال مسلم .وأخرجه مسلم 1026 في الزكاة: باب ما أنفق العبد من مال مولاه عن محمد بن رافع، عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وانظر 4170.

ذِكْرُ بَعْضِ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ تَخُونُ النِّسَاءُ اَزْوَاجَهُنَّ

اس ایک سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے خواتین اپنے شوہروں سے خیانت کرتی ہیں

4169 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوْلَا بَنُو اِسْرَائِيلَ لَمْ يَخْنَزِ الطَّعَامُ، وَلَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ، وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ اُنْثَى زَوْجَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اگر بنی اسرائیل نے کھانے کو جمع نہ کیا ہوتا تو کھانا گوشت بدبودار نہ ہوتا اور اگر سیّدہ حوا رضی اللہ عنہا نے (وہ حرکت نہ کی ہوتی) تو کوئی عورت اپنے شوہر کے ساتھ خیانت نہ کرتی''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الزَّجْرَ عَنِ الشَّيْئَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا قَبْلُ اِنَّمَا هُوَ زَجْرُ تَحْرِيمٍ لَا زَجْرَ تَادِيبٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ ان دو چیزوں سے ممانعت جن کا ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں یہ حرمت ثابت کرنے والی ممانعت ہے ادب سکھانے والی ممانعت نہیں ہے

4170 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

4169– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن أبي السرى، وهو متابع .وأخرجه أحمد 2/315 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 3399 فى أحاديث الأنبياء : باب قول الله تعالى: (وَوَاعَدْنَا مُوسَى ثَلَاثِينَ لَيْلَةً) (الأعراف: 142)، عن عبد الله ابن محمد الجعفي، ومسلم 1470 63 فى الرضاع: باب لولا حواء لم تخن أنثى زوجها الدهر، عن محمد بن رافع، والبغوى 2335 من طريق أحمد بن يوسف السلمي، ثلاثتهم عن عبد الرزاق، بِهِ .وأخرجه البخارى 3330 فى أحاديث الأنبياء : باب خلق آدم وذريته عن بشر بن محمد، عن عبد الله، عن معمر، بِهِ .وأخرجه مسلم 1470 62 عن هارون بن معروف، عن عبد الله بن وهب، عن عمرو بن الحارث، عن أبي يونس مولى أبي هريرة، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/304 عن محمد بن جعفر، عن عوف، عن خلاس بن عمرو الهجرى، عن أبي هريرة .وأخرجه الحاكم 4/175 من طريق روح بن عبادة، عن عون، عن محمد، عن أبي هريرة .

4170– مسلم بن الوليد وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف 7/446 و5/494، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح . حيوة: هو ابن شريح التجيبي المصرى، وابن الهاد: هو يزيد بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، وقد صح متن الحديث من غير هذه الطريق، فقد أخرجه البخارى 5195 فى النكاح: باب لا تأذن المرأة فى بيت زوجها لأحد إلا بإذنه، عن أبي اليمان، عن شعيب، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ . الأعرج، عن أبي هريرة، وقد تقدم تخريجه 3572 و3573 .

(متن حدیث): لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ اَنْ تَصُومَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهِ، وَلَا تَاْذَنَ لِرَجُلٍ فِي بَيْتِهَا وَهُوَ لَهُ كَارِهٌ، وَمَا تَصَدَّقَتْ مِنْ صَدَقَةٍ فَلَهُ نِصْفُ صَدَقَتِهَا، وَاِنَّمَا خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''کسی بھی عورت کیلئے اپنے شوہر کی موجودگی میں اس کی اجازت کے بغیر (نفلی) روزہ رکھنا جائز نہیں ہے اور نہ ہی وہ عورت اپنے گھر میں کسی ایسے مرد کو آنے کی اجازت دے سکتی ہے' جسے اس کا شوہر ناپسند کرتا ہو اور عورت جو بھی صدقہ کرتی ہے' تو اس صدقے کا نصف ثواب مرد کو ملے گا' عورت کو پسلی سے پیدا کیا گیا ہے''۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الِاجْتِهَادِ لِلْمَرْاَةِ فِي قَضَاءِ حُقُوقِ زَوْجِهَا بِتَرْكِ الِامْتِنَاعِ عَلَيْهِ فِيمَا اَحَبَّ

عورت کے لیے اپنے شوہر کے حقوق کی ادائیگی میں بھرپور کوشش کرنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ جو شوہر کی پسند کو نہ روکنے کی شکل میں ہوگی

4171 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ الْقَاسِمِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي اَوْفٰى قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ مِنَ الشَّامِ سَجَدَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدِمْتُ الشَّامَ فَرَاَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِبَطَارِقَتِهِمْ، وَاَسَاقِفَتِهِمْ فَاَرَدْتُ اَنْ اَفْعَلَ ذٰلِكَ بِكَ قَالَ: فَلَا تَفْعَلْ فَاِنِّي لَوْ اَمَرْتُ شَيْئًا اَنْ يَسْجُدَ لِشَيْءٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تُؤَدِّي الْمَرْاَةُ حَقَّ رَبِّهَا حَتّٰى تُؤَدِّيَ حَقَّ زَوْجِهَا حَتّٰى لَوْ سَاَلَهَا نَفْسَهَا وَهِيَ عَلٰى قَتَبٍ لَمْ تَمْنَعْهُ

ابن ابواوفیٰ بیان کرتے ہیں: جب حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ شام سے تشریف لائے' تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

﴿﴾ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج سے علیحدگی اختیار کی تو میں مسجد میں داخل ہوا وہاں لوگ کنکریوں کو کرید رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے یہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں (میں نے سوچا) میں آج اس بارے میں ضرور معلومات حاصل کروں گا میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا میں نے کہا: اے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صاحب زادی! اب آپ کا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے' آپ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاتی ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے خطاب کے صاحب زادے! میرا اور آپ کا کیا واسطہ آپ اپنا گھر سنبھالیں پھر میں حفصہ بنت عمر کے پاس آیا میں نے کہا: اے حفصہ اب تمہارا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے' تم اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاؤ مجھے یہ بات پتہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تم سے محبت نہیں ہے اور اگر میں نہ ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں طلاق دے دینی تھی اس پر حفصہ زور و شور سے رونے لگیں میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالا خانے میں آرام فرما ہیں میں وہاں آیا' تو وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام رباح موجود تھا وہ بالا خانے کی سیڑھیوں پر بیٹھا ہوا تھا اس نے تختے پر پاؤں پھیلائے ہوئے تھے جو کھجور کے تنوں سے بنا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر چڑھ کر اوپر تشریف لے جاتے تھے اور اسی کے ذریعے نیچے تشریف لایا کرتے تھے میں نے اسے مخاطب کیا اے رباح تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری حاضری کی اجازت مانگو اس نے بالا خانے کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا اور کوئی جواب نہیں دیا میں نے کہا: اے رباح! تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری حاضری کی اجازت مانگو مجھے یہ لگتا ہے' شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ سمجھ رہے ہوں کہ میں حفصہ کی وجہ سے آیا ہوں حالانکہ اللہ کی قسم! اگر اللہ کے رسول مجھے حکم دیں کہ میں اس کی گردن اڑا دوں' تو میں اس کی گردن بھی اڑا دوں گا میں نے بلند آواز میں یہ بات کہی (اس لڑکے نے اوپر جا کر اجازت مانگی) اور پھر میری طرف اشارہ کیا' تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں وہاں بیٹھ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف تہبند باندھا ہوا تھا اس کے علاوہ کوئی اور چیز آپ کے جسم پر نہیں تھی اور آپ کے پہلو پر چٹائی کا نشان موجود تھا جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کمرے کا جائزہ لیا تو وہاں تقریباً ایک صاع جو موجود تھے اور ایک صاع کے قریب درخت کے پتے تھے اور وہاں افیق موجود تھی۔

ابو حفص نامی راوی کہتے ہیں: افیق سے مراد وہ کھال ہے' جس کے بال اتار دیئے گئے ہوں' لیکن ابھی اس کی دباغت نہ کی گئی ہو۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے خطاب کے صاحب زادے! تم کیوں رو رہے ہو میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی میں کیوں نہ روؤں اس چٹائی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر نشان ڈال دیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کمرے میں مجھے وہ چیزیں جو نظر آ رہی ہیں حالانکہ قیصر اور کسریٰ پھلوں اور نہروں کے اندر (یعنی نعمتوں کے اندر) رہ رہے ہیں' جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول اور اس کے محبوب ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساز و سامان اتنا سا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحب زادے کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ ہمارے لیے آخرت ہو اور ان کے لیے دنیا ہو۔

میں نے عرض کی: جی ہاں (حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر غصے کے آثار دیکھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ان خواتین کے حوالے سے پریشان نہ ہوں' کیونکہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں طلاق دے دیتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے جبرائیل' میکائیل اور میں اور ابوبکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہیں۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتے ہوئے کوئی کلام کیا اور میں نے یہ امید رکھی کہ اللہ تعالیٰ اس بات کی تصدیق کر دے گا' تو اختیار دینے سے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور اگر وہ (رسول) تم (یعنی ازواج مطہرات) کو طلاق دے دیتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسی بیویاں دیدے گا' جو تم سے بہتر ہوں گی''۔

(ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:)

''اور اگر وہ دونوں (اس رسول) پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کرتی ہیں' تو بے شک اللہ اس کا مددگار ہے''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دیگر تمام ازواج کے حوالے سے دباؤ ڈالنا چاہتی تھیں۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ نے انہیں طلاق دے دی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں واپس جا کر ان لوگوں کو بتا دوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں طلاق نہیں دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اگر تم چاہو تو (بتا دو) اس کے بعد میں مسلسل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات چیت کرتا رہا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ ختم ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر مزاج ٹھیک ہونے کے آثار نمودار ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہنسنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسکراہٹ بہت خوبصورت تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالا خانے سے نیچے تشریف لائے میں نے نیچے آتے ہوئے تنے کا سہارا لیا حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح اترے تھے جس طرح ہم عام زمین پر چلتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ کے ذریعے اسے چھوا بھی نہیں تھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ انتیس دن سے بالا خانے میں مقیم ہیں پھر میں مسجد کے دروازے پر کھڑا ہوا میں نے بلند آواز میں اعلان کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق نہیں دی ہے۔

تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور جب ان کے پاس امن یا خوف سے متعلق کوئی معاملہ آتا ہے' تو وہ اسے پھیلا دیتے ہیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے:

''تو وہ لوگ اس بارے میں جان لیتے ہیں جو ان میں سے استنباط کرتے ہیں۔''

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) تو میں وہ شخص ہوں جس نے اس معاملے میں استنباط کیا' تو اللہ تعالیٰ نے اختیار دینے سے متعلق آیت نازل کر دی۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ ضَرْبِ النِّسَاءِ اِلَّا عِنْدَ الْحَاجَةِ اِلٰى اَدَبِهِنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ

خواتین کو مارنے کی ممانعت کا تذکرہ البتہ ضرورت کے وقت ان کی تادیب کے لیے پٹائی کی جاسکتی ہے جو (زیادہ تکلیف دہ) نہ ہو

4189 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَضْرِبُوا اِمَاءَ اللّٰهِ قَالَ: فَذَئِرَ النِّسَاءُ وَسَاءَتْ اَخْلَاقُهُنَّ عَلٰى اَزْوَاجِهِنَّ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: ذَئِرَ النِّسَاءُ وَسَاءَتْ اَخْلَاقُهُنَّ عَلٰى اَزْوَاجِهِنَّ مُنْذُ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِهِنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاضْرِبُوا فَضَرَبَ النَّاسُ نِسَاءَهُمْ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَاَتٰى نِسَاءٌ كَثِيْرٌ يَشْتَكِيْنَ الضَّرْبَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ اَصْبَحَ: لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ اللَّيْلَةَ سَبْعُوْنَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ يَشْتَكِيْنَ الضَّرْبَ وَايْمُ اللّٰهِ لَا تَجِدُوْنَ اُولٰئِكَ خِيَارُكُمْ

حضرت ایاس بن ابوذباب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کی کنیزوں (یعنی اپنی بیویوں کو) نہ مارو۔ راوی کہتے ہیں: اس پر عورتیں شیر ہوگئیں اور اپنے شوہروں کے حوالے سے ان کے اخلاق خراب ہوگئے، تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: عورتیں شیر ہوگئیں اور اپنے شوہروں کے ساتھ ان کے اخلاق خراب ہوگئے ہیں جب سے

4189- حديث صحيح، ابن أبي السّري قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وإياس بن أبي ذئاب، قال البخاري في "تاريخ" 1/440: لا تعرف له صحبة، وخالفه أبو حاتم وأبو زرعة، فأثبتا صحبته كما في "الجرح والتعديل" 2/280، ورجح الحافظ صحبته في "تهذيب التهذيب" 1/389، وصحح إسناد حديثه هذا في "الإصابة1/101"، وقد اضطرب رأي المؤلف فيه، فذكره في "مشاهير علماء الأمصار" ص 34، ضمن مشاهير الصحابة بمكة، وقال: كان ممن شهد حجة المصطفى صلى الله عليه وسلم وعقل عنه، ثم ذكره ص 82في مشاهير التابعين من أهل مكة، وقال: ليس يصح عندي صحبته فلذلك حططناه عن طبقة الصحابة إلى التابعين . وانظر "الثقات3/12" و 304 .وهو في "مصنف عبد الرزاق" 17945، ومن طريقه أخرجه الطبراني 784، البيهقي 7/304وأخرجه ابن ماجه 1985 في النكاح: باب ضرب النساء، والطبراني 785، والبيهقي 7/305 من طرق عن سفيانبن عيينة، عن الزهري، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داؤد 2146 في النكاح: باب في ضرب النساء، عن أحمد بن أبي خلف، وأحمد بن عمرو بن السرح، قالا: حدثنا سفيان، عن الزهري، عن عبد الله بن عبد الله، قال ابن السرح: عبيد الله بن عبد الله، عن إياس بن عبد الله .وأخرجه الشافعي 2/28، والدارمي 2/147، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 2/10، والحاكم 2/188 و 191، والبغوي 2346 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله بن عمر، عن إياس بن عبد الله بن أبي ذئاب، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وأخرجه الطبراني 786 من طريق ابن المبارك، عن محمد بن ابي حفصة، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن إياس بن أبي ذئاب .وللحديث شاهد من حديث ابن عباس، وقد تقدم برقم 4186، وآخر مرسل عند البيهقي 7/304 من حديث أم كلثوم بنت أبي بكر .

آپ ﷺ نے ان کی پٹائی کرنے سے منع کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان کی پٹائی کر دیا کرو۔ لوگوں نے اس رات اپنی بیویوں کی اتنی پٹائی کی کہ اگلے دن پٹائی کی شکایت لے کر بہت سی خواتین نبی اکرم ﷺ کے پاس آ گئیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس وقت یہ ارشاد فرمایا: گزشتہ رات محمد کے گھر پر 70 خواتین آئیں ان سب نے یہی شکایت کی کہ ان کی پٹائی ہوئی ہے اللہ کی قسم! تم ان لوگوں کو اپنے میں سے بہترین نہیں پاؤ گے (جو اپنی بیویوں کی پٹائی کرتے ہیں)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ جَلْدِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهٗ عِنْدَ اِرَادَتِهٖ تَاْدِيبَهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنی بیوی کی تادیب کرتے ہوئے اسے کوڑے کے ذریعے مارے

4190 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زَيْدٍ الْخَطَّابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عَلَامَ يَجْلِدُ اَحَدُكُمُ امْرَاَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ ثُمَّ يُجَامِعُهَا فِيْ اٰخِرِ الْيَوْمِ

حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''کیا وجہ ہے' کوئی شخص اپنی بیوی کو اس طرح مارتا ہے' جس طرح غلام کو مارا جاتا ہے اور پھر وہ دن کے آخری حصے میں اسی عورت کے ساتھ صحبت بھی کر لیتا ہے''۔

4190– حديث صحيح، إسحاق بن زيد الخطابي: هو إسحاق بن زيد بن عبد الكبير بن عبد المجيد بن عبد الرحمٰن بن زيد بن الخطب، ذكره المؤلف في "الثقات" 8/122، وأورده ابن ابي حاتم 2/220 وقال: روى عن محمد بن سليمان بن أبي داوُد، وعثمان بن عبد الرحمٰن الطرائف، وعمه سعيد بن عبد الكبير، سمع منه أبي بحرّان، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. الفريابي: هو محمد بن يوسف .وأخرجه البيهقي 7/305 من طريق الثورى، بهذا الإسناد .وأخرجه من طرق عن هشام به: أحمد 4/17، والدارمي 2/147، والبخارى 4942 في التفسير: باب سورة "والشمس وضحاها" و 5204 في النكاح: باب ما يكره من ضرب النساء . . .، و 6042 في الأدب: باب في الحب في الله، ومسلم 2855 في الجنة وصفة نعيمها: باب النار يدخلها الجبارون، والترمذى 3343 في التفسير: باب ومن سورة الشمس وضحاها، وابن ماجه1938 في النكاح: باب ضرب النساء .

بَابُ الْعَزْلِ

عزل کا حکم

4191 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِی الْوَدَّاكِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِیَّ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَصَبْنَا سَبْيًا يَوْمَ خَيْبَرَ فَكُنَّا نُرِيْدُ الْفِدَاءَ فَسَاَلْنَا النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ: لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَا تَفْعَلُوْا ذٰلِكُمْ فَاِنَّمَا هُوَ الْقَدْرُ

اِسْمُ اَبِی الْوَدَّاكِ: جَبْرُ بْنُ نَوْفٍ قَالَهُ الشَّيْخُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر ہمیں کچھ قیدی ملے ہم نے فدیہ لینے کا ارادہ کیا ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم پر کوئی حرج نہیں ہوگا اگر تم یہ نہ کرو، کیونکہ یہ تقدیر کے مطابق ہے۔

ابووداک والا کا نام جبر بن نوف ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ مَزْجُوْرٌ عَنْهُ لَا يُبَاحُ اسْتِعْمَالُهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، اس فعل سے منع کیا گیا ہے، اس پر عمل کرنا مباح نہیں ہے

4192 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ حَرْمَلَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ

4191- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى الوداك فمن رجال مسلم، وشعبة سمع من أبى إسحاق قديماً، أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الباهلى الطيالسى الحافظ الإمام الحجة، وابن كثير هو محمد بن كثير العبدى .وقوله: "فكنا نريد الفداء"، ولفظ مسلم: "فطالت علينا العزبة ورغبنا فى الفداء" ومعناه احتجنا إلى الوطء وخفنا من الحبل، فتصير أم ولد يمتنع علينا بيعه وأخذ الفداء فيها .وأخرجه الطيالسى 2175، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار 3/34" من طريق شعبة بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/49، والطحاوى 3/33 و 34 من طريقين عن أبى إسحاق، بِهِ . وانظر 4193 .

4192- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو سعيد مولى المهرى، روى عنه جمع، واحتج به مسلم، وذكره المؤلف فى "الثقات"، ووثقه الإمام الذهبى فى "الكاشف"، وقول الحافظ فى "التقريب": مقبول، غير مقبول، وباقى السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 5/168-169 عن عبد الملك بن عمرو، عن على بن المبارك .

عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِىْ هِلَالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ مَوْلَى الْمَهْرِيِّ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَكَ فِىْ جِمَاعِ زَوْجَتِكَ اَجْرٌ فَقِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَفِىْ شَهْوَةٍ يَكُوْنُ مِنْ اَجْرٍ قَالَ: نَعَمْ اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ وَلَدٌ قَدْ اَدْرَكَ ثُمَّ مَاتَ اَكُنْتَ مُحْتَسِبَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اَنْتَ كُنْتَ خَلَقْتَهُ؟ قَالَ: بَلِ اللّٰهُ خَلَقَهُ قَالَ: اَنْتَ كُنْتَ هَدَيْتَهُ؟ قَالَ: بَلِ اللّٰهُ هَدَاهُ قَالَ: اَكُنْتَ تَرْزُقُهُ؟ قَالَ: بَلِ اللّٰهُ كَانَ رَزَقَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضَعْهُ فِىْ حَلَالِهِ وَجَنِّبْهُ حَرَامَهُ وَاَقْرِرْهُ فَاِنْ شَاءَ اللّٰهُ اَحْيَاهُ وَاِنْ شَاءَ اَمَاتَهُ وَلَكَ اَجْرٌ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرتے ہو اس کا بھی تمہیں اجر ملے گا عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا خواہش نفس پوری کرنے پر بھی اجر ملے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں تمہارا کیا خیال ہے اگر (اس صحبت کے نتیجے میں) تمہارے ہاں بچہ ہو جاتا ہے جو بڑا ہوتا ہے پھر اس کا انتقال ہو جاتا ہے کیا تمہیں اس پر (صبر) کرنے کی وجہ سے ثواب کی امید ہوگی اس شخص نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اس بچے کو پیدا کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے پیدا کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے اسے ہدایت نصیب کی۔ انہوں نے جواب دیا: بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے ہدایت نصیب کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اسے رزق دیا۔ انہوں نے عرض کی: بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسے رزق دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس لیے تم اسے حلال طریقے سے استعمال کرو اور حرام سے اجتناب کرو اور تم اسے برقرار رکھو اگر اللہ تعالیٰ چاہے گا' تو اسے زندگی دے گا اگر چاہے گا اسے موت دے گا اور تمہیں اجر مل جائے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّمَا هُوَ الْقَدْرُ اَرَادَ بِهِ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ قَدَّرَ مَا هُوَ كَائِنٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''بے شک وہ تقدیر ہے'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو تقدیر میں طے کر دیا ہے' جو بھی قیامت تک ہوگی

4193 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمِنْهَالِ الْعَطَّارُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

(متن حدیث): اَنَّ بَعْضَ النَّاسِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَاْنِ الْعَزْلِ وَذٰلِكَ فِىْ غَزْوَةِ بَنِى الْمُصْطَلِقِ وَكَانُوْا اَصَابُوْا سَبَايَا وَكَرِهُوْا اَنْ يَلِدْنَ مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَا تَفْعَلُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ قَدَّرَ مَا هُوَ خَالِقٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں دریافت کیا: یہ غزوہ بنومصطلق کے دوران کی بات ہے ان لوگوں کو کچھ قیدی ملے تھے اوران لوگوں نے اس بات کو ناپسند کیا کہ قیدیوں میں سے خواتین ان کے بچوں کو جنم دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگرتم ایسانہیں کرتے تواس میں کوئی حرج نہیں ہوگا' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قیامت کے دن تک جسے پیدا کرنا ہے اسے تقدیر میں (طے) کردیا ہے۔

4194 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ عِنْدِي جَارِيَةً

4193– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى كامل الجحدرى واسمه فضيل بن حسين– فمن رجال مسلم، وفى فضيل بن سليمان كلام من جهة حفظه، لكنه متابع، ابن مجيريز: هو عبد الله بن مجيريز الجمحى، وهو مدنى سكن الشام، ومجيريز أبوه: هو ابن جنادة بن وهب، وهو من رهط أبى محذورة المؤذن، وكان يتيماً فى حجره .وأخرجه الطحاوى 3/33 من طريق وهيب، عن موسى بن عقبة، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 2/594 فى الطلاق: باب ما جاء فى العزل، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/68، والبخارى 2542 فى العتق: باب من ملك من الأعراب رقيقاً . . . ز، وأبو داوُد 2172 فى النكاح: باب ما جاء فى العزل، والطحاوى 3/33، والبيهقى 7/229، والبغوى 2295 عن ربيعة بن أبى عبد الرحمٰن عن محمد بن يحيى بن حبان، بِهِ .وأخرجه مسلم 1438 125 من طرق، عن إسماعيل بن جعفر، وسعيد بن منصور 2220 عن عبد العزيز بن محمد، كلاهما عن ربيعة، بِهِ . وأخرجه البخارى 5210 فى النكاح: باب العزل، ومسلم 1438 127 من طريق جويرية، عن مالك، عن الزهرى، عن ابن مجيريز، بِهِ .وأخرجه ابن أبى شيبة 4/222 من طريق محمد بن إسحاق، عن محمد بن يحيى بن حبان، عن عبد الله بن مجيريز قال: دخلت أنا وأبو ضمرة المازنى فوجدنا أبا سعيد يحدث كما يحدث أبو سلمة وأبو أمامة أن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "كذبت يهود"، وقال فى آخر الحديث: "وما عليكم أن لا تفعلوا وقد قدر الله ما هو خالق من خلقه إلى يوم القيامة" .وأخرجه الطحاوى 3/33 من طريق الزهرى، عن عبد الله بن مجيريز، ع أبى سعيد .وأخرجه من طرق عن أبى سعيد، وبألفاظ محتلفة: أحمد 3/11 و 23 و 53 و 68 و 78، والطيالسى 2177، والدارمى 2/148، وابن أبى شيبة 4/222، وسعيد بن منصور 2217 و 2218 و 2219، ومسلم 1438 128 و 129 و 1309 و 131 و 132 و 133، وأبو داوُد . . . . 2170 و 2171، والترمذى 1138، والنسائى 6/107، والطحاوى 3/31 و 32 و 33–34 و 34، والبيهقى 7/229 و 230 .

4194– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الواحد بن غياث، فقد روى له أبو داوُد وهو صدوق .وأخرجه أحمد 3/313، وابن أبى شيبة 4/220، وابن ماجه 89 فى المقدمة: باب فى القدر، وأبو يعلى 1910، والطحاوى 3/35 من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 12550 عن الثورى، عن منصور والأعمش، عن سالم بن أبى الجعد، بِهِ .2 قول إبراهيم وهو النخعى– هذا لم يرد عند المؤلف بإثر هذا الحديث، وقد أسنده عبد الرزاق فى "مصنفه" 12569 عن سفيان الثورى، عن الأعمش، عنه: كانوا يقولون . . . . وأخرج عبد الرزاق 9664 ومن طريقه الطبرانى 9664 عن أبى حنيفة، عن حماد، عن إبراهيم، عن علقمة، قال: سئل ابن مسعود عن العزل فقال: لو أخذ الله ميثاق نسمة من صلب آدم ثم أفرغه على صفا، لأخرجه من ذلك الصفا، فاعزل، وإن شئت فلا تعزل، وهذا سند صحيح رجاله رجال الصحيح غير أبى حنيفة الإمام، وهو ثقة، وثقه ابن معين وعلى بن المدينى وغيرهما، وقد تبادر الهيثمى فى "مجمعه 4/297، فقال: فيه رجل ضعيف لم أسمه! وبقية رجاله رجال الصحيح . وأخرجه سعيد بن منصور 2221 عن هشيم، حدثنا منصور، عن الحارث العكلى، عن إبراهيم، قال: سئل ابن مسعود عن العزل، فقال: لا عليكم أن لا تفعلوا، فلو أن هذه النطفة التى أخذ الله الميثاق كانت فى صخرة لنفخ فيها الروح .

وَاَنَا اَعْزِلُ عَنْهَا فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ سَيَاْتِيهَا مَا قُدِّرَ لَهَا ثُمَّ اَتَاهُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ: اِنَّهَا قَدْ حَمَلَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قَدَّرَ اللّٰهُ نَسَمَةً تَخْرُجُ اِلَّا هِيَ كَائِنَةٌ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاِبْرٰهِيمَ فَقَالَ: كَانَ يُقَالُ: لَوْ اَنَّ النُّطْفَةَ الَّتِي قُدِّرَ مِنْهَا الْوَلَدُ وُضِعَتْ عَلٰى صَخْرَةٍ لَاَخْرَجَتْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: میری ایک کنیز ہے جس کے ساتھ میں عزل کرتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب اس کے پاس وہ چیز آ جائے گی جو اس کے نصیب میں لکھی ہوئی ہے اس کے بعد وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے بتایا: وہ کنیز حاملہ ہوگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس بھی جان کے پیدا ہونے کے بارے میں طے کر دیا وہ پیدا ہو کے رہے گی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے اس روایت کا تذکرہ ابراہیم سے کیا' تو وہ بولے: یہ بات کہی جاتی ہے' جس نطفے کے مقدر میں یہ بات لکھ دی گئی ہو کہ اس کے ذریعے بچے نے پیدا ہونا ہے' اگر اسے پتھر پر بھی ڈال دیا جائے' تو اس میں بھی وہ پیدا ہو جائے گا۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ عَزْلِ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ بِاِذْنِهَا اَوْ جَارِيَتَهُ

آدمی کا اپنی بیوی کی اجازت کے ساتھ اس کے ساتھ عزل کرنے یا اپنی کنیز کے ساتھ عزل کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

4195 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَعْزِلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَنْهَنَا عَنْهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ہم لوگ عزل کیا کرتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع نہیں کیا۔

4195- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن أبا الزبير واسمه محمد بن مسلم بن تدرس- روى له البخاري مقروناً . هشام: هو ابن أبي عبد الله الدستوائي، وهو في "مسند أبي يعلى" 2255وأخرجه مسلم 1440 138 في النكاح: باب حكم العزل، وأبو داوُد 2173 في النكاح: باب ما جاء في العزل، والبيهقي 7/228، والطحاوي 3/35 من طريقين عن أبي الزبير، بهذا الإسناد وأخرجه عبد الرزاق 12566، والحميدي 1257، وأحمد 3/377 و 380، والبخاري 5207 و 5208 في النكاح: باب العزل، ومسلم 1440 136 و 137، والترمذي 1137 في النكاح: باب ما جاء في العزل، وأبو يعلى 2193، والطحاوي 3/35، والبيهقي 7/288 من طريق عن عطاء، عن جابر .وأخرجه أحمد 3/309 عن سفيان، عن عمرو بن دينار، عن جابر بإسقاط عطاء، وأخرجه أبو نعيم من طريق "المسند" بإثباته وهو المعتمد، نبه عليه الحافظ في الفتح 9/309 .

بَابُ الْغَیْلَةِ

غیلہ (یعنی دودھ پلانے والی عورت کے ساتھ صحبت کرنے) کا بیان

ذِکْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ جَوَازِ إِرْضَاعِ الْمَرْأَةِ وَإِتْیَانِ زَوْجِهَا إِیَّاهَا فِیْ حَالَتِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ عورت کے (بچے کو) دودھ پلانے کے دوران اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے

4196 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ، عَنْ جُذَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ الْاَسَدِیَّةِ

(متن حدیث): اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰى عَنِ الْغِیْلَةِ حَتّٰى ذَکَرْتُ اَنَّ الرُّوْمَ، وَفَارِسَ یَصْنَعُوْنَ ذٰلِكَ فَلَا یَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ قَالَ مَالِكٌ: وَالْغِیْلَةُ: اَنْ یَّمَسَّ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ وَهِیَ تُرْضِعُ

❀❀ سیّدہ جذامہ بنت وہب اسدیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''پہلے میں نے اس بات کا ارادہ کیا کہ میں دودھ پلانے والی عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے منع کردوں پھر مجھے خیال آیا کہ اہل روم اور اہل فارس بھی ایسا کرتے ہیں اور ان کی اولاد کو کوئی نقصان نہیں ہوتا''۔

امام مالک بیان کرتے ہیں: غیلہ سے مراد یہ ہے: کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایسی حالت میں صحبت کرے جب وہ عورت دودھ پلا رہی ہو۔

4196- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/607-608 في الرضاع: باب جامع ما جاء في الرضاع .ومن طريق مالك أخرجه أحمد 6/361، والدارمي 2/146-147، ومسلم 1442 140 في النكاح: باب جواز الغيلة وهي وطء المرضع، وأبو داوٗد 3882 في الطب: باب في الغيل، والنسائي 6/106-107 في النكاح: باب الغيلة، والطبراني 24/534، والبيهقي 7/465، والبغوي 2298 .وأخرجه أحمد 6/434، ومسلم 1442 141و 142، والترمذي 2076 في الطب: باب ما جاء في الغيلة، وابن ماجه 2011 في النكاح: باب الغيل، والطبراني 24/535 و 536، والبيهقي 17/231-232 من طريقين عن محمد بن عبد الرحمٰن ابن نوفل، بِهٖ .

بَابُ النَّهْيِ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَاءِ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی جائے

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَجَازَ اِتْيَانَ النِّسَاءِ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جس نے خواتین کے پیدائش کے مقام کے علاوہ میں صحبت کرنے کو جائز قرار دیا ہے

4197 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتِ الْيَهُوْدُ: اِنَّمَا يَكُوْنُ الْحَوَلُ اِذَا اَتَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ مِنْ خَلْفِهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) مِنْ قُدَّامِهَا وَمِنْ خَلْفِهَا وَلَا يَاْتِيهَا اِلَّا فِي الْمَاْتَى

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہودیہ کہا کرتے تھے بچہ بھینگا اس وقت ہوتا ہے، جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ پیچھے کی طرف سے صحبت کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم اپنے کھیت میں جس طرف سے چاہو آؤ''۔

اس سے مراد یہ ہے: آگے کی طرف سے آؤ یا پیچھے کی طرف سے آؤ، لیکن آؤ صرف اسی مقام پر جہاں آیا جاتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَاءِ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی جائے

4198 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ حُصَيْنٍ الْوَائِلِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ هَرَمِيَّ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاقِفِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ الْخَطْمِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

❀❀ حضرت خزیمہ بن ثابت خطمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا تم خواتین کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو''۔

4197- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الواحد بن غياث، فقد روى له أبو داوٗد، وهو صدوق، وقد تقدم برقم 4166.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4199 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ عِيْسَى بْنِ حِطَّانَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ اَحَدِنَا الرُّوَيْحَةُ قَالَ: اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّا وَلَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

❁❁ حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ہم میں سے کسی شخص کی ہوا خارج ہوجاتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کی ہوا خارج ہو تو وہ وضو کرلے اور تم لوگ خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيْ اَعْجَازِهِنَّ اَرَادَ بِهٖ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''ان کے اعجاز میں'' اس سے آپ ﷺ کی مراد ان کی پچھلی شرمگاہیں ہیں

4200 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِيْ هِلَالٍ حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، حَدَّثَهُ اَنَّ حُصَيْنَ بْنَ مُحْصِنٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ هَرَمِيًّا حَدَّثَهُ اَنَّ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِيْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ

❁❁ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا تم خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو''۔

4199– رجاله ثقات غير مسلم بن سلام فلم يُوثِّقهُ غير المؤلِّف، ولم يَروِ عنه غيرُ عيسى بن حطان، لكن ما قبله يشهد للقسم الثاني منه، فهو حسن به . وقد تقدم تخريجه في 2236 .

4200– حديث حسن في المتابعات . حصين بن محصن: لم يوثقه غير المؤلف 6/212 . وانظر 4198 .وأخرجه النسائي في عشرة النساء من "الكبرى" كما في "التحفة" 3/127، والطبراني 3738، والبيهقي 7/196 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/214، والنسائي في عشرة النساء من "الكبرى" كما في "التحفة" 3/126–127، وابن ابي شيبة 4/253، والدارمي 1/261 و 2/145، والطحاوي 3/44، والطبراني 3739و 3740، والبيهقي 7/197 من طرق عن هرمي بن عبد الله، بِهِ .

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِتْيَانِ الْمَرْءِ اَهْلَهُ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ آدمی اپنی بیوی کے ساتھ پیدائش کے مقام کے علاوہ میں صحبت کرے

4201 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عِيْسَى بْنِ حِطَّانَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّا نَكُوْنُ فِيْ اَرْضِ الْفَلَاةِ فَيَكُوْنُ مِنَّا الرُّوَيْحَةُ وَفِي الْمَاءِ قِلَّةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّاْ، وَلَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ

❁❁ حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: ہم ایک ایسی سرزمین پر رہتے ہیں جو بے آب و گیاہ ہے ہم میں سے کسی کی تھوڑی سی ہوا خارج ہو جاتی ہے اور وہاں پانی کم ہو جاتا ہے (تو ہمیں کیا کرنا چاہئے) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کی ہوا خارج ہو جائے تو اسے وضو کرنا چاہئے اور تم خواتین کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو بیشک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اِبَاحَةَ اِتْيَانِ الْمَرْءِ اَهْلَهُ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے آدمی اپنی بیوی کی اگلی شرمگاہ کے علاوہ صحبت کر سکتا ہے

4202 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ الْقُمِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِي الْمُغِيْرَةِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هَلَكْتُ قَالَ: وَمَا اَهْلَكَكَ؟، قَالَ: حَوَّلْتُ رَحْلِيَ اللَّيْلَةَ، قَالَ: فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) (البقرة: 223) يَقُوْلُ: اَقْبِلْ وَاَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ

4201– هو مكرر 4199 .

4202– إسناده حسن، يعقوب القمي: هو يعقوب بن عبد الله بن سعد الأشعري القمي، وهو في "مسند أبي يعلى" 2736 .وأخرجه أحمد 1/297، والترمذي 2980 في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والطبري 4347، والنسائي في التفسير وفي عشرة النساء من "الكبرى" كما في "التحفة" 4/404، والواحدي في "أسباب النزول" ص 48، والطبراني 21317، والبيهقي 7/198، والبغوي في "معالم التنزيل" 1/198 من طرق عن يعقوب القمي، بهذا الإسناد .وقال الترمذي: حديث حسن غريب .وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 1/629، وزاد نسبته إلى ابن المنذر، وابن أبي حاتم، والخرائطي في "مساوء الأخلاق"، والضياء في "المختارة" .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں ہلاکت کا شکار ہو گیا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا۔ تمہیں کس چیز نے ہلاکت کا شکار کیا ہے۔ انہوں نے بتایا: گزشتہ رات میں نے اپنے پالان کو الٹا دیا۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف یہ وحی نازل کی۔

''تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں اپنے کھیت میں جس طرح سے چاہو آؤ''۔

راوی بیان کرتے ہیں: یعنی خواہ آگے طرف سے آؤ پیچھے کی طرف سے آؤ۔ لیکن پچھلی شرمگاہ اور حیض سے اجتناب کرو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِتْيَانِ الْمَرْءِ امْرَاَةً فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِ الْحَرْثِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی کسی عورت کے ساتھ اگلی شرمگاہ کے علاوہ صحبت کرے

4203 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى امْرَاَةً فِيْ دُبُرِهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: رَفَعَهُ وَكِيْعٌ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا جو عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) وکیع نامی راوی نے ضحاک بن عثمان کے حوالے سے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ نَظَرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْاٰتِيْ نِسَاءَهُ وَجَوَارِيَهُ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ

اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں کی طرف نظر رحمت کرنے کی نفی کا تذکرہ جو اپنی بیویوں یا کنیزوں کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتے ہیں

4203- إسناده حسن، رجاله رجال الصحيح، لكن في أبي خالد الأحمر وهو سليمان بن حيان- كلام ينزله عن رتبة الصحيح .وأخرجه النسائي في عشرة النساء من "الكبرى" كما في التحفة 5/210، والترمذي 1165 في الرضاع، عن أبي سعيد الأشج، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حسن غريب .وأخرجه ابن أبي شيبة 4/251-252، وابو يعلى 2387 عن أبي خالد الأحمر، بـه . وسيرد عنه المؤلف برقم 4418 .وله شاهد من حديث أبي هريرة عند ابن ماجه 1923 بلفظ: "لا ينظر الله إلى رجل جامع امرأته في دبرها" قال البوصيري في "مصباح الزجاجة" ورقة 125: إسناده صحيح، رجاله ثقات، وهو في سنن أبي داؤد 2162 بلفظ: "ملعون من أتى امرأته في دبرها" .

4204 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيدٍ الْاَشَجُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى امْرَاَتَهُ فِيْ دُبُرِهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا جو اپنی بیوی کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتا۔

4204- إسناده حسن، وهو مكرر ما قبله راهويه .وأخرجه النسائى 5/194فى مناسك الحج: باب حجامة المحرم على ظهر قدمه، عن اسحاق بن راهويه، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/164، وأبو داوُد 1837 فى المناسك: باب المحرم يحتجم، والترمذى فى الشمائل 358 وأبو يعلى 3041 وابن خزيمة 2659 والبيهقى 9/339، والبغوى 1986 من طرق عن عبد الرزاق به .وأخرج أحمد 3/267 عن على بن عبد الله، عن معتمر، قال: سمعت حميدا قال سئل أنس عن الحجامة للمحرم فقال احتجم النبى صلى الله عليه وسلم من وجع كان به .وعند ابن خزيمة 2658 عن محمد بن عبد الأعلى الصنعانى، بنفس إسناد أحمد: سئل أحمد [illegible] الصائم يحتجم. فقال: ما كنا نرى أن ذلك يكره إلا لجهده، وقال: قد احتجم النبى صلى الله عليه وصلم وهو محرم من وجع وجده فى رأسه .

بَابُ الْقَسْمِ

باب: (بیویوں کے درمیان) تقسیم کا حکم

ذِكْرُ مَا كَانَ يَعْدِلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقِسْمَةِ بَيْنَ نِسَائِهِ

اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ اپنی ازواج کے درمیان کس طرح تقسیم میں انصاف کرتے تھے

4205 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا يَـزِيـدُ بْـنُ هَـارُونَ قَـالَ: اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَـانَ رَسُـوْلُ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ بَيْنَ نِسَائِهِ فَيَعْدِلُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ هٰذَا فِعْلِيْ فِيمَا اَمْلِكُ، فَلَا تَلُمْنِيْ فِيمَا لَا اَمْلِكُ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ اپنی ازواج کے درمیان (دنوں کے اعتبار سے وقت کی) تقسیم کرتے تھے اور پھر یہ فرماتے تھے: اے اللہ! یہ میرا وہ فعل ہے جس کا میں مالک ہوں تو مجھے اس چیز کے حوالے سے ملامت نہ کرنا جس کا میں مالک نہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا كَانَ بِنَعْتِ مَا وَصَفْنَا لَهُ اَنْ يَّسْتَاْذِنَ اِحْدَاهُنَّ فِيْ يَوْمِهَا لِلْاُخْرَى مِنْهُنَّ

4205– رجاله ثقات على شرط مسلم إلا أنه اختلف فى وصله وإرساله، والمرسل هو الصواب . أيوب: هو ابن أبى تميمة السختياني، وعبد الله بن يزيد: رضيع عائشة بصرى، ذكره ابن حبان فى (الثقات)، وأخرج حديثه لهذا أصحاب السنن، وله عند مسلم، والترمذى والنسائى فى الميت يُصلى عليه مئة . وقد نُسِبَ خطأ إلى الخطمى عند أبى داوُد، والحاكم والدارمى، وابن أبى حاتم .وأخرجه أحمد 6/144، وابن أبى شيبة 4/386–387، والنسائى 7/64 فى عشرة النساء : باب ميل الرجل إلى بعض نسائه دون بعض، وابن ماجة (1971) فى النكاح: باب القسمة بين النساء، من طريق يزيد بن هارون، بهذا السند، وقال النسائى بإثره: أرسله حمادُ بن زيد .وأخرجه الدارمى 2/144، عن عمرو بن عاصم، وأبو داوُد (2134) فى النكاح: باب فى القسمة بين النساء، وابن أبى حاتم فى (العلل) 1/425 والحاكم 2/187، وعنه البيهقى 7/298، من طريق موسى بن إسماعيل، والترمذى (1140) فى النكاح: باب ما جاء فى التسوية بين الضرائر، من طريق بشر بن السرى، ثلاثتهم عن حماد بن سلمة، به،

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب آدمی کی وہ صورت حال ہو جو ہم نے ذکر کی ہے

تو اسے اس بات کا حق ہے وہ اپنی بیویوں میں سے کسی ایک سے اس کے مخصوص دن کو کسی دوسرے کو دینے کی اجازت حاصل کرلے

4206 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ زِيَادٍ الطَّسْتِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاْذِنُنَا فِيْ يَوْمِ الْمَرْاَةِ مِنَّا بَعْدَمَا اُنْزِلَتْ: (تُرْجِى مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِى) (الأحزاب: 51) اِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ، قَالَتْ مُعَاذَةُ: فَمَا تَقُوْلِينَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَكِ قَالَتْ: اَقُوْلُ: اِنْ كَانَ ذَاكَ اِلَيَّ لَمْ اُوْثِرْ اَحَدًا عَلٰى نَفْسِى

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس آیت کے نازل ہونے کے بعد۔

''تم ان میں سے جسے چاہو پیچھے کردو اور جسے چاہو اپنے قریب کرلو''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس خاتون کے دن کے بارے میں ہم سے اجازت لیا کرتے تھے۔

(جس خاتون کی باری ہوتی تھی)

معاذہ نامی راوی خاتون نے (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) دریافت کیا۔

پھر آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا کہتی تھیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے اجازت طلب کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: میں یہ کہتی تھی اگر یہ میرے اختیار میں ہو تو میں کسی دوسرے کے لیے ایثار نہیں کرتی۔

ذِكْرُ وَصْفِ عُقُوبَةِ مَنْ لَمْ يَعْدِلْ بَيْنَ امْرَاَتَيْهِ فِي الدُّنْيَا

جو شخص دنیا میں اپنی دو بیویوں کے درمیان انصاف سے کام نہیں لیتا اسے (آخرت میں) ملنے والے عذاب کی صفت کا تذکرہ

4207 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ

4206- إسناده صحيح، الفضل بن زياد روى عنه جماعة، وذكره المؤلف في (الثقات) 9/6، ووثقه أبو زرعة فيما نقل عنه ابن أبي حاتم 7/62، والخطيب 12/360، ومَنْ فوقه على شرطهما . عبّاد بن عبّاد: هو ابنُ حبيب بن المهلب بن أبي صفرة الأزدي، أبو معاوية البصري .وأخرجه مسلم (1476) في الطلاق: باب أن تخيير امرأته لا يكون طلاقاً إلا بالنية، وأبو داوُد (2136) في النكاح: باب في القسم بين النساء، والنسائي في عشرة النساء كما في (التحفة) 12/435، والبيهقي 7/74 من طرق عن عبّاد بن عبّاد، بهذا الإسناد، وعلقه البخاري بإثر الحديث (4789) .وأخرجه أحمد 6/76، والبخاري (4789) في التفسير: باب (تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ)، ومسلم (1476) من طريق عبد الله بن المبارك، عن عاصم الأحول، بِهِ .

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ كَانَتْ لَهُ امْرَاَتَانِ، فَمَالَ مَعَ اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرَى، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَحَدُ شِقَّيْهِ سَاقِطٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ایک کو چھوڑ کر دوسری کی طرف مائل ہو تو وہ قیامت کے دن ایسی حالت میں آئے گا کہ اس کا ایک پہلو ساقط (مفلوج) ہوگا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ اِذَا تَزَوَّجَ عَلٰى امْرَاَتِهٖ بِكْرًا اَنْ يَّقْسِمَ لَهَا سَبْعًا، اَوْ ثَلَاثًا اِذَا كَانَتْ ثَيِّبًا، ثُمَّ الِاعْتِدَالُ بَيْنَهُمَا فِي الْقِسْمَةِ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' جب وہ کسی کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کرے

تو تقسیم میں اسے سات دن دے اور اگر ثیبہ کے ساتھ کرے تو اسے تین دن دے پھر تقسیم میں ان دونوں کے درمیان انصاف سے کام لے

4208 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ

4207– إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه أحمد 2/471، وابن أبي شيبة 4/388، وعنه ابن ماجة (1969) في النكاح: باب القسمة بين النساء، عن وكيع بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (2454)، والدارميُّ 2/143، وأحمد 2/347، وأبو داوُد (2133) في النكاح: باب في القسم بين النساء، والترمذيُّ (1141) في النكاح: باب ما جاء في التسوية بين الضرائر، والنسائي 7/63 في عشرة النساء: باب ميل الرجل إلى بعض نسائه دون بعض، وابن الجارود (722)، والحاكم 2/186، والبيهقي 7/297 من طرق عن همَّام، به، وصححه الحاكم على شرطهما، ووافقه الذهبي .وقال الترمذيُّ: وإنما أسند هذا الحديث همام بن يحيى عن قتادة، ورواه هشام الدَّستوائي عن قتادة قال: كان يقال، ولا نعرف هذا الحديث مرفوعاً إلا من حديث همام، وهمام ثقة . قلت وهو خبر ثابت صحيح، وقد صححه غيرُ واحد من الأئمة .

4208– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو قِلابة: هو عبد الله بن زيد الجَرميُّ .وأخرجه الدارمي 2/144، وابن ماجه (1916) في النكاح: باب الإقامة على البكر والثيب، والدارقطني 3/283، وأبو نُعيم في (حلية الأولياء) 2/288 و 3/13 من طرق عن محمد بن إسحاق، عن أيوب بهذا السند .وأخرجه البيهقي 7/302، وابن عبد البر في (التمهيد) 17/248 من طريق أبي قلابة عن عبد الملك بن محمد الرقاشيّ، عن أبي عاصم، عن سفيان، عن أيوب وخالد، عَنْ اَبِيْ قِلابة، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إذا تزوَّجَ البكر على الثيب، أقام عندها سبعاً، وإذا تزوج الثيب على البكر، أقام عندها ثلاثاً" .وأخرجه عبد الرزاق (10642) عن معمر، والطحاوي في (شرح معاني الآثار) 3/27 من طريق سفيان، والبيهقي 7/302 من طريق حماد بن سلمة، ثلاثتهم عن أيوب بهذا الإسناد، إلا أنهم أوقفوه على أنس .وأخرجه البخاري (5213) في النكاح: باب إذا تزوج البكر على الثيب، ومسلم (1461) (44) في الرضاع: باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من إقامة الزوج عندها عَقِبَ الزفاف، وأبو داوُد (2124) في النكاح: باب في المقام عند البكر، والترمذي (1139) في النكاح: باب ما جاء في القسمة للبكر والثيب، من طرق عن خالد الحذّاء، عن أبي قِلابة، عن أنس بن مالك قال: إذا تزوج البكر على الثيب أقام عندها سبعاً، وإذا تزوج الثيب على البكر أقام عندها ثلاثاً . قال خالد: ولو قلت إنه رفعه لصدقت، ولكنه قال: السنة كذلك .وأخرجه عبد الرزاق (10643)، والبخاري (5214): باب إذا تزوج الثيب على البكر، ومسلم (1461) (45)، والبيهقي 7/301 و 302، والبغوي (2326) من طرق عن سفيان، عن أيوب وخالد، عن أبي قِلابة، عن أنس: من السنة "إذا تزوج البكر على الثيب أقام عندها سبعاً وقَسَم، وإذا تزوج الثيب على البكر أقام عندها ثلاثاً ثم قسم"، قال أبو قلابة: ولو شئت لقلت: إن أنساً رفعه إلى النبي صلى الله عليه وسلم .

الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):سَبْعٌ لِلْبِكْرِ، وَثَلَاثٌ لِلثَّيِّبِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(شادی ہونے کے بعد) جو بیوی پہلے کنواری تھی اس کے لیے سات دن ہوں گے اور جو پہلے ثیبہ (یعنی بیوہ یا طلاق یافتہ تھی) اس کے لیے تین دن ہوں گے''۔

4209 - حَدَّثَنَاهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ فِىْ عَقِبِهٖ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْنَاهُ عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمُتَزَوِّجِ عَلَى الْبِكْرِ، اَوِ الثَّيِّبِ عَلٰى وَاحِدَةٍ تَحْتَهُ مِثْلَهَا اَوْ اَكْثَرَ مِنْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' کنواری یا ثیبہ عورت کے ساتھ شادی کرنے والے شخص پر یہ بات لازم ہے: وہ ان کے ساتھ یکساں تقسیم کرے خواہ اس کی پہلی بیوی اس کی مانند ہو'یا ایک سے زیادہ ہوں

4210 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى

4209– إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه مالك 2/530 فى النكاح: باب المقام عند البكر والأيم، ومن طريقه الطحاوى 3/28 عن حُميد، عن أنس موقوفاً . وأخرجه الطحاويُّ 3/28، والبيهقيُّ 7/302، من طرق عن حُميد، عن أنس موقوفاً أيضاً .وأخرجه البيهقى 7/302 من طريق سعيد ابن أبى عَروبة عن قتادة، عن أنس وقفه .

4210– إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه النسائى فى (عشرة النساء) (39) عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/292، والدارمى 2/144، ومسلم (1460) (41) فى الرضاع: باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من إقامة الزوج عندها عَقِبَ الزفاف، وأبو داوُد (2122) فى النكاح: باب فى المقام عند البكر، والنسائى، وابن ماجة (1917) فى النكاح: باب الإقامة على البكر والثيب، والطحاوى 3/29، والطبرانى فى (الكبير) /23 (592)، وابن سعد فى (الطبقات) 8/94، والبيهقى 7/301 من طريق يحيى بن سعيد القطان، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق (10646) ومن طريقه الطبرانى /23 (591) عن الثورى، وابن أبى شيبة 4/277 عن يعلى بن عبيد، كلاهما عن محمد بن أبى بكر، بِهِ . وأخرجه مالك 2/529 فى النكاح: باب المقام عند البكر والأيِّم، عن عبد الله بن أبى بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن عبد الملك بن أبى بكر، عن أبيه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حين تزوَّج أم سلمة، وأصبحت عنده، قال لها . . . فذكره .قال ابن عبد البر فى (التمهيد) 17/243: ظاهره الانقطاع، أى الإرسال، وهو متصل مسند صحيح قد سمعه أبو بكر من امِّ سلمة .ومن طريق مالك أخرجه الشافعيُّ 2/26، ومسلم (1460) (42)، والطحاوى 3/29، وابن سعد فى (الطبقات) 8/92، والبيهقى 7/300، والبغوى (2327)، والدارقطنى 3/284 .وأخرجه عبد الرزاق (10645)، ومسلم (1460)، وابن سعد 8/92–93، والبيهقى 7/300–301، من طريقين عن عبد الملك بن أبى بكر، بِهِ . وأخرجه أحمد 6/307 و307–308، عن الشافعى 2/26 و26–27، ومسلم (1460) (43)، وعبد الرزاق (10644)، والنسائى فى (عشرة النساء) (40)، والطبرانى /23 (499) و (585) و (586) و (587)، والطحاوى 3/29، وابن سعد 8/93–94، والبيهقى 7/301، من طرق عن أبى بكر بن عبد الرحمٰن، بِهِ .وأخرجه أحمد 6/295 و314، والطبرانى /23 (506)، والطحاوى 3/29 وابن عبد البر 17/244 من طريق عمر بن أبى سلمة، عن أم سلمة .

الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَزَوَّجَهَا اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا، وَقَالَ: لَيْسَ بِكِ عَلَى اَهْلِكِ هَوَانٌ، اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ، فَاِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ هٰذَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ هُوَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ الْقُرَشِيُّ جَمِيعًا مَدَنِيَّانِ

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ شادی کی تو ان کے ہاں تین دن قیام کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے شوہر کے نزدیک بے حیثیت نہیں ہو اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن رہتا ہوں' لیکن اگر میں تمہارے پاس سات دن رہا تو دیگر ازواج کے پاس بھی سات' سات دن رہوں گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) محمد بن ابوبکر نامی راوی' محمد بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری ہیں اور عبدالملک بن ابوبکر نامی راوی عبدالملک بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام قریشی ہیں اور یہ دونوں مدنی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُبَاحٌ لَهُ اِذَا كَانَ تَحْتَهُ نِسْوَةٌ جَمَاعَةٌ وَّجَعَلَتْ اِحْدَاهُنَّ يَوْمَهَا لِصَاحِبَتِهَا اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ مِنْهُ لِهٰذِهِ دُوْنَ تِلْكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مباح ہے' جب اس کی کئی بیویاں ہوں

اور پھر ان میں سے کوئی ایک بیوی اپنا مخصوص دن اپنی کسی سوکن کے نام کر دے پھر وہ مخصوص دن دوسری بیوی کے لیے ہوگا پہلی کے لیے نہیں ہوگا

4211 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ امْرَاَةً اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَكُوْنَ فِي مِسْلَاخِهَا مِنْ سَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ، مِنِ امْرَاَةٍ فِيهَا حِدَّةٌ، فَلَمَّا كَبِرَتْ جَعَلَتْ يَوْمَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ، قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ جَعَلْتُ يَوْمِي مِنْكَ لِعَائِشَةَ، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لِعَائِشَةَ يَوْمَيْنِ يَوْمَهَا، وَيَوْمَ سَوْدَةَ

4211- إسناده صحيح على شرط البخارى . جرير هو ابن عبد الحميد الضّبّى .وأخرجه مسلم (1463) (47) عن زهير بن حرب، والنسائى فى (عشرة النساء) (48)، والبيهقى 7/74، من طريق إسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه مختصراً البخارى (5212) فى النكاح/: باب المرأة تهب يومها من زوجها لضرّتها، ومسلم (1463)، وابن ماجه (1972)، والبغوى (2324) من طرق عن هشام بن عروة، بِهِ .

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے) میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب سیّدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا تھیں وہ ایک ایسی خاتون تھیں جن کے مزاج میں تیزی تھی جب ان کی عمر زیادہ ہوگئی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اپنی باری کا مخصوص دن سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دیا۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اپنا مخصوص دن عائشہ کو دیتی ہوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دو دن دیا کرتے تھے ایک ان کا مخصوص دن اور ایک سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا (کا مخصوص) دن۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْإِقْرَاعِ بَيْنَ النِّسْوَةِ إِذَا كُنَّ عِنْدَهُ وَأَرَادَ سَفَرًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے' جب وہ سفر پر جانے لگے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی کرے

4212 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ،

خاموش رہے گا' جس پر غصہ کیا جانا چاہئے) اللہ کی قسم! میں اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ضرور دریافت کروں گا اگلے دن وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: انہوں نے کہا: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے اور اسے مار دیتا ہے' تو آپ لوگ قتل کر دیں گے اگر وہ یہ الزام عائد کرتا ہے' تو آپ لوگ اسے کوڑے لگائیں گے اور اگر وہ خاموش رہتا ہے' تو ایسی بات پر خاموش رہتا ہے' جس پر غصہ کرنا چاہئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (یا اس شخص نے) دعا کی اے اللہ! تو کشادگی عطا کر تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر الزام عائد کرتے ہیں''۔

یہ آیات لعان کے بارے میں ہیں پھر وہ شخص اور اس کی بیوی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان دونوں نے لعان کیا اس مرد نے چار مرتبہ اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ گواہی دی کہ وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہا: اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہو پھر اس عورت نے لعان کرنا چاہا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: ٹھہر جاؤ' لیکن اس عورت نے لعان کیا جب وہ چلی گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے' یہ عورت سیاہ رنگ کے گھنگھریالے بالوں والے بچے کو جنم دے (راوی کہتے ہیں) تو اس عورت کے ہاں سیاہ رنگ کے گھنگھریالے بالوں والے بچے کی پیدائش ہوئی۔

اسحاق نامی راوی کہتے ہیں: یحییٰ بن معین نے یہ بات بیان کی ہے میں نے جریر سے کہا آپ کے علاوہ اور کسی نے یہ روایت اعمش کے حوالے سے نقل نہیں کی ہے' تو جریر نے کہا: میں نے تو ان سے یہ روایت سنی ہوئی ہے۔

4282 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ وَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِي رَجُلًا اُمْهِلُهُ حَتّٰى آتِيَ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی کیا رائے ہے' اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہوں' تو کیا میں اس شخص کو مہلت دوں گا تا کہ پہلے چار گواہ لے آؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔

4283 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنِ

4282- إسناده صحيح على شرط مسلم، سهيل بن أبي صالح، روى له البخاري مقروناً، واحتج به الباقون، وهو في (الموطأ) 2/737 في الأقضية: باب القضاء فيمن وجد مع امرأته رجلاً، و 823 في الحدود: باب ما جاء في الرجم .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/81، وأحمد 2/465، ومسلم (1498) (15) في اللعان، وأبو داوُد (4533) في الديات: باب في من وجد مع أهله رجلا أيقتله؟، والنسائي في الرجم كما في " التحفة " 9/416: باب عدد الشهود على الزنا، والبيهقي 8/230 و337 و10/147، والبغوي (2371) . أخرجه مسلم (1498) (16) عن سليمان بن بلال، عن سهيل بهذا الإسناد وزاد: قال: كلا والذي بعثك بالحق إن كنت لأعاجله بالسيف قبل ذلك، فقال رسول الله: " اسمعوا إلى ما يقول سيدكم إنه لغيور، وأنا أغير منه، والله أغير مني " .

الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلًا رَاٰى مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا يَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ بِهِ؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنَ الْمُتَلَاعِنِيْنَ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ قُضِيَ فِيْكَ، وَفِي امْرَاَتِكَ، قَالَ: فَتَلَاعَنَا وَاَنَا شَاهِدٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ اَمْسَكْتُهَا فَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا فَفَارَقَهَا، فَكَانَتْ سُنَّةً بَعْدُ اَنْ يُّفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَكَانَتْ حَامِلًا فَاَنْكَرَ حَمْلَهَا، وَكَانَ ابْنُهَا يُدْعَى اِلَيْهَا، ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِي الْمِيرَاثِ اَنْ يَّرِثَهَا وَتَرِثُ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے' جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے اور اسے مار دیتا ہے' تو آپ لوگ (بدلے میں) اسے قتل کر دیں گے ایسے شخص کو کیا کرنا چاہئے (راوی کہتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں وہ چیز ذکر کی جو لعان کرنے والوں کے حوالے سے ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا: تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں فیصلہ دے دیا گیا ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو ان دونوں نے لعان کیا میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر اب بھی میں اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں' تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے' تو اس شخص نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کی۔

(راوی کہتے ہیں) اس کے بعد یہ طریقہ روایت پا گیا کہ لعان کرنے والوں کے درمیان علیحدگی کروا دی جاتی ہے وہ خاتون حاملہ تھیں اس شخص نے اس عورت کے حمل کا انکار کیا تھا تو اس خاتون کے بچے کو اس کی ماں کے حوالے سے بلایا جاتا تھا اس کے بعد میراث میں بھی یہ طریقہ جاری ہوا کہ وہ بچہ اس عورت کا وارث بنتا تھا اور وہ عورت اس بچے کی وارث بنتی تھی جو اللہ تعالیٰ نے اس کا حصہ مقرر کیا تھا۔

ذِكْرُ اسْمِ هٰذَا الْمُلَاعِنِ امْرَاَتَهُ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اپنی بیوی کے ساتھ لعان کرنے والے اس شخص کے نام کا تذکرہ جن کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

4284 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ اَخْبَرَهُ،

4283- بإسناده على شرطهما فليح -وهو ابن سليمان- وإن كان فيه كلام من جهة حفظه، قد توبع كما سيأتي، أبو الربيع: هو سليمان بن داؤد العتكي .وأخرجه البيهقي 7/401 من طريق أبي يعلى أحمد بن علي بن المثنى، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (4746) في التفسير: باب (وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ) والطبراني (5683)، والبيهقي 6/258 و7/401 من طريق أبي الربيع، بِهِ .وأخرجه مختصراً أبو داوُد (2252) في الطلاق: باب في اللعان عن أبي الربيع الزهراني، بِهِ .

(متن حدیث): اَنَّ عُوَيْمِرَ الْعَجْلَانِيَّ جَاءَ اِلٰى عَاصِمِ بْنِ عَدِيِّ الْاَنْصَارِيِّ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَاصِمُ، اَرَاَيْتَ اَنَّ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا اَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُوْنَهُ، اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ سَلْ لِيْ يَا عَاصِمُ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَسَاَلَ عَاصِمٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، حَتّٰى كَبُرَ عَلٰى عَاصِمٍ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ اِلٰى اَهْلِهٖ، جَاءَهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَاصِمٌ لِعُوَيْمِرٍ: لَمْ تَاْتِنِيْ بِخَيْرٍ، قَدْ كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْاَلَةَ الَّتِيْ سَاَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا اَنْتَهِيْ حَتّٰى اَسْاَلَهُ عَنْهَا، فَجَاءَ عُوَيْمِرٌ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسْطَ النَّاسِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اُنْزِلَ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ، فَاذْهَبْ فَاْتِ بِهَا، فَقَالَ سَهْلٌ: فَتَلَاعَنَا وَاَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ تَلَاعُنِهِمَا، قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ اَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَّاْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عویمر عجلانی رضی اللہ عنہ' حضرت عاصم بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے انہوں نے ان سے کہا: اے عاصم اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے' تو اگر وہ اسے قتل کر دیتا ہے' تو آپ لوگ اسے قتل کر دیں گے تو اس شخص کو کیا کرنا چاہئے۔ اے عاصم آپ میرے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کریں۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نوعیت کے سوالات کو ناپسندیدہ اور اسے معیوب قرار دیا۔ یہ بات حضرت عاصم رضی اللہ عنہ کے لیے بڑی تکلیف دہ تھی جو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی جب عاصم اپنے گھر واپس آئے' تو عویمر ان کے پاس آئے انہوں نے کہا: اے عاصم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سے کیا فرمایا تو عاصم نے عویمر سے کہا تم میرے پاس بھلائی لے کر نہیں آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسندیدہ قرار دیا جس کے بارے میں' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تھا' تو عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں باز نہیں آؤں گا' جب تک میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت نہیں کر لیتا پھر حضرت عویمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت لوگوں کے درمیان تشریف فرما تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں حکم نازل ہو گیا ہے تم جاؤ اور اسے لے آؤ۔

حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو ان دونوں نے لعان کیا میں لوگوں کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا جب وہ

4284– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه البغوى (2366) من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، بهذا الإسناد . وهو فى "الموطأ" 2/566–567، فى الطلاق: باب ما جاء فى اللعان . ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 2/44، وأحمد 5/336–337، والدارمى 2/150، والبخارى (5259) فى الطلاق: باب من جوز الطلاق الثلاث، و (5308) باب اللعان ومن طلق بعد اللعان، ومسلم (1492) فى أول اللعان، وأبو داؤد (2245) فى الطلاق: باب فى اللعان، والنسائى 6/143– 144 فى الطلاق: باب الرخصة فى ذلك (أى فى الثلاث مجموعة)، والطبرانى (5676) والبيهقى 7/398–399 و399 .

دونوں لعان کر کے فارغ ہو گئے' تو حضرت عویمر نے کہا: یارسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ! اگر میں اب بھی اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں' تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے' تو نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے انہیں کچھ ہدایت کرنے سے پہلے ہی انہوں نے اس خاتون کو تین طلاقیں دے دیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4285 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ اَتٰى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ وَكَانَ سَيِّدُ بَنِي الْعَجْلَانِ، فَقَالَ: كَيْفَ تَقُوْلُوْنَ فِيْ رَجُلٍ وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا اَيَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ، اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَقَالَ: سَلْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَاَتٰى عَاصِمٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا اَيَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ، اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَاَتٰى عُوَيْمِرًا، فَقَالَ لَهٗ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا اَنْتَهِيْ حَتّٰى اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَاَتٰى عُوَيْمِرٌ فَسَاَلَهٗ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ، فَاَمَرَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاعَنَا بِمَا سَمَّى اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ، قَالَ: فَلَاعَنَهَا، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اِنْ حَبَسْتُهَا فَقَدْ ظَلَمْتُهَا، قَالَ: فَطَلَّقَهَا، وَكَانَتْ سُنَّةً لِمَنْ بَعْدَهُمَا مِنَ الْمُتَلَاعِنِيْنَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُنْظُرُوْا فَاِنْ جَاءَتْ بِهٖ

4285– إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم، ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات على شرطهما، محمد بن يوسف: هو الفريابي . وأخرجه الدارمي 2/150، والبخاري (4745) في التفسير: باب (وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَاءُ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ . . .)، والطبراني (5677)، وابن الجارود (756) والبيهقي 7/400 من طرق عن محمد بن يوسف، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داؤد (2249) من طريق محمد بن يوسف الفريابي، به مختصراً .وأخرجه الشافعي 2/45، 45–46، 46، 47 وأحمد 5/330–331، 334، 337، وعبد الرزاق (12445) و (12446) و (12447)، والبخاري (423) في الصلاة: باب القضاء واللعان في المسجد، و (5309) في الطلاق: باب التلاعن في المسجد، و (7165) و (7166) في الأحكام: باب من قضى ولاعَنَ في المسجد، و (7304) في الاعتصام: باب ما يكره من التعمق والتنازع والغلو في الدين والبدع، ومسلم (1492) و (3) وأبو داؤد (2247) و (2248) و (2251)، وابن ماجة (2066) في الطلاق: باب اللعان، والطبراني (5674) و (5678) و (5679) و (5680) و (5681) و (5682) و (5684) و (5685) و (5686) و (5687) و (5688) و (5689) و (5691) و (5692)، والطحاوي 3/102، والبيهقي 7/399 و400 و401، والبغوي (2367) من طرق وبألفاظ مختلفة عن الزهري، عن سهل بن سعد .وأخرجه النسائي 6/170–171 في الطلاق: باب بدء اللعان، والطبراني (5690) من طريقين عن أبي داؤد، عن عبد العزيز بن أبي سلمة وإبراهيم بن سعد، عن الزهري، عن سهل بن سعد، عن عاصم بن عدي، فجعله من مسند عاصم .

اَسْحَمَ، اَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ، عَظِيمَ الْاَلْيَتَيْنِ، خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ، فَلَا اَحْسِبُ عُوَيْمِرًا اِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، وَاِنْ جَاءَ تْ بِهٖ اُحَيْمِرَ كَاَنَّهٗ وَحَرَةٌ فَلَا اَحْسِبُ عُوَيْمِرًا اِلَّا وَقَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا، قَالَ فَجَاءَ تْ بِهٖ عَلَى النَّعْتِ الَّذِى نَعَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَصْدِيْقِ عُوَيْمِرٍ، قَالَ: فَكَانَ يُنْسَبُ بَعْدُ اِلٰى اُمِّهٖ

❁❁ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عویمر عجلانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے جو بنوعجلان کے سردار تھے انہوں نے کہا: ایسے شخص کے بارے میں آپ لوگ کیا کہتے ہیں جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور مرد کو پاتا ہے' تو اگر وہ اسے قتل کر دیتا ہے' تو آپ لوگ اس شخص کو قتل کر دیں گے تو پھر اس شخص کو کیا کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا: آپ میرے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کریں۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایک اور شخص کو پاتا ہے' تو کیا وہ اسے قتل کر دے اس طرح تو آپ اسے قتل کر دیں گے تو پھر اس شخص کو کیا کرنا چاہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسندیدہ قرار دیا اور اسے معیوب قرار دیا۔ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور انہوں نے ان سے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سوال کو ناپسندیدہ اور معیوب قرار دیا ہے' تو حضرت عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس وقت تک باز نہیں آؤں گا' جب تک اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت نہیں کر لیتا تو حضرت عویمر رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں (حکم) نازل کر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں (میاں بیوی) کو ہدایت کی تو ان دونوں نے لعان کیا جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ راوی کہتے ہیں: اس شخص نے اس عورت کے ساتھ لعان کر لیا' پھر اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر میں اب بھی اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں' تو میں اس کے ساتھ زیادتی کا مرتکب ہو جاؤں گا۔ راوی کہتے ہیں' تو انہوں نے اس عورت کو طلاق دے دی۔

اس کے بعد لعان کرنے والوں میں یہ طریقہ رائج ہو گیا (کہ مرد آخر میں عورت کو طلاق دے دیتا ہے)

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اس بات کا دھیان رکھنا اگر اس عورت نے کالے رنگ کے کالی آنکھوں والے بڑے سرین والے اور موٹی ایڑیوں والے بچے کو جنم دیا' تو میرا اندازہ ہے' عویمر نے اس عورت کے بارے میں سچ کہا ہوگا اور اگر اس نے سرخ رنگ کے بچے کو جنم دیا یوں جیسے وہ چھپکلی ہوتی ہے' تو پھر مجھے یہ اندازہ ہو جائے گا کہ عویمر نے اس عورت کے بارے میں غلط بیانی کی ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اس عورت نے اس شکل وصورت کے بچے کو جنم دیا جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بیان کیا تھا کہ اس صورت میں عویمر کا سچ ہونا ثابت ہوگا۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد اس بچے کو اس کی ماں کی طرف منسوب کیا جاتا تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ اللِّعَانِ الَّذِي يَجِبُ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ مَنْ وَصَفْنَا نَعْتَهُمَا مِنَ الزَّوْجِ وَالْمَرْاَةِ

لعان کے اس طریقے کا تذکرہ جو ان دو میاں بیوی کے درمیان کرنا ضروری ہے جن کی حالت ہم نے بیان کی ہے

4286 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فِیْ اِمْرَةِ مُصْعَبٍ، اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟، فَمَا دَرَيْتُ مَا اَقُوْلُ فِيْهِ، فَقُمْتُ مَكَانِیْ اِلٰی مَنْزِلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَهُوَ قَائِلٌ، فَاسْتَاْذَنْتُهُ، فَقَالَ الْغُلَامُ: اِنَّهُ قَائِلٌ، فَقُلْتُ: مَا بُدَّ مِنْ اَنْ اَدْخُلَ عَلَيْهِ فَسَمِعَ صَوْتِیْ، فَعَرَفَهُ، وَقَالَ: اَسَعِيْدٌ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: ادْخُلْ مَا جِئْتَ هٰذِهِ السَّاعَةَ اِلَّا لِحَاجَةٍ، فَدَخَلْتُ، وَهُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْذَعَةَ رَحْلِهٖ مُتَوَسِّدٌ وِسَادَةً حَشْوُهَا لِيفٌ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، الْمُتَلَاعِنَانِ، اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، نَعَمْ اِنَّ اَوَّلَ مَنْ سَاَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ، اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ اَحَدَنَا رَاٰی امْرَاَتَهُ عَلٰی فَاحِشَةٍ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ اِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِاَمْرٍ عَظِيْمٍ، وَاِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰی مِثْلِ ذٰلِكَ، فَلَمْ يُجِبْهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ ذٰلِكَ اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اِنَّ الَّذِیْ سَاَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيْتُ بِهٖ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ فَدَعَا الرَّجُلَ، فَتَلَاهُنَّ عَلَيْهِ وَوَعَظَهُ وَذَكَّرَهُ، وَاَخْبَرَهُ اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ، فَقَالَ: لَا وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا، ثُمَّ دَعَا بِالْمَرْاَةِ فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا، وَاَخْبَرَهَا اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ، فَقَالَتْ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنَّهُ لَكَاذِبٌ، فَبَدَاَ بِالرَّجُلِ، فَشَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ، ثُمَّ ثَنّٰى بِالْمَرْاَةِ فَشَهِدَتْ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ، ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا

❁❁ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: مجھ سے مصعب کی حکومت کے دور میں لعان کرنے والوں کے بارے میں یہ سوال کیا گیا کہ کیا ان کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی؟ تو مجھے یہ علم نہیں تھا کہ میں اس بارے میں کیا جواب دوں میں اپنی جگہ سے اٹھ کر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے گھر آیا وہ اس وقت دوپہر کے وقت آرام کر رہے تھے میں نے اندر آنے کی اجازت مانگی تو غلام نے یہ کہا: وہ آرام کر رہے ہیں میں نے کہا: میرا اس وقت ان کی خدمت میں حاضر ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے میری آواز سن کر مجھے

4286- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الملك بن أبي سليمان من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما . وأخرجه أحمد 2/19 و42 والدارمي 2/150-151، ومسلم (1493) في أول اللعان، والترمذي (1202) في الطلاق: باب ما جاء في اللعان، والنسائي في التفسير كما في " التحفة " 5/426، وابن الجارود (752)، والبيهقي 7/404-405 من طرق عن عبد الملك بن أبي سليمان، بهذا الإسناد .

پہچان لیا۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا سعید ہے میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے فرمایا: تم اندر آجاؤ تم اس وقت کسی ضروری کام کے سلسلے میں ہی آئے ہو گے میں اندر چلا گیا وہ اس وقت اپنے پالان کی چادر کو بچھائے ہوئے تھے اور انہوں نے تکیے کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی جو کھجور کے پتوں سے بنا ہوا تھا میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن لعان کرنے والے دو فریقوں کے درمیان کیا علیحدگی کروادی جائے گی۔ انہوں نے فرمایا: سبحان اللہ جی ہاں سب سے پہلے اس بارے میں فلاں بن فلاں نے دریافت کیا تھا: وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ہم میں سے کوئی ایک شخص اپنی بیوی کو زنا کرتے ہوئے دیکھتا ہے تو اسے کیا کرنا چاہئے اگر وہ اس بارے میں بات کرتا ہے تو وہ ایک بڑے معاملے کے بارے میں بات کرے گا اور اگر وہ خاموش رہتا ہے تو وہ بھی اسی کی مانند (یعنی بڑے معاملے کے بارے میں) خاموش رہے گا تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کو کوئی جواب نہیں دیا اس کے بعد وہ شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے آپ ﷺ سے جس چیز کے بارے میں دریافت کیا تھا: میں خود اس آزمائش میں مبتلا ہو گیا ہوں (راوی کہتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل کر دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کو بلوایا اور ان آیات کو اس کے سامنے تلاوت کیا اسے وعظ و نصیحت کی اسے ترغیب دی اور اسے یہ بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے مقابلے میں زیادہ آسان ہے اس شخص نے کہا: جی نہیں اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں نے اس عورت پر جھوٹا الزام نہیں لگایا پھر نبی اکرم ﷺ نے اس عورت کو بلوایا آپ ﷺ نے اسے وعظ و نصیحت کی اور اسے یہ بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے مقابلے میں زیادہ آسان ہے اس عورت نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے وہ شخص جھوٹ بول رہا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے مرد سے آغاز کیا اس نے چار مرتبہ اللہ کے نام کی (قسم اٹھا کر) اس بات کی گواہی دی کہ وہ سچ بول رہا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہا: اگر وہ جھوٹ بول رہا ہو تو اس پر اللہ کی لعنت ہو پھر دوسری مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے عورت سے لعان کروایا اس نے چار مرتبہ اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ گواہی دی کہ وہ مرد جھوٹ بول رہا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہا: اگر وہ مرد سچا ہے تو اس عورت پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہو۔

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروادی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الزَّوْجَيْنِ اِذَا تَلاَعَنَا عَلٰى حَسَبِ مَا وَصَفْنَاهُ لَمْ يَكُنْ لَهُ السَّبِيْلُ عَلَيْهَا فِيمَا بَعْدُ مِنْ اَيَّامِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب میاں بیوی لعان کرلیں جو اس طریقے کے مطابق ہو، جیسے ہم نے ذکر کیا ہے اس کے بعد مرد کا اس عورت کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں رہتا

4287 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُتَلاَعِنَيْنِ: حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ اَحَدُكُمَا كَاذِبٌ لاَ سَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَالِي؟ قَالَ: لاَ مَالَ لَكَ، اِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ مَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ

فَرْجِهَا، وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ اَبْعَدُ لَكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعان کرنے والے میاں بیوی سے یہ فرمایا: تم دونوں کا حساب اللہ کے ذمے ہے تم دونوں میں سے کوئی ایک جھوٹا ہے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد سے فرمایا) تمہارا اس عورت کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے مال (کا کیا بنے گا' جو میں نے اسے مہر کے طور پر دیا تھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں مال نہیں ملے گا اگر تم نے اس پر سچا الزام لگایا ہے' تو تم نے اس مال کے عوض میں اس عورت کی شرم گاہ کو اپنے لیے حلال کر لیا اور اگر تم نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے' تو پھر تو یہ اور زیادہ دور ہو جائے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وَلَدَ الْمُتَلَاعِنَةِ يَلْحَقُ بِهَا بَعْدَ اللِّعَانِ الْوَاقِعِ بَيْنَهَا وَبَيْنَ زَوْجِهَا دُوْنَ اَنْ يَّلْحَقَ بِزَوْجِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' لعان کرنے والی عورت کے بچے کی نسبت اس عورت کی طرف

کی جائے گی جو اس لعان کے بعد ہوگی جو اس عورت اور اس کے شوہر کے درمیان واقع ہوا' اس بچے کو اس عورت کے شوہر کی طرف منسوب نہیں کیا جائے گا

4288 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا لَاعَنَ امْرَاَتَهُ فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَانْتَفَى مِنْ وَلَدِهَا، فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا، وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْاَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک شخص نے اپنی بیوی کے ساتھ لعان کیا اور اس عورت کے بچے (کے نسب کی) نفی کر دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں (میاں بیوی) کے درمیان علیحدگی کروا دی اور بچے کو اس کی ماں کی طرف منسوب کر دیا۔

4287– إسناده صحيح على شرطهما . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب .وأخرجه مسلم (1493) (5) في اللعان، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 2/49، وأحمد 2/11، والحميدي (671)، والبخاري (5312) في الطلاق: باب قول الإمام للمتلاعنين: إن أحدكما كاذب فهل منكما من تائب، و (5350) : باب المتعة التي لم يفرض لها، ومسلم، وأبو داؤد (2257) في الطلاق: باب في اللعان والنسائي 6/177 في الطلاق: باب اجتماع المتلاعنين، وابن الجارود (753)، والبيهقي 7/401، 404 و409، والبغوي (2369) من طريق سفيان بن عيينة، بِهِ .وأخرجه البخاري (5311) و (5349) عن عمرو بن زرارة، عن إسماعيل، عن أيوب، عن سعيد بن جبير قال: قلت لابن عمر . . .

4288– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في " الموطأ " 2/567 في الطلاق: باب ما جاء في اللعان .ومن طريق مالك خرجه الشافعي 2/47، واحمد 2/7 و38 و64 و71، والدارمي 2/151، والبخاري (5315) في الطلاق: باب يلحق الولد بالملاعنة، و (6748) في الفرائض: باب ميراث الملاعنة، ومسلم (1494) (8) في اللعان، وأبو داؤد (2259)، والترمذي (1203) في الطلاق: باب ما جاء في اللعان، والنسائي 6/178 في الطلاق: باب نفي الولد باللعان وإلحاقه بأمه وابن ماجة (2069) في الطلاق: باب اللعان، وابن الجارود (754)، والبيهقي 7/402 و409، والبغوي (2368) .

بَابُ الْعِدَّةِ

عدت کا حکم

4289 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ،

(متن حدیث):اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ اَبِي عَمْرِو بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَطَلَّقَهَا اٰخِرَ ثَلَاثِ تَطْلِيقَاتٍ، فَزَعَمَتْ اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْ فِي خُرُوجِهَا مِنْ بَيْتِهَا، فَاَمَرَهَا اَنْ تَنْتَقِلَ اِلٰى ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ الْاَعْمٰى

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ حضرت ابوعمرو بن حفص بن مغیرہ کی اہلیہ تھیں انہوں نے اس خاتون کو تین طلاقیں دے دیں وہ خاتون بیان کرتی ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے گھر سے باہر نکلنے کے بارے میں مسئلہ دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ ہدایت کی کہ وہ حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ جو نابینا ہیں ان کے ہاں منتقل ہو جائے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُمِرَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ بِالِانْتِقَالِ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر منتقل ہونے کا حکم دیا گیا تھا

4290 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

4289- إسناده صحيح، يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب، وهو ثقة روى له أبو داوٗد والنسائي، وابن ماجة، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه أبو داوٗد (2289) في الطلاق: باب في نفقة المبتوتة، عن يزيد بن خالد بن موهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/415-416، ومسلم (1480) (40) في الطلاق: باب المطلقة ثلاثًا لا نفقة لها والطبراني 24/ (910)، والبيهقي 7/432 من طرق عن الليث، به .وأخرجه عبد الرزاق (12022)، وأحمد 6/416، والطبراني 24/ (909) .

4290- إسناده صحيح على شرطهما .وهو في " الموطأ " 2/580-581 في الطلاق: باب ما جاء في نفقة المطلقة .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في " المسند " 2/18-19 و54، و" الرسالة " فقرة (856)، وأحمد 6/412، ومسلم (1480) (36) وأبو داوٗد (2284)، والنسائي 6/75-76 في النكاح: باب إذا استشارت المرأة رجلاً فيمن يخطبها هل يخبرها بما يعلم، والطبراني 24/ (913)، وابن الجارود (760) والبيهقي 7/135 و177-178 و181 و432 و471، والبغوي (2385) . وانظر (4253) .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ مَوْلَى الْاَسْوَدِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنِ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ بِالشَّامِ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا وَكِيلَهُ بِشَعِيرٍ، فَسَخِطَتْهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا لَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ، فَجَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهَا: لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ، وَاَمَرَهَا اَنْ تَعْتَدَّ فِي بَيْتِ اُمِّ شَرِيكٍ، ثُمَّ قَالَ: تِلْكَ امْرَاَةٌ يَغْشَاهَا اَصْحَابِي، فَاعْتَدِّي عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ، فَاِنَّهُ رَجُلٌ اَعْمَى تَضَعِينَ ثِيَابَكِ حَيْثُ شِئْتِ، فَاِذَا حَلَلْتِ فَآذِنِينِي، قَالَتْ: فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهُ اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ وَاَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَبُو جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهِ، وَاَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوكٌ لَا مَالَ لَهُ، انْكِحِي اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، قَالَتْ: فَكَرِهْتُ، ثُمَّ قَالَ: انْكِحِي اُسَامَةَ، فَنَكَحْتُهُ، فَجَعَلَ اللّٰهُ فِيهِ خَيْرًا وَاغْتَبَطْتُ بِهِ

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوعمرو بن حفص رضی اللہ عنہ نے انہیں طلاق بتہ دے دی وہ اس وقت (مدینہ منورہ) میں موجود نہیں تھے اور شام میں تھے انہوں نے اس خاتون کی طرف اپنے وکیل کو کچھ ''جو'' دے کر بھیجا اس خاتون نے اس وکیل پر ناراضگی کا اظہار کیا' تو اس وکیل نے کہا: اللہ کی قسم! تمہارے لیے ہمارے ذمہ اور کوئی چیز نہیں ہے۔ وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تمہیں خرچ دینا اس پر لازم نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو یہ ہدایت کی کہ وہ سیّدہ ام شریک رضی اللہ عنہا کے ہاں عدت بسر کرے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تو ایک ایسی خاتون ہیں جس کے ہاں میرے اصحاب آتے جاتے رہتے ہیں تم ابن ام مکتوم کے ہاں عدت بسر کرو' کیونکہ وہ نابینا شخص ہے تم جہاں چاہو اپنی چادر وغیرہ اتار سکتی ہو جب تمہاری عدت ختم ہو جائے' تو تم مجھے اطلاع دے دینا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: جب میری عدت پوری ہوگئی تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جہاں تک ابوجہم کا تعلق ہے' تو وہ اپنی گردن سے عصا کو رکھتا نہیں ہے اور جہاں تک معاویہ کا تعلق ہے' تو وہ کنگال شخص ہے اس کے پاس مال نہیں ہے تم اسامہ بن زید کے ساتھ شادی کرلو وہ خاتون کہتی ہیں: مجھے یہ بات پسند نہیں آئی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسامہ کے ساتھ شادی کرلو تو میں نے ان کے ساتھ شادی کرلی اللہ تعالیٰ نے اس میں اتنی بھلائی رکھی کہ مجھ پر رشک کیا جاتا تھا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ اِثْبَاتِ السَّكَنِ لِلْمَبْتُوتَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' طلاق بتہ یافتہ عورت کو رہائش کا حق نہیں ملے گا

4291 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْعَبَّاسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا

4291– عمرو بن العباس من رجال البخاری، وذکره المؤلف فی " الثقات " وقال: ربما خالف، ومؤمّل بن إسماعیل صدوق سیء الحفظ، روی له البخاری تعلیقاً واحتج به الترمذی والنسائی وابن ماجة. ومن فوقهما ثقات علی شرطهما، وقد تقدم الحدیث من غیر طریق مؤمل عن سفیان عند المؤلف، فانظر (4250) و (4251) .

مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَيْسَ لَهَا سُكْنَى، وَلَا نَفَقَةٌ

سیدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جس عورت کو تین طلاقیں دے دی گئی ہوں اسے رہائش اور خرچ نہیں ملے گا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ عِدَّةِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا

بیوہ عورت کی عدت کا تذکرہ

4292 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ عَمَّتِهِ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ الْفُرَيْعَةَ بِنْتَ مَالِكِ بْنِ سِنَانَ، وَهِيَ اُخْتُ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اَخْبَرَتْهَا، اَنَّهَا جَاءَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ اَنْ تَرْجِعَ اِلَى اَهْلِهَا فِي بَنِي خُدْرَةَ، فَاِنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِي طَلَبِ اَعْبُدٍ لَهُ اَبَقُوا، حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِطَرَفِ الْقَدُومِ لَحِقَهُمْ، فَقَتَلُوهُ، فَسَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَرْجِعَ اِلَى اَهْلِي، فَاِنَّ زَوْجِي لَمْ يَتْرُكْنِي فِي مَنْزِلٍ يَمْلِكُهُ، وَلَا نَفَقَةَ، فَقَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ، اَوْ فِي الْمَسْجِدِ، دَعَانِي، اَوْ اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدُعِيتُ لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قُلْتِ؟، قَالَتْ: فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ الَّتِي ذَكَرْتُ مِنْ شَاْنِ زَوْجِي، فَقَالَ: امْكُثِي فِي بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ، قَالَتْ: فَاعْتَدَدْتُ فِيهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا، قَالَتْ: فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اَرْسَلَ اِلَيَّ، فَسَاَلَنِي عَنْ ذٰلِكَ فَاَخْبَرْتُهُ، فَاتَّبَعَهُ، وَقَضَى بِهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: رَوَى هٰذَا الْخَبَرَ الزُّهْرِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، وَالْقَدُومُ: مَوْضِعٌ بِالْحِجَازِ، وَهُوَ

4292- إسناده صحيح، زينب بنت كعب زوج أبى سعيد الخدرى، روى عنها ابنا أخويها سعد بن إسحاق، وسليمان بن محمد، ووثقها المؤلف واحتج بها مالك، وذكرها ابن الأثير وابن فتحون فى " الصحابة " وهو فى " الموطأ " 2/591 فى الطلاق: باب مقام المتوفى عنها زوجها فى بيتها حتى تحل .ومن طريق الإمام مالك أخرجه الشافعى فى " الرسالة " (1214)، و" المسند " 2/53-54، والدارمى 2/168، وأبو داوُد (2300) فى الطلاق: باب فى المتوفى عنها تنتقل، والترمذى (1204) فى الطلاق: باب ما جاء أين تعتد المتوفى عنها زوجها، والنسائى فى التفسير كما فى " التحفة " 12/475، وابن سعد 8/368 (وقد سقط من سنده فى المطبوع: عَنْ عَمَّتِهِ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ عُجرة)، والبيهقى 7/434، والبغوى (2386) .وقال الترمذى: حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 6/370 و420-421، والترمذى بعد الحديث (1204)، والنسائى 6/199 و199-200 و200 فى الطلاق: باب مقام المتوفى عنها زوجها فى بيتها حتى تحل، وابن ماجة (2031) فى الطلاق: باب أين تعتد المتوفى عنها زوجها، وابن سعد 8/368، وابن الجارود (759)، والبيهقى 7/434 و435 من طرق عن سعد بن إسحاق، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم 2/208 ووافقه الذهبى .

اَلْمَوْضِعُ الَّذِی رُوِیَ فِی بَعْضِ الْاَخْبَارِ: اَنَّ اِبْرَاهِیمَ اخْتَتَنَ بِالْقَدُومِ

سیّدہ زینب بنت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ فریعہ بنت مالک بن سنان رضی اللہ عنہا جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں انہوں نے اس خاتون کو بتایا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کی کہ وہ خاتون اپنے میکے بنوخدرہ میں منتقل ہو جائے' کیونکہ ان کا شوہر اپنے کچھ مفرور غلاموں کی تلاش میں نکلا تھا اور طرف قدوم کے مقام پر اس نے ان غلاموں کو پکڑ لیا تھا اور ان غلاموں نے اسے قتل کر دیا تھا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا کہ میں اپنے میکے واپس چلی جاتی ہوں کیوں کہ میرے شوہر نے میرے لیے کوئی ایسا گھر نہیں چھوڑا جس کا وہ مالک ہو اور نہ ہی خرچ کرنے کے لیے کچھ چھوڑا ہے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ٹھیک ہے میں وہاں سے روانہ ہوئی ابھی میں حجرے میں ہی تھی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مسجد میں ہی تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے بارے میں حکم دیا' تو مجھے بلا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے کیا بیان کیا تھا وہ خاتون کہتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا واقعہ بیان کیا جو میں نے اپنے شوہر کی صورت حال کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے گھر میں ٹھہری رہو جب تک تمہاری عدت پوری نہیں ہو جاتی۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں' تو میں نے اس گھر میں چار ماہ دس دن تک عدت گزاری۔

وہ خاتون بیان کرتی ہیں: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (کا عہد خلافت آیا) انہوں نے مجھے پیغام بھیجا اور مجھ سے اس بارے میں دریافت کیا: تو میں نے انہیں اس بارے میں بتایا تو انہوں نے اس کی پیروی کی اور اس کے مطابق فیصلہ لیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت زہری کے حوالے سے امام مالک نے نقل کی ہے اور ''قدوم'' حجاز میں ایک جگہ کا نام ہے یہ وہ جگہ ہے' جس کے بارے میں بعض روایات میں یہ بات منقول ہے' حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قدوم کے مقام پر ختنہ کیا تھا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِعْتِدَادِ لِلْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا فِی الْبَيْتِ الَّذِی جَاءَ فِيهِ نَعْيُهُ

بیوہ عورت کو اس گھر میں عدت گزارنے کے حکم ہونے کا تذکرہ

جہاں اس کے شوہر کے انتقال کی اطلاع آئی تھی

4293 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِی سَعْدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عَمَّتَهُ زَيْنَبَ، تُحَدِّثُ عَنْ فُرَيْعَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ زَوْجَهَا كَانَ فِی قَرْيَةٍ مِنْ قُرَى الْمَدِينَةِ، وَاَنَّهُ تَبِعَ اَعْلَاجًا، فَقَتَلُوهُ، فَاَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتِ الْوَحْشَةَ، وَذَكَرَتْ اَنَّهَا فِی مَنْزِلٍ لَيْسَ لَهَا، وَاَنَّهَا اسْتَاْذَنَتْهُ اَنْ تَاْتِیَ اِخْوَتَهَا بِالْمَدِينَةِ، فَاَذِنَ لَهَا، ثُمَّ اَعَادَهَا، ثُمَّ قَالَ لَهَا: امْكُثِی فِی بَيْتِكِ الَّذِی جَاءَ فِيهِ نَعْيُهُ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ

❁❁ سیّدہ فریعہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان کے شوہر مدینہ منورہ کے کسی دیہات میں تھے وہ اپنے (کچھ مفرور) غلاموں کے پیچھے گئے ان غلاموں نے انہیں قتل کر دیا وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آبادی سے دور رہنے کی وجہ سے) اپنی وحشت کا تذکرہ کیا اس خاتون نے یہ بات ذکر کی کہ وہ ایک ایسے گھر میں رہتی ہے' جو اس کی ملکیت نہیں ہے۔ اس خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اجازت مانگی کہ وہ مدینہ منورہ میں اپنے بھائیوں کے ہاں آ جائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دے دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے صورت حال دہرانے کے لیے کہا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے ارشاد فرمایا: تم اپنے اس گھر میں ٹھہری رہو جہاں اس کے انتقال کی اطلاع آئی تھی اس وقت تک جب تک تمہاری عدت پوری نہیں ہو جاتی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ انْقِضَاءَ عِدَّةِ الْحَامِلِ وَضْعُهَا حَمْلَهَا، وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ فِي مُدَّةٍ يَسِيرَةٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' حاملہ عورت کی عدت اس کے ہاں بچے کی پیدائش سے ختم ہو جاتی ہے (خواہ وہ پیدائش اس کے بیوہ ہونے کے) کچھ ہی عرصہ کے بعد ہو جائے

4294 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُتْبَةَ، كَتَبَ اِلٰى عُمَرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ، اَنِ ادْخُلْ عَلٰى سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْاَسْلَمِيَّةِ، فَاسْاَلْهَا عَمَّا اَفْتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَمْلِهَا، قَالَ: فَدَخَلَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَاَلَهَا، فَاَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا، فَتُوُفِّيَ عَنْهَا فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَوَلَدَتْ قَبْلَ اَنْ يَّمْضِيَ لَهَا اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَعَشْرٍ مِنْ وَفَاةِ بَعْلِهَا، فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا، دَخَلَ عَلَيْهَا اَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ فَرَآهَا مُتَجَمِّلَةً، فَقَالَ لَهَا: لَعَلَّكِ تُرِيْدِيْنَ النِّكَاحَ قَبْلَ اَنْ يَّمُرَّ عَلَيْكِ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَعَشْرٍ، قَالَتْ: فَلَمَّا سَمِعْتُ ذٰلِكَ مِنْ اَبِي السَّنَابِلِ، جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ، وَاسْتَفْتَيْتُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ حَلَلْتِ حِيْنَ وَضَعْتِ حَمْلَكِ

4294- إسناده صحيح، كثير بن عبيد ثقة روى له أبو داؤد والنسائي وابن ماجه، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . محمد بن حرب: هو الخولاني الحمصي، والزبيدي: هو محمد بن الوليد بن عامر الحمصي القاضي .وأخرجه النسائي 6/196 في الطلاق: باب عدة الحامل المتوفى عنها زوجها، عن كثير بن عبيد، بهذا الإسناد .وحديث سبيعة أخرجه من طرق وبألفاظ مختلفة: مالك 2/590 في الطلاق: باب عدة المتوفى عنها زوجها إذا كانت حاملاً، وعبد الرزاق (11722)، وأحمد 6/432، والبخاري (5319) و (5320) في الطلاق: باب (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ)، ومسلم (1484) في الطلاق: باب انقضاء عدة المتوفى عنها زوجها، وغيرها، بوضع الحمل، وأبو داؤد (2306) في الطلاق: باب في عدة الحامل، والنسائي 6/194-195 و195-196، وابن ماجة (2028) في الطلاق: باب الحامل المتوفى عنها زوجها، والطبراني 24/ (745) و (746) و (747) و (748) و (749) و (750)، والبيهقي 7/428- 429، والبغوي (2388) .

❁❁ عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: عبداللہ بن عتبہ نے عمر بن عبداللہ کو خط لکھا کہ تم سیّدہ سبیعہ بنت حارث اسلمیہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور ان سے اس بارے میں دریافت کرو جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے حمل کے بارے میں فتویٰ دیا تھا۔ راوی کہتے ہیں' تو عمر بن عبداللہ وہاں گئے انہوں نے اس خاتون سے دریافت کیا: تو اس خاتون نے انہیں بتایا کہ وہ حضرت سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی تھے جنہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے ان کا انتقال حجۃ الوداع کے موقع پر ہو گیا تو اس خاتون نے اپنے شوہر کے انتقال کے چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے ہی بچے کو جنم دے دیا جب وہ نفاس سے پاک ہو گئی تو بنو عبدالدار سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب ابوسنابل بن بعکک ان کے پاس آئے انہوں نے اس خاتون کو بنے سنورے دیکھا تو اس خاتون سے کہا شاید تم چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے ہی دوبارہ شادی کرنا چاہتی ہو۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں: جب میں نے ابوسنابل کی زبانی یہ بات سنی تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی اور مسئلہ دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم نے بچے کو جنم دیا تھا تو اس وقت تمہاری عدت ختم ہو گئی تھی۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْعِدَّةِ لِلْحَامِلِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا

حاملہ بیوہ کی عدت کا تذکرہ

4295 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ:

(متنِ حدیث): سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ امْرَاَةٍ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِاَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ، قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: فَقُلْتُ: اَمَا قَالَ اللّٰهُ: (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) (الطلاق: 4)، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِيْ - يَعْنِيْ اَبَا سَلَمَةَ - فَاَرْسَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُرَيْبًا اِلٰى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَسْاَلُهُنَّ، هَلْ سَمِعْتُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ سُنَّةً؟، فَاَرْسَلْنَ اِلَيْهِ اَنَّ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةَ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِاَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، فَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا گیا: جو اپنے شوہر کے انتقال کے چالیس دن بعد بچے کو جنم دے دیتی ہے' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دونوں طرح کی عدت میں

4295- إسناده صحيح على شرط البخاري، عبد الرحمٰن بن إبراهيم ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات على شرطهما، وقد صرح الوليد بن مسلم بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه، يحيى: هو ابن أبي كثير .وأخرجه البخاري (4909) في التفسير: باب (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) عن سعد بن حفص، حدثنا شيبان، عن يحيى، قال: أخبرني أبو سلمة، قال: جاء رجل إلى ابن عباس وأبو هريرة جالس عنده، فقال: أفتني في امرأةٍ ولدت بعد زَوْجِهَا بِاَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اٰخِرَ الأجلين، قلت أنا: (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ)، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِيْ -يعني أبا سلمة-، فأرسل ابن عباس غلامه كريباً إلى أم سلمة يسألها، فقالت: قتل زوج سبيعة الأسلمية وهي حبلى، فوضعت بعد موته بأربعين ليلة، فخطبت، فانكحها رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أبو السنابل فيمن خطبها .

سے جو بعد میں پوری ہوگی وہ اس کے مطابق عدت گزارے گی۔

ابوسلمہ کہتے ہیں میں نے کہا: کیا اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد نہیں فرمائی ہے۔

''حمل والی عورتوں کی عدت اس وقت ختم ہوگی جب وہ بچے کو جنم دے دیں''۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنے بھتیجے یعنی ابوسلمہ کے ساتھ ہوں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کریب کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی طرف بھجوایا تاکہ وہ ان سے اس بارے میں دریافت کریں کہ کیا آپ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی کوئی حدیث سن رکھی ہے' تو ان ازواج نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو یہ جواب بھجوایا کہ سیّدہ سبیعہ اسلمیہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے انتقال کے چالیس دن بعد بچے کو جنم دیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے ہی) ان کی شادی کروادی تھی۔

ذِكْرُ وَصْفِ عِدَّةِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ

اس بیوہ عورت کی عدت کا تذکرہ جو حاملہ بھی ہو

4296 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اخْتَلَفَا فِي الْمَرْاَةِ تَنْفَسُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ، وَقَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: اِذَا نُفِسَتْ فَقَدْ حَلَّتْ، قَالَ: فَجَاءَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ: اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِي - يَعْنِىْ اَبَا سَلَمَةَ - فَبَعَثُوا كُرَيْبًا مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ، فَجَاءَهُمْ، فَاَخْبَرَهُمْ اَنَّهَا قَالَتْ: وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا: قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِي

❀❀ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کے درمیان ایسی خاتون کے بارے میں اختلاف ہوگیا جو اپنے شوہر کے انتقال کے کچھ دن بعد بچے کو جنم دے دیتی ہے' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو عدت بعد میں ختم ہوگی (وہ عورت اس کے مطابق عدت گزارے گی) ابوسلمہ نے کہا: جیسے ہی وہ نفاس والی ہوگی (یعنی بچے کو جنم دے گی) تو وہ حلال ہو جائے گی (یعنی اس کی عدت ختم شمار ہوگی) راوی بیان کرتے ہیں: اسی دوران حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تشریف

4296- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في " الموطأ " 2/590 في الطلاق: باب عدة المتوفى عنها زوجها إذا كانت حاملاً .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/52، والنسائي 6/193 في الطلاق: باب عدة الحامل المتوفى عنها زوجها، والطبراني في " الكبير " 23/ (573) .وأخرجه عبد الرزاق (11724) عن مالك مختصراً .وأخرجه أحمد 6/314، والدارمي 2/165-166، ومسلم (1485) في الطلاق: باب انقضاء عدة المتوفى عنها زوجها وغيرها بوضع الحمل، والترمذي (1194) في الطلاق: باب ما جاء في الحامل المتوفَّى عنها زوجها تضع، والنسائي 6/192 و193، وابن الجارود (762) من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد، نحوه .

لے آئے انہوں نے فرمایا: میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ہوں یعنی ابوسلمہ کے ساتھ ہوں ان لوگوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے غلام کریب کو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہیں اس نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا: اور پھر ان حضرات کے پاس واپس آ کر انہیں یہ بتایا کہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے: سبیعہ اسلمیہ نامی خاتون نے اپنے شوہر کے انتقال کے کچھ دن بعد بچے کو جنم دیا اس خاتون نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: تمہاری عدت ختم ہوگئی ہے تم (دوسرا) نکاح کرلو۔

ذِكْرُ الْقَدْرِ الَّذِى وَضَعَتْ فِيهِ سُبَيْعَةُ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا

اس مدت کا تذکرہ' جس کے بعد سیّدہ سبیعہ نے اپنے شوہر کے انتقال کے بعد بچے کو جنم دیا تھا

4297 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِىَ حَامِلٌ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اٰخِرُ الْاَجَلَيْنِ، وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اِذَا وَلَدَتْ فَقَدْ حَلَّتْ، فَدَخَلَ اَبُوْ سَلَمَةَ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِنِصْفِ شَهْرٍ، فَخَطَبَهَا رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا شَابٌّ، وَالْاٰخَرُ كَهْلٌ، فَحَطَّتْ اِلَى الشَّابِّ، فَقَالَ الْكَهْلُ: لَمْ تَحْلُلْ، وَكَانَ اَهْلُهَا غَيَبًا وَرَجَا اِذَا جَاءَ اَهْلُهَا اَنْ يُؤْثِرُوهُ بِهَا، فَجَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِى مَنْ شِئْتِ

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایسی بیوہ عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا: جو حاملہ ہو' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو عدت بعد میں پوری ہوگی (وہ عورت وہ والی عدت پوری کرے گی) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب وہ بچے کو جنم دے گی' تو اس کی عدت ختم شمار ہوگی پھر ابوسلمہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: سبیعہ اسلمیہ نے اپنے شوہر کے انتقال کے پندرہ دن بعد بچے کو جنم دیا دو آدمیوں نے انہیں نکاح کا پیغام بھیجا ان میں سے ایک نوجوان تھا اور دوسرا عمر رسیدہ تھا وہ عورت نوجوان کی طرف مائل ہوئی تو عمر رسیدہ شخص نے کہا: تمہاری تو ابھی عدت ہی ختم نہیں ہوئی اس خاتون کے خاندان کے افراد وہاں موجود نہیں تھے اس بوڑھے کو یہ امید تھی کہ جب اس کے گھر کے افراد وہاں آجائیں گے تو اسے (نوجوان پر) ترجیح دیں گے وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم حلال ہوچکی ہو (یعنی تمہاری عدت ختم ہوچکی ہے) اب تم جس سے چاہو شادی کرلو۔

4297– إسناده صحيح على شرطهما . وهو فى " الموطأ " 2/589 .ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 2/52، وأحمد 6/319–320، والنسائى 6/191–192، والطبرانى 23/ (547) .وأخرجه الطيالسى (1593)، وأحمد 6/311–312، والنسائى 6/191 والطبرانى 23/ (546) من طريق شعبة، عن عبد ربه بن سعيد، بهذا الإسناد .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْاَةِ الْحَامِلِ إِذَا مَاتَ عَنْهَا زَوْجُهَا اَنْ تَتَزَوَّجَ بَعْدَ وَضْعِهَا حَمْلَهَا، وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ فِيْ مُدَّةٍ يَسِيْرَةٍ

حاملہ عورت کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ جب اس کے شوہر کا انتقال ہو جائے

تو وہ بچے کو جنم دینے کے بعد شادی کر سکتی ہے اگر چہ (اس کے بیوہ ہونے کے) کچھ ہی دن بعد (اس کے ہاں بچے کی پیدائش ہوئی ہو)

4298 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ:

(متن حدیث):وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِاَيَّامٍ قَلَائِلَ، فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَاْذَنَتْهُ فِي النِّكَاحِ، فَاَذِنَ لَهَا

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنِ الْاِمَامِ الْغَاشِّ لِرَعِيَّتِهٖ فِيمَا يَتَقَلَّدُ مِنْ اُمُورِهِمْ

ایسے شخص سے جنت کی نفی کا تذکرہ جو حکمران اپنی رعایا کے ساتھ دھوکہ دیتا ہو ان کے جس معاملے کے بارے میں وہ نگران ہے

4495 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ الْعُطَارِدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، فَقَالَ مَعْقِلٌ: اِنِّي

4494– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير موسى بن مروان الرقي، فقد روى له أصحاب السنن وروى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وزهير بن محمد وإن كانت رواية أهل الشام عنه غير مستقيمة، وهذا منها، قد جاء معنى حديثه هذا من طريق آخر صحيح عند النسائي كما سيأتي فيتقوى ويصح .وأخرجه أبو داوُد 2932 في الخراج والإمارة: باب في اتخاذ الوزير، وابن عدي في "الكامل" 3/1076، والبيهقي 10/111–112 من طرق عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد، وقد صرح الوليد بن مسلم عندهم بالتحديث .وأخرجه النسائي 7/159 في البيعة: باب وزير الإمام، والبيهقي 10/111 من طريقين عن بقية بن الوليد، حدثنا ابن المبارك، عن ابن أبي حسين وهو عمر بن سعيد بن أبي حسين النوفلي عن القاسم بن محمد، قال: سمعت عمتي يعني عائشة تقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من ولي منكم عملاً، فأراد الله به خيراً جعل له وزيراً صالحاً، إن نسي ذكره، وإن ذكر أعانه" وهذا إسناد صحيح .

4495– إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن أبي شيبة: وهو شيبان بن فروخ الحبطي، من رجال مسلم وهو ثقة، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه مسلم 142 227 في الإيمان: باب استحقاق الوالي الغاش لرعيته النارَ، و 3/1460 21 في الإمارة: باب فضيلة الإمام العادل، وعقوبة الجائر، والحث على الرفق بالرعية . . .، والطبراني 20/474، والبيهقي 9/41 من طريق شيبان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه البغوي في "الجعديات" 3261، والطيالسي 929، والدارمي 2/324، والبخاري 7150 في الأحكام: باب من استُرعي رعية فلم يَنصح، والطبراني 20/474، والبغوي في "شرح السنة " 2478 من طريق أبي الأشهب، بِهِ .وأخرجه بنحوه الطيالسي 928 و929، وأحمد 5/25 و27، والبخاري 7151، ومسلم 142 228 و229 و3/21، والطبراني 20/449 و455 و456 و457 و458 و459 و469 و472 و473 و476 و478 من طرق عن الحسن البصري، بِهِ .وأخرجه من طرق وبألفاظ عن معقل بن يسار: أحمد 5/25، ومسلم 142 و3/22، والطبراني 20/506 و513 و514 و515 و516 و517 و518 و519 و524 و533 و534، والبيهقي 9/41 . وقع في بعض روايات الطبراني أن الذي جاء لزيارة معقل هو زياد والد عبيد الله، وهو خطأ .

مُحَدِّثُكَ بِحَدِيْثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَوْ عَلِمْتَ اَنَّ لِيْ حَيَاةً مَا حَدَّثْتُكَ بِهٖ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً، يَمُوْتُ يَوْمَ يَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهٖ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

❀❀ حسن بصری بیان کرتے ہیں: عبیداللہ بن زیاد حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی بیماری کے دوران ان کی عیادت کرنے کے لیے آیا یہ اس بیماری کی بات ہے‘ جس میں ان کا انتقال ہو گیا تھا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں ایک حدیث بیان کرنے لگا ہوں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے‘ اگر مجھے یہ پتہ ہوتا کہ ابھی میں اور زندہ رہوں گا‘ تو میں تمہیں یہ حدیث بیان نہ کرتا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

”جس بھی بندے کو اللہ تعالیٰ کسی کی نگرانی کا کام سونپے اور وہ ایسی حالت میں مرجائے کہ وہ اپنی رعایا کے ساتھ دھوکہ کرتا ہو‘ تو اللہ تعالیٰ اس شخص پر جنت کو حرام قرار دے دیتا ہے“۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ تَرْكُ الدُّخُولِ فِي الْاُمُورِ الَّتِيْ يَتَهَيَّأُ الْقَدْحُ فِيهَا وَاِنْ كَانَتْ تِلْكَ الْاُمُورُ مُبَاحَةً

اس بات کا تذکرہ‘ حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے‘ وہ ان امور میں دخل دینے کو ترک کر دے جن کے حوالے سے اس کی عزت پر حرف آسکتا ہو حالانکہ ویسے وہ امور مباح ہوں

4496 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جِئْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَحَدَّثْتُ عِنْدَهُ وَهُوَ عَاكِفٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَامَ مَعِي لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِي يَبْلُغُنِي بَيْتِي، فَلَقِيَهُ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَلَمَّا رَاَيَاهُ اسْتَحْيَا فَرَجَعَا، فَقَالَ: تَعَالَيَا، فَاِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَقَالَا: نَعُوذُ بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا اَقُوْلُ لَكُمَا هٰذَا اِنْ تَكُوْنَا تَظُنَّانِ سُوْءًا، وَلٰكِنْ عَلِمْتُ اَنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ

❀❀ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی میں کچھ دیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بات چیت کرتی رہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسجد میں اعتکاف کیے ہوئے تھے رات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے گھر تک پہنچانے کے لیے میرے ساتھ اٹھے راستے میں دو انصاری

4496– إسناده حسن، على شرط مسلم، عبد الرحمٰن بن إسحاق: هو ابن عبد الله بن كنانة القرشي المدني، حسن الحديث، وخالد: هو ابن عبد الله الواسطي، وقد تقدم تخريجه برقم 3671 .

افراد کی ملاقات آپ ﷺ سے ہوئی جب ان دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا تو وہ شرما گئے اور واپس پلٹ گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دونوں آگے آؤ یہ صفیہ بنت حیی ہے (جو میری اہلیہ ہے) ان دونوں نے عرض کی: ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اور اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں: (ہم آپ ﷺ کے بارے میں برا گمان کیسے رکھ سکتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تم دونوں سے یہ نہیں کہہ رہا کہ تم دونوں نے کوئی برا گمان کیا ہوگا' لیکن مجھے یہ بات پتہ ہے' شیطان انسان کی رگوں میں گردش کرتا ہے (وہ تمہارے ذہن میں کوئی غلط خیال ڈال سکتا تھا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا وَجَّهَ صَفِيَّةَ اِلٰى بَيْتِهٖ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ اِلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، لَا اَنَّهٗ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ لِرَدِّهَا اِلَى الْبَيْتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ اعتکاف کے دوران سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو

گھر واپس بھیجنے کے لیے مسجد کے دروازے تک تشریف لائے تھے آپ ﷺ ان کو گھر تک پہنچانے کے لیے مسجد سے باہر نہیں نکلے تھے

4497 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْبَرْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، اَنَّ صَفِيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ،

(متن حدیث): اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، ثُمَّ قَامَتْ تَنْطَلِقُ، فَقَامَ مَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْلِبُهَا حَتّٰى اِذَا بَلَغَ قَرِيْبًا مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ، عِنْدَ بَابِ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بَعُدَا، فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى رِسْلِكُمَا اِنَّمَا هِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَقَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الْاِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ، وَاِنِّيْ خِفْتُ اَنْ يَقْذِفَ فِيْ قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا کہ ایک مرتبہ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں نبی اکرم ﷺ اس وقت رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کیے ہوئے تھے جب سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا واپس جانے کے لیے اٹھیں' تو نبی اکرم ﷺ بھی انہیں واپس پہنچانے کے لیے ان کے ساتھ کھڑے ہو گئے' یہاں تک کہ

4497– إسناده صحيح، محمد بن عبد الله بن البرقي ثقة روى له أبو داوٗد والنسائي، ومن فوقهما على شرطهما . سعيد بن عفير: هو سعيد بن كثير بن عفير .وأخرجه البخاري 2038 في الاعتكاف: باب زيارة المرأة زوجها في اعتكافه، و 3101 في فرض الخمس: باب ما جاء في بُيُوتِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وما نسب من البيوت إليهن، عن سعيد بن عفير، بهذا الإسناد . وهو مكرر 3671 .

جب آپ ﷺ مسجد کے دروازے کے قریب پہنچے وہ دروازہ جو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے کے پاس تھا تو وہاں سے دو انصاری افراد گزرے ان دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا اور پھر ایک طرف ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں سے فرمایا: ٹھہر جاؤ یہ صفیہ بنت حیی ہے (جو میری اہلیہ ہے) ان دونوں نے عرض کی: سبحان اللہ یا رسول اللہ ﷺ! (ہم آپ ﷺ کے بارے میں ایسا سوچ سکتے ہیں) یہ بات ان دونوں کو بہت گراں گزری تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: شیطان انسان کی رگوں میں گردش کرتا ہے مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ تمہارے دل میں کوئی غلط خیال نہ ڈال دے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ قَسْمُ مَا يَمْلِكُ بَيْنَ رَعِيَّتِهِ وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ الشَّيْءُ يَسِيْرًا لَا يَسَعُهُمْ كُلَّهُمْ

اس بات کا تذکرہ' حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ جس چیز کا مالک بنتا ہے وہ اپنی رعایا کے درمیان اسے تقسیم کر دے اگرچہ وہ تھوڑی سی چیز ہو اور ان سب کو پوری نہ آتی ہو

4498 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَنَا تَمْرًا فَاَصَابَنِيْ مِنْهَا خَمْسٌ اَوْ اَرْبَعُ تَمَرَاتٍ، قَالَ: فَرَاَيْتُ الْحَشَفَةَ هِيَ اَشَدُّ لِضِرْسِيْ

قَالَ: فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اِنَّ اَبْخَلَ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلَامِ، وَاَعْجَزَ النَّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنِ الدُّعَاءِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمارے درمیان کھجوریں تقسیم کیں' تو مجھے ان میں سے پانچ یا شاید چھ کھجوریں ملیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس میں سے ایک کھجور میری داڑھ کے لیے انتہائی سخت تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ بخیل وہ شخص ہے' جو سلام کرنے میں کنجوسی سے کام لے اور لوگوں میں سب سے عاجز وہ شخص ہے' جو دعا بھی نہ کر سکے۔

4498- إسناده صحيح على شرط مسلم، محمد بن بكار: هو ابن الرّيّان، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه على شرط الشيخين، أبو عثمان النهدي: هو عبد الرحمٰن بن ملّ . وأخرجه بدون الزيادة عن أبي هريرة: البخاري 5441 في الأطعمة: باب رقم 40 عن محمد بن الصباح، عن إسماعيل بن زكريا، بهذا الإسناد . إلا أنه قال فيه: أصابني منه خمس: أربع تمرات وحشفة .وأخرجه بنحوه كذلك البخاري 5411 في الأطعمة: باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه يأكلون، و 5441، من طريقين عن حماد بن زيد، وأحمد 2/298، والترمذي 2474 في صفة القيامة: باب رقم 34، والنسائي في الوليمة كما في "التحفة" 10/152، وابن ماجة 4157 في الزهد: باب معيشة أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، من طرق عن شعبة، كلاهما عن عباس الجريري، عن أبي عثمان النهدي، بِهِ .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاَئِمَّةِ اسْتِمَالَةُ قُلُوبِ رَعِيَّتِهِمْ بِاِقْطَاعِ الْاَرَضِينَ لَهُمْ

اس بات کا کہ حکمرانوں کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ رعایا کو زمین کے قطعات دے کر ان کے قلوب کو (اسلام کی طرف) مائل کریں

4499 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَاْرِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ، عَنْ سُمَيِّ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ شُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمَدَانِ، عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ فَاَقْطَعَهُ الْمِلْحَ، فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَدْرِي مَا اَقْطَعْتَهُ؟ اِنَّمَا اَقْطَعْتَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ، قَالَ: فَرَجَعَ فِيهِ، وَقَالَ سَاَلْتُهُ عَمَّا يُحْمَى مِنَ الْاَرَاكِ، فَقَالَ: مَا لَمْ تَبْلُغْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ

حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ وفد کی شکل میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی زمین عطا کرنے کی درخواست کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ''ملح'' کے مقام والی زمین عطا کر دی جب وہ واپس چلے گئے' تو ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پتہ ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کون سی زمین دی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایک ایسی زمین دی ہے جہاں پانی وافر مقدار میں ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ زمین واپس لے لی۔ راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''اراک'' نامی جگہ میں زمین کی درخواست کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (یہ اس وقت تک تمہیں دی جاتی ہے) جب تک اونٹوں کے پاؤں وہاں تک نہیں پہنچتے۔

4500 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي اِسْرَائِيلَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): تَزَوَّجَنِي الزُّبَيْرُ وَمَا لَهُ فِي الْاَرْضِ مَالٌ وَّلَا مَمْلُوكٌ، غَيْرُ نَاضِحٍ، وَغَيْرُ فَرَسِهِ، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَعْلِفُ فَرَسَهُ، وَاَكْفِيهِ مُؤْنَتَهُ، وَاَسُوسُهُ وَاَدُقُّ النَّوٰى لِنَاضِحِهِ، وَاَعْلِفُهُ، وَاَسْتَقِي الْمَاءَ، وَاَخْرُزُ غَرْبَهُ، - قَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ: يَعْنِي الدَّلْوَ - وَاَعْجِنُ وَلَمْ اَكُنْ اُحْسِنُ اَخْبِزُ، فَتَخْبِزُ لِي جَارَاتٌ لِي مِنَ الْاَنْصَارِ، وَكُنَّ نِسْوَةَ

4499– وأخرجه الطبراني في "الكبير" 810 عن أبي خليفة بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داؤد 3064 في الخراج والإمارة: باب في إقطاع الأرضين، والترمذي 1380 في الأحكام: باب ما جاء في القطائع، وحميد بن زنجوية في "الأموال" 1017، وأبو عبيد في "الأموال" 684، والدارقطني 4/221 و245، والبغوي 2193 من طرق عن محمد بن يحيى بن قيس المأربي، بهذا الإسناد .وأخرجه يحيى بن آدم في "الخراج" 346 من طريق ابن المبارك، عن معمر، عن يحيى بن قيس المأربي، عن رجل، عن أبيض بن حمال .وأخرجه ابن ماجة 2475 في الرهون: باب إقطاع الأنهر والعيون، والدارقطني 4/221، وابن سعد 5/382 والطبراني 808 من طريق فرج بن سعيد بن علقمة بن سعيد بن أبيض بن حمال، عن عمه أي: عم أبيه– عن ثابت ابن سعيد بن أبيض، عن أبيه، عن جده، وثابت وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف، فلعله يتقوى بالطريقين ويحسن .

صِدْقٍ، وَكُنْتُ اَنْقُلُ النَّوٰى مِنْ اَرْضِ الزُّبَيْرِ الَّتِىْ اَقْطَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاْسِىْ وَهِىَ ثُلُثَا فَرْسَخٍ، قَالَتْ: فَجِئْتُ يَوْمًا وَالنَّوٰى عَلٰى رَاْسِىْ، فَلَقِيَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَدَعَانِىْ، ثُمَّ قَالَ: اِخْ اِخْ، لِيَحْمِلَنِىْ خَلْفَهُ، قَالَتْ: فَاسْتَحْيَيْتُ اَنْ اَمْشِىَ مَعَ الرِّجَالِ، وَذَكَرْتُ الزُّبَيْرَ وَغَيْرَتَهُ، وَكَانَ اَغْيَرُ النَّاسِ، قَالَ: فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّىْ قَدِ اسْتَحْيَيْتُ فَمَضٰى، فَجِئْتُ الزُّبَيْرَ، فَقُلْتُ: لَقِيَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى رَاْسِى النَّوٰى، وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَاَنَاخَ لِاَرْكَبَ مَعَهُ، فَاسْتَحْيَيْتُ وَعَرَفْتُ غَيْرَتَكَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَحَمْلُكِ النَّوٰى كَانَ اَشَدَّ عَلَىَّ مِنْ رُكُوْبِكِ مَعَهُ، قَالَتْ: حَتّٰى اَرْسَلَ اِلَىَّ اَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ ذٰلِكَ بِخَادِمٍ، فَكَفَتْنِىْ سِيَاسَةَ الْفَرَسِ، فَكَاَنَّمَا اَعْتَقَتْنِىْ

✿✿ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے میرے ساتھ شادی کی اس وقت نہ ان کے پاس کوئی زمین تھی نہ کوئی غلام تھا ان کے پاس صرف ایک اونٹ تھا اور ایک گھوڑا تھا۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں ان کے گھوڑے کو چارا کھلایا کرتی تھی اور اس کی دیکھ بھال کیا کرتی تھی میں ان کے اونٹ کے لیے گٹھلیاں چنا کرتی تھی اور اسے چارا فراہم کیا کرتی تھی اور اسے پانی پلایا کرتی تھی اور اس کے لیے (پانی کا) ڈول تیار کیا کرتی تھی میں آٹا گوندھ لیتی تھی، لیکن مجھ سے روٹی اچھی طرح سے نہیں بنائی جاتی تھی، تو میری انصاری پڑوسنیں مجھے روٹی بنا دیا کرتی تھیں وہ بڑی مخلص خواتین تھیں میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی زمین سے اپنے سر پر گٹھلیاں رکھ کر لایا کرتی تھی وہ زمین جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا کی تھی اور وہ دو تہائی فرسخ کے فاصلے پر تھی۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک دن میں آ رہی تھی میرے سر پر گٹھلیاں موجود تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مجھ سے سامنا ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب بھی تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا اور فرمایا: اخ اخ (یعنی آپ نے اونٹ کو ٹھہرایا) تا کہ آپ مجھے اپنے پیچھے سوار کر لیں۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے مردوں کے ساتھ جاتے ہوئے شرم آ گئی مجھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور ان کے مزاج کی تیزی کا بھی خیال آیا، کیونکہ ان میں غصہ بہت زیادہ تھا۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اندازہ ہو گیا تھا کہ میں شرما رہی ہوں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے پھر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور میں نے انہیں بتایا کہ میری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی تھی میرے سر پر گٹھلیاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ کے کچھ اصحاب بھی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے

4500- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إسحاق بن إسرائيل وهو ثقة روى له أبو داوٗد والنسائى . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة .وأخرجه أحمد 6/347، والبخارى 5224 فى النكاح: باب الغيرة، ومسلم 2182 34 فى السلام: باب جواز إرداف المرأة الأجنبية إذا أعيت فى الطريق، والنسائى فى "عشرة النساء " 288، والبيهقى 7/293 من طريق أبى أسامة، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 3151 فى فرض الخمس: باب ما كان النبى صلى الله عليه وسلم يعطى المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس ونحوه، عن محمود بن غيلان، عن أبى أسامة، به مختصراً بقصة النوى . وزاد: وقال أبو ضمرة: عن هشام، عن أبيه أن النبى صلى الله عليه وسلم أقطع الزبير أرضاً من أموال بنى النضير .وأخرجه مختصراً أحمد 6/352، ومسلم 2182 35، والطبرانى 24/250 من طريق حماد بن زيد، عن أيوب، عن ابن أبى مليكة، عن أسماء . وزادوا فيه أنها أصابت خادماً، جاء النبى صلى الله عليه وسلم سبىٌ فأعطاها خادماً، وزاد مسلم فى اٰخر القصة .

اونٹ کو روکا تھا تا کہ میں آپ ﷺ کے ہمراہ سوار ہو جاؤں' تو مجھے شرم آ گئی تو مجھے آپ کے مزاج کی تیزی کا بھی خیال آ گیا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تمہارا گٹھلیاں اٹھانا میرے نزدیک تمہارے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سوار ہو جانے سے زیادہ گراں ہے۔

سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' یہاں تک کہ اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے خادم بھجوایا جو میری جگہ گھوڑے کی دیکھ بھال کرلیا کرتا تھا تو انہوں نے گویا مجھے آزاد کروا دیا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْاَئِمَّةِ تَاَلُّفُ مَنْ رُجِيَ مِنْهُمُ الدِّيْنُ وَالْإِسْلَامُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جن لوگوں کی طرف سے دین اور اسلام (کی خدمات کی انجام دہی) کی امید کی جا سکتی ہے' ان کی تالیف قلب ہے حکمرانوں کے لیے مستحب ہے

4501 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ قُرَيْشًا حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَاَلَّفَهُمْ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: اَفِيكُمْ اَحَدٌ مِّنْ غَيْرِكُمْ؟، قَالُوا: ابْنُ اُخْتٍ لَنَا، قَالَ: ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''قریش زمانہ جاہلیت سے قریب ہیں اس لیے میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں انہیں مانوس کروں' پھر نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تمہارے درمیان تمہارے علاوہ کوئی اور ہے لوگوں نے بتایا: ہمارا ایک بھانجا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا بھانجا ان کا حصہ ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ بَذْلُ الْمَالِ لِمَنْ يَّرْجُو اِسْلَامَهُ

اس بات کا تذکرہ' جس شخص کے اسلام (قبول کرنے کی) امید ہو' حاکم کے لیے یہ مستحب ہے' وہ اس شخص پر مال خرچ کرے

4501- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه البخارى 3146 فى فرض الخمس: باب مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعطى المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس وغيره، و 6762 فى الفرائض: باب مولى القوم من أنفسهم وأن الأخت منهم عن أبى الوليد الطيالسى بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 3528 فى المناقب: باب ابن أخت القوم منهم ومولى القوم منهم، عن سليمان بن حرب، وأحمد 3/172 و275، ومسلم 1059 133 فى الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على لإسلام وتصبر من قوى إيمانه، والترمذى 3901 فى المناقب: باب فى فضل الأنصار، عن غندر محمد بن جعفر، والنسائى 5/106 فى الزكاة: باب ابن أخت القوم منهم، من طريق وكيع، وأبو القاسم البغوى فى الجعديات 971، ومن طريقه أبو محمد البغوى فى "شرح السنة" 2228 عن على بن الجعد، أربعتهم عن شعبة، به

4502 - سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِیْ شَيْخٍ بِوَاسِطَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَعْرَابِيًّا سَالَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ لَهُ بِغَنَمٍ - ذَكَرَ ابْنُ عَائِشَةَ كَثْرَتَهَا - فَاَتَى الْاَعْرَابِیُّ قَوْمَهُ، وَقَالَ: يَا قَوْمِ اَسْلِمُوا، فَاِنَّ مُحَمَّدًا يُعْطِی عَطَاءَ مَنْ لَا يَخَافُ الْفَقْرَ

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بکریاں دینے کا حکم دیا یہاں ابن عائشہ نامی راوی نے ان بکریوں کی کثرت کا ذکر کیا ہے وہ دیہاتی اپنی قوم کے افراد کے پاس آیا اور بولا اے میری قوم کے لوگو اسلام قبول کرلو' کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اتنا کچھ عطا کر دیتے ہیں کہ اس کے بعد غربت کا خوف نہیں رہتا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اِعْطَاءَ اَهْلِ الشِّرْكِ الْهَدَايَا اِذَا طَمِعَ فِیْ اِسْلَامِهِمْ

امام کے لیے بات مباح ہونے کا تذکرہ' کہ وہ مشرکین کو تحائف دے جب اسے ان کے اسلام (قبول کرنے) کی امید ہو۔

4503 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِیِّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِیِّ، عَنْ اَبِیْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِیِّ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ تَبُوكَ، حَتّٰى جِئْنَا وَادِیَ الْقُرٰى، فَاِذَا امْرَاَةٌ فِیْ حَدِيْقَةٍ لَهَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهِ: اخْرُصُوا، فَخَرَصَ الْقَوْمُ وَخَرَصَ

4502– إسناده صحيح، عبيد الله بن محمد بن عائشة روى له أبو داؤد والترمذى والنسائى وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه مسلم 2312 58 فى الفضائل: باب ما سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شيئًا قط فقال: لا و كثرة عطائه، والبيهقى 7/19 من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وفيه أن الرجل سأل غنماً بين جبلين، وفى آخره: فقال أنس: إن كان الرجل ليسلم ما يُريد إلا الدنيا، فما يسلم حتى يكون الإسلامُ أحبُّ إليه من الدنيا وما عليها .وأخرجه مسلم 2312 57، والبيهقى 7/19 من طريقين عن حميد الطويل، عن موسى بن أبى أنس بن مالك، عن أبيه .ولم يرد فى البيهقى عن أبيه .

4503– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وعفان: هو . . . ابن مسلم الباهلى، ووهيب: هو ابن خالد .وأخرجه أحمد 5/424، وابن أبى شيبة 14/539–540، وعنه مسلم 1786/4 12 فى الفضائل: باب فى معجزات النبى صلى الله عليه وسلم، عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 1481 فى الزكاة: باب خَرص التمر، وأبو داوُد 3079 فى الخراج والإمارة: باب فى إحياء الموات، عن سهل بن بكار، ومسلم 1786/4 12 من طريق المغيرة بن سلمة المخزومى، كلاهما عن وهيب بن خالد، به ببعض اختصار .وأخرجه البخارى 3161 فى الجزية الموادعة: باب إذا وادع الإمامُ ملكَ القرية هل يكون ذلك لبقيتهم؟ عن سهل بن بكار، عن وهيب، به بقصد ملك أيلة، وعلقها البخارى 5/272 فى الهبة: باب قبول الهدية من المشركين، عن أبى حميد .وأخرجه مقطعاً البخارى 1872 فى فضائل المدينة: باب المدينة طابة، و 3791 فى مناقب الأنصار: باب فضل دور الأنصار، و 4422 فى المغازى: باب رقم 81، عن خالد بن مخلد، ومسلم 1392 فى الحج: باب أُحُد جبل يحبنا ونحبه، و4/1785 11 فى الفضائل، والبيهقى 4/122 من طريق عبد الله بن مسلمة القعنبى، كلاهما عن سليمان بن بلال، عن عمرو بن يحيى، به .

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَةَ اَوْسُقٍ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَرْاَةِ: اَحْصِي مَا يَخْرُجُ مِنْهَا حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَدِمَ تَبُوْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَهُبُّ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيْدَةٌ فَلَا يَقُوْمَنَّ فِيْهَا رَجُلٌ، وَمَنْ كَانَ لَهُ بَعِيْرٌ فَلْيُوثِقْ عِقَالَهُ، قَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ: فَعَقَلْنَاهَا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ هَبَّتْ عَلَيْنَا رِيحٌ، فَقَامَ فِيْهَا رَجُلٌ فَاَلْقَتْهُ فِي جَبَلِ طَيِّءٍ، ثُمَّ جَاءَهُ مَلِكُ اَيْلَةَ وَاَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَيْضَاءَ، فَكَسَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدًا، وَكَتَبَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ وَاَقْبَلْنَا مَعَهُ حَتّٰى جِئْنَا وَادِي الْقُرٰى، فَقَالَ لِلْمَرْاَةِ: كَمْ جَاءَ حَدِيْقَتُكِ؟، قَالَتْ عَشْرَةُ اَوْسُقٍ، خَرْصَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ مُتَعَجِّلٌ فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَعَجَّلَ مَعِي فَلْيَفْعَلْ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ، حَتّٰى اِذَا اَوْفٰى عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: هٰذِهِ طَابَةُ، فَلَمَّا رَاٰى اُحُدًا، قَالَ: هٰذَا اُحُدٌ هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْاَنْصَارِ؟، قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: خَيْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ، ثُمَّ دَارُ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي الْحَارِثِ، ثُمَّ دَارُ بَنِيْ سَاعِدَةَ، وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَيْرٌ

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ تبوک کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہم ایک وادی میں آئے وہاں ایک عورت کا باغ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: اس کی پیداوار کا اندازہ لگاؤ لوگوں نے اس کا اندازہ لگایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اندازہ لگایا اس کی پیداوار دس وسق ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: اس کی جو پیداوار ہوگی تم اسے شمار کر کے رکھنا اگر اللہ نے چاہا تو ہم واپسی پر تمہارے پاس آئیں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تبوک تشریف لے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج رات تم پر انتہائی تیز آندھی آئے گی' تو اس آندھی کے دوران کوئی شخص کھڑا ہرگز نہ رہے' جس شخص کے ساتھ اونٹ موجود ہے وہ اس کی رسی کو باندھ لے۔ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے انہیں باندھ لیا جب رات ہوئی تو تیز ہوا چلنا شروع ہوگئی ہم میں سے ایک شخص کھڑا ہوا تو ہوا نے اسے اٹھا کر طے کے پہاڑ پر پھینک دیا پھر ایلہ (نامی جگہ) کا حکمران آیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سفید خچر تحفے کے طور پر پیش کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہننے کے لیے ایک چادر دی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے ایک تحریر لکھوادی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے' یہاں تک کہ ہم اس وادی میں آئے (جہاں سے پہلے گزرے تھے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جلدی سفر کرنا چاہتا ہوں تم میں سے جو شخص میرے ساتھ جلدی سفر کرنا چاہے وہ کرے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے قریب پہنچ گئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ (یعنی مدینہ منورہ) طابہ (یعنی پاکیزہ) ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احد پہاڑ کو ملاحظہ فرمایا تو ارشاد فرمایا: یہ احد ہے یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں کیا میں تمہیں انصار کے بہترین

گھرانوں کے بارے میں نہ بتاؤں لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں (بتائیں) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انصار کا سب سے بہترین گھرانہ بنونجار ہے پھر بنوعبدالاشہل ہے پھر بنوحارث کا گھرانہ ہے پھر بنوساعدہ کا گھرانہ ہے ویسے انصار کے تمام گھرانے بہترین ہیں۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ قَبُولُ الْهَدَايَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِذَا طَمِعَ فِي إِسْلَامِهِمْ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ مشرکین کے تحائف کو قبول کرے جب اسے ان کے اسلام (قبول کرنے) کی امید ہو

4504 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ صَاعِقَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ يَنْطَلِقُ بِصَحِيفَتِي هَذِهِ إِلَى قَيْصَرَ وَلَهُ الْجَنَّةُ؟، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَإِنْ لَمْ أُقْتَلْ؟، قَالَ: وَإِنْ لَمْ تُقْتَلْ، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ بِهِ فَوَافَقَ قَيْصَرَ وَهُوَ يَأْتِي بَيْتَ الْمَقْدِسِ قَدْ جُعِلَ لَهُ بِسَاطٌ لَا يَمْشِي عَلَيْهِ غَيْرُهُ، فَرَمَى بِالْكِتَابِ عَلَى الْبِسَاطِ وَتَنَحَّى، فَلَمَّا انْتَهَى قَيْصَرُ إِلَى الْكِتَابِ أَخَذَهُ، ثُمَّ دَعَا رَأْسَ الْجَاثَلِيقِ، فَأَقْرَأَهُ، فَقَالَ: مَا عِلْمِي فِي هَذَا الْكِتَابِ إِلَّا كَعِلْمِكَ، فَنَادَى قَيْصَرُ: مَنْ صَاحِبُ الْكِتَابِ؟، فَهُوَ آمِنٌ فَجَاءَ الرَّجُلُ، فَقَالَ: إِذَا أَنَا قَدِمْتُ فَأْتِنِي، فَلَمَّا قَدِمَ أَتَاهُ، فَأَمَرَ قَيْصَرُ بِأَبْوَابِ قَصْرِهِ فَغُلِّقَتْ، ثُمَّ أَمَرَ مُنَادِيًا يُنَادِي أَلَا إِنَّ قَيْصَرَ قَدِ اتَّبَعَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ النَّصْرَانِيَّةَ، فَأَقْبَلَ جُنْدُهُ وَقَدْ تَسَلَّحُوا حَتَّى أَطَافُوا بِقَصْرِهِ، فَقَالَ لِرَسُولِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ تَرَى أَنِّي خَائِفٌ عَلَى مَمْلَكَتِي، ثُمَّ أَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: أَلَا إِنَّ قَيْصَرَ قَدْ رَضِيَ عَنْكُمْ، وَإِنَّمَا خَبَرَكُمْ لِيَنْظُرَ كَيْفَ صَبْرُكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَارْجِعُوا، فَانْصَرَفُوا، وَكَتَبَ قَيْصَرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي مُسْلِمٌ وَبَعَثَ إِلَيْهِ بِدَنَانِيرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَرَأَ الْكِتَابَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللَّهِ لَيْسَ بِمُسْلِمٍ وَهُوَ عَلَى النَّصْرَانِيَّةِ، وَقَسَمَ الدَّنَانِيرَ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو شخص میرے اس مکتوب کو لے کر قیصر کے پاس جائے گا اسے جنت ملے گی۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے دریافت کیا: اگرچہ مجھے قتل نہ کیا جائے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگرچہ تمہیں قتل نہ کیا جائے (پھر بھی تمہیں جنت ملے گی) تو وہ شخص اس خط کو لے کر روانہ ہو گیا وہ قیصر کے پاس اس وقت پہنچا جب قیصر بیت المقدس آیا ہوا تھا اور اس کے لیے ایک قالین بچھایا گیا تھا اس قالین پر قیصر کے علاوہ اور کوئی نہیں چلتا تھا اس شخص نے وہ مکتوب اس قالین پر رکھ دیا اور خود ایک طرف ہٹ گیا جب قیصر اس

4504- إسناده صحيح، رجاله على شرط البخاري غير علي بن بحر فقد روى له تعليقاً، واحتج به أبو داوُد والنسائي، وهو ثقة .

مکتوب تک پہنچا تو اس نے اسے حاصل کیا اور پھر اپنے معتمد خصوصی کو بلوا کر اس سے وہ خط پڑھایا تو اس نے جواب دیا: اس مکتوب کے بارے میں مجھے بھی وہی علم ہے' جو آپ کو علم ہے' تو قیصر نے بلند آواز میں کہا اس خط کو لانے والا شخص کون ہے اسے امان دی جاتی ہے' تو وہ شخص آ گیا قیصر نے کہا: جب میں آ جاؤں' تو تم میرے پاس آ جانا جب قیصر آیا' تو وہ شخص اس کے پاس آیا قیصر نے اپنے دروازوں کے بارے میں حکم دیا انہیں بند کر دیا گیا پھر اس نے منادی کو یہ اعلان کرنے کے لیے کہا کہ قیصر نے حضرت محمد ﷺ کی پیروی کر لی ہے اور عیسائیت کو ترک کر دیا ہے' تو اس کے سپاہی آگے بڑھے انہوں نے اسلحہ اٹھایا ہوا تھا انہوں نے اس کے محل کا محاصرہ کر لیا تو قیصر نے نبی اکرم ﷺ کے ایلچی سے کہا تم نے دیکھ لیا ہے مجھے اپنی حکومت کے حوالے سے خوف ہے پھر اس نے منادی کو یہ اعلان کرنے کو کہا: خبردار قیصر تم لوگوں سے راضی ہے اس نے تم لوگوں کا امتحان لینا چاہا تھا کہ تم اپنے دین کے بارے میں کتنے پختہ ہو تم لوگ واپس چلے جاؤ تو وہ لوگ واپس چلے گئے پھر قیصر نے نبی اکرم ﷺ کو خط لکھا کہ میں مسلمان ہوں اس نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کچھ دینار بھی بھجوائے نبی اکرم ﷺ نے جب اس کا مکتوب پڑھا تو ارشاد فرمایا: اللہ کے دشمن نے غلط کہا ہے یہ مسلمان نہیں ہے یہ عیسائیت پر قائم ہے نبی اکرم ﷺ نے وہ دینار تقسیم کروا دیئے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ قَبُولُ الْهَدَايَا مِنْ رَعِيَّتِهِ فِي الْأَوْقَاتِ وَبَذْلُ الْأَمْوَالِ لَهُمْ عِنْدَ فَتْحِ اللّٰهِ الدُّنْيَا عَلَيْهِمْ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ بعض اوقات اپنی رعایا سے تحائف قبول کر لے' اور جب اللہ تعالیٰ اسے فتوحات عطا کرے' تو (امام) ان اموال کو رعایا پر خرچ کرے

4505 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلَاتِ مِنْ اَرْضِهِ حَتّٰى فُتِحَتْ عَلَيْهِ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ، فَجَعَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِ مَا كَانَ اَعْطَاهُ، قَالَ اَنَسٌ: وَاِنَّ اَهْلِيْ اَمَرُوْنِيْ اَنْ آتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْاَلَهُ مَا كَانَ اَعْطَاهُ اَوْ بَعْضَهُ، وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ اُمَّ اَيْمَنَ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِيهِنَّ، فَجَاءَ تْ اُمُّ اَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِيْ عُنُقِي، وَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا

4505- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "مسند أبي يعلى" 4080 .وأخرجه مسلم 1771 71 في الجهاد والسير: باب رد المهاجرين إلى الأنصار منائحهم من الشجر والثمر حين استغنوا عنها بالفتوح، عن ابن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 8/255، وأحمد 3/219، والبخاري 3128 في فرض الخمس: باب كيف قسم النبي صلى الله عليه وسلم قريظة والنضير، و 4030 في المغازي: باب حديث بني النضير، و 4120 باب مرجع رسول الله صلى الله عليه وسلم من الأحزاب . . .، ومسلم 1771 71، وأبو يعلى 4079 من طرق عن معتمر بن سليمان، بِهِ . وبعض روايات البخاري مختصرة . وانظر البخاري 2630، ومسلماً 1771 71 .

يُعْطِيكَهُنَّ وَقَدْ اَعْطَانِيهِنَّ، قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ اَيْمَنَ، اتْرُكِي وَلَكِ كَذَا وَكَذَا، فَتَقُولُ: كَلَّا وَالَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، حَتّٰى اَعْطَاهَا عَشْرَةَ اَمْثَالِهِ - اَوْ قَرِيبًا مِنْ عَشْرَةِ اَمْثَالِهِ -

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی زمین کی کھجوروں (کی پیداوار) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا کرتا تھا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریظہ اور نضیر کو فتح کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کا تحفہ واپس کردیا جو اس نے آپ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے گھر والے مجھے یہ ہدایت کرتے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں اور آپ سے وہ چیز مانگ لوں جو آپ کسی کو دیتے ہیں' یا اس کا کچھ حصہ مانگ لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا کو کوئی چیز دے رہے تھے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے وہ (کھجوریں' یا چیزیں) مجھے عطا کردیں' تو ام ایمن رضی اللہ عنہا آئیں انہوں نے کپڑا میری گردن میں ڈالا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) یہ (کھجوریں' یا چیزیں) تمہیں نہیں دے سکتے جب کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ہی مجھے دے چکے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ام ایمن تم اسے چھوڑ دو تمہیں یہ یہ چیزیں ملتی ہیں' تو وہ خاتون یہی کہتی رہیں ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے (میں اسے نہیں چھوڑوں گی) حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کھجوروں (یا چیزوں) سے دس گنا زیادہ یا دس گنا کے قریب چیزیں انہیں عطا کیں (تو انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو چھوڑا)

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اتِّخَاذُ الْكَاتِبِ لِنَفْسِهِ لِمَا يَقَعُ مِنَ الْحَوَادِثِ وَالْاَسْبَابِ فِي اُمُورِ الْمُسْلِمِينَ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' مسلمانوں کی امور (میں مختلف نوعیت کی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے) کسی کو اپنا کاتب (یعنی سیکرٹری) مقرر کرے

4506 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ

4506- إسناده صحيح على شرطهما . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك . وأخرجه إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر الطبراني 4903 عن أبي خليفة الفاضل بن الحباب، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 2/41 من طريق إسماعيل بن إسحاق القاضي، عن أبي الوليد الطيالسي، بِهِ .وأخرجه البخاري 4986 و4987 و4988 في فضائل القرآن: باب جمع القرآن، والترمذي 3103 و3104 في التفسير: باب ومن سورة التوبة، والنسائي في فضائل القرآن 13 و20 و27، والبيهقي 2/40-41 و41 من طرق عن إبراهيم بن سعد، بِهِ . وبعضهم يزيد في الحديث على بعض .وأخرجه مختصراً ومقطعاً أحمد 1/10 و5/188-189، والبخاري 7191 في الأحكام: باب يستحب للكاتب أن يكون أميناً عاقلاً، و7425 في التوحيد: باب وكان عرشه على الماء وهو رب العرش العظيم، وأبو يعلى 64 و65، وابن أبي داوٗد في "المصاحف" ص12-13 و13-14 من طرق عن إبراهيم بن سعد، بِهِ .

عَلَيْهِ جَالِسٌ عِنْدَهُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ جَاءَنِیْ، فَقَالَ: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ، وَاِنِّیْ اَخْشٰى اَنْ يَّسْتَحِرَّ الْقَتْلُ فِی الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا فَيَذْهَبُ مِنَ الْقُرْآنِ كَثِيْرٌ، وَاِنِّیْ اَرٰى اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِیْ فِیْ ذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِیْ لِلَّذِیْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَاَيْتُ فِیْ ذٰلِكَ الَّذِیْ رَاٰى، فَقَالَ لِیْ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّكَ شَابٌّ عَاقِلٌ، لَا نَتَّهِمُكَ، وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْیَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفَنِیْ نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ عَلَیَّ مِمَّا اَمَرَنِیْ بِهٖ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قُلْتُ: فَكَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ اَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِیْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِیْ لِلَّذِیْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ اَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، قَالَ: فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ، وَاللِّخَافِ، وَالْعُسُبِ، وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ حَتّٰى، وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ غَيْرِهٖ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ) (التوبة: **128**)، خَاتِمَةُ بَرَاءَةَ، قَالَ: فَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِیْ بَكْرٍ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ: وَحَدَّثَنِی ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ حُذَيْفَةَ قَدِمَ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَكَانَ يُغَازِیْ اَهْلَ الشَّامِ، وَاَهْلَ الْعِرَاقِ، وَفَتْحَ اَرْمِيْنِيَةَ، وَاَذْرَبِيجَانَ، فَاَفْزَعَ حُذَيْفَةَ اخْتِلَافُهُمْ فِی الْقِرَاءَةِ، فَقَالَ: يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَدْرِكْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ قَبْلَ اَنْ يَّخْتَلِفُوْا فِی الْكِتَابِ كَمَا اخْتَلَفَ الْيَهُوْدُ، وَالنَّصَارٰى، فَبَعَثَ عُثْمَانُ اِلٰى حَفْصَةَ: اَنْ اَرْسِلِیْ الصُّحُفَ لِنَنْسَخَهَا فِی الْمَصَاحِفِ، ثُمَّ نَرُدُّهَا اِلَيْكِ، فَبَعَثَتْ بِهَا اِلَيْهِ، فَدَعَا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ، وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَّنْسَخُوا الصُّحُفَ فِی الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ لَهُمْ: مَا اخْتَلَفْتُمْ اَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِیْ شَیْءٍ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَاِنَّهٗ نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ، وَكَتَبَ الصُّحُفَ فِی الْمَصَاحِفِ، وَبَعَثَ اِلٰى كُلِّ اُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِمَّا نَسَخُوا، وَاَمَرَ مِمَّا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْقُرْآنِ فِیْ كُلِّ صَحِيْفَةٍ اَوْ مُصْحَفٍ اَنْ يُّمْحٰى اَوْ يُحْرَقَ

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَاَخْبَرَنِیْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُوْلُ: فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُوْرَةِ الْاَحْزَابِ حِيْنَ نَسَخْتُ الْمُصْحَفَ، كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا، فَالْتَمَسْتُهَا فَوَجَدْتُهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیِّ: (مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ) (الأحزاب: **23**)، فَاَلْحَقْتُهَا فِیْ سُوْرَتِهَا فِی الْمُصْحَفِ

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: اخْتَلَفُوْا يَوْمَئِذٍ فِی التَّابُوْتِ، فَقَالَ زَيْدٌ: التَّابُوْهُ، وَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدُ بْنُ الْعَاصِ: التَّابُوْتُ، فَرُفِعَ اخْتِلَافُهُمْ اِلٰى عُثْمَانَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اكْتُبُوْهُ التَّابُوْتُ، فَاِنَّهٗ لِسَانُ قُرَيْشٍ

✿✿ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنگ یمامہ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے بلوایا اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر میرے پاس آیا اور اس نے کہا: جنگ یمامہ میں قرآن کے بہت سے حافظ شہید ہو گئے ہیں مجھے یہ اندیشہ ہے' اگر مختلف جگہوں پر اسی طرح لوگ شہید ہوتے رہے' تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو سکتا ہے اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جواب دیا: میں ایک ایسا کام کیسے کر سکتا ہوں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا: تو اس نے کہا: اللہ کی قسم! یہ بہتر ہے اس کے بعد یہ اس بارے میں مجھے مسلسل تلقین کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو عمر کو عطا کیا ہے اور میری بھی وہی رائے ہو گئی جو عمر کی رائے ہے (حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تم نوجوان بھی ہو سمجھدار بھی ہو ہم تم پر کوئی تہمت عائد نہیں کرتے اور تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی نوٹ بھی کرتے رہتے ہو' تو تم قرآن کو تلاش کرو اور اسے ایک جگہ جمع کر دو۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا حکم دیتے تو یہ میرے لیے اتنا مشکل نہ ہوتا جتنا وہ حکم تھا جو انہوں نے مجھے قرآن جمع کرنے کے حوالے سے دیا تھا میں نے کہا: آپ لوگ ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ زیادہ بہتر ہے اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلسل میرے ساتھ اس بارے میں بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عطا کیا تھا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے قرآن کی تلاش شروع کی اور اسے تحریر کے پرزوں اور لوگوں کے سینوں سے اکٹھا کرنا شروع کیا' یہاں تک کہ مجھے سورۃ توبہ کی آخری آیتیں حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملیں مجھے ان کے علاوہ اور کسی کے پاس یہ آیات نہیں ملیں۔

''تحقیق تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے' جو تم میں سے ہے تمہارا پریشانی کا شکار ہونا اسے بہت گراں گزرتا ہے''۔

یہ سورت توبہ کی آخری آیات ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر وہ صحیفہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ سیدہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے پاس آ گیا۔

ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ اہل شام اور اہل عراق کی جنگوں میں شریک ہوئے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اس حوالے سے پریشان تھے کہ لوگوں کا قرأت میں اختلاف ہو رہا ہے انہوں نے کہا: اے امیر المومنین آپ اس امت کی خبر لیجئے اس سے پہلے کہ یہ کتاب اللہ کے بارے میں اسی طرح اختلاف کا شکار ہو جائے جس طرح یہودیوں اور عیسائیوں میں اختلاف ہو گیا تھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھیجا کہ آپ اپنا مصحف مجھے بھجوائیے تاکہ ہم اس کی مختلف نقلیں تیار کریں یہ پھر ہم آپ کو

واپس کر دیں گے تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے وہ نسخہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف بھجوایا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور انہیں یہ حکم دیا کہ وہ اس مصحف کی مختلف نقلیں تیار کرلیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: جہاں تمہارے اور زید بن ثابت کے درمیان کسی لفظ کے بارے میں اختلاف ہو تو تم لوگ اسے قریش کے محاورے کے مطابق نوٹ کرو' کیونکہ یہ ان کے محاورے میں نازل ہوا ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مختلف مصاحف تیار کروا کے انہیں مختلف علاقوں میں بھیجا اور انہوں نے یہ حکم دیا کہ اس کے علاوہ قرآن جس بھی صحیفے اور مصحف کی شکل میں موجود ہے اسے مٹا دیا جائے یا جلا دیا جائے۔

ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں: خارجہ بن زید نے مجھے یہ بات بتائی ہے' انہوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' جب میں مصحف کو نقل کر رہا تھا تو مجھے اس میں سورۃ الاحزاب کی ایک آیت نہیں ملی جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوئی تھی میں نے اس آیت کو تلاش کیا' تو وہ مجھے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملی (وہ آیت یہ ہے)

''اہل ایمان میں سے کچھ لوگ وہ ہیں' جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو سچ ثابت کر دکھایا''۔

تو میں نے اس آیت کو اس سورت میں مصحف میں شامل کر لیا۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اس موقع پر لوگوں کے درمیان تابوت کے بارے میں اختلاف ہوا تو حضرت زید رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا تھا کہ اس کی قرأت تابوہ ہوگی جبکہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا یہ لفظ تابوت ہے' جب ان کے اختلاف کا معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ اسے تابوت لکھو' کیونکہ یہ قریش کے محاورے کے مطابق ہے۔

ذِكْرُ الْجَوَازِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَّخِذَ الْكَاتِبَ لِنَفْسِهِ لِمَا يَعْتَرِضُهُ مِنْ اَحْوَالِ الدِّيْنِ فِي الْاَسْبَابِ

آدمی کے لیے یہ بات جائز ہونے کا تذکرہ' کہ کسی دینی ضرورت کی تکمیل کے لیے کسی کو اپنا کاتب (یعنی سیکرٹری) مقرر کرے

4507 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ، قَالَ:

4507– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى . . فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 1/13، وابن أبي داوُد في "المصاحف" ص14–15 من طريق عثمان بن عمر، والبخاري 4989 في فضائل القرآن: باب كاتب النبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني 4902 من طريق الليث، كلاهما عن يونس، بهذا الإسناد . رواية الليث عند البخاري مختصرة، ورواية عثمان بن عمر مطلوبة وهي عند ابن أبي داوُد أطول– إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر .وأخرجه البخاري 4679 في التفسير: باب ﴿لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ . . .﴾ من طرق شعيب، والطبراني 4901 من طريق عبد الرحمٰن بن خالد بن مسافر، كلاهما عن الزهري، به إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر .

(متن حدیث): اَرْسَلَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِلَيَّ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عِنْدَهُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ جَاءَنِيْ فَقَالَ لِيْ: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ الْيَمَامَةِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَاِنِّيْ اَخْشَى اَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ فِي الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبُ كَثِيْرٌ مِنَ الْقُرْآنِ لَا يُوْعَى، وَاِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ بِذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ لِذٰلِكَ صَدْرِيْ وَرَاَيْتُ فِيْهِ الَّذِيْ رَاٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَعُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ لَا يَتَكَلَّمُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبِعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ: قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ بِاَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا اَمَرَنِيْ بِهٖ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: فَقُلْتُ: وَكَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ اَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهٗ صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، قَالَ: فَقُمْتُ اَتَتَبَّعُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهٗ مِنَ الرِّقَاعِ، وَالْاَكْتَافِ، وَالْعُسُبِ، وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ، حَتّٰى وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ غَيْرِهٖ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ) (التوبة: 128)، وَكَانَتِ الصُّحُفُ الَّتِيْ جَمَعْتُ فِيْهَا الْقُرْآنَ عِنْدَ اَبِيْ بَكْرٍ حَيَاتَهٗ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

✿✿ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جنگ یمامہ کے بعد مجھے بلوایا وہاں ان کے پاس حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھ سے کہا کہ جنگ یمامہ میں بہت سے مسلمان شہید ہو گئے مجھے یہ اندیشہ ہے اگر مختلف علاقوں میں اسی طرح لوگ شہید ہوتے رہے تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو جائے گا' جسے محفوظ نہیں کیا گیا میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے کہا: تم ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہو' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ زیادہ بہتر ہے اس کے بعد یہ مسلسل اس بارے میں بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے شرح صدر عطا کر دیا اور اس بارے میں میری بھی وہی رائے ہوئی جو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ہے (حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کوئی بات نہیں کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایک نوجوان اور عقلمند آدمی ہو ہم تم پر کوئی الزام عائد نہیں کرتے تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی کو نوٹ کرتے رہے ہو' تو تم قرآن کو تلاش کر کے اس کو جمع کرو۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر مجھے وہ کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا پابند کر دیتے تو میرے لیے یہ اتنا مشکل نہ ہوتا جتنا ان کا قرآن جمع کرنے کا حکم دینا مشکل تھا۔ میں نے کہا: آپ لوگ ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ کام زیادہ بہتر ہے اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلسل میرے ساتھ بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ

کو عطا کیا تھا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو میں نے قرآن کو تلاش کرنے کا کام شروع کر دیا۔

میں نے اسے تحریر کے پرزوں اور لوگوں کے سینوں سے اکٹھا کیا' یہاں تک کہ سورۃ توبہ کی آخری آیات مجھے حضرت خزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملیں مجھے یہ آیات ان کے علاوہ اور کسی کے پاس نہیں ملیں۔

''تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے' جو تم میں سے ہے''۔

وہ صحیفہ جسے میں نے جمع کیا تھا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی زندگی میں رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آ گیا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس آ گیا۔

4738- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي، فمن رجال البخاري. إسرائيل: هو ابن يونس بن أبي إسحاق السبيعي، وهو من أتقن أصحاب أبي إسحاق. وأخرجه البخاري "4043" في المغازي: باب غزوة أحد، عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "725"، وأحمد 4/393، والبخاري "3039" في الجهاد: باب ما يكره من التنازع والاختلاف في الحرب، و "3986" في المغازي: باب رقم "10"، و"4561": باب (وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِي أُخْرَاكُمْ)، وأبو داؤد "2662" في الجهاد: باب في الكمناء، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/26، وابن سعد في "الطبقات" 2/47 من طريق زُهير بن مُعاوية، عن أبي إسحاق، به.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰكَذَا حُدِّثْنَا تَسْعُوْنَ قَتِيْلًا، وَاِنَّمَا هُوَ سَبْعُوْنَ قَتِيْلًا

❀❀ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ احزاب (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) غزوہ احد کے موقع پر ہمارا مشرکین سے سامنا ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیراندازوں کی ایک جماعت کو مقرر کیا اور حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو ان کا امیر مقرر کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں نے اپنی جگہ سے ہلنا نہیں۔ اگر چہ تم ہمیں دیکھو گے کہ ہم ان پر غالب آ گئے ہیں۔ اگر چہ تم انہیں دیکھو گے کہ وہ ہم پر غالب آ گئے ہیں' تو تم ہماری مدد نہ کرنا (یعنی آگے بڑھ کر ہماری مدد نہ کرنا اپنی جگہ پر رہنا)

راوی بیان کرتے ہیں: جب ہمارا دشمن سے سامنا ہوا اور مسلمانوں نے انہیں پسپا کر دیا تو میں نے (کفارہ) خواتین کو دیکھا کہ وہ پہاڑ پر بھاگ رہی ہیں انہوں نے اپنے پائنچے اوپر چڑھائے ہوئے ہیں اور ان کی پازیبیں نظر آ رہی ہیں' تو وہ لوگ بھی آگے آ گئے اور بولے: غنیمت حاصل کرو غنیمت حاصل کرو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا ٹھہر جاؤ کیا تمہیں' یاد نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں کیا تلقین کی تھی' لیکن وہ لوگ چلے گئے جب وہ لوگ وہاں آ گئے' تو اللہ تعالیٰ نے صورتحال تبدیل کر دی اور مسلمانوں میں سے **90** لوگ شہید ہو گئے۔

پھر ابوسفیان نے ایک ٹیلے پر چڑھ کر ہماری طرف منہ کر کے دریافت کیا: کیا لوگوں میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (زندہ ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اسے کوئی جواب نہ دینا' پھر اس نے دریافت کیا: کیا یہاں ابوقحافہ کے صاحبزادے (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ زندہ ہیں) اس نے تین مرتبہ یہ سوال کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگوں نے اسے جواب نہیں دینا پھر اس نے دریافت کیا: کیا لوگوں میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ زندہ ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے جواب نہ دینا۔ ابوسفیان اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوا اور بولا یہ لوگ تو مارے گئے ہیں' کیونکہ اگر یہ زندہ ہوتے تو جواب دیتے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے اوپر قابو نہ رہا انہوں نے یہ کہا: اے اللہ کے دشمن تم نے غلط کہا ہے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے اس چیز کو باقی رکھا ہے' جو تم کو رسوا کر دے گی۔ ابوسفیان نے کہا: اے ہبل تو سربلند ہو۔ اے ہبل تو سربلند ہو' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے جواب دو۔ لوگوں نے دریافت کیا: ہم کیا کہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ یہ کہو کہ اللہ تعالیٰ بلند و برتر اور جلیل القدر ہے۔ ابوسفیان نے کہا: خبردار ہمارے ساتھ عزا ہے تمہارے پاس عزا نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے جواب دو لوگوں نے دریافت کیا: ہم کیا جواب دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو اللہ تعالیٰ ہمارا مددگار ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے۔ ابوسفیان نے کہا: آج کا دن بدر کے دن کا بدلہ ہے اور جنگ کے دوران صورتحال تبدیل ہوتی رہتی ہے تمہیں لوگوں میں سے کچھ کی لاشوں کی بے حرمتی ملے گی۔ میں نے اس بات کا حکم نہیں دیا تھا' لیکن یہ بات مجھے بری بھی نہیں لگی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اسی طرح منقول ہے' **90** لوگ شہید ہوئے تھے حالانکہ **70** لوگ شہید ہوئے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّوصِيَ السَّرِيَّةَ إِذَا خَرَجَتْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِالْخِصَالِ الَّتِي يُحْتَاجُ إِلَيْهَا

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے جب کوئی جنگی مہم اللہ کی راہ میں جانے کے لیے نکلنے لگے تو وہ انہیں کچھ مخصوص چیزوں کی تلقین کرے جن کی انہیں ضرورت پیش آئے گی

4739 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَمْلَاهُ عَلَيْنَا إِمْلَاءً، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا بَعَثَ اَمِيرًا عَلَى جَيْشٍ اَوْ سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ فِي خَاصَّةِ نَفْسِهِ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا، ثُمَّ قَالَ: اغْزُوا بِسْمِ اللّٰهِ، فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، وَلَا تَغُلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا، وَإِذَا لَقِيتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَادْعُهُمْ إِلَى إِحْدَى ثَلَاثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ، فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوكَ إِلَيْهَا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، فَإِنْ هُمْ اَجَابُوكَ إِلَى ذٰلِكَ، فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى التَّحَوُّلِ، مِنْ دَارِهِمْ إِلَى دَارِ الْمُهَاجِرِينَ، فَإِنْ اَبَوْا اَنْ يَتَحَوَّلُوا، فَاَعْلِمْهُمْ، اَنَّهُمْ إِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ يَكُونُونَ، كَاَعْرَابِ، الْمُهَاجِرِينَ يَجْرِي عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِي يَجْرِي عَلَى الْمُهَاجِرِينَ، فَإِنْ هُمْ اَجَابُوكَ إِلَى ذٰلِكَ، فَاقْبَلْ مِنْهُمْ، فَإِنْ هُمْ اَبَوْا، فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ قَاتِلْهُمْ، وَإِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ، فَاَرَادُوكَ اَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ، وَذِمَّةَ رَسُولِهِ، فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ، وَلَا ذِمَّةَ رَسُولِهِ، وَاجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ، وَذِمَّةَ آبَائِكَ، وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ، فَإِنَّكُمْ إِنْ تُخْفِرُوا ذِمَمَكُمْ، وَذِمَمَ

4739- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سليمان بن بريدة، فمن رجال مسلم .وأخرجه مسلم "1731" "2" في الجهاد: باب تأمر الإمام الأمراء على البعوث، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 9/49 و97و 184ومن طريق الحسن بن علي بن عفان، عن يحيى بن آدمن به .وأخرجه أحمد 5/352 و 358، والدارمي 2/215، "1731" "2" و "3"، وأبو داؤد "2612" و "2613" في الجهاد: باب في دعاء المشركين، والترمذي "1408" في الديات: باب ماجاء في النهي عن المنكر المُثلة، و"1617 في السير: باب ماجاء في وصيته صلى الله عليه وسلم في القتال، وابن ماجه "2858" في الجهاد: باب وصية الإمام، والطحاوي 3/206 و207، والبيهقي 9/15 و49 و97 و184 من طرق عن سفيان، بِهِ .وأخرجه مسلم "1731" "4" و"5"، والنسائي في "الكبرى"، كما في "التحفة" 2/71، والطحاوي 3/207، وابن الجارود "1042"، والبيهقي 9/69و185، والبغوي "2669" من طرق عن شعبة، عن علقمة بن مرثد به . وأخرجه أبو حنيفة في "مسنده" ص337 – 339، من طريقه أخرجه أبو يعلى "1413" عن علقمة بن مرثد .وأخرجه الشافعي 2/114 – 115 و115 من طريق محمد بن أبان، عن علقمة، بِهِ .وقوله "تخفروا ذممكم " أي: تنقضوا العهد، من أخفرت الرجل: إذا نقضت عهده، وخفرته: أمنته وحميته . 1 رجاله مسلم . والذي حدث عن مقاتل: هو علقمة بن مرثد .وأخرجه مسلم "1731" "3"، وأبو داؤد "2612"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/71، وابن ماجه "2858"، والطحاوي /3 207، والبيهقي 9/184 .

آبَائِكُمْ، اَهْوَنُ عَلَيْكُمْ مِنْ اَنْ تُخْفِرُوا ذِمَّةَ اللّٰهِ، وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِذَا حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ، فَاَرَادُوكَ، اَنْ تُنْزِلُوهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ، فَلَا تُنْزِلُوهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ، فَاِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ، اَتُصِيْبُوْنَ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ اَمْ لَا، قَالَ: فَذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ، لِمُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ هَيْصَمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب کسی لشکر یا مہم کے امیر کو روانہ کرتے تو آپ ﷺ اسے بطور خاص اس کی اپنی ذات کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنے اور اپنے ساتھی مسلمانوں کے ساتھ بھلائی کرتے رہنے کی تلقین کیا کرتے تھے پھر آپ ﷺ یہ ارشاد فرماتے تھے اللہ کے نام سے مدد حاصل کرتے ہوئے اللہ کی راہ میں جنگ کرو اور ان لوگوں کے ساتھ لڑائی کرو جنہوں نے اللہ تعالیٰ کا انکار کیا تاہم تم خیانت نہ کرو' وعدہ خلافی نہ کرو' لاشوں کی بے حرمتی نہ کرو' نابالغ بچے کو قتل نہ کرد۔ جب تمہارا مشرکین سے تعلق رکھنے والے دشمن سے سامنا ہو' تو انہیں تین میں سے کسی ایک چیز کو قبول کرنے کی دعوت دو۔ ان میں سے وہ جس چیز کو اختیار کرنا چاہیں ان کی طرف سے اسے قبول کرلو' اور ان پر حملہ نہ کرو۔ تم لوگ انہیں پہلے اسلام کی دعوت دو اگر وہ تمہاری بات مان لیں' تو اسے ان کی طرف سے قبول کرلو اور ان سے جنگ سے رک جاؤ یا پھر انہیں اس بات کی دعوت دو کہ وہ اپنے علاقے کو چھوڑ کر مہاجرین کے علاقے کی طرف آجائیں اگر وہ منتقل ہونے سے انکار کریں' تو تم انہیں بتاؤ کہ اگر وہ ایسا کر لیتے ہیں' تو ان کی مثال دیہاتی مہاجرین کی طرح ہوگی اور ان پر بھی وہ تمام احکامات لاگو ہوں گے جو اللہ تعالیٰ نے مہاجرین پر لاگو کیے ہیں اگر وہ تمہاری اس بات کو قبول کر لیتے ہیں' تو تم ان کی طرف سے اس بات کو قبول کرو اور اگر وہ انکار کرتے ہیں' تو ان کے خلاف اللہ تعالیٰ سے مدد حاصل کرو' اور پھر ان کے ساتھ جنگ شروع کر دو تم لوگ جب کسی قلعے کا محاصرہ کرو اور وہ لوگ یہ چاہیں کہ تم ان کو اللہ کی پناہ اور اس کے رسول کی پناہ دو تو تم انہیں اللہ اور اس کے رسول کی پناہ نہ دو' بلکہ تم انہیں اپنی پناہ دو' اپنے باپ دادا کی اور اپنے ساتھیوں کی پناہ دو' کیونکہ اگر تم اپنی دی ہوئی پناہ کی یا اپنے باپ دادا کی پناہ کی خلاف ورزی کرتے ہو' تو یہ تمہارے لیے اس سے زیادہ آسان ہوگا کہ تم اللہ کے نام اور اس کے رسول کے نام کی پناہ کی خلاف ورزی کرو' اور جب تم نے کسی قلعے کا محاصرہ کیا ہوا ہو' اور وہ لوگ یہ چاہیں کہ تم ان کے ساتھ اللہ کے حکم کے مطابق صلح کرلو' تو تم اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کرنے کو طے نہ کرو' کیونکہ تم لوگ یہ نہیں جانتے کہ تم نے ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ٹھیک عمل کیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے یہ حدیث مقاتل بن حیان کو سنائی' تو انہوں نے فرمایا: مسلم نے حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث مجھے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَاحِبَ السَّرِيَّةِ اِذَا خَالَفَ الْاِمَامَ فِيمَا اَمَرَهُ بِهٖ كَانَ عَلَى الْقَوْمِ اَنْ يَّعْزِلُوهُ وَيُوَلُّوا غَيْرَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب کسی جنگی مہم کا امیر امام کے کسی حکم کی خلاف ورزی کرے تو لوگوں پر یہ بات لازم ہے وہ اسے معزول کر کے کسی دوسرے کو اپنا امیر بنالیں

4740 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ الْعَدَوِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عَاصِمٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ وَكَانَ مِنْ رَهْطِهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَسَلَّحَ رَجُلًا سَيْفًا، فَلَمَّا انْصَرَفْنَا، مَا رَاَيْتُ مِثْلَ مَا لَامَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَعَجَزْتُمْ اِذَا اَمَّرْتُ عَلَيْكُمْ رَجُلًا، فَلَمْ يَمْضِ لِاَمْرِي الَّذِي اَمَرْتُ، اَوْ نَهَيْتُ اَنْ تَجْعَلُوا مَكَانَهُ اٰخَرَ، يُمْضِي اَمْرِي الَّذِي اَمَرْتُ؟

❀❀ حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی تو آپ نے ایک شخص کو تلوار پہنا دی۔ جب ہم لوگ واپس آئے تو میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کسی بات پر اتنی ملامت کی ہو (جتنی اس بات پر کی) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم لوگ عاجز آ گئے تھے کہ جب میں نے تم لوگوں پر ایک شخص کو امیر مقرر کیا تھا اور اس نے اس حکم پر عمل نہیں کیا جو میں نے اسے دیا تھا یا جس سے میں نے منع کیا تھا تو تم اس کی جگہ کسی دوسرے کو امیر مقرر کر دیتے جو میرے اس حکم پر عمل درآمد کرتا۔ جو حکم میں نے جاری کیا تھا۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْاِمَامِ اِذَا اَرَادَ بَعْثَ سَرِيَّةٍ اَنْ يُّوَلِّيَ عَلَيْهَا اُمَرَاءَ جَمَاعَةٍ وَاحِدًا بَعْدَ الْاٰخَرِ عِنْدَ قَتْلِ الْاَوَّلِ لِكَيْ لَا يَبْقَى الْمُسْلِمُونَ بِلَا سَايِسٍ يَسُوسُهُمْ وَلَا اَمِيرٌ يَحُوطُهُمْ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ جب وہ کسی مہم کو روانہ کرنے لگے

تو ان کے لیے کچھ لوگوں کو امیر کے طور پر نامزد کر دے جو پہلے امیر کے قتل ہونے کی صورت میں یکے بعد دیگرے امیر بنتے جائیں تاکہ مسلمانوں کی یہ صورت حال نہ ہو کہ ان کے پاس کوئی سردار نہ ہو جو ان کی رہنمائی کر سکے اور کوئی امیر نہ ہو جو ان کی دیکھ بھال کرے

4740- إسناده حسن، بشر بن عاصم الليثي روى عنه ثلاثة ووثقه النسائي وذكره المؤلف في "الثقات" 4/68، وباقي رجاله رجال مسلم غير صحابيه فروى له أبو داؤد والنسائي . وأخرجه أبو داؤد "26227" في الجهاد: باب في الطاعة، والحاكم 2/114 – 115 من طريق يحيى بن معين، وأحمد 4/110، ومن طريقه الحافظ المزي في "تهذيب الكمال" لوحة 948 في ترجمة بن مالك الليثي، كلاهما عن عبد الصمد بن الوارث، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي .

4741 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةِ مُؤْتَةَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ، وَقَالَ: اِنْ قُتِلَ زَيْدٌ، فَجَعْفَرٌ، وَاِنْ قُتِلَ جَعْفَرٌ، فَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنْتُ مَعَهُمْ تِلْكَ الْغَزْوَةِ، فَالْتَمَسْنَا جَعْفَرَ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ، فَوَجَدْنَاهُ فِى الْقَتْلٰى، وَوَجَدْنَا فِيمَا نِيلَ مِنْ جَسَدِهِ بِضْعًا وَسَبْعِينَ ضَرْبَةً وَرَمْيَةً

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ موتہ کے موقع پر حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر زید شہید ہو جائے' تو جعفر امیر ہوگا اور اگر جعفر شہید ہو جائے' تو عبداللہ بن رواحہ امیر ہوگا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس جنگ میں ان لوگوں کے ساتھ تھا۔ ہم نے حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو تلاش کیا' تو ہمیں وہ مقتولین میں ملے ہمیں ان کے جسم پر ستر سے زیادہ ضربوں اور تیروں کے نشان ملے۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ، الَّذِىْ خَرَجَ فِيْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلٰى مَكَّةَ

اس وقت کا تذکرہ' جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی طرف روانہ ہوئے تھے

4742 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْهِرٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَذِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِالرَّحِيلِ عَامَ الْفَتْحِ لِلَيْلَتَيْنِ خَلَتَا مِنْ رَمَضَانَ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کی دو راتیں گزر جانے کے بعد روانگی کا اعلان کیا۔

4741- إسناده صحيح، مصعب بن عبد الله الزبيرى روى له النسائى وابن ماجة وهو ثقة وثقه ابن معين والدارقطنى وأحمد ومسلمة بن قاسم والمؤلف، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير المغيرة بن عبد الرحمٰن، فمن رجال البخارى .وأخرجه البخارى "4261" وفى المغازى: باب غزو مؤتة من أرض الشام، من طريق أحمد بن أبى بكر، وأبو نعيم فى "الحلية" 117 من طريق يعقوب بن حميد، كلاهما عن المغيرة، بهذا الإسناد .ورواية أبى نعيم مختصرة .وأخرجه طرفه الأخير: ابن أبى شيبة 14/519، ابن سعد 4/34، والحاكم 3/212، وأبو نعيم 1/117 - 118 من طريق أبى اويس، عن عبد اللّٰه بن عمر بن حفص، عن نافع، به .وأخرج البخارى "4260"، وسعيد بن منصور "2835" من طريق ابن أبى هلال، عن نافع، أنه ابن عمر أخبره أنه وقف على جعفر يومئذ وهو قتيل، فعددت به خمسين بين طعنة ليس منها شىء فى دبره، يعنى فى ظهره .

4742- رجاله ثقات رجال الصحيح غير أبى زرعة وهو عبد الرحمٰن بن عمرو بن عبد الله الدمشقى فروى له أبو داوٗد، وهو ثقة . أبو مسهر: هو عبد الأعلى بن مسهر الغسانى، وقزعة: هو ابن يحيى البصرى .وأخرجه أحمد 3/87، عن أبى سعد فى "الطبقات" /2 138، والبيهقى 4/242 من طرق عن سعيد بن عبد العزيز التنوخى، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/87 عن أبى المغيرة، حدثنا سعيد بن عبد العزيز قال: حدثنى عطية بن قيس، عمن حدثه عن أبى سعيد الخدرى قال . . . .

ذِكْرُ وَصْفِ لِوَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ دُخُولِهِ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ

فتح مکہ کے موقع پر مکہ میں داخلے کے وقت نبی اکرم ﷺ کے جھنڈے کی صفت کا تذکرہ

4743 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ وَلِوَاؤُهُ اَبْيَضُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر جب نبی اکرم ﷺ (مکہ مکرمہ میں) داخل ہوئے تو آپ ﷺ کا مخصوص جھنڈا سفید رنگ کا تھا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْغُزَاةِ، اَنْ يُبَيِّتُوا الْمُشْرِكِينَ، لِيَكُونَ قَتْلُهُمْ اِيَّاهُمْ عَلٰى غِرَّةٍ

غازیوں کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ مشرکین پر رات کے وقت حملہ کر دیں تا کہ غازیوں کا انہیں قتل کرنا یکبارگی ہو

4744 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ:

4743– حديث حسن بشاهديه، إسناده ضعيف، شريك: هو ابن عبد الله القاضي، سيء الحفظ، وأبو الزبير ملدس وقد عنعن . أبو كريب: هو محمد بن العلاء بن كريب .وأخرجه الترمذي "1679" في فضائل الجهاد: باب ما جاء في والألوية، عن أبي كريب، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داؤد "2592" في الجهاد: باب في الرايات والألوية، والترمذي "1679"، والنسائي 5/200 في مناسك الحج: باب دخول مكة باللواء، وابن ماجه "2817" في الجهاد: باب الرايات والألوية، والبيهقي 6/362 من طرق عن يحيى بن أدم، به . قال الترمذي: هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من حديث يحيى بن ادم عن شريك، قال: وسألت محمداً "يعني البخاري" عن هذا الحديث فلم يعرفه إلا من حديث يحيى بن ادم عن شريك، وقال: حدثنا غير واحد عن شريك، عن عمار، عن أبي الزبير، عن جابر أن النبي صلى الله عليه وسلم دخل مكة وعليه عمامة سوداء "سيأتي تخريجه"، قال محمد: والحديث هو هذا .وفي الباب عن ابن عباس عند الترمذي "1681"، وابن ماجه "2818"، وأبي الشيخ في "أخلاق النبي " ص144، والبيهقي 6/362 – 363، والبغوي "2664" بلفظ "كانت راية رسول الله صلى الله عليه وسلم سوداء ولواؤه أبيض " وحسنه الترمذي .وعن عائشة عند أبي الشيخ "ص144 – 145، البغوي 2665"بلفظ "كان لواء رسول الله صلى الله عليه وسلم أبيض، وكانت رايته سوداء من مرط لعائشة مرحل" .

4744– إسناده حسن، عكرمة بن عمار، وإن روى له مسلم، لا يرتفع إلى رتبة الصحيح، فهو حسن الحديث، وباقي رجاله على شرط الشيخين .هشام بن القاسم: هو ابن مسلم الليثي .وأخرجه أحمد 4/6، وأبو داوٗد "2596" في الجهاد: باب في الرجل ينادى بالشعار، و "2840": باب في البيات، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/38، وابن ماجه "2840" في الجهاد: باب الغارة والبيات وقتل النساء والصبيان، وابن أبي شيبة 12/503، وابن سعد 2/118، والحاكم 2/107، والبيهقي 6/361 و9/79 من طرق عن عكرمة بن عمار، بهذا والإسناد وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبيإوأخرجه مختصراً ابن أبي شيبة 12/503 عن وكيع، عن أبي العميس عن إياس بن سلمة، به وهذا إسناد صحيح . وانظر الحديث رقم "4627" و"4628" .

حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ اَخْبَرَنِي اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْتُ مَعَ اَبِي بَكْرٍ حِينَ بَعَثَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا فَبَيَّتْنَا اُنَاسًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَقَتَلْنَاهُمْ وَكَانَ شِعَارُنَا، اَمِتْ، اَمِتْ، قَالَ: فَقَتَلْتُ بِيَدِي سَبْعَةَ اَهْلِ اَبْيَاتٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ

ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ اس جنگ میں شریک ہوا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کر کے بھیجا تھا۔ ہم نے کچھ مشرکین پر رات کے وقت حملہ کر کے مار دیا تھا اس وقت ہمارا نعرہ (یا علامتی نعرہ) یہ تھا۔ مار دو مار دو۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس رات میں نے مشرکین کے سات گھرانوں کے افراد کو اپنے ہاتھوں سے قتل کیا۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْإِمَامِ، اَنْ يَّشُنَّ الْغَارَةَ فِي بِلَادِ اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ عِنْدَ انْفِجَارِ الصُّبْحِ اقْتِدَاءً بِالْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے صبح صادق کے وقت اللہ کے دشمن کافروں کے علاقوں پر حملہ کرے

4745 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ،

4745– إسناده صحيح على شرط مسلم، ورجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابرى فمن رجال مسلم .وأخرجه البخارى "610" فى الأذان: باب مايحقن بالأذان من الدماء، و "2944" فى الجهاد: باب دعاء النبى صلى الله عليه وسلم الناس إلى الإسلام والنبوة، من طريق قتيبةبن سعيد، والبغوى "2702" من طريق على بن حجر، كلاهما عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك فى "الموطأ" 2/468 فى الجهاد: باب ما جاء فى الخيل والمسابقة بينها والنفقة فى الغزو، ومن طريقه البيهقى 9/79 عن حميد، به .وأخرجه أحمد 3/206و263، وابن سعد 2/108، وابن أبى شيبة 12/367 و367 – 368، والبخارى "2943"، وأبو يعلى "3804"، والبيهقى 9/80 و108من طرق عن حميد، به .وأخرجه بن أبى شيبة 14/461، وأحمد 3/186و246، والبخارى "947" فى صلاة الخوف: باب التكبير والغلس بالصبح والصلاة عند الإغارة والحرب، "4200" فى المغازى: باب غزوة خيبر، ومسلم 3/1427 "121" فى الجهاد والسير: باب غزوة خيبر، والنسائى 1/271 – 272 فى الصلاة: باب التغلس فى السفر، وابن سعد2/109 من طريق ثابت البنانى، عن أنس . وانظر الحديث "4753" .وأخرجه أحمد 3/101 – 102، والبخارى "371" فى الصلاة: باب ما يذكر فى الفخذ، و "947" ومسلم "120"/3، والنسائى 6/131 – 132 فى النكاح: باب البناء فى السفر، من طريق عبد العزيز بن صهيب، عن أنس وأخرجه أحمد /3 164 و186، ومسلم "122"/3، وأبو يعلى "2908" من طريق قتادة، عن أنس وأخرجه البخارى "2991" فى الجهاد: باب التكبير عند الحرب، و "3647"فى المناق: باب رقم "28"، و"4198" من طريق سفيان بن عيينة، عن أيوب، عن محمد بن سيرين عن أنس , .وأخرجه الطيالسى "2127" من طريق ابن فضالة، عن الحسن، عن أنس وأخرجه ابن سعد 2/109 من طريق سعيد بن أبى عروبة، عن قتادة عن أنس، عن أبى طلحة قال: لما صبح . . . .وأخرجه ابن أبى شيبة 14/462 من طريق عمرو بن سعيد، عن أبى طلحة، قال: كنت ردف النبى صلى الله عليه وسلم يوم خيبر فلما انتهينا . . . وانظر ما بعده

قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا غَزَا قَوْمًا لَمْ يَغْزُ حَتّٰى يُصْبِحَ فَيَنْظُرَ، فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا كَفَّ عَنْهُمْ وَاِنْ لَمْ يَسْمَعْ اَذَانًا اَغَارَ عَلَيْهِمْ، قَالَ: فَخَرَجْنَا اِلَى خَيْبَرَ، فَانْتَهَيْنَا اِلَيْهِمْ لَيْلًا، فَلَمَّا اَصْبَحَ، وَلَمْ يَسْمَعْ اَذَانًا رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَكِبْتُ خَلْفَ اَبِي طَلْحَةَ، وَاِنَّ قَدَمَيَّ لَتَمَسُّ قَدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجُوا عَلَيْنَا بِمَكَاتِلِهِمْ، وَمَسَاحِيهِمْ، فَلَمَّا رَاَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: مُحَمَّدٌ وَّاللّٰهِ مُحَمَّدٌ، وَالْخَمِيسُ، فَلَمَّا رَآهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ، فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب کسی قوم کے خلاف جنگ کرتے تھے تو آپ ﷺ اس وقت تک جنگ شروع نہیں کرتے تھے۔ جب تک صبح صادق نہیں ہو جاتی۔ آپ ﷺ اس بات کا جائزہ لیتے تھے کہ اگر وہاں سے اذان کی آواز سنائی دیتی تو آپ ﷺ ان پر حملہ نہیں کرتے تھے اور اگر اذان کی آواز نہیں سنائی دیتی تو آپ ﷺ ان پر حملہ کر دیتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم لوگ خیبر کی طرف روانہ ہوئے ہم رات کے وقت وہاں پہنچے صبح ہوئی اور جب نبی اکرم ﷺ نے وہاں اذان کی آواز نہیں سنی تو نبی اکرم ﷺ سوار ہوئے میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سوار ہو گیا۔ میرے پاؤں نبی اکرم ﷺ کے قدم مبارک کو چھو رہے تھے۔ وہ لوگ اپنے ٹوکرے اور بیلچے لے کر (قلعے سے) باہر نکلے تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا اور بولے: محمد آ گئے اللہ کی قسم! محمد آ گئے اور ساتھ لشکر بھی ہے اور جب نبی اکرم ﷺ نے ان لوگوں کو دیکھا تو فرمایا اللہ اکبر اللہ اکبر خیبر برباد ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ان لوگوں کی صبح بہت بری ہوتی ہے جنہیں ڈرایا گیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ اِذَا اَتَى دَارَ الْحَرْبِ اَنْ لَا يَشُنَّ الْغَارَةَ حَتّٰى يُصْبِحَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے جب وہ دارالحرب آئے تو صبح ہونے سے پہلے حملہ نہ کرے

4746 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى خَيْبَرَ لَيْلًا، وَكَانَ اِذَا جَاءَ قَوْمًا بِلَيْلٍ لَمْ يُغِرْ، حَتّٰى يُصْبِحَ، قَالَ: فَلَمَّا اَصْبَحَ خَرَجَتْ يَهُودُ بِمَسَاحِيهَا، وَمَكَاتِلِهَا، فَلَمَّا رَاَوْهُ قَالُوا: مُحَمَّدٌ، وَالْخَمِيسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ، فَسَاءَ

4746– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 2/468 – 469 في الجهاد: باب ما جاء في الخيل والمسابقة بينها . ومن طريق مالك أخرجه البخاري "1945" في الجهاد: باب دعاء النبي صلى الله عليه وسلم الناس إلى الإسلام والنبوة، و"4197" في المغازي: باب غزوة خيبر، والترمذي "1550" في السير: في البيات والغارا . وانظر الحديث السابق .

صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت خیبر پہنچے جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت کسی جگہ پہنچتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح ہونے سے پہلے حملہ نہیں کرتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب صبح ہوئی تو یہودی اپنی کدالیں اور ٹوکرے لے کر نکلے جب انہوں نے (مسلمانوں کے لشکر) کو دیکھا تو بولے: حضرت محمد اور (ان کا) لشکر آ گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اکبر خیبر برباد ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ان لوگوں کی صورتحال بری ہوتی ہے جن کو ڈرایا گیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفَى جَوَازَ الشِّعَارِ لِلْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جس نے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے شخص کے لیے شعار (جنگی نعرے) کے جواز کی نفی کی ہے

4747 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَّرَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَبَا بَكْرٍ فَغَزَوْنَا نَاسًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَبَيَّتْنَاهُمْ، وَقَتَلْنَاهُمْ، وَكَانَ شِعَارُنَا اَمِتْ، اَمِتْ، قَالَ سَلَمَةُ: فَقَتَلْتُ بِيَدِي تِلْكَ اللَّيْلَةَ، سَبْعَةَ اَهْلِ اَبْيَاتٍ

ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا ہم نے کچھ مشرکین کے ساتھ جنگ کی ہم نے رات کے وقت ان پر حملہ کیا۔ انہیں قتل کر دیا۔ ہمارا شعار (یعنی جنگی نعرہ) یہ تھا: مار دو، مار دو۔

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ اس رات میں نے اپنے ہاتھ سے سات گھرانوں کے آدمیوں کو قتل کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ شِعَارَ الْقَوْمِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ، كَانَ ذٰلِكَ بِاَمْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4747- إسناده حسن، عكرمة بن عمار وإن روى له مسلم لا يرتقي إلى رتبة الصحيح، وباقي رجاله على شرط الشيخين .وأخرجه أبو الشيخ في "اخلاق النبي "ص15، ومن طريقه البغوي "2699" عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد . وانظر "4744" و"4748" .وقال البغوي: وإذا وقع البيات، واختلط المسلمون بالعدو، فيجعل الإمام للمسلمين شعاراً يقولونه به عن العدو، روى أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "بيتكم العدو، فليكن شعاركم: حم لا ينصرون " . قلت: أخرجه 4/65و5 377،والترمذي "1682"، وأبو داوُد "2597"، وسنده حسن وصححه الحاكم 2/107 .4748- عبد اللّٰه بن بكار، كنيته أبو عبد الرحمٰن، من أهل البصرة، ذكره المؤلف في "الثقات" 7/62، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الصحيح . وانظر "4744" و"4747 .

اس بات کے بیان کا تذکرہ لوگوں کا وہ شعار جس کا ہم نے ذکر کیا ہے یہ نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت تھا

4748 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ حَدَّثَنِى اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ شِعَارُنَا لَيْلَةَ بَيَّتْنَا فِيْهَا هَوَازِنَ، مَعَ اَبِى بَكْرٍ، اَمَّرَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَيْنَا اَمِتْ، اَمِتْ، قَالَ: فَقَتَلْتُ بِيَدِى لَيْلَتَئِذٍ سَبْعَةَ اَهْلِ اَبْيَاتٍ

❀❀ ایاس بن سلمہ اپنے والد (حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب ہم نے رات کے وقت ہوازن قبیلے پر حملہ کیا۔ جو حملہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں تھا۔ جنہیں نبی اکرم ﷺ نے ہمارا امیر مقرر کیا تھا تو ہمارا جنگی نعرہ یہ تھا۔ مار دو مار دو۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس رات میں نے اپنے ہاتھ کے ساتھ سات گھرانوں کے افراد کو قتل کیا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِذَا سَمِعَ مِنَ الْاَعْدَاءِ كَلِمَةَ الْاِسْلَامِ وَاِنْ لَمْ تَكُنْ بِلُغَةِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ الْكَفُّ عَنْ قِتَالِهِمْ اِلٰى اَنْ يَّسْبُرَ عَاقِبَتَهَا

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے جب وہ دشمن کی طرف سے اسلام کا کلمہ

سن لے اگرچہ وہ اہل اسلام کے محاورے کے مطابق نہ ہو تو انہیں قتل کرنے سے رک جائے یہاں تک کہ اسے ان کے کلمے کا مفہوم پتہ چل جائے

4749 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اِلٰى جَذِيْمَةَ، فَدَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَلَمْ يُحْسِنُوا اَنْ يَّقُوْلُوْا اَسْلَمْنَا، فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ صَبَاْنَا صَبَاْنَا، وَجَعَلَ خَالِدٌ يَاْخُذُهُمْ اَسْرًا وَقَتْلًا وَدَفَعَ اِلٰى كُلِّ رَجُلٍ مِّنَّا اَسِيْرًا حَتّٰى كَانَ يَوْمًا، قَالَ خَالِدٌ: لِيَقْتُلْ كُلُّ رَجُلٍ مِّنْكُمْ اَسِيْرَهُ، فَقَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذُكِرَ لَهُ صَنِيْعُ خَالِدٍ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَبْرَاُ

4749- إسناده صحيح على شرط الشيخين .واخرجه أحمد 2/150 – 151، والبخارى "4339" فى المغازى: باب بعث النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ إلى بنى جذيمة، و "7189" فى الأحكام: باب إذا قضى الحاكم بجور أو خلاف أهل العلم فهو رد، والنسائى 8/237 فى آداب القضاة: باب الرد على الحاكم إذا قضى بغير الحق، والبيهقى 9/115 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى "4339" و "7189"، والنسائى 8/236 – 237 من طريق عبد الله بن المبارك، و 8/237 من طريق هشام بن يوسف، كلاهما عن معمر، به .

اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ

❀❀ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو جزیمہ کی طرف بھیجا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے انہیں اسلام کی دعوت دی' لیکن ان لوگوں نے واضح طور پر یہ نہیں کہا کہ ہم نے اسلام قبول کیا وہ لوگ یہی کہتے رہے ہم نے دین تبدیل کرلیا ہم نے دین تبدیل کرلیا' تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ان کے کچھ لوگوں کو قیدی بنالیا اور کچھ کو قتل کردیا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ہم میں سے ہر ایک کے سپرد ایک قیدی کیا' یہاں تک کہ ایک دن حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ تم میں سے ہر شخص اپنے قیدی کو قتل کردے۔ جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے طرزِ عمل کا ذکر کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے اور ارشاد فرمایا:

''اے اللہ! خالد نے جو کچھ کیا ہے میں اس کے حوالے سے تیری بارگاہ میں برأت کا اظہار کرتا ہوں''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ الْحَرْبِيِّ اِذَا خَافَ حَدَّ السَّيْفِ فَقَالَ اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ

ایسے حربی کو قتل کرنے کی ممانعت کا تذکرہ جو تلوار کی دھار سے خوفزدہ ہو کر یہ کہے: میں نے اللہ کے لیے اسلام قبول کیا

4750 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ،

(متنِ حدیث): قَالَ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَقِيتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَقَطَعَ يَدِى، ثُمَّ لَاذَ مِنِّى بِشَجَرَةٍ، فَقَالَ: اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ اَاَقْتُلُهُ؟، قَالَ: لَا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ قَطَعَ يَدِى، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقْتُلْهُ، فَاِنَّكَ اِنْ قَتَلْتَهُ كَانَ بِمَنْزِلَتِكَ، قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَهُ، وَكُنْتَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ اَنْ يَقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِىْ قَالَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنَى قَوْلِهِ: وَكُنْتَ بِمَنْزِلَتِهِ، قَبْلَ اَنْ يَقُوْلَ كَلِمَتَهُ، الَّتِىْ قَالَ، يُرِيْدُ بِهِ اَنَّكَ اِنْ قَتَلْتَهُ، بَعْدَمَا اَنْهَاكَ عَنْهُ، مُسْتَحِلًّا لَهُ كُنْتَ كَذٰلِكَ، وَلَهُ مَعْنًى اٰخَرُ، وَهُوَ اَنَّكَ اِنْ قَتَلْتَهُ، كُنْتَ بِمَنْزِلَتِهِ يُرِيْدُ

4750– إسناده صحيح على شرط البخارى، ورجاله الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم وهو الملقب بدحيم فمن رجال البخارى الوليد: هو ابن مسلم . واخرجه الطبرانى "595"/20من طريق إسحاق بن موسى الأنصارى، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسنادوأخرجه مسلم "5" "156" فى الإيمان: باب تحريم قتل الكافر بعد أن قال: لا إله إلا الله، عن إسحاق بن موسى الأنصارى، عن الوليد بن مسلم، عن الأوزاعى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عن عبيد الله بن عدين عن المقداد . وأخرجه أحمد 6/3و4و5 – 6و6، والبخارى "4019" فى المغازى: باب رقم "2"، و"6865" فى الديات: باب قول الله تعالى: (وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِناً مُتَعَمِّداً فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ)، ومسلم "95" "155" و "156" و"57"، وأبو داوُد "2644" فى الجهاد: باب على مايقاتل المشركين، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 8/503،والطبرانى "583"/20و "584" و"85" و"586" و"587"و"588" و"589" و"590" و"591" و"592 و"593" و"594" من طريق عن الزهرى، بالإسناد السابق .

اَنَّكَ تُقْتَلُ قَوَدًا بِهٖ كَقَتْلِكَ الْمُسْلِمَ

❀❀ حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا سامنا کسی مشرک شخص سے ہوتا ہے وہ میرا ہاتھ کاٹ دیتا ہے پھر وہ مجھ سے بچنے کے لیے کسی درخت کے پیچھے جاتا ہے اور یہ کہتا ہے میں نے اللہ کے لیے اسلام قبول کیا' تو کیا میں اسے قتل کردوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس نے میرا ہاتھ کاٹ دیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے قتل نہ کرو' کیونکہ اگر تم نے اس کو قتل کردیا' تو وہ تمہاری جگہ پرآ جائے گا۔ جو تمہارے اسے قتل کرنے سے پہلے تھی' اور تم اس کی جگہ پرآ جاؤ گے جو اس کے اس کلمے کو پڑھنے سے پہلے تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم اس کی جگہ پرآ جاؤ گے جو اس کے اس کلمے پڑھنے سے پہلے تھی'' اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: جب میں نے تم کو اس سے منع کردیا۔ اس کے بعد اگر تم اس کو قتل کردیتے اور تم اس کو حلال سمجھتے ہو' تو تم اس طرح کے ہو جاؤ گے' اور اس حدیث کا ایک دوسرا مفہوم بھی ہے وہ یہ ہے۔ کہ اگر تم نے اسے قتل کردیا' تو تم اس کی جگہ پرآ جاؤ گے۔ اس سے مراد یہ ہے: تمہیں قصاص میں قتل کیا جائے گا۔ جس طرح اگر تم کسی مسلمان کو قتل کردیتے ہو (تو تمہیں قصاص میں قتل کردیا جاتا)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ الْمُسْلِمِ الْحَرْبِيِّ اِذَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، عِنْدَ حَسِّهٖ بِالسَّيْفِ

مسلمان ہونے والے حربی کو قتل کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

جب وہ تلوار کو محسوس کر کے لا الٰہ الا اللہ کہہ دے

4751 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ اَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ، قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ ظَبْيَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْحُرَقَةِ مِنْ جُهَيْنَةَ، فَصَبَّحْنَا الْقَوْمَ فَهَزَمْنَاهُمْ، قَالَ: وَلَحِقْتُ اَنَا، وَرَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ رَجُلًا مِنْهُمْ، فَلَمَّا غَشِيْنَاهُ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَكَفَّ عَنْهُ الْاَنْصَارِيُّ وَطَعَنْتُهُ بِرُمْحِي فَقَتَلْتُهُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا بَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اُسَامَةُ قَتَلْتَهُ، بَعْدَمَا قَالَ لَا

4751– إسناده صحيح على شرط الشيخين . حصين: هو ابن عبد الرحمٰن الواسطي، من صغار التعابعين، وأبو ظبيان: حصين بن جندب . وأخرجه أحمد 5/200، والبخاري "4269" في المغازي: باب بعث النبي صلى الله عليه وسلم أسامةبن زيد إلى الحرقات من جهينة و"6872" في الديات: باب قول الله تعالى (ومن أحياها . . . .)، مسلم "96" "159" في الإيمان: باب تحريم قتل الكافر بعد أن قال: لا إله إلا الله، والواحدي في "اسباب النزول" ص 117 من طريق هشيم، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/44 من طريق منصور بن أبي الأسود، عن حصين، بِهِ .وأخرجه مسلم "96" "158"، وأبو داوٗد "2643" في الجهاد: باب على ما يقاتل المشركون. والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/44 من طريق الأعمش عن أبي ظبيان، بِهِ .وأخرجه الذهبي في "السنن" 2/505 من طريق يونس بن بكير، عن محمد بن إسحاق، حدثني محمد بن أسامة بن محمد بن أسامة، عن أبيه، عن جده أسامة بن زيد .

اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ؟، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّمَا قَالَ مُتَعَوِّذًا، فَقَالَ: طَعَنْتَهُ بَعْدَمَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟، فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا، حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنْ لَمْ اَكُنْ اَسْلَمْتُ قَبْلَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

❁❁ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جہینہ قبیلے کی شاخ حرقہ کی طرف بھیجا ہم نے صبح کے وقت ان لوگوں پر حملہ کیا اور انہیں پسپا کر دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں اور ایک انصاری ان لوگوں کے ایک شخص کے سامنے آئے۔ جب ہم اس پر غالب آنے لگے اس نے کہا: لا الٰہ الا اللہ تو انصاری نے اپنا ہاتھ روک لیا۔ میں نے اپنا نیزہ مار کر اسے قتل کر دیا۔ جب ہم لوگ آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی اطلاع مل چکی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے اسامہ کیا تم نے اس کے لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کے بعد اسے قتل کر دیا تھا۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس نے جان بچانے کے لیے یہ پڑھا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا۔ تم نے اس کے لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کے بعد اسے نیزہ مارا تھا؟ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات مسلسل دہراتے رہے' یہاں تک کہ میں نے یہ آرزو کی کاش میں نے آج سے پہلے اسلام ہی نہ قبول کیا ہوتا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ، قَتْلِ الْحَرْبِيِّ اِذَا اَتٰى بِبَعْضِ اَمَارَاتِ الْاِسْلَامِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' ایسے حربی کو قتل کرنا جائز نہیں ہے

جو اسلام کی کسی مخصوص علامت کو بجالائے

4752 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ عَلٰى نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ غَنَمٌ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، فَقَالُوْا مَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا لِيَتَعَوَّذَ مِنْكُمْ، فَعَدَوْا عَلَيْهِ، فَقَتَلُوْهُ وَاَخَذُوْا غَنَمَهُ، فَاَتَوْا بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ (النساء: 94) .

4752– حديث صحيح، سماك، وإن كان في روايته عن عكرمة اضطراب، قد توبع، وباقي رجاله على شرط الشيخين: إسرائيل: هو ابن يونس بن أبي إسحاق السبيعي . وأخرجه أحمد 1/229 و324، والترمذي "3030" في التفسير: باب ومن سورة النساء والطبراني "11731" والحاكم 2/235، والبيهقي 9/115 من طرق عن إسرائيل بهذا الإسناد، وحسنه الترمذي، وصححه الحاكم . وأخرجه البخاري "4591" في تفسير سورة النساء: باب (وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰى اِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا)، ومسلم "3025" في أول تفسير، وأبو داوٗد وفي الحروف والقراءات، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 5/94، والطبري "10214" و"10215" و"10216"، والواحدي ص115، والبيهقي 9/115 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن عمرو بن دينار، عن عطاء عن ابن عباس قال: لقي ناس من المسلمين رجلا في غنيمة له، فقال: السلام عليكم، فأخذوه فقتلوه، وأخذوا تلك الغنيمة، فنزلت: (وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰى اِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا) .

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بنوسلیم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب کے پاس سے گزرا اس شخص کے ساتھ بکریاں بھی تھیں۔ اس شخص نے ان لوگوں کو سلام کیا' تو ان لوگوں نے کہا: اس نے تم لوگوں کو سلام صرف اس لیے کیا تا کہ تم سے بچ جائے۔ ان لوگوں نے اس پر حملہ کر دیا' اور اسے قتل کر دیا اور اس کی بکریاں حاصل کر لیں' پھر وہ لوگ ان بکریوں کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں سفر کرو تو پہلے اس بات کی تحقیق کر لو''۔

یہ آیت آخر تک ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَذَانَ اِذَا سُمِعَ فِيْ مَوْضِعٍ مِّنْ دُوْرِ الْحَرْبِ حَرُمَ قِتَالُهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب حربیوں کے علاقے میں کسی جگہ اذان کی آواز سنائی دے' تو ان کے ساتھ جنگ کرنا حرام ہے

4753 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُغِيْرُ عِنْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ فَيَتَسَمَّعُ، فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا اَمْسَكَ وَاِلَّا اَغَارَ، قَالَ فَاسْتَمَعَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَاِذَا رَجُلٌ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ، فَقَالَ: الْفِطْرَةُ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَقَالَ: خَرَجَ مِنَ النَّارِ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے وقت حملہ کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے غور سے سنتے تھے اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اذان کی آواز آ جاتی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم رک جاتے تھے ورنہ حملہ کر دیتے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سننے کی کوشش کی تو ایک شخص اللہ اکبر اللہ اکبر کہہ رہا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ فطرت (یعنی دین فطرت پر گامزن ہے) اس شخص نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جہنم سے نکل گیا۔

4753– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم أخرجه ابن أبي شيبة 14/461، والطيالسي "2034"، والدارمي 2/217، ومسلم "382" في الصلاة: باب الإمساك عن الإغارة على قوم في دار كفر إذا سمع فيهم الأذان، وأبو داوُد "2634"في الجهاد: باب في دعاء المشركين، والترمذي "1618" في السير: باب ما جاء في وصيته صلى الله عليه وسلم في القتال، وأبو يعلى "3307"، والطحاوي 3/208، وأبو عوانة 1/335و335 – 336و336، والبيهقي 9/107 – 108 من طريق حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم "4745" .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّكُوْنَ اِنْشَاؤُهُ السَّرِيَّةَ بِالْغَدَوَاتِ

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ صبح کے وقت جنگی مہم کو روانہ کرے

4754 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيْدٍ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا، قَالَ: وَكَانَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً، اَوْ جَيْشًا بَعَثَهُمْ فِيْ اَوَّلِ النَّهَارِ، وَكَانَ صَخْرٌ رَجُلًا تَاجِرًا، وَكَانَ يَبْعَثُ تِجَارَتَهُ فِيْ اَوَّلِ النَّهَارِ فَاَثْرٰى وَاَصَابَ مَالًا

❀❀ حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"اے اللہ! میری امت کے صبح کے کاموں میں ان کے لیے برکت رکھ دے"۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی مہم یا لشکر روانہ کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو دن کے ابتدائی حصے میں روانہ کرتے تھے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ ایک تاجر تھے وہ دن کے ابتدائی حصے میں اپنی تجارت کا سامان بھجوا دیا کرتے تھے۔ وہ صاحب حیثیت بھی ہو گئے اور انہیں بہت سا مال بھی حاصل ہو گیا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّكُوْنَ اِنْشَاؤُهُ الْحَرْبَ وَابْتِدَاؤُهُ الْاُمُوْرَ فِي الْاَسْبَابِ بِالْغَدَوَاتِ تَبَرُّكًا بِدُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے اس کا جنگ کا آغاز کرنا یا اپنے دیگر کاموں کو شروع کرنا صبح کے وقت ہونا چاہیے تاکہ وہ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے برکت حاصل کرے

4755 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيْدٍ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

4754– إسناده ضعيف، عمارة بن حديد لم يوثقه غير المؤلف 5/241، وقال ابن المديني: لا أعلم أحداً روى عنه غير أبي يعلى بن عطاء، وقال أوبو زرعة: لا يعرف، وقال حاتم: مجهول .وأخرجه أحمد 3/417 و431 و4/390، وابن أبي شيبة 12/516، وسعيد بن منصور "2382"، وأبو داوُد "2606" في الجهاد: باب في الإبتكار في السفر، والترمذي "1212" في البيوع: باب ما جاء في التبكير في التجارة، وابن ماجه "2236" في التجارات: باب ما يرجى من البركة في البكور، والبغوي في "الجعديات" "2557"، والطبراني "7276"، وأبو محمد البغوي في "شرح السنة" "2673" من طريق هشيم، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: حديث حسن! وانظر ما بعده .

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِي فِي بُكُورِهَا قَالَ: فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً بَعَثَ بِهَا مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ، وَكَانَ صَخْرٌ رَجُلًا تَاجِرًا، فَكَانَ يَبْعَثُ غِلْمَانَهُ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ، فَكَثُرَ مَالُهُ، وَاَثْرَى

حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے اللہ میری امت کے صبح کے کاموں میں ان کے لیے برکت رکھ دے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت صخر رضی اللہ عنہ ایک تاجر آدمی تھے وہ اپنے لڑکوں کو دن کے ابتدائی حصے میں بھیج دیتے تھے' تو ان کا مال زیادہ ہوگیا۔

ذِكْرُ الْاِسْتِحْبَابِ لِلْاِمَامِ اَنْ يَّكُوْنَ اِنْشَاؤُهُ بِالْحَرْبِ لِمُقَاتَلَةِ اَعْدَاءِ اللّٰهِ بِالْغَدَوَاتِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ اللہ کے دشمنوں سے جنگ کرنے کے لیے لڑائی کا آغاز صبح کے وقت کرے

4756 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي، (متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، قَالَ لِلْهُرْمُزَانِ: اَمَا اِذَا فُتِّنِي بِنَفْسِكَ فَانْصَحْ لِي، وَذٰلِكَ اَنَّهُ قَالَ لَهُ تَكَلَّمْ لَا بَاْسَ، فَاَمَّنَهُ، فَقَالَ الْهُرْمُزَانُ: نَعَمْ اِنَّ فَارِسَ الْيَوْمَ رَاْسٌ وَّجَنَاحَانِ، قَالَ: فَاَيْنَ الرَّاْسُ؟

4755- إسناده ضعيف، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه الطيالسي "1246"، وأحمد 3/ 416 و432 و4/384 و390 و391، والدارمي 2/214، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات" "2557"، والبيهقي 9/151/152، والبغوي "26773" من طريق شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني "7277"من طريق نعمان بن ثابت، عن يعلى بن عطاء، به .قلت: لقوله "اللّٰهم بارك لأمتي في بكورها" شواهد تقوية: منها عن علي عند عبد الله بن أحمد في زوائده على "المسند" 1/153 – 154و154 و155 و156، وابن أبي شيبة 12/517، وإسناده ضعيف لضعف عبد الرحمٰن بن إسحاق .وعَنِ ابْنِ عُمَرَ عند ابن ماجه (2238)، والطبراني (13390)، وفي إسناديهما ضعف .وعن ابن عباس عند الطبراني (12966)، وعن ابن مسعود عنده أيضًا (10490)، وعن كعب بن مالك عنده كذلك 19/ (156)، وعن بريدة، وأنس، وجابر، وعبد الله بن سلام، وعمران بن حصين، والنواس بن سمعان .وكلها ضعاف، لكن بمجموعها يصح الحديث .

4756- إسناده قوي، محمد بن خلف ومبارك بن فضالة: صدوقان، وقد روى لهما أصحاب السنن، وقد توبعا، وباقي رجاله على شرط البخاري .وأخرجه بطوله الطبري في "تاريخه " 4/117–120 عن الربيع بن سليمان، عن أسد بن موسى، عن مبارك بن فضالة، بهذا الإسناد .وأخرجه أيضاً ابن أبي شيبة 13/8–12 عن عفان، عَنْ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ معقل بن يسار . . . وهذا إسناد صحيح .وأخرجه بأخصر مما هنا البخاري (3159) في الجزية والموادعة: باب الجزية والموادعة مع أهل الذمة والحرب، و (7530) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (يا أيها الرسول بلّغ ما أنزل إليك من ربك)، من طريق سعيد بن عبيد الله الثقفي، عن بكر بن عبد الله المزني وزياد بن جبير بن حية، عن جبير بن حية . . . .وأخرجه مختصرًا خليفة بن خياط في " تاريخه " ص 148–149 من طريق موسى بن إسماعيل، عن حماد بن سلمة، عن أبي عمران الجوني، عن علقمة بن عبد الله المزني، عن معقل بن يسار .وانظر الحديث الآتي .

(متن حدیث): اَنَّ نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ غَزَا بِاَصْحَابِهِ، فَقَالَ: لَا يَتْبَعْنِي رَجُلٌ بَنَى دَارًا لَمْ يَسْكُنْهَا، اَوْ تَزَوَّجَ امْرَاَةً لَمْ يَدْخُلْ بِهَا، اَوْ لَهُ حَاجَةٌ فِي الرُّجُوعِ، قَالَ: فَلَقِيَ الْعَدُوَّ عِنْدَ غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّهَا مَامُورَةٌ، وَاِنِّي مَامُورٌ، فَاحْبِسْهَا عَلَيَّ، حَتّٰى تَقْضِيَ بَيْنِي، وَبَيْنَهُمْ فَحَبَسَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَفَتَحَ اللّٰهُ لَهُ فَجَمَعُوا الْغَنَائِمَ، فَلَمْ تَاكُلْهَا النَّارُ، وَكَانُوا اِذَا غَنِمُوا غَنِيمَةً بَعَثَ اللّٰهُ عَلَيْهَا النَّارَ، فَاَكَلَتْهَا، فَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ: اِنَّ فِيكُمْ غُلُولًا، فَلْيَاتِنِي مِنْ كُلِّ قَبِيلَةٍ رَجُلٌ، فَلْيُبَايِعْنِي، فَاَتَوْهُ فَبَايَعُوهُ فَلَزِقَتْ يَدُ رَجُلَيْنِ مِنْهُمْ بِيَدِهِ، فَقَالَ: اِنَّكُمَا غَلَلْتُمَا، فَقَالَا: اَجَلْ صُورَةُ رَاسِ بَقَرَةٍ مِّنْ ذَهَبٍ، فَجَاءَا بِهَا، فَاَلْقَيَاهَا فِي الْغَنَائِمِ، فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّارَ فَاَكَلَتْهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: اِنَّ اللّٰهَ اَطْعَمَنَا الْغَنَائِمَ رَحْمَةً رَحِمَنَا بِهَا، وَتَخْفِيفًا خَفَّفَهُ عَنَّا لِمَا عَلِمَ مِنْ ضَعْفِنَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: سَمِعَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدِّمَشْقِيُّ مِنْ مُعَاذِ بْنِ هِشَامٍ بِمَكَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

ایک نبی علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ جنگ میں حصہ لیا' انہوں نے (روانگی سے پہلے) فرمایا: ایسا کوئی شخص میرے ساتھ نہ آئے جس نے نیا گھر بنایا ہو' لیکن ابھی اس میں رہائش اختیار نہ کی ہو' ایسا کوئی شخص میرے ساتھ نہ آئے' جس نے کسی عورت کے ساتھ شادی کر لی ہو' لیکن ابھی اس کے ساتھ صحبت نہ کی ہو' یا اس نے واپس جا کر کوئی ضروری کام کرنا ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان کا دشمن سے سامنا سورج غروب ہونے کے قریب ہوا' انہوں نے دعا کی: اے اللہ! یہ (سورج بھی) حکم کا پابند ہے اور میں بھی حکم کا پابند ہوں' تو اس کو میرے لیے (غروب ہونے سے) اس وقت تک روک دے جب تک میرے اور ان (کفار) کے درمیان فیصلہ نہیں ہو جاتا' تو اللہ تعالیٰ نے سورج کو روک لیا' اللہ تعالیٰ نے اس (نبی علیہ السلام) کو فتح نصیب کی' ان لوگوں نے مالِ غنیمت کو جمع کیا' لیکن اسے آگ نے نہیں کھایا' وہ لوگ جب مالِ غنیمت جمع کر لیتے تھے' تو اللہ تعالیٰ اس پر آگ بھیج دیتا تھا' جو اس کو کھا لیتی تھی۔ ان کے نبی علیہ السلام نے ان لوگوں سے کہا: تم میں سے کسی نے خیانت کی ہے' ہر قبیلے کا ایک شخص میرے پاس آ کر میری بیعت کرے' وہ لوگ اس نبی علیہ السلام کے پاس آئے انہوں نے ان کی بیعت کی تو ان میں سے دو آدمیوں کا ہاتھ اس نبی علیہ السلام کے ہاتھ سے چپک گیا' تو اس نبی علیہ السلام نے فرمایا: تم دونوں نے خیانت کی ہے۔ ان دونوں نے جواب دیا: جی ہاں! (ہم نے) سونے سے بنے ہوئے گائے کے سر جیسی چیز (چھپائی ہوئی ہے) پھر وہ دونوں اسے لے کر آئے اور اسے مالِ غنیمت میں ڈال دیا' تو اللہ تعالیٰ نے آگ کو بھیجا اور اس نے اس (مالِ غنیمت) کو کھا لیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) اس موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے ہم پر اپنی رحمت کی وجہ سے ہمیں مالِ غنیمت عطا کیا اور اس نے ہمیں تخفیف عطا کی' کیونکہ وہ ہماری کمزوری سے واقف ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عبدالرحمن بن ابراہیم دمشقی نے معاذ بن ہشام سے مکہ میں احادیث کا سماع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغَنَائِمَ لَمْ تَحِلَّ لِاُمَّةٍ مِّنَ الْاُمَمِ خَلَا هٰذِهِ الْاُمَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس امت کے علاوہ اور کسی بھی امت کے لیے مالِ غنیمت کو حلال قرار نہیں دیا گیا

4808 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): غَزَا نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ فَقَالَ لِقَوْمِهِ لَا يَتْبَعْنِيْ رَجُلٌ قَدْ نَاكَحَ امْرَاَةً وَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يَّبْنِيَ بِهَا وَلَا رَفَعَ بِنَاءً وَلَمْ يَرْفَعْ سُقُفَهَا وَلَا اشْتَرَى غَنَمًا وَهُوَ يَنْتَظِرُ وِلَادَهَا فَغَزَا، فَدَنَا اِلَى الدَّيْرِ حِيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ، اَوْ قَرُبَ مِنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ لِلشَّمْسِ اِنَّكِ مَاْمُوْرَةٌ، وَاَنَا مَاْمُوْرٌ اللّٰهُمَّ احْبِسْهَا عَلَيَّ شَيْئًا، فَحُبِسَتْ، حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَجَمَعُوْا مَا غَنِمُوْا، فَاَقْبَلَتِ النَّارُ لِتَاْكُلَهُ، فَاَبَتِ النَّارُ اَنْ تَطْعَمَهُ، فَقَالَ: فِيْكُمْ غُلُوْلٌ، فَلْيُبَايِعْنِيْ مِنْ كُلِّ قَبِيْلَةٍ رَجُلٌ، فَبَايَعَهُ، فَلَصِقَتْ يَدُ رَجُلٍ بِيَدِهِ، فَقَالَ: اِنَّ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ، فَلْتُبَايِعْنِيْ قَبِيْلَتُكَ، فَبَايَعَتْهُ قَبِيْلَتُهُ، فَلَصِقَتْ بِيَدِهِ يَدُ رَجُلَيْنِ، اَوْ ثَلَاثَةٍ، فَقَالَ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ، فَاَخْرَجُوْا مِثْلَ رَاْسِ الْبَقَرَةِ، مِنْ ذَهَبٍ، فَوَضَعُوْهُ فِي الْمَالِ، وَهُوَ بِالصَّعِيْدِ، فَاَقْبَلَتِ النَّارُ، فَاَكَلَتْهُ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ كَانَ قَبْلَنَا، وَذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ رَاٰى ضَعْفَنَا فَطَيَّبَهَا لَنَا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روایت کرتے ہیں: نبی اکرم نے ارشاد فرمایا: ایک نبی علیہ السلام جنگ کے لیے تشریف لے جانے لگے تو انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا: کوئی ایسا شخص میرے ساتھ نہ جائے جس نے کسی عورت کے ساتھ نکاح کر لیا ہو اور اب وہ اس عورت کی رخصتی کروانا چاہتا ہو' یا جس نے عمارت بنالی ہو اور ابھی چھت نہ ڈالی ہو' یا اس نے بکری خریدی اور وہ اس بکری کے ہاں بچے ہونے کا منتظر ہو' جب عصر کا وقت ہوا' یا اس کے قریب کا وقت ہوا تو وہ عبادت گاہ کے قریب آئے اور انہوں نے سورج سے فرمایا: تم بھی حکم کے پابند ہو اور میں بھی حکم کا پابند ہوں' اے اللہ! اسے میرے لیے' کچھ دیر کے لیے (غروب ہونے سے) روک دے' تو اسے روک دیا گیا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح عطا کر دی۔ انہیں جو مالِ غنیمت حاصل ہوا تھا وہ انہوں نے اکٹھا کیا' تا کہ آگ آ کر اسے کھالے لیکن آگ نے اسے نہیں کھایا' تو انہوں نے فرمایا: تمہارے درمیان خیانت کا ارتکاب کیا گیا ہے' ہر قبیلے کا ایک شخص میرے ہاتھ پر بیعت کرے' تو ان کی بیعت شروع ہوئی' ایک شخص کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے ساتھ چپک گیا' تو اس نبی نے فرمایا: خیانت

4808- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في " صحيفة همام " (124) .وهو في " مصنف عبد الرزاق " (9492)، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/318، ومسلم (1747) في الجهاد: باب تحليل الغنائم لهذه الأمة خاصة، والبيهقي 6/390 .وأخرجه البخاري (3124) في فرض الخمس: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم - " أحلت لكم الغنائم "، و (5157) مختصراً في النكاح: باب من أحب البناء قبل الغزو، ومسلم (1747) من طريق ابن المبارك، عن معمر، بهذا الإسناد . وانظر الحديثين السابقين .

تمہارے (قبیلے) میں ہوئی ہے۔ تمہارا قبیلہ میری بیعت کرے۔ اس شخص کے قبیلے نے ان کی بیعت کی تو دو (راوی کو شک ہے یا شاید) تین افراد کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے ساتھ چپک گیا' تو انہوں نے فرمایا: خیانت تم نے کی ہے' تو ان لوگوں نے سونے سے بنا ہوا گائے کا سر نکالا' اور اسے مالِ غنیمت میں رکھ دیا۔ جو ایک کھلے میدان میں پڑا تھا' تو آگ آئی اور اسے کھا گئی۔

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا) ہم سے پہلے کسی کے لیے بھی مالِ غنیمت کو حلال قرار نہیں دیا گیا اس کی وجہ یہ ہے: جب اللہ تعالیٰ نے ہماری کمزوری ملاحظہ کی تو ہمارے لیے اسے پاکیزہ (یعنی حلال) قرار دے دیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَا يُعْمَلُ فِي الْغَنَائِمِ إِذَا غَنِمَهَا الْمُسْلِمُونَ

جب مسلمانوں کو مالِ غنیمت حاصل ہو' تو پھر وہ غنیمت کے بارے میں کیا طریقہ کار اختیار کریں گے' اس کا تذکرہ

4809 - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَوْذَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متنِ حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا أَصَابَ مَغْنَمًا أَمَرَ بِلَالًا، فَنَادَى فِي النَّاسِ، فَيَجِيءُ النَّاسُ بِغَنَائِمِهِمْ، فَيُخَمِّسُهُ، وَيُقَسِّمُهُ، فَأَتَاهُ رَجُلٌ بَعْدَ ذٰلِكَ بِزِمَامٍ مِّنْ شَعْرٍ، فَقَالَ: أَمَا سَمِعْتَ بِلَالًا يُنَادِي ثَلَاثًا؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا مَنَعَكَ أَنْ تَجِيءَ بِهِ، فَاعْتَذَرَ إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْ أَنْتَ الَّذِي يَجِيءُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَنْ أَقْبَلَهُ مِنْكَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ کو مالِ غنیمت حاصل ہوتا تو آپ ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیتے کہ وہ لوگوں میں اعلان کر دیں' تو لوگ اپنے' اپنے مالِ غنیمت کو لے آتے' (ایک مرتبہ) نبی اکرم ﷺ نے اس میں سے "خمس" نکال کر بقیہ مال تقسیم کر دیا' تو اس کے بعد ایک شخص بالوں سے بنی ہوئی رسی لے کر آیا' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے بلال کا تین مرتبہ کیا ہوا اعلان نہیں سنا تھا؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں (سنا تھا) نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: پھر کیا وجہ ہے تم اسے پہلے کیوں لے کر نہیں آئے؟ اس شخص نے آپ ﷺ کی خدمت میں معذرت پیش کی' تو نبی اکرم ﷺ

4809- إسناده حسن، محمد بن عبد الرحمٰن بن سهم، ذكره المؤلف في "الثقات" 9/87 فقال: يروى عن ابن المبارك وأبي إسحاق الفزاري، حدثنا عنه عمرو بن سعيد بن سنان وغيره من شيوخنا، ربما أخطأ، قلت: وقد توبع، وعامر بن عبد الواحد: صدوق، وقد روى له مسلم، وباقي رجال ثقات .أبو إسحاق الفزاري: هو إبراهيم بن محمد بن الحارث بن أسماء . وسيرد عند المؤلف برقم (4858) .وأخرجه أبو داوُد (2712) في الجهاد: باب في الغلول إذا كان يسيراً يتركه الإمام ولا يحرق رَحْلَه، والحاكم 2/127، والبيهقي 6/293 و 324 و9/102، من طريق أبي صالح محبوب بن موسى، عن أبي إسحاق الفزاري، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 2/213 عن عتاب بن زياد، عن عبد الله بن المبارك، عن عبد الله بن شوذب، به .

نے فرمایا: ''تم ایسے ہو جاؤ' کہ اگر تم اسے قیامت کے دن بھی لے کر آؤ گے تو میں اسے تم سے قبول نہیں کروں گا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ السُّهْمَانِ الَّتِي يُسْهَمُ بِهَا مَنْ حَضَرَ الْوَقْعَةَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنَ الْغَنَائِمِ

مالِ غنیمت میں سے حصوں کی تقسیم کے طریقے کا تذکرہ جو حصے ان لوگوں کو دیئے جائیں گے جو جنگ میں شریک ہوئے تھے

4810 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لِلْفَرَسِ سَهْمَانِ وَلِلرَّجُلِ سَهْمٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(مالِ غنیمت میں) گھوڑے کے دو حصے ہوں گے اور آدمی کا ایک حصہ ہوگا''۔

ذِكْرُ تَفْصِيلِ اللّٰهِ، الْحُكْمَ الْمَذْكُورَ فِي خَبَرِ سُلَيْمِ بْنِ اَخْضَرَ هٰذَا

اللہ تعالیٰ کا اس حکم کی تفصیل بیان کرنے کا تذکرہ' جو حکم سلیم بن اخضر سے منقول اس روایت میں مذکور ہے

4811 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

4810- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله ثقات رجال الشيخين غير سُليم بن أخضر فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 2/62 و 72، ومسلم (1762) في الجهاد: باب كيفية قسمة الغنيمة بين الحاضرين، والترمذي (1554) في السير: باب في سهم الخيل، والبيهقي 6/325 من طرق عن سُليم، بهذا الإسناد .وأخرجه سعيد بن منصور في " سننه " (2760) و (2762)، وأحمد 2/2، والدارمي 2/225-226، والبخاري (2863) في الجهاد: باب سهام الفرس، و (4228) في المغازي: باب غزوة خيبر، ومسلم (1762)، وأبو داوُد (2733) في الجهاد: باب في سهمان الخيل، وابن ماجه (2854) في الجهاد: باب قسمة الغنائم، وابن أبي شيبة 12/396-397، وابن الجارود (1084)، والدارقطني 4/102 و 104 و 106 و 107، والبيهقي 6/324-325 و325، والبغوي (2722) من طرق عن عبيد الله بن عمر، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق (9320)، والبيهقي 6/325 من طريق عبد الله بن عمر العمري، عن نافع به . وانظر الحديثين الآتيين .

4811- إسناده قوي، عبد اللّٰه بن الوليد -وهو ابن ميمون العدني- روى له أصحاب السنن والبخاري تعليقاً، وهو صدوق وقد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وأخرجه الدارقطني 4/102 من طريق علي بن الحسن بن أبي عيسى، عن عبد الله بن الوليد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/80، والدارمي 2/226، والبيهقي /325 من طرق عن سفيان، بِهِ . وانظر الحديثين السابق والآتي .وفي الحديث دليل على أن للراجل سهماً، وللفارس ثلاثة أسهم، سهماً له، وسهمين لأجل فرسه، وهذا قول أكثر أهل العلم مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وغيرهم، وإليه ذهب الثوري والأوزاعي ومالك وابن المبارك والشافعي وأحمد وإسحاق وأبو يوسف ومحمد، وذهب أبو حنيفة إلى أن للفارس سهمين . انظر " شرح السنة " 11/101-102 .

الْوَلِيدِ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَسْهَمَ لِلْفَارِسِ ثَلَاثَةَ اَسْهُمٍ، سَهْمَيْنِ لِفَرَسِهِ، وَسَهْمًا لِلرَّجُلِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(مالِ غنیمت میں سے) گھڑسوار کے تین حصے ہوں گے' دو حصے اس کے گھوڑے کے اور ایک حصہ آدمی کا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْفَرَسَ لَا يُسْهَمُ لَهُ اِلَّا كَمَا يُسْهَمُ لِصَاحِبِهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' گھوڑے کو بھی اتنا حصہ دیا جائے گا جتنا گھوڑے والے کو دیا جائے گا

4812 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ، وَلِلرَّجُلِ سَهْمًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کے دو حصے اور آدمی کا ایک حصہ مقرر کیا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الْمَعْرَكَةَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ لَهُ اَنْ يُّسْهِمَ مَعَهُمْ بَعْدَ اَنْ يَّكُوْنَ لُحُوْقُهُ بِهِمْ عَلٰى غَيْرِ بُعْدٍ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ) جو شخص مسلمانوں کے ہمراہ جنگ میں شریک نہ ہوا ہو اسے اس بات کا حق حاصل ہے' وہ مسلمانوں کے ہمراہ (مالِ غنیمت میں سے) حصہ لے' جبکہ وہ جنگ کے تھوڑی دیر بعد ہی مسلمانوں سے آ کے مل گیا ہو

4813 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدَمَا فُتِحَتْ خَيْبَرُ بِثَلَاثٍ فَاَسْهَمَ لَنَا، وَلَمْ يُسْهِمْ لِاَحَدٍ، لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ غَيْرَنَا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم خیبر فتح ہونے کے تین دن بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

4812- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبدة الضبي وشيخه سُليم، فمن رجال مسلم . وأخرجه الترمذي (1554) في السير: باب في سهم الخيل، عن أحمد بن عبدة الضبي، بهذا الإسناد . وقال: حديث حسن صحيح . وانظر الحديثين السابقين .

حاضر ہوئے' تو آپ ﷺ نے (مالِ غنیمت میں سے) ہمیں بھی حصہ دیا آپ ﷺ نے ہمارے علاوہ اور کسی بھی ایسے شخص کو حصہ نہیں دیا جو جنگ میں شریک نہیں ہوا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِي مُوسَى الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے علم حدیث میں مہارت نہ رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے منقول روایت کے برخلاف ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

4814 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَبَا عَمْرٍو عَنْ اِسْهَامِ مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ وَالْقِتَالَ، فَقَالَ: لَا يُسْهِمُوْنَ اَلَا تَرَى الطَّائِفَتَيْنِ تَدْخُلَانِ مِنْ دَرْبٍ وَاحِدٍ، اَوْ دَرْبَيْنِ، مُخْتَلِفَيْنِ، فَتَغْنَمُ اِحْدَاهُمَا، وَلَا تَغْنَمُ الْاُخْرَى، وَاِحْدَاهُمَا قُوَّةٌ لِلْاُخْرَى، فَلَا تُشْرِكُ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرَى، غَنِمَا جَمِيْعًا اَوْ غَنِمَ اَحَدُهُمَا بِذٰلِكَ، مَضَى الْاَمْرُ فِيْهِمْ

قَالَ الْوَلِيْدُ: فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَذْكُرُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ عَلَيْهَا اَبَانُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، فَقَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدَ فَتْحِ خَيْبَرَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

4813- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن عمر -وهو ابن محمد بن أبان، لقبه مشكدانة- فمن رجال مسلم، وهو ثقة . بريد: هو ابن عبد الله بن أبي بردة .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/410، وأحمد 4/405-406، والبخاري (4233) في المغازي: باب غزوة خيبر، والترمذي (1559) في السير: باب ما جاء في أهل الذمة يغزون مع المسلمين هل يسهم لهم، والبيهقي 6/333 من طرق عن حفص بن غياث، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري مطولاً ومختصراً (3136) في فرض الخمس: باب (15)، و (3876) في مناقب الأنصار: باب هجرة الحبشة، و (4230)، ومسلم مطولاً (225) في فضائل الصحابة: باب من فضائل جعفر بن أبي طالب وأسماء بنت عميس وأهل سفينتهم، وأبو داوُد (2725) في الجهاد: باب فيمن جاء بعد الغنيمة لا سهم له، وابن الجارود (1089)، والبيهقي 6/333، والبغوي مطولاً (2721) من طريق أبي أسامة عن بريد بن عبد الله، به .

4814- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سعيد بن العزيز، فمن رجال مسلم .وأخرجه البيهقي 6/334 من طريق علي بن بحر القطان، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري (4238) في المغازي: باب غزوة خيبر، تعليقاً عن الزبيدي، عن الزهري عن عنبسة بن سعيد، عن أبي هريرة . ووصله سعيد بن منصور (2793) ومن طريقه أبو داوُد (2723) في الجهاد: باب فيمن جاء بعد الغنيمة لا سهم له، وابن الجارود (1088)، والبيهقي 6/334 عن إسماعيل بن عياش، عن محمد بن الوليد الزبيدي، بهذا الإسناد . وقال البيهقي: قال محمد بن يحيى الذهلي: الحديثان محفوظان حديث عنبسة من حديث الزبيدي، وحديث سعيد بن المسيب من حديث سعيد بن عبد العزيز .وأخرجه الطيالسي (2591) عن أبي عتبة، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن عنبسة بن سعيد قال: حدثني من سمع أبا هريرة يُحَدِّثُ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بعث أبان . . . .

لَا تَقْسِمْ لَهُمْ فَغَضِبَ اَبَانُ وَنَالَ مِنْهُ، قَالَ وَحَمَلَ عَلَيْهِ بِرُمْحِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا اَبَانُ، وَاَبٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَّقْسِمَ لَهُمْ شَيْئًا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الْجَيْشُ اِذَا فَتَحَ مَوْضِعًا مِنْ مَوَاضِعِ اَعْدَاءِ اللّٰهِ لَحِقَ بِهِمْ جَيْشٌ اٰخَرُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بَعْدَ فَرَاغِهِمْ مِنْ فَتْحِهِمْ يَجِبُ اَنْ تُقْسَمَ الْغَنَائِمُ بَيْنَ الْجَيْشِ الَّذِيْ كَانَ الْفَتْحُ لَهُمْ، فَيُسْهَمُ لِلْفَارِسِ ثَلَاثَةُ اَسْهُمٍ سَهْمَانِ لِفَرَسِهٖ، وَسَهْمٌ لَهٗ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمٌ وَّاحِدٌ، وَلَا يُسْهَمُ لِمَنْ اَتٰى بَعْدَ الْفَتْحِ مِمَّا غَنِمُوْا شَيْئًا، اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْجَيْشُ الَّذِيْ لَحِقَ بِالْجَيْشِ الْاَوَّلِ، كَانُوْا مَدَدًا لَهُمْ، فَاِذَا كَانَ كَذٰلِكَ كَانُوْا كَاَنَّهُمَا جَيْشٌ وَّاحِدٌ، اَصْلُهُمْ وَاحِدٌ، وَيَكُوْنُ مَدَدُهُمْ عِنْدَ الْحَاجَةِ اِلَيْهِمْ، فَحِيْنَئِذٍ يُسْهَمُ لَهُمْ كُلِّهِمْ، وَاَمَّا اِسْهَامُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِلْاَشْعَرِيِّيْنَ بَعْدَمَا فَتَحَ خَيْبَرَ كَانَ ذٰلِكَ مِنْ خُمُسٍ خَمَّسَهُ الَّذِيْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، لِيَسْتَمِيْلَ بِذٰلِكَ قُلُوْبَهُمْ، لَا اَنَّهُمْ اُعْطُوْا مِنْ مَغَانِمِ خَيْبَرَ حَيْثُ لَمْ يَشْهَدُوْا فَتْحَهٗ

❁❁ ولید بن مسلم بیان کرتے ہیں: میں نے ابوعمرو سے ایسے شخص کو حصہ دینے کے بارے میں دریافت کیا: جو فتح اور جنگ میں شریک نہیں ہوا تھا' تو انہوں نے فرمایا: ایسے لوگوں کو کوئی حصہ نہیں دیا جائے گا' کیا تم نے غور نہیں کیا؟ دو گروہ ایک ہی راستے سے یا دو مختلف راستوں سے (قلعہ کے اندر) داخل ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک کو مالِ غنیمت حاصل ہوتا ہے اور دوسرے گروہ کو مالِ غنیمت حاصل نہیں ہوتا۔ ان میں سے ایک گروہ دوسرے کی قوت ہوتا ہے' لیکن ان میں سے ایک گروہ دوسرے گروہ کا مالِ غنیمت میں شراکت دار نہیں ہوتا۔ خواہ ان دونوں نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو' یا ان میں سے کسی ایک نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو۔ ان کے درمیان فیصلہ اسی طرح ہوتا ہے۔

ولید کہتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ سعید بن عبدالعزیز سے کیا' تو انہوں نے بتایا۔ میں نے زہری کو سعید بن مسیّب کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہوئے سنا ہے:

حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک جنگی مہم روانہ کی' اس مہم کے امیر حضرت ابان بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ تھے' وہ خیبر فتح ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ (مالِ غنیمت میں سے) انہیں حصہ نہ دیجئے گا' تو ابان غصے میں آ گئے اور انہوں نے ناراضگی کا اظہار کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے ان پر نیزہ تان لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابان! ٹھہر جاؤ!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو (مالِ غنیمت میں سے) کچھ دینے سے انکار کر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب کوئی لشکر اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے کسی علاقے کو فتح کر لے اور پھر مسلمانوں کا دوسرا لشکر ان لوگوں کے فتح حاصل کر لینے کے بعد ان سے آ کر ملے' تو یہ بات لازم ہے' مالِ غنیمت صرف ان لوگوں میں تقسیم کیا جائے جنہوں نے فتح حاصل کی تھی۔ (اس تقسیم میں) گھڑ سوار کو تین حصے دیئے جائیں گے' دو حصے اس کے گھوڑے کے ہوں گے اور ایک حصہ گھڑ سوار کا ہوگا۔ پیادہ شخص کو ایک حصہ ملے گا' جو لوگ فتح حاصل ہو جانے کے بعد آئے ہوں انہیں مالِ غنیمت میں سے کچھ نہیں

ملے گا' البتہ جو لشکر بعد میں آ کر پہلے لشکر سے ملا ہے' اگر وہ مدد کے لیے آیا تھا تو پھر حکم مختلف ہوگا' کیونکہ اس صورت میں دونوں لشکر ایک ہی لشکر شمار ہوں گے' کیونکہ ان کی اصل ایک ہے' اور اگر دوسرے لشکر کی (اس جنگ میں) مدد کی ضرورت ہوتی' تو انہوں نے مدد کرنی تھی۔ اس صورت میں ان سب کو حصہ دیا جائے گا۔

جہاں تک نبی اکرم ﷺ کے اشعر قبیلے کے افراد کو' خیبر فتح ہونے کے بعد' حصہ دینے کا تعلق ہے' تو وہ حصہ "خمس" میں سے دیا گیا تھا۔ وہ "خمس" جو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو عطا کیا تھا۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ لوگ مائل ہو جائیں۔ ایسا نہیں ہے' انہیں خیبر کے مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا گیا' اس صورت میں' جبکہ وہ اس کی فتح میں شریک ہی نہیں ہوئے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ، بِاَنَّ مَنْ كَانَ مَدَدًا لِلْمُسْلِمِيْنَ اَوْ اَدْرَبَ دَرْبَ الْعَدُوِّ مِنْهُمْ وَلَمْ يَشْهَدِ الْمَعْرَكَةَ لَا يُسْهَمُ لَهُمْ كَمَا يُسْهَمُ لِمَنْ حَضَرَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جو شخص مسلمانوں کے لیے کمک کے طور پر آیا ہو یا دشمن کے علاقے میں داخل ہوا ہو' لیکن وہ جنگ میں شریک نہ ہوا ہو' تو اسے حصہ نہیں دیا جائے گا جس طرح ان لوگوں کو حصہ دیا جائے گا' جو لوگ جنگ میں شریک ہوئے تھے

4815 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَبَا عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيَّ عَنْ سِهَامِ مَنْ لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ وَالْقِتَالَ مِنَ الْمَدَدِ، فَقَالَ: لَا يُسْهَمُوْنَ اَلَا تَرَى اِلَى الطَّائِفَتَيْنِ تَدْخُلَانِ مِنْ دَرْبٍ وَاحِدٍ، اَوْ دَرْبَيْنِ مُخْتَلِفَيْنِ فَتَغْنَمُ اِحْدَاهُمَا وَلَا تَغْنَمُ الْاُخْرَى وَاِحْدَاهُمَا قُوَّةٌ لِلْاُخْرَى، فَلَا تُشْرِكُ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرَى غُنْمًا جَمِيْعًا اَوْ غَنِمَ اَحَدُهُمَا بِذٰلِكَ مَضَى الْاَمْرُ فِيْهِمْ

قَالَ الْوَلِيْدُ، فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَذْكُرُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ سَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً، قِبَلَ نَجْدٍ عَلَيْهَا اَبَانُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، فَقَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ فَتْحِ خَيْبَرَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا تَقْسِمْ لَهُمْ، فَقَالَ: فَغَضِبَ اَبَانُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا اَبَانُ، وَاَبٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَقْسِمَ لَهُمْ شَيْئًا

❀❀ ولید بن مسلم بیان کرتے ہیں: میں نے ابو عمرو سے ایسے شخص کو حصہ دینے کے بارے میں دریافت کیا: جو فتح اور جنگ میں شریک نہیں ہوا تھا' تو انہوں نے فرمایا: ایسے لوگوں کو کوئی حصہ نہیں دیا جائے گا' کیا تم نے غور نہیں کیا؟ دو گروہ ایک ہی

4815- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

راستے سے یا دو مختلف راستوں سے (قلعہ کے اندر) داخل ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک کو مالِ غنیمت حاصل ہوتا ہے اور دوسرے گروہ کو مالِ غنیمت حاصل نہیں ہوتا۔ ان میں سے ایک گروہ دوسرے کی قوت ہوتا ہے لیکن ان میں سے ایک گروہ دوسرے گروہ کا مالِ غنیمت میں شراکت دار نہیں ہوتا۔ خواہ ان دونوں نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو یا ان میں سے کسی ایک نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہو۔ ان کے درمیان فیصلہ اسی طرح ہوتا ہے۔

ولید کہتے ہیں: میں نے اس بات کا تذکرہ سعید بن عبدالعزیز سے کیا' تو انہوں نے بتایا۔ میں نے زہری کو سعید بن میب کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہوئے سنا ہے:

حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی سمت ایک جنگی مہم روانہ کی' اس مہم کے امیر حضرت ابان بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ تھے' وہ خیبر فتح ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ (مالِ غنیمت میں سے) انہیں حصہ نہ دیجئے گا' تو ابان غصے میں آ گئے اور انہوں نے ناراضگی کا اظہار کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے ان پر نیزہ تان لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابان! ٹھہر جاؤ!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو (مالِ غنیمت میں سے) کچھ دینے سے انکار کر دیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ وَهِمَ فِي تَأْوِيلِهِ بَعْضُ مَنْ لَمْ يَتَبَحَّرْ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ وَلَا طَلَبَهُ مِنْ مَظَانِّهِ

اس روایت کا تذکرہ، جس کی تاویل میں اس شخص کو غلط فہمی ہوئی جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے علم حدیث کو اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا

4816 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْحَاقَ التَّاجِرُ، بِمَرْوٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا اَتَاهُ الْفَيْءُ قَسَمَهُ فِي يَوْمِهِ، فَاَعْطَى الْاٰهِلَ حَظَّيْنِ وَاَعْطَى الْعَزَبَ حَظًّا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا اَتَاهُ الْفَيْءُ كَانَ يَقْسِمُهُ مِنْ يَوْمِهِ، ثُمَّ يُعْطِي الْاٰهِلَ حَظَّيْنِ وَالْعَزَبَ حَظًّا مِنْ خُمُسِ خَمْسَةٍ لِاَنَّهُ كَانَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِي الْفَيْءِ عَلَى

4816- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه ابن أبي شيبة 12/348، وأحمد 6/29، وأبو داؤد (2953) في الخراج والإمارة: باب في قسم الفيء، من طرق عن ابن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/25-26، وأبو داؤد (2953)، والطبراني في " الكبير " 18/ (81)، وابن الجارود (1112)، والبيهقي 6/346 من طريق أبي المغيرة عبد القدوس بن الحجاج، والطبراني 18/ (80) و (81)، والحاكم 2/140-141، والبيهقي 6/346 من طريق أبي اليمان الحكم بن نافع كلاهما عن صفوان به، وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي .

الْعُزُوبَةِ وَالتَّاَهُّلِ

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مال فے آتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اسی دن میں تقسیم کر دیتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بال بچے دار شخص کو دو حصے عطا کرتے تھے اور کنوارے کو ایک حصہ عطا کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب مال فے آتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اسی دن میں تقسیم کر دیتے اور بال بچے دار شخص کو دو حصے عطا کرتے اور کنوارے کو ایک حصہ عطا کرتے۔ (یہ احتمال ہے) یہ ادائیگی مال خمس میں سے کی جاتی ہوگی کیونکہ آپ بال بچے دار اور کنواروں کو مختلف نوعیت کی ادائیگی کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اسْتِمَالَةُ قُلُوْبِ رَعِيَّتِهِ عِنْدَ الْقِسْمَةِ بَيْنَهُمْ غَنَائِمَهُمْ اَوْ خُمُسًا خَمَّسَهُ اِذَا اَحَبَّ ذٰلِكَ

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے مال غنیمت لوگوں میں تقسیم کرتے وقت اپنی رعایا کے دلوں کو مائل کرے اور اگر وہ مناسب سمجھے تو مال خمس میں سے بھی انہیں ادائیگی کر دے

4817 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَقْبِيَةً وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا، فَقَالَ مَخْرَمَةُ: يَا بُنَيَّ انْطَلِقْ بِنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، قَالَ: ادْخُلْ، فَادْعُهُ لِي، قَالَ فَدَعَوْتُهُ لَهُ، فَخَرَجَ اِلَيْهِ، وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِّنْهَا، وَقَالَ: قَدْ خَبَّاْتُ هٰذَا لَكَ، قَالَ فَنَظَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيَ مَخْرَمَةُ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ قبائیں تقسیم کیں لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کو کچھ نہیں دیا حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اندر جا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر لاؤ۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر لایا

4817– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد –وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهب– فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة . ابن أبي مليكة: هو عبد الله بن عبيد الله بن أبي مليكة .وأخرجه أبو داوُد (4028) في اللباس: باب ما جاء في الأقبية، عن يزيد بن موهب، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (992) في الهبة: باب كيف يقبض العبد والمتاع، و (5800) في اللباس: باب القباء وفروج حرير، ومسلم (1058) في الزكاة: باب إعطاء من سأل بفحش وغلظة، وأبو داوُد (4028)، والترمذي (2818) في الأدب: باب رقم (53)، والنسائي 8/205 في الزينة: باب لبس الأقبية، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، بِه . وأخرجه البخاري تعليقاً (3127) و (5862) عن الليث، بِه . وأخرجه البخاري (2657 في الشهادات: باب شهادة الأعمى، و (3127) في فرض الخمس: باب قسمة الإمام ما يقدم عليه، و (6132) في الأدب: باب المداراة مع الناس، ومسلم (1058) من طريق أيوب السختياني، عن ابن أبي مليكة، بِه .وانظر الحديث الآتي .

نبی اکرم ﷺ ان کے پاس باہر تشریف لائے' آپ ﷺ کے پاس ایک قباء تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ میں نے تمہارے لیے سنبھال کر رکھی ہوئی تھی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: مخرمہ راضی ہو گئے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے لیث بن سعد نے یہ روایت ابن ابوملیکہ سے نہیں سنی ہے

4818 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ اَخْبَرَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبِيَةً، وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا، فَقَالَ مَخْرَمَةُ: يَا بُنَيَّ انْطَلِقْ بِنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَقَالَ: ادْخُلْ، فَادْعُهُ لِيْ، قَالَ فَدَعَوْتُهُ لَهُ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ فَقَالَ: قَدْ خَبَّاْتُ هٰذَا لَكَ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَضِيَ مَخْرَمَةُ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کچھ قبائیں تقسیم کیں' لیکن آپ ﷺ نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کو کچھ نہیں دیا' حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اندر جا کر نبی اکرم ﷺ کو بلا کر لاؤ۔ میں نبی اکرم ﷺ کو بلا کر لایا نبی اکرم ﷺ ان کے پاس باہر تشریف لائے' آپ ﷺ کے پاس ایک قباء تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ میں نے تمہارے لیے سنبھال کر رکھی ہوئی تھی۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: مخرمہ راضی ہو گئے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ لُزُوْمُ الْعَدْلِ بِالْقِسْمَةِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ مَالَهُمْ وَتَرْكُ الْاِغْضَاءِ عَمَّنِ اعْتَرَضَ عَلَيْهِ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ مسلمانوں کے درمیان مالِ غنیمت تقسیم کرتے ہوئے انصاف سے کام لے اور جو شخص اس بارے میں اس پر اعتراض کرتا ہے اس سے چشم پوشی کرے

4819 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ

4818– إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد الله: هو ابن المبارك . وهو مكرر ما قبله .

حَدَّثَنِی عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، کَانَ یَقْبِضُ لِلنَّاسِ فِی ثَوْبِ بِلَالٍ یَوْمَ حُنَیْنٍ یُعْطِیْهِمْ، فَقَالَ اِنْسَانٌ مِّنَ النَّاسِ: اعْدِلْ یَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: وَیْلَكَ اِذَا لَمْ اَعْدِلْ فَمَنْ یَّعْدِلُ لَقَدْ خِبْتُ وَخَسِرْتُ اِنْ لَمْ اَعْدِلْ قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰہِ عَلَیْہِ: دَعْنِی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَضْرِبُ عُنُقَهٗ، فَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَعَاذَ اللّٰہِ، اَنْ یَّتَحَدَّثَ النَّاسُ، اَنِّی اَقْتُلُ اَصْحَابِی، اِنَّ هٰذَا وَاَصْحَابًا لَهٗ، یَقْرَئُوْنَ الْقُرْآنَ لَا یُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں سے چیزیں نکال کر لوگوں کو عطا کر رہے تھے۔ ایک شخص بولا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! انصاف سے کام لیجئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں انصاف سے کام نہیں لوں گا' تو پھر کون انصاف سے کام لے گا؟ اگر میں انصاف سے کام نہ لوں' تو میں خسارے اور نقصان کا شکار ہو جاؤں گا' راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس کی گردن اڑا دیتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی پناہ! (اس صورت میں غیر مسلم) لوگ یہ باتیں کریں گے کہ میں اپنے ساتھیوں کو قتل کروا دیتا ہوں۔ بے شک یہ شخص اور اس کے ساتھی قرآن کی تلاوت کریں گے' لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔

ذِکْرُ مَا یُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ تَحَمُّلُ مَا یُرَدُّ عَلَیْہِ مِنْ رَعِیَّتِهٖ عِنْدَ الْقِسْمَةِ فِیْهِمِ اقْتِدَاءً بِالْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے

لوگوں کے درمیان مالِ غنیمت کی تقسیم کے دوران اپنے اوپر رعایا کی طرف سے ہونے والے اعتراض پر برداشت سے کام لے

4820 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشَّرْقِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الذُّهْلِیُّ، قَالَ:

4819- إسناده صحيح على شرط مسلم وأبو الزبير صرح بالتحديث عند مسلم فانتفت شبهة تدليسه . عبد الله بن نافع: هو الصائغ، ويحيى بن سعيد: هو ابن قيس الأنصاري . وأخرجه النسائي في " فضائل القرآن " (113) من طريق ابن وهب، عن مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/353 و 354، ومسلم (1063) في الزكاة: باب ذكر الخوارج وصفاتهم، والنسائي في " فضائل القرآن " (112) من طرق عن يحيى بن سعيد، به .وأخرجه أحمد 3/354-355، ومسلم (1063)، وابن ماجه (172) في المقدمة: باب في ذكر الخوارج، والبيهقي في " الدلائل " 5/185-186 من طرق عن أبي الزبير، به .وأخرجه البخاري مختصراً (3138) في فرض الخمس: باب إذا بعث الإمام رسولاً في حاجة، والبيهقي في " الدلائل " 5/186 .

4820- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذُّهلي وعمر بن محمد بن جبير، فمن رجال البخاري .وهو في " مصنف عبد الرزاق " (9497)، ومن طريقه أخرجه البغوي (3689) .وأخرجه أحمد 4/82، والبخاري (3148) في فرض الخمس: باب ما كان يعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس، من طريق صالح بن كيسان، و (2821) في الجهاد: باب الشجاعة في الحرب والجبن، والمزي في " تهذيب الكمال " ص 1023 في ترجمة عمر بن محمد، من طريق شعيب بن أبي حمزة، كلاهما عن الزهري، بهذا الإسناد .وفي الباب عن عبد الله بن عمرو عند البيهقي 7/17 و 9/102

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَمْلَاهُ عَلَيْنَا مِنْ كِتَابِهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ يَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ النَّاسُ مَقْفَلَهُ مِنْ حُنَيْنٍ عَلِقَهُ الْاَعْرَابُ يَسْاَلُونَهُ، فَاضْطَرُّوهُ اِلٰى سَمُرَةٍ، حَتّٰى خُطِفَ رِدَاؤُهُ وَهُوَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ، فَوَقَفَ فَقَالَ: رُدُّوا عَلَيَّ رِدَائِي، اَتَخْشَوْنَ عَلَيَّ الْبُخْلَ، فَلَوْ كَانَ عَدَدُ هٰذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا، لَقَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا جَبَانًا، وَلَا كَذَّابًا

❀❀ محمد بن جبیر بن مطعم بیان کرتے ہیں: ان کے والد (حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ) نے انہیں یہ بات بتائی ہے: ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اور بھی لوگ تھے' یہ غزوۂ حنین سے واپسی کی بات ہے' کچھ دیہاتیوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیر لیا وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگ رہے تھے' انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سمرہ کے درخت کی طرف جانے پر مجبور کر دیا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر کھینچ لی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت سواری پر سوار تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری چادر مجھے واپس کرو' کیا تمہیں میرے بارے میں بخل کا اندیشہ ہے؟ اگر یہ تمام شاخیں نعمتوں میں تبدیل ہو جائیں' تو میں ان سب کو تمہارے درمیان تقسیم کر دوں گا اور تم مجھے بخیل یا بزدل یا جھوٹا نہیں پاؤ گے۔

ذِكْرُ مَا يَعْدِلُ الْبَعِيرُ، فِي قَسْمِ الْغَنَائِمِ مِنَ الشَّاءِ

اس بات کا تذکرہ' مالِ غنیمت تقسیم کرتے ہوئے کتنی بکریاں ایک اونٹ کے برابر شمار ہوں گی

4821 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

4821- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبد الله بن الحكم، فمن رجال مسلم . غُندر: لقب محمد بن جعفر .وأخرجه النسائی 7/221 فی الضحايا: باب ما تجزء عنه البدنة فی الضحايا، عن أحمد بن عبد الله بن الحكم، بهذا الإسناد . وفيه قول شعبة .وأخرجه أحمد 3/264، ومسلم (1968) (23) فی الأضاحی: باب جواز الذبح بكل ما أنهر الدم، من طريق غندر، عن شعبة، عن سعيد بن مسروق، به مطولاً . وفی أحمد قول محمد بن جعفر غندر، وشعبة .وأخرجه البخاری (2507) فی الشركة: باب من عدل عشرة من الغنم بجزور فی القَسْم، ومسلم (1968) (20)، والترمذی (1492) فی الأحكام والفوائد: باب ما جل فی البعير والبقر إذا ندّ فصار وحشياً يُرمى بسهم أم لا، و (1600) فی السير: باب ما جاء فی كراهية النهبة، وابن ماجه (3137) فی الأضاحی: باب كم تجزیء من الغنم عن البدنة، من طرق عن سفيان الثوری، به مطولاً . وأخرجه البخاری (2488) فی الشركة: باب قسمة الغنم، و (3075) فی الجهاد: باب ما يكره من ذبح الإبل والغنم فی المغانم، و (5498) فی الذبائح والصيد، باب التسمية على الذبيحة، والنسائی 7/191-192 فی الصيد والذبائح: باب الإنسية تستوحش، وابن ماجه (3137)، من طريقی أبی عوانة وزائدة عن سعيد بن مسروق، به مطولاً .وأخرجه البخاری (5543) فی الذبائح: باب إذا أصاب قوم غنيمة، وأبو داوُد (2821) فی الأضاحی: باب فی الذبيحة بالمروة، والترمذی (1492) و (1600)، والبيهقی 9/247 من طريق أبی الأحوص و 9/247 من طريق حسان بن إبراهيم الكرمانی، كلاهما عن سعيد مسروق، عن عباية بن رفاعة، عن أبيه، عن جده، رافع بن خديج مطولاً .

بْنِ الْحَكَمِ الْكُرْدِيُّ بَصْرِيٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَجْعَلُ فِي قَسْمِ الْغَنَائِمِ عَشْرًا مِنَ الشَّاءِ بِبَعِيرٍ، قَالَ شُعْبَةُ: وَاَكْبَرُ عِلْمِي اَنِّي سَمِعْتُهُ مِنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، وَقَالَ غُنْدَرٌ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ سُفْيَانَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيلٌ عَلٰى اَنَّ الْبَدَنَةَ تَقُومُ عَنْ عَشَرَةٍ اِذَا نُحِرَتْ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مالِ غنیمت تقسیم کرتے ہوئے دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر قرار دیتے تھے۔

شعبہ نامی راوی کہتے ہیں: میرا غالب گمان یہی ہے میں نے یہ روایت سعید بن مسروق سے سنی ہے۔

غندر کہتے ہیں: میں نے یہ روایت سفیان سے سنی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے اونٹ کی قربانی دس آدمیوں کی طرف سے کی جائے گی۔

ذِكْرُ مَا خَصَّ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَخْذِ الصَّفِيِّ مِنَ الْغَنَائِمِ لِنَفْسِهِ خَارِجًا مِنْ خُمُسِ الْخُمُسِ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ خصوصیت عطا کی ہے آپ اپنی ذات کے لیے مالِ غنیمت میں سے کوئی چیز مخصوص کر سکتے ہیں جو خمس کے پانچویں حصے کے علاوہ ہو

4822 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَتْ صَفِيَّةُ مِنَ الصَّفِيِّ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا (مالِ غنیمت میں سے) اس مال میں شامل تھیں۔ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص تھا۔

4822– إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو أحمد الزبيري: هو محمد بن عبد الله بن الزبير .وأخرجه أبو داوُد في الخراج: باب ما جاء في سهم الصفي، عن نصر بن علي الجهضمي، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني في " الكبير " 24/ (175)، والحاكم 3/39 من طريقين عن أبي أحمد الزبيري، بِهِ . وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي .وأخرجه الحاكم 2/128، والبيهقي 6/304 من طريق أبي حذيفة وأبي نعيم، عن سفيان، بِهِ .

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ كَانَ يَحْبِسُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُمُسَ خُمُسِهِ وَخُمُسَ الْغَنَائِمِ جَمِيعًا

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے خمس کے پانچویں حصے اور تمام مال غنیمت کے خمس کو اپنے پاس روک لیا تھا

4823 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ عَائِشَةَ، اَخْبَرَتْهُ

(متن حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَتْ اِلٰى اَبِي بَكْرٍ تَسْاَلُهُ مِيرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ وَفَاطِمَةُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهَا حِينَئِذٍ تَطْلُبُ صَدَقَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي بِالْمَدِينَةِ وَفَدَكَ، وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نُوَرَّثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ، اِنَّمَا يَاْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ هٰذَا الْمَالِ، لَيْسَ لَهُمْ اَنْ يَّزِيدُوْا عَلَى الْمَاْكَلِ، وَاِنِّي وَاللّٰهِ، لَا اُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا، الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهَا فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَاَعْمَلَنَّ فِيهَا بِمَا عَمِلَ فِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبٰى اَبُو بَكْرٍ، اَنْ يَّدْفَعَ اِلٰى فَاطِمَةَ مِنْهَا شَيْئًا، فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ، عَلٰى اَبِي بَكْرٍ مِّنْ ذٰلِكَ، فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ تُكَلِّمْهُ، حَتّٰى تُوُفِّيَتْ، وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ لَيْلًا، وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا اَبَا بَكْرٍ، فَصَلّٰى عَلَيْهَا عَلِيٌّ، وَكَانَ

4823– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمرو بن عثمان بن سعيد الحمصي وأبيه، فروى لهما أصحاب السنن، وهما ثقتان .وأخرجه أبو داوُد (2969) في الخراج والإمارة: باب صفايا رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن عمرو بن عثمان بن سعيد، بهذا الإسناد مختصراً .وأخرجه البخاري (3711) و (3712) في فضائل الصحابة: باب مناقب قرابة رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والبيهقي 6/300 من طريق أبي اليمان، والنسائي 7/132 في قسم الفيء، من طريق أبي إسحاق الفزاري، كلاهما عن شعيب بن أبي حمزة، به مختصراً .وأخرجه بطوله البخاري (4240) و (4241) في المغازي: باب غزوة خبر، ومسلم (1759) (52) في الجهاد والسير: باب قول النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لا نُورَثُ ما تركنا فهو صدقة "، وأخرجه مختصراً أحمد 1/9 –10، وأبو داوُد (2968)، والبيهقي 10/142–143 من طرق عن اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلِ بْنِ خَالِدٍ الأيلي، عن الزهري، به . وأخرجه مختصراً أحمد 1/10، والمروزي في "مسند أبي بكر" (38)، والبخاري (4035) و (4036) في المغازي: باب حديث بني النضير، و (6725) و (6726) في الفرائض: باب قول النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لا نُورَثُ ما تركنا صدقة "، ومسلم (1759) (53)، والبيهقي 6/300 من طريق معمر، والبخاري (3092) و (3093) في فرض الخمس: باب فرض الخمس، ومسلم (1759) (54)، وأبو داوُد (970)، والبيهقي 6/300–301 من طريق صالح، كلاهما عن الزهري، به .

لِعَلِيٍّ مِّنَ النَّاسِ وَجْهٌ حَيَاةَ فَاطِمَةَ، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ فَاطِمَةُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهَا، انْصَرَفَتْ وُجُوهُ النَّاسِ عَنْ عَلِيٍّ، حَتّٰى اَنْكَرَهُمْ، فَضَرَعَ عَلِيٌّ عِنْدَ ذٰلِكَ اِلٰى مُصَالَحَةِ اَبِىْ بَكْرٍ، وَمُبَايَعَتِهٖ وَلَمْ يَكُنْ بَايَعَ تِلْكَ الْاَشْهُرَ، فَاَرْسَلَ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ، اَنِ ائْتِنَا وَلَا يَاْتِنَا مَعَكَ اَحَدٌ، وَكَرِهَ عَلِيٌّ اَنْ يَّشْهَدَهُمْ عُمَرُ، لِمَا يَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ عُمَرَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ عُمَرُ لِاَبِىْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ لَا تَدْخُلُ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: وَمَا عَسٰى اَنْ يَّفْعَلُوْا بِىْ، وَاللّٰهِ لَاٰتِيَنَّهُمْ، فَدَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ، فَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّا قَدْ عَرَفْنَا يَا اَبَا بَكْرٍ فَضِيلَتَكَ، وَمَا اَعْطَاكَ اللّٰهُ، وَاِنَّا لَمْ نَنْفَسْ عَلَيْكَ خَيْرًا سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيْكَ، وَلٰكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَ عَلَيْنَا بِالْاَمْرِ، وَكُنَّا نَرٰى لَنَا حَقًّا، وَذَكَرَ قَرَابَتَهُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَقَّهُمْ، فَلَمْ يَزَلْ يَتَكَلَّمُ، حَتّٰى فَاضَتْ عَيْنَا اَبِىْ بَكْرٍ، فَلَمَّا تَكَلَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَىَّ اَنْ اَصِلَ مِنْ قَرَابَتِىْ، وَاَمَّا الَّذِىْ شَجَرَ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ، فَاِنِّىْ لَمْ آلُ فِيْهَا عَنِ الْخَيْرِ، وَاِنِّىْ لَمْ اَكُنْ لِاَتْرُكَ فِيْهَا اَمْرًا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ فِيْهَا اِلَّا صَنَعْتُهُ، قَالَ عَلِيٌّ: مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةَ لِلْبَيْعَةِ، فَلَمَّا اَنْ صَلَّى اَبُوْ بَكْرٍ صَلَاةَ الظُّهْرِ ارْتَقٰى عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ، وَذَكَرَ شَاْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهُ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهُ بِالَّذِىْ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرَ وَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ، فَعَظَّمَ حَقَّ اَبِىْ بَكْرٍ، وَذَكَرَ اَنَّهُ لَمْ يَحْمِلْهُ عَلَى الَّذِىْ صَنَعَ نَفَاسَةٌ عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ وَلَا اِنْكَارٌ فَضِيلَتِهِ الَّتِىْ فَضَّلَهُ اللّٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّا كُنَّا نَرٰى لَنَا فِى الْاَمْرِ نَصِيبًا وَاسْتَبَدَّ عَلَيْنَا، فَوَجَدْنَا فِىْ اَنْفُسِنَا فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ، وَقَالُوْا لِعَلِيٍّ: اَصَبْتَ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِلٰى عَلِيٍّ، قَرِيبًا حِينَ رَاجَعَ عَلَى الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا اوران سے اس مال میں سے اپنے وراثت کے حصے کا مطالبہ کیا' جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مالِ فے کے طور پر عطا کیا تھا' وہ مدینہ منورہ اور فدک میں موجود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کی زمینوں) کے صدقے (میں سے اپنے حصے) کی طلب گار تھیں۔ اوراس میں سے بھی جو خیبر کے خمس میں سے باقی بچتا تھا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشادفرمائی ہے:

''ہماری (یعنی انبیاء کی) وراثت نہیں ہوتی۔ ہم جو چھوڑ کر جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے گھر والے اس مال میں سے صرف اپنی خوراک حاصل کر سکتے ہیں' ان کے لیے خوراک سے زیادہ حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے''۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقات (کوخرچ کرنے) میں کوئی تبدیلی نہیں کروں گا۔ یہ اسی حالت میں رہیں گے' جس حالت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں تھے' اور میں انہیں اسی طرح استعمال کروں گا جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں استعمال کیا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان میں سے کوئی بھی چیز سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دینے سے انکار کردیا۔ اس پر سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ناراض ہوگئیں۔ انہوں نے اپنے انتقال تک حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے

لاتعلقی اختیار کی اور ان سے کبھی بات نہیں کی۔ ان کا انتقال نبی اکرم ﷺ کے وصال کے 6 ماہ بعد ہوا۔ جب ان کا انتقال ہو گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں رات کے وقت ہی دفن کر دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع نہیں دی۔ ان کی نمازِ جنازہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی زندگی میں لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مل لیتے تھے لیکن جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا تو لوگوں کی توجہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہٹ گئی اور لوگ ان کے لئے اجنبی ہو گئے۔ اس بات نے انہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کرنے' اور ان کی بیعت کرنے کی طرف مائل کیا۔ ان (6) مہینوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت نہیں کی تھی۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا۔ آپ ہمارے ہاں آئیں' لیکن آپ کے ساتھ کوئی نہ آئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ بات پسند نہیں تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ان کے ہمراہ ہوں' کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مزاج کی سختی سے واقف تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر سے کہا: اللہ کی قسم! آپ اکیلے ان لوگوں کے ہاں نہیں جائیں گے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ مجھے کچھ نہیں کہیں گے۔ اللہ کی قسم! میں ان کے پاس ضرور جاؤں گا۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمۂ شہادت پڑھا' اور پھر یہ کہا: اے ابوبکر! آپ کی فضیلت اور جو (خصوصیات) اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہیں' ہم ان سے واقف ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو بھلائی عطا کی ہے' ہم اس کا انکار نہیں کرتے' لیکن حکومت کے معاملے میں آپ نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے۔ ہماری یہ رائے ہے کہ ہم اس کا حق رکھتے ہیں' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ اپنی قرابت اور اپنے حق کا تذکرہ کیا۔ وہ مسلسل بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بات شروع کی تو انہوں نے کہا: "اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' نبی اکرم ﷺ کے رشتہ داروں (کے ساتھ اچھا سلوک کرنا) مجھے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔ جہاں تک اس معاملے کا تعلق ہے جو ان صدقات کے حوالے سے میرے اور آپ کے درمیان اختلاف ہوا تو میں نے ان کے بارے میں بھلائی کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں کی۔ میں نے ان کے بارے میں کوئی ایسا نہیں کام ترک نہیں کیا' جو میں نے نبی اکرم ﷺ کو ان کے بارے میں کرتے ہوئے دیکھا' میں نے وہی کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: بیعت کے لئے آپ سے شام کو ملاقات ہو گی۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز ادا کر لی تو وہ منبر پر چڑھے' انہوں نے کلمۂ شہادت پڑھا۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بیعت نہ کرنے کے معاملے اور ان کے عذر کا ذکر کیا' اور پھر کلمہ استغفار پڑھا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھا۔ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عظمت کا اعتراف کیا اور اس بات کا ذکر کیا کہ انہوں نے جو کچھ کیا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کسی ناراضگی یا ان کی اس فضیلت کے انکار کی وجہ سے نہیں تھا' جو فضیلت اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا کی ہے۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وضاحت کی:) ہم یہ سمجھتے ہیں حکومت میں ہمارا حصہ ہونا چاہیے تھا اور انہوں نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے' اس کی وجہ سے ہمیں ناراضگی تھی۔ (لیکن اب میں بیعت کر رہا ہوں)

اس پر مسلمان بہت خوش ہوئے' انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ نے ٹھیک کیا ہے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے درست موقف کی طرف رجوع کر لیا تو مسلمان پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قریب ہو گئے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ الْقِسْمَةُ فِي ذَوِي الْقُرْبٰى مِنَ السَّهْمِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس بات کا تذکرہ امام پر یہ بات لازم ہے جس حصے کا ہم نے ذکر کیا ہے اس میں سے تقسیم کرتے ہوئے رشتہ داروں میں بھی تقسیم کرے

4824 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ،

قَالَ: مَا اَنَا بِفَاعِلٍ، قَالَ مِكْرَزٌ: بَلْ قَدْ اَجَزْنَاهُ لَكَ، فَقَالَ اَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، اُرَدُّ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ، وَقَدْ جِئْتُ مُسْلِمًا، اَلَا تَرَوْنَ اِلٰى مَا قَدْ لَقِيتُ، وَكَانَ قَدْ عُذِّبَ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي اللّٰهِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَاللّٰهِ مَا شَكَكْتُ مُنْذُ اَسْلَمْتُ، اِلَّا يَوْمَئِذٍ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ اَلَسْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ حَقًّا، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ اَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ، وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ؟، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا، اِذًا قَالَ: اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَلَسْتُ اَعْصِي رَبِّي، وَهُوَ نَاصِرِيٌّ، قُلْتُ: اَوَ لَيْسَ كُنْتَ تُحَدِّثُنَا اَنَّا سَنَاْتِي الْبَيْتَ، فَنَطُوْفُ بِهِ؟، قَالَ: بَلٰى، فَخَبَّرْتُكَ اَنَّكَ تَاْتِيهِ الْعَامَ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَاِنَّكَ تَاْتِيهِ، فَتَطُوْفُ بِهِ، قَالَ: فَاَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا بَكْرٍ اَلَيْسَ هٰذَا نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: اَوَ لَسْنَا عَلَى الْحَقِّ، وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا، اِذًا قَالَ: اَيُّهَا الرَّجُلُ اِنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَلَيْسَ يَعْصِي رَبَّهُ، وَهُوَ نَاصِرُهُ، فَاسْتَمْسِكْ بِغَرْزِهِ، حَتّٰى تَمُوْتَ، فَوَاللّٰهِ اِنَّهُ عَلَى الْحَقِّ، قُلْتُ: اَوَ لَيْسَ كَانَ يُحَدِّثُنَا، اَنَّا سَنَاْتِي الْبَيْتَ، وَنَطُوْفُ بِهِ؟، قَالَ: بَلٰى، قَالَ: فَاَخْبَرَكَ اَنَّا نَاْتِيهِ الْعَامَ، قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَاِنَّكَ آتِيهِ، وَتَطُوْفُ بِهِ، قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: فَعَمِلْتُ فِيْ ذٰلِكَ اَعْمَالًا، يَعْنِيْ فِيْ نَقْضِ الصَّحِيْفَةِ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنَ الْكِتَابِ، اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ فَقَالَ: انْحَرُوا الْهَدْيَ، وَاحْلِقُوْا، قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا قَامَ رَجُلٌ، مِنْهُمْ رَجَاءَ، اَنْ يُحْدِثَ اللّٰهُ اَمْرًا، فَلَمَّا لَمْ يَقُمْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: مَا لَقِيتُ مِنَ النَّاسِ، قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اَوَ تُحِبُّ ذَاكَ اخْرُجْ، وَلَا تُكَلِّمَنَّ اَحَدًا، مِنْهُمْ كَلِمَةً، حَتّٰى تَنْحَرَ بُدْنَكَ، وَتَدْعُوَ حَالِقَكَ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ، وَلَمْ يُكَلِّمْ اَحَدًا مِنْهُمْ، حَتّٰى نَحَرَ، بُدْنَهُ، ثُمَّ دَعَا حَالِقَهُ، فَحَلَقَهُ، فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ النَّاسُ جَعَلَ بَعْضُهُمْ، يُحَلِّقُ بَعْضًا، حَتّٰى كَادَ بَعْضُهُمْ يَقْتُلُ بَعْضًا، قَالَ: ثُمَّ جَاءَ نِسْوَةٌ مُّؤْمِنَاتٌ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِذَا جَاءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ) (الممتحنة: 10) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ، قَالَ: فَطَلَّقَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ امْرَاَتَيْنِ كَانَتَا لَهُ فِي الشِّرْكِ، فَتَزَوَّجَ اِحْدَاهُمَا مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ، وَالْاُخْرٰى صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ، قَالَ: رَجَعَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَجَاءَهُ اَبُوْ بَصِيرٍ، رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ، وَهُوَ مُسْلِمٌ، فَاَرْسَلُوْا فِيْ طَلَبِهِ رَجُلَيْنِ، وَقَالُوا: الْعَهْدُ الَّذِي جَعَلْتَ لَنَا، فَدَفَعَهُ اِلَى الرَّجُلَيْنِ، فَخَرَجَا، حَتّٰى بَلَغَا بِهِ ذَا الْحُلَيْفَةِ: فَنَزَلُوْا يَاكُلُونَ مِنْ تَمْرٍ لَهُمْ، فَقَالَ اَبُوْ بَصِيرٍ لِاَحَدِ الرَّجُلَيْنِ، وَاللّٰهِ لَاَرٰى سَيْفَكَ هٰذَا، يَا فُلَانُ جَيِّدًا، فَقَالَ اَجَلْ، وَاللّٰهِ اِنَّهُ لَجَيِّدٌ، لَقَدْ جَرَّبْتُ بِهِ، ثُمَّ جَرَّبْتُ، فَقَالَ اَبُوْ بَصِيرٍ: اَرِنِيْ اَنْظُرْ اِلَيْهِ، فَاَمْكَنَهُ مِنْهُ، فَضَرَبَهُ، حَتّٰى بَرَدَ، وَفَرَّ الْاٰخَرُ، حَتّٰى اَتَى الْمَدِيْنَةَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ يَعْدُو، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ رَاٰى هٰذَا ذُعْرًا، فَلَمَّا انْتَهٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِي، وَاِنِّيْ لَمَقْتُوْلٌ، فَجَاءَ اَبُوْ بَصِيرٍ، فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَدْ وَاللّٰهِ اَوْفَى اللّٰهُ ذِمَّتَكَ، قَدْ رَدَدْتَنِيْ اِلَيْهِمْ، ثُمَّ اَنْجَانِي اللّٰهُ

مِنْهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلُ اُمِّهٖ لَوْ كَانَ مَعَهُ اَحَدٌ، فَلَمَّا سَمِعَ بِذٰلِكَ، عَرَفَ اَنَّهُ سَيَرُدُّهُ اِلَيْهِمْ مَرَّةً اُخْرٰى، فَخَرَجَ، حَتّٰى اَتٰى سِيفَ الْبَحْرِ، قَالَ وَتَفَلَّتَ، مِنْهُمْ اَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، فَلَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ، فَجَعَلَ لَا يَخْرُجُ مِنْ قُرَيْشٍ، رَجُلٌ اَسْلَمَ اِلَّا لَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ، حَتّٰى اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا يَسْمَعُوْنَ بِعِيْرٍ خَرَجَتْ لِقُرَيْشٍ، اِلَى الشَّامِ، اِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا، فَقَتَلُوْهُمْ، وَاَخَذُوْا اَمْوَالَهُمْ، فَاَرْسَلَتْ قُرَيْشٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تُنَاشِدُهُ اللّٰهَ، وَالرَّحِمَ لَمَا اَرْسَلَ اِلَيْهِمْ، مِمَّنْ اَتَاهُ، فَهُوَ آمِنٌ، فَاَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ) (الفتح: 24)، حَتّٰى بَلَغَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَتْ حَمِيَّتُهُمْ اَنَّهُمْ لَمْ يُقِرُّوْا اَنَّهُ نَبِيُّ اللّٰهِ، وَلَمْ يُقِرُّوْا بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

❀❀ عروہ بن زبیر نے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ اور مروان بن حکم کے حوالے سے روایت نقل کی ہے: ان میں سے ہر ایک کی نقل کردہ روایت دوسرے کی نقل کردہ روایت کی تصدیق کرتی ہے۔ وہ دونوں بیان کرتے ہیں:

حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ایک ہزار سے زیادہ اصحاب کے ہمراہ روانہ ہوئے، یہاں تک کہ وہ لوگ ذوالحلیفہ پہنچ گئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنے قربانی کے جانور کے) گلے میں ہار پہنا دیا اور اس پر نشان بھی لگا دیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے آگے بنوخزاعہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو جاسوس کے طور پر بھیج دیا تا کہ وہ قریش کے بارے اطلاعات آپ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچائے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کرتے رہے، یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ''عسفان'' کے قریب ''اشطاط'' کے کنویں کے پاس پہنچ گئے، تو خزاعی جاسوس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے بتایا: میں نے کعب بن لوئی اور عامر بن لوی کو اس حال میں چھوڑا ہے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ساز و سامان جمع کر لیا ہے، انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہت سے لوگوں کو اکٹھا کر لیا ہے۔ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لڑائی کرنے کے لیے تیار ہیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ شریف تک نہیں جانے دیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ کرام) سے ارشاد فرمایا: مجھے مشورہ دو، تمہارا کیا خیال ہے؟ کیا ہم ان کے بال بچوں کی طرف مڑ جائیں، جو ان کے مددگار ہوتے ہیں، اور ہم ان پر حملہ کر دیں اگر وہ آڑے آتے ہیں، تو اللہ تعالیٰ انہیں کاٹ دے، یا پھر تمہارا یہ خیال ہے، ہم بیت اللہ کی طرف بڑھیں اور جو ہمیں روکنے کی کوشش کرے، اس کے ساتھ ہم جنگ کریں؟

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول زیادہ علم رکھتے ہیں، ہم عمرہ کرنے کے لیے آئے ہیں، ہم کسی سے جنگ کرنے نہیں آئے ہیں تاہم جو بھی شخص ہمارے اور بیت اللہ کے درمیان رکاوٹ بنے گا ہم اس کے ساتھ جنگ کریں گے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تم لوگ روانہ ہو جاؤ۔

زہری نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ، کسی کو اپنے ساتھیوں سے مشورہ کرنے والا نہیں دیکھا۔

زہری نے عروہ کے حوالے، حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ اور مروان بن حکم سے منقول اپنی روایت میں یہ ذکر کیا ہے:

یہ حضرات روانہ ہو گئے، یہاں تک کہ راستے میں کسی جگہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''غمیم'' کے مقام پر خالد بن ولید قریش کے کچھ گھڑسواروں کے ہمراہ (ہمارے ساتھ مقابلے کے لیے) موجود ہے، تو تم لوگ دائیں طرف سے ہو کر جاؤ۔ اللہ کی قسم! خالد بن ولید کو ان لوگوں کا پتہ بھی نہیں چل سکا۔ یہاں تک کہ جب وہ سامنے آئے، تو قریش کو اطلاع دینے کے لیے تیزی سے روانہ ہوئے۔

پھر نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے یہاں تک کہ جب آپ ﷺ اس گھاٹی تک پہنچے جہاں سے نیچے کی طرف اترا جاتا ہے۔ تو وہاں پہنچ کر نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی بیٹھ گئی۔ لوگوں نے کہا اٹھو اٹھو لیکن وہ وہاں ہی بیٹھی رہی۔ لوگوں نے کہا قصویٰ یہاں رُک گئی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قصویٰ نہیں رکی ہے اس کی یہ عادت نہیں ہے، لیکن جس ذات نے ہاتھیوں کو روک لیا تھا۔ اس نے اسے بھی روک لیا ہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ وہ لوگ مجھ سے جس بھی ایسی چیز کا مطالبہ کریں گے جس مطالبے میں وہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ قابل احترام چیزوں کی تعظیم برقرار رکھیں۔ میں ان کا وہ مطالبہ مان لوں گا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اس اونٹنی کو ڈانٹا تو وہ کھڑی ہو گئی۔ پھر نبی اکرم ﷺ راستے سے ہٹ گئے اور آپ ﷺ نے حدیبیہ کے دور دراز کے کنارے پر پڑاؤ کیا وہاں پانی کا ایک چھوٹا سا کنواں تھا۔ لوگوں نے اس میں سے تھوڑا تھوڑا پانی حاصل کرنا شروع کیا۔ پھر اس میں پانی ختم ہو گیا نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیاسا ہونے کی شکایت کی گئی نبی اکرم ﷺ نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر نکالا اور لوگوں کو ہدایت کی کہ اس تیر کو اس کنویں میں ڈال دیں۔

راوی بیان کرتے ہیں اس کے بعد جب تک لوگ وہاں سے واپس نہیں گئے اس وقت تک مسلسل اس سے سیراب ہوتے گئے۔

ابھی یہ لوگ وہیں موجود تھے کہ اسی دوران بدیل بن ورقاء خزاعی اپنی قوم خزاعہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کے ہمراہ وہاں آیا۔ اہل تہامہ میں سے یہ شخص نبی اکرم ﷺ کا سب سے زیادہ خیر خواہ تھا۔ اس نے کہا میں نے کعب بن لوی اور عامر بن لوی کو اس حالت میں چھوڑا ہے، انہوں نے حدیبیہ کے پانی کے متعدد کنوؤں پر پڑاؤ کیا ہوا ہے۔ ان کے ہمراہ دودھ دینے والی اونٹنیاں ہیں۔ وہ لوگ آپ ﷺ کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے تیار ہیں اور آپ ﷺ کو بیت الحرام تک جانے سے روکنے کے لیے تیار ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم کسی سے لڑنے کے لیے نہیں آئے ہیں۔ ہم عمرہ کرنے کے لیے آئے ہیں۔ بے شک قریش کو جنگ نے کمزور کر دیا ہے اور انہیں نقصان پہنچایا ہے۔ اگر وہ لوگ چاہیں، تو میں انہیں کسی متعین مدت تک کی مہلت دیتا ہوں۔ وہ مجھے اور لوگوں کو چھوڑ دیں۔ اگر ہم لوگ غالب آ گئے، تو پھر اگر وہ چاہیں، تو جس دین میں لوگ داخل ہوتے ہیں وہ بھی اس میں داخل ہو جائیں، اگر وہ یہ بات نہیں مانتے تو اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں اپنے اس دین کے حوالے سے ان کے ساتھ ضرور جنگ کروں گا یہاں تک کہ میں شہید ہو جاؤں، یا پھر اللہ تعالیٰ اپنے دین کو غالب کر دے۔

بدیل بن ورقاء نے کہا میں ان لوگوں تک آپ ﷺ کی کہی ہوئی بات پہنچا دوں گا۔ پھر وہ چلا گیا۔ قریش کے پاس آیا اور بولا میں ان صاحب کے پاس سے تمہارے پاس آیا ہوں میں نے انہیں ایک بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ اگر تم چاہو تو وہ میں

تمہارے سامنے پیش کر دیتا ہوں۔ تو قریش کے بیوقوف لوگوں نے کہا ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے' تم ان کے بارے میں کوئی بھی چیز ہمیں بیان کرو' لیکن سمجھدار لوگوں نے کہا تم نے انہیں جو کہتے ہوئے سنا ہے وہ بیان کرو تو اس نے بتایا کہ میں نے انہیں یہ بات کہتے ہوئے سنا ہے۔ پھر اس نے قریش کو وہ تمام باتیں بتا دیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی تھیں۔ اس وقت ابومسعود عروہ بن مسعود ثقفی کھڑا ہوا۔ وہ بولا: اے لوگو! کیا تم میرے لیے بچوں کی طرح نہیں ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا میں تمہارے لیے باپ کی جگہ نہیں ہوں۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا تم لوگ مجھ پر کوئی الزام عائد کرتے ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس نے کہا کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ میں نے عکاظ میں شرکت کرنے والوں کو جنگ میں لڑائی کے لیے بلایا تھا اور جب انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا' تو میں اپنے بیوی بچوں اور پیروکاروں کو لے کر تمہارے پاس آ گیا تھا۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ تو اس نے کہا ان صاحب نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے۔ تم لوگ اسے قبول کر لو اور مجھے موقع دو۔ میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا کہ آپ ان کے پاس چلے جائیں۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات چیت کرنی شروع کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کے سامنے وہی بات بیان کی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدیل بن ورقاء سے کہی تھی۔ تو عروہ بن مسعود نے کہا یہ تو ٹھیک ہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی کیا رائے ہے کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قوم کو جڑ سے ختم کر دیں گے۔ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عرب کے بارے میں یہ بات سنی ہے' اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اپنی قوم کو سرے سے ختم کر دیا ہو اور اگر دوسری صورت ہوتی ہے (یعنی جنگ ہو جاتی ہے) تو اللہ کی قسم میں نے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آنے والے) لوگوں کو دیکھ لیا ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں یہ (جنگ کی صورت میں) بھاگ جائیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ جائیں گے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا۔ تم لات (نامی بت) کی شرمگاہ کو چوسو' کیا ہم بھاگ جائیں گے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ جائیں گے۔ ابومسعود نے دریافت کیا یہ کون ہے۔ جب اسے بتایا گیا: یہ ابوقحافہ کے صاحبزادے ابوبکر ہیں' تو ابومسعود نے کہا۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تم نے مجھ پر احسان نہ کیا ہوتا جس کا میں تمہیں بدلہ نہیں دے سکا تھا تو میں تمہاری اس بات کا جواب دیتا۔ اس کے بعد وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات چیت کرنے لگا۔ وہ جب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات کرتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی کو ہاتھ لگاتا تھا تو مغیرہ بن شعبہ ثقفی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سرہانے کھڑے ہوئے تھے۔ ان کے پاس تلوار تھی اور سر پر خود بھی رکھا ہوا تھا۔ جیسے ہی عروہ نے اپنا ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی شریف کی طرف بڑھایا۔ تو انہوں نے اپنی تلوار کا دستہ اس کے ہاتھ پر مارا اور بولا تم اپنے ہاتھ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی شریف سے دور رکھو۔ عروہ نے اپنا سر اٹھایا اور دریافت کیا یہ کون ہے۔ لوگوں نے بتایا مغیرہ بن شعبہ ثقفی۔ عروہ نے کہا اے غدار کیا میں نے تمہاری غداری کی وجہ سے کوشش نہیں کی (یعنی اس کا تاوان ادا نہیں کیا)

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ زمانہ جاہلیت میں کچھ لوگوں کے ساتھ تھے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو قتل کر کے ان کا مال حاصل کر لیا۔ پھر وہ آئے اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا۔ جہاں تک اسلام کا تعلق ہے' تو اسے میں قبول کر لیتا ہوں' لیکن جہاں تک مال کا تعلق ہے۔ تو اس میں سے کوئی چیز نہیں ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں پھر عروہ نے کن اکھیوں سے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کا جائزہ لینا شروع کیا اللہ کی قسم نبی اکرم ﷺ جو بھی تھوک پھینکتے تھے وہ ان اصحاب میں سے کسی کی ہتھیلی پر گرتی تھی وہ اسے اپنے چہرے اور جلد پر مل لیتا تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ انہیں کسی بات کا حکم دیتے تھے' تو وہ اسے پورا کرنے کی بھرپور کوشش کرتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ وضو کرتے تھے وہ لوگ آپ ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ بات چیت کرتے تھے' تو نبی اکرم ﷺ کے سامنے وہ اپنی آوازیں پست رکھتے تھے اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نظر اٹھا کر آپ ﷺ کی طرف نہیں دیکھتے تھے۔

جب عروہ بن مسعود اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا۔ تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی قسم میں بادشاہوں کے پاس بھی گیا ہوں میں کسریٰ اور قیصر اور نجاشی کے پاس بھی گیا ہوں۔ اللہ کی قسم میں نے ایسا کوئی بادشاہ نہیں دیکھا جس کے ساتھی اس کی اتنی تعظیم کرتے ہوں۔ جتنی حضرت محمد ﷺ کے ساتھی ان کی تعظیم کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم اگر وہ کوئی تھوک پھینکتے ہیں۔ تو وہ ان میں سے کسی شخص کی ہتھیلی پر گرتی ہے اور وہ اسے اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا ہے' جب وہ انہیں کوئی حکم دیتے ہیں' تو تیزی سے ان کا حکم پورا کرنے کی طرف لپکتے ہیں۔ جب وہ وضو کرتے ہیں' تو وہ ان کے وضو کے بچے ہوئے پانی کے حصول کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے ہیں اور جب وہ بات چیت کرتے ہیں' تو وہ لوگ ان کے سامنے اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے۔ انہوں نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے تم لوگ اسے قبول کرلو۔ پھر بنو کنانہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے کہا۔ آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ جب وہ نبی اکرم ﷺ کو دور سے نظر آیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ فلاں شخص ایک ایسی قوم سے تعلق رکھتا ہے' جو قربانی کے جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں۔ تو تم لوگ اس کے سامنے قربانی کے جانوروں کو کھڑا کردو۔ راوی بیان کرتے ہیں قربانی کے جانوروں کو کھڑا کر دیا گیا اور لوگ تلبیہ پڑھتے ہوئے اس کے سامنے آئے۔ جب اس نے یہ صورت حال دیکھی تو بولا سبحان اللہ ان جیسے لوگوں کو بیت اللہ جانے سے نہیں روکا جا سکتا۔ جب وہ اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا تو اس نے کہا میں نے قربانی کے جانور دیکھے ہیں' جن کی گردن میں ہار ڈال دیئے گئے ہیں اور ان پر نشان لگا دیئے گئے ہیں۔ اس لیے میرے خیال میں انہیں بیت اللہ جانے سے نہیں روکنا چاہئے پھر ان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا جس کا نام مکرز تھا۔ اس نے کہا آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا آپ چلے جائیں ان کے پاس۔ جب وہ ان لوگوں کے سامنے آیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ مکرز ہے یہ ایک بدترین شخص ہے اس نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت شروع کی ابھی وہ بات کر ہی رہا تھا کہ اسی دوران سہیل بن عمرو آ گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ سہیل ہے۔ اب اللہ تعالیٰ تمہارے لیے تمہارے معاملے کو آسان کردے گا۔

معمر نے مسور اور مروان کے حوالے سے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں۔ سہیل آیا' تو اس نے کہا: آیئے اپنے اور ہمارے درمیان معاہدہ تحریر کروالیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے لکھنے والے شخص کو بلوایا۔ اور فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھو۔ سہیل نے کہا: جہاں تک لفظ رحمٰن کا تعلق ہے اللہ کی قسم مجھے نہیں معلوم اس سے مراد کیا ہے' بلکہ آپ یہ لکھیں **باسمك اللهم** پھر نبی اکرم ﷺ نے

ارشاد فرمایا۔ تم لکھو یہ وہ معاہدہ ہے' جو محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کر رہے ہیں۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اللہ کے رسول ہیں۔ تو ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کو بیت اللہ جانے سے نہ روکتے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے جنگ نہ کرتے' بلکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یہ لکھیں محمد بن عبداللہ۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اللہ کی قسم بے شک میں اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم میری تکذیب کرتے ہو۔ تم محمد بن عبداللہ لکھو۔

زہری کہتے ہیں نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے اس فرمان کی وجہ یہی تھی کہ آپ نے فرما دیا تھا: وہ لوگ مجھ سے جو بھی مطالبہ کریں گے جس میں وہ اللہ کی حرمات کا احترام کریں' تو میں ان کا وہ مطالبہ پورا کروں گا۔

راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: (یہ معاہدہ) اس شرط پر ہوگا کہ تم لوگ ہمیں بیت اللہ تک جانے دو گے۔ ہم اس کا طواف کریں گے۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا کہ ہم دباؤ میں آگئے ہیں۔ آپ اگلے سال آئیں گے۔ تو نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے یہی تحریر کروا دیا۔ سہیل بن عمرو نے کہا۔ اس شرط پر کہ ہم میں سے جو بھی شخص آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے پاس آئے گا۔ اگرچہ وہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے دین کا ماننے والا ہو۔ یا آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے دین کو اختیار کرنا چاہتا ہو۔ پھر بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسے ہماری طرف واپس کر دیں گے۔ مسلمانوں نے کہا سبحان اللہ ایسے شخص کو مشرکین کو کیسے واپس کیا جا سکتا ہے' جو مسلمان ہونا چاہتا ہو۔ اسی دوران ابوجندل بن سہیل بن عمرو زنجیر گھسیٹتے ہوئے آگئے۔ وہ مکہ کے زیریں حصے سے باہر آئے تھے۔ وہ مسلمانوں کے درمیان آکر گر گئے' تو سہیل بن عمرو نے کہا اے محمد یہ وہ پہلی شرط ہے' جس پر ہم نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسے ہمیں واپس کر دیں۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ابھی یہ معاہدہ شروع نہیں ہوا۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اللہ کی قسم پھر میں کسی بھی چیز پر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے ساتھ کبھی کوئی معاہدہ نہیں کروں گا۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا۔ تم اسے میری خاطر رہنے دو۔ اس نے کہا میں اسے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی خاطر نہیں رہنے دوں گا۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تم ایسا کر لو۔ اس نے کہا میں ایسا نہیں کروں گا۔ اس پر مکرز نے کہا ہم اسے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔

تو ابوجندل بن سہیل بن عمرو نے کہا: اے مسلمانوں کے گروہ کیا مجھے مشرکین کی طرف لوٹا دیا جائے گا' جبکہ میں مسلمان ہو کر آیا ہوں۔ کیا تم لوگوں نے دیکھا نہیں ہے' میری کیا حالت ہے؟ (راوی کہتے ہیں:) ان صاحب کو اللہ کی راہ میں شدید عذاب دیا گیا تھا۔ حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کہتے ہیں۔ اللہ کی قسم جب سے میں مسلمان ہوا تھا۔ میں نے کبھی کوئی شکایت نہیں کی تھی۔ صرف اس دن کی۔ میں نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اللہ کے سچے رسول نہیں ہیں۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا: کیا ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا پھر ہم اپنے دین کے بارے میں کیوں کمتر ہوں۔ تو نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں میں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہے وہ میرا مددگار ہے۔ میں نے کہا کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ہمیں یہ بات نہیں بتائی تھی کہ ہم بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جی ہاں۔ کیا میں نے تمہیں یہ بتایا تھا کہ تم اسی سال بیت اللہ تک جاؤ گے۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: پھر تم اس تک جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کہتے ہیں۔ پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے پاس آیا میں نے کہا اے ابوبکر کیا یہ اللہ کے سچے نبی نہیں

ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ پھر ہم اپنے دین کے معاملے میں کیوں کم تر ہوں۔ اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اے صاحب وہ اللہ کے رسول ہیں انہوں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہوگی۔ ان کا پروردگار ان کا مددگار ہے۔ تم مرتے دم تک ان کی رکاب کو مضبوطی سے تھام کر رکھو۔ اللہ کی قسم وہ حق پر ہیں۔ میں نے دریافت کیا: کیا انہوں نے ہمیں یہ بات نہیں کی تھی۔ ہم عنقریب بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا انہوں نے تمہیں یہ کہا تھا کہ تم اسی سال وہاں تک جاؤ گے۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تم وہاں جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اس بارے میں بڑی کوشش کی یعنی کسی طرح یہ معاہدہ ختم ہو جائے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معاہدہ تحریر کروا کر فارغ ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم دیا۔ تم لوگ قربانی کے جانور قربان کر دو اور سر منڈ والو۔ راوی بیان کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔ اسے یہ امید تھی شاید اللہ تعالیٰ اس بارے میں کوئی نیا فیصلہ نازل کر دے۔ جب ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے لوگوں کی طرف سے اس طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرنا چاہتے ہیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے ساتھ کوئی بات نہ کریں اور اپنا قربانی کا جانور قربان کر دیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر منڈوانے والے کو بلائیں۔ (وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دے گا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے ساتھ کوئی بات نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کا جانور ذبح کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈوانے والے کو بلوایا اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دیا۔ جب لوگوں نے یہ صورت حال دیکھی تو لوگوں نے ایک دوسرے کے سر مونڈنے شروع کر دیئے یہاں تک کہ ان کے درمیان ہاتھا پائی ہونے لگی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ پھر کچھ مومن عورتیں آئیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ہے۔

''اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن خواتین ہجرت کر کے آئیں۔''

یہ آیت کے آخر تک ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانہ شرک میں اپنی دو بیویوں کو طلاق دے دی تھی۔ ان دونوں میں سے ایک نے معاویہ بن ابوسفیان سے شادی کر لی تھی اور دوسری نے صفوان بن امیہ کے ساتھ شادی کر لی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ واپس تشریف لائے' تو ابوبصیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ یہ قریش سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب تھے جو مسلمان ہو گئے تھے۔ قریش نے ان کے مطالبے کے لیے دو آدمیوں کو بھیجا۔ ان لوگوں نے کہا ہمارے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان یہ معاہدہ ہوا تھا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب کو ان دو آدمیوں کے حوالے کر

دیا۔ وہ دونوں روانہ ہوئے۔ یہاں تک کہ وہ دونوں ان کے ہمراہ ذوالحلیفہ تک پہنچے تو وہاں کھجوریں کھانے لگے۔ حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ نے ان دو آدمیوں میں سے ایک سے کہا اللہ کی قسم اے فلاں میں دیکھ رہا ہوں تمہاری یہ تلوار بہت عمدہ ہے اس نے کہا جی ہاں اللہ کی قسم یہ بہت عمدہ ہے میں اسے کئی مرتبہ آزما چکا ہوں۔ حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بھی دکھاؤ میں اس کا جائزہ لوں۔ اس نے وہ تلوار انہیں دی۔ انہوں نے وہ تلوار اسے مار کر اسے ٹھنڈا کر دیا، دوسرا شخص بھاگ کر مدینہ منورہ آ گیا۔ وہ مسجد میں داخل ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص خوف زدہ لگ رہا ہے۔ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا' تو اس نے بتایا۔ اللہ کی قسم انہوں نے میرے ساتھی کو مار دیا اور مجھے بھی مار دیں گے اس دوران ابوبصیر آ گئے۔ انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاہدے کو پورا کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ان کی طرف لوٹا دیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے نجات دے دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اس کی ماں برباد ہو۔ کاش اس کے ساتھ کوئی اور شخص ہوتا۔ جب انہوں نے یہ بات سنی۔ تو انہیں اندازہ ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ انہیں ان لوگوں کی طرف واپس کر دیں گے۔ وہ وہاں سے نکلے یہاں تک کہ سمندر کے کنارے آ گئے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابوجندل بن سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ بھی ان لوگوں سے فرار ہو کر حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ سے جا ملے پھر قریش کا جو بھی شخص نکلتا تھا۔ یعنی جس نے بھی اسلام قبول کیا ہوتا۔ وہ جا کر ابوبصیر سے مل جاتا۔ یہاں تک کہ ان کے پاس ایک گروہ اکٹھا ہو گیا۔ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم وہ قریش کے جس بھی اونٹ کے بارے میں سنتے وہ شام جانے کے لیے نکلا ہے' تو اس کے سامنے آ کر ان لوگوں کو قتل کر دیتے اور ان کا مال حاصل کر لیتے۔ قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیغام بھیجا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا واسطہ دیا اور رحم کی درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو پیغام بھجوائیں کہ اب جو بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے گا وہ محفوظ ہو گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو پیغام بھجوایا۔ تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی:

''اور وہی وہ ذات ہے' جس نے ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے مکہ کے نشیب میں روک دیا۔''

یہ آیت یہاں تک ہے۔ ''جاہلیت کی حمیت''۔

ان کی حمیت یہ تھی کہ وہ اس بات کا اقرار نہیں کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نبی ہیں اور انہوں نے اس بات کا اقرار نہیں کیا تھا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كَاتِبَ الْكِتَابِ بَيْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ قُرَيْشٍ مِمَّا وَصَفْنَا كَانَ عَلِيَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان (معاہدے کو) جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' تحریر کرنے والی شخصیت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ تھے

4873 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ،

قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): اِعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذِي الْقَعْدَةِ فَاَبٰى اَهْلُ مَكَّةَ اَنْ يَّدَعُوْهُ اَنْ يَّدْخُلَ مَكَّةَ، حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلٰى اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوْا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: لَا نُقِرُّ بِهٰذَا لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ شَيْئًا، وَلٰكِنْ اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لِعَلِيٍّ: امْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا اَمْحُوكَ اَبَدًا، فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِتَابَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ، فَاَمَرَ فَكَتَبَ مَكَانَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُحَمَّدًا، فَكَتَبَ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْ لَا يَدْخُلَ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ، اِلَّا السَّيْفَ فِي الْقُرُبِ، وَلَا يَخْرُجُ مِنْهَا بِاَحَدٍ يَتْبَعُهُ، وَلَا يَمْنَعُ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِهِ اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا، فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِيًّا، فَقَالُوْا: قُلْ لِصَاحِبِكَ فَلْيَخْرُجْ عَنَّا، فَقَدْ مَضَى الْاَجَلُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَبِعَتْهُمْ، بِنْتُ حَمْزَةَ تُنَادِي يَا عَمُّ، يَا عَمُّ، فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَاَخَذَ بِيَدِهَا وَقَالَ: لِفَاطِمَةَ دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ، فَحَمَلَتْهَا، فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِيٌّ، وَزَيْدٌ، وَجَعْفَرٌ فَقَالَ عَلِيٌّ: اَنَا اَخَذْتُهَا، وَهِيَ ابْنَةُ عَمِّي، وَقَالَ جَعْفَرٌ: ابْنَةُ عَمِّي وَخَالَتُهَا تَحْتِي، وَقَالَ زَيْدٌ: ابْنَةُ اَخِي، فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ لِخَالَتِهَا، وَقَالَ: الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ، وَقَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّي، وَاَنَا مِنْكَ، وَقَالَ لِجَعْفَرٍ: اَشْبَهْتَ خَلْقِي، وَخُلُقِي، وَقَالَ لِزَيْدٍ: اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ذی القعدہ کے مہینے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کیا' تو اہل مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں داخل ہونے سے منع کر دیا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ وہ مکہ میں تین دن قیام کریں گے۔ جب ان لوگوں نے معاہدہ تحریر کر دیا تو انہوں نے یہ بات تحریر کی کہ یہ وہ معاہدہ ہے' جو اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کر رہے ہیں' تو کفار نے کہا۔ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے۔ اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی چیز سے نہ روکتے' بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم محمد بن عبداللہ ہیں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہی تحریر کریں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کا رسول بھی ہوں اور محمد بن عبداللہ بھی ہوں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا لفظ ''رسول اللہ'' مٹا دو۔ انہوں نے عرض کی: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم (کا اسم گرامی) کبھی نہیں مٹاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریر کو لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو باقاعدہ لکھنا نہیں آتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت لفظ رسول اللہ کی جگہ لفظ محمد لکھ دیا گیا اور یہ تحریر کیا گیا یہ وہ معاہدہ ہے' جو محمد بن عبداللہ کر رہے ہیں۔ کہ وہ ہتھیار لے کر مکہ میں داخل نہیں ہوں گے البتہ ان کی تلواریں میان میں ہوں گی اور وہ مکہ میں سے کسی ایسے شخص کو ساتھ لے کر نہیں جائیں گے جو ان کا پیروکار ہو گا اور وہ اپنے ساتھیوں میں سے کسی ایسے شخص کو نہیں روکیں گے جو مکہ میں مقیم رہنا چاہے گا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لے آئے اور طے شدہ مدت گزر

4873- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي، فمن رجال البخاري . وأخرجه البخاري (1844) في جزاء الصيد: باب لبس السلاح للمحرم، و (2699) في الصلح: باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان . . .، و (4251) في المغازي: باب عمرة القضاء، عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/298، والدارمي 2/237-238 من طريقين عن إسرائيل، به . وقد تقدم عند المؤلف برقم (4849) .

گئی تو لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ اپنے آقا سے کہیے کہ وہ ہمارے پاس سے تشریف لے جائیں' کیونکہ متعین مدت پوری ہوگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہونے لگے تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارتی ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے آئی۔ اے چچا اے چچا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بچی کو پکڑ لیا انہوں نے اس بچی کا ہاتھ پکڑا اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ تم اپنی چچازاد کو سنبھالو۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اسے اٹھالیا۔

اس لڑکی کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے درمیان اختلاف ہوگیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے میں نے حاصل کیا ہے۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری چچازاد ہے اور اس کی خالہ میری بیوی ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری بھتیجی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچی کے بارے میں اس کی خالہ کے حق میں فیصلہ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خالہ ماں کی جگہ ہوتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم شکل وصورت اور اخلاق میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم ہمارے بھائی اور ہمارے آزاد کردہ غلام ہو۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْعَدَدِ الَّذِي كَانَ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ

(صحابہ کرام) کی اس تعداد کا تذکرہ جو حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھی

4874 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ دِعَامَةَ السَّدُوسِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ لِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ: كَمْ كَانُوا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ؟، قَالَ: اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ، قَالَ: قُلْتُ: اِنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: كَانُوا اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ، قَالَ: اَوْهَمَ جَابِرٌ هُوَ الَّذِي حَدَّثَنِي، اَنَّهُمْ كَانُوا اَلْفًا وَخَمْسَ مِائَةٍ

قتادہ بیان کرتے ہیں میں نے سعید بن مسیب سے دریافت کیا۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: ایک ہزار پانچ سو۔ راوی کہتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ تو کہتے ہیں ان کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ تو سعید نے کہا انہیں غلط فہمی ہوئی ہوگی۔ انہوں نے خود مجھے یہ بات بتائی ہے' ان کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی۔

4874– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الله بن بَزِيع، فمن رجال مسلم . ابن المفضل: هو بشر .وأخرجه البيهقي 5/235 من طريقين عن قرة بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (4153) في المغازي: باب غزوة بدر، من طريق سعيد، عن قتادة، بِهِ .وأخرجه بنحوه من طرق عن جابر: أحمد 3/310 و 329، والطيالسي (1729)، والبخاري (4152)، ومسلم (1856) (72) و (73) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال . . .، والبيهقي 5/235 .

ذِكْرُ خَبَرِ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ عَدَدَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ كَانَ دُوْنَ الْقَدْرِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے علم حدیث میں مہارت نہ رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ حدیبیہ کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد اس مقدار کے علاوہ تھی جو ہم نے ذکر کی ہے

4875 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ اَلْفًا وَاَرْبَعَ مِائَةٍ، فَبَايَعْنَاهُ وَعُمَرُ اٰخِذٌ بِيَدِهِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، وَهِيَ السَّمُرَةُ، وَقَالَ: بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نَفِرَّ وَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں صلح حدیبیہ کے موقع پر ہماری تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درخت کے نیچے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑا ہوا تھا۔ وہ سمرہ کا درخت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی۔ کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذِهِ السُّنَّةَ تَفَرَّدَ بِهَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے

اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

4876 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ*، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ثُمَّ بَايَعَ النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَهُوَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَاَنَا رَافِعٌ غُصْنًا مِنْ اَغْصَانِهَا عَنْ وَجْهِهِ، فَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ وَلٰكِنْ بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نَفِرَّ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ اَلْفٌ وَّاَرْبَعُ مِائَةٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الصَّحِيْحُ اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ، عَلٰى مَا قَالَهُ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ

4875– إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . وأخرجه مسلم (1856) (67)، والنسائي في التفسير كما في " التحفة " 2/341 من طريقين عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/396، ومسلم (1856) (68) و (69)، والترمذي (1594) من طرق عن أبي الزبير، به .وأخرجه أحمد 3/310، ومسلم (1856) (71) و (74)، والبخاري (4154)، والترمذي (1591)، والنسائي 7/140–141 في البيعة: باب البيعة على أن لا نفرَّ، والبيهقي 5/235 من طرق عن جابر، به .

4876– إسناده صحيح على شرط مسلم .وقد تقدم برقم (4551) .

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر حدیبیہ کے موقع پر لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت درخت کے نیچے موجود تھے میں نے اس درخت کی ایک شاخ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے اوپر اٹھا رکھی تھی۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی' بلکہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ اس دن لوگوں کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔

(امام ابن حبان کہتے ہیں:) درست یہ ہے کہ صحابہ کرام کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی' جیسا کہ سعید بن میسب نے بیان کیا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ حَبْسِ الْإِمَامِ اَهْلَ الْعَهْدِ وَاَصْحَابَ بُرُدِهِمْ فِيْ دَارِ الْإِسْلَامِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' امام کے لیے کسی ذمی یا (مشرکین) کے سفیر کو اسلامی سلطنت میں قید کرنا جائز نہیں ہے

4877 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا رَافِعٍ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَقْبَلَ بِكِتَابٍ مِّنْ قُرَيْشٍ، اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَمَّا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُلْقِيَ فِيْ قَلْبِيَ الْإِسْلَامُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا اَرْجِعُ اِلَيْهِمْ اَبَدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ لَا اَخِيْسُ بِالْعَهْدِ، وَلَا اَحْبِسُ الْبُرُدَ، وَلٰكِنِ ارْجِعْ اِلَيْهِمْ، فَاِنْ كَانَ فِيْ قَلْبِكَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِكَ الْاٰنَ، فَارْجِعْ، قَالَ: فَرَجَعْتُ اِلَيْهِمْ، ثُمَّ اِنِّيْ اَقْبَلْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَسْلَمْتُ قَالَ بُكَيْرٌ: وَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ اَبَا رَافِعٍ كَانَ قِبْطِيًّا

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں وہ قریش کا مکتوب لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو میرے دل میں اسلام کی محبت گھر کر گئی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم میں کبھی ان کی طرف واپس نہیں جاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ میں معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کروں گا اور میں قاصد کو اپنے پاس نہیں رکھوں گا۔ ان کے پاس واپس جاؤ۔ اگر تمہارے دل میں وہی چیز رہی جو تمہارے ذہن میں اب ہے' تو تم واپس آ جانا۔ راوی کہتے ہیں: میں ان لوگوں کے پاس واپس آ گیا۔ پھر میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کر لیا۔

ابوبکیر نامی راوی بیان کرتے ہیں حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ قبطی تھے۔

4877- إسناده صحيح . وأخرجه النسائي في السير كما في " التحفة " 9/199 عن الحارث بن مسكين وأبي الربيع سليمان بن داؤد المهري، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داؤد (2758) في الجهاد: باب في الإمام يُستَجَنُّ به في العهود، والحاكم 3/598 والبيهقي 9/145، والطبراني (963) من طرق عن ابن وهب، به .وأخرجه أحمد 6/8 عن عبد الجبار بن محمد الخطابي، عن ابن وهب، وقال: عن أبيه، عن جده .وجاء في " تهذيب الكمال " 6/218 في ترجمة الحسن بن علي: روى عن جده أبي رافع، وقيل: عن أبيه، عن جده .

بَابُ الرَّسُوْلِ

باب: سفارت کا بیان

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ رُسُلِ الْكُفَّارِ إِذَا قَدِمُوْا بُلْدَانَ الْإِسْلَامِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جب کفار کے سفارتکار اسلامی شہروں میں آ جائیں' تو انہیں قتل کرنے کی ممانعت ہے

4878 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَوْلَا اَنَّكَ رَسُوْلٌ لَقَتَلْتُكَ - يَعْنِىْ رَسُوْلَ مُسَيْلِمَةَ -

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

''اگر تم سفیر نہ ہوتے تو میں تمہیں قتل کر دیتا (راوی کہتے ہیں) یعنی مسیلمہ کے سفیر کو یہ فرمایا تھا''۔

ذِكْرُ اسْمِ هٰذَا الرَّسُوْلِ الَّذِىْ اَرَادَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلَهٗ لَوْ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلًا

اس سفیر کے نام کا تذکرہ' جسے قتل کرنے کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا تھا اگر وہ سفیر نہ ہوتا (تو اسے قتل کر دیا جاتا)

4879 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ،

4878– إسناده حسن . عاصم: هو ابن بهدلة الكوفي أبو بكر المقرء روى له أصحاب السنن، وحديثه عند الشيخين مقرون، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 7/48، والبزار (1681)، والبيهقي 9/211 من طريقين عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/390–391 و 396، والبيهقي 9/212 من طريق المسعودي، عن عاصم، به . وأخرجه أحمد 1/404 و 406، والدارمي 2/235 من طريقين عن ابن مسعود .

(متن حدیث): ثُمَّ اِنَّهُ اَتٰى عَبْدَ اللّٰهِ، فَقَالَ: مَا بَيْنِىْ وَبَيْنَ اَحَدٍ مِّنَ الْعَرَبِ اِحْنَةٌ، وَاِنِّىْ مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ لِبَنِىْ حَنِيفَةَ، فَاِذَا هُمْ يُؤْمِنُونَ بِمُسَيْلِمَةَ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ، فَجِيءَ بِهِمْ فَاسْتَتَابَهُمْ غَيْرَ ابْنِ النَّوَّاحَةِ، وَقَالَ: لَهُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَوْلَا اَنَّكَ رَسُوْلٌ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ وَاَنْتَ الْيَوْمَ لَسْتَ بِرَسُوْلٍ، فَاَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ، فَضَرَبَ عُنُقَهُ فِى السُّوقِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلَى ابْنِ النَّوَّاحَةِ، فَلْيَنْظُرْ اِلَيْهِ قَتِيلًا، فِى السُّوقِ

⊛⊛ حضرت حارثہ بن مضرب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: میرے اور کسی بھی عرب کے درمیان کوئی پوشیدہ دشمنی نہیں ہے میں بنوحنیفہ کی مسجد کے پاس سے گزرا وہ لوگ مسیلمہ پر ایمان رکھتے ہیں۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی طرف پیغام بھیجا۔ ان لوگوں کو لایا گیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے توبہ کروائی۔ صرف ابن نواحہ نے توبہ نہیں کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر تم قاصد نہ ہوتے تو میں تمہاری گردن اڑا دیتا۔''

(پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا) آج تم قاصد نہیں ہو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے قرظہ بن کعب کو حکم دیا۔ تو انہوں نے بازار میں اس شخص کی گردن اڑا دی پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ جو شخص ابن نواحہ کو دیکھنا چاہتا ہو وہ اسے بازار میں مقتول پڑا ہوا دیکھ لے۔

4879– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حارثة بن مضرِّب فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه أبو داوُد (2762) في الجهاد: باب في الرسل، والطحاوي في " مشكل الآثار " 4/61، والبيهقي 9/211 عن محمد بن كثير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/384، والنسائي في السير كما في " التحفة " 7/18 من طريق الأعمش، عن أبي إسحاق، بِهِ . وانظر ما قبله .

بَابُ الذِّمِّيِّ وَالْجِزْيَةِ

باب: ذمی اور جزیہ کا بیان

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُوْلِ النَّارِ لِمَنْ اَسْمَعَ اَهْلَ الْكِتَابِ مَا يَكْرَهُوْنَهُ

ایسے شخص کے جہنم میں داخلے کے واجب ہونے کا تذکرہ جو اہل کتاب کو وہ بات سناتا ہے' جسے وہ ناپسند کرتے ہیں

4880 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي مُوسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مِنْ سَمَّعَ يَهُودِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا دَخَلَ النَّارَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی یہودی یا عیسائی کو سناتا ہے (شاید اس سے مراد یہ ہے: اسے ناحق طور پر قتل کرتا ہے) وہ جہنم میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ نَفْيِ وُجُودِ رَائِحَةِ الْجَنَّةِ عَنِ الْقَاتِلِ الْمُعَاهَدَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

مشرکین سے تعلق رکھنے والے معاہد (ذمی) کو قتل کرنے والے شخص کے جنت کی بو سونگھنے کی نفی کا تذکرہ

4881 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

4880– إسناده صحيح على شرطهما . أبو الوليد: هو الطيالسي: هشام بن عبد الملك، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية . وهذا الحديث لم أجده عند غير المؤلف .

4881– أحمد بن يحيى بن حميد الطويل ذكره المؤلف في " الثقات " 8/10، فقال: من أهل البصرة، روى عن حماد بن سلمة، حدثنا عنه أبو خليفة، مات سنة خمس وعشرين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل، وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 2/81، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 9/42 عن إبراهيم بن يعقوب، عن حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد وقال: هذا خطأ، والصواب حديث ابن علية يعني عن يونس، عن الحكم بن الأعرج، عن الأشعث بن ثُرملة، عن أبي بكرة، وهو الحديث الآتي عند المؤلف بعد هذا .وأخرجه الحاكم 1/44 من طريق أبي سلمة موسى بن إسماعيل، عن حماد بن سلمة به، وقال: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه .

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی ذمی کو قتل کر دے وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنْ قَاتِلِ الْمُسْلِمِ الْمُعَاهَدِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' مسلمان یا معاہد کو قتل کرنے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا

4882 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ ثُرْمُلَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ اَنْ يَشُمَّ رِيحَهَا،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذِهِ الْاَخْبَارُ كُلُّهَا مَعْنَاهَا لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُرِيدُ جَنَّةً دُونَ جَنَّةِ الْقَصْدِ مِنْهُ، الْجَنَّةُ الَّتِي هِيَ اَعْلَى وَاَرْفَعُ يُرِيدُ مَنْ فَعَلَ هٰذِهِ الْخِصَالَ، اَوِ ارْتَكَبَ شَيْئًا مِنْهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، اَوْ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الَّتِي هِيَ اَرْفَعُ الَّتِي يَدْخُلُهَا مَنْ لَمْ يَرْتَكِبْ تِلْكَ الْخِصَالَ، لِاَنَّ الدَّرَجَاتِ فِي الْجِنَانِ يَنَالُهَا الْمَرْءُ بِالطَّاعَاتِ، وَحَطُّهُ عَنْهَا يَكُونُ بِالْمَعَاصِي، الَّتِي ارْتَكَبَهَا

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص ناحق طور پر کسی ذمی کو قتل کر دے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس بات کو حرام قرار دیتا ہے' وہ جنت کی بو بھی محسوس کرے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان تمام روایات کا مفہوم یہ ہے: وہ شخص کسی ایک مخصوص قسم کی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ البتہ دوسری جنت میں داخل ہو سکتا ہے اور اس سے مراد جنت کا بالائی حصہ ہے' جس میں وہ داخل نہیں ہوگا۔ یعنی وہ شخص جو اس طرح کے کسی فعل کا مرتکب ہوتا ہے یا کسی بھی ایسی چیز کا مرتکب ہوتا ہے' جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ اس پر جنت کو حرام کر دیتا ہے یا وہ شخص اس کی وجہ سے جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ تو اس سے مراد وہ جنت ہے' جو جنت کا بلند ترین مرتبہ ہے' جس میں ان کاموں کا مرتکب

4882– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير الأشعث بن ثُرملة، فقد روى له النسائي وهو ثقة .وأخرجه أحمد 5/36 و38 و 52، والنسائي 8/25، وفي السير كما في " التحفة " 9/37، والحاكم 1/44، والبيهقي 9/205 من طرق عن يونس بن عبيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الدولابي في " الكنى والأسماء " 2/126 من طريق حميد أبي المغيرة العجلي، عن الأشعث، بِهِ . وانظر ما قبله، وسيأتي برقم (7339) و (7340) .وفي الباب عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رفعه " من قتل معاهَداً لم يرح رائحة الجنة، وإن ريحها توجد من مسيرة أربعين عاماً " أخرجه أحمد 2/186، والبخاري (3166) و (6914)، والنسائي 8/25، وابن ماجه (2686)، وصححه الحاكم 2/126–127 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي .

شخص داخل نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے: جنت کے مختلف درجات ہیں۔ جن تک آدمی نیکیاں کرنے کی وجہ سے پہنچتا ہے اور گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے ان میں سے کسی ایک مرتبے سے نیچے آ جاتا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ قَضَاءِ حُقُوقِ اَهْلِ الذِّمَّةِ اِذَا كَانُوا مُجَاوِرِينَ لَهُ فَطَمِعَ فِيْ اِسْلَامِهِمْ

اہل ذمہ کے حقوق کی ادائیگی کے مباح ہونے کا تذکرہ' جبکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ رہ رہے ہوں اور آدمی کو ان کے اسلام قبول کرنے کی امید بھی ہو

4883 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ، بِالْاَهْوَازِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيًّا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی کی عیادت کی تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے پہلے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4884 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ غُلَامًا يَهُودِيًّا كَانَ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ، فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلِمْ، فَنَظَرَ اِلَى اَبِيهِ وَهُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَاْسِهِ، فَقَالَ لَهُ: اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ قَالَ: فَاَسْلَمَ، قَالَ: فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک یہودی لڑکا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ وہ بیمار ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کرنے کے لیے اس کے پاس تشریف لائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا تم اسلام قبول کرلو۔ اس

4883– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبدة بن عبد الله فمن رجال البخاري . وانظر ما بعده .

4884– إسناده صحيح . إبراهيم بن الحسن العلاف البصري روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات " 8/78، وقال أبو زرعة: كان صاحب قرآن وكان بصيراً به، وكان شيخاً ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد 3/175 و227 و 280، والبخاري (1356) في الجنائز: باب إذا أسلم الصبي فمات هل يصلى عليه . . .، و (5657) في المرضى: باب عيادة المشرك، وأبو داوُد (3095) في الجنائز: باب في عيادة الذمي، والنسائي في السير كما في " التحفة " 1/111، والبخاري في " الأدب المفرد " (524)، وأبو يعلى (3350)، والبيهقي 3/383 و 6/206، والبغوي (57) من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 4/291 من طريقين عن شريك، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن جبير، عن أنس .

نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو اس کے سرہانے بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے باپ نے اس سے کہا: تم حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات مان لو۔ راوی کہتے ہیں: تو اس نے اسلام قبول کر لیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اس کے پاس سے واپس تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرما رہے تھے ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے، جس نے اس کو جہنم سے بچا لیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اِبَاحَةِ مُخَالَطَةِ الْمُسْلِمِ لِلْمُشْرِكِ فِي الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ وَالْقَبْضِ وَالِاقْتِضَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، خرید و فروخت اور لین دین میں مسلمان مشرک سے مل سکتا ہے

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: وَهِمَ فِيهِ مَالِكٌ، حَيْثُ قَالَ: عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ، وَإِنَّمَا هُوَ عُمَرُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ أُكَيْمَةَ، وَأَخُوهُ عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ لَمْ يُدْرِكْهُ مَالِكٌ، وَهُوَ تَابِعِيٌّ، رَوَى عَنْهُ الزُّهْرِيُّ

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جب کوئی شخص ذوالحج کا چاند دیکھ لے اور اس کا قربانی کرنے کا ارادہ ہو' تو اسے اپنے بال اور ناخن نہیں کاٹنے چاہئیں۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں امام مالک کو وہم ہوا انہوں نے یہ کہا کہ یہ روایت عمرو بن مسلم سے منقول ہے' حالانکہ راوی کا نام عمر بن مسلم بن عمار بن اکیمہ ہے اس کے بھائی کا نام عمرو بن مسلم ہے' لیکن امام مالک نے اس کا زمانہ نہیں پایا عمرو بن مسلم تابعی ہیں جن کے حوالے سے زہری نے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ هَذَا الْفِعْلَ إِنَّمَا زُجِرَ عَنْهُ لِمَنْ عِنْدَهُ أُضْحِيَّةٌ يُرِيدُ ذَبْحَهَا، وَأَهَلَّ عَلَيْهِ هِلَالُ ذِي الْحِجَّةِ، وَهِيَ عِنْدَهُ دُونَ مَنِ اشْتَرَاهَا بَعْدَ هِلَالِهِ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس فعل سے منع اس شخص کو کیا گیا ہے'

جس کے پاس قربانی کا جانور موجود ہو اور اسے ذبح بھی کرنا چاہتا ہو اور جب ذوالحج کا چاند نظر آئے اور وہ قربانی کا جانور اس کے پاس موجود ہو' یہ نہیں کہ اس نے ذوالحج کا چاند نظر آنے کے بعد اسے خریدنا ہو

5917 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ:

5916- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عمرو بن مسلم، ويقال: عمر بن مسلم، وسيأتي كذلك عند المصنف برقم "5918" فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "41" "1977" في الأضاحي: باب نهي من دخل عليه عشر ذي الحجة وهو مريد التضحية أن يأخذ من شعره أو أظفاره شيئا، وابن ماجة "315" في الأضاحي: باب من أراد أن يضحي فلا يأخذ في العشر من شعره وأظفاره، من طريقين عن يحيى بن كثير العنبري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/311، ومسلم "1977" "41"، والترمذي "1523" في الأضاحي: باب ترك أخذ الشعر لمن أراد أن يضحي، والنسائي 7/211 212 في الضحايا في فاتحته، وابن ماجة "315"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/181 "، والطبراني "564"/23، والحاكم 4/220 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه الطحاوي 4/182، والطبراني "562"/23 من طرق عن مالك بن وهب، به وانظر الحديث رقم "5897" والحديثين الآتيين.

5917- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ فقد روى له البخاري مقروناً، ومسلم متابعة، وهو صدوق، وقد توبع. وأخرجه مسلم "42" "1977" في الأضاحي: باب نهي من دخل عليه عشر ذي الحجة وهو مريد التضحة أن يأخذ من شعره أو أظفاره شيئا، وأبو داود "2791" في الضحايا: باب الأضحية أن يأخذ من شعره أو أظفاره شيئا، وابو داود "2791" في الأضحية عن الميت، عن عبيد الله بن معاذ، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "925"/23 من طريق ابن أبي عدي، عن محمد بن عمرو، عن عمرو بن مسلم، به. وانظر الحديث رقم "5897" و "5916" و."5918"

حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ اُكَيْمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ، تَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ لَهٗ ذِبْحٌ يَذْبَحُهٗ، فَاِذَا اَهَلَّ هِلَالُ ذِي الْحِجَّةِ فَلَا يَاْخُذْ مِنْ شَعْرِهٖ، وَلَا مِنْ اَظْفَارِهٖ حَتّٰى يُضَحِّيَ

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص نے قربانی کرنی ہو جب ذوالحجہ کا چاند نظر آجائے' تو وہ شخص اپنے بال نہ کاٹے اور اپنے ناخن نہ کاٹے' جب تک قربانی نہیں کر لیتا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِالشَّرْطِ الَّذِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهٗ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس شرط کی صراحت کرتی ہے' جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

5918 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا فِي الْحَمَّامِ قُبَيْلَ الْاَضْحٰى، فَاِذَا اُنَاسٌ قَدِ اطَّلَوْا، فَقَالَ بَعْضُ مَنْ فِي الْحَمَّامِ: اِنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ يَكْرَهُ هٰذَا وَيَنْهٰى عَنْهُ، قَالَ: فَلَقِيْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ، فَقَالَ: ابْنَ اَخِيْ، اِنَّ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ نُسِيَ، حَدَّثَتْنِيْ اُمُّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ وَعِنْدَ اَحَدِكُمْ ذِبْحٌ يُرِيْدُ اَنْ يَذْبَحَهٗ، فَلْيُمْسِكْ عَنْ شَعْرِهٖ وَاَظْفَارِهٖ

عمر بن مسلم بیان کرتے ہیں: ہم لوگ عیدالاضحیٰ سے کچھ عرصہ پہلے حمام میں موجود تھے وہاں کچھ لوگوں نے بال صاف کرنے کی تیاری کی' تو حمام میں موجود ایک شخص نے کہا: سعید بن مسیب نے اس بات کو مکروہ قرار دیا ہے اور وہ اس سے منع کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میری ملاقات سعید بن مسیب سے ہوئی میں نے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے اس حدیث کو بھلا دیا گیا ہے۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب (ذوالحجہ کا پہلا) عشرہ شروع ہو جائے اور تم میں سے کسی کے پاس قربانی کا جانور ہو' جسے قربان کرنے کا اس کا ارادہ ہو' تو اسے (قربانی کرنے تک) اپنے بال اور ناخن نہیں کاٹنے چاہئیں۔''

5918- إسناده حسن، وهو مكرر ما قبله .عبدة بن سليمان :هو الكلابي. وأخرجه مسلم "42" "1977"، والبهقي 9/266 من طريقين عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد .وعمرو بن مسلم :هو عمرو بن مسلم .وانظر الحديث رقم "5897"و "5916"و "5917".

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ أَنْ يُضَحِّيَ الْمَرْءُ بِأَرْبَعَةِ أَنْوَاعٍ مِنَ الضَّحَايَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی چار قسم کے جانوروں میں سے (کسی ایک قسم کی) قربانی کرے

5919 ۔ (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ فَيْرُوزَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ،

(متن حدیث): أَنَّهُ ذَكَرَ الْأَضَاحِيَّ فَقَالَ: أَشَارَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ وَيَدِي أَقْصَرُ مِنْ يَدِهِ فَقَالَ: أَرْبَعٌ لَا يُضَحَّى (ص:241) بِهِنَّ: الْعَوْرَاءُ الْبَيِّنُ عَوَرُهَا، وَالْمَرِيضَةُ الْبَيِّنُ مَرَضُهَا، وَالْعَرْجَاءُ الْبَيِّنُ ظَلَعُهَا، وَالْعَجْفَاءُ الَّتِي لَا تُنْقِي فَقَالُوا لِلْبَرَاءِ: فَإِنَّمَا نَكْرَهُ النَّقْصَ فِي السِّنِّ وَالْأُذُنِ، وَالذَّنَبِ، قَالَ: فَاكْرَهُوا مَا شِئْتُمْ وَلَا تُحَرِّمُوا عَلَى النَّاسِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے انہوں نے قربانی کا ذکر کرتے ہوئے یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اشارہ کیا ویسے میرا ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کے مقابلے میں چھوٹا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چار طرح کے جانوروں کی قربانی نہیں کی جاسکتی ایسا کانا جانور جس کا کانا پن واضح ہو، ایسا بیمار جانور جس کی بیماری نمایاں ہو، ایسا لنگڑا جانور جس کا لنگڑا پن واضح ہو اور اتنا کمزور جانور جس کے جسم میں گودا ہی نہ ہو۔

لوگوں نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: ہم تو ایسے جانور کو بھی ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں' جس کے دانتوں' یا کان یا دم میں کوئی نقص ہو' تو حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ جسے چاہو ناپسند سمجھو' لیکن لوگوں کے لیے اسے حرام قرار نہ دو۔

5920 ۔ (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ،

5919– إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير سليمان بن عبد الرحمن وهو ابن عيسى البصري وعبيد بن فيروز، فقد روى لهما أصحاب السنن، وهما ثقتان .أبو الوليد :هو هشام بن عبد الملك الطيالسي.وأخرجه النسائي 7/215 216في الضحايا :باب العجفاء، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/168 "من طريق يحيى بن عبد الله بن بكير، كلاهما عن ليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي "1497"في الأضاحي :باب ما لا يجوز من الأضاحي، والبيهقي 9/274من طريق يزيد بن أبي حبيب، والطحاوي 4/168من طريق ابن لهيعة، كلاهما عن سليمان بن عبد الرحمن، به. وقال الترمذي :هذا حديث حسن صحيح، لا نعرفه إلا من حديث عبيد بن فيروز عن البراء، والعمل على هذا الحديث عند أهل العلم.

5920– إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حجية بن عدي، فقد روى له الترمذي، وروى عنه جمع، وهو من كبار أصحاب علي، ووثقه المؤلف والعجلي. وأخرجه أحمد 1/125، وأبو يعلى "333"، والطحاوي 4/169، وابن خزيمة "1914"، والبيهقي 9/275من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "160"، وأحمد 1/95و125 105و152، والدارمي 2/77، والنسائي 7/217في الضحايا :باب الشرقاء وهي مشقوقة الأذن، وابن ماجة "3143"في الأضاحي :باب ما يكره من أن يضحى به، والطحاوي 4/170، وابن خزيمة "2914"و"2915"، والحاكم 1/468و 4/224 225و225، والبيهقي 9/275 من طرق عن سلمة بن كهيل، به. وأخرجه بأطول مما هنا أحمد 1/80و108و149، والدارمي 2/77، وأبو داود "2804"في الأضاحي :باب ما يكره من الأضاحي، والنسائي 7/216في الضحايا :باب المقابلة وهي ما قطع طرف أذنها، و 216 217باب المدابرة وهي الشرقاء وهي مشقوقة الأذن، وابن ماجة "3142"، وابن الجارود "906"، والطحاوي 4/169، والحاكم 4/224، والبيهقي 9/275، والبغوي "1121"من طرق عن أبي إسحاق.

قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ حُجَيَّةَ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَسْتَشْرِفَ الْعَيْنَ وَالْأُذُنَ

❀❀ حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا ہے: ہم (قربانی کے جانوروں کی) آنکھوں اور کانوں کا جائزہ لے لیں۔

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِي إِذَا كَانَتْ فِي الْأُضْحِيَّةِ لَا يَجُوزُ أَنْ يُضَحَّى بِهَا

ان خصال کا تذکرہ' جو کسی جانور میں موجود ہوں' تو اس کی قربانی جائز نہیں ہوتی

5921 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ فَيْرُوزَ، (ص:244) عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): لَا يَجُوزُ مِنَ الضَّحَايَا أَرْبَعٌ: الْعَوْرَاءُ الْبَيِّنُ عَوَرُهَا، وَالْعَرْجَاءُ الْبَيِّنُ عَرَجُهَا، وَالْمَرِيضَةُ الْبَيِّنُ مَرَضُهَا، وَالْعَجْفَاءُ الَّتِي لَا تُنْقِي

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: يُرْوَى هَذَا الْخَبَرُ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، وَأَخْطَأَ فِيهِ، لِأَنَّهُ أَسْقَطَ سُلَيْمَانَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ مِنَ الْإِسْنَادِ

❀❀ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''چار طرح کے جانوروں کی قربانی جائز نہیں ہے ایسا کانا جس کا کانا پن واضح ہو، ایسا لنگڑا جس کا لنگڑا پن واضح ہو، ایسا بیمار جس کی بیماری واضح ہو اور ایسا کمزور جانور' جس کے جسم میں گودا ہی نہ ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت امام مالک کے حوالے سے عمرو بن حارث سے نقل کی گئی ہے اور اس میں انہوں نے غلطی کی ہے کیونکہ انہوں نے اس کی سند میں سلیمان بن عبدالرحمٰن کا ذکر نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ عُبَيْدَ بْنَ فَيْرُوزَ لَمْ يَسْمَعْ هَذَا الْخَبَرَ مِنَ الْبَرَاءِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے:

5921- إسناده صحيح .سليمان بن عبد الرحمن وعبيد بن فيروز :روى لهما أصحاب السنن، وهما ثقتان، وباقي رجاله رجال مسلم. وأخرجه النسائي 7/215 216في الضحايا :باب العجفاء ، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/168 "من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وانظر الحديث رقم "5919"و."5922" 2أخرجه مالك 2/482في الضحايا :باب ما ينهى عنه من الضحايا، ومن طريقه الدارمي 2/76، والطحاوي 168، والبيهقي 9/273 274، والبغوي "1123"عن عمرو بن الحارث، عن عبيد بن فيروز، عن البراء .

عبید بن فیروز نامی راوی نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نہیں سنی ہے

5922 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ فَيْرُوزَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَأَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ مَا كَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأُضْحِيَّةِ؟ فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْبَعٌ لَا تَجُوزُ فِي الْأَضَاحِي: الْعَوْرَاءُ الْبَيِّنُ عَوَرُهَا، وَالْعَرْجَاءُ الْبَيِّنُ عَرَجُهَا، وَالْمَرِيضَةُ الْبَيِّنُ مَرَضُهَا، وَالْكَسِيرُ الَّتِي لَا تُنْقِي

❀❀ عبید بن فیروز بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کون سے جانوروں کی قربانی کونا پسند سمجھتے تھے؟ تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''چار طرح کے جانوروں کی قربانی جائز نہیں ہے ایسا کانا جس کا' کانا پن واضح ہو اور ایسا لنگڑا جس کا لنگڑا پن واضح ہو، ایسا بیمار جس کی بیماری واضح ہو اور ایسا جانور جس کی ٹانگ ٹوٹی ہوئی ہو اور اس کے جسم میں گودا ہی نہ ہو''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھایا جائے

5923 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ:

(متن حدیث): لَا يَأْكُلَنَّ أَحَدُكُمْ مِنْ لَحْمِ أُضْحِيَتِهِ فَوْقَ ثَلَاثِ أَيَّامٍ

5922- إسناده صحيح وهو مكرر ما قبله . وأخرجه الطيالسي "749"، وأحمد 4/284و289، والدارمي 2/76، 77، وأبو داود "2802"في الضحايا :باب ما يكره من الضحايا، والترمذي "1497"في الأضاحي :باب ما لا يجوز من الأضاحي والنسائي 7/214 215في الضحايا :باب ما نهى عنه من الأضاحي العوراء ، و 215باب العرجاء ، وابن ماجة "3144"في الأضاحي :باب ما يكره أن يضحى به، وابن الجارود "907"، وابن خزيمة "2912"، والطحاوي 4/168، والحاكم 1/467 468، والبيهقي 5/242و 9/274من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .وقال الحاكم :هذا حديث صحيح ولم يخرجاه لقلة روايات سليمان بن عبد الرحمن، وقد أظهر على ابن المديني فضائله واتقانه، ولهذا الحديث شواهد متفرقة بأسانيد صحيحة ولم يخرجاها .وانظر الحديث

5923- إسناده صحيح .رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهب فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة . وأخرجه مسلم "26" "1970"في الأضاحي :باب بيان ما كان من النهي عن أكل لحوم لأضاحي، والترمذي "1509"في الأضاحي :باب ما جاء في كراهية أكل الأضحية فوق ثلاث أيام، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/184" والحازمي في "الاعتبار"ص 154من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "26" ـ"1970"من طريق الضحاك بن مخلد، عن نافع، به. وأخرجه أحمد 2/9و34، والبخاري "5574"في الأضاحي :باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي وما يتزود منها، ومسلم "27" "1970"، والنسائي 7/232في الضحايا :باب النهي عن الأكل من لحوم الأضاحي بعد ثلاث وعن إمساكه، والطحاوي 4/184، والبيهقي 9/290من طريق الزهري، عن سالم، عن ابن عمر .وانظر الحديث الآتي.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمایا کرتے تھے۔
''کوئی بھی شخص اپنی قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ ہرگز نہ کھائے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ 'جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5924 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَأْكُلْ أَحَدُكُمْ مِنْ أُضْحِيَتِهِ فَوْقَ ثَلَاثٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''کوئی شخص اپنی قربانی (کا گوشت) تین دن سے زیادہ نہ کھائے۔''

ذِكْرُ أَمْرِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَكْلِ لُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ نَسْخًا لِمَا تَقَدَّمَ مِنْ نَهْيِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تین دن گزرنے کے بعد بھی قربانی کا گوشت کھانے کی ہدایت کرنے کا تذکرہ اور یہ اس چیز کو منسوخ کر دے گا' جو اس سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بارے میں ممانعت (موجود تھی)

5925 - أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ، ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذَلِكَ: كُلُوا وَتَزَوَّدُوا وَادَّخِرُوا

5924- إسناده صحيح على شرط الشيخين .إسحاق بن إبراهيم :هو الحنظلي المعرف بابن راهويه . وأخرجه أحمد 2/36 37عن محمد بن بكر، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/16و81، والدارمي 2/78، ومسلم "26" "1970"من طرق عن ابن جريج، به .وانظر الحديث السابق.

5925- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقروناً وهو في "الموطأ 2/484 "في الضحايا :باب ادخار لحوم الأضاحي، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/388، ومسلم "1972" "29"في الأضاحي :باب إدخار لحوم الأضاحي، والنسائي 7/233في الأضاحي :باب الإذن في ذلك، والطحاوي 4/186، والبيهقي 9/290 291، والبغوي "1133" وأخرجه أحمد 3/386من طريق زهير، والطحاوي 4/186من طريق عمرو بن الحارث وخالد بن يزيد، والطيالسي "1740"عن حرب، أربعتهم عن أبي الزبير عن جابر .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا تھا اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم (قربانی کے گوشت کو) کھاؤ بھی زادِراہ کے طور پر بھی استعمال کرو اور ذخیرہ بھی کرو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِإِبَاحَةِ الِانْتِفَاعِ بِلُحُومِ الْأُضْحِيَّةِ بَعْدَ ثَلَاثٍ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' تین دن کے بعد بھی قربانی کے گوشت سے نفع حاصل کرنا مباح ہے

5926 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْنَبَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، ثُمَّ رَخَّصَ أَنْ نَأْكُلَ وَنَدَّخِرَ، فَقَدِمَ قَتَادَةُ بْنُ النُّعْمَانِ أَخُو أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، فَقَدَّمُوا إِلَيْهِ مِنْ قَدِيدِ الْأَضْحَى، فَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ نَهَى عَنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: إِنَّهُ قَدْ حَدَثَ فِيهِ بَعْدَكَ أَمْرٌ، كَانَ نَهَانَا عَنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحْبِسَهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، ثُمَّ رَخَّصَ أَنْ نَأْكُلَ وَنَدَّخِرَ

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: زَيْنَبُ هِيَ بِنْتُ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت استعمال کرنے سے منع کیا تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی کہ ہم اسے کھا بھی سکتے ہیں اور ذخیرہ بھی کر سکتے ہیں۔

اسی دوران حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے لوگوں نے ان کے سامنے قربانی کا گوشت پیش کیا' تو انہوں نے فرمایا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں کیا تھا' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے بعد اس بارے میں نیا حکم جاری کر دیا ہے۔ پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا تھا کہ ہم تین دن سے زیادہ اسے رکھیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی کہ ہم اسے کھا بھی سکتے ہیں اور ذخیرہ بھی کر سکتے ہیں۔

5926- إسناده صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين غير سعيد بن اسحاق وزينب بنت كعب، فروى لهما أصحاب السنن. وزينب هذه :هي زوجة أبي سعيد الخدري، مختلف في صحبتها، روى عنها بن إسحاق وسليمان بن محمد ابنا كعب بن عجرة .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، ويحيى بن سعيد :هو :القطان .وهو في "مسند أبي يعلى "997" " وأخرجه أحمد 3/23، والنسائي 7/234في الضحايا :باب الأذن في ذلك، من طريق يحيى، بهذا الإسناد وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/186 " 187 من طريق أنس "وقد تحرف إلى :أنس "بن عياض، عن سعد بن إسحاق، به. وأخرجه البخاري "3997"في المغازي :باب 12، و "5568"في الأضاحي :باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي، وما يتزود منه، والنسائي 7/233، والبيهقي 9/292من طريق عبد الله بن خباب . وأخرجه مالك 2/186من طريق زبيد، كلاهما عن أبي سعيد الخدري، بنحوه. وأخرجه أحمد 3/57و63و66، والنسائي 7/236باب الادخار من الأضاحي، والطحاوي 4/186من طريق عبد الرحمن بن أبي سعيد الخدري.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) زینب نامی راوی خاتون حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ہیں۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ أَجْلِهَا نُهِيَ عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ بَعْدَ ثَلَاثٍ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا گیا تھا

5927 ۔ (سند حدیث):أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ وَاقِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث):نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ

قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِعَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، فَقَالَتْ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ: دَفَّ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ حَضْرَةَ الْأَضْحَى فِي زَمَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادَّخِرُوا الثُّلُثَ، وَتَصَدَّقُوا بِمَا بَقِيَ، قَالَتْ عَمْرَةُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَقَدْ كَانَ النَّاسُ يَنْتَفِعُونَ مِنْ ضَحَايَاهُمْ، وَيَحْمِلُونَ مِنْهَا الْوَدَكَ، وَيَتَّخِذُونَ مِنْهَا الْأَسْقِيَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا ذَاكَ ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، نَهَيْتَ عَنْ إِمْسَاكِ لُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ مِنْ أَجْلِ الدَّافَّةِ الَّتِي دَفَّتْ عَلَيْكُمْ، فَكُلُوا وَتَصَدَّقُوا وَادَّخِرُوا

(توضیح مصنف):قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: الدَّافَّةُ الْجَمَاعَةُ يَقْدَمُونَ مُجِدِّينَ فِي السُّؤَالِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا تھا۔

5927– وهو في "الموطأ 2/484 " 485في الضحايا :باب ادخار لحوم الأضاحي، ومن طريقه أخرجه مسلم "1971"في الأضاحي :باب بيان ما كان من النهي عن أكل لحوم الأضاحي، والبيهقي 9/293، والحازمي في "الاعتبار "ص .155 وأخرجه من طريقه أيضاً دون قول عبد الله بن واقد :أحمد 6/51، وأبو داود "2812"في الأضاحي :باب في حبس لحوم الأضاحي، والطحاوي .4/188 وأخرجه الدارمي 2/79من طريق محمد بن اسحاق، حدثني عبد الله بن أبي بكر، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري "5570"في الأضاحي :باب ما يؤكل من لحوم .الأضاحي وما يتزود منها، والطحاوي 4/189، والبيهقي 9/293من طريق يحيى بن سعيد، عن عمرة، عن عائشة قالت :التضحية كنا نملح منه، فنقدم به إلى النبي صلى الله عليه وسلم بالمدينة، فقال: "لا تأكلوا إلا ثلاثة أيام"، وليست بعزيمة، ولكن أراد أن نطعم منه، والله أعلم. وأخرجه أحمد 6/127 187، والبخاري "5423" في الأطعمة :باب ما كان السلف يدخرون في بيوتهم، و "5438"باب القديد، و "6687"في الأيمان والنذور :باب إذا حلف أن لا يأتدم فأكل تمراً بخبز، والنسائي 7/235 236و236، والبيهقي 9/292، والبغوي "1134"من طريق عبد الرحمن بن عابس. وأخرجه الترمذي "1511"في الأضاحي :باب ما جاء في الرخصة في أكلها بعد ثلاث، والطحاوي 4/188من طريق أبي إسحاق، عن عابس بن ربيعة قال :قلت لأم المومنين :أكان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهى عن لحوم الأضاحي؟ قالت :لا، ولكن قلّ من كان يضحي من الناس، فأحب أن يطعم من لم يكن يضحي ولقد كنّا نرفع الكراع فنأكله بعد عشرة أيام.

عبداللہ بن ابوبکر نامی راوی کہتے ہیں: میں نے اس روایت کا تذکرہ عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے کیا' تو انہوں نے بتایا میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر دیہات کے رہنے والے کچھ لوگ آ گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے (یعنی قربانی کے گوشت کو) صرف تین دن تک ذخیرہ کر سکتے ہو باقی رہ جانے والے کو تم صدقہ کر دو

عمرہ نامی راوی خاتون بیان کرتی ہیں: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! پہلے لوگ اپنے قربانی کے جانوروں سے نفع حاصل کیا کرتے تھے وہ ان کی چربی سنبھال کر رکھ لیا کرتے تھے اور ان کے (چمڑوں کے ذریعے) مشکیزے بنا دیتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہوا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ نے تین دن کے بعد قربانی کا گوشت استعمال کرنے سے منع کر دیا تھا (اس لیے لوگ اب ایسا نہیں کرتے)' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے تمہیں ان (غریب لوگوں) کی آمد کی وجہ سے منع کیا تھا جو تمہارے ہاں آ گئے تھے اب تم اسے کھاؤ بھی اور صدقہ بھی کرو اور ذخیرہ بھی کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ دافہ کا مطلب وہ جماعت ہے' جو مانگنے کے لیے آئے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يُصَرِّحُ بِالِانْتِفَاعِ بِلُحُومِ الضَّحَايَا بَعْدَ ثَلَاثٍ

اس چوتھی روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' تین دن کے بعد بھی قربانی کے گوشت سے نفع حاصل کیا جا سکتا ہے

5928 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَهْلَ الْمَدِينَةِ، لَا تَأْكُلُوا لُحُومَ الْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، قَالَ: فَشَكَوْا إِلَيْهِ أَنَّ لَهُمْ عِيَالًا وَخَدَمًا، فَقَالَ: كُلُوا وَأَطْعِمُوا، وَاحْبِسُوا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اہل مدینہ تم تین دن سے زیادہ اپنے قربانی کا گوشت نہ کھاؤ۔ راوی بیان کرتے ہیں: لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ شکایت کی کہ ان کے بال بچے اور خدمت گزار ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے کھاؤ بھی دوسروں کو بھی کھلاؤ اور سنبھال کر بھی رکھو۔

5928- إسناده صحيح على شرط مسلم .وهب بن بقية وأبو نضرة وهو المنذر بن مالك بن قطعة روى لهما مسلم، وباقي رجاله رجال الشيخين .خالد :هو ابن عبد الله الطحان الواسطي، والجريري :هو سعيد بن إياس، وروى الشيخان للجريري من رواية خالد بن عبد الله الواسطي .وهو في "مسند أبي يعلى "1078" " وأخرجه أحمد 3/85، ومسلم "1973"في الأضاحي :باب بيان =ما كان من النهي عن أكل لحوم الأضاحي بعد ثلاث وبيان نسخه، والحاكم 4/232، والبيهقي 9/292من طرق عن الجريري، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .وقد تقدم هذا الحديث برقم ."5926"

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُضَحِّي أَنْ يَدَّخِرَ مِنْ أُضْحِيَتِهِ بَعْدَ أَكْلِهِ، وَإِطْعَامِهِ مِنْهَا

قربانی کرنے والے کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ قربانی کا گوشت کھانے اور دوسرے کو کھلانے کے بعد اسے ذخیرہ بھی کر سکتا ہے

5929 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ،

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْأَضْحَى: مَنْ ضَحَّى مِنْكُمْ فَلَا يُصْبِحُ بَعْدَ ثَالِثَةٍ فِي بَيْتِهِ شَيْءٌ مِنْ أُضْحِيَتِهِ ، فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ يَوْمَ الْأَضْحَى قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، نَفْعَلُ فِي هَذَا كَمَا فَعَلْنَا فِي الْعَامِ الْمَاضِي؟ قَالَ: لَا، كَانَ النَّاسُ بِجَهْدٍ، فَأَرَدْتُ أَنْ تُعِينُوا فِيهَا، كُلُوا وَأَطْعِمُوا، وَادَّخِرُوا

❁❁ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن ارشاد فرمایا تم میں سے جس شخص نے قربانی کر لی ہے وہ تین دن کے بعد اپنی قربانی کا گوشت اپنے گھر میں نہ رکھے جب اگلا سال آیا' تو عیدالاضحیٰ کے موقع پر لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم اس مرتبہ بھی ایسا ہی کریں' جس طرح ہم نے گزشتہ سال کیا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں پہلے لوگوں کو فاقہ لاحق تھا اس لیے میں نے چاہا کہ تم لوگ اس بارے میں ان کی مدد کرو اب تم اسے کھاؤ بھی اور دوسروں کو بھی کھلاؤ اور ذخیرہ بھی کرو۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ اتِّخَاذِ الْمَرْءِ الْقَدِيدَ مِنْ لَحْمِ أُضْحِيَتِهِ لِسَفَرِهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ قربانی کے گوشت میں سے اپنے سفر کے لیے خشک گوشت تیار کر لے

5930 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ، : أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، (ص: **254**) عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): أَكَلْنَا الْقَدِيدَ مَعَ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ خشک کیا ہوا گوشت مدینہ منورہ تک کھایا تھا (یعنی

5929- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبوخيثمة :زهير بن حرب. وأخرجه البخاري "5569"في الأضاحي :باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي، ومسلم "1974"في الأضاحي :باب بيان ما كان من النهي عن أكل لحوم الأضاحي، والبيهقي 9/292 من طريق أبي عاصم الضحاك ابن مخلد، بهذا الإسناد.

5930- رجاله ثقات غير مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، فقد روى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة .والحسين بن واقد: قد توبع. وأخرجه أحمد 3/327عن زيد بن الحباب، عن حسين بن واقد، بهذا الإسناد .وانظر الحديث الآتي.

ہم نے قربانی کا گوشت سنبھال کر زادِ راہ کے طور پر رکھا تھا)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا أَنَّ الْقَدِيدَ الَّذِي وَصَفْنَاهُ كَانَ مِنْ لَحْمِ الْأُضْحِيَّةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ ہم نے جو چیز ذکر کی ہے وہ درست ہے اور وہ قدید (یعنی خشک گوشت) جس کا ہم نے ذکر کیا ہے وہ قربانی کے جانور کا گوشت تھا

5931 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَزَوَّدُ لَحْمَ الْأَضَاحِي إِلَى الْمَدِينَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قربانی کے گوشت کو زادِ راہ کے طور پر رکھا تھا اور مدینہ منورہ تک اسے (استعمال کرتے رہے تھے)

ذِكْرُ إِبَاحَةِ الِانْتِفَاعِ بِالْقَدِيدِ مِنْ لُحُومِ الضَّحَايَا فِي الْأَسْفَارِ

سفر کے دوران قربانی کے گوشت میں سے قدید (یعنی خشک گوشت کی شکل میں) سے نفع حاصل کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

5932 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي ثَوْبَانُ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصْلِحْ لَحْمَ هَذِهِ الْأُضْحِيَّةِ، فَأَصْلَحْتُهُ، فَلَمْ

5931- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عقبة بن مكرم وهو ابن أفلح العمي فمن رجال مسلم .غندر :لقب محمد بن جعفر .وأخرجه الدارمي 2/80عن سعيد بن الربيع، عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي "1266"، وأحمد 3/309، والبخاري "2980"في الجهاد :باب حمل الزاد في الغزو، و "5424"في الأطعمة :باب ما كان السلف يدخرون في بيوتهم وأسفارهم من الطعام واللحم وغيره، و "5567"في الأضاحي :باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي وما يتزود منها، ومسلم "32" "1972" =في الأضاحي :باب ادخار لحوم الأضاحي، والبيهقي 9/291من طريق سفيان ابن عيينة، عن عمرو بن جناب، به. وأخرجه أحمد 3/317و 378، والبخاري "1719"في الحج :باب ما يؤكل من البدن ومايتصدق، ومسلم "30" "1972"و"31"، والطحاوي 4/186، والبيهقي 9/291، والحازمي في "الاعتبار "ص 155من طرق عن عطاء، به .وانظر الحديث رقم "5925"و."5930"

يَزَلْ يَأْكُلُ مِنْهُ حَتَّى بَلَغَ الْمَدِينَةَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا قربانی کے گوشت کو سنبھال کر رکھ لو میں نے اسے سنبھال کے رکھ لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ پہنچنے تک اس گوشت کو استعمال کرتے رہے۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ الِانْتِفَاعِ بِلُحُومِ الضَّحَايَا مِنَ السَّنَةِ إِلَى السَّنَةِ

قربانی کے گوشت سے ایک سال سے اگلے سال تک نفع حاصل کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

5933 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ،

(متن حدیث): أَنَّ امْرَأَتَهُ أُمَّ سُلَيْمٍ، سَأَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ فَقَالَتْ: قَدِمَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ مِنْ غَزْوَةٍ، فَدَخَلَ عَلَى أَهْلِهِ، فَقَرَّبْتُ لَهُ لَحْمًا مِنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ، فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَهُ، حَتَّى سَأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلْهُ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، إِلَى ذِي الْحِجَّةِ

یزید جو حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں: ان کی بیوی اُمّ سلیم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے قربانی کے گوشت کے بارے میں دریافت کیا' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ایک جنگ سے واپس تشریف لائے وہ اپنی اہلیہ کے پاس تشریف لے گئے' تو انہوں نے ان کے سامنے قربانی کا گوشت پیش کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسے اس وقت تک کھانے سے انکار کر دیا' جب تک وہ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت نہیں کر لیتے (جب انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے ایک ذوالحجہ سے لے کر اگلے ذوالحجہ تک بھی کھا سکتے ہو۔

5932- إسناده حسن .هشام بن عمار :روى لـه البـخـارى متابعة وتعليقاً، وهو صدوق، وقد توبع على حديثه هذا، وباقى رجاله ثقات رجال الصحيح .الزبيدى :هو محمد بن الوليد وأخرجه الدارمى 2/79، ومسلم "36" "1975"فى الأضاحى :باب بيـان مـا كـان مـن النهى عن أكل لحوم الأضاحى، والبيهقى 9/291من طـرق عن يحيى بن حنزب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/277 278و 281، ومسلم "35" "1975"، وأبو داود "2814"فى الأضاحى :باب فى المسافر يضحى، والطحاوى 4/185، والطبرانى "1411"، والحاكم 4/230، والبيهقى 9/291من طرق عن معاوية بن صالح، عن أبى الزاهرية، عن جبير بن نفير، به.

5933- حديث صحيح .رجـاله ثقات رجال مسلم غير أم سليم، فلم أجد لها ترجمة .ويزيد :هو يزيد بن أبى عبيد كما فى "التهذيب"، وفى الطحاوى :يـزيـد بن أبى يزيد وكذا ذكره ابن أبى حاتم فى "الجرح والتعديل 9/298 "وقال :روى عن امرأته، روى عـنـه الـحـارث بن يعقوب الأنصارى، والد عامر بن الحارث سمعت أبى يقول ذلك .وقال المؤلف فى "ثقاته 5/535 " :536 يـزيد بن أبى عبيد مولى سلمة بن الاكوع، روى عنه يحيى القطان والناس . وأخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار 4/187 "من طريق الليث بن سعد، عن الحارث بن يعقوب وهو والد عمرو بن الحارث -بهذا الإسناد.

كِتَابُ الرَّهْنِ

کتاب! رہن کے بارے میں روایات

ذِكْرُ مَا يُحْكَمُ لِلرَّاهِنِ وَالْمُرْتَهِنِ فِي الرَّهْنِ إِذَا كَانَ حَيَوَانًا

اس بات کا تذکرہ کہ رہن کے بارے رہن رکھوانے والے اور جس کے پاس رہن رکھا گیا ہے ان کے لیے کیا حکم ہوگا جب کہ رہن شدہ چیز کوئی جانور ہو

5934 . (سندحدیث): أَخْبَرَنَا آدَمُ بْنُ مُوسَى، بِخُوَارِ الرِّيِّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى الْبِسْطَامِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ الطَّبَّاعِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغْلَقُ الرَّهْنُ، لَهُ غُنْمُهُ، وَعَلَيْهِ غُرْمُهُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''رہن بند نہیں ہوتا اس کا فائدہ آدمی کو ملے گا اور اس کا ضمان آدمی کے ذمے ہوگا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمُرْتَهِنَ لَهُ رُكُوبُ الظَّهْرِ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا وَشُرْبُ لَبَنِ الدَّرِّ إِذَا كَانَتِ النَّفَقَةُ مِنْ نَاحِيَتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جس کے پاس رہن رکھا گیا ہے اسے اس بات کا حق حاصل ہے'

وہ جانور پر سوار ہوسکتا ہے' جبکہ رہن میں رکھی ہوئی چیز جانور ہو، اور وہ اس جانور کا دودھ پی سکتا ہے' جب کہ اس جانور کا

5934- رجاله ثقات رجال الشيخين غير إسحاق وهو ابن عيسى بن نجيح البغدادي، ابن الطباع فمن رجال مسلمن ورواه جماعة من الحفاظ بالإرسال، وأما ابن عبد البر فقد صحح إتصاله، وكذلك عبد الحق، وهو الصحيح عند أبي داود، والبزار، والدارقطني، وابن القطان. وأخرجه الدارقطني 3/32، والحاكم 2/51، والبيهقي 6/39من طريق عبد الله بن عمران العابدي، عن سفيان بن عيينة، .بهذا الإسناد مرفوعا وقال الدارقطني :زياد بن سعد من الحفاظ الثقات، وهذا إسناد حسن متصل .وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه لخلاف فيه على أصحاب الزهري، وقد تابع زياد بن سعد :مالك، وابن أبي ذئب، وسليمان بن أبي داود الحراني، ومحمد بن الوليد الزبيدي، ومعمر بن راشد على هذه الرواية .لم أخرج أحاديثهم. وأخرجه الدارقطني 3/33، والحاكم 2/51، والبيهقي 6/39من طريق إسماعيل بن عياش، والحاكم 2/51، والدارقطني 3/33من طريق شبابة، كلاهما عن ابن أبي ذئب، عن الزهري، به، مرفوعاً.

خرچ بھی اسی نے برداشت کرنا ہوگا

5935 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): الرَّهْنُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهِ، وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا، وَعَلَى الَّذِي يَرْكَبُ وَيَشْرَبُ نَفَقَتُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''رہن (کے جانور) پرسواری کی جاسکتی ہے' جو اس کے خرچ کے عوض میں ہوگی اور جانور کا دودھ پیا جاسکتا ہے' جب کہ اسے رہن رکھا گیا ہو اور جو شخص سواری کرتا ہے اور دودھ پیتا ہے اس جانور کا خرچ اس کے ذمے ہوگا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ شَنَّعَ بِهِ بَعْضُ الْمُعَطِّلَةِ عَلَى أَهْلِ الْحَدِيثِ حَيْثُ حُرِمُوا التَّوْفِيقَ لِإِدْرَاكِ مَعْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے بعض لوگ جو معطلہ فرقے سے تعلق رکھتے ہیں وہ محدثین پر اعتراض کرتے ہیں' حالانکہ انہیں اس کا مفہوم سمجھنے کی توفیق سے محروم رکھا گیا

5936 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ

5935- إسناده صحيح على شرط الشيخين .إسحاق بن إبراهيم :هو المعروف بابن راهويه، والشعبي :هو عامر بن شراحيل. وأخرجه الترمذي "1254"في البيوع :باب في الانتفاع بالرهن، وابن ماجة "2440"في الرهون :باب الرهن مركوب ومحلوب، من طرق عن وكيع، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/228و472، والبخاري "2511"و "2512"في الرهن، وابن الجارود "665"، والطحاوي 4/98و99، والدارقطني 3/34، والبيهقي 6/38، والبغوي "2131"من طرق عن زكريا بن أبي زائدة، به. وأخرجه الدارقطني 3/34، والبيهقي 6/38من طرق عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسلم" :الرهن محلوب ومركوب ."وقفه البيهقي أيضا 6/38على أبي هريرة من طرق عن الأعمش، به.

5936- إسناده صحيح على شرط الشيخين .محمد بن كثير :هو العبدي، وسفيان :هو ابن سعيد الثوري، وإبراهيم :هو ابن يزيد بن قيس النخعي، والأسود :هو ابن يزيد النخعي. وأخرجه البخاري "2916"في الجهاد :باب ما قيل في درع النبي صلى الله عليه وسلم والقميص في الحرب، والبيهقي 6/36، والبغوي "2129"من طريق محمد بن كثير، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "2467"في المغازي :باب وفاة النبي صلى الله عليه وسلم، عنقبيصة بن عقبة، عن سفيان، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 6/16، وعبد الرزاق "14094"، وأحمد 6/42و160و230، والبخاري "2200"في البيوع :باب شراء الطعام إلى أجل، و "2251"في السلم :باب الكفيل في السلم، و "2513"في الرهن باب الرهن عند اليهود وغيرهم، ومسلم "1603"في المساقات :باب الرهن :وجوازه في الحضر والسفر، والنسائي 7/288في البيوع :باب الرجل يشتري الطعام إلى أجل يسترهن البائع منه بالثمن رهنا، و 303باب مبايعة أهل الكتاب، وابن ماجة "2436"في الرهون في أوله، وابن الجارود "664"، والبيهقي 6/36، والبغوي "2130"من طرق عن الأعمش، به وسيورده المصنف برقم ."5938"

الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهُ مَرْهُونَةٌ عِنْدَ يَهُودِيٍّ بِثَلَاثِينَ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زرہ ایک یہودی کے پاس جو کے تیس صاع کے عوض میں رہن ہوئی تھی۔

ذِكْرُ ثَمَنِ الشَّعِيرِ الَّذِي كَانَ لِلْيَهُودِيِّ عَلَى الْمُصْطَفَى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِنْدَ رَهْنِهِ إِيَّاهُ دِرْعَهُ

اس جو کی قیمت کا تذکرہ جس کے عوض میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زرہ یہودی کے پاس رہن کے طور پر رکھوائی تھی

5937 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ صُبْحٍ، حَدَّثَنَا آدَمُ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَهَنَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْعًا لَهُ عِنْدَ يَهُودِيٍّ بِدِينَارٍ، فَمَا وَجَدَ مَا يَفْتَكُّهَا بِهِ حَتَّى مَاتَ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زرہ ایک یہودی کے پاس ایک دینار کے عوض میں رہن رکھوائی تھی اس کے بعد آپ کو اتنی گنجائش نہیں ملی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس ادائیگی کو کر کے اسے چھڑوا لیتے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الدِّرْعَ الَّذِي كَانَ عِنْدَ الْيَهُودِيِّ لِلْمُصْطَفَى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ ذَلِكَ لِأَجْلِ سَبَبٍ مَعْلُومٍ، فَمِنْ أَجْلِهِ لَمْ يَسْتَرِدَّ دِرْعَهُ مِنْهُ

5937- إسناده صحيح. العباس بن الوليد بن صبح: روى له ابن ماجة، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات رجال البخاري. آدم: هو ابن أبي إياس، وشيبان: هو ابن عبد الرحمن النحوي. وأخرجه أحمد 3/238، وأبو يعلى "3061"، والبيهقي 6/36 37 من طريق الحسن بن موسى، عن شيبان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/133و208، والبخاري "2069"في البيوع: باب شراء النبي صلى الله عليه وسلم بالنسيئة، و "2508"في الرهن: باب في الرهن في الحضر، والترمذي "1215"في البيوع: باب ما جاء في الرخصة في الشراء إلى أجل، وابن ماجة "2437"في الرهون في أوله، والنسائي 7/288في البيوع: باب الرهن في الحضر، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 263، والبيهقي 6/36من طريق هشام الدستوائي، عن قتادة، به، مطولاً. وأخرجه أحمد 3/102 من طريق الأعمش، عن أنس. وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 278من طريق أبان، عن أنس.

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ زرہ جو نبی اکرم ﷺ نے رہن کے طور پر یہودی کے پاس رکھوائی تھی اس کا معاہدہ ایک متعین مدت کے لیے تھا اور اسی وجہ سے آپ ﷺ نے اپنی زرہ اس سے واپس نہیں مانگی تھی

5938 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ إِبْرَاهِيمَ الرَّهْنُ فِي السَّلَمِ، فَقَالَ: أَخْبَرَنِي الْأَسْوَدُ عَنْ عَائِشَةَ: (متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى مِنْ يَهُودِيٍّ طَعَامًا إِلَى سَنَةٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا لَهُ مِنْ حَدِيدٍ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ ؓ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک یہودی سے اناج خریدا تھا کہ اسے ایک سال کے بعد ادائیگی کریں گے آپ ﷺ نے اپنے لوہے کی بنی ہوئی زرہ اس کے پاس رہن رکھوادی تھی۔

5937– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير بشير بن معاذ العقدي فقد روى له أصحاب السنن، وهو ثقة. وأخرجه البخاري "2068"في البيوع :باب شراء النبي صلى الله عليه وسلم بالنسيئة، و "2096"باب شراء الإمام الحوائج بنفسه، و "2252"في السلم :باب الرهن في السلم، و "2386"في الإستقراض :باب من اشترى بالدين وليس عنده ثمنه، و "2509"في الرهن :باب من رهن درعه، ومسلم "126" "1603"في المساقاة :باب الرهن وجوازه في الحضر والسفر، والبيهقي 6/19من طرق عن عبد الواحد بن زياد، بهذا الإسناد .وانظر الحديث رقم ."5936"

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

7

جہانگیری

صحیح ابن حبان

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

الإحسان في تقريب صحیح ابن حبان

جہانگیری

صحیح ابن حبان

7

— تصنیف —

امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

— ترجمہ —

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار ○ لاہور

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

نام کتاب ______ صحیح ابن حبان

مترجم ______ ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

کمپوزنگ ______ ورڈز میکر

باہتمام ______ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ______ اگست 2014ء

سرورق ______ اے ایف ایس ایڈورٹائزرز دمہ
0322-7202212

طباعت ______ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ______ روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

عنوانات

عنوان | صفحہ

عنوان — صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان — صفحہ

عنوان — صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْفِتَنِ

فتنوں کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

5939 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زُبَيْدٍ، وَمَنْصُورٍ، وَالْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مسلمان کو برا کہنا فسق ہے اور اسے قتل کرنا کفر ہے۔''

5940 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُدْرِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا زُرْعَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ جَدِّهِ جَرِيرٍ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَنْصَتَ النَّاسَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، ثُمَّ قَالَ: لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

5939- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هو هشام بن عبد الملك، وأبو زرعة :هو ابن عمرو بن جرير وأخرجه الطبراني "2402"عن أبي خليفة، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي 2/69عن أبي الوليد، به .وأخرجه الطيالسي "664"، وابن أبي شيبة 15/30 31، وأحمد 4/358و363و366، والبخاري "121"في العلم :باب الإنصات للعلماء، و "4405"في المغازي :باب حجة الوداع، و "6844"في الديات :باب قول الله تعالى :(وَمَنْ أَحْيَاهَا) ،و "7080"في الفتن :باب "لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بعض"، ومسلم "65"في الإيمان :باب معنى قول النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" :لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بعض"، والنسائي 7/127 128في تحريم الدم :باب تحريم القتل، وابن ماجة "3942"في الفتن: باب "لا ترجعوا بعدي كفاراً"، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 3/194 "، والطبراني "2402"، وابن منده "657"، والبغوي "2550"من طرق عن شعبة، به.وأخرجه ابن شيبة 15/30، وأحمد 4/366، والنسائي 7/128، والطبراني "2277"من طريق عبد الله بن نمير، عن إسماعيل، عن قيس، عن جرير.

5940- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي الزبير وهو محمد بن مسلم بن تدرس فقد روى له مسلم، وقد صرح بالتحديث عند أحمد 3/384فانتفت شبهة تدليسه، ابن مهدي :هوعبد الرحمن.وأخرجه أبو يعلى "2154"عن زهير بن حرب، عن عبد الرحمن بن مهدي، بهذا الاسناد .وأخرجه أحمد 3/366من طريق أبي نعيم ووكيع، عن سفيان، به. وأخرجه أحمد 3/384عن روح، حدثنا بن جريج، أخبرني أبو الزبير، به وفيه" :المسلمون "بدل "المصلون"وأخرجه أحمد 3/313في صفات المنافقين :باب تحريش الشيطان، والترمذي "1937"في البر والصلة :باب في التباغض، وأبو يعلى "2294"، والبغوي "3525"من طريق الأعمش، عن سفيان، عن جابر .ولفظ مسلم ... " :أن يعبده المصلون في جزيرة العرب."وأخرجه أحمد 3/354، وابن أبي عاصم في "السنة"8" "، وابو يعلى "2095"

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا لَمْ يُرِدْ بِهِ الْكُفْرَ الَّذِيْ يُخْرِجُ عَنِ الْمِلَّةِ، وَلٰكِنَّ مَعْنَى هٰذَا الْخَبَرِ اَنَّ الشَّيْءَ اِذَا كَانَ لَهُ اَجْزَاءٌ يُطْلَقُ اسْمُ الْكُلِّ عَلٰى بَعْضِ تِلْكَ الْاَجْزَاءِ، فَكَمَا اَنَّ الْاِسْلَامَ لَهُ شُعَبٌ، وَيُطْلَقُ اسْمُ الْاِسْلَامِ عَلٰى مُرْتَكِبِ شُعْبَةٍ مِنْهَا لَا بِالْكُلِّيَّةِ، كَذٰلِكَ يُطْلَقُ اسْمُ الْكُفْرِ عَلٰى تَارِكِ شُعْبَةٍ مِنْ شُعَبِ الْاِسْلَامِ لَا الْكُفْرِ كُلِّهِ، وَلِلْاِسْلَامِ وَالْكُفْرِ مُقَدِّمَتَانِ، لَا تُقْبَلُ اَجْزَاءُ الْاِسْلَامِ اِلَّا مِمَّنْ اَتٰى بِمُقَدِّمَتِهِ، وَلَا يَخْرُجُ مِنْ حُكْمِ الْاِسْلَامِ مَنْ اَتٰى بِجُزْءٍ مِنْ اَجْزَاءِ الْكُفْرِ، اِلَّا مَنْ اَتٰى بِمُقَدِّمَةِ الْكُفْرِ، وَهُوَ الْاِقْرَارُ وَالْمَعْرِفَةُ، وَالْاِنْكَارُ وَالْجَحْدُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خاموش کروایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

''میرے بعد دوبارہ کافر نہ بن جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''میرے بعد دوبارہ کافر نہ بن جانا'' اس کے ذریعے وہ کفر مراد نہیں ہے جس کی وجہ سے آدمی اسلام سے نکل جاتا ہے بلکہ اس روایت کا مطلب یہ ہے کہ جب کسی چیز کے مختلف حصے ہوں' تو ان میں سے بعض اجزاء پر اس پوری چیز کے نام کا اطلاق کیا جاسکتا ہے' جس طرح اسلام کے مختلف شعبے ہیں' تو ان میں سے کسی ایک شعبے کے مرتکب شخص پر بھی لفظ اسلام کا اطلاق کیا جاسکتا ہے یہ لازم نہیں ہے کہ پورے پر ہی اسلام کا اطلاق کیا جائے اسی طرح کفر کا اطلاق اسلام کے کسی ایک شعبے کو ترک کرنے والے پر بھی کیا جاسکتا ہے یہ لازمی نہیں ہے کہ مکمل اسلام کو ترک کرنے والے پر یہ کفر کا اطلاق کیا جائے' تو اسلام اور کفر کے کچھ مقدمات ہیں اسلام کے اجزاء صرف اسی شخص سے قبول کیے جائیں گے جو ان مقدمات کو بجالائے گا اور اسلام کے حکم سے وہی شخص خارج ہوگا' جو کفر کے اجزاء میں سے کسی ایک جزء کا مرتکب ہوگا ماسوائے اس شخص کے' جو کفر کے مقدمات کو بجالاتا ہے اور وہ اقرار اور معرفت اور انکار اور نافرمانی ہیں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَحْرِيشِ الشَّيَاطِيْنِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ، عِنْدَ اِيَاسِهَا مِنْهُمْ عَنِ الْاِشْرَاكِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، شیطان جب اس حوالے سے، مسلمانوں سے مایوس ہوگیا، کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک ٹھہرائیں گے' تو وہ مسلمانوں کے درمیان اختلافات پیدا کرنے کی کوشش کرے گا

5941 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):اِنَّ اِبْلِيسَ قَدْ يَئِسَ اَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّوْنَ، وَلٰكِنَّهُ فِي التَّحْرِيشِ بَيْنَهُمْ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ابلیس اس بات سے مایوس ہو گیا ہے کہ نمازی اب اس کی بندگی کریں گے' البتہ وہ تمہارے درمیان اختلافات پیدا کرے گا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّعِيْنَ الْمَرْءُ اَحَدًا عَلٰى مَا لَيْسَ لِلّٰهِ فِيْهِ رِضًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، کوئی شخص کسی دوسرے کی' کسی ایسے کام کے بارے میں' مدد کرے' جس میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی نہ پائی جاتی ہو

5942 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُؤَمَّلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الَّذِيْ يُعِيْنُ قَوْمَهُ عَلٰى غَيْرِ الْحَقِّ كَمَثَلِ بَعِيْرٍ تَرَدّٰى فِيْ بِئْرٍ، فَهُوَ يُنْزَعُ مِنْهَا بِذَنَبِهِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص ناحق چیز پر اپنی قوم کی مدد کرتا ہے اس کی مثال ایسے اونٹ کی طرح ہے' جو کسی کنویں میں گر جاتا ہے اور پھر اسے اس کی دم سے پکڑ کر باہر نکالا جاتا ہے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّنَاوِلَ الْمَرْءُ اَخَاهُ السَّيْفَ وَهُوَ مَسْلُوْلٌ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ، کوئی شخص اپنے (مسلمان) بھائی کی طرف اس طرح تلوار بڑھائے کہ وہ (تلوار) سونتی ہوئی ہو

(متن حدیث): قَدِمَ اَبُوْ ذَرٍّ عَلٰى عُثْمَانَ مِنَ الشَّامِ، فَقَالَ: يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، افْتَحِ الْبَابَ حَتّٰى يَدْخُلَ النَّاسُ، اَتَحْسِبُنِيْ مِنْ قَوْمٍ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ؟ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَعُوْدُوْنَ فِيْهِ حَتّٰى يَعُوْدَ السَّهْمُ عَلٰى فُوْقِهِ؟ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، لَوْ اَمَرْتَنِيْ اَنْ اَقْعُدَ لَمَا قُمْتُ، وَلَوْ اَمَرْتَنِيْ اَنْ اَكُوْنَ قَائِمًا لَقُمْتُ مَا اَمْكَنَتْنِيْ رِجْلَايَ، وَلَوْ رَبَطْتَنِيْ عَلٰى بَعِيْرٍ لَمْ اُطْلِقْ نَفْسِيْ حَتّٰى تَكُوْنَ اَنْتَ الَّذِيْ تُطْلِقُنِيْ، ثُمَّ اسْتَاْذَنَهُ اَنْ يَّاْتِيَ الرَّبَذَةَ، فَاَذِنَ لَهُ فَاَتَاهَا، فَاِذَا عَبْدٌ يَؤُمُّهُمْ، فَقَالُوْا: اَبُوْ ذَرٍّ فَنَكَصَ الْعَبْدُ، فَقِيْلَ لَهُ: تَقَدَّمْ، فَقَالَ: اَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: اَنْ اَسْمَعَ وَاُطِيْعَ، وَلَوْ لِعَبْدٍ حَبَشِيٍّ مُجَدَّعِ الْاَطْرَافِ، وَاِذَا صَنَعْتُ مَرَقَةً فَاَكْثِرْ مَاءَهَا، ثُمَّ انْظُرْ جِيْرَانَكَ فَاَنِلْهُمْ مِنْهَا بِمَعْرُوْفٍ، وَصَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، فَاِنْ اَتَيْتَ الْاِمَامَ وَقَدْ صَلّٰى كُنْتَ قَدْ اَحْرَزْتَ صَلَاتَكَ، وَاِلَّا فَهِيَ لَكَ نَافِلَةٌ

عبداللہ بن صامت بیان کرتے ہیں: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ شام سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ملنے کے لیے آئے انہوں نے کہا: اے امیر المومنین آپ دروازہ کھولیے تاکہ لوگ اندر آجائیں کیا آپ مجھے ایسے لوگوں سے روک رہے ہیں جو قرآن کی تلاوت کریں گے' لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا اور وہ دین سے یوں خارج ہو جائیں گے جس طرح تیر نشانے کے پار ہو جاتا ہے پھر وہ اس میں دوبارہ نہیں آئیں گے' جب تک تیر کمان کی طرف واپس نہیں آتا یہ ساری مخلوق کے سب سے برے فرد ہوں گے اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اگر آپ مجھے بیٹھنے کا حکم دیں' تو میں کھڑا نہیں رہوں گا اور اگر آپ مجھے کھڑا رہنے کا حکم دیں' تو میں کھڑا ہو جاؤں گا' جب تک میرے پاؤں میرا ساتھ دیں گے' اور اگر آپ مجھے کسی

5964- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن الصامت، فمن رجال مسلم . وأخرجه ابن أبي شيبة 15/306، مسلم "1067"في الزكاة :باب الخوارج شر الخلق الخليقة، وابن ماجة "170"في المقدمة : باب في ذكر الخوارج، من طريق سليمان بن المغيرة، وأحمد 5/176من طريق شعبة، كلاهما عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " :إِنَّ بَعْدِي مِنْ أُمَّتِي، أوسيكون بعدى قوم يقرؤون القرآن، لا يجاوز حلاقيمهم، يَخْرُجُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَعُودُونَ فِيهِ، هُمْ شَرُّ الخلق والخليقة ."وقد تقدم القسم الأخير من الحديث برقم "1719"و"1720"

اونٹ کے ساتھ باندھ دیں' تو میں خود کو کھولنے کی کوشش نہیں کروں گا' جب تک آپ خود مجھے نہیں کھولتے پھر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اجازت لی کہ وہ ربذہ چلے جائیں' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے انہیں اجازت دیدی وہ وہاں آ گئے وہاں ایک غلام ان لوگوں کی امامت کیا کرتا تھا لوگوں نے کہا: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' تو غلام نے سر جھکا لیا۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے کہا گیا آپ آگے بڑھیے (اور نماز پڑھائیے)' تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے خلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین باتوں کی تلقین کی ہے یہ کہ میں اطاعت و فرمانبرداری کروں خواہ کوئی ایسا حبشی حکمران ہو' جس کے ناک اور کان کٹے ہوئے ہوں دوسرا یہ کہ جب میں شوربا بناؤں' تو اس میں پانی زیادہ ڈال دوں اور پھر اس بات کا جائزہ لوں کہ میرے پڑوسیوں میں سے کسے بھیجا جا سکتا ہے اور (تیسری بات یہ کہ) نماز کو اس کے مخصوص وقت پر ادا کرنا پھر اگر تم امام کے پاس آ ؤ اور وہ تم سے پہلے نماز پڑھ چکے ہوں' تو تم اپنی نماز کو محفوظ کر چکے تھے ورنہ یہ نماز تمہارے لیے نفل شمار ہوگی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ وُقُوْعِ الْفِتَنِ كَسْرَ سَيْفِهِ، ثُمَّ الِاعْتِزَالَ عَنْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ فتنوں کے وقوع کے وقت آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنی تلوار کو توڑ دے اور پھر فتنوں سے الگ تھلگ ہو جائے

5965 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ الشَّحَّامُ، قَالَ حَدَّثَنِىْ مُسْلِمُ بْنُ اَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتَنٌ يَكُوْنُ الْمُضْطَجِعُ فِيْهَا خَيْرًا مِنَ الْجَالِسِ، وَالْجَالِسُ خَيْرًا مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرًا مِنَ الْمَاشِىْ، وَالْمَاشِىْ خَيْرًا مِنَ السَّاعِىْ، قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا تَاْمُرُنِىْ؟ قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ اِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِاِبِلِهِ، وَمَنْ كَانَ لَهُ غَنَمٌ فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ، وَمَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِاَرْضِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ شَىْءٌ مِنْ ذٰلِكَ، فَلْيَعْمِدْ اِلٰى سَيْفِهِ، فَلْيَضْرِبْ بِحَدِّهِ عَلٰى صَخْرَةٍ، ثُمَّ لِيَنْجُ اِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاةَ

✿✿ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عنقریب ایسے فتنے ہوں گے جن میں لیٹا ہوا شخص بیٹھے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا کھڑا ہوا چلنے والے سے بہتر ہوگا چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ ایک صاحب نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! (اس طرح کی صورت حال میں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کیا حکم دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے اونٹ ہوں وہ اپنے اونٹوں کے پاس چلا جائے جس شخص کی بکریاں ہوں وہ اپنی بکریوں کے پاس چلا

5965- إسناده على شرط مسلم، وهو في "مصنف ابن أبي شيبة 15/7"، ومن طريقه أخرجه مسلم "2887" في الفتن: باب نزول الفتن كمواقع القطر. وأخرجه أحمد 5/39، 40، ومسلم "2887"، وأبو داود "4256" في الفتن: باب النهي عن السعي في الفتنة، من طرق عن وكيع، به. وأخرجه أحمد 5/48، ومسلم "2887"، والحاكم 4/440، 441، والبيهقي 8/190 من طرق عن عثمان الشحام

جائے جس شخص کی زمین ہو وہ اپنی زمین کے ساتھ مصروف ہو جائے جس شخص کے پاس ان میں سے کچھ نہ ہو وہ اپنی تلوار کی طرف جائے اور پھر اس کی دھار کو پتھر پر مار کر (اپنی تلوار کو بے کار کر دے) پھر جہاں تک اس سے ہو سکے وہ نجات حاصل کرنے کی کوشش کرے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّلَاةَ، وَالصِّيَامَ، وَالصَّدَقَةَ تُكَفِّرُ آثَامَ الْفِتَنِ عَمَّنْ وَصَفْنَا نَعْتَهُ فِيهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ نماز، روزہ اور صدقہ کرنا اس شخص کی طرف سے فتنوں کے ان گناہوں کا کفارہ بنتے ہیں کہ فتنوں کے بارے میں، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

5966 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِي شَقِيقٌ، قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عُمَرَ، فَقَالَ: اَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيثَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: قُلْتُ: اَنَا، قَالَ: اِنَّكَ لَجَدِيرٌ، اَوْ لَجَرِيءٌ، فَكَيْفَ قَالَ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي نَفْسِهِ وَاَهْلِهِ، وَمَالِهِ، وَوَلَدِهِ، وَجَارِهِ يُكَفِّرُهَا الصِّيَامُ، وَالصَّدَقَةُ، وَالصَّلَاةُ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ، فَقَالَ عُمَرُ: لَيْسَ هٰذَا اُرِيدُ، اِنَّمَا اُرِيدُ الَّتِي تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، فَقُلْتُ: وَمَا لَكَ وَلَهَا يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ اِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا، قَالَ: فَيُكْسَرُ الْبَابُ اَمْ يُفْتَحُ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلْ يُكْسَرُ، قَالَ: ذٰلِكَ اَحْرَى اَنْ لَا يُغْلَقَ اَبَدًا، قَالَ: قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ: هَلْ كَانَ يَعْلَمُ مَنِ الْبَابُ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَمَا يَعْلَمُ اَنَّ دُونَ غَدٍ اللَّيْلَةَ، اِنَّ حُذَيْفَةَ حَدَّثَنَا حَدِيثًا لَيْسَ بِالْاَغَالِيطِ، قَالَ: فَهِبْنَا اَنْ نَسْاَلَ حُذَيْفَةَ مَنِ الْبَابُ، فَقُلْنَا لِمَسْرُوقٍ: سَلْهُ، فَسَاَلَهُ فَقَالَ: عُمَرُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے دریافت کیا آپ میں سے کس کو فتنے کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث یاد ہے میں نے جواب دیا: مجھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ

5966- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري، يحيىٰ :هو ابن سعيد القطان، وشقيق :هو ابن سلمة أبو وائل. وأخرجه أحمد 5/401 402، والبخاري "1435"في الزكاة :باب الصدقة تكفر الخطيئة، و "3586"في المناقب :باب علامات النبوة في الإسلام، "7096"في الفتن :باب الفتنة :باب الفتنة التي تموج كموج البحر، ومسلم "144"ص 2218في الفتن :باب في الفتنة التي تموج كمج البحر، والترمذي "2258"في الفتن: باب 71، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة3/38 "، وابن ماجة "3955"في الفتن :باب ما يكون من الفتن، من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه الطيالسي "408"، والبخاري "1895"في الصوم :باب الصوم كفارة، ومسلم "144"ص 2218، والترمذي "2258"من طرق عن شقيق بن سلمة، به وأخرجه عبد الرزاق "20752"عن معمر، عن قتادة وسليمان التيمي، عن حذيفة. وأخرجه بغير هذه السياق أحمد 5/386و405،ومسلم "144"في الإيمان :باب بيان أن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريباً، والطبراني في "الكبير"3024" "، والبغوي "4218"من طرق عن ربعي بن حراش، عن حذيفة.

اس لائق ہیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) آپ نے جرأت کا مظاہرہ کیا ہے نبی اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ہے' تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بتایا میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''آدمی کی آزمائش' اس کی اپنی ذات کے بارے میں اس کے اہل خانہ کے بارے میں اس کے مال میں اس کی اولاد میں اور اس کے پڑوسی کے بارے میں ہوتی ہے روزہ رکھنا، صدقہ کرنا، نماز پڑھنا، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا اس کا کفارہ بنتے ہیں''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں یہ مراد نہیں لے رہا میری مراد وہ فتنہ ہے' جو سمندر کی لہروں کی طرح ہوگا میں نے کہا: اے امیر المومنین آپ کا اس کے ساتھ کیا واسطہ آپ کے اور اس کے درمیان ایک بند دروازہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا اس دروازے کو توڑا جائے گا یا کھول دیا جائے گا' تو میں نے کہا: جی نہیں اسے توڑا جائے گا اور پھر وہ اس لائق ہوگا کہ وہ دوبارہ کبھی بند نہ ہو۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ بات جانتے تھے کہ دروازے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں جس طرح وہ یہ بات جانتے تھے کہ کل سے پہلے رات آئے گی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں کوئی ایسی حدیث بیان نہیں کی جس میں غلط بیان ہو۔

راوی کہتے ہیں: ہمیں ان سے یہ پوچھنے کی جرأت نہیں ہوئی کہ دروازے سے مراد کیا ہے' تو ہم نے مسروق سے کہا کہ تم ان سے دریافت کرو مسروق نے ان سے دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا (دروازے سے مراد) حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النِّسَاءَ مِنْ اَخْوَفِ مَا كَانَ يَتَخَوَّفُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُنَّ عَلٰى اُمَّتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کو اپنی امت کے حوالے سے جن چیزوں کا اندیشہ تھا ان میں سب سے زیادہ اندیشہ خواتین کے بارے میں تھا

5967 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5967– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الجبار، فمن رجال مسلم سفيان :هو ابن عيينة، وأبو عثمان :هو عبد الرحمن بن مل النهدي. وأخرجه مسلم "2740"، في الذكر والدعاء :باب أكثر أهل الجنة الفقراء، والطبراني في "الكبير "416" "من طرقين عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "20608"، وأحمد 5/200و210، والبخاري "5096"في النكاح :باب ما يتقى من شؤم المرأة، ومسلم "2740"و"2741"، والترمذي "2780"في الادب :باب ما جاء في تحذير فتنة النساء، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 1/49 " 50، وابن ماجة "3998" في الفتنة :باب فتنة النساء، والطبراني "415"و "417"و "418"و "419"و"420"، والبيهقي 7/91، والبغوي "2242"، والقضاعي "784" و "786"و "787"من طرق عن سليمان التيمي، به . وأخرجه القضاعي "785"من طريق مندل بن علي، عن عاصم، عن أبي عثمان النهدي، به وانظر "5969"و."5970"

سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ اُسَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا تَرَكْتُ بَعْدِیْ فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں اپنے بعد کوئی ایسا فتنہ چھوڑ کر نہیں جا رہا جو مردوں کے لیے خواتین سے زیادہ نقصان دہ ہو۔''

ذِكْرُ بَعْضِ السَّبَبِ الَّذِیْ مِنْ اَجْلِهٖ يَكُوْنُ عَامَّةُ فِتْنَةِ النِّسَاءِ

اس ایک سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے عام طور پر خواتین سے متعلق فتنہ ہوتا ہے

5968 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): وَيْلٌ لِلنِّسَاءِ مِنَ الْاَحْمَرَيْنِ: الذَّهَبِ وَالْمُعَصْفَرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دو سرخ چیزوں کی وجہ سے خواتین کی بربادی ہے سونا اور معصفر (زرد کپڑا یا کوئی اور چیز)''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ فِتْنَةَ النِّسَاءِ مِنْ اَعْظَمِ مَا كَانَ يَخَافُهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمَّتِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ خواتین کا فتنہ وہ فتنہ ہے' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کے حوالے سے سب سے بڑا اندیشہ تھا

5969 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْجَنَدِیُّ اَبُوْ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَةَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الزُّبَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ

5968– إسناده حسن. محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ قد أخرج له البخاری مقروناً ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقی رجاله ثقات علی شرط الشيخين. وعباد بن عباد: هو ابن حبيب بن المهلب بن أبی صفرة، ثقة روی له الجماعة، ووهم المناوی فی "فيض القدير 6/368" فظنه عباد بن عباد الأرسوفی الذی قال فيه ابن حبان: يأتی بالمناكير، فضعف الحديث بسببه. والحديث ذكره السيوطی فی "الجامع الصغير"، ونسبه للبيهقی فی "الشعب". وفی الباب عن عزة الأشجعية أخرجه أبو نعيم فی "الصحابة" كما فی "زهر الفردوس 4/159:" حدثنا الحسن بن منصور الحمصی، حدثنا الوليد بن مروان، حدثنا جنادة بن مروان، عن أشعث بن سوار، عن منصور عن أبی حازم، عن مولاته غزة الأشجعية رفعته وهذا سند ضعيف. وذكره ابن الأثير فی "أسد الغابة 1/195"، وابن عبد البر فی كتابه "الإستيعاب 4/353" فقالا: روی لأشعث بن سوار، عن منصور،

5969– حديث صحيح. محمد بن يوسف الزبيدی: روی عنه جميع كثير، وكان صاحبا لأبی قرة، قال عنه الحافظ فی "التقريب" "صدوق، وذكره ابن أبی حاتم 8/121 فلم يذكر فی جرحا ولا تعديلاً، ومن فوقع من رجال الشيخين غير أبی قرة، واسمه موسی بن طارق روی له النسائی، وهو ثقة، والحديث مكرر "5967" وانظر ما بعده.

النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا تَرَكْتُ بَعْدِىْ فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

❀❀ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں اپنے بعد کوئی ایسی آزمائش نہیں چھوڑ رہا جو مردوں کے لیے خواتین سے زیادہ نقصان دہ ہو۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ فِتْنَةَ النِّسَاءِ مِنْ اَخْوَفِ مَا يُخَافُ مِنَ الْفِتَنِ عَلَى الرِّجَالِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ مردوں پر جو فتنے وارد ہوں گے ان میں سب سے زیادہ اندیشہ خواتین کے فتنوں کے بارے میں ہے

5970 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا تَرَكْتُ بَعْدِىْ فِتْنَةً اَخْوَفَ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

❀❀ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں اپنے بعد کوئی ایسی آزمائش نہیں چھوڑ رہا جو مردوں کے لیے خواتین سے زیادہ قابل تشویش ہو۔''

5970- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ماقبله.

كِتَابُ الْجِنَايَاتِ

کتاب! جنایات کے بارے میں روایات

5971 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوسُفَ، بِدِمَشْقَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيٍّ الْاَنْصَارِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيِ النَّاسِ، اِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ يَسْتَاْذِنُهُ اَنْ يُسَارَّهُ، فَسَارَّهُ فِي قَتْلِ رَجُلٍ مِنَ الْمُنَافِقِينَ، فَجَهَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلَامِهِ وَقَالَ: اَلَيْسَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلَا شَهَادَةَ لَهُ، قَالَ: اَلَيْسَ يَشْهَدُ اَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلَا شَهَادَةَ لَهُ، قَالَ: اَلَيْسَ يُصَلِّي؟ قَالَ: بَلٰى، وَلَا صَلَاةَ لَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ نُهِيتُ عَنْهُمْ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان تشریف فرما تھے اسی دوران ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لی کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سرگوشی میں بات کرنا چاہتا ہے اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سرگوشی میں یہ بات چیت کی کہ وہ منافقین سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو قتل کر دے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز میں دریافت کیا: کیا وہ اس بات کی گواہی نہیں دیتا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ اس شخص نے عرض کی: جی ہاں' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ' لیکن اس کی گواہی کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا وہ اس بات کی گواہی نہیں دیتا کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ اس نے عرض کی: جی ہاں' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ' لیکن اس کی گواہی کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا وہ نماز نہیں پڑھتا اس نے عرض کی: جی ہاں (پڑھتا ہے)' لیکن اس کی نماز کا کوئی اعتبار نہیں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں' جنہیں (قتل کرنے سے) مجھے منع کیا گیا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا دِمَاءَ الْمُؤْمِنِينَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کے خون

5971– إسناده صحيح. محمد بن محمد بن حماد الطهراني: ثقة روى له ابن ماجه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير الصحابي رضي الله عنه، فلم يخرج له أحد من الستة وليس له إلا هذا الحديث. وأخرجه أحمد 5/433 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد

(یعنی ان کی جانیں) قابل احترام قرار دی ہیں

5972 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَانِىْ اَبُو الْعَالِيَةِ وَصَاحِبٌ لِى، فَقَالَ: هَلُمَّا، فَاِنَّكُمَا اَشَبُّ شَبَابًا، وَاَوْعٰى لِلْحَدِيْثِ مِنِّى، فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا بِشْرَ بْنَ عَاصِمٍ اللَّيْثِيَّ، قَالَ اَبُو الْعَالِيَةِ: حَدِّثْ هٰذَيْنِ، قَالَ بِشْرٌ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ وَّكَانَ مِنْ رَهْطِهِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، فَغَارَتْ عَلٰى قَوْمٍ، فَشَذَّ مِنَ الْقَوْمِ رَجُلٌ، وَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِّنَ السَّرِيَّةِ وَمَعَهُ السَّيْفُ شَاهِرُهُ، فَقَالَ: اِنِّى مُسْلِمٌ، فَلَمْ يَنْظُرْ فِيمَا قَالَ، فَضَرَبَهُ فَقَتَلَهُ، قَالَ: فَنُمِىَ الْحَدِيْثُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ فِيْهِ قَوْلًا شَدِيدًا، فَبَلَغَ الْقَاتِلَ، قَالَ: فَبَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، اِذْ قَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِىْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّنْ قِبَلَهُ مِنَ النَّاسِ، وَاَخَذَ فِىْ خُطْبَتِهٖ، قَالَ: ثُمَّ عَادَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا قَالَ الَّذِىْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّنْ قِبَلَهُ مِنَ النَّاسِ، فَلَمْ يَصْبِرْ اَنْ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ تُعْرَفُ الْمَسَاءَةُ فِىْ وَجْهِهٖ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَىَّ اَنْ اَقْتُلَ مُؤْمِنًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حمید بن ہلال بیان کرتے ہیں: ابوعالیہ اور میرے ایک ساتھی میرے پاس آئے ان لوگوں نے کہا: تم آؤ تم نوجوان ہو تمہیں مجھ سے زیادہ حدیثیں یاد ہیں ہم لوگ روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہم بشر بن عاصم لیثی کے پاس آئے تو ابوعالیہ نے کہا: ان دونوں کو حدیث بیان کرو بشر نے یہ بات بیان کی۔

حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہمیں حدیث بیان کی ہے: وہ ان کے قبیلے سے تعلق رکھتے تھے وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی انہوں نے ایک قوم پر حملہ کیا ان میں سے ایک شخص ایک طرف ہٹ گیا مہم میں شامل افراد میں سے ایک شخص اس کے پاس گیا اس کے پاس سونتی ہوئی تلوار تھی اس (پہلے الگ ہونے والے شخص نے) کہا میں مسلمان ہوں لیکن (پیچھے جانے والے فرد نے) اس کی بات پر توجہ نہیں دی اور اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

5972- إسناده صحيح، شيبان بن أبي شيبة :هو شيبان بن فروخ، ثقة روى له مسلم، وبشر بن عاصم :وثقه المؤلف والنسائي . والحديث في "مسند أبي يعلى 314/2 "، والزيادة منه، لكنه جاء فيه :عقبة بن خالد الليثي، وقال ابن الأثير في "أسد الغابة 4/59 "في ترجمة عقبة بن مالك :ذكره أبو يعلى الموصلي في "مسنده "الذي رويناه ":عقبة بن خالد"، ولعله تصحيف من الكاتب، والله أعلم، وهذا أصح. وأخرجه ابن الأثير من طريق أبي بكر بن أبي عاصم، عن شيبان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/110 و 5/288 289، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة7/443 "، والطبراني في "الكبير "980"/17 "من طرق عن سليمان بن المغيرة، به.. وأخرجه الطبراني "981"/17من طريق يونس بن عبيد، عن حميد بن هلال، بنحوه . وذكره الهيثمي في "المجمع 5/27 "وقال :رواه الطبراني في "الكبير"، وأحمد، وأبو يعلى، إلا أنه قال" :عقبة بن خالد "بدل "عقبة بن مالك"، ورجاله ثقات كلهم.

تک پہنچی' تو نبی اکرم ﷺ نے اس بارے میں سخت ناراضگی کا اظہار کیا اس بات کی اطلاع قتل کرنے والے شخص کو ملی۔ راوی بیان کرتے ہیں: ابھی نبی اکرم ﷺ خطبہ دے رہے تھے' تو اس قاتل نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! اللہ کی قسم! اس نے یہ کلمہ صرف قتل سے بچنے کے لیے پڑھا تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص سے اور اس کی طرف موجود لوگوں کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے خطبے کو جاری رکھا اس شخص نے دوبارہ یہی بات بیان کی اس نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! اس نے صرف قتل سے بچنے کے لیے یہ بات کہی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے پھر اس سے اور اس کی طرف موجود لوگوں سے منہ پھیر لیا پھر اس شخص سے صبر نہیں ہوا' یہاں تک کہ اس نے تیسری مرتبہ یہی بات کہی' تو نبی اکرم ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے ناراضگی کے آثار آپ ﷺ کے چہرے پر نمایاں تھے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے لیے یہ بات حرام قرار دی ہے کہ میں کسی مومن کو قتل کروں یہ بات آپ ﷺ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

5973 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُفَضَّلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ:

(متن حدیث): ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَقَفَ عَلٰى بَعِيرِهِ، وَاَمْسَكَ اِنْسَانٌ بِخِطَامِهِ، اَوْ قَالَ: بِزِمَامِهِ، فَقَالَ: اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ سِوَى اسْمِهِ، فَقَالَ: اَلَيْسَ بِيَوْمِ النَّحْرِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟ فَسَكَتْنَا، حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ سِوَى اسْمِهِ، فَقَالَ: اَلَيْسَ بِذِي الْحِجَّةِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ فَسَكَتْنَا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ سِوَى اسْمِهِ، فَقَالَ: اَلَيْسَ الْبَلَدَ الْحَرَامَ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَاَمْوَالَكُمْ، وَاَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِي شَهْرِكُمْ هٰذَا، فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا، اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ، فَاِنَّ الشَّاهِدَ عَسٰى يُبَلِّغُ مَنْ هُوَ اَوْعٰى لَهُ مِنْهُ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ اونٹ پر ٹھہرے ہوئے تھے ایک شخص نے اس اونٹ کی لگام (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) کو پکڑا ہوا تھا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ کون سا دن ہے۔ ہم لوگ خاموش رہے ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ کون سا مہینہ ہے ہم لوگ خاموش رہے ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ کون سا شہر ہے ہم لوگ خاموش رہے' یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ شاید آپ ﷺ اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا یہ حرمت والا شہر نہیں ہے۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں۔

5973- إسناده صحيح على شرط، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الأعلى، فمن رجال مسلم، وهو مكرر "3848"، وانظر ما بعده. ذكر البيان بأن تحريم الله جلا وعلا أموال المسلمين ودماؤهم وَأَعْرَاضَهُمْ كَانَ ذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَبْلَ ان يقبض الله جلا وَعَلَا رَسُولَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہاری جانیں تمہارے مال تمہاری عزتیں ایک دوسرے کے لیے اسی طرح قابل احترام ہیں' جس طرح یہ دن اس مہینے میں اس شہر میں قابل احترام ہے خبردار ہر موجود شخص غیر موجود تک اس کی تبلیغ کر دے کیونکہ بعض اوقات موجود شخص ایسے شخص تک اس کی تبلیغ کرے گا' جو اس کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر اس حکم کو محفوظ رکھے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَحْرِيمَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَمْوَالَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَدِمَاءَ هُمْ، وَاَعْرَاضَهُمْ كَانَ ذٰلِكَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَبْلَ اَنْ يَّقْبِضَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى جَنَّتِهِ بِثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ وَّيَوْمَيْنِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے اموال، ان کی جانیں،

ان کی عزتیں قابل احترام قرار دی ہیں اور ایسا حجۃ الوداع کے موقع پر ہوا تھا اور یہ نبی اکرم ﷺ کے جنت کی طرف تشریف لے جانے سے تین ماہ دو دن پہلے ہوا

5974 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ، السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلَاثٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُو الْقَعْدَةِ، وَذُو الْحِجَّةِ، وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ ثُمَّ قَالَ: اَيُّ شَهْرٍ هٰذَا ؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ، قَالَ: اَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: اَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهٖ، قَالَ: اَلَيْسَ ذَا الْبَلْدَةِ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: اَيُّ يَوْمٍ هٰذَا ؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: اَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ، وَاَمْوَالَكُمْ - قَالَ مُحَمَّدٌ: وَاَحْسِبُهٗ قَالَ: وَاَعْرَاضَكُمْ -، عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْاَلُكُمْ عَنْ اَعْمَالِكُمْ، اَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُّبَلَّغُهٗ يَكُوْنُ اَوْعٰى لَهٗ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهٗ، قَالَ: فَكَانَ مُحَمَّدٌ اِذَا ذَكَرَهٗ يَقُوْلُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ، قَدْ كَانَ ذَاكَ، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

5974– حديث صحيح .عبد الله بن هانء :هو النحوي، ذكره المصنف في "الثقات 8/364 "وقال :كنيته أبو عبد الرحمن، من أهل نيسابور، قدم الشام، فحدثهم بها، يروي عن عبد الوهاب الثقفي، ويحيى القطان، حدثنا عنه الحسين بن يزيد بن عبد الله القطان بالرقة، لم أر في حديثه ما يجب أن يعدل به عن الثقات الى المجروحين، وذكره ابن أبي حاتم 5/195، وقال :يروي عنه محمد بن مسلم، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .أيوب :هو السختياني، وابن أبي بكرة : اسمه عبد الرحمن .وانظر الحديث السابق التالي.

وَسَلَّمَ: آلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟ آلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے زمانہ گردش میں ہے سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے جن میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں ان میں سے تین آگے پیچھے آتے ہیں ذیقعدہ، ذوالحجہ اور محرم جبکہ رجب کا مہینہ جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان آتا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کون سا مہینہ ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے نیا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا شہر ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ البلدہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا دن ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری جانیں تمہارے مال (یہاں محمد نامی راوی کہتے ہیں: میرا یہ خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں) اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے کے لیے اسی طرح قابل احترام ہیں' جس طرح یہ دن اس شہر میں قابل احترام ہے عنقریب تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو جاؤ گے' تو وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں حساب لے گا خبردار میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو' ہر تم میں سے ہر موجود شخص غیر موجود شخص تک تبلیغ کردے کیونکہ بعض اوقات یہ بات اس شخص تک پہنچ جاتی ہے' جو اس کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر اسے محفوظ رکھتا ہے' جس نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی براہ راست) اسے سنا تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں: محمد نامی راوی جب اس حدیث کا ذکر کرتے تھے' تو یہ کہتے تھے: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے اس طرح ہوتا ہے۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار کیا میں نے تبلیغ کردی ہے کیا میں نے تبلیغ کردی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اسْتِدَارَةِ الزَّمَانِ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اس وقت میں زمانہ گردش میں ہے

5975 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ، وَالسَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ، ثَلَاثَةٌ مُتَوَالِيَاتٌ: ذُو الْقَعْدَةِ، وَذُو الْحِجَّةِ، وَالْمُحَرَّمُ، وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِىْ بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ، ثُمَّ قَالَ: اَىُّ شَهْرٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ،

قَالَ: أَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَأَيُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: أَلَيْسَ الْبَلَدَ الْحَرَامَ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ، قَالَ: أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ؟ قُلْنَا: بَلٰى، قَالَ: فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ - قَالَ مُحَمَّدٌ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ وَأَعْرَاضَكُمْ -، حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ، فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، أَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ، فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يَبْلُغُهُ يَكُوْنُ أَوْعٰى لَهُ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهُ، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا ہے زمانہ گردش میں ہے سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے جس میں چار مہینے حرمت والے ہیں ان میں سے تین مہینے آگے پیچھے ہوتے ہیں ذیقعدہ، ذوالحجہ اور محرم جبکہ رجب کا مہینہ جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان آتا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا مہینہ ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے تو ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ اس کے لیے نیا نام تجویز کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا شہر ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے دوسرا نام تجویز کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا یہ حرمت والا شہر نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کون سا دن ہے ہم نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے کوئی دوسرا نام تجویز کریں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری جانیں اور تمہارے مال (یہاں محمد نامی راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: تمہاری عزتیں) ایک دوسرے کے لیے اسی طرح قابل احترام ہیں جس طرح یہ دن اس مہینے میں اس شہر میں قابل احترام ہے عنقریب تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو جاؤ گے تو وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں حساب لے گا۔ تو تم میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو خبردار! موجود شخص غیر موجود افراد تک تبلیغ کر دیں کیونکہ جس (دوسرے شخص کو بات) پہنچائی جائے گی وہ (بعض اوقات براہ راست) سننے والے سے زیادہ بہتر طور پر اسے محفوظ رکھے گا۔ خبردار! کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے؟

5975- حديث صحيح .عبد الله بن هانء :هو النحوي، ذكره المصنف في "الثقات 8/364 "وقال :كنيته أبو عبد الرحمن، من أهل نيسابور، قدم الشام، فحدثهم بها، يروي عن عبد الوهاب الثقفي، ويحيى القطان، حدثنا عنه الحسين بن يزيد بن عبد الله القطان بالرقة، لم أر في حديثه ما يجب أن يعدل به عن الثقات الى المجروحين، وذكره ابن أبي حاتم 5/195، وقال :يروي عنه محمد بن مسلم، ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .أيوب :هو السختياني، وابن أبي بكرة : اسمه عبد الرحمن .وانظر الحديث السابق التالي.

5975- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ دِمَاءَ كُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ لَفْظٌ عَامٌّ، مُرَادُهَا خَاصٌّ، اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ الدِّمَاءِ لَا الْكُلَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کے یہ فرمان:

''بے شک تمہارے خون تمہارے لیے حرام ہیں'' یہ الفاظ عام ہیں' لیکن ان کی مراد خاص ہے اور اس کے ذریعے بعض قسم کے خون ہیں سارے خون مراد نہیں ہیں

5976 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ مَقَامِي هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَالَّذِي لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ، لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، اِلَّا فِي اِحْدٰى ثَلَاثٍ: التَّارِكُ الْاِسْلَامَ، الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِي، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس مقام پر نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' جو شخص اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں ایسے کسی بھی شخص کا خون بہانا تین میں سے کسی ایک صورت میں جائز ہے' اسلام کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدگی اختیار کرنے والا شخص، شادی شدہ زانی اور جان کے بدلے میں جان۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت اعمش نے عبداللہ بن مرہ سے نہیں سنی ہے

5977 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

5976– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر "4407"و"4408"، وانظر ما بعده.

5977– إسناده صحيح على شرط الشيخين سليمان :هو الأعمش .وانظر ماقبله.وأخرجه النسائي 8/13في القسامة :باب القود، عن بشير بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/465عن محمد بن جعفر، به.

(متن حدیث): لَا يَحِلُّ دَمُ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدَى ثَلَاثٍ: النَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِيْ، وَالتَّارِكُ لِدِينِهِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی بھی مسلمان کا خون تین میں سے کسی ایک صورت میں جائز ہے جان کے بدلے میں جان، شادی شدہ زانی اور اپنے دین کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہونے والا شخص''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ اَرَادَ بِهِ بَعْضَ الْاَمْوَالِ لَا الْكُلَّ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''بے شک تمہارے اموال تم پر حرام ہیں'' اس کے ذریعے بعض اموال مراد ہیں تمام اموال مراد نہیں ہیں

5978 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ اَنْ يَّاْخُذَ عَصَا اَخِيهِ بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ مِنْهُ، قَالَ ذٰلِكَ لِشِدَّةِ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ مِنْ مَالِ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کسی بھی مسلمان کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے کسی بھائی کی لاٹھی اس کی رضامندی کے بغیر حاصل کرے''۔

5978- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الرحمن بن سعد، وهو ثقة روى له البخاري في "الأدب المفرد" وأبو داود .أبو عامر العقدي :هو عبد الملك بن عمرو القيسي.وأخرجه البزار "1373"، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 4/42 " 42من طريقين عن أبي عامر، بهذا الإسناد .وقال البزار :لا نعلمه عن أبي حميد إلا بهذا الطريق، وإسناده حسن. وقد رزي من وجوه عن غيره من الصحابةوأخرجه أحمد 5/425، والبيهقي 6/100و9/358، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 4/41 42من طرق عن سليمان بن بلال، به.وجاء في الرواية الأولى عند البيهقي 6/100من طريق ابن وهب :عبد الرحمن بن سعد، وقال البيهقي :عبد الرحمن :هو ابن سعد بن مالك، وسعد بن مالك :هو أبو سعيد الخدري، ورواه أبو بكر بن أبي أويس عن سليمان، فقال :عبد الرحمن بن سعد، عن أبي حميد وذكره الهيثمي في "المجمع 4/171 "وقال :رواه أحمد والبزار ورجال الجميع رجال الصحيح.وفي الباب عن أبي حرة الرقاشي عن عمه :أخرجه أحمد 5/72، وأبو يعلى "1570"، والدارقطني 3/26، والبيهقي 6/100و8/182، وفيه علي بن زيد بن جدعان، وهو ضعيف.وعن عمران بن يثربي عند أحمد 3/423وابنه عبد الله في زيادات "المسند5/113 "، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 4/42 "، والدراقطني 25- 3/24و25، والبيهقي .6/97وذكره الهيثمي في "المجمع 4/171 " 172وقال :رواه أحمد وابنه في زياداته أيضاً والطبراني في "الكبير "و"الإوسط"، ورجال أحمد ثقات.

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے اس معاملے کی شدت کی وجہ سے یہ بات بیان کی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان کا مال دوسرے مسلمان کے لیے حرام قرار دیا ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ اسْمِ الْإِيمَانِ عَنِ الْقَاتِلِ مُسْلِمًا بِغَيْرِ حَقِّهِ

مسلمان کو ناحق طور پر قتل کرنے والے شخص سے لفظ ایمان کی نفی کا تذکرہ

5979 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، وَلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً ذَاتَ شَرَفٍ يَرْفَعُ اِلَيْهَا الْمُؤْمِنُونَ اَعْيُنَهُمْ وَهُوَ حِينَ يَنْتَهِبُهَا مُؤْمِنٌ، وَلَا يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ حِينَ يَقْتُلُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، فَاِيَّاكُمْ، اِيَّاكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''چور چوری کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا، زانی زنا کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا، شراب پینے والا شراب پیتے ہوئے مومن نہیں رہتا۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے' جو بھی شخص لوگوں کے سامنے سرعام چیز لوٹتا ہے وہ اسے لوٹتے ہوئے مومن نہیں رہتا اور کوئی بھی شخص کسی کو قتل کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا' تو تم لوگ (ان تمام کاموں سے) بچنے کی کوشش کرو بچنے کی کوشش کرو۔''

ذِكْرُ اِيجَابِ دُخُولِ النَّارِ لِلْقَاتِلِ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ مُتَعَمِّدًا

اپنے مسلمان بھائی کو بلاوجہ قتل کرنے والے شخص کے جہنم میں داخل ہونے کے واجب ہونے کا تذکرہ

5980 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ دِهْقَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا، قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ الدَّرْدَاءِ، تَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا

5979- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وقد تقدم برقم "1186"و "4412"و "4454"و "5172"و"5173"

5980- حديث صحيح هشام بن عمار :حسن الحديث وقد توبع، وباقي رجاله ثقات كلهم، وأخطأ الحافظ في قوله في "التقريب "عن خالد بن دهقان " :مقبول"، فقد وثقه المصنف، ودحيم، وأبو مسهر، وأبو زرعة، والإمام الذهبي في "كاشفه."وأخرجه الحاكم 4/351، والبيهقي 8/21من طريقين عن محمد بن المبارك الدمشقي، عن صدقة بن خالد، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.وأخرجه أبو داود "427"في الفتن :باب تعظيم قتل المؤمن، عن مؤمل بن الفضل، عن محمد بن شعيب، عن خالد بن دهقان، به، وفي الباب عن معاوية بن أبي سفيان أخرجه أحمد 4/99، والنسائي 7/81في تحريم الدم في فاتحته، والحاكم 4/351من طريق صفوان بن عيسى، والطبراني "858"/19و "857"من طريقين عن ثور بن يزيد، عن أبي عون، عن أبي إدريس الخولاني، عن معاوية. وأخرجه الطبراني "857" "856"/19من طريقين عن أبي عون، به.

الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّغْفِرَهُ، اِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا، اَوْ مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ہر گناہ کے بارے میں (یہ امید کی جاسکتی ہے) کہ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کردے گا ماسوائے اس شخص کے جو مشرک ہونے کے عالم میں فوت ہو یا جس نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا ہو''۔

ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ قَاتَلَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ حَتّٰى قُتِلَ

ایسے شخص کی شدید مذمت کا تذکرہ' جو اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ لڑتا ہے یہاں تک کہ وہ (دوسرا شخص) قتل ہو جاتا ہے

5981 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بن اِبْرَاهِيم بن اِسْمَاعِيل بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوب، وَيُوْنس، والمُعَلّٰى، عَنِ الحَسَن، عَنِ الأَحْنَفِ بن قَيْسٍ: عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا التَقَى الْمُسْلِمَان بِسَيْفَيْهِمَا، فَقَتَلَ اَحَدُهُما صَاحِبَهُ، فَالقَاتِلُ والمَقْتُولُ فِى النَّارِ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ہر گناہ (کے بارے میں یہ امید کی جاسکتی ہے) کہ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کردے گا' ماسوائے اس شخص کے' جو مشرک ہونے کے عالم میں مرجائے' یا جو شخص کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ الْمَرْءِ مَنْ اٰمَنَهُ عَلٰى دَمِهِ

اس بارے میں ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کسی ایسے شخص کو قتل کرے' جسے اس نے جان کی امان دی ہو

5982 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اِسْمَاعِيْلُ السُّدِّيُّ، عَنْ رِفَاعَةَ الْفِتْيَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَيُّمَا رَجُلٍ اٰمَنَ رَجُلًا عَلٰى دَمِهِ ثُمَّ قَتَلَهُ، فَاَنَا مِنَ الْقَاتِلِ بَرِىْءٌ، وَاِنْ كَانَ الْمَقْتُولُ كَافِرًا

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ اَبُوْ حَاتِمٍ: فِتْيَانُ بَطْنٌ مِّنْ بَجِيلَةَ، وَقِتْبَانُ سَكَنُهُ* بِمِصْرَ

5981- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن عبيدة، والمعلى وهو ابن زياد القرشي، فمن رجال مسلم .أيوب :هو ابن أبي تميمة السختياني، ويونس :هو ابن عبيد، والحسن :هو بن أبي الحسن البصرى .وقد تقدم الحديث برقم ."5945"

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''جو شخص کسی دوسرے شخص کو اس کی جان کے حوالے سے ایمان دے اور پھر اسے قتل کر دے' تو میں قتل کرنے والے شخص سے بری ہوں خواہ مقتول شخص کافر ہو۔''

شیخ ابوحاتم بیان کرتے ہیں: فتیان' بجیلہ قبیلے کی ایک شاخ ہے اور قتبان (قبیلے کے لوگ) مصر میں رہتے ہیں۔

ذِكْرُ مَا يَلْزَمُ ابْنَ آدَمَ مِنْ اِثْمِ مَنْ قَتَلَ بَعْدَهُ مُسْلِمًا، لِاسْتِنَانِهِ ذٰلِكَ الْفِعْلَ لِمَنْ بَعْدَهُ

اس بات کا تذکرہ کہ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کو کتنا گناہ ہوتا ہے' جب اس کے بعد کوئی شخص کسی مسلمان کو قتل کرتا ہے کیونکہ اس کے بعد اس کے طریقے کی پیروی کی گئی

5983 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا اِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ آدَمَ الْاَوَّلِ كِفْلٌ مِّنْ دَمِهَا، لِاَنَّهُ اَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

5982– إسناده حسن .إسماعيل السدى :هو إسماعيل بن عبد الرحمن ب أبى كريمة السدى، روى له مسلم، وهو صدوق، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين غير رفاعة الفتنانى، فقد روى له النسائى وابن ماجة، هو ثقة .أبو أسامة :هو حماد بن أسامة، وزائدة :هو ابن قدامة. وأخرجه البخارى فى "التاريخ الكبير 3/323 "، والفسوى فى "المعرفة والتاريخ 3/193 "تعليقا، قال البخارى :وعن أبى عبيد الله، وقال الفسوى :قال عبيد الله :أخبرنا زائدة، فذكره بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى "1285"، وأحمد 5/223 224، والطحاوى فى "مشكل الآثار "203" "بتحقيقنا، والطبرانى فى "الصغير"584" "، وأبو نعيم فى "الحلية" 9/24، والفسوى فى "المعرفة والتاريخ 3/192 " 193، وعلقه البخارى فى "التاريخ الكبير 193- 323 -3/322,322 "، من طرق عن إسماعيل السدى، به.وأخرجه أحمد 5/223و224و437، والنسائى فى "الكبرى "كما فى "التحفة 8/149 " 150، والطبرانى "38"من طرق عن رفاعة الفتيانى، به.وأخرجه الطيالسى "1286"، وابن ماجة "2688"فى الديات :باب من أمن رجلا على دمه فقتله، والطحاوى "201"و "202"من طرق عن عبد الملك بن عمير، عن رفاعة الفتيانى، عن عمرو بن الحمق، بلفظ : "إذا أمن الرجل الرجل على دمه، ثم قتله، رفع له لواء الغدر يوم القيامة "لفظ الطيالسى . وأخرجه ابن ماجة "2689"، وعلقه البخارى من طريق أبى ليلى، عن أبى عكاشة الهمذانى، عن سليمان بن صرد. 1بالفاء ، وهى التى نسب إليها رفاعة، وقال المصنف فى "ثقاته :4/240 "رفاعة بن شداد الفتيانى، وكنيته أبو عاصم، فتيان بطن من بجيلة من أهل اليمن، عداده فى أهل الكوفة، وجاء نسبه فى "تهذيب الكمال :9/204 "رفاعة بن شداد بن عبد الله بن قيس بن جعال بن بداء بن فتيان بن ثعلبة بن رفاعة بن زيد بن الغوث بن أنمار بن إراش بن عمرو بن الغوث ابن بنت مالك الفتيانى البجلى، وقد وهم ابن حجر فى "التقريب "فقيده" :القتيانى" بالقاف . وقوله" :وقتبان سكنه بمصر "نسبه إلى قتيان بن ردمان، بطن من ذى فضالة بن عبيد القتبانى، والفضل بن عبيد وغيرهم . انظر "الإنساب10/59 "، و"المشتبه.2/499 "

''جس بھی شخص کو ظلم کے طور پر قتل کیا جائے' تو اس کے خون میں حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا بھی حصہ ہوتا ہے کیونکہ اس نے قتل کے طریقے کا آغاز کیا تھا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ الْمَرْءِ وَلَدَهُ سِرًّا

اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے مسلمانوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے

5984 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ اَبِيْ غَنِيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ بْنِ السَّكَنِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ سِرًّا، فَاِنَّ قَتْلَ الْغَيْلِ يُدْرِكُ الْفَارِسَ، فَيَدَعْثِرُهُ عَنْ فَرَسِهِ

❀❀ سیدہ اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اپنی اولاد کو پوشیدہ طور پر قتل نہ کرو کیونکہ غیل کے قتل کا اثر شہ سوار تک پہنچتا ہے اور اسے اس کے گھوڑے سے گرادیتا ہے۔''

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا نُهِيَ عَنْ قَتْلِ الْمُسْلِمِيْنَ

اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے مسلمانوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے

5985 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ،

5983- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وعبد الله :هو ابن مسعود رضى الله عنه. وأخرجه مسلم "1677"فى القسامة :باب بيان إثم من سن القتل، والطبرى فى "جامع البيان "1173" "من طرق عن جرير، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "19781"، وابن أبى شيبة 9/364، وأحمد 1/383و430و433،والبخارى "3335"فى الأنبياء : باب خلق آدم وذريته، و "6867"فى الديات :باب قول الله تعالى :(وَمَنْ أَحْيَاهَا) ، و "7321"فى الإعتصام :باب قول إثم من دعا إلى ضلالة أو من سن سنة سيئة، ومسلم "1677"، والترمذى "2673"فى العلم :باب الدال على الخير كفاعله، وقال :حسن صحيح، والنسائى 7/81 82فى تحريم الدم فى فاتحته، وفى التفسير من "الكبرى "كما فى "التحفة7/144 "، وابن ماجة "2616"فى الديات :باب التغليظ فى قتل مسلم ظلماً، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار1/483 "، والطبرانى "11738" و"11739"، البيهقى 8/15، والبغوى فى "شرح السنة "111" "، وفى "معالم التنزيل 2/31 "من طرق عن الأعمش، به. 2 تحرفت فى الأصل و "التقاسيم/2 "لوحة 67إلى "عن"، والتصويب من "الموارد"1304" "، و "مسند أحمد."

5984- إسناده حسن .المهاجر :هو ابن أبى مسلم مولى أسماء بنت يزيد، روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى ثقاته، وباقى رجاله ثقات.أخرجه أحمد 6/453عن أبى نعيم الفضل بن دكين، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 6/458وأبو داود "3881"فى الطب :باب فى الغيل، ومن طريقه البيهقى 7/464و 458من طرق عن محمد بن المهاجر، به. وأخرجه أحمد 6/457و458، وابن ماجة "2012"فى النكاح :باب الغيل، والطبرانى فى "الكبير "462"/24 "من طريقين عن المهاجر بن أبى مسلم، به.

عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنِ الصُّنَابِحِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنِّىْ فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنِّىْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِىْ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الصُّنَابِحُ مِنَ الصَّحَابَةِ، وَالصُّنَابِحِيُّ مِنَ التَّابِعِيْنَ

حضرت صنابح رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں حوض (کوثر) پر تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں دوسری امتوں کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا' تو تم لوگ میرے بعد ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا (یا آپس میں جھگڑا نہ کرنا)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت صنابح رضی اللہ عنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہیں اور صنابحی تابعین میں سے ہیں۔

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر کے مقام پر قوم ثمود کے علاقے کے قریب پڑاؤ کیا لوگوں نے وہاں کے کنوؤں سے پانی حاصل کر لیا' جہاں سے قوم ثمود کے لوگ پانی پیا کرتے تھے' لوگوں نے وہاں ہنڈیا بھی چڑھائی وہاں آٹا بھی گوندھ لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ہنڈیا کو الٹا دو اور آٹا اونٹوں کو کھلا دو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ پڑاؤ کیا جہاں سے (حضرت صالح علیہ السلام کی) اونٹنی پانی پیا کرتی تھی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس عذاب یافتہ قوم کے علاقے میں داخل نہ ہو' کہیں تمہیں بھی وہ عذاب لاحق نہ ہو جو انہیں لاحق ہوا تھا۔

6203- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي. وأخرجه أحمد 2/117 حدثنا عبد الصمد، عن صخر بن جويرية، بهذا الإسناد. وذكره الحافظ ابن كثير في "البداية والنهاية" 5/10، من رواية أحمد، وصححه على شرط الشيخين.

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي اخْتَتَنَ فِيهِ اِبْرَاهِيمُ خَلِيلُ الرَّحْمٰنِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں خلیل الرحمان حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ختنے کیے تھے

6204 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحَجِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اخْتَتَنَ اِبْرَاهِيمُ بِالْقَدُومِ وَهُوَ ابْنُ عِشْرِينَ وَمِائَةِ سَنَةٍ، وَعَاشَ بَعْدَ ذٰلِكَ ثَمَانِينَ سَنَةً سَمِعْتُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مُشْكَانَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّزَّاقِ يَقُوْلُ: الْقُدُومُ اسْمُ الْقَرْيَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قدوم کے مقام پر **120** سال کی عمر میں اپنے ختنے کئے تھے اس کے بعد وہ **80** سال تک زندہ رہے۔''

امام عبدالرزاق بیان کرتے ہیں: قدوم ایک گاؤں کا نام ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ رَافِعَ هٰذَا الْخَبَرِ وَهِمَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل کرنے والے شخص کو وہم ہوا ہے

6205 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا

6204- حديث صحيح، علي بن زياد اللحجي: ذكره المؤلف في "الثقات"8/470، وقال: من أهل اليمن، كان راويا لأبي قُرَّة، حدثنا عنه المفضل بن محمد الجندي، مستقيم الحديث. وأبو قرة: هو موسى بن طارق اليماني، روى له النسائي وهو ثقة، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين، ويحيى بن سعيد: هو الأنصاري. وأخرجه الحاكم 2/551 من طريق حماد بن سلمة وأبي معاوية، وأبو الشيخ في كتاب "العقيقة" كما في " الفتح "6/391 من طريق الأوزاعي، ثلاثتهم عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. لكن في متن هذه الرواية نظر، فقد نقلها الحافظ في "الفتح"، وقال: والظاهر أنه قد سقط من المتن شيء ، فإن هذا القدر (يعني مئة وعشرين سنة) هو مقدار عمره. وأخرجه أحمد 2/322 من طريق ورقاء ، و 418 من طريق المغيرة بن عبد الرحمن القرشي، والبخاري (3356) في الأنبياء : باب قوله تعالى: (واتخذ الله إبراهيم خليلاً) من طريق المغيرة، و (6298) في الاستئذان: باب الختان بعد الكِبَر، وفي "الأدب المفرد" (1244) من طريق شعيب بن أبي حمزة، ومسلم (2370) في الفضائل: باب من فضائل إبراهيم الخليل - صلى الله عليه وسلم -، من طريق المغيرة بن عبد الرحمن، والبيهقي في "السنن"8/325 من طريق المغيرة بن عبد الرحمن، ومسدد بن مسرهد في " مسنده " كما في " تغليق التعليق "4/15 من طريق عبد الرحمن بن إسحاق، أربعتهم عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة ولفظه " اختتن إبراهيم عليه السلام وهو ابن ثمانين سنة بالقَدوم ." وأخرجه بهذا اللفظ أبو يعلى (5981) ، وابن أبي عاصم في " الأوائل " (20) ، والطبراني في " الأوائل " (11) من طريق محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة.

اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اخْتَتَنَ اِبْرَاهِيْمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ بَلَغَ عِشْرِينَ وَمِائَةَ سَنَةٍ، وَعَاشَ بَعْدَ ذٰلِكَ ثَمَانِيْنَ سَنَةً، وَاخْتَتَنَ بِالْقَدُوْمِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر جب **120** سال ہوئی انہوں نے اس وقت اپنے ختنے کیے اس کے بعد وہ **80** سال تک زندہ رہے انہوں نے قدوم کے مقام پر ختنے کیے تھے۔''

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِىْ مِنْ اَجْلِهِ لَبِثَ يُوْسُفُ فِى السِّجْنِ مَا لَبِثَ

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے حضرت یوسف علیہ السلام قید خانے میں اتنا عرصہ رہے جتنا عرصہ وہ رہے

6206 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): رَحِمَ اللّٰهُ يُوْسُفَ لَوْلَا الْكَلِمَةُ الَّتِىْ قَالَهَا اذْكُرْنِىْ عِنْدَ رَبِّكَ مَا لَبِثَ فِى السِّجْنِ مَا لَبِثَ، وَرَحِمَ اللّٰهُ لُوْطًا اِنْ كَانَ لَيَاْوِىْ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ، اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ: لَوْ اَنَّ لِىْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ آوِىْ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ، قَالَ: فَمَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا بَعْدَهُ اِلَّا فِىْ ثَرْوَةٍ مِنْ قَوْمِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ حضرت یوسف علیہ السلام پر رحم کرے اگر وہ کلمہ نہ ہوتا' جو انہوں نے کہا: تھا کہ ''تم اپنے آقا کے سامنے میرا ذکر کر دینا'' تو حضرت یوسف علیہ السلام اتنا عرصہ قید خانے میں نہ رہتے جتنا عرصہ وہ رہے تھے اور اللہ تعالیٰ حضرت لوط علیہ السلام پر رحم

6205- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد2/435 عن يحيى القطان، عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد.

6206- إسناده حسن، محمد بن عمرو: هو ابن علقمة الليثي، روى له البخاري مقرونا، ومسلم متابعة، وهو صلوق، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري . خالد بن عبد الله: هو الطحان . قلت: لكن الحافظ ابن كثير قد تعقب المؤلف في "بدايته"1/194 بسبب إدراج هذا الحديث في " صحيحه "، فقال بعد أن أورده عنه: إنه حديث منكر من هذا الوجه، ومحمد بن عمرو بن علقمة له أشياء ينفرد بها، وفيها نكارة، وهذه اللفظة من أنكرها وأشدها، والذي في " الصحيحين " يشهد بغلطها. قلت: خبر " الصحيحين " الذي عناه ابن كثير هو الحديث الآتي عند المؤلف برقم (6208) . وأخرجه الترمذي (3116) في التفسير: باب ومن سورة يوسف، والطبري في "جامع البيان" (18397) و (18398) و (18402) و (19398) ، والطحاوي في " شرح مشكل الآثار " (330) بتحقيقنا، من طرق عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حديث حسن. وأخرجه أحمد 2/322، والبخاري (3375) في الأنبياء : باب (ولوطاً إذ قال لقومه أتأتون الفاحشة وأنتم تبصرون) ، و (3387) : باب (لقد كان في يوسف وإخوته آيات للسائلين) ، و (6992) في التعبير: باب رؤيا أهل السجون والفساد والشرك، والطبري (18403) و (18404) ، والبغوي في " معالم التنزيل "2/395-396 من طرق عن أبي هريرة. وانظر ما بعده.

کرے انہوں نے ایک مضبوط پناہ گاہ کی پناہ لینے کا ارادہ کیا تھا' جب انہوں نے اپنی اس قوم سے کہا۔
''یا' تو میرے پاس تمہارے مقابلے میں قوت ہوگی' یا پھر میں ایک مضبوط پناہ گاہ کی پناہ لے لوں گا۔''
نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو اس کی مخصوص قوم میں بھیجا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الدَّاعِي الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ مَا لَبِثَ يُوسُفُ لَاَجَبْتُ الدَّاعِيَ

بلانے والے کی اس صفت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی

''اگر میں اتنا عرصہ قید خانے میں رہا ہوتا جتنا عرصہ حضرت یوسف علیہ السلام رہے تھے' تو میں بلانے والے کی بات مان لیتا (یعنی اس کے ساتھ چلا جاتا)''

6207 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): لَوْ جَاءَنِي الدَّاعِي الَّذِي جَاءَ اِلٰى يُوْسُفَ لَاَجَبْتُهُ، وَقَالَ لَهُ: ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاسْاَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ عَلٰى لُوْطٍ، اِنْ كَانَ لَيَاْوِي اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ، اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ: لَوْ اَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً اَوْ آوِي اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ فَمَا بَعَثَ اللّٰهُ بَعْدَهُ مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا فِي ثَرْوَةٍ مِنْ قَوْمِهِ.
(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَاَجَبْتُ الدَّاعِيَ، لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَيْءٍ مُرَادُهَا مَدْحُ مَنْ وَقَعَ عَلَيْهِ خِطَابُ الْخَبَرِ فِي الْمَاضِي

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:
''جو بلانے والا حضرت یوسف علیہ السلام کو بلانے آیا تھا وہ میرے پاس آتا' تو میں اس کے ساتھ چلا جاتا حضرت یوسف علیہ السلام نے اس سے کہا تھا۔
''تم اپنے آقا کے پاس واپس جاؤ اور اس سے دریافت کرو کہ ان خواتین کا کیا بنا جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے تھے۔''
اللہ تعالیٰ حضرت لوط علیہ السلام پر رحم کرے انہوں نے ایک مضبوط پناہ گاہ کی پناہ لینے کا ارادہ کیا تھا' جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا ''اگر میرے پاس تمہارے مقابلے میں قوت ہوئی' تو ٹھیک ہے ورنہ میں ایک مضبوط پناہ گاہ کی پناہ لے لوں گا''۔
اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو اس کی مخصوص قوم میں مبعوث کیا۔

6207- إسناده حسن كسابقه، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عمرو، وهو صدوق . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه. وأخرجه أحمد2/332، والطبري في "جامع البيان" (19397) عن محمد بن بشر، بهذا الإسناد. وانظر ما بعده.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ کہ میں بلانے والے کے ساتھ چلا جاتا اس میں مخفی طور پر اطلاع دی گئی ہے لیکن اس کے ذریعے مراد یہ ہے کہ جس شخصیت کے بارے میں روایت کے الفاظ واقع ہوئے ہیں ان کی تعریف کی جائے۔

17

ذِكْرُ خَبَرٍ شَنَّعَ بِهِ الْمُعَطِّلَةُ وَجَمَاعَةٌ لَمْ يُحْكِمُوا صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ عَلَى مُنْتَحِلِي سُنَنِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَيْثُ حَرَّمُوا التَّوْفِيقَ لِإِدْرَاكِ مَعْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے ''معطلہ'' فرقے کے لوگ اور ایک جماعت

جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتی وہ علم حدیث کے ماہرین پر تنقید کرتے ہیں حالانکہ وہ خود اس حدیث کے معنی کا ادراک حاصل کرنے کی توفیق سے محروم رہے

6208 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ اِبْرَاهِيمَ، اِذْ قَالَ: (رَبِّ اَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلَى وَلَكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي) (البقرة: 260)، وَيَرْحَمُ اللّٰهُ لُوطًا لَقَدْ كَانَ يَاْوِي اِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ، وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ مَا لَبِثَ يُوسُفُ لَاَجَبْتُ الدَّاعِيَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ اِبْرَاهِيمَ لَمْ يُرِدْ بِهِ اِحْيَاءَ الْمَوْتَى، اِنَّمَا اَرَادَ بِهِ فِي اسْتِجَابَةِ الدُّعَاءِ لَهُ، وَذَلِكَ اَنَّ اِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: (رَبِّ اَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَى) (البقرة: 260) وَلَمْ يَتَيَقَّنْ اَنَّهُ يُسْتَجَابُ لَهُ فِيهِ، يُرِيدُ: فِي دُعَائِهِ وَسُؤَالِهِ رَبَّهُ عَمَّا سَاَلَ،

6208- إسناده صحيح، يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب، ثقة روى له أبو داود، والنسائي، وابن ماجه، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه البخاري (3372) في الأنبياء: باب قول الله عز وجل: (ونبئهم عن ضيف إبراهيم)، و (4537) في تفسير سورة البقرة: باب قول الله تعالى: (وإذ قال إبراهيم ربِّ أرني كيف تحيي الموتى)، ومسلم (151) (238) في الإيمان: باب زيادة طمأنينة القلب بتظاهر الأدلة، وابن ماجة (4026) في الفتن: باب الصبر على البلاء، والطبري في "جامع البيان" (5974) و (19400)، والبغوي في "شرح السنة" (63)، وفي "معالم التنزيل" 1/247-248، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (326) من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (4694) في تفسير سورة يوسف: باب قوله: (فلما جاءه الرسول قال ارجع إلى ربك)، والطبري (5973) و (19399)، والطحاوي (327)، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 507، وابن منده في "الإيمان" (369) من طريق سعيد بن عيسى بن تليد، عن عبد الرحمن بن القاسم، عن بكر بن مضر، عن عمرو بن الحارث. وأخرجه أحمد 2/326 عن وهب بن جرير بن حازم، عن أبيه، كلاهما عن يونس بن يزيد، به. وأخرجه مسلم (151)، والطحاوي (328)، وابن منده (370) من طريق جويرية، عن مالك بن أنس. وأخرجه ابن منده (371) من طريق أبي أويس المدني، كلاهما عن الزهري، عن أبي سعيد وأبي عُبيد، عن أبي هريرة.

فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ بِهِ فِي الدُّعَاءِ لِاَنَّا اِذَا دَعَوْنَا رُبَّمَا يُسْتَجَابُ لَنَا، وَرُبَّمَا لَا يُسْتَجَابُ، وَمَحْصُولُ هٰذَا الْكَلَامِ اَنَّهُ لَفْظَةُ اِخْبَارٍ مُرَادُهَا التَّعْلِيْمُ لِلْمُخَاطَبِ لَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مقابلے میں شک کرنے کے زیادہ حق دار ہیں جب انہوں نے یہ کہا۔

''اے میرے پروردگار! تو مجھے دکھا کہ تو مردوں کو کیسے زندہ کرے گا۔ پروردگار نے دریافت کیا: کیا تم ایمان نہیں رکھتے ہو۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! لیکن (میں یہ چاہتا ہوں) تاکہ میرا دل مطمئن ہو جائے۔''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) اللہ تعالیٰ حضرت لوط علیہ السلام پر رحم کرے وہ ایک مضبوط پناہ گاہ کی پناہ میں جانا چاہتے تھے اور جتنا عرصہ حضرت یوسف علیہ السلام قید خانے میں رہے اگر میں اتنا عرصہ رہا ہوتا' تو بلانے والے کے ساتھ چلا جاتا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مقابلے میں شک کرنے کے زیادہ حق دار ہیں'' اس کے ذریعے یہ مراد نہیں ہے کہ مردوں کو زندہ کرنے کے بارے میں شک تھا بلکہ مراد ان کی دعا کے مستجاب ہونا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ کہا تھا۔

''اے میرے پروردگار! تو مجھے دکھا کہ تو مردوں کو کیسے زندہ کرے گا۔''

انہیں اس بات کا یقین نہیں تھا کہ اس بارے میں ان کی دعا مستجاب ہوگی۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ ان کا اپنے پروردگار سے دعا کرنا اور وہ مطالبہ کرنا جو انہوں نے کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ہم اس دعا کے بارے میں شک کرنے کے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے زیادہ حق دار ہیں کیونکہ جب ہم دعا کرتے ہیں' تو بعض اوقات ہماری دعا مستجاب ہو جاتی ہے اور بعض اوقات مستجاب نہیں ہوتی بہر حال اس کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ یہاں لفظی طور پر اطلاع دی گئی ہے' لیکن اس کے ذریعے مراد یہ ہے کہ مخاطب کو اس بارے میں تعلیم دی جائے۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا:
(نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ) (یوسف: 3)

اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی
''ہم تمہارے سامنے خوب صورت ترین قصہ بیان کرنے لگے ہیں''

6209 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَّادٌ الصَّفَّارُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَلَا عَلَيْهِمْ زَمَانًا، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ

اللّٰہِ لَوْ قَصَصْتَ عَلَيْنَا، فَأَنْزَلَ اللَّهُ: (الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينَ) (يوسف: 1) إِلَى قَوْلِهِ: (نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ) (يوسف: 3) فَتَلَاهَا عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَانًا، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ حَدَّثْتَنَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (اللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا) (الزمر: 23) الْآيَةَ، كُلُّ ذٰلِكَ يُؤْمَرُوْنَ بِالْقُرْآنِ قَالَ خَلَّادٌ: وَزَادَ فِيهِ حِينَ * قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَكِّرْنَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ) (الحديد: 16)

مصعب بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ پر قرآن نازل ہوتا رہا آپ ﷺ طویل عرصے تک لوگوں کے سامنے اس کی تلاوت کرتے رہے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اگر آپ ﷺ ہمارے سامنے کوئی واقعہ بیان کریں (تو مہربانی ہوگی) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ"۔

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''ہم تمہارے سامنے بہترین قصہ بیان کررہے ہیں۔''

نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت ایک طویل عرصے تک لوگوں کے سامنے تلاوت کی پھر لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اگر آپ ﷺ ہمیں کوئی بات بتائیں (تو مہربانی ہوگی) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اللہ تعالیٰ نے سب سے بہترین بات کتاب کی شکل میں نازل کی ہے جس میں متشابہات ہیں۔''

تو ان سب کو قرآن کے مطابق حکم دیا جاتا تھا۔

خلاد نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں: جب لوگوں نے یہ عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ﷺ ہمیں کوئی نصیحت کیجئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''کیا اہل ایمان پر ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے قلوب اللہ کے ذکر کے لیے خوف زدہ ہو جائیں۔''

6209- إسناده قوى. خلاد الصفار: هو ابن عيسى، ويقال: ابن مسلم، روى له الترمذى وابن ماجة، ووثقه ابن معين فى رواية الدورى، وقال فى رواية عثمان: ليس به بأس، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقال أبو حاتم: حديثه متقارب، وباقى رجاله ثقات رجال مسلم. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وعمرو بن محمد القرشي: هو العنقزى، ومصعب بن سعد: هو ابن أبى وقاص رضى الله عنه. وأخرجه الحاكم 2/345، والواحدى فى "أسباب النزول" ص 182 و 248 و 272 من طريقين عن إسحاق ابن راهويه، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم ووافقه الذهبى. وأخرجه ابن جرير الطبرى فى "جامع البيان" (18776) عن محمد بن سعيد العطّار، وأبو يعلى (740) عن الحسين بن عمرو العنقزى، والبزار (3218) عن الحسين بن عمرو، والحسين بن الأسود، وإسماعيل بن حفص، أربعتهم عن عمرو بن محمد، بهذا الإسناد. وقال البزار: لا نعلمه يروى إلّا عن سعد بهذا الإسناد، ولا رواه عن سعد إلّا مصعب، ولا عنه إلّا عمرو بن مرة، ولا عنه إلّا عمرو بن قيس، ولا عنه ألّا خلاد. وذكره الهيثمى فى "المجمع"10/219، وقال: رواه أبو يعلى والبزار بنحوه، وفيه الحسين بن عمرو العنقزى، ووثقه ابن حبان، وضعفه غيره، وبقية رجاله رجال الصحيح. قلت: الحسين بن عمرو قد توبع كما ترى، فلا يعل الحديث به. وأورده السيوطى فى "الدر المنثور "4/496، وزاد نسبته لابن المنذر، وابن أبى حاتم، وأبى الشيخ، وابن مردويه.

ذِكْرُ احْتِجَاجِ آدَمَ، وَمُوسَى، وَعَذْلِهِ إِيَّاهُ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بحث کرنے کا تذکرہ (حضرت موسیٰ علیہ السلام کا) جنت سے نکالے جانے پر حضرت آدم علیہ السلام کو ملامت کرنا

6210 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تَحَاجَّ آدَمُ وَمُوسَى فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى، فَقَالَ: مُوسَى أَنْتَ آدَمُ الَّذِي أَغْوَيْتَ النَّاسَ، وَأَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ، فَقَالَ لَهُ آدَمُ: أَنْتَ مُوسَى الَّذِي أَعْطَاهُ اللهُ عِلْمَ كُلِّ شَيْءٍ وَاصْطَفَاهُ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَاتِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَتَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قُدِّرَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ أُخْلَقَ؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بحث ہوگئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: آپ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں جنہوں نے لوگوں کو گمراہ کر دیا اور انہیں جنت سے نکلوا دیا' تو حضرت آدم علیہ السلام نے ان سے کہا آپ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے یہ چیز عطا کی تھی کہ وہ ہر چیز کا علم رکھتے تھے اور تمام لوگوں میں اپنی رسالت کے لیے منتخب کیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: جی ہاں' تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: آپ ایک ایسے معاملے کے بارے میں مجھے ملامت کر رہے ہیں جو میری تخلیق سے پہلے ہی میرے مقدر میں طے کر دیا گیا تھا۔"

ذِكْرُ تَعْيِيرِ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَلِيمَ اللهِ بِأَنَّهُ آدَرُ

بنی اسرائیل کا حضرت موسیٰ علیہ السلام پر یہ تنقید کرنا کہ انہیں (شرمندگی والی) بیماری لاحق ہے

6211 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَانَ بَنُو إِسْرَائِيلَ يَغْتَسِلُونَ عُرَاةً، يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى سَوْأَةِ بَعْضٍ، وَكَانَ مُوسَى يَغْتَسِلُ

6210- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج: هو عبد الرحمن بن هرمز، وقد تقدم برقم (6179) . وهو في "الموطأ" 2/898 في باب النهي عن القول بالقدر . ومن طريق مالك أخرجه مسلم (2652) (14) في القدر: باب حجاج آدم وموسى عليهما السلام، والآجري في "الشريعة" ص 181. وأخرجه الحميدي (1116) ، والبخاري (6614) في القدر: باب تحاج آدم وموسى عند الله، وابن أبي عاصم في "السنة" (155) ، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 54، والبيهقي في "الأسماء والصفات" من طريقين عن أبي الزناد، به. وأخرجه ابن أبي عاصم (153) و (154) ، والآجري ص 181 و 324، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص233-232 وفي "الاعتقاد" ص 99 من طرق عن الأعرج، به.

وَحْدَهُ، قَالُوا: وَاللّٰهِ مَا يَمْنَعُ مُوسَى اَنْ يَّغْتَسِلَ مَعَنَا اِلَّا اَنَّهُ آدَرُ، قَالَ: فَذَهَبَ مَرَّةً يَغْتَسِلُ فَوَضَعَ ثَوْبَهُ عَلٰى حَجَرٍ فَفَرَّ الْحَجَرُ بِثَوْبِهِ، فَاشْتَدَّ مُوسَى فِيْ اَثَرِهِ وَهُوَ يَقُولُ: ثَوْبِىْ حَجَرُ، ثَوْبِىْ حَجَرُ، حَتّٰى نَظَرَتْ بَنُو اِسْرَائِيْلَ اِلٰى سَوْاَةِ مُوسَى فَقَالُوا: وَاللّٰهِ مَا بِمُوسَى مِنْ بَاْسٍ، فَقَامَ الْحَجَرُ بَعْدَ مَا نَظَرَ النَّاسُ اِلَيْهِ، فَاَخَذَ ثَوْبَهُ، وَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا ، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ اِنَّ بِالْحَجَرِ نَدَبًا سِتَّةً اَوْ سَبْعَةً مِنْ ضَرْبِ مُوسَى الْحَجَرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بنی اسرائیل برہنہ ہو کر غسل کیا کرتے تھے وہ ایک دوسرے کی شرمگاہ کی طرف دیکھ لیا کرتے تھے حضرت موسیٰ علیہ السلام تنہا غسل کیا کرتے تھے ان لوگوں نے کہا: اللہ کی قسم! حضرت موسیٰ علیہ السلام ہمارے ساتھ صرف اس لیے غسل نہیں کرتے کیونکہ ان کے اندر کوئی عیب ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام غسل کرنے لگے' اور اپنے کپڑے ایک پتھر پر رکھے' تو وہ پتھر ان کے کپڑے لے کر بھاگ کھڑا ہوا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اس کے پیچھے بھاگے وہ یہ کہہ رہے تھے اے پتھر میرے کپڑے اے پتھر میرے کپڑے' یہاں تک کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شرمگاہ کو دیکھ لیا' تو انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! حضرت موسیٰ علیہ السلام میں' تو کوئی خرابی نہیں ہے' جب لوگوں نے انہیں دیکھ لیا' تو پتھر بھی رک گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے کپڑے لیے اور اس پتھر کو مارنا شروع کیا۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اس پتھر پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ضرب کے چھ یا شاید سات نشان ہیں۔

ذِكْرُ صَبْرِ كَلِيْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى اَذَى بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ اِيَّاهُ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بنی اسرائیل کی طرف سے لاحق ہونے والی اذیت پر صبر کرنے کا تذکرہ

6212 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِشَيْءٍ قَسَمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَدَلَ فِيْ هٰذَا، فَقَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَاُخْبِرَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوسٰى، قَدْ كَانَ يُصِيْبُهُ اَشَدُّ مِنْ

6211- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عباس العنبرى فمن رجال مسلم. وهو فى "صحيفة همام " برقم (61) . وأخرجه أحمد 2/315، والبخارى (278) فى الغسل: باب من اغتسل عرياناً وحده، ومسلم (339) فى الحيض: باب جواز الاغتسال عرياناً فى الخلوة، وص 1841 فى الفضائل: باب فضائل موسى عليه السلام، وأبو عوانة 1/281 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/515 والبخارى (3404) فى الأنبياء : باب حديث الخضر مع موسى عليهما السلام، والترمذى (3221) فى التفسير: باب ومن سورة الأحزاب، والطبرى فى "جامع البيان "22/52، والبغوى فى "معالم التنزيل"3/545 من طرق عن أبى هريرة بنحوه، وقال الترمذى: حديث حسن صحيح.

6212- إسناده قوى. عبد الرحمن بن عمرو البجلى من أهل حران روى عن جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات"8/380، وسئل عنه أبو زرعة كما فى "الجرح والتعديل"5/267، فقال: شيخ. ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين.

هٰذَا ثُمَّ يَصْبِرُ

۞۞ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز تقسیم کی، تو ایک شخص نے اس کے بارے میں یہ کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں انصاف سے کام نہیں لیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے سوچا اللہ کی قسم! میں ضرور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتاؤں گا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے انہیں اس سے زیادہ اذیت پہنچائی گئی، لیکن پھر بھی انہوں نے صبر سے کام لیا۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِىْ مِنْ اَجْلِهِ اَلْقَى مُوْسَى الْاَلْوَاحَ

اس سبب کا تذکرہ، جس کی وجہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے الواح رکھ دی تھیں

6213 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ، قَالَ اللّٰهُ لِمُوْسَى: اِنَّ قَوْمَكَ صَنَعُوْا كَذَا وَكَذَا، فَلَمَّا يُبَالِ، فَلَمَّا عَايَنَ اَلْقَى الْاَلْوَاحَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُوْ بِشْرٍ: جَعْفَرُ بْنُ اَبِىْ وَحْشِيَّةَ

۞۞ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سنی ہوئی بات براہ راست دیکھنے کی طرح نہیں ہوتی اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تمہاری قوم نے اس اس طرح کرلیا ہے انہوں نے کوئی پرواہ نہیں کی، لیکن جب انہوں نے بذات خود دیکھ لیا، تو انہوں نے الواح کو پھینک دیا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوبشر نامی راوی کا نام جعفر بن ابووحشیہ ہے۔

6213– حديث صحيح، رجاله رجال الشيخين، وهشيم -هو ابن بشير وإن لم يصرح بالتحديث - قد تابعه أبو عوانة في الرواية التالية. وأخرجه أحمد 1/271، وابن عدي في "الكامل" 7/2596، وأبو "الشيخ" في "الأمثال" (5)، والحاكم 2/321 من طريق سريج بن يونس، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 1/215، وابن عدي، والطبراني في "الأوسط" (25)، والخطيب في " تاريخه "6/56 من طريق هشيم، به. وانظر ما بعده. وأورده الهيثمي في "المجمع" 1/153 ونسبه لأحمد والبزار والطبراني في "الكبير" و "الأوسط" وقال: رجاله رجال الصحيح، وصححه ابن حبّان. وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 3/564، وزاد نسبته لعبد بن حميد وابن مردويه. وله شاهد من حديث أنس عند الطبراني في " الأوسط " (28) " مجمع البحرين " من طريق محمد بن عبد الله الأنصاري، حدثنا أبي، عن ثمامة، عن أنس. قال في "المجمع" 1/153: رجاله ثقات. وآخر من حديث أبي هريرة عند الخطيب في "تاريخه" 8/28.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ هُشَيْمٌ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں ہشیم نامی راوی منفرد ہے

6214 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حُبَيْشُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النِّيلِيُّ، بِوَاسِطٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ:

(متن حدیث): لَيْسَ الْمُعَايِنُ كَالْمُخْبَرِ، اَخْبَرَ اللّٰهُ مُوْسَى اَنَّ قَوْمَهُ فُتِنُوا فَلَمْ يُلْقِ الْاَلْوَاحَ، فَلَمَّا رَآهُمْ اَلْقَى الْاَلْوَاحَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''براہ راست دیکھنا سننے کی طرح نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ اطلاع دی کہ تمہاری قوم کو آزمائش میں مبتلا کر دیا گیا ہے' لیکن انہوں نے پھر بھی الواح کو نہیں پھینکا' لیکن جب انہوں نے لوگوں کی صورت حال خود دیکھی' تو انہوں نے الواح کو پھینک دیا۔''

ذِكْرُ مَا فَعَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِفِرْعَوْنَ عِنْدَ نُزُوْلِ الْمَنِيَّةِ

اس بات کا تذکرہ کہ جب فرعون کا آخری وقت قریب آیا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا

6215 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

6214- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي داود: سليمان بن داود الطيالسي، فمن رجال مسلم. أبو عوانة هو: الوضاح اليشكري . وأخرجه البزار (200) عن أحمد بن سنان القطان، بهذا الاسناد . وأخرجه ابن عدى فى " الكامل "7/2596، والطبرانى فى "الكبير" (12451) ، والحاكم 2/380، وابن أبى حاتم كما فى "تفسير ابن كثير" 2/258 من طرق عن أبى عوانة، به، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى.

6215- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 1/240 و 340، والطيالسى (2618) ، والطبرى فى "جامع البيان" (17858) عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد . وأخرجه الترمذى (3108) فى التفسير: باب ومن سورة يونس، عن محمد بن عبد الأعلى الصنعانى، حدثنا خالد بن الحارث، أخبرنا شعبة، به، وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه . وأخرجه الطبرى (17862) من طريق حكام، عن شعبة، عن عطاء بن السائب، عن سعيد بن جبير، به . وأخرجه الحاكم 2/340 من طريق النضر بن شميل، عن شعبة، عن عدى بن ثابت، به، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، وقال: أكثر أصحاب شعبة أوقفوه على ابن عباس . قلت: أخرجه الطبرى (17865) من طريق ابن وكيع، عن أبيه، عن شعبة، عن عدى بن ثابت، به، فذكره موقوفاً . وأخرجه الطبرى (17867) ، وابن أبى حاتم كما فى "تفسير ابن كثير "2/446 من طريقين.

جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، وَعَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَفَعَهُ اَحَدُهُمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ جِبْرِيلَ كَانَ يَدُسُّ فِي فَمِ فِرْعَوْنَ الطِّينَ مَخَافَةَ اَنْ يَقُوْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''حضرت جبرائیل علیہ السلام فرعون کے منہ میں مٹی ٹھونس رہے تھے اس اندیشے کے تحت کہ کہیں وہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نہ پڑھ لے۔''

ذِكْرُ سُؤَالِ الْكَلِيْمِ رَبَّهُ عَنْ اَدْنَى اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَرْفَعِهِمْ مَنْزِلَةً

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اپنے پروردگار سے سب سے کم تر درجے کے جنتی اور سب سے بلند مرتبے کے جنتی کے بارے میں سوال کرنا

6216 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، بِمَنْبِجَ، حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا مُطَرِّفُ بْنُ طَرِيْفٍ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبْجَرَ، شَيْخَانِ صَالِحَانِ، سَمِعَا الشَّعْبِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ مُوْسٰى سَاَلَ رَبَّهُ: اَيُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَدْنَى مَنْزِلَةً؟ قَالَ: رَجُلٌ يَجِيْءُ بَعْدَمَا يَدْخُلُ - يَعْنِي اَهْلَ الْجَنَّةِ - الْجَنَّةَ فَيُقَالُ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ: كَيْفَ اَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَقَدْ نَزَلَ النَّاسُ مَنَازِلَهُمْ وَاَخَذُوا اَخَذَاتِهِمْ؟ فَيَقُوْلُ لَهُ: اَتَرْضَى اَنْ يَكُوْنَ لَكَ مِنَ الْجَنَّةِ مِثْلُ مَا كَانَ لِمَلِكٍ مِنْ مُلُوْكِ الدُّنْيَا؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ اَيْ رَبِّ، فَيُقَالُ: لَكَ هٰذَا وَمِثْلُهُ وَمِثْلُهُ وَمِثْلُهُ، فَيَقُوْلُ: اَيْ رَبِّ، رَضِيْتُ، فَيُقَالُ لَهُ: اِنَّ لَكَ هٰذَا وَعَشَرَةَ اَمْثَالِهِ،

6216- إسناده صحيح، حامد بن يحيى البلخي ثقة روى له أبو داود، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد الملك ابن أبجر -وهو ابن سعيد بن حيان بن أبجر - فمن رجال مسلم. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه الحميديُّ (761) ، ومسلم (189) في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة فيها، والترمذي (3198) في التفسير : باب ومن سورة السجدة، والطبري في "جامع البيان" 21/104، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 71-70، وابن منده في " الإيمان " (845) . وأبو الشيخ في "العظمة" (611) ، وأبو نعيم في "الحلية" 5/86 و 7/310، وفي "صفة الجنة" (123) والطبراني في "الكبير" 20/ (989) ، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 317 - 318 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، وروى بعضهم هذا الحديث عن الشعبي، عن المغيرة، ولم يرفعه، والمرفوع أصح . قلت: أخرج الرواية الموقوفة مسلم (189) (313) ، والطبري 21/104، وابن منده (846) عن أبي كريب، عن عبيد الله الأشجعي، عن عبد الملك ابن أبجر، عن الشعبي، عن المغيرة قوله . وأخرجه ابن أبي شيبة 13/120-121 ونعيم بن حماد في "زيادات الزهد" (227) لابن المبارك، وأبو نعيم في "صفة الجنة" (123) عن مجالد بن سعيد، عن الشعبي، عن المغيرة موقوفاً أيضاً. وسيرد الحديث برقم (7426) .

فَيَقُولُ: اَىْ رَبِّ، رَضِيتُ، فَيُقَالُ لَهُ: لَكَ مَعَ هٰذَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ وَلَذَّتْ عَيْنُكَ، وَسَالَ رَبَّهُ: اَىُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَرْفَعُ مَنْزِلَةً؟ قَالَ: سَاُحَدِّثُكَ عَنْهُمْ، غَرَسْتُ كَرَامَتَهُمْ بِيَدِى، وَخَتَمْتُ عَلَيْهَا، فَلَا عَيْنٌ رَاَتْ، وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ، وَمِصْدَاقُ ذٰلِكَ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِىَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ) (السجدة: 17) اَلْاٰيَةَ

❀❀ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے منبر پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے سوال کیا اہل جنت کا کون سا فرد جنت میں سب سے کم تر درجے میں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے بتایا: وہ ایک ایسا شخص ہوگا' جو اہل جنت کے جنت میں داخل ہو جانے کے بعد آئے گا اور اس سے کہا جائے گا تم جنت میں داخل ہو جاؤ وہ عرض کرے گا میں کیسے جنت میں داخل ہوں گا جب کہ لوگ اپنی جگہوں پر پہنچ چکے ہیں اور انہوں نے اپنے حصے کی جگہ حاصل کر لی ہے' تو پروردگار اس سے دریافت کرے گا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہیں جنت میں اتنی جگہ دیدی جائے جتنی کسی دنیاوی بادشاہ کے پاس ہوتی تھی وہ کہے گا جی ہاں اے میرے پروردگار (میں راضی ہوں)' تو یہ کہا جائے گا تمہیں یہ بھی ملتی ہے اور اس کی مانند مزید اور اس کی مانند مزید اس کی مانند مزید (یعنی مزید تین گنا اور ملتی ہے)' تو وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار میں راضی ہوں' تو اس سے کہا جائے گا تمہیں اس کی دس گنا مزید ملتی ہے وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار میں راضی ہو گیا۔

تو اس سے کہا جائے گا تمہیں اس کے ہمراہ وہ چیز بھی ملتی ہے' جس کی تمہارے نفس کو خواہش تھی یا جو تمہاری آنکھوں کو لذت فراہم کرے گی۔

پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے دریافت کیا اہل جنت میں سب سے بلند مرتبہ کس شخص کا ہوگا۔ پروردگار نے فرمایا: میں تمہیں اس بارے میں بتاتا ہوں میں نے اپنے دست قدرت کے ذریعے ان کی عزت افزائی کی ہے اس پر مہر لگا دی ہے (انہیں ایسی نعمتیں ملیں گی) جو کسی آنکھ نے دیکھی نہیں کسی کان نے ان کے بارے میں سنا نہیں اور کسی انسان کے ذہن میں ان کا خیال تک نہیں آیا ہوگا۔

اس کا مصداق اللہ کی کتاب میں (ان الفاظ میں) موجود ہے۔

''کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے کیا چیز پوشیدہ رکھی گئی ہے۔''

ذِكْرُ سُؤَالِ كَلِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا رَبَّهُ عَنْ خِصَالٍ سَبْعٍ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اپنے پروردگار سے سات خصلتوں کے بارے میں سوال کرنے کا تذکرہ

6217 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا السَّمْحِ، حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): سَأَلَ مُوْسَى رَبَّهُ عَنْ سِتِّ خِصَالٍ، كَانَ يَظُنُّ أَنَّهَا لَهُ خَالِصَةً، وَالسَّابِعَةُ لَمْ يَكُنْ مُوْسَى يُحِبُّهَا، قَالَ: يَا رَبِّ أَيُّ عِبَادِكَ أَتْقَى؟ قَالَ: الَّذِي يَذْكُرُ وَلَا يَنْسَى، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَهْدَى؟ قَالَ: الَّذِي يَتْبَعُ * الْهُدَى، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَحْكَمُ؟ قَالَ: الَّذِي يَحْكُمُ لِلنَّاسِ كَمَا يَحْكُمُ لِنَفْسِهِ، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَعْلَمُ؟ قَالَ: عَالِمٌ لَا يَشْبَعُ مِنَ الْعِلْمِ، يَجْمَعُ عِلْمَ النَّاسِ إِلَى عِلْمِهِ، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَعَزُّ؟ قَالَ: الَّذِي إِذَا قَدَرَ غَفَرَ، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَغْنَى؟ قَالَ: الَّذِي يَرْضَى بِمَا يُؤْتَى، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَفْقَرُ؟ قَالَ: صَاحِبٌ مَنْقُوصٌ *، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْغِنَى عَنْ ظَهْرٍ، إِنَّمَا الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا جَعَلَ غِنَاهُ فِي نَفْسِهِ وَتُقَاهُ فِي قَلْبِهِ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ شَرًّا جَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ.

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ قَوْلُهُ: صَاحِبٌ مَنْقُوصٌ. يُرِيْدُ بِهِ: مَنْقُوصٌ حَالَتُهُ، يَسْتَقِلُّ مَا أُوتِيَ، وَيَطْلُبُ الْفَضْلَ

❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے چھ چیزوں کے بارے میں دریافت کیا وہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ صرف ان کے ساتھ مخصوص ہیں' جب کہ ساتویں چیز کو حضرت موسیٰ علیہ السلام پسند نہیں کرتے تھے۔

انہوں نے دریافت کیا: اے میرے پروردگار تیرے بندوں میں کون شخص سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ جو ذکر کرتا ہے اور بھولتا نہیں ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا تیرے بندوں میں کون شخص سب سے زیادہ ہدایت یافتہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو ہدایت کی پیروی کرتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا تیرے بندوں میں کون سب سے بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو لوگوں کیلئے وہی فیصلہ دے جو وہ اپنی ذات کے لیے دیتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا: تیرے بندوں میں کون سب سے زیادہ علم رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ عالم جو علم سے سیر نہیں ہوتا اور لوگوں کے علم کو اپنے علم کے ساتھ جمع کر لیتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا تیرے بندوں میں کون سب سے زیادہ طاقت ور ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب وہ قدرت رکھتا ہو' تو معاف کر دے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا تیرے بندوں میں کون سب سے زیادہ خوشحال ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو اس چیز پر راضی ہو جو اسے دی گئی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا تیرے بندوں میں کون سب سے

6217– إسناده حسن. رجاله ثقات رجال مسلم غير أبي السمح واسمه درّاج بن سمعان، وهو صدوق. عمرو بن الحارث هو: أبو أيّوب المصري، وابن حجيرة: اسمه عبد الرحمن، وأورده الحافظ ابن كثير في " البداية والنهاية "1/272 من رواية المصنف. وذكره الحافظ السيوطيُّ في "الجامع الكبير "2/539 ونسبه للروياني وأبي بكر ابن المقرىء في " فوائده " وابن لال وابن عساكر. وفي الباب عن ابن عباس عند الطبري في " التاريخ "1/371 حدثنا ابنُ حميد، حدثنا يعقوب (ابن عبد الله بن سعد) القمي، عن هارون بن عنترة (هو ابن عبد الرحمن) عن أبيه، عن ابن عباس قال: سأل موسى عليه السلام ربه عزّ وجلّ ... فذكره موقوفاً بنحو حديث الباب. وقوله: "ليس الغنى عن ظهر ... " تقدم عند المصنف من حديث أبي هريرة برقم (679)، ومن حديث زيد بن ثابت برقم (680)، ومن حديث أبي ذر برقم (685).

زیادہ غریب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ شخص جس کو کم چیزیں دی گئی ہوں ''۔
نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: خوشحالی ساز و سامان سے نہیں ہوتی بلکہ خوشحالی دل کا غنی ہونا ہے جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرلے تو اس کے من میں خوشحالی ڈال دیتا ہے اور اس کے دل میں پرہیزگاری ڈال دیتا ہے جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے بارے میں برائی کا ارادہ کرلے تو اس کی غربت اس کی آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) روایت کے یہ الفاظ صاحب منقوص سے مراد یہ ہے جس کی حالت میں نقص ہوا سے جو دیا گیا وہ اسے تھوڑا سمجھتا ہو اور مزید کا طلب گار ہو۔

ذِكْرُ سُؤَالِ كَلِيمِ اللَّهِ رَبَّهُ اَنْ يُّعْلِمَهُ شَيْئًا يَذْكُرُهُ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اپنے پروردگار سے یہ دعا کرنے کا تذکرہ کہ وہ انہیں ایسی چیز (یعنی کلمات) کا علم عطا کرے جن کے ذریعے وہ اس کا ذکر کریں

6218 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ مُوْسٰى: يَا رَبِّ عَلِّمْنِیْ شَيْئًا اَذْكُرُكَ بِهِ، وَاَدْعُوْكَ بِهِ، قَالَ: قُلْ يَا مُوْسٰى: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: يَا رَبِّ كُلُّ عِبَادِكَ يَقُوْلُ هٰذَا، قَالَ: قُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: اِنَّمَا اُرِيْدُ شَيْئًا تَخُصُّنِیْ بِهِ، قَالَ: يَا مُوْسٰى لَوْ اَنَّ اَهْلَ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَالْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ فِیْ كِفَّةٍ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فِیْ كِفَّةٍ، مَالَتْ بِهِمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار تو مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں تعلیم دے جس کے ذریعے

6218- إسناده ضعيف، دراج أبو السمح في روايته عن أبي الهيثم ضعف . وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة " (834) و (1141) ، والطبراني في "الدعاء " (1480) ، والحاكم 1/528، وعنه البيهقي في "الأسماء والصفات " ص103-102 من طرق عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم ووافقه الذهبي! وكذا صححه الحافظ ابن حجر في "الفتح".!11/208 وأخرجه الطبراني (1481) ، وأبو يعلى (1393) من طريقين عن ابن لهيعة، عن دراج، به . وذكره الهيثمي في " المجمع "10/82، وقال: رواه أبو يعلى ورجاله وثقوا، وفيهم ضعف. قلت وفي الباب عن جابر رفعه: "أَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَفْضَلُ الدعاء الحمد لله. وقد تقدم برقم (846) . وأخرج مالك في الموطا215-1/214 عن زياد بن أبي زياد، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ كَرِيزٍ أن رسول الله - صلى الله عليه وسلم - قال: "أفضل الدعاء دعاء يوم عرفة، وأفضل ما قلت أنا والنبيون من قبلي: لا إله إلَّا اللَّه." وهذا مرسل صحيح. وأخرجه الترمذي (3585) من رواية حماد بن أبي حميد، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جدِّه . وحماد بن أبي حميد قال عنه الترمذي بإثر الحديث: ليس بالقوي عند أهل الحديث.

میں تیرا ذکر کروں جس کے ہمراہ میں تجھ سے دعا کروں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ تم یہ پڑھو۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار تیرے سارے بندے یہ کلمہ پڑھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ پڑھو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: میں یہ چاہتا ہوں کہ کوئی ایسی چیز ہو جو میرے ساتھ خاص ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ اگر سات آسمانوں کے رہنے والے اور سات زمینوں کے رہنے والے لوگ ایک پلڑے میں ہوں اور لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ دوسرے پلڑے میں ہو تو لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ والا پلڑا جھک جائے گا۔"

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلْبِيَةَ مُوْسَى كَلِيْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَرَمْيِهِ الْجِمَارَ فِيْ حَجَّتِهٖ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حج کرنے کے دوران ان کے تلبیہ پڑھنے

اور ان کے جمرات کو کنکریاں مارنے کی صفت بیان کرنے کا تذکرہ اللہ تعالیٰ کا درود ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان (یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام) پر نازل ہو

6219 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ رُفَيْعٍ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى عَلٰى وَادِي الْاَزْرَقِ، فَقَالَ: كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى مُوْسٰى مُنْهَبِطًا وَلَهٗ جُؤَارٌ اِلٰى رَبِّهٖ بِالتَّلْبِيَةِ، وَمَرَّ عَلٰى ثَنِيَّةٍ، فَقَالَ: مَا هٰذِهٖ؟، قِيْلَ: ثَنِيَّةُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى مُوْسٰى يَرْمِي الْجَمْرَةَ عَلٰى نَاقَةٍ حَمْرَاءَ، خِطَامُهَا مِنْ لِيْفٍ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِّنْ صُوْفٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وادی ازرق پہنچے تو آپ نے فرمایا: میں گویا اس وقت بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں جو بلندی سے نیچے کی طرف اتر رہے ہیں اور وہ تلبیہ کے ذریعے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کر رہے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک گھاٹی سے ہوا تو آپ نے دریافت کیا یہ کون سی گھاٹی ہے تو بتایا گیا یہ فلاں فلاں گھاٹی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں گویا اس وقت بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف دیکھ رہا ہوں جو سرخ اونٹنی پر سوار ہو کر جمرہ کو کنکریاں مار رہے ہیں۔ اس اونٹنی کی لگام کھجور کی چھال سے بنی ہوئی ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اونی جبہ پہنا ہوا ہے۔

6219- إسناده صحيح على شرط مسلم. عفان: هو ابن مسلم الباهلي. وقد تقدم تخريجه برقم (3801). وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 2/223 و 3/96 عن محمد بن أحمد بن الحسن، قال: حدثنا بشر بن موسى، قال: حدثنا الحسن بن موسى الأشيب وعفان بن مسلم، قالا: حدثنا حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (12756) من طريق حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، به.

ذِكْرُ وَصْفِ حَالَ مُوْسَى حِينَ لَقِيَ الْخَضِرَ بَعْدَ فَقْدِ الْحُوتِ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صورت حال کی صفت کا تذکرہ جب مچھلی کے گم جانے کے بعد ان کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے ہوئی

6220 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، مِنْ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَفِظْتُهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: اِنَّ نَوْفًا الْبَكَالِيَّ يَزْعُمُ اَنَّ مُوْسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْسَ بِصَاحِبِ الْخَضِرِ، اِنَّمَا هُوَ مُوْسَى اٰخَرُ، قَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَامَ مُوْسَى فِي بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ خَطِيبًا، فَقِيلَ لَهُ: اَيُّ النَّاسِ اَعْلَمُ؟ قَالَ: اَنَا، قَالَ: فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، اِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: عَبْدٌ لِي بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ اَعْلَمُ مِنْكَ، قَالَ: اَيْ رَبِّ فَكَيْفَ لِي بِهِ، قَالَ: تَاْخُذُ حُوتًا فَتَجْعَلُهُ فِي مِكْتَلٍ، فَحَيْثُ مَا فَقَدْتَّ الْحُوتَ، فَهُوَ ثَمَّ، قَالَ: فَاَخَذَ الْحُوتَ فَجَعَلَهُ فِي الْمِكْتَلِ، فَدَفَعَهُ اِلٰى فَتَاهُ، فَانْطَلَقَا حَتّٰى اَتَيَا الصَّخْرَةَ، فَرَقَدَ مُوْسَى فَاضْطَرَبَ الْحُوتُ فِي الْمِكْتَلِ، فَخَرَجَ فَوَقَعَ فِي الْبَحْرِ، فَاَمْسَكَ اللّٰهُ عَلَيْهِ جِرْيَةَ الْمَاءِ، فَصَارَ مِثْلَ الطَّاقِ، فَكَانَ الْبَحْرُ لِلْحُوتِ سَرَبًا، وَلِمُوْسَى وَلِفَتَاهُ عَجَبًا، فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ وَجَدَ مُوْسَى النَّصَبَ، فَقَالَ: (آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا) (الكهف: 62).

قَالَ: وَلَمْ يَجِدِ النَّصَبَ حَتّٰى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِيْ اَمَرَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، فَقَالَ لَهُ فَتَاهُ: (اَرَاَيْتَ اِذْ اَوَيْنَا اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا اَنْسَانِيهُ اِلَّا الشَّيْطَانُ اَنْ اَذْكُرَهُ) (الكهف: 63).

قَالَ: (ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰى آثَارِهِمَا قَصَصًا) (الكهف: 64)، فَجَعَلَا يَقُصَّانِ آثَارَهُمَا حَتّٰى اَتَيَا الصَّخْرَةَ، فَاِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى عَلَيْهِ بِثَوْبٍ فَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاَنّٰى بِاَرْضِكَ السَّلَامُ؟ قَالَ: اَنَا مُوْسٰى، قَالَ: مُوْسَى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ؟ قَالَ: نَعَمْ.

قَالَ: يَا مُوْسٰى، اِنِّي عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيهِ اللّٰهُ لَا تَعْلَمُهُ، وَاَنْتَ عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَهُ لَا اَعْلَمُهُ.

قَالَ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَتَّبِعَكَ عَلٰى اَنْ تُعَلِّمَنِيْ مِمَّا عَلِمْتَ رُشْدًا، (قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا قَالَ سَتَجِدُنِيْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلَا اَعْصِي لَكَ اَمْرًا قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْاَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا) (الكهف: 68).

6220– إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الجبّار بن العلاء من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وقد تقدم الحديثُ عند المصنف بأخصر مما هنا، وَمِن غير هذا الطريق برقم (102)، فانظر تخريجه والتعليق عليه هناك.

قَالَ: فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ، فَمَرَّتْ بِهِ سَفِينَةٌ فَعَرَفُوا الْخَضِرَ فَحَمَلُوهُ بِغَيْرِ نَوْلٍ.

قَالَ: فَلَمْ يَفْجَأْ مُوسَى اِلَّا وَهُوَ يُنْزِلُ لَوْحًا مِنْ اَلْوَاحِ السَّفِينَةِ، فَقَالَ لَهُ مُوسَى: مَا صَنَعْتَ قَوْمٌ حَمَلُوكَ بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَّ اِلَى سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا (لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ اَمْرِي عُسْرًا) (الكهف: 71) قَالَ: فَكَانَتِ الْاُولَى مِنْ مُوسَى نِسْيَانًا.

قَالَ: وَجَاءَ عُصْفُورٌ فَوَقَعَ عَلَى حَرْفِ السَّفِينَةِ فَنَقَرَ بِمِنْقَارِهِ فِي الْبَحْرِ، فَقَالَ الْخَضِرُ لِمُوسَى: مَا نَقَصَ عِلْمِي وَعَلَّمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ اِلَّا مِثْلَ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُورُ بِمِنْقَارِهِ مِنَ الْبَحْرِ.

قَالَ: وَمَرُّوا عَلَى غِلْمَانٍ يَّلْعَبُوْنَ، فَقَالَ الْخَضِرُ لِغُلَامٍ مِنْهُمْ بِيَدِهِ هَكَذَا، فَاقْتَلَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ لَهُ مُوسَى: (اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي عُذْرًا) (الكهف: 74)، قَالَ: فَاَتَيَا (اَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ) (الكهف: 77)، فَقَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهِ هَكَذَا فَاَقَامَهُ، فَقَالَ لَهُ مُوسَى: اسْتَطْعَمْنَاهُمْ فَاَبَوْا اَنْ يُّطْعِمُوْنَا، وَاسْتَضَفْنَاهُمْ فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُونَا، عَمَدْتَّ اِلَى حَائِطِهِمْ فَاَقَمْتَهُ (لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا) (الكهف: 77)، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَدِدْنَا اَنْ مُوسَى كَانَ صَبَرَ حَتّٰى يَقُصَّ عَلَيْنَا مِنْ اَمْرِهِمْ، وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَّقْرَاُ: وَاَمَّا الْغُلَامُ كَانَ كَافِرًا وَكَانَ اَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ، وَيَقْرَاُ: وَكَانَ اَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَاْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا

حضرت سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا نوف بکالی یہ کہتا ہے: حضرت موسیٰ علیہ السلام وہ والے حضرت موسیٰ علیہ السلام نہیں ہے جن کی حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تھی (حضرت خضر علیہ السلام سے ملنے والے حضرت موسیٰ علیہ السلام) دوسرے موسیٰ تھے' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ کے دشمن نے غلط کیا ہے۔ حضرت ابی بن کعب نے ہمیں یہ حدیث سنائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

ایک مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل میں کھڑے خطبہ دے رہے تھے ان سے دریافت کیا گیا کون شخص سب سے زیادہ علم رکھتا ہے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: میں' تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب کیا کہ انہوں نے اس بات کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کیوں نہیں کی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ پر میرا ایک بندہ ہے وہ تم سے زیادہ علم رکھتا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار میں اس سے کیسے مل سکتا ہوں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم ایک مچھلی لے کر اسے ایک برتن میں رکھو جس جگہ تم مچھلی کو گم کردو گے وہ بندہ وہاں ہوگا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مچھلی لی اور اسے ایک برتن میں رکھ دیا۔ وہ برتن انہوں نے اپنے ساتھی کے

سپرد کر دیا یہ دونوں حضرات روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ یہ دونوں چٹان کے پاس آئے وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام سو گئے مچھلی نے برتن میں حرکت کی اس سے باہر نکلی اور دریا میں چلی گئی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے پانی کے بہاؤ کو روک دیا اور وہ طاق کی مانند ہو گیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی نوجوان حیران ہوئے۔ یہ دونوں حضرات پھر آگے روانہ ہو گئے۔ اگلے دن حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تھکاوٹ محسوس ہوئی' تو انہوں نے کہا: ہمارا کھانا لے کر آؤ۔ ہمیں اس سفر میں تھکاوٹ محسوس ہو رہی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: انہیں تھکاوٹ اس وقت تک محسوس نہیں ہوئی تھی' جب تک وہ اس مقام سے آگے نہیں گزر گئے تھے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا تھا ان کے ساتھی نے ان سے کہا: کیا آپ نے ملاحظہ فرمایا: ہم چٹان کی پناہ میں گئے تھے' تو میں مچھلی کو بھول گیا تھا اور مجھے شیطان نے یہ بات بھلا دی کہ میں اس کا ذکر کرتا اس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ہم وہی جگہ تو چاہتے تھے پھر یہ دونوں حضرات الٹے قدموں واپس آئے یہ اپنے قدموں کے نشانات دیکھتے ہوئے واپس آئے' یہاں تک کہ اس چٹان تک آ گئے۔

الْاُفُقَ، فَكُلَّمَا نِمْتُ سَاعَةً اسْتَنْبَهْتُ، فَإِذَا رَأَيْتُ عَلَيَّ لَيْلًا نِمْتُ حَتَّى اَسْفَرَ الصُّبْحُ الْاَوَّلُ، اَرَدْتُ اَنْ اَنْطَلِقَ، فَإِذَا اِنْسَانٌ يَسْعٰى يَدْعُو: يَا بِلَالُ اَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى اَتَيْتُهُ، فَإِذَا اَرْبَعُ رَكَائِبَ مُنَاخَاتٌ عَلَيْهِنَّ اَحْمَالُهُنَّ، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَاْذَنْتُهُ، فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ، فَقَدْ جَاءَ اللّٰهُ بِقَضَائِكَ، فَحَمِدْتُ اللّٰهَ، وَقَالَ: اَلَمْ تَمُرَّ عَلَى الرَّكَائِبِ الْمُنَاخَاتِ الْاَرْبَعِ؟، فَقُلْتُ: بَلٰى، فَقَالَ: اِنَّ لَكَ رِقَابَهُنَّ، وَمَا عَلَيْهِنَّ كِسْوَةٌ وَّطَعَامٌ اَهْدَاهُنَّ اِلَيَّ عَظِيمُ فَدَكَ، فَاقْبِضْهُنَّ، ثُمَّ اقْضِ دَيْنَكَ قَالَ: فَفَعَلْتُ، فَحَطَطْتُ عَنْهُنَّ اَحْمَالَهُنَّ، ثُمَّ عَقَلْتُهُنَّ، ثُمَّ عَمَدْتُ اِلٰى تَاْذِينِ صَلَاةِ الصُّبْحِ، حَتّٰى اِذَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجْتُ لِلْبَقِيعِ، فَجَعَلْتُ اُصْبُعَيَّ فِي اُذُنِي، فَنَادَيْتُ: مَنْ كَانَ يَطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنًا فَلْيَحْضُرْ، فَمَا زِلْتُ اَبِيعُ وَاَقْضِي، وَاَعْرِضُ فَاَقْضِي، حَتّٰى اِذَا فَضَلَ فِي يَدَيَّ اُوقِيَّتَانِ اَوْ اُوقِيَّةٌ وَّنِصْفٌ، انْطَلَقْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ، وَقَدْ ذَهَبَ عَامَّةُ النَّهَارِ، فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحْدَهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ مَا قِبَلَكَ؟، فَقُلْتُ: قَدْ قَضَى اللّٰهُ كُلَّ شَيْءٍ كَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَبْقَ شَيْءٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفَضَلَ شَيْءٌ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: انْظُرْ اَنْ تُرِيحَنِي مِنْهَا، فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ دَعَانِي، فَقَالَ: مَا فَعَلَ مِمَّا قِبَلَكَ؟، قَالَ: قُلْتُ: هُوَ مَعِي لَمْ يَاْتِنَا اَحَدٌ، فَبَاتَ فِي الْمَسْجِدِ حَتّٰى اَصْبَحَ، فَظَلَّ فِي الْمَسْجِدِ الْيَوْمَ الثَّانِيَ، حَتّٰى كَانَ فِي آخِرِ النَّهَارِ جَاءَ رَاكِبَانِ، فَانْطَلَقْتُ بِهِمَا فَكَسَوْتُهُمَا وَاَطْعَمْتُهُمَا، حَتّٰى اِذَا صَلَّى الْعَتَمَةَ دَعَانِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلَ الَّذِي قِبَلَكَ؟، فَقُلْتُ: قَدْ اَرَاحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ شَفَقًا اَنْ يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ وَعِنْدَهُ ذٰلِكَ، ثُمَّ اتَّبَعْتُهُ حَتّٰى جَاءَ اَزْوَاجَهُ فَسَلَّمَ عَلَى امْرَاَةٍ امْرَاَةٍ، حَتّٰى اَتٰى مَبِيتَهُ، فَهٰذَا الَّذِي سَاَلْتَنِي عَنْهُ

❁❁ عبداللہ ہوزنی بیان کرتے ہیں: میری ملاقات نبی اکرم ﷺ کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے کہا: اے بلال آپ مجھے بتائیے کہ نبی اکرم ﷺ کا خرچ کیسے چلتا تھا' تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا نبی اکرم ﷺ کے پاس کوئی چیز نہیں ہوتی تھی' جب سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا اس دن سے آپ کے وصال تک میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ رہا ہوں جب کوئی مسلمان آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا اور آپ دیکھتے کہ اس کے پاس مناسب کپڑے نہیں ہیں' تو آپ مجھے حکم دیتے میں جاتا آپ کے نام پر قرض لیتا۔ اس کے ذریعے کپڑا یا چادر خریدتا اور اس شخص کو پہننے کے لئے دیدیتا اور اس شخص کو کھانا کھلا دیتا' یہاں تک کہ ایک مشرک شخص میرے پاس آیا اور بولا: اے بلال میرے پاس گنجائش ہے تم صرف مجھ سے قرض لیا کرو میں نے ایسا ہی کیا۔ ایک دن میں نے وضو کیا میں نماز کے لئے اذان دینے کے لئے اٹھنے لگا' تو وہ مشرک شخص کچھ تاجروں کے ساتھ آیا جب اس نے مجھے دیکھا' تو بولا: اے حبشی میں نے کہا: کیا ہے' تو اس نے مجھے برا بھلا کہا اور میرے بارے میں سختی سے کام لیا۔ اس نے دریافت کیا: کیا تم یہ بات جانتے ہو کہ مہینہ ختم ہونے میں کتنے دن رہ گئے ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں تھوڑا ہی وقت ہے۔ اس نے مجھ سے کہا

مہینہ ختم ہونے میں چار دن باقی رہ گئے ہیں' پھر میں نے تم سے وہ وصولی کر لینی ہے' جو تمہارے ذمے لازم ہے میں نے تمہیں قرض اس لئے نہیں دیا تھا کہ تم میرے نزدیک معزز ہو یا تمہارے آقا میرے نزدیک معزز ہیں۔ میں نے تمہیں قرض اس لئے دیا تھا' تا کہ مجھے (قرض وصول نہ ہونے کی صورت میں) غلام حاصل ہو جائے' تو میں تم سے بکریاں چرواؤں گا' جس طرح تم پہلے چرایا کرتے تھے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بھی پریشان ہو گیا جس طرح لوگ پریشان ہوتے ہیں۔ خیر میں گیا میں نے نماز کے لئے اذان دی' یہاں تک کہ جب میں نے عشاء کی نماز ادا کر لی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر واپس تشریف لے گئے' تو میں نے آپ کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھے اجازت عطا کی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میرے والد آپ پر قربان ہوں۔ وہ مشرک جس کا میں نے آپ کے سامنے ذکر کیا تھا کہ میں اس سے قرض لیتا ہوں۔ اس نے مجھے اس اس طرح کی باتیں کی ہیں اور آپ کے پاس کوئی ایسی چیز بھی نہیں ہے' جو آپ میری طرف سے ادا کر دیں اور میرے پاس بھی نہیں ہے اور وہ شخص مجھے رسوا کر دے گا۔ آپ مجھے اجازت دیجئے' تا کہ میں ان قبائل کی طرف جاؤں جنہوں نے اسلام قبول کیا ہے' تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو اتنا رزق عطا کر دے کہ وہ میرا قرض ادا کر دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم یہ چاہتے ہو' تو ایسا کر لو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں وہاں سے نکل کر اپنے گھر آیا۔ میں نے اپنی تلوار' اپنا ترکش اپنی ڈھال اپنے جوتے اپنے سرہانے رکھ لئے۔ میں نے اپنا رُخ اُفق کی طرف کیا۔ میں جب بھی تھوڑی دیر کے لئے سوتا تھا' تو فوراً بیدار ہو جاتا تھا' لیکن اس رات میں ایسا سویا کہ صبح صادق ہو گئی۔ میں نے اٹھنے کا ارادہ کیا اسی دوران ایک شخص دوڑتا ہوا آیا وہ کہہ رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ میں اٹھا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہاں چار سواریاں موجود تھیں جن پر ان کے پالان وغیرہ بندھے ہوئے تھے۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے اندر آنے کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھ سے فرمایا تمہارے لئے خوشخبری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے قرض کی ادائیگی کا بندوبست کر دیا ہے' تو میں نے اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارا گزر ان چار سواریوں کے پاس نہیں ہوا جو باندھی ہوئی تھیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سواریاں اور ان پر موجود کپڑے اور کھانا تمہارے ہوئے' یہ سب چیزیں مجھے فدک کے امیر نے تحفے کے طور پر بھیجی ہیں۔ تم انہیں حاصل کر لو اور اپنا قرض ادا کر دو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایسا ہی کیا۔ میں نے ان کے اوپر سے پالان اتار لی اور پھر انہیں باندھ دیا پھر میں صبح کی نماز کے لئے اذان دینے گیا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر لی' تو میں نکل کر بقیع کے میدان میں آیا۔ میں نے اپنی دونوں انگلیاں کانوں میں دیں اور بلند آواز میں اعلان کیا جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرض واپس لینا تھا وہ آجائے اس کے بعد میں خرید وفروخت کرتا رہا اور قرض ادا کرتا رہا' یہاں تک کہ میرے ہاتھ میں دو اوقیہ یا ڈیڑھ اوقیہ باقی بچ گئے۔ میں مسجد کی طرف آیا دن کا زیادہ حصہ رخصت ہو چکا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں اکیلے تشریف فرما تھے۔ میں نے آپ کو سلام کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تمہاری کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے ہر وہ چیز ادا کروا دی ہے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمے لازم تھی کوئی بھی چیز (یعنی قرض) باقی نہیں رہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی چیز باقی بچی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم دیکھو کہ اس کے ذریعے مجھے آرام پہنچانا پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کر لی' تو آپ نے مجھے

بلایا آپ نے دریافت کیا تمہاری کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: وہ چیز میرے پاس ہے۔ ہمارے پاس کوئی بھی نہیں آیا۔ نبی اکرم ﷺ نے وہ رات مسجد میں گزاری‘ یہاں تک کہ صبح ہوگئی آپ اگلا دن بھی مسجد میں رہے‘ یہاں تک کہ دن کا آخری حصہ آگیا‘ تو دو سوار آئے۔ میں ان دونوں کو ساتھ لے کر گیا۔ میں نے ان دونوں کو پہننے کے لئے کپڑے لے کر دیئے۔ انہیں کھانا کھلایا‘ یہاں تک کہ جب نبی اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز ادا کر لی‘ تو آپ نے مجھے بلایا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس چیز کی طرف سے راحت پہنچا دی ہے (یعنی وہ بقیہ مال بھی اللہ کی راہ میں خرچ ہوگیا ہے)‘ تو نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کی اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی‘ اس اندیشے کے تحت کہ آپ کو کہیں ایسی حالت میں موت نہ آجائے کہ وہ مال آپ کے پاس موجود ہو‘ پھر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چلتا ہوا آیا۔ نبی اکرم ﷺ اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے ہر ایک زوجہ محترمہ کو سلام کیا۔ یہاں تک آپ اس گھر میں آئے جہاں آپ نے رات بسر کرنی تھی۔

(حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا) یہ وہ صورت حال تھی جس کے بارے میں تم نے مجھ سے دریافت کیا تھا۔

ذِكْرُ مَا مَثَّلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ وَالدُّنْيَا بِمِثْلِ مَا مَثَّلَ بِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی ذات اور دنیا (کے باہمی تعلق) کے بارے میں کیا مثال بیان کی ہے

6352 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قَحْطَبَةَ، بِفَمِ الصِّلْحِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلٰى حَصِيرٍ قَدْ اَثَّرَ فِي جَنْبِهِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوِ اتَّخَذْتَ فِرَاشًا اَوْثَرَ مِنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: يَا عُمَرُ مَا لِي وَلِلدُّنْيَا، وَمَا لِلدُّنْيَا وَلِي، وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا مَثَلِي وَمَثَلُ الدُّنْيَا اِلَّا كَرَاكِبٍ سَارَ فِيْ يَوْمٍ صَائِفٍ، فَاسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ سَاعَةً مِنْ

6352- إسناده قوى. هلال بن خباب روى له الأربعة ووثقه أحمد وابن معين والفسوى، وغيرهم، وقول يحيى بن القطان: إنه تغير قبل موته واختلط، ردَّهُ يحيى بنُ معين فيما رواه عنه إبراهيم بن عبد الله بن الجنيد كما فى "تاريخ بغداد"14/73-74، وذكره المصنف فى "المجروحين"3/87، ورماه بالاختلاط، ثم ذكره فى "الثقات"7/574، وقال: يخطء ويخالف، وباقى رجاله ثقات. وأخرجه أبو الشيخ فى "الأمثال" (298) عن عبد الله بن محمد بن قحطبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو نعيم فى "الحلية"3/342 عن الحسن بن محمد بن كيسان، حدثنا موسى بن هارون، عن عبد الله بن معاوية، به. وقال أبو نعيم: هذا حديث ثابت من غير وجه، وهو من حديث عكرمة غريب، تفرد به عنه هلال. وأخرجه أحمد فى "المسند"1/301، وفى "الزهد" ص 13، والطبرانى فى "الكبير" (11898)، والحاكم4/309-310 من طرق عن ثابت بن يزيد به، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى. وأورده الهيثمى فى "المجمع"10/326، ونسبه لأحمد، وقال: رجاله رجال الصحيح غيرَ هلال بن خبّاب، وهو ثقة. وانظر الحديث المتقدم برقم (4268).

نَهَارٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ اس وقت چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے۔ جس کا نشان آپ کے پہلو پر لگ چکا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اگر آپ اس سے زیادہ نرم بچھونا استعمال کرتے (تو یہ مناسب ہوتا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا دنیا سے کیا واسطہ اور دنیا کا مجھ سے کیا واسطہ؟ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میری اور دنیا کی مثال یوں ہے جیسے کوئی سوار شخص تیز گرم دن میں سفر کرتے ہوئے' گھڑی بھر کے لئے' کسی درخت کے سائے میں آئے اور پھر وہ اسے وہیں چھوڑ کر آگے روانہ ہو جائے۔

6353 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِى، قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى فَاطِمَةَ، فَرَاٰى عَلٰى بَابِهَا سِتْرًا، فَلَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهَا، قَالَ: وَقَلَّمَا كَانَ يَدْخُلُ اِلَّا بَدَاَ بِهَا، فَجَاءَ عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَرَآهَا مُهْتَمَّةً، فَقَالَ: مَا لَكِ؟ فَقَالَتْ: جَاءَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَدْخُلْ، فَاَتَاهُ عَلِيٌّ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَاطِمَةَ اشْتَدَّ عَلَيْهَا اَنَّكَ جِئْتَهَا وَلَمْ تَدْخُلْ عَلَيْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنَا وَالدُّنْيَا، وَمَا اَنَا وَالرَّقْمُ، فَذَهَبَ اِلٰى فَاطِمَةَ، فَاَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: فَقُلْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا تَاْمُرُنِيْ؟ قَالَ: قُلْ لَهَا، فَلْتُرْسِلْ بِهِ اِلٰى بَنِيْ فُلَانٍ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لائے آپ نے ان کے دروازے پر پردہ لٹکا ہوا دیکھا' تو گھر کے اندر تشریف نہیں لائے۔ آپ جب بھی گھر میں تشریف لاتے تھے' تو سب سے پہلے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لاتے تھے جب حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر آئے اور انہوں نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو پریشان دیکھا' تو دریافت کیا: کیا ہوا؟ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے' لیکن آپ گھر کے اندر نہیں آئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! فاطمہ اس بات پر پریشان ہیں کہ آپ ان کے ہاں آئے' لیکن گھر کے اندر تشریف نہیں لائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا اور دنیا کا کیا واسطہ میرا اور نقش و نگار کا کیا واسطہ؟ حضرت علی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے بارے میں بتایا' تو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیجئے کہ آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس سے کہو کہ اس (پردے کو) بنو فلاں کو بھجوا دے۔

6353- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبي شيبة 13/239، وأحمد 2/21، وأبو داود (4149) في اللباس: باب في الفرش، عن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (2613) في الهبة: باب هدية ما يكره لبسها، وأبو داود (4150) من طريقين عن محمد بن فضيل بن غزوان، عن أبيه، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (696).

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اسْتِعْمَالَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَا، لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ لِبَيْتِ فَاطِمَةَ دُوْنَ غَيْرِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اس چیز پر عمل کیا جس کی صفت ہم نے بیان کی' یہ ایسا عمل نہیں تھا' جو صرف سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے ساتھ مخصوص ہو' کسی اور گھر کے ساتھ مخصوص نہ ہو

6354 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ بَيْتًا مَرْقُوْمًا

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے تھے جہاں نقش و نگار بنے ہوئے ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُجَانِبُ اتِّخَاذَ الْاَسْبَابِ فِي الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ اِلَّا اَنْ تَعْتَرِيَهُ اَحْوَالٌ لَا يَكُوْنُ مِنْهُ الْقَصْدُ فِيْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کھانے پینے کے حوالے سے عام طور پر اسباب حاصل کرنے سے اجتناب کرتے تھے' البتہ بعض اوقات آپ ﷺ کو ایسی صورت حال پیش آجاتی تھی جس کا آپ ﷺ نے قصد نہیں کیا ہوتا تھا

6355 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ،

6354- إسناده حسن، سعيد بن جمهان فيه كلام يُنزله عن رتبة الصحيح، الربيع بن سليمان: هو المرادي، صاحب الإمام الشافعي، وأسد بن موسى: هو المعروف بأسد السنّة، وأخرجه الحاكم2/186 عن محمد بن يعقوب

6355- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى" (2890) . وأخرجه البخاري (5421) في الأطعمة: باب شاة مسموطة والكتف والجنب، و (6457) في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم - وتخليهم عن الدنيا، والبيهقي في "دلائل النبوة "1/342 من طريق هدبة بن خالد، بهذا الاسناد . وأخرجه أحمد3/128 و 134 و 250، والبخاري (5385) في الأطعمة: باب الخبز المرقق والأكل، وابن ماجة (3309) في الأطعمة: باب الشواء ، و (3339) باب الرقاق، وابن سعد في "الطبقات"1/404، والبغوي (2844) من طرق عن همام، به. وأخرج البخاري (6450) في الرقاق: باب فضل الفقر، والترمذي (2363) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم - وأهله، وفي "الشمائل" (152) ، والنسائي في " الكبرى " كما في "التحفة"1/308 من طريق أبي معمر عبد الله بن عمر.

(متن حدیث): قَالَ: كُنَّا نَاْتِیْ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَّخَبَّازُهُ قَائِمٌ، فَقَالَ: كُلُوا، فَمَا اَعْلَمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَغِيفًا مُرَقَّقًا، وَلَا شَاةً سَمِيطَةً بِعَيْنِهٖ حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ

❀❀ قتادہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ ان کا نانبائی کھڑا ہوا (روٹیاں لگا رہا 25
تھا) حضرت انس نے فرمایا: تم لوگ کھانا کھاؤ کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی پتلی (یعنی چھنے ہوئے آٹے کی) روٹی کھاتے ہوئے اور بھنی ہوئی بکری کھاتے ہوئے نہیں دیکھا' یہاں تک کہ آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ تَعْتَرِضُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَحْوَالُ الَّتِیْ وَصَفْنَاهَا

اس علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح کی صورت حال کا سامنا کرتے تھے جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

6356 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ فِیْ عِدَّةٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَدَّخِرُ شَيْئًا لِغَدٍ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کل کے لئے کوئی چیز ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ الْمُتَبَحِّرَ فِیْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَنَسٍ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت رکھتا ہے

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے متضاد ہے' جسے ہم ذکر کر چکے ہیں

6357 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، وَمَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ:

6356- إسناده على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير جعفر بن سليمان -وهو الضبعي- فمن رجال مسلم، وثقه ابنُ سعد، وابنُ معين، وقال أحمد: لا بأس به، وقال المؤلف في " الثقات ": كان جعفر من الثقات المتقنين في الروايات غير أنه كان ينتحل الميلَ إلى أهل البيت، ولم يكن بداعيةٍ إلى مذهبه، وليس بين أهل الحديث من أئمتنا خلاف أن الصدوق المتقن إذا كانت فيه بدعة ولم يكن يدعو إليها أن الاحتجاج بخبره جائز، وقال البزار: لم نسمع أحداً يطعن عليه في الحديث، ولا في خطأ فيه، إنما ذكرت عنه شيعيته، وأما حديثه فمستقيم . وأخرجه الترمذي (2362) في الزهد: باب معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم - وأهله، وابن عدي في "الكامل" 2/572، والخطيب في " تاريخه "7/98 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَنَّ اَمْوَالَ بَنِي النَّضِيرِ كَانَتْ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا لَمْ يُوجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ، فَكَانَتْ لَهُ خَالِصَةٌ، فَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ مِنْهَا نَفَقَةَ سَنَتِهٖ، وَمَا بَقِيَ جَعَلَهُ فِي الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ

25/25 ❀❀ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بنونضیر کی زمینیں وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مال فے کے طور پر عطا کی تھی۔ مسلمانوں نے ان کے حصول کے لئے گھوڑے اور سواریاں نہیں دوڑائے تھے تو یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص تھیں آپ ان میں سے اپنے اہل خانہ کے سال بھر کا خرچ حاصل کرتے تھے اور جو باقی بچ جاتا تھا وہ اللہ کی راہ میں ساز و سامان اور اسلحے کے لئے استعمال کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا كَانَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَفْسِهٖ يَتَنَكَّبُ الشِّبَعَ فِي الْيَوْمِ الْوَاحِدِ اَكْثَرَ مِنْ مَرَّةٍ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی دن میں ایک سے زیادہ مرتبہ سیر ہو کر کھانے سے گریز کرتے تھے

6358 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ، عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَقَدْ مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ وَّزَيْتٍ فِيْ يَوْمٍ وَّاحِدٍ مَرَّتَيْنِ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا' تو آپ نے کبھی بھی ایک ہی دن میں دو مرتبہ روٹی اور زیتون کا تیل سیر ہو کر نہیں کھایا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْحَالَةَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ حَالَةَ اخْتِيَارٍ لَا اضْطِرَارٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی

6357- إسناده صحيح. إبراهيم بن بشار: هو الرمادي، روى له أبو داود والترمذي، وهو حافظ، ومن فوقه على شرط الشيخين غير مُسَدَّد، فمن رجال البخاري: سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه أحمد 1/25 عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/48، والبخاري (2904) في الجهاد: باب المجن ومن يتترس بترس صاحبه، و (4885) في تفسير سورة الحشر: باب قوله تعالى: (ما أفاء الله على رسوله) ومسلم (1757) في الجهاد: باب حكم الفيء وأبو داود (2965) في الخراج والإمارة: باب في صفايا رسول الله - صلى الله عليه وسلم - من الأموال، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 8/102 من طرق عن سفيان، عن عمرو بن دينار، عن الزهري، به. وسيأتي عند المصنف ضمن حديث مطول برقم (6608).

یہ صورتحال اختیاری حالت تھی، اضطراری حالت نہیں تھی

6359 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُجْمَعْ لَهُ غِذَاءٌ وَّلَا عِشَاءٌ مِّنْ خُبْزٍ وَّلَحْمٍ اِلَّا عَلٰى ضَفَفٍ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دسترخوان پر کبھی بھی صبح اور شام کے کھانے میں روٹی اور گوشت اکٹھے نہیں ہوئے البتہ ماسوائے اس صورت کے کہ آپ لوگوں کے ساتھ کھا رہے ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْوُجُوْدِ، كَانَ يَتَنَكَّبُ السَّرَفَ فِيْ اَسْبَابِ الْاَكْلِ، وَكَذٰلِكَ يَاْمُرُ اَهْلَهُ

6358- إسناده قوى على شرط مسلم . أبو صخر -وهو حميد بن زياد- وثقه المصنف والدارقطني، وقال أحمد: ليس به بأس، وقال ابن معين: ضعيف، وفي رواية ة ليس به بأس، وقال ابن عدى: هو عندى صالح الحديث، إنما أنكر عليه حديثان، قلت: ليس هذا منهما، وباقي رجاله ثقات . أبو الطاهر: هو أحمد بن عمرو بن عبد الله، وابن قسيط: هو يزيد بن عبد الله بن قسيط. وأخرجه مسلم (2974) في الزهد، عن أبي الطاهر، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد في "الطبقات"1/405 عن خالد بن خداش، عن عبد الله بن وهب، به. وفي الباب عن عائشة، قالت: ما شبع آل محمد - صلى الله عليه وسلم - منذ قدم المدينة من طعام بُر ثلاث ليال تباعاً حتى قبض. أخرجه وكيع (108) و (109) ، وهناد بن السرى (725) و (728) في "الزهد"، وأحمد6/156 و 255، والبخارى (5416) و (6454) ، ومسلم (2970) ، وابن سعد1/402 و 403 من طرق عنها . وعنها قالت: ما أكل آل محمد - صلى الله عليه وسلم - أكلتين في يوم واحد إلا إحداهما تمر. أخرجه وكيع (110) ، والبخارى (6455) ، ومسلم (2971) ، وأبو الشيخ في " أخلاق النبى - صلى الله عليه وسلم - " ص204-203 من طريقين عن عروة، عنها. وعنها أيضاً قالت: لم يشبع رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - مَرَّتَيْنِ (وفي رواية لابن سعد: ثلاثة أيام) من خبز الشعير . أخرجه الطيالسى (1389) ، وابن سعد 1/401 و454، ومسلم (2970) (22) ، والترمذى (2357) ، وفي " الشمائل " (145) و (151) ، والبغوى (4072) و (4573) من طريقين عنها. وأخرج الترمذى (2356) ، وفي " الشمائل " (150) عن أحمد بن منيع، حدثنا عَبَّادُ بْنُ عُبادة، عن مجالد، عن الشعبى، عن مسروق، قال: دخلت على عائشة، فدعت لي بطعام، وقالت: ما أشبع من طعام فأشاء أن أبكي إلا بكيت. قال: قلت: لم؟ قالت: أذكر الحال التى فارق عليها رسول الله - صلى الله عليه وسلم - الدنيا، واللهِ ما شبع من خبز ولحم مرتين في يوم . وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح . وعنها قالت: ما شبع آل محمد - صلى الله عليه وسلم - من غداء وعشاء حتى قبض . أخرجه عبد الرزاق (26020) عن معمر، عن أبى إسحاق، عن عبد الرحمن بن الأسود بن يزيد عنها.

6359- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى" برقم (3108) . وأخرجه أحمد 3/270، والترمذى في " الشمائل " (138) عن عفان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد في " الطبقات "1/404 عن مسلم بن إبراهيم، عن أبان بن يزيد، به. وأخرجه أبو الشيخ في " أخلاق النبى - صلى الله عليه وسلم - " ص 287 عن محمد بن عبد الله، حدثنا أبو أيوب، حدثنا عبد الوارث، حدثنا سعيد، عن قتادة به. وذكره الهيثمى في "المجمع"5/20 ونسبه لأحمد وأبي يعلى، وقال: رجالهما رجال الصحيح.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ (ساز وسامان) میسر ہونے کے باوجود کھانے پینے میں اسراف سے گریز کرتے تھے اور آپ ﷺ اپنے اہل خانہ کو بھی اس بات کا حکم دیتے تھے

6360 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ: هَلْ اَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ؟ فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَاَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ، فَقُلْتُ: هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: مَا رَاَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْخُلًا مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ قَالَ: قُلْتُ: فَكَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُونَ الشَّعِيرَ غَيْرَ مَنْخُولٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا نَنْفُخُهُ فَيَطِيرُ مَا طَارَ مِنْهُ وَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَاهُ، فَاَكَلْنَاهُ

❀❀ ابوحازم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم ﷺ نے کبھی چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھائی ہے؟ تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا' اس وقت سے لے کر آپ کے وصال تک نبی اکرم ﷺ نے کبھی بھی چھنے ہوئے آٹے کی روٹی نہیں دیکھی (یعنی نہیں کھائی) میں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں آپ لوگوں کے پاس چھاننیاں ہوتی تھیں' تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ کو جب اللہ تعالیٰ نے مبعوث کیا۔ اس وقت سے لے کر آپ ﷺ کے وصال تک آپ نے چھاننی کبھی نہیں دیکھی۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا' تو پھر آپ چھانے بغیر جو کیسے کھالیتے تھے۔ انہوں نے کہا: ہاں ہم اس میں پھونک مارتے تھے جو چیز اڑنی ہوتی تھی وہ اڑ جاتی تھی جو باقی بچتی تھی۔ اسے ہم گوندھ لیتے تھے اور کھالیتے تھے۔

ذِكْرُ مَا كَانَ ضِجَاعُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا بستر کیسا تھا؟

6361 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمِنْهَالِ ابْنِ اَخِي الْحَجَّاجِ بْنِ الْمِنْهَالِ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ ضِجَاعُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهُ لِيفٌ، قَالَتْ: وَكَانَ يَاْتِي عَلَيْنَا الشَّهْرُ مَا نَسْتَوْقِدُ نَارًا، اِنَّمَا هُمَا الْاَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ اِلَى اَنْ يَبْعَثَ اِلَيْنَا جِيرَانٌ لَنَا بِغَزِيرَةِ شَاتِهِمْ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کا بستر چمڑے کا بنا ہوا تھا جس میں کھجور کے پتے بھرے

6360- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي الطاهر بن السرح -وهو أحمد بن عمرو- فمن رجال مسلم. أبو حازم: هو سلمة بن دينار، وقد تقدم تخريج الحديث برقم (6347).

ہوتے تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بعض اوقات ہم پہ ایسا مہینہ بھی آجاتا کہ ہم پورا مہینہ آگ نہیں جلا پاتے تھے۔ ہماری خوراک صرف دو سیاہ چیزیں یعنی کھجور اور پانی ہوتا تھا' البتہ بعض اوقات ہمارے پڑوسی اپنی بکریوں کا دودھ ہمیں بھیج دیتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَتْ تُؤَثِّرُ خُشُونَةُ ضِجَاعِهِ فِيْ جَنْبِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بچھونے کی سختی کا نشان بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر لگ جاتا تھا

6362 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ الْمُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلٰى سَرِيْرٍ وَّهُوَ مُرْمَلٌ بِشَرِيْطٍ، قَالَ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهِ، وَدَخَلَ عُمَرُ، فَانْحَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا الشَّرِيْطُ قَدْ اَثَّرَ بِجَنْبِهِ، فَبَكٰى عُمَرُ، وَقَالَ: وَاللّٰهِ اِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّكَ اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ كِسْرٰى، وَقَيْصَرَ، وَهُمَا يَعِيْثَانِ فِيْمَا يَعِيْثَانِ فِيْهِ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ لَهُمَا الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ؟ قَالَ: بَلٰى، قَالَ: فَسَكَتَ

6361- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه مطولاً ومفرقاً ابن أبي شيبة13/218-219، وعبد الرزاق (20625) ، وأحمد في "المسند"6/48 و50 و 56 و108 و 207 و 212، وفي "الزهد" ص 5، وهناد (730) ، ووكيع (112) كلاهما في "الزهد"، والمروزي في زيادات "الزهد" لابن المبارك (1000) ، والبخاري (6456) و (6458) في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومسلم (2972) في الزهد، وابن سعد في "الطبقات"1/464، وأبو داود (4146) و (4147) في اللباس: باب في الفُرش، والترمذي (1761) في اللباس: باب ما جاء في فراش النبي - صلى الله عليه وسلم -، و (2469) و (2471) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4144) في الزهد: باب معيشة آل محمد - صلى الله عليه وسلم -، و (4151) باب ضجاع آل @محمد - صلى الله عليه وسلم -، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - ص 162، والبغوي (3122) و (3123) و (4074) من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد6/71 و 86، وأبو الشيخ ص274-273 من طرق عن عروة، به.

6362- موسى بن محمد بن حيان، ذكره المؤلف في " الثقات "9/161، وقال: حدثنا عنه أبو يعلى، ربما خالف، وقال الذهبي في " الميزان "4/221: روى عنه أبو يعلى وغيره، ضعفه أبو زرعة ولم يترك. قلت: قال ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل "8/161: ترك أبو زرعة حديثه، ولم يقرأ علينا. ومبارك بن فضالة والحسن -وهو البصري- قد عنعنا. والحديث عند أبي يعلى في "مسنده" (2783) . وأخرجه أحمد3/139-140 عن أبي النضر، وأبو يعلى (2782) ، وعنه أبو الشيخ في " أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - "، ص163-162 من طريق مؤمل بن إسماعيل، وأبو الشيخ ص 163 من طريق كامل بن طلحة، ثلاثتهم عن مبارك بن فضالة، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع"10/326، وقال: رواه أحمد وأبو يعلى، ورجال أحمد رجال الصحيح غير مبارك بن فضالة، وقد وثقه جماعة وضعفه جماعة. وانظر (6352) ...

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چارپائی پر آرام فرما تھے وہ کھجور کی بٹی ہوئی رسی سے بنائی گئی تھی۔ راوی بیان کرتے ہیں: اسی دوران آپ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی اندر آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پہلو بدلا' تو اس بان کا نشان آپ کے پہلو پر موجود تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! ہم یہ بات جانتے ہیں کہ آپ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کسریٰ اور قیصر سے زیادہ معزز ہیں' لیکن وہ دونوں عیش وعشرت کی زندگی گزار رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ یہ چیزیں ان دونوں کے لئے دنیا میں ہوں اور ہمارے لئے آخرت میں ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں راوی کہتے ہیں: پھر وہ خاموش ہو گئے۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ كُلَّهَا

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو تمام زمین کے خزانوں کی چابیاں عطا کی تھیں

6363 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَبَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اُتِيتُ بِمَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الْاَرْضِ، فَوُضِعَتْ فِيْ يَدَيَّ.

قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنْتُمْ تَنْتَثِلُوْنَهَا *

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"مجھے جامع کلمات کے ہمراہ مبعوث کیا گیا ہے۔"

6363- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (523) (6) في المساجد في فاتحته، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم، والنسائي 4-6/3 في الجهاد: باب وجوب الجهاد، والبيهقي في "دلائل النبوة" 471-5/470 من طرق عن ابن وهب، به. وأخرجه النسائي 4/6 من طريق القاسم بن مبرور، عن يونس بن يزيد، به. وأخرجه أحمد 2/264 و455، والبخاري (2977) في الجهاد: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "نصرت بالرعب مسيرة شهر"، و (7013) في التعبير: باب المفاتيح في اليد، و (7273) في الاعتصام: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "بعثت بجوامع الكلم"، من طريقين عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 2/268، ومسلم (523) (6)، والنسائي 6/4، والبيهقي في "السنن" 7/48، وفي "الدلائل" 5/470 و 471 من طريقين عن الزهري، عن سعيد بن المسيب وأبي سلمة، عن أبي هريرة. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/433، وأحمد502-2/501، والبغوي (3618) من طريقين عن محمد بن عمرو، وأبو نعيم في "الدلائل" (30) من طريق عمر بن أبي سلمة، كلاهما عن أبي سلمة، عن أبي هريرة. وأخرجه مسلم (523) (7)، والبيهقي في "الدلائل" 5/471 من طريقين عن ابن وهب، عن عمرو بن الحارث، عن أبي يونس مولى أبي هريرة، عنه. ولم يذكر قول أبي هريرة. وأخرجه البخاري (6998) في التعبير: باب رؤيا الليل، من طريق محمد بن سيرين، عن أبي هريرة. وأخرج أحمد 2/314، ومسلم (523) (8)، والبيهقي في "الدلائل" 5/145 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام، عن أبي هريرة يرفعه "نصرت بالرعب، وأوتيت جوامع الكلم"، وهو في "صحيفة همام" برقم (38). وانظر الحديث الآتي برقم (6401) و (6403).

ایک اور سند کے ساتھ یہ بات منقول ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

''مجھے جامع کلمات کے ہمراہ مبعوث کیا گیا''

میری مدد کی گئی ایک مرتبہ میں سویا ہوا تھا' تو میرے پاس زمین کے خزانوں کی چابیاں لائی گئیں اور میرے ہاتھ میں رکھ دی گئیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ' تو (دنیا سے) تشریف لے گئے اور تم لوگ وہ چیزیں حاصل کر رہے ہو۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الْاَرْضِ حَيْثُ اُتِيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَوْمِهِ

زمین کے خزانوں کی چابیوں کی صفت کا تذکرہ' جو نیند میں نبی اکرم ﷺ کو دی گئی تھیں

6364 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْبُخَارِيُّ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رِزْمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، اَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُتِيتُ بِمَقَالِيدِ الدُّنْيَا عَلٰى فَرَسٍ اَبْلَقَ عَلَيْهِ قَطِيفَةٌ مِّنْ سُنْدُسٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''دنیا کی چابیاں میرے پاس ایک ابلق گھوڑے پر لاد کر لائی گئیں' جس پر ریشم کی بنی ہوئی چادر موجود تھی''۔

6365 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَلَسَ جِبْرِيلُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرَ اِلَى السَّمَاءِ، فَاِذَا مَلَكٌ يَنْزِلُ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: هٰذَا الْمَلَكُ مَا نَزَلَ مُنْذُ خُلِقَ قَبْلَ السَّاعَةِ، فَلَمَّا نَزَلَ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ اَرْسَلَنِي اِلَيْكَ رَبُّكَ اَمَلَكًا

6364- إسناده على شرط الصحيح، إلّا أن فيه تدليس أبي الزبير. وأخرجه ابن الجوزي في "العلل المتناهية" (277) من طريق علي بن الحسين، قال: حدثني أبي، عن أبي الزبير، بهذا الإسناد. وقال ابن الجوزي: هذا حديث لا يصح، وعلي بن الحسين مجهول! قلت: وليس كما قال، فإن علي بن الحسين: هو ابن واقد المروزي، روى عنه جمع كثير، وذكره ابن حبان في "الثقات"، وقال النسائي: ليس به بأس، وقال أبو حاتم: ضعيف الحديث، ثم هو لم ينفرد به، فقد تابعه اثنان كلاهما ثقة. وأخرجه أحمد 3/327-328 عن زيد، حدثنا حصين، عن أبي الزبير، عن جابر، وأورده الهيثمي في "المجمع" 9/20، وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح. قلت: وصححه الحافظ السيوطي في "الجامع الصغير"، وزاد نسبته للضياء المقدسي.

6365- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو معمر: هو إسماعيل بن إبراهيم بن معمر القطيعي، وابن فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير. والحديث في "مسند أبي يعلى" 282/2. وأخرجه أحمد 2/231 عن محمد بن فضيل، والبزار (2462) عن عبد الله بن سعيد، عن محمد بن فضيل، بهذا الإسناد. وقال البزار: لا نعلمه يروى عن أبي هريرة إلا بهذا الإسناد. وأورده الحافظ الهيثمي في "مجمع الزوائد" 9/19-20، وقال: رواه أحمد والبزار وأبو يعلى، ورجال الأولين رجال الصحيح.!

جَعَلَكَ لَهُمْ اَمْ عَبْدًا رَسُوْلًا؟ فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: تَوَاضَعْ لِرَبِّكَ يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا بَلْ عَبْدًا رَسُوْلًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اسی دوران انہوں نے آسمان کی طرف دیکھا جس سے ایک فرشتہ نازل ہوا حضرت جرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا یہ فرشتہ آج سے پہلے کبھی بھی نازل نہیں ہوا' تو وہ نیچے آ گیا۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار نے مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا ہے کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بادشاہ بنا دے یا بندے اور رسول رہنا چاہتے ہیں؟ حضرت جرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں تواضع اختیار کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ میں بندہ اور رسول رہنا چاہتا ہوں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ اَصْحَابَ الْحَدِيْثِ يُصَحِّحُونَ مِنَ الْاَخْبَارِ مَا لَا يَعْقِلُوْنَ مَعْنَاهَا

اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ محدثین ایسی روایات کو صحیح قرار دیتے ہیں جس کے مفہوم کی انہیں سمجھ نہیں ہوتی

6366 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ عَائِشَةُ: مَا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى حَلَّ لَهُ مِنَ النِّسَاءِ مَا شَاءَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرِّمَ عَلَيْهِ النِّسَاءُ مُدَّةً، ثُمَّ اُحِلَّ لَهُ مِنَ النِّسَاءِ قَبْلَ مَوْتِهِ تَفَضُّلًا تُفُضِّلَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ بَيْنَ الْخَبَرِ وَالْكِتَابِ تَضَادٌّ، وَلَا تَهَاتُرٌ، وَالَّذِيْ يَدُلُّ عَلٰى هٰذَا قَوْلُ عَائِشَةَ: مَا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى حَلَّ لَهُ مِنَ النِّسَاءِ.

اَرَادَتْ بِذٰلِكَ: اِبَاحَةً بَعْدَ حَظْرٍ مُتَقَدِّمٍ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس وقت تک وصال نہیں ہوا' جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

6366- إسناده صحيح على شرط مسلم. عطاء: هو ابن أبي رباح، وعبيد بن عمير: هو ابن قتادة الليثي . وأخرجه النسائي 6/56 في النكاح: باب ما افترض الله عز وجل على رسوله -عليه السلام- وحرمه على خلقه، وفي التفسير من "الكبرى" كما في "التحفة" 11/487، والطبري في "جامع البيان" 22/32، والحاكم 2/437، وعنه البيهقي 7/54 من طرق عن ابن جريج، بهذا الإسناد . وأخرجه الترمذي (3216) في التفسير: باب ومن سورة الأحزاب، والنسائي 6/56، والطبري 22/32 من طرق عن سفيان، والطبري من طريق ابن جريج، كلاهما عن عطاء، عن عائشة . وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 6/637، وزاد نسبته لعبد الرزاق، وسعيد بن منصور، وعبد بن حميد، وأبي داود في "ناسخه"، وابن المنذر، وابن مردويه.

یہ چیز حلال قرار نہیں دی گئی کہ آپ ﷺ جتنی چاہیں شادیاں کر سکتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے کہ پہلے نبی اکرم ﷺ کے لئے مخصوص تعداد سے زیادہ خواتین کے ساتھ شادی کرنے کو ممنوع قرار دیا گیا ہو اور پھر آپ کے وصال سے پہلے (کسی بھی متعین تعداد کے بغیر) خواتین کے ساتھ شادی کرنا حلال قرار دیدیا گیا ہو۔ یہ آپ ﷺ پر کیا جانے والا خصوصی فضل تھا۔ اس صورت میں حدیث اور کتاب اللہ کے درمیان کوئی تضاد اور اختلاف باقی نہیں رہے گا اور اس بات پر دلالت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول کرتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ کا وصال اس وقت تک نہیں ہوا' جب تک آپ کے لئے (کسی متعین تعداد کے بغیر) خواتین (کے ساتھ شادی کرنا) حلال قرار نہیں دیدیا گیا' تو سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی اس کے ذریعے مراد یہ ہے: یہ ایک ایسی اباحت تھی جو اس سے پہلے موجود ممنوعیت کے بعد آئی جیسا کہ ہم پہلے ذکر چکے ہیں۔

6367 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَغَارُ عَلَى اللَّاتِيْ وَهَبْنَ اَنْفُسَهُنَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَقُوْلُ: تَهَبُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا؟، فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ: (تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْ اِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ) (الأحزاب: 51) قَالَتْ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا اَرَى رَبَّكَ اِلَّا يُسَارِعُ فِيْ هَوَاكَ

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے ان خواتین پر بڑا غصہ آتا تھا جو خود کو نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شادی کے لیے پیش کر دیتی تھی میں یہ سوچا کرتی تھی کیا کوئی عورت بھی اپنے ساتھ شادی کی پیشکش کر سکتی تھی۔ جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْ اِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ) (الأحزاب: 51)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے دیکھا ہے کہ آپ کا پروردگار آپ کی خواہش پوری کرنے میں جلدی کرتا ہے۔

6367- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة . وأخرجه مسلم (1464) (49) في الرضاع: باب جواز هبتها نوبتها لضرتها، عن محمد بن العلاء بن كريب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (4788) في تفسير سورة الأحزاب: باب قوله: (ترجي من تشاء منهن)، والنسائي 6/54 في النكاح: باب ذكر أَمْرَ رَسُولُ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - في النكاح وأزواجه، والبيهقي 7/55 من طرق عن أبي أسامة، به . وأخرج أحمد 6/158، والبخاري (5113) في النكاح: باب هل للمرأة أن تهب نفسها لأحد، ومسلم (1464) (50)، وابن ماجه (2000) في النكاح: باب التي وهبت نفسها للنبي - صلى الله عليه وسلم -، والطبري في "جامع البيان" 22/26، والحاكم 2/436، والبغوي في "معالم التنزيل" 3/538 من طرق عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عائشة قالت: أما تستحي المرأة أن تهب نفسها للرجل؟ فأنزل الله ... وأخرج أحمد 6/134 و 261 عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عائشة، قالت: لما نزلت هذه الآية: (ترجي من تشاء منهن ...) قالت عائشة: فقلت: يا رسول الله، مَا أَرَى رَبَّكَ إِلَّا يُسَارِعُ فِي هَوَاكَ.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى خَرَجَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ اِلٰى مَا وَعَدَهُ رَبُّهُ مِنَ الثَّوَابِ، وَهُوَ صِفْرُ الْيَدَيْنِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب نبی اکرم ﷺ اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی

دنیا سے تشریف لے گئے اور اس چیز کی طرف چلے گئے جس ثواب کا آپ ﷺ کے پروردگار نے آپ ﷺ کے ساتھ وعدہ کیا تھا اس وقت نبی اکرم ﷺ کے دونوں ہاتھ خالی تھے

6368 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَاَلَهَا رَجُلٌ عَنْ مِيرَاثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: اَعَنْ مِيرَاثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَاَلُنِيْ لَا اَبَا لَكَ؟ وَاللّٰهِ مَا وَرِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارًا، وَلَا دِرْهَمًا، وَلَا عَبْدًا، وَلَا اَمَةً، وَلَا شَاةً، وَلَا بَعِيرًا

✿✿ حزر بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم ﷺ کی وراثت کے بارے میں دریافت کیا' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم نبی اکرم ﷺ کی وراثت کے بارے میں مجھ سے سوال کر رہے ہو؟ تمہارا باپ نہ رہے' اللہ کی قسم! نبی اکرم ﷺ نے وراثت میں کوئی دینار یا درہم یا غلام یا کنیز یا بکری یا اونٹ نہیں چھوڑا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ اَجْوَدِ النَّاسِ وَاَشْجَعِهِمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ بہادر تھے

6368- إسناده حسن، إبراهيم بن هانىء هو أبو إسحاق النيسابوري: ذكره المؤلف في "الثقات" 8/83، وقال: سكن بغداد، يروى عن يزيد بن هارون، وأبى عاصم وعبيد الله بن موسى، روى عنه البغداديون، كان من إخوان أحمد بن حنبل، ممن جالسه على الحديث والدين، وترجم له الخطيب في "تاريخه" 6/204-206، وذكر أنه روى عن جمع، وروى عنه جمع، ونقل عن أحمد توثيقه، وقوله فيه: إن كان ببغداد رجل من الأبدال، فأبو إسحاق النيسابوري، وقال الدارقطني عنه: ثقة فاضل، وقال ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل" 2/144: سمعت منه ببغداد، وهو ثقة صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عاصم، وهو ابن أبي النجود، فقد روى له الشيخان مقروناً، وهو صدوق حسن الحديث . شيبان: هو ابن عبد الرحمن التميمي، وزر: هو ابن حبيش. وأخرجه الترمذي في " الشمائل " (387) عن محمد بن بشار، عن عبد الرحمن بن مهدي، عن سفيان، عن عاصم بن أبي النجود، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1635) في الوصية: باب ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصي فيه، وأبو داود (2863) في الوصايا: باب ما جاء في ما يؤمر به من الوصية، والنسائي 6/240 في الوصايا: باب هل أوصى النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجة (2695) في الوصايا: باب هل أوصى النبي - صلى الله عليه وسلم -؟ وابن سعد في "الطبقات" 2/260، والبيهقي في " السنن " 6/266، وفي " الدلائل " 7/273، والبغوي (3836) و (3837) من طرق عن الأعمش، عن أبي وائل شقيق بن سلمة، عن عائشة. وأخرجه النسائي من طريق حسن بن عيّاش، عن الأعمش، عن إبراهيم، عن الأسود، عن عائشة. وانظر الحديث الآتي برقم (6606)

6369 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ ذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ خَيْرَ النَّاسِ، وَكَانَ اَجْوَدَ النَّاسِ، وَكَانَ اَشْجَعَ النَّاسِ، وَلَقَدْ فَزِعَ اَهْلُ الْمَدِينَةِ، فَانْطَلَقُوا قِبَلَ الصَّوْتِ، فَتَلَقَّاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَبَقَهُمْ اِلَى الصَّوْتِ، وَهُوَ عَلٰى فَرَسٍ لِاَبِي طَلْحَةَ عُرْيٍ مَا عَلَيْهِ سَرْجٌ، وَفِي عُنُقِهِ السَّيْفُ، وَهُوَ يَقُولُ لِلنَّاسِ: لَمْ تُرَاعُوا يَرُدُّهُمْ، ثُمَّ قَالَ لِلْفَرَسِ: وَجَدْنَاهُ بَحْرًا وَاِنَّهُ لَبَحْرٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہوئے یہ بات بتائی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بہتر تھے۔سب سے زیادہ سخی تھے۔سب سے زیادہ بہادر تھے۔ایک مرتبہ اہل مدینہ خوف کا شکار ہوئے لوگ آواز کی سمت گئے' تو ان کی ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں سے پہلے ہی آواز کی طرف چلے گئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار تھے۔اس پر زین موجود نہ تھی۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن میں تلوار تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا: تم لوگ گھبراؤ نہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو واپس کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس گھوڑے کے بارے میں فرمایا: ہم نے اسے سمندر پایا بے شک یہ سمندر ہے (یعنی یہ انتہائی تیز رفتار ہے)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مَا كَانَ يَسْتَعْمِلُ الْجُودَ مِمَّا يَمْلِكُ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ اَوْ حِينَ يَلْقَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے مہینے میں سب سے زیادہ جود و کرم کیا کرتے تھے' یا اس وقت کرتے تھے' جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے

6370 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

6369- إسناده صحيح على شرط مسلم، محمد بن عبيد بن حساب من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وقد تقدم تخريجه برقم (5798).

6370- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. يونس: هو ابن يزيد الأيلي، وعبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة بن مسعود الهذلي، وقد تقدم تخريجه برقم (3440) من طريق آخر عن الزهري. وأخرجه النسائي 4/125 في الصيام: باب الفضل والجود في شهر رمضان، وفي فضائل القرآن من "السنن الكبرى" كما في "تحفة الأشراف" 5/64 عن سليمان بن داود، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/288، والبخاري (6) في بدء الوحي: باب رقم (5)، و (3220) في بدء الخلق: باب ذكر الملائكة، و (3554) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومسلم (2308) في الفضائل: باب كان النبي - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ من الريح المرسلة، والبيهقي في "الدلائل" 1/326 من طرق عن عبد الله بن المبارك، عن يونس، به.

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْوَدَ النَّاسِ، وَكَانَ اَجْوَدَ مَا يَكُوْنُ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ، وَحِينَ يَلْقَى جِبْرِيلَ، وَكَانَ جِبْرِيلُ يَلْقَاهُ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ، فَيُدَارِسُهُ الْقُرْآنَ، فَلَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَلْقَاهُ جِبْرِيلُ اَجْوَدُ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيحِ الْمُرْسَلَةِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان کے مہینے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور زیادہ سخی ہو جاتے تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات حضرت جبرائیل علیہ السلام سے ہوتی تھی حضرت جبرائیل علیہ السلام روزانہ رات کے وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرآن کا دور کیا کرتے تھے' جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (قرآن کا دور کرنے کے لئے) حاضر ہوتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت چلتی ہوئی ہوا سے بھی زیادہ سخی ہوتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ يَبْذُلُ مَا وَصَفْنَاهُ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا مَعَ مَا يَعْزِفُ نَفْسَهُ عَنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا میں بعض اوقات اس طرح سے خرچ کرتے تھے جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے نیز اس کے ہمراہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آپ کو دنیا سے محفوظ رکھتے تھے

6371 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ يَعْقُوْبَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، اَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، اَنَّ عَائِشَةَ، اَخْبَرَتْ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَشْبَعْ شَبْعَتَيْنِ فِي يَوْمٍ حَتّٰى مَاتَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال تک کبھی بھی ایک دن میں دو مرتبہ سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَالَةَ الَّتِي وَصَفْنَاهَا كَانَ يَسْتَوِي فِيهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلُهُ عَلَى السَّبِيلِ الَّذِي وَصَفْنَاهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ حالت جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

6371- إسناده حسن، موسى بن يعقوب: هو الزمعي المدني مختلف فيه، وثقه ابن معين، وابن القطان، والمؤلف، وقال أبو داود: صالح، وقال ابن عدي: لا بأس به عندي ولا بروايته، وضعفه ابن المديني، وقال النسائي: ليس بالقوي، وقال أحمد: لا يعجبني حديثه، وباقي رجاله رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن ابراهيم، فمن رجال البخاري. ابن أبي فديك: هو محمد بن اسماعيل بن مسلم، وأبو حازم: هو الأعرج سلمة بن دينار. وانظر الحديث المتقدم برقم (6358).

اور آپ ﷺ کے اہل خانہ کی صورتحال بالکل ایک جیسی ہوتی تھی' جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

6372 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَقَدْ كَانَ يَاْتِي عَلٰى اَهْلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرٌ مَا يُخْبَزُ فِيهِ قُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ مَا كَانَ يَاْكُلُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: كَانَ لَنَا جِيرَانٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ جَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا كَانَ لَهُمْ لَبَنٌ يُهْدُونَ مِنْهُ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: هَذِهِ الْأَخْبَارُ الْأَرْبَعُ قَدْ تُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ أَنَّهَا مُتَضَادَّةٌ، أَوْ بَيْنَهَا تَهَاتُرٌ، لِأَنَّ فِي خَبَرِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ: مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ، وَالْمَدِينَةِ وَفِي خَبَرِ جَابِرٍ: مَا بَيْنَ أَيْلَةَ إِلَى مَكَّةَ، وَفِي خَبَرِ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ: مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ إِلَى بُصْرَى، وَفِي خَبَرِ قَتَادَةَ: مَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَعَمَّانَ، وَلَيْسَ بَيْنَ هَذِهِ الْأَخْبَارِ تَضَادٌّ، وَلَا تَهَاتُرٌ، لِأَنَّهَا أَجْوِبَةٌ خَرَجَتْ عَلَى أَسْئِلَةٍ ذَكَرَ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي كُلِّ خَبَرٍ مِمَّا ذَكَرْنَا جَانِبًا مِنْ جَوَانِبِ حَوْضِهِ أَنَّ مَسِيرَةَ كُلِّ جَانِبٍ مِنْ حَوْضِهِ مَسِيرَةُ شَهْرٍ، فَمِنْ صَنْعَاءَ إِلَى الْمَدِينَةِ مَسِيرَةُ شَهْرٍ لِغَيْرِ الْمُسْرِعِ، وَمِنْ أَيْلَةَ إِلَى مَكَّةَ كَذَلِكَ، وَمِنْ صَنْعَاءَ إِلَى بُصْرَى كَذَلِكَ، وَمِنَ الْمَدِينَةِ إِلَى عَمَّانَ، الشَّامِ كَذَلِكَ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے حوض کے دو کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے۔ جتنا مدینہ اور صنعاء کے درمیان ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مدینہ اور عمان کے درمیان ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ چار روایات اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کرتی ہیں جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ یہ سمجھتا ہے) کہ ان میں تضاد پایا جاتا ہے یا ان میں اختلاف پایا جاتا ہے' تو سلیمان تیمی کی نقل کردہ روایات میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا صنعاء اور مدینہ کے درمیان فاصلہ ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا ایلہ سے لے کر مکہ کے درمیان تک فاصلہ ہے۔ عتبہ بن عبد کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا صنعاء اور بصری کے درمیان فاصلہ ہے۔ قتادہ کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا مدینہ اور عمان کے درمیان فاصلہ ہے۔

حالانکہ ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا۔ کیونکہ یہ سوالات کے جوابات ہیں' جو سوالات کے مطابق

6451- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 3/133 و 216 و 219، والطيالسي (1993)، ومسلم (2303) (42) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4304) في الزهد: باب ذكر الحوض، والآجري في "الشريعة" ص 354 من طرق عن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم عن أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عوانة، عن قتادة، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (6448)، والآتي برقم (6459).

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیے ہیں۔ہم نے جو روایات ذکر کی ہیں۔ان سب روایات میں حوض کوثر کے کناروں میں سے کسی ایک کنارے کا ذکر ہے کہ اس حوض کے ہر طرف کا کنارہ ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے' تو صنعاء سے لے کر مدینہ منورہ تک ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔جبکہ آدمی تیز رفتاری سے نہ چل رہا ہو۔ایلہ سے لے کر مکہ تک کا سفر بھی اتنا ہے۔صنعاء سے لے کر بصریٰ تک کا سفر بھی اتنا ہی ہے۔اور مدینہ سے لے کر عمان یا شام تک کا فاصلہ بھی اتنا ہی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ لَيْسَ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا تَضَادٌّ وَّلَا تَهَاتُرٌ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہم نے جو روایات نقل کی ہیں ان میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا

6452 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَ: ابْنُ عَمْرٍو، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حَوْضِيْ مَسِيْرَةُ شَهْرٍ، زَوَايَاهُ سَوَاءٌ، مَاؤُهُ اَبْيَضُ مِنَ الثَّلْجِ، وَاَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، آنِيَتُهُ كَنُجُوْمِ السَّمَاءِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَا يَظْمَاُ بَعْدَهُ اَبَدًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"میرا حوض ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔اس کے کنارے برابر ہیں۔اس کا پانی برف سے زیادہ سفید، مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی طرح (بے شمار ہیں) جو شخص اس میں سے پی لے گا وہ اس کے بعد کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔"

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ان تمام روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

6453 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

6452– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غيرَ داود بن عمرو الضبي، فمن رجال مسلم، وهو من كبار شيوخه. وأخرجه عنه في " صحيحه " (2292) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -. وأخرجه ابن منده في " الإيمان " (1076)، والبيهقي في " البعث والنشور " (140) من طريقين عن داود بن عمرو، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6579) في الرقاق: باب ذكر الحوض، وابن أبي عاصم في "السنة" (728)، وابن منده (1067) من طريقين عن نافع بن عمر الجمحي، به.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ أَمَامَكُمْ حَوْضًا كَمَا بَيْنَ جَرْبَاءَ، وَأَذْرُحَ.

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: الْمَسَافَةُ بَيْنَ جَرْبَاءَ، وَأَذْرُحَ كَمَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَعَمَّانَ، وَمَكَّةَ وَأَيْلَةَ، وَصَنْعَاءَ وَالْمَدِينَةِ، وَصَنْعَاءَ وَبُصْرَى سَوَاءٌ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُونَ بَيْنَ هَذِهِ الْأَخْبَارِ تَضَادٌّ، أَوْ تَهَاتُرٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہارے آگے (قیامت میں) ایک ایسا حوض ہوگا' جو جرباء اور اذرح کے درمیان فاصلے جتنا بڑا ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جرباء اور اذرح کے درمیان کتنا فاصلہ ہے جتنا مدینہ اور عمان کے درمیان یا مکہ اور ایلہ کے درمیان یا صنعاء اور مدینہ کے درمیان یا صنعاء اور بصری کے درمیان ہے' تو اس حوالے سے ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْأَوَانِي الَّتِي تَكُونُ فِي حَوْضِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان برتنوں کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض پر ہوں گے

6454 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ،

(متن حدیث): أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُرَى فِيهِ أَبَارِيقُ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ كَعَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ، أَوْ أَكْثَرَ.

يَعْنِي: الْحَوْضَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہیں اس میں سونے اور چاندی کے بنے ہوئے پیالے ملیں گے جو آسمان کے ستاروں کی تعداد جتنے ہوں گے یا اس

6453- إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد بن بشر: هو العبدي. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/440، وعنه مسلم (2299) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، عن محمد بن بشر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/21، والبخاري (6577)، ومسلم، وابن منده في "الإيمان" (1073)، والبيهقي في "البعث والنشور" (139) من طرق عن يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عمر، به. وأخرجه أحمد 2/125 و 134، ومسلم، وأبو داود (4745) في السنّة: باب في الحوض، من طرق، عن نافع، به.

6454- إسناده صحيح على شرط الشيخين. سعيد: هو ابن أبي عروبة، وقد سمع منه يزيد بن زريع قبل اختلاطه. وأخرجه مسلم (2303) (43) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4305) في الزهد: باب ذكر الحوض، وهناد في "الزهد" (137) من طريقين عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/238، ومسلم من طريق الحسن بن موسى، عن شيبان، عن قتادة، به. إلا أنه زاد: "أو أكثر من عدد النجوم."

سے بھی زیادہ ہوں گے"۔ نبی اکرم ﷺ کی مراد حوض کوثر تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنِ الْكُرَاعَ الَّذِىْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ حَيْثُ يُنْصَبُ اِلَى الْحَوْضِ يُمَدُّ مَاؤُهُ مِنَ الْجَنَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ کُراع جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں' جسے حوض پر نصب کیا جائے گا وہ جنت سے پانی کو کھینچے گا

6455 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَنَا عِنْدَ عُقْرِ حَوْضِى اَذُوْدُ عَنْهُ النَّاسَ، اِنِّى لَاَضْرِبُهُمْ بِعَصَاىَ حَتّٰى يَرْفَضَّ قَالَ: وَسُئِلَ نَبِىُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَعَةِ الْحَوْضِ، فَقَالَ: مِثْلُ مَقَامِى هٰذَا اِلٰى عَمَّانَ مَا بَيْنَهُمَا شَهْرٌ اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَرَابِهِ، فَقَالَ: اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، يَنْبَعِثُ فِيْهِ مِيزَابَانِ مِدَادُهُمَا الْجَنَّةُ اَحَدُهُمَا دُرٌّ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"میں اپنے حوض کے پاس کھڑا ہو کر کچھ لوگوں کو اس سے دور کروں گا میں ان لوگوں کو اپنے عصا کے ذریعے ماروں گا تاکہ وہ لوگ پیچھے ہٹ جائیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے اس حوض کی وسعت کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ میری (اس) جگہ سے لے کر عمان جتنا ہے۔ ان دونوں کے درمیان ایک ماہ کا یا اس سے قریب کا فاصلہ ہے۔"

6455- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير معدان بن أبي طلحة، فمن رجال مسلم. محمد بن بكر: هو ابن عثمان البرساني البصري، وقد احتج مسلم بروايته عن سعيد بن أبي عروبة. والحديث عند ابن أبي شيبة في "المصنف" 11/443 و 13/146 عن محمد بن بشر، عن سعيد بن أبي عروبة. وكذا رواه عنه أبو يعلى كما في "النهاية" لابن كثير 1/382. وأخرجه أحمد 5/283، وهناد في "الزهد" (137)، وابن أبي عاصم في "السنّة" (708) و (709)، والآجري في "الشريعة" ص 352-353، والبيهقي في "البعث والنشور" (131) من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (20853)، وأحمد 5/280 و 281 و 282، ومسلم (2301) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن منده في "الإيمان" (1075)، والبيهقي (132) و (133)، والبغوي (3342) من طرق عن قتادة، به. وأخرجه الآجري ص 353 عن محمد بن فضيل، عن الأعمش، عن عمرو بن مرة، عن سالم بن أبي الجعد، عن ثوبان، ولم يذكر معدان بن أبي طلحة. وأخرجه أحمد 5/275-276، والطيالسي (995)، والترمذي (2444) في صفة القيامة: باب ما جاء في صفة أواني الحوض، وابن ماجه (4303) في الزهد: باب الحوض، والحاكم 4/184، وصححه ووافقه الذهبي، والبيهقي في "البعث والنشور" (135) و (136)

نبی اکرم ﷺ سے اس حوض کے مشروب کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا۔ اس میں دو پرنالے ہوں گے جن میں جنت سے پانی آئے گا۔ ان میں سے ایک موتی کا بنا ہوا ہوگا اور دوسرا سونے کا ہوگا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6456 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنِّي لَبِعُقْرِ حَوْضِي اَذُودُ عَنْهُ لِاَهْلِ الْيَمَنِ، اَضْرِبُ بِعَصَايَ حَتّٰى يَرْفَضَّ، فَسُئِلَ عَنْ عَرْضِهِ، فَقَالَ: مِنْ مَقَامِي هٰذَا اِلٰى عَمَّانَ، وَسُئِلَ عَنْ شَرَابِهِ، فَقَالَ: اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، فِيهِ مِيزَابَانِ يُمَدَّانِ مِنَ الْجَنَّةِ، اَحَدُهُمَا مِنْ ذَهَبٍ، وَالْاٰخَرُ مِنْ وَرِقٍ

قَالَ بُنْدَارٌ: فَقُلْتُ لِيَحْيَى بْنِ حَمَّادٍ: هٰذَا حَدِيثُ اَبِي عَوَانَةَ؟ فَقَالَ: قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ اَبِي عَوَانَةَ اَيْضًا، فَقُلْتُ: انْظُرْ لِي فِي حَدِيثِ شُعْبَةَ، فَنَظَرَ فِيهِ، فَحَدَّثَنِي بِهِ

✿✿ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں اپنے حوض کے قریب کھڑے ہو کر اس سے (کچھ) اہل یمن کو پرے کروں گا۔ میں اپنے عصا کے ذریعے انہیں ماروں گا تاکہ وہ پیچھے ہٹ جائیں۔''

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ سے اس حوض کی چوڑائی کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: میرے کھڑے ہونے کی جگہ سے لے کر عمان تک (جتنا فاصلہ ہے وہ اتنا چوڑا ہوگا)

نبی اکرم ﷺ سے اس کے مشروب کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ مشروب دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا۔ اس حوض میں دو پرنالے ہوں گے جو جنت سے آرہے ہوں گے۔ ان میں سے ایک سونے کا بنا ہوا ہوگا اور ایک چاندی کا بنا ہوگا۔

بندار نامی راوی کہتے ہیں: میں نے یحییٰ بن حماد سے کہا: کیا یہ ابوعوانہ کی نقل کردہ روایت ہے' تو انہوں نے بتایا میں نے یہ روایت ابوعوانہ سے ہی سنی ہے۔ میں نے کہا: آپ میرے لیے شعبہ کی نقل کردہ روایت کا جائزہ لے لیجئے۔ انہوں نے اس میں اس روایت کو تلاش کیا اور پھر یہ حدیث بیان کی۔

6456- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (2301) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، عن محمد بن بشار بندار، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ مَنْ شَرِبَ مِنْ حَوْضِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمِنَ تَسْوِيدَ الْوَجْهِ بَعْدَهُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ جو شخص نبی اکرم ﷺ کے حوض سے پانی پی لے گا

وہ اس کے بعد چہرے کے سیاہ ہونے سے محفوظ ہوگا (کیونکہ قرآن میں ذکر ہے کہ قیامت کے دن کچھ لوگوں کے چہرے سفید ہوں گے اور کچھ لوگوں کے سیاہ ہوں گے)

6457 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، وَاَبِي الْيَمَانِ الْهَوْزَنِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ يَزِيْدَ بْنَ الْاَخْنَسِ السُّلَمِيَّ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا سَعَةُ حَوْضِكَ؟ قَالَ: كَمَا بَيْنَ عَدَنٍ اِلٰى عَمَّانَ، وَاَنَّ فِيْهِ مَثْعَبَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ وَّفِضَّةٍ قَالَ: فَمَا حَوْضُكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مَذَاقَةً مِنَ الْعَسَلِ، وَاَطْيَبُ رَائِحَةً مِنَ الْمِسْكِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَاْ اَبَدًا، وَلَمْ يَسْوَدَّ وَجْهُهُ اَبَدًا .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ: مَثْعَبَانِ مِنْ ذَهَبٍ وَّفِضَّةٍ ، وَفِيْ خَبَرِ ثَوْبَانَ الَّذِيْ ذَكَرْنَا: مِيزَابَانِ اَحَدُهُمَا دُرٌّ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ ، وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا تَضَادٌّ، لِاَنَّ اَحَدَ الْمَثْعَبَيْنِ يَكُوْنُ مِنْ ذَهَبٍ، وَالْاٰخَرُ مِنْ فِضَّةٍ قَدْ رُكِّبَ عَلَيْهِ الدُّرُّ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ بَيْنَهَا تَضَادٌّ

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت یزید بن اخنس رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ﷺ کے حوض کی وسعت کتنی ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جتنا عدن اور عمان کے درمیان فاصلہ ہے اور اس میں دو پرنالے ہیں، جو سونے اور چاندی کے بنے ہوئے ہیں۔

6457- إسناده صحيح. عمرو بن عثمان الحمصي روى له أبو داود، والنسائي، وابن ماجه، وهو ثقه وثقه النسائي وأبو داود والمؤلف ومسلمة بن القاسم، وقال أبو حاتم: صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح غير أبي اليمان الهوزني متابع سليم بن عامر، فقد روى له أبو داود في "المراسيل"، وذكره المؤلف في "الثقات" 5/188، وقال: من أهل الشام، يروي عن سلمان وصفوان بن أمية، روى عنه أبو عبد الرحمن الحبلي والشاميون . وأخرجه أحمد 5/250-251، وابن أبي عاصم في "السنّة" (729)، والطبراني في "الكبير" (7672) من طريقين عن صفوان بن عمرو، بهذا الإسناد. وقال عبد الله بن أحمد بإثر رواية أبيه: وجدت هذا الحديث في كتاب أبي بخط يده وقد ضرب عليه، فظننت أنه قد ضرب عليه لأنه خطأ، إنما هو عن زيد، عن أبي سلام، عن أبي أمامة. قلت: هذه الرواية أخرجها الطبراني في "الكبير" (7546) : حدثنا جعفر بن محمد الفريابي، حدثنا الحسن بن سهل الخياط، حدثنا مصعب بن سلام، عن عبد الله بن العلاء ، عن زيد بن سلام، عن أبي سلام، عن أبي أمامة. وذكر الهيثمي هذه الرواية في "المجمع" 10/366، وقال: رجاله وثقوا على ضعف فيهم. وأخرجه الطبراني (7665) ، والبيهقي في "البعث والنشور" (134) من طريقين عن عبد الله بن صالح، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عامر، عن أبي أمامة.

انہوں نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی آپ ﷺ کے حوض (کا مشروب) کیسا ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ دودھ سے زیادہ سفید ہوگا۔ اور چکھنے میں شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا اور اس کی خوشبو مشک سے زیادہ پاکیزہ ہوگی' جو شخص اس میں سے پی لے گا۔ وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔ اور اس کا چہرہ کبھی سیاہ نہیں ہوگا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں یہ بات مذکور ہے کہ اس کے دو پرنالے سونے اور چاندی کے بنے ہوئے ہیں جبکہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ہماری ذکر کردہ روایت میں یہ بات مذکور ہے۔ کہ اس کے دو پرنالے ہیں۔ جن میں سے ایک موتی سے بنا ہوا ہے۔ اور ایک سونے سے بنا ہوا ہے' تو ان دونوں روایات میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ کیونکہ ان دو پرنالوں میں سے ایک سونے کا بنا ہوا ہوگا۔ اور دوسرے کے بارے میں ہوسکتا ہے کہ وہ چاندی سے بنا ہوا اور اس پر موتی لگا دیئے ہوں۔ اس طرح ان دونوں روایات میں تضاد باقی نہیں رہے گا۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِعْطَائِهِ الْحَوْضَ لِيَسْقِيَ مِنْهُ أُمَّتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ بِمَنِّهِ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر یہ فضل کیا ہے کہ آپ ﷺ کو حوض کوثر عطا کیا ہے' تا کہ آپ ﷺ قیامت کے دن اس میں سے اپنی امت کو پانی پلائیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کرے

6458 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، زَاجُ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْوَازِعِ جَابِرَ بْنَ عَمْرٍو أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا بَرْزَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا بَيْنَ نَاحِيَتَيْ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ أَيْلَةَ إِلٰى صَنْعَاءَ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ، عَرْضُهُ كَطُوْلِهِ، فِيْهَا مِزْرَابَانِ يَنْثَعِبَانِ مِنَ الْجَنَّةِ مِنْ وَرِقٍ وَّذَهَبٍ، أَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، وَأَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ، فِيْهِ أَبَارِيْقُ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَاءِ

❀❀ حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

6458- إسناده حسن. أبو برزة رضي الله عنه: اسمه نضلة بن عبيد الأسلمي. وأخرجه البيهقي في "البعث والنشور" (156) عن أبي طاهر الفقيه، حدثنا أبو حامد بن بلال، عن أحمد بن منصور، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنّة" (722) عن عبدة بن عبد الرحيم، حدثنا النضر بن شميل به. وأخرجه الحاكم 1/76 من طريق روح بن أسلم، عن شداد، به، وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، فقد احتج بحديثين عن أبي طحة الراسبي، عن أبي الوازع، عن أبي برزة. وأخرجه عبد الرزاق (20852)، وأحمد 4/424، وأبو داود (4749) في السنة: باب في الحوض، وابن أبي عاصم (720) من طرق عن أبي برزة بنحوه.

''میرے حوض کے دو کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا ایلہ سے لے کر صنعاء تک کا فاصلہ ہے' جو ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔اس حوض کی چوڑائی اس حوض کی لمبائی جتنی ہے اس میں دو پرنالے ہیں' جو جنت سے آتے ہیں۔ چاندی اور سونے کے بنے ہوئے ہیں (اس کا مشروب یا پانی) دودھ سے زیادہ سفید، شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ ٹھنڈا ہے۔اس حوض کے پاس آسمان کے ستاروں جتنے کوزے ہیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ : اَرَادَ بِهٖ صَنْعَاءَ الْيَمَنِ دُوْنَ صَنْعَاءَ الشَّامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''جتنا فاصلہ ایلہ اور صنعاء کے درمیان ہے'' اس سے آپ ﷺ کی مراد یمن کا شہر صنعاء ہے شام کا شہر صنعاء مراد نہیں ہے

6459 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ حَوْضِيْ كَمَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ، وَاِنَّ فِيْهِ مِنَ الْاَبَارِيْقِ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک میرا حوض ایلہ سے لے کر صنعاء کے فاصلے جتنا ہے اور اس کے پاس آسمان کے ستاروں کی تعداد میں کوزے ہیں۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الشَّفَاعَةَ هِيَ الدَّعْوَةُ الَّتِيْ اَخَّرَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمَّتِهٖ فِي الْعُقْبٰى

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ شفاعت سے مراد وہ دعا ہے' جسے نبی اکرم ﷺ نے آخرت میں (اپنی امت کی شفاعت کے لیے) مؤخر کیا ہے

6460 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

6459– إسناده صحيح. رجاله رجال الشيخين غير يزيد ابن مَوْهَبٍ، وهو ثقة روى له أصحاب السنن إلا الترمذي. وأخرجه البخاري (6580) في الرقاق: باب في الحوض، ومسلم (2303) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، والبيهقي في "البعث والنشور" (121) من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/225، والترمذي (2442) في صفة القيامة: باب ما جاء في صفة الحوض، وابن أبي عاصم في "السنّة" (711) و (712) من طرق عن الزهري، به. وقال الترمذي: حسن صحيح غريب. وأخرجه ابن أبي عاصم (713) عن البخاري، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنَا أَخِي، عَنْ سليمان بن بلال، عن عُبيد الله بن عمر، عن رفاعة بن رافع الزرقي، عن أنس بن مالك.

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ قَدْ دَعَا بِهَا فِي أُمَّتِهِ، وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر نبی کی ایک مخصوص دعا ہوتی ہے' جس کے ذریعے وہ اپنی امت کے بارے میں دعا مانگتا ہے میں نے اپنی مخصوص دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھ لیا ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ دَعْوَتَهُ الَّتِي اسْتُجِيبَتْ لَهُ شَفَاعَةً لِأُمَّتِهِ فِي الْقِيَامَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مستجاب دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے مخصوص کیا ہے

6461 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُو بِهَا، وَإِنِّي أَخَّرْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي فِي الْآخِرَةِ

6460- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو عاصم: هو النبيل الضحاك بن مخلد. وأخرجه ابن خزيمة في "التوحيد" ص 260 من طريق زيد بن أخزم، عن أبي عاصم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/384، ومسلم (201) في الإيمان: باب اختباء النبي - صلى الله عليه وسلم - دعوة الشفاعة لأمته، وابن منده في "الإيمان" (919)، وأبو يعلى (2237)، وأبو عوانة 1/91 من طريق عن روح بن عبادة، وأخرجه أبو عوانة من طريق حجاج وإسحاق بن إبراهيم قاضي خوارزم، ثلاثتهم عن ابن جريج به. وأخرجه أحمد 3/396، وابن خزيمة ص 263-262 من طريقين عن هشام بن حسان، عن الحسن البصري، عن جابر.

6461- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 1/212 في القرآن: باب ما جاء في الدعاء. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/486، والبخاري (6304) في الدعوات: باب لكل نبي دعوة، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 257، وابن منده في "الإيمان" (901)، والبغوي (1236). وأخرجه ابن منده في "الإيمان" (902) من طريق شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، به. وأخرجه ابن منده (953)، والقضاعي (1041) من طريقين عن الأعرج، به. وأخرجه عبد الرزاق (20864)، وأحمد 2/275 و313 و381 و396، والدارمي 1/328، والبخاري (7474) في التوحيد: باب المشيئة والإرادة، ومسلم (198) في الإيمان: باب اختباء النبي - صلى الله عليه وسلم - دعوته شفاعة لأمته، وابن خزيمة ص 257 و258 و259، والآجري في "الشريعة" ص 341 و342، وأبو عوانة 1/90، والطبراني في "الأوسط" (1748)، وابن منده في "الإيمان" (892) ... (900) و (907) ... (911)، والقضاعي في "مسند الشهاب" (1039) و (1040) و (1042) و (1045)، والبغوي (1235) من طرق عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/426، ومسلم (199)، والترمذي (3602) في الدعوات: باب رقم (131)، وابن ماجه (4307) في الزهد: باب ذكر الشفاعة، وأبو عوانة 1/90، وابن منده (912) و (913) من طرق عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وزاد في آخره: "وهي نائلة -إن شاء الله- من مات لا يشرك بالله شيئاً."

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر نبی کی ایک مخصوص دعا ہوتی ہے' جو وہ مانگتا ہے میں نے اپنی دعا کو آخرت میں اپنی امت کی شفاعت کے لیے مؤخر کر دیا ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِیْ لِاُمَّتِیْ، اَرَادَ بِهِ: مَنْ لَّمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ مِنْهُمْ دُوْنَ مَنْ اَشْرَكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''میری شفاعت میری امت کے لیے ہوگی''

اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ ان میں سے جو شخص شرک نہیں کرتا (اس کے لیے ہوگی) جو شرک کرتا ہے وہ اس میں شامل نہیں ہے

6462 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَمَّادٍ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُعْطِيتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ اَحَدٌ قَبْلِي: بُعِثْتُ اِلَى الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ، وَاُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِي، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، فَيُرْعَبُ الْعَدُوُّ مِنْ مَسِيرَةِ شَهْرٍ، وَجُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ طَهُوْرًا وَمَسْجِدًا، وَقِيلَ لِي: سَلْ تُعْطَهُ، وَاخْتَبَاْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ فِي الْقِيَامَةِ، وَهِيَ نَائِلَةٌ - اِنْ شَاءَ اللّٰهُ - لِمَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مجھے پانچ ایسی چیزیں عطا کی گئی ہیں' جو مجھ سے پہلے کسی کو عطا نہیں کی گئیں۔ مجھے سرخ و سیاہ (یعنی تمام بنی نوع انسان) کی طرف مبعوث کیا گیا۔ میرے لیے مال غنیمت کو حلال قرار دیا گیا جو مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں ہوا تھا۔ میری رعب کے ذریعے مدد کی گئی دشمن ایک ماہ کی مسافت سے مرعوب ہو جاتا ہے میرے لیے تمام روئے زمین کو طہارت کے حصول کا ذریعہ اور جائے نماز قرار دیا گیا۔ اور مجھ سے یہ کہا گیا تم مانگو تمہیں دیا جائے گا' تو میں نے اپنی دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھ لیا ہے۔ اگر اللہ نے چاہا' تو یہ دعا ہر اس شخص کو نصیب ہوگی جو کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہراتا ہوگا۔''

6462- حديث صحيح، حماد بن يحيى ذكره المصنف في "الثقات" 8/205، وقال: يروى عن أبيه وأبي الوليد وأهل البصرة، روى عنه إسحاق بن إبراهيم الشهيد، وهو متابع، ومن فوقه من رجال الشيخين. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وسليمان: هو الأعمش. وأخرجه أحمد 5/ 148 عن عفان، عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرطهما 2/424 من طريق أبي كريب، عن الأعمش به، وأورده الهيثمي في "المجمع" 8/259، ونسبه إلى أحمد، وقال: ورجاله رجال الصحيح.

ذِكْرُ إِيجَابِ الشَّفَاعَةِ لِمَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّةِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا

ایسے شخص کے لیے شفاعت کے لازم ہونے کا تذکرہ جو نبی اکرم ﷺ کی امت سے تعلق رکھتا ہو اور وہ ایسی حالت میں مرے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو

6463 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَرَّسَ بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَافْتَرَشَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا ذِرَاعَ رَاحِلَتِهِ، قَالَ: فَانْتَبَهْتُ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ، فَإِذَا نَاقَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ قُدَّامَهَا أَحَدٌ، فَانْطَلَقْتُ أَطْلُبُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ قَيْسٍ قَائِمَانِ، فَقُلْتُ: أَيْنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَا: لَا نَدْرِي غَيْرَ أَنَّا سَمِعْنَا صَوْتًا بِأَعْلَى الْوَادِي، فَإِذَا مِثْلُ هَدِيرِ الرَّحَى، قَالَ: فَلَبِثْنَا يَسِيرًا، ثُمَّ أَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ أَتَانِي مِنْ رَبِّي آتٍ، فَخَيَّرَنِي بِأَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ أُمَّتِي الْجَنَّةَ وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، وَإِنِّي اخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، نَنْشُدُكَ بِاللَّهِ وَالصُّحْبَةِ لَمَا جَعَلْتَنَا مِنْ أَهْلِ شَفَاعَتِكَ، قَالَ: فَأَنْتُمْ مِنْ أَهْلِ شَفَاعَتِي قَالَ: فَلَمَّا رَكِبُوا، قَالَ: فَإِنِّي أُشْهِدُ مَنْ حَضَرَ أَنَّ شَفَاعَتِيَ لِمَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا مِنْ أُمَّتِي

❀❀ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات نبی اکرم ﷺ نے ہمارے ساتھ پڑاؤ کیا ہر شخص نے اپنی سواری کے بازو کو بچھا دیا۔ راوی کہتے ہیں: رات کے کسی حصے میں میں بیدار ہوا تو نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی کے آگے کوئی موجود نہیں تھا (یعنی نبی اکرم ﷺ غیر موجود تھے) میں نبی اکرم ﷺ کی تلاش میں نکلا تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ بھی وہاں کھڑے تھے۔ میں نے دریافت کیا کہ اللہ کے رسول کہاں ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہمیں نہیں پتہ البتہ ہم نے وادی کے بالائی حصہ سے آواز سنی ہے جو چکی چلنے کی طرح کی آواز تھی۔ راوی کہتے ہیں: ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ نے بتایا: میرے پاس میرے پروردگار کی طرف سے ایک قاصد آیا اور اس نے مجھے اس بات کا اختیار دیا کہ یا تو میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا شفاعت (کو میں اختیار کرلوں) تو میں نے شفاعت کو اختیار کرلیا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ہم آپ ﷺ کو اللہ کا واسطہ دیتے ہیں اور آپ ﷺ کے ساتھ اپنے تعلق کا واسطہ دیتے ہیں کہ آپ ﷺ ہمیں ان لوگوں میں شامل کیجئے جن کو آپ ﷺ کی شفاعت نصیب ہو گی۔

6463- إسناده صحيح. وهو مكرر (211). وانظر الحديث الآتي برقم (6470) و (7180).

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کو میری شفاعت نصیب ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: جب وہ لوگ سوار ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمام حاضرین کو اس بات کا گواہ بنا کر یہ کہتا ہوں کہ میری امت کا جو بھی فرد ایسی حالت میں فوت ہو کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہوا سے میری شفاعت نصیب ہوگی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَشْفَعُ فِى الْقِيَامَةِ، عِنْدَ عَجْزِ الْاَنْبِيَاءِ عَنْهَا فِىْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن اس وقت شفاعت کریں گے جب انبیاء شفاعت نہیں کرسکیں گے

6464 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، وَالْفُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَحْدَرِيُّ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يُجْمَعُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُلْهَمُوْنَ لِذٰلِكَ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا اِلٰى رَبِّنَا كَيْ يُرِيحَنَا مِنْ مَكَانِنَا، قَالَ: فَيَاْتُوْنَ آدَمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: اَنْتَ آدَمُ الَّذِيْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ، وَاَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ حَتّٰى يُرِيحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هٰذَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، فَيَذْكُرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِيْ اَصَابَهَا، فَيَسْتَحْيِي مِنْ رَبِّهِ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا نُوحًا اَوَّلَ رَسُوْلٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ، فَيَاْتُوْنَهُ، فَيَقُوْلُ: لَسْتُ

6464- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري . وأخرجه ابن منده في "الإيمان" (864) : أنبانا حسان بن محمد، حدثنا الحسن بن عامر، حدثنا محمد بن عبيد بن حساب وأبو كامل الجحدري وعبد الواحد بن غياث، بهذا الإسناد . ولم يسُق لفظه . وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنّة" (805) و (806) ، ومسلم (193) في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة فيها، عن أبي كامل فضيل بن حسين الجحدري ومحمد بن عبيد الغبري، قالا: حدثنا أبو عوانة، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن منده (864) من طريق موسى بن إسحاق، عن أبي كامل، به. وأخرجه البخاري (6565) في الرقاق: باب صفة الجنة والنار، عن مسدد، عن أبي عوانة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/450-451، والطيالسي (2010) ، وأحمد 3/116، والبخاري (4476) في تفسير سورة البقرة: باب قول الله تعالى: (وعلم آدم الأسماء كلها) ، و (7410) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (لما خلقت بيدي) ، و (7516) : باب قول الله تعالى: (وكلم الله موسى تكليماً) ، ومسلم، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 248-247 و 248 و250-249، وأبو عوانة 179-1/178 و 180-179 و 180، والبغوي (4334) ، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص 191 و 315، وفي "الاعتقاد" ص 89 و 194-192، واللالكائي في "شرح أصول الاعتقاد" (835) ، وابن منده في "الإيمان" (861) و (862) و (863) من طرق عن قتادة، به . وأخرجه أحمد 3/244، وابن أبي عاصم في "السنّة" (804) و (807) و (808) و (809) و (810) ، والبخاري (7510) في التوحيد: باب كلام الرب تعالى يوم القيامة مع الأنبياء وغيرهم، ومسلم، وابن خزيمة ص 253 -254، و 299، وابن منده (866) ، والبغوي (4333) من طرق عن أنس بنحوه.

هُنَاكُمْ، وَيُذْكَرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي اَصَابَ، فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا اِبْرَاهِيمَ الَّذِي اتَّخَذَهُ اللّٰهُ خَلِيلًا، قَالَ: فَيَأْتُونَ اِبْرَاهِيمَ، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيُذْكَرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي اَصَابَ فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا مُوسَى الَّذِي خَلَقَهُ اللّٰهُ وَاَعْطَاهُ التَّوْرَاةَ، قَالَ: فَيَأْتُونَ مُوسٰى، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيُذْكَرُ خَطِيئَتَهُ، فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا، وَلٰكِنِ ائْتُوا عِيسٰى، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَلٰكِنِ ائْتُوا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَا تَاَخَّرَ، قَالَ: فَيَأْتُونِي، فَاَسْتَاْذِنُ عَلٰى رَبِّي، فَيَأْذَنُ لِي، فَاِذَا اَنَا رَاَيْتُهُ وَقَعْتُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِي مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّدَعَنِي، ثُمَّ يُقَالُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، قَالَ: فَاَرْفَعُ رَاْسِي، فَاَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ اَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِي حَدًّا، فَاُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ، وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ اَعُودُ سَاجِدًا، فَيَدَعُنِي مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّدَعَنِي، ثُمَّ يُقَالُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، وَقُلْ تُسْمَعْ، سَلْ تُعْطَهْ، اشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَاَرْفَعُ رَاْسِي، وَاَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ اَشْفَعُ، فَيَحُدُّ لِي حَدًّا، فَاُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ، وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ اَضَعُ رَاْسِي، فَيَدَعُنِي مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّدَعَنِي، ثُمَّ يُقَالُ لِي: ارْفَعْ رَاْسَكَ، وَقُلْ تُسْمَعْ، سَلْ تُعْطَهْ، اشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَاَرْفَعُ رَاْسِي، فَاَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ اَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِي حَدًّا، فَاُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ، وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

قَالَ اَبُو عَوَانَةَ: فَلَا اَدْرِي قَالَ فِي الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ، فَاَقُولُ: يَا رَبِّ، مَا بَقِيَ فِي النَّارِ اِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ، اَوْ وَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُودُ.

قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰكَذَا اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَلٰكِنِ ائْتُوا مُوسَى الَّذِي خَلَقَهُ اللّٰهُ، وَاِنَّمَا هُوَ: الَّذِي كَلَّمَهُ اللّٰهُ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن لوگوں کو (میدان محشر میں) اکٹھا کیا جائے گا۔ انہیں یہ بات الہام کی جائے گی' تو وہ کہیں گے اگر کوئی ہمارے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کرے تا کہ ہمیں اس صورتحال سے نجات ملے' تو یہ بہتر ہو گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لوگ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے' اور کہیں گے آپ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں' جنہیں اللہ نے اپنے دست قدرت کے ذریعے پیدا کیا۔ آپ میں اپنی روح کو پھونکا اس نے فرشتوں کو حکم دیا' تو فرشتوں نے آپ کو سجدہ کیا۔ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے تا کہ ہمیں اس صورتحال سے نجال ملے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام کہیں گے: میں یہ نہیں کرسکتا وہ اپنی اس خطا کا ذکر کریں گے جس کے وہ مرتکب ہوئے تھے۔ اور اس خطا کی وجہ سے انہیں اپنے پروردگار سے حیا آئے گی۔ وہ کہیں گے کہ تم حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ وہ پہلے رسول ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے مبعوث کیا۔

لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے۔ وہ یہ کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا وہ اپنی اس خطا کا ذکر کریں گے جس کے وہ مرتکب ہوئے تھے۔ اس خطا کی وجہ سے انہیں اپنے پروردگار سے حیا آئے گی (وہ یہ کہیں گے) تم لوگ حضرت

ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ، جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنا خلیل بنایا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے وہ یہ کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا۔ وہ اپنی اس خطا کو یاد کریں گے جس کے وہ مرتکب ہوئے تھے۔ انہیں اس وجہ سے اپنے پروردگار سے حیا آتی ہوگی (وہ یہ کہیں گے) تم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، جنہیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا اور انہیں توریت عطا کی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے۔ وہ یہ کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا۔ انہیں اپنی وہ خطا یاد آئے گی، جس کی وجہ سے وہ اپنے پروردگار سے حیا کریں گے (تو وہ یہ کہیں گے) تم لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہ کہیں گے۔ میں یہ نہیں کرسکتا تم لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ وہ ایک ایسے بندے ہیں جن کے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت اللہ تعالیٰ نے کردی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: لوگ میرے پاس آئیں گے۔ میں اپنے پروردگار سے اجازت مانگوں گا۔ وہ مجھے اجازت عطا کرے گا، تو میں سجدے میں چلا جاؤں گا۔ جتنی دیر اللہ کو منظور ہوگا میں سجدے میں رہوں گا، پھر یہ کہا جائے گا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) (سجدے سے) سر کو اٹھاؤ۔ بولو سنا جائے گا۔ مانگو دیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ میں اپنا سر اٹھاؤں گا۔ اور اپنے پروردگار کی ایسے الفاظ کے ہمراہ حمد بیان کروں گا جن کی وہ مجھے تعلیم دے گا، پھر میں شفاعت کروں گا، تو میرے لیے ایک حد مقرر کی جائے گی۔ میں ان لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کروادوں گا، پھر میں دوبارہ سجدے میں چلا جاؤں گا۔ جتنی دیر اللہ کو منظور ہوگا وہ مجھے (سجدے کی حالت میں) رہنے دے گا، پھر یہ کہا جائے گا محمد! سجدے سے سر کو اٹھاؤ۔ بولو سنا جائے گا۔ مانگو دیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی، تو میں اپنے سر کو اٹھاؤں گا اور اپنے پروردگار کی ایسے الفاظ کے ہمراہ حمد بیان کروں گا، جن کی وہ مجھے تعلیم دے گا، پھر میں شفاعت کروں گا، تو میرے لیے حد مقرر کی جائے گی۔ میں ان لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردوں گا، پھر میں اپنا سر (سجدے میں) رکھوں گا۔ اللہ تعالیٰ کو جتنا منظور ہوگا۔ وہ اتنی دیر (مجھے سجدے میں رہنے دے گا) پھر مجھ سے کہا جائے گا (سجدے سے) اپنے سر کو اٹھاؤ بولو سنا جائے گا۔ مانگو دیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی، تو میں اپنا سر اٹھاؤں گا۔ اور ان الفاظ کے ذریعے اپنے پروردگار کی حمد بیان کروں گا، جن کی وہ مجھے تعلیم دے گا پھر میں شفاعت کروں گا، تو میرے لیے حد مقرر کی جائے گی۔ میں ان لوگوں کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کردوں گا۔"

ابوعوانہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: مجھے نہیں معلوم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری یا چوتھی مرتبہ یہ فرمایا میں عرض کروں گا: اے میرے پروردگار اب جہنم میں صرف وہ لوگ باقی رہ گئے ہیں جو قرآن (کے حکم) کی وجہ سے رکے ہیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جن کا جہنم میں ہمیشہ رہنا طے ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حسن بن سفیان نے اس روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں "تم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے" حالانکہ اصل الفاظ یہ ہیں "جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کلام کیا ہے۔"

30
30

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا لَا يَشْفَعُ الْاَنْبِيَاءُ لِلنَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الْوَقْتِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے قیامت کے دن انبیاء کرام اس وقت میں لوگوں کی شفاعت نہیں کرسکیں گے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

6465 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): وَضَعْتُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْعَةً مِنْ ثَرِيْدٍ وَّلَحْمٍ، فَتَنَاوَلَ الذِّرَاعَ، وَكَانَ اَحَبَّ الشَّاةِ اِلَيْهِ، فَنَهَسَ نَهْسَةً، فَقَالَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ نَهَسَ اُخْرٰى، فَقَالَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ نَهَسَ اُخْرٰى، فَقَالَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَلَمَّا رَاٰى اَصْحَابَهُ لَا يَسْاَلُوْنَهُ، قَالَ: اَلَا تَقُوْلُوْنَ: كَيْفَ؟، قَالُوا: كَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ، فَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِي، وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ، وَتَدْنُو الشَّمْسُ مِنْ رُءُوْسِهِمْ، فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِمْ حَرُّهَا، وَيَشُقُّ عَلَيْهِمْ دُنُوُّهَا مِنْهُمْ، فَيَنْطَلِقُوْنَ مِنَ الْجَزَعِ وَالضَّجَرِ مِمَّا هُمْ فِيْهِ، فَيَاْتُوْنَ آدَمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا آدَمُ اَنْتَ اَبُو الْبَشَرِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَاَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ، اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ مِنَ الشَّرِّ؟، فَيَقُوْلُ: آدَمُ اِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَاِنَّهُ كَانَ اَمَرَنِيْ بِاَمْرٍ فَعَصَيْتُهُ، فَاَخَافُ اَنْ يَطْرَحَنِيْ فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا اِلٰى غَيْرِيْ، نَفْسِيْ نَفْسِيْ.

فَيَنْطَلِقُوْنَ اِلٰى نُوْحٍ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا نُوْحُ اَنْتَ نَبِيُّ اللّٰهِ، وَاَوَّلُ مَنْ اَرْسَلَ، فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ، اَلَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ مِنَ الشَّرِّ؟، فَيَقُوْلُ نُوْحٌ: اِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَاِنَّهُ قَدْ كَانَتْ لِيْ دَعْوَةٌ فَدَعَوْتُ بِهَا عَلٰى قَوْمِيْ، فَاُهْلِكُوا، وَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَطْرَحَنِيْ فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا اِلٰى

6465- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير . وأخرجه مسلم (194) في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة فيها، عن زهير بن حرب، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن منده في "الإيمان" (882) من طريق إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الحميد، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/444، وأحمد 2/435-436، والبخاري (3340) في الأنبياء : باب قول الله عز وجل: (ولقد أرسلنا نوحاً إلى قومه) ، و (3361) : باب قول الله تعالى: (واتخذ الله إبراهيم خليلاً) ، و (4712) في تفسير سورة بني إسرائيل: باب (ذرية من حملنا مع نوح إنه كان عبداً شكوراً) ، ومسلم، والترمذي (2434) في صفة القيامة: باب ما جاء في الشفاعة، وابن أبي عاصم في "السنة" (811) ، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 242-244، وابن منده (879) و (880) و (881) وأبو عوانة 1/170 173- و173 و174، والبيهقي في "الأسماء والصفات " ص 315، والبغوي (4332) من طرق عن أبي حيان يحيى بن سعيد، عن أبي زرعة، به.

غَيْرِی، نَفْسِي نَفْسِي.

فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى إِبْرَاهِيمَ، فَيَقُولُونَ: يَا إِبْرَاهِيمُ أَنْتَ خَلِيلُ اللَّهِ، قَدْ سَمِعَ بِخُلَّتِكُمَا أَهْلُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، فَاشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيهِ مِنَ الشَّرِّ؟ فَيَقُولُ: إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَذَكَرَ قَوْلَهُ فِي الْكَوَاكِبِ: (هٰذَا رَبِّي) (الأنعام: 76)، وَقَوْلَهُ لِآلِهَتِهِمْ: (بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هٰذَا) (الأنبياء: 63)، وَقَوْلَهُ: (إِنِّي سَقِيمٌ) (الصافات: 89)، وَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَطْرَحَنِي فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا إِلَى غَيْرِي، نَفْسِي نَفْسِي.

فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى مُوسَى، فَيَقُولُونَ: يَا مُوسَى أَنْتَ نَبِيٌّ اصْطَفَاكَ اللَّهُ بِرِسَالَاتِهِ، وَكَلَّمَكَ تَكْلِيمًا، فَاشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيهِ مِنَ الشَّرِّ؟ فَيَقُولُ مُوسَى: إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنِّي قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا، وَلَمْ أُوْمَرْ بِهَا، فَأَخَافُ أَنْ يَطْرَحَنِي فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا إِلَى غَيْرِي، نَفْسِي نَفْسِي.

فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى عِيسَى، فَيَقُولُونَ: يَا عِيسَى أَنْتَ نَبِيُّ اللَّهِ، وَكَلِمَةُ اللَّهِ وَرُوحُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ، وَرُوحٌ مِنْهُ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيهِ مِنَ الشَّرِّ؟ فَيَقُولُ: إِنَّ رَبِّي قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَأَخَافُ أَنْ يَطْرَحَنِي فِي النَّارِ، انْطَلِقُوا إِلَى غَيْرِي، نَفْسِي نَفْسِي قَالَ عُمَارَةُ: وَلَا أَعْلَمُهُ ذَكَرَ ذَنْبًا، فَيَأْتُونَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُونَ: أَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ، وَخَاتَمُ النَّبِيِّينَ، غَفَرَ اللَّهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، فَأَنْطَلِقُ فَآتِي الْعَرْشَ؛ فَأَقَعُ سَاجِدًا لِرَبِّي، فَيُقِيمُنِي رَبُّ الْعَالَمِينَ مِنْهُ مَقَامًا لَمْ يُقِمْهُ أَحَدًا قَبْلِي، وَلَمْ يُقِمْهُ أَحَدًا بَعْدِي، فَيَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ أَدْخِلْ مَنْ لَا حِسَابَ عَلَيْهِ مِنْ أُمَّتِكَ مِنَ الْبَابِ الْأَيْمَنِ، وَهُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِي الْأَبْوَابِ الْأُخَرِ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ إِنَّ مَا بَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ إِلَى مَا بَيْنَ عِضَادَتَيِ الْبَابِ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ، وَهَجَرَ، أَوْ هَجَرَ وَمَكَّةَ، قَالَ: لَا أَدْرِي أَيَّ ذٰلِكَ قَالَ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ثرید اور گوشت کا پیالہ رکھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے دستی اٹھائی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بکرے کے گوشت میں وہ سب سے زیادہ پسند تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دانت کے ذریعے نوچ کر کھایا اور فرمایا قیامت کے دن میں تمام انسانوں کا سردار ہوں گا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دوسری مرتبہ کھایا اور فرمایا میں قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار ہوں گا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تیسری مرتبہ کھایا اور فرمایا: میں قیامت کے دن تمام انسانوں کا سردار ہوں گا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو دیکھا کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی سوال نہیں کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ یہ کیوں نہیں پوچھتے کہ ایسا کیسے ہوگا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ کیسے ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قیامت کے دن) تمام لوگ تمام جہانوں کے پروردگار کی بارگاہ میں کھڑے ہوں گے۔ بلانے والا اپنی آواز

ان تک پہنچا سکے گا۔نگاہ انہیں دیکھ سکے گی۔اور سورج ان کے سر کے قریب ہوگا۔اس کی تپش ان کے لیے شدید دشواری کا باعث ہو گی۔اور سورج کا ان کے قریب ہونا ان کے لیے مشقت کا باعث ہوگا۔وہ لوگ اپنی صورتحال کی وجہ سے گریہ وزاری اور آہ و بکا کرتے ہوئے جائیں گے'اور حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے۔اور کہیں گے اے حضرت آدم علیہ السلام آپ انسانوں کے جد امجد ہیں۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دست قدرت کے ذریعے پیدا کیا۔اس نے فرشتوں کو حکم دیا تو انہوں نے آپ کو سجدہ کیا آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے۔کیا آپ ملاحظہ نہیں فرمارہے کہ ہم کیسی بری صورتحال کا شکار ہیں'تو حضرت آدم علیہ السلام یہ کہیں گے میرا پروردگار آج جتنا غضب میں ہے اس سے پہلے اتنا غضب میں نہیں آیا۔اور اس کے بعد اتنا غضب ناک نہیں ہوگا۔ اس نے مجھے ایک بات کا حکم دیا تھا۔میں نے اس کی بات نہیں مانی۔اب مجھے یہ اندیشہ ہے کہ وہ مجھے بھی جہنم میں نہ ڈال دے۔تم میرے بجائے کسی دوسرے کے پاس جاؤ(اب) مجھے اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

وہ لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے اے حضرت نوح علیہ السلام آپ اللہ کے نبی ہیں۔آپ پہلے شخص ہیں' جسے رسول بنا کر بھیجا گیا۔آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیا آپ ملاحظہ نہیں کررہے ہم کیسی بری صورتحال کا شکار ہیں۔حضرت نوح علیہ السلام فرمائیں گے میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے اس سے پہلے کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوا۔اور اس کے بعد بھی کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوگا میری ایک دعا تھی جو میں نے اپنی قوم کے خلاف کی تھی جس کے نتیجے میں وہ لوگ ہلاکت کا شکار ہوگئے۔اب مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں نہ ڈال دے۔اس لئے تم میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ مجھے صرف اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

وہ لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے'اور کہیں گے:اے حضرت ابراہیم علیہ السلام آپ اللہ کے خلیل ہیں آپ دونوں کی خلت کے بارے میں تمام آسمانوں والوں اور زمین والوں نے سن رکھا ہے۔آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیا آپ ملاحظہ نہیں کررہے کہ ہم کیسی مشکل کا شکار ہیں'تو حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے اس سے پہلے کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوا اور اس کے بعد کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوگا' پھر وہ ستاروں کے بارے میں اپنے قول کا ذکر کریں گے''یہ میرا پروردگار ہے''اور ان لوگوں کے بتوں کے بارے میں اپنے اس قول کا ذکر کریں گے'' بلکہ ان میں سے بڑے نے ایسا کیا ہے''اور اپنے اس قول کا ذکر کریں گے''میں بیمار ہوں۔''

(پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے) کہ مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں نہ ڈال دے تم میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ۔ابھی مجھے صرف اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

وہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے'تو کہیں گے:اے حضرت موسیٰ علیہ السلام آپ ایسے نبی ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت کے لیے منتخب کیا۔اس نے آپ کے ساتھ کلام کیا۔آپ پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے۔کیا آپ ملاحظہ نہیں فرمارہے کہ ہم کیسی مشکل کا شکار ہیں'تو حضرت موسیٰ علیہ السلام یہ کہیں گے۔میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے۔اس سے پہلے اتنا غضب ناک نہیں ہوا اور اس کے بعد اتنا غضب ناک نہیں ہوگا میں نے ایک شخص کو قتل کردیا تھا' حالانکہ مجھے اس کا حکم نہیں دیا گیا

تھا' تو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں داخل نہ کر دے۔ تم لوگ میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ۔ ابھی مجھے صرف اپنی فکر ہے صرف اپنی فکر ہے۔

تو وہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے اور کہیں گے کہ آپ اللہ کے نبی ہیں آپ اس کا کلمہ ہیں۔ اس کی روح ہیں' جو اس نے حضرت مریم کی طرف القاء کی تھی۔ اس کی طرف سے آنے والی روح ہیں۔ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیا آپ ملاحظہ نہیں کر رہے کہ ہم کس مشکل کا شکار ہیں' تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے کہ میرا پروردگار آج جتنا غضب ناک ہے وہ اس سے پہلے کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوا اور اس کے بعد کبھی اتنا غضب ناک نہیں ہوگا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مجھے جہنم میں نہ ڈال دے۔ تم لوگ میری بجائے کسی اور کے پاس جاؤ۔ مجھے صرف اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے۔

عمارہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: میرے علم کے مطابق (روایت میں یہ الفاظ نہیں ہیں) کہ انہوں نے کسی ذنب کا ذکر کیا ہو۔

پھر لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں گے۔ اور یہ کہیں گے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ خاتم النبیین ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت کر دی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں وہاں سے چلوں گا اور عرش کے پاس آ جاؤں گا۔ میں اپنے پروردگار کی بارگاہ میں سجدہ میں چلا جاؤں گا' تو تمام جہانوں کا پروردگار اپنی بارگاہ میں مجھے ایسے مقام پر فائز کرے گا کہ اس نے مجھ سے پہلے کسی کو اس مقام پر فائز نہیں کیا اور میرے بعد بھی کسی کو اس مقام پر فائز نہیں کرے گا۔ وہ یہ فرمائے گا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم اپنی امت کو دائیں طرف والے دروازے سے (جنت میں) داخل کرو۔ ان لوگوں کو' جن سے حساب نہیں لیا جائے گا' حالانکہ وہ لوگ دوسرے دروازوں سے دیگر لوگوں کے ساتھ بھی اندر داخل ہو سکتے ہیں۔

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے جنت کا ایک دروازہ اتنا چوڑا ہے جتنا مکہ اور ہجر کے درمیان فاصلہ ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جتنا ہجر اور مکہ کے درمیان فاصلہ ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ روایت میں کون سے لفظ کا ذکر پہلے ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْقَوْمِ الَّذِينَ تَلْحَقُهُمْ شَفَاعَةُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُقْبٰى

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو ان لوگوں کی صفت کے بارے میں ہے جنہیں آخرت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی

6466 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِيْ سَالِمٍ

الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ مُعَتِّبٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ:

6484- إسناده حسن. رجاله رجال مسلم غير محمد بن عجلان المدني مولى فاطمة، فقد روى له مسلم متابعة. عقبة بن مكرم: هو العمي. وأخرجه أحمد 2/517 عن الضحاك -وهو أبو عاصم النبيل- عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد . وفي الباب عَنْ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عِنْدَ أحمد 6/8 و 392، والطبراني في "الكبير" و " الأوسط " كما في " المجمع " 8/311، وقال الهيثمي: وأحد إسنادي أحمد حسن. وعن سلمى زوجة أبي رافع عند الطبراني في "الكبير" /24 (763). قال الهيثمي: رجاله ثقات . وعن أبي عبيد مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عِنْدَ أحمد 485-3/484، والدارمي 1/22، والترمذي في " الشمائل " (170) ، والطبراني /22 (842) . وقال الهيثمي: رواه أحمد والطبراني ورجالهما رجال الصحيح غير شهر بن حوشب، وقد وثقه غير واحد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبْطَلَ وُجُوْدَ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جس نے اولیاء میں کرامات کے وجود کو باطل قرار دیا ہے جب کہ انبیاء (کے معجزات کا انکار) نہیں کیا

6485 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَقَرَةً، فَاَرَادَ اَنْ يَرْكَبَهَا، فَالْتَفَتَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: اِنَّا لَمْ نُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْنَا لِيُحْرَثَ عَلَيْنَا، فَقَالَ مَنْ حَوْلَهُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمَا هُمَا ثَمَّ، قَالَ: وَبَيْنَمَا رَجُلٌ فِيْ غَنَمٍ لَهُ فَاَخَذَ الذِّئْبُ الشَّاةَ، فَتَبِعَهُ الرَّاعِي، فَلَفَظَهَا، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ لَكَ بِيَوْمِ السَّبَاعِ حَيْثُ لَا يَكُوْنُ لَهَا رَاعٍ غَيْرِي، فَقَالَ مَنْ حَوْلَهُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمَا هُمَا ثَمَّ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ایک مرتبہ ایک شخص گائے کو لے کر جا رہا تھا۔ اس نے اس پر سوار ہونے کا ارادہ کیا' تو گائے نے اس کی طرف توجہ کر کے کہا ہمیں اس کے لیے پیدا نہیں کیا گیا ہمیں اس لیے پیدا کیا گیا ہے' تاکہ ہمارے ذریعہ کھیتی باڑی کی جائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود افراد نے سبحان اللہ کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں۔ ابوبکر اور عمر بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں (کہ گائے کلام کر سکتی ہے)' حالانکہ یہ دونوں صاحبان وہاں موجود نہیں تھے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ایک مرتبہ ایک شخص اپنی بکریاں لے کر جا رہا تھا۔ بھیڑیے نے ایک بکری کو پکڑا۔ چرواہا بھیڑیے کے پیچھے گیا۔ اس نے اس بکری کو اس سے چھڑوالیا' تو بھیڑیے نے کہا۔ اس دن تم کیا کرو گے جو درندوں کی حکومت کا دن ہوگا۔ اس دن ان بکریوں کا نگران میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود افراد نے سبحان

6485- إسناده صحيح. أحمد بن سليمان بن أبي شيبة: هو أحمد بن سليمان بن عبد الملك بن أبي شيبة أبو الحسين الرهاوي، ثقة روى له النسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير أبي داود الحفري: واسمه عمر بن سعد بن عبيد، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (2388) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنِ محمد بن رافع، عن أبي داود الحفري، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (1054)، ومن طريقه البغوي (3889) عن سفيان، به. وأخرجه أحمد في "المسند" 2/245-246، وفي "فضائل الصحابة" (183)، والبخاري (3471) في الأنبياء: باب ما ذكر عن بني إسرائيل، ومسلم، من طريق سفيان بن عيينة، عن أبي الزناد، به. وأخرجه أحمد في "فضائل الصحابة" (643) عن قتيبة بن سعيد، عن ابن لهيعة، عن الأعرج، به. وأخرجه البخاري (3663) في فضائل الصحابة: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "لو كنت متخذاً خليلاً" عن أبي اليمان، عن شعيب، عن الزهري، عن أبي سلمة، به. وانظر الحديث التالي.

اللہ کہا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ابوبکر اور عمر بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں (کہ بھیڑیا کلام کرسکتا ہے) حالانکہ یہ دونوں صاحبان وہاں موجود نہیں تھے۔"

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6486 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ رَاكِبٌ عَلٰى بَقَرَةٍ، الْتَفَتَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: اِنِّيْ لَمْ اُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحِرَاثَةِ، قَالَ: آمَنْتُ بِهٖ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَاَخَذَ الذِّئْبُ شَاةً، فَتَبِعَهَا الرَّاعِي، فَقَالَ الذِّئْبُ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ، يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِي، فَقَالَ: صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهٖ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ

قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: وَمَا هُمَا يَوْمَئِذٍ فِي الْقَوْمِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"ایک مرتبہ ایک شخص گائے پر سوار ہوا تو گائے نے اس کی طرف رخ کر کے کہا۔ مجھے اس کام کے لیے پیدا نہیں کیا گیا مجھے کھیتی باڑی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں، ابوبکر اور عمر اس بات پر یقین رکھتے ہیں۔

ایک مرتبہ ایک بھیڑیے نے ایک بکری کو پکڑ لیا۔ چرواہا اس کے پیچھے آیا۔ بھیڑیے نے کہا: درندوں کے مخصوص دن میں کون اس کا محافظ ہوگا۔ جب ان کا نگران میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہوگا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں، ابوبکر اور عمر اس پر ایمان رکھتے ہیں (یعنی یقین رکھتے ہیں)"

ابوسلمہ نامی راوی کہتے ہیں: اس دن یہ دونوں صاحبان حاضرین میں موجود نہیں تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِثْبَاتِ كَوْنِ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ عَلٰى حَسَبِ نِيَّاتِهِمْ وَصِحَّةِ ضَمَائِرِهِمْ فِيمَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَالِقِهِمْ

6486- إسناده صحيح على شرط الشيخين . بندار: هو لقب محمد بن بشار، وسعد بن إبراهيم: هو ابن عبد الرحمن بن عوف. وأخرجه البخاري (2324) في الحرث والمزارعة: باب استعمال البقر للحراثة ومسلم (2388) في فضائل الصحابة: باب فضائل أبي بكر الصديق رضي الله عنه، والترمذي (3677) في المناقب: باب رقم (17) ، و (3695) باب مناقب عمر، ثلاثتهم عن بندار بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 2/382، ومسلم من طريق محمد بن جعفر، به. وأخرجه الطيالسي (2354) ، ومن طريقه الترمذي (3677) و (3695) عن شعبة، به. وأخرجه البخاري (3471) في الأنبياء : باب ما ذكر عن بني اسرائيل، ومسلم من طريقين عن سفيان بن عيينة، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إبراهيم، به. وأخرجه مسلم، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 4/168 من طرق عن ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هريرة، رفعه.

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اولیاء میں کرامات پائی جاتی ہیں

جو ان کے اور ان کے خالق کے درمیان معاملے کے حوالے سے ان کی نیتوں اور ان کے پوشیدہ معاملات کی صحت کے حوالے سے ہوتی ہیں

6487 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْمَخْزُوْمِيُّ الْمُغِيْرَةُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَجُلٌ يُسْلِفُ النَّاسَ فِيْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، اَسْلِفْنِيْ سِتَّ مِائَةِ دِيْنَارٍ، قَالَ: نَعَمْ، اِنْ اَتَيْتَنِيْ بِوَكِيْلٍ، قَالَ: اللّٰهُ وَكِيْلِيْ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، نَعَمْ، قَدْ قَبِلْتُ اللّٰهَ وَكِيْلًا، فَاَعْطَاهُ سِتَّ مِائَةِ دِيْنَارٍ، وَضَرَبَ لَهُ اَجَلًا، فَرَكِبَ الْبَحْرَ بِالْمَالِ لِيَتَّجِرَ فِيْهِ، وَقَدَّرَ اللّٰهُ اَنْ حَلَّ الْاَجَلُ، وَارْتَجَّ الْبَحْرُ بَيْنَهُمَا، وَجَعَلَ رَبُّ الْمَالِ يَاْتِي السَّاحِلَ يَسْاَلُ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ الَّذِيْ يَسْاَلُهُمْ عَنْهُ: تَرَكْنَاهُ بِمَوْضِعِ كَذَا وَكَذَا، فَيَقُوْلُ رَبُّ الْمَالِ: اللّٰهُمَّ اخْلُفْنِيْ فِيْ فُلَانٍ بِمَا اَعْطَيْتُهُ بِكَ، قَالَ: وَيَنْطَلِقُ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْمَالُ، فَيَنْحَتُ خَشَبَةً، وَيَجْعَلُ الْمَالَ فِيْ جَوْفِهَا، ثُمَّ كَتَبَ صَحِيْفَةً مِنْ فُلَانٍ اِلٰى فُلَانٍ، اِنِّيْ دَفَعْتُ مَالَكَ اِلٰى وَكِيْلِيْ، ثُمَّ سَدَّ عَلٰى فَمِ الْخَشَبَةِ، فَرَمٰى بِهَا فِيْ عُرْضِ الْبَحْرِ، فَجَعَلَ يَهْوِيْ بِهَا حَتّٰى رَمٰى بِهَا اِلَى السَّاحِلِ، وَيَذْهَبُ رَبُّ الْمَالِ اِلَى السَّاحِلِ، فَيَسْاَلُ، فَيَجِدُ الْخَشَبَةَ، فَحَمَلَهَا، فَذَهَبَ بِهَا اِلٰى اَهْلِهِ، وَقَالَ: اَوْقِدُوْا بِهٰذِهِ، فَكَسَرُوْهَا، فَانْتَثَرَتِ الدَّنَانِيْرُ، وَالصَّحِيْفَةُ، فَاَخَذَهَا، فَقَرَاَهَا، فَعَرَفَ، وَتَقَدَّمَ الْاٰخَرُ، فَقَالَ لَهُ رَبُّ الْمَالِ: مَالِيْ، فَقَالَ: قَدْ دَفَعْتُ مَالِيْ اِلٰى وَكِيْلِيْ، اِلٰى مُوَكِّلٍ بِيْ، فَقَالَ لَهُ: اَوْفَانِيْ وَكِيْلُكَ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُنَا يَكْثُرُ مِرَاؤُنَا وَلَغَطُنَا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَنَا اَيُّهُمَا آمَنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

6487- إسناده حسن. عمر بن أبي سلمة: هو ابن عبد الرحمن بن عوف، مختلف فيه، وهو كما قال ابن عدى: حسن الحديث لا بأس به، وباقي رجاله رجال الشيخين غير المغيرة بن سلمة المخزومي، فمن رجال مسلم. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (1128) ، عن موسى بن إسماعيل، عن أبي عوانة، بهذا الأسناد. وأخرجه الحافظ في "تغليق التعليق " 5/127 من طريق أبي سلمة المنقري، ومن طريق يحيى بن حماد، كلاهما عن أبي عوانة، به. وعلقه البخاري (6261) في الاستئذان: باب بمن يبدأ في الكتاب، قال: وقال عمر بن أبي سلمة ... فذكره مختصراً. وأخرجه أحمد 349-3/348، عن يونس بن محمد، والبخاري (2063) في البيوع: باب التجارة في البحر، عن عبد الله بن صالح، كلاهما عن الليث، حَدَّثَنِي جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هرمز، عن أبي هريرة، رفعه. وعلقه البخاري (1498) في الزكاة: باب ما يستخرج من البحر، و (2063) ، و (2291) في الكفالة: باب الكفالة في القرض والديون بالأبدان وغيرها، و (2404) في الاستقراض: باب إذا أقرضه إلى أجل مسمى أو أجّله في البيع، و (2430) في اللقطة: باب إذا وجد خشبة في البحر أو سوطاً أو نحوه، و (2734) في الشروط: باب الشروط في القروض، و (6261) ، قال: وقال الليث: ... فذكره بالإسناد المتقدم.

''بنی اسرائیل میں ایک شخص لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ ایک شخص اس کے پاس آیا اور بولا: اے فلاں تم مجھے 600 دینار قرض دے دو۔ اس نے کہا: ٹھیک ہے۔ اگر تم میرے پاس کوئی ضمانتی لے آؤ (تو میں ایسا کر دیتا ہوں) اس نے کہا: اللہ تعالیٰ میرا ضامن ہے۔ اس شخص نے کہا: سبحان اللہ ٹھیک ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کو ضامن کے طور پر قبول کرتا ہوں۔ اس شخص نے اسے 600 دینار دیدیئے اس نے اس کے ساتھ ایک مدت طے کی' پھر وہ دوسرا شخص سمندر پر سوار ہو کر مال لے کر گیا۔ تا کہ اس کے ذریعے تجارت کرے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ طے کر دیا ہوا تھا کہ وہ مخصوص مدت گزر جائے' تو وہ گزر گئی' لیکن سمندر ان دونوں آدمیوں کے درمیان رکاوٹ تھا۔ مال کا مالک شخص ساحل پر آتا۔ اور اس کے بارے میں دریافت کرتا۔ جن لوگوں سے اس نے اس دوسرے شخص کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے یہی بتایا: ہم نے اسے فلاں فلاں جگہ پر چھوڑا تھا' تو مال کا مالک شخص یہ کہتا۔ اے اللہ فلاں شخص کے معاملے میں' تو ہی میرا نگران ہے۔ میں نے تیری ضمانت پر وہ چیز اسے دی تھی۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ شخص جس کے ذمے رقم کی ادائیگی تھی وہ گیا اس نے ایک لکڑی لی اور اس کے اندر وہ مال رکھ دیا' پھر اس نے ایک صحیفہ تحریر کیا کہ یہ مال فلاں کی طرف سے فلاں کے لیے ہے۔ میں تمہارا مال اپنے ضامن کے سپرد کر رہا ہوں پھر اس نے لکڑی کے منہ کو بند کر دیا اور اس لکڑی کو سمندر میں ڈال دیا۔ وہ لکڑی سمندر میں تیرتی ہوئی ساحل تک آ گئی۔ اس مال کا مالک شخص ساحل پر آیا تا کہ اس بارے میں دریافت کرے۔ وہاں اسے لکڑی ملی اس نے اس لکڑی کو اٹھایا اور اسے لے کر اپنے گھر چلا گیا۔ اس نے اس لکڑی کو کاٹا تو اس میں سے دینار اور خط نکلا۔ اس شخص نے وہ خط لے کر اسے پڑھا' تو وہ جان گیا (کہ یہ تو میرے ہی پیسے ہیں) پھر دوسرا شخص بھی آ گیا۔ مال کے مالک نے اس سے دریافت کیا میرا مال' تو دوسرے شخص نے کہا: میں نے اپنا مال اپنے وکیل کے سپرد کر دیا تھا۔ جسے میں نے ضامن بنایا تھا' تو پہلے شخص نے کہا: تمہارے وکیل نے مجھے پوری ادائیگی کر دی۔''

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے اپنے بارے میں یاد ہے۔ ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھے اسی دوران شور شرابہ زیادہ ہو گیا کہ ان دونوں میں سے کون شخص زیادہ ایماندار ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبْطَلَ وُجُوْدَ الْمُعْجِزَاتِ اِلَّا فِي الْاَنْبِيَاءِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے انبیاء کے علاوہ کسی (ولی) میں معجزات کے وجود کو باطل قرار دیا ہے

6488 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنِي وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):بَيْنَمَا امْرَاَةٌ تُرْضِعُ ابْنَهَا مَرَّ بِهَا رَاكِبٌ وَّهِيَ تُرْضِعُهُ، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتِ ابْنِي حَتّٰى يَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا، قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ مِثْلَهُ، ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الثَّدْيِ، فَمَرَّ بِامْرَاَةٍ تُلْعَنُ، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَهَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِثْلَهَا، اَمَّا الرَّاكِبُ، فَكَانَ كَافِرًا، وَاَمَّا الْمَرْاَةُ، فَيَقُوْلُوْنَ لَهَا: اِنَّهَا تَزْنِيْ، فَتَقُوْلُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ، وَيَقُوْلُوْنَ: تَسْرِقُ، وَتَقُوْلُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ ایک عورت اپنے بچے کو دودھ پلا رہی تھی۔ اس کے دودھ پلانے کے دوران ایک سوار اس کے پاس سے گزرا۔ اس عورت نے دعا کی: اے اللہ! تو میرے بیٹے کو اس وقت تک موت نہ دینا' جب تک وہ اس شخص کی مانند (امیر کبیر) نہیں ہو جاتا۔ بچے نے کہا: اے اللہ! مجھے اس کی مانند نہ کرنا پھر وہ دوبارہ چھاتی کی طرف گیا (اور دودھ پینے لگا) پھر وہاں سے ایک عورت گزری جس پر لعنت کی گئی تھی۔ اس عورت نے دعا کی: اے اللہ! تو میرے بیٹے کو اس عورت کی مانند نہ کرنا' تو اس بچے نے دعا کی' تو مجھے اس کی مانند کر دینا۔

جہاں تک سوار کا معاملہ تھا' تو وہ شخص کافر تھا۔ جہاں تک اس عورت کا معاملہ تھا' تو لوگوں نے اس کے بارے میں یہ کہا تھا کہ اس نے زنا کیا ہے' تو وہ عورت یہ کہہ رہی تھی میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ لوگ یہ کہتے تھے کہ اس نے چوری کی ہے' تو وہ عورت یہ کہتی تھی کہ میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ غَيْرَ الْاَنْبِيَاءِ قَدْ يُوجَدُ لَهُمْ اَحْوَالٌ تُؤَدِّي اِلَى الْمُعْجِزَاتِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ غیر انبیاء میں بعض اوقات ایسی حالت پائی جاتی ہے' جو معجزات کی طرف لے جاتی ہے

6489 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُظْهِرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ثَابِتٍ، بِوَاسِطَ الشَّيْخُ الصَّالِحُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):لَمْ يَتَكَلَّمْ فِي الْمَهْدِ اِلَّا ثَلَاثَةٌ: عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَصَاحِبُ جُرَيْجٍ كَانَ فِيْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: جُرَيْجٌ، فَاَنْشَاَ صَوْمَعَةً، فَجَعَلَ يَعْبُدُ اللّٰهَ فِيْهَا فَاَتَتْهُ اُمُّهُ ذَاتَ يَوْمٍ، فَنَادَتْهُ، فَلَمْ يَلْتَفِتْ اِلَيْهَا، ثُمَّ اَتَتْهُ يَوْمًا ثَانِيًا فَنَادَتْهُ فَلَمْ يَلْتَفِتْ اِلَيْهَا، ثُمَّ اَتَتْهُ يَوْمًا ثَالِثًا، فَقَالَ: صَلَاتِيْ وَاُمِّيْ، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتْهُ اَوْ يَنْظُرَ فِيْ وُجُوْهِ الْمُوْمِسَاتِ، قَالَ: فَتَذَاكَرَ بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ يَوْمًا جُرَيْجًا، فَقَالَتْ بَغِيٌّ مِّنْ بَغَايَا بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ: اِنْ شِئْتُمْ اَنْ

6488- إسناده صحيح على شرط الشيخين، ورقاء: هو ابن عمر اليشكري، شبابة: هو ابن سوار. وأخرجه البخاري (3466) في الأنبياء: باب رقم (54)، وأبو يعلى 290/2 من طريقين عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/395 عن هوذة، قال: حدثنا عوف، عن خلاس بن عمرو الهجري، عن أبي هريرة بنحوه. وانظر الحديث الآتي.

افْتِنهُ فَتَنَتْهُ، قَالُوا: قَدْ شِئْنَا، قَالَ: فَانْطَلَقَتْ فَتَعَرَّضَتْ لِجُرَيْجٍ، فَلَمْ يَلْتَفِتْ اِلَيْهَا، فَاَتَتْ رَاعِيًا كَانَ يَأْوِي اِلٰى صَوْمَعَةِ جُرَيْجٍ بِغَنَمِهِ فَاَمْكَنَتْهُ نَفْسَهَا فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا، فَقَالَتْ: هُوَ مِنْ جُرَيْجٍ، فَوَثَبَ عَلَيْهِ قَوْمٌ مِّنْ بَنِي اِسْرَائِيْلَ فَضَرَبُوْهُ، وَشَتَمُوهُ، وَهَدُّوا صَوْمَعَتَهُ، فَقَالَ لَهُمْ: مَا شَانُكُمْ؟ قَالُوا: زَنَيْتَ بِهٰذِهِ الْبَغِيِّ، فَوَلَدَتْ غُلَامًا، قَالَ: وَاَيْنَ الْغُلَامُ؟ قَالُوا: هُوَ ذَا.

قَالَ: فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ اَتَى الْغُلَامَ فَضَرَبَهُ بِاِصْبَعِهِ، فَقَالَ لَهُ: يَا غُلَامُ، مَنْ اَبُوكَ؟ قَالَ: فُلَانٌ الرَّاعِي، قَالَ: فَوَثَبُوْا يُقَبِّلُوْنَ رَاْسَهُ، قَالُوا لَهُ: نَبْنِيْ صَوْمَعَتَكَ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِيْ ذٰلِكَ ابْنُوهَا مِنْ طِينٍ كَمَا كَانَتْ، قَالَ: وَبَيْنَمَا امْرَاَةٌ فِيْ حِجْرِهَا ابْنٌ تُرْضِعُهُ اِذْ مَرَّ بِهَا رَاكِبٌ، فَقَالَتِ: اللّٰهُمَّ اجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذَا الرَّاكِبِ، فَتَرَكَ الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الرَّاكِبِ يَنْظُرُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ مِثْلَ هٰذَا الرَّاكِبِ، ثُمَّ مَرَّ بِامْرَاَةٍ تُرْجَمُ، فَقَالَتِ الْمَرْاَةُ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذِهِ الْاَمَةِ فَتَرَكَ الصَّبِيُّ اُمَّهُ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الْاَمَةِ يَنْظُرُ اِلَيْهَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِثْلَ هٰذِهِ الْاَمَةِ، فَقَالَتِ: الْمَرْاَةُ يَا بُنَيَّ مَرَّ رَاكِبٌ، فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذَا الرَّاكِبِ، فَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ، لَا تَجْعَلْنِيْ مِثْلَهُ، وَمَرَرْتُ بِهٰذِهِ الْاَمَةِ تُرْجَمُ، فَقُلْتُ: اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِيْ مِثْلَ هٰذِهِ الْاَمَةِ، فَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِثْلَهَا، قَالَ: يَا اُمَّاهُ اِنَّ الرَّاكِبَ جَبَّارٌ مِّنَ الْجَبَابِرَةِ، وَاِنَّ هٰذِهِ الْاَمَةَ يَقُوْلُوْنَ: سَرَقَتْ وَلَمْ تَسْرِقْ، وَيَقُوْلُوْنَ: زَنَتْ وَلَمْ تَزْنِ، وَهِيَ تَقُوْلُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جھولے میں صرف تین بچوں نے گفتگو کی ہے ایک حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے، جریج کے واقعے والے لڑکے نے' بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جس کا نام جریج تھا۔ اس نے ایک عبادت گاہ بنائی اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے لگا۔ ایک دن اس کی ماں اس کے پاس آئی اور اسے بلند آواز میں پکارا' تو اس نے اپنی ماں کی بات کی طرف توجہ نہیں کی پھر وہ دوسرے دن اس کے پاس آئی' اس نے اسے بلند آواز میں پکارا' تو اس نے پھر اس کی طرف توجہ نہیں کی' پھر وہ تیسرے دن اس کی طرف آئی' تو اس نے سوچا ایک طرف میری نماز ہے ایک طرف میری ماں ہے' تو اس کی ماں نے کہا: اے اللہ' تو اسے اس وقت تک موت نہ دینا' جب تک یہ فاحشہ عورت کا منہ نہیں دیکھ لیتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ایک دن بنی اسرائیل جریج کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔ اسی دوران بنی اسرائیل کی ایک فاحشہ عورت نے کہا: اگر تم لوگ چاہو' تو میں اسے آزمائش کا شکار کر سکتی ہوں۔ ان لوگوں نے کہا: ٹھیک ہے ہم تیار ہیں۔ وہ گئی اس نے جریج کو گناہ کی پیشکش کی۔ جریج نے اس کی طرف توجہ نہیں کی' پھر وہ عورت ایک چرواہے کے پاس آئی جو جریج کی والدہ کے پاس اپنی بکریاں لے کر آیا ہوا تھا۔ اس عورت نے اس چرواہے کے ساتھ گناہ کیا' پھر حاملہ ہو گئی۔ اس نے ایک بچے کو جنم دیا۔ اور یہ کہا کہ یہ جریج کی اولاد ہے۔ اس بات پر بنی اسرائیل کے کچھ لوگوں نے جریج پر حملہ کر دیا۔ اس کی پٹائی کرنے لگے' اور اسے برا کہنے لگے۔ انہوں نے اس کے عبادت خانے کو منہدم کر دیا۔ جریج

نے ان سے دریافت کیا تمہیں کیا ہوا ہے تو لوگوں نے کہا: تم نے ایک فاحشہ عورت کے ساتھ زنا کیا ہے اس عورت نے ایک بچے کو جنم دیا ہے۔ جریج نے دریافت کیا وہ بچہ کہاں ہے۔ لوگوں نے کہا: وہ یہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: جریج نے دو رکعت نماز ادا کی' پھر وہ بچے کے پاس آیا اور اپنی انگلی اسے لگا کر اسے کہا۔ اے بچے تمہارا باپ کون ہے۔ اس نے کہا: فلاں چرواہا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو لوگ جریج کے سر کو بوسہ دینے لگے' اور انہوں نے کہا: ہم تمہارا عبادت خانہ سونے سے بنائیں گے۔ جریج نے کہا: مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے تم اسے مٹی سے بنا دو جیسے یہ پہلے تھا۔''

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ایک عورت کی گود میں ایک بچہ تھا جسے وہ دودھ پلا رہی تھی۔ اسی دوران ایک سوار اس کے پاس سے گزرا' تو اس عورت نے دعا کی: اے اللہ' تو میرے بیٹے کو اس سوار کی مانند (امیر کبیر) بنا دینا۔ بچے نے اپنی ماں کی چھاتی کو چھوڑا اور سوار کی طرف رخ کر کے اسے دیکھنے لگا' پھر وہ کہنے لگا: اے اللہ مجھے اس سوار کی مانند نہ بنانا' پھر وہاں سے ایک عورت گزری جسے سنگسار کیا جاتا تھا۔ اس عورت (یعنی بچے کی ماں) نے یہ کہا: اے اللہ' تو میرے بیٹے کو اس کنیز کی مانند نہ بنانا۔ اس بچے نے اپنی ماں کو چھوڑا اس کنیز کی طرف دیکھا اور بولا: اے اللہ' تو مجھے اس کنیز کی مانند (مومن اور ایماندار) کر دینا۔ اس عورت نے کہا: اے میرے بیٹے پہلے ایک سوار گزرا' تو میں نے کہا: اے اللہ میرے بیٹے کو اس سوار کی مانند کر دینا' تو تم نے کہا: مجھے اس کی مانند نہ کرنا پھر ایک کنیز گزری اسے سنگسار کیا جاتا تھا' تو میں نے کہا: اے اللہ میرے بیٹے کو اس کنیز کی مانند نہ کرنا۔ اور تم یہ کہہ رہے ہو اے اللہ مجھے اس کی مانند کر دینا۔ اس لڑکے نے کہا: اے امی جان یہ سوار شخص ایک ظالم شخص ہے اور یہ کنیز جس کے بارے میں لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ اس نے چوری کی ہے اس نے چوری نہیں کی اور لوگ یہ کہتے ہیں: اس نے زنا کیا ہے' حالانکہ اس نے زنا نہیں کیا وہ عورت یہی کہتی ہے: میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَنْكَرَ وُجُودَ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے

6489- إسناده صحيح، إسحاق بن عبد الله، روى له ابن ماجه، ووثقه المصنف، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم (2550) (8) في البر والصلة: باب تقديم بر الوالدين على التطوع بالصلاة وغيرها، حدثنا زهير بن حرب، حدثنا يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 308-2/307 و 308، والبخاري (2482) في المظالم: باب إذا هدم حائطاً فليبن مثله، و (3436) في الأنبياء: باب قول الله: (وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا) من طريقين عن جرير بن حازم، به. وأخرجه أحمد 434-2/433، ومسلم من طريقين عن سليمان بن المغيرة، حدثنا حميد بن هلال، عن أبي رافع بنحوه. وأخرجه أحمد 2/434 عن أبي سعيد مولى بني هاشم، قال: حدثنا أبو عوانة، عن عمر بن أبي سلمة، عن أبيه، عن أبي هريرة أن رسول الله - صلى الله عليه وسلم - قال: "كان رجل في بني اسرائيل تاجراً، وكان ينقص مرة ويزيد أخرى، قال: ما في هذه التجارة خير، التمس تجارة هي خير من هذه، فبنى صومعة وترهب فيها، وكان يقال له: جريج" فذكر نحوه. وعلقه البخاري (1206) في العمل في الصلاة: باب إذا دعت الأم ولدها في الصلاة، قال: قال الليث: حدثني جعفر، عن عبد الرحمن بن هرمز: قال: قال أبو هريرة رضي الله عنه: قال رسول الله - صلى الله عليه وسلم - ... فذكره مختصراً.

جس نے اولیاء میں معجزات کے وجود کا انکار کیا ہے

6490 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ الطُّوْسِيُّ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے نام پر قسم اٹھالیں تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کروا دے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6491 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اُخْتَ الرُّبَيِّعِ اُمَّ حَارِثَةَ، جَرَحَتْ اِنْسَانًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقِصَاصَ الْقِصَاصَ، فَقَالَتْ اُمُّ الرَّبِيْعِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَقْتَصُّ مِنْ فُلَانَةَ؟ لَا وَاللّٰهِ لَا تَقْتَصُّ مِنْهَا، فَلَمْ يَزَالُوْا بِهِمْ

6490- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير زياد بن أيوب، فمن رجال البخاري. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 1/293، والقضاعي في "مسند الشهاب" (1002) و (1003) و (1004) من طريقين عن حميد، بهذا الإسناد.

6491- إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج ثقة روى له النسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم، وهو في "مسند أبي يعلى" (3396) . وأخرجه أحمد 3/284، ومسلم (1675) في القسامة: باب إثبات القصاص في الأسنان وما في معناها، والنسائي 8/26-27 في القسامة: باب القصاص في السن، وأبو يعلى (3519) ، والبيهقي 8/64 من طرق عن عفان، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/128 و 167، والبخاري (2806) في الجهاد: باب قول الله عز وجل: (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ) ، و (4500) في تفسير سورة البقرة: باب (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى) ، و (4611) في تفسير سورة المائدة: باب قوله (وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ) ، وأبو داود (4595) في الديات: باب القصاص من السن، وابن ماجة (2649) في الديات: باب القصاص في السن، والنسائي 8/27 و 28-27 في القسامة: باب القصاص من الثنية، والطبراني في "الكبير"، (768) و /24 (664) والبغوي (2529) من طرق عن حميد، عن أنس أن الرُّبيع عمة أنس كسرت ثنية جارية، فطلبوا إليها العفو، فأبوا، فعرضوا الأرش، فأبوا، فَأَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، وأبوا إلا القصاص، فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - بالقصاص، فقال أنس بن النضر: يا رسول الله، أتكسر ثنية الرُّبيع؟ ! لا والذي بعثك بالحق، لا تكسر ثنيتها، فقال رسول الله - صلى الله عليه وسلم -: "يا أنس كتاب الله القصاص" فرضي القوم، فعفوا، فقال رسول الله - صلى الله عليه وسلم -: "إن من عباد الله من لو أقسم على الله لأبره."

حَتّٰی رَضُوا بِالدِّیَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ربیعہ کی بہن ام حارثہ نے ایک شخص کو زخمی کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قصاص دلوایا جائے گا قصاص دلوایا جائے گا' تو ام ربیعہ نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا فلاں عورت سے قصاص دلوایا جائے گا؟ جی نہیں اللہ کی قسم! اس سے قصاص نہیں دلوایا جائے گا' پھر دوسرے طریقے سے بات چیت ہوتی رہی' یہاں تک کہ وہ لوگ دیت لینے پر رضامند ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھائیں' تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کروا دیتا ہے۔

ذِكْرُ ارْتِجَاجِ اُحُدٍ تَحْتَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نیچے احد پہاڑ کے حرکت کرنے کا تذکرہ

6492 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ:

(متن حدیث): اَنَّ اُحُدًا ارْتَجَّ وَعَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اثْبُتْ اُحُدُ، فَمَا عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ، وَصِدِّيقٌ، وَشَهِيدَانِ .

قَالَ مَعْمَرٌ: وَسَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ بِمِثْلِهِ

❁❁ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ احد پہاڑ نے حرکت کی اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے احد! اپنی جگہ پر رہو۔ تمہارے اوپر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید موجود ہیں۔

معمر کہتے ہیں: میں نے قتادہ کو اس کی مانند حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْاَشْيَاءَ اِذَا كَانَتْ مِنْ غَيْرِ ذَوَاتِ الْاَرْوَاحِ غَيْرُ جَائِزٍ مِنْهَا النُّطْقُ

6492- إسناده صحيح على شرط البخارى. رجاله رجال الصحيح غير على ابن المدينى، فمن رجال البخارى. أبو حازم: هو سلمان الأشجعى، وهو فى " مصنف عبد الرزاق " (20401) .وعلقه البخارى فى "التاريخ الكبير" 4/78، قال: وقال لنا أحمد (يعنى ابن حنبل) وعلى (يعنى ابن المدينى) : حدثنا عبد الرزاق بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد فى "المسند" 5/331، وفى "فضائل الصحابة " (247) ، وأبو يعلى 351/1، والبيهقى فى "دلائل النبوة " 6/351، والبغوى (3902) من طريق عبد الرزاق، به.وذكره الحافظ فى " الفتح " 7/38 من رواية أبى يعلى وصححه . وأورده الهيثمى فى "المجمع" 9/55، وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح.

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے جب کوئی چیز روح والی نہ ہو تو اس کی طرف سے گویائی کا صدور نا ممکن ہے

6493 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ، مَوْلٰی ثَقِیفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ الْاَعْیُنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ اِسْرَائِیْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَدَعَا بِالطَّعَامِ، وَکَانَ الطَّعَامُ یُسَبِّحُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ آپ ﷺ نے کھانا منگوایا' تو کھانا تسبیح پڑھ رہا تھا۔

ذِکْرُ شَهَادَةِ الذِّئْبِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی صِدْقِ رِسَالَتِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ ایک بھیڑیے نے نبی اکرم ﷺ کی رسالت کی سچائی کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کے حق میں گواہی دی

6494 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَیْسِیُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ

6493- إسناده قوی، أبو بکر الأعین: واسمه محمد بن أبی عتاب، روی عنه جمع، وذکره المؤلف فی "الثقات"، وقال أحمد: مات ولا یعرف إلّا الحدیث، ولم یکن صاحب کلام، وإنی لأغبطه . وقول ابن معین فیه: لَیس هو من أصحاب الحدیث، فسّره الخطیب، فقال: یعنی لم یکن بالحافظ للطرق والعلل، وأما الصدق والضبط، فلم یکن مدفوعاً عنه. قلت: ومن فوقه ثقات من رجال الشیخین. إسرائیل: هو ابن یونس بن أبی إسحاق السبیعی، وإبراهیم: هو ابن یزید النخعی، وعلقمة: هو ابن قیس بن عبد اللّٰه النخعی، والأسود: هو ابن یزید النخعی.وأخرجه الدارمی 15-1/14 عن عبید اللّٰه بن موسی، بهذا الإسناد، لکن أسقط منه الأسود متابع علقمة .وأخرجه أحمد 1/460 عن الولید بن القاسم بن الولید.وأخرجه البخاری (3579) فی مناقب الأنصار: باب علامات النبوة بعد الإسلام، والترمذی (3633) فی المناقب: باب رقم (6) ، والبیهقی فی "دلائل النبوة " 4/129، والبغوی (3713) من طریقین عن أبی أحمد الزبیری، کلاهما عن إسرائیل، به.

6494- إسناده صحیح علی شرط مسلم . الجریری: هو سعید بن إیاس، وأبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قطعة.وأخرجه أبو نعیم فی "دلائل النبوة " (270) من طریق هشام بن علی السیرافی، قال: حدثنا هدبة بن خالد، بهذا الإسناد، ولم یذکر الجریری.وأخرجه أحمد 84-3/83، والبزار (2431) ، والحاکم 4/467 -468، والبیهقی فی "دلائل النبوة" 42-6/41 و 42 من طرق عن القاسم بن الفضل، به. ولم یُذکر الجریری عندهم أیضاً، وصححه الحاکم والبیهقی .وأخرجه الترمذی (2181) فی الفتن: باب ما جاء فی کلام السباع، والحاکم 4/467 من طریقین عن وکیع، عن القاسم بن الفضل، به، مختصراً دون قصة الذئب، وصحّحه الحاکم علی شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبی، وقال الترمذی: وهذا حدیث حسن غریب لا نعرفه إلا من حدیث القاسم بن الفضل، والقاسم بن الفضل ثقة مأمون عند أهل الحدیث، وثقه یحیی بن سعید القطان وعبد الرحمن بن مهدی .وقال البزار: لا نعلم رواه هکذا إلا القاسم، وهو بصری مشهور، وقد رواه عن أبی سعید شهر بن حوشب، وزاد فیه عن أبی نضرة.وذکره الهیثمی فی "المجمع" 8/291 ونسبه لأحمد والبزار، وقال: ورجال أحد إسنادی أحمد رجال الصحیح.

الْحُدَّانِيُّ، حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَا رَاعٍ يَرْعٰى بِالْحَرَّةِ اِذْ عَرَضَ ذِئْبٌ لِشَاةٍ مِنْ شَائِهِ، فَجَاءَ الرَّاعِي يَسْعٰى فَانْتَزَعَهَا مِنْهُ، فَقَالَ لِلرَّاعِي: اَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ، تَحُولُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رِزْقٍ سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيَّ؟ قَالَ الرَّاعِي: الْعَجَبُ لِلذِّئْبِ - وَالذِّئْبُ مُقْعٍ عَلٰى ذَنَبِهِ - يُكَلِّمُنِيْ بِكَلَامِ الْاِنْسِ، قَالَ الذِّئْبُ لِلرَّاعِي: اَلَا اُحَدِّثُكَ بِاَعْجَبَ مِنْ هٰذَا، هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْحَرَّتَيْنِ، يُحَدِّثُ النَّاسَ بِاَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ، فَسَاقَ الرَّاعِي شَاءَهُ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَزَوَاهَا فِيْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهَا، ثُمَّ دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ لَهُ مَا قَالَ الذِّئْبُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ لِلرَّاعِي: قُمْ فَاَخْبِرْ، فَاَخْبَرَ النَّاسَ بِمَا قَالَ الذِّئْبُ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ الرَّاعِي، اَلَا مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ كَلَامُ السِّبَاعِ الْاِنْسَ، وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُكَلِّمَ السِّبَاعُ الْاِنْسَ، وَيُكَلِّمَ الرَّجُلُ نَعْلَهُ، وَعَذَبَةَ سَوْطِهِ، وَيُخْبِرَهُ فَخِذُهُ بِحَدِيْثِ اَهْلِهِ بَعْدَهُ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک چرواہا پتھریلی زمین پر بکریاں چرا رہا تھا۔ اسی دوران ایک بھیڑیا اس کی بکری کے پاس آیا۔ وہ چرواہا دوڑتا ہوا آیا اس نے اس بکری کو بھیڑیے سے چھڑا لیا۔ اس بھیڑیے نے چرواہے سے کہا تم اللہ سے ڈرتے نہیں ہو تم میرے اور اس رزق کے درمیان رکاوٹ بن گئے ہو جو اللہ تعالیٰ نے میرے لیے بھیجا تھا۔ اس چرواہے نے کہا: بھیڑیے پر حیرانگی ہے وہ بھیڑیا جس کی شکل وصورت بھیڑیے جیسی ہے وہ انسانوں کی طرح میرے ساتھ بات چیت کر رہا ہے۔ اس بھیڑیے نے اس چرواہے سے کہا: کیا میں تم کو اس سے زیادہ حیران کن بات نہ بتاؤں۔ یہ دو طرف کی پتھریلی زمین کے درمیان (مدینہ منورہ میں) اللہ کے رسول ہیں جو لوگوں کو ان باتوں کے بارے میں بتاتے ہیں جو پہلے گزر چکی ہیں' پھر وہ چرواہا اپنی بکریوں کو لے کر مدینہ منورہ آ گیا۔ اس نے وہاں کے گوشے میں ان کو کھڑا کیا اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیڑیے کی گفتگو کے بارے میں بتایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (گھر سے) باہر تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چرواہے سے کہا تم کھڑے ہو۔ اور لوگوں کو بتاؤ۔ اس نے لوگوں کو بتایا جو بھیڑیے نے کہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس چرواہے نے سچ کہا ہے۔ خبردار قیامت کی نشانیوں میں یہ بات بھی شامل ہے کہ درندے انسانوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک درندے انسانوں کے ساتھ بات چیت نہیں کریں گے۔ اور آدمی اپنے جوتے کے ساتھ اور اپنے کوڑے کے کنارے کے ساتھ کلام نہیں کرے گا۔ اس کا زانو اس کو اس بارے میں بتائے گا کہ اس کے بعد اس کی اہلیہ نے کیا کیا تھا۔

ذِكْرُ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْيِ الرِّيَبِ عَنْ خَلَدِ الْمُشْرِكِينَ بِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چاند کے دو ٹکڑے ہو جانے کا تذکرہ تاکہ اس بارے میں مشرکین کے شک کی نفی ہو جائے

6495 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): انْشَقَّ الْقَمَرُ، وَكُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى، حَتّٰى ذَهَبَتْ فِلْقَةٌ خَلْفَ الْجَبَلِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْهَدُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چاند دو ٹکڑے ہو گیا' اس وقت ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منٰی میں موجود تھے' یہاں تک کہ چاند کا ایک ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے چلا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ گواہ ہو جاؤ۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے ابو معمر کے حوالے سے یہ روایت نقل کرنے میں ابراہیم نخعی نامی راوی منفرد ہے

6496 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

6495- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري. أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، والأعمش: هو سليمان بن مهران، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وأبو معمر: هو عبد الله بن سخبرة، وعبد الله: هو ابن مسعود رضي الله عنه .وأخرجه مسلم (2800) (44) في صفات المنافقين: باب انشقاق القمر، من طرق عن أبي معاوية، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/447، والبخاري (3869) و (3871) في مناقب الأنصار: باب انشقاق القمر، و (4864) في تفسير سورة (اقتربت الساعة) ، ومسلم، والترمذي (3285) في التفسير: باب ومن سورة القمر، والطبري في "جامع البيان" 27/85، والطبراني في "الكبير" (9996) ، والبيهقي في "الدلائل" 2/265 و 266-265 من طرق عن الأعمش، به.وأخرجه أحمد 1/377، والبخاري (3636) في المناقب: باب سؤال المشركين أن يريهم النبي - صلى الله عليه وسلم - آية فأراهم انشقاق القمر، و (4865) ، ومسلم، والترمذي (3287) ، وأبو يعلى (4968) ، والبيهقي 2/264 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن ابن أبي نجيح، عن مجاهد، عن أبي معمر، به.

(متن حدیث): انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرْقَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا تھا۔

ذِكْرُ انْشِقَاقِ الْقَمَرِ لِلْمُصْطَفٰی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چاند کے دو ٹکڑے ہونے کا تذکرہ

6497 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ

حضرت جبیر بن معطم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں مکہ میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا تھا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ مَصَارِعِ مَنْ قُتِلَ بِبَدْرٍ مِنْ قُرَيْشٍ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، جو بدر میں قریش کے مقتولین کے قتل ہونے کی جگہ کے بارے میں ہے

6498 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَرَدَ بَدْرًا اَوْمَا فِيْهَا اِلَى الْاَرْضِ، فَقَالَ: هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ، وَهٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ، فَوَاللّٰهِ مَا اَمَاطَ وَاحِدٌ مِّنْهُمْ عَنْ مَصْرَعِهٖ، وَتَرَكَ قَتْلٰى بَدْرٍ ثَلَاثًا، ثُمَّ اَتَاهُمْ،

6496- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم، وسليمان: هو الأعمش .وأخرجه مسلم (2801) في صفة المنافقين: باب انشقاق القمر، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد.وأخرجه الطيالسي (1891) ، ومسلم (2801) ، والترمذي (3288) في التفسير: باب ومن سورة القمر، والطبراني في " الكبير " (13473) من طرق عن شعبة، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح.

6497- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابنُ فُضَيلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيلِ بْنِ غزوان، وحصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي.وأخرجه الطبري في " جامع البيان " 27/86، وابن أبي حاتم في "التفسير" كما في " النكت الظراف " 2/415 من طريقين عن ابن فضيل، بهذا الإسناد.وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1561) عن العباس بن حمدان الحنفي، حدثنا علي بن المنذر الطريفي، حدثنا محمد بن فضيل، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ محمد بن جبير، عن أبيه ... وأخرجه الطبري 27/86 عن ابن حميد، قال: حدثنا مهران، عن خارجة، عن الحصين بن عبد الرحمن، به، بإسقاط سالم بن أبي الجعد .وأخرجه أحمد 4/81-82، والترمذي (3289) في التفسير: باب ومن سورة القمر، والطبراني (1559) ، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/268 من طريق محمد بن كثير، عن سليمان بن كثير، عن حصين، به .وقال الترمذي: وقد روى بعضهم هذا الحديث عن حصين، عن جبير بن محمد بن جبير بن مطعم، عن أبيه، عن جده جبير بن مطعم نحوه.قلت: هذه الرواية أخرجها الطبراني (1560) ، والبيهقي 2/265 من طرق عن محمد بن جبير بن مطعم، به.

فَقَامَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: يَا اَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، يَا اُمَيَّةُ بْنَ خَلَفٍ، يَا عُتْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، يَا شَيْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، اَلَيْسَ قَدْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَاِنِّي وَجَدْتُ مَا وَعَدَ رَبِّي حَقًّا قَالَ: فَسَمِعَ عُمَرُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَسْمَعُوْنَ قَوْلَكَ اَوْ يُجِيبُوْنَ وَقَدْ جَيَّفُوا؟ فَقَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ، وَلٰكِنَّهُمْ لَا يَقْدِرُوْنَ اَنْ يُّجِيبُوْا، ثُمَّ اَمَرَ بِهِمْ، فَسُحِبُوا، فَاُلْقُوا فِيْ قَلِيبِ بَدْرٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدر تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: یہ فلاں شخص کے مرنے کی جگہ ہے یہ فلاں شخص کے مرنے کی جگہ ہے' تو اللہ کی قسم! ان میں سے کوئی بھی شخص اپنی مخصوص جگہ سے ذرا بھی نہیں ہٹا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے (کفار) مقتولین کو تین دن تک ایسے ہی رہنے دیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس کھڑے ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوجہل بن ہشام! اے امیہ بن خلف! اے عتبہ بن ربیعہ! اے شیبہ بن ربیعہ! تمہارے پروردگار نے جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے اسے سچ نہیں پایا۔ میرے پروردگار نے جو وعدہ کیا تھا میں نے' تو اسے سچ پالیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا: تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بات ان لوگوں کو سنا رہے ہیں جو مردار ہو چکے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں جو کہہ رہا ہوں تم اس بات کو ان لوگوں سے زیادہ اچھے طور پر نہیں سن رہے' لیکن وہ لوگ جواب دینے کی قدرت نہیں رکھتے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان لوگوں کو گھسیٹ کر بدر کے ایک گڑھے میں ڈال دیا گیا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ كِتْبَةِ حَاطِبِ بْنِ اَبِيْ بَلْتَعَةَ بِالْكِتَابِ اِلٰى قُرَيْشٍ يُخْبِرُهُمْ بِخُرُوجِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ حضرت حاطب بن ابوبلتعہ رضی اللہ عنہ نے قریش کی طرف

ایک خط لکھا تھا جس میں انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان لوگوں (کی طرف جنگ کے لیے) آنے کے بارے میں اطلاع دی تھی

6499 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْنَاهُ مِنْ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ رَافِعٍ، وَهُوَ كَاتِبُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ:

6498– إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (2874) في الجنة وصفة نعيمها وأهلها: باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه، عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وانظر الحديث المتقدم برقم (4722)، والحديث الآتي برقم (6525).

(متن حدیث): بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالزُّبَيْرَ، وَطَلْحَةَ، وَالْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ، فَقَالَ: انْطَلِقُوا حَتّٰى تَاْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَاِنَّ بِهَا ظَعِينَةً مَعَهَا كِتَابٌ، فَخُذُوهُ مِنْهَا، فَانْطَلَقْنَا تَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا، حَتّٰى اَتَيْنَا الرَّوْضَةَ، فَاِذَا نَحْنُ بِالظَّعِينَةِ، فَقُلْنَا لَهَا: اَخْرِجِي الْكِتَابَ، فَقَالَتْ: مَا مَعِي مِنْ كِتَابٍ، فَقُلْنَا: آللّٰهِ لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ اَوْ لَنُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ، فَاَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا، فَاَتَيْنَا بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا فِيْهِ: مِنْ حَاطِبِ بْنِ اَبِي بَلْتَعَةَ اِلٰى نَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ، يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ اَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَاطِبُ مَا هٰذَا؟، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ اِنِّي كُنْتُ امْرَاً مُلْصَقًا فِي قُرَيْشٍ، وَلَمْ اَكُنْ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ بِمَكَّةَ، يَحْمُونَ قَرَابَتَهُمْ وَاَهْلِيهِمْ، وَلَمْ يَكُنْ لِي قَرَابَةٌ اَحْمِي بِهَا اَهْلِي، فَاَحْبَبْتُ اِنْ فَاتَنِي ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ اَنْ اَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا يَحْمُونَ قَرَابَتِي وَاَهْلِي، وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ ارْتِدَادًا عَنْ دِينِي، وَلَا رِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَ الْاِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا قَدْ صَدَقَكُمْ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ دَعْنِي اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا، وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَكُونَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ: اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ، وَاَنْزَلَ فِيْهِ: (يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ) (الممتحنة: 1) الْاٰيَةَ

❁❁ عبیداللہ بن ابورافع حضرت علی رضی اللہ عنہ کے معتمد خصوصی تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو اور حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ جاؤ اور خاخ نامی باغ میں پہنچو۔ وہاں ایک عورت ہوگی اس کے پاس ایک خط ہوگا وہ تم اس سے لے لینا۔ ہم لوگ اپنے گھوڑوں کو دوڑاتے ہوئے اس باغ تک آئے وہاں ایک عورت موجود تھی۔ ہم نے اسے کہا تم خط نکالو۔ اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! یا تو تم خط نکالو گی یا ہم تمہاری جامہ تلاشی لیں گے تو اس نے اپنے بالوں کے جوڑے میں سے خط نکال دیا۔ ہم وہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو وہ خط حاطب بن ابوبلتعہ کی طرف سے مکہ

6499- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء، فهو من رجال مسلم. سفيان: هو ابن عيينة، وعمرو: هو ابن دينار، والحسن بن محمد: هو ابن علي بن أبي طالب. وأخرجه الحميدي (49)، وأحمد 1/79، والبخاري (3007) في الجهاد: باب الجاسوس، و (4274) في المغازي: باب غزوة الفتح وما بعث به حاطب إلى أهل مكة يخبرهم بغزو النبي - صلى الله عليه وسلم -، و (4890) في التفسير: باب: (لا تتخذوا عدوي وعدوكم أولياء)، ومسلم (2494) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أهل بدر، وأبو داود (2650) في الجهاد: باب في حكم الجاسوس إذا كان مسلماً، والترمذي (3305) في التفسير: باب ومن سورة الممتحنة، والطبري في "جامع البيان" 28/58، وأبو يعلى (394) و (398)، والبيهقي في "السنن" 9/146، وفي "دلائل النبوة" 5/17، والواحدي في "أسباب النزول" ص 283، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/328، وابن الأثير في "أسد الغابة" 1/432 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (7119).

میں رہنے والے کچھ مشرکین کے نام تھا۔ اس خط میں حضرت حاطب رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارادوں کے بارے میں بتایا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے حاطب یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بارے میں جلدی نہ کیجئے۔ میں ایک ایسا شخص ہوں جو قریش کے ساتھ ملا ہوا ہوں لیکن میں قریش کا حصہ نہیں ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو دیگر مہاجرین ہیں۔ ان کے مکہ میں رشتہ دار موجود ہیں جس کی وجہ سے ان کے رشتہ دار اور اہل خانہ محفوظ ہیں لیکن میری مکہ میں کسی کے ساتھ رشتہ داری نہیں ہے جس کی وجہ سے میں اپنے اہل خانہ کو محفوظ کرلوں۔ اس لیے میں یہ چاہتا تھا کہ اگر نسبی طور پر میرا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے تو پھر میں ان پر کوئی احسان کردوں جس کی وجہ سے وہ میرے قرابت داروں اور میرے گھر والوں کا خیال رکھیں۔ اللہ کی قسم! یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں نے اپنے دین سے مرتد ہوتے ہوئے یا اسلام قبول کرنے کے بعد کفر سے راضی ہوتے ہوئے ایسا نہیں کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے تمہارے ساتھ سچ بولا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑادوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ بدر میں شریک ہوا ہے۔ تمہیں کیا پتہ شاید اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف متوجہ ہوکر کہا ہو۔ تم جو چاہو عمل کرو میں نے تمہاری مغفرت کردی ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الرِّيحِ الشَّدِيدَةِ الَّتِي هَبَّتْ لِمَوْتِ بَعْضِ الْمُنَافِقِينَ

اس تیز چلنے والی ہوا کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو ایک منافق کے مرنے پر چلی تھی

6500 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، أَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): أَنَّهُمْ غَزَوْا غَزْوَةً بَيْنَ مَكَّةَ، وَالْمَدِينَةِ، فَهَاجَتْ عَلَيْهِمْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ، حَتَّى وَقَعَتِ الرِّحَالُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا لِمَوْتِ مُنَافِقٍ، قَالَ: فَرَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ، فَوَجَدْنَا مُنَافِقًا عَظِيمَ النِّفَاقِ مَاتَ يَوْمَئِذٍ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ انہوں نے مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک غزوہ میں شرکت کی تو ان لوگوں پر انتہائی تیز ہوا چلی یہاں تک کہ پالان گرنے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کسی منافق کی موت (کی نشانی ہے)

راوی کہتے ہیں: جب ہم لوگ مدینہ منورہ واپس آئے تو وہاں آ کر ہمیں پتہ چلا اس دن ایک بڑے منافق کا انتقال ہو گیا تھا۔

6500- حديث صحيح إسناده قوي، وانظر التعليق على الحديث المتقدم برقم (6187)، وأخرجه أحمد 3/135، ومسلم (2782) في أول كتاب صفات المنافقين، والبيهقي في "دلائل النبوة" 4/61 من طريق الأعمش، عن أبي سفيان طلحة بن نافع، عن جابر. وأخرجه أحمد 3/341 عن حسن (هو ابن موسى الأشيب)، و 3/346

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ هُبُوبِ رِيحٍ شَدِيدَةٍ قَبْلَ اَنْ تَهُبَّ

تیز ہوا کے چلنے کے بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ' جو اس کے (چلنے سے پہلے) دی گئی ہو

6501 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى تَبُوكَ حَتّٰى اَتٰى وَادِيَ الْقُرٰى، فَاِذَا امْرَاَةٌ فِيْ حَدِيقَةٍ لَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُصُوا ، فَخَرَصَ الْقَوْمُ عَشَرَةَ اَوْسُقٍ، وَقَالَ لِلْمَرْاَةِ: اَحْصِي مَا يَخْرُجُ مِنْهَا حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكِ ، فَسَارَ حَتّٰى اَتٰى تَبُوكَ، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَاْتِيكُمُ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيدَةٌ، فَلَا يَقُومَنَّ فِيهَا اَحَدٌ، وَمَنْ كَانَ لَهُ بَعِيرٌ فَلْيُوثِقْ عِقَالَهُ فَهَبَّتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ، فَلَمْ يَقُمْ فِيْهَا اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ فَاَلْقَتْهُ فِيْ جَبَلِ طَيِّءٍ، قَالَ: فَاَتَاهُ مَلِكُ اَيْلَةَ، وَاَهْدٰى لَهُ بَغْلَةً بَيْضَاءَ ، وَكَسَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِدَاءً، فَلَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى وَادِيَ الْقُرٰى، فَقَالَ لِلْمَرْاَةِ: كَمْ جَاءَتْ حَدِيقَتُكِ؟ ، قَالَتْ: عَشَرَةُ اَوْسُقٍ خَرْصَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي مُسْتَعْجِلٌ، مَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَعَجَّلَ مَعِي فَلْيَفْعَلْ ، فَسَارَ حَتّٰى اِذَا اَوْفٰى عَلَى الْمَدِينَةِ، قَالَ: هٰذِهِ طَيْبَةُ اَوْ طَابَةُ ، فَلَمَّا رَاٰى اُحُدًا قَالَ: هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْاَنْصَارِ؟ ، قَالُوا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خَيْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ، بَنُو النَّجَّارِ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ؟ ، قَالُوا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: بَنُو سَاعِدَةَ، وَبَنُو الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

❀❀ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تبوک کی طرف روانہ ہوئے جب

6501– إسناده صحيح . محمد بن منصور الطوسي وأحمد بن إسحاق روى لهما أصحاب السنن، وهما ثقتان ومن فوقهما على شرط الشيخين . وهيب: هو ابن خالد بن عجلان .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/539-540، وأحمد 5/424-425، ومسلم ص 1786 (12) في "الفضائل: باب معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن خزيمة (2314) عن عفان .وأخرجه البخاري (1481) في الزكاة: باب خرص التمر، و (3161) في الجزية: باب إذا وادع الإمام ملك القرية هل يكون لبقيتهم، وأبو داود (3079) في الخراج والإمارة: باب في إقطاع الأرضين، والبيهقي في "الدلائل" 5/239 عن سهل بن بكار .وأخرجه مسلم (1392) ص 1786 عن المغيرة بن سلمة المخزومي، ثلاثتهم عن وهيب بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (1872) في فضائل المدينة: باب المدينة طابة، و (3791) في مناقب الأنصار: باب فضل دور الأنصار، و (4422) في المغازي: باب نزول النبي - صلى الله عليه وسلم - الحجر، ومسلم (1392) في الحج: باب "أحد جبل يحبنا ونحبه"، وص 1768، والبيهقي في " السنن " 4/122، و "دلائل النبوة" 5/238 من طرق عن عمرو بن يحيى، به.

نبی اکرم ﷺ وادی قریٰ میں پہنچے تو وہاں ایک عورت اپنے باغ میں موجود تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (تم اس باغ کی پیداوار) کا اندازہ لگاؤ تو لوگوں نے اندازہ لگایا کہ اس کی پیداوار دس وسق ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون سے فرمایا اس کی جو پیداوار ہوگی تم اسے شمار کر لینا ہم واپس تمہارے پاس آئیں گے۔ پھر نبی اکرم ﷺ وہاں سے روانہ ہوئے یہاں تک کہ آپ تبوک تشریف لے آئے آپ نے ارشاد فرمایا: آج رات تم پر تیز ہوا چلے گی۔ اس ہوا میں کوئی شخص کھڑا ہرگز نہ ہو' جس شخص کا اونٹ ہے وہ اس کی رسی کو باندھ دے' تیز ہوا چلی تو کوئی شخص اس میں کھڑا نہیں ہوا۔ صرف ایک شخص کھڑا ہوا تھا۔ ہوا نے اسے جبل طے کے اوپر پھینک دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہاں ایلہ کا حکمران نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے ایک سفید خچر آپ کو تحفے کے طور پر پیش کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی چادر اسے پہننے کے لئے دی جب نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لائے اور آپ وادی قریٰ پہنچے تو آپ نے اس خاتون سے دریافت کیا۔ تمہارے باغ میں کتنی پیداوار ہوئی۔ اس نے جواب دیا: دس وسق۔ یہ نبی اکرم ﷺ کے اندازے کے بالکل مطابق تھی پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ میں جلدی جانا چاہتا ہوں تم میں سے جو شخص میرے ساتھ جلدی جانا چاہتا ہو وہ ایسا کر لے پھر نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے' یہاں تک کہ جب آپ مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ طیبہ ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہ طابہ ہے جب نبی اکرم ﷺ نے اُحد پہاڑ کو دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں انصار کے بہترین گھرانوں کے بارے میں نہ بتاؤں۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ ﷺ! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: انصار کا سب سے بہتر گھرانہ بنونجار ہیں۔ کیا میں تمہیں ان کے بعد والوں کے بارے میں نہ بتاؤں۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (ان کے بعد) بنوساعدہ اور بنوحارث بن خزرج ہیں۔

ذِكْرُ مَا حَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بَيْنَ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ فِيمَا قَصَدُوهُ بِهِ

اس بات کا تذکرہ' جب مشرکین نے نبی اکرم ﷺ (کو نقصان پہنچانے کا ارادہ کیا) تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اور مشرکین کے درمیان کیا چیز حائل کر دی تھی

6502 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ الْمَلَاَ مِنْ قُرَيْشٍ اجْتَمَعُوا فِي الْحِجْرِ، فَتَعَاقَدُوا بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى وَمَنَاةَ الثَّالِثَةِ الْاُخْرٰى وَنَائِلَةَ، وَاِسَافٍ: لَوْ قَدْ رَاَيْنَا مُحَمَّدًا لَقُمْنَا اِلَيْهِ قِيَامَ رَجُلٍ وَّاحِدٍ، فَلَمْ نُفَارِقْهُ حَتّٰى نَقْتُلَهُ، فَاَقْبَلَتِ ابْنَتُهُ فَاطِمَةُ تَبْكِي حَتّٰى دَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: هٰؤُلَاءِ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِكَ قَدْ تَعَاقَدُوا عَلَيْكَ لَوْ قَدْ

رَاَوْكَ قَامُوا اِلَيْكَ، فَقَتَلُوكَ، فَلَيْسَ مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا عَرَفَ نَصِيبَهُ مِنْ دَمِكَ، قَالَ: يَا بُنَيَّةُ اِيتِينِي بِوَضُوءٍ، فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَلَمَّا رَاَوْهُ قَالُوا: هَا هُوَ ذَا، هَا هُوَ ذَا، فَخَفَضُوا اَبْصَارَهُمْ، وَسَقَطَتْ اَذْقَانُهُمْ فِي صُدُورِهِمْ، فَلَمْ يَرْفَعُوا اِلَيْهِ بَصَرًا، وَلَمْ يَقُمْ اِلَيْهِ مِنْهُمْ رَجُلٌ، فَاَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَامَ عَلٰى رُءُوسِهِمْ، فَاَخَذَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ، وَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ، ثُمَّ حَصَبَهُمْ، فَمَا اَصَابَ رَجُلًا مِنْهُمْ مِنْ ذٰلِكَ الْحَصَى حَصَاةٌ اِلَّا قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: قریش کے کچھ لوگ حطیم میں اکٹھے ہوئے اورانہوں نے لات، عزیٰ مناہ، نائلہ اور اساف (نامی بتوں) کے نام پر قسم اٹھا کر یہ معاہدہ کیا اگر ہم نے حضرت محمد کو دیکھا تو ہم ایک ساتھ ہو کر ان کے سامنے آئیں گے اور ان سے اس وقت تک الگ نہیں ہوں گے جب تک انہیں شہید نہیں کر دیتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا روتی ہوئی آئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ انہوں نے عرض کی: آپ کی قوم کے ان لوگوں نے آپ کے خلاف یہ طے کیا ہے کہ جب وہ آپ کو دیکھیں گے تو آپ کے مدمقابل کھڑے ہوں گے اور آپ کو شہید کر دیں گے۔ اس طرح ان میں سے ہر ایک فرد آپ کے خون میں سے اپنے حصے کو حاصل کر لے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے میری بیٹی تم میرے پاس وضو کے لئے پانی لے کر آؤ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور مسجد (حرام یعنی خانہ کعبہ کے قریب) تشریف لائے جب ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو وہ بولے یہ وہی ہیں یہ وہی ہیں پھر انہوں نے اپنی نگاہیں جھکا دیں اور ان کی ٹھوڑیاں ان کے سینوں سے لگ گئیں۔ ان میں سے کسی نے بھی نگاہ اٹھا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نہیں دیکھا اور ان میں سے کوئی بھی شخص اٹھ کر آپ کے سامنے نہیں آیا یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ ان کے پاس آ کر کھڑے ہوئے۔ آپ نے ایک مٹھی میں مٹی لی اور فرمایا (ان لوگوں کے) چہرے بگڑ جائیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مٹی ان پر پھینکی تو اس مٹی کی جو بھی کنکری ان میں سے جس بھی شخص تک پہنچی وہ غزوہ بدر کے دن مارا گیا۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَدْفَعُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَنْ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكِيدَةَ الْمُشْرِكِينَ اِيَّاهُ مِنَ الشَّتْمِ وَاللَّعْنِ وَمَا اَشْبَهَهُمَا

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب سے مشرکین کے ان کے بارے میں کئے گئے مکروفریب، برا بھلا کہنے لعنت اور ان جیسی دیگر چیزوں کو کیسے دور کیا

6502- حديث صحيح، رجاله رجال الشيخين غير مسلم بن خالد -وهو الزنجي- روى له أبو داود وابن ماجة، وهو وإن كان سيء الحفظ قد توبع. ابن خثيم: هو عبد الله بن عثمان. وأخرجه أبو نعيم في "دلائل النبوة" (139) من طريق محمد بن عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بن حماد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/303 و 368، والحاكم 3/157 وصححه، والبيهقي في "الدلائل" 6/240 من طرق عن ابن خثيم، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/228، وقال: رواه أحمد باسنادين، ورجال أحدهما رجال الصحيح. قلت: بل رجال الإسنادين رجال الصحيح.

6503 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذُبَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَا عِبَادَ اللّٰهِ انْظُرُوا كَيْفَ يَصْرِفُ اللّٰهُ عَنِّي شَتْمَهُمْ وَلَعْنَهُمْ، يَعْنِي قُرَيْشًا، قَالُوا: كَيْفَ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: يَشْتِمُوْنَ مُذَمَّمًا، وَيَلْعَنُوْنَ مُذَمَّمًا، وَاَنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے اللہ کے بندو! تم لوگ اس بات کا جائزہ لو کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے برا کہنے اور لعنت کرنے کو مجھ سے کیسے پھیر دیا۔ نبی اکرم ﷺ کی مراد قریش تھے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ ایسا کیسے ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ مذمم کو برا کہتے ہیں۔ مذمم پر لعنت کرتے ہیں (یعنی کفار قریش دشمنی کے طور پر نبی اکرم ﷺ کو محمد کی بجائے مذمم کہتے تھے تو وہ لعنت اور برا بھلا مذمم پر واقع ہوتا تھا) میں تو محمد ہوں''۔

ذِكْرُ ظُهُوْرِ اللَّبَنِ مِنَ الضَّرْعِ الْحَائِلِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کے لیے ایسے تھن سے دودھ ظاہر ہونے کا تذکرہ' جس سے دودھ نہیں اتر سکتا

6504 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ

6503– حديث صحيح، إسناده على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير ابن أبي ذباب، واسمه الحارث بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَٰنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سعد فمن رجال مسلم، قال أبو زرعة: ليس به بأس، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال الذهبي في " الميزان ": ثقة، وقال أبو حاتم: يروي عن الدراوردي أحاديث منكرة ليس بالقوي، وفي "التقريب": صدوق يهم. ابن أبي ذئب: هو محمد بن عبد الرحمن بن المغيرة .وأخرجه الحميدي (1136) ، وأحمد 2/244، والبخاري (3533) في المناقب: باب ما جاء في أسماء رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، وأبو نعيم (142) ، والبيهقي 1/52 في "دلائل النبوة " من طريق سفيان بن عيينة، وأخرجه أحمد 2/369 عن ورقاء ، والنسائي 6/159 في الطلاق: باب الابانة والافصاح بالكلمة الملفوظ بها إذا قصد بها لما لا يحتمل معناها لم توجب شيئاً، ولم تثبت حكماً، عن شعيب، ثلاثتهم عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة.وأخرجه أحمد 2/340

6504– إسناده حسن، المعلى بن مهدى: هو ابن رستم الموصلي، ذكره المصنف في " الثقات " 9/182-183، وقال: يروى عن حماد بن زيد وجعفر بن سليمان الضبعي، حدثنا عنه إبراهيم بن عبد العزيز العمرى بالموصل وغيره، وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 8/335، وقال: روى عن أبي عوانة وجعفر بن سليمان، روى عنه علي بن الحسين بن الجنيد وعلي بن حرب، وسألت أبي عنه، فقال: شيخ موصلي أدركته ولم أسمع منه، يحدث أحياناً بالحديث المنكر .قلت: ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عاصم ابن بهدلة، وهو حسن الحديث. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وزر: هو ابن حبيش.والحديث عند أبي يعلى في " مسنده " (4985) .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (8456) عن خلف بن عمرو العكبري، حدثنا المعلى بن مهدى، بهذا الإسناد.وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 6/84 من طريق أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عوانة، به.وأخرجه مطولاً ومختصراً ابن أبي شيبة 11/510، وأحمد 1/379 و 453 و 457 و 462، والطيالسي (353) ، والطبراني في " الكبير " (8455) ، وأبو نعيم في "الحلية" 1/125، وفي "دلائل النبوة" (233) من طريق حماد بن سلمة، وأخرجه الطبراني في "الصغير" (513)

عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ يَافِعًا فِيْ غَنَمٍ لِعُقْبَةَ بْنَ اَبِيْ مُعَيْطٍ اَرْعَاهَا، فَاَتٰى عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ هَلْ مَعَكَ مِنْ لَبَنٍ؟ ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، وَلٰكِنِّيْ مُؤْتَمَنٌ، قَالَ: ائْتِنِيْ بِشَاةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ ، فَاَتَيْتُهُ بِعَنَاقٍ، فَاعْتَقَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَعَلَ يَمْسَحُ الضَّرْعَ، وَيَدْعُو حَتّٰى اَنْزَلَتْ، فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، فَاحْتَلَبَ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ: اشْرَبْ ، فَشَرِبَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ شَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ ، فَقَلَصَ، فَعَادَ كَمَا كَانَ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ مِنْ هٰذَا الْكَلَامِ اَوْ مِنْ هٰذَا الْقُرْآنِ، فَمَسَحَ رَاْسِيْ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ قَالَ: فَلَقَدْ اَخَذْتُ مِنْ فِيْهِ سَبْعِيْنَ سُوْرَةً، مَا نَازَعَنِيْ فِيْهَا بَشَرٌ

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں جوانی میں عقبہ بن ابومعیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس تشریف لائے اور انہوں نے دریافت کیا: اے لڑکے کیا تمہارے پاس دودھ ہے۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں لیکن میں امین ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس کوئی ایسی بکری لے کہ آؤ جس کے ساتھ کسی بکرے نے جفتی نہ کی ہو تو میں ایک سال کا بکری کا بچہ لے آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پکڑا پھر آپ نے اس کے تھن پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی' یہاں تک کہ اس کا دودھ اترنے لگا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی چیز لے کر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس برتن میں دودھ دوہ لیا پھر آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم پیو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے پی لیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسے پی لیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تھن سے یہ کہا تم خشک ہو جاؤ تو وہ خشک ہو گیا اور اس طرح ہو گیا جس طرح پہلے تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے بھی یہ کلام (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس قرآن کی تعلیم دیجئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک ایسے لڑکے ہو جو سمجھ بوجھ رکھتا ہے (یا جسے تعلیم دی جائے گی) راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی ستر سورتیں سیکھی ہیں۔ اس بارے میں کوئی شخص میرا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

ذِكْرُ شَهَادَةِ الشَّجَرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرِّسَالَةِ

(ایک) درخت کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دینے کا تذکرہ

6505 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، فَاَقْبَلَ اَعْرَابِيٌّ، فَلَمَّا دَنَا مِنْهُ، قَالَ رَسُوْلُ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَیْنَ تُرِیْدُ؟، قَالَ: اِلٰی اَهْلِی، قَالَ: هَلْ لَكَ اِلٰی خَیْرٍ؟، قَالَ: مَا هُوَ؟ قَالَ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، قَالَ: هَلْ مِنْ شَاهِدٍ عَلٰی مَا تَقُوْلُ؟ قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ السَّمُرَةُ، فَدَعَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهِیَ بِشَاطِءِ الْوَادِی، فَاَقْبَلَتْ تَخُدُّ الْاَرْضَ خَدًّا حَتّٰی كَانَتْ بَیْنَ یَدَیْهِ، فَاسْتَشْهَدَهَا ثَلَاثًا، فَشَهِدَتْ اَنَّهُ كَمَا قَالَ، ثُمَّ رَجَعَتْ اِلٰی مَنْبَتِهَا، وَرَجَعَ الْاَعْرَابِیُّ اِلٰی قَوْمِهِ، وَقَالَ: اِنْ یَّتَّبِعُوْنِیْ اَتَیْتُكَ بِهِمْ، وَاِلَّا رَجَعْتُ اِلَیْكَ فَكُنْتُ مَعَكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ایک دیہاتی آیا جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کہاں جارہے ہو۔ اس نے کہا: اپنے گھر والوں کی طرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں بھلائی میں کوئی دلچسپی ہے۔ اس نے جواب دیا: وہ کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس بات کی گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اس نے دریافت کیا: آپ جو بات کہہ رہے ہیں کیا اس کا کوئی گواہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ببول کا درخت ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت کو بلوایا۔ وہ اس وادی کے کنارے پر موجود تھا تو زمین کو چیرتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے تین مرتبہ کلمہ شہادت پڑھا اور اس بات کی گواہی دی کہ ایسا ہی ہے جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا ہے پھر وہ اس جگہ واپس چلا گیا جہاں وہ اُگا تھا جب وہ دیہاتی اپنی قوم کے پاس واپس جانے لگا تو وہ بولا: اگر ان لوگوں نے میری بات مان لی تو میں ان کو لے کر آپ کی خدمت میں آؤں گا ورنہ میں خود آپ کے پاس واپس آ جاؤں گا اور آپ کے ساتھ رہوں گا۔

6505– رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عبد الله بن عمر الجعفي، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث . ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان، وأبو حيان: هو يحيى بن سعيد التيمي .وقد أعله أبو حاتم فيما نقله عنه ابنه في " العلل " 1/293 بأن أبا حيان لم يسمع من عطاء ولم يرو عنه، وليس هذا الحديث من حديث عطاء .وأخرجه البيهقي في " دلائل النبوة " 15-6/14 عن أبي عبد اللّٰـه الحاكم، أخبرنا أبو بكر محمد بن عبد الله الوراق، أخبرنا الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأورده الحافظ ابن كثير في "الشمائل" ص 238 من طريق الحاكم، وقال: هذا إسناد جيد ولم يخرجوه، ولا رواه الإمام أحمد، والله أعلم. وأخرجه الدارمي 10-1/9 عن محمد بن طريف، حدثنا محمد بن فضيل، به .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (13582) عن أبي الفضل بن أبي روح البصري، والبزار (2411) عن علي بن المنذر، كلاهما عن عبد الله بن عمر الجعفي، به.وقال البزار: لا نعلم رواه عن ابن عمر بهذا اللفظ وهذا الإسناد، إلَّا محمد بن فضيل، ولا نعلم أسند أبوحيان عن عطاء إلَّا هذا الحديث.وأخرجه أبو يعلى (5662) عن أبي هشام الرفاعي، عن محمد بن فضيل، به . وأورده الهيثمي في " المجمع " 8/292، وقال: رواه الطبراني رجاله رجال الصحيح، ورواه أبو يعلى أيضاً والبزار.قلت: وفي الباب عن ابن عباس، وسيرد عند المصنف برقم (6523) وعن أنس عند أحمد 3/113:وهذا إسناد على شرط مسلم، وأخرجه ابن ماجه (4028) في الفتن: باب الصبر على البلاء ، عن محمد بن طريف، عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وعن جابر، وسيأتي عند المصنف برقم (6524) .

ذِكْرُ حَنِيْنِ الْجِذْعِ الَّذِیْ كَانَ يَخْطُبُ عَلَيْهِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَارَقَهُ

کھجور کے اس تنے کا نبی اکرم ﷺ کی جدائی میں رونے کا تذکرہ' جس کے ساتھ ٹیک لگا کر آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرماتے تھے

6506 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَی التَّیِمِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ الْمِصِّیْصِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ اِلٰی جِذْعٍ، فَيَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَاَنَّهُ لَمَّا صَنَعَ الْمِنْبَرَ تَحَوَّلَ اِلَيْهِ فَحَنَّ الْجِذْعُ، فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحَهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کھجور کے ایک تنے کے ساتھ ٹیک لگا کر جمعے کا خطبہ دیا کرتے تھے جب آپ نے منبر بنوایا اور آپ اس منبر کی طرف منتقل ہو گئے تو وہ تنا رونے لگا۔ نبی اکرم ﷺ اس کے پاس تشریف لائے اور آپ نے اپنا دست مبارک اس پر پھیرا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجِذْعَ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ اِنَّمَا سَكَنَ عَنْ حَنِيْنِهٖ بِاحْتِضَانِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' کھجور کا وہ تنا' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اس کا رونا اس وقت ختم ہوا تھا' جب نبی اکرم ﷺ نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا تھا

6507 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ،

6506– إسناده صحيح. أبو عبيدة الحداد: اسمه عبد الواحد بن واصل. وأخرجه الدارمي 1/15، والترمذي (505) في الصلاة: باب ما جاء في الخطبة على المنبر، والبيهقي في " السنن " 3/196، وفي " الدلائل " 2/556 و 557 و 558-557 من طريق عثمان بن عمر، عن معاذ بن العلاء، بهذا الإسناد. وعلقه البخاري بإثر حديث (3583) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، فقال: وقال عبد الحميد: أخبرنا عثمان بن عمر ...وأخرجه البخاري (3583)

6507– حديث صحيح، رجاله ثقات، لكن فيه عنعنة الحسن. وهو في "مسند أبي يعلى" (2756). وأخرجه أحمد 3/226، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات" (3341)، وابن خزيمة (1776)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/559 من طرق عن مبارك بن فضالة، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/19، والرمذي (3631) في المناقب: باب حنين الجذع له - صلى الله عليه وسلم -، وابن خزيمة من طرق عن عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أبي طلحة، عن أنس بنحوه. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه. قلت: وهذا إسناد رجاله رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه الدارمي 1/367، وابن ماجه (1415) في الإقامة: باب ما جاء في بدء شأن المنبر، وأبو يعلى (3384)، والبزار كما في "الشمائل" ص 240 لابن كثير من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس. وهذا إسناد صحيح على شرط مسلم.

قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلٰى جَنْبِ خَشَبَةٍ يُسْنِدُ ظَهْرَهُ اِلَيْهَا، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ، قَالَ: ابْنُوا لِي مِنْبَرًا ، فَبَنَوْا لَهُ مِنْبَرًا عَتَبَتَانِ، فَلَمَّا قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ لِيَخْطُبَ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَنَسٌ: وَاَنَا فِي الْمَسْجِدِ فَسَمِعْتُ الْخَشَبَةَ حَنَّتْ حَنِيْنَ الْوَلَدِ، فَمَا زَالَتْ تَحِنُّ حَتّٰى نَزَلَ اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاحْتَضَنَهَا، فَسَكَنَتْ ، قَالَ: وَكَانَ الْحَسَنُ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بَكٰى، ثُمَّ قَالَ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ الْخَشَبَةُ تَحِنُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَوْقًا اِلَيْهِ لِمَكَانِهِ مِنَ اللّٰهِ، فَاَنْتُمْ اَحَقُّ اَنْ تَشْتَاقُوا اِلٰى لِقَائِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ آپ اپنی پشت اس کے ساتھ لگا لیتے تھے جب لوگوں کا ہجوم زیادہ ہوگیا تو آپ نے فرمایا: میرے لئے منبر بنا دو تو لوگوں نے آپ کے لئے دو سیڑھیوں والا منبر بنا دیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لئے منبر پر کھڑے ہوئے تو وہ لکڑی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فراق میں رونے لگی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس وقت مسجد میں موجود تھا۔ میں نے اس لکڑی کی آواز سنی یوں جیسے کوئی بچہ روتا ہے اور وہ اس وقت تک روتی رہی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتر کر اس کے پاس تشریف نہیں لے گئے اور آپ نے اسے اپنے ساتھ نہیں لگا لیا (جب آپ نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا) تو وہ پرسکون ہوئی۔

راوی کہتے ہیں: جب حسن بصری یہ روایت بیان کرتے تھے تو وہ رونے لگ پڑتے تھے اور بولتے تھے اے اللہ کے بندو! ایک لکڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں روتی ہے۔ اس مرتبے اور مقام کی وجہ سے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کی بارگاہ میں حاصل ہے تو تم لوگ اس بات کے زیادہ حق دار ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کے مشتاق رہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ اَنَسٌ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

6508 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ اِلٰى جَنْبِ شَجَرَةٍ اَوْ جِذْعٍ اَوْ خَشَبَةٍ اَوْ شَيْءٍ يَسْتَنِدُ اِلَيْهِ يَخْطُبُ، ثُمَّ اتَّخَذَ مِنْبَرًا، فَكَانَ يَقُوْمُ عَلَيْهِ فَحَنَّتْ تِلْكَ الَّتِيْ كَانَ يَقُوْمُ عِنْدَهَا حَنِيْنًا سَمِعَهُ اَهْلُ الْمَسْجِدِ، فَاَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِمَّا قَالَ: مَسَحَهَا، وَاِمَّا قَالَ: فَاَمْسَكَهَا، فَسَكَنَتْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک درخت کے پہلو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک تنے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک لکڑی (یا شاید یہ الفاظ ہیں) کسی چیز کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر بنوالیا تو آپ اس پر کھڑے ہوئے تو وہ چیز رونے لگی جس کے قریب کھڑے ہو کر (آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دیا کرتے تھے) اس کے رونے کی آواز کو تمام اہل مسجد نے سنا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے (راوی کو شک ہے) شاید یہاں انہوں نے یہ الفاظ استعمال کئے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر ہاتھ پھیرا (یا پھر شاید یہ الفاظ استعمال کئے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پکڑ لیا تو اسے سکون آیا۔

ذِكْرُ بُرْءِ رِجْلِ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ الْمَقْطُوعَةِ عِنْدَ تَفْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن لگانے کی وجہ سے حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ کی کٹی ہوئی ٹانگ ٹھیک ہوگئی تھی

6509 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِی، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِی، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفَلَ فِیْ رِجْلِ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ حِينَ قُطِعَتْ رِجْلُهُ، فَبَرَاَ

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں جب حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ کی ٹانگ کٹ گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر اپنا لعاب دہن ڈالا تو وہ ٹھیک ہو گئے۔

6508- إسناده صحيح على شرط البخاري، أحمد بن المقدم العجلي روى له البخاري، ومن فوقه على شرط الشيخين. أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطعة .وأخرجه أحمد 3/306، وابن ماجه (1417) في الإقامة: باب ما جاء في بدء شأن المنبر، عن محمد بن أبي عدي، عن سليمان التيمي، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 143-1/142، وعبد الرزاق (5254)، وابن أبي شيبة 11/485-486، وأحمد 293/3 و 295 و 300 و 324، والدارمي 17-1/16 و 17 و 366، والبخاري (918) في الجمعة: باب الخطبة على المنبر، و (3584) و (3585) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والنسائي 3/102 في الجمعة: باب مقام الإمام في الخطبة، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" (353)، والبيهقي في "السنن" 3/195، وفي "الدلائل" 2/556 و 560 و 561 و 562 و 563، والبغوي (3724) من طرق عن جابر بنحوه.

6509- إسناده حسن، علي بن الحسين بن واقد روى له البخاري في "الأدب المفرد" ومسلم في المقدمة وأصحاب السنن، وهو صدوق، وباقي رجاله رجال الشيخين غير الحسين بن واقد، فمن رجال مسلم .وأخرجه أبو نعيم في "معرفة الصحابة" فيما نقله عنه الحافظ في "الإصابة" 3/18 من طريق الحسن بن سفيان، عن أبي عمار الحسين بن حريث، بهذا الإسناد .وأخرجه الروياني في "مسنده"، والضياء في "المختارة" كما في "الإصابة" من طريق محمد بن حميد الرازي، عن زيد بن الحباب، عن الحسين بن واقد، به. وعمرو بن معاذ: قيل: هو ابن الجموح، وقيل: هو أخو سعد بن معاذ، استشهد يوم أحد، قتله زيد بن الخطاب خطأ.

ذِكْرُ بُرْءِ رِجْلِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ مِنَ الضَّرْبَةِ الَّتِي اَصَابَتْهَا حِينَ تَفَلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا

اس بات کا تذکرہ' حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی ٹانگ پر لگنے والی ضرب' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن ڈالنے کی وجہ سے ٹھیک ہوگئی تھی

6510 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنَ اَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ اَثَرَ ضَرْبَةٍ فِيْ سَاقِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا مُسْلِمٍ مَا هٰذِهِ الضَّرْبَةُ؟ فَقَالَ: هٰذِهِ ضَرْبَةٌ اَصَابَتْنِيْ يَوْمَ حُنَيْنٍ، قَالَ النَّاسُ: اُصِيْبَ سَلَمَةُ، اُصِيْبَ سَلَمَةُ، قَالَ: فَاُتِيَ بِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَثَ فِيْهَا ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ، فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ

❀❀ یزید بن ابوعبید بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی پر کسی ضرب کا نشان دیکھا تو میں نے دریافت کیا: اے ابومسلم یہ ضرب کس چیز کی ہے انہوں نے فرمایا: یہ ضرب مجھے غزوہ حنین کے دن لگی تھی۔ لوگوں نے یہ کہا کہ اب سلمہ شہید ہو جائے گا۔ اب سلمہ شہید ہو جائے گا۔ راوی کہتے ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر تین مرتبہ اپنا لعاب دہن ڈالا تو اس کے بعد آج تک مجھے اس میں کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔

ذِكْرُ مَا سَتَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَيْنِ مَنْ قَصَدَهُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ بِاَذًى

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو اس مشرک کی نظر سے اوجھل کر دیا تھا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچانا چاہتا تھا

6511 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الطُّوْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ) (المسد: 1) جَاءَتِ امْرَاَةُ اَبِيْ لَهَبٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ، فَلَمَّا رَآهَا اَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا امْرَاَةٌ بَذِيئَةٌ، وَاَخَافُ اَنْ تُؤْذِيَكَ، فَلَوْ

6510- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاري (4206) في المغازي: باب غزوة خيبر، وأبو داود (3894) في الطب: باب كيف الرقى؟ والبيهقي في " الدلائل " 4/251 من طريق مكي بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

قُمْتَ، قَالَ: إِنَّهَا لَنْ تَرَانِي، فَجَاءَتْ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ صَاحِبَكَ هَجَانِي، قَالَ: لَا، وَمَا يَقُولُ الشِّعْرَ، قَالَتْ: أَنْتَ عِنْدِي مُصَدَّقٌ، وَانْصَرَفَتْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ تَرَكَ، قَالَ: لَا، لَمْ يَزَلْ مَلَكٌ يَسْتُرُنِي عَنْهَا بِجَنَاحِهِ *

33
33

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''ابولہب کے دونوں ہاتھ برباد ہو جائیں'' تو ابولہب کی بیوی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی۔ اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو دیکھا تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ عورت بڑی بدزبان ہے۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ یہ آپ کو اذیت پہنچائے گی اگر آپ تشریف لے جائیں (تو یہ مناسب ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ مجھے نہیں دیکھ سکے گی۔ وہ عورت آئی اس نے کہا: اے ابوبکر تمہارے آقا نے میری ہجو بیان کی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی نہیں وہ شعر تو کہتے ہی نہیں ہیں۔ اس عورت نے کہا: تم میرے نزدیک سچے آدمی ہو پھر وہ عورت چلی گئی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس نے آپ کو دیکھا ہی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں ایک فرشتے نے اپنے پروں کے ذریعے مجھے اس سے چھپایا ہوا تھا''۔

ذِكْرُ مَا اسْتَجَابَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا دَعَا عَلَى بَعْضِ الْمُشْرِكِينَ فِي بَعْضِ الْأَحْوَالِ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی اس دعا کو مستجاب کیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض حالات میں بعض مشرکین کے خلاف کی تھی

6512 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ:

6511– حديث صحيح بشواهده. محمد بن منصور الطوسي: ثقة روى له أبو داود والنسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عطاء بن السائب، فقد روى له البخاري مقروناً وأصحاب السنن، وقد حدث عنه عبد السلام بن حرب بعد الاختلاط. وهو في "مسند أبي يعلى" (25) و (2358). وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" (141) حدثنا إسحاق بن أحمد، قال: حدثنا إبراهيم بن يوسف، قال: حدثنا محمد بن منصور الطوسي، بهذا الإسناد. وأخرجه البزار (2294) و (2295) من طريقين عن أبي أحمد محمد بن عبد الله بن الزبير الزبيري، به. وقال البزار: وهذا أحسن الإسناد، ويدخل في مسند أبي بكر. وأورده الهيثمي في "المجمع" 7/144، ونسبه لأبي يعلى والبزار، وقال: وقال البزار: إنه حسن الإسناد. قلت (القائل الهيثمي): فيه عطاء بن السائب وقد اختلط.

6512– إسناده على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (6235)، وعنه أبو نعيم في "معرفة الصحابة" (1206) عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/97، والطبراني، والبيهقي في "السنن" 7/277، وفي "الدلائل" 6/238 من طريق أبي الوليد الطيالسي، به.

(متن حدیث):اَبْصَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: بُسْرُ بْنُ رَاعِي الْعِيرِ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ، فَقَالَ: كُلْ بِيَمِيْنِكَ قَالَ: لَا اَسْتَطِيعُ، قَالَ: لَا اسْتَطَعْتَ قَالَ: فَمَا نَالَتْ يَدُهُ اِلٰى فِيهِ بَعْدُ.

ایاس بن سلمہ بن اکوع بیان کرتے ہیں: میرے والد نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جس کا نام بسر بن راعی العیر تھا۔ وہ بائیں ہاتھ سے کھا رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اس نے کہا: میں یہ نہیں کرسکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ کر بھی نہیں سکو گے۔ راوی کہتے ہیں: تو پھر اس کے بعد اس کا (دایاں ہاتھ) کبھی اس کے منہ تک نہیں پہنچا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6513 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ الْاَهْوَازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيْهِ:

(متن حدیث):اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَأْكُلُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِمَالِهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلْ بِيَمِيْنِكَ قَالَ: لَا اَسْتَطِيعُ، فَقَالَ النَّبِيُّ: لَا اسْتَطَعْتَ ، فَمَا رَفَعَهَا اِلٰى فِيْهِ

ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھ کر بائیں ہاتھ سے کھانے لگا تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا تم اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اس نے کہا: میں یہ نہیں کر سکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ کر بھی نہیں سکو گے۔ اس کے بعد وہ شخص اپنا (دایاں ہاتھ) کبھی اپنے منہ تک نہیں اٹھا سکا۔

ذِكْرُ مَا جَعَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا دَعْوَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا بِاَهْلٍ وَّقُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کی اس شخص کے خلاف کی گئی دعا' جو اس کا اہل نہ ہو، اس دعا کو اپنی بارگاہ میں قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دیا ہے

6514 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ

6513– إسناده حسن كالذى قبله، رجاله رجال الصحيح . عبد الله: هو ابن المبارك .وأخرجه الطبراني (6236) من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 46-4/45 و 46 و 50، ومسلم (2021) في الأشربة: باب آداب الطعام، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/238 من طرق عن عكرمة، به.

مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ عِنْدَ اُمِّ سُلَيْمٍ يَتِيمَةٌ، فَرَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَنْتِ هِيَ؟ لَقَدْ كَبِرْتِ، لَا كَبِرَ سِنُّكِ، فَرَجَعَتِ الْيَتِيمَةُ اِلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ تَبْكِي، فَقَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: مَا لَكِ يَا بُنَيَّةُ؟ قَالَتِ الْجَارِيَةُ: دَعَا عَلَيَّ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَا يَكْبَرَ سِنِّي، فَالْاٰنَ لَا يَكْبُرُ سِنِّي اَبَدًا اَوْ قَالَتْ: قَرْنِي، فَخَرَجَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ مُسْتَعْجِلَةً تَلُوثُ خِمَارَهَا حَتّٰى لَقِيَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ مَالَكِ؟، قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَدَعَوْتَ عَلٰى يَتِيمَتِي؟، قَالَ: وَمَا ذَاكِ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ؟، قَالَتْ: زَعَمَتْ اَنَّكَ دَعَوْتَ عَلَيْهَا اَنْ لَا يَكْبَرَ سِنُّهَا، قَالَ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ اَمَا تَعْلَمِيْنَ شَرْطِي عَلٰى رَبِّي؟ اِنِّي اشْتَرَطْتُ عَلٰى رَبِّي، فَقُلْتُ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَرْضَى كَمَا يَرْضَى الْبَشَرُ، وَاَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ، فَاَيُّمَا اَحَدٍ دَعَوْتُ عَلَيْهِ مِنْ اُمَّتِي بِدَعْوَةٍ لَيْسَ لَهَا اَهْلٌ اَنْ يَجْعَلَهَا لَهُ طَهُوْرًا وَزَكَاةً وَقُرْبَةً يُقَرِّبُهُ بِهَا مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيمًا

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں ایک یتیم لڑکی تھی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو فرمایا کیا یہ تم ہو تمہاری عمر زیادہ ہو جائے گی لیکن تمہارے دانتوں کی عمر زیادہ نہیں ہوگی تو وہ یتیم لڑکی روتی ہوئی سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس گئی۔ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: اے لڑکی تمہیں کیا ہوا ہے۔ اس لڑکی نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے خلاف دعا کی ہے کہ میرے دانت بڑے نہ ہوں۔ اب تو میرے دانت کبھی بڑے نہیں ہوں گے۔ (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) میرے بال (بڑے نہیں ہوں گے) سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا تیزی سے اپنی چادر لپیٹ کر نکلی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: اے اُمّ سلیم! کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی کیا آپ نے میری یتیم لڑکی کے خلاف دعا کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے اُمّ سلیم! وہ کیسے؟ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اس لڑکی نے یہ بات بیان کی ہے کہ آپ نے اس کے خلاف یہ دعا کی ہے کہ اس کے دانت بڑے نہ ہوں۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔ آپ نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! تم یہ بات نہیں جانتی کہ میں نے پروردگار کے ساتھ کیا طے کیا ہے۔ میں نے اپنے پروردگار کے ساتھ یہ طے کیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار! میں ایک انسان ہوں میں بھی اسی طرح راضی ہوتا ہوں جیسے دوسرے لوگ راضی ہوتے ہیں اور اسی طرح غصے میں آجاتا ہوں جیسے دوسرے لوگ غصے میں آتے ہیں تو اپنی اُمت کے جس بھی شخص کے خلاف میں کوئی ایسی دعا کروں جس کا وہ اہل نہ ہو تو پروردگار اسے اس شخص کے حق میں طہارت کے حصول اور پاکیزگی کے حصول کا اور قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے جس کے ذریعے وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرے۔

6514- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه مسلم (2603) في البر والصلة: باب من لعنه النبي - صلى الله عليه وسلم - أو سبه ... عن زهير بن حرب أبي خيثمة وأبي معن الرقاشي، قالا: حدثنا عمر بن يونس، بهذا الإسناد.

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ بڑے رحم دل تھے۔

ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّجْعَلَ سِبَابَهٗ لِاُمَّتِهٖ قُرْبَةً لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

نبی اکرم ﷺ کا اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنا کہ وہ آپ ﷺ کے اپنی امت کو برا کہنے کو قیامت کے دن ان لوگوں کے لیے قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے

6515 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: (متن حدیث): اِنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَيُّمَا عَبْدٍ مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهٗ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ قُرْبَةً اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! میں جس بھی مومن بندے کو برا کہوں، تو اس چیز کو تو قیامت کے دن اپنی بارگاہ میں قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَرَاءَ السِّبَابِ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمَّتِهٖ اِنَّمَا سَاَلَ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَ ذٰلِكَ كُلَّهٗ قُرْبَةً لَهُمْ، وَصَدَقَةً عَلَيْهِمْ فِیْ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا اپنی امت کو برا کہنے کے علاوہ جو کچھ کہنا ہے

اس کے بارے میں آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ ان سب چیزوں کو ان لوگوں کے لیے قیامت کے دن قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے اور ان کے لیے صدقہ بنا دے

6516 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

6515- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. يونس: هو ابن يزيد الأيلي. وأخرجه مسلم (2601) (92) في البر والصلة: باب من لعنه النبي - صلى الله عليه وسلم - أو سبه ... عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6361) في الدعوات: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "من آذيته فاجعله له زكاة ورحمة"، عن أحمد بن صالح، حدثنا ابن وهب، به. وأخرجه مسلم (2601) (93) من طريق يعقوب بن إبراهيم، عن ابن أخي الزهري، عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 2/449 و 488 و 493 و 496، ومسلم من طرق عن أبي هريرة بنحوه، وانظر ما بعده.

6516- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "صحيفة همام" (87). وأخرجه أحمد 2/316-317، والبغوي (1239) عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وقوله: "صلاة" أي: رحمة، والصلاة من الله مفسرة بالرحمة، وقوله: "زكاة" يحتمل أن يراد ترقية لنفسه، ويحتمل أن يراد الزيادة في الأجر، كما عبر عنها في الرواية الأخرى بالأجر. وفي هذا الحديث بيان ما اتصف به - صلى الله عليه وسلم - من شفقته على أمته واعتنائه بمصالحهم، وجميل خلقه، وكرم ذاته، حيث قصد مقابلة ما وقع منه بالجبر والتكريم.

عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اِنِّى اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَهُ، وَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ آذَيْتُهُ اَوْ شَتَمْتُهُ اَوْ جَلَدْتُهُ اَوْ لَعَنْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ صَلَاةً وَزَكَاةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے اللہ! میں نے تجھ سے یہ عہد لیا ہے جس کی تو خلاف ورزی نہیں کرے گا کہ میں ایک انسان ہوں جس مومن کو میں اذیت پہنچاؤں یا اسے برا کہوں یا اسے کوڑا ماروں یا اس پر لعنت کروں تو' تو اسی چیز کو اس شخص کے حق میں رحمت، پاکیزگی اور قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے جس کے ذریعے وہ قیامت کے دن تیرا قرب حاصل کرے''۔

ذِكْرُ مَا اسْتَجَابَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ رَاحِلَةِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

اس بات کا تذکرہ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی سواری کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی دعا کو مستجاب کیا تھا

6517 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَقْبَلْنَا مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاَعْيَا جَمَلِى، فَتَخَلَّفْتُ عَلَيْهِ اَسُوْقُهُ، قَالَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَاجَةٍ مُتَخَلِّفًا، فَلَحِقَنِىْ، فَقَالَ لِىْ: مَا لَكَ مُتَخَلِّفًا؟ ، قَالَ: قُلْتُ: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِلَّا اَنَّ جَمَلِىْ ظَالِعٌ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَلْحَقَهُ بِالْقَوْمِ، قَالَ: فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَنَبِهِ، فَضَرَبَهُ، ثُمَّ زَجَرَهُ، فَقَالَ: ارْكَبْ قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُنِىْ بَعْدُ، وَاِنِّى لَاَكُفُّهُ عَنِ الْقَوْمِ، قَالَ: فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا دُوْنَ الْمَدِيْنَةِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَعَجَّلَ اِلٰى اَهْلِى، فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَاْتِ اَهْلَكَ طُرُوْقًا قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّى حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، قَالَ: فَمَا تَزَوَّجْتَ؟ ، قُلْتُ: امْرَاَةً ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ؟ ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ تُوُفِّىَ اَوِ اسْتُشْهِدَ، وَتَرَكَ جَوَارِىَ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ عَلَيْهِنَّ مِثْلَهُنَّ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ: اَحْسَنْتَ وَلَا اَسَاْتَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: بِعْنِىْ جَمَلَكَ هٰذَا قَالَ: قُلْتُ: لَا بَلْ هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا بَلْ بِعْنِيْهِ ، قَالَ: قُلْتُ: هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا بَلْ بِعْنِيْهِ ، قُلْتُ: اَجَلْ عَلٰى اُوْقِيَّةِ ذَهَبٍ، فَهُوَ لَكَ بِهَا، قَالَ: قَدْ

6517- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى " (1898) ، وقد تقدم مختصراً من طريق عثمان بن أبي شيبة عن جرير بهذا الإسناد، وانظر ما بعده، والحديث الآتي برقم (7143) .

اَخَذْتُهُ، فَتَبَلَّغَ عَلَيْهِ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ: اَعْطِهِ اُوْقِيَّةَ ذَهَبٍ، وَزِدْهُ، قَالَ: فَاَعْطَانِيْ اُوْقِيَّةَ ذَهَبٍ، وَزَادَنِيْ قِيْرَاطًا، قَالَ: فَقُلْتُ: لَا تُفَارِقُنِيْ زِيَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَكَانَ فِيْ كِيْسٍ لِيْ، فَاَخَذَهُ اَهْلُ الشَّامِ يَوْمَ الْحَرَّةِ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کی طرف آ رہے تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میرا اونٹ تھک چکا تھا۔ میں اسے پیچھے لے کر چل رہا تھا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کے سلسلے میں پیچھے رہ گئے۔ آپ مجھے آ کر ملے تو آپ نے مجھ سے دریافت کیا: کیا وجہ ہے تم پیچھے کیوں چل رہے ہو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: جی نہیں۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا اونٹ تھک گیا ہے ورنہ میرا تو ارادہ ہے میں لوگوں کے ساتھ چلوں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیچھے والے حصے پر مارا اور اسے ڈانٹا پھر آپ نے فرمایا: تم سوار ہو جاؤ۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس کے بعد میں نے خود کو دیکھا کہ میں اسے روک روک کر لوگوں کے ساتھ چل رہا تھا۔ (یعنی وہ لوگوں سے آگے نکلا جار ہا تھا) راوی کہتے ہیں: مدینہ منورہ سے پہلے ہم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا میں نے اپنے گھر جلدی جانے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تم رات کے وقت اپنی بیوی کے پاس نہ جاؤ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری نئی نئی شادی ہوئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے کس کے ساتھ شادی کی ہے۔ میں نے عرض کی: ایک ثیبہ عورت کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے کنواری کے ساتھ کیوں نہیں کی تا کہ تم اس کے ساتھ خوش فعلیاں کرتے اور وہ تمہارے ساتھ کرتی۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (میرے والد) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) شہید ہو گئے۔ انہوں نے کچھ بیٹیاں (پسماندگان میں) چھوڑی تھیں تو مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ شادی کر کے ان کے پاس ایسی لڑکی لے آؤں جو ان کی مانند ہو۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا: تم نے اچھا کیا یا تم نے برا کیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنا یہ اونٹ مجھے فروخت کر دو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ویسے ہی آپ کا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اسے مجھے فروخت کرو میں نے عرض کی۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ آپ کا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اسے مجھے فروخت کرو۔ میں نے عرض کی: ٹھیک ہے۔ سونے کے ایک اوقیہ کے عوض میں (میں آپ کو فروخت کرتا ہوں) یہ آپ کا ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے یہ لے لیا تم اس پر سوار ہو کر مدینہ تک جا سکتے ہو جب میں مدینہ آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ اسے سونے کا ایک اوقیہ دے دو اور (ایک اوقیہ سے) زیادہ دینا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے مجھے سونے کا ایک اوقیہ اور ایک قیراط دیا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے یہ طے کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دی گئی اضافی ادائیگی مجھ سے کبھی جدا نہیں ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: وہ میرے پاس ایک تھیلی میں موجود رہی' یہاں تک واقعہ حرہ کے موقع پر اہل شام نے اسے چھین لیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ الرَّاحِلَةَ عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بَعْدَ اَنْ اَوْفَاهُ ثَمَنَهَا هِبَةً لَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو ان کے اونٹ کی پوری قیمت ادا کرنے کے بعد ان کی سواری ہبہ کے طور پر انہیں واپس کردی تھی

6518 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْخَلِيلِ ابْنِ بِنْتِ تَمِيمِ بْنِ الْمُنْتَصِرِ الْبَزَّارُ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ، فَاَبْطَاَ بِيْ جَمَلِي، فَتَخَلَّفْتُ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَجَنَهُ بِمِحْجَنِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: ارْكَبْ، فَرَكِبْتُهُ، فَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اَكُفُّهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَتَزَوَّجْتَ؟، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا؟، فَقُلْتُ: بَلْ، ثَيِّبًا قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ، فَقُلْتُ: اِنَّ لِي اَخَوَاتٍ، فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ امْرَاَةً تَجْمَعُهُنَّ وَتَمْشُطُهُنَّ وَتَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: اَمَا اِنَّكَ قَادِمٌ، فَاِذَا قَدِمْتَ، فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ ثُمَّ قَالَ: اَتَبِيعُ جَمَلَكَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، فَاشْتَرَاهُ مِنِّي بِاُوقِيَّةٍ، ثُمَّ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلِي، وَقَدِمْتُ بِالْغَدَاةِ، فَجِئْتُ الْمَسْجِدَ، فَوَجَدْتُهُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، قَالَ: اَلْاٰنَ حِينَ قَدِمْتَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَدَعْ جَمَلَكَ، وَادْخُلْ، فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، قَالَ: فَدَخَلْتُ، فَصَلَّيْتُ، ثُمَّ رَجَعْتُ، وَاَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَزِنَ لِي اُوقِيَّةً، قَالَ: فَوَزَنَ لِي بِلَالٌ، فَاَرْجَحَ فِي الْمِيزَانِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ، قَالَ: ادْعُ لِي جَابِرًا، فَدُعِيتُ، فَقُلْتُ: اَلْاٰنَ يَرُدُّ عَلَيَّ الْجَمَلَ، وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْهُ، قَالَ: جَمَلُكَ وَثَمَنُهُ لَكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک غزوہ میں شرکت کے لئے روانہ ہوا۔ میرا اونٹ سست ہوگیا تھا۔ اس لئے میں لوگوں سے پیچھے رہ گیا (راستے میں کسی جگہ) نبی اکرم ﷺ اپنی سواری سے نیچے اترے آپ نے اپنی چھڑی کے ذریعے میرے اونٹ کو مارا اور پھر مجھ سے فرمایا تم اس پر سوار ہو جاؤ جب میں اس پر سوار ہوا تو میں نے خود کو دیکھا میں اس اونٹ کو نبی اکرم ﷺ سے آگے نکلنے سے روک رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے شادی کر لی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کنواری کے ساتھ یا ثیبہ کے ساتھ میں نے عرض کی: بلکہ ثیبہ کے ساتھ؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے کسی کنواری کے ساتھ شادی کیوں نہیں کی کہ تم اس کے خوش فعلیاں کرتے اور وہ تمہارے ساتھ کرتی۔ میں نے عرض

6518– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو موسى: هو محمد بن المثنى بن عبيد العنزي . وانظر الحديث الآتي برقم (7143).

کی: میری بہنیں ہیں۔ مجھے یہ اچھا لگا کہ میں کسی ایسی عورت کے ساتھ شادی کروں جوان کا خیال رکھے۔ ان کی کنگھی کرے ان کی نگرانی کرے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب تم (اپنے گھر) جانے لگے ہو۔ جب تم جاؤ تو عقل مندی کا مظاہرہ کرنا عقلمندی کا مظاہرہ کرنا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم اپنا اونٹ فروخت کرو گے میں نے عرض کی: جی ہاں تو نبی اکرم ﷺ نے ایک اوقیہ کے عوض میں وہ مجھ سے خرید لیا پھر نبی اکرم ﷺ مجھ سے پہلے (مدینہ منورہ) تشریف لے آئے۔ میں اگلے دن آیا میں مسجد میں آیا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو مسجد کے دروازے پر پایا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم اب آئے ہو۔ میں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے اونٹ کو چھوڑ و اور (مسجد کے اندر) جا کر دو رکعات ادا کرو۔ راوی کہتے ہیں: میں اندر آیا میں نے نماز ادا کی جب میں واپس آیا تو آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا کہ مجھے وزن کر کے ایک اوقیہ دیدیں۔ راوی کہتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے مجھے وزن کر کے دیا اور میزان میں (میرے پلڑے کو) وزنی رکھا۔ راوی کہتے ہیں: جب میں وہاں سے روانہ ہوا اور مڑ گیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جابر کو میرے پاس بلا کر لاؤ مجھے بلایا گیا تو میں نے اندازہ لگا لیا کہ اب نبی اکرم ﷺ وہ اونٹ مجھے واپس کردیں گے مجھے یہ بات سب سے زیادہ ناپسند تھی لیکن نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اونٹ بھی تمہارا ہوا اور قیمت بھی تمہاری ہوئی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اسْتَثْنَى حُمْلَانَ رَاحِلَتِهِ الَّتِیْ وَصَفْنَاهَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ بَعْدَ الْبَيْعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اپنی اس سواری پر' مدینہ منورہ تک سوار رہنے کا استثناء کیا تھا' جس سواری کی صفت ہم نے بیان کی ہے اور یہ استثناء سودا ہو جانے کے بعد تھا

6519 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدِ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ كَانَ يَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَهُ قَدْ اَعْيٰى، فَاَرَادَ اَنْ يُّسَيِّبَهُ، قَالَ: فَلَحِقَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا لَهُ وَضَرَبَهُ، فَسَارَ سَيْرًا لَمْ يَسِرْ مِثْلَهُ، وَقَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَقُلْتُ: لَا، ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَقُلْتُ: لَا، ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَبِعْتُهُ بِاُوقِيَّةٍ، وَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهُ اِلٰى اَهْلِي، فَلَمَّا بَلَغْتُ اَتَيْتُهُ، فَقَالَ لِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُرَانِيْ مَاكَسْتُكَ لِآخُذَ جَمَلَكَ وَدَرَاهِمَكَ؟ فَهُمَا لَكَ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ اپنے اونٹ پر سفر کر رہے تھے جو تھک چکا تھا۔ انہوں نے اس اونٹ کو ویسے ہی چھوڑ دینے کا ارادہ کر لیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مجھ سے ملاقات ہوئی تو نبی اکرم ﷺ نے اس اونٹ کے لئے دعا کی۔ آپ نے اسے مارا تو وہ اتنی تیزی سے چلنے لگا کہ وہ پہلے کبھی اتنا تیز نہیں چلتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

6519- إسناده صحيح على شرط مسلم، علي بن خشرم من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. عيسى بن يونس: هو ابن أبي إسحاق السبيعي، وزكريا: هو ابن أبي زائدة، وعامر: هو الشعبي. وانظر الحديث المتقدم برقم (4912).

ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کردو۔ میں نے عرض کی: جی نہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کردو میں نے عرض کی: جی نہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کردو تو میں نے ایک اوقیہ کے عوض میں اسے فروخت کردیا۔ میں نے اس سودے میں یہ استثناء کیا کہ میں اس پر سوار ہو کر اپنے گھر تک جاؤں گا جب میں (مدینہ منورہ) پہنچا تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا کیا تم یہ سمجھ رہے تھے کہ میں نے تمہارے اونٹ اور درہموں کی وجہ سے تمہارے ساتھ یہ سودا کیا۔ یہ دونوں تمہارے ہوئے۔

ذِكْرُ مَا اَكْرَمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَزِيمَةِ الْمُشْرِكِينَ عَنْهُ عَنْ قَبْضَةِ تُرَابٍ رَمَاهُمْ بِهَا

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ عزت عطا کی کہ آپ ﷺ کے مٹھی بھر مٹی پھینکنے کی وجہ سے' مشرکین کو پسپا کردیا گیا' جب وہ مٹی آپ ﷺ نے ان کی طرف پھینکی تھی

6520 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ابْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِی، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا، قَالَ فَلَمَّا وَاجَهْنَا الْعَدُوَّ، تَقَدَّمْتُ، فَاَعْلُو ثَنِيَّةً، فَاسْتَقْبَلَنِیْ رَجُلٌ مِّنَ الْعَدُوِّ، فَاَرْمِيهِ بِسَهْمٍ، فَتَوَارَى عَنِّی، فَمَا دَرَيْتُ مَا اَصْنَعُ، ثُمَّ نَظَرْتُ اِلَى الْقَوْمِ، فَاِذَا هُمْ قَدْ طَلَعُوْا مِنْ ثَنِيَّةٍ اُخْرَى، فَالْتَقَوْا هُمْ وَصَحَابَةُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَلَّى صَحَابَةُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَرْجِعُ مُنْهَزِمًا، وَعَلَیَّ بُرْدَتَانِ مُتَّزِرًا بِاِحْدَاهُمَا، مُرْتَدِيًا بِالْاُخْرَى، قَالَ: فَانْطَلَقَ رِدَائِی، فَجَمَعْتُهُ، وَمَرَرْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْهَزِمًا، وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ رَاٰى ابْنُ الْاَكْوَعِ فَزِعًا، فَلَمَّا غَشُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَنِ الْبَغْلَةِ، ثُمَّ قَبَضَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ مِنَ الْاَرْضِ، ثُمَّ اسْتَقْبَلَ بِهِ وُجُوهَهُمْ، فَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ، فَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْهُمْ اِنْسَانًا اِلَّا مَلَاَ اللّٰهُ عَيْنَهُ تُرَابًا بِتِلْكَ الْقَبْضَةِ، فَوَلَّوْا مُدْبِرِينَ، فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ، وَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ

❁❁ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں۔ میرے والد نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے ہم نے

6520– إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث . وابن سلمة بن الأكوع: هو إياس . وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 5/140 عن أبي يعلى، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم (1777) في الجهاد والسير: باب في غزوة حنين، عن أبي خيثمة زهير بن معاوية، به . وقوله: "منهزماً" حال من ابن الأكوع كما صرح أولاً بانهزامه، وكما يدل عليه قوله - صلى الله عليه وسلم - بعده: " لقد رأى الأكوع فزعاً "، وانظر " شرح مسلم " 12/122 للنووي.

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ حنین میں شرکت کی۔ راوی کہتے ہیں: جب ہم دشمن کے مدمقابل آئے تو میں آگے بڑھا اور میں ایک ٹیلے پر چڑھ گیا دشمن کا ایک شخص میرے مدمقابل آیا تو میں نے اسے تیر مارا۔ وہ میری نگاہوں سے اوجھل ہو گیا۔ مجھے اندازہ نہیں ہوا کہ مجھے کیا کرنا چاہئے۔ جب میں نے لوگوں کی صورت حال کا جائزہ لیا تو دشمن دوسری گھاٹی سے نمودار ہو رہا تھا۔ اس کا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کا سامنا ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ لوگ منہ پھیر کر پیچھے ہٹ گئے میں بھی پسپا ہو کر پیچھے ہٹا۔ میرے جسم پر دو چادریں تھیں جن میں سے ایک کو میں نے تہبند کے طور پر باندھا ہوا تھا اور دوسری کو جسم پر لپیٹا ہوا تھا۔ میری وہ والی چادر گر گئی تو میں نے اسے اٹھایا اور لپیٹا میرا گزر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ہوا جو پسپا ہونے کی صورت حال میں تھے۔ آپ اس وقت اپنے سفید خچر پر سوار تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ابن اکوع نے گھبراہٹ دیکھ لی ہے جب دشمن نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیر لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خچر سے نیچے اترے۔ آپ نے زمین سے مٹھی بھر مٹی لی اور اسے ان لوگوں کی طرف پھینک دیا۔ آپ نے فرمایا: ان کے چہرے بگڑ جائیں تو ان میں سے جو بھی شخص تھا اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھ کو مٹی سے بھر دیا جو اس مٹھی (میں سے ان کی طرف آئی تھی) تو وہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں پسپا کر دیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا مال غنیمت مسلمانوں کے درمیان تقسیم کیا۔

ذِكْرُ تَكْبِيرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ رُؤْيَتِهِ اَهْلَ حُنَيْنٍ فِي الْحَالِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اہل حنین کو ایسی حالت میں دیکھ کر تکبیر کہنے کا تذکرہ جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

6521 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اشْتَدَّ الْقِتَالُ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَكُنْتُ رَدِيفَ اَبِيْ طَلْحَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ

قَالَ: فَمَا لَبِثْتُ اَنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر لڑائی شدید ہو گئی میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اکبر خیبر برباد ہو گیا جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ان لوگوں کی حالت بری ہوتی ہے۔ جنہیں ڈرایا گیا تھا۔

راوی کہتے ہیں: اس کے کچھ ہی دیر بعد اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح عطا کر دی۔

6521– حديث صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير مبارك بن فضالة، فقد روى له أصحاب السنن، وهو مدلس، وقد عنعن. وقد تقدم الحديث من طريق آخر صحيح برقم (4725) و (4726)، وسيأتي أيضاً برقم (7212).

ذِكْرُ سُقُوطِ الْاَصْنَامِ الَّتِىْ فِى الْكَعْبَةِ بِاِشَارَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهَا دُوْنَ مَسِّهَا بِشَىْءٍ مِنْهُ

خانہ کعبہ میں موجود بتوں کا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان کی طرف اشارہ کرنے کی وجہ سے گر جانے کا تذکرہ' حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چھوا نہیں تھا

6522 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ وَجَدَ بِهَا ثَلَاثَ مِائَةٍ وَّسِتِّيْنَ صَنَمًا، فَاَشَارَ بِعَصًا اِلٰى كُلِّ صَنَمٍ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا، فَسَقَطَ الصَّنَمُ، وَلَمْ يَمَسَّهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے تو آپ نے وہاں تین سو ساٹھ بت پائے۔ آپ عصا کے ذریعے ان میں سے ہر ایک بت کی طرف اشارہ کرتے اور یہ کہتے تھے: ''حق آ گیا اور باطل رخصت ہو گیا۔ بے شک باطل نے رخصت ہی ہونا تھا' تو وہ بت گر جاتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بتوں کو چھوا نہیں۔

ذِكْرُ مَا اَبَانَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنْ دَلَائِلِ صَفِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صِحَّةِ نُبُوَّتِهٖ مِنْ طَاعَةِ الْاَشْجَارِ لَهُ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی نبوت کے صحیح ہونے کی دلیل کے طور یہ چیز ظاہر کی کہ درخت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کرتے تھے

6522– إسناده ضعيف، عاصم بن عمر: هو العمري، ضعفه أحمد وابن معين وغيرهم، وقال البخاري: منكر الحديث، وقال الترمذي: متروك. وذكره المؤلف في "المجروحين" 2/127، وقال: منكر الحديث جداً، يروي عن الثقات ما لا يشبه حديث الأثبات، لا يجوز الاحتجاج به إلا فيما وافق الأثبات، ثم ذكره في "الثقات" 7/259، وقال: يخطء ويخالف. وأخرجه الطبراني (13643) عن محمد بن نصر الصائغ البغدادي، حدثنا محمد بن إسحاق المسيبي، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع" 6/176 فقال: رواه الطبراني في "الأوسط" و"الكبير"، وفيه عاصم بن عمر العمري، وهو متروك، ووثقه ابن حبان، وقال: يخطء ويخالف. وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 5/72 من طريق القاسم بن عبد الله العمري، عن عبد الله بن دينار، به. وهذا إسناد ضعيف جداً، القاسم هذا اتهمه الإمام أحمد بالكذب والوضع. وقال البيهقي: هذا الإسناد وإن كان ضعيفاً، فالذي قبله يؤكده. وذكر حديثاً عن ابن عباس بنحوه، ورواه الطبراني أيضاً، وقال عنه الهيثمي في "المجمع" 6/176: رجاله ثقات. قلت: ويشهد له حديث ابن مسعود المتقدم عند المصنف برقم (5862).

6523 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي عَامِرٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهُ يُدَاوِي وَيُعَالِجُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ تَقُوْلُ اَشْيَاءَ، هَلْ لَكَ اَنْ اُدَاوِيَكَ؟ قَالَ: فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ لَكَ اَنْ اُرِيَكَ آيَةً وَعِنْدَهُ نَخْلٌ وَّشَجَرٌ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِذْقًا مِنْهَا، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ وَهُوَ يَسْجُدُ وَيَرْفَعُ رَاْسَهُ، وَيَسْجُدُ وَيَرْفَعُ رَاْسَهُ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ اِلَى مَكَانِكَ، فَقَالَ الْعَامِرِيُّ: وَاللّٰهِ، لَا اُكَذِّبُكَ بِشَيْءٍ تَقُوْلُهُ اَبَدًا، ثُمَّ قَالَ: يَا آلَ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ، وَاللّٰهِ لَا اُكَذِّبُهُ بِشَيْءٍ.

قَالَ: وَالْعِذْقُ: النَّخْلَةُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بنو عامر سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ شخص دوا دیا کرتا تھا اور علاج کرتا تھا۔ اس نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے کچھ نظریات ہیں کیا آپ کو اس بارے میں دلچسپی ہے کہ میں آپ کو کوئی دوائی دوں۔ (یعنی آپ کا ذہنی توازن ٹھیک نہیں تو میں آپ کو اس کی دوا دیتا ہوں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں اس بات میں دلچسپی ہے کہ میں تمہیں کوئی نشانی دکھاؤں۔ اس وقت اس شخص کے پاس ایک کھجور کا درخت تھا اور ایک دوسرا درخت تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے درخت کو اپنے پاس بلایا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کبھی سجدہ کرتا ہوا کبھی سر کو اٹھاتا ہوا کبھی سجدہ کرتا ہوا کبھی اپنے سر کو اٹھاتا ہوا آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ گیا اور آ کے آپ کے سامنے کھڑا ہو گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم اپنی جگہ پر واپس چلے جاؤ تو بنو عامر قبیلے سے تعلق رکھنے والے اس شخص نے کہا: اللہ کی قسم! اب میں کبھی بھی آپ کو کسی بھی ایسی بات کے حوالے سے جھوٹا قرار نہیں دوں گا' جو بات آپ بیان کریں گے پھر اس شخص نے کہا: اے عامر بن صعصعہ کی اولاد اللہ کی قسم! میں ان کی کسی بھی بات کو جھٹلاؤں گا نہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ عذق سے مراد کھجور کا درخت ہے۔

6523- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم السامي، فقد روى له النسائي، وهو ثقة. وأخرجه أبو يعلى (2350) عن إبراهيم بن الحجاج السامي، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (12595)، وأبو نعيم (297)، والبيهقي 6/16-17 كلاهما في "دلائل النبوة" من طريقين عن عبد الواحد بن زياد، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 9/10 ونسبه لأبي يعلى فقط، وقال: رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي، وهو ثقة. وأخرجه البخاري في "التاريخ الكبير" 3/3، والترمذي (3628) في المناقب: باب رقم (6)، وقال: حسن غريب صحيح، والطبراني في "الكبير" (12622)، والحاكم 2/620 وصححه على شرط مسلم ووافقه الذهبي، والبيهقي في "الدلائل" 6/15 من طريق محمد بن سعيد ابن الأصبهاني، حدثنا شريك القاضي، عن سماك، حدثنا أبو ظبيان حصين بن جندب، عن ابن عباس بنحوه، وزاد فيه قول الأعرابي: أشهد أنك رسول الله، وآمن.

ذِكْرُ خَبَرٍ فِيهِ دَلَائِلُ مَعْلُومَةٌ عَلَى صِحَّةِ مَا اَصَّلْنَاهُ مِنْ اِثْبَاتِ الْاَشْيَاءِ الْمُعْجِزَةِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس روایت کا تذکرہ، جس میں اس بات کے متعین دلائل موجود ہیں جو ہماری بیان کردہ اصل کے صحیح ہونے (پر دلالت کرتے ہیں) کہ نبی اکرم ﷺ کے کچھ معجزات ثابت ہیں

6524 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، فِيْ كِتَابِهٖ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ الْكِلَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ مُجَاهِدٍ اَبُوْ حَزْرَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سِرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى نَزَلْنَا وَادِيًا اَفْيَحَ، فَذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي حَاجَتَهُ، وَاتَّبَعْتُهُ بِاِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَرَ شَيْئًا لِيَسْتَتِرَ بِهٖ، فَاِذَا شَجَرَتَانِ بِشَاطِئِ الْوَادِي، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اِحْدَاهُمَا، فَاَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ اَغْصَانِهَا، فَقَالَ: انْقَادِيْ عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَالْبَعِيرِ الْمَخْشُوشِ الَّذِيْ يُصَانِعُ قَائِدَهُ حَتّٰى اَتَى الشَّجَرَةَ الْاُخْرَى، فَاَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ اَغْصَانِهَا، فَقَالَ: انْقَادِيْ عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَذٰلِكَ حَتّٰى اِذَا كَانَ النِّصْفُ جَمَعَهُمَا، فَقَالَ: الْتَئِمَا عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَالْتَامَتَا، قَالَ جَابِرٌ: فَخَرَجْتُ اُحْضِرُ مَخَافَةَ اَنْ يُحِسَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُرْبِيْ فَيَتَبَاعَدَ، فَجَلَسْتُ، فَحَانَتْ مِنِّي لَفْتَةٌ، فَاِذَا اَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلٌ، وَاِذَا الشَّجَرَتَانِ قَدِ افْتَرَقَتَا، فَقَامَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا عَلٰى سَاقٍ، فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ وَقْفَةً، فَقَالَ بِرَاْسِهٖ هٰكَذَا يَمِيْنًا وَيَسَارًا، ثُمَّ اَقْبَلَ، فَلَمَّا انْتَهٰى اِلَيَّ، قَالَ: يَا جَابِرُ هَلْ رَاَيْتَ مَقَامِي؟، قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَانْطَلِقْ اِلَى الشَّجَرَتَيْنِ، فَاقْطَعْ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا غُصْنًا، فَاَقْبِلْ بِهِمَا، حَتّٰى اِذَا قُمْتَ مَقَامِي اَرْسِلْ غُصْنًا عَنْ يَمِيْنِكَ وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِكَ قَالَ جَابِرٌ: فَاَخَذْتُ حَجَرًا، فَكَسَرْتُهُ، فَاَتَيْتُ الشَّجَرَتَيْنِ، فَقَطَعْتُ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا غُصْنًا، ثُمَّ اَقْبَلْتُ اَجُرُّهُمَا، حَتّٰى اِذَا قُمْتُ مَقَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلْتُ غُصْنًا عَنْ يَمِيْنِيْ، وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِي، ثُمَّ لَحِقْتُهُ، فَقُلْتُ: قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَعَمَّ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: اِنِّي مَرَرْتُ بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ، فَاَحْبَبْتُ بِشَفَاعَتِيْ اَنْ يُرَفَّهَ عَنْهُمَا مَا دَامَ الْغُصْنَانِ رَطْبَيْنِ فَاَتَيْنَا الْعَسْكَرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جَابِرُ نَادِ بِوَضُوْءٍ،

6524- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يعقوب بن مجاهد، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (3012) في الزهد: باب حديث جابر الطويل، والبيهقي في "دلائل النبوة" 10-6/7 عن هارون بن معروف ومحمد بن عباد قالا: حدثنا حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد.

فَقُلْتُ: اَلا وَضُوءَ اَلا وَضُوءَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا وَجَدْتُ فِي الرَّكْبِ مِنْ قَطْرَةٍ، وَكَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يُبَرِّدُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَشْجَابٍ لَهُ، فَقَالَ: انْطَلِقْ اِلٰى فُلَانِ الْاَنْصَارِيِّ، فَانْظُرْ هَلْ فِيْ اَشْجَابِهٖ مِنْ شَيْءٍ؟، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ اِلَيْهِ، فَنَظَرْتُ فِيْهَا، فَلَمْ اَجِدْ فِيْهَا اِلَّا قَطْرَةً فِيْ عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا، لَوْ اَنِّي اُفْرِغُهُ مَا كَانَتْ شَرْبَةً، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ اَجِدْ فِيْهَا اِلَّا قَطْرَةً فِيْ عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا لَوْ اَنِّي اُفْرِغُهُ لَشَرِبَهُ يَابِسُهُ.

قَالَ: اذْهَبْ فَاْتِنِيْ بِهٖ، فَاَخَذَهُ بِيَدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ يَتَكَلَّمُ بِشَيْءٍ لَا اَدْرِي مَا هُوَ، وَيَغْمِزُهُ بِيَدِهٖ، ثُمَّ اَعْطَانِيْهِ، فَقَالَ: يَا جَابِرُ نَادِ بِ جَفْنَةٍ، فَقُلْتُ: يَا جَفْنَةَ الرَّكْبِ، قَالَ: فَاَتَيْتُ بِهَا تُحْمَلُ، فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا، وَبَسَطَ يَدَهُ فِيْ وَسَطِ الْجَفْنَةِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ، وَقَالَ: خُذْ يَا جَابِرُ، وَصُبَّ عَلَيَّ، وَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ، فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ، وَقُلْتُ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَفُورُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى امْتَلَاَتْ، قَالَ: يَا جَابِرُ، نَادِ مَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ بِمَاءٍ قَالَ: فَاَتَى النَّاسُ، فَاسْتَقَوْا حَتّٰى رَوُوا، قَالَ: فَقُلْتُ: هَلْ بَقِيَ اَحَدٌ لَهُ حَاجَةٌ؟ قَالَ: فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ مِنَ الْجَفْنَةِ وَهِيَ مَلْاٰى

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر پر روانہ ہوئے' یہاں تک کہ ہم نے وادی افیح میں پڑاؤ کیا نبی اکرم ﷺ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ میں پانی کا برتن لے کر آپ کے پیچھے گیا نبی اکرم ﷺ نے اس بات کا جائزہ لیا تو آپ کو ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی جس کے ذریعے آپ رکاوٹ بنالیں۔ وادی کے کنارے پر دو درخت موجود تھے۔ نبی اکرم ﷺ ان میں سے ایک کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے اس کی ایک ٹہنی کو پکڑا اور فرمایا اللہ کے حکم کے تحت میرے ساتھ چلو تو وہ درخت ایک فرمانبردار اونٹ کی طرح آپ کے ساتھ چل پڑا جو اونٹ اپنے ساتھ لے کر چلنے والے کے حکم کے مطابق عمل کرتا ہے' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ دوسرے درخت کے پاس تشریف لائے۔ آپ نے اس کی بھی ایک ٹہنی کو پکڑا اور فرمایا اللہ کے حکم کے تحت میرے ساتھ چلو تو وہ بھی آپ کے ساتھ اسی طرح چل پڑا' یہاں تک کہ (ان دونوں کے) درمیان میں آ کر وہ دونوں ایک دوسرے سے مل گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اللہ کے حکم کے تحت تم میرے لئے ایک دوسرے کے ساتھ رہنا تو وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ہو گئے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے کچھ پیچھے ہٹ گیا۔ اس اندیشے کے تحت کہ نبی اکرم ﷺ کو میرا قریب ہونا محسوس ہو گیا تو شاید آپ زیادہ دور تشریف لے جائیں۔ میں وہاں بیٹھ گیا۔ تھوڑی ہی دیر گزرنے کے بعد نبی اکرم ﷺ تشریف لائے وہ درخت ایک دوسرے سے الگ ہو چکے تھے۔ ان میں سے ہر ایک اپنی پنڈلی پر کھڑا تھا میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ ذرا سی دیر کے لئے رُکے اور آپ نے اپنے سر کو بائیں اور دائیں طرف گھمایا پھر آپ تشریف لے آئے جب آپ میرے پاس پہنچے تو آپ نے دریافت کیا: اے جابر کیا تم نے مجھے دیکھ لیا تھا۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ ﷺ! نبی

اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ان دونوں درختوں کے پاس جاؤ اوران میں سے ہرایک کی ٹہنی توڑ کرانہیں میری طرف لے آؤ' یہاں تک کہ جب تم اس مقام پر پہنچو جہاں تم نے مجھے کھڑے ہوئے دیکھا تھا تو ایک ٹہنی اپنے دائیں طرف چھوڑ دینا اور ایک بائیں طرف چھوڑ دینا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک پتھر لے کراس کے دو ٹکڑے کیے۔ پھر میں ان دو درختوں کے پاس آیا میں نے ان میں سے ہرایک کی ٹہنی توڑ لی پھر میں انہیں گھسیٹتا ہوا آیا' یہاں تک کہ اس جگہ پر آ کر کھڑا ہو گیا جہاں نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے تھے تو میں نے ایک ٹہنی کو اپنے دائیں طرف اور ایک ٹہنی کو اپنے بائیں طرف چھوڑ دیا پھر میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آ گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے ایسا کرلیا ہے۔ آپ نے ایسا کیوں کروایا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا جنہیں عذاب دیا جا رہا تھا تو میں نے اس بات کو پسند کیا کہ میری شفاعت کے ذریعے ان دونوں کے عذاب میں اس وقت تک تخفیف ہو جائے جب تک وہ دونوں ٹہنیاں تر رہتی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم لشکر کے پاس آئے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے جابر! وضو کے پانی کے لئے اعلان کر دو تو میں نے اعلان کیا خبردار وضو کا پانی ہے خبردار وضو کا پانی ہے۔

میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے تو لشکر میں پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں ملا۔ (راوی کہتے ہیں:) انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص تھا جو اپنے ڈول میں نبی اکرم ﷺ کے لئے ٹھنڈا پانی رکھتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم فلاں انصاری کے پاس جاؤ اور دیکھو کہ کیا اس کے ڈول میں کوئی پانی ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں اس شخص کے پاس گیا میں نے اس ڈول کا جائزہ لیا تو مجھے اس ڈول کے سرے پر صرف ایک پانی کا قطرہ دکھائی دیا اگر میں اسے انڈیل لیتا تو وہ پینے کے قابل نہ رہتا۔ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے اس ڈول میں صرف ایک قطرہ ملا جو اس کے سرے پر موجود تھا اگر میں اسے انڈیل لیتا تو اس کے خشک حصے نے اسے جذب کر لینا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جاؤ اور اسے میرے پاس لے کر آؤ۔ نبی اکرم ﷺ نے وہ قطرہ اپنے دست مبارک پر ڈالا اور کچھ پڑھنا شروع کیا۔ مجھے نہیں معلوم وہ کیا تھا پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اسے ٹٹولنا شروع کیا پھر آپ نے مجھے وہ عطا کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر پیالے کے لئے اعلان کرو تو میں نے کہا: کوئی پیالہ لے کر آئے۔ راوی کہتے ہیں: میں اسے لے کر نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ میں نے اسے نبی اکرم ﷺ کے سامنے رکھ دیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے اس طرح کیا یعنی پیالے کے درمیان میں اپنا ہاتھ بڑھایا اپنی انگلیوں کو کشادہ کیا۔ آپ نے فرمایا: اے جابر! اسے حاصل کرو اور اسے میرے اوپر انڈیل دو اور بسم اللہ پڑھ لینا۔ میں نے اسے نبی اکرم ﷺ پر انڈیل دیا اور میں نے بسم اللہ پڑھ لی تو میں نے پانی کو دیکھا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان میں سے پھوٹ رہا تھا' یہاں تک کہ وہ برتن بھر گیا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر یہ اعلان کرو کہ جس شخص کو بھی پانی کی ضرورت ہو (وہ آ جائے) راوی کہتے ہیں: تو لوگ آ گئے۔ انہوں نے پانی پی لیا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے۔ راوی کہتے ہیں: تو میں نے اعلان کیا کیا کوئی ایسا شخص ہے جسے (پانی کی) ضرورت ہو۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے اس پیالے سے اپنا دست مبارک اٹھایا تو وہ پیالہ بھرا ہوا تھا۔

ذِكْرُ اِسْمَاعِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَهْلَ الْقَلِيبِ مِنْ بَدْرٍ كَلَامَ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخِطَابَهُ اِيَّاهُ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے بدر کے گڑھے میں پڑے ہوئے لوگوں کو اپنے محبوب کا کلام اوران سے کیا گیا خطاب سنوادیا تھا

6525 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعَ الْمُسْلِمُوْنَ نِدَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ وَهُوَ عَلٰى بِئْرِ بَدْرٍ يُنَادِي: يَا اَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، وَيَا عُتْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، وَيَا شَيْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، وَيَا اُمَيَّةُ بْنَ خَلَفٍ، اَلَا هَلْ وَجَدْتُّمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُنَادِي قَوْمًا قَدْ جَيَّفُوا؟ ، فَقَالَ: مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ اِلَّا اَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُوْنَ اَنْ يُّجِيبُوْنِي

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نصف رات کے وقت مسلمانوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پکار سنی۔ آپ اس وقت بدر کے کنویں کے پاس موجود تھے اور بلند آواز میں فرمارہے تھے۔ اے ابوجہل بن ہشام اے عتبہ بن ربیعہ اے شیبہ بن ربیعہ اے اُمیہ بن خلف تمہارے پروردگار نے تمہارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے اسے سچ پالیا ہے۔ مسلمانوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ ایسی قوم کو مخاطب کررہے ہیں جو مردار ہو چکے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جو کہہ رہا ہوں تم لوگ ان سے زیادہ اسے نہیں سن رہے البتہ وہ لوگ اس بات کی استطاعت نہیں رکھتے کہ مجھے جواب دیں۔

ذِكْرُ مَا حِيلَ بَيْنَ الشَّيَاطِينِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاِرْسَالِ الشُّهُبِ عَلَيْهِمْ عِنْدَ اِظْهَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِسْلَامَ

اس بات کا تذکرہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا اظہار کیا تو شیاطین اور آسمان کی خبروں کے درمیان کیا چیز رکاوٹ بن گئی تھی اوران پرکس طرح شہاب ثاقب چھوڑے جانے لگے تھے

6526 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

6525– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/104 و 182 و 263، وأبو يعلى (3808) و (3809) و (3857) من طرق عن حميد، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم (4722) و (6498).

(متن حدیث): مَا قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجِنِّ، وَمَا رَآهُمْ، انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَائِفَةٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ عَامِدِيْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ، وَقَدْ حِيْلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ، فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ اِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: مَا لَكُمْ؟ قَالُوْا: حِيْلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ
34/34 السَّمَاءِ، وَاُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ.

قَالُوْا: مَا ذَاكَ اِلَّا شَيْءٌ حَدَثَ، فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَانْظُرُوْا مَا هٰذَا الَّذِيْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَانْطَلَقُوْا يَضْرِبُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَمَرَّ النَّفَرُ الَّذِيْنَ اَخَذُوْا نَحْوَ تِهَامَةَ - وَهُوَ بِنَخْلَةَ - وَهُمْ عَامِدُوْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ وَّهُوَ يُصَلِّيْ بِاَصْحَابِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَمِعُوا الْقُرْآنَ، قَالُوْا: هٰذَا الَّذِيْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَرَجَعُوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: (اِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا) (الجن: 2)، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ) (الجن: 1)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کے سامنے کوئی تلاوت نہیں کی اور نہ ہی آپ نے انہیں دیکھا۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے کچھ اصحاب عکاظ کے بازار کی طرف تشریف لے گئے۔ یہ وہ وقت تھا۔ جب شیاطین اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ آ چکی تھی اور ان پر شہاب ثاقب بھیجے جاتے تھے تو شیاطین اپنی قوم کی طرف واپس آئے اور ان لوگوں نے کہا: تم لوگوں کا کیا معاملہ ہے انہوں نے جواب دیا: ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ پڑ چکی ہے اور اب ہمارے اوپر شہاب ثاقب بھیجے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا: یہ کسی ایسی وجہ سے ہوا ہوگا' جو نئی رونما ہوئی ہے تم لوگ زمین کے مشرقی حصوں اور مغربی حصوں کا جائزہ لو اور اس بات کا جائزہ لو کہ وہ کون سی ایسی چیز ہے' جو ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ بن گئی ہے تو وہ لوگ زمین کے مشرقی اور مغربی حصوں کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ ان میں سے کچھ لوگوں کا گزر تہامہ کی طرف سے ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ایک کھجور کے باغ میں موجود تھے۔ یہ لوگ عکاظ کے بازار کی طرف جاتے ہوئے راستے میں (کھجور کے اس باغ میں تھے) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں فجر کی نماز پڑھا رہے تھے جب ان جنات نے قرآن کی تلاوت سنی تو انہوں نے کہا: یہ وہ چیز ہے' جو ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ بن گئی ہے تو وہ لوگ اپنی قوم کے پاس

6526- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير شيبان بن فروخ فمن رجال مسلم. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية. وأخرجه مسلم (449) في الصلاة: باب الجهر بالقراءة في الصبح، عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (773) في الأذان: باب الجهر بقراءة صلاة الفجر، و (4921) في تفسير سورة الجن، والترمذي (3323) في التفسير: باب ومن سورة الجن، والطبري في "جامع البيان" 29/102، والطبراني (12449)، والحاكم 2/503، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/225-226، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/173 من طرق عن أبي عوانة به. وقال الحاكم: هذا إسناد صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه! تنبيه: روى البخاري الحديث دون قوله: "ما قرأ رسول الله - صلى الله عليه وسلم - على الجن وما رآهم." قال الحافظ في "الفتح" 8/670: أخرجه أبو نعيم في "المستخرج" عن الطبراني، عن معاذ بن المثنى، عن مسدد شيخ البخاري فيه، فزاد في

واپس گئے اور انہوں نے یہ کہا۔

''ہم نے قرآن کو سنا ہے وہ بڑی حیران کن چیز ہے وہ ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں اور اب ہم کسی کو اپنے پروردگار کا شریک قرار نہیں دیں گے۔''

تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی طرف یہ بات وحی کی۔

''تم یہ فرمادو کہ جب جنات کے ایک گروہ نے اسے غور سے سنا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے منقول اس روایت کی متضاد ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6527 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ: هَلْ كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ شَهِدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: فَقَالَ: سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ: هَلْ شَهِدَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّا كُنَّا مَعَهُ لَيْلَةً، فَفَقَدْنَاهُ، فَبِتْنَا بِشَرِّ لَيْلَةٍ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا هُوَ جَاءَ مِنْ قِبَلِ حِرَاءٍ، فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ اَتَانِي دَاعِي الْجِنِّ، فَذَهَبْتُ مَعَهُ، فَقَرَاْتُ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَانْطَلَقَ حَتّٰى اَرَانَا نِيرَانَهُمْ وَآثَارَهُمْ، فَسَاَلُوهُ عَنِ الزَّادِ، فَقَالَ: لَكُمْ كُلُّ عَظْمٍ طَعَامٍ يُذْكَرُ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَقَعُ فِي اَيْدِيكُمْ اَوْفَرَ مَا يَكُوْنُ لَحْمًا، وَكُلُّ بَعْرٍ عَلَفٌ لِدَوَابِّكُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْتَنْجُوْا بِهِمَا، فَاِنَّهُمَا طَعَامُ اِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ

امام شعبی بیان کرتے ہیں: میں نے علقمہ بن قیس سے دریافت کیا: کیا جنات سے ملاقات کی رات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو علقمہ نے جواب دیا: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا کیا آپ (یعنی صحابہ کرام) میں سے کوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا جب جنات سے ملاقات ہوئی تھی تو انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ہم نے آپ کو غیر موجود پایا تو ہم نے وہ رات بدترین حالت میں گزاری۔صبح کے قریب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا کی طرف سے تشریف لائے۔آپ نے ارشاد فرمایا: جنات کا پیغام رساں میرے پاس آیا تو میں اس کے ساتھ چلا گیا۔میں نے ان کے سامنے قرآن کی تلاوت کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے پھر آپ نے ہمیں جنات کے آگ جلانے اور

6527- إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وعبد الأعلى: هو ابن حماد النرسي . وقد تقدم برقم (1432) و (6320) .

دیگر چیزوں کے نشانات ہمیں دکھائے۔ان جنات نے نبی اکرم ﷺ سے زادِراہ کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر وہ کھانا جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اس کی ہر ہڈی جب تمہارے ہاتھ میں آئے گی تو اس پر پہلے سے زیادہ گوشت لگا ہوا ہوگا اور ہر مینگنی تمہاری جانوروں کا چارا ہوگی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان دو چیزوں سے استنجاء نہ کرو کیونکہ یہ تمہارے جنات بھائیوں کی خوراک ہے۔

ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْيَسِيْرِ مِنْ اَسْبَابِهِ الَّتِيْ فَرَّقَ بِهَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ غَيْرِهِ مِنْ اُمَّتِهِ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ برکت عطا کی جو ساز و سامان میں سے

تھوڑی چیز کے بارے میں تھی (یعنی وہ چیز زیادہ ہوگئی تھی) تو اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اور آپ ﷺ کی امت سے تعلق رکھنے والے دیگر افراد کے درمیان فرق کیا

6528 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ دُكَيْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُزَنِيُّ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَكْبٍ مِنْ مُزَيْنَةَ، فَقَالَ لِعُمَرَ: انْطَلِقْ فَجَهِّزْهُمْ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ هِيَ اِلَّا آصُعٌ مِّنْ تَمْرٍ، فَانْطَلَقَ، فَاَخْرَجَ مِفْتَاحًا مِنْ حُزْتِهِ فَفَتَحَ الْبَابَ، فَاِذَا شِبْهُ الْفَصِيْلِ الرَّابِضِ مِنَ التَّمْرِ، فَاَخَذْنَا مِنْهُ حَاجَتَنَا، قَالَ: فَلَقَدِ الْتَفَتُّ اِلَيْهِ، وَاِنِّيْ لَمِنْ آخِرِ اَصْحَابِيْ كَاَنَّا لَمْ نَرْزَاْهُ تَمْرَةً

✿✿ حضرت دکین بن سعید مزنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں قبیلے کے کچھ سواروں کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم جاؤ اور ان کے لئے ساز و سامان کا بندوبست کرو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! صرف کھجوروں کے چند صاع ہیں پھر وہ چلے گئے۔ انہوں نے اپنے ڈب میں سے چابی نکال کر دروازہ کھولا تو وہ ڈھیر سارے کھجوریں تھیں۔ ہم نے اس میں سے اپنی ضرورت کے مطابق کھجوریں لے لیں۔ راوی کہتے ہیں: جب میں نے مڑ کر اس

6528- إسناده صحيح، علي بن مسلم: هو ابن سعيد الطوسي، ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صحابيه، فقد روى له أبو داود حديثه هذا . ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا .وأخرجه الحميدي (893) ، وأحمد 4/174 و 174-175، والبخاري في "التاريخ الكبير " 256-3/255، وأبو داود (5238) في الأدب: باب في اتخاذ الغرف، والطبراني (4207) ... (4210) وأبو نعيم في "الحلية" 1/365، وفي " الدلائل " (333) ، وابن الأثير في "أسد الغابة " 162-2/161، والمزي في "تهذيب الكمال " 493-8/492 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في "المجمع" 305-8/304، وقال: روى أبو داود طرفاً منه، ورواه أحمد والطبراني، ورجالهما رجال الصحيح.

کمرے کی طرف دیکھا تو میں وہاں سے نکلنے والا آخری فرد تھا لیکن یوں لگتا تھا جیسے ہم نے وہاں سے ایک بھی کھجور نہیں لی۔

ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي الشَّيْءِ الْيَسِيْرِ مِنَ الطَّعَامِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَكَلَ مِنْهُ عَالَمٌ مِّنَ النَّاسِ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے لیے تھوڑے سے کھانے میں اتنی برکت رکھی کہ بہت سے لوگوں نے اسے کھالیا تھا

6529 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ، فَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ، فَتَعَاقَبُوْهَا اِلَى الظُّهْرِ مِنْ غُدْوَةٍ، يَقُوْمُ قَوْمٌ وَّيَجْلِسُ اٰخَرُوْنَ، فَقَالَ رَجُلٌ لِسَمُرَةَ: اَكَانَ يُمَدُّ؟ فَقَالَ سَمُرَةُ: مِنْ اَيِّ شَيْءٍ تَتَعَجَّبُ؟ مَا كَانَ يُمَدُّ اِلَّا مِنْ هَا هُنَا، وَاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلَى السَّمَاءِ.

✿✿ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ثرید کا پیالہ پیش کیا گیا وہ لوگوں کے سامنے رکھا گیا تو لوگ صبح سے لے کر دوپہر تک یکے بعد دیگرے اس کے پاس آتے رہے۔ کچھ لوگ اٹھتے تو دوسرے آکر بیٹھ جاتے۔

ایک شخص نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا وہ بڑھ رہا تھا؟ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں کس بات پر حیرانگی ہو رہی ہے۔ وہ صرف اس طرف سے بڑھ رہا تھا۔ انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے آسمان کی طرف اشارہ کرکے کہا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِنَحْوِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6530 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، اَوْ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، شَكَّ الْاَعْمَشُ، قَالَ:

6529- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو العلاء بن الشخير: وهو يزيد بن عبد الله. وأخرجه الدارمي 1/30 عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/366، وأحمد 5/12 و 18، والترمذي (3625) في المناقب: باب في آيات إثبات نبوة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والطبراني في " الكبير " (6967)، والفريابي (14)، وأبو نعيم (335)، والبيهقي 6/93 ثلاثتهم في "دلائل النبوة" من طريق يزيد بن هارون، به. وصححه الترمذي والبيهقي. وأخرجه أحمد 5/12، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/85، والحاكم 2/618، والفريابي (15) و (46)، والبيهقي 6/93 من طريقين عن سليمان التيمي، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي.

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ غَزْوَةُ تَبُوكَ اَصَابَ النَّاسَ مَجَاعَةٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَذِنْتَ لَنَا فَنَحَرْنَا نَوَاضِحَنَا، فَاَكَلْنَا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْعَلُوا، فَجَاءَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوا قَلَّ الظُّهْرُ، وَلٰكِنِ ادْعُهُمْ بِفَضْلِ اَزْوِدَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُ عَلَيْهَا بِالْبَرَكَةِ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَ فِيْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَطْعٍ، فَبَسَطَهُ، ثُمَّ دَعَاهُمْ بِفَضْلِ اَزْوِدَتِهِمْ، قَالَ: فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ بِكَفِّ الذُّرَةِ، وَالْاٰخَرُ بِكَفِّ التَّمْرِ، وَالْاٰخَرُ بِكِسْرَةٍ حَتّٰى اجْتَمَعَ عَلَى النَّطْعِ مِنْ ذٰلِكَ يَسِيْرٌ، قَالَ فَدَعَا عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: خُذُوا فِيْ اَوْعِيَتِكُمْ، فَاَخَذُوا فِيْ اَوْعِيَتِهِمْ حَتّٰى مَا تَرَكُوا فِي الْعَسْكَرِ وِعَاءً اِلَّا مَلَؤُوْهُ، وَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوْا وَفَضَلَ مِنْهُ فَضْلَةٌ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرَ شَاكٍّ فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (اعمش نامی راوی کو شک ہے شاید) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے موقع پر لوگوں کو بھوک لاحق ہوگئی تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپ ہمیں اجازت دیں تو ہم اپنے اونٹ قربان کر کے انہیں کھالیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم لوگ ایسا کرلو حضرت عمر رضی اللہ عنہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں) حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر لوگوں نے ایسا کرلیا تو ان کے پاس سواری کے جانور کم ہو جائیں گے۔ آپ انہیں کہیں کہ وہ اضافی بچ جانے والا ساز و سامان لے کر آئیں اور پھر آپ اس سامان پر برکت کی دعا کریں۔ شاید اللہ تعالیٰ اس میں کوئی بہتری کی صورت پیدا کردے۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دسترخوان منگوایا وہ پھیلا دیا گیا۔

(راوی کہتے ہیں:) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان لانے کے لئے کہا۔ راوی کہتے ہیں: تو کوئی شخص مٹھی بھر جو لے آیا۔ دوسرا شخص مٹھی بھر کھجوریں لے آیا۔ کوئی اور روٹی کا ٹکڑا لے آیا' یہاں تک کہ دسترخوان پر تھوڑا سا سامان اکٹھا ہوگیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر برکت کی دعا کی۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اپنے برتنوں میں ڈالنا شروع کرو۔ لوگوں نے اپنے برتنوں میں ڈالنا شروع کیا' یہاں تک کہ انہوں نے لشکر میں موجود ہر برتن کو بھرلیا۔ انہوں نے کھایا اور سیر ہو کر کھایا پھر بھی باقی رہ گیا۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی

6530- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، والأعمش: هو سليمان بن مهران، وأبو صالح: هو ذكوان السمان . وهو في "مسند أبي يعلى" (1199) .وأخرجه أحمد 3/11، ومسلم (27) (45) في الإيمان: باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعاً، والبيهقي في "دلائل النبوة" 5/229-230، وابن منده في "الإيمان" (36) من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن منده مختصراً (35) من طريق وكيع، عن الأعمش، به.وأخرجه مسلم (227) (44)، والبيهقي 5/228-229 و 6/120، وابن منده (90) عن أبي بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عبيد الله ابن الأشجعي، عن مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عن أبي صالح، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 1/421، وابن منده (36) و (89) عن فليح بن سليمان، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عن أبي هريرة.

معبود نہیں ہے اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں جو شخص ان دونوں باتوں کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں حاضر ہو کہ وہ اس میں شک نہ کرتا ہو وہ جنت میں جائے گا۔

ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کے زادراہ میں جو کچھ بچ گیا تھا اللہ تعالیٰ نے اس میں کیا برکت رکھی

6531 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانِ حِيْنَ صَالَحَ قُرَيْشًا بَلَغَ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ قُرَيْشًا تَقُوْلُ: اِنَّمَا يُبَايِعُ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْفًا وَهَزْلًا، فَقَالَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، لَوْ نَحَرْنَا مِنْ ظَهْرِنَا فَاَكَلْنَا مِنْ لُحُوْمِهَا وَشُحُوْمِهَا، وَحَسَوْنَا مِنَ الْمَرَقِ اَصْبَحْنَا غَدًا اِذَا غَدَوْنَا عَلَيْهِمْ وَبِنَا جَمَامٌ، قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ اِيْتُوْنِيْ بِمَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِكُمْ، فَبَسَطُوْا اَنْطَاعًا، ثُمَّ صَبُّوْا عَلَيْهَا مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ، فَدَعَا لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ، فَاَكَلُوْا حَتّٰى تَضَلَّعُوْا شِبَعًا، ثُمَّ كَفَءُوْا مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ فِيْ جُرُبِهِمْ، ثُمَّ غَدَوْا عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرَيْنَ غَمِيْزَةً، فَاضْطَبَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ، فَرَمَلُوْا ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ، وَمَشَوْا اَرْبَعًا، وَالْمُشْرِكُوْنَ فِي الْحِجْرِ، وَعِنْدَ دَارِ النَّدْوَةِ، وَكَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَغَيَّبُوْا مِنْهُمْ بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيِّ وَالْاَسْوَدِ مَشَوْا، ثُمَّ يَطْلُعُوْنَ عَلَيْهِمْ، فَتَقُوْلُ قُرَيْشٌ: وَاللّٰهِ لَكَاَنَّهُمُ الْغِزْلَانُ، فَكَانَتْ سُنَّةً

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ نے قریش سے صلح کر لی (اور آپ عمرہ کرنے کے لئے مکہ کی طرف روانہ ہوئے) تو جب آپ ''مرالظہران'' کے مقام پر پہنچے تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کو یہ اطلاع ملی کہ قریش یہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ کے ہاتھ پر ان کے ایسے اصحاب نے بیعت کی ہے' جو کمزور ہیں تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب نے عرض کی: اے اللہ کے نبی اگر ہم اپنی سواریوں کو قربان کر کے ان کا گوشت اور چربی کھائیں اور ان کا شوربا پئیں تو کل جب ہم ان کے سامنے جائیں گے' تو ہماری حالت ایسی ہوگی کہ ہم طاقتور محسوس ہوں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی نہیں تم لوگ میرے پاس اپنا بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان لے کر آؤ ان لوگوں نے دسترخوان بچھا دیئے اور اس پر اپنا بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان ڈال دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے لئے برکت کی دعا کی۔ ان لوگوں نے اسے کھایا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے اور

6531- حديث صحيح رجاله رجال الصحيح، وقد تقدم تخريجه برقم (3812).

بچ جانے والا کھانے پینے کا سامان انہوں نے اپنے تھیلوں میں ڈال لیا پھر وہ اگلے دن (کفار قریش) کے سامنے آئے تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا وہ لوگ (تمہارے اندر) کوئی کمزوری نہ دیکھیں پھر نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب نے اضطباع (کے طور پر احرام کی چادر کو) لپیٹا ان حضرات نے تین چکروں میں رمل کیا اور چار چکروں میں عام رفتار سے چلے مشرکین اس وقت حطیم میں اور دار الندوہ کے قریب موجود تھے جب نبی اکرم ﷺ کے اصحاب ان کے دوسری طرف رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان آتے تو عام رفتار سے چلتے پھر جب ان کے سامنے آتے (تو دوڑنے لگتے) تو قریش نے کہا: اللہ کی قسم! یہ تو ہرنوں کی طرح ہیں۔

(حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں:) تو یہ طریقہ سنت قرار پایا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6532 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُهَاجِرٍ اَبِيْ مَخْلَدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمَرَاتٍ قَدْ صَفَفْتُهُنَّ فِيْ يَدَيَّ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ لِيْ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، فَدَعَا لِيْ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، وَقَالَ: اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَاْخُذَ شَيْئًا فَاَدْخِلْ يَدَكَ، وَلَا تَنْثُرْهُ نَثْرًا، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَحَمَلْتُ مِنْ ذٰلِكَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا وَسْقًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَكُنَّا نَطْعَمُ مِنْهُ وَنُطْعِمُ، وَكَانَ فِيْ حِقْوِيْ حَتّٰى انْقَطَعَ مِنِّيْ لَيَالِيَ عُثْمَانَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں چند کھجوریں لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے انہیں اپنے دونوں ہاتھوں میں رکھا ہوا تھا میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ ان میں میرے لئے برکت کی دعا کر دیں تو نبی اکرم ﷺ نے میرے لئے ان میں برکت کی دعا کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم نے کوئی چیز لینی ہو تو اپنا ہاتھ ان کے اندر داخل کرنا انہیں مکمل طور پر نہ ختم کر دینا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ان کھجوروں میں سے اتنے' اتنے وسق اللہ کی راہ میں خیرات کئے ہم خود بھی ان میں سے کھاتے تھے اور دوسروں کو بھی کھلایا کرتے تھے۔ وہ میرے ڈب میں موجود رہتی تھی' یہاں تک حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (کے خلاف بغاوت) کے دنوں میں وہ مجھ سے گر گئی۔

6532- إسناده حسن في الشواهد، رجاله رجال الشيخين، غير أبي مخلد مهاجر بن مخلد، فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه المصنف، ولينه أبو حاتم، وقال ابن معين: صالح .وأخرجه أحمد 2/352، والترمذي (3839) في المناقب: باب مناقب أبي هريرة، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/110 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه.وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" (341) من طريق حاتم بن وردان، عن أيوب السختياني، عن أبي مخلد،

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس چوتھی روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے

6533 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ، بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ لَمْ اَطْعَمْ فِيْهَا طَعَامًا، فَجِئْتُ اُرِيْدُ الصُّفَّةَ، فَجَعَلْتُ اَسْقُطُ فَجَعَلَ الصِّبْيَانُ يُنَادُوْنَ: جُنَّ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: فَجَعَلْتُ اُنَادِيهِمْ، وَاَقُوْلُ: بَلْ اَنْتُمُ الْمَجَانِيْنُ حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلَى الصُّفَّةِ، فَوَافَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ، فَدَعَا عَلَيْهَا اَهْلَ الصُّفَّةِ وَهُمْ يَاْكُلُوْنَ مِنْهَا، فَجَعَلْتُ اَتَطَاوَلُ كَيْ يَدْعُوَنِيْ، حَتّٰى قَامَ الْقَوْمُ وَلَيْسَ فِي الْقَصْعَةِ اِلَّا شَيْءٌ فِيْ نَوَاحِي الْقَصْعَةِ، فَجَمَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَتْ لُقْمَةً، فَوَضَعَهَا عَلٰى اَصَابِعِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: كُلْ بِاسْمِ اللّٰهِ، فَوَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا زِلْتُ آكُلُ مِنْهَا حَتّٰى شَبِعْتُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھ پر تین ایسے دن آئے جن میں' میں نے کچھ نہیں کھایا میں صفہ (کے چبوترے) پر آنا چاہ رہا تھا لیکن گر گیا۔ بچوں نے بلند آواز میں کہنا شروع کر دیا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ دیوانہ ہو گیا ہے۔ تو میں نے انہیں بلند آواز میں جواب دینا شروع کیا۔ میں نے کہا: بلکہ تم لوگ پاگل ہو یہاں تک کہ ہم لوگ (اسی عالم میں) صفہ تک آ گئے۔ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ثرید کا پیالہ پیش کیا گیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کھانے کے لئے اہل صفہ کو بلوایا تھا اور وہ لوگ اسے کھا رہے تھے۔ میں نے خود کو سیدھا کرنے کی کوشش کی تا کہ وہ لوگ مجھے بھی دعوت دیں (لیکن کچھ نہیں ہوا) یہاں تک کہ وہ لوگ (کھانا کھا کر) اٹھ گئے۔ اس پیالے میں صرف وہ چیز باقی رہ گئی جو پیالے کے کناروں پر موجود ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اکٹھا کیا تو وہ ایک لقمہ بنا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ اپنی انگلیوں میں رکھا اور پھر مجھ سے فرمایا اللہ کا نام لے کر اسے کھا لو (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں اس ایک لقمے کو اتنی دیر کھاتا رہا کہ میں سیر ہو گیا۔

ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الشَّيْءِ الْيَسِيْرِ مِنَ الْخَيْرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَكَلَ مِنْهُ الْفِئَامُ مِنَ النَّاسِ

6533– روح بن حاتم المقرء ذكره المؤلف في "الثقات" 8/244 فقال: روح بن حاتم أبو غسان، من أهل الكوفة، يروى عن وكيع، حدثنا عنه عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ وغيره، مستقيم الحديث، وفي نسخة من "الثقات": وكان يقرء الناس بالكوفة. وروى عنه أبو حاتم، وقال: صدوق، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح غير حيان -وهو ابن بسطام الهذلي- فلم يُوثِّقهُ غير المؤلِّف، ولم يَروِ عنه غيرُ ابنه سليمُ بن حيان، وحديثه عند ابن ماجه. ونقله الحافظ في "الفتح" 11/289 عن المصنف، وسكت عليه. وانظر الحديث الآتي برقم (6535).

بھلائی (یعنی کھانے) میں سے تھوڑی سی چیز میں اللہ تعالیٰ کا نبی اکرم ﷺ کے لیے برکت پیدا کرنے کا تذکرہ یہاں تک کہ بہت سے لوگوں نے اسے کھالیا

6534 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ لِاُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعِيفًا اَعْرِفُ مِنْهُ الْجُوعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَاَخْرَجَتْ اَقْرَاصًا مِنْ شَعِيرٍ، ثُمَّ اَخَذَتْ خِمَارًا لَهَا، فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدَيَّ، وَرَدَّتْنِيْ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ اَرْسَلَتْنِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ، فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْسَلَكَ اَبُوْ طَلْحَةَ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: لِلطَّعَامِ؟، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ مَعَهُ: قُومُوا، قَالَ: فَانْطَلَقُوا، وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ حَتّٰى جِئْتُ اَبَا طَلْحَةَ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ، وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ، فَقَالَتِ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: فَانْطَلَقَ اَبُوْ طَلْحَةَ حَتّٰى لَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ حَتّٰى دَخَلَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلُمِّي مَا عِنْدَكِ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ، فَاَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ عَلَيْهِ اُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً فَاَدَمَتْهُ، ثُمَّ قَالَ فِيهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ، حَتّٰى اَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوا، وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ رَجُلًا اَوْ ثَمَانُوْنَ

6534- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 928-2/927 في صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -: باب ما جاء في الطعام والشراب. ومن طريق مالك أخرجه البخاري (422) في الصلاة: باب من دعا لطعام في المسجد، و (3587) في الأنبياء: باب علامات النبوة في الإسلام، و (5381) في الأطعمة: باب من أكل حتى شبع، و (6688) في الأيمان والنذور: باب إذا حلف ألا يأتدم فأكل تمراً بخبز، ومسلم (2040) في الأشربة: باب جواز استتباعه غيره إلى دار من يثق برضاه، والنسائي في الوليمة من "السنن الكبرى" كما في "التحفة" 1/88، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1483)، والفريابي (6) و (7)، وأبو نعيم (322) كلاهما في "دلائل النبوة"، والبيهقي في "السنن" 7/273، وفي "الدلائل" 6/88-89، وفي "الاعتقاد" ص 280، والبغوي (3721). وأخرجه أحمد 3/218 و 232 و 242، والبخاري (5450) في الأطعمة: باب من أدخل الضيفان عشرة عشرة، ومسلم، والترمذي (3630) في المناقب: باب رقم (6)، والفريابي (8) و (10)، وأبو نعيم (323)، والبيهقي 6/90 و 91 ثلاثتهم في "دلائل النبوة"، من طرق عن أنس بنحوه. وقد تقدم برقم (5285) من طريق هدبة بن خالد، عن مبارك بن فضالة، عن بكر بن عبد الله المزني وثابت، عن أنس بنحوه. وأخرجه الفريابي في "دلائل النبوة" (11) عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد.

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے (اپنی اہلیہ) سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا سے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز نقاہت محسوس کی ہے جس سے مجھے اندازہ ہوا کہ آپ کو بھوک لگی ہے تو کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے (جو کھانے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کریں) اس خاتون نے جواب دیا: جی ہاں اس خاتون نے جو کی چند ٹکیاں نکالیں پھر انہوں نے اپنا دوپٹہ لیا اور روٹیاں اس کے کچھ حصے میں لپیٹ دیں اور میری بغل میں دیدیا۔ اس کا کچھ حصہ انہوں نے مجھے اوڑھا دیا اور پھر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہ لے کر چلا گیا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں تشریف فرما پایا۔ آپ کے ساتھ کچھ لوگ بھی تھے۔ میں ان لوگوں کے پاس آکر کھڑا ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں ابوطلحہ نے بھیجا ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کھانے کے لئے میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس موجود افراد سے فرمایا اٹھو۔ راوی کہتے ہیں: یہ سب حضرات روانہ ہو گئے۔ میں ان حضرات کے آگے چلتا ہوا۔ حضرت ابوطلحہ کے پاس آیا اور انہیں اس بارے میں بتایا تو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: اے اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔ ہمارے پاس تو اتنا کچھ نہیں ہے کہ ہم انہیں کھانا کھلا سکیں تو سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت ابوطلحہ تشریف لے گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ تشریف لائے' یہاں تک کہ یہ دونوں حضرات گھر میں داخل ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! تمہارے پاس جو کچھ ہے اسے پیش کرو تو سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا وہ روٹیاں لے آئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان کے ٹکڑے کر دیئے گئے۔ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے اس پر وہ کپی نچوڑ دی جس میں گھی تھا وہ اس کا سالن بن گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر جو اللہ کو منظور تھا وہ پڑھا پھر آپ نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کی اجازت دو۔ حضرت ابوطلحہ نے انہیں اندر آنے کی اجازت دی۔ ان لوگوں نے کھانا کھایا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے پھر چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کی اجازت دو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں اجازت دی۔ ان لوگوں نے بھی کھانا کھایا' یہاں تک کہ جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لئے کہو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں بھی اجازت دی۔ ان لوگوں نے بھی کھانا کھایا' یہاں تک کہ جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لئے کہو' یہاں تک کہ ان سب لوگوں نے کھانا کھا لیا اور سیر ہو کر کھایا ان لوگوں کی تعداد ستر یا شاید اسی تھی۔

ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي اللَّبَنِ الْيَسِيرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَوِيَ مِنْهُ الْفِئَامُ مِنَ النَّاسِ

اللہ تعالیٰ کا تھوڑے سے دودھ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے برکت رکھنے کا تذکرہ' یہاں تک کہ بہت سے لوگ (اسے پی کر) سیراب ہو گئے

6535 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ

بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): وَالَّذِيْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ اِنْ كُنْتُ لَاَعْتَمِدُ بِكَبِدِيْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْجُوعِ، وَلَقَدْ قَعَدْتُ يَوْمًا عَلٰى طَرِيقِهِمُ الَّذِيْ يَخْرُجُونَ فِيْهِ، فَمَرَّ بِيْ اَبُوْ بَكْرٍ فَسَاَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَاَلْتُهُ اِلَّا لِيُشْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، وَمَرَّ بِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَسَاَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَاَلْتُهُ اِلَّا لِيُشْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، حَتّٰى مَرَّ بِيْ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَاٰى مَا بِوَجْهِيْ، وَمَا فِيْ نَفْسِيْ، قَالَ: اَبَا هِرٍّ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: الْحَقْ، فَلَحِقْتُهُ، فَدَخَلَ اِلٰى اَهْلِهِ، فَاَذِنَ، فَدَخَلْتُ، فَاِذَا هُوَ بِلَبَنٍ فِيْ قَدَحٍ، فَقَالَ لِاَهْلِهِ: مِنْ اَيْنَ لَكُمْ هٰذَا؟، قَالَ: هَدِيَّةُ فُلَانٍ، اَوْ قَالَ: فُلَانٌ، فَقَالَ: اَبَا هِرٍّ الْحَقْ اِلٰى اَهْلِ الصُّفَّةِ، فَادْعُهُمْ، وَاَهْلُ الصُّفَّةِ اَضْيَافٌ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ، لَا يَاْوُوْنَ اِلٰى اَهْلٍ اَوْ مَالٍ، اِذَا اَتَتْهُ صَدَقَةٌ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ، وَلَمْ يُشْرِكْهُمْ فِيْهَا، وَاِذَا اَتَتْهُ هَدِيَّةٌ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ وَشَرَكَهُمْ فِيْهَا، وَاَصَابَ مِنْهَا، فَسَاءَنِيْ وَاللّٰهِ ذٰلِكَ، قُلْتُ: اَيْنَ يَقَعُ هٰذَا اللَّبَنُ مِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ وَاَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَانْطَلَقْتُ فَدَعَوْتُهُمْ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَدَخَلُوْا وَاَخَذَ الْقَوْمُ مَجَالِسَهُمْ، قَالَ: اَبَا هِرٍّ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خُذْ، فَنَاوِلْهُمْ، قَالَ فَجَعَلْتُ اُنَاوِلُ رَجُلًا رَجُلًا، فَيَشْرَبُ، فَاِذَا رَوِيَ اَخَذْتُهُ، فَنَاوَلْتُ الْاٰخَرَ حَتّٰى رَوِيَ الْقَوْمُ جَمِيْعًا، ثُمَّ انْتَهَيْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَتَبَسَّمَ، وَقَالَ: اَبَا هِرٍّ، اَنَا وَاَنْتَ، قُلْتُ: صَدَقْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خُذْ، فَاشْرَبْ، فَمَا زَالَ يَقُوْلُ: اشْرَبْ، حَتّٰى قُلْتُ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا اَجِدُ لَهُ مَسْلَكًا، قَالَ: فَاَرِنِي الْاِنَاءَ، فَاَعْطَيْتُهُ الْاِنَاءَ، فَشَرِبَ الْبَقِيَّةَ، وَحَمِدَ رَبَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مجاہد بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ (بعض اوقات) میرا یہ عالم ہوتا تھا کہ میں بھوک کی شدت کی وجہ سے اپنا کلیجہ زمین کے ساتھ لگا لیا کرتا تھا۔ ایک دن میں لوگوں کے راستے میں بیٹھ گیا جہاں سے وہ گزرا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے میں نے ان سے اللہ کی کتاب کی ایک آیت کے بارے میں دریافت کیا۔ میں نے ان سے صرف اس لئے سوال کیا تھا' تا کہ وہ مجھے کھانا کھلا دیں لیکن وہ

6535– إسناده صحيح، عبد الغفار بن عبد الله الزبيري: ذكره المؤلف في " الثقات " 8/421، وقال: من أهل الموصل، كنيته أبو نصر، يروي عن علي بن مسهر، حدثنا عنه الحسين بن إدريس الأنصاري والمواصلة، مات سنة أربعين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل .وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 6/54، فقال: روى عن علي بن مسهر وعبد الله بن عطارد الطائي المغربي، روى عنه إبراهيم بن يوسف الهسنجاني، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عمر بن ذر، فمن رجال البخاري . وأخرجه أحمد 2/515، والبخاري (6246) في الاستئذان: باب إذا دعي الرجل فجاء : هل يستأذن؟ و (6452) في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه وتخليهم عن الدنيا، والترمذي (2477) في صفة القيامة: باب رقم (36) ، وهناد في "الزهد" (764) ، والفريابي في "دلائل النبوة " (16) ، وأبو نعيم في "الحلية" 339-1/338 و 377، والحاكم -3/15 16، والبيهقي في "دلائل النبوة " 102-6/101، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - " ص 78-77، والبغوي (3321) ، وابن حجر في "تغليق التعليق" 170-5/169 من طرق عن عمر بن ذر، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (7151)

تشریف لے گئے۔ انہوں نے کچھ نہیں کیا پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے۔ میں نے ان سے بھی اللہ کی کتاب کی ایک آیت کے بارے میں دریافت کیا۔ میں نے ان سے صرف اس لئے یہ سوال کیا تھا' تاکہ وہ مجھے کھانا کھلا دیں لیکن وہ چلے گئے۔ انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ پھر میرے پاس سے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم گزرے جب آپ نے میرے چہرے کو دیکھا اور جو کچھ میرے من میں تھا ملاحظہ کیا تو آپ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں حاضر ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ آؤ۔ میں آپ کے ساتھ چل پڑا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لے گئے۔ آپ نے (مجھے اندر آنے کی) اجازت دی تو میں اندر آیا۔ وہاں ایک پیالے میں دودھ موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اہلیہ سے دریافت کیا: یہ تمہارے پاس کہاں سے آیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا۔ فلاں نے ہدیہ بھیجا ہے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) فلاں نے بھیجا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ! اہل صفہ کے پاس جاؤ اور انہیں بلا لاؤ (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) اہل صفہ اسلام کے مہمان تھے۔ ان کا کوئی گھر بار کوئی مال منال نہیں تھا جب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی صدقہ آتا تھا تو آپ وہ ان لوگوں کی طرف بھجوا دیتے تھے۔ آپ اس صدقے میں حصہ دار نہیں بنتے تھے لیکن جب آپ کی خدمت میں کوئی تحفہ آتا تو آپ وہ ان کی طرف بھجوایا کرتے تھے اور اس تحفے میں ان کے ساتھ حصہ دار ہوتے تھے۔ آپ اس میں سے خود وہ چیز استعمال کر لیتے تھے۔

(حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) اللہ کی قسم! مجھے یہ بات بہت بری لگی میں نے سوچا بھلا اتنا سا دودھ اہل صفہ کے اور میرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے (کیا کام آئے گا) لیکن میں چلا گیا میں ان لوگوں کو بلا لایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اندر آنے کی اجازت دی وہ لوگ اندر آ گئے۔ تمام لوگ اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں حاضر ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (دودھ کا پیالہ) لو اور اسے ان لوگوں کو پکڑاؤ۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے (وہ پیالہ) ایک ایک شخص کی طرف بڑھانا شروع کیا۔ وہ شخص اسے لیتا جب وہ سیر ہو جاتا تو میں اس سے واپس لے لیتا اور دوسرے شخص کی طرف بڑھا دیتا' یہاں تک کہ سب لوگ سیر ہو گئے پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور آپ مسکرا دیئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ! اب میں اور تم (باقی رہ گئے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے سچ فرمایا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے لو اور اسے پی لو اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل یہی کہتے رہے ''اور'' پیو یہاں تک کہ میں نے عرض کی: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ مجھے اس کے لئے کوئی راستہ نہیں ملتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر یہ برتن مجھے دکھاؤ۔ میں نے وہ آپ کی خدمت میں پیش کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باقی رہ جانے والا (دودھ) پی لیا اور اپنے پروردگار کی حمد بیان کی۔

ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيْ تَمْرِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ لِدُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا بِالْبَرَكَةِ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی کھجوروں میں برکت کی دعا کرنے کی وجہ سے ان کی کھجوروں میں کتنی برکت رکھی تھی

6536 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ بِنْتِ تَمِيمِ بْنِ الْمُنْتَصِرِ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): تُوُفِّيَ اَبِيْ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَعَرَضْتُ عَلٰى غُرَمَائِهِ اَنْ يَّاْخُذُوا التَّمْرَ بِمَا عَلَيْهِ، فَاَبَوْا، وَلَمْ يَرَوْا اَنَّ فِيهِ وَفَاءً، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: اِذَا جَدَدْتَّهُ فَوَضَعْتَهُ فِي الْمِرْبَدِ، فَآذِنِّي، فَلَمَّا جَدَدْتُّهُ، وَوَضَعْتُهُ فِي الْمِرْبَدِ، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ فَجَلَسَ عَلَيْهِ، فَدَعَا بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ غُرَمَاءَكَ، فَاَوْفِهِمْ، قَالَ: فَمَا تَرَكْتُ اَحَدًا لَهُ عَلٰى اَبِيْ دَيْنٌ اِلَّا قَضَيْتُهُ، وَفَضَلَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ وَسْقًا سَبْعَةٌ عَجْوَةٌ، وَسِتَّةٌ لَوْنٌ، فَوَافَيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَضَحِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: ائْتِ اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَاَخْبِرْهُمَا ذٰلِكَ، فَاَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَاَخْبَرْتُهُمَا، فَقَالَا: اِذْ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعَ قَدْ عَلِمْنَا اَنَّهُ سَيَكُوْنُ ذٰلِكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد کا انتقال ہو گیا۔ ان کے ذمے قرض تھا میں نے ان قرض خواہوں

6536- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه النسائي 6/246-247 في الوصايا: باب قضاء الدين قبل الميراث، والفريابي في "دلائل النبوة " (48) عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (2709) في الصلح: باب الصلح بين الغرماء وأصحاب الميراث والمجازفة في ذلك، عن محمد بن بشار بندار، عن عبد الوهاب بن عبد المجيد الثقفي، به. وأخرجه البخاري (2396) في البيوع: باب إذا قاصَّ أو جازفه في الدين تمراً بتمرٍ أو غيره، وأبو داود (2884) في الوصايا: باب ما جاء في الرجل يموت وعليه دين له وفاء، وابن ماجه (2432) في الصدقات: باب أداء الدين عن الميت، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/150 من طريقين عن وهب بن كيسان، به. وأخرجه أحمد 3/365، وابن أبي شيبة 11/469، والبخاري (2127) في البيوع: باب الكيل على البائع والمعطي، و (2395) في الاستقراض: باب إذا قضى دون حقه أو حلله فهو جائز، و (2405) باب الشفاعة في وضع الدين، و (2601) في الهبة: باب إذا وهب ديناً على رجل، و (2781) في الوصايا: باب قضاء الوصي دين الميت بغير محضر من الورثة، و (3580) في المناقب: باب علامات النبوة في الاسلام، و (4053) في المغازي: باب (إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا)، والنسائي 6/245 و 246، والفريابي (49)، وأبو نعيم (345)، والبيهقي 6/149 ثلاثتهم في "دلائل النبوة"، والبيهقي أيضاً في "الاعتقاد" ص 279، والبغوي (3722) من طرق عن جابر، بنحوه. وانظر الحديث الآتي برقم (7139).

کے سامنے یہ پیشکش کی کہ میرے والد کے ذمے جو قرض تھا اس کے عوض میں وہ کھجوریں حاصل کر لیں لیکن انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔ ان کے خیال میں اس طرح پوری ادائیگی نہیں ہو پاتی۔ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم کھجوریں اتار کر انہیں گودام میں رکھو تو مجھے اطلاع دینا (راوی کہتے ہیں:) جب میں نے ان کو اتار کر انہیں گودام میں (یا سکھانے کی جگہ پر) رکھا تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ (آپ کو اس بارے میں بتایا) تو نبی اکرم ﷺ تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ پھر نبی اکرم ﷺ (کھجوروں کے اس ڈھیر) کے پاس تشریف فرما ہوئے۔ آپ نے برکت کی دعا کی پھر آپ نے فرمایا: اپنے قرض خواہوں کو بلا لو اور انہیں پوری ادائیگی کر دو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنے والد کے ذمے واجب الادا تمام قرض ادا کر دیا پھر بھی (کھجوروں کے) تیرہ وسق باقی رہ گئے۔ سات وسق عجوہ کھجوروں کے تھے اور چھ وسق لون کھجوروں کے تھے۔ میں نے مغرب کی نماز نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ادا کی اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیے۔ آپ نے فرمایا: ابوبکر اور عمر کے پاس جاؤ اور انہیں اس بارے میں بتاؤ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان دونوں حضرات کو اس بارے میں بتایا تو ان دونوں نے فرمایا: جب نبی اکرم ﷺ نے وہ عمل کیا تھا۔ اسی وقت ہمیں اندازہ ہو گیا تھا کہ ایسا ہی ہوگا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ بِاَنَّ الْمَاءَ الْمَغْسُوْلَ بِهٖ اَعْضَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثُرَ بَعْدَ فَرَاغِهٖ مِنْ وَضُوئِهٖ

اس روایت کا تذکرہ وہ پانی جس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کے اعضاء دھوئے گئے آپ ﷺ کے وضو کرنے کے بعد وہ پانی زیادہ ہو گیا تھا

6537 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ،

(متن حدیث): اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُمْ خَرَجُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَبَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، قَالَ: فَاَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمًا، ثُمَّ خَرَجَ، فَصَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيْعًا، ثُمَّ دَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ، فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيْعًا، ثُمَّ قَالَ: اِنَّكُمْ سَتَاْتُوْنَ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَيْنَ تَبُوْكَ، فَاِنَّكُمْ لَنْ تَاْتُوْهَا حَتّٰى يَضْحَى النَّهَارُ، فَمَنْ جَاءَهَا فَلَا يَمَسَّ مِنْ مَائِهَا شَيْئًا حَتّٰى آتِيَ، قَالَ: فَجِئْنَاهَا وَقَدْ سَبَقَ اِلَيْهَا رَجُلَانِ، وَالْعَيْنُ مِثْلُ الشِّرَاكِ تَبِضُّ بِشَيْءٍ مِنْ مَاءٍ، فَسَاَلَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَسِسْتُمَا مِنْ مَائِهَا شَيْئًا؟، فَقَالَا: نَعَمْ، فَسَبَّهُمَا، وَقَالَ لَهُمَا مَا

6537– إسناده صحيح، وهو مكرر الحديث رقم (1595). ونزيد هنا أنه أخرجه الفريابي (25) في "دلائل النبوة"، وكذا أبو نعيم (450) من طريق مالك، بهذا الإسناد.

شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ غَرَفُوا مِنَ الْعَيْنِ بِاَيْدِيهِمْ قَلِيلًا حَتّٰى اجْتَمَعَ فِي شَيْءٍ، ثُمَّ غَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، ثُمَّ اَعَادَهَا فِيهَا، فَجَرَتِ الْعَيْنُ بِمَاءٍ كَثِيْرٍ، فَاسْتَقَى النَّاسُ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ يَا مُعَاذُ اِنْ طَالَتْ بِكَ الْحَيَاةُ اَنْ تَرَى مَا هَاهُنَا قَدْ مُلِءَ جِنَانًا

✿✿ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے موقع پر وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ ظہر اور عصر کی نماز جبکہ مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرتے رہے۔ راوی کہتے ہیں: ایک دن نبی اکرم ﷺ نے نماز کو مؤخر کیا پھر آپ (اپنی قیام گاہ سے) باہر تشریف لائے۔ آپ نے ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کی پھر آپ (قیام گاہ کے اندر تشریف لے گئے پھر آپ باہر تشریف لے آئے) پھر آپ نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو کل تم لوگ تبوک کے چشمے تک پہنچ جاؤ گے تم اس کے پاس اس وقت پہنچو گے جب دن چڑھ چکا ہوگا' جو شخص وہاں آئے وہ اس کے پانی میں سے اس وقت تک کچھ حاصل نہ کرے جب تک میں نہیں آ جاتا۔ راوی کہتے ہیں: جب ہم وہاں پہنچے تو دو آدمی وہاں پہلے پہنچ چکے تھے۔ وہ چشمہ تسمے کی طرح (باریک) تھا جس میں سے تھوڑا سا پانی نکل رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں سے دریافت کیا: تم نے اس کے پانی کو استعمال کیا ہے۔ ان دونوں نے جواب دیا: جی ہاں تو نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں پر ناراضگی کا اظہار کیا اور جو اللہ کو منظور تھا وہ ان دونوں سے کہا پھر لوگوں نے اپنے ہاتھوں کے ذریعے اس چشمے میں سے تھوڑا سا پانی حاصل کیا' یہاں تک کہ وہ پانی کسی چیز میں اکٹھا ہو گیا تو نبی اکرم ﷺ نے اس برتن میں اپنا چہرہ اور دونوں ہاتھ دھوئے۔ پھر آپ نے وہ پانی دوبارہ اس چشمے میں ڈال دیا تو اس سے بہت سا پانی جاری ہو گیا اور لوگوں نے وہ پانی پیا پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے معاذ عنقریب تمہاری زندگی لمبی ہوگی اور تم دیکھو گے (کہ اس پانی کی وجہ سے) یہاں بہت سے باغات ہوں گے۔

ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْمَاءِ الْيَسِيْرِ حَتّٰى انْتَفَعَ بِهِ الْخَلْقُ الْكَثِيْرُ بِدُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اللہ تعالیٰ کا نبی اکرم ﷺ کی دعا کی وجہ سے تھوڑے سے پانی میں برکت پیدا کرنے کا تذکرہ' یہاں تک کہ بہت سے لوگوں نے اس سے نفع حاصل کیا

6538 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

6538- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 4/117 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1856) (74) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام بجيش عند إرادة القتال، عن عثمان بن أبي شيبة، به. وأخرجه البخاري (5639) في الأشربة: باب شرب البركة والماء المبارك، ومسلم، من طريقين عن جرير بن عبد الحميد، به. وانظر الحديث الآتي برقم (6541) و (6542).

(متن حدیث): لَقَدْ رَأَيْتُنِي مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ حَضَرَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ غَيْرُ فَضْلَةٍ، فَجُعِلَ فِي إِنَاءٍ، فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَدْخَلَ يَدَهُ، وَفَرَّجَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، وَقَالَ: حَيَّ عَلَى الْوَضُوءِ وَالْبَرَكَةِ مِنَ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْفَجِرُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَتَوَضَّأَ نَاسٌ، وَشَرِبُوا، قَالَ: فَجَعَلْتُ لَا آلُو مَا جَعَلْتُ فِي بَطْنِي مِنْهُ، وَعَلِمْتُ أَنَّهُ بَرَكَةٌ، قَالَ: فَقُلْتُ لِجَابِرٍ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: أَلْفٌ وَّأَرْبَعُ مِائَةٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا عصر کی نماز کا وقت ہو گیا۔ ہمارے پاس پانی نہیں تھا صرف بچا ہوا (تھوڑا سا) پانی تھا۔ اسے ایک برتن میں ڈال دیا گیا پھر وہ برتن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس کے اندر داخل کیا۔ آپ نے اپنی انگلیوں کو کشادہ کیا اور ارشاد فرمایا: وضو کے پانی کی طرف آ جاؤ۔ برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کو پھوٹتے ہوئے دیکھا۔ راوی کہتے ہیں: تو لوگوں نے وضو کیا اور انہوں نے پانی پیا بھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اس بات کی بھرپور کوشش کی کہ وہ پانی زیادہ سے زیادہ اپنے پیٹ میں ڈال سکوں کیونکہ مجھے اس بات کا علم تھا کہ یہ برکت والا ہے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اس دن آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا۔ ایک ہزار چار سو (افراد تھے)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ أَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ سَالِمٌ عَنْ جَابِرٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کرنے میں سالم نامی راوی منفرد ہے

6539 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَانَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، وَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوءَ

6539- إسناده صحيح على شرط الشيخين. القعنبي: اسمه عبد الله بن مسلمة بن قعنب، وهو في "الموطأ" 1/32 في الطهارة: باب جامع الوضوء . ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/186، وأحمد 3/132، والبخاري (169) في الوضوء : باب التماس الوضوء إذا حانت الصلاة، (3573) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم (2279) (5) في الفضائل: باب معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، والترمذي (3631) في المناقب: باب رقم (6)، والنسائي 1/60 في الطهارة: باب الوضوء من الإناء، والفريابي في "دلائل النبوة" (19) و (20). وأخرجه البخاري (3574)، وأبو يعلى (2795) من طرق عن حزم بن مهران، قال: سمعت الحسن قال: حدثنا أنس بن مالك ... فذكره بنحوه، وانظر الأحاديث الآتية برقم (6542) - (6547).

فَلَمْ يَجِدُوهُ، فَاُتِيَ بِوَضُوءٍ، فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِيْ ذٰلِكَ الْإِنَاءِ، فَاَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَتَوَضَّءُوْا مِنْهُ، فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ اَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَضَّاَ النَّاسُ حَتّٰى تَوَضَّءُوْا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ

35/35 حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ عصر کی نماز کا وقت ہو چکا تھا اور لوگ وضو کے لئے پانی تلاش کر رہے تھے لیکن انہیں پانی نہیں ملا پھر وضو کا کچھ پانی لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس برتن میں رکھا اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اس سے وضو کرنا شروع کریں تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے نیچے سے پانی کو پھوٹتے ہوئے دیکھا۔ لوگوں نے وضو کیا یہاں تک کہ ان سب لوگوں نے وضو کر لیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَاءَ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ كَانَ ذٰلِكَ فِيْ تَوْرٍ حَيْثُ بُوْرِكَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ پانی جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے وہ پتھر کے پیالے میں تھا اور اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے برکت رکھ دی گئی تھی

6540 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): ثُمَّ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، فَلَمْ يَجِدُوْا مَاءً، فَاُتِيَ بِتَوْرٍ مِنْ مَاءٍ، فَاَدْخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِيْهِ، فَلَقَدْ رَاَيْتُ الْمَاءَ يَنْفَجِرُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَقُوْلُ: حَيَّ عَلٰى اَهْلِ الطَّهُوْرِ، وَالْبَرَكَةُ مِنَ اللّٰهِ.

قَالَ الْاَعْمَشُ: فَحَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ لوگوں کو پانی نہیں ملا

6540- إسناده صحيح على شرط الشيخين. إبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وعلقمة: هو ابن قيس النخعي. وأخرجه النسائي 1/60-61، والبيهقي في "دلائل النبوة" 4/129-130 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/15، وأبو نعيم في "الدلائل" (311) من طريق ابن نمير، حدثنا أبو الجواب (هو أحوص بن جواب) عن عمارة بن رزيق، عن سليمان الأعمش، به. وهذا إسناد على شرط مسلم. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/474، وأحمد 1/460، والدارمي 1/14-15، والبخاري (3579) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والترمذي (3633) في المناقب: باب رقم (6)، والفريابي (31)، وأبو نعيم (312) في "دلائل النبوة"، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1479)، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 272 من طرق عن إسرائيل، عن منصور، عن إبراهيم بن يزيد، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (6493)، وحديث الأعمش عن سالم بن أبي الجعد تقدم برقم (6538)

پانی کا ایک پیالہ لایا گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک اس کے اندر داخل کیا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کو پھوٹتے ہوئے دیکھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: طہارت کے حصول کے ذریعے کی طرف آ جاؤ برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

اعمش نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے سالم نے مجھے یہ بات بتائی ہے۔ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا۔ ایک ہزار پانچ سو (لوگ تھے)

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کر دیا تھا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ ان روایات کی متضاد ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6541 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَصَابَ النَّاسُ عَطَشٌ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَجَهِشَ النَّاسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِيْ مَاءٍ، فَرَاَيْتُ الْمَاءَ مِثْلَ الْعُيُوْنِ.

قَالَ: قُلْتُ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: لَوْ كُنَّا ثَلَاثَ آلَافٍ لَكَفَانَا، وَكُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حدیبیہ کے دن لوگوں کو پیاس لاحق ہوگئی۔ لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گزارش کی تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک پانی میں رکھا تو وہ پانی چشموں کی طرح ہو گیا۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے فرمایا: اگر ہم تین ہزار بھی ہوتے تو وہ ہمارے لئے کفایت کر جاتا ویسے ہماری تعداد پندرہ سو تھی۔

6541- إسناده صحيح على شرط الشيخين . ابن إدريس: هو عبد الله بن إدريس الأودي، وحصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي .وأخرجه مسلم (1856) (73) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام بجيش عن إرادة القتال، والفريابي في "دلائل النبوة " (33) و (37) عن محمد بن عبد الله بن نمير وابن أبي شيبة، عن عبد الله بن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3576) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، و (4152) في المغازي: باب غزوة الحديبية، ومسلم، وأبو نعيم (313) و (314)، والبيهقي 6/115-116 كلاهما في "الدلائل"، والبغوي (3715) من طرق عن حصين بن عبد الرحمن، به.وأخرجه الطيالسي (1729)، وأحمد 3/353 و 365، والدارمي 1/14، ومسلم (1856) (72)، وابن سعد 2/98، واللالكائي في "أصول الاعتقاد " (1482)، والفريابي في "دلائل النبوة" (34) و (35)، وأبو عوانة 4/88، والبيهقي في "دلائل النبوة" 4/115، وفي "الاعتقاد" ص 272، من طرق عن شعبة، عن سالم بن أبي الجعد، به. وانظر الحديث الآتي، والحديث المتقدم برقم (6538).

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَاءَ الَّذِىْ ذَكَرْنَا حَيْثُ بُورِكَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ كَانَ ذٰلِكَ فِىْ رَكْوَةٍ لَا فِىْ تَوْرٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ پانی جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' جس میں نبی اکرم ﷺ کے لیے برکت رکھی گئی تھی) وہ چمڑے کے برتن میں تھا پتھر کے برتن میں نہیں تھا

6542 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): عَطِشَ النَّاسُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ يَتَوَضَّاُ مِنْهَا، اِذَا جَهِشَ النَّاسُ نَحْوَهُ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ؟ ، فَقَالُوا: مَا لَنَا لَا نَتَوَضَّاُ بِهِ، وَلَا نَشْرَبُ اِلَّا مَا بَيْنَ يَدَيْكَ، قَالَ: فَوَضَعَ يَدَيْهِ فِي الرَّكْوَةِ، وَدَعَا بِمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّدْعُوَ، قَالَ: فَجَعَلَ الْمَاءُ يَفُوْرُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْثَالَ الْعُيُوْنِ، قَالَ: فَشَرِبْنَا، وَتَوَضَّاْنَا، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرٍ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً، وَلَوْ كُنَّا مِائَةَ اَلْفٍ لَكَفَانَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ حدیبیہ کے موقع پر لوگ پیاس کا شکار ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ کے سامنے ایک پیالہ رکھا تھا جس سے آپ وضو کرتے تھے۔ جب لوگوں نے آپ کی خدمت میں گزارش کی تو آپ نے فرمایا: تمہارا کیا معاملہ ہے۔ لوگوں نے عرض کی: ہمارے پاس وضو کرنے کے لئے (پانی) نہیں ہے اور پینے کے لئے بھی نہیں ہے۔ صرف وہ پانی ہے' جو آپ کے سامنے ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اس پیالے پر رکھے اور پھر جو اللہ کو منظور تھا وہ دعا کی راوی کہتے ہیں: تو پھر نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے چشموں کی مانند پانی پھوٹنا شروع ہوا۔ راوی کہتے ہیں: تو ہم نے اسے پیا بھی اور اس سے وضو بھی کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے فرمایا: ہم پندرہ سو لوگ تھے لیکن اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ ہمارے لئے کافی ہوتا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِىْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور

6542– إسناده صحيح على شرط الشيخين. يعقوب الدورقي: هو ابن إبراهيم بن كثير بن أفلح، وهشيم: هو ابن القاسم بن دينار السلمي، وقد صرح بالتحديث فانتفت شبهة تدليسه. والحديث في "صحيح ابن خزيمة" (125) . وانظر الحديث السابق.

وہ اس بات کا قائل ہے) یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے نقل کر چکے ہیں

6543 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: حَدِّثْنِي بِشَيْءٍ مِنْ هٰذِهِ الْاَعَاجِيبِ لَا نُحَدِّثُهُ عَنْ غَيْرِكَ، قَالَ: صَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ، ثُمَّ اَتَى الْمَقَاعِدَ الَّتِي كَانَ يَاْتِيهِ عَلَيْهَا جِبْرِيلُ، فَقَعَدَ عَلَيْهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ بِلَالٌ، فَنَادٰى بِالْعَصْرِ، فَقَامَ مَنْ لَهُ اَهْلٌ بِالْمَدِينَةِ، فَتَوَضَّءُوا، وَقَضَوْا حَوَائِجَهُمْ، وَبَقِيَ رِجَالٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ لَا اَهْلَ لَهُمْ بِالْمَدِينَةِ، فَاُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ، فَوَضَعَ اَصَابِعَهُ فِي الْقَدَحِ، فَمَا وَسِعَ اَصَابِعَهُ كُلَّهَا، فَوَضَعَ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةَ، وَقَالَ: هَلُمُّوا فَتَوَضَّءُوا اَجْمَعِينَ قُلْتُ لِاَنَسٍ: كَمْ تُرَاهُمْ؟ قَالَ: مَا بَيْنَ السَّبْعِينَ اِلَى الثَّمَانِينَ .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْجَمْعُ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي اَرْبَعِ مَوَاضِعَ مُخْتَلِفَةٍ، مَرَّةً كَانَ الْقَوْمُ مَا بَيْنَ اَلْفٍ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ اِلٰى اَلْفٍ وَخَمْسِ مِائَةٍ، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي تَوْرٍ، وَالْمَرَّةُ الثَّانِيَةُ كَانَ الْقَوْمُ مَا بَيْنَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً اِلٰى خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي رَكْوَةٍ، وَالْمَرَّةُ الثَّالِثَةُ كَانَ الْقَوْمُ مَا بَيْنَ السِّتِّينَ اِلَى الثَّمَانِينَ، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي قَدَحٍ رَحْرَاحٍ، وَالْمَرَّةُ الرَّابِعَةُ كَانَ الْقَوْمُ ثَلَاثَ مِائَةٍ، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَاءُ فِي قَعْبٍ، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُونَ بَيْنَهَا تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ

ثابت بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا آپ ہمیں کسی ایسی حیران کن چیز کے بارے میں بتائیے جسے ہم آپ کے علاوہ کسی اور کے حوالے سے روایت نہ کرسکیں تو حضرت انس نے بتایا ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز ادا کی پھر آپ اس جگہ تشریف لے آئے۔ جہاں حضرت جبرائیل آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف فرما ہوئے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے عصر کے لئے اذان دی تو جس بھی شخص کا مدینہ منورہ میں گھر بار تھا وہ گھر گیا۔ اس نے قضائے حاجت کی مہاجرین سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ باقی رہ گئے جن کے اہل خانہ مدینہ میں نہیں تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ لایا گیا جس میں پانی موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں اس پیالے میں داخل کیں تو آپ کی تمام انگلیاں اس پیالے میں نہیں آسکیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ چار انگلیاں اس پیالے میں رکھیں اور پھر فرمایا آگے آؤ اور تم سب لوگ وضو کرلو۔

6543– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سليمان بن المغيرة، فمن رجال مسلم، وأخرج له البخاري مقروناً وتعليقاً، وهو في "مسند أبي يعلى" (3327). وأخرجه أحمد 3/139، وابن سعد 1/177-178، والفريابي في "دلائل النبوة" (23) من طريقين عن سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد. وانظر الأحاديث الآتية، والحديث المتقدم برقم (6539) .

راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ کے خیال میں ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی تو انہوں نے جواب دیا: ستر سے لے کر اسی تک تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان تمام روایات میں اس طرح مطابقت ہوسکتی ہے کہ یہ معجزہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی مرتبہ صادر ہوا۔ یہ آپ سے چار مرتبہ مختلف موقعوں پر صادر ہوا۔ ایک مرتبہ لوگوں کی تعداد چودہ سو سے لے کر پندرہ سو تک تھی اور اس وقت پانی (پتھر کے بنے ہوئے پیالے میں تھا) دوسری مرتبہ لوگوں کی چودہ سو سے لے کر پندرہ سو تک تھی اس وقت پانی رکابی میں تھا۔ تیسری مرتبہ لوگوں کی تعداد ساٹھ سے لے کر اسی تک تھی۔ اس وقت پانی گہرے پیالے میں تھا۔ چوتھی مرتبہ لوگوں کی تعداد تین سو تھی۔ اس وقت پانی بڑے پیالے میں تھا۔ اس طرح ان روایات کے درمیان کوئی تضاد اور اختلاف باقی نہیں رہے گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّى اللّٰهُ فِي الْوُضُوءِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وضو (کے آغاز) میں اللہ کا نام لیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

6544 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَقَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): طَلَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضُوءًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَعَ اَحَدٍ مِنْكُمْ مَاءٌ؟، فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الْمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: تَوَضَّئُوْا بِاسْمِ اللّٰهِ، فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَجْرِي مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَضَّئُوْا حَتّٰى تَوَضَّئُوْا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ.

قَالَ ثَابِتٌ لِاَنَسٍ: كَمْ تُرَاهُمْ؟ قَالَ: نَحْوًا مِنْ سَبْعِيْنَ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے وضو کے لئے پانی تلاش کیا (وہ انہیں نہیں ملا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم میں سے کسی کے پاس پانی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس پانی میں رکھا اور پھر فرمایا اللہ کا نام لے کر وضو کرنا شروع کرو۔ (راوی کہتے ہیں:) تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کو جاری ہوتے ہوئے دیکھا ان لوگوں نے وضو کرلیا' یہاں تک کہ وہاں موجود ہر فرد نے وضو کرلیا۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تقریباً ستر لوگ تھے۔

6544– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (20535). ومن طريقه أخرجه أحمد 3/165، والنسائي 1/61 في الطهارة: باب الوضوء من الإناء، وأبو يعلى (3036)، وابن خزيمة (144).

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْمَاءَ كَانَ فِي مِخْضَبٍ مِنْ حِجَارَةٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ پانی پتھر سے بنے ہوئے برتن میں تھا

6545 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقَامَ مَنْ كَانَ قَرِيبَ الدَّارِ اِلَى اَهْلِهِ، فَتَوَضَّاَ، وَبَقِيَ قَوْمٌ، فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِخْضَبٍ مِنْ حِجَارَةٍ فِيهِ مَاءٌ، فَصَغُرَ الْمِخْضَبُ عَنْ اَنْ يُمْلَاَ فِيهِ كَفُّهُ، فَضَمَّ اَصَابِعَهُ فَوَضَعَهَا فِي الْمِخْضَبِ، فَتَوَضَّاَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ جَمِيعًا، فَقُلْنَا: كَمْ كَانُوا؟ قَالَ: ثَمَانِينَ رَجُلًا

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نماز کا وقت ہو گیا جس شخص کا گھر وہاں قریب تھا اس نے (اپنے گھر جا کر) وضو کر لیا کچھ لوگ باقی رہ گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پتھر کا بنا ہوا ایک برتن لایا گیا جس میں پانی موجود تھا۔ اس برتن میں اتنا پانی بھی نہیں تھا کہ وہ ہتھیلی بھر کر آ سکے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں ملائیں اور اس پیالے میں رکھ دیں تو وہاں موجود تمام لوگوں نے وضو کر لیا۔

(راوی کہتے ہیں:) ہم نے دریافت کیا: ان کی تعداد کتنی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: **80** افراد تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَاءَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ كَانَ فِي قَدَحٍ رَحْرَاحٍ وَّاسِعِ الْاَعْلٰى ضَيِّقِ الْاَسْفَلِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ پانی جس کا ہم نے ذکر کیا ہے ایسے گہرے برتن میں تھا، جس کا اوپر والا حصہ کشادہ ہوتا ہے اور نیچے والا حصہ تنگ ہوتا ہے

6546 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا بِمَاءٍ، فَاُتِيَ بِقَدَحٍ رَحْرَاحٍ، فَجَعَلَ الْقَوْمُ يَتَوَضَّئُوْنَ، فَحَزَرْتُ مَا بَيْنَ السِّتِّينَ اِلَى الثَّمَانِينَ.

6545- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبي شيبة 11/475، وأحمد 3/106، والبخاري (3575) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والفريابي في "دلائل النبوة" (24) من طريق يزيد بن هارون عن حميد، بهذا الإسناد.

6546- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داود العتكي. وهو في "مسند أبي يعلى" (3329). وأخرجه مسلم (2279) (4) في الفضائل: باب في معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن أبي الربيع الزهراني، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/147، وابن سعد 1/178، والبخاري (2000) في الوضوء: باب الوضوء من التور، وابن خزيمة (124)، والفريابي في "دلائل النبوة" (22)، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 274-273، من طرق عن حماد بن زيد، به.

قَالَ: فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا تو ایک گہرے پیالے میں پانی لایا گیا۔ لوگوں نے وضو کرنا شروع کیا' میں نے انہیں شمار کیا تو ان کی تعداد 60 سے لے کر 80 تک تھی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دیکھا کہ پانی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے پھوٹ رہا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے نقل کر چکے ہیں

6547 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَصْحَابِهِ بِالْمَدِينَةِ اَوْ بِالزَّوْرَاءِ، فَاَرَادَ الْوُضُوءَ، فَاُتِيَ بِقَعْبٍ فِيهِ مَاءٌ يَسِيرٌ، فَوَضَعَ كَفَّهُ عَلَى الْقَعْبِ، فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَضَّاَ الْقَوْمُ.

قَالَ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: زُهَاءَ ثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا جب آپ اپنے اصحاب کے ہمراہ مدینہ منورہ میں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) زوراء میں موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کرنے کا ارادہ کیا تو آپ کی خدمت میں ایک پیالہ پیش کیا گیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ہتھیلی اس پیالے پر رکھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان میں سے پانی پھوٹنے لگا' یہاں تک کہ تمام لوگوں نے وضو کر لیا۔

راوی نے دریافت کیا: آپ لوگوں کی تعداد کتنی تھی؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا۔ 300 کے لگ بھگ تھی۔

6547- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه الفريابي في "دلائل النبوة" (21)، وأبو يعلى (2895)، ومن طريقه أبو نعيم في "دلائل النبوة" (317) عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/289 عن بهز، عن همام بن يحيى، به. وأخرجه أحمد 3/170 و 215، والبخاري (3572) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم (2279) في الفضائل: باب في معجزات النبي - صلى الله عليه وسلم -، وأبو يعلى (3172) و (3193)، والبغوي (3714)، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1480)، من طرق عن قتادة بنحوه.

بَابُ تَبْلِيغِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرِّسَالَةَ، وَمَا لَقِيَ مِنْ قَوْمِهِ

باب! نبی اکرم ﷺ کا رسالت کی تبلیغ کرنا اور آپ ﷺ کو اپنی قوم کی طرف سے پیش آنے والی مشکلات کا تذکرہ

6548 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:

(متنِ حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ) (الشعراء: 214)، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ، يَا صَفِيَّةُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا اَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، سَلُوْنِي مِنْ مَالِي مَا شِئْتُمْ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اور تم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔''

تو نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے محمد ﷺ کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا اے عبدالمطلب کی صاحبزادی صفیہ اے عبدالمطلب کی اولاد میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے لئے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں' البتہ تم میرے مال میں سے جو چاہو مجھ سے مانگ لو۔

6549 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَاَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ:

6548– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير على ابن المديني، فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 6/187، ومسلم (205) في الإيمان: باب قوله تعالى: (وأنذر عشيرتك الأقربين)، والطبري في "جامع البيان" 19/118، وابن منده في "الإيمان" (945) و (946) و (947) من طرق عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (3184) في التفسير: باب من سورة الشعراء، والنسائي 6/250 في الوصايا: باب إذا أوصى لعشيرته الأقربين، والطبري 19/118، وابن منده (947) و (948)، من طرق عن هشام بن عروة، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، ... روى بعضهم عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النبي - صلى الله عليه وسلم - مرسلاً، لم يذكر فيه عائشة. قلت: الرواية المرسلة رواها الطبري 19/119 عن ابن حميد، قال: حدثنا عنبسةُ، و 19/122-123 عن عبد الرزاق، عن معمر، كلاهما عن هشام بن عروة، عن أبيه، فذكره مرسلاً.

6549– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم، وقد تقدم تخريجه برقم (646).

(متن حدیث): إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ: (وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ) (الشعراء: 214)، قَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ لَا أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِيْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِيْ عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَا أُغْنِيْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِيْنِيْ مَا شِئْتِ لَا أُغْنِيْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا

سعید بن میسب اورابوسلمہ نے یہ بات بیان کی ہے۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی:

''اور تم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔''

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے قریش اللہ تعالیٰ سے اپنی جانیں خرید لو میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آسکتا۔اے بنوعبدالمطلب میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آسکتا۔اے عباس بن عبدالمطلب میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آسکتا۔اے اللہ کے رسول کی پھوپھی صفیہ میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں آپ کے کسی کام نہیں آسکتا۔اے محمد کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا تم جو چاہو مجھ سے مانگ لو لیکن میں اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تمہارے کسی کام نہیں آسکتا۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْذَارَ عَشِيْرَتِهِ بِمَا مَثَّلَ بِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے خاندان والوں کو ڈراتے ہوئے ایک مثال بیان کرنے کا تذکرہ

6550 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ) (الشعراء: 214) وَرَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ، قَالَ: وَهُنَّ فِيْ قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ، خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى أَتَى الصَّفَا، فَصَعِدَ عَلَيْهَا، ثُمَّ نَادَى: يَا صَبَاحَاهُ، فَاجْتَمَعَ النَّاسُ إِلَيْهِ فَبَيْنَ رَجُلٍ يَجِيءُ، وَبَيْنَ رَجُلٍ يَبْعَثُ رَسُوْلَهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، يَا بَنِيْ فِهْرٍ، يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ، يَا بَنِيْ، يَا بَنِيْ أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا

6550- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة. وأخرجه البخاري (4971) في تفسير سورة: (تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ)، ومسلم (208) في الإيمان: باب قول الله تعالى: (وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الأَقْرَبِينَ)، والطبري في "جامع البيان" 19/121، وابن منده في "الإيمان" (949) و (950)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 182-2/181، والبغوي في "شرح السنّة" (3742)، وفي "معالم التنزيل" 401-3/400 من طرق عن أبي أسامة، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه دون قوله: "ورهطك منهم المخلصين" أحمد 1/281 و 307، والبخاري (1394) في الجنائز: باب ذكر شرار الموتى، و (3525) في الأنبياء: باب من انتسب إلى آبائه في الإسلام والجاهلية، و (4770) في تفسير سورة الشعراء، و (4801) في تفسير سورة سبأ، و (4972) و (4973) في تفسير سورة تبّت، والترمذي (3363) في التفسير: باب ومن سورة تبت، والطبري 121-19/120، وابن منده (950) و (951)، والبيهقي 2/182، والبغوي 3/401 و 4/453 من طرق عن الأعمش، به.

بِسَفْحِ هٰذَا الْجَبَلِ تُرِيْدُ اَنْ تُغِيرَ عَلَيْكُمْ اَصَدَّقْتُمُوْنِي؟ ، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَاِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ، فَقَالَ اَبُوْ لَهَبٍ: تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ، اَمَا دَعَوْتُمُوْنَا اِلَّا لِهٰذَا، ثُمَّ قَامَ، فَنَزَلَتْ: (تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ) (المسد: 1) ، وَقَدْ تَبَّ، وَقَالُوا: مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ كَذِبًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اور تم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ۔''

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی قرأت میں یہ الفاظ بھی ہیں ''اور ان میں سے اپنے مخلص گروہ کو (ڈراؤ)''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے۔ آپ صفا پہاڑ کے پاس آئے۔ آپ اوپر چڑھ گئے پھر آپ نے پکارا ''خطرہ ہے''۔ لوگ آپ کے اردگرد اکٹھے ہو گئے۔ کوئی شخص خود آ گیا۔ کسی نے اپنے قاصد کو بھیج دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنو عبدالمطلب اے بنو فہر! اے بنو عبد مناف! اے بنو (فلاں)! اے بنو (فلاں)! تمہارا کیا خیال ہے اگر میں تمہیں اس بات کی اطلاع دوں کہ اس پہاڑ کے دوسری طرف ایک لشکر ہے، جو تم پر حملہ کرنا چاہتا ہے تو کیا تم میری بات کی تصدیق کرو گے ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو میں شدید عذاب سے پہلے تمہیں ڈرا رہا ہوں۔ اس پر ابولہب نے کہا: تم ہمیشہ کے لئے برباد ہو جاؤ کیا تم نے ہمیں صرف اس کام کے لئے بلایا تھا پھر وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ (اور چلا گیا) اور اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''ابولہب کے دونوں ہاتھ برباد ہو جائیں۔''

تو وہ برباد ہو گیا۔

البتہ دوسرے لوگوں نے یہ کہا تھا ہمیں آپ کی طرف سے کبھی جھوٹ کا تجربہ نہیں ہوا۔

ذِكْرُ اِدْخَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُصْبُعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ، وَرَفْعِهِ صَوْتَهُ عِنْدَمَا وَصَفْنَاهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی انگلیوں کو اپنے کانوں میں داخل کرنے کا تذکرہ اور اپنی آواز کو بلند کرنے کا تذکرہ اس وقت جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

6551 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ ابْنِ بِنْتِ اَزْهَرَ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: قَالَ الْاَشْعَرِيُّ: لَمَّا نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ) (الشعراء: 214) ، وَضَعَ اُصْبُعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ صَوْتَهُ، وَقَالَ: يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ، ثُمَّ سَاقَ الْخَبَرَ *

حضرت اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی:

''تم اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤ''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے اپنی دو انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں رکھیں اور بلند آواز میں کہا اے بنو عبد مناف۔

اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث بیان کی ہے۔

ذِكْرُ تَفْرِيقِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ بِالرِّسَالَةِ

نبی اکرم ﷺ کا حق اور باطل کے درمیان رسالت کے ذریعے فرق کرنے کا تذکرہ

6552 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

میں نے نبی اکرم ﷺ کو کچھ لوگوں کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں میں موجود تھا (نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:) تم لوگوں میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ویرانے میں ہوگا لیکن اس کی نماز جنازہ میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔

(حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) ان لوگوں میں سے ہر ایک شخص کا انتقال آبادی میں ہوا۔ صرف میں ویرانے میں مرنے لگا ہوں۔ اللہ کی قسم! نہ تو میں نے غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے تم راستے کا جائزہ لیتی رہو۔ سیّدہ امّ ذر نے عرض کی: اب تو حاجی رخصت ہو چکے ہیں اور راستے منقطع ہو چکے ہیں حضرت ابوذر غفاری نے فرمایا: تم جاؤ اور جا کے جائزہ لو سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں ٹیلے کی طرف آئی میں نے جائزہ لیا پھر میں ان کے پاس واپس آئی اور ان کی تیمارداری کرنے لگی۔ ابھی میں ان کی تیمارداری کر رہی تھی کہ اسی دوران کچھ لوگ اپنی سواریوں پر سوار ہو کر وہاں آ گئے۔ یوں لگتا تھا جیسے وہ پرندے ہوں۔ وہ لوگ آئے اور میرے پاس آ کر ٹھہر گئے۔ انہوں نے دریافت کیا: اے اللہ کی کنیز تمہارا کیا معاملہ ہے میں نے ان سے کہا ایک مسلمان شخص فوت ہونے لگا ہے کیا تم لوگ اسے کفن دو گے۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: وہ کون ہے؟ میں نے جواب دیا: حضرت ابوذر، انہوں نے دریافت کیا: وہ جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں تو ان لوگوں نے یہ کہا ہمارے ماں باپ ان پر قربان ہوں پھر وہ تیزی سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے انہیں خوش آمدید کہا۔ یہ بات بتائی میں نے نبی اکرم ﷺ کو کچھ لوگوں کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ان لوگوں میں میں بھی موجود تھا۔

''تم میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ویرانے میں ہوگا لیکن اس کے جنازے میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔''

(حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے بتایا) ان تمام لوگوں میں سے ہر شخص کا انتقال کسی بستی میں یا لوگوں کے اجتماع میں ہوا۔ صرف میں ویرانے میں مرنے لگا ہوں تم لوگ یہ بات سن لو کہ اگر میرے پاس اتنا کپڑا ہوا جو میرے کفن کے لئے کافی ہوا یا میری بیوی کے پاس اتنا کپڑا ہوا تو مجھے صرف میرے یا میری بیوی کے کپڑے میں کفن دیا جائے تم لوگ یہ بات سن لو کہ میں تم لوگوں کو گواہ بنا کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ تم میں سے وہ شخص مجھے کفن دے جو امیر ہو یا عریف ہو یا برید ہو یا نقیب ہو (یعنی کسی نہ کسی عہدے یا مرتبے پر فائز ہو)

(راوی بیان کرتے ہیں) وہاں موجود لوگوں میں سے کوئی بھی شخص ایسا نہیں تھا جو کسی نہ کسی عہدے پر نہ رہا ہو۔ صرف ایک انصاری نوجوان تھا۔ اس نے کہا: اے چچا جان میں آپ کو وہ کفن دوں گا اور وہ چیز شامل نہیں کروں گا جس کا آپ نے ذکر کیا ہے۔ میں آپ کو اپنی اس چادر میں کفن دوں گا اور ان دو کپڑوں میں دوں گا' جو میں نے نیچے پہنے ہوئے ہیں جنہیں میری امی نے میرے لئے اپنے ہاتھوں سے کات کر دیا تھا تو اس انصاری نے ان لوگوں کی موجودگی میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو کفنایا جو لوگ وہاں موجود تھے ان میں حضرت حجر بن ادبر اور مالک بن اشتر بن شامل تھے۔ یہ تمام لوگ یمن سے تعلق رکھتے تھے۔

ذِكْرُ اِخْبَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَوْتِ اَبِىْ ذَرٍّ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ

6671 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْاَشْتَرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمِّ ذَرٍّ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا حَضَرَتْ اَبَا ذَرٍّ الْوَفَاةُ بَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ فَقُلْتُ: وَمَا لِيَ لَا اَبْكِي وَاَنْتَ تَمُوتُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ كَفَنًا، وَلَا يَدَانِ لِي فِي تَغْيِيبِكَ، قَالَ: اَبْشِرِي وَلَا تَبْكِي، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَا يَمُوتُ بَيْنَ امْرَاَيْنِ مُسْلِمَيْنِ وَلَدَانِ اَوْ ثَلَاثٌ، فَيَصْبِرَانِ وَيَحْتَسِبَانِ فَيَرَيَانِ النَّارَ اَبَدًا، وَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوتَنَّ رَجُلٌ مِّنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولَئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ مَاتَ فِي قَرْيَةٍ وَّجَمَاعَةٍ، فَاَنَا ذٰلِكَ الرَّجُلُ، وَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، فَاَبْصِرِي الطَّرِيقَ، فَقُلْتُ: اَنّٰى وَقَدْ ذَهَبَتِ الْحَاجُّ وَتَقَطَّعَتِ الطُّرُقُ، فَقَالَ: اذْهَبِي فَتَبَصَّرِي، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَشْتَدُّ اِلَى الْكَثِيبِ اَتَبَصَّرُ، ثُمَّ اَرْجِعُ فَاُمَرِّضُهُ، فَبَيْنَمَا هُوَ وَاَنَا كَذٰلِكَ اِذَا اَنَا بِرِجَالٍ عَلٰى رِحَالِهِمْ كَاَنَّهُمُ الرَّخَمُ تَخُبُّ بِهِمْ رَوَاحِلُهُمْ، قَالَتْ: فَاَسْرَعُوا اِلَيَّ حِينَ وَقَفُوا عَلَيَّ، فَقَالُوا: يَا اَمَةَ اللّٰهِ، مَا لَكِ؟ قُلْتُ: امْرُؤٌ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ يَمُوتُ فَتُكَفِّنُونَهُ؟ قَالُوا: وَمَنْ هُوَ؟ قَالَتْ: اَبُوْ ذَرٍّ، قَالُوا: صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَفَدَّوْهُ بِآبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ، وَاَسْرَعُوا اِلَيْهِ حَتّٰى دَخَلُوا عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُمْ: اَبْشِرُوا، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوتَنَّ رَجُلٌ مِّنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولَئِكَ النَّفَرِ رَجُلٌ اِلَّا وَقَدْ هَلَكَ فِي جَمَاعَةٍ، فَوَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ اِنَّهُ لَوْ كَانَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُنِي كَفَنًا لِي اَوْ لِامْرَاَتِي، لَمْ اُكَفَّنْ اِلَّا فِي ثَوْبٍ هُوَ لِي اَوْ لَهَا، اِنِّي اُنْشِدُكُمُ اللّٰهَ اَنْ لَا يُكَفِّنَنِي رَجُلٌ مِّنْكُمْ كَانَ اَمِيرًا اَوْ عَرِيفًا اَوْ بَرِيدًا اَوْ نَقِيبًا، فَلَيْسَ مِنْ اُولَئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ قَارَفَ بَعْضَ مَا، قَالَ اِلَّا فَتًى مِنَ الْاَنْصَارِ، قَالَ: اَنَا اُكَفِّنُكَ يَا عَمِّ، اُكَفِّنُكَ فِي رِدَائِي هٰذَا، وَفِي ثَوْبَيْنِ فِي عَيْبَتِي مِنْ غَزْلِ اُمِّي، قَالَ: اَنْتَ فَكَفِّنِّي، فَكَفَّنَهُ الْاَنْصَارِيُّ فِي النَّفَرِ الَّذِينَ حَضَرُوا، وَقَامُوا عَلَيْهِ وَدَفَنُوهُ فِي نَفَرٍ كُلُّهُمْ يَمَانٍ

❀❀ سیدہ اُم ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو میں رونے لگی انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو۔ میں نے کہا: میں کیوں نہ روؤں جبکہ آپ ایک ویرانے میں مرنے لگے ہیں۔ میرے پاس اتنا

6671– هو مكرر ما قبله. أخرجه الحاكم 3/344 - 346، وعنه البيهقي في "دلائل النبوة" 6/401 - 402 من طريق إسماعيل بن إسحاق القاضي، عن علي بن عبد الله المديني، بهذا الإسناد. وأورده ابن عبد البر في "الاستيعاب" 1/215 - 217 من طريق علي

کپڑا بھی نہیں ہے' جو آپ کے کفن کے لئے کافی ہو اور آپ کی عدم موجودگی میں میرے لئے رہنا ممکن نہیں ہے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے لئے خوشخبری ہے تم نہ روؤ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جن بھی دو مسلمان (میاں بیوی) کے دو یا تین بچے فوت ہو جائیں اور وہ دونوں صبر سے کام لیں اور ثواب کی امید رکھیں تو وہ کبھی بھی آگ کو نہیں دیکھیں گے'' (یعنی جہنم میں نہیں جائیں گے)

(حضرت ابوذر غفاری نے یہ بھی بتایا) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین آدمیوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں' میں بھی موجود تھا۔

''تم میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ضرور ویرانے میں ہوگا لیکن اس کی نماز جنازہ میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہو گا۔''

(حضرت ابوذر غفاری نے فرمایا:) ان لوگوں میں سے ہر شخص کا انتقال کسی بستی یا لوگوں کے درمیان ہوا میں ان میں سے ایک شخص باقی رہ گیا ہوں۔ اللہ کی قسم! نہ تو میں نے غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے تم راستے کا جائزہ لیتی رہو (سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) میں نے کہا: اب تو حاجی رخصت ہو چکے ہیں۔ راستے منقطع ہو چکے ہیں تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جاؤ اور جا کے جائزہ لو سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں تیزی سے چلتی ہوئی ٹیلے کی طرف گئی اور اس بات کا جائزہ لیا اور واپس آ کر ان کی تیمارداری کرنے لگی۔ ابھی میں اور وہ اسی حالت میں تھے اسی دوران کچھ لوگ اپنی سواریوں پر سوار ہو کر آئے۔ یوں جیسے وہ پرندے ہوں۔ ان کی سواریاں انہیں لے کر آئی تھیں۔ سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب وہ لوگ میرے پاس ٹھہرے تو تیزی سے میری طرف آئے انہوں نے کہا: اے اللہ کی کنیز تمہارا کیا معاملہ ہے۔ میں نے کہا: ایک مسلمان شخص کا انتقال ہونے لگا ہے۔ کیا آپ لوگ اسے کفن دیں گے۔ انہوں نے جواب دیا: وہ کون شخص ہے اس خاتون نے جواب دیا: حضرت ابوذر ان لوگوں نے کہا: وہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں تو انہوں نے کہا: میرے ماں باپ ان پر قربان ہوں پھر وہ تیزی سے چلتے ہوئے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس آ گئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا تم لوگوں کے لئے خوشخبری ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ لوگوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں' میں بھی موجود تھا ''تم میں سے ایک شخص ویرانے میں انتقال کرے گا اور اس کے جنازے میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔''

پھر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (میرے علاوہ) ان میں سے ہر ایک شخص کا انتقال لوگوں کے درمیان ہوا (اب صرف میں باقی رہ گیا ہوں) اللہ کی قسم! میں نے نہ تو غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی۔ اگر میرے پاس اتنا کپڑا ہوا جو میرے کفن کے لئے کافی ہو یا میری بیوی کے پاس اتنا کپڑا ہوا تو صرف میرے یا میری بیوی کے کپڑے میں مجھے کفن دیا جائے میں تمہیں اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں تم میں سے وہ شخص مجھے کفن نہ دے جو امیر ہو یا عریف ہو یا برید ہو یا نقیب ہو (یعنی سرکاری اہل کار ہو) تو وہاں موجود لوگوں میں سے کوئی شخص ایسا نہیں تھا جو ان میں سے کسی عہدے پر فائز نہ ہو' البتہ ایک انصاری نوجوان تھا۔

اس نے کہا: اے چچا جان! میں آپ کو کفن دوں گا۔ میں آپ کو اپنی اس چادر میں کفن دوں گا اور اپنے ان دو کپڑوں میں دوں گا' جو میری والدہ نے میرے لئے تیار کئے تھے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھے کفن دینا تو اس انصاری نے وہاں موجود حاضرین کی موجودگی میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو کفن دیا اور ان کے (غسل وغیرہ) کے معاملات کی دیکھ بھال کی اور انہی لوگوں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو دفن کیا۔ ان سب کا تعلق یمن سے تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَوَّلَ فَتْحٍ يَّكُوْنُ لِلْمُسْلِمِيْنَ بَعْدَهُ فَتْحُ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مسلمانوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلی فتح یہ نصیب ہوگی کہ وہ جزیرہ عرب کو فتح کرلیں گے

6672 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ نَافِعَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، قُلْتُ: حَدِّثْنِيْ هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الدَّجَّالَ؟ قَالَ: فَقَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَغْرِبِ اَتَوْهُ لِيُسْلِمُوا عَلَيْهِ، وَعَلَيْهِمُ الصُّوْفُ، فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنْهُ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: تَغْزُوْنَ جَزِيرَةَ الْعَرَبِ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ فَارِسَ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ الرُّوْمَ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ عَلَيْكُمْ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ الدَّجَّالَ، فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

❁❁ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت نافع بن عتبہ بن ابی وقاص سے دریافت کیا۔ میں نے کہا: آپ مجھے یہ بات بتائیں کہ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دجال کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے تو انہوں نے بتایا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت اہل مغرب میں سے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر تھے۔ وہ اسلام قبول کرنے کے لئے آپ کے پاس آئے تھے۔ انہوں نے اونی لباس پہنا ہوا تھا جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا تو میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''تم لوگ جزیرہ عرب کے ساتھ لڑائی کرو گے' تو اللہ تعالیٰ اسے تمہارے لئے فتح کردے گا تم اہل فارس کے ساتھ

6672- إسناده صحيح، النفيلي: هو سعيد بن حفص بن عمرو، وهو ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، غير أن صحابيه نافع عتبة أخرج حديثه مسلم وحده. عبيد الله بن عمرو: هو الرقي. وأخرجه أحمد 4/337 و338، وابن أبي شيبة 15/146 - 147، ومسلم "2900" في الفتن وأشراط الساعة: باب ما يكون من فتوحات المسلمين قبل الدجال، وابن ماجه "4091" في الفتن: باب الملاحم، والحاكم 4/4/426 من طرق عن عبد الملك بن عمير، بهذا الإسناد. وقد وهم الحاكم فاستدركه على مسلم، وقدم في روايته قتال الروم على فارس، ولم يذكر ابن ماجه في روايته قتال فارس. وعلقه البخاري في "تاريخه الكبير" 8/81 - 82 فقال: قال موسى بن إسماعيل: حدثنا أبو عوانة، حدثنا عبد الملك بن عمير، به وانظر "6809".

لڑائی کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے تمہارے لئے فتح کر دے گا پھر تم اہل روم کے ساتھ لڑائی کرو گے تو اللہ تعالیٰ اسے تمہارے لئے فتح کر دے گا پھر تم لوگ دجال کے ساتھ لڑائی کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اس پر فتح عطا کرے گا''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ الْيَمَنِ وَالشَّامِ وَالْعِرَاقِ بَعْدَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کے (وصال کے) بعد یمن، شام اور عراق فتح ہوں گے

6673 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَاْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُوْنَ، وَتُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَاْتِي قَوْمٌ فَيُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُوْنَ وَتُفْتَحُ الْعِرَاقُ فَيَاْتِي قَوْمٌ فَيُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُوْنَ.

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ: يُبِسُّونَ: اَيْ يَنْسِلُوْنَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما حضرت سفیان بن ابوزہیر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''یمن فتح ہو جائے گا کچھ لوگ تیزی سے چلتے ہوئے آئیں گے وہ اپنے بال بچوں اور اپنے فرمانبرداروں (یعنی غلاموں) کو سوار کر کے ساتھ لے جائیں گے حالانکہ اگر وہ علم رکھتے تو مدینہ ان کے لئے زیادہ بہتر تھا۔ شام فتح ہوگا تو کچھ لوگ تیزی سے چلتے ہوئے آئیں گے اور وہ اپنے بال بچوں اور اپنے پیروکاروں (یعنی غلاموں اور کنیزوں) کو سوار کر کے لے جائیں گے حالانکہ اگر وہ علم رکھتے ہوں تو مدینہ ان کے لئے زیادہ بہتر ہے پھر عراق فتح ہوگا تو کچھ لوگ تیزی سے چلتے ہوئے آئیں گے۔ وہ اپنے بال بچوں اور اپنے فرمانبرداروں (یعنی غلاموں اور کنیزوں) کو سوار کر کے ساتھ لے جائیں گے حالانکہ اگر وہ علم رکھتے ہوں تو مدینہ منورہ ان

6673- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/887 - 888 في الجامع: باب ما جاء في سكنى المدينة والخروج منها. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 5/220، والبخاري "1875" في فضائل المدينة: باب من رغب عن المدينة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/19، والطبراني "6408"، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" "1112" بتحقيقنا، والبغوي "2018" والحديث عند بعضهم مختصر. وأخرجه عبد الرزاق "17159"، وأحمد 5/220، والحميدي "865"، ومسلم "1388" في الحج: باب الترغيب في المدينة عند فتح الأمصار، والنسائي في "الكبرى"، والطبراني "6407" و "6409" و "6410" و "6411" و "6412"، والطحاوي "1113"، والبيهقي في "الدلائل" 6/320، والبغوي "2018" من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. زاد الطبراني في إحدى رواياته "6411" قال عروة: ثم لقيت سفيان بن أبي زهير عند موته، فأخبرني بهذا الحديث، وفي بعض طرق الحديث: "ثم تفتح الشام، ثم تفتح العراق."

کے لئے زیادہ بہتر ہے۔

شیخ فرماتے ہیں: لفظ یبسون کا مطلب تیزی سے چلتے ہوئے آنا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ الْمُسْلِمِيْنَ الْحِيرَةَ بَعْدَهُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کے (وصال ظاہری) کے بعد مسلمان حیرہ فتح کرلیں گے

6674 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ عُمَرَ الْعَدَنِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ عَدِيّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مُثِّلَتْ لِيَ الْحِيرَةُ كَاَنْيَابِ الْكِلَابِ، وَاِنَّكُمْ سَتَفْتَحُونَهَا ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: هَبْ لِي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنَةَ بُقَيْلَةَ، فَقَالَ: هِيَ لَكَ ، فَاَعْطُوهُ اِيَّاهَا فَجَاءَ اَبُوْهَا فَقَالَ: اَتَبِيعُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: بِكُمْ؟ احْتَكِمْ مَا شِئْتَ، قَالَ: بِاَلْفِ دِرْهَمٍ، قَالَ: قَدْ اَخَذْتَهَا، فَقِيلَ لَهُ: لَوْ قُلْتَ ثَلَاثِينَ اَلْفًا؟ قَالَ: وَهَلْ عَدَدٌ اَكْثَرُ مِنْ اَلْفٍ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''حیرہ میرے سامنے کتے کے دانتوں کی طرح کی شکل میں پیش کیا گیا تم لوگ عنقریب اسے فتح کرلو گے ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! بقیلہ کی بیٹی مجھے ہبہ کردیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ تمہاری ہوئی۔ لوگوں نے وہ لڑکی اس شخص کو دیدی پھر اس لڑکی کا باپ آیا اور بولا کیا تم اسے فروخت کرو گے۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں اس لڑکی کے باپ نے دریافت کیا: کتنے کے عوض میں نے اس سے کہا تم جو چاہو فیصلہ کردو لڑکی کے باپ نے کہا: ایک ہزار درہم کے عوض میں اس شخص نے کہا: ٹھیک ہے (بعد میں) اس شخص سے کہا گیا اگر تم تیس ہزار درہم کہہ دیتے (تو یہ مناسب تھا) اس نے کہا: کیا ایک ہزار سے زیادہ بھی کوئی عدد ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ الْمُسْلِمِيْنَ بَيْتَ الْمَقْدِسِ بَعْدَهُ

6674- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات من رجال الشيخين غير محمد بن يحيى بن أبي عمر، فمن رجال مسلم. سفيان هو ابن عيينة . وأخرجه الطبراني "183"/"17"، والبيهقي في "السنن" 9/136، وفي "الدلائل" 6/326 من طرق عن مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، بهذا الإسناد. وفي رواية الطبراني: "فجاء أخوها" قال الهيثمي في "المجمع" 6/212: رجاله رجال الصحيح. قلت: وصاحب القصة هو خريم بن أوس بن حارثة بن لام الطائي، وقد أخرجه من حديثه مطولا الطبراني في "الكبير" "4168"، والبيهقي في "الدلائل" 5/267 - 269، وابن الأثير في "أسد الغابة" 2/129 - 130، وفيه أن الذي الشيماء منه هو أخوها عبد المسيح بن بقيلة. وأورده الهيثمي في "المجمع" 6/223 وقال: رواه الطبراني وفيه جماعة لم أعرفهم، وقال الحاكم في "المستدرك" 3/327 بعد أن أورد طرفا من أوله، ومن طريقه أخرجه البيهقي: هذا حديث تفرد به رواته الأعراب عن آبائهم، وأمثالهم من الرواة لا يضعون، ووافقه الذهبي.

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ مسلمان (نبی اکرم ﷺ کے وصال ظاہری) کے بعد بیت المقدس فتح کرلیں گے

6675 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ فَيَّاضٍ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ بُسْرَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوكَ، وَهُوَ فِيْ خِبَاءٍ مِنْ اَدَمٍ، فَجَلَسْتُ فِيْ فَنَاءِ الْخِبَاءِ، فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ، فَقَالَ: ادْخُلْ يَا عَوْفُ، فَقُلْتُ: كُلِّي؟ فَقَالَ: كُلُّكَ، فَدَخَلْتُ فَوَافَقْتُهُ يَتَوَضَّاُ وُضُوءًا مَكِيثًا، ثُمَّ، قَالَ: يَا عَوْفُ، احْفَظْ خِلَالًا سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ: اِحْدَاهُنَّ مَوْتِيْ، قَالَ عَوْفٌ: فَوَجَمْتُ عِنْدَهَا وَجْمَةً شَدِيدَةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ: اِحْدٰى، فَقُلْتُ: اِحْدَى، ثُمَّ قَالَ: فَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ يَظْهَرُ فِيكُمْ دَاءٌ، ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الْمَالِ فِيكُمْ، حَتّٰى يُعْطَى الرَّجُلُ مِنْكُمْ مِائَةَ دِينَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا، ثُمَّ فِتْنَةٌ تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ حَتّٰى لَا يَبْقَى بَيْتٌ مُؤْمِنٌ اِلَّا دَخَلَتْهُ، ثُمَّ صُلْحٌ يَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ بَنِي الْاَصْفَرِ، فَيَغْدِرُوْنَ بِكُمْ، فَيَسِيْرُوْنَ اِلَيْكُمْ فِيْ ثَمَانِيْنَ غَايَةٍ تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا

❀❀ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں غزوہ تبوک کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ چمڑے کے بنے ہوئے خیمے میں موجود تھے۔ میں اس کے کنارے پر بیٹھ گیا۔ میں نے سلام کیا تو آپ نے سلام کا جواب دیا۔ آپ نے فرمایا: اے عوف اندر آجاؤ۔ میں نے عرض کی: سارے کا سارا؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سارے کا سارا' میں اندر داخل ہوا تو میں نے آپ کو ٹھہر ٹھہر کر وضو کرتے ہوئے پایا پھر آپ نے فرمایا: اے عوف چھ چیزوں کے بارے میں یاد رکھنا کہ جو قیامت سے پہلے ہوگی۔ ان میں سے ایک میری موت ہے حضرت عوف بیان کرتے ہیں: یہ سن کر مجھے جھٹکا سا لگا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم کہو: ایک' میں نے کہا: ایک پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بیت المقدس فتح ہوگا پھر تمہارے درمیان ایک بیماری پھوٹ پڑے گی پھر تمہارے درمیان مال زیادہ ہوجائے گا' یہاں تک کہ تم میں سے کسی ایک شخص کو ایک سو درہم دیئے جائیں گے' تو وہ پھر

6675–حديث صحيح، هشام بن عمار وإن كان فيه كلام - قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عبد الله بن زبر فمن رجال البخاري . وأخرجه البخاري "3176" في الجزية والموادعة: باب ما يحذر من الغدر، ومن طريقه البغوي "4248" عن الحميدي، وأبو داود "5000" في الأدب: باب ما جاء في المزاح، عن مؤمل بن الفضل، وابن ماجه "4042" في الفتن: باب أشراط الساعة، والطبراني "70"/18، وابن منده في "الإيمان" "998" عن عبد الرحمن بن إبراهيم بن دحيم، والبيهقي في "السنن" 9/223، وفي "الدلائل" 6/320 - 321 عن محمد بن المثنى، وفي "الدلائل" أيضا 6/383 عن موسى بن عامر، خمستهم عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد . ورواية أبي داود مختصرة، وزاد الطبراني في إسناده بين عبد الله بن العلاء وبين بسر بن عبيد الله: زيد بن واقد، وهو من المزيد في متصل الأسانيد . وأخرجه من طرق عن عوف بن مالك أحمد 6/22 و27، والطبراني "71"/18 و"72" و"98" و"119" و"122" و"148" و"150"، وابن منده "999" و."1000"

بھی ناراض رہے گا پھر تمہارے درمیان ایسا فتنہ نمودار ہوگا کہ کسی بھی مومن کا گھر باقی نہیں رہے گا مگر یہ کہ وہ فتنہ اس میں داخل ہو جائے گا پھر تمہارے اور بنو اصفر (یعنی اہل روم) کے درمیان صلح ہوگی تو وہ تمہارے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی کریں گے پھر وہ **80** جھنڈوں کے نیچے اکٹھے ہو کر تمہاری طرف (جنگ کرنے کے لئے) چل پڑیں گے جن کے ہر جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار لوگ ہوں گے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَرْضَ بَرْبَرَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو بربروں کی سرزمین (مراکش) کی فتح نصیب کرے گا

6676 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ سَتَفْتَحُوْنَ اَرْضًا يُذْكَرُ فِيْهَا الْقِيرَاطُ، فَاسْتَوْصُوْا بِاَهْلِهَا خَيْرًا، فَاِنَّ لَهُمْ ذِمَّةً وَرَحِمًا قَالَ حَرْمَلَةُ: يَعْنِىْ بِالْقِيرَاطِ: اَنَّ قِبْطَ مِصْرَ يُسَمُّوْنَ اَعْيَادَهُمْ، وَكُلَّ مَجْمَعٍ لَهُمُ الْقِيرَاطَ، يَقُوْلُوْنَ: نَشْهَدُ الْقِيرَاطَ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب تم ایسی سرزمین کو فتح کرو گے جہاں قیراط کا ذکر کیا جائے گا تو تم لوگ وہاں کے رہنے والوں کے ساتھ بھلائی کی تلقین قبول کرو کیونکہ وہ ذمی بھی ہوں گے اور ان کے ساتھ رشتہ داری کا تعلق بھی ہوگا''۔

حرملہ نامی راوی کہتے ہیں: قیراط سے مراد یہ ہے: مصر کے رہنے والے قبطی اپنی اینٹ کے لئے یہ لفظ استعمال کرتے تھے اور اپنے ہر اجتماع کے لئے لفظ قیراط استعمال کرتے تھے وہ یہ کہتے تھے ہم لوگ قیراط میں شریک ہوئے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ تَقَوِّى الْمُسْلِمِيْنَ بِاَهْلِ الْمَغْرِبِ عَلٰى اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ اللہ تعالیٰ کے کافر دشمنوں کے خلاف

6676- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 5/174، ومسلم "2543" "226" في فضائل الصحابة: باب وصية النبي صلى الله عليه وسلمبأهل مصر، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 3/123 - 124، وابن عبد الحكم في "فتوح مصر وأخبارها" ص 2 - 3، والبيهقي في "السنن" 9/206، وفي "الدلائل" 6/321 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وزادوا فيه: "... فإذا رأيتم رجلين يقتتلان في موضع لبنة فاخرج منها"، قال: فمر بربيعة وعبد الرحمن بن شرحبيل بن حسنة، يتنازعان في موضع لبنة، فخرج منها. وأخرجه أحمد 5/173 - 174، ومسلم "2543" "227" عن وهب بن جرير بن حازم، عن أبيه، عن حرملة بن عمران، عن أبي بصرة الغفاري، عن أبي ذر. وفيه: "فإن لهم ذمة ورحما، أو قال: ذمة وصهرا."

مسلمان اہل مغرب سے قوت حاصل کریں گے

6677 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هَانِءٍ حُمَيْدُ بْنُ هَانِءٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ، وَعَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ، يَقُوْلَانِ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّكُمْ سَتَقْدَمُوْنَ عَلٰى قَوْمٍ جَعْدٍ رُءُوْسُهُمْ، فَاسْتَوْصُوا بِهِمْ، فَاِنَّهُ قُوَّةٌ لَكُمْ وَبَلَاغٌ اِلٰى عَدُوِّكُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ - يَعْنِيْ قِبْطَ مِصْرَ

حضرت ابوعبدالرحمٰن حبلی اور حضرت عمرو بن حریث بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

''عنقریب تم ایسی قوم کے پاس جاؤ گے' جن کے بال گھنگھریالے ہوں گے' تو تم ان کے بارے میں تلقین کو قبول کرو کیونکہ وہ تمہارے لئے قوت ہوں گے' اور اللہ تعالیٰ کے اذن کے تحت تمہیں دشمن تک پہنچائیں گے''۔

(راوی کہتے ہیں:) اس سے مراد مصر کے قبطی ہیں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَمْوَالَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ اس امت میں مسلمانوں کو مال و دولت میں کشادگی نصیب کرے گا

6678 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تَصَدَّقُوْا، فَسَيَاْتِيْ عَلَيْكُمْ يَوْمٌ يَمُرُّ اَحَدُكُمْ

6677– رجاله ثقات رجال الصحيح إلا أنه مرسل، أبو عبد الرحمن الحبلي واسمه عبد الله بن زيد - تابعي ثقة، روى له مسلم، وأصحاب السنن، وعمرو بن حريث هذا مصري روايته عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلة، قال البخاري في "تاريخه" 6/321: عمرو بن حريث عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسل، وقال يحيى بن معين في "تاريخه" ص 441: عمرو بن حريث الذي يروي عنه أبو هانء: "استوصوا بالقبط خيرا" هو عمرو بن حريث، ولم يسمع من النبي صلى الله عليه وسلم شيئا، إنما هو رجل من أهل مصر . قلت: وقد أخطأ المؤلف هنا فظنه صحابيا، مع أنه ذكره في كتاب "الثقات" 5/179 في ثقات التابعين، لكنه أخطأ في تقييده بالمخزومي، فذاك آخر، وهو صحابي صغير روى له الجماعة، وذكره المؤلف في "ثقاته" 3/272 في قسم الصحابة. وعبد الله بن يزيد، هو أبو عبد الرحمن المقرء المكي، وحيوة: هو ابن شريح أبو زرعة المصري، وهو في "مسند أبي يعلى " "1473"، ومن طريقه أورده ابن الأثير في "أسد الغابة" .4/214 وأورده الهيثمي في "المجمع" 10/64 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح . وأخرجه ابن عبد الحكم في "فتوح مصر وأخبارها " ص 3 عن عبد الملك بن مسلمة، عن ابن وهب، عن أبي هانء الخولاني، به. وأخرجه أيضا عن أبي الأسود، عن ابن لهيعة، عن أبي هانء، به. قلت: ولعمرو بن حريث هذا حديث آخر في التخفيف عن العامل، وقد تقدم عند المؤلف برقم ."4314"

بِصَدَقَتِهِ، فَلَا يَجِدُ مَنْ يَّقْبَلُهَا، يَقُوْلُ: فَهَلَّا قَبْلَ الْيَوْمِ، فَاَمَّا الْيَوْمُ، فَلَا حَاجَةَ لِي فِيهَا

حضرت حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم لوگ صدقہ کرو عنقریب تم پر ایسا دن آئے گا جب کوئی شخص اپنا صدقہ لے کر جائے گا تو اسے کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا' جو اس سے صدقے کو قبول کر لے' وہ شخص کہے گا: تم آج سے پہلے کیوں نہیں آئے۔ آج تو مجھے اس صدقے کی کوئی ضرورت نہیں ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ كَثْرَةَ الْاَمْوَالِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اموال کی کثرت کی صورت میں کشادگی نصیب فرمائے گا

6679 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَسْاَلُ عَنْ حَدِيْثِ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، وَهُوَ اِلٰى جَنْبِيْ لَا آتِيهِ فَاَسْاَلَهُ، فَاَتَيْتُهُ فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: بُعِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ بُعِثَ، فَكَرِهْتُهُ اَشَدَّ مَا كَرِهْتُ شَيْئًا قَطُّ، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى كُنْتُ فِيْ اَقْصَى الْاَرْضِ مِمَّا يَلِيَ الرُّوْمَ، فَقُلْتُ: لَوْ اَتَيْتُ هٰذَا الرَّجُلَ، فَاِنْ كَانَ كَاذِبًا لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ، وَاِنْ كَانَ صَادِقًا اتَّبَعْتُهُ، فَاَقْبَلْتُ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ اسْتَشْرَفَ لِيَ النَّاسُ، وَقَالُوْا: جَاءَ عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، جَاءَ عَدِيُّ بْنُ

6678–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي داود - وهو سليمان بن داود بن الجارود الطيالسي - فمن رجال مسلم. معبد بن خالد: هو الجدلي الكوفي. وهو في "مسند الطيالسي" "1239" بنحو هذا اللفظ. وأخرجه أحمد 4/306، وابن شيبة 3/111، البخاري "1411" في الزكاة: باب الصدقة قبل الرد، و "1424": باب الصدقة باليمين، و"7120" في الفتن: باب رقم "25"، ومسلم "1011" في الزكاة: باب الترغيب في الصدقة قبل أن لا يوجد من يقبلها، والنسائي 5/77 في الزكاة: باب التحريض على الصدقة، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات" "641". وأبو يعلى "1475"، والطبراني "3259" و"3260" من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مختصرا الطبراني "3262" من طريق إسماعيل بن أبان، عن مسعر، عن معبد بن خالد، به.

6679–إسناده قوي. إسحاق بن إبراهيم المروزي: هو ابن أبي إسرائيل أبو يعقوب المروزي، وأيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، ومحمد هو ابن سيرين. وأخرجه ابن الأثير في "أسد الغابة" 4/8 - 9 من طريق عبد الله بن محمد بن عبد العزيز، عن إسحاق بن إبراهيم المروزي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/377 - 378 عن محمد بن أبي عدي، والبيهقي في "الدلائل" 5/342عن سليمان بن حرب، كلاهما عن حماد بن زيد، به. وأخرجه الحاكم 4/518 - 519 من طريق عبد الله بن بكير، عن هشام بن حسان، عن محمد بن سيرين، به، وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي! مع أن أبا عبيدة بن حذيفة لم يخرج له الشيخان ولا أحدهما. وأخرجه أحمد 4/257عن يزيد بن هارون، عن هشام بن حسان، والبيهقي 5/343 من طريق سعيد بن عبد الرحمن، كلاهما عن محمد بن سيرين، عن أبي عبيدة، عن رجل قال: قلت لعدي بن حاتم: حديث بلغني عنك ...

حَاتِمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِي: يَا عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ، اَسْلِمْ تَسْلَمْ ، قَالَ: قُلْتُ: اِنَّ لِي دِيناً، قَالَ: اَنَا اَعْلَمُ بِدِينِكَ مِنْكَ - مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا - اَلَسْتَ تَرْاَسُ قَوْمَكَ ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: اَلَسْتَ تَاْكُلُ الْمِرْبَاعَ ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: فَاِنَّ ذٰلِكَ لَا يَحِلُّ لَكَ فِيْ دِينِكَ ، قَالَ: فَتَضَعْضَعْتُ لِذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ، اَسْلِمْ تَسْلَمْ فَاِنِّي قَدْ اَظُنُّ - اَوْ قَدْ اَرٰى اَوْ كَمَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اَنَّهُ مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تُسْلِمَ خَصَاصَةٌ تَرَاهَا مِنْ حَوْلِي (فَاِنَّكَ تَرَى النَّاسَ عَلَيْنَا اِلْباً واحِداً ، قَالَ: هَلْ اَتَيْتَ الْحِيرَةَ؟ ، قُلْتُ: لَمْ آتِهَا وَقَدْ عَلِمْتُ مَكَانَهَا، قَالَ) * وَتُوشِكُ الظَّعِيْنَةُ اَنْ تَرْحَلَ مِنَ الْحِيرَةِ بِغَيْرِ جِوَارٍ حَتّٰى تَطُوفَ بِالْبَيْتِ، وَلَتُفْتَحَنَّ عَلَيْنَا كُنُوزُ كِسْرَى بْنِ هُرْمُزَ (قُلْتُ: كِسْرَى بْنُ هُرْمُزٍ؟ قَالَ: كِسْرَى بْنُ هُرْمُز - مَرَّتَيْنِ -) ، وَلَيَفِيضَنَّ الْمَالُ - اَوْ لَيَفِيضُ - حَتّٰى يُهِمَّ الرَّجُلَ مَنْ يَقْبَلُ مِنْهُ مَالَهُ صَدَقَةً ، قَالَ عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ: فَقَدْ رَاَيْتُ الظَّعِيْنَةَ تَرْحَلُ مِنَ الْحِيرَةِ بِغَيْرِ جِوَارٍ حَتّٰى تَطُوفَ بِالْبَيْتِ، وَكُنْتُ فِيْ اَوَّلِ خَيْلٍ اَغَارَتْ عَلَى الْمَدَائِنِ عَلٰى كُنُوزِ كِسْرَى بْنِ هُرْمُزَ، وَاَحْلِفُ بِاللّٰهِ لَتَجِيئَنَّ الثَّالِثَةُ اِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِي

ابوعبیدہ بن حذیفہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ حدیث کے بارے میں دریافت کر رہا تھا۔ وہ میرے پہلو میں موجود تھے۔ میں نے ان کے پاس جا کر ان سے دریافت نہیں کیا پھر میں ان کے پاس گیا۔ ان سے دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا تو میں آپ کو سب سے زیادہ ناپسند کرتا تھا پھر میں روانہ ہوا یہاں تک کہ میں زمین کے دور دراز کے حصے میں چلا گیا جو اہل روم (کے علاقے) کے قریب تھا۔ میں نے سوچا اگر میں ان صاحب کے پاس جاؤں تو اگر تو یہ جھوٹے ہوئے تو یہ بات مجھ سے مخفی نہیں رہے گی اور اگر یہ سچے ہوئے تو میں ان کی پیروی کرلوں گا تو میں آ گیا۔ جب میں مدینہ منورہ آیا تو لوگ میری طرف جھانک کر دیکھنے لگے۔ انہوں نے کہا: عدی بن حاتم آئے ہیں۔ عدی بن حاتم آئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عدی بن حاتم تم اسلام قبول کرلو تم سلامت رہو گے میں نے عرض کی: میرا اپنا دین ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے دین کے بارے میں تم سے زیادہ جانتا ہوں۔ یہ بات آپ نے دو یا تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر آپ نے فرمایا: کیا تم اپنی قوم کے سردار نہیں ہو۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم مال غنیمت میں سے چوتھائی حصہ نہیں کھاتے ہو؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو تمہارے دین میں تو یہ تمہارے لئے جائز نہیں ہے۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس بات پر میں شرمندہ ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عدی بن حاتم تم اسلام قبول کرلو تم سلامت رہو گے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا یہ گمان ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) میں یہ سمجھتا ہوں یا جیسا بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس لئے اسلام قبول نہیں کر رہے کہ تم میرے اردگرد ایسے لوگوں کو دیکھ رہے ہو جو ضرورت مند ہیں۔ عنقریب کوئی عورت حمرہ سے کسی کی پناہ لئے بغیر سوار ہو کر جائے گی یہاں تک کہ بیت اللہ کا طواف کرے گی اور ہمارے لئے کسریٰ بن ہرمز کے خزانے کھول دیئے جائیں گے' اور مال عام ہو جائے گا' یہاں تک کہ ایک شخص یہ آرزو کرے گا کہ کوئی شخص اس سے اس کا مال صدقہ کے طور پر قبول کر لے۔

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ حیرہ سے کسی کی پناہ کے بغیر سوار ہوئی' یہاں تک کہ اس نے بیت اللہ کا طواف کیا اور میں اس پہلے لشکر میں شامل تھا جس نے مدائن میں کسریٰ بن ہرمز کے خزانوں پر حملہ کیا تھا اور میں اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں کہ وہ تیسری بات بھی ضرور درست ثابت ہوگی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمائی تھی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ عَرْضِ النَّاسِ صَدَقَةَ الْأَمْوَالِ عَلَى النَّاسِ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ وَعَدَمِ مَنْ يَّقْبَلُهَا مِنْهُمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں لوگ اپنے مال کی زکوٰۃ دوسرے لوگوں کے سامنے پیش کریں گے' لیکن انہیں کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا' جو اسے قبول کرلے

6680 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْرَجُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَكْثُرَ فِيكُمُ الْاَمْوَالُ وَتَفِيضَ حَتّٰى يُهِمَّ رَبَّ الْمَالِ مَنْ يَّقْبَلُ مِنْهُ صَدَقَتَهُ، وَحَتّٰى يَعْرِضَهُ، وَيَقُوْلُ الَّذِيْ يُعْرَضُ عَلَيْهِ: لَا اَرَبَ لِيْ فِيْهِ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک تمہارے درمیان مال کی کثرت نہیں ہوگی۔ وہ عام نہیں ہوگا یہاں تک کہ ایک مال کا مالک شخص اس بات کا خواہش مند ہوگا کہ کوئی شخص اس سے اس کا صدقہ قبول کرلے یہاں تک کہ وہ کسی کے سامنے اسے پیش کرے گا تو جس کے سامنے پیش کیا گیا ہوگا وہ یہ کہے گا: اب مجھے اس میں دلچسپی نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَتَهُ اَرَادَ بِهِ الصَّدَقَةَ الْفَرِيضَةَ دُوْنَ التَّطَوُّعِ

6680– حديث صحيح، محمد بن مشكان ذكره المؤلف في "الثقات" 9/127، وهو متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/530 عن علي، عن ورقاء، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1412" في الزكاة: باب الصدقة قبل الرد، و"7121" في الفتن: باب رقم "25" عن أبي اليمان، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، به . وأخرجه أحمد 2/313، ومسلم 2/701 "61" في الزكاة: باب الترغيب في الصدقة قبل أن لا يوجد من يقبلها، والبغوي "4244" من طريقين عن أبي هريرة. وهو في "صحيفة همام" ."23"

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''اپنا صدقہ'' اس کے ذریعے فرض صدقہ (یعنی زکوٰۃ) مراد ہے نفلی صدقہ مراد نہیں ہے

44
44

6681 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ الْمَالُ وَيَفِيضَ، حَتّٰى يُخْرِجَ الرَّجُلُ زَكَاةَ مَالِهِ فَلَا يَجِدُ اَحَدًا يَقْبَلُهَا مِنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی' جب تک مال کی کثرت اور زیادتی نہیں ہوگی' یہاں تک کہ ایک شخص اپنے مال کی زکوٰۃ نکالے گا تو اسے کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا' جو اس سے اسے قبول کرلے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْوَقْتِ الَّذِي يَكُوْنُ فِيهِ مَا وَصَفْنَا مِنْ سَعَةِ الْاَمْوَالِ

اس وقت کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس میں مال کی زیادتی کی وجہ سے وہ صورت حال ہوگی' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

6682 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، قَالَ:

6681– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سهيل بن أبي صالح، فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقرونا وتعليقا. وأخرجه أحمد 2/417، ومسلم 2/701 "60" عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وزادا فيه: "وحتى تعود أرض العرب مروجا وأنهارا" زاد أحمد بعد هذا: "وحتى يكثر الهرج"، قالوا: وما الهرج يا رسول الله؟ قال: "القتل القتل." وانظر "6651" و"6700".

6682– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي نضرة وهو المنذر بن مالك بن قطعة - فمن رجال مسلم. الجريري: هو سعيد بن إياس، وسماع إسماعيل بن إبراهيم وهو ابن علية - من الجريري قبل اختلاطه. وأخرجه مسلم "2913" "67" في الفتن: باب لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء، عن أبي خيثمة زهير بن حرب وعلي بن حجر، بهذا الإسناد. وزاد في آخره: قال: "أي الجريري": قلت لأبي نضرة، وأبي العلاء: أترِيان أنه عمر بن عبد العزيز؟ فقالا: لا. وأخرجه بهذه الزيادة أحمد 3/317 عن إسماعيل ابن علية، به. وأخرجه مسلم "2913"، والبيهقي في "الدلائل" 6/330 من طريق عبد الوهاب، عن سعيد بن إياس الجريري، به. وأخرجه مختصرا بالمرفوع منه أحمد 3/38 و333، ومسلم "2914" "69" من طريق داود بن أبي هند، عن أبي نضرة، عن أبي سعيد الخدري وجابر. وأخرجه أيضا أحمد 3/5 و48-49، ومسلم "2914" من طريق داود بن أبي هند، عن أبي نضرة، عن أبي سعيد وحده.

(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: يُوشِكُ اَهْلُ الْعِرَاقِ اَنْ لَا يُجْبَى اِلَيْهِمْ قَفِيزٌ وَّلَا دِرْهَمٌ، قُلْنَا: مِنْ اَيِّ شَيْءٍ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ قِبَلِ الْعَجَمِ يَمْنَعُوْنَ ذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: يُوشِكُ اَهْلُ الشَّامِ اَنْ لَا يُجْبَى اِلَيْهِمْ دِيْنَارٌ وَّلَا مُدْيٌ، قُلْنَا: مِنْ اَيِّ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ قِبَلِ الرُّوْمِ؟ ثُمَّ اَسْكَتَ هُنَيَّةً، ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ اُمَّتِيْ خَلِيفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا، لَا يَعُدُّهُ عَدًّا

ابونضرہ بیان کرتے ہیں: ہم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے پاس موجود تھے۔انہوں نے فرمایا: عنقریب عراق کی یہ صورت حال ہوگی کہ ان کی طرف (اناج کا) ایک قفیز یا ایک درہم بھی نہیں آئے گا۔ہم نے دریافت کیا: ایسا کس وجہ سے ہوگا۔ انہوں نے فرمایا: یہ عجمیوں کی طرف سے ہوگا۔وہ اسے نہیں آنے دیں گے پھر انہوں نے فرمایا: عنقریب اہل شام کی یہ صورت حال ہوگی کہ ان کی طرف ایک دینار اور ایک مد بھی نہیں آئے گا۔ہم نے دریافت کیا: یہ کس کی طرف سے ہوگا۔انہوں نے جواب دیا: یہ اہل روم کی طرف سے ہوگا۔پھر وہ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر انہوں نے ارشاد فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ''میری امت کے آخر میں ایسا خلیفہ ہوگا' گنتی کے بغیر مٹھیاں بھر' بھر کے مال دے گا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ بَعْضِ سَعَةِ الدُّنْيَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

مسلمانوں پر ہونے والی دنیا کی کچھ کشادگی کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6683 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جَابِرُ، اَنَكَحْتَ ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اَتَّخَذْتُمْ اَنْمَاطًا؟ ، قُلْتُ: اَنّٰى لَنَا اَنْمَاطٌ؟ قَالَ: اَمَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جابر کیا تم نے شادی کر لی ہے۔میں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے قالین استعمال کیا۔میں نے عرض کی: ہمارے پاس قالین کہاں سے آئے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب آجائیں گے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْبَعْضِ الْاٰخَرِ مِنْ سَعَةِ الدُّنْيَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

6683- حديث صحيح، ثور بن عمرو القيسرانى ذكره المؤلف فى "الثقات" 8/158، وهو متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. سفيان هو ابن عيينة. وأخرجه الحميدى "1227"، والبخارى "5161" فى النكاح: باب الأنماط ونحوها للنساء، ومسلم "2083" "39" فى اللباس والزينة: باب جواز اتخاذ الأنماط، وأبو داود "4145" فى اللباس: باب فى الفرش، والنسائى 6/136 فى النكاح: باب الأنماط، وأبو يعلى "1978" و"2015" من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/294، والبخارى "3631" فى المناقب: باب علامات النبوة فى الإسلام، ومسلم "2083"، والترمذى "2774" فى الأدب: باب ما جاء فى الرخصة فى اتخاذ الأنماط، من طرق عن سفيان الثورى، عن محمد بن المنكدر، به.

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ مسلمانوں کو اس دنیا کی گنجائش میں سے ایک دوسری قسم کی (نعمتیں) بھی ملیں گی

6684 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدَ، عَنْ اَبِىْ حَرْبِ بْنِ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ الرَّجُلُ اِذَا قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَكَانَ لَهُ بِهَا - يَعْنِى - عَرِيْفٌ، نَزَلَ عَلٰى عَرِيْفِهِ، فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ بِهَا عَرِيْفٌ نَزَلَ الصُّفَّةَ، قَالَ: فَكُنْتُ فِيمَنْ نَزَلَ الصُّفَّةَ، قَالَ: فَرَافَقْتُ رَجُلًا فَكَانَ يُجْرَى عَلَيْنَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ يَوْمٍ مُدٌّ مِّنْ تَمْرٍ بَيْنَ رَجُلَيْنِ، فَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنَ الصَّلَاةِ، فَنَادَاهُ رَجُلٌ مِّنَّا، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ اَحْرَقَ التَّمْرُ بُطُوْنَنَا، قَالَ: فَمَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مِنْبَرِهِ، فَصَعِدَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ مَا لَقِيَ مِنْ قَوْمِهِ، قَالَ: حَتّٰى مَكَثْتُ اَنَا وَصَاحِبِىْ بِضْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَا لَنَا طَعَامٌ اِلَّا الْبَرِيْرُ - وَالْبَرِيْرُ ثَمَرُ الْاَرَاكِ - فَقَدِمْنَا عَلٰى اِخْوَانِنَا مِنَ الْاَنْصَارِ وَعُظْمُ طَعَامِهِمُ التَّمْرُ، فَوَاسَوْنَا فِيْهِ، وَاللّٰهِ لَوْ اَجِدُ لَكُمُ الْخُبْزَ وَاللَّحْمَ، لَاَطْعَمْتُكُمُوْهُ، وَلٰكِنْ لَعَلَّكُمْ تُدْرِكُوْنَ زَمَانًا - اَوْ مَنْ اَدْرَكَهُ مِنْكُمْ - يَلْبَسُوْنَ فِيْهِ مِثْلَ اَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، وَيُغْدٰى عَلَيْهِمْ، وَيُرَاحُ بِالْجِفَانِ

✿✿ حضرت طلحہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے جب کوئی شخص مدینہ منورہ آتا۔ اس کا وہاں کوئی دوست ہوتا تو وہ اپنے دوست کے ہاں پڑاؤ کرتا تھا اور اگر اس کا کوئی دوست نہ ہوتا تو وہ صفا کے چبوترے پر پڑاؤ کرتا۔ راوی کہتے ہیں: میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا جنہوں نے صفاء کے چبوترے پر پڑاؤ کیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے روزانہ کھجوروں کا ایک مد ہماری طرف آیا کرتا تھا۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے کے بعد سلام پھیرا تو ہم میں سے ایک شخص نے بلند آواز میں آپ کو مخاطب کیا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کھجوروں نے ہمارے پیٹوں کو جلا دیا۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر کی طرف تشریف لے گئے۔ آپ اس پر چڑھے آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی۔ پھر آپ نے اپنی قوم کی طرف سے پیش آنے والی (مشکلات) کا ذکر کیا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے اور میرے ساتھی پر دس سے زیادہ دن ایسے بھی گزرے کہ ہمارے پاس کھانے کے لئے صرف بریر ہوتا تھا (راوی کہتے ہیں:) بریر سے مراد پیلو کا پھل ہے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) پھر ہم اپنے انصاری بھائیوں کے پاس آئے تو ان کی زیادہ تر خوراک کھجور ہوتی تھی۔ انہوں نے اس بارے میں ہمارا ساتھ دیا۔ اللہ کی قسم! اگر مجھے تمہارے لئے روٹی اور گوشت ملے تو میں وہ بھی کھلاؤں گا اور عنقریب تمہیں ایک

6684- إسناده صحيح على شرط مسلم، غير أن صحابي الحديث لم يخرج له واحد من أصحاب الكتب الستة، وليس له غير هذا الحديث. خالد: هو ابن عبد الله الواسطي. وأخرجه الطبراني "8161" عن عبدان بن أحمد، عن وهب بن بقية، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/487، والطبراني "8160"، والبزار "3673" من طرق عن داود بن أبي هند، به. وأخرجه من طريق أحمد: ابن الأثير في "أسد الغابة" 3/90 - 91.

ایسا زمانہ ملے گا۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تم میں سے جو شخص اس زمانے تک پہنچے گا تو لوگ اس میں کعبہ کے پردوں جیسا (عمدہ لباس) پہنیں گے اور صبح شام ان کے پاس پیالوں میں (مختلف قسم کی کھانے کی چیزیں) آئیں گی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ فَتْحَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الدُّنْيَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اِنَّمَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ بِعَقِبِ جَدْبٍ يَّلْحَقُهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو دنیا میں کشادگی عطا کرے گا تو یہ انہیں لاحق ہونے والی قحط سالی کے بعد ہوگا

6685 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا، وَاَرْدَفَنِيْ خَلْفَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَرَاَيْتَ اِنْ اَصَابَ النَّاسَ جُوْعٌ شَدِيْدٌ حَتّٰى لَا تَسْتَطِيْعَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ فِرَاشِكَ اِلٰى مَسْجِدِكَ، كَيْفَ تَصْنَعُ ؟، قَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: تَعَفَّفْ ، قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَرَاَيْتَ اِنْ اَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ شَدِيْدٌ حَتّٰى يَكُوْنَ الْبَيْتُ بِالْعَبْدِ، كَيْفَ تَصْنَعُ؟ قَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اصْبِرْ، يَا اَبَا ذَرٍّ اَرَاَيْتَ اِنْ قَتَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتّٰى تَغْرَقَ حِجَارَةُ الزَّيْتِ - مَوْضِعٌ بِالْمَدِيْنَةِ - مِنَ الدِّمَاءِ، كَيْفَ تَصْنَعُ ؟ قَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اقْعُدْ فِيْ بَيْتِكَ، وَاَغْلِقْ عَلَيْكَ بَابَكَ، قَالَ: اَرَاَيْتَ اِنْ لَمْ اُتْرَكْ ؟ قَالَ: فَائْتِ مَنْ اَنْتَ مِنْهُ، فَكُنْ فِيْهِمْ ، قَالَ: فَآخُذُ سِلَاحِي؟ قَالَ: اِذًا تُشَارِكُهُمْ فِيْهِ، وَلٰكِنْ اِنْ خَشِيْتَ اَنْ يَرُوْعَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ، فَاَلْقِ طَرَفَ رِدَائِكَ عَلٰى وَجْهِكَ يَبُوْءُ بِاِثْمِكَ وَاِثْمِهٖ

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گدھے پر سوار آئے۔ آپ نے اپنے پیچھے مجھے بٹالیا پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تمہارا کیا خیال ہے اگر لوگوں کو اتنی شدید بھوک لاحق ہو جائے کہ تم اس بات کی بھی استطاعت نہ رکھو کہ اپنے بستر سے اٹھ کر مسجد تک جاسکو تو پھر تم کیا کرو گے۔ حضرت ابوذر نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بچ کے رہنا پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تمہارا کیا خیال ہے اگر لوگوں کو ایسی زبردست موت لاحق ہو یہاں تک کہ گھر بندے کے ساتھ ہو تو پھر تم کیا کرو گے حضرت ابوذر نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم صبر سے کام لینا (پھر آپ نے فرمایا:) اے ابوذر تمہارا کیا خیال ہے اگر لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنا شروع کر

6685- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن الصامت، فمن رجال مسلم . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وأبو عمران الجوني: هو عبد الملك بن حبيب الأزدي. وأخرجه أحمد 5/49 عن مرحوم بن عبد العزيز، بهذا الإسناد. وهو مكرر الحديث "5960".

دیں یہاں تک کہ احجار زیت کی جگہ (خون سے) بھر جائے۔ (راوی کہتے ہیں:) یہ مدینہ منورہ میں ایک جگہ ہے تو پھر تم کیا کرو گے۔ حضرت ابوذر نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے گھر میں بیٹھے رہنا اور اپنا دروازہ بند کر لینا۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ کی کیا رائے ہے۔ اگر مجھے پھر بھی نہ چھوڑا جائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے پاس چلے جانا جن کے ساتھ تمہارا تعلق ہے (یعنی اپنے قبیلے چلے جانا) اور ان کے درمیان رہنا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا میں اپنا ہتھیار سنبھال لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس صورت میں تم اس بارے میں ان لوگوں کے حصے دار بن جاؤ گے اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تلوار کی چمک تمہیں خوف زدہ کر دے گی تو تم اپنی چادر کا کنارہ اپنے چہرے پر رکھ لینا تو وہ شخص تمہارے اور اپنے گناہ کا وبال اٹھائے گا (جو تمہیں قتل کرے گا)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اَدَاءِ الْعَجَمِ الْجِزْيَةَ اِلَى الْعَرَبِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، عجم کے رہنے والے عربوں کو جزیہ ادا کریں گے

6686 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْاَعْمَشُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرِضَ اَبُوْ طَالِبٍ، فَاَتَتْهُ قُرَيْشٌ وَّاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهُ وَعِنْدَ رَاْسِهِ مَقْعَدُ رَجُلٍ، فَقَامَ اَبُوْ جَهْلٍ فَقَعَدَ فِيْهِ، فَشَكَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالُوا: اِنَّ ابْنَ اَخِيكَ يَقَعُ فِيْ آلِهَتِنَا، قَالَ: مَا شَاْنُ قَوْمِكَ يَشْكُوْنَكَ يَا ابْنَ اَخِي؟ قَالَ: يَا عَمِّ، اِنَّمَا اَرَدْتُّهُمْ عَلٰى كَلِمَةٍ وَّاحِدَةٍ تَدِينُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ، وَتُؤَدِّي اِلَيْهِمْ بِهَا الْعَجَمُ الْجِزْيَةَ ، فَقَالَ: وَمَا هِيَ؟ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، فَقَامُوا فَقَالُوا: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَاحِدًا؟ قَالَ: وَنَزَلَتْ: (ص وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ) (ص: 1) اِلٰى قَوْلِهِ (اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ) (ص: 5)

6686- يحيى بن عمارة، وقيل: ابن عباد، وقيل: اسمه عباد، لم يوثقه غير المؤلف، وتفرد عنه الأعمش، روى له الترمذي والنسائي، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري، يحيى: هو ابن سعيد القطان، وسفيان: هو الثوري. وأخرجه الترمذي بإثر الحديث "3232" في التفسير: باب ومن سورة ص، عن محمد بن بشار بندار، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 4/456 عن إبراهيم بن محمد التيمي، وابن جرير الطبري في "تفسيره" 23/125 عن ابن وكيع، ثلاثتهم عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: هذا حديث حسن . وأخرجه الطبري 23/125 من طريق معاوية بن هشام، والواحدي في "أسباب النزول" ص 246، والحاكم 2/432 من طريق محمد بن عبد الله الأسدي، كلاهما عن سفيان، به. وصحح الحاكم إسناده، ووافقه الذهبي! وأخرجه الترمذي "3232" من طريق أبي أحمد الزبيري، والنسائي في "الكبرى"، والطبري 23/125-126 من طريق عبد الرحمن بن مهدي، كلاهما عن سفيان، عن الأعمش، عن يحيى، به، سماه الترمذي: يحيى بن عباد، ولم ينسبه النسائي ولم يذكر الطبري في سنده ابن عباس . وأخرجه أحمد 1/362، والنسائي في "الكبرى"، والطبري 23/125 من طريق أبي أسامة حماد بن أسامة، عن الأعمش، عن عباد "زاد أحمد: ابن جعفر"، عن سعيد بن جبير، به . وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 7/142 وزاد نسبته إلى ابن أبي شيبة، وعبد بن حميد، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وابن مردويه.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جناب ابوطالب بیمار ہو گئے قریش ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کی عیادت کرنے کے لئے ان کے پاس تشریف لائے۔ان کے سرہانے کے قریب ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ تھی۔ابوجہل اٹھا اور وہاں بیٹھ گیا ان لوگوں نے جناب ابوطالب کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شکایت کی اور بولے آپ کے بھتیجے! ہمارے معبودوں پر تنقید کرتے ہیں۔ جناب ابوطالب نے کہا: اے میرے بھتیجے کیا وجہ ہے کہ آپ کی قوم کے افراد آپ کی شکایتیں لگا رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے چچا جان! میں انہیں ایک کلمے پر اکٹھا کرنا چاہتا ہوں جس کی وجہ سے عرب ان کے ماتحت ہوں گے۔عجمی انہیں جزیہ ادا کریں گے۔انہوں نے دریافت کیا: وہ کون سا کلمہ ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ تو وہ لوگ کھڑے ہو گئے۔انہوں نے کہا: کیا تم مختلف معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود بنانا چاہتے ہو۔ راوی کہتے ہیں: تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''ص، قرآن کی قسم ہے، جو نصیحت کرنے والا ہے۔''

یہ آیت یہاں تک ہے ''بے شک یہ بہت حیران کن چیز ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا كُنُوزَ آلِ كِسْرَى عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، اللہ تعالیٰ آل کسریٰ کے خزانے مسلمانوں کے لیے کھول دے گا (یعنی مسلمانوں کو ان پر فتح عطا کرے گا)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کچھ لوگوں سمیت ابن صیاد کی طرف گئے' یہاں تک کہ ان حضرات نے اسے بنو مغالہ کی عمارت کے قریب دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے پایا ان دنوں ابن صیاد بالغ ہونے کے قریب تھا اسے یہ پتہ نہیں چل سکا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی پشت پر اپنا ہاتھ مارا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد سے کہا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو میں اللہ کا رسول ہوں۔ ابن صیاد نے کہا: کیا آپ اس بات کی گواہی دیتے ہیں میں اللہ کا رسول ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پرے کرتے ہوئے کہا میں اللہ اور (اس کے سچے) رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: تم کیا چیز دیکھتے ہو۔ ابن صیاد نے کہا: میرے پاس ایک سچا اور ایک جھوٹا آتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم پر معاملہ خلط ملط ہو گیا ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: میں نے تمہارے لئے ایک بات سوچی ہے۔ ابن صیاد نے کہا: وہ درخ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم دفع ہو جاؤ تم اپنی اوقات سے آگے نہیں بڑھ سکو گے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے موقع دیجئے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اگر تم اس تک پہنچ بھی گئے تو اس پر غالب نہیں آسکو گے اور اگر تم اس تک نہ پہنچے تو پھر اسے قتل کرنے میں تمہارے لئے کوئی بھلائی نہیں ہے۔

ابن شہاب کہتے ہیں: سالم نے یہ بات بیان کی ہے میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ بات ارشاد کرتے ہوئے سنا: اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کھجوروں کے اس باغ کی طرف تشریف لے گئے جس میں ابن صیاد موجود تھا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجوروں کے باغ میں داخل ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجوروں کی شاخوں سے خود کو چھپانے کی کوشش کرنے لگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ چاہتے تھے کہ ابن صیاد کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف سے کوئی بات سن لیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو وہ بستر پر لیٹا ہوا تھا اور اس نے چادر اوڑھی ہوئی تھی' جس میں سے بھنبھناہٹ کی آواز آرہی تھی جب

ابن صیاد کی ماں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کھجوروں کی شاخوں کے پیچھے چھپنا چاہ رہے ہیں' تو اس نے ابن صیاد سے کہا: (کہ نبی اکرم ﷺ یہاں موجود ہیں) تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسے ایسے ہی رہنے دیتی (تو یہ زیادہ بہتر تھا)۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی حمد و ثناء بیان کی' پھر آپ ﷺ نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: میں تم لوگوں کو اس سے ڈرا رہا ہوں ہر نبی نے اپنی قوم کو (اس سے) ڈرایا ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا ہے' لیکن میں تمہیں اس کے بارے میں ایک ایسی بات بتا رہا ہوں' جو کسی بھی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی تم لوگ یہ بات جان لو کہ وہ کانا ہوگا اور بے شک اللہ تعالیٰ کانا نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَلْحَمَةِ الَّتِي تَكُوْنُ لِلْمُسْلِمِيْنَ مَعَ بَنِي الْاَصْفَرِ قَبْلَ خُرُوْجِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

اس گھمسان کی لڑائی کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو دجال کے نکلنے سے پہلے مسلمانوں کی بنو اصفر (یعنی اہل مغرب) کے ساتھ ہوگی

6786 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اُسَيْرِ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): هَاجَتْ رِيْحٌ وَنَحْنُ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَغَضِبَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ حَتّٰى عَرَفْنَا الْغَضَبَ فِي وَجْهِهٖ، فَقَالَ: وَيْحَكَ، اِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُوْمُ حَتّٰى لَا يُقْسَمَ مِيْرَاثٌ، وَلَا يُفْرَحَ بِغَنِيْمَةٍ، ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهٖ اِلَى الشَّامِ وَقَالَ: عَدُوٌّ يَّجْتَمِعُ لِلْمُسْلِمِيْنَ مِنْ هَاهُنَا فَيَلْتَقُوْنَ، فَتُشْتَرَطُ شُرْطَةُ الْمَوْتِ: لَا تَرْجِعُ اِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ، فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ، وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ ثُمَّ تُشْتَرَطُ الْغَدَ شُرْطَةُ الْمَوْتِ: لَا تَرْجِعُ اِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ، فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ، وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ ثُمَّ تُشْتَرَطُ الْغَدَ شُرْطَةُ الْمَوْتِ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ: لَا تَرْجِعُ اِلَّا وَهِيَ غَالِبَةٌ، فَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسَ فَيَفِيْءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ، وَكُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتُفْنَى الشُّرْطَةُ، ثُمَّ يَلْتَقُوْنَ فِي الْيَوْمِ الرَّابِعِ، فَيُقَاتِلُوْنَهُمْ

6786–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي قتادة: وهو العدوي، قيل اسمه تميم بن نذير، وقيل: ابن زبير، وقيل: اسمه نذير بن قنفذ، فمن رجال مسلم . وهو في "مسند أبي يعلى" "5253"، وما بين حاصرتين منه. وأخرجه الطيالسي "392" عن عثمان بن المغيرة، ومهران بن ميمون، وابن فضالة، وابن أبي شيبة 15/138 - 139، واحمد 1/384 - 385و435، ومسلم "2899"في الفتن: باب إقبال الروم في كثرة القتل عند خروج الدجال، وأبو يعلى "5381"، والحاكم 4/476 - 477من طريق أيوب، ومسلم "2899" من طريق سليمان بن المغيرة، خمستهم عن حميد بن هلال، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي ! وأخرجه عبد الرزاق "20812"، ومن طريقه البغوي "4247" عن معمر، عن أيوب، عن حميد بن هلال، عن رجل سماه، عن ابن مسعود.

وَيَهْزِمُونَهُمْ حَتّٰى تَبْلُغَ الدِّمَاءُ نَحْرَ الْخَيْلِ، وَيَقْتَتِلُوْنَ حَتّٰى اِنَّ بَنِي الْاَبِ، كَانُوا يَتَعَادُّونَ عَلٰى مِائَةٍ، فَيُقْتَلُوْنَ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْهُمْ رَجُلٌ وَّاحِدٌ، فَاَيُّ مِيْرَاثٍ يُقْسَمُ بَعْدَ هٰذَا وَاَيُّ غَنِيمَةٍ يُفْرَحُ بِهَا، ثُمَّ يَسْتَفْتِحُوْنَ الْقُسْطَنْطِينِيَّةَ، فَبَيْنَمَا هُمْ يَقْسِمُوْنَ الدَّنَانِيرَ بِالتَّرَسَةِ، اِذْ اَتَاهُمْ فَزَعٌ اَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ: اِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ فِيْ
49/49 ذَرَارِيِّكُمْ، فَيَرْفُضُونَ مَا فِيْ اَيْدِيهِمْ وَيُقْبِلُوْنَ، وَيَبْعَثُوْنَ طَلِيعَةَ فَوَارِسَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ خَيْرُ فَوَارِسِ الْاَرْضِ اِنِّي لَاَعْلَمُ اَسْمَاءَهُمْ وَاَسْمَاءَ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ وَاَلْوَانَ خُيُولِهِمْ

❁❁ اسیر بن جابر بیان کرتے ہیں: تیز ہوا چل پڑی ہم اس وقت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ غصہ میں آ گئے' یہاں تک کہ ہمیں ان کے چہرے پر غصہ کے آثار محسوس ہو گئے انہوں نے فرمایا تمہارا ستیاناس ہو قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک وراثت کی تقسیم ختم نہیں ہو جاتی اور غنیمت کے ذریعے خوش نہیں ہوا جاتا' پھر انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے شام کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: اس طرف دشمن مسلمانوں کے لئے اکٹھا ہو گا پھر ان کا آمنا سامنا بھی ہو گا اور یہ شرط عائد کی جائے گی کہ مر جائیں گے (لیکن واپس نہیں جائیں گے) تو واپس وہی جائے گا' جو غالب ہو گا یہ لوگ لڑائی کرتے رہیں گے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے گا' تو یہ لوگ بھی واپس چلے جائیں گے وہ لوگ بھی واپس چلے جائیں گے کوئی بھی غالب نہیں آیا ہو گا اور شرط کا وقت بھی ختم ہو جائے گا پھر اگلے دن موت کی شرط رکھی جائے گی کہ وہی واپس آئے گا' جو غالب ہو گا پھر وہ لڑائی کریں گے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے گا یہ بھی واپس آ جائیں گے اور وہ بھی واپس چلے جائیں گے دونوں میں سے کوئی بھی غالب نہیں آیا ہو گا اور شرط ختم ہو جائے گی پھر اس سے اگلے دن تیسرے دن موت کی شرط عائد کی جائے گی کہ وہی واپس آئے گا' جو غالب ہو گا وہ لوگ لڑائی کرتے رہیں گے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے گا' تو وہ گروہ بھی واپس چلا جائے گا یہ بھی واپس چلا جائے گا کوئی غالب نہیں آیا ہو گا پھر چوتھے دن ان کے درمیان لڑائی ہو گی' تو یہ ان کے ساتھ لڑائی کرتے ہوئے انہیں پسپا کر دیں گے' یہاں تک کہ خون گھوڑوں کی گردن تک پہنچ جائے گا اور لڑائی ہوتی رہے گی یہاں تک کہ ایک ہی باپ کے بیٹے ایک سو لوگوں کے ساتھ مقابلہ کریں گے' تو وہ مارے جائیں گے' یہاں تک کہ ان میں سے صرف ایک شخص باقی رہ جائے گا' تو پھر اس کے بعد وراثت کیسے تقسیم ہو گی اور پھر کون سی غنیمت کے ہمراہ خوشی حاصل کی جائے گی پھر لوگ قسطنطنیہ کو فتح کریں گے ابھی وہ دینار اور ڈھالیں تقسیم کر رہے ہوں گے کہ اسی دوران بڑی پریشان کن چیز ان تک آ جائے گی دجال تمہاری اولادوں کے درمیان ظہور پذیر ہو گا' تو ان لوگوں کے ہاتھوں میں جو کچھ ہو گا وہ اسے پھینکیں گے اور آ جائیں گے وہ لوگ اپنے گھڑ سواروں کو بھیجیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: وہ اس دن روئے زمین کے سب سے بہترین سوار ہوں گے میں ان لوگوں کے نام ان کے آباء کے نام ان کے قبائل کے نام اور ان کے گھوڑوں کے رنگوں سے بھی واقف ہوں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْعَلَامَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَظْهَرَانِ عِنْدَ خُرُوجِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ مِنْ وَثَاقِهِ

ان دوعلامتوں کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو دجال کے ظہور کے وقت رونما ہوں گی

6787 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ عِيْسَى بْنِ السِّكِّيْنِ بِبَلَدِ الْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى مَوْلَى بَنِيْ هَاشِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ كَهْمَسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ يَعْمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ، قَالَ لِفَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ: حَدِّثِيْنِيْ بِشَيْءٍ سَمِعْتِيهِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تُحَدِّثِيْنِيْ بِشَيْءٍ لَمْ تَسْمَعِيهِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: نَعَمْ، نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ جَامِعَةً، فَاجْتَمَعَ النَّاسُ وَفَزِعُوا، قَالَتْ: فَصَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ: اِنِّي لَمْ اَجْمَعْكُمْ لِرَغْبَةٍ وَّلَا لِرَهْبَةٍ، وَلٰكِنْ حَدِيْثٌ حَدَّثَنِيهِ تَمِيْمٌ الدَّارِيُّ، زَعَمَ اَنَّهُ رَكِبَ الْبَحْرَ فِيْ ثَلَاثِيْنَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَّجُذَامٍ، قَالَ: فَلَعِبَ بِنَا الْبَحْرُ - وَرُبَّمَا، قَالَ: لَعِبَ بِنَا الْمَوْجُ - شَهْرًا ثُمَّ قَذَفَ بِنَا السَّفِيْنَةَ اِلٰى جَزِيْرَةٍ فِي الْبَحْرِ، قَالَ: فَخَرَجْنَا اِلَيْهَا فَلَقِيَتْنَا جَارِيَةٌ تَجُرُّ شَعْرَهَا، لَا نَدْرِي مُقْبِلَةٌ هِيَ اَمْ مُدْبِرَةٌ، قُلْنَا: مَا اَنْتِ؟ قَالَتْ: اَنَا الْجَسَّاسَةُ، قُلْنَا: اَخْبِرِيْنَا، قَالَتْ: عَلَيْكُمْ بِصَاحِبِ الدَّيْرِ، وَهُوَ يُخْبِرُكُمْ وَيَسْتَخْبِرُكُمْ، قَالَ: فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ، فَاِذَا رَجُلٌ - ذَكَرَ مِنْ عِظَمِهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ - وَهُوَ مُوْثَقٌ اِلٰى حَبْلٍ بِالْحَدِيْدِ، فَقُلْنَا: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَخْبِرُوْنِيْ عَمَّا اَسْاَلُكُمْ عَنْهُ، قَالُوْا: سَلْنَا، قَالَ: مَا فَعَلَ نَخْلُ بَيْسَانَ، يُطْعِمُ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: يُوْشِكُ اَنْ لَا يُطْعِمَ، ثُمَّ، قَالَ: اَخْبِرُوْنِيْ عَنْ عَيْنِ زُغَرَ، بِهَا مَاءٌ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: يُوْشِكُ اَنْ لَا يَكُوْنَ بِهَا مَاءٌ، ثُمَّ، قَالَ: اَخْبِرُوْنِيْ عَنْ هٰذَا الرَّجُلِ، هَلْ خَرَجَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: اِنَّهُ صَادِقٌ فَاتَّبِعُوْهُ، فَقُلْنَا: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا الدَّجَّالُ قَالَ كَهْمَسٌ: فَذَكَرَ ابْنُ بُرَيْدَةَ شَيْئًا لَمْ اَحْفَظْهُ، اِلَّا اَنَّهُ، قَالَ: تُطْوَى لَهُ الْاَرْضُ، وَيَاْتِيْ عَلٰى جَمِيْعِهِنَّ فِيْ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا

❀❀ یحییٰ بن معمر بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے کہا: مجھے کوئی ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو اور آپ مجھے کوئی ایسی بات نہ بتائیں' جو آپ نے براہ راست نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی نہ سنی ہو۔ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے یہ اعلان کیا گیا اکٹھے ہو جاؤ! تو لوگ اکٹھے ہو گئے لوگ گھبرا گئے۔ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں نے تم لوگوں کو کسی رغبت یا خوف کی وجہ سے جمع نہیں کیا ہے' بلکہ ایک واقعہ پیش آیا ہے' جو مجھے تمیم داری نے بیان کیا ہے وہ یہ کہتا ہے کہ وہ تیس افراد جن کا تعلق لخم اور جذام قبیلے سے تھا وہ سمندر میں سفر کر رہے تھے اس نے یہ بیان کیا

ہے کہ سمندر (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) موجیں ہمارے ساتھ کھیل کرنے لگیں ایک ماہ تک ایسا ہوتا رہا پھر ہماری کشتی سمندر میں موجود ایک جزیرے تک پہنچ گئی۔ تمیم داری بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نکل کر اس جزیرے کی طرف گئے تو وہاں ہماری ملاقات ایک لڑکی سے ہوئی جو اپنے بال کھینچ رہی تھی ہمیں نہیں پتہ چلا کہ وہ آ رہی ہے یا جا رہی ہے۔ ہم نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: میں "جساسہ" ہوں ہم نے کہا: تم ہمیں کچھ بتاؤ اس نے کہا: تم لوگ گرجے میں موجود شخص کے پاس چلے جاؤ وہ تمہیں بتائے گا بھی اور تم سے اطلاعات حاصل بھی کرے گا۔ تمیم داری بیان کرتے ہیں: ہم لوگ اس کے پاس گئے تو وہ ایک ایسا شخص تھا اس کے بعد انہوں نے اس کے بڑے ہونے کا ذکر کیا وہ لوہے کی رسی کے ساتھ بندھا ہوا تھا ہم نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: پہلے تم مجھے اس چیز کے بارے میں بتاؤ جس کے بارے میں میں تم سے سوال کروں گا ان لوگوں نے کہا: تم ہم سے سوال کرو اس نے دریافت کیا: بیسان کے کھجوروں کے باغ کا کیا حال ہے کیا اس کا اناج اب بھی کھایا جاتا ہے ہم نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے کہا: عنقریب وہ نہیں کھایا جائے گا پھر اس نے دریافت کیا: تم مجھے زغر کے چشمے کے بارے میں بتاؤ کہ کیا اس میں پانی ہے ہم نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے کہا: عنقریب اس میں پانی نہیں رہے گا پھر اس نے کہا: تم لوگ مجھے ان صاحب کے بارے میں بتاؤ کیا ان کا ظہور ہو گیا ہے ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں تو اس نے کہا: بے شک وہ سچے ہیں تم لوگ ان کی پیروی کرو۔ ہم نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: میں دجال ہوں۔"

کہمس بیان کرتے ہیں: ابن بریدہ نے یہاں کوئی چیز ذکر کی تھی جو مجھے یاد نہیں رہی تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اس کے لئے روئے زمین کو لپیٹ دیا جائے گا یہاں تک کہ وہ تمام روئے زمین کا چکر چالیس دن میں لگا لے گا۔"

ذِكْرُ الْعَلَامَةِ الثَّالِثَةِ الَّتِي تَظْهَرُ فِي الْعَرَبِ عِنْدَ خُرُوجِ الدَّجَّالِ مِنْ وَثَاقِهِ كَفَانَا اللّٰهُ وَكُلَّ مُسْلِمٍ شَرَّهُ وَفِتْنَتَهُ

اس تیسری علامت کا تذکرہ جو عربوں میں اس وقت ظہور پذیر ہو گی جب دجال اپنی قید سے نکل آئے گا اللہ تعالیٰ اس کے شر اور اس کے فتنے سے ہمیں اور ہر مسلمان کو بچائے

6788 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْقَرْقُسَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْقُمِّيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ، تَقُولُ:

(متن حدیث): صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اُنْذِرُكُمُ الدَّجَّالَ، فَاِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَهُ اُمَّتَهُ، وَهُوَ كَائِنٌ فِيكُمْ اَيَّتُهَا الْاُمَّةُ، اِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا

أُمَّةَ بَعْدَكُمْ، إِلَّا إِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ أَخْبَرَنِي أَنَّ ابْنَ عَمٍّ لَهُ وَأَصْحَابَهُ رَكِبُوا بَحْرَ الشَّامِ، فَانْتَهَوْا إِلَى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِهِ، فَإِذَا هُمْ بِدَهْمَاءَ تَجُرُّ شَعْرَهَا، قَالُوا: مَا أَنْتِ؟، قَالَتْ: الْجَسَّاسَةُ أَوِ الْجَاسِسَةُ، قَالُوا: أَخْبِرِينَا؟، قَالَتْ: مَا أَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ عَنْ شَيْءٍ، وَلَا سَائِلَتِكُمْ عَنْهُ، وَلٰكِنِ ائْتُوا الدَّيْرَ، فَإِنَّ فِيهِ رَجُلًا بِالْأَشْوَاقِ إِلَى لِقَائِكُمْ، فَأَتَوُا الدَّيْرَ، فَإِذَا هُمْ بِرَجُلٍ مَمْسُوحِ الْعَيْنِ مُوثَقٍ فِي الْحَدِيدِ إِلَى سَارِيَةٍ، فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ أَنْتُمْ؟ وَمَنْ أَنْتُمْ؟، قَالُوا: مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، قَالَ: فَمَنْ أَنْتُمْ؟، قَالُوا: نَحْنُ الْعَرَبُ، قَالَ: فَمَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ؟، قَالُوا: خَرَجَ فِيهِمْ نَبِيٌّ بِأَرْضِ تَيْمَاءَ، قَالَ: فَمَا فَعَلَ النَّاسُ؟، قَالُوا: فِيهِمْ مَنْ صَدَّقَهُ، وَفِيهِمْ مَنْ كَذَّبَهُ، قَالَ: أَمَا إِنَّهُمْ إِنْ يُصَدِّقُوهُ وَيَتَّبِعُوهُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا بُيُوتُكُمْ؟، قَالُوا: مِنْ شَعَرٍ وَّصُوفٍ تَغْزِلُهُ نِسَاؤُنَا، قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِهِ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ بُحَيْرَةُ طَبَرِيَّةَ؟ قَالُوا: تَدَفَّقُ جَوَانِبُهَا يَصْدُرُ مَنْ أَتَاهَا، فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِهِ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ؟، قَالُوا: تَدَفَّقُ جَوَانِبُهَا يَصْدُرُ مَنْ أَتَاهَا، قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِهِ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَ نَخْلُ بَيْسَانَ؟، قَالُوا: يُؤْتِي جَنَاهُ فِي كُلِّ عَامٍ، قَالَ: فَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِهِ، ثُمَّ، قَالَ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ قَالَ: أَمَا إِنِّي لَوْ قَدْ حُلِلْتُ مِنْ وَثَاقِي هٰذَا لَمْ يَبْقَ مَنْهَلٌ إِلَّا وَطِئْتُهُ إِلَّا مَكَّةَ، وَطَيْبَةَ فَإِنَّهُ لَيْسَ لِي عَلَيْهِمَا سَبِيلٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ طَيْبَةُ، حَرَّمْتُهَا كَمَا حَرَّمَ إِبْرَاهِيمُ مَكَّةَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا فِيهَا نَقْبٌ فِي سَهْلٍ وَّلَا جَبَلٍ إِلَّا وَعَلَيْهِ مَلَكَانِ شَاهِرَا السَّيْفِ يَمْنَعَانِ الدَّجَّالَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

امام شعبی بیان کرتے ہیں: ہم نے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تم لوگوں کو دجال سے ڈرا رہا ہوں مجھ سے پہلے کے ہر نبی نے اپنی امت کو اس سے ڈرایا ہے اور وہ تمہارے درمیان ظہور پذیر ہوگا اے امت! بے شک میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور تمہارے بعد کوئی اور امت نہیں ہے البتہ تمیم داری نے مجھے بتایا ہے کہ اس کے چچازاد اور اس کے ساتھی شام کے سمندر میں سفر کر

6788- حديث صحيح عبد الملك بن سليمان القرقساني ذكره المؤلف في "الثقات" 8/39، وقال: مستقيم الحديث، وقال العقيلي في "الضعفاء " 3/24: حديثه غير محفوظ، وعمران بن سليمان لقمي ذكره المؤلف في "الثقات" 7/241، وكذا البخاري ف تاريخه 6/426، وابن أبي حاتم 6/299، ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا. وأخرجه البخاري "959"/24، والبغوي في "شرح السنة" "4268" من طريقين عن عبد الله بن جعفر الرقي، عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/373 - 374، والحميدي "364"، وابن أبي شيبة 15/154 - 156، ومسلم "2942" في الفتن: باب قصة الجساسة، وأبو داود "4327" في الملاحم: باب في خبر الجساسة، وابن ماجه "4074" في الفتن: باب فتنة الدجال، والطبراني "956"/24و"957"و"960"و"961"، والآجري في "الشريعة" ص376 - 378 و378 - 379، وابن منده في "الإيمان" "1057"و"1059"و"1060"، والبغوي "4269" من طرق عن الشعبي، به. وبعضهم يزيد في الحديث على بعض. وأخرجه مختصرا أبو داود "4325"، والطبراني "922"/42و"923" من طريقين عن ابن شهاب، عن أبي سلمة، عن فاطمة بنت قيس. وقوله: "يصدر من أتاها"، أي: ينصرف عن السقي، وقد روى في الحديث: كانت له ركوة تسمى الصادر به، لأنه يصدر عنها الري، ومنه فأصدرنا ركابنا، أي: صرفنا رواء، فلم نحتج إلى المقام بها للماء.

رہے تھے وہ کسی جزیرے تک پہنچ گئے وہاں ایک عورت تھی جو اپنے بال کھینچ رہی تھی ان لوگوں نے دریافت کیا: تم کون ہو اس نے کہا: جساسہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جاسسہ۔ ان لوگوں نے کہا: تم ہمیں کسی چیز کے بارے میں بتاؤ اس نے کہا: میں تمہیں کسی چیز کے بارے میں نہیں بتاؤں گی اور نہ ہی کسی چیز کے بارے میں تم سے دریافت کروں گی لیکن تم لوگ عبادت خانے میں چلے جاؤ وہاں ایک شخص ہے جو تم سے ملاقات کا مشتبہ ہے وہ لوگ عبادت خانے میں آئے تو وہاں ایک شخص تھا جس کی آنکھ کانی تھی وہ لوہے کی زنجیروں میں ستون کے ساتھ بندھا ہوا تھا اس نے دریافت کیا: تم لوگ کہاں سے آئے ہو تم لوگ کون ہو۔ ان لوگوں نے جواب دیا: اہل شام سے۔ اس نے دریافت کیا: تم لوگ کون ہو۔ انہوں نے جواب دیا: ہم عربی ہیں۔ اس نے کہا: عربوں کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: ان میں ایک نبی کا ظہور ہوا ہے جو تیماء کی سرزمین سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس نے دریافت کیا: لوگوں کا کیا حال ہے۔ انہوں نے بتایا: ان میں کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے ان کی تصدیق کی ہے اور کچھ لوگ وہ ہیں جنہوں نے انہیں غلط قرار دیا ہے تو اس نے کہا: اگر وہ ان کی تصدیق کر دیں اور ان کی پیروی کریں تو یہ ان کے حق میں زیادہ بہتر ہے اگر انہیں علم ہو پھر اس نے دریافت کیا: تمہارے گھر کس چیز کے ہیں۔ ان لوگوں نے بتایا: بالوں کے اور اون کے بنے ہوئے جنہیں ہماری عورتیں تیار کرتی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: تو اس نے اپنا ہاتھ اپنے زانوں پر مارا پھر بولا یہی پھر اس نے دریافت کیا: بحیرہ طبریہ کا کیا حال ہے۔ انہوں نے بتایا: اس کے کنارے چھلک رہے ہیں اس نے اپنے زانوں پر ہاتھ مارا پھر بولا جلدی کرو پھر اس نے دریافت کیا: زغر کے چشمے کا کیا حال ہے ان لوگوں نے بتایا: اس کے کنارے چھلکتے ہیں جو اس تک آتا ہے وہ سیر ہوتا ہے تو اس نے اپنے زانوں پر ہاتھ مارا اور پھر بولا جلدی کرو پھر اس نے دریافت کیا: بیسان کے نخلستان کا کیال حال ہے۔ ان لوگوں نے کہا: اس کی ٹہنیاں سارا سال پھل دیتی ہیں اس نے پھر اپنے زانوں پر ہاتھ مارا اور بولا: جلدی کرو پھر اس نے کہا: اگر میں اپنی ان بیڑیوں سے آزاد ہو گیا تو کوئی چشمہ ایسا نہیں ہوگا جسے میں روند نہ دوں البتہ مکہ اور طیبہ (یعنی مدینہ منورہ) کا معاملہ مختلف ہے کیونکہ میرے لئے وہاں جانے کی گنجائش نہیں ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ طیبہ ہے میں اسے اسی طرح حرم قرار دیتا ہوں جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرام قرار دیا تھا اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے عام زمین اور پہاڑوں میں اس میں داخلے کا جو بھی راستہ ہے اس پر دو فرشتے تعینات ہیں جنہوں نے تلواریں سونتی ہوئی ہیں اور وہ قیامت کے دن تک دجال کو (اس میں داخل ہونے سے) روکنے کے لئے (تیار رہیں گے)

6789 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ،

6789—حديث صحيح، وأحمد بن يحيى حميد الطويل ذكره المؤلف في الثقات 8/10، وأرخ وفاته سنة خمس وعشرين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل . وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 6/374و418عن يونس بن محمد، و6/412 - 413 عن عفان بن مسلم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/463، والطبراني "964"/24 من طريق حجاج بن منهال، والطبراني أيضا"964"/24 من طريق أبي عمر الضرير وأبي عمر الحوضي، خمستهم عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ مُسْرِعًا، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَنُودِيَ فِي النَّاسِ الصَّلَاةُ جَامِعَةً، فَاجْتَمَعَ النَّاسُ، فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّي لَمْ اَدْعُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ نَزَلَتْ، وَلٰكِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ اَخْبَرَنِي اَنَّ نَاسًا مِنْ اَهْلِ فِلَسْطِينَ رَكِبُوا الْبَحْرَ، فَقَذَفَتْهُمُ الرِّيحُ اِلٰى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ، فَاِذَا هُمْ بِدَابَّةٍ لَا يُدْرَى اَذَكَرٌ هُوَ اَمْ اُنْثٰى مِنْ كَثْرَةِ الشَّعْرِ، فَقَالُوا: مَنْ اَنْتِ؟ ، قَالَتْ: اَنَا الْجَسَّاسَةُ، قَالُوا: اَخْبِرِينَا؟ قَالَتْ: مَا اَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ، وَلَا مُسْتَخْبِرَتِكُمْ، وَلٰكِنَّ هَاهُنَا مَنْ هُوَ فَقِيرٌ اِلٰى اَنْ يُّخْبِرَكُمْ، وَاِلٰى اَنْ يَّسْتَخْبِرَكُمْ، فَاَتَوَا الدَّيْرَ، فَاِذَا بِرَجُلٍ مَرِيرٍ مُصَفَّدٍ بِالْحَدِيدِ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتُمْ؟ قَالُوا: نَحْنُ الْعَرَبُ، قَالَ: هَلْ بُعِثَ النَّبِيُّ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ تَبِعَتْهُ الْعَرَبُ؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: ذٰلِكَ خَيْرٌ لَهُمْ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ فَارِسُ؟ قَالُوا: لَمْ يَظْهَرْ عَلَيْهَا، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَيَظْهَرُ عَلَيْهَا، ثُمَّ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ؟ قَالُوا: تَدَفَّقُ مَلَاٰى، قَالَ: فَمَا فَعَلَ نَخْلُ بَيْسَانَ؟ قَالُوا: قَدْ اَطْعَمَ اَوَائِلُهُ، فَوَثَبَ عَلَيْهِ وَثْبَةً، حَتّٰى خَشِينَا اَنْ سَيَغْلِبَ، فَقُلْنَا: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا الدَّجَّالُ، اَمَا اِنِّي سَاَطَاُ الْاَرْضَ كُلَّهَا اِلَّا مَكَّةَ وَطَيْبَةَ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرُوْا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، هٰذِهِ طَيْبَةُ لَا يَدْخُلُهَا

امام شعبی سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تیزی سے تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے لوگوں میں یہ اعلان کیا کہ اکٹھے ہو جاؤ تو لوگ اکٹھے ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو میں نے تمہیں کسی رغبت یا کسی پریشانی کے نازل ہونے کی وجہ سے نہیں بلایا ہے البتہ تمیم داری نے مجھے بتایا کہ فلسطین سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ سمندری سفر پر روانہ ہوئے' تو ہوا نے انہیں سمندر میں موجود کسی جزیرے تک پہنچا دیا وہاں ایک جانور موجود تھا اس کا یہ پتہ نہیں چلتا تھا کہ وہ مذکر ہے یا مونث ہے کیونکہ اس کے جسم پر بال بہت زیادہ تھے' تو میں نے دریافت کیا: تم کون ہے۔ اس نے جواب دیا: میں جساسہ ہوں ان لوگوں نے کہا: تم ہمیں کسی چیز کے بارے میں بتاؤ تو اس نے کہا: میں تمہیں کسی چیز کے بارے میں نہیں بتاؤں گی نہ ہی تم سے کسی چیز کے بارے میں معلوم کروں گی البتہ وہاں ایک شخص ہے' جو اس بات کا محتاج ہے کہ وہ تمہیں کوئی اطلاع دے اور اس بات کا بھی ضرورت مند ہے کہ تم سے کسی چیز کے بارے میں معلوم کرے تو وہ اس عبادت خانے تک آئے وہاں ایک شخص تھا' جو لوہے کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ اس نے دریافت کیا: تم کون لوگ ہو۔ ان لوگوں نے جواب دیا: ہم عرب ہیں اس نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہو گئے ہیں۔ ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا: کیا عربوں نے ان کی پیروی کر لی ہے۔ ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں اس نے کہا: یہ ان لوگوں کے حق میں بہتر ہے' پھر اس نے دریافت کیا: اہل فارس کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: وہ ابھی اس پر غالب نہیں آئے۔ اس نے کہا: وہ عنقریب اہل فارس پر غالب آ جائیں گے پھر اس نے دریافت کیا: زغر کے چشمے کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: اس کے کنارے بھرے ہوئے ہیں۔ اس نے دریافت کیا: بیسان کے نخلستان کا کیا حال ہے۔ ان لوگوں نے بتایا: وہ پیداوار دے رہا ہے' پھر وہ شخص اچھلا' یہاں تک کہ ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ غالب آ جائے گا (یعنی اپنے آپ کو چھڑا لے گا) ہم نے کہا: تم کون ہو۔ اس نے کہا: میں دجال ہوں' میں ساری روئے زمین کو روند دوں گا

البتہ مکہ اور طیبہ (نہیں جاسکوں گا)

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں کے گروہ تمہیں خوشخبری ہے کہ یہ (مدینہ منورہ) طیبہ ہے وہ (دجال) اس میں داخل نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْمُبَادَرَةِ بِالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْمَسِيحِ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دجال کے نکلنے سے پہلے نیک اعمال کی طرف جلدی کر لے' ہم اس (دجال) سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

6790 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَادِرُوْا بِالْعَمَلِ سِتًّا: الدَّجَّالَ، وَالدُّخَانَ، وَدَابَّةَ الْاَرْضِ، وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَاَمْرَ الْعَامَّةِ، وَخُوَيْصَّةَ اَحَدِكُمْ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''چھ (نشانیوں کے ظہور پذیر) ہونے سے پہلے عمل کرلو' دجال، دھواں، دابۃ الارض، سورج کا مغرب سے نکلنا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْعَدَدَ الْمَذْكُورَ لِلْاَشْيَاءِ الْمُتَوَقَّعَةِ قَبْلَ خُرُوجِ الْمَسِيحِ لَيْسَ بِعَدَدٍ لَمْ يُرِدْ بِهِ النَّفْيَ عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' دجال کے خروج سے متوقع طور پر پیش آنے والی اشیاء کے بارے میں

6790- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير زياد بن رباح، فمن رجال مسلم، هو في صحيحه "129""2947" في الفتن: باب في بقية من أحاديث الدجال، عن أمية بن بسطام، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/324 و407، ومسلم "2947" من طريق همام، عن قتادة، به. وأخرجه الطيالسي "2549"، ومن طريقه أحمد 2/511، والحاكم 4/516 عن عمران القطان، عن قتادة، عن عبد الله بن رباح عن أبي هريرة. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي! قلت: عمران القطان حديثه حسن لا يرقى إلى الصحة. وأخرجه أحمد 2/337 و372، ومسلم "2947" "128"، والبغوي "4249" من طريقين عن العلاء بن عبد الرحمن، عن أبيه، عن أبي هريرة. وفي الباب عن أنس عند ابن ماجه "4056"، وإسناده حسن. وقوله: "بادروا بالأعمال ... " أي: أسرعوا بالأعمال الصالحة النافعة قبل وقوع هذه الآيات، قال القاضي فيما نقله عنه القاري في "شرح المشكاة" 5/188: أمرهم أن يبادروا بالأعمال قبل نزول هذه الآيات، فإنها إذا نزلت أدهشهم، وشغلتهم عن الأعمال، أو سد عليهم باب التوبة وقبول الأعمال.

مذکورہ تعداد سے یہ مراد نہیں ہے: اس کے علاوہ عدد کی نفی کی جائے

6791 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ الْقَزَّازُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الطُّفَيْلِ يُحَدِّثُ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غُرْفَةٍ، وَنَحْنُ تَحْتَهَا اِذْ اَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا تَتَذَاكَرُوْنَ؟ قُلْنَا: نَذْكُرُ السَّاعَةَ، قَالَ: فَاِنَّهَا لَا تَكُوْنُ حَتّٰى يَكُوْنَ بَيْنَ يَدَيْهَا عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَعِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَالدَّابَّةُ، وَخُرُوْجُ يَاْجُوجَ وَمَاْجُوجَ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ مَوْضِعِ كَذَا؟ قَالَ: اَحْسَبُهُ، قَالَ: تَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا، وَتَنْزِلُ مَعَهُمْ حَيْثُ يَنْزِلُوْنَ

قَالَ شُعْبَةُ: وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ رُفَيْعٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيْدٍ مِثْلَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالاخانہ میں موجود تھے ہم اس کے نیچے موجود تھے پھر اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جھانک کر دریافت کیا: تم لوگ کس بارے میں بات چیت کر رہے ہو۔ ہم نے عرض کی: ہم قیامت کا ذکر کر رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک اس سے پہلے دس نشانیاں نمودار نہیں ہوتیں سورج کا مغرب سے نکلنا، دجال، دھواں، حضرت عیسیٰ بن مریم (کا نزول)، دابۃ الارض، یاجوج وماجوج کا نکلنا، مشرق میں زمین میں دھنسنا، مغرب میں زمین میں دھنسنا اور جزیرہ عرب میں زمین میں دھنسنا اور ایک آگ ہوگی' جو فلاں مقام سے نکلے گی (راوی کہتے ہیں:) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: وہ ان لوگوں کے ساتھ آرام کرے گی جہاں وہ لوگ آرام کریں گے اور وہ ان کے ساتھ پڑاؤ کرے گی جہاں وہ لوگ پڑاؤ کریں گے۔

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی کی مانند

6791-إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير أن صحابيه وهو حذيفة بن أسيد من رجال مسلم. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه الحنظلي. وأخرجه أحمد 4/7، ومسلم "2901" "40" و"41" في الفتن: باب في الآيات التي تكون قبل الساعة، والترمذي 4/478 في الفتن: باب ما جاء في الخسف، والطبراني "3028" من طريق شعبة، بهذا الإسناد. وفي رواية الطبراني أبدل الدخان بريح تلقيهم في البحر. وأخرجه الطيالسي "1067"، وأحمد 4/6 و7، والحميدي "827"، وابن أبي شيبة 15/163، ومسلم "39" "2901"، وأبو داود "4311" في الملاحم: باب أمارات الساعة، والترمذي "2183"، والنسائي في "الكبرى"، وابن ماجه "4041" في الفتن: باب أشراط الساعة، والطبراني "3029" و"3030" و"3031" و"3032" و"3033"، والبغوي "4250" من طرق عن فرات القزاز، به. وبعضهم رواه مختصرا. وانظر الحديث رقم "6790". وأخرجه الطبراني "3034" من طريق سعيد بن بشير، عن قتادة، عن أبي الطفيل، به. وأخرجه أيضا الطبراني "3060" من طريق بن أبي ليلى، عن الحكم، عن الربيع بن عميلة، عن حذيفة بن أسيد. وأبدل فيه "النار التي تطرد الناس إلى المحشر" "بريح تسفيهم فتطرحهم بالبحر."

منقول ہے تاہم اس سند کے ساتھ مرفوع حدیث کے طور پر منقول نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْمَوْضِعِ الَّذِي يَخْرُجُ مِنْ نَاحِيَتِهِ الدَّجَّالُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو اس جگہ کے بارے میں ہے جس کے کنارے سے دجال نکلے گا

6792 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ وَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ بِلَالِ بْنِ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ هَاهُنَا، وَاَشَارَ نَحْوَ الْمَشْرِقِ .

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُ اَبِي هُرَيْرَةَ: وَاَشَارَ نَحْوَ الْمَشْرِقِ اَرَادَ بِهِ الْبَحْرَيْنِ، لِاَنَّ الْبَحْرَيْنِ مَشْرِقُ الْمَدِينَةِ، وَخُرُوجُ الدَّجَّالِ يَكُونُ مِنْ جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِهَا، لَا مِنْ خُرَاسَانَ، وَالدَّلِيلُ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا اَنَّهُ مُوثَقٌ فِي جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ، عَلٰى مَا اَخْبَرَ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ، وَلَيْسَ بِخُرَاسَانَ بَحْرٌ وَّلَا جَزِيرَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دجال اس طرف سے نکلے گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرق کی طرف اشارہ کر کے (یہ بات ارشاد فرمائی)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرق کی طرف اشارہ کیا'' اس کے ذریعے مراد بحرین ہے کیونکہ بحرین مدینہ منورہ کے مشرق میں ہے اور دجال کا ظہور بھی انہی علاقوں میں سے ہوگا خراسان سے نہیں ہوگا اس بات کے صحیح ہونے کی دلیل یہ ہے: دجال سمندر کے کسی جزیرے میں بندھا ہوا ہے جیسا کہ تمیم داری نے اس بارے میں اطلاع دی ہے جبکہ خراسان میں نہ تو کوئی سمندر ہے نہ ہی کوئی جزیرہ ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِي يَكُونُ خُرُوجُ الْمَسِيحِ بِهِ

اس سبب کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جس کی وجہ سے دجال نکلے گا

6793 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ،

6792– بلال بن أبي هريرة لم يرو عنه غير الشعبي، ولم يوثقه غير المؤلف 4/65، وعمرو بن أبي قيس روى له أصحاب السنن والبخاري تعليقا، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق له أوهام، وباقي رجال السند ثقات . مطرف: هو ابن عبد الله بن الشخير. وأخرجه بنحوه البزار "3383" عن محمد بن المثنى، ن يحيى - وهو القطان - عن مجالد، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْمُحَرَّرِ بْنِ أَبِي هُرَيْرَةَ، عن أبيه قال: سئل رسول الله عن الدجال فقال: - أحسبه قال -: "يخرج من نحو المشرق." قال الهيثمي في "المجمع" 7/348: فيه مجالد بن سعيد وهو ضعيف، وقد وثق.

(متن حدیث):اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَاٰى ابْنَ صَائِدٍ فِیْ سِكَّةٍ مِنْ سِكَكِ الْمَدِیْنَةِ، فَسَبَّهُ ابْنُ عُمَرَ، وَوَقَعَ فِیْهِ، فَانْتَفَخَ حَتّٰى سَدَّ الطَّرِیْقَ، فَضَرَبَهُ ابْنُ عُمَرَ بِعَصًا، فَسَكَنَ حَتّٰى عَادَ، فَانْتَفَخَ حَتّٰى سَدَّ الطَّرِیْقَ، فَضَرَبَهُ ابْنُ عُمَرَ بِعَصًا مَعَهُ، حَتّٰى كَسَرَهَا عَلَیْهِ، فَقَالَتْ لَهُ حَفْصَةُ: مَا شَاْنُكَ وَشَاْنُهُ، مَا یُوْلِعُكَ بِهِ، اَمَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ: اِنَّمَا یَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ غَضْبَةٍ یَّغْضَبُهَا .

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: رُؤْیَةُ حَفْصَةَ ابْنَ عُمَرَ، وَضَرْبَهُ حَیْثُ كَانَ یَضْرِبُ الْمَسِیحَ بِالْعَصَا، كَانَ ذٰلِكَ فِیْ حَیَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مدینہ منورہ کی کسی گلی میں ابن صائد کو دیکھا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے برا کہا اور اسے ڈانٹنے لگے تو وہ اتنا پھول گیا کہ اس نے راستہ بند کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اسے عصاء کے ذریعے مارا تو اسے سکون آیا' یہاں تک کہ وہ واپس اپنی اصل حالت میں آ گیا پھر وہ پھول گیا' یہاں تک کہ اس نے راستہ بند کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے پاس موجود عصا پھر اسے مارا' یہاں تک کہ اس پر اسے توڑ دیا تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: تمہارا اور اس کا کیا واسطہ ہے یہ تمہیں کیوں غصہ دلا دیتا ہے کیا تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے نہیں سنا۔

''دجال اس غضب کی وجہ سے باہر آئے گا' جو اسے لاحق ہو گا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور ان کے مارنے کو دیکھنا اس صورت میں تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی عصاء کے ذریعے ماریں گے یہ واقعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں پیش آیا تھا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ الْعَلَامَةِ الَّتِیْ یُعْرَفُ بِهَا الدَّجَّالُ عِنْدَ خُرُوْجِهِ

اس علامت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس کے ذریعے دجال کو اس کے خروج کے وقت پہچانا جائے گا

6794 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِیْدِ النَّرْسِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

6793–حديث صحيح، روح بن أسلم وإن كان ضعيفا قد توبع، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح. وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 327. وأخرجه مسلم "2932" في الفتن: باب ذكر ابن صياد، من طريق هشام بن حسان، عن أيوب، به. وأخرجه الطبراني "336" 23/ و "373" من طريق حفص بن غياث، عن عبد الله وهو ابن عمر - به، ولم يذكر فيه قصة، وقال فيه: "إنما خروج ابن صياد ... " وهو وهم. وأخرجه مطولا أحمد 6/284، ومسلم "2932" "99" من طريق ابن عون، عن نافع، به. وأخرجه مختصرا أبو يعلى ورقة 326 من طريق سليمان بن أبي كريمة، عن الزهري، عن سالم، عن أبيه، عن حفصة قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم يقول: "الدجال لا يخرجه إلا غضبة يغضبها." وأخرجه الطبراني "370" 23/ من طريق صالح بن كيسان، عن الزهري، بهذا الإسناد إلى حفصة قالت: إنا كنا نتحدث أن الدجال يخرج من غضبة يغضبها.

(متن حدیث):اِنَّ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوبٌ كَ فَ رَ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ مِنْ اُمِّيٍّ وَكَاتِبٍ - يَعْنِي الدَّجَّالَ -

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''ک ف ر'' لکھا ہوا ہوگا' جسے ہر مومن پڑھ لے گا خواہ وہ پڑھا لکھا ہو' یا نہ ہو۔''

(راوی کہتے ہیں:) اس سے مراد دجال ہے (یعنی اس کی آنکھوں کے درمیان یہ لکھا ہوگا۔)

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ عَيْنِ الدَّجَّالِ الَّتِي هِيَ الْعَوْرَاءُ مِنْ عَيْنَيْهِ

دجال کی آنکھ کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اس کی دونوں آنکھوں میں سے جو آنکھ کانی ہوگی

6795 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْهُذَيْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبْزَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث):الدَّجَّالُ عَيْنُهُ خَضْرَاءُ كَزُجَاجَةٍ، وَتَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

❀❀ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دجال کی آنکھیں شیشے کی طرح سبز ہوں گی تم لوگ قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو۔''

6794– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وسماع يزيد بن زريع من سعيد وهو ابن أبي عروبة - قبل اختلاطه . وأخرجه أحمد 3/206عن عبد الوهاب، و 3/207 عن روح، كلاهما عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد .وأخرجه بنحوه مطولا ومختصرا أحمد 3/173و229و276و290،والبخارى"7131" في الفتن: باب ذكر الدجال، و "7408" في التوحيد: باب قول الله تعالى "ولتصنع على عيني"، ومسلم "102""101""2933" في الفتن: باب ذكر الدجال وصفة ما معه، وأبو داود "4316" و"4317" في الملاحم: باب خروج الدجال، والترمذي "2245" في الفتن: باب ما جاء في قتل عيسى ابن مريم الدجال، وأبو يعلى "3016"و"3017"و"3092"و"3265" من طرق عن قتادة، به . وأخرجه أيضا أحمد 3/115 و201 و228 و249 و250، ومسلم "2933" "103"، وأبو داود "3418" من طريقين عن أنس . وقوله: "إن بين عينيه مكتوب" كذا في الأصل و "التقاسيم" والجادة "مكتوبا" كما وقع في بعض الروايات، ويخرج ما هنا على أن اسم "إن" محذوف تقديره "الدجال" وجملة "بين عينيه كفر" مبتدأ وخبر في موضع رفع خبر "إن."

6795–إسناده صحيح، عبد الله بن خباب - هو ابن الأرت المدني حليف بني زهرة - ذكره الطبراني وغيره في الصحابة، وقال عبد الرحمن بن خراش: أدرك النبي صلى الله عليه وسلم. وروى ابن منده من طريق خالد بن يزيد، عن زكريا بن العلاء ، قال: أول مولود ولد في الإسلام عبد الله بن الزبير، وعبد الله بن خباب، وقال العجلي: ثقة من كبار التابعين، قتلته الحرورية، أرسله علي إليهم، فقتلوه، فأرسل إليهم: اقيدونا بعبد الله بن خباب، فقالوا: كيف نقيدك به وكلنا قتله، فنفذ إليهم فقاتلهم، وذكره المؤلف في ثقات التابعين .5/11 وأخرجه الطيالسي "544"، أحمد 5/123 - 124 من طريق شعبة، بهذا الإسناد . وأورده الهيثمي "المجمع" 7/337، ونسبه إلى أحمد وقال رجاله ثقات.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ خِلْقَةِ الدَّجَّالِ وَمَنْ كَانَ يُشْبِهُ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ

دجال کی شکل وصورت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ اوراس امت میں سے کون شخص اس کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے (اس کا تذکرہ)

6796 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِىْ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: اَعْوَرُ هِجَانٌ اَزْهَرُ، كَاَنَّ رَاْسَهُ اَصَلَةٌ، اَشْبَهُ النَّاسِ بِعَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ قَطَنٍ، فَاِنْ هَلَكَ الْهُلَّكُ، فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: وہ کانا اور گورا چٹا ہوگا اس کا سر سانپ کی طرح چھوٹا ہوگا وہ لوگوں میں سے عبدالعزیٰ بن قطن کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے خواہ کتنے ہی لوگ ہلاکت کا شکار ہوجائیں لیکن بہرحال تمہارا پروردگار کانا نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فِرَارِ النَّاسِ مِنَ الْمَسِيحِ عِنْدَ ظُهُوْرِهِ

دجال کے ظہور کے وقت لوگوں کے اس سے فرار اختیار کرنے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6797 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى الْمُخَرِّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَتْنِىْ اُمُّ شَرِيكٍ، اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَيَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَّالِ فِى الْجِبَالِ، قَالَتْ اُمُّ شَرِيكٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: هُمْ قَلِيلٌ

6796– حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح، وسماك وإن كانت روايته عن عكرمة فيها اضطراب، قد توبع. وأخرجه أحمد 1/240و312 - 313، والطبراني "11711" من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه ابن أبي شيبة 15/132 - 133، والطبراني "11712" من طريقين عن زائدة، عن سماك، به. وأخرجه الطبراني أيضا "11843" من طريق هشام بن عمار، حدثنا الوليد بن مسلم، حدثنا شيبان، عن قتادة، عن عكرمة، به. وأورده الهيثمي في "المجمع" 7/337 - 338 ونسبه إلى أحمد والطبراني وقال: ورجال الجميع رجال الصحيح، ورواه الطبراني في "الأوسط" وإسناده ضعيف.

6797–إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد صرح ابن جريج بالتحديث عند مسلم وغيره، فانتفت شبهة تدليسه. وأخرجه أحمد 6/462، ومسلم "2945" في الفتن: باب في بقية أحاديث الدجال، والترمذي "3930" في المناقب: باب مناقب في فضل العرب، من طرق عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "249"/25 من طريق إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عبد الله، به. وقيل: أم شريك الأنصارية نزوجها النبي صلى الله عليه وسلم ولم يدخل بها، لأنه كره غيرة الأنصار.

❀❀ سیّدہ ام شریک رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''کچھ لوگ دجال سے بھاگتے ہوئے پہاڑوں میں چلے جائیں گے سیّدہ ام شریک رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! اس دن عرب کہاں ہوں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تھوڑی تعداد میں ہوں گے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ تَبَعِ الدَّجَّالِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهِمْ

دجال کے پیروکاروں کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' ہم ان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

6798 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): يَتْبَعُ الدَّجَّالَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِنْ يَهُوْدِ اَصْبَهَانَ، عَلَيْهِمُ الطَّيَالِسَةُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''اصبہان کے ستر ہزار یہودی دجال کے پیروکار ہوں گے جنہوں نے طیالسی (مخصوص قسم کی چادریں) لی ہوئی ہوں گی۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ بَعْضِ الْفِتَنِ الَّتِيْ يَبْتَلِي اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْبَشَرَ بِكَوْنِهٖ مَعَ الْمَسِيحِ

ان بعض فتنوں کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ لوگوں کو آزمائے گا اور وہ فتنے دجال کے ساتھ ہوں گے

6799 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ

6798-إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عبد الرحمن بن إبراهيم فمن رجال البخاري . وأخرجه مسلم "2944" في الفتن: باب في بقية أحاديث الدجال، عن منصور بن أبي مزاحم، عن يحيى بن حمزة، عن الأوزاعي، بهذا الإسناد.

6799- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير نعيم بن أبي هند، فمن رجال مسلم. أبو خيثمة: هو الزبير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد الضبي، ومغيرة: هو ابن مقسم الضبي . وأخرجه مسلم "2935" "108" في الفتن وأشراط الساعة، عن علي بن حجر وإسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه البخاري "3450" في أحاديث الأنبياء : باب ما ذكر عن بني إسرائيل، و"7130" في الفتن: باب ذكر الدجال، ومسلم "2934" "106" و"107"، والطبراني "642"/17 و"643" و"644"، والبغوي "4259" من طريق عبد الملك بن عمير، وابن أبي شيبة 15/133، ومسلم "2934" "105" من طريق أبي مالك الأشجعي، وابن أبي شيبة 15/134، وأبو داود في الملاحم: باب خروج الدجال، من طريق منصور ثلاثتهم عن ربعي بن حراش، به. وكلهم قرن في حديثه بين حذيفة وأبي مسعود سوى أبي مالك الأشجعي ومنصور عند ابن أبي شيبة، وعند بعضهم عن حذيفة مرفوعا.

مُغِيرَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِىْ هِنْدَ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ:

(متن حدیث):اِجْتَمَعَ حُذَيْفَةُ، وَاَبُوْ مَسْعُوْدٍ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنَا اَعْلَمُ بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ مِنْهُ، اِنَّ مَعَهُ نَهْرًا مِنْ نَارٍ، وَنَهْرًا مِنْ مَاءٍ، فَالَّذِىْ يَرَوْنَ اَنَّهُ نَارٌ: مَاءٌ، وَالَّذِىْ يَرَوْنَ اَنَّهُ مَاءٌ: نَارٌ، فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَاَرَادَ الْمَاءَ، فَلْيَشْرَبْ مِنَ الَّذِىْ يَرَى اَنَّهُ نَارٌ، فَاِنَّهُ سَيَجِدُهُ مَاءً.

قَالَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ هٰكَذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ.

ربعی بن حراش بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ ایک جگہ اکٹھے ہوئے تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں یہ بات جانتا ہوں کہ دجال کے ساتھ کیا چیز ہوگی اس کے ساتھ آگ کی ایک نہر ہوگی اور پانی کی ایک نہر ہوگی جسے لوگ یہ سمجھیں گے کہ وہ آگ ہے وہ درحقیقت پانی ہوگا اور جسے لوگ یہ سمجھیں گے کہ وہ پانی ہے وہ درحقیقت آگ ہوگی تم میں سے جو شخص ایسی صورت حال کو پائے اور وہ پانی پینا چاہتا ہو تو وہ اس میں سے پئے جو اسے آگ لگ رہا ہو وہ پانی کو پالے گا۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِىْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے منقول اس روایت کی متضاد ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6800 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بَلَغَنِىْ اَنَّ مَعَ الدَّجَّالِ جِبَالَ الْخُبْزِ، وَاَنْهَارَ الْمَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ الْمُغِيرَةُ: فَكُنْتُ مِنْ اَكْثَرِ النَّاسِ سُؤَالًا عَنْهُ، فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ بِالَّذِىْ يَضُرُّكَ.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنْكَارُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُغِيرَةِ بِاَنَّ مَعَ الدَّجَّالِ اَنْهَارَ الْمَاءِ لَيْسَ يُضَادُّ خَبَرَ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ، لِاَنَّهُ اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ مَعَهُ نَهْرُ

6800– إسناده صحيح على شرط الشيخين . جرير: هو ابن عبد الحميد الضبي . وأخرجه مسلم "2152" في الآداب: باب جواز قوله لغير ابنه "يا بني"، واستحبابه للملاطفة، و "2939" في الفتن: باب في الدجال وهو أهون على الله عز وجل، عن إسحاق بن إبراهيم. بهذا الإسناد. وقد تقدم الحديث عند المؤلف برقم ."6782"

الْمَاءِ يَجْرِى، وَالَّذِى مَعَهُ يَرَى اَنَّهُ مَاءٌ وَّلَا مَاءَ، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَهُمَا تَضَادٌّ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ تک یہ بات پہنچی ہے دجال کے ساتھ روٹیوں کے پہاڑ اور پانی کی نہریں ہوں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انتہائی بے حیثیت ہوگا۔

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں دجال کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت زیادہ سوالات کیا کرتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ پر انکار کرنا کہ دجال کے ساتھ پانی کی نہریں ہوں گی یہ روایت حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کی متضاد نہیں ہے' جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں' کیونکہ وہ ایسا ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حقیر ہوگا کہ اس کے ساتھ بہتے ہوئے پانی کی نہر ہوگی اور جو شخص یہ دیکھے گا کہ وہ پانی ہے وہ پانی نہیں ہوگا اس طرح ان دونوں روایات کے درمیان کوئی تضاد نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْبَعْضِ الْاٰخَرِ مِنَ الْفِتَنِ الَّتِىْ تَكُوْنُ مَعَ الدَّجَّالِ

فتنوں میں سے اس دوسرے فتنے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو دجال کے ساتھ ہوگا

6801 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، حَدَّثَهُ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الدَّجَّالِ، فَقَالَ فِيمَا حَدَّثَنَا: يَاْتِى الدَّجَّالُ، وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ اَنْ يَدْخُلَ اَنْقَابَ الْمَدِيْنَةِ، فَيَخْرُجُ اِلَيْهِ رَجُلٌ، وَهُوَ خَيْرُ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ - اَوْ مِنْ خَيْرِهِمْ - فَيَقُوْلُ: اَشْهَدُ اَنَّكَ الدَّجَّالُ الَّذِى حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَهُ فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ: اَرَاَيْتُمْ اِنْ قَتَلْتُ هٰذَا ثُمَّ اَحْيَيْتُهُ، اَتَشُكُّوْنَ فِى الْاَمْرِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: لَا، فَيُسَلَّطُ عَلَيْهِ، فَيَقْتُلُهُ، ثُمَّ يُحْيِيهِ، فَيَقُوْلُ حِيْنَ يَحْيَى: وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ بِاَشَدَّ بَصِيرَةً فِيكَ مِنِّى الْاٰنَ، فَيُرِيْدُ قَتْلَهُ الثَّانِيَةَ، فَلَا يُسَلَّطُ عَلَيْهِ قَالَ مَعْمَرٌ: يَرَوْنَ اَنَّ هٰذَا

6801–حديث صحيح، ابن أبى السَّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وهو فى "مصنف عبد الرزاق" "20824"، وعنه أخرج أحمد فى "المسند" 3/36. وأخرجه البخارى "1882" فى فضائل المدينة: باب لا يدخل الدجال المدينة، من طريق عقيل بن خالد، و "7132" فى الفتن: باب لا يدخل الدجال المدينة، ومسلم "2938" فى الفتن: باب صفة الدجال، والبغوى فى "شرح السنة " "4258" من طريق شعيب بن أبى حمزة، ومسلم أيضا "2938"، والنسائى فى "الكبرى" كما فى: "التحفة" 3/293من طريق صالح بن كيسان، ثلاثتهم عن الزهرى، به . وأخرجه بنحوه مسلم "2938" "113"، والبغوى "4262" من طريق قيس بن وهب، عن أبى الودَّاك جبر بن نوف، عن أبى سعيد الخدرى. وأخرجه بنحوه مطولا أبو يعلى "1074"و"1366"، والبزار "3394" من طريقين عن عطية العوفى، عن أبى سعيد . وفيه: أنه يذبحه ثلاثا ويمنع منه فى الرابعة، وعطية العوفى ضعيف.

الرَّجُلَ الَّذِيْ يَقْتُلُهُ الدَّجَّالُ ثُمَّ يُحْيِيهِ: الْخَضِرُ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دجال کے بارے میں بتایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس کے بارے میں جو بتایا اس میں یہ تھا کہ دجال آئے گا اس کے لئے یہ بات ممنوع ہوگی کہ وہ مدینہ منورہ کے کسی راستے میں داخل ہوسکے ایک شخص نکل کر اس کے پاس جائے گا یہ اس دن سب سے بہتر شخص ہوگا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ان لوگوں کے بہترین لوگوں میں سے ایک ہوگا وہ یہ کہے گا میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تم وہی دجال ہو جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا تھا تو دجال کہے گا تم لوگوں کا کیا خیال ہے اگر میں اسے قتل کر کے پھر زندہ کردوں' تو کیا تمہیں اس معاملے کے بارے میں کوئی شک ہوگا وہ لوگ جواب دیں گے جی نہیں' تو دجال کو اس شخص پر تسلط عطا کیا جائے گا وہ اسے قتل کردے گا پھر وہ اسے زندہ کرے گا وہ زندہ ہوگا' تو یہ کہے گا اللہ کی قسم! تمہارے بارے میں جتنی بصیرت مجھے اب حاصل ہے پہلے حاصل نہیں تھی پھر دجال دوبارہ اس شخص کو قتل کرنے کا ارادہ کرے گا لیکن اس پر قابو نہیں پاسکے گا۔

معمر نامی راوی کہتے ہیں: لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ وہ شخص جسے دجال قتل کرے گا اور پھر دوبارہ زندہ کرے گا وہ حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔

الْعِلْجُ اَنَّهُ مَاخُوذٌ نَحَرَ نَفْسَهُ، وَاَخَذَ عُمَرُ بِيَدِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَدَّمَهُ، فَاَمَّا مَنْ يَلِي عُمَرَ فَقَدْ رَاَى الَّذِي رَاَيْتُ، وَاَمَّا نَوَاحِي الْمَسْجِدِ، فَاِنَّهُمْ لَا يَدْرُوْنَ مَا الْاَمْرُ، غَيْرَ اَنَّهُمْ فَقَدُوْا صَوْتَ عُمَرَ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَصَلَّى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بِالنَّاسِ صَلَاةً خَفِيفَةً، فَلَمَّا انْصَرَفُوا، قَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، انْظُرْ مَنْ قَتَلَنِي؟ فَجَالَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: غُلَامُ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، فَقَالَ: قَاتَلَهُ اللّٰهُ، لَقَدْ كُنْتُ اَمَرْتُهُ بِمَعْرُوفٍ، ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَجْعَلْ مَنِيَّتِي بِيَدِ رَجُلٍ يَدَّعِي الْاِسْلَامَ، كُنْتَ اَنْتَ وَاَبُوكَ تُحِبَّانِ اَنْ يَكْثُرَ الْعُلُوجُ بِالْمَدِينَةِ، وَكَانَ الْعَبَّاسُ اَكْثَرَهُمْ رَقِيقًا، فَاحْتُمِلَ اِلٰى بَيْتِهِ، فَكَاَنَّ النَّاسَ لَمْ تُصِبْهُمْ مُصِيبَةٌ قَبْلَ يَوْمَئِذٍ، فَقَائِلٌ يَقُوْلُ: نَخَافُ عَلَيْهِ، وَقَائِلٌ يَقُوْلُ: لَا بَاْسَ: فَاُتِيَ بِنَبِيذٍ، فَشَرِبَ مِنْهُ، فَخَرَجَ مِنْ جُرْحِهِ، ثُمَّ اُتِيَ بِلَبَنٍ، فَشَرِبَ مِنْهُ، فَخَرَجَ مِنْ جُرْحِهِ، فَعَرَفُوا اَنَّهُ مَيِّتٌ، وَوَلَجْنَا عَلَيْهِ وَجَاءَ النَّاسُ يُثْنُوْنَ عَلَيْهِ، وَجَاءَ رَجُلٌ شَابٌّ فَقَالَ: اَبْشِرْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِبُشْرَى اللّٰهِ، قَدْ كَانَ لَكَ مِنْ صُحْبَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقِدَمِ الْاِسْلَامِ مَا قَدْ عَمِلْتَ، ثُمَّ اسْتُخْلِفْتَ، فَعَدَلْتَ، ثُمَّ شَهَادَةٌ، قَالَ: يَا ابْنَ اَخِي، وَدِدْتُ اَنَّ ذٰلِكَ كَفَافٌ لَا عَلَيَّ وَلَا لِي، فَلَمَّا اَدْبَرَ الرَّجُلُ اِذَا اِزَارُهُ يَمَسُّ الْاَرْضَ، فَقَالَ: رُدُّوا عَلَيَّ الْغُلَامَ، فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِي، ارْفَعْ ثَوْبَكَ فَاِنَّهُ اَنْقَى لِثَوْبِكَ، وَاَتْقَى لِرَبِّكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ انْظُرْ مَا عَلَيَّ مِنَ الدَّيْنِ، فَحَسَبُوْهُ فَوَجَدُوهُ سِتَّةً وَثَمَانِيْنَ اَلْفًا، فَقَالَ: اِنْ وَفَّى مَالُ آلِ عُمَرَ فَاَدِّهِ مِنْ اَمْوَالِهِمْ، وَاِلَّا فَسَلْ فِيْ بَنِيْ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ فَاِنْ لَمْ يَفِ بِاَمْوَالِهِمْ، فَسَلْ فِيْ قُرَيْشٍ وَلَا تَعْدُهُمْ اِلٰى غَيْرِهِمْ، اذْهَبْ اِلٰى اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ، فَقُلْ لَهَا يَقْرَاُ عَلَيْكِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ السَّلَامَ، وَلَا تَقُلْ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَاِنِّي لَسْتُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ بِاَمِيْرٍ، فَقُلْ: يَسْتَاْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَنْ يُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيْهِ، فَسَلَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ، ثُمَّ اسْتَاْذَنَ، فَوَجَدَهَا تَبْكِي، فَقَالَ لَهَا: يَسْتَاْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَنْ يُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيْهِ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ كُنْتُ اَرَدْتُهُ لِنَفْسِي، وَلَاُوثِرَنَّهُ الْيَوْمَ عَلٰى نَفْسِي، فَجَاءَ فَلَمَّا اَقْبَلَ قِيْلَ هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ قَدْ جَاءَ، فَقَالَ: ارْفَعَانِيْ، فَاَسْنَدَهُ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: مَا قَالَتْ؟ قَالَ: الَّذِي تُحِبُّ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَدْ اَذِنَتْ لَكَ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، مَا كَانَ شَيْءٌ اَهَمَّ اِلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ الْمَضْطَجِعِ، فَاِذَا اَنَا قُبِضْتُ فَسَلِّمْ، وَقُلْ: يَسْتَاْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَاِنْ اَذِنَتْ لِي فَاَدْخِلُوْنِيْ، وَاِنْ رَدَّتْنِي فَرُدُّوْنِيْ اِلٰى مَقَابِرِ الْمُسْلِمِيْنَ، ثُمَّ جَاءَتْ اُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ حَفْصَةُ وَالنِّسَاءُ يَسْتُرْنَهَا، فَلَمَّا رَاَيْنَاهَا، قُمْنَا، فَمَكَثَتْ عِنْدَهُ سَاعَةً، ثُمَّ اسْتَاْذَنَ الرِّجَالُ فَوَلَجَتْ دَاخِلًا، ثُمَّ سَمِعْنَا بُكَاءَهَا مِنَ الدَّاخِلِ، فَقِيْلَ لَهُ: اَوْصِ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اسْتَخْلِفْ، قَالَ: مَا اَرَى اَحَدًا اَحَقَّ بِهٰذَا الْاَمْرِ مِنْ هٰؤُلَاءِ النَّفَرِ الَّذِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ، فَسَمَّى عَلِيًّا، وَطَلْحَةَ، وَعُثْمَانَ، وَالزُّبَيْرَ، وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، وَسَعْدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، قَالَ: وَلْيَشْهَدْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَلَيْسَ لَهُ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ، كَهَيْئَةِ التَّعْزِيَةِ لَهُ، فَاِنْ اَصَابَ الْاَمْرُ سَعْدًا، فَهُوَ ذٰلِكَ، وَاِلَّا فَلْيَسْتَعِنْ بِهِ اَيُّكُمْ مَا اُمِّرَ، فَاِنِّي لَمْ اَعْزِلْهُ مِنْ عَجْزٍ وَلَا خِيَانَةٍ، ثُمَّ قَالَ: اُوْصِي الْخَلِيفَةَ بَعْدِي بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَاُوْصِيهِ بِالْمُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ، اَنْ يَعْلَمَ لَهُمْ فَيْئَهُمْ، وَيَحْفَظَ لَهُمْ حُرْمَتَهُمْ،

وَأُوصِيهِ بِالْأَنْصَارِ خَيْرًا، الَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ أَنْ يُقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَيُعْفَى عَنْ مُسِيئِهِمْ، وَأُوصِيهِ بِأَهْلِ الْأَمْصَارِ خَيْرًا، فَإِنَّهُمْ رِدْءُ الْإِسْلَامِ، وَجُبَاةُ الْمَالِ، وَغَيْظُ الْعَدُوِّ، وَأَنْ لَا يُؤْخَذَ مِنْهُمْ إِلَّا فَضْلُهُمْ عَنْ رِضًا، وَأُوصِيهِ بِالْأَعْرَابِ خَيْرًا، إِنَّهُمْ أَصْلُ الْعَرَبِ، وَمَادَّةُ الْإِسْلَامِ أَنْ يُؤْخَذَ مِنْهُمْ مِنْ حَوَاشِي أَمْوَالِهِمْ، فَيُرَدَّ فِي فُقَرَائِهِمْ، وَأُوصِيهِ بِذِمَّةِ اللَّهِ، وَذِمَّةِ رَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُوَفَّى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ، وَأَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ، وَأَنْ لَا يُكَلَّفُوا إِلَّا طَاقَتَهُمْ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ رِضْوَانُ اللَّهِ عَلَيْهِ، خَرَجْنَا بِهِ نَمْشِي، فَسَلَّمَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ: فَقَالَ: يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ، فَقَالَتْ: أَدْخِلُوهُ، فَأُدْخِلَ، فَوُضِعَ هُنَاكَ مَعَ صَاحِبَيْهِ، فَلَمَّا فُرِغَ مِنْ دَفْنِهِ وَرَجَعُوا اجْتَمَعَ هَؤُلَاءِ الرَّهْطُ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: اجْعَلُوا أَمْرَكُمْ إِلَى ثَلَاثَةٍ مِنْكُمْ، فَقَالَ الزُّبَيْرُ: قَدْ جَعَلْتُ أَمْرِي إِلَى عَلِيٍّ، وَقَالَ سَعْدٌ: قَدْ جَعَلْتُ أَمْرِي إِلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَقَالَ طَلْحَةُ: قَدْ جَعَلْتُ أَمْرِي إِلَى عُثْمَانَ، فَجَاءَ هَؤُلَاءِ الثَّلَاثَةُ عَلِيٌّ، وَعُثْمَانُ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ لِلْآخَرَيْنِ: أَيُّكُمَا يَتَبَرَّأُ مِنْ هَذَا الْأَمْرِ، وَيَجْعَلُهُ إِلَيْهِ، وَاللَّهُ عَلَيْهِ وَالْإِسْلَامُ لَيَنْظُرَنَّ أَفْضَلَهُمْ فِي نَفْسِهِ وَلَيَحْرِصَنَّ عَلَى صَلَاحِ الْأُمَّةِ، قَالَ: فَأَسْكَتَ الشَّيْخَانِ عَلِيٌّ وَعُثْمَانُ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: اجْعَلُوهُ إِلَيَّ وَاللَّهُ عَلَيَّ أَنْ لَا آلُوَ عَنْ أَفْضَلِكُمْ، قَالَا: نَعَمْ، فَجَاءَ بِعَلِيٍّ فَقَالَ: لَكَ مِنَ الْقِدَمِ وَالْإِسْلَامِ وَالْقَرَابَةِ مَا قَدْ عَلِمْتَ، اللَّهُ عَلَيْكَ لَئِنْ أَمَّرْتُكَ لَتَعْدِلَنَّ، وَلَئِنْ أَمَّرْتُ عَلَيْكَ لَتَسْمَعَنَّ وَلَتُطِيعَنَّ؟ ثُمَّ جَاءَ بِعُثْمَانَ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ، فَلَمَّا أَخَذَ الْمِيثَاقَ، قَالَ لِعُثْمَانَ: ارْفَعْ يَدَكَ فَبَايَعَهُ، ثُمَّ بَايَعَهُ عَلِيٌّ، ثُمَّ وَلَجَ أَهْلُ الدَّارِ فَبَايَعُوهُ

عمرو بن میمون بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے زخمی ہونے سے کچھ دن پہلے انہیں دیکھا وہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑے ہوئے تھے اور فرما رہے تھے کیا تم لوگوں کو یہ اندیشہ نہیں ہے کہ تم دونوں نے اس سرزمین پر وہ بوجھ عائد کر دیا ہے جس کی وہ طاقت نہیں رکھتی تو ان دونوں نے کہا: ہم نے اس پر وہ چیز لازم کی ہے جس کی وہ طاقت رکھتی ہے اس میں کوئی اضافی ادائیگی لازم نہیں کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم دونوں اس بات کا جائزہ لو کہ کہیں تم نے زمین پر وہ چیز عائد تو نہیں کی جس کی وہ طاقت نہیں رکھتی۔ ان دونوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے سلامت رکھا تو میں اہل عراق کی بیواؤں کے لیے وہ کچھ چھوڑ کر جاؤں گا کہ میرے بعد انہیں کسی اور چیز کی حاجت نہیں ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: اس کے تین دن بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی ہو گئے۔

عمرو بن میمون کہتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے اس صبح میں کھڑا ہوا تھا میرے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان صرف حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تھے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ صفوں کے درمیان میں سے گزرے تو دونوں صفوں کے درمیان کھڑے ہوئے جب آپ نے ان میں خلل دیکھا تو فرمایا صفیں ٹھیک کر لو جب انہوں نے دیکھا ان میں کوئی خلل نہیں ہے تو آگے بڑھ گئے اور تکبیر کہی۔ راوی کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بعض اوقات پہلی رکعت میں سورۃ یوسف یا سورۃ نحل کی تلاوت کیا کرتے تھے یہاں تک کہ لوگ اکٹھے ہو جایا کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں: ابھی انہوں نے تکبیر کہی ہی تھی کہ میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا: کتے نے مجھے

مار دیا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) کتے نے مجھے کھالیا یہ اس وقت کی بات ہے' جب انہیں زخمی کر دیا گیا پھر وہ شخص اس خنجر کو لے کر بھاگا' جو دونوں طرف سے دھار والا تھا وہ دائیں یا بائیں جس بھی شخص کے پاس سے گزرا اسے زخمی کیا' یہاں تک کہ اس نے تیرہ آدمیوں کو زخمی کر دیا جن میں سے نو افراد فوت ہو گئے۔ مسلمانوں میں سے ایک شخص نے جب یہ صورت حال دیکھی تو اس نے اس کے اوپر کمبل ڈال دیا جب اس شخص کو یہ اندازہ ہو گیا کہ اب وہ پکڑا جائے گا' تو اس نے خودکشی کر لی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر انہیں آگے کیا جو لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قریب کھڑے تھے انہوں نے تو وہ بات دیکھ لی جو میں نے بھی دیکھی تھی لیکن جو لوگ مسجد کے (دور دراز کے) کناروں میں تھے انہیں پتہ نہیں چل سکا کہ کیا ہوا ہے صرف یہ ہوا کہ انہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آواز آنا بند ہو گئی تو وہ سبحان اللہ سبحان اللہ کہنے لگے پھر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو مختصر نماز پڑھائی جب لوگوں نے نماز مکمل کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس! اس بات کا جائزہ لو کہ مجھے کس نے قتل کیا ہے تھوڑی دیر بعد آ کر انہوں نے بتایا: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے غلام نے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اسے برباد کرے میں نے اسے بھلائی کی بات کا حکم دیا تھا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لیے مخصوص ہے' جس نے میری موت کسی ایسے شخص کے ہاتھوں نہیں کی جو اسلام کا دعوے دار ہو تم اور تمہارے والد (یعنی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ) اس بات کو پسند کرتے تھے کہ مدینہ منورہ میں غلاموں کی تعداد زیادہ ہو (راوی کہتے ہیں:) حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے غلام سب سے زیادہ تھے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اٹھا کر ان کے گھر پہنچایا گیا تو یوں محسوس ہوتا تھا کہ اس دن سے پہلے لوگوں کو کبھی کوئی مصیبت لاحق ہوئی ہی نہیں کوئی شخص یہ کہتا تھا ہمیں ان کے بارے میں اندیشہ ہے (کہ کہیں یہ شہید نہ ہو جائیں) کوئی شخص یہ کہتا تھا کوئی حرج نہیں (یعنی یہ ٹھیک ہو جائیں گے) پھر نبیذ لائی گئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے پیا تو وہ ان کے زخم سے باہر آ گئی پھر دودھ لایا گیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے پیا تو وہ بھی ان کے زخم سے باہر آ گیا تو لوگوں کو یہ اندازہ ہو گیا کہ یہ فوت ہو جائیں گے ہم لوگ ان کے اردگرد اکٹھے ہو گئے لوگ آتے اور ان کی تعریف کرتے ایک نوجوان شخص آیا اور بولا: اے امیر المومنین آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت ہے' کیونکہ آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت نصیب ہوئی آپ کو ابتداء میں اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل ہوا اور آپ نے (اسلام کے لیے) خدمات سرانجام دیں پھر جب آپ خلیفہ بنائے گئے' تو آپ نے انصاف سے کام لیا اور اب آپ کو شہادت نصیب ہو رہی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے میری یہ خواہش ہے کہ یہ معاملہ برابری کی بنیاد پہ ہو' نہ میرے ذمے کوئی چیز لازم ہو اور نہ ہی میرے حق میں کوئی چیز ہو جب وہ شخص مڑ کر جانے لگا' تو اس کا تہبند زمین کو چھو رہا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس نوجوان کو میرے پاس واپس بلاؤ۔ آپ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے تم اپنے کپڑے کو (زمین سے) اوپر کر لو' کیونکہ اس طرح تمہارا کپڑا صاف بھی رہے گا اور تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں پرہیزگار بھی شمار کیے جاؤ گے۔

اے عبداللہ اس بات کا جائزہ لو کہ میرے ذمے کتنا قرض لازم ہے' جب لوگوں نے اس کا حساب کیا' تو **86** ہزار (درہم ان کے ذمے واجب الادا تھے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر تو عمر کی اولاد کا مال اسے پوری طرح ادا کر سکتا ہو' تو ان کے اموال میں سے اسے ادا کیا جائے ورنہ بنو عدی بن کعب سے اس کا مطالبہ کیا جائے اگر ان کے اموال بھی اسے پورا ادا نہ کر سکیں' تو پھر قریش سے

اس کا مطالبہ کیا جائے لیکن قریش کے علاوہ کسی اور سے اس بارے میں مطالبہ نہ کیا جائے تم ام المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اوران سے یہ کہو کہ عمر آپ کو سلام پیش کرتا ہے یہ نہ کہنا کہ امیر المومنین نے سلام کہا ہے' کیونکہ اب میں کسی مومن کا امیر نہیں رہا تم یہ کہنا: عمر بن خطاب یہ اجازت مانگ رہا ہے کہ اسے اس کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن کیا جائے گا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سلام کیا' پھر انہوں نے اجازت مانگی' تو انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو روتے ہوئے پایا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: عمر بن خطاب آپ سے اجازت مانگ رہے ہیں کہ انہیں ان کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن کر دیا جائے' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اللہ کی قسم! میرا ارادہ خود یہاں دفن ہونے کا تھا' لیکن میں آج ان کو اپنے اوپر ترجیح دیتی ہوں جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ واپس آئے' تو بتایا گیا عبداللہ آ گئے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم لوگ مجھے بٹھاؤ۔ ایک شخص نے آپ کو ٹیک دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا جواب دیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وہی اے امیر المومنین جو آپ کو پسند ہے انہوں نے آپ کو اجازت دیدی ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا الحمد اللہ اس جگہ دفن ہونے سے زیادہ اہم میرے لیے اور کوئی چیز نہیں تھی جب میں مر جاؤں' تو تم پھر سلام کہنا اور یہ کہنا: عمر بن خطاب اندر آنے کی اجازت طلب کر رہا ہے' اگر وہ مجھے اجازت دیدیں تو تم مجھے اندر لے جانا اور اگر وہ مجھے لوٹا دیں' تو تم مجھے مسلمانوں کے قبرستان کی طرف لے جانا پھر ام المومنین سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں دیگر خواتین نے انہیں اپنی اوٹ میں لیا ہوا تھا' جب ہم نے انہیں دیکھا تو ہم وہاں سے اٹھ گئے وہ تھوڑی دیر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہیں پھر مردوں نے اندر آنے کی اجازت مانگی' تو وہ خواتین گھر کے اندرونی حصے میں چلی گئیں پھر ہم نے گھر کے اندرونی حصے سے ان خواتین کے رونے کی آواز سنی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: اے امیر المومنین آپ کوئی وصیت کر دیجئے اور کسی کو خلیفہ مقرر کر دیجئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میرے خیال میں ان افراد سے زیادہ اس معاملے کا حقدار اور کوئی نہیں ہے یہ وہ لوگ ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا تھا تو آپ ان حضرات سے راضی تھے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا نام لیا اللہ تعالیٰ ان حضرات سے راضی ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان کے ساتھ موجود رہے گا' لیکن اس کا حکومت کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہوگا یوں محسوس ہوا جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی دلجوئی کرنا چاہتے تھے اگر خلافت سعد کو مل گئی تو یہ ان کے لیے ہوگی ورنہ آپ حضرات میں سے کسی کو بھی امیر مقرر کیا جائے گا وہ ان سے مدد ضرور حاصل کرے میں نے انہیں ان کے عاجز ہونے یا ان کی کسی خیانت کی وجہ سے معزول نہیں کیا تھا۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اپنے بعد والے خلیفہ کو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنے کی تلقین کرتا ہوں اور اسے مہاجرین اولین (کا خاص خیال رکھنے) کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کہ وہ ان کے حق کو جان لے اور ان کی حرمت کی حفاظت کرے اور میں اس خلیفہ کو انصار کے بارے میں بھلائی کی تلقین کرتا ہوں جنہوں نے ان سے پہلے جگہ اور ایمان کو ٹھکانہ بنا لیا تھا کہ وہ خلیفہ ان میں سے اچھے لوگوں کی اچھائی کو قبول کرے اور برائی کرنے والے سے درگزر کرے اور میں اس خلیفہ کو تمام علاقوں کے رہنے والوں کے بارے میں بھلائی کی تلقین کرتا ہوں' کیونکہ یہ لوگ اسلام کے محافظ ہیں مال کو حاصل کرنے والے ہیں دشمن پر غیض وغضب کرنے

والے ہیں ان کا اضافی مال ان سے صرف رضامندی کے ساتھ ہی وصول کیا جائے اور میں اس خلیفہ کو دیہاتیوں کے بارے میں بھلائی کی تلقین کرتا ہوں' کیونکہ وہ عربوں کی اصل ہیں اور اسلام کا مادہ ہیں ان کے اموال کی زکوٰۃ ان سے وصول کی جائے اور ان کے غریبوں کی طرف لوٹا دی جائے میں اس خلیفہ کو اللہ کے ذمہ اس کے رسول کے ذمہ کے بارے میں یہ تلقین کرتا ہوں کہ ان کے نام پر کئے گئے عہد کو پورا کیا جائے اور ان کے علاوہ لوگوں کے ساتھ جنگ کی جائے اور ان لوگوں کو صرف ان کی طاقت کے مطابق پابند کیا جائے۔

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا تو ہم انہیں لے کر چلتے ہوئے آئے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سلام کیا اور یہ کہا: عمر اندر آنے کی اجازت چاہتا ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا انہیں اندر لے آؤ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اندر لے جایا گیا اور انہیں وہاں ان کے ساتھیوں کے ساتھ دفن کر دیا گیا جب ان کے دفن سے فارغ ہو گئے اور لوگ واپس آ گئے' تو یہ حضرات اکٹھے ہوئے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا آپ لوگ اپنے معاملے کو اپنے میں سے تین افراد کے لیے مخصوص کر دیں (یعنی تین لوگ اپنے حق سے دستبردار ہو جائیں) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنا معاملہ علی کے سپرد کرتا ہوں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنا معاملہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے سپرد کرتا ہوں۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنا معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سپرد کرتا ہوں' تو یہ تین لوگ ہو گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے باقی دو افراد سے کہا: آپ دونوں میں کون اس معاملے سے لاتعلق ہونا چاہے گا کہ وہ اسے دوسرے کے سپرد کر دے اور اللہ تعالیٰ اس کا نگران ہو اور اسلام اس کا نگران ہو اور وہ اس بات کا جائزہ لے کہ وہ اس کے نزدیک ان سب سے افضل ہے اور وہ اس بارے میں امت کی بھلائی کے بارے میں زیادہ کوشش کرے گا۔

راوی کہتے ہیں: تو دونوں بزرگ یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خاموش رہے اس پر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ لوگ اس معاملے کو میرے سپرد کر دیں اور اللہ کے نام پر یہ بات میرے ذمے لازم ہے کہ میں اس معاملے میں سے آپ میں افضل شخص کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں کروں گا۔ ان دونوں نے جواب دیا: جی ہاں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے' تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کو قدیم الاسلام ہونے کا شرف حاصل ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرابت کا شرف حاصل ہے جیسا کہ آپ جانتے ہیں' تو اللہ کی قسم! کہ آپ کے ذمے یہ بات لازم ہے کہ اگر میں آپ کو امیر بنا دوں' تو آپ عدل سے کام لیں گے اور اگر میں آپ کو امیر نہ بناؤں' تو آپ (امیر مقرر ہونے والے شخص) کی اطاعت وفرمانبرداری کریں گے پھر عثمان آئے' تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی اسی کی مانند کلمات کہے' جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ان دونوں سے یہ عہد لے لیا تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اپنا ہاتھ بڑھائیے پھر انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی پھر تمام لوگ اندر آ گئے اور انہوں نے بھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی۔

ذِكْرُ عَهْدِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ مَا يَحِلُّ بِهٖ مِنْ اُمَّتِهٖ بَعْدَهُ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ کہ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی امت ان کے ساتھ کیا سلوک کرے گی

6918 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَرَضِهٖ: وَدِدْتُ اَنَّ عِنْدِىْ بَعْضَ اَصْحَابِىْ، قَالَتْ: فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَا نَدْعُو لَكَ اَبَا بَكْرٍ؟ فَسَكَتَ، قُلْنَا: عُمَرُ، فَسَكَتَ، قُلْنَا: عَلِيٌّ، فَسَكَتَ، قُلْنَا: عُثْمَانُ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَتْ: فَاَرْسَلْنَا اِلٰى عُثْمَانَ، قَالَ: فَجَعَلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَلِّمُهُ وَوَجْهُهُ يَتَغَيَّرُ قَالَ قَيْسٌ: فَحَدَّثَنِىْ اَبُوْ سَهْلَةَ، اَنَّ عُثْمَانَ، قَالَ يَوْمَ الدَّارِ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَىَّ عَهْدًا، وَاَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ، قَالَ قَيْسٌ: كَانُوا يَرَوْنَ اَنَّهُ ذٰلِكَ الْيَوْمُ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیماری کے دوران ارشاد فرمایا: میری یہ خواہش ہے کہ میرا کوئی صحابی میرے پاس موجود ہوتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ کے پاس بلوا دیں نبی اکرم ﷺ خاموش رہے۔ ہم نے عرض کی: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ خاموش رہے۔ ہم نے کہا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ خاموش رہے۔ ہم نے کہا: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، تو ہم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ بات چیت کرتے رہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے چہرے کا رنگ تبدیل ہوتا رہا۔

ابوسہلہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو گھر میں قید کر دیا گیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کے

6918- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه ابن ماجة "113" في المقدمة: باب فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن محمد بن عبد الله بن نمير، وعلي بن محمد، كلاهما عن وكيع، بهذا الإسناد، وما بين الحاصرتين منه، وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة" ورقة 10/1: هذا إسناد صحيح رجاله كلهم ثقات . وأخرجه الحاكم 3/99 من طريق يحيى بن سعيد القطان، عن إسماعيل بن أبي خالد، به . وزاد في الإسناد بين قيس وعائشة: أبا سهلة مولى عثمان، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. قلت: فهو من المزيد في متصل الأسانيد . وأخرجه ابن أبي شيبة 12/44 - 45، وابن سعد 3/66 - 67 عن أبي أسامة حماد بن سلمة، عن إسماعيل بن أبي خالد، عن قيس بن أبي حازم، عن أبي سهلة مولى عثمان قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "وددت أن عندي بعض أصحابي "، فقالت عائشة ... فذكره. وأخرج القسم الأخير منه أحمد 1/58 و69، والترمذي "3711" في المناقب: باب مناقب عثمان بن عفان، عن وكيع، به . وقرن الترمذي في روايته بوكيع يحيى بن سعيد القطان، وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب، لا نعرفه إلا من حديث إسماعيل بن أبي خالد.

رسول نے مجھ سے یہ عہد لیا تھا میں اس پر صبر سے کام لوں گا۔

قیس نامی راوی کہتے ہیں: لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے مراد وہی دن تھا۔

ذِكْرُ تَسْبِيلِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رُومَةَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا بئر رومہ کو مسلمانوں کے لیے وقف کرنے کا تذکرہ

6919 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ مَوْلٰى اَبِيْ اُسَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعَ عُثْمَانُ، اَنَّ وَفْدَ اَهْلِ مِصْرَ قَدْ اَقْبَلُوا، فَاسْتَقْبَلَهُمْ، فَلَمَّا سَمِعُوْا بِهِ، اَقْبَلُوا نَحْوَهُ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ هُوَ فِيْهِ، فَقَالُوا لَهُ: ادْعُ الْمُصْحَفَ، فَدَعَا بِالْمُصْحَفِ، فَقَالَ لَهُ: افْتَحِ السَّابِعَةَ، قَالَ: وَكَانُوا يُسَمُّونَ سُورَةَ يُونُسَ السَّابِعَةَ، فَقَرَاَهَا حَتّٰى اَتٰى عَلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ (قُلْ اَرَاَيْتُمْ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِنْ رِزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ) (يونس: 59) قَالُوا لَهُ: قِفْ، اَرَاَيْتَ مَا حَمَيْتَ مِنَ الْحِمَى، آللّٰهُ اَذِنَ لَكَ بِهِ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرِي؟ فَقَالَ: اَمْضِهِ، نَزَلَتْ فِيْ كَذَا وَكَذَا، وَاَمَّا الْحِمَى لِاِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَلَمَّا وَلَدَتْ زَادَتْ اِبِلُ الصَّدَقَةِ، فَزِدْتُ فِي الْحِمَى لَمَّا زَادَ فِيْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ، اَمْضِهِ، قَالُوْا: فَجَعَلُوا يَاْخُذُونَهُ بِآيَةٍ آيَةٍ، فَيَقُوْلُ: اَمْضِهِ نَزَلَتْ فِيْ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ لَهُمْ: مَا تُرِيْدُوْنَ؟ قَالُوْا: مِيثَاقَكَ، قَالَ: فَكَتَبُوْا عَلَيْهِ شَرْطًا، فَاَخَذَ عَلَيْهِمْ اَنْ لَا يَشُقُّوا عَصًا، وَلَا يُفَارِقُوْا جَمَاعَةً مَا قَامَ لَهُمْ بِشَرْطِهِمْ، وَقَالَ لَهُمْ: مَا تُرِيْدُوْنَ؟ قَالُوْا: نُرِيْدُ اَنْ لَا يَاْخُذَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ عَطَاءً، قَالَ: لَا اِنَّمَا هٰذَا الْمَالُ لِمَنْ قَاتَلَ عَلَيْهِ وَلِهٰؤُلَاءِ الشُّيُوخِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَرَضُوا، وَاَقْبَلُوا مَعَهُ اِلَى الْمَدِيْنَةِ رَاضِينَ، قَالَ: فَقَامَ، فَخَطَبَ، فَقَالَ: اَلَا مَنْ كَانَ لَهُ زَرْعٌ فَلْيَلْحَقْ بِزَرْعِهِ، وَمَنْ كَانَ لَهُ ضَرْعٌ فَلْيَحْتَلِبْهُ، اَلَا اِنَّهُ لَا مَالَ لَكُمْ عِنْدَنَا، اِنَّمَا هٰذَا الْمَالُ لِمَنْ قَاتَلَ

6919- رجاله ثقات رجال الصحيح غير أبى سعيد مولى أبى أسيد فقد ذكره المؤلف فى "الثقات" 5/588 - 589 وقال: يروى عن جماعة من الصحابة، روى عنه أبو نضرة، ثم ساق قصة فيها إمامته لبى ذر وعبد الله بن مسعود، وحذيفة بن اليمان فى بيته، وأورده ابن حجر فى القسم الثالث من الكنى فى "الإصابة" 4/100، فقال ذكره ابن منده فى الصحابة ولم يذكر ما يدل على صحبته، لكن ثبت أنه أدرك أبا بكر الصديق رضى الله عنه، فيكون من أهل هذا القسم، قال ابن منده: روى عنه أبو نضرة العبدى "تحرف فى المطبوع إلى: العقدى" قصة مقتل عثمان بطولها، وهو كما قال، وقد رويناها من هذا الوجه، وليس فيها ما يدل على صحبته. قلت: أبو نضرة هذا: هو المنذر بن قطعة العبدى . وأخرجه الطبرى فى "تاريخه" 4/354 - 356 و383 - 384 عن يعقوب بن إبراهيم الدورقى، بهذا الإسناد. وأورده الحافظ ابن حجر بطوله فى "المطالب العالية" 4/283 - 284، ونسبه إلى إسحاق بن راهويه فى "مسنده"، وقال: رجاله ثقات، سمع بعضهم من بعض. وزاد نسبته فى "فتح البارى" 5/408 إلى ابن خزيمة وابن حبان. وقوله: "تفاجت عليه"، أى: وقته بنفسها، وبالغت فى تفريج ما بين رجليها، ووقعت عليه.

عَلَيْهِ، وَلِهٰؤُلَاءِ الشُّيُوخِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَغَضِبَ النَّاسُ وَقَالُوْا: هٰذَا مَكْرُ بَنِيْ اُمَيَّةَ، قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ الْمِصْرِيُّوْنَ، فَبَيْنَمَا هُمْ فِي الطَّرِيقِ اِذَا هُمْ بِرَاكِبٍ يَتَعَرَّضُ لَهُمْ، ثُمَّ يُفَارِقُهُمْ، ثُمَّ يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ، ثُمَّ يُفَارِقُهُمْ وَيَسُبُّهُمْ، قَالُوْا: مَا لَكَ، اِنَّ لَكَ الْاَمَانَ، مَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: اَنَا رَسُوْلُ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِلٰى عَامِلِهِ بِمِصْرَ، قَالَ: فَفَتَّشُوهُ، فَاِذَا هُمْ بِالْكِتَابِ عَلٰى لِسَانِ عُثْمَانَ عَلَيْهِ خَاتَمُهُ اِلٰى عَامِلِهِ بِمِصْرَ اَنْ يَّصْلِبَهُمْ اَوْ يَقْتُلَهُمْ اَوْ يَقْطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ، فَاَقْبَلُوا حَتّٰى قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ، فَاَتَوْا عَلِيًّا، فَقَالُوْا: اَلَمْ تَرَ اِلٰى عَدُوِّ اللّٰهِ كَتَبَ فِيْنَا بِكَذَا وَكَذَا، وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَلَّ دَمَهُ، قُمْ مَعَنَا اِلَيْهِ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا اَقُومُ مَعَكُمْ، قَالُوْا: فَلِمَ كَتَبْتَ اِلَيْنَا؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا كَتَبْتُ اِلَيْكُمْ كِتَابًا قَطُّ، فَنَظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ، ثُمَّ قَالَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ: اَلِهٰذَا تُقَاتِلُوْنَ؟ - اَوْ لِهٰذَا تَغْضَبُوْنَ - فَانْطَلَقَ عَلِيٌّ فَخَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى قَرْيَةٍ، وَانْطَلَقُوْا حَتّٰى دَخَلُوا عَلٰى عُثْمَانَ، فَقَالُوْا: كَتَبْتَ بِكَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: اِنَّمَا هُمَا اثْنَتَانِ، اَنْ تُقِيمُوا عَلَيَّ رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، اَوْ يَمِيْنِيْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا كَتَبْتُ وَلَا اَمْلَيْتُ وَلَا عَلِمْتُ، وَقَدْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ الْكِتَابَ يُكْتَبُ عَلٰى لِسَانِ الرَّجُلِ، وَقَدْ يُنْقَشُ الْخَاتَمُ عَلَى الْخَاتَمِ، فَقَالُوْا: وَاللّٰهِ، اَحَلَّ اللّٰهُ دَمَكَ، وَنَقَضُوا الْعَهْدَ وَالْمِيثَاقَ فَحَاصَرُوْهُ، فَاَشْرَفَ عَلَيْهِمْ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَمَا اَسْمَعُ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ، اِلَّا اَنْ يَّرُدَّ رَجُلٌ فِيْ نَفْسِهِ، فَقَالَ: اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ، هَلْ عَلِمْتُمْ اَنِّي اشْتَرَيْتُ رُوْمَةَ مِنْ مَالِي، فَجَعَلْتُ رِشَائِي فِيْهَا كَرِشَاءِ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ؟ قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ: فَعَلَامَ تَمْنَعُوْنِيْ اَنْ اَشْرَبَ مِنْهَا حَتّٰى اُفْطِرَ عَلٰى مَاءِ الْبَحْرِ؟ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ عَلِمْتُمْ اَنِّي اشْتَرَيْتُ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْاَرْضِ فَزِدْتُهُ فِي الْمَسْجِدِ؟ قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ عَلِمْتُمْ اَنَّ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ مُنِعَ اَنْ يُّصَلِّيَ فِيْهِ قَبْلِي؟ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ سَمِعْتُمْ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ كَذَا وَكَذَا؟ اَشْيَاءَ فِيْ شَأْنِهِ عَدَّدَهَا، قَالَ: وَرَاَيْتُهُ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ مَرَّةً اُخْرَى فَوَعَظَهُمْ وَذَكَّرَهُمْ، فَلَمْ تَأْخُذْ مِنْهُمُ الْمَوْعِظَةُ، وَكَانَ النَّاسُ تَأْخُذُ مِنْهُمُ الْمَوْعِظَةُ فِيْ اَوَّلِ مَا يَسْمَعُوْنَهَا، فَاِذَا اُعِيْدَتْ عَلَيْهِمْ لَمْ تَأْخُذْ مِنْهُمْ فَقَالَ لِامْرَاَتِهِ: افْتَحِي الْبَابَ، وَوَضَعَ الْمُصْحَفَ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَذٰلِكَ اَنَّهُ رَاٰى مِنَ اللَّيْلِ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ لَهُ: اَفْطِرْ عِنْدَنَا اللَّيْلَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ كِتَابُ اللّٰهِ، فَخَرَجَ وَتَرَكَهُ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ اٰخَرُ فَقَالَ: بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ كِتَابُ اللّٰهِ، وَالْمُصْحَفُ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ: فَاَهْوَى لَهُ بِالسَّيْفِ، فَاتَّقَاهُ بِيَدِهِ فَقَطَعَهَا، فَلَا اَدْرِي اَقْطَعَهَا وَلَمْ يُبِنْهَا، اَمْ اَبَانَهَا؟ قَالَ عُثْمَانُ: اَمَا وَاللّٰهِ اِنَّهَا لَاَوَّلُ كَفٍّ خَطَّتِ الْمُفَصَّلَ - وَفِيْ غَيْرِ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ التُّجِيْبِيُّ فَضَرَبَهُ مِشْقَصًا، فَنَضَحَ الدَّمُ عَلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ) (البقرة: 137)، قَالَ: وَاِنَّهَا فِي الْمُصْحَفِ مَا حُكَّتْ، قَالَ: وَاَخَذَتْ بِنْتُ الْفُرَافِصَةِ - فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ - حُلِيَّهَا وَوَضَعَتْهُ فِيْ حِجْرِهَا، وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُّقْتَلَ، فَلَمَّا قُتِلَ، تَفَاجَّتْ عَلَيْهِ، قَالَ بَعْضُهُمْ: قَاتَلَهَا اللّٰهُ، مَا اَعْظَمَ عَجِيْزَتَهَا، فَعَلِمْتُ اَنَّ اَعْدَاءَ اللّٰهِ لَمْ يُرِيْدُوْا اِلَّا الدُّنْيَا.*

ابوسعید جو حضرت ابواسید انصاری رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سنا اہل مصر کا وفد آیا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کا استقبال کیا جب انہوں نے آپ کے احکام سن لیے تو وہ اس مقام کی طرف گئے جس میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ موجود تھے ان لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ قرآن پاک منگوائیے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن منگوایا تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ساتویں سورت کھولیے وہ لوگ سورۃ یونس کو ساتویں سورت کا نام دیتے تھے انہوں نے: تلاوت شروع کی یہاں تک اس آیت تک پہنچے۔

''تم یہ فرمادو تمہارا کیا خیال ہے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے جو رزق نازل کیا ہے اور اس میں سے کچھ چیزوں کو حرام قرار دیا ہے اور کچھ کو حلال قرار دیا ہے' تو تم یہ فرمادو کہ کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس بات کی اجازت دی ہے یا تم اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرتے ہو۔''

ان لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: ٹھہر جائیے آپ کا کیا خیال ہے کیا آپ نے کوئی چراگاہ مخصوص کی ہے کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی بات منسوب کر رہے ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم لوگ آگے چلو یہ آیت فلاں فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی تھی' جہاں تک چراگاہ کا تعلق ہے' تو وہ صدقے کے اونٹوں کے لیے ہے' جب وہ بچے کو جنم دیں گے تو صدقے کے اونٹ زیادہ ہو جائیں گے تو صدقے کے اونٹوں میں اضافہ ہونے کی وجہ سے میں نے چراگاہ میں بھی اضافہ کر دیا تم لوگ آگے چلو تو وہ لوگ ایک' ایک آیت لیتے رہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ یہ کہتے رہے تم لوگ آگے چلو (یا تم جاری رکھو) یہ آیت فلاں فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی تھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: تم لوگ کیا چاہتے ہو۔ انہوں نے کہا: ہم آپ سے پختہ عہد لینا چاہتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: تو ان لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے شرائط تحریر کیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے عہد لیا کہ وہ عصا کو (یعنی مسلمانوں کی اجتماعیت کو) توڑیں گے نہیں اور ان کی جماعت سے علیحدگی اختیار نہیں کریں گے' جب تک حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ان کی شرائط کی پاس داری کرتے رہیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: تم لوگ کیا چاہتے ہو انہوں نے کہا: ہم لوگ یہ چاہتے ہیں کہ اہل مدینہ تنخواہ نہ لیا کریں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ نہیں ہو سکتا' کیونکہ یہ وہ مال ہے' جو اس شخص کو ملے گا' جس نے جنگ میں حصہ لیا ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے تعلق رکھنے والے عمر رسیدہ افراد کو ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو وہ لوگ راضی ہو گئے اور وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ کی طرف راضی ہوتے ہوئے آئے۔ راوی کہتے ہیں: پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے خطبہ دیا اور فرمایا: خبردار جس شخص کی زرعی زمین ہو وہ اپنی زرعی زمین پر چلا جائے اور جس شخص کے پاس جانور ہوں وہ ان کا دودھ دوہ لے خبردار تمہارا کوئی مال ہمارے پاس نہیں ہے یہ مال اس شخص کو ملے گا' جس نے جنگ میں حصہ لیا ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے تعلق رکھنے والے بزرگوں کو ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو وہ لوگ غصے میں آ گئے اور بولے یہ تو بنو امیہ کا فریب ہے۔ راوی کہتے ہیں: پھر مصری لوگ واپس چلے گئے ابھی وہ راستے میں ہی تھے کہ اسی دوران ایک سوار ان کے سامنے آیا پھر وہ ان سے جدا ہو گیا پھر وہ واپس ان کے پاس آیا پھر وہ ان سے جدا ہو گیا اور انہیں برا کہنے لگا۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: تمہارا کیا معاملہ ہے تمہیں امان حاصل ہے تمہارا کیا معاملہ ہے۔

اس نے کہا: میں امیر المومنین کا قاصد ہوں جو مصر کے گورنر کی طرف جا رہا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: ان لوگوں نے اس شخص کی تلاشی لی تو اس کے پاس ایک خط موجود تھا' جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف سے لکھا گیا تھا اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مہر بھی لگی ہوئی تھی یہ مصر کے گورنر کے نام خط تھا کہ وہ ان مصریوں کو پھانسی دیدے یا انہیں قتل کروا دے یا ان کے ہاتھ اور پاؤں کٹوا دے تو وہ لوگ واپس آئے' یہاں تک کہ مدینہ منورہ آ گئے وہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے کہ آپ نے اللہ کے اس دشمن کی طرف دیکھا کہ اس نے ہمارے بارے میں اس' اس طرح کا خط لکھا ہے بے شک اللہ تعالیٰ نے اس کے خون کو حلال قرار دیا ہے۔ آپ ہمارے ساتھ اٹھ کر ان کی طرف جائیے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں تمہارے ساتھ نہیں اٹھوں گا۔ ان لوگوں نے کہا: پھر آپ نے ہماری طرف خط کیوں لکھا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم! میں نے تو تمہیں کبھی کوئی خط نہیں لکھا تو وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے پھر ان میں سے کسی ایک نے دوسرے سے کہا: کیا تم اس شخص کے لیے جنگ کرنا چاہتے ہو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس شخص کے لیے غصہ کرتے ہو۔

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اٹھے اور مدینہ منورہ سے باہر ایک بستی کی طرف تشریف لے گئے وہ لوگ اٹھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے آپ نے اس اس طرح کا خط لکھا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: دو صورتیں ہیں یا تو یہ ہے: تم مسلمانوں میں سے دو آدمیوں کو میرے خلاف گواہ کے طور پر پیش کر دو یا پھر یہ ہے: میں اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ کہتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کہ نہ تو میں نے خط لکھا ہے اور نہ اسے املاء کروایا ہے اور نہ ہی مجھے اس کا علم ہے تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ کسی دوسرے کے نام سے بھی خط لکھا جا سکتا ہے اور ایک انگوٹھی کے مطابق دوسری انگوٹھی کا نقش بنوایا جا سکتا ہے ان لوگوں نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے آپ کے خون کو حلال قرار دیدیا ہے' پھر ان لوگوں نے عہد اور کئے ہوئے معاہدے کو توڑ دیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کر لیا۔ ایک دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی طرف جھانک کر دیکھا اور بولے السلام علیکم (راوی کہتے ہیں:) میں نے کسی شخص کو نہیں سنا جس نے ان کے سلام کا جواب دیا ہو ماسوائے اس کے کہ کسی نے دل میں سلام کا جواب دیدیا ہو۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تم لوگوں کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ میں نے رومہ نامی کنواں اپنے مال میں سے خریدا تھا اور اس کے بارے میں اپنے ڈول کو مسلمانوں کے عام فرد کے ڈول کی مانند کر دیا تھا (یعنی اس کے پانی کو سب کے لئے وقف کر دیا تھا) تو کہا گیا جی ہاں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو پھر تم کس بنیاد پر مجھے اس بات سے روک رہے ہو کہ میں اس میں سے پیوں' یہاں تک کہ میں نے سمندر کے پانی (یعنی کھارے پانی) کے ذریعے افطاری کی ہے میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر یہ دریافت کرتا ہوں کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ میں نے اتنی اتنی رقم کے عوض میں زمین خرید کر مسجد میں' توسیع کی تھی جواب دیا گیا: جی ہاں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ مجھ سے پہلے کسی شخص کو اس مسجد میں نماز پڑھنے سے روکا گیا ہو میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا تم نے اللہ کے نبی کو یہ یہ بات ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی ذات کے بارے میں کچھ چیزوں کا ذکر کیا اور انہیں شمار کروایا۔

راوی کہتے ہیں: پھر میں نے انہیں دیکھا کہ انہوں نے دوسری مرتبہ جھانک کر لوگوں کی طرف دیکھا انہیں وعظ و نصیحت کی

انہیں تلقین کی لیکن کسی نے ان کے وعظ کو قبول نہیں کیا جب انہوں نے پہلی مرتبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے وعظ سنا تھا اور لوگوں نے اسے قبول کیا تھا' لیکن جب دوبارہ ان کے سامنے دہرایا گیا تو پھر لوگوں نے اسے قبول نہیں کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سے کہا: تم دروازہ کھولو انہوں نے مصحف اپنے آگے رکھ لیا اس کی وجہ یہ تھی انہوں نے رات خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے فرمارہے ہیں آج شام تم نے ہمارے ساتھ افطاری کرنی ہے' پھر ایک شخص اندر ان کے پاس آیا' تو انہوں نے فرمایا میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب ہے' تو وہ شخص نکل گیا اس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا پھر دوسرا شخص ان کے پاس اندر آیا' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب موجود ہے اس وقت قرآن مجید ان کے آگے رکھا ہوا تھا۔ راوی کہتے ہیں: تو اس شخص نے اپنی تلوار کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف لہرایا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ کے ذریعے بچنے کی کوشش کی اس نے ان کا ہاتھ کاٹ دیا مجھے نہیں معلوم کہ اس نے اسے مکمل طور پر کاٹ دیا یا کچھ حصہ کاٹا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم! یہ وہ پہلی ہتھیلی تھی' جس نے مفصل (سورتوں) کو تحریر کیا تھا۔

ابوسعید کے علاوہ دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں: تجیبی نامی شخص اندر داخل ہوا اس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قینچی ماری اس کے نتیجے میں خون نکل کر اس آیت پر گرا۔

''تو عنقریب ان لوگوں کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ تمہارے لئے کافی ہوگا اور وہ سننے والا اور علم رکھنے والا ہے۔''

خون کا یہ نشان اس قرآن مجید میں موجود ہے اسے مٹایا نہیں گیا۔

ابوسعید کی روایت میں یہ الفاظ موجود ہیں: فرافصہ کی صاحب زادی (شاید اس سے مراد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ہے) نے اپنا زیور لیا اور اسے اپنی گود میں رکھ لیا یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے شہید ہونے سے پہلے کی بات ہے' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا تو وہ ان پر آہ و بکاہ کرنے لگی اس پر کسی نے کہا: اللہ تعالیٰ اسے برباد کرے اس کے سرین کتنے بڑے ہیں' اس سے مجھے پتہ چلا کہ اللہ کے دشمنوں کا مقصد صرف دنیا ہوتی ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بِتَسْبِيلِهِ رُومَةَ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بئر رومہ کو وقف کرنے کی وجہ سے' اللہ تعالیٰ کا ان کی مغفرت کرنے کا تذکرہ

6920 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ

6920– حديث حسن، عمرو ويقال عمر - بن جاوان لم يرو عنه غير حصين، وروى له النسائي، وذكره المؤلف في "الثقات"، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. حصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة"12/39 - 40، وابن إدريس: هو عبد الله. وأخرجه النسائي 6/234 - 235 في الأحباس: باب وقف المساجد، عن إسحاق بن إبراهيم، والطبري في "تاريخه"4/497 عن يعقوب بن إبراهيم، كلاهما عن ابن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/70 من طريق أبي عوانة، والنسائي 6/233 من طريق سليمان بن طرخان، كلاهما عن حصين بن عبد الرحمن، به. وفي الباب عن ثمامة بن حزن القشيري وكان ممن شهد الدار - عند الترمذي "3703"، والنسائي 6/235 - 236، وقال الترمذي: حسن. وانظر: الحديث المتقدم عند المؤلف برقم."6916"

حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ جَاوَانَ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَاءَ عُثْمَانُ، فَقِيْلَ: هٰذَا عُثْمَانُ، وَعَلَيْهِ مُلَيَّةٌ لَهُ صَفْرَاءُ، قَدْ قَنَّعَ بِهَا رَأْسَهُ، قَالَ: هَا هُنَا عَلِيٌّ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: هَا هُنَا طَلْحَةُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنِ ابْتَاعَ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ، فَابْتَعْتُهُ بِعِشْرِيْنَ اَلْفًا اَوْ خَمْسَةً وَعِشْرِيْنَ اَلْفًا، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ: قَدِ ابْتَعْتُهُ، فَقَالَ: اجْعَلْهُ فِيْ مَسْجِدِنَا، وَاَجْرُهُ لَكَ؟ قَالَ: فَقَالُوْا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ يَبْتَاعُ رُوْمَةَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ فَابْتَعْتُهَا بِكَذَا وَكَذَا، ثُمَّ اَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: قَدِ ابْتَعْتُهَا، فَقَالَ: اجْعَلْهَا سِقَايَةً لِلْمُسْلِمِيْنَ، وَاَجْرُهَا لَكَ؟ قَالَ: فَقَالُوْا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ فِيْ وُجُوْهِ الْقَوْمِ فَقَالَ: مَنْ جَهَّزَ هٰؤُلَاءِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ - يَعْنِيْ جَيْشَ الْعُسْرَةِ - فَجَهَّزْتُهُمْ حَتّٰى لَمْ يَفْقِدُوْا عِقَالًا وَلَا خِطَامًا؟ قَالُوْا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ، ثَلَاثًا

احنف بن قیس بیان کرتے ہیں: ہم لوگ مدینہ منورہ آئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے' کہا گیا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے ہیں انہوں نے زرد رنگ کی چادر اوڑھی ہوئی تھی اور اس کے ذریعے اپنا سر ڈھانپا ہوا تھا۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا یہاں علی ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا یہاں طلحہ ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے فرمایا میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر یہ پوچھتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی کون شخص بنوفلاں کی زمین خریدے گا' تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا' تو میں نے بیس ہزار (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) 25 ہزار کے عوض میں اسے خریدا تھا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: میں نے اسے خرید لیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے ہماری مسجد کے لئے دیدو اس کا اجر تمہیں ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو ان حضرات نے جواب دیا: اللہ کی قسم! ایسا ہی ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں آپ لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی کون شخص (رومہ نامی کنویں کو) خریدے گا' تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا' تو میں نے اسے اتنی اتنی رقم کے عوض میں خرید لیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: میں نے اسے خرید لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے مسلمانوں کے لیے (وقف) کر دو اس کا اجر تمہیں ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو ان لوگوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! ایسا ہی ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں آپ لوگوں کو اس اللہ کے نام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی صورت حال دیکھی اور فرمایا: کون ان لوگوں کو ساز و سامان فراہم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا ان کی مراد غزوہ تبوک تھا

(حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) تو میں نے ان لوگوں کو ساز وسامان فراہم کیا' یہاں تک کہ انہیں رسی اور لگام تک فراہم کئے' تو ان لوگوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! ایسا ہی ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ تو گواہ ہو جا' یہ بات انہوں نے تین مرتبہ کہی۔

ذِكْرُ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْهَاشِمِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَعَلَ

حضرت علی بن ابوطالب بن عبدالمطلب ہاشمی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ کی رضامندی ان پر ہو' اور اس نے ایسا کرلیا ہے (یعنی ان سے راضی ہوگیا)

6921 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِیْ لَيْلٰى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ، شَكَتْ مِمَّا تَلْقَى مِنْ اَثَرِ الرَّحَى، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيٌ، فَانْطَلَقَتْ، فَلَمْ تَجِدْهُ فَوَجَدَتْ عَائِشَةَ فَاَخْبَرَتْهَا، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ، بِمَجِيءِ فَاطِمَةَ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْنَا وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْتُ لِاَقُومَ، فَقَالَ: عَلٰى مَكَانِكُمَا، فَقَعَدَ بَيْنَنَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِي، فَقَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكُمَا خَيْرًا مِمَّا سَاَلْتُمَانِي، اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا، فَكَبِّرَا اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، وَسَبِّحَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتَحَمَّدَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چکی چلانے کی وجہ سے پیش آنے والی مشکل کی شکایت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ قیدی آئے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لے گئیں ان کی ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہوئی ان کی ملاقات سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہوئی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو (اپنی ضرورت کے بارے میں) بتادیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے آنے کے بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے اس وقت ہم اپنے بستر پر لیٹ چکے تھے میں اٹھنے لگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی جگہ پر رہو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان بیٹھ گئے' یہاں تک کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں قدموں کی ٹھنڈک اپنے سینے پر محسوس کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم دونوں کو اس سے زیادہ بہتر چیز کے بارے میں تعلیم نہ دوں جس کے بارے میں تم نے مجھ سے دریافت کیا ہے: (یعنی جو چیز تم نے مجھ سے مانگی ہے) جب تم بستر پر جایا کرو تو **34** مرتبہ اللہ اکبر، **33** مرتبہ سبحان اللہ، **33** مرتبہ الحمد للہ پڑھ لیا کرو یہ تم دونوں کے لئے خادم ملنے سے زیادہ بہتر ہے۔

6921– إسناده صحيح على شرط الشيخين . غندر : هو محمد بن جعفرن والحكم: هو ابن عتيبة، وابن أبي ليلى: هو عبد الرحمن . وأخرجه البخاري "3705" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، ومسلم "2727" "80" في الذكر والدعاء : باب التسبيح أول النهار، وعند النوم، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/136 عن محمد بن جعفر غندر، به. وقد تقدم الحديث برقم "5524" من طريق يحيى بن أبي بكير، عن شعبة.

ذِكْرُ مَا كَانَ يَلْبَسُ عَلِيٌّ وَّفَاطِمَةُ حِينَئِذٍ بِاللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ اس رات حضرت علی رضی اللہ عنہ اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کیا لباس پہنا ہوا تھا (یعنی اپنے جسم پر کس طرح کی چادر ڈالی ہوئی تھی)

6922 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ، حَدَّثَنَا اَزْهَرُ السَّمَّانُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): شَكَتْ لِي فَاطِمَةُ مِنَ الطَّحِينِ، فَقُلْتُ: لَوْ اَتَيْتِ اَبَاكِ فَسَاَلْتِيهِ خَادِمًا، قَالَ: فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ تُصَادِفْهُ، فَرَجَعَتْ مَكَانَهَا، فَلَمَّا جَاءَ اُخْبِرَ، فَاَتَانَا، وَعَلَيْنَا قَطِيفَةٌ اِذَا لَبِسْنَاهَا طُولًا، خَرَجَتْ مِنْهَا جُنُوبُنَا، وَاِذَا لَبِسْنَاهَا عَرْضًا، خَرَجَتْ مِنْهَا اَقْدَامُنَا وَرُءُوسُنَا، قَالَ: يَا فَاطِمَةُ، اُخْبِرْتُ اَنَّكِ جِئْتِ، فَهَلْ كَانَتْ لَكِ حَاجَةٌ؟، قَالَتْ: لَا، قُلْتُ: بَلَى، شَكَتْ اِلَيَّ مِنَ الطَّحِينِ، فَقُلْتُ: لَوْ اَتَيْتِ اَبَاكِ فَسَاَلْتِيهِ خَادِمًا، فَقَالَ: اَفَلَا اَدُلُّكُمَا عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ؟ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا تَقُولَانِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَاَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، تَسْبِيحَةً، وَتَحْمِيدَةً، وَتَكْبِيرَةً

❁❁ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو چکی پینے میں مشکل پیش آتی تھی میں نے کہا: اگر آپ اپنے والد کے پاس جائیں ان سے کوئی خادم مانگ لیں (تو یہ مناسب ہوگا) حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں لیکن ان کی ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہوئی تو وہ اپنے گھر واپس آ گئیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے ہم نے اپنے اوپر ایک چادر لی ہوئی تھی کہ جب ہم لمبائی کی سمت میں اسے لیتے تھے تو ہمارے پہلو اس سے ظاہر ہو جاتے تھے اور جب ہم چوڑائی کی سمت میں لیتے تھے تو ہمارے پاؤں اور سر ظاہر ہو جاتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ مجھے پتہ چلا کہ تم آئی تھیں کیا تمہیں کوئی کام تھا انہوں نے عرض کی: جی نہیں میں نے کہا: جی ہاں تھا۔ انہوں نے میرے سامنے چکی پینے کی شکایت کی تھی تو میں نے کہا: اگر تم اپنے والد کے پاس جاؤ اور ان سے کوئی خادم مانگ لو (تو یہ مناسب ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تم دونوں کی رہنمائی اس چیز کی طرف نہ کروں جو تم دونوں کے لئے خادم ملنے سے زیادہ بہتر ہے جب تم بستر پر جاؤ تو **33** مرتبہ سبحان اللہ، **33** مرتبہ الحمد للہ اور **34** مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیا کرو۔

6922- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن عون: هو عبد الله بن عون بن أرطبان، وعبيدة: هو ابن عمرو السلماني. وأخرجه الترمذي "3408" في الدعوات: باب ما جاء في التسبيح والتكبير والتحميد عند المنام، والنسائي في "عشرة النساء" "290" عن زياد بن يحيى، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن غريب من حديث ابن عون. وأخرجه الترمذي "3409" عن محمد بن يحيى الذهلي، وعبد الله بن أحمد في زوائده على "المسند" 1/123 عن أحمد بن محمد بن يحيى القطان، كلاهم عن أزهر السمان، به، رواية الترمذي مختصرة. وانظر ما قبله.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَذَى عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْرُوْنٌ بِاَذَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو اذیت دینا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچانے کے مترادف ہے

6923 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا مَسْعُوْدُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نِيَارٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شَاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ آذَيْتَنِي قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اُحِبُّ اَنْ اُوذِيَكَ، قَالَ: مَنْ آذَى عَلِيًّا فَقَدْ آذَانِي

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا هُوَ الْفَضْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلِ بْنِ سِنَانٍ الْاَشْجَعِيُّ نَسَبَهُ ابْنُ اِسْحَاقَ اِلٰى جَدِّهِ، وَمَسْعُوْدُ بْنُ سَعْدٍ الْجُعْفِيُّ كُوفِيٌّ كُنْيَتُهُ اَبُوْ سَعْدٍ

6923- إسناده ضعيف، محمد بن إسحاق مدلس وقد عنعن، والفضل بن معقل ترجم له البخارى فى "تاريخه" 7/114، وابن أبى حاتم 7/67، ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا، وذكره المؤلف فى "الثقات" 7/317، وقال الحسينى - كما فى "تعجيل المنفعة" فى 334 -: ليس بمشهور، وفى إسناده علة ثالثة فقد قال ابن معين فى "تاريخه" ص 335: حديث عبد الله بن نيار، عن عمرو بن شاس ليس هو بمتصل، لأن عبد الله بن نيار يروى عنه ابن أبى ذئب، أو قال: يروى عنه القاسم بن عباس - شك أبو الفضل - لا يشبه أن يكون رأى عمرو بن شاس. قلت: وأبو بكر: هو ابن أبى شيبة، وهو فى "المصنف" 12/75، ووقع فى المطبوع منه "مسعر بن سعد" بدل مسعود بن سعد، وفيه أيضا: "الفضل بن معقل، عن عبد الله بن معقل، عن عبد الله بن نيار"، وكل هذا تحريف. وأخرجه أحمد بن أبى خيثمة فى "تاريخه"، ومن طريقه ابن عبد البر فى "الاستيعاب" 2/523 عن موسى بن إسماعيل، عن مسعود بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه البزار "2561" من طريق يعقوب بن إبراهيم بن سعد، عن أبيه، عن ابن إسحاق، به. ووقع فيه "الفضل بن معقل بن يسار" وهو خطأ، صوابه: سنان، ثم قال البزار: لا نعلم روى عمرو بن شاس إلا هذا. وعلقه البخارى فى "تاريخه" 6/306 - 307 عن عبد العزيز بن الخطاب، عن مسعود بن سعد، به. إلا أنه زاد فيه بين ابن إسحاق وبين الفضل بن معقل: أبان بن صالح. وأخرجه أحمد فى "المسند" 3/483، وفى "فضائل الصحابة" "981"، وابن أبى خيثمة كما فى "الاستيعاب" 2/522 - 523 من طريق غبراهيم بن سعد، والفسوى فى "المعرفة والتاريخ" 1/329 - 330 من طريق عبد الرحمن بن مغراء، كلاهما عن إسحاق، به، وزاد فيه أبان بن صالح كما عند البخارى، وقد ذكر أحمد والفسوى فى الحديث قصة. وفى الباب عن سعد بن أبى وقاص عند أبى يعلى "770"، والبزار "2526" ولبقطيعى فى زياداته على "فضائل الصحابة" "1078"، وأورده الهيثمى 9/129، وقال: رواه أبو يعلى والبزار باختصار، ورجال أبى يعلى رجال الصحيح، غير محمود بن خداش وقنان، وهما ثقتان. قلت: وقنان، وثقه ابن معين وابن حبان، وقال ابن عدى: عزيز الحديث، وليس يتبين على مقدار ماله ضعف، وقال النسائى: ليس بالقوى، فمثله حسن الحديث، فالسند حسن.

حضرت عمرو بن شاس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تم نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! میں یہ بات پسند نہیں کرتا کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی تکلیف پہنچاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی کو تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ راوی فضل بن عبداللہ بن معقل بن سنان اشجعی ہے ابن اسحاق نے اس کی نسبت اس کے دادا کی طرف کردی ہے، جبکہ مسعود بن سعد نامی راوی جو کوفی ہے اس کی کنیت ابوسعد ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَحَبَّةَ الْمَرْءِ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْاِيمَانِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے:

آدمی کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے محبت کرنا ایمان کا حصہ ہے

6924 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ الْجَرْجَرَائِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث): وَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّةَ، وَذَرَاَ النَّسَمَةَ، اِنَّهُ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيَّ: اَنَّهُ لَا يُحِبُّنِيْ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُنِيْ اِلَّا مُنَافِقٌ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس ذات کی قسم! جس نے دانے کو چیرا آسمان کو پیدا کیا' نبی اُمی نے مجھ سے یہ عہد لیا تھا کہ میرے ساتھ صرف مومن محبت رکھے گا اور میرے ساتھ صرف منافق بغض رکھے گا۔

ذِكْرُ تَسْمِيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا اَبَا تُرَابٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو "ابوتراب" کا نام دینا

6924– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن الصباح الجرجرائي، فقد روى له أبو داود وابن ماجة، وهو صدوق، وقد توبع. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/56 - 57، وعنه مسلم "78" في الإيمان: باب في الدليل على أن حب الأنصار وعلي من الإيمان وعلاماته، وابن أبي عاصم في "السنة" "1325"، وعبد الله بن أحمد في زوائده على "الفضائل" "1107"، عن أبي معاوية ووكيع بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم أيضا "78"، وابن منده في "الإيمان" "261" عن يحيى بن يحيى، والنسائي في "فضائل الصحابة" "50"، وفي "خصائص علي" "100"، عن محمد بن العلاء، وابن ماجة "114" في المقدمة: باب فضل علي بن أبي طالب، عن علي بن محمد، ثلاثتهم عن معاوية، به. وقرن علي بن محمد في حديثه بأبي معاوية وكيعا. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/84 و95 و128، وفي "فضائل الصحابة" "948" و"961"، والحميدي "58"، والترمذي "3736" في المناقب: باب رقم "21"، والنسائي في "المجتبى" 8/115 - 116 في الإيمان: باب علامة الإيمان، و8/117: باب علامة المنافق، وفي "الخصائص" "101" و"102"، وأبو يعلى "291"، وابن منده "261"، والبغوي "3908" و"3909" من طرق عن الأعمش، به. وقال الترمذي: حسن صحيح، وصححه البغوي.

6925 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيلٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَهُ، فَقَالَ: هٰذَا فُلَانٌ - اَمِيرٌ مِّنْ اُمَرَاءِ الْمَدِينَةِ - يَدْعُوكَ لِتَسُبَّ عَلِيًّا عَلَى الْمِنْبَرِ، قَالَ: اَقُوْلُ مَاذَا؟ قَالَ: تَقُوْلُ لَهُ: اَبُوْ تُرَابٍ، فَضَحِكَ سَهْلٌ فَقَالَ: وَاللّٰهِ، مَا سَمَّاهُ اِيَّاهُ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ لِعَلِيٍّ اسْمٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهُ، دَخَلَ عَلِيٌّ عَلَى فَاطِمَةَ، ثُمَّ خَرَجَ، فَاَتَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ، فَقَالَ: اَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟، قَالَتْ: هُوَ ذَا مُضْطَجِعٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَ رِدَاءَهُ قَدْ سَقَطَ عَنْ ظَهْرِهِ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَيَقُوْلُ: اجْلِسْ اَبَا تُرَابٍ وَّاللّٰهِ مَا كَانَ اسْمٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهُ مَا سَمَّاهُ اِيَّاهُ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: یہ فلاں شخص یعنی مدینہ منورہ کا گورنر اس نے آپ کو بلایا ہے' تا کہ آپ منبر پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو برا کہیں۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: میں کیا کہوں۔ اس نے کہا: آپ نے انہیں ابوتراب کہنا ہے' تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ ہنس پڑے انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ نام تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ نام سب سے زیادہ محبوب تھا۔ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے پھر وہ (گھر سے) باہر چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور بولے تمہارے چچازاد کہاں ہیں۔ انہوں نے بتایا: وہ مسجد میں سور ہے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ ان کی چادران کے پہلو سے ہٹی ہوئی تھی (اوران کے جسم پر مٹی لگی ہوئی تھی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی پشت سے مٹی کو پونچھنا شروع کیا اور فرمایا: اے ابوتراب اٹھ جاؤ۔

(حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے بتایا:) اللہ کی قسم! حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس سے زیادہ محبوب نام اور کوئی نہیں تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا یہ نام رکھا تھا۔

6925- حديث صحيح، هشام بن عمار قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري "441" في الصلاة: باب نوم الرجال في المسجد، و"6280" في الاستئذان: باب القائلة في المسجد، ومسلم "2409" في فضائل الصحابة: باب من فضائل علي بن أبي طالب، عن قتيبة بن سعيد، والبخاري "3703" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، عن عبد الله بن مسلمة القعنبي، والطبراني في "الكبير" "5879" من طريق يحيى بن بكير، ثلاثتهم عن عبد العزيز بن أبي حازم، بهذا الإسناد. وبعضهم يزيد في الحديث على بعض، وفي طرقه أن سبب خروج علي من البيت كان لشيء وقع بينه وبين فاطمة رضي الله عنهما فخرج مغاضبا. وأخرجه البخاري "6204" في الأدب: باب التكني بأبي تراب وإن كانت له كنية أخرى، وفي "الأدب المفرد" له "852"، والطبراني "5808" و"5870" و"6010" من طرق عن أبي حازم، به.

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ فِيْ تَاْوِيْلِهٖ جَمَاعَةً لَمْ يُحْكِمُوا صِنَاعَةَ الْعِلْمِ

اس روایت کا تذکرہ جس کی تاویل میں ایک جماعت کو غلط فہمی ہوئی جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتے

6926 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى، قَالَ: فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَسْاَلَهٗ سَعْدًا، فَقُلْتُ لَهٗ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہاری مجھ سے وہی نسبت ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اس بات کو پسند کیا کہ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کروں میں نے ان سے دریافت کیا: کیا آپ نے یہ بات خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِيْ خَاطَبَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْقَوْلِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی

6927 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ،

6926– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك، ويوسف بن الماجشون: هو يوسف بن يعقوب بن أبي سلمة الماجشون. وأخرجه مسلم "30""2404" في فضائل الصحابة: باب فضائل عَلِيِّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وأبو يعلى "739"، وابن أبي عاصم في "السنة""1335"، والقطيعي في زوائده على "فضائل الصحابة" لأحمد "1079" من طرق عن يوسف ابن الماجشون بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/185، ومسلم "2404" "32"، والترمذي "3724" في المناقب: باب رقم "21"، والنسائي في "الخصائص" "11" و"54"، وابن أبي عاصم "1336" و"1337"، والحاكم 3/108- 109 من طريق بكير بن سمار، والطبراني "328" من طريق الزهري، كلاهما عن عامر بن سعد، به. وحديث بكير بن مسمار عندهم مطول، غير أحمد وابن أبي عاصم. وأخرجه عبد الرزاق "9754"، وعنه أحمد في "المسند"1/177، وفي "الفضائل" "956" عن معمر، عن قتادة وعلي بن زيد عن سعيد بن المسيب، عن ابن لسعد بن أبي الوقاص - ولم يسمه - عن أبيه، بنحوه . وأخرجه عبد الرزاق "9745"، وأحمد في "المسند"1/173 و1041 وفي "فضائل الصحابة" "957"، والقطيعي في زياداته عليه "1045" و"1041"، والحميدي "71"، والنسائي في "الخصائص" "44" و "45"و"46" و"47" "48"، وفي "الفضائل" "35" و"36" و"37"، وأبو يعلى "698" و"709" و"738"، وابن أبي عاصم "1342" و"1343" من طرق عن سعيد بن المسيب، عن سعد بن أبي الوقاص، وليس فيه "عامر بن سعد" وبعضهم يزيد في الحديث على بعض. وأخرجه من طرق عن سعد بن أبي الوقاص: أحمد في "المسند"1/175، 184، وفي "الفضائل" "1005" و."1006" والبخاري "3706" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، ومسلم "2404"، والنسائي في "الخصائص" "52"و"53"و"55"و"57"و"58"و"59"و"60"و"61"، وابن ماجة "115" و"121" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأبو يعلى. "718" وقد تقدم الحديث برقم "6643" من طريق المنهال بن عمرو، عن عامر بن سعد.

عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، تُخَلِّفُنِىْ فِى النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ؟ فَقَالَ: اَمَا تَرْضَى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّىْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِىَّ بَعْدِى

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے مدینہ منورہ کا (نگران) مقرر کیا' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پیچھے بچوں اور خواتین میں چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہاری مجھ سے وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی البتہ یہ ہے: میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا ذُنُوْبَ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

اللہ تعالیٰ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ذنوب کی مغفرت کرنے کا تذکرہ

6928 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَخْبَرَنِىْ عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ الْهَمْدَانِىُّ، حنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ، اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِذَا قُلْتَهُنَّ، غُفِرَ لَكَ، مَعَ اَنَّهُ مَغْفُوْرٌ لَكَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے علی! کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ جب تم انہیں پڑھ لو گے تو تمہاری مغفرت ہو جائے گی باوجودیکہ وہ تمہارے لیے مغفور ہو۔ (وہ کلمات یہ ہیں)

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جو بلند و برتر اور عظیم ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جو بردبار اور حلیم ہے اللہ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے' جو سات آسمانوں اور عظیم عرش کا پروردگار ہے اور ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ

6927–إسناده صحيح على شرط الشيخين. غندر: هو محمد بن جعفر، والحكم: هو ابن عتيبة، وهو في "مصنف ابن أبي شيبة"12/60 و14/545، وعنه مسلم في "صحيحه""31""2404" في فضائل الصحابة: باب فضائل عَلِيِّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. وأخرجه أحمد في "المسند"1/182 - 183، وفي "فضائل الصحابة" "960"، ومسلم "31""2404"، والنسائي في "فضائل الصحابة" "38"، وفي "الخصائص" "56"، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار "2/309 من طرق عن محمد بن جعفر غندر، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري "4416" في المغازي: باب غزوة تبوك، وعنه البغوي "3907" من طريق يحيى بن سعيد القطان، ومسلم "2404" من طريق معاذ بن معاذ، كلاهما عن شعبة، به. وأخرجه أبو داود الطيالسي "209"، ومن طريقه البيهقي في "السنن"9/40، وفي "دلائل النبوة"5/220 عن شعبة، به. وعلقه البخاري عنه بإثر الحديث."4416" وانظر ما قبله.

کے لئے مخصوص ہے، جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَاصِرٌ لِمَنِ انْتَصَرَ بِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بَعْدَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اس شخص کے مددگار ہیں جو مسلمان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان سے مدد مانگے

6929 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

6928–حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الله بن سلمة وهو المرادى فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه المؤلف، والعجلى ويعقوب بن شيبة، وقال البخارى: لا يتابع على حديثه، وقال أبو حاتم: تعرف وتنكر، وقال ابن عدى: أرجو أنه لا بأس به، وقال الحافظ فى "التقريب": صدوق تغير حفظه. قلت: وقد توبع. وأخرجه أحمد 1/92، والنسائى فى "اليوم والليلة" "638"، وفى "الخصائص" "25"و"26"، وفى النعوت كما فى "التحفة 7/409"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "1315" و"1316"، وعبد الله بن حميد فى "المنتخب" "74"، والطبرانى فى "الصغير" "350"، والدارقطنى فى "العلل" 4/10 من طرق عن على بن صالح، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائى فى "اليوم والليلة" "639" من طريق يوسف بن إسحاق بن أبى إسحاق، وابن أبى عاصم "1317" من طريق نصير بن أبى الأشعث، كلاهما عن أبى إسحاق، به. وأخرجه أحمد فى "المسند" 1/158، وفى "الفضائل" "1216"، والنسائى فى "اليوم والليلة" "637"، وفى النعوت كما فى "التحفة" 7/423، وفى "الخصائص" "28" و"29"، وابن أبى عاصم "1314"، والحاكم 3/138 من طريق إسرائيل، والدارقطنى فى "العلل" 4/9 - 10 من طريق سفيان الثورى كلاهما عن أبى إسحاق، عن عبد الرحمن بن أبى ليلى، عن على، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى، ولم يقل الثورى فى حديثه: "مع أنه مغفور لك." وأخرجه الترمذى "3504" فى الدعوات: باب رقم "81"، والنسائى فى "اليوم والليلة" "640"، وفى "الخصائص" "30"، والقطيعى فى زوائده على "الفضائل" "1053" والطبرانى فى "الصغير" "763" من طريق الحسين بن واقد، عن أبى إسحاق، عن الحارث بن الأعور، عن على. وفيه: "وإن كنت مغفورا لك"، وقال الترمذى: هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من هذا الوجه من حديث أبى إسحاق، عن الحارث، عن على، وقال النسائى فى "الخصائص": أبو إسحاق لم يسمع من الحارث إلا أربعة أحاديث ليس هذا منهما وإنما أخرجناه لمخالفة الحسين بن واقد لإسرائيل ولعلى بن صالح والحارث بن الأعور ليس بذاك فى الحديث، وقال الدارقطنى فى "العلل 4/9": وحديث الحسين بن واقد وهم. وأخرجه النسائى فى "اليوم والليلة" "636"، وفى "الخصائص" "27" من طريق أحمد بن خالد، عن إسرائيل، عن أبى إسحاق، عن عمرو بن مرة، عن عبد الرحمن بن أبى ليلى، عن على قال: كلمات الفرج: لا إله غلا الله ... فذكره موقوفا عليه.

6929–إسناده قوى، الحسن بن عمر بن شقيق صدوق روى له البخارى، ومن فوقه من رجال الشيخين غير جعفر بن سليمان، فمن رجال مسلم، وهو صدوق. يزيد الرشك: هو يزيد بن أبى يزيد. وأخرجه الطيالسى "829"، وأحمد فى "المسند" 4/437 - 438 وفى "الفضائل" "1035"، والقطيعى فى زوائده عليه "1060"، والترمذى والنسائى فى "فضائل الصحابة" "43"، وفى "الخصائص" "89"، وابن عدى فى "الكامل" 2/568 - 569، والحاكم 3/110 - 111 من طرق عن جعفر بن سليمان الضبعى، بهذا الإسناد. ورواية النسائى فى "الفضائل" مختصرة بالمرفوع فقط، وقال الترمذى: هذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث جعفر بن سليمان، وصححه الحاكم على شرط مسلم، وسكت عنه الذهبى.

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَلِيًّا، قَالَ: فَمَضَى عَلِيٌّ فِي السَّرِيَّةِ، فَاَصَابَ جَارِيَةً، فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: اِذَا لَقِينَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْنَاهُ بِمَا صَنَعَ عَلِيٌّ، قَالَ عِمْرَانُ: وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِذَا قَدِمُوا مِنْ سَفَرٍ بَدَؤُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ وَنَظَرُوْا اِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُوْنَ اِلٰى رِحَالِهِمْ، فَلَمَّا قَدِمَتِ السَّرِيَّةُ سَلَّمُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ اَحَدُ الْاَرْبَعَةِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيًّا صَنَعَ كَذَا وَكَذَا، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ اٰخَرُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيًّا صَنَعَ كَذَا وَكَذَا، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ اٰخَرُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيًّا صَنَعَ كَذَا وَكَذَا، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْغَضَبُ يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهِ، فَقَالَ: مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ - ثَلَاثًا - اِنَّ عَلِيًّا مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِي

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنگی مہم روانہ کی ان کا امیر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا۔ راوی کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ اس مہم میں تشریف لے گئے انہوں نے ایک کنیز کے ساتھ صحبت کر لی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے ان کی اس حرکت کو غلط قرار دیا انہوں نے یہ کہا: جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے تو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتائیں گے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا ہے۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مسلمان جب کسی سفر سے واپس آتے تھے' تو وہ سب سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرتے تھے پھر اپنی رہائش گاہوں کی طرف واپس جاتے تھے جب وہ مہم واپس آئی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا ان چار افراد میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ملاحظہ نہیں فرمائی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا ایسا کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پھیر لیا پھر دوسرے صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ملاحظہ نہیں فرمائی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا ایسا کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے بھی منہ پھیر لیا پھر ایک اور صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاحظہ نہیں فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا ایسا کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف متوجہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پہ غصے کے آثار نمایاں تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ علی کے بارے میں کیا چاہتے ہو؟ یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمائی: بے شک علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور وہ میرے بعد ہر مومن کا محبوب ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ نَاصِرَ كُلِّ مَنْ نَاصَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ہر اس شخص کے مددگار ہیں جس کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مددگار تھے

6930 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ اَبِي الدُّمَيْكِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ كُنْتُ وَلِيَّهُ، فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ

حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں جس کا ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے۔''

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْوَلَايَةِ لِمَنْ وَالٰى عَلِيًّا، وَالْمُعَادَاةِ لِمَنْ عَادَاهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص کے لیے محبت کی دعا کرنا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہو اور اس شخص کے لیے دشمنی کی دعا کرنا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھتا ہو

6931 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَيَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ عَلِيٌّ: اَنْشُدُ اللّٰهَ كُلَّ امْرِءٍ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَوْمَ غَدِيْرِ

6930– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن زياد، فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد5/350، وابن أبي شيبة12/57، والنسائي في "الفضائل" "41"، وفي "الخصائص" "80"، وابن أبي عاصم "1354"، والبزار "2535" من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد. وقرن ابن أبي شيبة وعنه ابن أبي عاصم - بأبي معاوية وكيعا، وبعضهم يذكر فيه قصة .وأخرجه أحمد في "المسند"5/358 و361، وفي "الفضائل" "947"و"1177"، والحاكم 2/130 من طريق وكيع، والحاكم أيضا 2/129 - 130 من طريق أبي عوانة، كلاهما عن الأعمش، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي. وأخرجه بنحوه أحمد في "المسند"5/347، وفي "الفضائل" "989"، وابن أبي شيبة 12/83، والنسائي في "الفضائل" "42"، وفي "الخصائص" "81"و"82"، والبزار "2533" و"2534"، والحاكم 3/110 من طريق سعيد بن جبير، عن ابن عباس، عن بريدة الأسلمي، وصححه الحاكم على شرط مسلم، وأقره الذهبي.

خُمٍّ لَمَّا قَامَ، فَقَامَ أُنَاسٌ فَشَهِدُوا أَنَّهُمْ سَمِعُوهُ، يَقُولُ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنِّي أَوْلَى النَّاسِ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوا: بَلَى يَارَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ، فَإِنَّ هٰذَا مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ، فَخَرَجْتُ وَفِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ، فَلَقِيتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: قَدْ سَمِعْنَاهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذٰلِكَ لَهُ.

قَالَ أَبُو نُعَيْمٍ: فَقُلْتُ لِفِطْرٍ كَمْ بَيْنَ هٰذَا الْقَوْمِ وَبَيْنَ مَوْتِهِ؟ قَالَ: مِائَةُ يَوْمٍ.

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: يُرِيدُ بِهِ مَوْتَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابوطفیل بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ہر وہ شخص جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی غدیر خم کے دن یہ بات سنی ہو میں اسے اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں وہ کھڑا ہو جائے' تو کچھ لوگ کھڑے ہوئے اور انہوں نے اس بات کی گواہی دی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ میں اہل ایمان کے نزدیک ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ پیارا ہوں۔ ان لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو میں جس کا محبوب ہوں یہ (یعنی علی) بھی اس کا محبوب ہے اے اللہ تو اُس سے محبت رکھ جو اِس سے محبت رکھتا ہو اور تو اُس سے دشمنی رکھ جو اِس سے دشمنی رکھتا ہو۔

راوی کہتے ہیں: میں وہاں سے لوٹ کر آیا' تو میرے ذہن میں اس حوالے سے کچھ الجھن تھی میری ملاقات حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے ان کے سامنے یہ بات ذکر کی تو انہوں نے بتایا: میں نے بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

ابونعیم نامی راوی کہتے ہیں: میں نے فطر نامی راوی سے دریافت کیا: ان لوگوں اور ان کی موت کے درمیان اتنا فاصلہ ہے' تو

6931- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير فطر بن خليفة وهو صدوق، روى له البخاري حديثا واحدا مقرونا بغيره، واحتج بن أصحاب السنن. أبو نعيم: هو الفضل بن دكين، وأبو الطفيل: هو عامر بن واثلة، صحابي صغير. وأخرجه أحمد في "المسند" 4/370، وفي "الفضائل" "1167" عن حسين بن محمد وأبي نعيم، بهذا الإسناد، ولم يذكر في "الفضائل" حديث زيد بن أرقم. وأخرجه النسائي في "الخصائص "93""، وابنُ أبي عاصم في "السنة" "1376" من طرقٍ عن فطر بن خليفة، به، ورواية ابن أبي عاصم مختصرة. وأخرجه بنحوه من حديث زيد بن أرقم النسائي في "الخصائص" "79"، وفي "الفضائل" "45"، والبزار "2538"، والطبراني "4969"، والحاكم 3/109 من طريق حبيب بن أبي ثابت، عن أبي الطفيل، عن زيد بن أرقم، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، وأقره الذهبي. وأخرجه مختصرا الترمذي "3713" في المناقب: باب مناقب علي بن أبي طالب، من طريق شعبة، عن سلمة بن كهيل، قال: سمعت أبا الطفيل يحدث عن أبي سريحة أو زيد بن أرقم شك شعبة - عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "من كنت مولاه فعلي مولاه." وقال: هذا حديث حسن صحيح. وفي الباب عن البراء بن عازب عند أحمد في "المسند" 1/281، و"الفضائل" "1042"، وابن أبي عاصم في "السنة". "1363" وعن علي عند أحمد 1/84 و118 و119 و152 و5/366 و419، وابن أبي عاصم "1361" و"1367" و"1370"، والطبراني "4052" و. "4053" وعن أبي أيوب الأنصاري وجابر بن عبد الله، وابن عمر، وطلحة، وحبشي بن جنادة، وسعد بن أبي وقاص عند ابن أبي عاصم "1355" و"1356" و"1357" و"1358" و"1360" و. "1376" وعن اثني عشر رجلا من الصحابة عند أحمد 1/119، وابن أبي عاصم. "1373"

انہوں نے جواب دیا: ایک سو دن کا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان کی مراد حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی وفات تھی۔

ذِكْرُ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا خَيْبَرَ عَلٰى يَدَىْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

اللہ تعالیٰ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں خیبر فتح کرنے کا تذکرہ

6932 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ، قَالَ: فَبَاتَ النَّاسُ لَيْلَتَهُمْ اَيُّهُمْ يُعْطَاهَا، فَلَمَّا اَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كُلُّهُمْ يَرْجُو اَنْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ: اَيْنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ؟ قَالُوْا: تَشْتَكِىْ عَيْنَاهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاَرْسِلُوْا اِلَيْهِ، فَلَمَّا جَاءَ بَصَقَ فِىْ عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهُ، فَبَرَاَ حَتّٰى كَاَنْ لَمْ يَكُنْ بِهٖ وَجَعٌ وَّاَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا؟ قَالَ: انْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، وَاَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ، فَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَّهْدِىَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَّاحِدًا خَيْرٌ لَّكَ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ

✿ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کل میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا' جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح نصیب کرے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو وہ ساری رات لوگ جاگ کر گزارتے رہے کہ ان میں سے کسے وہ دیا جاتا ہے۔ اگلے دن صبح لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں سے ہر شخص اس بات کا آرزومند تھا کہ وہ جھنڈا اسے دیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: علی بن ابوطالب کہاں ہے۔ لوگوں نے عرض کی: ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی ہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے بلواؤ جب وہ تشریف لائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی آنکھوں پر لعاب دہن ڈالا

6932– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري "3701" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، ومسلم "2406" في فضائل الصحابة: باب من فضائل علي بن أبي طالب، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه سعيد بن منصور في "سننه" "2473"، والبخاري "2942" في الجهاد: باب دعاء النبي صلى الله عليه وسلم إلى الإسلام والنبوة، وأبو داود "3661" في العلم: باب فضل نشر العلم، والطبراني "5877"، والبيهقي 9/106 - 107 من طرق عن عبد العزيز بن أبي حازم، به. ورواية أبي داود مختصرة بالمرفوع منه "والله لأن يهدي الله ... ." وأخرجه أحمد في "المسند" 5/333، وفي "الفضائل" "1037"، وسعيد بن منصور "2472"، والبخاري "3009"، في الجهاد: باب فضل من أسلم على يديه رجل، و"4210" في المغازي: باب غزوة خيبر، ومسلم "2406"، وسعيد بن منصور في "سننه" "2482"، والنسائي في "الفضائل" "46"، وفي "الخصائص" "17"، وفي السير كما في "التحفة" 4/125، والطبراني "5991"، والطحاوي 3/207، والبغوي "3906"، وأبو نعيم في "الحلية" 1/62 من طريق يعقوب بن عبد الرحمن، عن أبي حازم، به. ورواية الطحاوي مختصرة. وأخرجه بنحوه الطبراني "5950" من طريق فضيل بن سليمان، عن أبي حازم، به.

اوران کے لیے دعا کی تو وہ ٹھیک ہو گئے یوں جیسے انہیں کبھی کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے جھنڈا انہیں عطا کیا' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں ان کے ساتھ اس وقت تک لڑتا رہوں جب تک وہ ہماری مانند (مسلمان) نہیں ہو جاتے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ٹھہرو پہلے تم ان کے میدان میں اترو پھر انہیں اسلام کی دعوت دو انہیں یہ بتاؤ کہ اس بارے میں اللہ تعالیٰ کا کون ساحق ان کے ذمے لازم ہے اللہ کی قسم! اگر اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے کسی ایک شخص کو بھی ہدایت نصیب کر دے تو یہ چیز تمہارے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے کہ تمہیں سرخ اونٹ مل جائیں۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَحَبَّةِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے کے اثبات کا تذکرہ

6933 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَعْلٰى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِىْ مُنَيْنٍ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَاَدْفَعَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ اِلٰى رَجُلٍ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَتَطَاوَلَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: اَيْنَ عَلِيٌّ؟ فَقَالُوْا: يَشْتَكِىْ عَيْنَهُ فَدَعَاهُ، فَبَزَقَ فِىْ كَفَّيْهِ، وَمَسَحَ بِهِمَا عَيْنَ عَلِيٍّ، ثُمَّ دَفَعَ اِلَيْهِ الرَّايَةَ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''آج میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا' جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے' تو لوگ بڑھ چڑھ کر دیکھنے لگے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: علی کہاں ہے۔لوگوں نے بتایا: ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں بلایا اپنا لعاب دہن اپنی ہتھیلی پر ڈالا اور ان ہتھیلیوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں پر پھیر دیا پھر آپ ﷺ نے انہیں جھنڈا دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں فتح نصیب کی۔''

ذِكْرُ وَصْفِ مَا كَانَ يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قُدَّامَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کس بنیاد پر (کن اصولوں کے مطابق) جنگ میں حصہ لیا

6934 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَاَدْفَعَنَّ الْيَوْمَ اللِّوَاءَ اِلٰى رَجُلٍ

6933– إسناده قوي على شرط مسلم. أبو حازم: هو سلمان الأشجعي. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة". 12/69.

يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ ، قَالَ عُمَرُ: فَمَا اَحْبَبْتُ الْإِمَارَةَ اِلَّا يَوْمَئِذٍ، فَتَطَاوَلْتُ لَهَا، فَقَالَ لِعَلِيٍّ: قُمْ فَدَفَعَ اللِّوَاءَ اِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: اذْهَبْ وَلَا تَلْتَفِتْ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكَ فَمَشٰى هُنَيْهَةً، ثُمَّ قَامَ وَلَمْ يَلْتَفِتْ لِلْعَزْمَةِ، فَقَالَ: عَلٰى مَا اُقَاتِلُ النَّاسَ؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَاتِلْهُمْ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا فَقَدْ عَصَمُوا دِمَاءَ هُمْ، وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ خیبر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آج میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا' جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے فتح نصیب کرے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے صرف اسی دن امیر بننے کی خواہش کی میں اس کے لیے منتظر رہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم اٹھو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ جھنڈا ان کے سپرد کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم جاؤ اور ادھر ادھر متوجہ نہ ہونا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہیں فتح نصیب کردے وہ تھوڑی ہی دور گئے تھے پھر ٹھہر گئے انہوں نے ادھر ادھر نہیں دیکھا اور دریافت کیا: میں کس بنیاد پر لوگوں کے ساتھ لڑائی کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے ساتھ لڑائی کرو' یہاں تک کہ وہ اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جب وہ یہ کلمہ پڑھ لیں گے تو وہ اپنی جانوں اور اپنے مالوں کو محفوظ کرلیں گے' البتہ ان کے حق کا معاملہ مختلف ہے ان کا حساب اللہ کے ذمے ہوگا۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ فَعَلَ

اللہ تعالیٰ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے کے اثبات کا تذکرہ

اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور اس نے ایسا کرلیا ہے

6935 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا اِلٰى خَيْبَرَ، وَكَانَ عَمِّيْ عَامِرٌ يَرْتَجِزُ بِالْقَوْمِ وَهُوَ يَقُوْلُ:

6934- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، غير إبراهيم بن الحجاج السامين فقد روى له النسائي، وهو ثقة . وأخرجه القطيعي في زوائده على طفضائل الصحابة" لأحمد "1056" عن جعفر بن محمد بن الحسن الفريابي، عن إبراهيم بن الحجاج السامين بهذا الإسناد. وأخرجه في "الفضائل" "1031"، والقطيعي فيه "1844"، وابنُ أَبي عاصم في "السنة" "1377" من طرقٍ عن حماد بن سلمة، به، وبعضهم يزيد فيه على بعض . وأخرجه أحمد في "المسند" 2/384 - 385، وفي "الفضائل" "1030"، وابن سعد 2/110، والطيالسي "2441"، ومسلم "2405"، في "فضائل الصحابة": باب فضائل علي بن أبي طالب، وسعيد بن منصور في "سننه" "2474" والنسائي في "الخصائص" "19" و"20" و"21"، وابن أبي عاصم "1378"، والقطيعي "1122" من طرق عن سهيل بن أبي صالح، به.

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ... وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

وَنَحْنُ عَنْ فَضْلِكَ مَا اسْتَغْنَيْنَا ... فَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا

وَانْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هٰذَا ؟ قَالُوْا: عَامِرٌ، قَالَ: غَفَرَ لَكَ رَبُّكَ يَا عَامِرُ، وَمَا اسْتَغْفَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ خَصَّهُ اِلَّا اسْتُشْهِدَ، قَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ مَتَّعْتَنَا بِعَامِرٍ، فَلَمَّا قَدِمْنَا خَيْبَرَ، خَرَجَ مَرْحَبٌ يَخْطِرُ بِسَيْفِهِ، وَهُوَ مَلِكُهُمْ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اَنِّي مَرْحَبُ ... شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ

اِذَا الْحُرُوْبُ اَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ فَنَزَلَ عَامِرٌ، فَقَالَ:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اَنِّي عَامِرُ ... شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُغَامِرُ

فَاخْتَلَفَا ضَرْبَتَيْنِ فَوَقَعَ سَيْفُ مَرْحَبٍ فِيْ فَرَسِ عَامِرٍ فَذَهَبَ لِيَسْفُلَ لَهُ فَرَجَعَ سَيْفُهُ عَلٰى نَفْسِهِ، فَقَطَعَ اَكْحَلَهُ، فَكَانَتْ مِنْهَا نَفْسُهُ، وَاِذَا نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُوْنَ: بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ، قَتَلَ نَفْسَهُ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبْكِي، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ هٰذَا؟، قَالَ: قُلْتُ: نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِكَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ لَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ اَرْسَلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، فَاَتَيْتُهُ وَهُوَ اَرْمَدُ، فَقَالَ: لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، فَجِئْتُ بِهِ اَقُوْدُهُ وَهُوَ اَرْمَدُ حَتّٰى اَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَصَقَ فِيْ عَيْنِهِ، فَبَرَاَ، وَاَعْطَاهُ الرَّايَةَ وَخَرَجَ مَرْحَبٌ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اَنِّي مَرْحَبُ... شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ اِذَا الْحُرُوْبُ اَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ

فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ:

اَنَا الَّذِيْ سَمَّتْنِيْ اُمِّيْ حَيْدَرَهْ ... كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيْهِ الْمَنْظَرَهْ

اُوْفِيْهِمُ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَهْ

قَالَ: فَضَرَبَهُ فَفَلَقَ رَاْسَ مَرْحَبٍ، فَقَتَلَهُ، وَكَانَ الْفَتْحُ عَلٰى يَدَيْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰكَذَا اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ: فِيْ فَرَسِ عَامِرٍ وَّاِنَّمَا هُوَ فِيْ تُرْسِ عَامِرٍ

6935– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عكرمة بن عمار فمن رجال مسلم، وهو حسن -ديث. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "62443"، والقطيعي في زوائده على "الفضائل" "1094" عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة في "مسنده" 4/283 - 285 عن أبي داود الحراني، عن أبي الوليد الطيالسي، به. وأخرجه بنحوه أحمد في "المسند" 4/51 - 52، وفي "الفضائل" "1036"، وابن سعد 2/110 - 112، وابن أبي شيبة 14/458 - 460، ومسلم "1807" في الجهاد: باب غزوة ذي قرد وغيرها، وأبو عوانة 4/261 - 264 و276 - 278 من طرق عن عكرمة بن عمار، به. وانظر الحديث رقم "3196".

ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ خیبر کی طرف روانہ ہوئے میرے چچا حضرت عامر رضی اللہ عنہ لوگوں کو رجز پڑھا کر سنا رہے تھے وہ یہ پڑھ رہے تھے۔

''اللہ کی قسم! اگر اللہ تعالیٰ نہ ہوتا تو ہم ہدایت حاصل نہ کرتے ہم صدقہ نہ کرتے اور ہم نماز نہ پڑھتے اور ہم تیرے فضل سے بے نیاز نہیں ہو سکتے جب ہمارا (دشمن سے) سامنا ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھنا اور ہم پر سکینت نازل کرنا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کون شخص ہے۔ لوگوں نے بتایا: یہ عامر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عامر تمہارا پروردگار تمہاری مغفرت کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی بطور خاص کسی شخص کے لئے دعاء مغفرت کرتے تھے تو وہ شخص شہید ہو جاتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں عامر کے ذریعے نفع حاصل کرنے دیتے (یعنی ان کے زندہ رہنے کی دعا دیتے) تو بہتر تھا۔ (راوی کہتے ہیں:) جب ہم خیبر آ گئے تو مرحب اپنی تلوار لہراتا ہوا نکلا وہ ان کا بادشاہ تھا وہ یہ کہہ رہا تھا۔

''خیبر یہ بات جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں میں ہتھیار لہراتا ہوں اور تجربہ کار بہادر ہوں اس وقت جب جنگ بھڑک اٹھتی ہے۔''

تو حضرت عامر رضی اللہ عنہ میدان میں اترے اور انہوں نے کہا۔

''خیبر یہ بات جانتا ہے کہ میں عامر ہوں میں ہتھیار اٹھائے ہوئے تجربہ کار بہادر ہوں۔

ان دونوں نے ایک دوسرے پر حملہ کیا تو مرحب کی تلوار حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کو لگی پھر وہ بے قابو ہوا تو ان کی تلوار پلٹ کر انہیں ہی لگ گئی اس تلوار نے ان کی رگ کو کاٹ دیا اسی وجہ سے ان کا انتقال ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ کہا: عامر کا عمل باطل ہو گیا کیونکہ اس نے خودکشی کی ہے میں روتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت عامر رضی اللہ عنہ کا عمل باطل ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کس نے یہ کہا ہے۔ میں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ لوگ کہہ رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ اسے دو مرتبہ اجر ملے گا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا میں ان کے پاس آیا تو ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور اللہ اور اس کے رسول اس سے محبت رکھتے ہیں۔ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہاتھ پکڑ کر ساتھ لایا ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی تھیں میں انہیں لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن انہیں لگایا تو وہ ٹھیک ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جھنڈا عطا کیا پھر مرحب نکلا اور پھر اس نے یہی شعر پڑھا۔

''خیبر یہ بات جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں ہتھیار لہرائے ہوئے ہوں اور تجربہ کار جنگ جو ہوں اس وقت جب جنگ کی بھٹی بھڑک اٹھتی ہے۔''

تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا۔

''میں وہ شخص ہوں، جس کی ماں نے اس کا نام حیدر رکھا ہے، جو جنگل کے شیر کی طرح ہے، جسے دیکھنے سے ڈر لگتا ہے میں سندرہ (یعنی ماپنے کے بڑے برتن) کے ذریعے ماپ کر پورا صاع دیتا ہوں (یعنی دشمنوں بڑی تیزی سے قتل کر دیتا ہوں)''

راوی کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس پر وار کر کے مرحب کا سر چیر کر اسے مار دیا تو فتح حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں نصیب ہوئی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوخلیفہ نے یہ الفاظ اسی طرح نقل کئے ہیں کہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر وار کیا حالانکہ اصل یہ ہے حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی ڈھال پر وار کیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ خُرُوْجِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ بِرَايَتِهِ اِلٰى اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا جھنڈے کو لے کر اللہ کے دشمن کافروں کی طرف نکلنے کی صفت کا تذکرہ

6936 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، قَامَ، فَخَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: يَآيُّهَا النَّاسُ، لَقَدْ فَارَقَكُمْ اَمْسِ رَجُلٌ مَا سَبَقَهُ وَلَا يُدْرِكُهُ الْاٰخِرُوْنَ، لَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ، فَيُعْطِيهِ الرَّايَةَ، فَمَا يَرْجِعُ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ شِمَالِهِ، مَا تَرَكَ بَيْضَاءَ وَلَا صَفْرَاءَ اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَضَلَتْ مِنْ عَطَائِهِ، اَرَادَ اَنْ يَشْتَرِيَ بِهَا خَادِمًا

6936- رجاله ثقات رجال الشيخين، غير هبيرة بن يريم، فقد روى له أصحاب السنن، ولم يرو عنه غير ابى إسحاق وأبى فاختة، وثقه المؤلف، وقال أحمد: لا بأس به، وقال النسائى: أرجو ألا يكون به بأسن ويحيى وعبد الرحمن لم يتركا حديثه، وقد روىٰ غير حديث منكرن وقال ابن معين: مجهول، قلت: وقد توبعن وإسماعيل بن أبى خالد لا يعلم متى سمع من أبى إسحاق وهو السبيعى - لكن روى له مسلم فى "صحيحه" من روايته عنه. وهو فى "مصنف ابن أبى شيبة" 12/73 - 74. وأخرجه ابن سعد 3/38 عن عبيد الله بن موسى وعبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد فى "المسند" 1/199، و"الفضائل" "1014"، والطبرانى "2718" من طريق شريك بن عبد الله، وابن سعد 3/38، والطبرانى "2725" من طريق الأجلح بن عبد الله، والطبرانى "2717" من طريق يزيد بن عطاء، والنسائى فى "الخصائص" "23" من طريق يونس بن أبى إسحاق، والطبرانى "2722" من طريق يزيد بن أبى أنيسة، و"2723" من طريق سفيان الثورى، و "2724" من طريق على بن عابس، سبعتهم عن أبى إسحاق السبيعى، به. زاد الأجلح فى حديثه: "ولقد قبض فى الليلة التى عرج فيها بروح عيسى بن مريم ليلة سبع وعشرين من رمضان " وقد تفرد بهذه الزيادة، وغيره أوثق منه، وليس فى حديث سفيان الثورى ذكر لقصة جبريل وميكائيل، وهو أوثق الجميع. وأخرجه ابن ابى شيبة 12/68 - 69 عن شريك، عن أبى إسحاق، عن عاصم بن ضمرة، قال: خطب الحسن بن علي حين قتل علي ... فذكره. وأخرجه أحمد فى "المسند" 1/199 - 200، وفى "الفضائل" "922" و"1013"، وفى "الزهد" ص 133، وابن أبى شيبة 12/75 عن وكيع، عن إسرائيل، عن أبى إسحاق، عن عمرو بن حبشى، قال: خطبنا الحسن بن علي

ہبیرہ بن یریم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو سنا وہ کھڑے ہوئے انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: (یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے یوم شہادت سے اگلے دن کی بات ہے)

"اے لوگو! کل تم سے ایک ایسا شخص جدا ہو گیا جس سے کوئی سبقت نہیں لے جا سکا اور بعد والے اس تک پہنچ بھی نہیں سکتے اللہ کے رسول نے انہیں مہم پر روانہ کیا اور انہیں جھنڈا عطا کیا' تو وہ اس وقت تک واپس نہیں آئے جب تک اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح نصیب نہیں کر دی جبرائیل ان کے دائیں طرف تھے اور میکائیل ان کے بائیں طرف تھے انہوں نے سفید اور زرد (یعنی سونے اور چاندی) میں سے کچھ نہیں چھوڑا صرف سات سو درہم ہیں جو ان کی تنخواہ میں سے بچ گئے تھے اور ان کا ارادہ یہ تھا کہ وہ اس کے ذریعے کوئی خادم خرید لیں گے۔"

ذِكْرُ قِتَالِ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى تَاْوِيلِ الْقُرْآنِ كَقِتَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى تَنْزِيلِهِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا قرآن کی تاویل کے حوالے سے اسی طرح جنگ کرنے کا تذکرہ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تنزیل کے حوالے سے جنگیں کی تھیں

6937 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ مِنْكُمْ مَنْ يُقَاتِلُ عَلٰى تَاْوِيلِ الْقُرْآنِ، كَمَا قَاتَلْتُ عَلٰى تَنْزِيلِهِ ، قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اَنَا هُوَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ عُمَرُ: اَنَا هُوَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ خَاصِفُ النَّعْلِ ، قَالَ: وَكَانَ اَعْطٰى عَلِيًّا نَعْلَهُ يَخْصِفُهُ

6937--إسناده صحيح على شرط مسلم. جرير: هو ابن عبد الحميد، وهو في "مسند أبي يعلى". "1086" وأخرجه النسائي في "الخصائص" "156" عن إسحاق بن إبراهيم ومحمد بن قدامة، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه القطيعي في زوائده على "الفضائل" لأحمد "1083"، والحاكم 3/122، والبغوي "2447"، وابن الجوزي في "العلل المتناهية" 1/239 من طرق عن الأعمش، به. وضعفه ابن الجوزي بإسماعيل بن رجاء ظنا منه أنه إسماعيل بن رجاء الحمصي الذي ضعفه ابن حبان والدارقطني، وهذا وهم منه رحمه الله، فإسماعيل هذا هو الزبيدي الثقة الذي خرج له مسلم في "صحيحه"، نبه ذلك الإمام الذهبي في "تلخيص العلل المتناهية" ورقة 18، فقال: تكلم فيه ابن الجوزي من قبل إسماعيل فأخطأ، هذا ثقة، وإنما المضعف رجل صغير روى عن موسى بن الحصين، فهذا حديث جيد السند، قلت: وقد صححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي في مختصره. وأخرجه أحمد 3/31 و33 و82، والقطيعي "1071"، والحاكم 3/122 - 123 من طريق فطر بن خليفة، وابن أبي شيبة 12/64، وابن عدي في "الكامل" 7/2666 من طريق عبد الملك بن حميد بن أبي غنية، كلاهما عن إسماعيل بن رجاء، به. وفي بعض الروايات جاء الحديث مختصرا. وأورده الهيثمي في "المجمع" 9/133، وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح، غير فطر بن خليفة وهو ثقة.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''تم میں سے ایک شخص ایسا ہے' جو قرآن کی تفسیر کے لیے لڑے گا' جس طرح میں نے اس کے نازل ہونے کے بنیاد پر لڑائی کی تھی''۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ میں ہوں گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ میں ہوں گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ وہ جوتے کو گانٹھنے والا ہوگا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا جوتا دیا تھا' تاکہ وہ اسے گانٹھ دیں۔''

ذِكْرُ وَصْفِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ قَاتَلَهُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى تَاْوِيلِ الْقُرْآنِ

اس قوم کی صفت کا تذکرہ' جس کے ساتھ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے قرآن کی تاویل کے حوالے سے جنگ کی تھی

6938 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا (اَحْمَدُ بْنُ) مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَرْوَزِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، وَاَبِيْ عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِيْنَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَكَرَ عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ الْخَوَارِجَ، فَقَالَ: فِيهِمْ رَجُلٌ مُخْدَجُ الْيَدِ، اَوْ مُودَنُ الْيَدِ، لَوْلَا اَنْ تَبْطَرُوا، لَاَخْبَرْتُكُمْ بِمَا وَعَدَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ قَتَلَهُمْ، قَالَ: فَقُلْتُ لِعَلِيٍّ: اَسَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، اِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، اِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

عبیدہ سلمانی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خارجیوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: ان میں ایک ایسا شخص ہوگا' جس کا ایک ہاتھ چھوٹا ہوگا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک ہاتھ نامکمل ہوگا اگر تم لوگ فخر کا اظہار نہ کرو تو میں تم لوگوں کو بتاتا ہوں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے ساتھ جنگ کرنے والوں کے لئے اپنے نبی کی زبانی کیا وعدہ کیا ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا آپ نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے انہوں نے فرمایا جی ہاں رب کعبہ کی قسم جی ہاں رب کعبہ کی قسم جی ہاں رب کعبہ کی قسم۔

693- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير سلم بن جنادة، فقد روى له الترمذى، وابن ماجه، وهو ثقة، وغير عمرو بن العلاء، فقد روى له البخارى تعليقا، وأبو داود فى "القدر" وابن ماجة فى "التفسير" وهو ثقة أيضا. وأخرجه أحمد 1/95، والآجرى فى "الشريعة" ص 32 - 33 عن وكيع، بهذا الإسناد. إلا أنهما جعلاه فى أوله مرفوعا بلفظ: "ويخرج قوم فيهم رجل مودن اليد، أو مثدون اليد، أو مخدج اليد ." وأخرجه الطيالسى "166"، وعبد الرزاق "18652" و"18653"، وأحمد 1/83 و144 و155، وابن أبى شيبة15/303 - 304، ومسلم"155""1066" فى الزكاة: باب التحريض على قتل الخوارج، وأبو داود "4763" فى السنة: باب قتال الخوارج، وابن ماجة "167" فى المقدمة: باب ذكر الخوارج، والنسائى فى "الخصائص" "187" و"188"، وعبد الله بن أحمد فى زياداته على "المسند"1/121و122، وفى زياداته على "الفضائل" "1046"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "912"، وأبو يعلى "337"، والآجرى ص 32، والطبرانى فى "الصغير" "969" و"1002"، والبيهقى8/188 من طرق عن محمد بن سيرين، به. وبعضهم يزيد فى الحديث ...

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخَوَارِجَ مِنْ اَبْغَضِ خَلْقِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ خوارج اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی ناپسندیدہ ترین مخلوق ہے

6939 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، وَذَكَرَ ابْنُ سَلْمٍ اٰخَرَ مَعَهُ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ رَافِعٍ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَدَّثَهُ

(متن حدیث): اَنَّ الْحَرُوْرِيَّةَ لَمَّا خَرَجَتْ وَهُوَ مَعَ عَلِيٍّ، فَقَالُوْا: لَا حُكْمَ اِلَّا لِلّٰهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَلِمَةُ حَقٍّ اُرِيْدَ بِهَا بَاطِلٌ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَ اُنَاسًا اِنِّىْ لَاَعْرِفُ وَصْفَهُمْ فِىْ هٰؤُلَاءِ: يَقُوْلُوْنَ الْحَقَّ بِاَلْسِنَتِهِمْ، لَا يَجُوْزُ هٰذَا مِنْهُمْ - وَاَشَارَ اِلٰى حَلْقِهِ - مِنْ اَبْغَضِ خَلْقِ اللّٰهِ اِلَيْهِ، فِيْهِمْ اَسْوَدُ اِحْدٰى يَدَيْهِ حَلَمَةُ ثَدْىٍ، فَلَمَّا قَتَلَهُمْ عَلِيٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: انْظُرُوْا، فَنَظَرُوْا فَلَمْ يَجِدُوْا، فَقَالَ: ارْجِعُوْا، فَوَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، ثُمَّ وَجَدُوْهُ فِىْ خَرِبَةٍ، فَاَتَوْا بِهٖ حَتّٰى وَضَعُوْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: وَاَنَا حَاضِرٌ ذٰلِكَ مِنْ اَمْرِهِمْ وَقَوْلِ عَلِيٍّ فِيْهِمْ

❁❁ حضرت عبیداللہ بن ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حروریہ (یعنی خارجیوں) نے ظہور کیا' تو وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے ان لوگوں نے کہا: ثالث صرف اللہ تعالیٰ ہوسکتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: الفاظ حق ہیں لیکن اس کے ذریعے باطل مفہوم مرادلیا جارہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کا حلیہ بیان کیا تھا میں ان لوگوں میں وہ والے حلیے کو دیکھ رہا ہوں یہ لوگ اپنی زبانوں کے ذریعے حق بیان کرتے ہیں: (یعنی قرآن پڑھتے ہیں) لیکن وہ اس سے آگے نہیں جاتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے حلق کی طرف اشارہ کرکے یہ کہا: اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی مخلوق کے سب سے زیادہ ناپسندیدہ لوگ ہیں ان میں ایک سیاہ فام شخص ہے' جس کا ایک ہاتھ عورت کی چھاتی کی طرح ہے' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو قتل کردیا تو فرمایا اس بات کا جائزہ لو جب انہوں نے جائزہ لیا تو انہیں وہ شخص نہیں ملا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم لوگ واپس جاؤ اللہ کی قسم! نہ تو میں نے غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے یہ بات انہوں نے دو یا شاید تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر ایسا شخص ان لوگوں کو ایک کھنڈر میں مل گیا وہ لوگ اسے لے کر آئے' یہاں تک کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے رکھ دیا۔

عبیداللہ نامی راوی کہتے ہیں: میں ان (خوارج) کے واقعہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ان کے بارے میں اس بیان کے وقت موجود تھا۔

6939- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى فمن رجال مسلم. عمرو بن الحارث: هو المصرى. وأخرجه مسلم "157""1066" فى الزكاة: باب التحريض على قتل الخوارج، والنسائى فى "الخصائص" "177"، والفسوى 3/391 - 392، والبيهقى 8/171 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشِّفَاءِ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ عِلَّتِهِ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے لیے بیماری سے شفاء کی دعا کرنے کا تذکرہ

6940 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، وَمُحَمَّدٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ شَاكِيًا، فَمَرَّ بِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ اَجَلِىْ قَدْ حَضَرَ فَاَرِحْنِىْ، وَاِنْ كَانَ مُتَاَخِّرًا فَارْفَعْنِىْ، وَاِنْ كَانَ بَلَاءً فَصَبِّرْنِىْ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قُلْتَ؟ فَاَعَادَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَضَرَبَهٗ بِرِجْلِهٖ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ عَافِهٖ، اَوِ اشْفِهٖ - شُعْبَةُ الشَّاكُّ -، قَالَ: فَمَا اشْتَكَيْتُ وَجَعِىْ ذٰلِكَ بَعْدُ

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں بیمار ہو گیا نبی اکرم ﷺ میرے پاس سے گزرے تو میں یہ کہہ رہا تھا۔

''اے اللہ! اگر میری موت کا وقت آ چکا ہے' تو مجھے راحت عطا کر دے اور اگر ابھی موت کا وقت دور ہے' تو مجھے (ٹھیک کر کے) کھڑا کر دے اور اگر یہ کوئی آزمائش ہے' تو مجھے صبر عطا کر''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا تم نے کیا کہا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے یہ کلمات دوہرا دیئے' تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا پاؤں انہیں مارا اور یہ کہا۔

6979- إسناده قوي، محمد بن إسحاق قد صرح بالتحديث فانتفت شبهة تدليسه، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن عباد بن عبد الله، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة، وهو في "السيرة" لابن إسحاق ص 311، وعنه ابن هشام في "سيرته" 3/91 - 92 إلى قوله: "أوجب طلحة." وأخرجه كذلك ابن أبي عاصم في "السنة" "1398" عن أحمد بن عبدة، عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد 3/218، وابن أبي شيبة 12/91، وأحمد في "المسند" 1/165، و"الفضائل" "1290"، والترمذي "1692" في الجهاد: باب ما جاء في الدرع، و"3738" في المناقب: باب مناقب طلحة بن عبيد الله رضي الله عنه، وابن أبي عاصم "1397"، وأبو يعلى "670"، والحاكم 3/373 - 374 و374، والبيهقي في "السنن" 6/370 و9/46، والبغوي "3915" من طرق عن إسحاق، به. وبعضهم يزيد فيه على بعض، ولم يذكر واحد منهم في الحديث قصة علي بن أبي طالب والمهراس، وقال الترمذي: حسن صحيح لا نعرفه إلا من حديث محمد بن إسحاق، وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلِمٍ، ووافقه الذهبي.!

عَنْهُ، فَاَتَى الْمِهْرَاسَ، وَاَتَاهُ بِمَاءٍ فِي دَرَقَتِهِ، فَاَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّشْرَبَ مِنْهُ فَوَجَدَ لَهُ رِيْحًا فَعَافَهُ، فَغَسَلَ بِهِ الدَّمَ الَّذِي فِي وَجْهِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلَى مَنْ دَمَّى وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما اپنے والد (حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہم احد پہاڑ پر چڑھنے لگے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ایک چٹان پر چڑھنے کی کوشش کی لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں چڑھ سکے تو حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے گھٹنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نیچے بچھائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی پشت پر پاؤں رکھ کر اوپر چڑھ گئے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس چٹان پر تشریف فرما ہوئے۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: طلحہ نے (اپنے لئے جنت) واجب کر دی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو حکم دیا وہ مہراس کے پاس آئے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنی ڈھال میں پانی لے کر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے پینا چاہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں بو محسوس ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نہیں پیا پھر اس پانی کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر لگے ہوئے خون کو دھو دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کا غضب ان لوگوں پر شدت سے نازل ہوگا جنہوں نے اللہ کے رسول کے چہرے کو خون آلود کیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْجِرَاحَاتِ الَّتِي اُصِيْبَ طَلْحَةُ يَوْمَ اُحُدٍ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان زخموں کی صفت کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ احد میں شرکت کرتے ہوئے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو لگے تھے

6980 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِي الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَمَّا صُرِفَ النَّاسُ يَوْمَ اُحُدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

6980- إسناده ضعيف، لضعف إسحاق بن يحيى بن طلحة. وأخرجه البزار "1791" عن الفضل بن سهل، عن شبابة بن سوار، بهذا الإسناد. وقال: لا نعلم أحدا رفعه إلا أبو بكر الصديق، ولا نعلم له إسنادا غير هذا. وإسحاق قد روى عنه عبد الله بن المبارك وجماعة، وإن كان فيه ... ، ولا نعلم أحدا شاركه في هذا. وأورده الهيثمي في "المجمع" 6/112، وقال: رواه البزار وفيه إسحاق بن يحيى بن طلحة، وهو متروك. وأخرجه الطيالسي ص 3، ومن طريقه البيهقي في "الدلائل" 3/263 عن عبد الله بن المبارك، عن إسحاق بن يحيى بن طلحة، به. وأخرجه مختصرا جدا ابن سعد 3/218، عن موسى بن إسماعيل عن عبد الله بن المبارك، عن إسحاق بن يحيى بن طلحة، به.

وَسَلَّمَ كُنْتُ اَوَّلَ مَنْ جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلٰى رَجُلٍ بَيْنَ يَدَيْهِ يُقَاتِلُ عَنْهُ وَيَحْمِيهِ، فَجَعَلْتُ اَقُوْلُ: كُنْ طَلْحَةَ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّي، مَرَّتَيْنِ، قَالَ: ثُمَّ نَظَرْتُ اِلٰى رَجُلٍ خَلْفِيْ كَاَنَّهُ طَائِرٌ، فَلَمْ اَنْشَبْ اَنْ اَدْرَكَنِيْ، فَاِذَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَدَفَعْنَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِذَا طَلْحَةُ بَيْنَ يَدَيْهِ صَرِيعٌ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دُوْنَكُمْ اَخُوْكُمْ، فَقَدْ اَوْجَبَ، قَالَ: وَقَدْ رُمِيَ فِيْ جَبْهَتِهٖ وَوَجْنَتِهٖ، فَاَهْوَيْتُ اِلَى السَّهْمِ الَّذِيْ فِيْ جَبْهَتِهٖ لِاَنْزِعَهُ، فَقَالَ لِيْ اَبُوْ عُبَيْدَةَ: نَشَدْتُكَ بِاللّٰهِ يَا اَبَا بَكْرٍ اِلَّا تَرَكْتَنِيْ، قَالَ: فَتَرَكْتُهُ، فَاَخَذَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ السَّهْمَ بِفِيْهِ، فَجَعَلَ يُنَضْنِضُهُ، وَيَكْرَهُ اَنْ يُّؤْذِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اسْتَلَّهُ بِفِيْهِ، ثُمَّ اَهْوَيْتُ اِلَى السَّهْمِ الَّذِيْ فِيْ وَجْنَتِهٖ لِاَنْزِعَهُ، فَقَالَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ: نَشَدْتُكَ بِاللّٰهِ يَا اَبَا بَكْرٍ اِلَّا تَرَكْتَنِيْ، فَاَخَذَ السَّهْمَ بِفِيْهِ، وَجَعَلَ يُنَضْنِضُهُ، وَيَكْرَهُ اَنْ يُّؤْذِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اسْتَلَّهُ، وَكَانَ طَلْحَةُ اَشَدَّ نَهْكَةً مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشَدَّ مِنْهُ، وَقَدْ كَانَ اَصَابَ طَلْحَةَ بَضْعَةٌ وَّثَلَاثُوْنَ بَيْنَ طَعْنَةٍ وَّضَرْبَةٍ وَّرَمْيَةٍ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی غزوہ احد کے دن جب لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے ہٹ گئے' تو میں وہ پہلا شخص تھا' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا میں نے ایک شخص کی طرف دیکھا' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے موجود تھا وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے لڑائی میں حصہ لے رہا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بچانے کی کوشش کر رہا تھا تو میں نے دومرتبہ یہ کہا: تم طلحہ ہو میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اپنے پیچھے موجود شخص کو دیکھا' جو پرندے کی مانند تھا تھوڑی ہی دیر میں وہ مجھ تک پہنچ گیا تو وہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ تھے پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے مقابلہ کر رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کا خیال کرو' جس نے (اپنے لئے جنت) واجب کر لی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار پر تیر لگا تھا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر لگے ہوئے تیر کو نکالنے کا ارادہ کیا حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں کہ آپ یہ کام میرے لئے چھوڑ دیں' تو میں نے اسے چھوڑ دیا۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اپنے منہ کے ذریعے اس تیر کو پکڑا اور اس کو کھینچنے کی کوشش کرنے لگے وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی تکلیف پہنچے پھر انہوں نے اپنے منہ کے ذریعے اسے کھینچ لیا پھر میں اس تیر کی طرف بڑھا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار پر لگا تھا' تا کہ اسے نکالوں۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوبکر میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں اسے آپ میرے لئے چھوڑ دیں' تو انہوں نے وہ تیر بھی اپنے منہ کے ذریعے پکڑا اور اسے نکالنے کی کوشش کرنے لگے وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی تکلیف پہنچائیں پھر انہوں نے اسے کھینچ دیا۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ زخمی تھے' (یا انہوں نے لڑائی میں زیادہ حصہ لیا) جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس سے زیادہ شدید تھے۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو اس دن نیزے، تلوار اور تیر کے تیس سے زیادہ زخم آئے تھے۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِیْ مِنْ اَجْلِهٖ شُلَّتْ یَدُ طَلْحَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِ

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ شل ہو گیا تھا

6981 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِیْعٌ، عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَیْتُ یَدَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ شَلَّاءَ وَقٰی بِهَا النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ اُحُدٍ

قیس بن ابوحازم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ دیکھا ہے جو شل ہو چکا تھا وہ اس کے ذریعے غزوہ احد کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بچا رہے تھے۔

ذِكْرُ الزُّبَیْرِ بْنِ الْعَوَّامِ بْنِ خُوَیْلِدٍ رِضْوَانُ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَقَدْ فَعَلَ

حضرت زبیر بن عوام بن خویلد رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

6982 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ مَوْلٰی ثَقِیْفٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ، حَدَّثَنَا عَتِیْقُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنِی الزُّبَیْرُ بْنُ خُبَیْبِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ:

6981- إسناده صحيح، على شرط الشيخين. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة "12/90، ومن طريقه البخاري "4063" في المغازي: باب (إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا) ، والطبراني "192"، والبغوي ."3917" وأخرجه أحمد في "المسند"1/161، وفي "الفضائل" "1292"، وابن ماجه "128" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من طريق وكيع، به. وأخرجه سعيد بن منصور في "سننه" "2850"، والبخاري "3724" في فضائل الصحابة: باب ذكر طلحة بن عبيد الله، من طريق خالد بن عبد الله الواسطي، عن إسماعيل بن أبي خالد، به . وأخرجه ابن سعد 3/217 عن أبي أسامة، عن إسماعيل بن أبي خالد عن قيس، قال: رأيت إصبعي طلحة قد شلتا . . . .

6982- حديث صحيح. عتيق بن يعقوب روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"8/527، ووثقه الدارقطني، وقال أبو زرعة الرازي: بلغني أنه حفظ "الموطأ" في حياة مالك، مترجم في "التاريخ الكبير "7/98، و "الجرح والتعديل "7/46، و"لسان الميزان"4/129 - 130، وأبوه لم أتبينه ولم أقف له على ترجمة، والزبير بن خبيب ذكره المؤلف في "الثقات"6/331، والبخاري 3/414، وابن أبي حاتم3/584، وقال الذهبي في "الميزان": فيه لين، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه بنحوه مختصرا أحمد 1/165 و167، والبخاري "107" في العلم: باب إثم من كذب على النبي صلى الله عليه وسلم، والنسائي في العلم كما في "التحفة" 3/179، وابن ماجه "36" في المقدمة: باب التغليظ في تعمد الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم، من طرق عن شعبة، عن جامع بن شداد، عن عامر بن عبد الله بن الزبير، عن أبيه قال: قلت للزبير: إني لا أسمعك تحدث عن رسول الله صلى الله عليه وسلم كما يحدث فلان وفلان؟ قال: أما إني لم أفارقه، ولكن سمعته يقول: "من كذب علي فليتبوأ مقعده من النار ." وأخرجه كذلك أبو داود "3651" في العلم: باب في التشديد في الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم، من طريق بيان بن بشر، عن وبرة بن عبد الرحمن، عن عامر بن عبد الله بن الزبير، به.

(متن حدیث) قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ لِاَبِيهِ: يَا اَبَتِ، حَدِّثْنِي عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اُحَدِّثَ عَنْكَ، فَاِنَّ كُلَّ اَبْنَاءِ الصَّحَابَةِ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: يَا بُنَيَّ، مَا مِنْ اَحَدٍ صَحِبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصُحْبَةٍ اِلَّا وَقَدْ صَحِبْتُهُ مِثْلَهَا، اَوْ اَفْضَلَ، وَلَقَدْ عَلِمْتَ يَا بُنَيَّ اَنَّ اُمَّكَ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ كَانَتْ تَحْتِي، وَلَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّ عَائِشَةَ بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ خَالَتُكَ، وَلَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّ اُمِّي صَفِيَّةُ بِنْتُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَاَنَّ اَخْوَالِي حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَاَبُو طَالِبٍ، وَالْعَبَّاسُ، وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنُ خَالِي، وَلَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّ عَمَّتِي خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَكَانَتْ تَحْتَهُ، وَاَنَّ ابْنَتَهَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّ اُمَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آمِنَةُ بِنْتُ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ، وَاَنَّ اُمَّ صَفِيَّةَ وَحَمْزَةَ هَالَةُ بِنْتُ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ، وَلَقَدْ صَحِبْتُهُ بِاَحْسَنِ صُحْبَةٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے اپنے والد سے کہا: اے ابا جان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے مجھے کوئی حدیث بیان کیجئے تا کہ میں وہ آپ کے حوالے سے روایت کرسکوں' کیونکہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بچے اپنے والد کے حوالے سے حدیث بیان کرتے ہیں: تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے جو بھی شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں رہا ہے میں بھی اس کی مانند یا اس سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا ہوں اے میرے بیٹے تم یہ بات جانتے ہو کہ تمہاری والدہ اسماء بنت ابوبکر میری بیوی تھی اور تم یہ بات بھی جانتے ہو کہ عائشہ بنت ابوبکر تمہاری خالہ ہے اور تم یہ بات بھی جانتے ہو کہ میری والدہ صفیہ بنت عبدالمطلب ہیں (جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی ہیں) اور میرے ماموں حمزہ بن عبدالمطلب اور جناب ابوطالب حضرت عباس رضی اللہ عنہ ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماموں زاد بھی ہیں تم یہ بات بھی جانتے ہو کہ خدیجہ بنت خویلد میری پھوپھی تھی وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ تھیں اور سیّدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی صاحب زادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہیں' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحب زادی ہیں اور تم یہ بات بھی جانتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ سیّدہ آمنہ بنت وہب رضی اللہ عنہا ہیں' جبکہ (میری والدہ) سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا اور (میرے ماموں) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی والدہ ہالہ بنت وہب ہیں (جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سگی خالہ ہیں) تو میں الحمد اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اچھی طرح سے رہا ہوں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص میری طرف ایسی بات منسوب کرے جو میں نے نہ کہی ہو وہ جہنم میں اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچنے کے لئے تیار رہے۔''

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الشَّهَادَةِ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کی شہادت کے اثبات کا تذکرہ

6983 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ

يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ حِرَاءَ وَمَعَهُ اَبُو بَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَّطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ، فَتَحَرَّكَ بِهِمُ الْجَبَلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْكُنْ حِرَاءُ، فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيقٌ اَوْ شَهِيدٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حرا (پہاڑ) پر چڑھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ تھے' تو ان حضرات کی موجودگی میں اس پہاڑ نے حرکت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے حرا تم ساکن رہو' کیونکہ تمہارے اوپر ایک نبی، ایک صدیق اور ایک شہید موجود ہے۔

ذِكْرُ جَمْعِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے لیے اپنے والدین کو جمع کرنے کا تذکرہ

(یعنی یہ کہنا: میرے والدین تم پر قربان ہوں)

6984 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ،

6983- إسناده على شرط مسلم. وهو في "صحيحه" "2417" في فضائل الصحابة: باب من فضائل طلحة والزبير رضي الله عنهما، من طريق سليمان بن بلال عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد، وزاد فيه سعد بن أبي وقاص. وأخرجه أحمد 2/419، ومسلم "2417" "50" والترمذي "3696" في المناقب: باب في مناقب عثمان بن عفان رضي الله عنه، والنسائي في "الفضائل" "103"، وابن أبي عاصم في "السنة" "1441" من طريقين عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن سهيل بن أبي صالح، به. وأخرجه ابن أبي عاصم "1442" من طريق عبد الله بن صالح، عن عبد الرحمن بن جبير بن نفير، عن أبيه، عن أبي هريرة. وانظر حديث عثمان المتقدم برقم. "6916"

6984- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عبدة بن سليمان: هو أبو محمد الكلابي الكوفي. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 12/91، وقد سقط من السند فيه: "عبد الله بن عروة." وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة" "199" عن إسحاق بن إبراهيم، عن عبدة بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "2416" "49" في فضائل الصحابة: باب من فضائل طلحة والزبير، من طريق علي بن مسهر، وابن أبي عاصم في "السنة" "1390" من طريق أبي معاوية، كلاهما عن هشام بن عروة، به. وأخرجه الترمذي "3743" في المناقب: باب مناقب الزبير بن العوام رضي الله عنه، عن هناد، عن عبدة بن سليمان، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن عبد الله بن الزبير، به، وقال: حسن صحيح. وأخرجه أحمد 1/164، ومسلم "2416" من طريق أبي أسامة، والبخاري "3720" في فضائل الصحابة: باب مناقب الزبير بن العوام، من طريق عبد الله بن المبارك، ومسلم "2416" من طريق علي بن مسهر، والنسائي في "اليوم والليلة" "201" من طريق حماد بن زيد، أربعتهم عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن عبد الله بن الزبير، به، وذكروا فيه قصة. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/164، وفي "الفضائل" "1267"، وابن ماجه "123" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم من طريق أبي معاوية، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن عبد الله بن الزبير، عن الزبير، قال: لقد جمع لي رسول الله صلى الله عليه وسلم أبويه أحد.

عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَمَعَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ يَوْمَ قُرَيْظَةَ، فَقَالَ: بِاَبِي وَاُمِّي

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنگ قریظہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لیے اپنے ماں باپ کو جمع کرتے ہوئے یہ فرمایا تھا: میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ كَانَ حَوَارِيَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حواری تھے

6985 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافَى الْعَابِدُ بِصَيْدَا، اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: مَنْ رَجُلٌ يَاْتِينَا بِخَبَرِ بَنِي قُرَيْظَةَ؟ فَقَالَ الزُّبَيْرُ: اَنَا، فَذَهَبَ عَلٰى فَرَسِهِ، فَجَاءَ بِخَبَرِهِمْ، ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ الزُّبَيْرُ: اَنَا، ثُمَّ قَالَ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ الزُّبَيْرُ: اَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ، وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خندق کے دن ارشاد فرمایا: کون شخص بنو قریظہ کے بارے میں اطلاعات میرے پاس لے کر آئے گا' تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں۔ پھر وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو گئے اور ان کے بارے میں اطلاع لے کر آئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری مرتبہ یہ بات کہی تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہ بات کہی تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا

6985- إسناده صحيح، على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عيسى بن حماد فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/314، وابن أبي شيبة 12/92، والنسائي في "الفضائل" "108" من طريق أبي معاوية، ومسلم "2415" في فضائل الصحابة: باب من فضائل طلحة والزبير، والنسائي "107" من طريق أبي أسامة كلاهما عن هشام بن عروة، به. وحديث أبي معاوية مختصر، ولفظه: "الزبير ابن عمتي، وحواري من أمتي." وأخرجه أحمد 3/365، والبخاري "2846" في الجهاد: باب فضل الطليعة، و"4113" في المغازي: باب غزوة الخندق، ومسلم "2415"، والترمذي "3745" في المناقب: باب رقم "25"، والنسائي في "الفضائل" "107"، وابن ماجه "122" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والبيهقي في "الدلائل" 3/431 من طريق سفيان الثوري، وأخرجه أحمد في "المسند" 3/307، وفي "الفضائل" "1264"، والبخاري "2847" في الجهاد: باب هل يبعث الطليعة وحده، و "2997": باب السير وحده، و "2261" في أخبار الآحاد: باب بعث النبي صلى الله عليه وسلم الزبير طليعة وحده، ومسلم "2415"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/363، وأبو عوانة في "مسنده" 4/301، من طريق سفيان بن عيينة، وأخرجه أحمد 3/338، والبخاري "3719" في فضائل الصحابة: باب مناقب الزبير بن العوام، من طريق عبد العزيز بن عبد الله بن أبي سلمة، ثلاثتهم عن محمد بن المنكدر، به. وبعضهم يزيد فيه على بعض. وأخرجه أحمد 3/314، والنسائي في السير كما في "التحفة" 2/388، وابن أبي عاصم في "السنة" "1393"، وأبو عوانة 4/301 من طريق هشام بن عروة، عن وهب بن كيسان، عن جابر.

ہے اور میرا حواری زبیر بن عوام ہے۔

ذِكْرُ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ الزُّهْرِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَعَلَ

حضرت سعد بن ابی وقاص زہری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

6986 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تُحَدِّثُ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهِرَ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَّهِيَ اِلٰى جَنْبِهِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: مَا شَاْنُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَيْتَ رَجُلًا صَالِحًا مِنْ اَصْحَابِىْ يَحْرُسُنِى اللَّيْلَةَ، قَالَتْ: فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْ سَمِعْتُ صَوْتَ السِّلَاحِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هٰذَا؟، قَالَ: سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟، قَالَ جِئْتُ لِاَحْرُسَكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَسَمِعْتُ غَطِيطَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ نَوْمِهِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات دیر تک جاگتے رہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھیں وہ بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کاش میرے اصحاب میں سے کوئی صالح شخص آج رات میری حفاظت کرتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ابھی ہم اسی حالت میں تھے کہ میں نے ہتھیار کی آواز سنی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کون ہے۔ اس نے جواب دیا: سعد بن مالک۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیوں آئے ہو۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کے لئے آیا ہوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نیند کے دوران خراٹے سنے (یعنی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پرسکون نیند سو گئے)

ذِكْرُ رُؤْيَةِ سَعْدٍ جِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام کو غزوہ احد کے دن دیکھنے کا تذکرہ

6987 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

6986- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد في "المسند"6/141، و"الفضائل" "1305"، وابن أبي شيبة في "مصنفه"12/88، وابن أبي عاصم في "السنة" "1411"، والحاكم 3/501، عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد، وقال الحاكم: صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي. ! وقوله: "قال: فسمعت غطيط"، وفي بعض الروايات: "قالت" أي عائشة كما جاء مصرحا به عند الحاكم . وأخرجه البخاري "2885" في الجهاد: باب الحراسة في الغزو في سبيل الله، و"7231" في التمني: باب قوله صلى الله عليه وسلم: "ليت كذا وكذا"، ومسلم "2410" في فضائل الصحابة: باب في فضل سعد بن أبي وقاص رضي الله عنه، والنسائي في "الفضائل" "113"، وفي السير كما في "التحفة"11/449 من طرق عن يحيى بن سعيد، به.

(متن حدیث): رَاَيْتُ عَنْ يَمِيْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ شِمَالِهِ يَوْمَ اُحُدٍ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيضٌ، مَا رَاَيْتُهُمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ - يَعْنِي جِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ -

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ احد کے دن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف اور بائیں طرف دو آدمی دیکھے جن کے جسم پر سفید کپڑے تھے میں نے ان دونوں کو نہ تو اس سے پہلے کبھی دیکھا اور نہ ہی بعد میں دیکھا (راوی کہتے ہیں:) وہ جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام تھے۔

ذِكْرُ جَمْعِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ لِسَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے لیے اپنے والدین کو جمع کرنے کا تذکرہ (یعنی یہ کہنا: میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں)

6988 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَسُفْيَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ

6987- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو اسامة: هو حماد بن سلمة، وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 12/89. ومن طريق ابن أبي شيبة أخرجه مسلم "46" "2306" في الفضائل: باب في قتال جبريل وميكائيل عن النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، وابن أبي عاصم في "السنة" "1410"، والبيهقي في "دلائل النبوة" 3/255، وقرن مسلم والبيهقي بأبي أسامة محمد بن بشر. وأخرجه أحمد 1/177، والدورقي في "مسند سعد" "77"، والبخاري "5826" في اللباس: باب الثياب البيض، والبيهقي في "الدلائل" 3/255 من طرق عن مسعر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/171، والبخاري "4054" في المغازي: باب ﴿إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا﴾، ومسلم "47" "2306"، والبيهقي 3/254 من طريق إبراهيم بن سعد بن إبراهيم، عن أبيه، به.

6988- إسناداه صحيحان، رجالهما ثقات رجال الشيخين، غير إبراهيم بن بشار: وهو الرمادي الحافظ، فقد روى له أبو داود والترمذي. سفيان هو ابن عيينة. وأخرجه الترمذي "2828" في الأدب: باب ما جاء في فداك أبي وأمي، والنسائي في "اليوم والليلة" "194" عن إبراهيم بن سعيد الجوهري، والترمذي "2829"، "3753" في المناقب: باب مناقب سعد بن أبي وقاص، عن الحسن بن الصباح البزار، كلاهما عن سفيان بن عيينة، عن يحيى بن سعيد، عن سعيد بن المسيب، عن علي. قرن الحسن بن الصباح في حديثه علي بن زيد بن جدعان بيحيى بن سعيد، وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه مسلم "2411" في فضائل الصحابة: باب في فضل سعد بن أبي وقاص، عن ابن أبي عمر، عن سفيان بن عيينة، عن مسعر بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "4085" في المغازي: باب ﴿إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا﴾، عن أبي نعيم، ومسلم "2411"، والنسائي في "اليوم والليلة" "190" من طريق محمد بن بشر، كلاهما عن مسعر، به. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/144، و"الفضائل" "1314"، وابن أبي شيبة 12/86 - 87، والبخاري "2905" في الجهاد: باب المجن ومن يترس بترس صاحبه، ومسلم "2411"، والترمذي "3755"، والنسائي في "اليوم والليلة" "192"، وابن سعد 3/141، وابن أبي عاصم في "السنة" "1405" من طريق سفيان وهو الثوري - وأخرجه أحمد في "المسند" 1/92، والفضائل "1304"، والبخاري "4059"، ومسلم "41" "2411" من طريق إبراهيم بن سعد، وأخرجه أحمد 1/136 - 137، ومسلم "2411"، والنسائي "191"، وابن ماجة "129" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والبغوي "3920" من طريق شعبة، ثلاثتهم عن سعد بن إبراهيم، به. سقط "سفيان" من كتاب مسلم.

اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ اَبَوَيْهِ لِاَحَدٍ اِلَّا لِسَعْدٍ، فَاِنَّهُ، قَالَ لَهُ يَوْمَ اُحُدٍ: ارْمِ فِدَاكَ اَبِي وَاُمِّي

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کبھی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی کے لئے بھی اپنے والدین کو جمع کرتے ہوئے نہیں سنا صرف حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لئے سنا ہے کیونکہ غزوہ احد کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم تیر پھینکو میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَعْدًا اَوَّلُ مَنْ رَمَى مِنَ الْعَرَبِ بِالسَّهْمِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ وہ پہلے عرب شخص ہیں جنہوں نے اللہ کی راہ میں تیر اندازی کی تھی

6989 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاِنْ كُنَّا لَنَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَنَا طَعَامٌ نَاْكُلُهُ اِلَّا وَرَقُ الْحُبْلَةِ وَهٰذَا السَّمُرُ، حَتّٰى اِنْ كَانَ اَحَدُنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ مَا لَهُ خِلْطٌ، ثُمَّ اَصْبَحَتْ بَنُو اَسَدٍ تُعَزِّرُنِي عَلَى الدِّينِ، لَقَدْ خِبْتُ اِذًا وَضَلَّ عَمَلِي

حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! میں عربوں میں سے وہ پہلا شخص ہوں جس نے اللہ کی راہ میں (جنگ کے دوران) تیر اندازی کی ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوات میں شریک ہوتے تھے ہمارے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں ہوتا تھا صرف درخت کے پتے ہوتے تھے اور یہ مخصوص قسم کا درخت ہوتا تھا' یہاں تک کہ ہم میں سے کوئی ایک شخص بکری کی مینگنی کی

6989- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير محمد بن عبد الأعلى، فمن رجال مسلم. إسماعيل: هو ابن أبي خالد، وقيس: هو ابن أبي حازم. وأخرجه مسلم "12""2966" في أول كتاب الزهد، عن يحيى بن حبيب الحارثي، عن المعتمر، بهذا الإسناد. وأخرجه وكيع في "الزهد" "123"، وأحمد في "المسند"1/174 و181 و186، وفي "الفضائل" "1307" و"1315"، وفي "الزهد" ص 31، وابن أبي شيبة 12/87، وابن سعد 3/140، والدارمي 2/208، والبخاري "3728" في فضائل الصحابة: باب مناقب سعد بن أبي وقاص الزهري، و"5412" في الأطعمة: باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يأكلون، و"6453" في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي صلى الله وعليه وسلم وأصحابه، ومسلم"12""2966" و"13"، والنسائي في "الفضائل" "114"، وفي الرقائق كما في "التحفة"3/309، وابن ماجة "131" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله وعليه وسلم، من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، به. وبعضهم يزيد على بعض. وأخرجه الترمذي "2365"، وفي "الشمائل" "135"، والبغوي "3924" من طريق مجالد بن سعيد، عن بيان بن بشر، عن قيس بن أبي حازم، به. وقال الترمذي: حسن صحيح، غريب من حديث بيان. وقوله: "تعزرني على الدين " قال الهروي: معنى "تعزرني" توقفني، والتعزير: التوقيف على الأحكام والفرائض، قال ابن جرير: معناه: تقومني وتعلمني. وانظر "شرح السنة".14/126

طرح پاخانہ کرتا تھا اس میں کچھ ملا ہوا نہیں ہوتا تھا اب اگر بنو اسد دین کے حوالے سے مجھے عار دلانے کی کوشش کریں پھر تو میں رسوا ہو گیا اور میرا عمل ضائع ہو گیا۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَعْدٍ بِاسْتِجَابَةِ دُعَائِهٖ اَىَّ وَقْتٍ دَعَاهُ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لیے یہ دعا کرنا کہ وہ جس وقت بھی دعا کریں ان کی دعا مستجاب ہو

6990 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لَهٗ اِذَا دَعَاكَ - يَعْنِيْ سَعْدًا -

قیس بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: نبی اکرم ﷺ نے دعا کی۔

''اے اللہ! جب یہ تجھ سے دعا کرے تو اس کو مستجاب کرنا۔''

نبی اکرم ﷺ کی مراد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ تھے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْجَنَّةِ لِسَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے لیے جنت کے اثبات کا تذکرہ

6991 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيْسٰى*

6990- إسناده صحيح على شرط الشيخين. قيس: هو ابن أبي حازم، وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنة" "1408" عن الحسن بن علي، بهذا الإسناد، ولفظه عنده: "اللّهم سدد رميته، وأجب دعوته"، وقد تحرف في المطبوع "جعفربن عون" إلى جعفر بن عوف. وأخرجه بلفظ المصنف: الترمذي "3751" في المناقب: باب مناقب سعد بن أبي وقاص، عن رجاء بن محمد، والبزار "2579" عن محمد بن معمر ورجاء بن محمد، والحاكم 3/499 من طريق محمد بن عبد الوهاب العبدي، ثلاثتهم عن جعفر بن عون، به، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد في "الفضائل" "1308" عن يحيى القطان، عن إسماعيل بن أبي خالد، به. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 1/93 من طريق موسى بن عقبة، عن إسماعيل بن أبي خالد، به. بلفظ حديث ابن أبي عاصم سواء. وقال الترمذي: وقد روى هذا الحديث عن إسماعيل، عن قيس أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "اللّهم لسعد إذا دعاك"، وهذا أصح. قلت: وأخرجه مرسلا ابن سعد 3/142 عن يزيد بن هارون، عن إسماعيل بن أبي خالد، به.

6991- عبد الله بن عيسى الرقاشي ذكره المؤلف في "الثقات"، وقال: من أهل البصرة، يروي عن أيوب السختياني، روى عنه محمد بن موسى الحرشي والبصريون، يخطء ويخالف، قلت: وورد اسمه عند البزار والعقيلي في "الضعفاء" 2/289 "عبد الله بن قيس الرقاشي" وتبعهما الذهبي في "الميزان" 2/473، وقال العقيلي: حديثه غير مَحفوظٍ، ولا يُتابعُ عليه، ولا يُعرفُ إلا به، وبقية رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه العقيلي 2/289 عن محمد بن زكريا، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه البزار "1982" و "2582" عن محمد بن المثنى، به. ولفظه عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "يدخل عليكم رجل من أهل الجنة"، فدخل سعد، قال ذلك ثلاثة أيام، كل ذلك يدخل سعد.

الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَدْخُلُ عَلَيْكُمْ مِنْ ذَا الْبَابِ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، قَالَ: وَلَيْسَ مِنَّا اَحَدٌ اِلَّا وَهُوَ يَتَمَنَّى اَنْ يَّكُوْنَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ، فَاِذَا سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَدْ طَلَعَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس دروازے سے تمہارے پاس ایک شخص آئے گا' جو جنتی ہوگا۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم میں سے ہر شخص کی یہ خواہش تھی کہ وہ داخل ہونے والا شخص اس کے گھر والوں میں سے کوئی ہو' تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔

ذِكْرُ الْاٰيِ الَّتِيْ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا وَكَانَ سَبَبَهَا سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ

ان آیات کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے نازل کیں اور ان کے نزول کا سبب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ تھے

6992 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اُنْزِلَتْ فِيَّ اَرْبَعُ آيَاتٍ: اَصَبْتُ سَيْفًا، فَاَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نَفِّلْنِيهِ، قَالَ: ضَعْهُ، ثُمَّ قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نَفِّلْنِيهِ، وَاجْعَلْنِيْ كَمَنْ لَا غَنَاءَ لَهُ، قَالَ: ضَعْهُ مِنْ حَيْثُ اَخَذْتَ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (يَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ) (الأنفال: 1) وَصَنَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ طَعَامًا، فَدَعَانَا، فَشَرِبْنَا الْخَمْرَ حَتّٰى انْتَشَيْنَا، فَتَفَاخَرَتِ الْاَنْصَارُ وَقُرَيْشٌ، فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ: نَحْنُ اَفْضَلُ مِنْكُمْ، وَقَالَتْ قُرَيْشٌ: نَحْنُ اَفْضَلُ، فَاَخَذَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ لَحْيَ جَزُوْرٍ فَضَرَبَ اَنْفَ سَعْدٍ، فَفَزَرَهٗ، فَكَانَ اَنْفُ سَعْدٍ مَفْزُوْرًا، قَالَ: فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ

6992–إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير سماك بن حرب، فمن رجال مسلم، وهو صدوق. بندار: هو محمد بن بشار، ومحمد: هو ابن جعفر غندر. وقوله: "شجروا فاها" أي: فتحوه. وأخرجه مسلم "34""1748" في الجهاد: باب الأنفال، و4/1878 "44" في فضائل الصحابة: باب فيفضل سعد بن أبي وقاص، والترمذي "3189" في تفسير القرآن: باب سورة العنكبوت، عن محمد بن المثنى ومحمد بن بشار، بهذا الإسناد. وحديث مسلم في الموضع الأول بقصة الأنفال فقط، وحديث الترمذي بقصة أم سعد فقط، وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه أحمد 1/185 - 186، والطبري في "جامع البيان "9/174 و21/70 من طريق محمد بن جعفر، به، ورواية الطبري الأولى في قصة الأنفال، والثانية في قصة أم سعد. وأخرجه أبو داود "208"، ومن طريقه الدورقي في "مسند سعد" "43"، وأبو عوانة في "مسنده"4/104 عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 1/181 عن يحيى بن سعيد، والدورقي "44"، وأبو عوانة 4/103 - 104، والبيهقي 6/269 و291 و8/285 و9/26 من طريق وهب بن جرير، كلاهما عن شعبة، به، واختصره بعضهم. وأخرجه مسلم "43""1748"، وأبو يعلى "782"، وأبو عوانة 4/104 من طريق زهير بن معاوية، ومسلم "33"/4 من طريق أبي عوانة اليشكري، كلاهما عن سماك بن حرب، به.

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ) (المائدة: 90) وَقَالَتْ أُمُّ سَعْدٍ: أَلَيْسَ قَدْ أَمَرَ اللَّهُ بِالْبِرِّ، وَاللَّهِ لَا أَطْعَمُ طَعَامًا، وَلَا أَشْرَبُ شَرَابًا حَتَّى أَمُوتَ أَوْ تَكْفُرَ، قَالَ: فَكَانُوا إِذَا أَرَادُوا أَنْ يُطْعِمُوهَا شَجَرُوا فَاهَا، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا) (العنكبوت: 8) الْآيَةُ، قَالَ: وَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَرِيضٌ يَعُودُنِي، قُلْتُ: يَارَسُولَ اللَّهِ، أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: فَبِثُلُثَيْهِ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: فَبِنِصْفِهِ؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: فَبِثُلُثِهِ؟ قَالَ: فَسَكَتَ.

مصعب اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میرے بارے میں چار آیات نازل ہوئیں مجھے تلوار ملی میں وہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے یہ نفلی طور پر عطا کر دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے رکھ دو۔ میں نے پھر عرض کی: یارسول اللہ! مجھے نفلی طور پر عطا کر دیں اور مجھے ایسے شخص کی مانند کر دیں جس کے پاس خوشحالی نہیں ہوتی (یعنی مجھے غریب سمجھ کے ہی یہ مجھے دیدیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں سے تم نے اسے لیا ہے وہاں رکھ دو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''لوگ تم سے مال انفال کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔''

ایک مرتبہ ایک انصاری شخص نے کھانا تیار کیا اس نے ہمیں پلایا ہم نے شراب پی لی' یہاں تک کہ ہم آپس میں لڑ پڑے انصار اور قریش نے ایک دوسرے کے سامنے فخر کا اظہار کرنا شروع کر دیا۔ انصار نے کہا: ہم تم سے زیادہ فضیلت رکھتے ہیں۔ قریش نے کہا: ہم زیادہ فضیلت رکھتے ہیں۔ انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے گوشت کا ٹکڑا پکڑا اور اسے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی ناک پر مار کر توڑ دیا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی ناک ٹوٹ گئی۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''بے شک شراب، جوا، بت اور پانسہ ناپاک ہیں یہ شیطان کے عمل سے تعلق رکھتے ہیں تم اس سے اجتناب کرو تا کہ فلاح حاصل کرلو۔''

ایک مرتبہ ام سعد نے عرض کی: کیا اللہ تعالیٰ نے نیکی کرنے کا حکم نہیں دیا اللہ کی قسم! میں اس وقت تک کھانا نہیں کھاؤں گی اور اس وقت تک کوئی مشروب نہیں پیوں گی جب تک میں مر نہیں جاتی یا تم (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا) انکار نہیں کر دیتے۔ راوی بیان کرتے ہیں: لوگ جب ان کو کچھ کھلانے کا ارادہ کرتے تو وہ اس کا منہ زبردستی کھولتے تھے اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''ہم نے انسان کو ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تلقین کی ہے۔''

حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میں بیمار تھا آپ میری عیادت کے لیے تشریف لائے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنے سارے مال کے بارے میں وصیت کر دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ میں نے دریافت کیا: دو تہائی کے بارے میں کر دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ میں نے عرض کی: نصف کے بارے میں کر دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ میں نے عرض کی: ایک تہائی کے بارے میں کر دوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔

ذِكْرُ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَعَلَ

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

6993 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْحَوْضِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْاَخْنَسِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ، فَذَكَرَ الْمُغِيرَةُ عَلِيًّا، فَنَالَ مِنْهُ، فَقَامَ سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، فَقَالَ: اَشْهَدُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِّي سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: عَشْرَةٌ فِي الْجَنَّةِ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ، وَاَبُوْ بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنُ مَالِكٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَلَوْ شِئْتُ لَسَمَّيْتُ الْعَاشِرَ، قَالُوْا: مَنْ هُوَ؟ فَسَكَتَ، فَقَالُوْا: مَنْ هُوَ؟ فَقَالَ: سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ

❁❁ عبدالرحمٰن بن اخنس بیان کرتے ہیں: وہ مسجد میں موجود تھے مغیرہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے ان کی شان میں گستاخی کی تو حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے وہ بولے: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات گواہی دے کر کہتا ہوں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"دس لوگ جنتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنتی ہیں، ابوبکر جنتی ہیں، عمر جنتی ہیں، عثمان جنتی ہیں، علی جنتی ہیں، طلحہ بن عبیداللہ جنتی ہیں، زبیر بن عوام جنتی ہیں، سعد بن مالک جنتی ہیں اور عبدالرحمٰن بن عوف جنتی ہیں (پھر حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے کہا) اگر میں چاہوں، تو دسویں آدمی کا نام بھی لے سکتا ہوں۔ لوگوں نے دریافت کیا: وہ کون ہے؟ تو وہ خاموش رہے لوگوں نے دریافت کیا: وہ کون ہے؟ تو انہوں نے بتایا: سعید بن زید (یعنی وہ خود)"

ذِكْرُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ الزُّهْرِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَعَلَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف زہری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

6993–حديث صحيح، عبد الرحمن بن الأخنس ذكره المؤلف في "الثقات" وروى عنه اثنان وقد توبع، وبقية رجاله ثقات. الحوضي: هو حفص بن عمرو بن الحارث . وأخرجه أبو داود "4649" في السنة: باب في الخلفاء، عن حفص بن عمرو، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "236"، وأحمد في "المسند"1/188، وفي "الفضائل" "87"، والترمذي بعد الحديث "3757" في المناقب: باب مناقب سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، والنسائي في "الفضائل" "106"، وابن أبي عاصم في "السنة" "1428" و "1429" و "1430" و "1431" من طرق عن شعبة، به. وقال الترمذي: حسن. وأخرجه النسائي "100" من طرق الحسن بن عبيد الله، عن الحر بن صياح، به. وأخرجه أحمد 1/187، وأبو داود "4650"، والنسائي "90"، وابن ماجة "133" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، وابن أبي عاصم "1433" و"1435" و"1436" من طريق رياح بن الحارث، عن سعيد. وسيأتي عند المصنف برقم "6996" من طريق عبد الله بن ظالم، عن سعيد بن زيد . وفي الباب عن عبد الرحمن، سيأتي عند المصنف برقم. "7002"

6994 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ بَيْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ شَيْءٌ، فَسَبَّهُ خَالِدٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِي؛ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَوْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا اَدْرَكَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے درمیان کسی بات پر جھگڑا ہو گیا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے انہیں برا کہا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے اصحاب میں سے کسی کو برا نہ کہو اگر تم میں سے کوئی شخص احد پہاڑ جتنا سونا خیرات کر دے تو بھی ان میں سے کسی ایک کے ایک مد بلکہ نصف (مد خیرات کرنے) تک بھی نہیں پہنچ سکتا۔

6995 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، وَالْجَنَدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ اَمْرَكُنَّ لَمِمَّا يُهِمُّنِي بَعْدِي، وَلَنْ يَصْبِرَ عَلَيْكُنَّ بَعْدِي اِلَّا الصَّابِرُ، قَالَ: ثُمَّ تَقُوْلُ: فَسَقَى اللّٰهُ اَبَاكَ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ، تُرِيدُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، وَكَانَ قَدْ وَصَلَ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ بِيعَ بِاَرْبَعِينَ اَلْفًا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (خواتین) کا معاملہ ان چیزوں میں سے ایک ہے جن کے بارے میں مجھے اپنے بعد اندیشہ ہے اور میرے بعد تم پر وہی شخص صبر سے کام لے گا' جو صبر کرنے والا ہوگا۔

6994- إسناده صحيح على شرط الشيخين، محمد بن الصباح: هو الدولابي، وجرير: هو ابن عبد الحميد الضبي. وأخرجه مسلم "222" "2541" في فضائل الصحابة: باب تحريم سب الصحابة رضي الله عنهم، عن عثمان بن شيبة، وأبو يعلى "1171" عن زهير بن حرب، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة "161" في المقدمة: باب في فضائل أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن محمد بن الصباح، بهذا الإسناد. غير أنه جعله من مسند أبي هريرة. وانظر "7253" و "7255".

6995- حديث صحيح، صخر بن عبد الله: هو ابن حرملة المدلجي. وثقه المؤلف والعجلي، وقال النسائي: صالح، وقال الذهبي في "مختصر المستدرك": صدوق، وباقي رجال السند ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه الترمذي "3749" في المناقب: باب مناقب عبد الرحمن بن عوف رضي الله عنه، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد، وقال: حسن صحيح غريب. وأخرجه أحمد في "الفضائل" "1258" عن منصور بن سلمة، والحاكم 3/312 من طريق عبد الله بن يوسف التنيسي، كلاهما عن بكر بن مضر، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، فتعقبه الذهبي بقوله: صخر صدوق لم يخرجا له. وأخرجه بنحوه أحمد 6/103-104 و135، وابن سعد 3/132-133 من طريق أم بكر بنت المسور بن مخرمة، عن أبيها، عن عائشة. وفي الباب عن أم سلمة عند أحمد 6/299 و302، وابن أبي عاصم في "السنة" "1412" و"1413"، والطبراني "136" /23 و"896"، وابن سعد 3/132. وعن أبي هريرة عند ابن أبي عاصم "1414"، والحاكم 3/311 وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي. وعن أبي سلمة بن عبد ارحمن، أن عبد الرحمن بن عوف أوصى بحديقة لأمهات المؤمنين بيعت بأربع مئة ألف. أخرجه الترمذي "3750"، والحاكم 3/312 وصححه على شرط مسلم، وقال الترمذي: حسن غريب.

راوی بیان کرتے ہیں: پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہارے والد کو (جنت کی نہر) سلسبیل سے سیراب کرے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد عبدالرحمٰن بن عوف تھے (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا:) وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کا اتنا خیال رکھتے تھے کہ انہوں نے جو مال دیا اس کی قیمت چالیس ہزار تھی۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْجَنَّةِ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے لیے جنت کے اثبات کا تذکرہ

6996 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، قَالَ: سَمِعْتُ حُصِينًا يَذْكُرُ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ظَالِمٍ الْمَازِنِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ خُطَبَاءُ يَتَنَاوَلُوْنَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفِي الدَّارِ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ فَاَخَذَ بِيَدِي، وَقَالَ: اَلَا تَرَى هٰذَا الرَّجُلَ الَّذِي اَرَى، يَلْعَنُ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاَشْهَدُ عَلَى التِّسْعَةِ اَنَّهُمْ فِي الْجَنَّةِ وَلَوْ شَهِدْتُ عَلَى الْعَاشِرِ لَمْ آثَمْ، فَقُلْتُ: مَنِ التِّسْعَةُ؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حِرَاءٍ، فَقَالَ: اثْبُتْ حِرَاءُ، فَاِنَّ عَلَيْكَ نَبِيًّا، وَصِدِّيقًا، وَشَهِيدًا، قُلْتُ: مَنْ هُمْ؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَسَعْدٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، قُلْتُ: مَنِ الْعَاشِرُ؟ فَتَفَكَّرَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: اَنَا

❀❀ عبداللہ بن ظالم مازنی بیان کرتے ہیں: خطیب لوگ کھڑے ہوئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی کرنے لگے۔ گھر میں حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور بولے کیا تم اس شخص کو دیکھ رہے ہو جسے میں دیکھ رہا ہوں یہ ایک جنتی شخص کو برا کہہ رہا ہے میں نو لوگوں کے بارے میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنتی ہیں اور اگر میں دسویں کے بارے میں گواہی دینا چاہوں تو میں گناہ گار نہیں ہوں گا۔ میں نے دریافت کیا: وہ نو لوگ کون ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حرا پہاڑ

6996– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، غير عبد الله بن ظالم، فقد روى عنه جمع، ووثقه المؤلف والعجلي، وحديثه عند أصحاب السنن . وأخرجه أحمد في "الفضائل" "81" عن عثمان بن أبي شيبة، وأبو داود "4648" في السنة: باب في الخلفاء ، والنسائي في "الفضائل" "104" عن أبي كريب محمد بن العلاء ، و "88" عن إسحاق بن إبراهيم ثلاثتهم عن ابن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "235"، والحميدي "84"، وأحمد في "المسند"1/188 و189، وأحمد أيضا وابنه عبد الله في "الفضائل" "81"، والترمذي "3757" في المناقب: باب مناقب سعيد بن زيد، والنسائي "87" و"101"، ابن ماجه "134" في المقدمة: باب فضائل أصاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والحاكم3/450 - 451، والبغوي "3927" من طرق عن حصين بن عبد الرحمن، به. وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه أبو داود "4648"، والنسائي "89" و"104" من طريق سفيان وهو الثوري - عن منصور، عن هلال بن يساف، عن ابن حيان، عن عبد الله بن ظالم، به . قال البخاري في "التاريخ"5/125 بعد أن ذكر رواية هلال بن يساف، عن عبد الله بن ظالم، عن سعيد بن زيد: وزاد بعضهم ابن حيان فيه ولم يصح . وانظر ."6993" وفي الباب عن ابن عمر عند الطبراني في "الصغير" "62"، ورجاله رجال الصحيح غير حامد بن يحيى البلخي وهو ثقة - وعن عبد الرحمن بن عوف وسيأتي برقم ."7002"

پر موجود تھے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: اے حرا ٹھہرے رہو کیونکہ تمہارے اوپر ایک نبی، ایک صدیق اور ایک شہید ہے۔ میں نے دریافت کیا: وہ کون لوگ ہیں۔ انہوں نے بتایا: نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، حضرت ابوبکر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، حضرت طلحہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، حضرت زبیر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، حضرت سعد (بن ابی وقاص رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ) اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ (یہ نو لوگ ہیں جو جنتی ہیں)

میں نے دریافت کیا: دسواں شخص کون ہے؟ وہ تھوڑی دیر تک سوچتے رہے' پھر بولے: میں ہوں۔

ذِكْرُ اَبِیْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ فَعَلَ

حضرت ابوعبیدہ بن جراح رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کا تذکرہ

6997 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ، نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ، نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، نِعْمَ الرَّجُلُ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، نِعْمَ الرَّجُلُ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، بِئْسَ الرَّجُلُ فُلَانٌ وَّفُلَانٌ سَمَّاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُسَمِّهِمْ لَنَا سُهَيْلٌ

حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا:

''ابوبکر اچھا آدمی ہے، عمر اچھا آدمی ہے، ابوعبیدہ بن جراح اچھا آدمی ہے، اسید بن حضیر اچھا آدمی ہے، ثابت بن قیس اچھا آدمی ہے، معاذ بن عمرو اچھا آدمی ہے، فلاں اور فلاں برے آدمی ہیں۔

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ان لوگوں کا نام لیا لیکن سہیل نامی راوی نے ان کے نام بیان نہیں کیے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ كَانَ مِنْ اَحَبِّ الرِّجَالِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ اَبِیْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت ابوعبیدہ بن جراح رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے نزدیک حضرت ابوبکر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اور حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے بعد پسندیدہ ترین مرد تھے

6998 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

6997- إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير محمد بن عبيد المحاربي، فقد روى له أصحاب السنن غير ابن ماجه، وهو صدوق . وسيرد هذا الحديث عند المؤلف برقم "7129" من طريق محمد بن الوليد الزبيدي، عن ابن أبي حازم، به . فانظر تخريجه هناك.

سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ الْجُرَيْرِيّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ:

(متن حدیث): قِيلَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَيْكَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ، قِيلَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ، قِيلَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: عُمَرُ قِيلَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

❀❀ جعفر بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں اور عبید اللہ بن عدی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد حکومت میں نکلے ہم لوگوں کے ساتھ سفر کر رہے تھے جب ہم واپس آئے' تو ہمارا گزر حمص سے ہوا وہاں حضرت وحشی رضی اللہ عنہ موجود تھے' جو حضرت جبیر بن معطم رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام تھے انہوں نے وہاں رہائش اختیار کی ہوئی تھی اور وہاں مقیم تھے جب ہم ان کے ہاں آئے' تو عبید اللہ بن عدی نے مجھ سے کہا: کیا تمہیں اس بات میں دلچسپی ہے کہ ہم حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں اور ان سے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں دریافت کریں کہ انہوں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو کیسے شہید کیا تھا۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو ہم لوگ روانہ ہوئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ اپنے گھر کے باہر چبوترے پر بیٹھے ہوئے تھے وہ ایک عمر رسیدہ بوڑھے شخص تھے۔ جب ہم ان کے پاس آئے' تو ہم نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے سر اٹھا کر عبید اللہ بن عدی کی طرف دیکھا اور دریافت کیا: تم عدی بن خیار کے بیٹے ہو۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم میں نے تمہیں اس وقت دیکھا تھا جب میں نے بنو سعد قبیلے سے تعلق رکھنے والی تمہاری رضاعی ماں کو تمہیں پکڑایا تھا' جس نے ذی طویٰ کے مقام پر تمہیں دودھ پلایا تھا میں نے اس خاتون کو تمہیں پکڑایا' تو وہ اپنے اونٹ پر سوار تھی اس نے تمہیں پکڑ لیا جب میں نے تمہیں اس کی طرف بلند کیا تھا اس وقت تمہارے پاؤں میرے سامنے ظاہر ہوئے تھے اللہ کی قسم ابھی جب تم میرے سامنے آ کر ٹھہرے' تو میں نے تمہارے پاؤں دیکھے' تو انہیں شناخت کر لیا۔ راوی کہتے ہیں: ہم ان کے پاس بیٹھ گئے ہم نے کہا: ہم آپ کے پاس اس لیے آئے ہیں' تا کہ آپ ہمیں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قتل کے بارے میں

بتائیں کہ آپ نے انہیں کیسے قتل کیا تھا'' تو انہوں نے فرمایا: میں تم دونوں کو اسی طرح بیان کروں گا' جس طرح میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بیان کیا تھا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے اس بارے میں دریافت کیا تھا: میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کا غلام تھا ان کا چچا طعمہ بن عدی غزوہ بدر میں مارا گیا تھا جب قریش احد کے لئے روانہ ہوئے' تو جبیر بن مطعم نے مجھ سے کہا: اگر تم نے محمد کے چچا حمزہ کو قتل کر دیا میرے چچا طعمہ کے بدلے میں تو تم آزاد ہو گے۔ میں وہاں سے روانہ ہوا میں ایک حبشی شخص تھا میں حبشیوں کے مخصوص انداز میں چھوٹا نیزہ پھینکا کرتا تھا کم ہی ایسا ہوتا تھا میرا نشانہ خطاء جاتا تھا جب لڑائی شروع ہوئی' تو میں اس بات کا جائزہ لینے لگا کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کہاں ہیں' یہاں تک کہ میں نے انہیں لوگوں کے درمیان خاکستری اونٹ کی طرح دیکھا وہ لوگوں کو اپنی تلوار سے پیچھے کر رہے تھے کوئی بھی چیز انہیں روک نہیں رہی تھی اللہ کی قسم میں ابھی ان کی طرف جانے کا ارادہ کر ہی رہا تھا'' تو میں اس بارے میں عاجز ہو گیا کہ مجھ سے پہلے سباع بن عبدالعزیٰ ان تک جا چکا تھا جب حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے اسے دیکھا' تو وہ بولے آگے آؤ اے عورتوں کے ختنے کرنے والی عورت کے بیٹے پھر انہوں نے اسے ضرب لگائی اللہ کی قسم انہوں نے اس کا سر اڑا دیا۔ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنا نیزہ تیار کیا' یہاں تک کہ جب میرے حساب سے نشانہ ٹھیک ہوا' تو میں نے اسے پھینک دیا وہ ان کے پیٹ میں جا کے لگا' یہاں تک کہ ان کی دونوں ٹانگوں کے درمیان سے باہر نکل گیا انہوں نے میری طرف بڑھنے کی کوشش کی لیکن مغلوب ہو گئے میں نے انہیں ایسے ہی رہنے دیا' یہاں تک کہ ان کا انتقال ہو گیا' تو پھر میں ان کے پاس آیا اور میں نے اپنا نیزہ لے لیا پھر میں لوگوں کی طرف واپس چلا گیا اور لشکر میں آ کر بیٹھ گیا کیونکہ اس کے بعد مجھے کچھ کرنے کی ضرورت نہیں تھی میں نے انہیں اس لیے قتل کیا تھا تاکہ مجھے آزاد کر دیا جائے جب میں مکہ آیا' تو مجھے آزاد کر دیا گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وَحْشِيًّا لَمَّا اَسْلَمَ اَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّغَيِّبَ عَنْهُ وَجْهَهُ لِمَا كَانَ مِنْهُ فِي حَمْزَةَ مَا كَانَ

اس بات کا تذکرہ' جب وحشی نے اسلام قبول کر لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ اپنا چہرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دور کر لیں کیونکہ انہوں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا

7017 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّغُولِيُّ، - وَكَانَ وَاحِدَ زَمَانِهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ السَّرَخْسِيُّ، حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى اَبُو عُمَرَ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي

7017- حديث صحيح، محمد بن مشكان وثقه المؤلف 9/127، وقال: كان ابن حنبل رحمه الله يكاتبه، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، غير وحشي بن حرب، فقد أخرج له البخاري فقط هذه القصة. وأخرجه أحمد 3/501 عن حجين بن مثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "4072" في المغازي: باب قتل حمزة بن عبد المطلب رضي الله عنه، عن أبي جعفر محمد بن عبد المبارك المخرمي، والبيهقي في "الدلائل" 3/241 - 242 من طريق محمد بن عبد الله بن أبي الثلج، كلاهما عن حجين بن مثنى، به. وأخرجه الطيالسي "1314" عن عبد العزيز بن أبي سلمة، به، غير أنه قال فيه: "عن سليمان بن يسار، عن عبيد الله بن عدي بن الخيار، قال: أقبلنا من الروم ..." فذكره.

سَلَمَةَ بْنِ اَخِي الْمَاجِشُوْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْهَاشِمِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ اِلَى الشَّامِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا حِمْصَ، قَالَ لِي عُبَيْدُ اللّٰهِ: هَلْ لَكَ فِيْ وَحْشِيٍّ نَسْاَلُهُ عَنْ قَتْلِ حَمْزَةَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: وَكَانَ وَحْشِيٌّ يَسْكُنُ حِمْصَ، قَالَ: فَسَاَلْنَا عَنْهُ، فَقِيْلَ لَنَا: هُوَ ذَاكَ فِيْ ظِلِّ قَصْرِهِ، كَاَنَّهُ حَمِيتٌ، قَالَ: فَجِئْنَا حَتّٰى وَقَفْنَا عَلَيْهِ، فَسَلَّمْنَا فَرَدَّ السَّلَامَ، قَالَ: وَعُبَيْدُ اللّٰهِ مُعْتَجِرٌ بِعِمَامَةٍ مَا يَرَى وَحْشِيٌّ اِلَّا عَيْنَيْهِ وَرِجْلَيْهِ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ: يَا وَحْشِيُّ، اَتَعْرِفُنِي؟ فَنَظَرَ اِلَيْهِ وَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ اِلَّا اَنِّي اَعْلَمُ اَنَّ عَدِيَّ بْنَ الْخِيَارِ تَزَوَّجَ امْرَاَةً يُقَالُ لَهَا: اُمُّ الْقِتَالِ بِنْتُ اَبِي الْعِيصِ، فَوَلَدَتْ لَهُ غُلَامًا بِمَكَّةَ فَاسْتَرْضَعَهُ، فَحَمَلْتُ ذٰلِكَ الْغُلَامَ مَعَ اُمِّهِ فَنَاوَلْتُهَا اِيَّاهُ، فَلَكَاَنِّي نَظَرْتُ اِلٰى قَدَمَيْكَ، قَالَ: فَكَشَفَ عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ: اَلَا تُخْبِرُنَا بِقَتْلِ حَمْزَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، اِنَّ حَمْزَةَ قَتَلَ طُعَيْمَةَ بْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ بِبَدْرٍ، قَالَ: فَقَالَ لِي مَوْلَايَ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ: اِنْ قَتَلْتَ حَمْزَةَ بِعَمِّي فَاَنْتَ حُرٌّ، قَالَ: فَمَا اَنْ خَرَجَ النَّاسُ عَامَ عَيْنَيْنِ -، قَالَ: وَعَيْنَيْنُ جَبَلٌ تَحْتَ اُحُدٍ، بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ وَادٍ -، قَالَ: فَخَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ اِلَى الْقِتَالِ، فَلَمَّا اصْطَفُّوا لِلْقِتَالِ، خَرَجَ سِبَاعٌ اَبُوْ نِيَارٍ، قَالَ: فَخَرَجَ اِلَيْهِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ: يَا سِبَاعُ، يَا ابْنَ اُمِّ اَنْمَارٍ، يَا ابْنَ مُقَطِّعَةِ الْبُظُوْرِ، تُحَادُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ؟ قَالَ: ثُمَّ شَدَّ عَلَيْهِ، فَكَانَ كَاَمْسِ الذَّاهِبِ، قَالَ: وَاَكْمَنْتُ لِحَمْزَةَ حَتّٰى مَرَّ عَلَيَّ، فَلَمَّا اَنْ دَنَا مِنِّي رَمَيْتُهُ بِحَرْبَتِي، فَاَضَعُهَا فِيْ ثُنَّتِهِ حَتّٰى خَرَجَتْ مِنْ بَيْنِ وَرِكَيْهِ، قَالَ: فَكَانَ ذٰلِكَ الْعَهْدُ بِهِ، فَلَمَّا رَجَعَ النَّاسُ، رَجَعْتُ مَعَهُمْ، فَاَقَمْتُ بِمَكَّةَ حَتّٰى نَشَا فِيْهَا الْاِسْلَامُ، ثُمَّ خَرَجْتُ اِلَى الطَّائِفِ، قَالَ: وَاَرْسَلُوا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُسُلًا، قَالَ: وَقِيْلَ لَهُ: اِنَّهُ لَا يَهِيْجُ الرُّسُلَ، قَالَ: فَجِئْتُ فِيْهِمْ حَتّٰى قَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَآنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَنْتَ وَحْشِيٌّ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اَنْتَ قَتَلْتَ حَمْزَةَ؟ قَالَ: قُلْتُ: قَدْ كَانَ مِنَ الْاَمْرِ مَا بَلَغَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُغَيِّبَ عَنِّي وَجْهَكَ؟، قَالَ: فَخَرَجْتُ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مُسَيْلِمَةُ الْكَذَّابُ، قَالَ: قُلْتُ: لَاَخْرُجَنَّ اِلٰى مُسَيْلِمَةَ لَعَلِّيْ اَقْتُلُهُ، فَاُكَافِءَ بِهِ حَمْزَةَ، قَالَ: فَخَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ، فَكَانَ مِنْ اَمْرِهِمْ مَا كَانَ، قَالَ: وَاِذَا رُجَيْلٌ قَائِمٌ فِيْ ثَلْمَةِ جِدَارٍ كَاَنَّهُ جَمَلٌ اَوْرَقُ مَا نَرٰى رَاْسَهُ، قَالَ: فَاَرْمِيهِ بِحَرْبَتِي، فَاَضَعُهَا بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، حَتّٰى خَرَجَتْ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ، قَالَ: وَدَبَّ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ عَلٰى هَامَتِهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ، وَاَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَتْ جَارِيَةٌ عَلٰى ظَهْرِ الْبَيْتِ: اِنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَتَلَهُ الْعَبْدُ الْاَسْوَدُ

جعفر بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں عبیداللہ بن عدی کے ساتھ شام گیا جب ہم لوگ حمص آئے تو عبیداللہ نے مجھ سے کہا: کیا تمہیں اس بات میں دلچسپی ہے کہ ہم حضرت وحشی رضی اللہ عنہ سے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قتل کرنے کے بارے میں دریافت

کریں۔ میں نے کہا: جی ہاں۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت وحشی رضی اللہ عنہ حمص میں سکونت پذیر تھے ہم نے ان کے بارے میں دریافت کیا: تو ہمیں بتایا گیا: وہ اپنے محل کے سائے میں موجود ہوں گے یوں جیسے وہ برتن ہوں۔ راوی کہتے ہیں: ہم وہاں آئے ان کے پاس ٹھہر گئے جب ہم نے سلام کیا' تو انہوں نے سلام کا جواب دیا۔ راوی کہتے ہیں: عبیداللہ نے اپنا عمامہ منہ پر لپیٹ لیا تھا۔ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کو صرف ان کی دو آنکھیں اور دونوں پاؤں نظر آ رہے تھے۔ راوی کہتے ہیں: عبیداللہ نے ان سے دریافت کیا: اے حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کیا آپ نے مجھے پہچان لیا اس نے ان شخص کی طرف دیکھا اور بولے نہیں اللہ کی قسم مجھے صرف یہ علم ہے کہ عدی بن خیار نے ایک عورت کے ساتھ شادی کی تھی جسے ام قتال بنت ابوعیس کہا جاتا تھا اس عورت نے مکہ میں اپنے بچے کو جنم دیا' تو اس کے لیے دودھ پلانے والی کی تلاش کی میں نے اس لڑکے کو اٹھایا اس کی والدہ کے ہمراہ (دودھ پلانے والی کے پاس) گیا میں نے وہ بچہ اسے پکڑایا' تو مجھے یوں لگ رہا ہے کہ وہ تمہارے ہی پاؤں ہیں (جو اس بچے کے تھے) راوی کہتے ہیں: عبیداللہ نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور پھر بولے کہ آپ ہمیں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے بارے میں نہیں بتائیں گے انہوں نے جواب دیا: جی ہاں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے بدر کی جنگ میں طعمہ بن عدی کو قتل کیا تھا۔ راوی کہتے ہیں' تو میرے آقا جبیر بن مطعم نے مجھ سے کہا: اگر تم نے میرے چچا کے بدلے میں حمزہ کو قتل کر دیا' تو تم آزاد ہو گے۔ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے بتایا: جب عینین کے سال لوگ نکلے (راوی کہتے ہیں) عینین ایک پہاڑ ہے' جو احد پہاڑ کے نیچے ہے (یعنی یہ غزوہ احد کے موقع کی بات ہے) ان دونوں پہاڑوں کے درمیان ایک وادی ہے حضرت وحشی رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں بھی لوگوں کے ساتھ جنگ کے لئے نکلا جب انہوں نے جنگ کے لئے صف بندی کر لی' تو سباع ابو نیار نکلا' تو اس کے مقابلے میں حمزہ بن عبدالمطلب آئے انہوں نے کہا: اے سباع اے ام عنوار کے بیٹے اے عورتوں کے ختنہ کرنے والی عورت کے بیٹے' تو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہتا ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو انہوں نے اس پر حملہ کر کے اس کا کام تمام کر دیا۔ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی تاک میں رہا' یہاں تک کہ ایک مرتبہ وہ میرے پاس سے گزرے جب وہ میرے قریب ہوئے' تو میں نے انہیں اپنا نیزہ مارا میں نے وہ نیزہ ان کے پیٹ میں مارا' یہاں تک کہ وہ ان کی پشت کی طرف سے باہر نکل گیا۔ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ بتاتے ہیں میرا معاہدہ صرف اتنا ہی تھا جب وہ لوگ واپس آئے' تو میں بھی ان کے ساتھ واپس آ گیا میں مکہ میں مقیم رہا' یہاں تک کہ وہاں بھی اسلام پھیل گیا' تو میں طائف چلا گیا۔ حضرت وحشی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیغام رساں بھیجے کیونکہ انہیں یہ بتایا گیا تھا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بھی پیغام رساں کو قتل نہیں کرتے میں ان پیغام رساں افراد میں شامل ہو کر آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھا' تو فرمایا تم وحشی ہو۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا۔ میں نے جواب دیا: صورت حال وہی ہے' جو آپ تک پہنچ چکی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم یہ کر سکتے ہو کہ تم اپنا چہرہ مجھ سے چھپا لو (یعنی آئندہ میرے سامنے نہ آنا) حضرت وحشی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے نکلا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا' تو مسیلمہ کذاب نے خروج کیا میں نے سوچا میں مسیلمہ کی طرف ضرور جاؤں گا ہو سکتا ہے میں اسے قتل کر دوں' تو اس طرح میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قتل کا بدلہ چکا دوں گا۔ میں لوگوں کے ساتھ نکلا ان کے ساتھ جو ہونا تھا وہ ہوا (یعنی جنگ کے دوران) میں نے ایک چھوٹے قد کے شخص کو دیکھا' جو ایک دیوار کے اوپر کھڑا ہوا تھا وہ خاکستری اونٹ لگتا تھا ہم اس کا سر نہیں دیکھ سکتے تھے میں نے اسے اپنا نیزہ مارا وہ اس کے سینے کے درمیان آ کر لگا' اور دونوں کندھوں کے درمیان میں سے نکل گیا۔ انصار سے تعلق رکھنے

والا ایک شخص آگے بڑھا اور اس نے اس کی گردن پر تلوار ماردی۔

یہاں ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: گھر کی موجود چھت پر ایک لڑکی نے کہا: امیر المومنین (یعنی مسیلمہ کذاب) کو ایک سیاہ فام غلام نے قتل کردیا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِمَا كُفِّنَ فِيهِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَوْمَئِذٍ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ اس دن حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو کس (کپڑے) میں کفن دیا گیا تھا

7018 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اُتِيَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ - وَكَانَ صَائِمًا - بِطَعَامٍ فَجَعَلَ يَبْكِي، فَقَالَ: قُتِلَ حَمْزَةُ، فَلَمْ يُوجَدْ مَا يُكَفَّنُ فِيهِ اِلَّا ثَوْبٌ وَّاحِدٌ، وَقُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ فَلَمْ يُوجَدْ مَا يُكَفَّنُ فِيهِ اِلَّا ثَوْبٌ وَّاحِدٌ، وَلَقَدْ خَشِيتُ اَنْ تَكُوْنَ قَدْ عُجِّلَتْ طَيِّبَاتُنَا فِي حَيَاتِنَا الدُّنْيَا ، قَالَ: وَجَعَلَ يَبْكِي

سعد بن ابراہیم بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس کھانا لایا گیا انہوں نے روزہ رکھا ہوا تھا انہوں نے رونا شروع کردیا اور بولے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو جب شہید کیا' تو انہیں کفن دینے کے لئے صرف ایک کپڑا ملا تھا۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' تو انہیں کفن دینے کے لئے صرف ایک کپڑا ملا تھا مجھے یہ اندیشہ ہے کہ اب ہمیں نعمتیں ہماری دنیاوی زندگی میں ہی مل جائیں گی اس کے بعد انہوں نے رونا شروع کردیا۔

ذِكْرُ مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ اَحَدِ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ بْنِ قُصَيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ' جن کا تعلق بنوعبدالدار سے ہے

7019 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْنَا خَبَّابًا نَعُوْدُهُ، فَقَالَ: اِنَّا هَاجَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَغِي وَجْهَ اللّٰهِ، فَوَقَعَ اُجُوْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضَى لَمْ يَاْكُلْ مِنْ حَسَنَاتِهِ شَيْئًا، مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ، وَتَرَكَ بُرْدَةً، فَكُنَّا اِذَا جَعَلْنَاهَا عَلَى رِجْلَيْهِ بَدَا رَاْسُهُ، وَاِذَا جَعَلْنَاهَا عَلَى رَاْسِهِ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ ثَمَرَتُهُ، فَهُوَ يَهْدِبُهَا، فَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَجْعَلَهَا عَلَى رَاْسِهِ، ثُمَّ نَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ

7018- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه البخاري "1275" في الجنائز: باب إذا لم يوجد إلا ثوب واحد، و"4045" في المغازي: باب غزوة أحد، من طريق عبد الله بن المبارك، عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري "1274"، ، البيهقي في "الدلائل" 3/299 من طريق إبراهيم بن سعد بن إبراهيم، عن أبيه سعد بن إبراهيم، به.

شَيْئًا مِنْ إِذْخِرٍ

ابووائل بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لئے ان کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے فرمایا: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی ہم اللہ کی رضا کا حصول چاہتے تھے ہمارا اجر اللہ کے ذمے لازم ہو گیا ہم میں سے کچھ لوگ (دنیا سے) رخصت ہو گئے انہوں نے اپنی نیکیوں (کے بدلے میں سے) کچھ نہیں کھایا ان میں سے ایک حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ تھے جو غزوہ احد کے دن شہید ہوئے تھے انہوں نے ایک چادر چھوڑی تھی ہم وہ ان کے پاؤں پر ڈالتے تھے تو ان کا سر ظاہر ہو جاتا تھا اور جب ہم وہ چادر ان کے سر پر ڈالتے تھے تو ان کے پاؤں ظاہر ہو جاتے تھے۔

اور اب ہم میں سے وہ لوگ ہیں جن کا پھل تیار ہو گیا ہے وہ اسے چن رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا تھا کہ ہم چادر کو ان کے سر پر رکھ دیں اور ان کے پاؤں پر تھوڑی سی اذخر (گھاس) ڈال دیں۔

ذِكْرُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ أَبُو جَابِرٍ رِضْوَانُ اللَّهِ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ عنہ کا تذکرہ جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد ہیں

7020 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ أَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ،

7019– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن بشار الحافظ، فقد روى له أبو داود والترمذي، وقد توبع . سفيان: هو ابن عيينة، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة . وقول: "فهو يهدبها" أي: يجنيها ويقطفها . وأخرجه عبد الرزاق "6195"، والحميدي "155"، والبخاري "3897" في مناقب الأنصار: باب هجرة النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه إلى المدينة، و "6448" في الرقاق: باب فضل الفقر، ومسلم "940" في الجنائز: باب كفن الميت، والطبراني "3660" من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/109، 111 - 112 و6/395، والبخاري "1276" في الجنائز: باب إذا لم يجد كفنا إلا ما يواري رأسه أو قدميه غطى رأسه، و"3913" و"3914" في مناقب الأنصار: باب هجرة النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه إلى المدينة، و "4047" في المغازي: باب غزوة أحد، و "4082": باب من قتل من المسلمين يوم أحد، و "6432" في الرقاق: باب ما يحذر من زهرة الحياة الدنيا والتنافس فيها، ومسلم "940"، وأبو داود "3155" في الجنائز: باب كراهية المغالاة في الكفن، والترمذي "3853" في المناقب: باب في مناقب مصعب بن عمير رضي الله عنه، والنسائي 4/38 - 39 في الجنائز: باب القميص في الكفن، وابن الجارود "522"، والطبراني "3657" و"3658" و"3659" و"3661" و"3662" و"3663" و"3664"، والبيهقي 3/401، والبغوي "1479" من طرق عن الأعمش، به.

7020–إسناده صحيح، رجاله ثقا رجال الصحيح، غير إبراهيم بن حبيب بن الشهيد، وهو ثقة روى له النسائي . عمرو بن دينار: هو المكي . وأخرجه أبو يعلى "2080" عن أحمد بن إبراهيم الدورقي، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي في الفضائل "176"، والبزار "2706"، والمزي في "تهذيب الكمال" 2/68 - 69 عن محمد بن عثمان بن أبي صفوان الثقفي، وأبو يعلى "2079"، وابن السني في "عمل اليوم والليلة" "276" عن محمد بن يحيى بن أبي سمينة، والحاكم 4/111 - 112 من طريق إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، ثلاثتهم عن إبراهيم بن حبيب، به. رواية النسائي مختصرة جدا، وسقط من سند الحاكم حبيب بن الشهيد، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي . وأورده الهيثمي في "المجمع" 9/317، وقال: رواه البزار، ورجاله ثقات . وأخرجه بنحوه مختصرا أحمد 3/334 من طريق إسحاق بن عبد الله، قال: صنعنا لرسول الله صلى الله عليه وسلم فخارة، فأتيته بها، فوضعتها بين يديه فاطلع فيها، فقال: "حسبته لحما" فذكرت ذلك لأهلنا، فذبحوا له شاة.

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَرَ اَبِيْ بِخَزِيرَةٍ، فَصُنِعَتْ، ثُمَّ اَمَرَنِيْ فَحَمَلْتُهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُهُ وَهُوَ فِيْ مَنْزِلِهٖ، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا جَابِرُ، اَلَحْمٌ ذَا؟ قُلْتُ: لَا، وَلٰكِنَّهَا خَزِيرَةٌ، فَاَمَرَ بِهَا فَقُبِضَتْ، فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰى اَبِيْ، قَالَ: هَلْ رَاَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: هَلْ قَالَ شَيْئًا؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مَا هٰذَا يَا جَابِرُ اَلَحْمٌ ذَا؟ فَقَالَ اَبِيْ: عَسٰى اَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِ اشْتَهَى اللَّحْمَ، فَقَامَ اِلٰى دَاجِنٍ لَهٗ فَذَبَحَهَا، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَشُوِيَتْ، ثُمَّ اَمَرَنِيْ فَحَمَلْتُهٗ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ وَهُوَ فِيْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِكَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا جَابِرُ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجَعْتُ اِلٰى اَبِيْ فَقَالَ: هَلْ رَاَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: هَلْ، قَالَ شَيْئًا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مَا هٰذَا اَلَحْمٌ ذَا؟ فَقَالَ اَبِيْ: عَسٰى اَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِ اشْتَهَى اللَّحْمَ، فَقَامَ اِلٰى دَاجِنٍ عِنْدَهٗ فَذَبَحَهَا، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَشُوِيَتْ، ثُمَّ اَمَرَنِيْ فَحَمَلْتُهَا اِلَيْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَزَى اللّٰهُ الْاَنْصَارَ عَنَّا خَيْرًا، وَلَا سِيَّمَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ، وَسَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میرے والد نے خزیرہ بنانے کا حکم دیا وہ تیار ہو گیا' تو انہوں نے مجھے حکم دیا میں اسے اٹھا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ اپنے گھر میں موجود تھے۔ آپ نے دریافت کیا: یہ کیا ہے جابر کیا یہ گوشت ہے۔ میں نے عرض کی: جی نہیں یہ خزیرہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت وہ لے لیا گیا۔ جب میں اپنے والد کی طرف واپس آیا' تو انہوں نے دریافت کیا: کیا تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ کہا تھا۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے جابر یہ کیا ہے کیا یہ گوشت والی چیز ہے' تو میرے والد نے کہا: شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گوشت کھانے کو جی چاہ رہا ہوگا وہ اٹھے اور بکری کے پاس گئے اور بکری کو ذبح کیا پھر ان کے حکم کے تحت اسے بھون لیا گیا پھر انہوں نے مجھے حکم دیا' تو میں وہ گوشت اٹھا کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا' تو آپ اپنی اسی محفل میں تشریف فرما تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے جابر یہ کیا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنے والد کے پاس گیا انہوں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ کہا تھا میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تھا: کیا یہ گوشت والی چیز ہے میرے والد نے کہا: ہوسکتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گوشت کھانے کو جی چاہ رہا ہو وہ اپنی بکری کے پاس گئے انہوں نے اسے ذبح کیا ان کے حکم کے تحت اسے پکا لیا گیا پھر انہوں نے مجھے ہدایت کی تو میں وہ گوشت اٹھا کر آپ کے پاس آ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے انصار کو جزائے خیر عطا کرے بطور خاص عبداللہ بن عمرو بن حرام کو اور سعد بن عبادہ کو۔

ذِكْرُ اِظْلَالِ الْمَلَائِكَةِ بِاَجْنِحَتِهَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ اِلٰى اَنْ دُفِنَ

فرشتوں کا اپنے پروں کے ذریعے حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ عنہ پر سایہ کرنے کا تذکرہ جوان کے دفن ہونے تک رہا

7021 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمَّا قُتِلَ اَبِيْ يَوْمَ اُحُدٍ جَعَلْتُ اَبْكِي وَاَكْشِفُ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ وَجَعَلَ، اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَوْنِيْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبْكِهِ، مَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا تُظِلُّهُ حَتّٰى دَفَنْتُمُوْهُ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب غزوہ احد کے موقع پر میرے والد شہید ہو گئے تو میں رونے لگا میں ان کے چہرے سے کپڑا ہٹانے لگا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے مجھے اس سے منع کرنا شروع کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس پر نہ روؤ جب تک تم اسے دفن نہیں کر دیتے فرشتے اپنے پروں کے ذریعے مسلسل اس پر سایہ کیے رہیں گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا كَلَّمَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ بَعْدَ اَنْ اَحْيَاهُ كِفَاحًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ عنہ کو زندہ کرنے کے بعد ان سے براہ راست کلام کیا تھا

7022 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بِفَمِ الصِّلْحِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَقِيَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: يَا جَابِرُ، مَا لِي اَرَاكَ مُنْكَسِرًا؟ فَقُلْتُ:

7021–إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك. وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 3/397 من طريق أبي بكر الإسماعيلي، عن أبي خليفة، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي في "السنن" 3/407 من طريق الباغندي، عن أبي الوليد الطيالسي، به . وعلقه البخاري "4080" في المغازي: باب من قتل من المسلمين يوم أحد، عن أبي الوليد الطيالسي، وذكره البيهقي في حديثه أن النهي عن البكاء كان لفاطمة بنت عمرو عمة جابر. وأخرجه الطيالسي "1711"، وأحمد 3/298، والبخاري "1244" في الجنائز: باب الدخول على الميت بعد الموت إذا أدرج في أكفانه، ومسلم "2471" "130" في فضائل الصحابة: باب من فضائل عبد الله بن عمرو بن حرام، والنسائي 4/13 في الجنائز: باب البكاء على الميت، وفي "الفضائل" "143"، وابن سعد 3/561 من طرق عن شعبة، به . وكلهم ذكر فيه قصة فاطمة بنت عمرو. وأخرجه عبد الرزاق "6693" وأحمد 3/3[illegible]، والحميدي "1261"، والبخاري "1293" في الجنائز: باب رقم "34"، و"2816" في الجهاد: باب ظل الملائكة على الشهيد، ومسلم "2471"، والنسائي 4/11 - 12 من طرق عن محمد بن المنكدر، به.

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اسْتُشْهِدَ اَبِیْ، وَتَرَكَ عِيَالًا وَدَيْنًا، فَقَالَ: اَلَا اُبَشِّرُكَ بِمَا لَقِیَ اللّٰهُ بِهٖ اَبَاكَ ؟ قُلْتُ: بَلٰى، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا كَلَّمَ اللّٰهُ اَحَدًا قَطُّ اِلَّا مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ، وَاِنَّ اللّٰهَ اَحْيَا اَبَاكَ فَكَلَّمَهٗ كِفَاحًا، فَقَالَ: يَا عَبْدِیْ، تَمَنَّ اُعْطِكَ، قَالَ: تُحْيِيْنِیْ فَاُقْتَلَ قَتْلَةً ثَانِيَةً، قَالَ اللّٰهُ: اِنِّیْ قَضَيْتُ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ، وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ) (آل عمران: 169)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجھ سے ملاقات ہوئی آپ نے مجھ سے فرمایا: اے جابر کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں پریشان دیکھ رہا ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے والد شہید ہو گئے ہیں انہوں نے بال بچے اور قرض چھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا میں تمہیں اس چیز کے بارے میں خوشخبری نہ دوں جس کے ہمراہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد سے ملاقات کی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہر کسی کے ساتھ حجاب کے پیچھے سے بات کی ہے لیکن جب اس نے تمہارے باپ کو زندہ کیا' تو اس کے ساتھ براہ راست کلام کیا اس نے کہا: اے میرے بندے' تو آرزو کر میں تمہیں وہ عطا کروں گا' تو اس نے کہا: (اے میرے پروردگار) مجھے دوبارہ زندہ کر دے حتیٰ کہ مجھے دوسری مرتبہ تیری راہ میں شہید کیا جائے' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ لوگ (دنیا کی طرف) واپس نہیں جائیں گے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیے جاتے ہیں تم انہیں مردہ ہرگز گمان نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کی بارگاہ میں انہیں رزق دیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ اَنَسِ بْنِ النَّضْرِ الْاَنْصَارِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت انس بن نضر انصاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7023 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

7022- إسناده جيد. وأخرجه الترمذي "3010" في تفسير القرآن: باب سورة آل عمران، والحاكم 3/203 - 204 عن يحيى بن حبيب، بهذا الإسناد. وقرن الحاكم بيحيى بن حبيب عبدة بن عبد الله الخزاعي، ولم يسق لفظه بتمامه، وصحح إسناده، ووافقه الذهبي، وقال الترمذي: حسن غريب من هذا الوجه. وأخرجه ابن ماجه "2800" في الجهاد: باب فضل الشهادة في سبيل الله، وابن أبي عاصم في "السنة" "602" عن إبراهيم بن المنذر الحزامي، والواحدي في "أسباب النزول" ص "86"، والبيهقي في "الدلائل" 3/298 - 299 من طريق علي ابن المديني، كلاهما عن موسى بن إبراهيم الأنصاري، به. وأخرجه بنحوه مختصرا أحمد 3/361، والحميدي "1265"، وأبو يعلى "2002"، وابن جرير الطبري في "جامع البيان" "8214" من طريق عبد الله بن محمد بن عقيل، عن جابر. وله شاهد حسن في الشواهد من حديث عائشة عند البزار "2706"، والحاكم 3/203، والبيهقي في "الدلائل" 3/298، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي!

(متن حدیث): قَالَ عَمِّي أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ: - سُمِّيتُ بِهِ وَلَمْ يَشْهَدْ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبُرَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: - أَوَّلُ مَشْهَدٍ شَهِدَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيَّبْتُ عَنْهُ، أَمَا وَاللّٰهِ لَئِنْ أَرَانِي مَشْهَدًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا بَعْدُ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا أَصْنَعُ، قَالَ: فَهَابَ أَنْ يَقُولَ غَيْرَهَا، فَشَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَاسْتَقْبَلَهُ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَمْرٍو أَيْنَ؟ قَالَ: وَاهًا لِرِيحِ الْجَنَّةِ، أَجِدُهَا دُونَ أُحُدٍ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ فَوُجِدَ فِي جَسَدِهِ بِضْعٌ وَثَمَانُونَ بَيْنَ ضَرْبَةٍ وَطَعْنَةٍ وَرَمْيَةٍ، فَقَالَتْ عَمَّتِي أُخْتُهُ: فَمَا عَرَفْتُ أَخِي إِلَّا بِبَنَانِهِ، قَالَ: وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ (رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا) (الأحزاب: 23)

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے چچا حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ جن کے نام پر میرا نام رکھا گیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے یہ بات ان پر بہت گراں گزری تھی۔ انہوں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سب سے پہلی جنگ کی تھی میں اس میں شریک نہیں ہوا اللہ کی قسم اب اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی جنگ میں شریک ہونے کا موقع دیا' تو اللہ تعالیٰ اس چیز کو ظاہر کر دے گا کہ میں کیا کرتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: اس کے بعد انہوں نے اس کے علاوہ کچھ کہنے کی کوشش نہیں کی پھر وہ اگلے سال غزوہ احد کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ان کے سامنے آئے' تو انہوں نے کہا: اے ابوعمرو کہاں کا ارادہ ہے۔ انہوں نے فرمایا: جنت کی خوشبو مجھے احد کے دوسری طرف سے محسوس ہو رہی ہے پھر انہوں نے جنگ میں حصہ لیا' یہاں تک کہ شہید ہو گئے ان کے جسم پر تلوار، نیزے اور تیر کے زخموں کے اسی (80) سے زیادہ نشانات تھے۔ میری پھوپھی نے کہا: میں نے اپنے بھائی کو صرف ان کی انگلیوں کے پوروں سے پہچانا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''کچھ وہ لوگ ہیں' جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیے ہوئے عہد کو سچ ثابت کیا ان میں سے کچھ نے اپنی نذر کو پورا کر لیا اور کچھ منتظر ہیں انہوں نے کوئی تبدیلی نہیں کی''۔

7023- إسناده صحيح على شرط الشيخين . حبان: هو ابن موسى بن سوار المروزي، وعبد الله: هو ابن المبارك . وأخرجه النسائي في "الفضائل" "186" عن محمد بن حاتم بن نعيم، عن حبان بن موسى، بهذا الإسناد . وأخرجه الترمذي "3200" في تفسير القرآن: باب سورة الأحزاب، عن أحمد بن محمد، عن عبد الله بن المبارك، به، وقال حسن صحيح . وأخرجه أبو داود الطيالسي "2044"، ومن طريقه النسائي في التفسير كما في "التحفة" 1/135، وأخرجه مسلم "1903" في الإمارة: باب ثبوت الجنة للشهيد، والواحدي في "أسباب النزول" ص 237 - 238 من طريق بهز بن أسد، كلاهما "الطيالسي، وبهز " عن سليمان بن المغيرة، به . غير أنه في "مسند الطيالسي " أن أنسا قال: جاء خالي أنس بن النضر .! وأخرجه أحمد 3/253، والنسائي في التفسير، والطبري 21/146 - 147 من طريق حماد بن سلمة، عن ثابت، به . وأخرجه بنحوه البخاري "2805" في الجهاد: باب قول الله عز وجل: (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ) ، و "4048" في المغازي: باب غزوة أحد، والترمذي "3201"، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 1/213، والطبراني "769"، وابن جرير الطبري 21/147، والبيهقي في "الدلائل" 3/244 - 245 من طرق عن حميد، عن أنس.

ذِكْرُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7024 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدِ الْبُرْتِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ بَشِيرِ بْنِ فَاكِهِ السُّلَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُولُ:

(متن حدیث): جَاءَ عَمْرُو بْنُ الْجَمُوحِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ، فَقَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ قُتِلَ الْيَوْمَ دَخَلَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا اَرْجِعُ اِلَى اَهْلِي حَتّٰى اَدْخُلَ الْجَنَّةَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَا عَمْرُو، لَا تَأَلَّ عَلَى اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا عُمَرُ، فَاِنَّ مِنْهُمْ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ: مِنْهُمْ عَمْرُو بْنُ الْجَمُوحِ، يَخُوضُ فِي الْجَنَّةِ بِعَرْجَتِهِ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں غزوہ احد کے دن حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آج جو شخص شہید ہو جائے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ انہوں نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں اپنے گھر والوں کی طرف واپس نہیں جاؤں گا بلکہ جنت میں داخل ہوں گا' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اے عمرو تم اس پر اللہ کے نام کی قسم نہ اٹھاؤ' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر رہنے دو کیونکہ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں اگر وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھالیں' تو اللہ تعالیٰ وہ کام پورا کروا دیتا ہے اوران میں سے ایک عمرو بن جموح ہے (بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں فرمایا) وہ جنت کے تالاب میں غوطے لگا رہا ہے۔

ذِكْرُ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِي عَامِرٍ غَسِيلِ الْمَلَائِكَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت حنظلہ بن ابوعامر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ' جنہیں فرشتوں نے غسل دیا تھا

7025 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ

7024–إسناده جيد. موسى بن إبراهيم بن كثير روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" وحديثه عند الترمذي، وابن ماجة، والنسائي في "عمل اليوم والليلة" وباقي السند ثقات: ولم أجد هذا الحديث من رواية جابر عند غير المصنف، وهو في "المسند" من حديث أبي قتادة، فقد أخرجه 5/299 عن أبي عبد الرحمن المقرء، حدثنا حيوة، قال: حدثنا أبو صخر حميد بن زياد أن يحيى بن النضر حدثه عن أبي قتادة أنه حضر ذلك، قال: أتى عمرو بن الجموح إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال: يا رسول الله، أرأيت إن قاتلت في سبيل الله حتى أقتل، أمشي برجلي هذه صحيحة في الجنة؟ وكانت رجله عرجاء، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "نعم" فقتل أحد هو وابن أخيه ومولى لهم، فمر رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: "كأني أنظر إليك تمشي برجلك هذه صحيحة في الجنة ... ." وقال الهيثمي: "المجمع" 9/315 ونسبه إلى أحمد: رجاله رجال الصحيح غير يحيى بن النضر الأنصاري، وهو ثقة، وحسن الحافظ ابن حجر إسناده في "الفتح" 3/216.

سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: وَقَدْ كَانَ النَّاسُ انْهَزَمُوا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى انْتَهٰى بَعْضُهُمْ اِلٰى دُوْنِ الْاَعْرَاضِ عَلٰى جَبَلٍ بِنَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ رَجَعُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَانَ حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِيْ عَامِرٍ الْتَقٰى هُوَ وَاَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، فَلَمَّا اسْتَعْلَاهُ حَنْظَلَةُ رَآهُ شَدَّادُ بْنُ الْاَسْوَدِ، فَعَلَاهُ شَدَّادٌ بِالسَّيْفِ حَتّٰى قَتَلَهُ، وَقَدْ كَادَ يَقْتُلُ اَبَا سُفْيَانَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ صَاحِبَكُمْ حَنْظَلَةَ تُغَسِّلُهُ الْمَلَائِكَةُ، فَسَلُوا صَاحِبَتَهُ، فَقَالَتْ: خَرَجَ وَهُوَ جُنُبٌ لَمَّا سَمِعَ الْهَائِعَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَذَاكَ قَدْ غَسَّلَتْهُ الْمَلَائِكَةُ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: یہ اس وقت کی بات ہے' جب لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر پسپاء ہو چکے تھے' یہاں تک کہ ان میں سے بعض لوگ پہاڑ کی دوسری طرف مدینہ منورہ والے حصے کی طرف چلے گئے (یعنی میدان جنگ سے پیچھے ہٹ چکے تھے) پھر وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اس وقت واپس آئے جب حضرت حنظلہ بن ابو عامر رضی اللہ عنہ اور سفیان بن حرب کے درمیان مقابلہ ہو رہا تھا جب حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ اس پر غالب آنے لگے' تو شداد بن اسود نے انہیں دیکھ لیا شداد تلوار لے کر ان کے اوپر آیا' یہاں تک کہ انہیں شہید کر دیا حالانکہ وہ اس وقت ابوسفیان کو قتل کرنے ہی والے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے ساتھی حنظلہ کو فرشتوں نے غسل دیا ہے تم اس کی بیوی سے دریافت کرو' تو اس خاتون نے بتایا: جب وہ نکلے تھے' تو جنابت کی حالت میں تھے کیونکہ انہوں نے جنگ کی پکار سن لی تھی (اس لیے غسل کیے بغیر چلے گئے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسی وجہ سے فرشتوں نے اسے غسل دیا ہے۔

ذِكْرُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7025–حديث صحيح، رجاله ثقات، وابن إسحاق قد صرح بالتحديث، وجد يحيى بن عباد وهو عبد الله بن الزبير - لم يشهد هذه القضية، فإن عمره إذ ذاك أقل من ثلاث سنوات، فهو مرسل صحابي، وهو حجة على الصحيح. وأخرجه الحاكم 3/204-205، وعنه البيهقي في "السنن" 4/15 عن أبي الحسين بن يعقوب، عن محمد بن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد، وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي. وقال ابن حجر في "الإصابة" 1/360: وأخرج السراج من طريق ابن إسحاق، حدثني يحيى بن عباد بن عبد الله بن الزبير ... فذكره بهذا الإسناد. قلت: وأخرجه ابن إسحاق في "السيرة" ص 312 عن عاصم بن عمرو بن قتادة، عن محمود بن لبيد رضي الله عنه ... فذكر الحديث. وأخرجه من طريق ابن إسحاق عن عاصم بن عمر مرسلا البيهقي في "السنن" 4/15، وفي "الدلائل" 3/246. وله شاهد من حديث ابن عباس عند الطبراني "12094"، ولفظه: "لما أصيب حمزة بن عبد المطلب وحنظلة بن الراهب وهما جنبان، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "رأيت الملائكة تغسلهما"، وسنده حسن كما قال الهيثمي في "المجمع" 3/23.

7026 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث):اَنَّ بَنِيْ قُرَيْظَةَ، نَزَلُوا عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى سَعْدٍ، فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُوْمُوا اِلٰى خَيْرِكُمْ اَوْ اِلٰى سَيِّدِكُمْ، قَالَ: اِنَّ هٰؤُلَاءِ قَدْ نَزَلُوا عَلٰى حُكْمِكَ، قَالَ: فَاِنِّيْ اَحْكُمُ فِيْهِمْ اَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَتُسْبٰى ذَرِّيَّتُهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ اللّٰهِ، وَقَالَ مَرَّةً: لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنوقریظہ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو ثالث تسلیم کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوایا وہ گدھے پر سوار ہوکر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے سب سے بہتر شخص (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اپنے سردار کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان لوگوں نے تمہیں ثالث تسلیم کیا ہے' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان کے بارے میں فیصلہ دیتا ہوں کہ ان کے جنگ جو افراد کو قتل کر دیا جائے، بچوں کو قیدی بنالیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے مطابق فیصلہ دیا ہے۔

ایک مرتبہ راوی نے یہ الفاظ نقل کیے تم نے ان کے بارے میں بادشاہ کی طرح کا فیصلہ دیا ہے۔

ذِكْرُ اَمْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ بِالْكَوْنِ مَعَهُ فِي الْمَسْجِدِ تِلْكَ الْاَيَّامَ قَصْدًا لِعِيَادَتِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ حکم دینے کا تذکرہ' وہ ان ایام میں مسجد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب رہیں' تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی عیادت کرتے رہیں

7027 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، اَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ

7026– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى" ."1188" وأخرجه مسلم "1768" في الجهاد: باب جواز قتال من نقض العهد ... ، عن أبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/22 عن عبد الرحمن بن مهدي، به. وأخرجه أحمد 3/22 و 71، والبخاري "3043" في الجهاد: باب إذا نزل العدو على حكم رجل، و"3804" في مناقب الأنصار: باب مناقب سعد بن معاذ رضي الله عنه، و"4121" في المغازي: باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الأحزاب، و"6262" في الاستئذان: باب قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ"، ومسلم "1768" "064"، وأبو داود "5215" "5216", في الأدب: باب ما جاء في القيام، والنسائي في "الفضائل" "118"، وابن سعد 3/424، والطبراني "5323"، والبيهقي 6/57 - 58 و9/63، والبغوي "2718" من طرق عن شعبة، به.

لِيَعُوْدَهُ مِنْ قَرِيبٍ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے لیے مسجد میں خیمہ لگوایا تھا تاکہ قریب سے ہی ان کی عیادت کرلیا کریں۔

ذِكْرُ وَصْفِ دُعَاءِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ لَمَّا فَرَغَ مِنْ قَتْلِ بَنِي قُرَيْظَةَ

بنوقریظہ سے جنگ ختم ہونے کے بعد حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے جو دعا کی تھی اس کا تذکرہ

7028 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): خَرَجْتُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ اَقْفُو اَثَرَ النَّاسِ، فَسَمِعْتُ وَئِيدَ الْاَرْضِ مِنْ وَرَائِي، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا اَنَا بِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ وَّمَعَهُ ابْنُ اَخِيهِ الْحَارِثُ بْنُ اَوْسٍ يَّحْمِلُ مِجَنَّهُ، فَجَلَسْتُ اِلَى الْاَرْضِ، فَمَرَّ سَعْدٌ وَّعَلَيْهِ دِرْعٌ قَدْ خَرَجَتْ مِنْهَا اَطْرَافُهُ، فَاَنَا اَتَخَوَّفُ عَلٰى اَطْرَافِ سَعْدٍ، وَكَانَ مِنْ اَعْظَمِ النَّاسِ وَاَطْوَلِهِمْ، قَالَتْ: فَمَرَّ وَهُوَ يَرْتَجِزُ وَيَقُوْلُ:

لَبِّثْ قَلِيلًا يُدْرِكِ الْهَيْجَا حَمَلْ ... مَا اَحْسَنَ الْمَوْتَ اِذَا حَانَ الْاَجَلْ

قَالَتْ: فَقُمْتُ فَاقْتَحَمْتُ حَدِيقَةً، فَإِذَا فِيهَا نَفَرٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ عُمَرُ: وَيْحَكِ مَا جَاءَ بِكِ لَعَمْرِي وَاللّٰهِ اِنَّكِ لَجَرِيئَةٌ، مَا يُؤْمِنُكِ اَنْ يَّكُوْنَ تَحَوُّزٌ اَوْ بَلَاءٌ، قَالَتْ: فَمَا زَالَ يَلُوْمُنِي حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنَّ الْاَرْضَ قَدِ انْشَقَّتْ فَدَخَلْتُ فِيهَا، وَفِيهِمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ نَصِيفَةٌ لَهُ، فَرَفَعَ الرَّجُلُ النَّصِيفَ عَنْ وَجْهِهِ، فَإِذَا طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا عُمَرُ، اِنَّكَ قَدْ اَكْثَرْتَ مُنْذُ الْيَوْمَ، وَاَيْنَ الْفِرَارُ اِلَّا اِلَى اللّٰهِ؟، قَالَتْ: وَرَمٰى سَعْدًا رَجُلٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُقَالُ لَهُ: ابْنُ الْعَرِقَةِ، بِسَهْمٍ قَالَ: خُذْهَا وَاَنَا ابْنُ الْعَرِقَةِ فَاَصَابَ اَكْحَلَهُ فَقَطَعَهَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تُمِتْنِي حَتّٰى تُقِرَّ عَيْنِي مِنْ قُرَيْظَةَ، وَكَانُوا حُلَفَاءَهُ وَمَوَالِيَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَبَرَاَ كَلْمُهُ، وَبَعَثَ اللّٰهُ الرِّيحَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ، فَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ، وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيزًا،

7027– حديث صحيح. عبد الرحمن بن المتوكل القارء ذكره المؤلف فى "الثقات" 8/379، فقلت: من أهل البصرة يروى عن الفضل بن سليمان، حدثنا عنه أبو خليفة مات بعد سنة ثلاثين ومئتين بقليل. وقد توبع. ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 6/56، والبخارى "463" فى الصلاة: باب الخيمة فى المسجد للمرضى وغيرهم، و "4122" فى المغازى: باب مرجع النبى صلى الله عليه وسلم من الأحزاب ومخرجه إلى بنى قريظة ومحاصرته إياهم، ومسلم "1769" "65" فى الجهاد: باب جواز قتال من نقض العهد ... ، وأبو داود "3101" فى الجنائز: باب فى العيادة مرارا، والنسائى 2/45 فى المساجد: باب ضرب الخباء فى المساجد، وابن سعد 3/425 من طرق عن عبد الله بن نمير، عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد.

7028– حديث حسن. وأخرجه أحمد 6/141 - 142، وأبو بكر بن أبى شيبة 14/408 - 411، وابن سعد 3/421 - 423 عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وقد تقدم القسم الأخير منه وهو أخذه صلى الله عليه وسلم بلحيته إذا وجد عند - عند المؤلف برقم "6439".

فَلَحِقَ اَبُوْ سُفْيَانَ بِتِهَامَةَ، وَلَحِقَ عُيَيْنَةَ وَمَنْ مَعَهُ بِنَجْدٍ، وَرَجَعَتْ بَنُو قُرَيْظَةَ، فَتَحَصَّنُوا بِصَيَاصِيهِمْ، فَرَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، وَاَمَرَ بِقُبَّةٍ مِنْ اَدَمٍ فَضُرِبَتْ عَلٰى سَعْدٍ فِى الْمَسْجِدِ وَوَضَعَ السِّلَاحَ.

قَالَتْ: فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: اَوَقَدْ وَضَعْتَ السِّلَاحَ، فَوَاللّٰهِ مَا وَضَعَتِ الْمَلَائِكَةُ السِّلَاحَ، اخْرُجْ اِلٰى بَنِىْ قُرَيْظَةَ فَقَاتِلْهُمْ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّحِيْلِ، وَلَبِسَ لَاْمَتَهُ، فَخَرَجَ فَمَرَّ عَلٰى بَنِىْ غَنْمٍ وَّكَانُوا جِيرَانَ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَنْ مَرَّ بِكُمْ ؟ قَالُوْا: مَرَّ بِنَا دِحْيَةُ الْكَلْبِىُّ، فَاَتَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَاصَرَهُمْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا، فَلَمَّا اشْتَدَّ حَصْرُهُمْ، وَاشْتَدَّ الْبَلَاءُ عَلَيْهِمْ قِيْلَ لَهُمُ انْزِلُوا عَلٰى حُكْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَشَارُوْا اَبَا لُبَابَةَ، فَاَشَارَ اِلَيْهِمْ اَنَّهُ الذَّبْحُ، فَقَالُوْا: نَنْزِلُ عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَنَزَلُوا عَلٰى حُكْمِ سَعْدٍ، وَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى سَعْدٍ، فَحُمِلَ عَلٰى حِمَارٍ وَّعَلَيْهِ اِكَافٌ مِّنْ لِيفٍ وَّحَفَّ بِهِ قَوْمُهُ، فَجَعَلُوا يَقُوْلُوْنَ: يَا اَبَا عَمْرٍو، حُلَفَاؤُكَ وَمَوَالِيكَ وَاَهْلُ النِّكَايَةِ وَمَنْ قَدْ عَلِمْتَ، فَلَا يُرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا، حَتّٰى اِذَا دَنَا مِنْ ذَرَارِيِّهِمْ الْتَفَتَ اِلٰى قَوْمِهِ، فَقَالَ: قَدْ آنَ لِسَعْدٍ اَنْ لَا يُبَالِىَ فِى اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، فَلَمَّا طَلَعَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُومُوا اِلٰى سَيِّدِكُمْ فَاَنْزِلُوهُ ، قَالَ عُمَرُ: سَيِّدُنَا اللّٰهُ، قَالَ: اَنْزِلُوهُ ، فَاَنْزَلُوهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْكُمْ فِيْهِمْ ، قَالَ: فَاِنِّى اَحْكُمُ فِيْهِمْ اَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ، وَتُسْبٰى ذَرَارِيُّهِمْ، وَتُقْسَمَ اَمْوَالُهُمْ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ ثُمَّ دَعَا اللّٰهَ سَعْدٌ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ اَبْقَيْتَ عَلٰى نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حَرْبِ قُرَيْشٍ شَيْئًا، فَاَبْقِنِىْ لَهَا، وَاِنْ كُنْتَ قَطَعْتَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ، فَاقْبِضْنِىْ اِلَيْكَ، فَانْفَجَرَ كَلْمُهُ، وَكَانَ قَدْ بَرَاَ مِنْهُ حَتّٰى مَا بَقِىَ مِنْهُ اِلَّا مِثْلَ الْحِمَّصِ، قَالَتْ: فَرَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَجَعَ سَعْدٌ اِلٰى بَيْتِهِ الَّذِىْ ضَرَبَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: فَحَضَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ، قَالَتْ: فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ، اِنِّى لَاَعْرِفُ بُكَاءَ اَبِىْ بَكْرٍ مِنْ بُكَاءِ عُمَرَ وَاَنَا فِىْ حُجْرَتِى، وَكَانُوا كَمَا، قَالَ اللّٰهُ: (رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ) (الفتح: 29) ، قَالَ عَلْقَمَةُ: فَقُلْتُ اَىْ اُمَّهْ، فَكَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ؟ قَالَتْ: كَانَ عَيْنَاهُ لَا تَدْمَعُ عَلٰى اَحَدٍ، وَلٰكِنَّهُ اِذَا وَجَدَ اِنَّمَا هُوَ آخِذٌ بِلِحْيَتِهِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں غزوہ خندق کے موقع پر میں لوگوں کے پیچھے پیچھے جانے کے لیے نکلی میں نے اپنے پیچھے زمین پر چلنے کی آواز سنی میں نے مڑ کر دیکھا' تو وہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ تھے ان کے ساتھ ان کے بھتیجے حارث بن اوس تھے جنہوں نے ان کی ڈھال اٹھائی ہوئی تھی میں زمین پر بیٹھ گئی حضرت سعد رضی اللہ عنہ گزرے' تو ان کے جسم پر ایک زرہ تھی جس کے کنارے باہر کی طرف نکلے ہوئے تھے مجھے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے باہر نکلے ہوئے کناروں سے اندیشہ ہوا وہ لمبے تڑنگے آدمی تھے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب وہ گزرے تو یہ رجز پڑھ رہے تھے۔

''تھوڑی دیر ٹھہر جاؤ پھر تم موت تک پہنچ جاؤ گے اور وہ کتنی اچھی موت ہے جب آدمی کا وقت پورا ہو جائے''۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں اٹھی اور میں ایک باغ کے اندر آ گئی وہاں کچھ مسلمان موجود تھے ان میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہارا ستیاناس ہو تم کیوں آئی ہو؟ اللہ کی قسم! تم نے بڑی جرأت کا مظاہرہ کیا ہے کس چیز نے تمہیں اس بات سے مامون رکھا کہ کوئی مصیبت یا آزمائش آ سکتی ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں وہ مسلسل مجھے ملامت کرتے رہے یہاں تک کہ میں نے یہ آرزو کی کہ زمین شق ہو جائے اور میں اس میں داخل ہو جاؤں۔ ان لوگوں میں ایک شخص تھا جس نے اپنے چہرے پر کپڑا اڈالا ہوا تھا انہوں نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا تو وہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ تھے انہوں نے کہا: اے عمر! تمہارا ستیاناس ہو آج آپ نے انتہا کر دی ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کہاں جایا جا سکتا ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں مشرکین سے تعلق رکھنے والے ایک شخص عرقہ نے حضرت سعد (معاذ رضی اللہ عنہ) کو تیر مارا اور بولا: اسے سنبھالو میں ابن عرقہ ہوں تو وہ تیر ان کی مخصوص رگ پر لگا اور اس نے اس رگ کو کاٹ دیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ! تو مجھے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک بنو قریظہ کے حوالے سے میری آنکھوں کو ٹھنڈا نہیں کر دیتا۔ وہ لوگ اور ان کے موالی زمانہ جاہلیت میں ان کے حلیف رہے تھے تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا زخم ٹھیک ہو گیا پھر اللہ تعالیٰ نے مشرکین پر آندھی بھیجی۔ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کے لئے جنگ کی جگہ کافی ہو گیا اور اللہ تعالیٰ قوت والا اور غالب ہے۔ ابوسفیان تہامہ گیا اس نے عیینہ اور نجد میں موجود اس کے ساتھیوں سے ملاقات کی بنو قریظہ واپس آ گئے وہ اپنے علاقے میں قلعہ بند ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کی طرف واپس تشریف لائے تو آپ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لئے مسجد میں چمڑے سے بنے ہوئے خیمے کو لگانے کا حکم دیا آپ نے ہتھیار اتارے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں حتیٰ کہ جبرائیل آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے کہا: کیا آپ نے ہتھیار اتار دیئے ہیں اللہ کی قسم فرشتوں نے تو ابھی ہتھیار نہیں اتارے آپ بنو قریظہ کی طرف تشریف لے جائیں اور ان کے ساتھ جنگ کریں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روانگی کا حکم دیا آپ نے جنگی لباس پہن لیا آپ گھر سے باہر نکلے اور بنو غنم کے پاس سے گزرے جو مسجد کے پڑوسی تھے آپ نے دریافت کیا: ابھی تمہارے پاس سے کون گزرا ہے ان لوگوں نے جواب دیا: دحیہ کلبی ہمارے پاس سے گزرے ہیں (یعنی حضرت جبرائیل دحیہ کلبی کی شکل میں آئے تھے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بنو قریظہ کے پاس تشریف لائے آپ نے 25 دن تک ان کا محاصرہ کیا جب ان کا محاصرہ شدید ہو گیا اور ان پر آزمائش سخت ہو گئی تو ان سے یہ کہا گیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ثالث مان لو ان لوگوں نے ابولبابہ سے مشورہ کیا تو انہوں نے انہیں اشارہ کر کے بتایا: انہیں ذبح کر دیا جائے گا تو ان لوگوں نے کہا: ہم حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو ثالث تسلیم کرتے ہیں تو ان لوگوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے ثالثی فیصلے پر محاصرہ ختم کروایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بلوایا انہیں ایک گدھے پر سوار کر کے لایا گیا جس پر کھجور کی شاخوں سے بنی ہوئی چادر موجود تھی ان کی قوم کے افراد نے انہیں گھیرا ہوا تھا اور وہ یہ کہہ رہے تھے اے ابوعمرو یہ تمہارے حلیف اور موالی ہیں اور لڑائیوں کے ساتھی ہیں اور وہ لوگ ہیں جن کے

بارے میں آپ جانتے ہیں لیکن حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو کوئی جواب نہیں دیا' یہاں تک کہ جب وہ ان کے بچوں کے قریب ہوئے' تو وہ اپنی قوم کی طرف متوجہ ہوئے اور بولے اب سعد کے لئے وہ وقت آ گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرے جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور اسے نیچے اتارو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ہمارا سردار' تو اللہ تعالیٰ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے نیچے اتارو۔ انہوں نے اسے نیچے اتارا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم ان کے درمیان فیصلہ کرو۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان کے بارے میں یہ فیصلہ کرتا ہوں کہ ان کے جنگ جو لوگوں کو قتل کر دیا جائے اور ان کے بچوں کو قیدی بنا لیا جائے ان کے اموال تقسیم کر دیئے جائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے ان کے بارے میں اللہ اور اس کے رسول کے فیصلے کے مطابق فیصلہ دیا ہے پھر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی انہوں نے کہا: اے اللہ! اگر تو نے اپنے نبی کے لئے قریش سے جنگ کو باقی رکھنا ہے' تو مجھے بھی اس کے لیے باقی رکھ اور اگر' تو نے اپنے نبی اور ان کے درمیان جنگ کو منقطع کر دیا ہے' تو مجھے اپنی طرف قبض کر لے' تو ان کے زخم سے خون جاری ہو گیا حالانکہ وہ اس سے پہلے ٹھیک ہو چکے تھے' یہاں تک کہ صرف معمولی سا زخم رہ گیا تھا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے حضرت سعد رضی اللہ عنہ اپنے گھر واپس چلے گئے وہ خیمہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے لگوایا تھا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں اپنے حجرے میں ہی موجود تھی کہ مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے رونے کی آواز صاف سنائی دی' تو اسی طرح ہوا تھا' جس طرح اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے:

''آپس میں ایک دوسرے کے لئے رحم دل ہیں''۔

راوی علقمہ نے کہا: اے ام المومنین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے (یعنی رونے کے وقت کیا کرتے تھے) تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی پر آنسو نہیں بہاتے تھے البتہ یہ ہے کہ آپ (غم کی شدت کی وجہ سے) اپنی داڑھی مبارک پکڑ لیتے تھے۔

ذِكْرُ اسْتِبْشَارِ الْعَرْشِ وَارْتِيَاحِهِ لِوَفَاةِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

عرش کا حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی وفات پر خوش ہونا اور جھومنا

7029 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى السِّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا مَحْفُوظُ بْنُ اَبِي تَوْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَّارُ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجِنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمٰنِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمَنِ يُرِيْدُ بِهِ: اسْتَبْشَرَ وَارْتَاحَ، كَقَوْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا: (فَإِذَا اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ) (الحج: 5) يُرِيْدُ بِهِ: ارْتَاحَتْ وَاخْضَرَّتْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حالانکہ اس وقت حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ لوگوں کے سامنے رکھا ہوا تھا آپ نے فرمایا: اس کے لیے رحمان کا عرش جھوم اٹھا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: اس کے لیے رحمان کا عرش جھوم اٹھا ہے اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے کہ اس نے خوش خبری حاصل کی ہے اور راحت حاصل کی ہے اس کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان: ہے۔

''جب ہم اس پر اپنی رحمت نازل کرتے ہیں' تو وہ جھوم اٹھتا ہے اور پھلتا پھولتا ہے''۔

اس کے ذریعے مراد یہ ہے کہ وہ راحت حاصل کرتا ہے اور سرسبز ہو جاتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اهْتَزَّ لَهَا اَرَادَ بِهِ وَفَاتَهُ دُوْنَ الْجَنَازَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اس کے لیے وہ جھوم اٹھا'' اس کے ذریعے مراد ان کی وفات ہے ان کا جنازہ (میت) مراد نہیں ہے

7030 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِوَفَاةِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

محمد بن عمرو اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے

7029- حديث صحيح، محفوظ بن أبي توبة ذكره ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل "8/422 - 423 ونقل عن أبيه أنه ضعف أمره جدا، لكن تابعه محمد بن عبد الله العصار، ومحمد هذا روى عنه جمع، وكان مع أحمد بن حنبل في الرحلة إلى اليمن وغيره وهو أول من أظهر مذهب الحديث بجرجان. وذكره المؤلف في ثقاته 9/103، فقال: يروى عنه عبيد الله بن موسى وعبد الرزاق، حدثنا عنه شيوخنا، عمران بن موسى السختياني وغيره، وهو مترجم أيضا في "تاريخ جرجان" ص 376، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح. وهو في "مصنف عبد الرزاق". "6747" وأخرجه من طريق عبد الرزاق: أحمد 3/296، ومسلم "123" "2466" في فضائل الصحابة: باب من فضائل سعد بن معاذ رضي الله عنه، والترمذي. "3848" في المناقب: باب مناقب سعد بن معاذ رضي الله عنه، والطبراني. "5336" وقال الترمذي حسن صحيح. وأخرجه أحمد 3/349، والطبراني "5337" و "5338" من طريقين عن أبي الزبير، به. وأخرجه الطبراني "5339" من طريقين يحيى بن أبي كثير، عن أبي سلمة، عن جابر. وانظر. "7031"

7030- حديث حسن لغيره، وأخرجه أحمد 4/352، وابن أبي شيبة 12/142، وابن سعد 3/434، والطبراني "553" من طريق يزيد بن هارون، والطبراني "553" و "5332" من طريق حماد بن سلمة، كلاهما عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وبعضهم يذكر فيه قصة. وأورده الهيثمي في "المجمع" 9/308 و 309، ونسبه إلى أحمد والطبراني، وقال: وأسانيدها كلها حسنة.

حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''سعد بن معاذ کے انتقال پر عرش جھوم اٹھا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْعَرْشَ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ هُوَ السَّرِيْرُ

14
14

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے

جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت میں عرش سے مراد پلنگ ہے

7031 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، وَاَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمَنِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''سعد بن معاذ کے انتقال پر رحمان کا عرش جھوم اٹھا''۔

ذِكْرُ طَعْنِ الْمُنَافِقِيْنَ فِىْ جِنَازَةِ سَعْدٍ لِخِفَّتِهَا

منافقین کا حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے جنازے پر ہلکے ہونے کا طعن کرنے کا تذکرہ

7032 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَلَّافُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

7031- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه سعيد بن منصور في "سننه" "2963"، وأحمد 3/316، وابن أبي شيبة 12/142، والبخاري "3803" في مناقب الأنصار: باب مناقب سعد بن معاذ رضي الله عنه، ومسلم "124" "2466" في فضائل الصحابة: باب من فضائل سعد بن معاذ رضي الله عنه، وابن ماجة "158" في المقدمة: باب في فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وابن سعد 3/433 - 434، والطبراني "5335"، والبغوي "3980" من طرق عن الأعمش، عن أبي سفيان بهذا الإسناد. وزاد أبو عوانة في حديثه عن الأعمش عند البخاري: وعن أبي صالح، عن جابر، وذكر زيادة.

7032-حديث صحيح، محمد بن عبد الرحمن العلاف: ذكره المؤلف في "ثقاته" 9/98، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه الطبراني "5342" من طريق محمد بن ثعلبة بن سواء، عن عمه محمد بن سواء، عن سعيد، وهو ابن أبي عروبة عن قتادة، بهذا الإسناد. ولم يذكر فيه قصة المنافقين وحمل الجنازة. وأخرجه كذلك أحمد 3/234، ومسلم "2467" من طريق عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أبي عروبة، به. وقصة حمل الجنازة أخرجها عبد الرزاق "20414"، ومن طريق الترمذي "3849" في المناقب: باب مناقب سعد بن معاذ رضي الله عنه، عن معمر، عم قتادة، عن أنس بن مالك، قال: لما حملت جنازة سعد بن معاذ قال المنافقون: ما أخف جنازته لحكمه في قريظة، فبلغ ذلك النبي صلى الله عليه وسلم، فقال: "لا، ولكن كانت تحمله الملائكة." وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب.

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ وَجِنَازَةُ سَعْدٍ مَوْضُوعَةٌ: اهْتَزَّ لَهَا عَرْشُ الرَّحْمٰنِ فَطَفِقَ الْمُنَافِقُونَ فِي جِنَازَتِهِ وَقَالُوا: مَا اَخَفَّهَا، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّمَا كَانَتْ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ مَعَهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا جنازہ رکھا ہوا تھا (آپ نے فرمایا:) اس کے لیے رحمٰن کا عرش جھوم اٹھا ہے منافقین نے ان کے جنازے کے بارے میں یہ کہنا شروع کیا: یہ کتنا ہلکا ہے اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ نے فرمایا: لوگوں کے ساتھ اسے فرشتوں نے اٹھایا ہوا ہے۔

ذِكْرُ فَتْحِ اَبْوَابِ السَّمَاءِ لِوَفَاةِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے انتقال پر آسمان کے دروازے کھولے جانے کا تذکرہ

7033 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوسُفَ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَيَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَعْدٍ: هٰذَا الرَّجُلُ الصَّالِحُ الَّذِي فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ شُدِّدَ عَلَيْهِ، ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: یہ وہ نیک شخص ہے جس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے اس پر (قبر میں) تنگی کی گئی لیکن پھر اس کو کشادگی عطا کر دی گئی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ عَمَّا شَدَّدَ عَلَيْهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ بِدُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی قبر کے تنگ ہونے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کی قبر کو کشادہ کر دیا تھا

7033- إسناده حسن. عمرو بن عثمان: هو ابن سعيد بن كثير أبو حفص الحمصي، ويحيى بن سعيد: هو الأنصاري. وأخرجه أحمد في "المسند" 3/327، وفي "الفضائل" "1496" و"1497"، والطبراني "5340" من طريق محمد بن بشر، والنسائي في "الفضائل" "120"، والحاكم 3/206 من طريق الفضل بن موسى، والحاكم أيضا 3/206 من طريق يزيد بن هارون، ثلاثتهم عن محمد بن عمرو بهذا الإسناد. لم يذكر أحمد في الموضع الثاني من "الفضائل" في سنده يحيى بن سعيد، متابع يزيد بن عبد الله، وصحح إسناده الحاكم، ووافقه الذهبي.

7034 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَهُ - يَعْنِي سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ - فَاحْتَبَسَ، فَلَمَّا خَرَجَ قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا حَبَسَكَ؟ قَالَ: ضُمَّ سَعْدٌ فِي الْقَبْرِ ضَمَّةً، فَدَعَوْتُ اللّٰهَ فَكَشَفَ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی قبر میں یعنی حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی قبر میں داخل ہوئے' آپ تھوڑی دیر وہاں ٹھہرے رہے' جب آپ باہر آئے' تو عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کیوں ٹھہرے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سعد کو قبر میں بھینچا گیا میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی' تو اس نے انہیں کشادگی عطا کی۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَنَادِيلِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ

جنت میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے رومالوں کی صفت کا تذکرہ

7035 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

7034– إسناده ضعيف، ابن فضيل وهو محمد - سمع من عطاء بن السائب بعد الاختلاط . وأخرجه ابن سعد 3/433، وابن أبي شيبة 12/142 - 143، ومن طريقه الحاكم 3/206 عن محمد بن فضيل، بهذا الإسناد، وصحح إسناده الحاكم، ووافقه الذهبي ! قلت: وقد صح الحديث من طريق آخر عن ابن عمر بغير هذا اللفظ: فقد أخرجه النسائي 4/100 - 101، وابن سعد 3/430، والطبراني "5333"، والبيهقي في "الدلائل" 4/28، و"إثبات عذاب القبر" له "109" من طريق عبد الله بن إدريس، عن عبيد الله بن عمر، عن نافع، عن ابن عمر، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "هذا الذي تحرك له العرش يعني سعد بن معاذ - وفتحت له أبواب السماء، وشهده سبعون ألفا من الملائكة، لقد ضم ضمة ثم فرج عنه." وهذا الإسناد صحيح، وسقط من المطبوع من "إثبات عذاب القبر" في الإسناد عبيد الله بن عمر، ونافع. وأخرج الطحاوي في "مشكل الآثار" "276"، وأبو نعيم في "الحلية" 3/173 - 174 من طريق سفيان الثوري، عن سعد بن إبراهيم، عن نافع، عن ابن عمر، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لو أن أحدا نجا من عذاب القبر، لنجا منه سعد"، ثم قال بأصابعه الثلاثة يجمعها كأنه يقلبها، ثم قال: "لقد ضغط، ثم عوفي."

7035–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي داود وهو الطيالسي فمن رجال مسلم، وأبو إسحاق: هو عمرو بن عبد الله السبيعي، وسماع شعبة منه قديم . وهو في "مسند الطيالسي" "710" وأخرجه مسلم "2467" في فضائل الصحابة: باب من فضائل سعد بن معاذ رضي الله عنه، عن أحمد بن عبيدة الضبي، عن أبي داود، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/302، والبخاري "3802" في مناقب الأنصار: باب مناقب سعد بن معاذ رضي الله عنه، ومسلم "2468" من طريق محمد بن جعفر غندر، ومسلم "2468" من طريق أمية بن خالد، كلاهما عن شعبة، به . وأخرجه أحمد في "المسند" 4/301، وفي "الفضائل" "1487"، والبخاري "3249" في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة وأنها مخلوقة، و"5836" في اللباس: باب مس الحرير من غير لبس، و"5540" في الإيمان والنذور: باب كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم؟ والترمذي "3847" في المناقب: باب مناقب سعد بن معاذ رضي الله عنه، والنسائي في "الفضائل" "117"، وابن ماجة "157" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، وابن سعد 3/435، والبغوي "3981" من طرق عن أبي إسحاق، به.

(متن حدیث): لَبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبًا مِنْ حَرِيْرٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَلْمَسُوْنَهُ وَيَعْجَبُوْنَ مِنْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَتَعَجَّبُوْنَ مِنْهُ مَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنْهُ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم کا بنا ہوا کپڑا پہنا لوگوں نے اسے چھو کر اسے پسند کرنا شروع کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے پسند کر رہے ہو جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ بہتر ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اَبَا اِسْحَاقَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ الْبَرَاءِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: ابو اسحاق نے یہ روایت حضرت براء رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

7036 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَوْبِ حَرِيْرٍ، فَجَعَلُوا يَلْمَسُوْنَهُ وَيَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ لِيْنِهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ اَلْيَنُ مِنْ هٰذَا اَوْ خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا.

قَالَ شُعْبَةُ: وَحَدَّثَنِيْ قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ هٰذَا

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ریشمی کپڑا لایا گیا لوگ اسے چھونے لگے اور اس کی نرمی پر حیران ہونے لگے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ نرم (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس سے زیادہ بہتر ہیں۔

شعبہ نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے یہی روایت قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ذٰلِكَ الثَّوْبَ الَّذِيْ لَبِسَهُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مَنْسُوْجًا بِالذَّهَبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ کپڑا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنا تھا' وہ سونے کے ذریعے بنا ہوا تھا

7036–إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين، غير أبي داود، فمن رجال مسلم. وانظر ما قبله.

[1] إسناده صحيح. وهو في "مسند الطيالسي" "1990"، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/209 و 277، ومسلم "2468". وأخرجه أحمد 3/206 - 207، ومسلم "2468" من طريقين عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/234، والبخاري "2615" في الهبة: باب قبول الهدية من المشركين، و"3248" في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة وأنها مخلوقة، ومسلم "2469" من طرق عن قتادة، به. وانظر ما بعده.

7037 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا وَاقِدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰی اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَقَالَ لِی: مَنْ اَنْتَ؟ قُلْتُ: اَنَا وَاقِدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ: اِنَّكَ بِسَعْدٍ لَشَبِیْهٌ، ثُمَّ بَكٰی فَاَكْثَرَ الْبُكَاءَ، قَالَ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلٰی سَعْدٍ، كَانَ مِنْ اَعْظَمِ النَّاسِ وَاَطْوَلِهِمْ، ثُمَّ قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَیْشًا اِلٰی اُكَیْدِرِ دُوْمَةَ، فَاَرْسَلَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِجُبَّةِ دِیْبَاجٍ مَنْسُوْجٌ فِیْهَا الذَّهَبُ، فَلَبِسَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ عَلَی الْمِنْبَرِ، اَوْ جَلَسَ، فَلَمْ یَتَكَلَّمْ، ثُمَّ نَزَلَ، فَجَعَلَ النَّاسُ یَلْمَسُوْنَ الْجُبَّةَ، وَیَنْظُرُوْنَ اِلَیْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَتَعْجَبُوْنَ مِنْهَا؟ قَالُوْا: مَا رَاَیْنَا ثَوْبًا قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَمَنَادِیْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِی الْجَنَّةِ اَحْسَنُ مِمَّا تَرَوْنَ

واقد بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے مجھ سے دریافت کیا: تم کون ہو میں نے کہا: میں واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ ہوں تو انہوں نے فرمایا: تمہاری حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے ساتھ مشابہت ہے پھر وہ رونے لگے اور بہت زیادہ روئے۔ انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت سعد رضی اللہ عنہ پر رحمت کرے وہ بڑے بھاری بھرکم اور طویل قامت تھے پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دومہ (کے حکمران) اکیدر کی طرف لشکر روانہ کیا' تو اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ریشم سے بنا ہوا ایک جبہ بھیجا جس میں سونا بھرا ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہنا آپ منبر پر کھڑے ہوئے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) منبر پر بیٹھے آپ نے کوئی بات چیت نہیں کی پھر آپ منبر سے نیچے اترے لوگ اس جبے کو چھونے لگے اور اس کی طرف دیکھنے لگے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں یہ اچھا لگ رہا ہے۔ لوگوں نے کہا: ہم نے اس سے زیادہ عمدہ کپڑا کبھی نہیں دیکھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ خوبصورت ہیں' جو تم دیکھ رہے ہو۔

7037- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح، غير محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ - وهو حسن الحديث صدوق، وحديثه في "الصحيحين" مقرون. وأخرجه أحمد في "الفضائل" "1495"، وابن سعد 3/435 - 436 عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/144، والترمذي "1723" في اللباس: باب رقم "3"، والنسائي 8/199 في الزينة: باب لبس الديباج المنسوج بالذهب. من طرق عن محمد بن عمرو، به. وقال الترمذي: حديث صحيح. وأكيدر دومة: هو ابن عبد الملك الكندي صاحب دومة الجندل مدينة بين الشام والحجاز قرب تبوك ذكره ابن منده وأبو نعيم في الصحابة، وقال: كتب إليه النبي صلى الله عليه وسلم، وأرسل إليه سرية مع خالد بن الوليد، ثم إنه أسلم، وأهدى إلى النبي صلى الله عليه وسلم حلة سيراء، فوهبها لعمر، وتعقب ذلك ابن الأثير في "أسد الغابة "1/135، فقال: إنما أهدى إلى النبي صلى الله عليه وسلم، وصالحه، ولم يسلم، وهذا لا خلاف فيه بين أهل السير، وأما من قال: إنه أسلم، فقد أخطأ خطأ ظاهرا، بل كان نصرانيا، ولما صالح النبي صلى الله عليه وسلم، عاد إلى حصنه، وبقي فيه، ثم إن خالد بن الوليد أسره في أيام أبي بكر، فقتله كافرا.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ لُبْسَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُبَّةَ الْمَنْسُوجَةَ بِالذَّهَبِ كَانَ ذٰلِكَ قَبْلَ تَحْرِيمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لُبْسَهَا عَلَى الرِّجَالِ مِنْ اُمَّتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا سونے کے ذریعے بنا ہوا جبہ پہننا اللہ تعالیٰ کے نبی اکرم ﷺ کی امت کے مردوں کے لیے اسے پہننے کو حرام قرار دینے سے پہلے تھا

7038 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ سَوَاءٍ، حَدَّثَنِيْ عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اُكَيْدِرَ دُوْمَةَ اَهْدٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةَ سُنْدُسٍ، فَلَبِسَهَا وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُّحَرَّمَ الْحَرِيْرُ، فَتَعَجَّبَ النَّاسُ مِنْ حُسْنِهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ اَحْسَنُ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دومہ (کے حکمران) اکیدر نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ریشم سے بنا ہوا جبہ بھیجا۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے پہنا یہ ریشم کے حرام قرار دیئے جانے سے پہلے کی بات ہے۔ لوگ اس کی خوبصورتی سے حیران ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے زیادہ خوبصورت ہیں۔

ذِكْرُ خُبَيْبِ بْنِ عَدِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7039 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ

7038- إسناده جيد، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير محمد بن ثعلبة بن سواء، فقد روى له ابن ماجة، وروى عنه جمع، وقال أبو حاتم: أدركته ولم أكتب عنه، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق. سعيد: هو ابن أبي عروبة، وقد روى الشيخان من حديث محمد بن سواء عنه . وأخرجه أحمد 3/234 عن عبد الوهاب وهو ابن عطاء - عن سعيد، بهذا الإسناد . وعلق طرفا من أوله البخاري "2616" في الهبة: باب قبول الهدية من المشركين، عن سعيد، به.

7039- حديث صحيح، ابن أبي السّري قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وهو في "مصنف عبد الرزاق" "9730". وأخرجه البخاري "4086" في المغازي: باب غزوة الرجيع، عن إبراهيم بن موسى، عن هشام بن يوسف، عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "3045" في الجهاد: باب هل يستأسر الرجل؟ و"7402" في التوحيد: باب ما يذكر في الذات والنعوت وأسامي الله عز وجل، وأبو داود "2661" في الجهاد: باب في الرجل يستأسر، من طريق أبي اليمان، عن شعيب بن أبي حمزة، عن الزهري، به. ولم يسق أبو داود لفظه، والرواية الثانية عند البخاري مختصرة جدا، وقد زاد شعيب في حديثه عن الزهري قال: فأخبرني عبيد الله بن عياض أن بنت الحارث أخبرته أنهم حين اجتمعوا استعار منها موسى ... الحديث . وأخرجه الطيالسي "2597"، وأحمد 2/294-295، والبخاري "3989" في المغازي: باب رقم "10"، وأبو داود "2660" و"3112" في الجنائز: باب المريض يؤخذ من أظفاره وعانته، والطبراني "4192" و"463"/17، والبيهقي في "الدلائل" 3/323-325

الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً عَيْنًا، وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ، فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ نَزُولًا، فَذُكِرُوْا لِحَيٍّ مِنْ هُذَيْلٍ يُقَالُ لَهُمْ: بَنُو لِحْيَانَ، فَاتَّبَعُوْهُمْ بِقَرِيبٍ مِنْ مِائَةِ رَجُلٍ رَامٍ، فَاقْتَصُّوا آثَارَهُمْ، حَتّٰى نَزَلُوا مَنْزِلًا نَزَلُوْهُ، فَوَجَدُوْا فِيْهِ نَوَى تَمْرٍ مِنْ تَمْرِ الْمَدِيْنَةِ، فَقِيْلَ: هٰذَا مِنْ تَمْرِ اَهْلِ يَثْرِبَ فَاتَّبَعُوْا آثَارَهُمْ، حَتّٰى لَحِقُوهُمْ، فَلَمَّا آنَسَهُمْ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ وَّاَصْحَابُهُ، لَجَؤُوْا اِلٰى فَدْفَدٍ، وَجَاءَ الْقَوْمُ فَاَحَاطُوْا بِهِمْ، فَقَالُوْا: لَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيثَاقُ اِنْ نَزَلْتُمْ اِلَيْنَا اَنْ لَا نَقْتُلَ مِنْكُمْ رَجُلًا، فَقَالَ عَاصِمٌ: اَمَّا اَنَا فَلَا اَنْزِلُ فِيْ ذِمَّةِ قَوْمٍ كَافِرِيْنَ، اَللّٰهُمَّ اَخْبِرْ عَنَّا رَسُوْلَكَ، فَقَاتَلُوْهُمْ فِيْ بُيُوتِهِمْ حَتّٰى قَتَلُوا عَاصِمًا فِيْ سَبْعَةِ نَفَرٍ، وَبَقِيَ خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ وَزَيْدُ بْنُ الدَّثِنَةِ، وَرَجُلٌ اٰخَرُ فَاَعْطَوْهُمُ الْعَهْدَ وَالْمِيثَاقَ اَنْ يَّنْزِلُوا اِلَيْهِمْ، فَلَمَّا اسْتَمْكَنُوا مِنْهُمْ حَلُّوا اَوْتَارَ قِسِيِّهِمْ، فَرَبَطُوْهُمْ بِهَا، فَنَادَى الرَّجُلُ الثَّالِثُ الَّذِيْ مَعَهُمَا، هٰذَا اَوَّلُ الْغَدْرِ، فَاَبٰى اَنْ يَّصْحَبَهُمْ، فَجَرُّوْهُ، فَاَبٰى اَنْ يَّتَّبِعَهُمْ، وَقَالَ: لِيْ فِيْ هٰؤُلَاءِ اُسْوَةٌ، فَضَرَبُوْا عُنُقَهُ، وَانْطَلَقُوْا بِخُبَيْبِ بْنِ عَدِيٍّ وَزَيْدِ بْنِ الدَّثِنَةِ حَتّٰى بَاعُوْهُمَا بِمَكَّةَ فَاشْتَرٰى خُبَيْبًا بَنُو الْحَارِثِ بْنُ عَامِرٍ، وَكَانَ الْحَارِثُ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَمَكَثَ عِنْدَهُمْ اَسِيْرًا، حَتّٰى اِذَا اجْتَمَعُوْا عَلٰى قَتْلِهٖ اسْتَعَارَ مُوْسًى مِنْ اِحْدٰى بَنَاتِ الْحَارِثِ يَسْتَحِدُّ بِهٖ، فَاَعَارَتْهُ، قَالَتْ: فَغَفَلْتُ عَنْ صَبِيٍّ لِي حَتّٰى اَتَاهُ، فَاَخَذَهُ فَاَضْجَعَهُ عَلٰى فَخِذِهٖ، وَالْمُوْسٰى فِيْ يَدِهٖ، فَلَمَّا رَاَيْتُهُ، فَزِعْتُ فَزَعًا شَدِيدًا، فَقَالَ: خَشِيتِ اَنْ اَقْتُلَهُ؟ مَا كُنْتُ لِاَفْعَلَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: فَكَانَتْ تَقُوْلُ: مَا رَاَيْتُ اَسِيْرًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ لَقَدْ رَاَيْتُهُ يَاْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ وَّمَا بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ ثَمَرَةٌ وَّاِنَّهُ لَمُوثَقٌ فِي الْحَدِيدِ، وَمَا كَانَ اِلَّا رِزْقًا رَزَقَهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ، ثُمَّ خَرَجُوْا بِهٖ مِنَ الْحَرَمِ لِيَقْتُلُوْهُ، فَقَالَ: دَعُوْنِيْ اُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ: لَوْلَا اَنْ تَرَوْا اَنَّ مَا بِيْ جَزَعٌ مِّنَ الْمَوْتِ، لَزِدْتُّ، فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ سَنَّ الرَّكْعَتَيْنِ عِنْدَ الْقَتْلِ، ثُمَّ قَالَ:

وَلَسْتُ اُبَالِي حِيْنَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا عَلٰى اَيِّ شَقٍّ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِي

ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ فَقَتَلَهُ، وَبَعَثَتْ قُرَيْشٌ اِلٰى مَوْضِعِ عَاصِمٍ تُرِيْدُ الشَّيْءَ مِنْ جَسَدِهٖ لِيَعْرِفُوْهُ، وَكَانَ قَتَلَ عَظِيمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ، فَبَعَثَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِثْلَ الظُّلَّةِ، فَلَمْ يَقْدِرُوْا عَلٰى شَيْءٍ مِنْهُ، هٰكَذَا حَدَّثَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ مِنْ كِتَابِهٖ، فَقَاتَلُوْهُمْ فِيْ بُيُوتِهِمْ، وَاِنَّمَا هُوَ: فَقَاتَلُوْهُمْ مِنْ ثُبُوتِهِمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم جاسوسی کے لیے روانہ کی آپ نے ان کا امیر عاصم بن ثابت کو مقرر کیا وہ لوگ روانہ ہوئے یہاں تک کہ عسفان اور مکہ کے درمیان انہوں نے پڑاؤ کیا۔ ہذیل قبیلے کی ایک شاخ بنولحیان کو ان کا پتہ چل گیا وہ لوگ ایک سو تیر اندازوں کے ساتھ ان کے پیچھے آئے اور ان کے قدموں کے نشانات پر آتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے بھی اسی جگہ پڑاؤ کیا جہاں انہوں نے پڑاؤ کیا تھا وہاں انہیں مدینہ منورہ کی کھجوروں کی گٹھلیاں ملیں، تو کہا گیا

یہ تو اہل یثرب کی کھجوریں ہیں پھر وہ لوگ ان کے قدموں کے نشانات پر پیچھے آتے گئے یہاں تک کہ ان تک پہنچ گئے جب حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کو ان کا احساس ہوا تو انہوں نے ایک پہاڑ کی آڑ لی وہ لوگ آئے اور انہوں نے ان حضرات کو گھیر لیا ان لوگوں نے کہا: آپ لوگوں کے ساتھ یہ پختہ عہد اور وعدہ ہے کہ اگر آپ اتر کر ہماری طرف آ جاتے ہیں تو ہم آپ میں سے کسی بھی شخص کو قتل نہیں کریں گے تو حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے کہا: میں کافر قوم کی دی ہوئی پناہ کی وجہ سے نیچے نہیں اتروں گا: اے اللہ! تو ہمارے بارے میں اپنے رسول کو اطلاع دیدے کہ ان لوگوں نے اپنی رہائشی جگہ پر رہتے ہوئے ان کے ساتھ لڑائی کی یہاں تک کہ ان لوگوں نے حضرت عاصم رضی اللہ عنہ سمیت سات افراد کو قتل کر دیا صرف حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن دشنہ رضی اللہ عنہ باقی رہ گئے اور ایک اور شخص باقی رہ گیا ان لوگوں نے ان حضرات کو یہ عہد دیا کہ وہ اگر اتر کر ان کی طرف آ گئے تو (انہیں کچھ نہیں کہا جائے گا) لیکن جب ان لوگوں نے ان حضرات پر قابو پا لیا تو انہوں نے ان کی کمانوں کے تار کھول دیئے اور اس کے ذریعے ان حضرات کو باندھ دیا تو ان دو کے ساتھ موجود تیسرے شخص نے کہا: یہ سب سے پہلی وعدہ خلافی ہے اس نے ان کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا ان لوگوں نے انہیں کھینچا تو اس شخص نے ان کے پیچھے جانے سے انکار کر دیا اور بولا: میرے لیے (ان مقتولین) کے طریقہ کار میں بہترین نمونہ ہے تو ان لوگوں نے اس شخص کی بھی گردن اڑا دی وہ لوگ حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن دشنہ رضی اللہ عنہ کو لے کر آئے اور مکہ میں ان دونوں کو فروخت کر دیا۔ حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو حارث بن عامر کے بیٹوں نے خرید لیا کیونکہ حارث غزوہ بدر کے دن مارا گیا تھا وہ ان لوگوں کے ہاں قیدی کے طور پر رہے یہاں تک کہ جب ان لوگوں نے انہیں قتل کرنے کے بارے میں طے کر لیا تو حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے حارث کی ایک بیٹی سے ایک استرا عارضی استعمال کے لئے مانگا تا کہ اس کے ذریعے اضافی بال صاف کر لیں اس عورت نے انہیں وہ استرا دے دیا وہ عورت بیان کرتی ہے میں اپنے بچے سے غافل ہوئی یہاں تک کہ وہ بچہ ان کے پاس چلا گیا انہوں نے اس بچے کو پکڑا اور اپنی زانوں پر بٹھا لیا استرا ان کے ہاتھ میں تھا جب میں نے اس بچے کو دیکھا تو میں بہت گھبرا گئی انہوں نے دریافت کیا: کیا تمہیں اندیشہ ہے کہ میں اسے قتل کر دوں گا اگر اللہ نے چاہا تو میں ایسا نہیں کروں گا وہ عورت بیان کرتی ہے میں نے ایسا کوئی قیدی کبھی نہیں دیکھا جو حضرت خبیب رضی اللہ عنہ سے بہتر ہو میں نے انہیں انگور کھاتے ہوئے دیکھا ہے حالانکہ ان دنوں مکہ میں یہ پھل نہیں تھا اور وہ اس وقت لوہے میں جکڑے ہوئے تھے یہ وہ رزق تھا جو اللہ تعالیٰ انہیں عطا کرتا تھا پھر وہ لوگ (یعنی بنو حارث) انہیں حرم کی حدود سے باہر لے گئے تا کہ انہیں قتل کر دیں تو حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے موقع دو تا کہ میں دو رکعات ادا کر لوں پھر انہوں نے دو رکعات ادا کی اور بولے: اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ تم یہ سمجھو گے کہ میں موت کے خوف کی وجہ سے (ایسا کر رہا ہوں) تو میں مزید رکعات ادا کرتا۔

(راوی کہتے ہیں) تو وہ پہلے فرد تھے جنہوں نے قتل ہونے کے وقت دو رکعات ادا کرنے کا طریقہ ایجاد کیا پھر انہوں نے فرمایا۔

''اگر میں مسلمان ہونے کے عالم میں قتل کیا جاتا ہوں تو پھر میں اس بات کی پرواہ نہیں کروں گا کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مجھے کون سے پہلو کے بل گرایا جاتا ہے''۔

پھر عقبہ بن حارث اٹھ کر ان کی طرف گیا اور اس نے انہیں شہید کر دیا۔ قریش نے عاصم کے مقام کی طرف کسی کو بھیجا تاکہ ان کے جسم کا کوئی حصہ حاصل کر لیں اور اس کے ذریعے انہیں پہچان لیں کیونکہ عاصم نے غزوہ بدر کے موقع پر ان کے بڑے فرد کو قتل کیا تھا' تو اللہ تعالیٰ نے ان پر سایہ بھیجا' تو وہ لوگ ان کے جسم سے کچھ حاصل نہیں کر سکے۔

یہ روایت ابن قتیبہ نے اپنی تحریر میں سے ہمیں بیان کی تھی جس میں یہ الفاظ ہیں۔

''تو انہوں نے اپنے گھروں میں رہتے ہوئے ان کے ساتھ لڑائی کی'' حالانکہ الفاظ یہ ہیں: ''انہوں نے اپنی جگہ پر رہتے ہوئے ان کے ساتھ لڑائی کی''۔

7040 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْحَنْظَلِیُّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ،

(متن حدیث): وَقَالَ فِیْ آخِرِهٖ: فَبَعَثَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ، فَلَمْ یَقْدِرُوْا عَلٰی شَیْءٍ.

وَالدَّبْرُ الزَّنَابِیْرُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں۔

''اللہ تعالیٰ نے ان پر بادل کی طرح مکھیوں کا جتھہ بھیجا' تو وہ لوگ ان کے جسم کی کسی بھی چیز پر قادر نہ ہو سکے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ دبل سے مراد شہد کی مکھیوں کا جتھہ ہے۔

ذِكْرُ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الْاَسَدِ الْمَخْزُوْمِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7041 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَیْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِیُّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ قَبِیْصَةَ بْنِ ذُؤَیْبٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَبِیْ سَلَمَةَ، وَقَدْ شَقَّ بَصَرُهٗ فَاَغْمَضَهٗ وَقَالَ: اِنَّ الرُّوْحَ اِذَا قُبِضَ، تَبِعَهُ الْبَصَرُ، فَصَاحَ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِهٖ، فَقَالَ: لَا تَدْعُوْا عَلٰی اَنْفُسِكُمْ اِلَّا بِخَیْرٍ، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ عَلٰی مَا تَقُوْلُوْنَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَبِیْ سَلَمَةَ، وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِی الْمُقَرَّبِیْنَ، وَاخْلُفْهُ فِیْ عَقِبِهٖ فِیْ

7040- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله.

7041- إسناده صحيح على شرط الشيخين. معاوية بن عمرو: هو الأزدي أبو عمرو البغدادي، وأبو إسحاق الفزاري: هو إبراهيم بن محمد بن الحارث، وأبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي. وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 326/1. وأخرجه مسلم "7" "920" في الجنائز: باب في إغماض الميت والدعاء له إذا حضر، ومن طريقه البغوي "1468" عن أبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/297، وابن ماجة "1454" في الجنائز: باب ما جاء في تغميض الميت، والبيهقي 3/384 من طريق معاوية بن عمرو، به. وأخرجه أبو داود "3118" في الجنائز: باب تغميض الميت، والنسائي في "الفضائل" "180"، والطبراني "712"/23 من طرق عن أبي إسحاق الفزاري، بعه. وأخرجه مسلم "8" "920"، والطبراني "714"/23 من طريقين عن خالد، به.

الْغَابِرِيْنَ، وَاغْفِرْ لَهُ وَلَنَا يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ، اللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهُ فِيْ قَبْرِهٖ، وَنَوِّرْ لَهُ فِيْهِ

❀❀ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اس وقت ان کی آنکھیں کھلی رہ گئی تھیں (یعنی انتقال ہو چکا تھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی آنکھوں کو بند کیا اور فرمایا جب روح قبض ہوتی ہے تو نگاہ اس کے پیچھے جاتی ہے ان کے اہل خانہ میں سے کچھ لوگ چیخ کر رونے لگے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اپنے بارے میں صرف بھلائی کی دعا کرو کیونکہ تم لوگ جو کہتے ہو فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ ابوسلمہ کی مغفرت کر دے اور مقرب لوگوں میں اس کے درجے بلند کر دے اور پیچھے رہنے والوں میں اس کا اچھا جانشین بنا دے اس کی اور ہماری مغفرت کر دے اے تمام جہانوں کے پروردگار! اے اللہ! اس کی قبر کو اس کے لیے کشادہ کر دے اور اس کی قبر کو اس کے لیے روشن کر دے۔

ذِكْرُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ شَرَاحِيْلَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت زید بن حارثہ بن شراحیل رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7042 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): مَا كُنَّا نَدْعُوْهُ اِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ، حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْآنُ (اُدْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ) (الأحزاب: 5)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ انہیں حضرت زید بن محمد کہا کرتے تھے یہاں تک کہ قرآن کا یہ حکم نازل ہوا۔

''ان لوگوں کو ان کے (حقیقی) باپوں کی نسبت سے بلاؤ یہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انصاف کے زیادہ قریب ہے''۔

ذِكْرُ مَحَبَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے کا تذکرہ

7043 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

7042–إسناده صحيح على شرط الشيخين . عفان: هو ابن مسلم، ووهيب: هو ابن خالد . وهو في "مصنف بن أبي شيبة" 12/140. وأخرجه أحمد 2/77، وابن سعد 3/43 عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "2425" في فضائل الصحابة: باب فضائل زيد بن الحارثة وأسامة بن زيد رضي الله عنهما، عن أحمد بن سعيد الدارمي، عن حبان، عن وهيب، به . وأخرجه البخاري "2782" في تفسير سورة الأحزاب: باب (ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ) ، ومسلم "62""2425"، والترمذي "3209" في التفسير: باب سورة الأحزاب، و "3814" في المناقب: باب مناقب زيد بن حارثة، والنسائي في التفسير كما في "التحفة"5/161 من طرق عن موسى بن عقبة، به.

(متن حدیث): فَرَضَ عُمَرُ لِاُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَكْثَرَ مِمَّا فَرَضَ لِي، فَقُلْتُ: اِنَّمَا هِجْرَتِي وَهِجْرَةُ اُسَامَةَ وَاحِدَةٌ، قَالَ: اِنَّ اَبَاهُ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَبِيكَ، وَاِنَّهُ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكَ، وَاِنَّمَا هَاجَرَ بِكَ اَبَوَاكَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے لئے مجھ سے زیادہ ادائیگی مقرر کی' تو میں نے کہا: میری ہجرت اور اسامہ کی ہجرت ایک ساتھ ہوئی ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کا والد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تمہارے باپ سے زیادہ محبوب تھا اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تم سے زیادہ محبوب تھا' تمہیں تمہارے ماں باپ نے ہجرت کروائی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ كَانَ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھے

7044 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا، وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، فَطَعَنَ بَعْضُ

7043- رجاله رجال الصحيح غير مصعب بن عبد الله الزبيرى، فقد روى له النسائى وابن ماجة وهو ثقة، وهو فى "مسند ابى يعلى" . "162" وأخرجه بنحوه ابن سعد 4/70 عن خالد بن مخلد البجلى، عن عبد الله بن عمر، عن نافع، به . وعبد الله بن عمر ضعيف. وأخرجه الترمذى "3813" فى المناقب: باب مناقب زيد بن حارثة، عن سفيان بن وكيع، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عن زيد بن أسلم، عن أبيه، عن عمر أنه فرض لأسامة.. فذكره بنحوه، وفيه سفيان بن وكيع، وهو ضعيف، وتدليس ابن جريج، ومع ذلك فقد قال الترمذى: حسن غريب . وأخرجه البزار "1736" ضمن حديث مطول من طريق أبى معشر، عن زيد بن أسلم، عن أبيه، وعن عمر بن عبد الله مولى غفرة ... قال الهيثمى فى "المجمع" 6/6: رواه البزار، وفيه أبو معشر نجيح، ضعيف يعتبر بحديثه. إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير يحيى بن أيوب المقابرى، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "63""2426" فى فضائل الصحابة: باب فضائل زيد بن الحارثة....، عن يحيى بن أيوب المقابرى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/110، والبخارى "6627" فى الإيمان والنذور: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: "وايم والله "، ومسلم "63""2426"، والترمذى بإثر الحديث "3816" فى المناقب: باب مناقب زيد بن حارثة، من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به . وأخرجه البخارى "3730" فى فضائل الصحابة: باب مناقب زيد بن حارثة، و"4469" فى المغازى: باب رقم "86"، "7187" فى الأحكام: باب من لم يكترث بطعن من لا يعلم فى الأمراء حديثا، والترمذى "3816" من طرق عن عبد الله بن دينار، به . وأخرجه أحمد 2/89/106، والبخارى "4468" فى المغازى: باب بعث النبى صلى الله عليه وسلم أسامة بن زيد فى مرضه الذى توفى فيه، ومسلم "64""2426"، وابن سعد 4/65 - 66 من طريق سالم بن عبد الله، وابن سعد 4/66 من طريق نافع، كلاهما عن ابن عمر وبعضهم يزيد فيه على بعض، وانظر الحديث رقم. "7059"

النَّاسِ فِیْ اِمْرَتِهٖ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنْ تَطْعَنُوْا فِیْ اِمْرَتِهٖ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِیْ اِمْرَةِ اَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ، وَاَيْمُ اللّٰهِ اِنْ كَانَ خَلِيْقًا لِلْاِمَارَةِ، وَاِنْ كَانَ لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیَّ، وَاِنَّ هٰذَا لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیَّ بَعْدَهٗ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو ان کا امیر مقرر کیا بعض لوگوں نے ان کی امارت کے بارے میں الجھن کا اظہار کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: اگر تم اس کے امیر ہونے کے بارے میں الجھن کا اظہار کر رہے ہو' تو اس سے پہلے تم نے اس کے باپ کے حوالے سے بھی الجھن کا اظہار کیا تھا اللہ کی قسم وہ امیر ہونے کے قابل تھا اور میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھا اور اس کے بعد یہ میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہے۔

7045 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ يَشْكُوْ زَيْنَبَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمْسِكْ عَلَيْكَ اَهْلَكَ فَنَزَلَتْ: (وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ) (الأحزاب: 37)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے (اپنی اہلیہ) سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھو (یعنی اسے طلاق نہ دو) تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''تم اپنے من میں وہ بات چھپا رہے تھے جسے اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا تھا''۔

ذِكْرُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7046 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيْمَ، وَهَانِئِ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ عَلِیٍّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، قَالَ:

7044–إسناده صحيح على شرط البخاری رجاله ثقات، غير محمد بن عبد الرحيم، فمن رجال البخاری. وأخرجه الحاكم 2/417 من طريق الحسين بن الفضل البجلی، عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد وأخرجه أحمد 3/149 - 150، والبخاری "4787" فی تفسير سورة الأحزاب: باب: (وَتُخْفِی فِی نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيهِ) ، و "7420" فی التوحيد: باب: (وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ) ، والترمذی "3212" فی التفسير: باب سورة الأحزاب، والنسائی فی التفسير كما فی "التحفة" 1/112، والبيهقی 7/57 من طرق عن حماد بن زيد، به، وبعضهم يزيد فيه على بعض، وقال الترمذی: حديث صحيح.

(متن حدیث):قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَعْفَرٍ: اَشْبَهْتَ خَلْقِي وَخُلُقِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم شکل وصورت اوراخلاق میں میرے ساتھ مشابہت رکھتے ہو۔

ذِكْرُ رُؤْيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعْفَرًا يَطِيْرُ فِي الْجَنَّةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کو جنت میں اڑتے ہوئے دیکھنے کا تذکرہ

7047 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الْمَرْوَزِيُّ زَاجٌ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ نَصْرِ بْنِ حَاجِبٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُرِيتُ جَعْفَرًا مَلَكًا يَطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مجھے جعفر فرشتے کی شکل میں دکھایا گیا وہ جنت میں اپنے دو پروں کے ذریعے اڑ رہا تھا''۔

7046- حديث صحيح إسناده قوى. رجاله ثقات رجال الشيخين غير هبيرة بن يريم وهانء بن هانء فقد روى لهما أصحاب السنن، وكلاهما لا بأس به. وهو فى "مصنف ابن أبى شيبة ".1/105 وقد وقع فى المطبوع منه "هبيرة عن هانء "، وهو تحريف. وأخرجه ابن سعد 4/36، والحاكم 3/120 من طريق عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد. وذكر الحاكم فيه قصة، وصحح إسناده، ووافقه الذهبى. وأخرجه أحمد 1/98 - 99 و108 و115 من طرق عن إسرائيل، به. وفى الحديث قصة. وفى الباب عن البراء بن عازب عند ابن أبى شيبة 12/105، والبخارى "2699"، والترمذى "3765"، وابن سعد 4/36، وعن ابن عباس عند أحمد 1/230، وابن أبى شيبة.12/105

7047-حديث صحيح، يحيى بن نصر بن حاجب روى عنه جمع، ووثقه المؤلف 9/254، وقال ابن عدى فى "الكامل" 7/2702 وقد روى له أحاديث حسنة: أرجو أنه لا بأس به، وقال أبو زرعة فيما نقله عنه أبى حاتم 9/193: ليس بشىء له ترجمة فى "تاريخ بغداد"14/159 - 160، وأبو نصر بن حاجب، قال أبو حاتم وغيره: صالح الحديث، وقال أبو داود: ليس بشىء، وقال ابن معين: ثقة، وروى عباس عن ابن معين أنه قال: ليس بشىء. مترجم فى"تاريخ بغداد"13/277 - 278، وباقى رجاله ثقات. وأخرجه الترمذى "3763" فى المناقب: باب مناقب جعفر بن أبى طالب رضى الله عنه، عن على بن حجر السعدى، والحاكم 3/209 من طريق على بن عبد الله بن جعفر المدينى، كلاهما عن عبد الله بن جعفر والد على، عن العلاء بن عبد الرحمن، بهذا الإسناد. وقال الترمذى: حديث غريب من حديث أبى هريرة، لا نعرفه إلا من حديث عبد الله بن جعفر، وقد ضعفه يحيى بن معين وغيره، وصحح إسناده الحاكم، فتعقبه الذهبى بقوله: المدينى "أى: عبد الله بن جعفر" واه. وأخرجه الحاكم 3/212 من طريق حماد بن سلمة، عن عبد الله بن المختار، عن محمد بن سيرين، عن أبى هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "مر بى جعفر الليلة فى ملأ من الملائكة وهو مخضب الجناحين بالدم." وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبى. وفى الباب عن ابن عباس عند الطبرانى "1466"و"1467"، والحاكم.3/209 وعن البراء عند الحاكم 3/40، وعن على عند ابن سعد.4/39 وعن ابن عمر عند البخارى "3709" و"4294"، والنسائى فى "الفضائل" "55"، والطبرانى "1474" أنه كان إذا سلم على عبد الله بن جعفر، قال: السلام عليك يا ابن ذى الجناحين.

ذِكْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7048 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سُمَيْرٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَبَاحٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَكَانَتِ الْاَنْصَارُ تُفَقِّهُهُ، فَاَتَيْتُهُ وَقَدِ اجْتَمَعَ اِلَيْهِ نَاسٌ مِّنَ النَّاسِ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو قَتَادَةَ فَارِسُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشَ الْاُمَرَاءِ، قَالَ: عَلَيْكُمْ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَاِنْ اُصِيْبَ زَيْدٌ فَجَعْفَرٌ، فَاِنْ اُصِيْبَ جَعْفَرٌ فَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَوَثَبَ جَعْفَرٌ فَقَالَ: بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّي يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا كُنْتُ اَرْغَبُ اَنْ تَسْتَعْمِلَ عَلَيَّ زَيْدًا، فَقَالَ: امْضِ، فَاِنَّكَ لَا تَدْرِي فِيْ اَيِّ ذٰلِكَ خَيْرٌ، فَانْطَلَقُوْا فَلَبِثُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ الْمِنْبَرَ، وَاَمَرَ اَنْ يُّنَادَى: الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، فَقَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنْ جَيْشِكُمْ هٰذَا الْغَازِي؟ انْطَلَقُوْا فَلَقُوَا الْعَدُوَّ، فَاُصِيْبَ زَيْدٌ شَهِيْدًا، اسْتَغْفِرُوْا لَهُ فَاسْتَغْفَرَ لَهُ النَّاسُ، ثُمَّ اَخَذَ اللِّوَاءَ جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، فَشَدَّ عَلَى الْقَوْمِ حَتّٰى قُتِلَ شَهِيْدًا، اسْتَغْفِرُوْا لَهُ، ثُمَّ اَخَذَ اللِّوَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَثَبَتَتْ قَدَمَاهُ حَتّٰى قُتِلَ شَهِيْدًا، اسْتَغْفِرُوْا لَهُ، ثُمَّ اَخَذَ اللِّوَاءَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، وَلَمْ يَكُنْ مِنَ الْاُمَرَاءِ هُوَ اَمَّرَ نَفْسَهُ، ثُمَّ رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبْعَيْهِ ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هُوَ سَيْفٌ مِّنْ سُيُوْفِكَ انْتَصِرْ بِهٖ، فَمِنْ يَّوْمَئِذٍ سُمِّيَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ سَيْفَ اللّٰهِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مِنْ ذِكْرِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ اِلٰى هَاهُنَا هُمُ الَّذِيْنَ مَاتُوا اَوْ قُتِلُوا فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يَّقْبِضَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا رَسُوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى جَنَّتِهٖ، ثُمَّ اِنَّا ذَاكِرُوْنَ بَعْدَهُ هٰؤُلَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ مِنْ قُرَيْشٍ مَنْ صَحَّتْ لَهُ الْفَضِيلَةُ مَرْوِيَّةً، ثُمَّ نُعْقِبُهُمُ الْاَنْصَارَ اِنْ يَّسَّرَ اللّٰهُ ذٰلِكَ وَسَهَّلَهُ

❁❁ خالد بن سمیر بیان کرتے ہیں: عبداللہ بن رواحہ انصاری ہمارے پاس آئے انصار انہیں فقیہہ قرار دیتے تھے میں ان کے پاس آیا لوگ ان کے اردگرد اکٹھے ہو چکے تھے انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوار حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ حدیث بیان کی ہے انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امراء کا لشکر روانہ کیا آپ نے فرمایا: زید بن حارثہ تمہارا امیر ہو گا اگر زید شہید ہو

7048- إسناده صحيح، خالد بن سمير، وثقه النسائي والمؤلف والعجلي والذهبي، وحديثه عند أهل السنن، وباقي رجاله ثقات على شرط مسلم. وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 4/367 - 368 من طريق أبي عمرو بن مطر، عن الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه مختصرا جدا إلى قوله: "الصلاة جامعة": الدارمي 2/218 - 219 عن سليمان بن حرب، به. وأخرجه أحمد 5/299 و300 - 301، والنسائي في "الفضائل" "145" عن عبد الرحمن بن مهدي، والنسائي "56" و "177" من طريق عبد الله بن المبارك، كلاهما عن الأسود بن شيبان، به.

جائے' تو جعفر ہوگا اگر جعفر شہید ہو جائے' تو عبداللہ بن رواحہ ہوگا۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے گزارش کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ آپ مجھ پر زید کو امیر بنائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے رہنے دو کیونکہ تم یہ بات نہیں جانتے کہ کس چیز میں زیادہ بہتری ہے پھر وہ لوگ روانہ ہوئے جتنا اللہ کو منظور تھا اتنا وقت گزر گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن منبر پر چڑھے آپ نے یہ اعلان کرنے کا حکم دیا کہ لوگ اکٹھے ہو جائیں پھر آپ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنگ میں حصہ لینے والے تمہارے لشکر کے بارے میں بتاؤں یہ لوگ گئے ان کا دشمن سے سامنا ہوا' تو زید شہید ہو گیا تم لوگ اس کے لیے دعائے مغفرت کرو۔ لوگوں نے ان کے لیے دعاء مغفرت کی پھر جھنڈا جعفر بن ابوطالب نے پکڑ لیا اور دشمن پر شدید حملہ کیا' یہاں تک کہ وہ بھی شہید ہو گیا تم لوگ اس کے لیے دعاء مغفرت کرو پھر جھنڈا عبداللہ بن رواحہ نے پکڑ لیا اس کے دونوں پاؤں ثابت قدم رہے' یہاں تک کہ وہ بھی شہید ہو گیا تم لوگ اس کے لیے دعائے مغفرت کرو پھر جھنڈا خالد بن ولید نے پکڑ لیا اسے امیر مقرر نہیں کیا گیا تھا وہ خود امیر بن گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے اور دعا کی۔

''اے اللہ! وہ تیری تلواروں میں سے ایک تلوار ہے' تو اس کی مدد کر''۔

(راوی کہتے ہیں) اسی دن سے خالد کا لقب سیف اللہ ہوا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے تذکرے سے لے کر' یہاں تک یہ وہ لوگ ہیں' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں شہید ہوئے یا فوت ہوئے اس سے پہلے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کو اللہ تعالیٰ نے اپنی جنت کی طرف منتقل کیا اب ہم اس کے بعد قریش سے تعلق رکھنے والے ان مہاجرین کا ذکر کریں گے جن کی فضیلت کے بارے میں مستند روایات منقول ہیں اور اس کے بعد انصار کا ذکر کریں گے' اگر اللہ تعالیٰ نے یہ آسان کیا اور اس میں سہولت کی۔

ذِكْرُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7049 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ:

7049- حديث صحيح . ابن أبي السري وهو محمد بن المتوكل قد توبع ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وهو في "مصنف عبد الرزاق" "9741"، ومن طريقه أخرجه أحمد في "المسند" 1/207، وفي "فضائل الصحابة". "1775" ومسلم "77" "1775" في الجهاد: باب في غزوة حنين. وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/270 من طريق محمد بن ثور، عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "1775" و"76"، والنسائي في "الكبرى"، والحاكم 3/327، والبغوي في "تفسيره" 2/278 - 288 من طريق ابن وهب، عن يونس، عن الزهري، به. وأخرجه ابن سعد 4/18 - 19 من طريق محمد بن عبد الله، عن عمه ابن شهاب، به. وأخرجه بنحوه أحمد في "المسند" 1/207، وفي "فضائل الصحابة" "1776"، والحميدي "459"، ومسلم "77" "1775" من طريق سفيان بن عيينة، به. وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 4/ وزاد نسبته إلى ابن المنذر، وابن أبي حاتم، وابن مردويه.

(متن حدیث): شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا مَعَهُ اِلَّا اَنَا وَاَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَلَزِمْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نُفَارِقْهُ وَهُوَ عَلٰى بَغْلَةٍ شَهْبَاءَ وَرُبَّمَا قَالَ: بَيْضَاءَ، اَهْدَاهَا لَهُ فَرْوَةُ بْنُ نُفَاثَةَ الْجُذَامِيُّ، فَلَمَّا الْتَقَى الْمُسْلِمُوْنَ وَالْكُفَّارُ، وَلَّى الْمُسْلِمُوْنَ مُدْبِرِيْنَ، وَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكُضُ عَلٰى بَغْلَتِهِ قِبَلَ الْكُفَّارِ، قَالَ الْعَبَّاسُ: وَاَنَا آخِذٌ بِلِجَامِ بَغْلَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكُفُّهَا وَهُوَ لَا يَاْلُو يُسْرِعُ نَحْوَ الْمُشْرِكِيْنَ، وَاَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذٌ بِغَرْزِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبَّاسُ، نَادِ يَا اَصْحَابَ السَّمُرَةِ، وَكُنْتُ رَجُلًا صَيِّتًا، وَقُلْتُ بِاَعْلٰى صَوْتِي: يَا اَصْحَابَ السَّمُرَةِ، فَوَاللّٰهِ لَكَاَنَّ عَطْفَتَهُمْ حِيْنَ سَمِعُوْا صَوْتِيْ عَطْفَةُ الْبَقَرِ عَلٰى اَوْلَادِهَا، يَقُوْلُوْنَ: يَا لَبَّيْكَ يَا لَبَّيْكَ، فَاَقْبَلَ الْمُسْلِمُوْنَ فَاقْتَتَلُوا هُمْ وَالْكُفَّارُ، فَنَادَتِ الْاَنْصَارُ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ قُصِرَتِ الدَّعْوَةُ عَلٰى بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، فَنَادَوْا يَا بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، قَالَ: فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهِ كَالْمُتَطَاوِلِ عَلَيْهَا اِلٰى قِتَالِهِمْ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا حِيْنَ حَمِيَ الْوَطِيْسُ، ثُمَّ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصَيَاتٍ فَرَمٰى بِهِنَّ وُجُوْهَ الْكُفَّارِ، ثُمَّ قَالَ: انْهَزَمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، انْهَزَمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، قَالَ فَذَهَبْتُ اَنْظُرُ، فَاِذَا الْقِتَالُ عَلٰى هَيْئَتِهِ فِيْمَا اَرٰى، فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ رَمَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَصَيَاتِهِ فَمَا اَرٰى حَدَّهُمْ اِلَّا كَلِيْلًا، وَاَمْرَهُمْ اِلَّا مُدْبِرًا حَتّٰى هَزَمَهُمُ اللّٰهُ، قَالَ: وَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكُضُ خَلْفَهُمْ عَلٰى بَغْلَتِهِ

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں غزوہ حنین میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوا مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ یاد ہے کہ آپ کے ساتھ میں تھا اور ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب تھے ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے ہم آپ سے جدا نہیں ہوئے آپ اپنے سفید خچر پر سوار تھے (یہاں راوی نے بعض اوقات ایک لفظ مختلف نقل کیا ہے) وہ خچر فروہ بن نفاثہ جذامی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تحفے کے طور پر پیش کیا تھا جب مسلمانوں اور کفار کا آمنا سامنا ہوا' تو مسلمان پیٹھ پھیر کر پھر گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خچر کو کفار کی طرف ایڑ لگانی شروع کی' حضرت عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر کی لگام پکڑی ہوئی تھی میں اسے روکنے کی کوشش کررہا تھا' جو مشرکین کی طرف بڑھنا چاہ رہا تھا جب کہ ابوسفیان بن حارث نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رکاب پکڑی ہوئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عباس بیعت رضوان کرنے والے لوگوں کو پکارو۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میری آواز بلند تھی میں نے اپنی بلندترین آواز میں کہا: اے بیعت رضوان کرنے والو! اللہ کی قسم جب انہوں نے میری آواز سنی' تو وہ یوں آئے' جس طرح گائے اپنے بچوں کی طرف آتی ہے اور وہ یہ کہہ رہے تھے ہم حاضر ہیں ہم حاضر ہیں پھر مسلمان آئے اور انہوں نے اور کفار نے میرے ساتھ جنگ کی پھر انصار نے پکار کر کہا: اے انصار کے گروہ پھر یہ پکار بنوحارث بن خزرج تک مختصر ہوگئی' تو انہوں نے کہا: اے بنوحارث خزرج۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خچر پر سوا

رہتے ہوئے لڑائی کا بھرپور جائزہ لے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اب جنگ کی بھٹی بھڑک اٹھی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چند کنکریاں لیں اور انہیں کفار کی طرف پھینکا اور فرمایا رب کعبہ کی قسم یہ پسپا ہو جائیں گے رب کعبہ کی قسم یہ پسپا ہو جائیں گے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں جائزہ لینے لگا' تو جنگ اسی طرح چل رہی تھی' جس طرح میں دیکھ رہا تھا اللہ کی قسم ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف چند کنکریاں پھینکی ہی تھیں کہ میں نے دیکھا کہ وہ لوگ بھاگے اور پیٹھ پھیر کر چلے گئے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں شکست سے دوچار کیا۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: گویا کہ میں اس وقت بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ آپ اپنے خچر پر سوار ان کے پیچھے جا رہے تھے۔

ذِكْرُ قَوْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ اِنَّهُ صِنْوُ اَبِيْهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ فرمانے کا تذکرہ' وہ آپ کے والد کی جگہ ہیں

7050 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ الْفَرْغَانِيُّ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''آدمی کا چچا اس کے باپ کی جگہ ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ نَقْلِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْحِجَارَةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ بِنَاءِ الْكَعْبَةِ

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا خانہ کعبہ کی تعمیر کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ پتھر منتقل کرنے کا تذکرہ

7050- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غيز أحمد بن إبراهيم الدورقي . وهو في "مسند سعد بن أبي وقاص" "106" لأحمد الدورقي، ومن طريقه أخرجه الترمذي "3761" في المناقب: باب مناقب الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. ولفظه: "العباس عَمَّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّ عم الرجل صنو أبيه، أو من صنو أبيه"، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب، وقد تقدم مطولا برقم "3273" وأزيد هنا في تخريجه: وأخرجه ابن خزيمة "2330" من طريق الحسن بن الصباح، عن شبابة، به. وأخرجه أحمد في "المسند"2/322، وفي "فضائل الصحابة" "1778"، والبيهقي 4/111 من طريق علي بن حفص، عن ورقاء، به . وأخرجه ابن خزيمة "2330"، والدولابي في "الكنى"1/184، والبيهقي 6/164 من طريق شعيب، وابن خزيمة "2329" من طريق موسى بن عقبة، والفسوي في "المعرفة والتاريخ"1/501 من طريق أويس وابن أبي الزناد، أربعتهم عن أبي الزناد، به.

7051 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَمَّا بُنِيَتِ الْكَعْبَةُ ذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَبَّاسُ يَنْقُلانِ الْحِجَارَةَ. فَقَالَ الْعَبَّاسُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلْ اِزَارَكَ عَلٰى رَقَبَتِكَ، فَفَعَلَ، فَخَرَّ اِلَى الْاَرْضِ، وَطَمَحَتْ عَيْنَاهُ اِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَامَ، فَقَالَ: اِزَارِي اِزَارِي، فَشَدَّ عَلَيْهِ اِزَارَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب خانہ کعبہ کی تعمیر شروع ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ پتھر منتقل کرنے لگے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: آپ اپنا تہبند اپنی گردن پر رکھ لیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا' تو آپ زمین پر گر گئے اور آپ کی آنکھیں آسمان کی طرف بلند ہو گئیں پھر آپ کھڑے ہوئے آپ نے فرمایا: میرا تہبند' میرا تہبند پھر آپ نے اپنا تہبند باندھ لیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّهُ الْعَبَّاسَ بِالْجُوْدِ وَالْوَصْلِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو سخاوت اور صلہ رحمی سے منسوب کرنے کا تذکرہ

7052 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَهِّزُ بَعْثًا فِيْ مَوْضِعِ سُوْقِ النَّخَّاسِيْنَ الْيَوْمَ، اِذْ طَلَعَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَبَّاسُ عَمُّ نَبِيِّكُمْ اَجْوَدُ قُرَيْشٍ كَفًّا، وَاَوْصَلُهَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ کی طرف' جہاں آج کل نخاسین کا

7051- إسناده صحيح على شرط البخاري رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى وهو ابن عبد الله بن خالد بن فارس الذهلي- فمن رجال البخاري وقد تقدم برقم."1603"

7052- إسناده حسن. محمد بن طلحة: وهو ابن عبد الرحمن بن طلحة بن عبد الله التيمي، روى عنه جمع، وحديثه عند النسائي وابن ماجه، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال أبو حاتم: محله الصدق يكتب حديثه، ولا يحتج به، وفي "التقريب": صدوق يخطء، ومات سنة ثمانين ومئة، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن حمزة، فروى البخاري مقرونا. أبو سهيل: هو نافع بن مالك .وأخرجه من طرق عن محمد بن طلحة، بهذا الإسناد: أحمد في "المسند"1/185، وفي "فضائل الصحابة""1768"، والدورقي في "مسند سعد بن أبي وقاص""104" و"105"، والنسائي في "فضائل الصحابة""71"، والدولابي في "الكنى"2/60، وأبو يعلى "820"، والبزار "2673"، والفسوي في "المعرفة والتاريخ "1/502، والطبراني في "الأوسط""1947"، والحاكم3/328 و328 - 329، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي! وقال البزار: لا نعلمه مرفوعا إلا من هذا الوجه ولا له إلا هذا الإسناد، ومحمد بن طلحة مدني مشهور .وذكره الهيثمي في "المجمع"9/269، وقال: وفيه محمد بن طلحة التيمي، وثقه غير واحد، وبقية رجال أحمد وأبي يعلى رجال الصحيح.

بازار سے ایک مہم بھیجنے کے لئے تیاری کر رہے تھے تو اسی دوران حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عباس! جو تمہارے نبی کے چچا ہیں قریش میں سب سے زیادہ سخی ہیں اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے ہیں۔

ذِكْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما کا تذکرہ

7053 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ يَزِيْدَ، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَلَاءَ، فَوَضَعْتُ لَهُ وُضُوْءًا، فَلَمَّا خَرَجَ، قَالَ: مَنْ وَضَعَ هٰذَا؟ قَالُوْا: ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے میں نے آپ کے لئے وضو کا پانی رکھا جب آپ تشریف لائے تو آپ نے دریافت کیا: یہ کس نے رکھا ہے؟ لوگوں نے بتایا: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اسے (دین کی) سمجھ بوجھ عطا کر۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ عَبَّاسٍ بِالْحِكْمَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے لیے حکمت (دانائی) کی دعا کرنے کا تذکرہ

7054 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ

7053- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "2477" في فضائل الصحابة: باب فضائل عبد الله بن عباس رضي الله عنهما، عن أبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/327، وفي "الفضائل" "1859"، والبخاري "143" في الوضوء: باب وضع الماء عند الخلاء، ومسلم "2477"، والنسائي في "فضائل الصحابة" "74"، والطبراني "11204" من طريق هاشم بن القاسم، به. وأخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد "الفضائل" "1888".

7054- إسناده صحيح على شرط الصحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير وهب بن بقية فمن رجال مسلم، وعكرمة فمن رجال البخاري، وروى له مسلم مقرونا. خالد الأول: هو ابن عبد الله الواسطي الطحان، والآخر: هو ابن مهران الحذاء. وأخرجه الطبراني "11961" عن حسين بن إسحاق التستري، عن وهب بن بقية، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/214 و359، وفي "الفضائل" "1835" و"1923"، والبخاري "75" في العلم: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم "اللهم علمه الكتاب." و"3756" في فضائل الصحابة: باب ذكر ابن عباس رضي الله عنهما، و"7270" في فاتحة الاعتصام، والترمذي "3824" في المناقب: باب مناقب عبد الله بن عباس رضي الله عنهما، وابن ماجه "166" في المقدمة: باب فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والنسائي في "فضائل الصحابة" "76"ن والفسوي 1/518، والطبراني "10588" من طرق عن خالد الحذاء، به. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/269، وفي "الفضائل" "1883"، والطبراني "11531" من طريق سليمان بن بلال، عن حسين بن عبد الله، عن عكرمة، به. وأخرجه الترمذي "3823"، والنسائي "75" من طريق عبد الملك بن أبي سليمان، عن عطاء، عن ابن عباس. وأخرجه مطولا أبو نعيم في "الحلية" 1/315

عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ضَمَّنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ساتھ لگایا اور دعا کی: اے اللہ! اسے دانائی عطا کر۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْفِقْهِ وَالْحِكْمَةِ اللَّذَيْنِ دَعَا الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ عَبَّاسٍ بِهِمَا

اس سمجھ بوجھ اور دانائی کا تذکرہ، جس کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لیے دعا کی تھی

7055 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ فِي بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَوَضَعْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَهُوْرًا، فَقَالَ: مَنْ وَضَعَ هٰذَا؟ ، قَالَتْ مَيْمُوْنَةُ: عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَعَلِّمْهُ التَّاْوِيْلَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کے گھر موجود تھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے وضو کا پانی رکھا آپ نے دریافت کیا: یہ کس نے رکھا ہے؟ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: عبداللہ نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر اور قرآن کی تفسیر کا علم عطا کر۔

ذِكْرُ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما کا تذکرہ

7056 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّوْلَابِيُّ، مُنْذُ ثَمَانِيْنَ سَنَةً، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيْحٍ، عَنِ الْبَهِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

7055– إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة وعبد الله بن عثمان بن خثيم، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 1/328 و335، وفي "الفضائل" "1858"، والفسوي في "المعرفة والتاريخ "1/493 - 494، والطبراني "10587" من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/266 و314، وفي "الفضائل" "1856" و"1882"، والفسوي 1/494 من طريق زهير، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، به . وأخرجه الطبراني "10614" من طريق داود بن أبي هند، عن سعيد بن جبير، به . وأخرجه أحمد في "الفضائل" "1857"، والفسوي 1/518 و518 - 519 من طريق عمرو بن دينار، عن كريب، عن ابن عباس، ولفظه: "أتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم، فدعا الله لي أن يزيدني علما وفهما"، وانظر الحديثين السابقين.

(متن حدیث): عَثَرَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ بِعَتَبَةِ الْبَابِ، فَشُجَّ وَجْهُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَائِشَةَ: اَمِيطِي عَنْهُ الْاَذٰى، فَقَذِرْتُهُ، قَالَتْ: فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُجُّهَا، وَيَقُوْلُ: لَوْ كَانَ اُسَامَةُ جَارِيَةً لَحَلَّيْتُهُ وَكَسَوْتُهُ حَتّٰى اُنَفِّقَهُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی دروازے کی چوکھٹ سے ٹکر ہوگئی جس کی وجہ سے ان کا چہرہ زخمی ہوگیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اس سے خون کو صاف کردو' تو مجھے اس سے الجھن ہوئی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں لپٹایا اور فرمایا: اسامہ لڑکی ہوتی' تو میں اسے زیور پہناتا اسے کپڑے پہناتا اس پر پیسے خرچ کرتا۔

ذِكْرُ سُرُوْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِ مُجَزِّزٍ فِيْ اُسَامَةَ مَا قَالَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مجزز کے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں کہے گئے قول سے' خوش ہونے کا تذکرہ

7057 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْرُوْرًا، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، اَلَمْ تَرِ اِلَى مُجَزِّزٍ الْمُدْلِجِيِّ دَخَلَ عَلَيَّ، فَرَاٰى اُسَامَةَ وَزَيْدًا عَلَيْهِمَا قَطِيفَةٌ قَدْ غَطَّيَا رُءُوْسَهُمَا، وَبَدَتْ اَقْدَامُهُمَا، فَقَالَ: اِنَّ هٰذِهِ الْاَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں خوشی کے عالم میں داخل ہوئے آپ نے فرمایا: اے عائشہ کیا تمہیں پتہ چلا ہے کہ مجزز مدلجی میرے پاس آیا اس نے اسامہ اور زید کو دیکھا کہ ان کے جسم پر چادر موجود تھی جس نے سر

7056– حديث حسن لغيره، شريك - وهو ابن عبد الله النخعي - سيء الحفظ، وباقي رجاله ثقات . البهي: هو عبد الله بن يسار، وهو في "مسند أبي يعلى" ."4597" وأخرجه أحمد 6/139 و222، وابن أبي شيبة12/139، وابن سعد 4/61 - 62، وابن ماجه "1976" في النكاح: باب الشفاعة في التزويج، من طرق عن شريك، بهذا الإسناد . وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة" 2/111 - 112: هذا إسناد صحيح إن كان البهي سمع من عائشة، سئل أحمد عنه: هل سمع من عائشة؟ فقال: ما أدري في هذا شيئا، إنما يروي عن عروة.

7057–ومجزز . بضم الميم، وكسر الزاي، والمدلجي: بضم الميم وسكون الدال وكسر اللام وفي آخرها جيم نسبة إلى مدلج بن مرة بن عبد مناف بن كنانة بطن كبير من كنانة، وكانت القيافة فيهم وفي بني أسد، والعرب تعترف لهم بذلك، وليس ذلك خاصا بهم على الصحيح، فقد أخرج يزيد بن هارون في "الفرائض" بسند صحيح إلى سعيد بن المسيب أن عمر كان قائفا أورده في قصته، وعمر قرشي، ليس مدلجيا ولا أسديا، لا أسد قريش ولا أسد خزيمة، ومجزز هذا: هو والد علقمة بن مجزز أحد عمال النبي صلى الله عليه وسلم، له ذكر عند البخاري في المغازي في باب: سرية عبد الله بن حذافة، وذكر مصعب الزبيري والواقدي أنه سمي مجززا، لأنه كان إذا أخذ أسيرا في الجاهلية جز ناصيته، وأطلقه، وكان مجزز عارفا بالقيافة، وذكره ابن يونس في من شهد فتح مصر، وقال: لا أعلم له رواية.

کو ڈھانپا ہوا تھا اور ان کے پاؤں نمایاں ہو رہے تھے تو اس نے کہا: یہ پاؤں باپ بیٹے کے ہیں۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمَحَبَّةِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اِذِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّهُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے محبت کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے محبت کرتے تھے

7058 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّمْسَحَ مُخَاطَ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: دَعْنِيْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا الَّذِيْ اَفْعَلُهُ، قَالَ: يَا عَائِشَةُ، اَحِبِّيْهِ فَاِنِّيْ اُحِبُّهُ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی ناک صاف کرنے کا ارادہ کیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: آپ مجھے موقع دیجئے تا کہ میں ایسا کرلوں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! اس سے محبت رکھنا کیونکہ میں اس سے محبت کرتا ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ كَانَ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ اَبِيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما اپنے والد کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ محبوب تھے

7059 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ عَلٰى قَوْمٍ، فَطَعَنُوْا فِيْ اِمَارَتِهٖ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ تَطْعَنُوْا فِيْ اِمَارَتِهٖ، فَقَدْ طَعَنْتُمْ فِيْ اِمَارَةِ اَبِيْهِ مِنْ قَبْلِهٖ، وَاَيْمُ اللّٰهِ لَقَدْ كَانَ خَلِيْقًا

7058–إسناده قوى على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير طلحة بن يحيى، من رجال مسلم، وفيه كلام ينزله عن رتبة الصحيح. وأخرجه الترمذي "3818" في المناقب: باب مناقب أسامة بن زيد، عن الحسين بن حريث، بهذا الإسناد، وقال: هذا حديث حسن غريب.

7059–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن خلاد الباهلي، فمن رجال مسلم. سفيان: هو الثوري. وأخرجه أحمد في "المسند" 2/20، وفي "الفضائل" "1525"، والبخاري "4250" في المغازي: باب غزوة زيد بن حارثة، من طريق يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد. وقد تقدم برقم "7044"

لِلْإِمَارَةِ، وَإِنْ كَانَ لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ، وَاِنَّ هٰذَا لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ مِنْ بَعْدِهٖ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو کچھ لوگوں کا امیر مقرر کیا ان لوگوں نے ان کے امیر ہونے کے بارے میں الجھن کا اظہار کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم اس کے امیر ہونے کے بارے میں الجھن کا اظہار کررہے ہو' تو اس سے پہلے تم نے اس کے باپ کے امیر ہونے کے بارے میں بھی الجھن کا اظہار کیا تھا اللہ کی قسم وہ امیر ہونے کے لائق تھا اور میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھا اور اس کے بعد یہ میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہے۔

ذِكْرُ اَبِى الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيعِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7060 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ يُحَدِّثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ عَلِيًّا خَطَبَ ابْنَةَ اَبِيْ جَهْلٍ فَوَعَدَ النِّكَاحَ، فَاَتَتْ فَاطِمَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنَّ قَوْمَكَ يَتَحَدَّثُوْنَ اَنَّكَ لَا تَغْضَبُ لِبَنَاتِكَ، وَاِنَّ عَلِيًّا خَطَبَ بِنْتَ اَبِيْ جَهْلٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّيْ وَاِنِّيْ اَكْرَهُ اَنْ يَّسُوْءَهَا، وَذَكَرَ اَبَا الْعَاصِ بْنَ الرَّبِيعِ فَاَحْسَنَ عَلَيْهِ الثَّنَاءَ وَقَالَ: لَا يُجْمَعُ بَيْنَ بِنْتِ نَبِيِّ اللّٰهِ وَبَيْنَ بِنْتِ عَدُوِّ اللّٰهِ

امام زین العابدین' حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کے لئے شادی کا پیغام بھیجا اور نکاح کا وعدہ کرلیا۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں اور انہوں نے عرض کی: آپ کی قوم کے لوگ یہ بات کررہے ہیں' کہ آپ اپنی صاحب زادیوں کی وجہ سے غصہ نہیں کرتے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کے لئے شادی کا پیغام بھیجا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے مجھے وہ بات ناپسند ہوگی' جو اسے بری لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا اور ان کی اچھے لفظوں میں تعریف کی آپ نے فرمایا: اللہ کے نبی کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی (کسی شخص کے نکاح میں) جمع نہیں ہوسکتی ہیں۔

ذِكْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ الْهُذَلِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود ہذلی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7061 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ

7060- إسناده على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير النعمان بن راشد، فمن رجال مسلم، وهو وإن وصف بسوء الحفظ، قد توبع. المقدمي: هو محمد بن أبي بكر بن علي، وعلي بن الحسين: هو ابن علي بن أبي طالب المعروف بزين العابدين، وهو في "صحيح مسلم" "96" "2449" في فضائل الصحابة: باب فضائل فاطمة، عن أبي معن الرقاشي، عن وهب، به، وقد تقدم برقم "6956" و "6957"

كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَرْعٰى غَنَمًا لِعُقْبَةَ بْنِ اَبِىْ مُعَيْطٍ، فَمَرَّ بِىَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا غُلَامٌ فَقَالَ لِىْ: يَا غُلَامُ، هَلْ مِنْ لَبَنٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، وَلٰكِنِّىْ مُؤْتَمَنٌ، قَالَ: فَهَلْ مِنْ شَاةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ؟ قَالَ: فَاَتَيْتُهُ، فَمَسَحَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرْعَهَا، فَنَزَلَ اللَّبَنُ فَحَلَبَهُ فِىْ اِنَاءٍ، فَشَرِبَ وَسَقٰى اَبَا بَكْرٍ، ثُمَّ، قَالَ لِلضَّرْعِ: انْقَلِصِىْ فَانْقَلَصَتْ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِىْ مِنْ هٰذَا الْقَوْلِ، فَمَسَحَ رَاْسِىْ وَقَالَ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ اِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں عقبہ بن ابومعیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے میں ایک لڑکا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: اے لڑکے کیا دودھ ہے۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں لیکن مجھے امین بنایا گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا کوئی ایسی بکری ہے جس کے ساتھ کسی بکرے نے صحبت نہ کی ہو (یعنی جس کا ابھی دودھ نہ اترا ہو) راوی کہتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایسی بکری لایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے تھن پر ہاتھ پھیرا' تو اس میں دودھ اتر آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ ایک برتن میں دوہ لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی پلایا پھر آپ نے تھن سے فرمایا: تم دوبارہ سمٹ جاؤ' تو وہ سمٹ گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ یہ عمل مجھے بھی سکھا دیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے تم ایک تعلیم یافتہ لڑکے ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ سُدُسَ الْاِسْلَامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے والے چھٹے شخص تھے

7062 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ: لَقَدْ رَاَيْتُنِىْ سَادِسَ سِتَّةٍ مَا عَلَى الْاَرْضِ مُسْلِمٌ غَيْرُنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے کہ میں چھٹا مسلمان تھا' روئے

7061- إسناده حسن. رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى بكر بن عياش فاحتج به البخارى، وروى له مسلم فى المقدمة، وقد توبع، وعاصم وهو ابن بهدلة روى له الشيخان مقرونا، وهو حسن الحديث. وأخرجه أحمد 1/379 عن أبى بكر بن عياش، بهذا الإسناد، وقد تقدم برقم. "6504"

7062- إسناده صحيح على شرط الصحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن أبى عبيدة وأبيه، فمن رجال مسلم، والقاسم بن عبد الرحمن فمن رجال البخارى. وهو فى "مصنف ابن أبى شيبة "12/115، ومن طريق أخرجه الطبرانى "8406"، وابو نعيم فى "الحلية"1/126، والحاكم 3/313. وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى. وأخرجه البزار "2676" من طريق على بن مسلم الطوسى، والطبرانى "8406" من طريق أبى كريب، كلاهما عن محمد بن أبى عبيدة، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمى فى "المجمع"9/287، وقال: رواه البزار والطبرانى ورجالهما رجال الصحيح.

زمین پر ہمارے علاوہ اور کوئی مسلمان نہیں تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يُشَبَّهُ فِيْ هَدْيِهِ وَسَمْتِهِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے طور طریقوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہت رکھتے تھے

7063 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ: اَنْبِئْنَا بِرَجُلٍ قَرِيْبِ الْهَدْيِ وَالسَّمْتِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاْخُذُ عَنْهُ؟ فَقَالَ: مَا اَعْرِفُ اَقْرَبَ سَمْتًا، وَهَدْيًا وَدَلًّا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ حَتّٰى يُوَارِيَهِ جِدَارُ بَيْتِهِ، وَلَقَدْ عَلِمَ الْمَحْفُوظُونَ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ مِنْ اَقْرَبِهِمْ اِلَى اللّٰهِ وَسِيْلَةً

❁❁ عبدالرحمن بن یزید بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ہمیں کسی ایسے شخص کے بارے میں بتائیں' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت اور آپ کے طور طریقے سے سب سے زیادہ قریب ہوتا کہ ہم اس سے وہ چیز حاصل کرلیں' تو انہوں نے فرمایا: میں ایسے کسی شخص سے واقف نہیں ہوں' جو ابن ام عبد سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طور طریقوں اور آپ کی رہنمائی اور آپ کی دلالت سے زیادہ قریب ہو' یہاں تک کہ ان کے گھر کی دیوار انہیں چھپا لے (یعنی گھر کے باہر کے معاملات میں سب سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے محفوظ لوگ یہ بات جانتے ہیں' کہ ابن ام عبد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ ہونے کے اعتبار سے سب سے زیادہ قریب ہیں۔

7063–إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وأبو إسحاق: هو عمرو بن عبد الله أبو إسحاق السبيعي، وعبد الرحمن بن يزيد: هو ابن قيس النخعي. وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 3/154 عن أبي الوليد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "426"، وأحمد 5/395 و402، والبخاري "3762" في "فضائل الصحابة": باب مناقب عبد الله بن مسعود رضي الله عنه، والنسائي في "فضائل الصحابة" "161"، والفسوي في "المعرفة والتاريخ" 2/540 و540 - 541 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 5/389 و401، والترمذي "3807" في المناقب: باب مناقب عبد الله بن مسعود، والفسوي 2/543 - 544 من طريق إسرائيل، عن أبي إسحاق، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/115، واحمد 5/394، وابن سعد 3/154، والبخاري "6098" في الأدب: باب الهدى الصالح، والحاكم 3/315، والبغوي "3945"، والفسوي 2/545 من طرق عن الأعمش، عن شقيق، عن حذيفة.

ذِكْرُ عِنَايَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لِحِفْظِ الْقُرْآنِ فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ابتدائے اسلام میں قرآن کو یاد کرنے کا اہتمام کرنے کا تذکرہ

7064 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيْمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَرَاْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعَةً وَسَبْعِيْنَ سُوْرَةً، وَاِنَّ زَيْدًا لَهُ ذُؤَابَتَانِ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ

✿✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس وقت ستر سورتوں سے زیادہ تلاوت کرلی تھی (یعنی سیکھ لی تھیں) جبکہ زید بن ثابت کے لمبے بال تھے اور وہ بچوں کے ساتھ کھیلتے تھے۔

ذِكْرُ اسْتِمَاعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقِرَاءَةِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی تلاوت سننے کا تذکرہ

7065 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

7064- حديث صحيح، وإسناده حسن. هبيرة بن يريم قال أحمد والنسائي: لا بأس بحديثه، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال يحيى بن معين وابن أبي حاتم مجهول، وقد توبع. وأخرجه الطبراني "7437" من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 8/134 في الزينة: باب الذؤابة، والطبراني "7437" من طريقين عن عبدة بن سليمان، به. وأخرجه أحمد 1/389 و405 و414 و442، وابن أبي داود في "المصاحف" ص 21 و22، والفسوي في "المعرفة والتاريخ" 2/539، والطبراني "8434" و"8435" و"8436"، والحاكم 2/228 من طرق عن أبي إسحاق، عن خمير بن مالك "ذكره ابن حبان في "الثقات""، عن ابن مسعود. وأخرجه ابن أبي داود ص 24، والطبراني "8441" من طريق الأعمش، عن أبي رزين، وأحمد 1/379 و453 و457، والطبراني "8442" من طريق حماد بن سلمة، عن عاصم، كلاهما عن زر بن حبيش، عن ابن مسعود. وأخرجه أحمد 1/411، والبخاري "5000" في فضائل القرآن: باب القراء من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم "2462" في فضائل الصحابة: باب من فضائل عبد الله بن مسعود وأمه، والنسائي 8/134، وفي فضائل الصحابة "22"، وابن أبي داود في "المصاحف" ص 22 - 23 و23، من طرق عن الأعمش، عن أبي وائل شقيق بن سلمة، عن ابن مسعود، بنحوه. وأخرجه ابن أبي داود ص 24، والطبراني "8439"، والحاكم 2/228 من طريق أبي سعيد الأزدي، عن ابن مسعود. وأخرجه الطبراني "8443" من طريق الأعمش، عن أبي الضحى، عن مسروق، عن ابن مسعود. وأخرجه الطبراني "8446" و"8447" من طريقين عن زاذان، عن ابن مسعود بنحوه وفيهما زيادة. أخرجه الطبراني "8433" من طريق شريك، عن أبي إسحاق، عن الأسود، قال: قيل لعبد الله، اقرأ على قراءة زيد، قال..... وأخرجه الطبراني "8438" من طريق عمرو بن قيس، عن عمرو بن شرحبيل أو ابن شراحيل - أبي ميسرة الهمداني، عن ابن مسعود بلفظ: "بضعا وسبعين مرة." وأخرجه الطبراني "8440" من طريق الأعمش، عن يحيى بن وثاب، عن علقمة، عن ابن مسعود. وأخرجه الطبراني "8444" من طريق الأعمش، و"8445" من طريق إسرائيل، كلاهما عن ثوير بن أبي فاختة، عن أبيه، عن ابن مسعود.

(متن حدیث): قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيَّ سُورَةَ النِّسَاءِ، فَقَرَأْتُ حَتَّى بَلَغْتُ: (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلَى هٰـؤُلَاءِ شَهِيدًا) (النساء: 41)، قَالَ: إِمَّا غَمَزَنِي وَإِمَّا الْتَفَتُّ، فَإِذَا عَيْنَاهُ تَسِيلَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تم میرے سامنے سورہ نساء کی تلاوت کرو میں نے تلاوت شروع کی' یہاں تک جب میں اس مقام پر پہنچا۔

''تو اس وقت کیا عالم ہوگا' جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لے کر آئیں گے اور تمہیں ان سب پر گواہ بنا کر لے آئیں گے''۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ٹھوکا دیا' میں نے توجہ کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ عَلَى مَا كَانَ يَقْرَؤُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ

اسی طریقے سے قرآن کی تلاوت کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

جس طریقے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس کی تلاوت کرتے ہیں

7066 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

7065–إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "5049" في فضائل القرآن: باب من أحب أن يستمع القرآن من غيره، ومسلم "247" "800" في صلاة المسافرين: باب فضائل استماع القرآن، وأبو داود "3668" في العلم: باب القصص، والنسائي في "فضائل الصحابة" "100" من طرق عن حفص بن غيات، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/380 و433، والبخاري "4582" ى تفسير سورة النساء: باب (فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ)، و"5050" في فضائل القرآن: باب قول المقرء للقارء: حسبك، و"5050" و"5056" باب البكاء عند قراءة القرآن، ومسلم "247" "800"، والترمذي "3025" في تفسير سورة النساء، وفي "الشمائل" "316"، والنسائي في "فضائل الصحابة" "103" و"104"، والطبراني "8460" و"8461"، وأبو يعلى "5228"، والبيهقي 10/231، والبغوي "1220" من طرق عن العمش، به. وزاد أحمد 1/380، والبخاري "4582" و"5055"، والنسائي "104" في روايتهم عن يحيى، عن سفيان، عن العمش، به. قال يحيى - وعند أحمد: سليمان - وبعض الحديث عن عمرو بن مرة. وأخرجه الطبراني في "الصغير" "204"، وفي "الكبير" "8462" و"8463" من طريقين عن إبراهيم، به. وأخرجه مسلم "248" "800"، وأبو يعلى "5019" من طريقين عن أبي أسامة، عن مسعر، عن عمرو بن مرة، عن إبراهيم، قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم لعبد الله بن مسعود: "اقرأ علي" ... فذكره. وأخرجه الترمذي "3024"، والنسائي "101"، والطبراني "8467" من طريق أبي الأحوص، عن الأعمش، عن إبراهيم، عن علقمة، عن عبد الله، وإنما هو إبراهيم، عن عبيدة، عن عبد الله. قلت: وأخرجه الطبراني "8465" من طريق شعبة عن إبراهيم ابن المهاجر عن إبراهيم، عن علقمة، عن ابن مسعود. وأخرجه أحمد 1/375، وأبو يعلى "5150" من طريق أبي حيان الأشجعي، وأحمد 1/375، والطبراني "8466" من طريق أبي رزين، والنسائي "102"، والطبراني "8466" من طريق أبي رزين، والنسائي "102"، والطبراني "4859" من طريق زر، ثلاثتهم عن ابن مسعود.

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا، بَشَّرَاهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّقْرَاَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا اُنْزِلَ فَلْيَقْرَاْهُ عَلٰى قِرَاءَ ةِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں خوش خبری دی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ قرآن کو بالکل اسی طرح پڑھے' جس طرح وہ نازل ہوا ہے تو وہ ابن ام عبد کی قرأت کے مطابق اس کی تلاوت کرے''۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِىْ مِنْ اَجْلِهٖ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ

اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی

7067 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بَيْنَ اَبِىْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَعَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّىْ، فَافْتَتَحَ بِسُوْرَةِ النِّسَاءِ، فَسَحَلَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّقْرَاَ الْقُرْآنَ غَضًّا، كَمَا اُنْزِلَ فَلْيَقْرَاْهُ عَلٰى قِرَاءَ ةِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ، ثُمَّ قَعَدَ، ثُمَّ سَاَلَ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: سَلْ تُعْطَهْ، سَلْ تُعْطَهْ، فَقَالَ: فِيْمَا يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا لَا يَرْتَدُّ، وَنَعِيْمًا لَا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ

7066–حديث صحيح إسناده حسن. عاصم - وهو ابن بهدلة - صدوق، وحديثه في "الصحيحين" مقرون، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي بكر بن عياش، فمن رجال البخاري. وهو في "المسند" 1/7، وفي "فضائل الصحابة" "1554"، وسقط من إسناد المطبوع من "الفضائل": "يحيى بن آدم." وأخرجه ابن ماجة "138" في المقدمة: باب فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وأبو يعلى "17" و"5059"، والبزار "2681" من طرق عن يحيى بن آدم، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "8423" من طريق الأعمش، عن إبراهيم، عن علقمة، عن ابن مسعود، به. وأخرجه "8465" من طريق إبراهيم بن مهاجر، عن إبراهيم، عن علقمة، عن ابن مسعود مرفوعا. وأخرجه الطبراني "8462" و"8463" من طريق إبراهيم بن مهاجر، عن إبراهيم النخعي، عن عبيدة، عن ابن مسعود مرفوعا، وانظر الحديث الآتي.

7067–إسناده حسن من أجل عاصم وهو ابن بهدلة وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. أبو كريب: هو محمد بن العلاء بن كريب، وحسين بن علي: هو الجعفي، وزائدة: هو ابن قدامة. وهو في "مسند أبي يعلى" "16" و."5058" وأخرجه أحمد1/445 - 446، والطبراني "8417" من طريق معاوية بن عمرو، عن زائدة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/454 من طريق حماد بن سلمة، عن عاصم، به. وأخرجه أحمد 1/386 و400 و437، والطيالسي "334"، والطبراني "8413" و"8414" و"8415" و"8416"، وأبو نعيم في "الحلية"1/127 من طرق عن أبي إسحاق، عن أبي عبيدة، عن ابن مسعود. وأبو عبيدة لا يصح له سماع من أبيه ابن مسعود. وفي الباب عن عمر عند أحمد1/25 - 26 و38، والطبراني "8420" و"8421" و"8422" و"8424" و"8425" والحاكم 2/227، وأبي نعيم في "الحلية"1/124، والفسوي في "المعرفة".2/228 وعن علي عند الحاكم3/317، وعن عمار بن ياسر عند الحاكم2/228، والبزار "2680"، وعن عمرو بن الحارث بن المصطلق عند أحمد في "فضائل الصحابة". "1553"

نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ فِيْ اَعْلٰى جَنَّةِ الْخُلْدِ، فَاَتٰى عُمَرُ عَبْدَ اللّٰهِ لِيُبَشِّرَهُ، فَوَجَدَ اَبَا بَكْرٍ قَدْ سَبَقَهُ، قَالَ: اِنَّكَ اِنْ فَعَلْتَ، اِنَّكَ لَسَابِقٌ بِالْخَيْرِ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ گزرے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے انہوں نے سورہ نساء کی تلاوت شروع کی اور اسے مکمل تلاوت کیا' جو شخص قرآن کو اسی طرح پڑھنا چاہتا ہو' جس طرح وہ نازل ہوا ہے' تو وہ ابن ام عبد کی قرأت کے مطابق اس کی تلاوت کرے پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیٹھے انہوں نے دعا مانگنا شروع کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہنا شروع کیا: تم مانگو تمہیں دیا جائے گا' تم مانگو تمہیں دیا جائے گا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جو دعا مانگی اس میں یہ الفاظ بھی تھے۔

''اے اللہ! میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں' جو پلٹ نہ جائے اور ایسی نعمت کا' جو ختم نہ ہو اور جنت خلد کے عالی حصے میں ہمارے نبی کے ساتھ رہنے کا (سوال کرتا ہوں)''

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تاکہ انہیں خوشخبری سنائیں انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پایا کہ وہ ان سے سبقت لے جا چکے تھے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر آپ نے ایسا کیا ہے (تو کوئی بات نہیں) آپ ویسے ہی بھلائی کی طرف سبقت لے جانے والے ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ اسْتِئْذَانِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اندر آنے کی اجازت لینے کا تذکرہ

7068 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذْنُكَ عَلَيَّ اَنْ يُّرْفَعَ الْحِجَابُ، وَاَنْ تَسْمَعَ

7068–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحسن بن عبيد الله وشيخه إبراهيم بن سويد، فمن رجال مسلم. ابن إدريس: هو عبد الله، وعبد الرحمن بن يزيد: هو ابن قيس النخعي. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 12/112. وأخرجه ابن سعد 3/153 - 154، وابن ماجة "139" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والفسوي في "المعرفة" 2/536، من طرق عن عبد الله بن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/404، والطبراني "8449"، وأبو نعيم في "الحلية" 1/126، وأبو يعلى من طريق زائدة، ومسلم "2169" في الإسلام: باب جواز جعل الإذن رفع الحجاب أو نحوه من العلامات، والنسائي في "فضائل الصحابة" "157" من طريق عبد الواحد بن زياد، والبغوي "3322" من طريق حفص، ثلاثتهم عن الحسن، به. وأخرجه أحمد 1/388 و394، والنسائي "158"، وأبو يعلى "4989" و"5265" من طريق سفيان، عن الحسن بن عبيد الله، عن إبراهيم بن سويد، عن ابن مسعود، ولم يذكر فيه عبد الرحمن بن يزيد. وأخرجه أحمد 1/404، والطبراني "8450"، وأبو يعلى "5357" من طرق عن معاوية بن عمرو، حدثنا زائدة قال: قال سليمان: سمعتهم يذكرون عن إبراهيم بن سويد، عن علقمة، عن عبد الله قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إذنك على أن تكشف الستر." وقوله: "سوادي" السواد: السِّرار، يقال: ساودت الرجل سوادا ومساودة، إذا ساررته، وهو من إدناء سوادك من سواده، أي شخصك من شخصه.

سِوَادِىْ حَتّٰى اَنْهَاكَ

ﷺ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تمہارا مجھ سے (اندر آنے کی) اجازت مانگنے کے لئے یہی کافی ہے کہ جب پردہ اٹھا ہوا ہو (تو تم اندر آسکتے ہو) اور میری گفتگو سن سکتے ہو جب تک میں تمہیں منع نہیں کرتا۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَاعَاتِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ الَّتِىْ كَانَ بِسَبِيلِهَا مِنْ قَدَمَيْهِ بِاُحُدٍ فِىْ ثِقَلِ الْمِيزَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی پاؤں کے ذریعے کی جانے والی نیکیوں کو قیامت کے دن نامہ اعمال میں احد پہاڑ سے وزنی قرار دینے کا تذکرہ

7069 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ،

(متن حدیث): كَانَ يَحْتَزُّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكًا مِنْ اَرَاكٍ، وَكَانَ فِىْ سَاقَيْهِ دِقَّةٌ، فَضَحِكَ الْقَوْمُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُضْحِكُكُمْ مِنْ دِقَّةِ سَاقَيْهِ، وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اِنَّهُمَا اَثْقَلُ فِى الْمِيزَانِ مِنْ اُحُدٍ

ﷺ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پیلو کے درخت کی

7069– إسناده حسن من أجل عاصم، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . وهو في "مسند أبي يعلى "."5310" وأخرجه ابن سعد 3/155، وأبو نعيم 1/127 من طريق عفان، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي "355"، وأحمد 1/420 - 421، وفي "فضائل الصحابة" "1552"، وأبو يعلى "5310"، والفسوي 2/545 - 546، والبزار "2678"، والطبراني "8452" من طرق عن حماد بن سلمة، به . وذكره الهيثمي في "المجمع"9/289، وقال: وأمثل طرقها فيه عاصم بن أبي النجود، وهو حسن الحديث على ضعفه، وبقية رجال أحمد وأبي يعلى رجال الصحيح. وأخرجه الطبراني "8453" من طريق أبي وائل، عن ابن مسعود . وأخرجه الطبراني "8454" من طريق سارة بنت عبد الله بن مسعود عن أبيها ابن مسعود قال: بينما هو يمشي وراء رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ همزه أصحابه أو بعضهم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "والذي نفسي بيده لعبد الله في الموازين يوم القيامة أثقل من أحد"، كأنهم عجبوا من خفته . وأخرجه "8517" من طريق الأزهر بن الأسود عن ابن مسعود، بنحوه . وأخرجه ابن أبي شيبة 12/113 من طريق زائدة عن عاصم، عن زر، قال: جعل القوم يضحكون مما تصنع الريح بعبد الله تلقيه، قال: فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "لهو أثقل عند الله يوم القيامة ميزانا من أحد." وفي الباب عن علي عند ابن أبي شيبة 12/114، وأحمد 1/114، وابن سعد 3/155، والفسوي 2/546 و547، وأبي نعيم في "الحلية". 1/127 وقال الهيثمي 9/288: رواه أحمد وأبو يعلى والطبراني، ورجالهم رجال الصحيح غير أم موسى وهي ثقة . وعن قرة بن إياس عند البزار "26779"ن والطبراني "8516"، والفسوي 2/546، والحاكم 3/317 وصححه، وقال الهيثمي 9/289: رواه البزار والطبراني ورجالهما رجال الصحيح.

مسواک توڑ رہے تھے ان کی پنڈلیاں پتلی تھیں، تو لوگ ہنس پڑے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی پتلی پنڈلیوں پر ہنس رہے ہو اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے یہ دونوں (قیامت کے دن) میزان میں احد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوں گی۔

ذِكْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ الْعَدَوِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عمر بن خطاب عدوی رضی اللہ عنہما کا تذکرہ

7070 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ الرَّجُلُ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاٰى رُؤْيَا قَصَّهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُنْتُ غُلَامًا شَابًّا عَزَبًا، وَكُنْتُ اَنَامُ فِي الْمَسْجِدِ، فَرَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّ مَلَكَيْنِ اَخَذَانِيْ، فَذَهَبَا بِيْ اِلَى النَّارِ، فَاِذَا هِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ، وَاِذَا لَهَا قَرْنَانِ، وَاِذَا فِيْهَا نَاسٌ قَدْ عَرَفْتُهُمْ، فَجَعَلْتُ اَقُوْلُ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ مَرَّتَيْنِ، فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ اٰخَرُ، فَقَالَ لِيْ: لَنْ تُرَاعَ، فَقَصَصْتُهَا عَلٰى حَفْصَةَ، فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ غَيْرَ اَنَّهٗ لَا يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا قَلِيْلًا.

قَالَ سَالِمٌ: فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ لَا يَنَامُ مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا قَلِيْلًا

سالم (اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں جب کوئی شخص کوئی خواب دیکھتا تھا' تو وہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے اسے بیان کرتا تھا میں ان دنوں نوجوان کنوارہ شخص تھا میں مسجد میں سو جایا کرتا تھا میں نے خواب میں دیکھا کہ دو فرشتوں نے مجھے پکڑا وہ مجھے ساتھ لے کر جہنم کی طرف گئے' تو وہ کنویں کی طرح گول تھی اس کے دو کنارے تھے میں نے اس میں کچھ لوگوں کو دیکھا جن سے میں شناسا تھا' تو میں نے یہ کہنا شروع کیا: میں جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں یہ بات میں نے دو مرتبہ کہی پھر ان دونوں فرشتوں سے ایک اور فرشتہ کی ملاقات ہوئی' تو اس نے مجھ سے کہا: تم گھبراؤ نہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو یہ خواب سنایا' تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ

7070- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه احمد 2/146، والبخارى "1121" و"1122" فى التهجد: باب فضل قيام الليل، و"3838" و"3839" فى فضائل الصحابة: باب من فضائل عبد الله بن عمر رضى الله عنهما، والبيهقى 2/501 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى "1121" و"1122" و"7030" و"7031" فى التعبير: باب الأخذ على اليمين فى النوم، وابن ماجه "3919" فى تعبير الرؤيا، من طريقين عن معمر، به. وأخرجه الدارمى 2/127، والبخارى "440" فى المساجد: باب نوم الرجال فى المسجد، و "7028" و"7029" فى التعبير: باب الأمن وذهاب الروع فى المنام، من طرق عن نافع، عن ابن عمر. وانظر الحديثين الآتيين.

کو یہ خواب سنایا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: عبداللہ بن عمر اچھا آدمی ہے مگر یہ کہ وہ رات کے وقت بہت تھوڑے نوافل ادا کرتا ہے۔
سالم بیان کرتے ہیں: اس کے بعد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنا معمول بنایا کہ وہ رات کے وقت بہت تھوڑی دیر کے لیے سوتے تھے (زیادہ تر نوافل ادا کرتے رہتے تھے)

ذِكْرُ شَهَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِالصَّلَاحِ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے نیک ہونے کے بارے میں گواہی دینے کا تذکرہ

7071 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ اُخْتِهٖ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لَهَا: اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَجُلٌ صَالِحٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنی بہن سے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: عبداللہ بن عمر نیک آدمی ہے۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهٖ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ

اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی

7072 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ سَرَقَةً مِنْ حَرِيْرٍ، لَا اَهْوِيْ بِهَا اِلٰى مَكَانٍ فِي الْجَنَّةِ اِلَّا طَافَتْ بِيْ اِلَيْهِ، فَقَصَصْتُهَا عَلٰى حَفْصَةَ، فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَخَاكَ رَجُلٌ صَالِحٌ - اَوْ قَالَ - اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے خواب میں ریشم کا کپڑا دیکھا میں جنت میں جس بھی جگہ جاتا وہ میرے ساتھ وہاں چلا جاتا۔ میں نے یہ واقعہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو سنایا۔ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ واقعہ نبی اکرم ﷺ کو سنایا' تو

7071- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم. وأخرجه البخاري "3740" "3741" في فضائل الصحابة: باب فضائل عبد الله بن عمر بن الخطاب رضي الله عنهما، عن يحيى بن سليمان، عن ابن وهب، بهذا الإسناد, وانظر الحديث السابق والآتي.

7072- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "7015" و"7016" في التعبير: باب الإستبرق ودخول الجنة في المنام، عن معلى بن أسد، عن وهيب، عن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد 4/146-147، والبخاري "1156" و"1157" في التهجد: باب فضل من تعار من الليل فصلى، ومسلم "2478" في فضائل الصحابة: باب من فضائل عبد الله بن عمر رضي الله عنهما، من طريق حماد بن زيد، وأحمد 2/5، والترمذي "3825" في المناقب: باب مناقب عبد الله بن عمر، وابن الأثير في "أسد الغابة" من طريق إسماعيل بن إبراهيم كلاهما عن أيوب، به. وانظر الحديثين السابقين.

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا بھائی نیک آدمی ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک عبداللہ 10/16
نیک آدمی ہے۔

ذِكْرُ هِبَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَعِيرَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو اونٹ ہبہ کرنے کا تذکرہ

7073 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ بِخَبَرٍ غَرِيبٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ: (وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوا اَمْثَالَكُمْ) (محمد: 38)، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ اِنْ تَوَلَّيْنَا اسْتُبْدِلُوا بِنَا، ثُمَّ لَا يَكُوْنُوا اَمْثَالَنَا؟ فَضَرَبَ عَلٰى فَخِذِ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا وَقَوْمُهُ لَوْ كَانَ الدِّيْنُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِّنْ فَارِسٍ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی۔

''اگر تم لوگ منہ پھیر لیتے ہو تو اللہ تعالیٰ تمہاری بجائے دوسری قوم لے آئے گا اور وہ تمہاری طرح نہیں ہوں گے''۔

لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کون لوگ ہیں اگر ہم منہ پھیر لیں تو وہ ہماری جگہ آجائیں گے پھر وہ ہماری طرح نہیں ہوں گے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے زانوں پر ہاتھ مارا اور فرمایا یہ اور اس کی قوم کے لوگ (مراد ہیں) اگر دین ثریا (ستارے جتنی بلندی) پر چلا جائے تو فارس کے کچھ لوگ وہاں سے بھی اسے حاصل کر لیں گے (یعنی یہ وہاں تک بھی پہنچ جائیں گے)

7124 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَزِيْدَ خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ قُرَّةَ الْكِنْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ:

(متن حدیث):كَانَ اَبِيْ مِنْ اَبْنَاءِ الْاَسَاوِرَةِ، وَكُنْتُ اَخْتَلِفُ اِلَى الْكِتَابِ، وَكَانَ مَعِيْ غُلَامَانِ اِذَا رَجَعَا مِنَ الْكِتَابِ دَخَلَا عَلٰى قَسٍّ، فَدَخَلْتُ مَعَهُمَا، فَقَالَ لَهُمَا: اَلَمْ اَنْهَكُمَا اَنْ تَاْتِيَانِيْ بِاَحَدٍ ، قَالَ: فَكُنْتُ اَخْتَلِفُ اِلَيْهِ حَتّٰى كُنْتُ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهُمَا، فَقَالَ لِيْ: يَا سَلْمَانُ، اِذَا سَاَلَكَ اَهْلُكَ مَنْ حَبَسَكَ، فَقُلْ مُعَلِّمِيْ، وَاِذَا سَاَلَكَ مُعَلِّمُكَ مَنْ حَبَسَكَ، فَقُلْ: اَهْلِيْ ، وَقَالَ لِيْ: يَا سَلْمَانُ، اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَتَحَوَّلَ ، قَالَ: قُلْتُ: اَنَا مَعَكَ، قَالَ:

7124- أبو قرة الكندي: ذكره المؤلف في "الثقات"5/587، وقال: يروى عن سلمان، روى عنه أبو إسحاق السبيعي، وذكره ابن سعد في "الطبقات"6/148 وقال: كان قاضياً بالكوفة، روى عن عمر بن الخطاب وسلمان وحذيفة بن اليمان، وكان معروفا قليل الحديث، وفي "تاريخ ابن معين" ص 277، ونقله عنه الدولابي في "الكنى"2/87: أبو قرة الكندي: هو سلمة بن معاوية بن وهب بن قيس بن حجر . وكذلك سماه المزي في "تهذيب الكمال" في ترجمة ابنه عمرو بن أبي قرة، فقول الحافظ في "تعجيل المنفعة": لا يعرف اسمه، قصور منه رحمه الله، وباقي رجاله ثقات . عبد الله بن رجاء : هو ابن عمر الغداني، وإسرائيل: هو ابن يونس بن أبي إسحاق السبيعي . وأخرجه أحمد 5/438، وابن أبي شيبة324-14/321، وابن سعد 4/81، والطبراني في "الكبير" "6155" من طرق عن إسرائيل، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه وبأطول منه: أحمد444-5/441، وابن سعد ... 80-4/75، وابن هشام في "السيرة النبوية"235-1/228، والطبراني "6065"، والخطيب في "تاريخه"169-1/164، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" "199"، وأبو الشيخ في "طبقات المحدثين بأصبهان" "9"، والبيهقي في "دلائل النبوة"97-2/92، وابن الأثير في "أسد الغابة"419-2/417، والذهبي في "السير"500-1/506 من طرق عن ابن إسحاق، حدثني عاصم بن عمر بن قتادة، عن محمود بن لبيد، عن ابن عباس، عن سلمان، وهذا إسناد قوي، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث فإنتفت شبهة تدليسه.

فَتَحَوَّلَ فَاَتٰى قَرْيَةً فَنَزَلَهَا وَكَانَتِ امْرَاَةٌ تَخْتَلِفُ اِلَيْهِ، فَلَمَّا حَضَرَ قَالَ: يَا سَلْمَانُ احْتَفِرْ، قَالَ: فَاحْتَفَرْتُ فَاسْتَخْرَجْتُ جَرَّةً مِنْ دَرَاهِمَ، قَالَ: صُبَّهَا عَلٰى صَدْرِى فَصَبَبْتُهَا، فَجَعَلَ يَضْرِبُ بِيَدِهٖ عَلٰى صَدْرِى، وَيَقُوْلُ: وَيْلٌ لِلْقَسِّ، فَمَاتَ فَنَفَخْتُ فِىْ بُوقِهِمْ ذٰلِكَ، فَاجْتَمَعَ الْقِسِّيسُوْنَ وَالرُّهْبَانُ، فَحَضَرُوْهُ، وَقَالَ: وَهَمَمْتُ بِالْمَالِ اَنْ اَحْتَمِلَهٗ، ثُمَّ اِنَّ اللّٰهَ صَرَفَنِىْ عَنْهُ، فَلَمَّا اجْتَمَعَ الْقِسِّيسُوْنَ وَالرُّهْبَانُ، قُلْتُ: اِنَّهٗ قَدْ تَرَكَ مَالًا فَوَثَبَ شَبَابٌ مِّنْ اَهْلِ الْقَرْيَةِ، وَقَالُوْا: هٰذَا مَالُ اَبِيْنَا كَانَتْ سُرِّيَّتُهٗ تَاْتِيْهِ، فَاَخَذُوْهُ فَلَمَّا دُفِنَ، قُلْتُ: يَا مَعْشَرَ الْقِسِّيسِيْنَ، دُلُّوْنِىْ عَلٰى عَالِمٍ اَكُوْنُ مَعَهٗ، قَالُوْا: مَا نَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَعْلَمَ مِنْ رَجُلٍ كَانَ يَاْتِىْ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، وَاِنِ انْطَلَقْتَ الْاٰنَ وَجَدْتَّ حِمَارَهٗ عَلٰى بَابِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَانْطَلَقْتُ، فَاِذَا اَنَا بِحِمَارٍ، فَجَلَسْتُ عِنْدَهٗ حَتّٰى خَرَجَ، فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ: اجْلِسْ حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكَ، قَالَ: فَلَمْ اَرَهٗ اِلَى الْحَوْلِ وَكَانَ لَا يَاْتِىْ بَيْتَ الْمَقْدِسِ اِلَّا فِىْ كُلِّ سَنَةٍ فِىْ ذٰلِكَ الشَّهْرِ، فَلَمَّا جَاءَ، قُلْتُ: مَا صَنَعْتَ فِىَّ؟ قَالَ: وَاِنَّكَ لَهَا هُنَا بَعْدُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: لَا اَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَحَدًا اَعْلَمَ مِنْ يَتِيْمٍ خَرَجَ فِىْ اَرْضِ تِهَامَةَ، وَاِنْ تَنْطَلِقِ الْاٰنَ تُوَافِقْهُ، وَفِيْهِ ثَلَاثٌ: يَاْكُلُ الْهَدِيَّةَ وَلَا يَاْكُلُ الصَّدَقَةَ، وَعِنْدَ غُضْرُوْفِ كَتِفِهِ الْيُمْنٰى خَاتَمُ نُبُوَّةٍ مِثْلُ بَيْضَةٍ لَوْنُهَا لَوْنُ جِلْدِهٖ، وَاِنِ انْطَلَقْتَ الْاٰنَ وَافَقْتَهٗ، فَانْطَلَقْتُ تَرْفَعُنِىْ اَرْضٌ وَّتَخْفِضُنِىْ اُخْرٰى حَتّٰى اَصَابَنِىْ قَوْمٌ مِّنَ الْاَعْرَابِ فَاسْتَعْبَدُوْنِىْ، فَبَاعُوْنِىْ حَتّٰى وَقَعْتُ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَسَمِعْتُهُمْ يَذْكُرُوْنَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ الْعَيْشُ عَزِيْزًا، فَسَاَلْتُ اَهْلِىْ اَنْ يَّهَبُوْا لِىْ يَوْمًا فَفَعَلُوْا، فَانْطَلَقْتُ فَاحْتَطَبْتُ، فَبِعْتُهٗ بِشَىْءٍ يَّسِيْرٍ، ثُمَّ جِئْتُ بِهٖ فَوَضَعْتُهٗ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هُوَ؟ فَقُلْتُ: صَدَقَةٌ، فَقَالَ لِاَصْحَابِهٖ: كُلُوْا وَاَبٰى اَنْ يَّاْكُلَ، قُلْتُ: هٰذِهٖ وَاحِدَةٌ، ثُمَّ مَكَثْتُ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَوْهَبْتُ اَهْلِىْ يَوْمًا، فَوَهَبُوْا لِىْ يَوْمًا، فَانْطَلَقْتُ فَاحْتَطَبْتُ، فَبِعْتُهٗ بِاَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، فَصَنَعْتُ طَعَامًا فَاَتَيْتُهٗ فَوَضَعْتُهٗ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ قُلْتُ: هَدِيَّةٌ، فَقَالَ بِيَدِهٖ: بِاسْمِ اللّٰهِ خُذُوْا فَاَكَلَ وَاَكَلُوْا مَعَهٗ وَقُمْتُ اِلٰى خَلْفِهٖ فَوَضَعَ رِدَاءَهٗ، فَاِذَا خَاتَمُ النُّبُوَّةِ كَاَنَّهٗ بَيْضَةٌ، قُلْتُ: اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: فَحَدَّثْتُهٗ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، الْقَسُّ هَلْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ فَاِنَّهٗ زَعَمَ اَنَّكَ نَبِىٌّ، قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُّسْلِمَةٌ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبَرَنِىْ اَنَّكَ نَبِىٌّ، قَالَ: لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُّسْلِمَةٌ

✿✿ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد سردار (یا سرکاری اہلکار) تھے میں درس گاہ میں جایا کرتا تھا میرے ساتھ دولڑکے بھی تھے وہ درس گاہ سے واپس جاتے ہوئے ایک گرجے میں داخل ہوئے ان کے ساتھ میں بھی اندر چلا گیا' تو راہب نے ان سے کہا: کیا میں نے تم دونوں کو منع نہیں کیا تھا تم میرے پاس کسی کو نہ لے کر آنا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اس کے پاس آتا جاتا رہا' یہاں تک کہ میں اس کے نزدیک ان دونوں لڑکوں سے زیادہ محبوب ہو گیا۔ اس راہب نے مجھ سے کہا: اے سلمان گھر والے تم سے پوچھیں گے تمہیں کس نے روک لیا تھا'' تو تم کہنا میرے استاد نے اور جب تمہارا استاد تم سے پوچھے تمہیں کس نے روک لیا تھا'' تو تم کہنا میرے گھر والوں نے۔ اس نے مجھ سے کہا: اے سلمان میں یہ چاہتا ہوں کہ یہاں سے کہیں

اور منتقل ہو جاؤں۔ میں نے کہا: میں آپ کے ساتھ رہوں گا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ وہاں سے منتقل ہوا اور ایک بستی میں آ گیا اس نے وہاں پڑاؤ کیا وہاں ایک عورت اس کے پاس آنے جانے لگی جب اس کا آخری وقت قریب آیا' تو وہ بولا: اے سلمان تم زمین کھودو۔ میں نے زمین کھودی اور اس میں سے درہموں کا ایک تھیلا نکالا۔ اس نے کہا: یہ میرے سینے کے اوپر ڈال دو۔ میں نے وہ اس کے سینے پر ڈال دیئے' تو اس نے اپنا ہاتھ میرے سینے کے اوپر مارنا شروع کیا اور بولا: راہب کے لئے بربادی ہے پھر وہ مر گیا۔ میں نے ان کے باجے میں پھونک مار کر (اس کے مرنے کا) اعلان کیا' تو بہت سے عبادت گزار اور راہب لوگ وہاں آ گئے۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اس مال کے بارے میں ارادہ کیا کہ اسے میں اٹھا کر لے جاتا ہوں لیکن پھر اللہ تعالیٰ نے میری توجہ اس کی طرف سے ہٹا دی جب وہ عبادت گزار اور راہب لوگ اکٹھے ہو گئے میں نے کہا: اس نے کچھ مال چھوڑا ہے' تو اس بستی کے کچھ نوجوان آ گئے انہوں نے کہا: یہ ہمارے باپ کا مال ہے اس کی کنیز اس کے پاس آتی تھی ان لوگوں نے وہ مال حاصل کر لیا جب اس راہب کو دفن کر دیا گیا' تو میں نے کہا: اے عبادت گزاروں کے گروہ تم کسی ایسے عالم کی طرف میری رہنمائی کرو جس کے ساتھ میں رہوں' تو ان لوگوں نے کہا: ہمیں روئے زمین پر کسی ایسے عالم کے بارے میں پتہ نہیں ہے' جو اس شخص سے زیادہ علم رکھتا ہو جو بیت المقدس آتا ہے' اگر تم اب وہاں چلے جاتے ہو' تو تم اس کے گدھے کو بیت المقدس کے دروازے پر پالو گے۔ میں وہاں سے روانہ ہوا وہاں ایک گدھا موجود تھا میں اس کے پاس بیٹھ گیا' یہاں تک کہ وہ عالم باہر آیا میں نے اسے سارا واقعہ سنایا' تو وہ بولا: تم بیٹھ جاؤ جب تک میں تمہارے پاس واپس نہیں آتا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے پورے ایک سال تک اسے نہیں دیکھا وہ شخص سال میں صرف اسی مہینے میں بیت المقدس آیا کرتا تھا جب وہ اگلی مرتبہ آیا' تو میں نے کہا: آپ نے پھر میرے بارے میں کیا سوچا۔ اس نے دریافت کیا: تم اس وقت سے لے کر اب تک یہیں ہو۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے کہا: مجھے روئے زمین میں کسی ایسے شخص کے بارے میں علم نہیں ہے' جو اس یتیم سے زیادہ بڑا عالم ہو جس کا ظہور تہامہ کی سرزمین پر ہو گا اگر تم اب وہاں چلے جاتے ہو' تو تم ان سے مل لو گے ان میں تین خصوصیات ہوں گی وہ تحفے کے طور پر دی جانے والی چیز کھا لیتے ہوں گے لیکن صدقہ کے طور پر دی جانے والی چیز نہیں کھاتے ہوں گے اور ان کے دائیں کندھے کے ابھار کے قریب مہر نبوت ہو گی' جو انڈے جتنی ہو گی اور اس کا رنگ ان کی جلد کی طرح کا ہو گا اگر تم اب چلے جاتے ہو' تو ان تک پہنچ جاؤ گے۔

میں منزلوں پر منزلیں مارتا ہوا روانہ ہو گیا' یہاں تک کہ کچھ دیہاتیوں نے مجھے پکڑا انہوں نے مجھے اجنبی سمجھ کر فروخت کر دیا' یہاں تک کہ میں مدینہ منورہ پہنچ گیا میں نے ان لوگوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہوئے سنا زندگی مشکل تھی' میں نے اپنے مالکان سے کہا: مجھے کوئی چیز ہبہ کے طور پر دیں انہوں نے مجھے کوئی چیز دے دی میں روانہ ہوا میں نے کوشش کی' میں نے انہیں تھوڑی قیمت کے عوض میں فروخت کیا پھر میں وہ چیز لے کر آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھ دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کیا چیز ہے۔ میں نے عرض کی: یہ صدقہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: تم اسے کھا لو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اسے کھانے سے انکار کر دیا۔ میں نے سوچا یہ ایک نشانی مل گئی پھر جتنا اللہ کو منظور تھا اتنا عرصہ گزر گیا پھر میں نے اپنے مالک سے کوئی چیز ہبہ کرنے کے لئے کہا' تو ان لوگوں نے مجھے ایک چیز ہبہ کے طور پر دی میں روانہ ہوا میں نے کوشش کی پھر میں نے اسے پہلے سے زیادہ قیمت

پر فروخت کیا۔ میں نے کھانا تیار کیا میں وہ لے کر آیا اور اسے نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے سامنے رکھ دیا۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: یہ کیا ہے۔ میں نے عرض کی: یہ تحفہ ہے۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے کہا اللہ کا نام لے کر کھانا شروع کرو۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے بھی اسے کھایا اور آپ کے ساتھ لوگوں نے بھی اسے کھایا پھر میں اٹھ کر آپ کے پیچھے آیا میں نے آپ کی چادر کو ہٹایا' تو وہاں انڈے کی طرح کی مہر نبوت موجود تھی میں نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے دریافت کیا: وہ کیسے' تو میں نے نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو سارا واقعہ سنایا اور عرض کی یارسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کیا وہ عبادت گزار شخص جنت میں داخل ہوگا' جس نے یہ بات بیان کی تھی کہ آپ نبی ہیں۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: جنت میں صرف مسلمان داخل ہوگا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اس نے مجھے یہ بتایا تھا کہ آپ نبی ہیں' تو نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جنت میں صرف مسلمان شخص داخل ہوگا۔

ذِكْرُ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7125 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ، فَقَالَ رَجُلٌ: لَوْ اَدْرَكْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُ مَعَهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنْتَ كُنْتَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ لَقَدْ رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْاَحْزَابِ وَاَخَذَتْنَا رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ وَّقُرٌّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا رَجُلٌ يَّاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَسَكَتْنَا، فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا رَجُلٌ يَّاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَسَكَتْنَا، فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ، ثُمَّ قَالَ: فَسَكَتْنَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ يَا حُذَيْفَةُ فَاْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ وَلَا تَذْعَرْهُمْ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ مِنْ عِنْدِهٖ جَعَلْتُ كَاَنَّمَا اَمْشِي فِيْ حَمَّامٍ حَتّٰى اَتَيْتُهُمْ، فَرَاَيْتُ اَبَا سُفْيَانَ يُصْلِي ظَهْرَهُ بِالنَّارِ، فَوَضَعْتُ سَهْمًا فِيْ كَبِدِ الْقَوْسِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَرْمِيَهُ، فَذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْعَرْهُمْ، وَلَوْ رَمَيْتُهُ لَاَصَبْتُهُ، فَرَجَعْتُ وَاَنَا اَمْشِي فِيْ مِثْلِ الْحَمَّامِ، فَلَمَّا اَتَيْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِ الْقَوْمِ، فَاَلْبَسَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلَ عَبَاءَةٍ كَانَتْ عَلَيْهِ يُصَلِّيْ فِيْهَا، فَلَمْ اَزَلْ نَائِمًا حَتّٰى اَصْبَحْتُ، فَلَمَّا اَصْبَحْتُ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ يَا نَوْمَانُ

7125– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وإبراهيم: هو ابن يزيد بن شريك التيمي . وأخرجه مسلم "1788" في الجهاد والسير: باب غزوة الأحزاب، من طريق زهير بن حرب، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "1788"، وأبو نعيم في "الحلية 1/354، والبيهقي في "السنن"9/148-149، وفي "الدلائل"3/499-450 من طريقين عن جرير، به. وأخرجه بنحوه البزار "1809"، والحاكم 3/31، والبيهقي في "دلائل النبوة "3/450 من طريق موسى بن أبي المختار، عن بلال العبسي، عن حذيفة بن اليمان، وصححه الحاكم، وذكره الهيثمي 6/136 وقال: رواه البزار ورجاله ثقات.

ابراہیم تیمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے ایک شخص بولا اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا ہوتا' تو میں آپ کے ساتھ لڑائی میں حصہ لیتا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے ایسا کرنا تھا؟ مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے ہم لوگ غزوہ احزاب کے موقع پر صبح کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تیز آندھی چل پڑی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی شخص دشمن کی اطلاع ہمارے پاس لے کر آئے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے میرے ساتھ رکھے گا۔ راوی کہتے ہیں' تو ہم لوگ خاموش رہے ہم میں سے کسی نے بھی آپ کو جواب نہیں دیا۔ وہ کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی شخص ہمارے پاس دشمن کی اطلاع لے کر آئے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے میرے ساتھ رکھے گا۔ راوی کہتے ہیں: ہم لوگ خاموش رہے، ہم میں سے کسی نے بھی آپ کو جواب نہیں دیا پھر ہم خاموش رہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے حذیفہ تم اٹھو اور ہمارے پاس دشمن کی اطلاع لے کر آؤ اور تم انہیں بھڑکانا نہیں (یا ان سے مقابلہ نہ کرنا) جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اٹھ کر روانہ ہوا' تو یوں لگ رہا تھا جیسے (تیز ہوا میں نہیں) بلکہ حمام میں چل رہا ہوں' یہاں تک کہ میں دشمن کے پاس آیا میں نے ابوسفیان کو دیکھا کہ وہ اپنی پشت کو آگ کے ذریعے گرم کرنے کی کوشش کر رہا تھا میں نے اپنا تیر کمان میں رکھا پہلے میں نے ارادہ کیا کہ میں اسے تیر مارتا ہوں پھر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان یاد آیا کہ تم نے ان کے ساتھ جھگڑنا نہیں ہے' اگر میں اسے تیر مار دیتا' تو وہ تیر اسے لگ جانا تھا' لیکن میں واپس آ گیا یوں جیسے میں حمام میں چل رہا ہوں جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپ کو ان لوگوں کے حالات کے بارے میں بتایا' تو آپ نے اپنے جسم پر موجود اضافی عبا مجھے پہنا دی جس میں آپ نماز ادا کیا کرتے تھے اس کے بعد میں سویا رہا' یہاں تک کہ صبح ہو گئی جب صبح ہو گئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے سوئے ہوئے تم بیدار ہو جاؤ۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ بِالْمَغْفِرَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ

7126 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ النَّهْدِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ لِي اُمِّي: مَتٰى عَهْدُكَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: مَا لِي بِهِ عَهْدٌ مُنْذُ كَذَا اَوْ كَذَا، فَنَالَتْ مِنِّي، فَقُلْتُ: فَاِنِّي آتِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُصَلِّي مَعَهُ وَيَسْتَغْفِرُ لِي وَلَكِ،

7126– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير ميسرة بن حبيب النهدي، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة. إسرائيل: هو ابن يونس بن أبي إسحاق السبيعي. وأخرجه أحمد 5/391، والترمذي "3781" في المناقب: باب مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، والنسائي في "فضائل الصحابة" "193"، والحاكم مختصراً 3/381 من طرق عن إسرائيل، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه لا نعرفه إلا من حديث إسرائيل. وصححه الذهبي في "تلخيص المستدرك".

فَاَتَيْتُهُ فَصَلَّيْتُ مَعَهُ الْمَغْرِبَ، فَصَلَّى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَهُمَا، ثُمَّ مَضَى وَتَبِعْتُهُ، فَقَالَ لِي: مَنْ هٰذَا؟ ، فَقُلْتُ: حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَاَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَتْ لِي اُمِّي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَلِاُمِّكَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری والدہ نے مجھ سے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تمہاری آخری ملاقات کب ہوئی تھی؟ میں نے کہا: اتنے' اتنے عرصے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری ملاقات نہیں ہوئی' تو میری والدہ نے مجھے برا کہنا شروع کر دیا۔ میں نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں گا ان کے ساتھ نماز ادا کروں گا وہ میرے لیے اور آپ کے لیے دعائے مغفرت کریں گے پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور مغرب کی نماز ادا کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں نمازوں کے ہمراہ نوافل ادا کیے پھر آپ روانہ ہوئے' تو میں آپ کے پیچھے آیا آپ نے مجھ سے دریافت کیا: کون ہے۔ میں نے عرض کی: حذیفہ بن یمان۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیوں آئے ہو؟ میں نے آپ کو اس بارے میں بتایا: جو میری والدہ نے مجھ سے کہا تھا'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری اور تمہاری والدہ کی مغفرت کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُذَيْفَةَ كَانَ صَاحِبَ سِرِّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاص رازدار تھے

7127 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتٰى عَلْقَمَةُ الشَّامَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى فِيهِ، ثُمَّ مَالَ اِلٰى حَلْقَةٍ فَجَلَسَ فِيهَا، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ فَجَلَسَ اِلٰى جَنْبِيْ، فَقُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ قَدِ اسْتَجَابَ دَعْوَتِي، قَالَ: وَذٰلِكَ الرَّجُلُ اَبُو الدَّرْدَاءِ، فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ فَقَالَ عَلْقَمَةُ: دَعَوْتُ اللّٰهَ اَنْ يَرْزُقَنِيَ جَلِيسًا صَالِحًا، فَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ اَنْتَ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ، اَوْ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ، ثُمَّ مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ، فَقَالَ: اَبُو الدَّرْدَاءِ: اَلَمْ يَكُنْ فِيكُمْ صَاحِبُ السِّرِّ الَّذِيْ لَا يَعْلَمُهُ غَيْرُهُ اَحَدٌ - يَعْنِيْ حُذَيْفَةَ - قَالَ: ثُمَّ قَالَ: اَتَحْفَظُ كَمَا كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَاُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: (وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى) (الليل: 2) ، قَالَ عَلْقَمَةُ: فَقُلْتُ: وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى، فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ: وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هٰكَذَا اَقْرَاَنِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِيهِ اِلٰى فِيَّ فَمَا زَالَ هٰؤُلَاءِ حَتّٰى كَادُوْا يَرُدُّونِيْ عَنْهَا

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ اَبُو حَاتِمٍ: اِلٰى هَاهُنَا حُلَفَاءُ قُرَيْشٍ، وَاِنَّا نَذْكُرُ بَعْدُ هٰؤُلَاءِ الْاَنْصَارَ مَنْ هَاجَرَ

7127– إسناده صحيح . رجاله ثقات رجال الشيخين غير إسحاق بن إسماعيل الطالقاني فقد روى له أبو داود، وهو ثقة.
جرير: هو ابن عبد الحميد، ومغيرة: هو ابن مقسم الضبي، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وعلقمة: هو ابن قيس . وقد تقدم تخريج الحديث برقم."6331"

مِنْهُمْ، وَمَنْ لَمْ يُهَاجِرْ اِنْ قَضَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَشَاءَهٗ ۔

❁❁ ابراہیم بیان کرتے ہیں: علقمہ شام گئے انہوں نے وہاں نماز ادا کی پھر وہ ایک حلقے کی طرف بڑھ گئے اور اس میں بیٹھ گئے۔ وہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص آیا اور میرے پہلو میں بیٹھ گیا میں نے کہا: الحمد اللہ مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری دعا کو مستجاب کرلیا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں: وہ شخص حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ تھے۔ انہوں نے دریافت کیا: وہ کیسے۔ علقمہ نے جواب دیا: میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ وہ مجھے کوئی نیک ہم نشین عطا کرے' تو مجھے یہ امید ہے کہ وہ آپ ہی ہوں گے۔ اس نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ میں نے کہا: میں اہل کوفہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اہل عراق سے تعلق رکھتا ہوں اور پھر اہل کوفہ سے تعلق رکھتا ہوں' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تمہارے درمیان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ خاص رازدار نہیں ہیں' کہ اس راز کو ان کے علاوہ کوئی اور نہیں جانتا تھا ان کی مراد حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ تھے پھر انہوں نے دریافت کیا: کیا تمہیں یہ بات یاد ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کس طرح تلاوت کرتے تھے میں نے جواب دیا: جی ہاں پھر انہوں نے پڑھا (یعنی یہ سورۃ پڑھی)

"وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى"

علقمہ کہتے ہیں' تو میں نے پڑھا الـذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰى' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مجھے اپنی زبانی یہ سورۃ انہی الفاظ میں سے سکھائی تھی لیکن یہ لوگ مسلسل میری اس بات کو مسترد کرتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہاں تک قریش کے حلیفوں کا ذکر تھا اب ہم اس کے بعد انصار کا ذکر کریں گے ان میں سے جن لوگوں نے ہجرت کی اور جنہوں نے ہجرت نہیں کی (سب کا ذکر ہوگا) اگر اللہ تعالیٰ نے فیصلہ دیا اور یہ چاہا۔

ذِكْرُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7128 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَكَرُوْا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ: ذَاكَ رَجُلٌ لَا اَزَالُ اُحِبُّهُ بَعْدَمَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اسْتَقْرِءُوا الْقُرْآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ: مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَسَالِمٍ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

❁❁ مسروق بیان کرتے ہیں: لوگوں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا' تو انہوں نے فرمایا: وہ ایک ایسے شخص ہیں' کہ جن سے میں اس وقت سے مسلسل محبت کرتا ہوں کہ جب سے میں نے

7128- إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد: هو ابن جعفر الملقب بغندر، وقد تقدم تخريجه برقم "736" و "7126"

نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''قرآن کی تلاوت چار لوگوں سے سیکھو ابن مسعود سے، ابوحذیفہ کے غلام سالم سے، ابی بن کعب سے اور معاذ بن جبل سے''۔

ذِكْرُ شَهَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ بِالصَّلَاحِ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے صالح ہونے کی گواہی دینے کا تذکرہ

7129 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متنِ حدیث): نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ، نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ، نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ، نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَبِئْسَ الرَّجُلُ حَتّٰى عَدَّ سَبْعَةً

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:
''ابوبکر اچھا آدمی ہے، عمر اچھا آدمی ہے، معاذ بن عمرو اچھا آدمی ہے، معاذ بن جبل اچھا آدمی ہے اور ابوعبیدہ بن جراح اچھا آدمی ہے اور فلاں شخص برا آدمی ہے' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے سات لوگوں کے نام گنوائے (کہ وہ برے ہیں)''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ مِمَّنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ان افراد میں شامل تھے

7129- حديث صحيح. محمد بن الوليد الزبيري المدني- روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقد توبع، وقال ابن أبي حاتم8/112-113: سألت أبي عنه، فقال: شيخ كتبت عنه بالمدينة، ما رأينا به بأساً، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير سهل - وهو ابن أبي صالح - فروى له البخاري مقروناً وتعليقاً، واحتج به مسلم. ابن أبي حازم: هو عبد العزيز .وأخرجه النسائي في فضائل الصحابة "126"، والحاكم 3/233 من طريق عبد الرحمن، والحاكم أيضاً 3/268 من طريق سهل بن بكار، والبخاري في "الأدب المفرد" "337" من طريق عبد العزيز بن عبد الله، ثلاثتهم عن عبد العزيز بن أبي حازم، بهذا الإسناد. وزاد فيه النسائي: ثابت بن قيس وسهل بن بيضاء، وزاد الحاكم الأول فقط، وزاد البخاري والحاكم في الموضع الثاني: أسيد بن حضير وثابت بن قيس، وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم، ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 2/419، والترمذي "3795" في المناقب: باب مناقب معاذ بن جبل و ....، والحاكم 3/289 و 425 من طريق قتيبة، وابن سعد 3/605 من طريق موسى بن إسماعيل، كلاهما عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن سهيل، به. وزاد أحمد والترمذي: أسيد بن حضير وثابت بن قيس بن شماس، ومن بعدهما ألفاظهم مختصرة. وقال الترمذي: هذا حديث حسن، إنما نعرفه من حديث سهيل، وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي. وأخرجه النسائي "139" من طريق سليمان بن بلال، عن سهيل بن أبي صالح، به. وزاد فيه: أسيد بن حضير.

جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں قرآن کو جمع کیا تھا

7130 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ: مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَاُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَبُوْ زَيْدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں چار لوگوں نے قرآن کو جمع کیا (یعنی تحریری صورت میں محفوظ کیا) وہ سب انصار سے تعلق رکھتے تھے (وہ یہ حضرات ہیں) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ، اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر رحم کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ مِنْ اَعْلَمِ الصَّحَابَةِ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ صحابہ کرام میں حلال اور حرام کے سب سے بڑے عالم تھے

7131 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدٍ الْبِرْتِىُّ، حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ الْمَدِيْنِىِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْحَمُ اُمَّتِىْ بِاُمَّتِىْ اَبُوْ بَكْرٍ، وَاَشَدُّهُمْ فِى اللّٰهِ عُمَرُ، وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ وَاَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنًا وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذِهِ اَلْفَاظٌ اُطْلِقَتْ بِحَذْفِ الْ - مِنْ - مِنْهَا يُرِيْدُ بِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْحَمُ اُمَّتِىْ اَىْ مِنْ اَرْحَمِ اُمَّتِىْ وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَشَدُّهُمْ فِىْ اَمْرِ اللّٰهِ يُرِيْدُ مِنْ

7130– إسناد صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أبو داود والطيالسي "2018"، وأحمد 3/277، والبخاري "3810" في مناقب الأنصار: باب مناقب زيد بن ثابت رضي الله عنه، ومسلم "2465" "119" في فضائل الصحابة: باب في فضائل أبي بن كعب، والترمذي "3794" في المناقب: باب مناقب معاذ، وزيد، وأبي، وأبي عبيدة، وأبو يعلى "3198" و"3255"، والبيهقي 6/211 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "5003" في فضائل القرآن: باب القراء من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم "2465" "120"، وأبو يعلى "2878" من طريق همام، عن قتادة، به. وأخرجه أبو يعلى مطولاً "2953"، والبزار "2802" من طريق سعيد، عن قتادة، به. وفيه: وقالت الخزرجيون: منا أربعة جمعوا القرآن على عهد رسول صلى الله عليه وسلم لم يجمعه غيرهم: زيد بن ثابت ... وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/41، وقال: رواه أبو يعلى والبزار والطبراني ورجالهم رجال الصحيح. وأخرجه البخاري "5004" عن معلى بن أسد، عن عبد الله بن المثنى، عن ثابت البناني وثمامة، عن أنس.

اَشَدِّهِمْ وَمِنْ اَصْدَقِهِمْ حَيَاءً، وَمِنْ اَقْرَئِهِمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمِنْ اَفْرَضِهِمْ، وَمِنْ اَعْلَمِهِمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ يُرِيْدُ اَنَّ هٰؤُلَاءِ مِنْ جَمَاعَةٍ فِيهِمْ تِلْكَ الْفَضِيلَةُ وَهٰذَا كَقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ: اَنْتُمْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيَّ يُرِيْدُ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ مِنْ جَمَاعَةٍ اُحِبُّهُمْ وَهُمْ فِيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میری امت کے بارے میں' میری امت میں' سب سے زیادہ رحم دل ابوبکر ہے اور اللہ تعالیٰ کے معاملے میں سب سے زیادہ سخت عمر ہے اور حیا کے اعتبار سے سب سے زیادہ سچا عثمان ہے اور اللہ کی کتاب کا سب سے بڑا عالم ابی بن کعب ہے۔ علم وراثت کا سب سے بڑا عالم زید بن ثابت ہے۔ حلال اور حرام کا سب سے بڑا عالم معاذ بن جبل ہے خبردار ہر امت میں ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس حدیث میں' جو الفاظ استعمال کیے گئے ہیں ان میں حرف ''من'' کو حذف کیا گیا ہے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے ارحم امتی اس سے مراد یہ ہے من ارحم امتی اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: وَاَشَدُّهُمْ فِي اَمْرِ اللّٰهِ يُرِيْدُ مِنْ اَشَدِّهِمْ وَمِنْ اَصْدَقِهِمْ حَيَاءً، وَمِنْ اَقْرَئِهِمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمِنْ اَفْرَضِهِمْ، وَمِنْ اَعْلَمِهِمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ یہ جماعت ایسی ہے جس میں یہ فضیلت پائی جاتی ہے' اس کی مثال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے مطابق ہوگی' جو آپ نے انصار سے فرمایا تھا: تم لوگ میرے نزدیک تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہو اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ تھی کہ لوگوں میں سے میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ایک ہو اور اس جماعت سے تعلق رکھتے ہو' جن سے میں محبت کرتا ہوں اور وہ لوگ اس میں شامل تھے۔

7131- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير على بن المديني، فمن رجال البخاري، أبو قلابة: هو عبد الله نب زيد الجرمي. وأخرجه النسائي في "فضائل الصحابة" "182"، والحاكم3/422، والبيهقي6/210 من طرق عن عبد الوهاب الثقفي، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد3/184، وابن ماجة "155" في المقدمة: باب في فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار "1/351، وأبو نعيم في "الحلية"3/122، والبيهقي6/210، والبغوي "3930" من طريق سفيان الثوري، عن خالد الحذاء ، به. وأخرجه أحمد 3/281، والطيالسي "2096"، والنسائي في "فضائل.... الصحابة" "138"، والطحاوي في "المشكل"351-1/350، والبيهقي6/210 من طريق وهيب، عن خالد الحذاء ، به . وأخرجه أبو نعيم في "الحلية"3/122، والبيهقي6/210 من طريقي عاصم "وهو الأحول" عن أبي قلابه، به. وأخرجه الترمذي "3790" في المناقب: باب مناقبب معاذ وزيد وأبي وأبي عبيدة، من طريق معمر، عن قتادة، عن أنس، وسيأتي برقم "7137" و."7252" وأخرج القسم الأخير منه وهو "إن لكل أمة أميناً ... " المؤلف، وقد تقدم تخريجه برقم ."7001" وأخرج الطرف الأول منه: "أرحم أمتي بأمتي أبو بكر، وأشدهم في دين الله عمر بن الخطاب"، ابن أبي عاصم في "السنة" "1252" من طرق سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، عن أنس، وأخرجه "1283" بهذا الإسناد بلفظ: "أرحم أمتي أبو بكر وأصدقهم حياء عثمان."

ذِكْرُ اَبِىْ ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7132 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اَبِىْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ، وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ عَلٰى ذِىْ لَهْجَةٍ اَصْدَقَ مِنْكَ يَا اَبَا ذَرٍّ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ هٰذَا خِطَابًا خَرَجَ عَلٰى حَسَبِ الْحَالِ فِىْ شَىْءٍ بِعَيْنِهِ اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَكُوْنَ هٰذَا الْخَطَّابُ عَلٰى عُمُوْمِهِ، وَتَحْتَ الْخَضْرَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالصِّدِّيْقُ، وَالْفَارُوْقُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: آسمان نے ایسے کسی شخص پر سایہ نہیں کیا اور زمین نے ایسے کسی شخص کا وزن نہیں اٹھایا جو اے ابوذر! تم سے زیادہ سچا ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس میں اس بات کا احتمال موجود ہے کہ یہ فرمان کسی مخصوص متعین صورت حال کے مطابق ارشاد فرمایا گیا ہو کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ یہ الفاظ عمومی طور پر استعمال کیے گئے ہوں کیونکہ آسمان کے نیچے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی موجود تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

7132– حديث حسن لغيره . مالك بن مرثد وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف والعجلي، وباقي رجاله رجال مسلم . وأخرجه الترمذي "3802" في المناقب: باب مناقب أبي ذر رضي الله عنه، والحاكم 3/342 عن العباس بن عبد العظيم، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه، وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي ! وفي الباب ما يقويه عن عبد الله بن عمرو عند أحمد 2/163 و175 و223، وابن سعد 4/288، وابن أبي شيبة 12/124، والترمذي "3801"، وابن ماجة "156" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والحاكم 3/342، وابن الأثير في "أسد الغابة" 1/357 من طريق عن الأعمش، عن عثمان بن عمير، عن أبي حرب بن أبي الأسود الديلي، عن ابن عمرو . وعثمان بن عمير - ويقال: ابن قيس - ضعيف. وعن أبي الدرداء عند أحمد 6/442، وابن سعد 4/228، وابن أبي شيبة 12/125، والبزار "2713"، والحاكم 3/342 من طريق ... حماد بن سلمة، عن علي بن زيد، عن بلال بن أبي الدرداء، عن أبي الدرداء . وعلي بن زيد: ضعيف. وأخرجه أحمد 5/197 من طريق شهر بن حوشب، عن عبد الله بن غنم، عن أبي الدرداء . وشهر بن حوشب فيه ضعيف. وعن أبي هريرة عند ابن سعد 4/228 عن يزيد بن هارون، عن أبي أمية بن يعلى، عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة . وأبو أمية ضعيف. وعن علي عند أبي نعيم في "الحلية" 4/172 من طريق بشر بن مهران، عن شريك، عن الأعمش، عن زيد "وهو ابن وهب" قال: قال علي ... فذكره مرفوعاً. وبشر بن مهران ترك أبو حاتم حديثه. وقال ابنه: وأمرني أن لا أقرأ عليه حديثه. وأخرجه ابن سعد 4/228 عن مسلم بن إبراهيم، عن سلام بن مسكين، عن مالك بن دينار مرسلاً. وأخرجه 4/228 عن عبيد الله بن عبد المجيد الحنفي، عن أبي حرة، عن محمد بن سيرين مرسلاً.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا ذَرٍّ كَانَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ ابتداء میں ہجرت کرنے والے افراد میں شامل ہیں

7133 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، وَعِدَّةٌ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: خَرَجْنَا فِيْ قَوْمِنَا غِفَارٍ، وَكَانُوا يَحِلُّوْنَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ، فَخَرَجْتُ اَنَا وَاَخِي اُنَيْسٌ وَّاُمُّنَا، فَنَزَلْنَا عَلٰى خَالٍ لَنَا، فَاَكْرَمَنَا خَالُنَا، وَاَحْسَنَ اِلَيْنَا، فَحَسَدَنَا قَوْمُهُ، فَقَالُوْا: اِنَّكَ اِذَا خَرَجْتَ عَنْ اَهْلِكَ خَالَفَكَ اِلَيْهِمْ اُنَيْسٌ، فَجَاءَ خَالُنَا فَذَكَرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُ، فَقُلْتُ: اَمَّا مَا مَضٰى مِنْ مَعْرُوْفِكَ، فَقَدْ كَدَّرْتَهُ وَلَا حَاجَةَ لَنَا فِيمَا بَعْدُ، قَالَ: فَقَدَّمْنَا صِرْمَتَنَا فَاحْتَمَلْنَا عَلَيْهَا، فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى نَزَلْنَا بِحَضْرَةِ مَكَّةَ، قَالَ: وَقَدْ صَلَّيْتُ يَا ابْنَ اَخِي قَبْلَ اَنْ اَلْقَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُلْتُ لِمَنْ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، قُلْتُ: فَاَيْنَ تَوَجَّهُ؟ قَالَ: اَتَوَجَّهُ حَيْثُ يُوَجِّهُنِيْ رَبِّي اُصَلِّيْ عَشِيًّا حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ اُلْقِيْتُ حَتّٰى تَعْلُوَنِي الشَّمْسُ، قَالَ اُنَيْسٌ: اِنَّ لِيَ حَاجَةً بِمَكَّةَ، فَانْطَلَقَ اُنَيْسٌ حَتّٰى اَتٰى مَكَّةَ، قَالَ: ثُمَّ جَاءَ، فَقُلْتُ: مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: لَقِيْتُ رَجُلًا بِمَكَّةَ عَلٰى دِيْنِكَ يَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَهُ، قَالَ: قُلْتُ: فَمَا يَقُوْلُ النَّاسُ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ كَاهِنٌ سَاحِرٌ، قَالَ: فَكَانَ اُنَيْسٌ اَحَدَ الشُّعَرَاءِ، قَالَ اُنَيْسٌ: لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ، وَمَا هُوَ بِقَوْلِهِمْ، وَلَقَدْ وَضَعْتُ قَوْلَهُ عَلٰى اَقْرَاءِ الشِّعْرِ، فَمَا يَلْتَئِمُ عَلٰى لِسَانِ اَحَدٍ بَعْدِيْ اَنَّهُ شِعْرٌ وَّاللّٰهِ اِنَّهُ لَصَادِقٌ، وَاِنَّهُمْ لَكَاذِبُوْنَ، قَالَ: قُلْتُ: فَاكْفِنِيْ حَتّٰى اَذْهَبَ فَاَنْظُرَ، فَاَتَيْتُ مَكَّةَ، فَتَضَيَّفْتُ رَجُلًا مِنْهُمْ، فَقُلْتُ: اَيْنَ هٰذَا الَّذِيْ تَدْعُوْنَهُ الصَّابِئَ؟ قَالَ: فَاَشَارَ اِلَيَّ، وَقَالَ: الصَّابِئَ، قَالَ: فَمَالَ عَلَيَّ اَهْلُ الْوَادِيْ بِكُلِّ مَدَرَةٍ، وَعَظْمٍ حَتّٰى خَرَرْتُ مَغْشِيًّا عَلَيَّ، فَارْتَفَعْتُ حِيْنَ ارْتَفَعْتُ كَاَنِّي نَصْبٌ اَحْمَرُ، فَاَتَيْتُ زَمْزَمَ، فَغَسَلْتُ عَنِّي الدِّمَاءَ وَشَرِبْتُ مِنْ مَائِهَا، وَقَدْ لَبِثْتُ مَا بَيْنَ ثَلَاثِيْنَ مِنْ لَيْلَةٍ وَّيَوْمٍ مَالِي طَعَامٌ اِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ، فَسَمِنْتُ حَتّٰى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِيْ، وَمَا وَجَدْتُ عَلٰى كَبِدِيْ سُخْفَةَ جُوعٍ، قَالَ: فَبَيْنَا اَهْلُ مَكَّةَ فِيْ لَيْلَةٍ قَمْرَاءَ اِضْحِيَانَ اِذْ ضُرِبَ عَلٰى اَسْمِخَتِهِمْ، فَمَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ اَحَدٌ

7133- إسناده صحيح على شرط مسلم، سليمان بن المغيرة وعبد الله بن الصامت: من رجال مسلم، وباقي رجاله على شرطهما. وأخرجه أحمد 5/174، ومسلم "2473" في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي ذر، عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي مختصراً "458"، وأحمد 5/147، وابن سعد 4/219-222، ومسلم "2473"، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" "197"، وفي "الحلية" مختصراً 1/157-159 من طرق عن سليمان بن المغيرة، به. وأخرجه مسلم "2473"، وأبو نعيم في "الحلية" مختصراً 1/157 و 159 من طريق حميد بن هلال، به. وأخرجه بنحوه الطبراني في "المعجم الكبير" "773"، وفي "الأحاديث الطوال" "5"، والحاكم 3/341، وأبو نعيم في "الحلية" 1/157-158 من طريق الوليد بن مسلم، حدثنا عباد بن الريان اللخمي، عن عروة بن رويم، عن عامر بن لدين، عن أبي ليلى الأشعري، عن أبي ذر. وقال الذهبي في "تلخيصه": إسناده صالح.

وَّامْرَاَتَانِ مِنْهُمْ تَدْعُوَانِ اِسَافًا، وَنَائِلَةَ، قَالَ: فَاَتَتَا عَلَيَّ فِيْ طَوَافِهِمَا، فَقُلْتُ: اَنْكِحَا اَحَدَهُمَا الْاٰخَرَ، قَالَ: فَمَا تَنَاهَتَا عَنْ قَوْلِهِمَا فَاَتَتَا عَلَيَّ، فَقُلْتُ: هُنَّ مِثْلُ الْخَشَبَةِ، فَرَجَعَتَا تَقُوْلَانِ لَوْ كَانَ هَاهُنَا اَحَدٌ، فَاسْتَقْبَلَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّهُمَا هَابِطَانِ، فَقَالَ: مَا لَكُمَا؟ قَالَتَا: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَاَسْتَارِهَا، قَالَا: مَا قَالَ لَكُمَا؟ قَالَتَا: اِنَّهٗ قَالَ لَنَا كَلِمَةً تَمْلَاُ الْفَمَ، قَالَ: وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ، ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ هُوَ وَصَاحِبُهٗ، ثُمَّ صَلّٰى، فَقَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ حَيَّاهُ بِتَحِيَّةِ الْاِسْلَامِ، قَالَ: وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: مِمَّنْ اَنْتَ؟، فَقُلْتُ: مِنْ غِفَارٍ، قَالَ: فَاَهْوٰى بِيَدِهٖ، وَوَضَعَ اَصَابِعَهٗ عَلٰى جَبْهَتِهٖ، فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ: كَرِهَ اَنِّيْ انْتَمَيْتُ اِلٰى غِفَارٍ، قَالَ: ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ، وَقَالَ: مُذْ مَتٰى كُنْتَ هَاهُنَا؟، قَالَ: كُنْتُ هَاهُنَا مِنْ ثَلَاثِيْنَ بَيْنَ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ، قَالَ: فَمَنْ كَانَ يُطْعِمُكَ؟ قُلْتُ: مَا كَانَ لِيْ طَعَامٌ اِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ، فَسَمِنْتُ حَتّٰى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِيْ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ فِيْ طَعَامِهِ اللَّيْلَةَ، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، فَفَتَحَ اَبُوْ بَكْرٍ بَابًا، فَجَعَلَ يَقْبِضُ لَنَا مِنْ زَبِيْبِ الطَّائِفِ، فَكَانَ ذٰلِكَ اَوَّلَ طَعَامٍ اَكَلْتُهٗ بِهَا، ثُمَّ غَبَرْتُ مَا غَبَرْتُ، ثُمَّ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّهٗ قَدْ وُجِّهَتْ لِيْ اَرْضٌ ذَاتُ نَخْلٍ مَا اُرَاهَا اِلَّا يَثْرِبَ، فَهَلْ اَنْتَ مُبَلِّغٌ عَنِّيْ قَوْمَكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهُمْ بِكَ وَيَاْجُرَكَ فِيْهِمْ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ فَلَقِيْتُ اُنَيْسًا، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ؟ قُلْتُ: صَنَعْتُ اَنِّيْ قَدْ اَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ، قَالَ: مَا بِيْ رَغْبَةٌ عَنْ دِيْنِكَ، فَاِنِّيْ قَدْ اَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ، قَالَ: فَاَتَيْنَا اُمَّنَا، فَقَالَتْ: مَا بِيْ رَغْبَةٌ عَنْ دِيْنِكُمَا، فَاِنِّيْ قَدْ اَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ، فَاحْتَمَلْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا قَوْمَنَا غِفَارًا فَاَسْلَمَ نِصْفُهُمْ وَكَانَ يَؤُمُّهُمْ اِيْمَاءُ بْنُ رَحْضَةَ وَكَانَ سَيِّدَهُمْ، وَقَالَ نِصْفُهُمْ: اِذَا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَسْلَمْنَا، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَسْلَمَ نِصْفُهُمُ الْبَاقِيْ وَجَاءَتْ اَسْلَمُ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِخْوَانُنَا نُسَلِّمُ عَلَى الَّذِيْ اَسْلَمُوْا عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ

✿✿ عبداللہ بن صامت بیان کرتے ہیں: حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم لوگ اپنی قوم بنوغفار کے ساتھ تھے وہ لوگ حرمت والے مہینوں کو حلال قرار دیتے تھے ایک مرتبہ میں میرا بھائی انیس اور ہماری والدہ روانہ ہوئے ہم نے اپنے ماموں کے ہاں پڑاؤ کیا ہمارے ماموں نے ہماری عزت افزائی کی انہوں نے ہمارے ساتھ اچھا سلوک کیا' تو ان کی قوم کے افراد کو ہم سے حسد ہوا انہوں نے کہا: جب تم اپنی بیوی کو چھوڑ کر جاتے ہو' تو تمہارے پیچھے انیس ان کے پاس چلا جاتا ہے۔ ہمارے ماموں آئے انہوں نے وہ بات ذکر کی جوان سے کہی گئی تھی' تو میں نے کہا: آپ نے پہلے جواچھائی کی تھی وہ آپ نے خود ہی گدلی کردی ہے اب اس کے بعد ہمیں اس کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ اپنے سواری کے پالان کے پاس آئے ان پر سامان لادا اور روانہ ہوگئے' یہاں تک کہ ہم مکہ آگئے۔ حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ نے بتایا: اے میرے بھتیجے میں نے

نبی اکرم ﷺ سے ملاقات سے پہلے بھی نماز ادا کی ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: کس کے لیے۔ انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کے لئے۔ میں نے دریافت کیا: آپ کس طرف رخ کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: میں اسی طرف رخ کر لیتا تھا' جس طرف میرا پروردگار میرا رخ پھیر دیتا تھا میں شام کے وقت نماز ادا کرتا تھا پھر جب رات کا آخری حصہ ہوتا تھا' تو میں پھر نماز پڑھنے لگتا تھا' یہاں تک کہ سورج مجھ پر غالب آ جاتا تھا۔ انیس نے کہا: مجھے مکہ میں ایک کام ہے انیس چلا گیا وہ مکہ آیا پھر وہ واپس آیا' تو میں نے کہا: تم نے کیا کیا۔ اس نے کہا: مکہ میں میری ملاقات ایک شخص سے ہوئی جو تمہارے دین کی طرح کے نظریات رکھتا ہے وہ اس بات کا دعوے دار ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے مبعوث کیا ہے میں نے دریافت کیا: تو لوگ کیا کہتے ہیں۔ اس نے جواب دیا: لوگ یہ کہتے ہیں' کہ یہ شاعر ہے کاہن ہے اور جادوگر ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انیس بھی شاعر تھا۔ انیس نے کہا: میں نے کاہنوں کا قول سنا ہے لیکن اس شخص کا کلام کاہنوں کے قول کی طرح نہیں ہے۔ میں نے اس کے کلام کو پڑھے لکھے شاعروں کے کلام پر پیش کیا لیکن کوئی بھی شخص یہ نہیں' کہہ سکتا کہ وہ شعر ہے اللہ کی قسم وہ شخص (اپنے دعوے میں) سچا ہے اور لوگ (اس کے بارے میں) جھوٹ بولتے ہیں۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: میری جگہ تم کفایت کرو میں خود جا کر اس کا جائزہ لیتا ہوں پھر میں مکہ آیا میں وہاں کے ایک شخص کے ہاں مہمان ٹھہرا۔ میں نے دریافت کیا: وہ شخص کہاں ہوتا ہے جس کے بارے میں تم لوگ کہہ رہے ہو کہ وہ بے دین ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس شخص نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا یہ بھی بے دین ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' تو وہاں کے سارے لوگ اینٹیں اور ہڈیاں لے کر مجھ پر حملہ آور ہوئے' یہاں تک کہ میں گر گیا اور مجھ پر بے ہوشی طاری ہو گئی پھر میں اٹھا جب میں اٹھا' تو یوں لگتا تھا جیسے میں سرخ رنگ کا بت ہوں پھر میں زم زم کے پاس آیا میں نے اپنے خون کو دھویا اور زم زم کا پانی پیا پھر میں نے تیس دن ایسی حالت میں گزار دیئے میری خوراک صرف آب زم زم تھا۔ میں اتنا موٹا ہو گیا کہ میرے پیٹ پر سلوٹیں بننے لگیں اور مجھے اپنے جگر پر بھوک کی پریشانی محسوس نہیں ہوتی تھی۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک چاندنی رات میں جب کہ اہل مکہ سو چکے تھے اور کوئی شخص بیت اللہ کا طواف نہیں کر رہا تھا مکہ کی دو عورتیں (طواف کرتے ہوئے) اساف اور نائلہ (نامی بتوں) کو پکار رہی تھیں وہ اپنے طواف کے درمیان جب میرے پاس آئیں' تو میں نے کہا: ان دونوں (بتوں) کی شادی کروا دو لیکن وہ پھر بھی اپنی پکار سے باز نہیں آئیں پھر جب وہ (طواف کرتے ہوئے) میرے پاس پہنچیں' تو میں نے کہا یہ تو لکڑیوں کی مانند ہیں' تو وہ دونوں یہ کہتی ہوئی واپس چلی گئیں کہ کاش یہاں کوئی ہوتا (تو پھر ہم تمہاری خبر لیتے) ان دونوں کا سامنا نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر سے ہوا یہ دونوں حضرات بالائی علاقے سے نیچے کی طرف آ رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم دونوں کا کیا معاملہ ہے ان دونوں نے کہا: ایک بے دین شخص خانہ کعبہ اور اس کے پردوں کے درمیان موجود ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اس نے تم دونوں کو کیا کہا ہے۔ ان دونوں عورتوں نے جواب دیا: اس نے ہم سے ایسا کلمہ کہا ہے' جو منہ کو بھر دیتا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لائے آپ نے حجر اسود کا استلام کیا پھر آپ نے '، آپ کے ساتھی نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر نماز ادا کی۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں وہ پہلا شخص تھا

جس نے اسلامی طریقے کے مطابق نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر بھی ہو اللہ تعالیٰ کی رحمتیں بھی نازل ہوں پھر آپ نے دریافت کیا: تمہارا تعلق کون سے قبیلے سے ہے۔ میں نے کہا: غفار قبیلے سے پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک بڑھایا اور اپنی انگلیاں اپنی پیشانی پر رکھ لیں میں نے دل میں سوچا شاید انہیں یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میری نسبت غفار قبیلے سے ہے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور دریافت کیا: تم کب سے یہاں ہو' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں تیس دن اور راتوں سے یہاں ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تمہیں کھانا کون دیتا ہے۔ میں نے کہا: میری خوراک صرف آب زم زم ہے' اسی کی وجہ سے میں موٹا ہو گیا ہوں' یہاں تک کہ میرے پیٹ پر سلوٹیں پڑنے لگی ہیں۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ برکت والا ہے اور کھانے کا کھانا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ مجھے اجازت دیجئے کہ آج رات کھانا انہیں میں کھلاتا ہوں پھر نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے ان دونوں حضرات کے ساتھ میں بھی چل پڑا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دروازہ کھولا انہوں نے طائف کی کشمش مٹھی بھر کر ہمیں دی یہ وہ پہلا کھانا تھا' جو میں نے وہاں (یعنی مکہ میں) کھایا پھر کچھ عرصہ گزر گیا میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے کھجوروں والی سرزمین کی طرف (ہجرت کرنے کا حکم دیا گیا ہے) میرا خیال ہے وہ یثرب ہی ہوگا' تو کیا تم میری طرف سے اپنی قوم کو تبلیغ کردو گے ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے ان لوگوں کو ہدایت نصیب کردے اور ان کے حوالے سے تمہیں اجر عطا کرے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے روانہ ہوا میری ملاقات انیس سے ہوئی اس نے دریافت کیا: تم نے کیا کیا۔ میں نے کہا: میں نے یہ کیا کہ اسلام قبول کرلیا اور تصدیق کردی' تو اس نے کہا: مجھے بھی تمہارے دین سے بے رغبتی نہیں ہے میں بھی اسلام قبول کرتا ہوں اور میں بھی تصدیق کرتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم اپنی والدہ کے پاس آئے (انہیں اسلام کی پیشکش کی) تو انہوں نے کہا: مجھے بھی تمہارے دین سے بے رغبتی نہیں ہے میں بھی اسلام قبول کرتی ہوں اور تصدیق کرتی ہوں پھر ہم وہاں سے سوار ہو کر اپنی قوم بنو غفار میں آئے' تو ان کے نصف حصے نے اسلام قبول کرلیا۔ حضرت ایماء بن رحضہ رضی اللہ عنہ ان کی امامت کیا کرتے تھے وہ اس قبیلے کے سردار تھے جبکہ نصف لوگوں نے یہ کہا: نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لے آئیں گے' تو ہم اسلام قبول کرلیں گے' تو جب نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لے آئے' تو باقی رہ جانے والے نصف حصے نے بھی اسلام قبول کرلیا پھر اسلم قبیلے کے لوگ (نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں مدینہ منورہ) حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ (بنو غفار قبیلے کے لوگ) ہمارے بھائی ہیں' جس طرح انہوں نے اسلام قبول کیا ہے' اسی طرح ہم بھی اسلام قبول کرتے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے (اس موقع پر) یہ فرمایا: غفار قبیلے کی اللہ تعالیٰ مغفرت کرے اور اسلم قبیلے کو اللہ تعالیٰ سلامت رکھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ رُبُعَ الْاِسْلَامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے والے چوتھے شخص تھے

7134 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّومِيِّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، (متن حدیث): قَالَ: كُنْتُ رُبُعَ الْاِسْلَامِ اَسْلَمَ قَبْلِي ثَلَاثَةٌ وَّاَنَا الرَّابِعُ اَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَهُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَرَاَيْتُ الْاِسْتِبْشَارَ فِي وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ فَقُلْتُ: اِنِّي جُنْدُبٌ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ غِفَارٍ

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ: قَوْلُ اَبِي ذَرٍّ: كُنْتُ رَابِعَ الْاِسْلَامِ اَرَادَ مِنْ قَوْمِهِ لِاَنَّ فِي ذٰلِكَ الْوَقْتِ اَسْلَمَ الْخَلْقُ مِنْ قُرَيْشٍ وَّغَيْرِهِمْ

❁❁ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اسلام قبول کرنے والا چوتھا شخص تھا مجھ سے پہلے تین لوگوں نے اسلام قبول کیا تھا میں چوتھا تھا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر سلام ہو میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں' تو مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر خوشی کے اثرات نظر آئے آپ نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ میں نے عرض کی: میرا نام جندب ہے اور میں بنوغفار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ہوں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: میں اسلام قبول کرنے والا چوتھا فرد تھا اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ ان کی قوم سے تعلق رکھنے والا چوتھا فرد تھا کیونکہ اس وقت میں قریش اور دیگر قبیلوں سے تعلق رکھنے والے کئی لوگ مسلمان ہو چکے تھے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الصِّدْقِ وَالْوَفَاءِ لِاَبِيْ ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے لیے سچائی اور وعدہ پورا کرنے کے اثبات کا تذکرہ

7134– مالك بن مرثد وأبوه: لم يوثقهما غير مؤلف والعجلي، وباقي رجاله رجال مسلم. عبد الله بن الرومي: هو عبد الله بن محمد، وأبو زميل: هو سماك بن الوليد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "1617"، والحاكم 3/342، وأبو نعيم في "الحلية" 1/157 من طريق عن عبد الله بن الرومي، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبراني "1618"، والحاكم 342-3/341 من طريق عمرو بن أبي سلمة، عن صدقة بن عبد الله، عن نصر بن علقمة، عن أخيه، عن ابن عائذ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ أنه كان يقول: لقد رأيتني ربع الإسلام، لم يسلم قبلي إلا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وبلال رضي الله عنهما. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي مع أن فيه صدقة بن عبد الله، وهو ضعيف.

7135 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ نَوْفَلٍ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ السِّنْجِيُّ سُلَيْمَانُ بن مَعْبَدٍ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تُقِلُّ الْغَبْرَاءُ، وَلَا تُظِلُّ الْخَضْرَاءُ عَلٰى ذِيْ لَهْجَةٍ اَصْدَقَ، وَاَوْفٰى مِنْ اَبِيْ ذَرٍّ شَبِيْهِ عِيْسٰى ابْنِ مَرْيَمَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ السَّلَامُ، قَالَ: فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَفَنَعْرِفُ ذٰلِكَ لَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاعْرِفُوْا لَهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: زمین نے ایسے کسی شخص کو اٹھایا نہیں ہے اور آسمان نے ایسے کسی شخص پر سایہ نہیں کیا جو ابوذر غفاری سے زیادہ سچا اور (عہد کو) پورا کرنے والا ہو یہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی کیا ہم اس طرح ان کا تعارف کرادیا کریں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں تم اس کا تعارف کروادیا کرو۔

ذِكْرُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7136 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُحْسِنُ السُّرْيَانِيَّةَ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: فَتَعَلَّمْهَا فَاِنَّهُ تَاْتِيْنَا كُتُبٌ، قَالَ: فَتَعَلَّمْتُهَا فِيْ سَبْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا قَالَ الْاَعْمَشُ: كَانَتْ تَاْتِيْهِ كُتُبٌ لَا يَشْتَهِيْ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهَا اِلَّا مَنْ يَّثِقُ بِهٖ

7135– إسناده كسابقه. وقد تقدم برقم. "7132"

7136– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح. جرير: هو ابن عبد الحميد الضبي. وأخرجه أحمد5/182، والفسوی في "المعرفة والتاريخ"484-483/1، والطبراني "4928"، والحاكم3/422، وابن أبي داود في "المصاحف" ص 7، وإسحاق بن راهويه في "مسنده"، وأبو يعلى في "مسنده"، وعلى بن المديني في "العلل" كما في "تغليق التعليق "5/308 من طريق جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد2/358، والطبراني "4927" و "4928" من طريق يحيى بن عيسى الرملي، عن الأعمش، بهذا الإسناد . وله طريق آخر بسند حسن أخرجه ابن سعد في "الطبقات"359-2/358، والبخاري في "تاريخه"381-3/380، وأحمد5/186، وأبو داود "3645" والترمذي "2715"، والطبراني "4856" و "4857"، والفاكهي في "فوائده" فيما ذكره الحافظ في "تغليق التعليق"5/307 من طرق عن عبد الرحمن بن أبي الزناد، عن أبيه، عن خارجة بن زيد بن ثابت، عن أبيه قال: أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أتعلم له كتاب يهود، قال: "إني والله ما آمن يهود على كتاب"، قال: فما مر بي نصف شهر حتى تعلمته، قال: فلما تعلمته، كان إذا كتب إلى يهود كتبت إليهم، وإذا كتب إليه، قرأت له كتابهم، هذا لفظ الترمذي، وقال: حديث حسن صحيح. وعلقه البخاري في "صحيحه" "7195" بصيغة الجزم في الأحكام: باب ترجمة الحكام.

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تم سریانی زبان جانتے ہو میں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تم اسے سیکھ لو ہمارے پاس (غیر مسلم حکمرانوں کے) خطوط آتے ہیں۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ زبان سترہ دن میں سیکھ لی۔

اعمش نامی راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جو مکتوبات آتے تھے آپ کی یہ خواہش تھی کہ ان مکتوبات کے مضمون پر وہی شخص مطلع ہو جو قابل اعتماد ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ مِنْ اَفْرَضِ الصَّحَابَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ صحابہ کرام میں علم وراثت کے سب سے بڑے عالم تھے

7137 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَاَبُوْ مُوْسٰى، قَالُوْا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْحَمُ اُمَّتِىْ بِاُمَّتِىْ اَبُوْ بَكْرٍ، وَاَشَدُّهُمْ فِىْ اَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ، وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ، وَاَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنٌ، وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میری امت کے بارے میں' میری امت میں سب سے زیادہ رحم دل ابوبکر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے معاملے کے بارے میں سب سے زیادہ سخت عمر ہے۔ حیا کے اعتبار سے سب سے زیادہ سچا عثمان ہے۔ اللہ کی کتاب کا سب سے بڑا عالم ابی بن کعب ہے۔ علم وراثت کا سب سے بڑا عالم زید بن ثابت ہے۔ حلال اور حرام کا سب سے بڑا عالم معاذ بن جبل ہے ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے''۔

ذِكْرُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما کا تذکرہ

7137- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو موسى: هو محمد بن المثني، وخالد: هو ابن مهران الحذاء . وأخرجه الترمذى "3791" فى المناقب: باب مناقب معاذ وزيد وأبى وأبى عبيدة، من طريق محمد بن بشار، وابن ماجة "154" فى المقدمة: باب فى فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، من طريق محمد بن المثنى، كلاهما عن عبد الوهاب، بهذا الإسناد . وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح. وقد تقدم برقم "7131"، وسيأتى برقم. "7252"

7138 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ:

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ هَلَكَ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ اَوْ سَبْعَ بَنَاتٍ، قَالَ: فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: تَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: بِكْرًا اَوْ ثَيِّبًا؟ قُلْتُ: بَلْ ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ وَتُضَاحِكُهَا وَتُضَاحِكُكَ، فَقُلْتُ: اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ مَاتَ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ اَوْ سَبْعَ بَنَاتٍ، وَاِنِّي كَرِهْتُ اَنْ اَجِيئَهُنَّ بِمِثْلِهِنَّ وَاَرَدْتُ امْرَاَةً تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، فَقَالَ لِي: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کے والد کا انتقال ہو گیا انہوں نے نو بیٹیاں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) سات بیٹیاں (پسماندگان) میں چھوڑیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھ سے دریافت کیا: جابر تم نے شادی کر لی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کنواری کے ساتھ یا ثیبہ کے ساتھ۔ میں نے عرض کی: ثیبہ کے ساتھ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے کسی لڑکی کے ساتھ شادی کیوں نہیں کی تاکہ تم اس کے ساتھ خوش فعلیاں کرتے اور وہ تمہارے ساتھ خوش فعلیاں کرتی تم اسے ہنساتے اور وہ تمہیں ہنساتی۔ میں نے عرض کی:

7138- إسناده صحيح على شرط مسلم . أحمد بن عبدة - وهو ابن موسى الضبي - من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه الطيالسي "1706"، والبخاري "5367" في النفقات: باب عون المرأة زوجها في ولده، و "6387" في الدعوات: باب الدعاء للمتزوج، ومسلم ص 1087 "56" في الرضاع: باب استحباب نكاح البكر، وأبو يعلى "1990" و "1991"، والبيهقي 7/80 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو بكر والحميدي "1227"، وأحمد 3/308، والبخاري "4052" في المغازي: باب (إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنكُمْ أَنْ تَفْشَلا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا ...) ، ومسلم ص 1087 "56"، وأبو يعلى "1974" من طريق سفيان، عن عمرو بن دينار، به. وأخرجه أحمد3/369 من طريق شعبة، عن عمرو بن دينار، به. وأخرجه البخاري "5080" في النكاح: باب تزويج الثيبات، ومسلم ص 1087 "55"، والبيهقي 7/80، والبغوي "2245" من طريق شعبة، عن محارب، عن جابر بن عبد الله قال: تزوجت امرأة فقال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم: "هل تزوجت؟ " قلت: نعم، قال: "أبكراً أم ثيباً؟ " قلت: ثيباً، قال: "فأين أنت من العذارى ولعابها؟ " قال شعبة: فذكرته لعمرو بن دينار، فقال: قد سمعته من جابر، وإنما قال: "فهلا جارية تلاعبها وتلاعبك؟ ." وأخرجه الدارمي 2/146، والبخاري "5079" في النكاح: باب تزويج الثيبات، و "5245" باب طلب الولد، و "5247" باب تستحد ... المغيبة وتمتشط الشعثة، ومسلم ص 1088 "57"، وأبو يعلى "1850" من طريق هشيم، عن سيار، عن الشعبي، عن جابر . وأخرجه البخاري "2406" في الاستقراض: باب الشفاعة في وضع الدين، و "2967" في الجهاد: باب استئذان الرجل الإمام من طريقين عن المغيرة، عن الشعبي، عن جابر . وأخرجه أحمد3/302، والبخاري "2309" في الوكالة: باب إذا وكل رجل رجلاً أن يعطي شيئاً، ومسلم ص 1087 "54" في الرضاع: باب استحباب نكاح ذات الدين، والنسائي 6/56 في النكاح: باب على ما تنكح المرأة، وابن ماجة "1860" في النكاح: باب نكاح تزويج الأبكار، والبيهقي 7/80 من طريقين عن عطاء، عن جابر. وأخرجه أحمد3/373-374، ومسلم ص "58"1089 من طريق سليمان التيمي، عن أبي نضرة، عن جابر . وأخرجه أحمد 3/314، وأبو داود "2048" في النكاح: باب في تزويج الأبكار، وأبو يعلى "1898" من طريقين عن الأعمش، عن سالم بن أبي الجعد، عن جابر. وأخرجه أحمد 3/294 من طريق سفيان، عن محمد بن المنكدر، عن جابر . وأخرجه أحمد 3/362 من طريق الأعمش، عن أبي سفيان، عن جابر، وانظر الحديث رقم "2706" و "6517" و "6518" و "7143".

(میرے والد) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا انہوں نے نو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) سات بیٹیاں چھوڑی ہیں مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ میں ان پران کے جیسی (کم عمر) بیوی لے آؤں اس لیے میں نے ایسی عورت کے ساتھ شادی کی ہے' جوان کا خیال رکھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت عطا کرے۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ فِيْ جَدَادِ جَابِرٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے کھجوریں اتارنے کے وقت دعائے برکت کرنے کا تذکرہ

7139 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): تُوُفِّيَ اَبِيْ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ، فَعَرَضْتُ عَلٰى غُرَمَائِهِ، اَنْ يَّاْخُذُوا التَّمْرَ بِمَا عَلَيْهِ فَاَبَوْا، وَلَمْ يُعْرَفُوا اَنَّ فِيْهِ وَفَاءً، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: اِذَا جَدَدْتَّهُ وَوَضَعْتَهُ فَاٰذِنْ لِي، فَلَمَّا جَدَدْتُّ وَوَضَعْتُهُ فِي الْمَسْجِدِ آذَنْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَجَلَسَ فَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ، وَقَالَ: ادْعُ غُرَمَاءَكَ وَاَوْفِهِمْ، فَمَا تَرَكْتُ اَحَدًا لَهُ عَلٰى اَبِيْ دَيْنٌ اِلَّا قَضَيْتُهُ، وَفَضَلَ لِي ثَلَاثَةَ عَشَرَ وَسْقًا عَجْوَةً، قَالَ: فَوَافَيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَضَحِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: ائْتِ اَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَاَخْبِرْهُمَا، فَقَالَا: قَدْ عَلِمْنَا اِذْ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعَ اَنْ يَّكُوْنَ ذٰلِكَ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد کا انتقال ہوگیا ان کے ذمے قرض تھا میں نے قرض خواہوں کے سامنے یہ پیش کش رکھی کہ میرے والد کے ذمے جو ادائیگی تھی اس کے بدلے میں وہ کھجوریں حاصل کرلیں' تو انہوں نے اس بات کو تسلیم کرنے سے انکار کردیا ان کا یہ خیال تھا اس طرح پوری ادائیگی نہیں ہوسکے گی۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ' کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کھجوریں' توڑ لو اور انہیں رکھ لو' تو مجھے اطلاع کر دینا جب میں نے کھجوریں' توڑ لیں اور انہیں مسجد میں رکھ لیا' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں اطلاع دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے آپ نے ان کے لیے دعائے برکت کی پھر آپ نے فرمایا: اپنے قرض خواہوں کو بلاؤ انہیں پوری ادائیگی کرو (حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) تو جس بھی شخص نے میرے والد سے قرض لینا تھا میں نے اسے مکمل ادائیگی کردی پھر بھی میرے پاس عجوہ کھجوروں کے تیرہ وسق بچ گئے۔ راوی کہتے ہیں: میں مغرب کی نماز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ' کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے آپ نے ارشاد فرمایا: ابوبکر اور عمر کے پاس جاؤ اور ان دونوں کو اس بارے میں بتاؤ' تو ان دونوں نے کہا:

7139– إسناده صحيح على شرط الشيخين . بندار: هو محمد بن بشار، وعبد الوهاب: هو ابن عبد المجيد الثقفي، وعبيد الله بن عمر: هو العمري. وقد تقدم برقم. "6536"

جب نبی اکرم ﷺ نے وہ عمل کیا تھا ہمیں اسی وقت پتہ چل گیا تھا کہ ایسا ہی ہوگا۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَابِرٍ بِالْمَغْفِرَةِ

نبی اکرم ﷺ کا کئی مرتبہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ' نیز اس کے ہمراہ اس اونٹ کی قیمت کا تذکرہ' جو نبی اکرم ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے خریدا تھا

7140 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ فِي مَسِيرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عَلٰى نَاضِحٍ، اِنَّمَا هُوَ فِي اُخْرَيَاتِ النَّاسِ، فَضَرَبَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ كَانَ مَعَهُ، فَجَعَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَتَقَدَّمُ النَّاسَ يُسَارِعُنِي حَتّٰى اِنِّي لَاَكُفُّهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَبِيعُنِي بِكَذَا وَكَذَا؟ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَكَ، قَالَ: قُلْتُ هُوَ لَكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَتَبِيعُنِيهِ بِكَذَا وَكَذَا وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَكَ قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هُوَ لَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں ایک سفر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا میں ایسے اونٹ پر سوار تھا' جو لوگوں میں سب سے پیچھے چل رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے کسی چیز سے اسے مارا جو آپ کے پاس موجود تھی اس کے بعد وہ لوگوں سے آگے نکلنے لگا' یہاں تک کہ مجھے اسے روکنا پڑ رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم یہ (اونٹ) مجھے اتنی اتنی رقم کے عوض میں فروخت کر دو گے اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ یہ ویسے ہی آپ کا ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم اتنی اتنی رقم کے عوض میں اسے فروخت کر دو گے۔ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ یہ آپ کا ہوا۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَابِرٍ بِالْمَغْفِرَةِ مِرَارًا مَعَ ذِكْرِ وَصْفِ ثَمَنِ ذٰلِكَ الْبَعِيرِ الَّذِي بَاعَهُ جَابِرٌ مِّنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے لیے کئی مرتبہ دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ' اس کے ہمراہ اس اونٹ کی قیمت کا تذکرہ جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کو فروخت کیا تھا

7140– حديث صحيح. الحارث بن سريج: هو النقال، مختلف فيه، وقد تقدم الكلام عليه عند الحديث رقم "6740"، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير أبي نضرة وهو المنذر بن مالك بن قطعة - فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 3/373-374 من طريق محمد بن أبي عدي، ومسلم ص1089 "58" في الرضاع: باب استحباب نكاح البكر، والنسائي 7/299-300 في البيوع: باب البيع يكون فيه الشرط فيصح البيع والشرط، من طريق محمد بن عبد الأعلى، كلاهما عن معتمر بن سليمان، بهذا الإسناد . وقد ... برقم "4891" و "6517" و"6518"، وانظر الأحاديث الثلاثة الآتية.

7141 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْعَبْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ جَبَلَةَ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي نَضْرَةَ، يَعْنِي عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَقَالَ: نَاضِحَكَ تَبِيعُنِيهِ، اِذَا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِدِينَارٍ؟ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَكَ، قَالَ: قُلْتُ: هُوَ نَاضِحُكُمْ يَارَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: تَبِيعُنِيهِ اِذَا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِدِينَارَيْنِ، قَالَ: قُلْتُ: نَاضِحُكُمْ يَارَسُولَ اللّٰهِ فَمَازَالَ يَقُولُ حَتّٰى بَلَغَ عِشْرِينَ دِينَارًا كُلُّ ذٰلِكَ، يَقُولُ: وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَكَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ جِئْتُ بِهِ اَقُودُهُ، قُلْتُ: دُونَكُمْ نَاضِحَكُمْ يَارَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: يَا بِلَالُ اَعْطِهِ مِنَ الْغَنِيمَةِ عِشْرِينَ دِينَارًا، وَارْجِعْ بِنَاضِحِكَ اِلٰى اَهْلِكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم اپنا اونٹ ایک دینار کے عوض میں فروخت کردو گے جب ہم مدینہ آئیں گے تو میں (انشاء اللہ اس کی قیمت ادا کردوں گا) اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آپ کا ہی اونٹ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم مجھے یہ فروخت کرو گے (اس شرط پر) جب ہم مدینہ منورہ آئیں گے اللہ نے چاہا' تو میں تمہیں دو دینار (ادا کردوں گا) حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آپ کا اونٹ ہے' اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل یہ ارشاد فرماتے رہے' یہاں تک کہ آپ نے 20 دینار قیمت مقرر کردی ہر مرتبہ یہی فرماتے رہے اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے جب ہم مدینہ منورہ آئے اور میں اس اونٹ کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آپ کا اونٹ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال اسے مال غنیمت میں سے 20 دینار دے دو اور (مجھ سے فرمایا) تم اپنا اونٹ اپنے گھر واپس لے جاؤ۔

ذِكْرُ عَدَدِ اسْتِغْفَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَابِرٍ لَيْلَةَ الْبَعِيرِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اونٹ کے واقعے والی رات حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے مغفرت کرنے کی تعداد کا تذکرہ

7141– حديث صحيح. خلف بن عبد العزيز بن عثمان: أورده ابن أبي حاتم 3/371 ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلاً. وعبد الملك بن أبي نضرة: ذكره المُؤلف في "الثقات"، وقال: ربما أخطأ، وقال الدارقطني: لا بأس به، وقال الحاكم في "المستدرك": من أعز البصريين، وكلاهما قد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح. وعلقه البخاري باثر الحديث "2718" في الشروط: باب إذا اشترط البائع ظهر الدابة إلى مكان مسمى جاز، عن أبي نضرة، عن جابر، ووصله مسلم ص 1223 "112" في المساقاة: باب بيع البعير واستثناء ركوبه، من طريق عبد الواحد بن زياد، وابن ماجة "2205" في التجارات: باب السوم، من طريق يزيد بن هارون، كلاهما عن الجريري، عن أبي نضرة، به. وانظر الحديث السابق.

7142 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اسْتَغْفَرَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْبَعِيرِ خَمْسًا وَعِشْرِينَ مَرَّةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اونٹ کے واقعے والی رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے 25 مرتبہ میرے لیے دعائے مغفرت کی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ الْبَعِيرَ عَلٰى جَابِرٍ هِبَةً لَهُ بَعْدَ اَنْ اَوْفَاهُ ثَمَنَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو اونٹ کی پوری قیمت ادا کرنے کے بعد وہ اونٹ ہبہ کے طور پر انہیں واپس کر دیا تھا

7143 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَاَبْطَاَ عَلَيَّ جَمَلِي، فَاَعْيَا عَلَيَّ، فَاَتٰى عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا جَابِرُ، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مَا شَاْنُكَ؟ قُلْتُ: اَبْطَاَ بِي جَمَلِي وَاَعْيَا، فَتَخَلَّفْتُ، فَنَزَلْتُ فَحَجَنَهُ بِمِحْجَنِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ارْكَبْ، فَرَكِبْتُهُ، فَلَقَدْ رَاَيْتُنِي اَكُفُّهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تَزَوَّجْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: بِكْرًا اَوْ ثَيِّبًا؟ قَالَ: قُلْتُ: ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ قُلْتُ: اِنَّ لِي اَخَوَاتٍ اَحْبَبْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ مَنْ تَجْمَعُهُنَّ وَتَمْشُطُهُنَّ وَتَقُومُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: اَمَا اِنَّكَ قَادِمٌ، فَاِذَا قَدِمْتَ فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ، ثُمَّ قَالَ: اَتَبِيعُ جَمَلَكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَاشْتَرَاهُ مِنِّي

7142– حديث صحيح إبراهيم بن محمد الصفار: لم أقف له على ترجمة، وهو متابع، ومن فوقه رجاله ثقات على شرط مسلم. وأخرجه الترمذي "3852" في المناقب: باب في مناقب جابر بن عبد الله، والنسائي في "فضائل الصحابة" "144"، والحاكم 3/565 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد، إلا أن لفظ الحاكم: "ليلة العقبة" بدل: "ليلة البعير"، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب، وصححه الحاكم. وأخرج القصة دون ذكر الاستغفار خمسا وعشرين: الحميدي "1285" والنسائي 7/299 في البيوع: باب البيع يكون فيه الشرط فيصح البيع والشرط، من طريق سفيان، ومسلم ص 1223 "113" في المساقاة: باب بيع البعير واستثناء ركوبه، من طريق أيوب، كلاهما عن أبي الزبير، عن جابر، وانظر الحديثين السابقين.

7143– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "2079" في البيوع: باب شراء الدواب والحمير، من طريق محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم ص 1089 "57" في الرضاع: باب استحباب نكاح البكر، من طريق أبي موسى محمدبن المثنى، عن عبد الوهاب، به. وأخرجه أحمد376-3/375 من طريق محمد نب إسحاق، عن وهب بن كيسان، به. وانظر "2706" و"4891" و"6517" و"6518" و"7138" و"7140" و"7141" و."7142"

بِاُوقِيَّةٍ، ثُمَّ قَدِمَ الْمَسْجِدَ، فَوَجَدْتُهُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: الْآنَ قَدِمْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَدَعْ جَمَلَكَ، وَادْخُلِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، فَدَخَلْتُ، فَصَلَّيْتُ، فَأَمَرَ بِلَالًا أَنْ يَزِنَ لِي أُوقِيَّةً فَوَزَنَ لِي، قَالَ: فَأَرْجَحَ فِي الْمِيزَانِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ حَتَّى إِذَا وَلَّيْتُ، قَالَ: ادْعُ لِي جَابِرًا، قُلْتُ: الْآنَ يَرُدُّ عَلَيَّ الْجَمَلَ، وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْهُ، قَالَ: خُذْ جَمَلَكَ وَلَكَ ثَمَنُهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں شریک ہوا میرا اونٹ آہستہ چل رہا تھا اور وہ تھک چکا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ نے فرمایا: اے جابر۔ میں نے عرض کی: جی! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا معاملہ ہے۔ میں نے عرض کی: میرا اونٹ آہستہ چل رہا ہے اور یہ تھک چکا ہے' اس لیے میں پیچھے چل رہا ہوں پھر میں اونٹ سے نیچے اتر گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چھڑی کے ذریعے اسے مارا آپ نے فرمایا: اب تم سوار ہو جاؤ۔ میں سوار ہوا' تو میں نے دیکھا میں اس اونٹ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آگے نکلنے سے روک رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے شادی کر لی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: کنواری کے ساتھ یا ثیبہ کے ساتھ۔ میں نے عرض کی: ثیبہ کے ساتھ۔ آپ نے فرمایا: کنواری کے ساتھ کیوں نہیں کی تم اس کے ساتھ خوش فعلیاں کرتے وہ تمہارے ساتھ خوش فعلیاں کرتی۔ میں نے عرض کی: میری کچھ بہنیں ہیں اس لیے میں نے یہ چاہا کہ میں کسی ایسی خاتون کے ساتھ شادی کروں' جو ان کا خیال رکھے ان کی کنگھی کرے اور ان کی دیکھ بھال کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (اپنے گھر) واپس جانے لگے ہو' اگر تم جاؤ' تو سمجھداری کا مظاہرہ کرنا پھر آپ نے دریافت کیا: کیا تم اپنا اونٹ فروخت کرو گے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھ سے خرید لیا پھر آپ مسجد تشریف لائے میں نے آپ کو مسجد کے دروازے پر پایا' آپ نے دریافت کیا: تم اب آئے ہو۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا اونٹ چھوڑ دو اور تم مسجد میں جاؤ اور دو رکعت ادا کرو۔ میں مسجد کے اندر آیا میں نے نماز ادا کی پھر آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا کہ وہ ایک اوقیہ وزن کر کے مجھے دیدے انہوں نے مجھے وزن کر کے دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ترازو میں پلڑے کو بھاری رکھنا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں وہاں سے روانہ ہوا میں وہاں سے مڑ گیا' تو آپ نے فرمایا: جابر کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔ میں نے سوچا اب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اونٹ بھی واپس کر دیں گے اور میرے نزدیک یہ بات انتہائی ناپسندیدہ تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنا اونٹ حاصل کر لو اور اس کی قیمت بھی تمہاری ہوئی۔

ذِكْرُ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7144 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ:

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ

الْقُرْآنَ ، فَقَالَ اُبَيٌّ: آللّٰهُ سَمَّانِيْ لَكَ؟ قَالَ: اللّٰهُ سَمَّاكَ لِي ، قَالَ: فَجَعَلَ اُبَيٌّ يَبْكِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ میں تمہارے سامنے قرآن کی تلاوت کروں۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کے سامنے میرا نام لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے تمہارا نام لیا ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ رونے لگے۔

ذِكْرُ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7145 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): قَالَتِ: اسْتَاْذَنَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هِجَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ بِنَسَبِي؟ قَالَ حَسَّانُ: لَاَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِيْنِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی وہ مشرکین کی ہجو بیان کریں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' تو میرے نسب کا کیا بنے گا۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں آپ کو ان میں سے یوں نکال لوں گا' جس طرح گوندھے ہوئے آٹے سے بال نکالا جاتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ مَعَ

7144– إسناده صحيح على شرط الشيخين. همام: هو ابن يحيى بن دينار العَوْذي. وأخرجه مسلم "799" "245" في صلاة المسافرين: باب استحباب قراء ة القرآن على أهل الفضل والحذاق فيه، وص 1915 "121" في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي بن كعب، وأبو يعلى "2843"، وأبو نعيم في "الحلية" 1/251 من طريق هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن طهمان في "مشيخته" "59"، وأحمد 3/185 و284، وابن سعد 2/340-341، و3/499-500، والبخاري "4960" في التفسير: سورة (لَمْ يَكُنِ) ، من طريق عن همام، به. وأخرجه أحمد 3/130 و 273، والبخاري "3809" في مناقب الأنصار: باب مناقب أبي بن كعب، و "4959"، ومسلم "799" "246" وص1915 "122"، والترمذي "3792" في المناقب: باب مناقب معاذ وزيد وأبي وأبي عبيدة، وأبو يعلى "2995" و "3246"، والنسائي في "فضائل الصحابة" "134" من طرق عن.... شعبة، عن قتادة، به. ولفظهم غير النسائي: "إن الله أمرني أن أقرأ عليك: (لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ) ... وأخرجه أحمد 3/218 و 233، والبخاري "4961" من طريقين عن سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، به . وأخرجه عبد الرزاق "20411"، ومن طريقه أبو يعلى "3033" عن معمر، عن قتادة وأبان، عن أنس. وأخرجه أحمد 3/137 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، ن الزهري، عن قتادة به.

7145– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم برقم. "5787"

حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مَا دَامَ يُهَاجِي الْمُشْرِكِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوتے تھے جب تک وہ مشرکین کی ہجو کرتے رہتے تھے

7146 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَسَّانَ: اِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ مَعَكَ مَا هَاجَيْتَهُمْ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بے شک روح القدس تمہارے ساتھ ہے' جب تک تم ان کی ہجو بیان کرتے ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ مَعَكَ اَرَادَ بِهٖ يُؤَيِّدُكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''بے شک روح القدس تمہارے ساتھ ہوتا ہے'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے کہ وہ تمہاری تائید کرتا ہے

7147 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ: اِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ لَا يَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰهِ، وَعَنْ رَسُوْلِهٖ

7146– إسناده صحيح. عيسى بن عبد الرحمن: ثقة روى له البخاري في "الأدب المفرد"، وأبو داود في "القدر" والنسائي في "مسند علي"، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي يحيى بن محمد بن عبد الرحيم، فروى له البخاري. أبو نعيم: هو الفضل بن دكين الملائي. وأخرجه الطبراني "3590"، والحاكم 3/487 من طريقين عن أبي نعيم، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "3590"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/298 من طريقين عن عيسى بن عبد الرحمن، به. وأخرجه الطيالسي "730"، وأحمد 4/299 و 302، والبخاري "3213" في بدء الخلق: باب ذكر الملائكة، و "4123" في المغازي: باب مرجع النبي صلى الله عليه وسلم من الأحزاب، و "6153" في الأدب: باب هجاء المشركين، ومسلم "2486" في فضائل الصحابة: باب فضائل حسان بن ثابت رضي الله عنه، والطبراني "3588" و "3589"، والطحاوي 4/298، والبيهقي 10/237، والبغوي "3407" وفي "تفسيره" 3/404 من طرق عن شعبة، عن عدي، به. وأخرجه أحمد 4/276، 203، والبخاري "4124"، والنسائي في "فضائل الصحابة" "189"، والطحاوي 4/298 من طريق أبي إسحاق سليمان الشيباني عن عدي بن ثابت، به. وأخرجه أحمد 4/298 و 301، والنسائي "190" من طريقين عن إسرائيل، عن أبي إسحاق السبيعي، عن البراء.

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے یہ کہتے ہوئے سنا روح القدس مسلسل تمہاری تائید کرتا رہے گا' جب تک تم اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے جواب دیتے رہو گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كَوْنَ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَ حَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ مَا دَامَ يُهَاجِي الْمُشْرِكِيْنَ، اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ بِدُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت جبرائیل علیہ السلام کا حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے ساتھ اس وقت تک رہنا' جب تک وہ مشرکین کی ہجو کرتے رہے تھے' ایسا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی وجہ سے ہوا تھا

7148 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ مَرَّ بِحَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ وَّهُوَ يُنْشِدُ فِي الْمَسْجِدِ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ فَالْتَفَتَ حَسَّانُ اِلٰى اَبِيْ هُرَيْرَةَ، فَقَالَ لَهُ: اُنْشِدُكَ اللّٰهَ هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَجِبْ عَنِّي اللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ، قَالَ: نَعَمْ.

سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے جو مسجد میں شعر سنا رہے تھے انہوں نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا' تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور ان سے کہا: میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے تم میری طرف سے جواب دو: اے اللہ! روح القدس کے ذریعے اس کی تائید کر دے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔

7147- حديث صحيح. مروان بن عثمان: هو ابن أبي سعيد بن المعلى الأنصاري الزرقي، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" 7/482، وقال ابن أبي حاتم 8/272: سئل أبي عنه، فقال: ضعيف، قلت: قد توبع. وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير يعلى بن شداد، فروى له أبو داود، وابن ماجة، وهو ثقة. أحمد بن عيسى: هو ابن حسان المصري العسكري. وأخرجه في حديث مطول: مسلم "2490" في فضائل الصحابة: باب فضائل حسان بن ثابت، والطبراني "3582"، والبيهقي 10/238، والبغوي في "تفسيره" 3/404 من طريق الليث، عن خالد بن يزيد، عن سعيد بن أبي هلال، عن عمارة بن غزية، عن محمد بن إبراهيم، عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن عائشة ..... وأخرجه أحمد 6/72، وأبو داود "5015" في الأدب: باب ماجاء في الشعر، والترمذي "2746" في الأدب: باب ماجاء في إنشاد الشعر، وفي "الشمائل" "249"، والطبراني "3580"، والحاكم 3/487 من طريق عبد الرحمن بن أبي الزناد، عن أبيه، وأبو داود، والترمذي، والحاكم، والبغوي في "شرح السنة" "3408"، وفي "تفسيره" 3/404 من طريق عبد الرحمن بن أبي الزناد، عن هشام، كلاهما عن عروة، عن عائشة: بلفظ: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع لحسان منبراً في المسجد، فيقوم عليه يهجو من قال في رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إن روح القدس مع حسان ما نافح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم." وهذا سند حسن.

7148- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم برقم. "1651"

ذِكْرُ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7149 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ،

(متن حدیث): اَخْبَرَنِیْ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الَّذِیْ جَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهُ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ، اَنَّ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ اُرِیَ فِی النَّوْمِ اَنَّهُ سَجَدَ عَلٰى جَبْهَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتٰى خُزَيْمَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثَهُ، قَالَ: فَاضْطَجَعَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: صَدِّقْ رُؤْيَاكَ ، فَسَجَدَ عَلٰى جَبْهَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ جن کی گواہی کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آدمیوں کی گواہی کے برابر قرار دیا تھا وہ بیان کرتے ہیں: انہیں خواب میں یہ بات دکھائی گئی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی مبارک پر سجدہ کیا ہے۔ حضرت خذیمہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو یہ بات بیان کی۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لیے

7149- إسناده ضعيف. خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ: لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف 4/215، ولم يَرْوِ عنه غير الزهري، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه أحمد 5/215، وابن سعد في "الطبقات" 4/380، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/128، والبغوي "3285" من طريق عثمان بن عمر، عن يونس، عن الزهري، عن ابن خزيمة بن ثابت، عن عمه أن خزيمة بن ثابت رأى .. فذكره. وأخرجه أحمد 5/216 عن عامر بن صالح الزبيري، عن يونس، عن ابن شهاب، عن عمارة بن خزيمة بن ثابت، عن عمه أن خزيمة بن ثابت رأى في النوم أنه يسجد على جبهة رسول الله صلى الله عليه وسلم، فجاء رسول الله صلى الله عليه وسلم، فذكر ذلك، فاضطجع له رسول الله صلى الله عليه وسلم، فسجد على جبهته، وعامر بن صالح الزبيري: متروك الحديث كما في "التقريب." وأخرجه ابن أبي شيبة 11/78، وابن سعد 381-4/380، وأحمد 5/214 و 215، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/128 من طريق حماد بن سلمة، عن أبي جعفر الخطمي، عن عمارة بن خزيمة بن ثابت أن أباه قال: رأيت في المنام كأني أسجد على جبهة النبي صلى الله عليه وسلم، فأخبرته بذلك، فقال: إن الروح لتلقى الروح، فأقنع رسول الله صلى الله عليه وسلم رأسه هكذا، فوضع جبهته على جبهة النبي صلى الله عليه وسلم، وهذا سند صحيح رجاله ثقات. وأخرجه الطبراني "3717" من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا .... الإسناد. وفيه أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ له: "اجلس واسجد واصنع كما رأيت " قال الهيثمي 7/182: ورجاله ثقات . وأخرجه أحمد 5/214، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/128 من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، عن أبي جعفر الخطمي. قال: سمعت عمارة بن عثمان بن سهل بن حنيف يحدث عن خزيمة بن ثابت أنه رأى في منامه أنه يقبل النبي صلى الله عليه وسلم، فأتى النبي صلى الله عليه وسلم، فأخبره بذلك، فناوله النبي صلى الله عليه وسلم، فقبل جبهته. وعمارة بن عثمان بن سهل بن حنيف: قال الحافظ في "التهذيب": هو معروف النسب، لكن لم أر فيه توثيقاً، وقرأت بخط الذهبي في "الميزان": إنه لا يعرف. وأخرجه أحمد 5/216 عن سكن بن نافع أبي الحسن الباهلي، حدثنا صالح بن أبي الأخضر، عن الزهري، أخبرني عمارة بن خزيمة أن خزيمة رأى.. وصالح بن أبي الأخضر: ضعيف. قلت: وخزيمة بن ثابت هذا من بني خطمة من الأوس يعرف بذي الشهادتين يكنى أبا عبادة، شهد بدراً وما بعدها من المشاهد، وكانت راية خطمة بيده يوم الفتح، وكان مع علي رضي الله عنه يوم صفين، واستشهد بها.

لیٹ گئے پھر آپ نے فرمایا: تم اپنے خواب کو سچا کر دو تو حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی پر سجدہ کیا۔

ذِكْرُ اَبِىْ هُرَيْرَةَ الدَّوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابو ہریرہ دوسی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7150 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، يَعْنِىْ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ مُضَارِبِ بْنِ حَزْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ مِنَ اللَّيْلِ اِذَا رَجُلٌ يُكَبِّرُ، فَاَلْحَقْتُهُ بَعِيْرِى، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا الْمُكَبِّرُ؟ قَالَ: اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قُلْتُ: مَا هٰذَا التَّكْبِيْرُ؟ قَالَ: شُكْرًا، قُلْتُ: عَلٰى مَهْ؟ قَالَ: عَلٰى اَنِّىْ كُنْتُ اَجِيْرًا لِبُسْرَةَ بِنْتِ غَزْوَانَ بِعُقْبَةِ رِجْلِى، وَطَعَامِ بَطْنِىْ، فَكَانَ الْقَوْمُ اِذَا رَكِبُوْا، سُقْتُ لَهُمْ، وَاِذَا نَزَلُوْا خَدَمْتُهُمْ، فَزَوَّجَنِيْهَا اللّٰهُ فَهِىَ امْرَاَتِى الْيَوْمَ، فَاَنَا اِذَا رَكِبَ الْقَوْمُ رَكِبْتُ، وَاِذَا نَزَلُوْا خُدِمْتُ *

مضارب بن حزن بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں رات کے وقت سفر کر رہا تھا اسی دوران کسی شخص نے تکبیر کہنا شروع کی میں اپنے اونٹ پر اس تک پہنچا میں نے کہا: یہ تکبیر کہنے والا شخص کون ہے۔ اس نے جواب دیا: ابو ہریرہ۔ میں نے کہا: یہ تکبیر کیوں کہہ رہے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: شکر کے طور پر۔ میں نے کہا: کس بات کا؟ انہوں نے کہا: اس بات پر کہ میں بسرہ بنت غزوان نامی خاتون کا ملازم تھا اس شرط پر کہ وہ میرے پہننے اوڑھنے کا سامان فراہم کرے گی اور مجھے کھانا دے دیا کرے گی جب لوگ سوار ہو کر سفر کرتے تھے تو میں ان کے جانور لے کر پیدل چلتا تھا اور جب وہ پڑاؤ کیا کرتے تھے تو میں ان کی خدمت کیا کرتا تھا پھر اللہ تعالیٰ نے اس عورت کے ساتھ میری شادی کر دی آج وہ میری بیوی ہے آج جب لوگ سوار ہوتے ہیں تو میں بھی اس وقت سوار ہوتا ہوں اور جب لوگ پڑاؤ کرتے ہیں تو میری خدمت کی جاتی ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ جَهْدِ اَبِىْ هُرَيْرَةَ فِىْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی بھوک کی صفت کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہتے ہوئے ابتدائے اسلام میں (انہیں لاحق ہوتی تھی)

7150- إسناده صحيح. مضارب بن حزن: روى له ابن ماجة، وهو ثقة، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 1/380 من طريق يعقوب الدورقي، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجة "2445" في الرهون: باب إجارة الأجير على طعام بطنه، وابن سعد 4/326، وأبو نعيم في "الحلية" 1/379، والبيهقي 6/120 من طرق عن سليم بن حيان، عن أبيه، عن أبي هريرة يقول: نشأت يتيماً وهاجرت مسكيناً، وكنت أجيراً لابنة غزوان بطعام بطني وعقبة رجلي، أحطب لهم إذا نزلوا، وأحدو لهم إذا ركبوا، فالحمد لله الذي جعل الدين قواماً، وجعل أبا هريرة إماماً. قال البوصيري في "مصباح الزجاجة" 2/261: هذا إسناد صحيح موقوفاً، وحيان: هو ابن بسطام بن مسلم بن نمير، ذكره ابن حبان في "الثقات"، وباقي رجاله ثقات. قلت: وحيان هذا: لم يرو عنه غير ابنه سليم. وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 4/326 و327-326 من طريقين عن محمد هو ابن سيرين- عن أبي هريرة.

7151 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَصَابَنِيْ جَهْدٌ شَدِيْدٌ، فَلَقِيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاسْتَقْرَاْتُهُ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَدَخَلَ دَارَهُ وَفَتَحَهَا عَلَيَّ، قَالَ: فَمَشَيْتُ غَيْرَ بَعِيْدٍ، فَخَرَرْتُ لِوَجْهِيْ مِنَ الْجَهْدِ، فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِيْ، فَقَالَ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: فَاَخَذَ بِيَدِيْ فَاَقَامَنِيْ وَعَرَفَ الَّذِيْ بِيْ، فَانْطَلَقَ اِلٰى رَحْلِهِ، فَاَمَرَ لِيْ بِعُسٍّ مِنْ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ، ثُمَّ قَالَ: عُدْ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، فَعُدْتُ، فَشَرِبْتُ حَتّٰى اسْتَوٰى بَطْنِيْ وَصَارَ كَالْقِدْحِ، قَالَ: وَرَاَيْتُ عُمَرَ فَذَكَرْتُ الَّذِيْ كَانَ مِنْ اَمْرِيْ، وَقُلْتُ لَهُ: مَنْ كَانَ اَحَقَّ بِهِ مِنْكَ يَا عُمَرُ؟ وَاللّٰهِ لَقَدِ اسْتَقْرَاْتُكَ الْاٰيَةَ وَلَاَنَا اَقْرَاُ لَهَا مِنْكَ، قَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ لَاَنْ اَكُوْنَ اَدْخَلْتُكَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لِيْ حُمُرُ النَّعَمِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ مجھے شدید بھوک لگ گئی میری ملاقات حضرت عمر بن خطاب سے ہوئی میں نے ان سے اللہ تعالیٰ کی کتاب کی ایک آیت کے بارے میں دریافت کیا: وہ اپنے گھر کے اندر تشریف لے گئے انہوں نے میرے لیے دروازہ کھولا میں ابھی تھوڑا ہی چلا تھا کہ میں بھوک کی شدت کی وجہ سے منہ کے بل گر پڑا (میں نے سر اٹھا کر دیکھا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے سر کے پاس کھڑے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا: اے ابوہریرہ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے کھڑا کیا آپ کو میری صورت حال کا اندازہ ہو گیا آپ اپنی رہائش گاہ کی طرف تشریف لے گئے آپ نے میرے لیے دودھ کا پیالہ لانے کا حکم دیا میں نے اسے پی لیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ اور پیو۔ میں نے اور پیا پھر میں نے پیا' یہاں تک کہ میرا پیٹ بھر گیا اور وہ ہنڈیا کی مانند ہو گیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بعد میں میری ملاقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے اپنی اس صورت حال کے بارے میں ان کے سامنے ذکر کیا میں نے ان سے کہا: اے حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس بارے میں آپ سے زیادہ حق دار اور کون تھا اللہ کی قسم میں نے آپ سے آیت کا مفہوم دریافت کیا تھا: حالانکہ میں اس آیت کا مفہوم آپ سے زیادہ بہتر طور پر جانتا تھا'' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم اس وقت اگر میں تمہیں اپنے گھر لے جاتا' تو یہ بات میرے لیے اس سے زیادہ محبوب تھی کہ مجھے سرخ اونٹ ملتے۔

7151– إسناده صحيح . عبد الله بن عمر - وهو ابن محمد بن أبان الملقب بمشكدانة - ثقة روى له مسلم . وباقي رجاله ثقات رجال الشخين. ...... ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان . وأخرجه البخاري "5375" في الأطعمة: باب قول الله تعالى: (كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ) ، عن يوسف بن عيسى، عن محمد بن فضيل، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه مطولاً: هناد بن السرى في "الزهد" "764"، وأحمد 2/515، والبخاري "6452" في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي صلى الله عليه وسلم، والترمذي "2477" في صفة القيامة: باب "36"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة"10/315، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي" ص78-77، وأبو نعيم في "الحلية"1/377 من طريق عمر بن ذر، عن مجاهد، عن أبي هريرة.

ذِكْرُ كَثْرَةِ رِوَايَةِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بکثرت روایات نقل کرنے کا تذکرہ

7152 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَخِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ حَدِيْثًا مِنِّيْ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، فَاِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ، وَكُنْتُ لَا اَكْتُبُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کوئی شخص مجھ سے زیادہ حدیثیں نہیں جانتا صرف حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا معاملہ مختلف ہے کیونکہ وہ (احادیث کو) نوٹ کیا کرتے تھے اور میں نوٹ نہیں کرتا تھا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا كَثُرَتْ رِوَايَةُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کردہ روایات کی تعداد زیادہ ہے

7153 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَلَا يُعْجِبُكَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ؟ جَاءَ فَجَلَسَ اِلٰى بَابِ حُجْرَتِيْ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْمِعُنِيْ ذٰلِكَ وَكُنْتُ اُسَبِّحُ، فَقَامَ قَبْلَ اَنْ اَقْضِيَ سُبْحَتِيْ، وَلَوْ اَدْرَكْتُهُ لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيْثَ كَسَرْدِكُمْ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ، اِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: اِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ، اَوْ قَالَ: اَكْثَرَ وَاللّٰهُ الْمَوْعِدُ، وَيَقُوْلُوْنَ: مَا بَالُ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ لَا يَتَحَدَّثُوْنَ بِمِثْلِ اَحَادِيْثِهِ، وَسَاُخْبِرُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ اِنَّ اِخْوَانِيْ مِنَ الْاَنْصَارِ كَانَ يَشْغَلُهُمْ

7152– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أخو وهب: هو همام بن منبه، وسفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 10/412 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 249-2/248، والبخاري "113" في العلم: باب . . . . كتابة العلم، والترمذي "2668" في العلم: باب ماجاء في الرخصة، و "3841" في المناقب: باب مناقب لأبي هريرة، من طريق سفيان، به . وأخرجه أحمد 2/403 من طريق محمد نن إسحاق، عن عمرو بن شعيب، عن مجاهد والمغيرة بن حكيم عن أبي هريرة . ولفظه: "فإنه كان يكتب بيده ويعيه بقلبه، وكنت أعيه بقلبي ولا أكتب بيدي" وحسنه الحافظ في "الفتح".1/207 وأخرجه العقيلي في "الضعفاء "2/334 من طريق عبد الرحمن بن سليمان، عن عقيل، عن المغيرة بن حكيم، عن أبي هريرة.

عَمَلُ اَرَضِيهِمْ، وَاَمَّا اِخْوَانِي مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، فَكَانَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْاَسْوَاقِ، وَكُنْتُ اَخْدِمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مِلْءِ بَطْنِي، فَاَشْهَدُ مَا غَابُوا، وَاَحْفَظُ اِذَا نَسُوا، وَلَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا: اَيُّكُمْ يَبْسُطُ ثَوْبَهُ، فَيَاْخُذُ حَدِيثِي هٰذَا ثُمَّ يَجْمَعُهُ اِلٰى صَدْرِهِ، فَاِنَّهُ لَنْ يَنْسٰى شَيْئًا يَسْمَعُهُ، فَبَسَطْتُ بُرْدَةً عَلَيَّ حَتّٰى جَمَعْتُهَا اِلٰى صَدْرِي، فَمَا نَسِيتُ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ شَيْئًا حَدَّثَنِي بِهِ، وَلَوْلَا اٰيَتَانِ فِي كِتَابِ اللّٰهِ مَا حُدِّثْتُ شَيْئًا اَبَدًا: (اِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدٰى) (البقرة: 159) اِلٰى آخِرِ الْاٰيَةِ

(توضیح مصنف) قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: : قَوْلُ عَائِشَةَ وَلَوْ اَدْرَكْتُهُ لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ اَرَادَتْ بِهِ سَرْدَ الْحَدِيثِ لَا الْحَدِيثَ نَفْسَهُ، وَالدَّلِيلُ عَلٰى هٰذَا تَعْقِيبُهَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيثَ كَسَرْدِكُمْ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کیا تم لوگوں کو ابو ہریرہ پر حیرت نہیں ہوتی وہ آتے ہیں میرے حجرے کے دروازے کے پاس آکر بیٹھ جاتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے احادیث بیان کرنا شروع کرتے ہیں ان کی آواز مجھ تک آرہی ہوتی ہے میں اس وقت تسبیح پڑھ رہی ہوتی ہوں اور میں نے بھی اپنی تسبیح مکمل نہیں کی ہوتی کہ اس سے پہلے ہی وہ اٹھ جاتے ہیں اگر میرا ان سے سامنا ہوتا' تو میں انہیں اس بات پر ٹوکتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تم لوگوں کی طرح اتنی تیزی سے بات چیت نہیں کرتے تھے۔

7153- إسناده صحيح على شرط مسلم. حرملة بن يحيى: ثقة من رجال مسلم، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "2493" و "2492" "160" عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وفيه "إلى آخر الآيتين." وأخرج الطرف الأول منه أبو داود "3655" في العلم: باب من سرد الحديث من طريق سليمان بن داود المهري، عن ابن وهب، به. وأخرجه أيضاً البخاري "3568" تعليقاً في المناقب: باب صفة النبي صلى الله عليه وسلم، وأحمد 6/118 و257 من طرق عن يونس، به. وأخرجه أحمد 6/138 و 257، وأبو داود "4839" في الأدب: باب الهدى في الكلام، والترمذي "3639" في المناقب: باب في كلام النبي صلى الله عليه وسلم، من طريق أسامة بن زيد، عن الزهري، به. بلفظ: "ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسرد الحديث سردكم هذا، ولكنه كان يتكلم بكلام يبينه فصل، يحفظه من جلس إليه." وأخرجه أبو داود "3654" في العلم، من طريق ابن عيينة، عن الزهري، عن عروة قال: جلس أبو هريرة إلى جنب حجرة عائشة رضي الله.................... عنها وهي تصلي، فجعل يقول: اسمعي يا ربة الحجرة مرتين، فلما قضت صلاتها، قالت: ألا تعجب إلى هذا وحديثه، إن كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليحدث الحديث لو شاء العاد أن يحصيه أحصاه. وأخرج الطرف الثاني منه أحمد 2/240، والبخاري "2047" في البيوع: باب ماجاء في قول الله عز وجل: (فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ)، ومسلم "2492" "160"، وأبو نعيم في "الحلية" 1/378-379 من طريق شعيب، عن الزهري، عن ابن المسيب وأبي سلمة بن عبد الرحمن، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/240 و 274، وأبو خيثمة في "العلم" "96"، والبخاري "118" في العلم: باب حفظ العلم، و "2350" في الحرث والمزارعة: باب ماجاء في الغرس، و "7354" في الإعتصام: باب الحجة على من قال: إن أحكام النبي صلى الله عليه وسلم كانت ظاهرة، ومسلم "2492" "159" من طريق الزهري، عن الأعرج، عن أبي هريرة. وأخرجه ابن سعد 4/329، والبخاري "119"، والترمذي "3835" في المناقب: باب مناقب لأبي هريرة رضي الله عنه، من طريق ابن أبي ذئب، عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/334 و 427 من طريقين عن الحسن، عن أبي هريرة نحوه. وأخرجه أبو خيثمة في "العلم" "107" عن حجاج بن محمد، عن ابن جريج، عن عطاء عن أبي هريرة. وأخرجه بنحوه أبو نعيم في "الحلية" 1/381 من طريق سعد بن أبي هند، عن أبي هريرة.

ابن شہاب کہتے ہیں: ابن مسیب نے یہ بات بیان کی ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگ یہ کہتے ہیں: ابوہریرہ بکثرت احادیث نقل کرتا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) انہوں نے یہ کہا: زیادہ روایات نقل کرتا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ (کی بارگاہ میں حاضر ہونے) کا وعدہ ہے۔ لوگ یہ کہتے ہیں' کہ کیا وجہ ہے مہاجرین اور انصار ابوہریرہ کی طرح اتنی زیادہ حدیثیں نقل نہیں کرتے ہیں' میں تم لوگوں کو اس بارے میں بتاتا ہوں میرے انصاری بھائی اپنی زمینوں کے کام کاج میں مصروف رہتے تھے اور مہاجر بھائی بازار میں لین دین میں مصروف رہتے تھے اور میں پیٹ میں روٹی ڈال کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا اس لیے میں اس وقت موجود رہا جب وہ موجود نہیں ہوتے تھے اور میں نے اس چیز کو یاد رکھا جس چیز کو وہ بھول گئے تھے۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کون شخص اپنے کپڑے کو پھیلائے گا' اور پھر مجھ سے وہ حدیث حاصل کرے گا' اور پھر وہ اس کپڑے کو اپنے سینے کے ساتھ لگا لے گا' تو وہ کوئی بھی سنی ہوئی بات کبھی نہیں بھولے گا' تو میں نے اپنے جسم پر موجود چادر کو بچھایا پھر میں نے اسے سینے کے ساتھ لگایا اس کے بعد آج کے دن تک میں ایسی کوئی بات نہیں بھولا جو مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کی تھی اللہ کی قسم اگر اللہ کی کتاب میں موجود دو آیات نہ ہوتیں' تو میں کبھی کوئی حدیث بیان نہ کرتا (وہ آیت یہ ہے)

''بے شک وہ لوگ جو ہماری نازل کردہ واضح دلیلوں اور ہدایت میں سے (احکام کو) چھپاتے ہیں'' یہ آیت کے آخر تک ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا: اگر میرا ان سے سامنا ہوتا' تو میں انہیں ٹوک دیتی اس کے ذریعے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ تھی کہ وہ جو تیزی سے گفتگو کرتے ہیں اس بات پر ٹوک دیتی' محض حدیث بیان کرنے پر ٹوکنا مراد نہیں ہے اور اس بات کی دلیل یہ ہے کہ اس کے بعد انہوں نے یہ کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتنی تیزی سے نہیں بولتے تھے جتنا تیز' تیز تم لوگ بولتے ہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَحَبَّةَ اَبِیْ هُرَیْرَةَ مِنَ الْاِیمَانِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے محبت رکھنا ایمان کا حصہ ہے

7154 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِیُّ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كَثِیْرٍ السُّحَیْمِیُّ،

(متن حدیث): حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ مَا خَلَقَ اللّٰهُ مُؤْمِنًا یَسْمَعُ بِیْ، وَیَرَانِیْ اِلَّا اَحَبَّنِیْ، قُلْتُ:

7154– إسناده حسن على شرط مسلم . عكرمة بن عمار ينزل حديثه عن رتبة الصحيح . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك . وأخرجه البغوي "3726" من طريق علي بن الحسن الدار بجردي، عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد2/319-320، وابن سعد4/328، ومسلم "2491" في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي هريرة، من طرق عن عكرمة بن عمار، به. وحسن إسناده الإمام الذهبي في "السير".2/593

وَمَا عِلْمُكَ بِذٰلِكَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: اِنَّ اُمِّي كَانَتِ امْرَاَةً مُشْرِكَةً وَكُنْتُ اَدْعُوْهَا اِلَى الْاِسْلَامِ، فَتَاْبٰى عَلَيَّ، فَدَعَوْتُهَا يَوْمًا، فَاَسْمَعَتْنِي فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَكْرَهُ، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبْكِي، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي كُنْتُ اَدْعُو اُمِّي اِلَى الْاِسْلَامِ، فَتَاْبٰى عَلَيَّ وَاَدْعُوْهَا، فَاَسْمَعَتْنِي فِيكَ مَا اَكْرَهُ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّهْدِيَ اُمَّ اَبِي هُرَيْرَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اهْدِهَا، فَلَمَّا اَتَيْتُ الْبَابَ اِذَا هُوَ مُجَافٌ، فَسَمِعْتُ خَضْخَضَةَ الْمَاءِ، وَسَمِعْتُ خَشْفَ رَجُلٍ اَوْ رِجْلٍ، فَقَالَتْ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، كَمَا اَنْتَ وَفَتَحَتِ الْبَابَ وَلَبِسَتْ دِرْعَهَا وَعَجِلَتْ عَلٰى خِمَارِهَا، فَقَالَتْ: اِنِّي اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَرَجَعْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْكِي مِنَ الْفَرَحِ كَمَا بَكَيْتُ مِنَ الْحُزْنِ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَبْشِرْ، فَقَدِ اسْتَجَابَ اللّٰهُ دَعْوَتَكَ، قَدْ هَدَى اللّٰهُ اُمَّ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَقَالَ: قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّحَبِّبَنِي اَنَا وَاُمِّي اِلٰى عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَيُحَبِّبَهُمْ اِلَيَّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ عُبَيْدَكَ وَاُمَّهُ اِلٰى عِبَادِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَحَبِّبْهُمْ اِلَيْهِمَا

(توضیح مصنف): اَبُوْ كَثِيْرٍ السُّحَيْمِيُّ اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے جس بھی مومن کو پیدا کیا ہے اگر وہ میرے بارے میں سن لے یا مجھے دیکھ لے تو مجھ سے محبت کرنے لگے گا۔ میں نے کہا: اے ابو ہریرہ آپ کو اس بات کا پتہ کیسے چلا؟ انہوں نے فرمایا: میری والدہ ایک مشرک خاتون تھی میں انہیں اسلام کی طرف دعوت دیتا تھا لیکن وہ میری بات نہیں مانتی تھی ایک مرتبہ میں نے انہیں دعوت دی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ایسی باتیں کیں جو مجھے اچھی نہیں لگیں۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں اس وقت رو رہا تھا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنی والدہ کو اسلام کی طرف دعوت دیتا ہوں لیکن وہ میری بات قبول نہیں کرتی ہیں میں انہیں دعوت دیتا رہتا ہوں اب انہوں نے آپ کے بارے میں ایسی باتیں کہی ہیں جو مجھے اچھی نہیں لگی ہیں تو آپ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کیجئے کہ وہ ابو ہریرہ کی والدہ کو ہدایت نصیب کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ تو اس عورت کو ہدایت نصیب کر (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) جب میں اپنے گھر کے دروازے پر آیا تو وہ بند تھا مجھے پانی گرنے کی آواز سنائی دی اور چلنے کی آواز بھی سنائی دی میری والدہ نے کہا: اے ابو ہریرہ تم جہاں ہو وہیں رہو پھر میری والدہ نے جلدی سے لباس پہنا چادر اوڑھی اور دروازہ کھول دیا۔ انہوں نے فرمایا: میں اس بات کی گواہی دیتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اس بات کی گواہی دیتی ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں تو جس طرح میں پہلے روتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اسی طرح خوشی کے عالم میں روتا ہوا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس آیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے لیے خوشخبری ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا کو مستجاب کر لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ابو ہریرہ کی والدہ کو ہدایت نصیب کر دی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ میری اور میری والدہ کی محبت اپنے مومن بندوں کے دلوں میں ڈال دے اور میرے دل میں ان کی محبت ڈال دے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ اپنے

بندے اور اس کی والدہ کو اپنے مومن بندوں کے نزدیک محبوب کردے اور ان مومنین کو ان دونوں کے نزدیک محبوب کردے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوکثیر سحیمی کا نام یزید بن عبدالرحمٰن ہے۔

ذِكْرُ شَهَادَةِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ بِكَثْرَةِ السَّمَاعِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ گواہی دینے کا تذکرہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بکثرت (احادیث) کا سماع کیا ہے

7155 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ الطَّبَّاعِ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ جَرِيْئًا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُهُ عَنْ اَشْيَاءَ لَا نَسْاَلُهُ عَنْهَا *

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جرأت کا مظاہرہ کرتے تھے وہ آپ سے ایسی چیزوں کے بارے میں دریافت کرتے تھے جن کے بارے میں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت نہیں کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ لَمْ يَصْحَبِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا سَنَةً وَاحِدَةً

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ صرف ایک سال تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہے تھے

7156 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ،

7155- إسناده ضعيف. أبو معاذ وجده: مجهولان، لم يوثقهما غير المؤلف 7/378 و5/422، ولم يرو عنهما غير واحد. وفي "التهذيب" في ترجمة معاذ بن محمد بن معاذ بن محمد بن أبي، قال: وقال ابن المديني في "العلل" في مسند أبي في حديث "أول ما رأى النبي صلى الله عليه وسلم من النبوة" رواه مالك بن محمد بن معاذ بن أبي، عن أبيه، عن جده، حديث مدني، وإسناده مجهول كله، ولا نعرف محمداً ولا أباه ولا جده. وأخرجه الحاكم في "المستدرك" 3/510 من طريق إبراهيم نب سعيد الجوهري، بهذا الإسناد. وسقط من إسناده: "محمد بن عيسى بن الطباع." وأخرجه عبد الله بن أحمد في زوائده على "المسند" 5/139 من طريق يونس بن محمد، عن معاذ بن محمد بن أبي بن كعب، حدثني أبي محمد بن معاذ، عن معاذ، عن محمد، عن أبي بن كعب أن أبا هريرة ...

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى سُلَيْمَانَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ، وَرَجُلٌ مِّنْ بَنِى غِفَارَ يَؤُمُّهُمْ فِى الصُّبْحِ، فَقَرَاَ فِى الْاُولٰى كهيعص، وَفِى الثَّانِيَةِ وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِينَ، وَكَانَ عِنْدَنَا رَجُلٌ لَهُ مِكْيَالَانِ، مِكْيَالٌ كَبِيرٌ وَّمِكْيَالٌ صَغِيرٌ، يُعْطِى بِهٰذَا وَيَاْخُذُ بِهٰذَا، فَقُلْتُ: وَيْلٌ لِفُلَانٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میں مدینہ منورہ آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خیبر میں موجود تھے بنو غفار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص صبح کی نماز میں لوگوں کی امامت کر رہا تھا اس نے پہلی رکعت میں سورت مریم کی تلاوت کی دوسری رکعت میں سورت مطففین کی تلاوت کی ہمارے ہاں ایک شخص ہوتا تھا' جس کے پاس دو قسم کے پیمانے تھے ایک بڑا پیمانہ تھا اور ایک چھوٹا تھا وہ ایک کے ذریعے ماپ کر دیتا تھا اور دوسرے کے ذریعے وصول کیا کرتا تھا (میرے ذہن میں اس کا خیال آیا) تو میں نے کہا: فلاں شخص' تو برباد ہو گیا۔

ذِكْرُ اَبِى الدَّحْدَاحِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابودحداح انصاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7157 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ،

7156- إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الجبار بن العلاء وعثمان بن أبي سليمان من رجال مسلم، وباقي رجاله من رجال الشيخين. وأخرجه البخاري في "التاريخ الصغير "1/17 عن علي بن عبد الله، عن سفيان، بهذا الإسناد مختصراً. وأخرجه ابن سعد4/327-328، والبخاري في "التاريخ الصغير "1/18، ويعقوب بن سفيان في "المعرفة والتاريخ"3/160، والبزار "2281"، والبيهقي في "دلائل النبوة"4/198-199 من طرق عن خثيم بن عراك بن مالك، عن أبيه عن أبي هريرة، وذكروا فيه أن اسم الرجل الذي صلى خلفه هو سباع بن عرفطة. قال البزار: لا نعلم رواه عن أبي هريرة إلا عراك، وذكره الهيثمي في "المجمع"7/135 فقال: رواه البزار ورجاله رجال الصحيح غير إسماعيل بن مسعود الجحدري وهو شيخ البزار في الحديث وهو ثقة. قلت: وغزوة خبير كانت في المحرم أول سنة سبع . وأخرج أحمد 2/475، ويعقوب بن سفيان في "تاريخه"3/161، والحميدي "1056" من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، عن قيس بن أبي حازم قال: سمعت أبا هريرة يقول: صحبت رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث سنين..... وأخرج يعقوب بن سفيان 3/161 عن سعيد بن منصور، عن أبي عوانة، عن داود بن عبد الله الأودي، عن حميد بن عبد الرحمن حدثهم، قال: لقيت رجلاً من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم صحبه أربع سنين كما صحبه أبي هريرة.

7157- إسناده حسن على شرط مسلم. أبو داود- وهو سليمان بن داود الطيالسي وسماك من رجال مسلم، وباقي رجاله رجال الشيخين. وهو في "مسند الطيالسي "مختصرا."760" وأخرجه من طريق أبي داود: الترمذي"1013"في الجنائز: باب ماجاء في الرخصة من ذلك، والطبراني."1900" وأخرجه أحمد 5/90و99-98، ومسلم"965" في الجنائز: باب ركوب المصلي على الجنازة إذا انصرف، والطبراني "1799"و"1901"، والبيهقي 4/22-23من طرق عن شعبة، به بطوله ومختصرا . وأخرجه أحمد5/99و102، والطيالسي "760"، ومسلم"965"، والترمذي"1014"، والنسائي 4/85-86 في الجنائز: باب الركوب بعد الفراغ من الجنازة، والبيهقي4/22من طرق عن سماك بن حرب به مختصرا. وانظر الحديث الآتي. والعذق-بكسر العين المهملة- هو الغصن من النخلة، ومدلى: معلق، وفي مسلم"معلق أو مدلى."

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ اَبِي الدَّحْدَاحِ، فَلَمَّا صَلَّى عَلَيْهَا اُتِيَ بِفَرَسٍ فَرَكِبَهُ وَنَحْنُ نَسْعٰى خَلْفَهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمْ مِنْ عِذْقٍ مُدَلًّى لِاَبِي الدَّحْدَاحِ فِي الْجَنَّةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ابودحداح کے جنازے میں شریک ہوئے جب آپ نے اس کی نماز جنازہ ادا کر لی' تو ایک گھوڑا لایا گیا آپ اس پر سوار ہوئے ہم آپ کے پیچھے تیزی سے چلتے ہوئے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابودحداح کے لیے جنت میں کتنے ہی کھجوروں کے گچھے (پیش کیے گئے ہیں)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ سِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: سماک بن حرب نے یہ روایت حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

7158 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِي الدَّحْدَاحِ وَنَحْنُ شُهُودٌ، فَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَرَسٍ فَرَكِبَهُ، فَجَعَلَ يَتَوَقَّصُ بِهِ وَنَحْنُ نَسْعٰى حَوْلَهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمْ مِنْ عِذْقٍ لِاَبِي الدَّحْدَاحِ مُعَلَّقٍ فِي الْجَنَّةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابودحداح کی نماز جنازہ ادا کی ہم اس وقت وہاں موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے گھوڑا لایا گیا آپ اس پر سوار ہوئے آپ نے اسے تیز چلایا' تو ہم آپ کے اردگرد دوڑنے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابودحداح کے لیے جنت میں کتنے ہی (پھلوں کے) خوشے لٹکائے گئے ہیں۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ

اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی

7159 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

7158– إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سماك -وهو ابن حرب - فإنه من رجال مسلم، وهو صدوق لايرقى حديثه إلى الصحة . وأخرجه الطبراني "1899" عن سليمان بن الحسن، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داود "3178" في الجنائز: باب الركوب في الجنازة، عن عبيد الله بن معاذ، به. وقوله: "يتوقص به," أي: يتوثب به.

(متن حدیث):اَتٰی رَجُلٌ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِفُلَانٍ نَخْلَةً، وَاَنَا اُقِیمُ حَائِطِی بِهَا، فَمُرْهُ یُعْطِینِیْ اُقِیمُ بِهَا حَائِطِی، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَعْطِهِ اِیَّاهَا بِنَخْلَةٍ فِی الْجَنَّةِ، فَاَبَی، فَاَتَاهُ اَبُو الدَّحْدَاحِ، فَقَالَ: بِعْنِیْ نَخْلَتَكَ بِحَائِطِی، فَفَعَلَ فَاَتَی اَبُو الدَّحْدَاحِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّی قَدِ ابْتَعْتُ النَّخْلَةَ بِحَائِطِی وَقَدْ اَعْطَیْتُکَهَا، فَاجْعَلْهَا لَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: کَمْ مِنْ عِذْقٍ دَوَّاحٍ لِاَبِیْ الدَّحْدَاحِ فِی الْجَنَّةِ مِرَارًا فَاَتَی اَبُو الدَّحْدَاحِ امْرَاَتَهُ، فَقَالَ: یَا اُمَّ الدَّحْدَاحِ اخْرُجِی مِنَ الْحَائِطِ، فَقَدْ بِعْتُهُ بِنَخْلَةٍ فِی الْجَنَّةِ، فَقَالَتْ: رَبِحَ السِّعْرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلاں شخص کا کھجور کا درخت ہے اس کے ذریعے میں اپنی دیوار کو کھڑا کرنا چاہتا ہوں آپ اسے ہدایت کیجئے کہ وہ مجھے دیدے تاکہ میں اس کے ذریعے اپنی دیوار کو کھڑا کرلوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں تم کھجور کے درخت کے عوض میں یہ اسے دے دو اس نے یہ بات تسلیم نہیں کی' تو ابودحداح اس کے پاس تشریف لائے اور فرمایا تم اپنا کھجور کا درخت میرے باغ کے عوض میں مجھے فروخت کردو اس نے ایسا کرلیا پھر حضرت ابودحداح رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے کھجور کا وہ درخت اپنے باغ کے عوض میں خرید لیا ہے وہ میں آپ کی نذر کرتا ہوں آپ وہ اسے دے دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ابودحداح کے لیے جنت میں کتنے ہی کھجوروں کے خوشے ہوں گے موجود ہیں یہ بات آپ نے کئی مرتبہ ارشاد فرمائی پھر ابودحداح اپنی اہلیہ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اے ام دحداح تم اپنے باغ سے نکل جاؤ کیوں کہ میں نے اسے جنت میں ایک درخت کے عوض میں فروخت کردیا ہے' تو اس خاتون نے کہا: یہ منافع کا سودا ہے۔

ذِکْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَیْسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7160 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَیْثَمَةَ، حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَیْسٍ، عَنْ اَبِیْهِ،

(متن حدیث):قَالَ: دَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِیْ اَنَّ ابْنَ سُفْیَانَ بْنَ نُبَیْحٍ الْهُذَلِیَّ جَمَعَ لِیَ النَّاسَ لِیَغْزُوَنِیْ، وَهُوَ بِنَخْلَةَ اَوْ بِعُرَنَةَ فَاْتِهِ، قَالَ: قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ، انْعَتْهُ لِی حَتّٰی اَعْرِفَهُ، قَالَ: آیَةُ مَا بَیْنَكَ وَبَیْنَهُ اَنَّكَ اِذَا رَاَیْتَهُ وَجَدْتَّ لَهُ اِقْشَعْرِیرَةً، قَالَ: فَخَرَجْتُ مُتَوَشِّحًا بِسَیْفِیْ حَتّٰی دُفِعْتُ اِلَیْهِ

7159- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو نصر التمار - وهو عبد الملك بن عبد العزيز - وحماد بن سلمة من رجال مسلم، وباقي رجاله من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 3/146 عن حسن، والطبراني "763"/22، والحاكم 2/20 من طريق أبي نصر التمار، كلاهما عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي. وذكره الهيثمي في "المجمع 9/323-324" وقال: رواه أحمد والطبراني ورجالهما رجال الصحيح.

وَهُوَ فِي ظُعُنٍ يَرْتَادُ لَهُنَّ مَنْزِلًا حِينَ كَانَ وَقْتُ الْعَصْرِ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُ وَجَدْتُ مَا وَصَفَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْإِقْشَعْرِيرَةِ، فَأَخَذْتُ نَحْوَهُ وَخَشِيتُ أَنْ يَكُونَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ مُحَاوَلَةٌ تَشْغَلُنِي عَنِ الصَّلَاةِ، فَصَلَّيْتُ وَأَنَا أَمْشِي نَحْوَهُ، وَأُومِءُ بِرَأْسِي، فَلَمَّا انْتَهَيْتُ إِلَيْهِ، قَالَ: مِمَّنِ الرَّجُلُ؟ قُلْتُ: رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ سَمِعَ بِكَ وَبِجَمْعِكَ لِهٰذَا الرَّجُلِ، فَجَاءَ لِذٰلِكَ، قَالَ: فَقَالَ: أَنَا فِي ذٰلِكَ، فَمَشَيْتُ مَعَهُ شَيْئًا حَتّٰى إِذَا أَمْكَنَنِي حَمَلْتُ عَلَيْهِ بِالسَّيْفِ حَتّٰى قَتَلْتُهُ، ثُمَّ خَرَجْتُ وَتَرَكْتُ ظَعَائِنَهُ مُنْكَبَّاتٍ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَآنِي، قَالَ: قَدْ أَفْلَحَ الْوَجْهُ، قُلْتُ: قَتَلْتُهُ يَارَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: صَدَقْتَ، قَالَ: ثُمَّ قَامَ مَعِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَدْخَلَنِي بَيْتَهُ وَأَعْطَانِي عَصًا، فَقَالَ: أَمْسِكْ هٰذِهِ الْعَصَا عِنْدَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُنَيْسٍ، قَالَ: فَخَرَجْتُ بِهَا عَلَى النَّاسِ: فَقَالُوا: مَا هٰذِهِ الْعَصَا؟ قُلْتُ: أَعْطَانِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أُمْسِكَهَا، قَالُوا: أَفَلَا تَرْجِعُ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَسْأَلَهُ لِمَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، لِمَ أَعْطَيْتَنِي هٰذِهِ الْعَصَا، قَالَ: آيَةٌ بَيْنِي وَبَيْنَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِنَّ أَقَلَّ النَّاسِ الْمُتَخَصِّرُونَ يَوْمَئِذٍ، فَقَرَنَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بِسَيْفِهِ، فَلَمْ تَزَلْ مَعَهُ حَتّٰى إِذَا مَاتَ أَمَرَ بِهَا، فَضُمَّتْ مَعَهُ فِي كَفَنِهِ، ثُمَّ دُفِنَا جَمِيعًا.

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلوایا اور ارشاد فرمایا: مجھے یہ اطلاع ملی ہے کہ سفیان بن نبیح ہذلی کے بیٹے نے میرے لیے لوگوں کو اکٹھا کیا ہے تا کہ وہ میرے ساتھ لڑائی کریں اس وقت (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) کھجور کے درخت کے پاس موجود ہے یا عرینہ کے پاس موجود ہے تم اس کے پاس جاؤ۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ اس کا حلیہ میرے سامنے بیان کر دیں تا کہ میں اسے پہچان لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے اور اس کے درمیان مخصوص نشانی یہ ہے تم اسے دیکھو گے تو اسے دیکھ کر تم پر کپکپی طاری ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: میں

7160- ابن عبد اللّٰه بن أنيس: هو عبد الله بن عبد الله بن أنيس، جاء ذلك مبينا من رواية محمد بن سلمة الحراني عن محمد بن إسحاق عند البيهقي في "الدلائل 4/42-43" وعبد الله هذا ذكره المؤلف في "الثقات 5/37"، وابن أبي حاتم 5/90، والبخاري في "تاريخه 5/125" ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا، وهو في "سيرة ابن هشام...4/267-268" عن ابن إسحاق وقد سقط من السند "ابن عبد الله بن أنيس" وباقي رجاله ثقات وهو في "مسند أبي يعلى" "905" وأخرجه أحمد 3/496 من طريق يعقوب، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع 6/203" فقال: رواه أحمد وأبو يعلى بنحوه وفيه راو لم يسم، وهو ابن عبد الله بن أنيس، وبقية رجاله ثقات. وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" "445" من طريق أحمد بن محمد بن أيوب، عن إبراهيم بن سعد، به. وأخرجه أحمد 3/496 من طريق ابن إدريس، وأبو داود "1249" في صلاة السفر: باب صلاة الطالب، من طريق عبد الوارث، والبيهقي في "السنن 3/256"، وفي "الدلائل 4/42-43"، من طريق محمد بن سلمة، ثلاثتهم عن محمد بن إسحاق، به. وأخرجه مختصرا البيهقي في "الدلائل 4/40" من طريق محمد بن عمرو بن خالد، قال: حدثنا أبي، قال: حدثنا ابن لهيعة، قال: حدثنا أبو الاسود، عن عروة قال: بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم عبد الله بن أنيس السلمي إلى سفيان بن خالد الهذلي ثم اللحياني ليقتله وهو بعرنة وادي مكة. وأخرجه البيهقي 4/40-41 بنحوه مختصرا من طريق ابن أبي أويس، عن إسماعيل بن إبراهيم بن عقبة، عن موسى بن عقبة قال: وبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم عبد الله بن أنيس السلمي...

اپنی تلوار کھینچ کر روانہ ہو گیا' یہاں تک کہ جب میں اس کے پاس پہنچا' تو وہ اس وقت پڑاؤ کی جگہ پر اپنی عورتوں کے ساتھ تھا یہ عصر کے وقت کی بات ہے' جب میں نے اسے دیکھا' تو مجھے وہی چیز محسوس ہوئی جو نبی اکرم ﷺ نے میرے سامنے بیان کی تھی اور کپکپی طاری ہو گئی میں اس کی طرف بڑھا لیکن پھر مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں میرے اور اس کے درمیان ہونے والی لڑائی مجھے نماز سے مشغول نہ کر دے' تو میں نے نماز ادا کر لی حالانکہ میں اس وقت اس کی طرف چل رہا تھا میں سر کے ذریعے اشارہ کرتا تھا میں اس کے پاس پہنچا' تو اس نے دریافت کیا: کون ہے؟ میں نے کہا: میں ایک عرب ہوں' میں نے کہا: میں نے تمہارے بارے میں سنا ہے کہ تم نے ان صاحب کے لئے لوگوں کو اکٹھا کیا ہے' تو میں بھی اسی لیے یہاں آیا ہوں۔ راوی کہتے ہیں' تو اس نے کہا: میرا' تو یہی مقصد تھا پھر میں اس کے ساتھ کچھ دیر چلتا رہا' یہاں تک کہ جب مجھے موقع ملا' تو میں نے اس پر تلوار کا وار کر کے اس کو قتل کر دیا' پھر میں وہاں سے نکلا' تو اس کی عورتیں اس پر جھکی ہوئی تھیں جب میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ نے مجھے ملاحظہ کیا تو ارشاد فرمایا: یہ چہرہ کامیاب ہو گیا۔ میں نے عرض کی: میں نے اسے قتل کر دیا ہے یارسول اللہ ﷺ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے سچ کہا ہے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ میرے ساتھ کھڑے ہوئے آپ مجھے اپنے ساتھ اپنے گھر میں لے گئے آپ نے مجھے عصا عطا کیا۔ آپ نے فرمایا: اے عبداللہ بن انیس اس عصا کو اپنے پاس رکھنا۔ راوی کہتے ہیں: میں وہ لے کر لوگوں کے پاس آیا' تو لوگوں نے دریافت کیا: یہ عصا کس کا ہے۔ میں نے کہا: یہ نبی اکرم ﷺ نے مجھے عطا کیا ہے آپ نے مجھے یہ ہدایت کی ہے کہ میں اسے سنبھال کے رکھوں۔ لوگوں نے کہا: کیا تم نبی اکرم ﷺ کی طرف واپس جا کر آپ سے یہ دریافت نہیں کرتے کہ ایسا کیوں ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں واپس نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ نے یہ عصا مجھے کیوں عطا کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ قیامت کے دن میرے اور تمہارے درمیان مخصوص نشانی ہو گی اس دن بہت کم لوگ ٹیک لگائے ہوئے ہوں گے۔

(راوی کہتے ہیں) تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے اپنی تلوار کے ساتھ ملا دیا اور وہ مسلسل ان کے پاس رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہوا' تو ان کے حکم کے تحت وہ عصا ان کے ساتھ ان کے کفن میں رکھ دیا گیا اور ان دونوں کو دفن کیا گیا۔

ذِكْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَّامٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7161 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَّامٍ: اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْدَمَهُ الْمَدِيْنَةَ، فَقَالَ: اِنِّي سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثِ خِصَالٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا نَبِيٌّ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلْ، قَالَ: مَا اَوَّلُ اَمْرِ السَّاعَةِ، اَوْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ؟ وَمَا اَوَّلُ مَا يَاْكُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ، وَمِمَّ يَنْزِعُ الْوَلَدُ اِلٰى اَبِيْهِ وَاِلٰى اُمِّهِ؟ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبَرَنِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهِنَّ آنِفًا، قَالَ: جِبْرِيْلُ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ. قَالَ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ، اَوْ اَمْرِ السَّاعَةِ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْمَشْرِقِ تَحْشُرُ النَّاسَ اِلَى الْمَغْرِبِ، وَاَمَّا اَوَّلُ مَا يَاْكُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوتٍ، وَاَمَّا مَا يَنْزِعُ الْوَلَدُ اِلٰى اَبِيهِ وَاِلٰى اُمِّهِ، فَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْاَةِ نَزَعَ الْوَلَدُ اِلٰى اَبِيهِ، وَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْاَةِ مَاءَ الرَّجُلِ نَزَعَ الْوَلَدُ اِلٰى اُمِّهِ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ، قَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ الْيَهُودَ قَوْمٌ بُهْتَةٌ اسْتَنْزِلْهُمْ، وَسَلْهُمْ اَىُّ رَجُلٍ اَنَا فِيهِمْ قَبْلَ اَنْ يَعْلَمُوا بِاِسْلَامِى، فَجَاءَ مِنْهُمْ رَهْطٌ، فَسَاَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَىُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَّامٍ؟ قَالُوْا: خَيْرُنَا، وَابْنُ خَيْرِنَا وَسَيِّدُنَا، وَابْنُ سَيِّدِنَا، وَاَعْلَمُنَا وَابْنُ اَعْلَمِنَا، فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ؟ ، قَالُوْا: اَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَّامٍ، وَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَقَالُوْا: شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، قَالَ: يَقُوْلُ عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا الَّذِى كُنْتُ اَتَخَوَّفُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری کے موقع پر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں آپ سے تین چیزوں کے بارے میں دریافت کروں گا ان چیزوں کے بارے میں کسی نبی کو ہی علم ہوسکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دریافت کرو۔ انہوں نے عرض کی: قیامت کی پہلی نشانی کیا ہے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) اہل جنت سب سے پہلے کیا چیز کھائیں گے اور وہ کون سی چیز ہے' جو بچے کو اس کے باپ یا اس کی ماں کی طرف کھینچ کر لے جاتی ہے (جس کی وجہ سے بچہ ماں یا باپ سے مشابہت رکھتا ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان چیزوں کے بارے میں ابھی جبرائیل نے مجھے بتایا ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: جبرائیل نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا: فرشتوں میں سے وہ' تو یہودیوں کے نزدیک ناپسندیدہ شخصیت ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کی سب سے پہلی نشانی (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) وہ آگ ہوگی' جو مشرق کی طرف سے نکلے گی اور لوگوں کو اکٹھا کر کے مغرب کی طرف لے جائے گی۔ اہل جنت سب سے پہلے جو چیز کھائیں گے وہ مچھلی کے جگر کا اضافی حصہ ہوگا' اور جو چیز بچے کو اس کے باپ یا ماں کی طرف کھینچ کر لے جاتی ہے' تو جب مرد کا مادہ عورت کے مادے پر سبقت لے جائے' تو بچہ باپ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے' جب عورت کا مادہ مرد کے مادے پر سبقت لے جائے' تو بچہ ماں کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہودی ایک

7161– إسناده صحيح على شرط البخاري، زياد بن أيوب من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أبو يعلى "3856"من طريق زهير بن حرب، عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد3/108، والبخاري"3329"في أحاديث الأنبياء : باب خلق آدم وذريته، و"3938"في مناقب الأنصار: باب 51و"4480"في تفسير سورة البقرة باب: (مَنْ كَانَ عَدُوّاً لِجِبْرِيلَ) ، والنسائي في"عشرة النساء "189""، والبيهقي في "الدلائل529-2/528"، والبغوي في "شرح السنة "3769""، وفي "معالم التنزيل4/165"من طرق عن حميد، به . وأخرج القسم الأخير منه وهو إسلام عبد الله بن سلام ... أحمد3/211، والبخاري "3911"في مناقب الأنصار: باب هجرة النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه إلى المدينة، والبيهقي في "الدلائل528-2/526"من طريق عبد الوارث بن سعيد العنبري، عن عبد العزيز بن صهيب، عن أنس، وسيأتي برقم "7423"

ایسی قوم ہے جو بہتان تراشی کرتے ہیں آپ انہیں بلوائیں اور ان سے دریافت کیجئے میں ان کے درمیان کیسا شخص ہوں اس سے پہلے کہ انہیں میرے اسلام قبول کرنے کا علم ہو جائے پھر یہودیوں سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: عبداللہ بن سلام کیسا شخص ہے انہوں نے کہا: وہ ہمارے سب سے بہتر شخص اور ہمارے سب سے بہتر شخص کے صاحب زادے ہیں اور وہ ہمارے سردار اور ہمارے سردار کے صاحب زادے ہیں وہ ہمارے سب سے بڑے عالم اور سب سے بڑے عالم کے صاحب زادے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اگر وہ اسلام قبول کر لے تو پھر تمہاری کیا رائے ہوگی۔ انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ انہیں اس چیز سے بچائے۔ راوی کہتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن سلام نکل کر ان کے سامنے آئے اور بولے میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' تو ان یہودیوں نے کہا: آپ ہمارے سب سے برے شخص اور سب سے زیادہ برے شخص کے صاحب زادے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اسی بات کا اندیشہ تھا۔

7162 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَشِيطٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ النَّخَعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَهُ حَتّٰى دَخَلْنَا كَنِيسَةَ الْيَهُودِ بِالْمَدِينَةِ يَوْمَ عِيدِهِمْ، وَكَرِهُوا دُخُوْلَنَا عَلَيْهِمْ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْيَهُودِ، اَرُوْنِيْ اِثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ يُحْبِطُ اللّٰهُ عَنْ كُلِّ يَهُودِيٍّ تَحْتَ اَدِيمِ السَّمَاءِ الْغَضَبَ الَّذِيْ غَضِبَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَاَمْسَكُوا وَمَا اَجَابَهُ مِنْهُمْ اَحَدٌ، ثُمَّ رَدَّ عَلَيْهِمْ، فَلَمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ، ثُمَّ ثَلَّثَ فَلَمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ، فَقَالَ: اَبَيْتُمْ فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَاَنَا الْحَاشِرُ، وَاَنَا الْعَاقِبُ، وَاَنَا الْمُقَفِّي آمَنْتُمْ اَوْ كَذَّبْتُمْ، ثُمَّ انْصَرَفَ، وَاَنَا مَعَهُ حَتّٰى دَنَا اَنْ يَخْرُجَ، فَاِذَا رَجُلٌ مِنْ خَلْفِنَا يَقُوْلُ: كَمَا اَنْتَ يَا مُحَمَّدُ، قَالَ: فَقَالَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ: اَيُّ رَجُلٍ تَعْلَمُوْنِيْ فِيكُمْ يَا مَعْشَرَ الْيَهُودِ؟ قَالُوْا: مَا نَعْلَمُ اَنَّهُ كَانَ فِينَا رَجُلٌ اَعْلَمُ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَلَا اَفْقَهُ مِنْكَ، وَلَا مِنْ اَبِيكَ مِنْ قَبْلِكَ، وَلَا مِنْ جَدِّكَ قَبْلَ اَبِيكَ، قَالَ: فَاِنِّي اَشْهَدُ لَهُ بِاللّٰهِ اَنَّهُ نَبِيُّ اللّٰهِ الَّذِيْ تَجِدُوْنَهُ فِي التَّوْرَاةِ، قَالُوْا: كَذَبْتَ، ثُمَّ رَدُّوا عَلَيْهِ، وَقَالُوا لَهُ شَرًّا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبْتُمْ، لَنْ يُقْبَلَ قَوْلُكُمْ، اَمَّا آنِفًا، فَتُثْنُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا اَثْنَيْتُمْ، وَاَمَّا اِذَا آمَنَ كَذَّبْتُمُوهُ، وَقُلْتُمْ مَا قُلْتُمْ، فَلَنْ يُقْبَلَ قَوْلُكُمْ، قَالَ: فَخَرَجْنَا، وَنَحْنُ ثَلَاثَةٌ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهِ: (قُلْ اَرَاَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهِ) الْآيَةَ (الأحقاف: 10)

7162- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن هارون النخعي، فقد روى له ابن ماجة في "التفسير"، وهو ثقة. أبو المغيرة: هو عبد القدوس بن الحجاج الخولاني. وأخرجه أحمد 6/25، والطبري في "جامع البيان" 26/11، والطبراني 18/"83"، والحاكم 3/415 من طريق أبي المغيرة، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي.!

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے میں آپ کے ساتھ تھا' یہاں تک کہ آپ مدینہ منورہ میں موجود یہودیوں کی عبادت گاہ میں داخل ہوئے یہ ان کے عید کے دن کی بات ہے انہیں ہمارا ان کے ہاں جانا اچھا نہیں لگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے یہودیوں کے گروہ مجھے ایسے بارہ آدمی دکھاؤ جو اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں' تو اللہ تعالیٰ آسمان کے نیچے موجود یہودی پر کیے گئے غضب کو اٹھا لے گا' جو غضب اس نے ان پر کیا ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو وہ لوگ چپ رہے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی جواب نہیں دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ ان کے سامنے یہ بات دوہرائی' تو پھر کسی نے آپ کو جواب نہیں دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ یہ بات دوہرائی' تو پھر کسی نے آپ کو جواب نہیں دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ یہ بات نہیں مانتے اللہ کی قسم میں حاشر ہوں اور میں عاقب ہوں اور میں مقفی ہوں خواہ تم لوگ ایمان لاؤ یا جھٹلاؤ' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے گئے میں آپ کے ساتھ تھا' یہاں تک کہ ابھی آپ ان کی عبادت گاہ سے باہر نکلنے لگے تھے کہ اسی دوران ہمارے پیچھے سے ایک شخص نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم رک جائیں۔ راوی کہتے ہیں: پھر اس شخص نے کہا: اے یہودیوں کے گروہ تم لوگ اپنے درمیان مجھے کیسا جانتے ہو ان لوگوں نے کہا: ہمیں ایسے کسی شخص کا علم نہیں ہے' جو ہمارے درمیان موجود ہو اور وہ اللہ کی کتاب کا آپ سے بڑا عالم ہو یا اس کے بارے میں آپ سے زیادہ سمجھ بوجھ رکھتا ہو اور نہ ہی ہمیں کسی ایسے شخص کے بارے میں علم ہے' جو اس سے پہلے آپ کے والد سے زیادہ بڑا عالم ہو اور آپ کے والد سے پہلے آپ کے دادا سے زیادہ بڑا عالم ہو' تو اس شخص نے کہا: میں ان صاحب کے بارے میں اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے وہی نبی ہیں جن کا ذکر تم تورات میں پاتے ہو' تو ان لوگوں نے کہا: تم جھوٹ کہہ رہے ہو پھر ان لوگوں نے ان صاحب کی بات کو مسترد کر دیا اور ان کے بارے میں بری باتیں کہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ جھوٹ کہہ رہے ہو تمہاری بات کو قبول نہیں کیا جائے گا ابھی تھوڑی دیر پہلے تم نے بھلائی کے حوالے سے اس شخص کی تعریفیں بیان کی ہیں اور اب جب یہ ایمان لے آیا ہے تو تم نے اسے جھوٹا قرار دیا ہے اور اس' اس طرح کی باتیں کی ہیں' تو تمہارے قول کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ راوی کہتے ہیں: جب ہم وہاں سے باہر نکلے' تو ہم تین افراد تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، میں اور حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ' تو اس بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ ''تم یہ فرما دو: تمہارا کیا خیال ہے' اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کیا ہو''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْجَنَّةِ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَّامٍ

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے لیے جنت کے اثبات کا تذکرہ

7163 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ ذَكْوَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْهِرٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مَالِكٌ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِاَحَدٍ يَّمْشِي عَلَى الْاَرْضِ: اِنَّهُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، اِلَّا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ *

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو روئے زمین پر چلنے والے کسی بھی شخص کے بارے میں یہ کہتے ہوئے نہیں سنا: ''یہ جنتی ہے'' صرف عبداللہ بن سلام کے بارے میں (میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے)

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

7164 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ، فَاَصَبْنَا مِنْهَا، فَفَضَلَتْ فَضْلَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْلُعُ رَجُلٌ مِّنْ هٰذَا الْفَجِّ يَاْكُلُ هٰذِهِ الْقَصْعَةَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، فَقَالَ سَعْدٌ: وَكُنْتُ تَرَكْتُ اَخِي عُمَيْرًا يَتَطَهَّرُ، فَقُلْتُ: هُوَ اَخِي فَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فَاَكَلَهَا

مصعب بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ لایا گیا ہم نے اس میں سے کھالیا پھر کچھ بچ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس راستے سے تمہارے سامنے ایک شخص آئے گا' جو اس پیالے میں سے کھائے گا' اور وہ جنتی ہوگا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنے بھائی عمیر کو وضو کرتا ہوا چھوڑ کے آیا تھا میں نے سوچا وہ میرا بھائی ہی ہوگا لیکن عبداللہ بن سلام تشریف لے آئے اور انہوں نے وہ کھانا کھایا۔

7163- إسناده صحيح. عبد الله بن أحمد وهو ابن بشير بن ذكوان روى له أبو داود وابن ماجة، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن يوسف، فمن رجال البخاري. أبو مهر: هو عبد الأعلى بن مهر الغساني، وأبو النضر: هو سالم بن أبي أمية مولى عمر بن عبيد الله التيمي. وأخرجه البخاري "38112" في مناقب الأنصار: باب مناقب عبد الله بن سلام، والطبري في "جامع البيان" 26/10، والبغوي "3990"، من طريق عبد الله بن يوسف، بهذا الإسناد. وزاد في آخره: قال: وفيه نزلت هذه الآية: (وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِي إِسْرائِيلَ عَلَى مِثْلِهِ) الآية. قال: لا أدري قال مالك الآية أو في الحديث. وأخرجه أحمد 1/169، ومسلم "2483" في فضائل الصحابة: باب من فضائل عبد الله بن سلام رضي الله عنه، من طريق إسحاق بن عيسى، والنسائي في فضائل الصحابة "148" من طريق أبي مسهر، كلاهما عن مالك، به. وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 7/438 وزاد نسبته لابن المنذر وابن مردويه.

7164- إسناده حسن، عاصم بن أبي النجود: روى له الشيخان مقروناً، وأخرج له أصحاب السنن، وهو حسن الحديث، وباقي رجاله الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 1/169 و 183، والبزار "2712"، والحاكم 3/416 من طرق عن حما بن سلمة، بهذا الاسناد، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وذكره الهيثمي في "المجمع" 9/326، وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار وفيه عاصم ابن بهدلة وهو ابن النجود- وفيه خلاف، وبقية رجالهم رجال الصحيح.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلامٍ عَاشِرُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ جنت میں داخل ہونے والے دسویں فرد ہوں گے

7165 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِیْ اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِیِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَمِيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، قَالُوا: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَوْصِنَا، قَالَ: اَجْلِسُوْنِیْ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الْعَمَلَ وَالْاِيمَانَ مَظَانُّهُمَا مَنِ الْتَمَسَهُمَا وَجَدَهُمَا، وَالْعِلْمُ وَالْاِيمَانُ مَكَانُهُمَا مَنِ الْتَمَسَهُمَا وَجَدَهُمَا، فَالْتَمِسُوا الْعِلْمَ عِنْدَ اَرْبَعَةٍ: عِنْدَ عُوَيْمِرٍ اَبِی الدَّرْدَاءِ، وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ الَّذِیْ كَانَ يَهُوْدِيًّا فَاَسْلَمَ، فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّهٗ عَاشِرُ عَشَرَةٍ فِی الْجَنَّةِ

❀❀ یزید بن عمیرہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا آخری وقت قریب آیا' تو لوگوں نے کہا: اے ابوعبدالرحمن آپ ہمیں تلقین کیجئے۔ انہوں نے فرمایا: تم لوگ مجھے بٹھا دو پھر انہوں نے ارشاد فرمایا: عمل اور ایمان کا ماخذ ایک ہی ہے' جو شخص ان دونوں کو تلاش کرے گا وہ ان دونوں کو پا لے گا۔ علم اور ایمان کا مخصوص مقام ہے' جو شخص ان دونوں کو طلب کرے گا وہ ان دونوں کو پا لے گا تم لوگ علم کو چار آدمیوں کے پاس تلاش کرو ابودرداء کے پاس، سلمان فارسی کے پاس، عبداللہ بن مسعود کے پاس اور عبداللہ بن سلام کے پاس، جو پہلے یہودی تھے پھر مسلمان ہو گئے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''یہ دس آدمیوں میں سے وہ دسواں شخص ہے' جو جنتی ہیں''۔

7165- إسناده قوى . يزيد بن عميرة روى له أبو داود والترمذى والنسائى، وهو ثقة، وباقى رجاله على شرط مسلم . أبو إدريس الخولانى: هو عائذ الله بن عبد الله. وأخرجه أحمد5/242-243، والترمذى "3804" فى المناقب باب مناقب عبد الله بن سلام، والنسائى فى فضائل الصحابة "149"، والحاكم 3/270 و416 من طريق الليث، والبخارى فى "التاريخ الصغير "1/73"، والطبرانى "8514" و20 "229"، من طريق عبد الله بن صالح، كلاهما عن معاوية بن صالح، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم ووافقه الذهبى. وجود إسناده الحافظ ابن حجر فى "الإصابة" /2....313 وأخرجه ابن سعد فى "الطبقات"2/352 و353-325 عن حماد بن عمرو النصيبى، أخبرنا زيد بن رفيع، عن معبد الجهنى قال: كان رجل يقال له يزيد بن عميرة السكسكى وكان تلميذاً لمعاذ بن جبل فحدث أن معاذ بن جبل ... وأخرجه الطبرانى "228"/20 من طريق أنس بن سوار، عن أيوب السختيانى، عن أبى قلابة، عن يزيد بن عميرة، به. وأخرجه الفسوى فى "المعرفة"2/550-551 من طريق حماد، عن أيوب، عن أبى قلابة، عن رجل كان يخدم معاذاً فذكره.

ذِكْرُ شَهَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاِسْتِمْسَاكِ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ اِلٰى اَنْ مَاتَ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے لیے اس بات کی گواہی دینے کا تذکرہ وہ مرتے دم تک اسلام کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رہیں گے

7166 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، ثنا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْهِرٍ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا فِيْ حَلْقَةٍ فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ فِيهَا شَيْخٌ حَسَنُ الْهَيْئَةِ، وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، فَجَعَلَ يُحَدِّثُهُمْ حَدِيْثًا حَسَنًا، فَلَمَّا قَامَ، قَالَ الْقَوْمُ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا، قَالَ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَاَتْبَعَنَّهُ فَلَاَعْلَمَنَّ بَيْتَهُ، قَالَ: فَتَبِعْتُهُ فَانْطَلَقَ حَتّٰى كَادَ اَنْ يَّخْرُجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ دَخَلَ مَنْزِلَهُ، فَاسْتَاْذَنْتُ عَلَيْهِ فَاَذِنَ لِي، فَقَالَ: مَا حَاجَتُكَ يَا ابْنَ اَخِي؟ قُلْتُ: اِنِّي سَمِعْتُ الْقَوْمَ يَقُوْلُوْنَ لَمَّا قُمْتَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا، فَاَعْجَبَنِي اَنْ اَكُوْنَ مَعَكَ، قَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ، وَسَاُخْبِرُكَ مِمَّا قَالُوا ذٰلِكَ اِنِّي بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اَتَانِيْ رَجُلٌ، فَقَالَ: قُمْ، فَاَخَذَ بِيَدِي، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَاِذَا اَنَا بِجَوَادٍ عَنْ شِمَالِي، فَاَخَذْتُ لِاٰخُذَ فِيهَا، فَقَالَ لِي: لَا تَاْخُذْ فِيهَا، فَاِنَّهَا طُرُقُ اَصْحَابِ الشِّمَالِ، قَالَ: وَاِذَا جَوَادٌ مَنْهَجٌ عَنْ يَّمِيْنِيْ، قَالَ لِي: خُذْ هَاهُنَا فَاَتٰى بِيْ جَبَلًا، فَقَالَ لِي: اصْعَدْ فَوْقَ هٰذَا، فَجَعَلْتُ اِذَا اَرَدْتُ اَنْ اَصْعَدَ خَرَرْتُ عَلٰى اسْتِيْ حَتّٰى فَعَلْتُهُ مِرَارًا، ثُمَّ انْطَلَقَ حَتّٰى اَتٰى بِيْ عَمُودًا رَاْسُهُ فِي السَّمَاءِ وَاَسْفَلُهُ فِي الْاَرْضِ وَاَعْلَاهُ حَلْقَةٌ، فَقَالَ لِي: اصْعَدْ فَوْقَ هٰذَا، فَقُلْتُ: كَيْفَ اَصْعَدُ فَوْقَ هٰذَا وَرَاْسُهُ فِي السَّمَاءِ؟ فَاَخَذَ بِيَدِيْ فَزَحَلَ بِيْ، فَاِذَا اَنَا مُتَعَلِّقٌ بِالْحَلْقَةِ، ثُمَّ ضَرَبَ الْعَمُودَ فَخَرَّ وَبَقِيتُ مُتَعَلِّقًا بِالْحَلْقَةِ حَتّٰى اَصْبَحْتُ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَصْتُهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: اَمَّا الطَّرِيقُ الَّذِيْ رَاَيْتَ عَلٰى يَسَارِكَ فَهِيَ طَرِيقُ اَصْحَابِ الشِّمَالِ، وَاَمَّا الطَّرِيقُ الَّذِيْ رَاَيْتَ عَنْ يَّمِيْنِكَ فَهِيَ طَرِيقُ اَصْحَابِ الْيَمِيْنِ، وَالْجَبَلُ هُوَ مَنَازِلُ

7166- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سليمان بن مسهر، فمن رجال مسلم . ... وأخرجه مسلم "2484" "150" في فضائل الصحابة: باب من فضائل عبد الله بن سلام رضي الله عنه، والحاكم415-3/414 من طرق عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد423-5/452، وابن ماجة "3920" في تعبير الرؤيا: باب تعبير الرؤيا، من طريق حسن بن موسى، والنسائي في التعبير من "الكبرى" كما في "التحفة"4/353 من طريق عفان، كلاهما عن حماد بن سلمة، عن عاصم بن بهدلة، عن المسيب بن رافع، عن حرشة بن الحر، به. وأخرجه بنحوه أحمد 5/452، والبخاري "3813" في مناقب الأنصار: باب مناقب عبد الله بن سلام رضي الله عنه، و "7014" في التعبير: باب التعليق بالعروة والحلقة، ومسلم "2484" "148" من طرق عن عبد الله بن عون، والبخاري "7010" في التعبير: باب الخضر في المنام والروضة الخضراء، ومسلم "2484" "149" من طريق قرة بن خالد، كلاهما عن محمد بن سيرين، عن قيس بن عباد قال: كنت في المسجد ... فذكره.

الشُّهَدَاءِ وَلَنْ تَنَالَهُ، وَاَمَّا الْعَمُودُ فَهُوَ عَمُودُ الْاِسْلَامِ، وَاَمَّا الْعُرْوَةُ فَهِيَ عُرْوَةُ الْاِسْلَامِ، وَلَنْ تَزَالَ مُسْتَمْسِكًا بِهَا حَتّٰى تَمُوْتَ

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الصَّوَابُ فَزَجَلَ، وَالسَّمَاعُ فَزَحَلَ بِالْحَاءِ

٭٭ خرشہ بن حر بیان کرتے ہیں: میں مدینہ منورہ کی مسجد میں ایک حلقے میں بیٹھا ہوا تھا اس میں ایک عمر رسیدہ شخص موجود تھا' جو بہت خوبصورت تھا وہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ تھے انہوں نے لوگوں کے ساتھ بات چیت کرنا شروع کی' تو عمدہ گفتگو کی جب وہ اٹھ گئے' تو لوگوں نے کہا: جو شخص کسی جنتی کو دیکھنا چاہتا ہو وہ ان صاحب کو دیکھ لے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے سوچا اللہ کی قسم میں ضرور ان کے پیچھے جاؤں گا' اور ان کے گھر کے بارے میں جان لوں گا۔ راوی کہتے ہیں: میں ان کے پیچھے چل پڑا وہ روانہ ہوئے' یہاں تک کہ وہ مدینہ منورہ کی آخری سرحد کے قریب اپنے گھر کے اندر تشریف لے گئے میں نے ان کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی انہوں نے مجھے اجازت دی۔ انہوں نے دریافت کیا: اے میرے بھتیجے تمہیں کیا کام ہے۔ میں نے کہا: جب آپ اٹھے تھے' تو میں نے لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جو شخص کسی جنتی کو دیکھنا چاہتا ہو وہ ان صاحب کو دیکھ لے' تو مجھے یہ بات اچھی لگی کہ میں آپ کے ساتھ رہوں۔ انہوں نے فرمایا: اہل جنت کے بارے میں اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے لیکن میں تمہیں اس چیز کے بارے میں بتاتا ہوں' جو لوگوں نے کہی ہے ایک مرتبہ میں سویا ہوا تھا ایک شخص میرے پاس آیا اور بولا: اٹھو اس نے میرا ہاتھ پکڑا اور میں چل پڑا مجھے اپنے بائیں طرف ایک راستہ نظر آیا میں اس کی طرف جانے لگا' تو اس شخص نے مجھ سے کہا: تم اس کی طرف نہ جاؤ کیونکہ یہ بائیں طرف والے لوگوں کا راستہ ہے۔ حضرت عبداللہ کہتے ہیں' پھر مجھے اپنی دائیں طرف ایک راستہ نظر آیا اس شخص نے مجھ سے کہا: تم اس راستے کو اختیار کرلو پھر وہ مجھے لے کر ایک پہاڑ کے پاس آیا اور اس نے مجھ سے کہا: تم اس پر چڑھ جاؤ میں نے جب اس پر چڑھنے کا ارادہ کیا' تو میں اپنی سرین کے بل گر پڑا میں نے کئی مرتبہ ایسا کیا پھر وہ شخص گیا اور میرے لیے ایک سیڑھی لے کر آیا جس کا اوپر والا سرہ آسمان میں تھا اور نیچے والا حصہ زمین میں تھا اس کے بلندی والے حصے پر ایک حلقہ تھا اس نے مجھ سے کہا: تم اس پر چڑھ جاؤ میں نے کہا: میں اس پر کیسے چڑھ سکتا ہوں جب کہ اس کا سرا آسمان میں ہے' اس نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اس پر چڑھا دیا' تو مجھے لگا میں اس حلقے کے ساتھ متعلق ہوں پھر اس نے ستون پر مارا' تو وہ گر گیا اور میں اس حلقے کے ساتھ لٹکا رہ گیا جب صبح ہوئی' تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ کے سامنے یہ واقعہ بیان کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک اس راستے کا تعلق ہے' جو تم نے اپنے بائیں طرف دیکھا تھا وہ بائیں طرف والے لوگوں کا راستہ تھا اور جہاں تک اس راستے کا تعلق جس کو' تم نے دائیں طرف دیکھا تھا'' تو وہ دائیں طرف والے لوگوں کا راستہ تھا اور وہ پہاڑ شہداء کی جائے قیام تھی تم اس تک نہیں پہنچ سکتے تھے جہاں تک ستون کا تعلق ہے' تو وہ اسلام کا ستون تھا جہاں تک رسی کا تعلق ہے' تو وہ اسلام کی رسی تھی تم مرتے دم تک اس کو مضبوطی سے تھامے رہو گے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) درست لفظ ''فزجل'' البتہ راوی نے اس کو نقل کرتے ہوئے فزحل نقل کیا ہے یعنی ''ح'' کے ساتھ نقل کیا ہے۔

ذِكْرُ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7167 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ ثَابِتٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيَّ، قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ لَقَدْ خَشِيْتُ اَنْ اَكُوْنَ قَدْ هَلَكْتُ، قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: قَدْ نَهَانَا اللّٰهُ عَنْ اَنْ نُحِبَّ اَنْ نُحْمَدَ بِمَا لَمْ نَفْعَلْ، وَاَجِدُنِيْ اُحِبُّ الْحَمْدَ، وَنَهَى اللّٰهُ عَنِ الْخُيَلَاءِ، وَاَجِدُنِيْ اُحِبُّ الْجَمَالَ، وَنَهَى اللّٰهُ اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا امْرُؤٌ جَهِيْرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ثَابِتُ، اَلَا تَرْضٰى اَنْ تَعِيْشَ حَمِيْدًا، وَتُقْتَلَ شَهِيْدًا، وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَعَاشَ حَمِيْدًا، وَقُتِلَ شَهِيْدًا يَوْمَ مُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابِ

❁❁ حضرت ثابت بن قیس انصاری رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے اسمٰعیل نقل کرتے ہیں ایک مرتبہ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ میں ہلاکت کا شکار ہو جاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کیوں۔ انہوں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس بات سے منع کیا ہے کہ ہم اس چیز کو پسند کریں' جو ہم نے نہیں کیا

7167- إسماعيل بن ثابت: هو إسماعيل بن محمد بن ثابت نسب إلى جده. قال الحافظ في "تعجيل المنفعة" ص37: ذكره ابن حبان في "الثقات" 4/16، وقال: روى عن أنس، روى عنه أبو ثابت من ولد ثابت بن قيس بن الشماس، ثم قال 4/15: إسماعيل بن ثابت يروى عن ثابت بن قيس، وعنه الزهري، فنسب إسماعيل إلى جده وظنهما اثنين، فوهم، ولم يدرك إسماعيل جده فإنه قتل باليمامة. قلت: وجزم البخاري في "التاريخ" 1/371 بأنه مرسل، فقال: روى عنه الزهري مرسل، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين غير ثابت بن قيس فمن رجال البخاري. وانظر "الفتح" 6/621. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "1314" من طريق عنبسه، عن يونس، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني أيضاً "1312" من طريق سعيد بن عفير، عن مالك، عن ابن شهاب، عن إسماعيل بن محمد بن ثابت، عن ثابت بن قيس بن شماس أنه قال ... وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" "520" من طريق عمرو بن مرزوق، عن مالك، عن ابن شهاب، عن إسماعيل بن محمد الأنصاري، أن ثابت بن قيس ... فذكره.... وأخرجه الطبراني "1315" من طريق عبيد الله بن عمر، عن الزهري، عن إسماعيل بن محمد بن ثابت بن قيس بن شماس أن ثابت بن قيس ... وأخرجه ابن جرير الطبري في "تفسيره" 26/119 من طريق ابن ثور، وعبد الرزاق "20425" ومن طريقه البيهقي في "دلائل النبوة" 6/355، كلاهما عن معمر، عن الزهري أن ثابت بن قيس بن شماس قال: يا رسول الله ... فذكره، وهو معضل كما ذكر الحافظ. وأخرجه الحاكم 3/234، والبيهقي في "الدلائل" 6/355 من طريق يعقوب بن إبراهيم بن سعد، حدثني أبي، عن ابن شهاب قال: أخبرني إسماعيل بن محمد بن ثابت الأنصاري، عن أبيه، أن ثابت بن قيس قال.. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي، كذا قالا مع أن إسماعيل وأباه لم يخرجا لهما ولا أحدهما. وأخرجه الطبراني "1310" و"1311" و"1313" من طرق عن الزهري، عن محمد بن ثابت، عن ثابت بن قيس بن شماس. وأخرجه الطبري 26/118 عن أبي كريب قال: حدثنا زيد بن الحباب، قال: حدثنا أبو ثابت بن قيس بن الشماس، قال: حدثني عمي إسماعيل بن محمد بن ثابت بن قيس بن شماس، عن أبيه قال: نزلت هذه الآية (لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ) قال: قعد ثابت في الطريق يبكي.. فذكره مطولاً.

اور اس پر ہماری تعریف کی جائے اور مجھے اپنے اندر یہ بات ملتی ہے کہ میں اپنی تعریف کو پسند کرتا ہوں اس طرح اللہ نے اپنے اوپر اترانے سے منع کیا ہے اور مجھے اپنے اندر یہ چیز ملتی ہے کہ میں جمال کو پسند کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے اس بات سے بھی منع کیا ہے کہ ہم اپنی آوازیں آپ کی آواز سے بلند کریں اور میں ایک ایسا شخص ہوں جس کی آواز بلند ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ثابت کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تم قابل تعریف زندگی بسر کرو اور شہید ہونے کے عالم میں مارے جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ۔ میں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ ﷺ۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو انہوں نے لائق تعریف زندگی گزاری اور مسیلمہ کذاب کے ساتھ لڑائی کے دن شہید ہوئے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

7168 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ، وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ) (الحجرات: 2)، قَعَدَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ فِيْ بَيْتِهٖ، وَقَالَ: اَنَا الَّذِيْ كُنْتُ اَرْفَعُ صَوْتِيْ، وَاَجْهَرُ لَهٗ بِالْقَوْلِ، وَاَنَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ، فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرُوْهُ، فَقَالَ: بَلْ هُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، قَالَ اَنَسٌ: فَكُنَّا نَرَاهُ يَمْشِيْ بَيْنَ اَظْهُرِنَا، وَنَحْنُ نَعْلَمُ اَنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْيَمَامَةِ وَكَانَ ذٰلِكَ الِانْكِشَافُ، لَبِسَ ثِيَابَهٗ، وَتَحَنَّطَ وَتَقَدَّمَ، فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

7168- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سليمان بن المغيرة، فمن رجال مسلم وهو في "مسند أبي يعلى". "3331" وأخرجه أحمد 3/137، ومسلم "119" "188" في الأيمان: باب مخافة المؤمن أن يحبط عمله، والبيهقي في "الدلائل" 6/354 من طرق عن سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/137، ومسلم "119" "187"، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/209 من طريق حماد بن سلمة، ومسلم "119" "188"، وأبو يعلى "3427"، والواحدي في "أسباب النزول" ص258 من طريق جعفر بن سليمان، كلاهما عن ثابت، به. وأخرجه البخاري "3613" في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، و"4846" في تفسير سورة الحجرات: باب (لا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ)، وابن الأثير في "أسد الغابة" 1/375 من طريقين عن أزهر بن سعد، عن ابن عون، عن موسى بن أنس، عن أنس. وأخرجه الطبراني "1309" من طريق ابن معين، عن أزهر، عن ابن عون، عن ثمامة بن عبد الله بن أنس، عن أنس. وأخرجه طرفه الأخير بنحوه: الحاكم 3/235، والطبراني "1307" من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس .... وأخرجه البخاري "2845" في الجهاد: باب التحنط عند القتال، من طريق ابن عون، عن موسى بن أنس، قال: وذكر اليمامة قال: أتى أنس بن مالك ثابت بن قيس وقد حسر عن فخذيه وهو يتحنط ... وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 7/548 وزاد نسبته إلى البغوي في "معجم الصحابة" وابن المنذر، وابن مردويه. وانظر الحديث الآتي.

''اے ایمان والو! تم اپنی آوازوں کو نبی اکرم ﷺ کی آواز سے اونچا نہ کرو اور آپ کے سامنے بلند آواز میں بات نہ کرو''۔

7186- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "1982" في الصوم: باب من زار قوماً، فلم يفطر عندهم، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/108 و 188، وابن سعد 8/429، والبخاري بإثر الحديث "1982" تعليقاً، وأبو يعلى "3878"، والبيهقي في "الدلائل" 6/195 من طرق عن حميد، به . لفظ ابن سعد والبيهقي: "تسعة وعشرون ومئة." وأخرجه الطبراني "300"/25 من طريق عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ... أبي طلحة الأنصاري،، عن أنس، عن أم سليم، وفيه: "ولقد دفنت بيدي هاتين مئة من ولدي لا أقول سقطاً، ولا ولد ولد."

ذِكْرُ وَصْفِ تَزَوَّجِ اَبِي طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کرنے کا تذکرہ

7187 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَ اَبُو طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ، فَقَالَتْ لَهُ: مَا مِثْلُكَ يَا اَبَا طَلْحَةَ يُرَدُّ وَلٰكِنِّي امْرَاَةٌ مُسْلِمَةٌ، وَاَنْتَ رَجُلٌ كَافِرٌ، وَلَا يَحِلُّ لِي اَنْ اَتَزَوَّجَكَ، فَاِنْ تُسْلِمْ فَذٰلِكَ مَهْرِي لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهُ، فَاَسْلَمَ، فَكَانَتْ لَهُ فَدَخَلَ بِهَا، فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا صَبِيحًا، وَكَانَ اَبُو طَلْحَةَ يُحِبُّهُ حُبًّا شَدِيدًا، فَعَاشَ حَتّٰى تَحَرَّكَ فَمَرِضَ، فَحَزِنَ عَلَيْهِ اَبُو طَلْحَةَ حُزْنًا شَدِيدًا حَتّٰى تَضَعْضَعَ، قَالَ: وَاَبُو طَلْحَةَ يَغْدُو عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَرُوحُ، فَرَاحَ رَوْحَةً وَمَاتَ الصَّبِيُّ، فَعَمَدَتْ اِلَيْهِ اُمُّ سُلَيْمٍ، فَطَيَّبَتْهُ وَنَظَّفَتْهُ وَجَعَلَتْهُ فِي مِخْدَعِنَا، فَاَتٰى اَبُو طَلْحَةَ، فَقَالَ: كَيْفَ اَمْسٰى بُنَيَّ؟ قَالَتْ: بِخَيْرٍ مَا كَانَ مُنْذُ اشْتَكٰى اَسْكَنَ مِنْهُ اللَّيْلَةَ، قَالَ: فَحَمِدَ اللّٰهَ وَسُرَّ بِذٰلِكَ، فَقَرَّبَتْ لَهُ عَشَاءَهُ، فَتَعَشّٰى ثُمَّ مَسَّتْ شَيْئًا مِنْ طِيبٍ، فَتَعَرَّضَتْ لَهُ حَتّٰى وَاقَعَ بِهَا، فَلَمَّا تَعَشّٰى وَاَصَابَ مِنْ اَهْلِهِ، قَالَتْ: يَا اَبَا طَلْحَةَ رَاَيْتَ لَوْ اَنَّ جَارًا لَكَ اَعَارَكَ عَارِيَّةً، فَاسْتَمْتَعْتَ بِهَا، ثُمَّ اَرَادَ اَخْذَهَا مِنْكَ اَكُنْتَ رَادَّهَا عَلَيْهِ؟ فَقَالَ: اِيْ وَاللّٰهِ، اِنِّي كُنْتُ لَرَادُّهَا عَلَيْهِ، قَالَتْ: طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُكَ؟ قَالَ: طَيِّبَةً بِهَا نَفْسِي، قَالَتْ: فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعَارَكَ بُنَيَّ وَمَتَّعَكَ بِهِ مَا شَاءَ، ثُمَّ قُبِضَ اِلَيْهِ، فَاصْبِرْ وَاحْتَسِبْ، قَالَ: فَاسْتَرْجَعَ اَبُو طَلْحَةَ وَصَبَرَ، ثُمَّ اَصْبَحَ غَادِيًا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثَهُ حَدِيثَ اُمِّ سُلَيْمٍ كَيْفَ صَنَعَتْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمَا فِي لَيْلَتِكُمَا، قَالَ: وَحَمَلَتْ تِلْكَ الْوَاقِعَةَ فَاَثْقَلَتْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِي طَلْحَةَ: اِذَا وَلَدَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ فَجِئْنِي بِوَلَدِهَا، فَحَمَلَهُ اَبُو طَلْحَةَ فِي خِرْقَةٍ، فَجَاءَ

7187- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الطيالسي "2056"، ومن طريقه البيهقي 4/65-66 عن جعفر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرج طرفه الأول: عبد الرزاق "10417"، والنسائي 6/114 في النكاح: باب التزويج على الإسلام، والطبراني "273"/25 من طريق جعفر بن سليمان، به. وأخرجه مطولاً ومختصراً: الطيالسي "2056"، وابن سعد 8/426-427 و432، وأحمد 3/196 و287-288، ومسلم "2144" "22" في الآداب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته، و "107" ص1909-1910 في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي طلحة الأنصاري، وأبو يعلى "3283"، والبيهقي 4/65-66 و9/305 من طريق حماد بن سلمة وسليمان بن المغيرة، عن ثابت، به. وأخرجه ابن سعد 8/431-432، وأحمد 3/105-106، وأبو يعلى "3882" من طريق حميد، عن أنس. وأخرجه ابن سعد 8/433، وأحمد 3/106، والبخاري "5470" في الأطعمة: باب تسمية المولود غداة يولد، ومسلم "2144" "23" من طريق محمد بن سيرين، وأنس بن سيرين، كلاهما عن أنس. وأخرجه ابن سعد 8/426 و431 و433-434، والنسائي 6/114، والطبراني "274"/25 من طريق محمد بن موسى، عن عبد الله بن عبد الله بن أبي طلحة، عن أنس مختصراً. وأخرجه طرفه الأخير ابن سعد 8/433 عن خالد بن مخلد، عن عبد الله بن عمر، عن أم يحيى الأنصارية، عن أنس بن مالك، وانظر الحديث الآتي، والحديث المتقدم برقم. "4531"

بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَمَضَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً، فَمَجَّهَا فِيْ فِيْهِ فَجَعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ طَلْحَةَ: حِبُّ الْأَنْصَارِ التَّمْرَ فَحَنَّكَهُ وَسَمَّى عَلَيْهِ، وَدَعَا لَهُ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ابوطلحہ نے سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کو شادی کا پیغام بھیجا' تو انہوں نے جواب دیا: ابوطلحہ آپ جیسے شخص کے پیغام کو مسترد نہیں کیا جا سکتا لیکن میں ایک مسلمان عورت ہوں اور آپ ایک کافر شخص ہیں میرے لیے آپ کے ساتھ شادی کرنا جائز نہیں ہے' اگر آپ اسلام قبول کر لیتے ہیں' تو یہی میرا مہر ہوگا میں اس کے علاوہ کسی چیز کا آپ سے مطالبہ نہیں کروں گی' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کرلیا پھر سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوگئی وہ حاملہ ہوگئیں انہوں نے ایک خوبصورت بچے کو جنم دیا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اس بچے سے بہت محبت کرتے تھے کچھ عرصہ بعد وہ بچہ بیمار ہوگیا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو اس کی وجہ سے انتہائی افسوس ہوا' یہاں تک کہ وہ کمزور ہوگئے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ صبح وشام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو پیچھے بچے کا انتقال ہوگیا۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے اس بچے کو خوشبو لگائی اسے صاف کیا اور اسے ہمارے چھوٹے کمرے میں لٹا دیا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ گھر آئے اور دریافت کیا: میرے بیٹے کا کیا حال ہے۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اچھی حالت میں ہے' جب سے وہ بیمار ہوا ہے آج رات سب سے زیادہ پرسکون ہے پھر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی اور بہت خوش ہوئے پھر سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے ان کے سامنے رات کا کھانا پیش کیا انہوں نے رات کا کھانا کھایا پھر سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کچھ خوشبو لگائی اور ان کے سامنے آئیں' یہاں تک کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ صحبت کر لی جب انہوں نے رات کا کھانا بھی کھالیا اپنی بیوی سے صحبت بھی کر لی' تو سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کہا: اے ابوطلحہ آپ کی کیا رائے ہے' اگر آپ کے کسی پڑوسی نے آپ کو عاریت کے طور پر کوئی چیز دی ہو اور آپ اس سے فائدہ حاصل کرتے رہیں پھر وہ اس چیز کو آپ سے واپس لینا چاہے' تو کیا آپ وہ چیز اسے واپس کر دیں گے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں اللہ کی قسم میں وہ چیز اسے واپس کردوں گا۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: اپنی خوشی کے ساتھ؟ انہوں نے جواب دیا: اپنی خوشی کے ساتھ' تو سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کہا: اللہ تعالیٰ نے میرا بیٹا آپ کو عاریت کے طور پر دیا تھا جب تک اس نے چاہا آپ نے اس سے نفع حاصل کیا پھر اللہ تعالیٰ نے اس کی روح کو قبض کرلیا' تو اب آپ صبر سے کام لیں اور ثواب کی امید رکھیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور صبر سے کام لیا اگلے دن وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں صبح کے وقت حاضر ہوئے اور آپ کو سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے واقعہ کے بارے میں بتایا یعنی جو کچھ انہوں نے کیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تم دونوں کی گزشتہ رات میں تم دونوں کے لئے برکت رکھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا اس واقعہ سے حاملہ ہوگئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب ام سلیم بچے کو جنم دے' تو اس کے بچے کو میرے پاس لے کر آنا' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اس بچے کو کپڑے میں لپیٹ کر اسے

نبی اکرم ﷺ کے پاس لے آئے۔ نبی اکرم ﷺ نے کھجور کو چبایا اور اسے اس بچے کے منہ میں ڈالا دیا پس بچے نے اسے چوسنا شروع کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: انصار واقعی کھجور سے محبت کرتے ہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے اس بچے کو گھٹی دی اس بچے کا نام رکھا اس کے لئے دعا کی' آپ نے اس کا نام عبداللہ رکھا۔

ذِكْرُ كُنْيَةِ هٰذَا الصَّبِيِّ الْمُتَوَفَّى لِاَبِيْ طَلْحَةَ، وَاُمِّ سُلَيْمٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اور سیدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے فوت ہو جانے والے اس بچے کی کنیت کا تذکرہ

7188 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، كَانَ لَهُ ابْنٌ يُكَنّٰى اَبَا عُمَيْرٍ، قَالَ: فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟ قَالَ: فَمَرِضَ وَاَبُوْ طَلْحَةَ غَائِبٌ فِيْ بَعْضِ حِيطَانِهِ، فَهَلَكَ الصَّبِيُّ، فَقَامَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ، فَغَسَّلَتْهُ، وَكَفَّنَتْهُ وَحَنَّطَتْهُ وَسَجَّتْ عَلَيْهِ ثَوْبًا، وَقَالَتْ: لَا يَكُوْنُ اَحَدٌ يُخْبِرُ اَبَا طَلْحَةَ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا الَّذِيْ اُخْبِرُهُ، فَجَاءَ اَبُوْ طَلْحَةَ كَالًّا، وَهُوَ صَائِمٌ، فَتَطَيَّبَتْ لَهُ وَتَصَنَّعَتْ لَهُ وَجَاءَتْ بِعَشَائِهِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ اَبُوْ عُمَيْرٍ، فَقَالَتْ: تَعَشّٰى وَقَدْ فَرَغَ، قَالَ: فَتَعَشّٰى وَاَصَابَ مِنْهَا مَا يُصِيْبُ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِهِ، ثُمَّ قَالَتْ: يَا اَبَا طَلْحَةَ اَرَاَيْتَ اَهْلَ بَيْتٍ اَعَارُوْا اَهْلَ بَيْتٍ عَارِيَّةً، فَطَلَبَهَا اَصْحَابُهَا اَيَرُدُّوْنَهَا اَوْ يَحْبِسُوْنَهَا، فَقَالَ: بَلْ يَرُدُّوْنَهَا عَلَيْهِمْ، قَالَتْ:

7188– إسناده حسن. عمارة بن زاذان مختلف فيه، روى له أصحاب السنن، ووثقه أحمد، ويعقوب بن سفيان والعجلي، وابن حبان، وقال ابن معين: صالح، وقال أبو زرعة وابن عدي: لا بأس به، وقال أبو حاتم: يكتب حديثه، ولا يحتج به، وقال البخاري: ربما يضطرب في حديثه، وقال الدارقطني: ضعيف يعتبر به. قلت: فمثله يكون حسن الحديث، والطريق الذي قبل هذا يقويه، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير شيبان بن أبي شيبة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أبو يعلى "3398"، وأبو الشيخ مختصراً في "أخلاق النبي" ص33 من طريق شيبان، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد 8/431 عن يحي بن عباد، عن عمارة بن زاذان، به. وأخرجه طرفه الأول: "أبا عمير ما فعل النغير" الطيالسي "2088"، وأحمد3/119 و 171 و 190 و 212، والبخاري "6129" في الأدب: باب الانبساط إلى الناس، و "6203" باب الكنية للصبي، وفي "الأدب ... المفرد" "269"، ومسلم "2150" في الأدب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته، والترمذي "333" في الصلاة: باب ما جاء في الصلاة على البسط، و "1989" في البر: باب ما جاء في المزاح، وابن ماجة "3720" في الأدب: باب في المزاح، وابن السني في "عمل اليوم والليلة" "411"، وأبو عوانة في "المسند" 2/72، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي" ص32 و33-32، والبغوي في "شرح السنة" "3377" من طريق أبي التياح، عن أنس. وأخرجه أحمد3/288، وأبو داود "4969" في الأدب: باب ما جاء في الرجل يتكنى وليس له ولد، وأبو يعلى "3347" من طريق حماد بن سلمة، أحمد223-3/222 من طريق سليمان بن المغيرة، كلاهما عن ثابت، عن أنس. وأخرجه أحمد 3/188 و 201، والبغوي "3378" من طرق عن حميد، عن أنس. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 7/310 من طريق سفيان بن عيينة، عن الزهري، عن أنس. وأخرجه ابن سعد 8/427، والطيالسي "2147" من طريق الجارود، عن أنس. وأخرجه أحمد 3/278 من طريق شعبة، عن قتادة، عن أنس. وأخرجه أبو يعلى "2836"، وأبو الشيخ ص32 من طريق هشام بن حسان عن محمد بن سيرين، عن أنس. وانظر. "4531" والنغير: تصغير النغر، وهو طائر صغير.

احْتَسِبْ اَبَا عُمَيْرٍ، قَالَ: فَغَضِبَ وَانْطَلَقَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ بِقَوْلِ اُمِّ سُلَيْمٍ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمَا فِي غَابِرِ لَيْلَتِكُمَا ، قَالَ: فَحَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ حَتّٰى اِذَا وَضَعَتْ وَكَانَ يَوْمُ السَّابِعِ، قَالَتْ لِي اُمُّ سُلَيْمٍ: يَا اَنَسُ اذْهَبْ بِهٰذَا الصَّبِيِّ وَهٰذَا الْمِكْتَلِ وَفِيهِ شَيْءٌ مِّنْ عَجْوَةٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَكُوْنَ هُوَ الَّذِي يُحَنِّكُهُ وَيُسَمِّيهِ، قَالَ: فَاَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِجْلَيْهِ وَاَضْجَعَهُ فِي حِجْرِهِ، وَاَخَذَ تَمْرَةً فَلَاكَهَا، ثُمَّ مَجَّهَا فِي فِي الصَّبِيِّ، فَجَعَلَ يَتَلَمَّظُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبَتِ الْاَنْصَارُ اِلَّا حُبَّ التَّمْرِ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک بیٹا تھا' جس کی کنیت ابوعمیر تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دریافت کیا کرتے تھے'اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا کا کیا حال ہے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ بیمار ہو گیا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اس وقت اپنے کسی باغ میں گئے ہوئے تھے اس بچے کا انتقال ہو گیا۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا اٹھیں انہوں نے اس بچے کو غسل دیا اسے کفن دیا اسے خوشبو لگائی اور اسے کپڑے میں ڈھانپ دیا۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کوئی بھی شخص ابوطلحہ کو اس بارے میں اطلاع نہ دے میں خود انہیں اس بات کی اطلاع دوں گی پھر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ تھکے ہوئے آئے انہوں نے روزہ رکھا ہوا تھا۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے ان کے لیے خوشبو لگائی اور ان کے لیے تیار ہو گئیں وہ کھانا لے آئیں۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: ابوعمیر کا کیا حال ہے۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کہا: وہ شام کا کھانا کھا کر فارغ ہو چکا ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کھانا کھایا اس کے بعد انہوں نے اپنی اہلیہ کے ساتھ صحبت کی پھر سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کہا: اے ابوطلحہ آپ کا کیا خیال ہے' اگر کسی گھرانے کے لوگ کسی دوسرے گھر والوں کو عاریت کے طور پر کوئی چیز دیں اور پھر اس چیز کے مالکان دوسرے لوگوں سے اس کا مطالبہ کریں' تو کیا وہ دوسرے لوگ اس چیز کو واپس کر دیں گے یا اپنے پاس رکھیں گے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ انہیں وہ چیز انہیں واپس کرنی چاہئے' تو سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کہا: آپ ابوعمیر کے حوالے سے ثواب کی امید رکھیے' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ غصے میں آ گئے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے اور آپ کو سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے قول کے بارے میں بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تم دونوں کی گزشتہ رات میں تم دونوں کو برکت نصیب کرے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا حضرت عبداللہ بن ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے حاملہ ہو گئیں جب انہوں نے اس بچے کو جنم دیا' تو اس کی پیدائش کے ساتویں دن سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے مجھ سے فرمایا: اے انس اس بچے کو لے جاؤ اور یہ برتن بھی لے جاؤ اس میں کچھ عجوہ کھجوریں ہیں انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤ تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے گھٹی دیں اور اس کا نام تجویز کریں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت پاؤں پھیلا کر بیٹھے ہوئے تھے آپ نے اس بچے کو اپنی گود میں لٹایا آپ نے ایک کھجور لی اسے چبایا پھر وہ کھجور اس بچے کے منہ میں ڈال دی' تو اس بچے نے اسے چوسنا شروع کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انصار واقعی کھجوروں سے محبت کرتے ہیں۔

ذِكْرُ اُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

سیّدہ ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا کا تذکرہ

7189 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اُمِّ حَرَامٍ، قَالَتْ:

اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عِنْدَنَا، فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّي، مَا اَضْحَكَكَ؟ قَالَ: رَاَيْتُ قَوْمًا مِنْ اُمَّتِي يَرْكَبُوْنَ هٰذَا الْبَحْرَ كَالْمُلُوكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ، ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ لِي مِثْلَ ذٰلِكَ، قُلْتُ: ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ، فَتَزَوَّجَهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ، فَرَكِبَ وَرَكِبَتْ مَعَهُ، فَلَمَّا قُدِّمَتْ اِلَيْهَا بَغْلَةٌ؛ لِتَرْكَبَهَا انْدَقَّتْ عُنُقُهَا، فَمَاتَتْ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سیّدہ ام حرام رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے یہ بات بتائی ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے آپ نے ہمارے ہاں قیلولہ کیا جب آپ بیدار ہوئے' تو آپ ہنس رہے تھے؟ سیّدہ ام حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ کس بات پر ہنس رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنی امت کے کچھ لوگوں کو دیکھا جو سمندر پر یوں سوار تھے' جس طرح بادشاہ اپنے تخت پر ہوتے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے' جب آپ بیدار ہوئے' تو آپ مسکرا رہے تھے۔ سیّدہ ام حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر یہی سوال کیا' تو آپ نے مجھے اسی کی مانند جواب دیا۔ میں نے عرض کی: آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل کر دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پہلے والوں میں شامل ہو۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) پھر حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے اس خاتون کے ساتھ شادی کر لی۔ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ اور وہ

7189– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وقد تقدم برقم "4608"، ونزيد هنا في تخريجه: أخرجه الدارمي 2/210 من طريق حماد بن زيد، به . وأخرجه مسلم "1912" "62" عن محمد بن رمح بن المهاجر، ويحيى بن يحي، عن الليث، عن يحيى بن سعيد، به . وأخرجه أحمد 3/264 من طريق زائدة، ومسلم "1912" "162" من طريق إسماعيل بن جعفر، كلاهما عن عبد الله بن عبد الرحمن الأنصاري، عن أنس . وأخرجه الطبراني "322"/25 من طريق المختار بن فلفل، أنس . وأخرجه البخاري "2624" في الجهاد: باب ما قيل في قتال الروم، والطبراني "323"/25 من طريق يحيى بن حمزة، عن ثور بن يزيد، عن خالد بن معدان أن عمير بن الأسود العنسي حدثه أنه أتى عبادة بن الصامت وهو نازل في ساحة حمص وهو في بناء له ومعه أم حرام، قال عمير: فحدثتنا أم حرام أنها سمعت النبيَّ صلى الله عليه وسلم.... فذكرته مختصراً. ... وأخرج عبد الرزاق "9629"، ومن طريقه أحمد 6/435 عن معمر، وأخرجه أبو داود "2492" من طريق هشام بن يوسف، عن معمر، والطبراني "325"/25 من طريق حفص بن ميسرة، كلاهما "معمر وحفص" عن زيد بن أسلم، عن عطاء بن يسار أن امرأة حدثته قالت: نام رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم استيقظ، فذكرته بزيادة ونقصان. هذا لفظ أحمد وبنحوه الطبراني وعند عبد الرزاق: "أن امرأة حذيفة"، وعند أبي داود: "عن أخت أم سليم الرميصاء

خاتون سوار ہوکر (سمندری سفر پر روانہ ہوئے) پھر جب وہ سمندری سفر سے واپس آئے تو ایک خچر اس خاتون کے سامنے لایا گیا تا کہ وہ اس پر سوار ہوں تو وہ (اس سے نیچے گر گئیں) ان کی گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی اور ان کا انتقال ہو گیا۔

ذِكْرُ رُؤْيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّ حَرَامٍ فِي الْجَنَّةِ

نبی اکرم ﷺ کا سیدہ ام حرام رضی اللہ عنہا کو جنت میں دیکھنے کا تذکرہ

7190 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشْفَةً، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوا: الرُّمَيْصَاءُ بِنْتُ مِلْحَانَ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: اِلٰى هُنَا هُمُ الْاَنْصَارُ، وَاِنَّا نَذْكُرُ بَعْدَ هٰؤُلَاءِ مِنْ سَائِرِ قَبَائِلِ الْعَرَبِ، مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ مِنْ قُرَيْشٍ، وَلَا الْاَنْصَارِ اِنَّ اللّٰهَ يَسَّرَ ذٰلِكَ وَسَهَّلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا، تو میں نے کسی کی آہٹ سنی۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ تو فرشتوں نے بتایا: یہ رمیصاء بنت ملحان ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہاں تک انصار کا تذکرہ تھا اب ہم ان کے بعد عربوں کے قبائل سے تعلق رکھنے والے (ان صحابہ کرام) کا ذکر کریں گے جن کا شمار قریش سے تعلق رکھنے والے مہاجرین یا انصار میں نہیں ہوتا اگر اللہ تعالیٰ نے اس چیز کو آسان کیا اور اسے سہل کیا۔

ذِكْرُ اَبِيْ عَامِرٍ الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7191 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَزْرَبٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِيْ مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ:

7190- إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه الطبراني "317"/25 من طريق هدبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/239 و 268، ومسلم "2456" في فضائل الصحابة: باب من فضائل أُمِّ سُلَيْمٍ أُمِّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عنها، وابن سعد 8/430، وأبو يعلى "3505" من طرق عن حماد بن سلمة، به. وورد عند بعضهم "الرميصاء"، وعند الآخرين "الغميصاء." وأخرجه ابن سعد 8/429-430، وأحمد 3/106 و 125، والنسائي في "فضائل الصحابة" "278"، والطبراني "318"/25، وابن الأثير في "أسد الغابة" 7/212 من طرق عن حميد، عن أنس. ولفظ: "الغميصاء ملحان."

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَدَ يَوْمَ حُنَيْنٍ لِاَبِيْ عَامِرٍ الْاَشْعَرِيِّ عَلٰى خَيْلِ الطَّلَبِ، فَلَمَّا انْهَزَمَتْ هَوَازِنُ طَلَبَهَا حَتّٰى اَدْرَكَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ، فَاَسْرَعَ بِهٖ فَرَسُهُ، فَقَتَلَ ابْنُ دُرَيْدٍ اَبَا عَامِرٍ، قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى: فَشَدَدْتُ عَلَى ابْنِ دُرَيْدٍ، فَقَتَلْتُهُ، وَاَخَذْتُ اللِّوَاءَ، وَانْصَرَفْتُ بِالنَّاسِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآنِيْ وَاللِّوَاءُ بِيَدِيْ، قَالَ: اَبَا مُوْسٰى قُتِلَ اَبُوْ عَامِرٍ؟، قُلْتُ: نَعَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَرَفَعَ يَدَيْهِ يَدْعُوْ لَهُ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَبَا عَامِرٍ اجْعَلْهُ فِي الْاَكْثَرِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہ کو دشمن کا پیچھا کرنے والے گھڑسواروں کا امیر مقرر کیا جب ہوازن قبیلے سے تعلق رکھنے والے لوگ پسپاء ہوئے' تو حضرت ابوعامر اشعری رضی اللہ عنہ نے ان کا پیچھا کیا' یہاں تک کہ وہ درید بن صمہ تک پہنچ گئے انہوں نے اپنے گھوڑے کو تیز دوڑایا اور پھر ابن درید نے ابوعامر کو شہید کر دیا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ابن درید پر حملہ کر کے اسے مار دیا اور جھنڈا میں نے لے لیا پھر میں لوگوں کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جب آپ نے مجھے دیکھا اور میرے ہاتھ میں جھنڈے کو دیکھا' تو دریافت کیا: اے ابوموسیٰ! کیا ابوعامر شہید ہو گیا ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کر کے ان کے لیے دعا کی آپ نے یہ دعا کی۔

''اے اللہ! ابوعامر کو ان لوگوں میں شامل کر دے جو قیامت کے دن زیادہ (اجر وثواب والے) ہوں گے''۔

ذِكْرُ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7192 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَقْدَمُ قَوْمٌ هُمْ اَرَقُّ اَفْئِدَةً، فَقَدِمَ الْاَشْعَرِيُّوْنَ

7191– حديث صحيح. يحيى بن عبد العزيز: هو أبو عبد العزيز الأردني حديثه عند أبي داود، وروى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"9/250، وقال أبو حاتم: ما بحديثه بأس، وذكره أبو زرعة الدمشقي في تسمية نفر أهل زهد وفضل، وشيخه عبد اللّٰه بن نعيم هو: ابن همام القيني الأردني، ويقال: الدمشقي، ذكره المؤلف في "الثقات"7/9، ونقل ابن خلفون، أن ابن نمير وثقه، وقال أبو الحسين الرازي في نفر ذوي زهد وفضل، وباقي رجاله ثقات وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة.337/1 ولابن عائذ والطبراني في "الأوسط" كما في "الفتح"43-8/42: لما هزم اللّٰه المشركين يوم حنين بعث رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم على خيل الطلب أبا عامر الأشعري وأنا معه، فقتل ابن دريد أبا عامر، فعدلت إليه، فقتلته وأخذت اللواء .. قال الحافظ: سنده حسن. وانظر."7198" ذكر أبي 1 موسى الأشعري رضي اللّٰه تعالى عنه

7192– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة".12/122 وأخرجه أحمد3/182، وأبو يعلى "3845"، والبيهقي في "الدلائل"5/351 من طريق يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد4/106، وأحمد3/105 و182 و262، والنسائي في "فضائل الصحابة" "247" من طرق عن حميد به. وانظر الحديث الآتي.

فِيهِمْ اَبُوْ مُوْسٰى، فَجَعَلُوا يَرْتَجِزُونَ وَيَقُولُونَ:

غَدًا نَلْقَى الْاَحِبَّةَ مُحَمَّدًا وَحِزْبَهُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ لوگ آئیں گے جن کے دل انتہائی نرم ہوں گے (راوی کہتے ہیں) تو اشعر قبیلے کے لوگ آ گئے جن میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بھی تھے وہ لوگ یہ رجز پڑھتے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے آ رہے تھے۔

''کل ہم اپنے محبوب لوگوں سے ملاقات کریں گے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ان کے گروہ سے (ملاقات کریں گے)''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

7193 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ قَوْمٌ اَرَقُّ مِنْكُمْ قُلُوبًا، فَقَدِمَ الْاَشْعَرِيُّونَ، وَفِيهِمْ اَبُوْ مُوْسٰى، فَكَانُوا اَوَّلَ مَنْ اَظْهَرَ الْمُصَافَحَةَ فِي الْاِسْلَامِ، فَجَعَلُوا حِينَ دَنَوا الْمَدِينَةَ يَرْتَجِزُونَ وَيَقُولُونَ:

غَدًا نَلْقَى الْاَحِبَّةَ مُحَمَّدًا وَحِزْبَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے پاس کچھ لوگ آئیں گے جن کے دل انتہائی نرم ہوں گے' تو اشعر قبیلے کے لوگ آ گئے ان میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بھی تھے یہ وہ پہلے لوگ ہیں' جنہوں نے اسلام میں مصافحہ کرنے کا آغاز کیا جب یہ لوگ مدینہ منورہ کے قریب پہنچے' تو یہ لوگ یہ رجز پڑھ رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے۔

''کل ہم اپنے محبوب لوگوں سے یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ان کے ساتھیوں سے ملاقات کریں گے''۔

ذِكْرُ شَهَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَشْعَرِيِّينَ بِهِجْرَتَيْنِ اثْنَتَيْنِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اشعر قبیلے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے لیے دو مرتبہ ہجرت کرنے کی گواہی دینے کا تذکرہ

7194 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنِي اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ اَبِي مُوْسٰى، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

7193– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن سعيد الهمداني، فقد روى له أبو داود، وهو ثقة. وأخرجه أحمد 3/155 و 223 من طريق يحيى بن إسحاق، عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/212 من طريق عبد الصمد، و 251 من طريق عفان، كلاهما عن حماد، عن حميد، به وانظر الحديث السابق.

(متن حدیث): خَرَجْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَحْرِ حَتّٰى جِئْنَا مَكَّةَ، وَاِخْوَتِي مَعِي فِي خَمْسِيْنَ مِنَ الْاَشْعَرِيِّيْنَ وَسِتَّةٍ مِنْ عَكٍّ، قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى: فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ لِلنَّاسِ هِجْرَةً وَاحِدَةً وَلَكُمْ هِجْرَتَيْنِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ سمندری سفر پر روانہ ہوئے تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوں ہم لوگ مکہ آ گئے میرے ساتھ اشعر قبیلے سے تعلق رکھنے والے 50 ساتھی تھے اور عک قبیلے سے تعلق رکھنے والے چھ لوگ تھے۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے لوگوں نے ایک ہجرت کی ہے اور تم نے دو ہجرتیں کی ہیں۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَبَا مُوْسٰى مِنْ مَزَامِيْرِ آلِ دَاوُدَ

اللہ تعالیٰ کا حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو آل داؤد کی سی خوش الحانی عطا کرنے کا تذکرہ

7195 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ * بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ،

7194- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير طلحة بن يحيى وهو ابن طلحة التيمي - فمن رجال مسلم. وأخرجه ابن سعد 4/106، والبخاري "3136" في الخمس: باب ومن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين ما سأل هوازن النبي صلى الله عليه وسلم برضاعه فيهم، فتحلل من المسلمين، و"3876" في مناقب الأنصار: باب هجرة الحبشة، من طريقين عن أبي أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنْ أبيه بنحوه. وأخرجه البخاري "4230" "4231" في المغازي: باب غزوة خيبر، ومسلم "2502" "2503" في فضائل الصحابة: باب من فضائل جعفر وأسماء وأهل سفينتهم رضي الله عنهم، والبغوي "2721" من طريقين عن أبي أسامة، عن بريد بن عبد الله، عن أبي بردة، عن أبيه مطولاً. وزاد فيه قصة أسماء بنت عميس، وفيه قول النبي صلى الله عليه وسلم لها: "ولكم أنتم أهل السفينة هجرتان"، وهذه القطعة قال الحافظ في "الفتح". . . . . 7/486: يحتمل أن تكون من رواية أبي موسى عنها، فتكون من رواية صحابي عن مثله، ويحتمل أن تكون من رواية أبي بردة عنها، ويؤيده قوله بعد هذا: "قال أبو بردة" قالت أسماء." قلت: وقد جعلها المزي في "التحفة" من حديث أبي بردة، عن أسماء. وأخرجه أحمد 4/395 و412.

7195- إسناده صحيح على شرط الشيخين. سفيان ابن عيينة. وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 4/107 عن سفيان بن عيينة، عن الزهري، عن عروة، عن عائشة أو عن عمرة، عن عائشة. وأخرجه أحمد 6/37، والدارمي 1/349، وابن أبي شيبة 10/463 و12/112 والنسائي 181-180/2 في افتتاح الصلاة: باب تزيين القرآن بالصوت، من طريق سفيان، بهذا الإسناد، إلا أنهم ذكروا "عروة" بدل "عمرة." وأخرجه أحمد 6/167، والنسائي في "السنن" 2/181، وفي "فضائل القرآن" "76" من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن الزهري، عن عروة، عن عائشة. . . . . وفي الباب حديث بريدة عند أحمد 5/349 و351 و359، وابن سعد 2/344 و4/107، وابن أبي شيبة 10/463 و12/122، والدارمي 2/473، ومسلم "793" "235" في صلاة المسافرين: باب استحباب تحسين الصوت بالقرآن، والنسائي في "فضائل القرآن" "83"، والبيهقي 10/230 من طريق مالك بن مغول، عن ابن بريدة، عن أبيه. وانظر الحديثين الآتيين. والمزامير جمع مزمار: وهو الآلة التي يزمر بها، والمراد هنا الصوت الحسن، شبه حسن صوته، وحلاوة نغمته بصوت المزمار. قال البغوي في "شرح السنة" 489/

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ قِرَاءَةَ اَبِيْ مُوْسٰى، فَقَالَ: لَقَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِنْ مَزَامِيْرِ آلِ دَاوُدَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو تلاوت کرتے ہوئے سنا' تو فرمایا اسے آل داؤد کی سی خوش الحانی عطا کی گئی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الزُّهْرِيَّ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ اِلَّا مِنْ عَمْرَةَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: زہری نے یہ روایت عمرہ نامی خاتون سے نہیں سنی ہے

7196 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ قِرَاءَةَ اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ، فَقَالَ: قَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِنْ مَزَامِيْرِ آلِ دَاوُدَ

قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: وَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ لِاَبِيْ مُوْسٰى - وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْمَجْلِسِ -: يَا اَبَا مُوْسٰى ذَكِّرْنَا رَبَّنَا فَيَقْرَاُ عِنْدَهُ اَبُوْ مُوْسٰى وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْمَجْلِسِ وَيَتَلَاحَنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی تلاوت کو سنا' تو فرمایا اسے آل داؤد کی سی خوش الحانی عطا کی گئی ہے۔

7196- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم. وأخرجه النسائي 2/180 في افتتاح الصلاة: باب تزيين القرآن بالصوت، عن سليمان بن داود، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/369من طريق محمد بن أبي حفصة، عن................ ابن شهاب، به. وأخرجه أحمد 2/450، وابن سعد 4/107، وابن أبي شيبة 10/463، والدارمي 2/473، وابن ماجة "1341" في إقامة الصلاة: باب في حسن الصوت بالقرآن، والبغوي "1219" من طريق يزيد بن هارون، عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، به. وأخرجه الدارمي 2/472 من طريق يونس، عن ابن شهاب، قال: أخبرني أبو سلمة بن عبد الرحمن أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول لأبي موسى ... فذكره مرسلاً.

[1] هو بالإسناد المتقدم، لكنه مرسل، أبو سلمة لم يسمع من عمر. وأخرجه الدارمي 2/472، وابن سعد 4/109 من طريق يونس، والبيهقي 10/231 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه ابن سعد 4/109 عن كثير بن هشام، حدثنا جعفر بن برقان، قال: حدثنا حبيب بن أبي مرزوق، قال: بلغنا أن عمر بن الخطاب ربما قال لأبي موسى الأشعري: ذكرنا ربنا. فقرأ عليه أبو موسى وكان حسن الصوت بالقرآن.

ابوسلمہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک محفل کے دوران حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوموسیٰ! آپ ہمیں ہمارے پروردگار کی یاد دلائیں (یعنی قرآن کی تلاوت کیجئے) تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے تلاوت کرنا شروع کی وہ اسی محفل میں بیٹھے ہوئے تھے اور وہ خوش الحانی کے ساتھ تلاوت کر رہے تھے۔

ذِكْرُ قَوْلِ اَبِیْ مُوْسٰی لِلْمُصْطَفٰی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَوْ عَلِمَ مَكَانَهُ لَحَبَّرَ لَهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا نبی اکرم ﷺ سے یہ عرض کرنے کا تذکرہ' اگر انہیں نبی اکرم ﷺ کی موجودگی کا علم ہوتا' تو وہ زیادہ عمدہ طریقے سے (تلاوت کرتے)

7197 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْبَرْمَكِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ، قَالَ:

(متن حدیث): اسْتَمَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَتِیْ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا اَصْبَحْتُ، قَالَ: يَا اَبَا مُوْسٰی، اسْتَمَعْتُ قِرَاءَتَكَ اللَّيْلَةَ لَقَدْ اُوْتِيتَ مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِيْرِ آلِ دَاوُدَ ، قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ عَلِمْتُ مَكَانَكَ، لَحَبَّرْتُ لَكَ تَحْبِيرًا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے رات کے وقت میری تلاوت سنی صبح کے وقت نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابوموسیٰ گزشتہ رات میں نے تمہاری تلاوت سنی تھی تمہیں آل داؤد کی سی خوش الحانی عطا کی گئی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر مجھے آپ کی موجودگی کا پتہ ہوتا' تو میں اور زیادہ خوبصورتی کے ساتھ تلاوت کرتا۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِیْ مُوْسٰی بِمَغْفِرَةِ ذُنُوْبِهِ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے لیے ان کے ذنوب کی مغفرت کی دعا کرنے کا تذکرہ

7198 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ

7197– إسناده على شرط مسلم . وأخرجه مسلم "793" "236" في صلاة المسافرين: باب استحباب تحسين الصوت بالقرآن، والبيهقي 10/230-231 من طريق داود بن رشيد، عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري "5048" في فضائل القرآن: باب حسن الصوت بالقراءة للقرآن، والترمذي "3855" في المناقب: باب في مناقب أبي موسى الأشعري رضي الله عنه، من طريق أبي يحيى الحماني، عن بريد بن عبد الله، عن أبي بردة، به. وأخرجه الحاكم 3/466 من طريق خالد بن نافع الأشعري، عن سعيد بن أبي بردة، عن أبي بردة، عن أبي موسى، وصححه ووافقه الذهبي، وذكره الهيثمي في "المجمع" 9/359-360 وقال: رواه الطبراني ورجاله على شرط الصحيح غير خالد بن نافع الأشعري، ووثقه ابن حبان، وضعفه جماعة . ولابن سعد 4/108 بإسناد على شرط مسلم من حديث أنس أن أبا موسى الأشعري قام ليلة يصلي، فسمع أزواج النبي صلى الله عليه وسلم صوته - وكان حلو الصوت - فقمن يستمعن، فلما أصبح، قيل له: إن النساء كن يستمعن، فقال: لو علمت لحبرته لهن تحبيراً، والتحبير: أي التحسين.

أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی، قَالَ:

(متنِ حدیث): لَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ، بَعَثَ اَبَا عَامِرٍ عَلٰی جَيْشٍ اِلٰی اَوْطَاسَ، فَلَقِیَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ، فَقَتَلَ دُرَيْدًا وَهَزَمَ اللّٰهُ اَصْحَابَهُ، وَرُمِیَ اَبُوْ عَامِرٍ فِیْ رُكْبَتِهٖ رَمَاهُ رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ جُشَمٍ بِسَهْمٍ، فَاَثْبَتَهُ فِیْ رُكْبَتِهٖ، فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا عَمِّ مَنْ رَمَاكَ؟ فَاَشَارَ اِلٰی اَنْ ذَاكَ قَاتِلِی، يُرِيْدُ ذٰلِكَ 24
الَّذِیْ رَمَانِیْ، قَالَ اَبُوْ مُوْسٰی: فَقَصَدْتُ لَهٗ فَلَحِقْتُهٗ، فَلَمَّا رَآنِیْ وَلّٰی عَنِّیْ ذَاهِبًا، فَاتَّبَعْتُهٗ وَجَعَلْتُ اَقُوْلُ: اَلَا تَسْتَحِیْ، اَلَا تَثْبُتُ؟ اَلَا تَسْتَحِیْ اَلَسْتَ عَرَبِيًّا؟ فَكَفَّ فَالْتَقَيْتُ اَنَا وَهُوَ فَاخْتَلَفْنَا، فَضَرَبْتُهٗ بِالسَّيْفِ، فَقَتَلْتُهٗ، ثُمَّ رَجَعْتُ، فَقُلْتُ: قَدْ قَتَلَ اللّٰهُ صَاحِبَكَ، قَالَ: فَانْزِعْ هٰذَا السَّهْمَ، فَنَزَعْتُهٗ، فَنَزَلَ مِنْهُ الْمَاءُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِیْ، انْطَلِقْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَقْرِئْهُ مِنِّی السَّلَامَ، وَقُلْ لَهٗ: يَقُوْلُ لَكَ اسْتَغْفِرْ لِیْ، قَالَ: وَاسْتَخْلَفَنِیْ اَبُوْ عَامِرٍ وَّمَكَثَ يَسِيْرًا، ثُمَّ اِنَّهٗ مَاتَ، فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ فِیْ بَيْتٍ عَلٰی سَرِيْرٍ، وَقَدْ اَثَّرَ السَّرِيْرُ بِظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَنْبَيْهِ، فَاَخْبَرْتُهٗ خَبَرَنَا وَخَبَرَ اَبِیْ عَامِرٍ، وَقُلْتُ لَهٗ: اِنَّهٗ قَالَ: قُلْ لَهٗ يَسْتَغْفِرْ لِیْ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ، فَتَوَضَّاَ مِنْهُ وَرَفَعَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ اَبِیْ عَامِرٍ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِنْ خَلْقِكَ، فَقُلْتُ: وَلِیْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاسْتَغْفِرْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهٗ، وَاَدْخِلْهُ مُدْخَلًا كَرِيْمًا، قَالَ اَبُوْ بُرْدَةَ: اَحَدُهُمَا لِاَبِیْ عَامِرٍ، وَاَحَدُهُمَا لِاَبِیْ مُوْسٰی.

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ حنین سے فارغ ہوئے تو آپ نے ابوعامر

7198– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وهو فى "مسند أبى يعلى" ورقة.341/2. وأخرجه البيهقى فى "دلائل النبوة "153-5/152 من طريق أبى يعلى أحمد بن على بن المثنى، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى "2884" فى الجهاد: باب نزع السهم من البدن، و "4323" فى المغازى: باب غزوة أوطاس، و "6383" فى الدعوات: باب الدعاء عند الوضوء، ومسلم "2498" فى فضائل الصحابة: باب من فضائل أبى موسى وأبى عامر الأشعريين، والبغوى "1398" من طريق محمد بن العلاء، به . وأخرجه مسلم "2498" عن عبد الله بن براد، عن أبى عامر الأشعرى، عن أبى أسامة، به . وانظر الحديث رقم . "7191" 7199– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يونس بن أبى إسحاق، فمن رجال مسلم . وأخرجه البيهقى 3/222 من طريق ابن خزيمة، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائى فى "فضائل الصحابة" "199"، والحاكم 1/285، والبيهقى 3/222 من طريق أبى عمار الحسين بن حريث، به، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى. وأخرجه النسائى "199" عن محمد بن عبد العزيز بن غزوان، عن الفضل بن موسى، به . وأخرجه أحمد 4/359 و360 و 364، وابن أبى شيبة 153-12/152، والطبرانى "2483"، والحاكم 1/285 من طرق عن يونس بن أبى إسحاق، به . وذكره الهيثمى فى "المجمع" 9/372 وقال، رواه أحمد والطبرانى فى "الكبير" و "الأوسط" باختصار عنهما , وأسانيد الكبير ورجاله رجال الصحيح. وأخرجه مختصراً الحميدى "800"، والنسائى "197"، والطبرانى "2258" من طريق سفيان، عن إسماعيل بن أبى خالد، عن قيس بن أبى حازم، عن جرير بن عبد الله. وزاد فى أوله: "ما رآنى رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا تبسم فى وجهى."وأخرجه الطبرانى "2498" من طريق أبى كدينة بحيى بن المهلب، عن قابوس بن أبى ظبيان، عن أبيه عن جرير.

24
24

کو ایک لشکر کا امیر بنا کر اوطاس قبیلے کی طرف بھیجا ان کا سامنا درید بن صمہ سے ہوا انہوں نے درید کو قتل کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھیوں کو قتل کر دیا۔ حضرت ابو عامر رضی اللہ عنہ کے گھٹنے میں تیر لگا' جو بنو جشم سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے انہیں مارا تھا وہ گھٹنا پکڑ کر جھک گئے میں ان کے پاس آیا میں نے دریافت کیا: اے چچا جان آپ کو کس نے تیر مارا ہے' تو انہوں نے اشارہ کیا وہ شخص میرا قاتل ہے ان کی مراد یہ تھی کہ اس شخص نے مجھے تیر مارا ہے' تو حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اس شخص کی طرف بڑھا میں اس تک پہنچ گیا جب اس نے مجھے دیکھا' تو وہ منہ پھیر کر بھاگ کھڑا ہوا میں اس کے پیچھے گیا اور ساتھ ساتھ میں یہ کہہ رہا تھا کیا تمہیں شرم نہیں آتی کیا تم رکتے نہیں ہو کیا تمہیں شرم نہیں آتی کیا تم عرب نہیں ہو اس پر وہ شخص رک گیا پھر میرا اور اس کا سامنا ہوا ہم دونوں نے ایک دوسرے سے مقابلہ کیا میں نے اس پر تلوار کا وار کر کے اسے قتل کر دیا پھر میں واپس آیا میں نے کہا: (یعنی میں نے ابو عامر سے کہا) اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو قتل کروا دیا (جس نے آپ کو تیر مارا تھا) حضرت ابو عامر رضی اللہ عنہ نے کہا: اس تیر کو باہر نکالو اس تیر کو باہر نکالا' تو اس میں سے پانی نکلا۔ انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں میرا اسلام عرض کرنا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کرنا کہ ابو عامر نے آپ سے درخواست کی ہے آپ میرے لیے دعائے مغفرت کیجئے۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابو عامر رضی اللہ عنہ نے مجھے اپنا نائب مقرر کیا تھوڑی دیر کے بعد ان کا انتقال ہو گیا جب میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت گھر میں ایک پلنگ پر موجود تھے اس پلنگ کے نشان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت اور پہلو پر نمایاں تھے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اور ابو عامر کے واقعے کے بارے میں بتایا میں نے آپ کی خدمت میں گزارش کی حضرت ابو عامر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہنا: میرے لیے دعائے مغفرت کر دیں۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا۔ آپ نے اس کے ذریعے وضو کیا پھر آپ نے دونوں ہاتھ بلند کیے پھر یہ دعا کی۔

''اے اللہ اپنے ادنیٰ بندے ابو عامر کی مغفرت کر دے اے اللہ قیامت کے دن اسے اپنی مخلوق کے بہت سے افراد میں بلند مرتبہ عطا کرنا''۔

(حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بھی دعائے مغفرت کیجئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی۔

''اے اللہ عبداللہ بن قیس کے گناہوں کی مغفرت کر دے اور اسے عزت والے مقام میں داخل کر دے''۔

اس حدیث کے راوی ابو بردہ (جو حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے ہیں) وہ یہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دعا ابو عامر کے لئے کی تھی ایک دعا حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے لئے کی تھی۔

ذِكْرُ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7199 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ

بْنُ مُوْسٰى، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا دَنَوْتُ مِنْ مَدِيْنَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَخْتُ رَاحِلَتِي، وَحَلَلْتُ عَيْبَتِي، فَلَبِسْتُ حُلَّتِي، فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَسَلَّمَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَمَانِي النَّاسُ بِالْحَدَقِ، فَقُلْتُ لِجَلِيسِي: يَا عَبْدَ اللّٰهِ هَلْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَمْرِي شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، ذَكَرَكَ بِاَحْسَنِ الذِّكْرِ، بَيْنَمَا هُوَ يَخْطُبُ اِذْ عَرَضَ لَهُ فِيْ خُطْبَتِهِ، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَدْخُلُ عَلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا الْبَابِ، اَوْ مِنْ هٰذَا الْفَجِّ مِنْ خَيْرِ ذِيْ يَمَنٍ، وَاِنَّ عَلٰى وَجْهِهِ مَسْحَةَ مَلَكٍ، فَحَمِدْتُ اللّٰهَ عَلٰى مَا اَبْلَانِي.

❀❀ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کے قریب ہوا' تو میں نے اپنی سواری کو بٹھا دیا میں نے اپنا لباس تبدیل کیا اور حلہ پہن لیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ اس وقت خطبہ دے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سلام کیا لوگوں نے میری طرف غور سے دیکھنا شروع کیا میں نے اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے شخص سے دریافت کیا: اے اللہ کے بندے! کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے متعلق کچھ ذکر کیا ہے' اس نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی عمدہ طور پر تمہارا ذکر کیا ہے' اس وقت جب آپ خطبہ دے رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبے کے دوران یہ ارشاد فرمایا: اس دروازے سے تمہارے سامنے ایک شخص داخل ہوگا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس راستے سے ایک شخص آئے گا' جو انتہائی برکت والا ہوگا اس کے چہرے کو فرشتے نے چھوا ہوگا (راوی کہتے ہیں) تو میں نے اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی کہ اس نے مجھے یہ چیز عطا کی۔

ذِكْرُ تَبَسُّمِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجْهِ جَرِيْرٍ اَيَّ وَقْتٍ رَآهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو کسی بھی وقت دیکھ کر مسکرا دینے کا تذکرہ

7200 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتٍ، وَاَبُوْ عَرُوْبَةَ، وَعِدَّةٌ، قَالُوْا:

7200– حديث صحيح. أبو حاتم سهل بن محمد روى له أبو داود والنسائي، وهو صدوق، وأبو جابر: هو محمد بن عبد الملك الأزدي، صاحب شعبة، ذكره المؤلف في "الثقات" 9/64 وقال: أصله من واسط، يروي عن ابن عون وهشام بن حسان، سكن مكة، وروى عنه أبو حاتم السجستاني وأهل العراق، مات سنة 211هـ، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين، وقيس: هو ابن أبي حازم. وأخرجه الطبراني "2222" عن أحمد بن عمرو البزار، عن أبي حاتم سهل بن محمد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/152، وأحمد 4/358 و 362، والبخاري "3035" في الجهاد: باب من لايثبت على الخيل، و "6089" في الأدب: باب التبسم والضحك، ومسلم "2475" "135" في فضائل الصحابة: باب من فضائل جرير بن عبد الله، والطبراني "2219" و "2220" و "2221" و "2223" من طرق عن إسماعيل، به. وأخرجه أحمد 4/359، والترمذي "3820"، وابن الأثير في "أسد الغابة" 1/334 من طرق زائدة، والبخاري "3822" في مناقب الأنصار: باب ذكر جرير بن عبد الله، ومسلم "2475" "134" من طريق خالد بن عبد الله، كلاهما عن بيان، عن قيس، به. وانظر الحديث السابق.

حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَابِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ،

(متن حدیث): قَالَ: مَا حَجَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ، وَلَا رَآنِيْ اِلَّا تَبَسَّمَ فِيْ وَجْهِيْ

❁❁ حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی مجھ سے پردہ نہیں کیا آپ جب بھی مجھے دیکھتے تھے تو مجھے دیکھ کے مسکرا دیتے تھے۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بِالْهِدَايَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو ہدایت کی دعا دینے کا تذکرہ

7201 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ بَيْتًا كَانَ لِخَثْعَمٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ يُسَمَّى الْكَعْبَةَ الْيَمَانِيَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ رَجُلٌ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، قَالَ: فَمَسَحَ صَدْرِيْ، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَهَا

❁❁ حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: کیا تم ذی خلصہ کے حوالے سے مجھے راحت نہیں پہنچاؤ گے (راوی کہتے ہیں) یہ زمانہ جاہلیت میں خثعم قبیلے کا بت کدہ تھا' جسے یمنی کعبہ کہا جاتا تھا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایک ایسا شخص ہوں' جو گھوڑے پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سینے پر ہاتھ پھیرا' آپ نے ارشاد فرمایا: ''اے اللہ اسے ہدایت دینے والا اور ہدایت کا مرکز بنادے''۔

راوی کہتے ہیں' یہاں تک کہ میں نے آپ کے دست مبارک کی ٹھنڈک کو محسوس کیا۔

ذِكْرُ تَبْرِيْكِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَحْمَسَ وَخَيْلِهَا مِنْ اَجْلِ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

7201– إسناده صحيح على شرط الشيخين. هو في "مصنف ابن أبي شيبة ".12/153 وأخرجه البخاري "3036" في الجهاد: باب من لايثبت على الخيل، و "6090" في الأدب: باب التبسم والضحك، ومسلم "2475" "135" في فضائل الصحابة: باب من فضائل جرير بن عبد الله، والنسائي في "فضائل الصحابة" "198" وفي "عمل اليوم والليلة" "524"، وابن ماجة "2254" من طرق عن إسماعيل بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي ..... وقوله: "ذو الخلصة" قال ياقوت في "معجم البلدان" 2/383: "الخلصة" مضاف إليها "ذو" بفتح أوله وثانيه، ويروى بضم أوله وثانيه، والأول أصح، والخلصة في اللغة: نبت طيب الريح يتعلق بالشجر له حب كعنب الثعلب، وجمع الخلصة: خلص: وهو بيت أصنام كان لدوس وخثعم وبجيلة ومن كان ببلادهم من العرب وهو صنم لهم فأحرقه جرير بن عبد الله البجلي حين بعثه النبي صلى الله عليه وسلم ... وانظر "الفتح" .7/71-72.

نبی اکرم ﷺ کا احمس قبیلے کے لوگوں اور اس کے گھڑ سواروں کے لیے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی وجہ سے برکت کی دعا دینے کا تذکرہ

7202 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا جَرِيْرُ، اِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنْ طَوَاغِيتِ الْجَاهِلِيَّةِ اِلَّا بَيْتُ ذِى الْخَلَصَةِ، فَاكْفِنِيهِ، قَالَ: فَخَرَجْتُ فِیْ سَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ مِنْ قَوْمِیْ، فَاَحْرَقْنَاهُ، وَبَعَثْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُبَشِّرُهُ يُكَنَّى اَبَا اَرْطَاةَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا جِئْتُكَ حَتّٰى تَرَكْتُهُ مِثْلَ الْبَعِيرِ الْاَجْرَبِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِیْ خَيْلِ اَحْمَسَ وَرِجَالِهَا

❀❀ حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے جریر زمانہ جاہلیت کے عبادت کدوں میں صرف ذوخلصہ باقی رہ گیا ہے تم میری طرف سے اسے بھی ختم کردو۔ راوی کہتے ہیں: تو میں اپنی قوم کے ستر افراد کے ہمراہ روانہ ہوا ہم نے اسے جلا دیا میں نے ایک شخص کو نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بھیجا تاکہ وہ آپ کو خوشخبری سنا دے اس کی کنیت ابوارطاۃ تھی اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم میں اس وقت آپ کے پاس آیا ہوں جب میں نے اس بت خانے کو خارش زدہ اونٹ کی طرح چھوڑا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ احمس قبیلے کے گھڑ سواروں اور ان کے پیادہ افراد کو برکت نصیب کر۔

ذِكْرُ اَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

عبدالقیس قبیلے سے تعلق رکھنے والے حضرت اشج رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7203 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ حَسَّانَ التَّيْمِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُثَنّٰى الْعَبْدِيُّ اَبُوْ مُنَازِلٍ اَحَدُ بَنِیْ غَنْمٍ، عَنِ الْاَشَجِّ

7202- "بن محمد " ساقط من الأصل، واستدرك من "التقاسيم.". 3. إسناده صحيح. الربيع بن ثعلب: روى عنه جمع، وذكره ابن حبان في "الثقات" 8/240 ووثقه الدارقطني وصالح جزرة فيما نقله عنهما الخطيب في ..... "تاريخه" 8/418، وقال يحيى بن معين: رجل صالح، وقال أبو العباس السراج: كان من خيار المسلمين توفي سنة 238هـ. وأبو إسماعيل المؤدب - هو إبراهيم بن سليمان الأردني - روى له ابن ماجة، وثقة الدارقطني والعجلي وأبو داود، وقال أحمد وابن معين والنسائي: ليس به بأس، وذكره المؤلف في "الثقات" وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه الحميدي "801"، وأحمد 4/360 و 362، والبخاري "3020" في الجهاد: باب حرق الدور والنخيل، و "3076" باب البشارة في الفتوح، و "4356" و "4357" في المغازي: باب غزوة ذي الخلصة، و "6333" في الدعوات: باب قول الله تبارك وتعالى: (وَصَلِّ عَلَيْهِمْ)، ومسلم "2476" "137" في فضائل الصحابة: باب من فضائل جرير بن عبد الله، وأبو داود "3772" في الجهاد: باب في بعثة البشراء، والطبراني "2252" و "2253" و "2255" و "2256" و "2257"، والبيهقي 9/174 من طرق عن إسماعيل، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "3823" في مناقب الأنصار: باب ذكر جرير، و "4355"، ومسلم "2476" "136" من طريقين عن بيان، عن قيس، به.

الْعَصَرِيّ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الْمَقْبُرَةِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ، وَدِدْتُ اَنِّي قَدْ رَاَيْتُ اِخْوَانَنَا، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَسْنَا اِخْوَانَكَ، قَالَ: بَلْ اَنْتُمْ اَصْحَابِي، وَاِخْوَانُنَا الَّذِينَ لَمْ يَاْتُوا بَعْدُ، وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَى الْحَوْضِ، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ يَاْتِي بَعْدَكَ مِنْ اُمَّتِكَ؟ قَالَ: اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ لِرَجُلٍ خَيْلٌ غُرٌّ مُحَجَّلَةٌ فِي خَيْلٍ دُهْمٍ بُهْمٍ اَلَا يَعْرِفُ خَيْلَهُ؟ قَالُوْا: بَلَى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنَّهُمْ يَاْتُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنَ الْوُضُوءِ، وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَى الْحَوْضِ، فَلَيُذَادَنَّ رِجَالٌ عَنْ حَوْضِي كَمَا يُذَادُ الْبَعِيرُ الضَّالُّ، اُنَادِيهِمْ اَلَا هَلُمَّ اَلَا هَلُمَّ، فَيُقَالُ: اِنَّهُمْ بَدَّلُوا بَعْدَكَ، فَاَقُوْلُ: فَسُحْقًا فَسُحْقًا فَسُحْقًا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبرستان تشریف لے گئے۔ آپ نے فرمایا۔

''اے اہل ایمان کی قوم کی بستی والو! تم پر سلام ہو۔ اگر اللہ نے چاہا' تو ہم بھی تم سے آملیں گے''۔

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) میری یہ خواہش تھی کہ میں اپنے بھائیوں کو دیکھ لیتا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ تم میرے اصحاب ہو۔ میرے بھائی وہ لوگ ہیں' جو بعد میں آئیں گے۔ میں حوض کوثر پر ان کا پیش رو ہوں گا۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی امت کے جو لوگ آپ کے بعد آئیں گے۔ آپ ان کو کیسے پہچانیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے' اگر کسی شخص کے پاس ایسا گھوڑا ہو جس کی پیشانی پر سفید نشان ہو اور وہ گھوڑا سیاہ گھوڑوں کے درمیان موجود ہو کیا وہ شخص اپنے گھوڑے کو پہچان نہیں لے گا۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' تو جب وہ لوگ بھی قیامت کے دن آئیں گے' تو وضو کرنے کی وجہ سے ان کی پیشانیاں چمک رہی ہوں گی' اور حوض کوثر پر میں ان کا پیش رو ہوں گا' اور کچھ لوگوں کو میرے حوض سے یوں پرے کیا جائے گا' جس طرح گمشدہ اونٹ کو پرے کیا جاتا ہے۔ میں انہیں پکاروں گا ادھر آؤ ادھر آؤ' تو یہ کہا جائے گا: ان لوگوں نے آپ کے بعد (دین کے احکام میں) تبدیلی کر دی تھی' تو میں کہوں گا: پرے ہو جاؤ پرے ہو جاؤ۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْعَلَامَةَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا هِيَ لِاُمَّةِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَ غَيْرِهَا مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' وہ علامت جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے ساتھ مخصوص ہے دیگر امتوں میں یہ نہیں ہوگی

7241 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ حَوْضِي لَاَبْعَدُ مِنْ اَيْلَةَ اِلٰى عَدْنَ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَآنِيَتُهُ اَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ النُّجُوْمِ، وَلَهُوَ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، اِنِّيْ لَاَذُوْدُ عَنْهُ الرِّجَالَ كَمَا يَذُوْدُ الرَّجُلُ الْاِبِلَ الْغَرِيْبَةَ عَنْ حَوْضِهٖ ، فَقِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَتَعْرِفُنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، تَرِدُوْنَ عَلَيَّ غُرًّا مُحَجَّلِيْنَ مِنْ آثَارِ الْوُضُوْءِ لَيْسَ لِاَحَدٍ غَيْرِكُمْ

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاَبْعَدُ مِنْ اَيْلَةَ اِلٰى عَدْنَ تَاْكِيْدٌ فِي الْقَصْدِ لَا اَنَّهٗ اَبْعَدُ مِنْهُمَا.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میرا حوض اس سے زیادہ بڑا ہے جتنا ایلہ سے لے کر عدن تک کا فاصلہ ہے اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اس حوض کے برتن ستاروں کی تعداد سے زیادہ ہیں اور اس کا مشروب دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اس حوض سے کچھ لوگوں کو پرے کیا جائے گا جس طرح کوئی شخص اپنے حوض سے اجنبی اونٹوں کو پرے کرتا ہے تو عرض کی گئی یارسول اللہ! کیا آپ ہمیں پہچان لیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ تم میرے پاس چمکدار پیشانیوں کے ساتھ آؤ گے جو وضو کرنے کی وجہ سے ہوگی (یہ علامت) تمہارے علاوہ کسی کی نہیں ہوگی''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اس سے زیادہ دور ہے جتنا ایلہ سے لے کر عدن تک کا فاصلہ ہے'' یہاں مقصود میں تاکید پیدا کرنا مراد ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ وہ ان دونوں سے زیادہ دور ہوگا۔

ذِكْرُ وَصْفِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فِي الْقِيَامَةِ بِآثَارِ وُضُوْئِهِمْ فِي الدُّنْيَا

قیامت کے دن اس امت کی اس صفت کا تذکرہ جو دنیا میں ان کی وضو کے نشانات کی وجہ سے ہوگی

7242 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ،

(متن حدیث):اَنَّهُمْ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ تَرَ مِنْ اُمَّتِكَ؟ قَالَ: غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ بُلْقٌ مِّنْ آثَارِ الطُّهُوْرِ

7241– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سعد بن طارق، فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم "248" في الطهارة: باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء ، وابن ماجه "4302" في الزهد: باب ذكر الحوض، عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد.

7242– إسناده حسن، عاصم: هو ابن بهدلة، وزر: هو ابن حبيش. وهو في "مسند أبي يعلى" "5048"، وهو "1048" ...

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ان لوگوں کو کیسے پہچانیں گے۔ جن کا تعلق آپ کی امت سے ہے اور آپ نے انہیں دیکھا نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ وضو کے آثار کی وجہ سے چمکدار پیشانیوں والے ہوں گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ التَّحْجِيلَ بِالْوُضُوءِ فِي الْقِيَامَةِ اِنَّمَا هُوَ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ فَقَطْ، وَاِنْ كَانَتِ الْاُمَمُ قَبْلَهَا تَتَوَضَّاُ لِصَلَاتِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قیامت کے دن وضو کی وجہ سے اعضاء کا چمکنا صرف اس امت کی خصوصیت ہے' اگرچہ پہلے کی امتیں بھی نماز کے لیے وضو کیا کرتی تھیں

7243 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرِدُوْنَ غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنَ الْوُضُوءِ سِيَّمَا اُمَّتِيْ لَيْسَ لِاَحَدٍ غَيْرِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تم لوگ وضو کی وجہ سے چمکدار پیشانیوں کے ساتھ (میرے حوض پر) آؤ گے۔ یہ میری امت کا مخصوص علامتی نشان ہے' جو ان کے علاوہ اور کسی کا نہیں ہوگا''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ دُخُوْلِ اَقْوَامٍ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اس امت کے کچھ لوگ جنت میں کسی حساب کے بغیر داخل ہوں گے

7244 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَخْبَرَنَا

7243– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى مالك الأشجعي - وهو سعد بن طارق - فمن رجال مسلم. أبو حازم: هو سلمان الأشجعي. وهو مكرر الحديث رقم ."1049"

7244– إسناده صحيح على شرط الشيخين . محمد بن زياد: هو الجمحي. وأخرجه أحمد 2/456، ومسلم "216" و "368" في الإيمان: باب الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب، وابن منده في "الإيمان" "973" من طريق محمد بن جعفر، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/328، وابن منده "973" من طريق أبي الوليد الطيالسي، عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 2/302، ومسلم "216" "367"، وابن منده "974" و "975" من طرق عن محمد بن زياد، به . وأخرجه أحمد 2/400-401، والبخارى "5811" في اللباس: باب البرود والحبرة والشملة، و "216" "369"، وابن منده "970" و "971"، والبيهقي في "السنن" 10/139، والبغوى "4323" من طريقين عن الزهرى، عن سعيد بن المسيب، عن ابى هريرة . وأخرجه أحمد 2/502 عن يزيد، عن محمد، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، به .وأخرجه بطوله أحمد 2/351 من طريق ابن لهيعة، عن أبي يونس عن ابي هريرة. وأخرجه مسلم "217"، وابن منده "972"

مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث):قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ مِنْ اُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، قَالَ: فَقَالَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ: ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ، فَقَالَ اٰخَرُ: ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ فِعْلٍ مَاضٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِيْ مِنْ اَجْلِهِ اُطْلِقَ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ، وَذٰلِكَ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَعَا لِعُكَّاشَةَ، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَامَ الْاٰخَرُ فَلَوْ دَعَا لَهُ لَقَامَ الثَّالِثُ وَالرَّابِعُ، وَخَرَجَ الْاَمْرُ اِلٰى مَا لَا نِهَايَةَ لَهُ وَلَبَطَلَ وَعِيْدُ اللّٰهِ جَلَّ، وَعَلَا لِمَنِ ارْتَكَبَ الْمَزْجُوْرَاتِ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّدْخِلَهُمُ النَّارَ، فَحَسَمَهُمْ ذٰلِكَ عَنْ نَفْسِهِ بِلَفْظَةِ اِخْبَارٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنْهُ.

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میری امت کے ستر ہزار لوگ کسی حساب کے بغیر جنت میں داخل ہوں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے ان میں شامل کرلے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! تو اسے ان میں شامل کرلے۔ ایک اور صاحب نے عرض کی: آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے ان میں شامل کرلے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس حوالے سے عکاشہ تم پر سبقت لے گیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اس حوالے سے عکاشہ تم پر سبقت لے گیا ہے'' اس میں لفظی طور پر گزرے ہوئے زمانے سے متعلق ایک فعل کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے۔ لیکن اس کے ذریعے مراد اس چیز سے منع کرنا ہے جس کے ذریعے یہ الفاظ مطلق طور پر استعمال ہوئے ہیں' اور وہ یہ کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کے لیے یہ دعا کردی اور یہ کہہ دیا کہ اے اللہ! تو اسے ان میں شامل کردے' تو دوسرے صاحب کا کھڑے ہونا (مناسب نہیں ہے) کیونکہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لیے دعا کردیتے' تو پھر کوئی تیسرا اور چوتھا شخص بھی کھڑا ہو جاتا' اور معاملہ ایک ایسی صورت کی طرف چلا جاتا' جس کی کوئی انتہا نہیں ہے' اور اللہ تعالیٰ کی وعید جو ان لوگوں کے لیے ہے۔ جن کا تعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے ہوگا' اور وہ ممنوعہ چیزوں کے مرتکب ہوں گے وہ باطل ہو جاتی (وہ وعید یہ ہے) کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو جہنم میں داخل کرے گا' تو اس لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظی طور پر اطلاع کے ذریعے اپنے آپ کو اس طرح کی چیزوں سے روک لیا' اور اس سے مراد اس سے منع کرنا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ عَدَدِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو اس امت سے تعلق رکھنے والے اہل جنت کی تعداد کے بارے میں ہے

7245 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِىْ كَرِيمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ الْاَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا هُوَ ذَاتُ يَوْمٍ فِىْ بَيْتِ الْمَالِ، اِذْ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا نَبِىُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنْ قُبَّةٍ لَهُ مِنْ اَدَمٍ، فَقَالَ: اَلَا تَرْضَوْنَ اَنْ تَكُوْنُوا رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: وَثُلُثُ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟ ، قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ، اِنِّى لَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنُوا نِصْفَ اَهْلِ الْجَنَّةِ، اِنَّ مَثَلَ الْمُسْلِمِيْنَ فِى الْكُفَّارِ كَالْبَقَرَةِ الْبَيْضَاءِ فِيْهَا الشَّعْرَةُ السَّوْدَاءُ، اَوْ كَالْبَقَرَةِ السَّوْدَاءِ فِيْهَا الشَّعْرَةُ الْبَيْضَاءُ

✿✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ بیت المال میں موجود تھے تو انہوں نے فرمایا: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چمڑے سے بنے ہوئے خیمے سے باہر نکل کر ہمارے پاس تشریف لائے آپ نے فرمایا: کیا تم لوگ اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تم اہل جنت کا چوتھائی حصہ ہو۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یا اہل جنت کا ایک تہائی حصہ ہو۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے مجھے اس بات کی امید ہے کہ تم اہل جنت کا نصف ہو گے۔ کفار کے درمیان مسلمانوں کی مثال اس طرح ہے جس طرح کوئی سفید گائے ہو جس میں ایک سیاہ بال موجود ہو۔ یا سیاہ گائے ہو جس میں ایک سفید بال موجود ہو۔

7245- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن وهب بن أبى كريمة، فقد روى له النسائى وهو صدوق. محمد بن سلمة: هو ابن عبد الله الباهلى الحرّانى، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن يزيد بن سماك الحرانى، وأبو إسحاق: هو السبيعى. وأخرجه الطيالسى "324"، وأحمد 1/386 و 437 و 438، والبخارى "6528" فى الرقاق: باب كيف الحشر، ومسلم "221" "377" فى الإيمان: باب كون هذه الأمة نصف أهل الجنة، والترمذى "2547" فى صفة الجنة: باب ماجاء فى كم صف أهل الجنة، وابن ماجة "4283" فى الزهد: باب صفة أمة محمد صلى الله عليه وسلم، وأبو عوانة فى "المسند" 88-1/87، والطبرى فى "تهذيب الآثار" فى مسند ابن عباس "705"، والطحاوى فى "مشكل الآثار" "361" و "362" وابن منده فى "الإيمان" "985"، وأبو نعيم فى "الحلية" 4/152، وفى "صفة الجنة" "64" من طريق شعبة، والبخارى "6642" فى الإيمان والنذور: باب كيف كانت يمين النبى صلى الله عليه وسلم، من طريق يوف بن إسحاق بن أبى إسحاق، ومسلم "221" "376"، والطحاوى "364"، وهناد بن السرى فى "الزهد" "195"، وابن منده "987" من طريق أبى الأحوص، وأحمد 1/445، والطحاوى "360" من طريق إسرائيل، ومسلم "221" "378"، وأبو عوانة 1/88، وابن منده "986" من طريق مالك بن مغول، وأبو يعلى "5386" من طريق عمار بن رزيق، والطبرى فى "تفسيره" 7/112، وفى "مسند ابن عباس" "704" من طريق معمر، سبعتهم عن أبى إسحاق السبيعى، به. وسيأتى برقم "7458".

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ عَدَدِ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو ان لوگوں کی تعداد کے بارے میں ہے' جو اس امت سے تعلق رکھتے ہوں گے اور حساب کے بغیر جنت میں داخل ہوں گے

7246 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، وَاَبِي الْيَمَانِ الْهَوْزَنِيِّ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَنِيْ اَنْ يُّدْخِلَ مِنْ اُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعِيْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، فَقَالَ: يَزِيْدُ بْنُ الْاَخْنَسِ السُّلَمِيُّ: وَاللّٰهِ مَا اُولٰئِكَ فِيْ اُمَّتِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا كَالذُّبَابِ الْاَصْهَبِ فِي الذِّبَّانِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ رَبِّيْ قَدْ وَعَدَنِيْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا مَعَ كُلِّ اَلْفٍ سَبْعِيْنَ اَلْفًا وَزَادَنِيْ حَثَيَاتٍ

❀❀ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ میری امت کے ستر ہزار افراد کو بغیر کسی حساب کے جنت میں داخل کرے گا۔ اس پر حضرت یزید بن اخنس سلمی رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ اللہ کی قسم یارسول اللہ! آپ کی امت میں (یہ ستر ہزار لوگ) اس طرح ہوں گے' جس طرح ٹیلے کے مقابلے میں مٹھی بھر ریت ہوتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک میرے پروردگار نے میرے ساتھ یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ ستر ہزار لوگ ہوں گے۔ جن میں سے ہر ایک ہزار کے ساتھ ستر ہزار لوگ ہوں گے' اور اس کے ہمراہ مزید کچھ مزید لپ ہوں گے (یعنی پروردگار بے حد وشمار لوگوں کو جہنم سے آزاد کرے گا۔)

7246- إسناده صحيح. عمرو الحمصي روى له أبو داود، والنسائي، وابن ماجه، وهو ثقة، وثقه النسائي وأبو داود، والمؤلف، ومسلمة بن القاسم، وقال أبو حاتم: صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح غير أبي اليمان الهوزني متابع سليم بن عامر، فقد روى له أبو داود في "المراسيل" وذكره المؤلف في "الثقات" 5/188، وقال: من أهل الشام يروى عن سلمان وصفوان بن أمية، روى عنه أبو عبد الرحمن الحبلي والشاميون. اخرجه أحمد 5/250، والطبراني "7672" من طريقين عن صفوان بن عمرو، بهذا الإسناد مطولاً، ولفظهما: "وزادني ثلاث حثيات." وذكره ابن كثير في "نهاية البداية" 2/91، وقال: قال الضياء: رجاله رجال الصحيح إلا الهوزني، واسمه عامر بن عبد الله بن لحي، وما علمت فيه جرحاً..................

... قلت: لايضر هذا، فإنه لم ينفرد به، بل تابعه سليم بن عامر بهذا السند، وهو ثقة رجال مسلم. وقال الهيثمي في "المجمع" 10/362-363: رواه أحمد والطبراني، ورجال أحمد وبعض أسانيد الطبراني رجال الصحيح. وأخرجه الطبراني "7665"، والبيهقي في "البعث والنشور" "134" من طريقين عن عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح، عن سليم بن عامر، عن أبي أمامة. وأخرجه أحمد 5/268، والترمذي "2437" في صفة القيامة: باب "12"، وابن ماجة "4286" في الزهد: باب صفة أمة محمد صلى الله عليه وسلم، والطبراني "7520"، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 329، من طرق عن إسماعيل بن عياش، والطبراني "7521" من طريق بقية من طرق عن إسماعيل بن عياش، والطبراني "7521"

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ مَنْ وَصَفْنَا نَعْتَهُ مِنَ السَّبْعِينَ أَلْفًا يَشْفَعُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي أَقَارِبِهِمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جن ستر ہزار لوگوں کی صفت ہم نے بیان کی ہے وہ قیامت کے دن اپنے قریبی رشتے داروں کی شفاعت کریں گے

7247 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مَكْحُولٌ بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَخِي زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ زَيْدٍ الْبِكَالِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عُتْبَةَ بْنَ عَبْدٍ السُّلَمِيَّ، يَقُولُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ رَبِّي وَعَدَنِي أَنْ يُدْخِلَ مِنْ أُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعِينَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، ثُمَّ يُتْبِعُ كُلَّ أَلْفٍ بِسَبْعِينَ أَلْفًا، ثُمَّ يَحْثِي بِكَفِّهِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ، فَكَبَّرَ عُمَرُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ السَّبْعِينَ أَلْفًا الْأُوَلَ يُشَفِّعُهُمُ اللّٰهُ فِي آبَائِهِمْ وَأُمَّهَاتِهِمْ وَعَشَائِرِهِمْ، وَأَرْجُو أَنْ يَجْعَلَ أُمَّتِي أَدْنَى الْحَثَوَاتِ الْأَوَاخِرِ

❁❁ حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پروردگار نے مجھ سے یہ وعدہ کیا ہے وہ میری امت کے ستر ہزار لوگوں کو کسی حساب کے بغیر جنت میں داخل کرے گا اور پھر ان میں سے ہر ایک ہزار کے ہمراہ ستر ہزار لوگ جائیں گے۔ پھر وہ اپنے دست قدرت کے ذریعے تین مرتبہ لپ بھرے گا اور اتنے لوگوں کو جہنم سے آزاد کرے گا۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ اکبر کہا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک پہلے والے ستر ہزار لوگ اپنے آباؤ اجداد، اپنی امہات، اور اپنے رشتہ داروں کی شفاعت کریں گے اور مجھے یہ امید ہے کہ وہ میری امت کو آخری لپوں میں سب سے زیادہ قریب کر

7247- حديث صحيح لغيره. مكحول: هو محمد بن عبد السلام البيروتي، ومحمد بن خلف الداري: هو محمد بن خلف بن طارق بن كيسان الداري، أبو عبد الله الشامي، سكن بيروت. روى عنه أبو داود، وأبو مسهر، وأبو حاتم الرازي، وأبو بكر بن أبي داود، وابن جوصا، وذكره القاضي عبد الجبار الخولاني في "تاريخ داريا"، ومعمر بن يعمر ذكره المؤلف في "ثقاته" 9/192 وقال: يغرب، وروى عنه جمع، وقد توبع هو ومحمد بن خلف، وعامر بن زيد البكالي ذكره المؤلف في "الثقات" 5/191، وقال: يروى عن عتبة بن عبد، وروى عنه أبو سلام، ويحيى بن أبي كثير، عداده في أهل الشام. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "312"/17، و "الأوسط" "404"، والفسوي في "المعرفة والتاريخ " 342-2/341، والبيهقي في "البعث" "274"، من طريق أبي توبة الربيع بن نافع، حدثنا معاوية بن سلام، بهذا الإسناد. وأخرجه عثمان بن سعيد الدارمي في "الرد على بشر المريسي " ص 395 عن أبي توبة الربيع بن نافع، به . وأخرجه الدارمي ص 395، والطبراني في "الكبير" "771"/22، وفي "الأوسط" "406"، وأبو أحمد الحاكم فيما قاله الحافظ في "الإصابة" 4/89، وابن الأثير في "أسد الغابة" 138-6/137 من طرق........

.... عن أبي توبة الربيع بن نافع، عن معاوية بن سلام، عن زيد بن سلام، عن أبي سلام، عن عبد الله بن عامر اليحصبي، عن قيس بن الحارث الكندي، عن أبي سعد الخير الأنماري، وهذا سند صحيح رجاله رجال الصحيح غير قيس بن الحارث، فقد روى له أبو داود والنسائي، وهو ثقة. وحديث أبي أمامة المتقدم يشهد له. وذكر ابن كثير في "النهاية" 2/29، وقال: قال الضياء : لا أعلم لهذا الإسناد علة. وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/409 و414، قال: رواه الطبراني في "الأوسط" و"الكبير" من طريق عامر بن زيد البكالي، وقد ذكره ابن أبي حاتم، ولم يجرحه ولم يوثقه، وبقية رجاله ثقات.

دے گا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اَوَّلِ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ الزُّمْرَةِ الَّتِىْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ اس امت میں کون شخص سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگا جو اس گروہ کے بعد ہوگا جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

7248 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَامِرٌ الْعُقَيْلِىُّ، اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهٗ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُرِضَ عَلَىَّ اَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ: الشَّهِيْدُ، وَعَبْدٌ مَمْلُوْكٌ اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ وَنَصَحَ لِسَيِّدِهٖ، وَعَفِيْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْ عِنًى اَوْ مَالٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میرے سامنے وہ تین لوگ پیش کئے گئے جو پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ ایک شہید دوسرا وہ غلام جو اپنے پروردگار کی اچھی طرح سے عبادت کرتا ہو اور اپنے آقا کا خیر خواہ ہو اور تیسرا وہ شخص جو خوشحال ہو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) جو مالدار ہو''۔ اور حرام سے' اورلوگوں کے پاس موجود مال (کو ہتھیانے) سے بچے۔

7248- إسناده ضعيفن عامر العقيلى لم يوثقه غير المؤلف 7/250 ولم يروعنه غير يحيى بن أبى كثير، وقال الذهبى فى "الميزان" و "المغنى": لايعرف وأبوه كذلك لايعرف، وقد اختلف فى أسمه . فقال البخارى والمؤلف فى ترجمة ابنه عامر من "الثقات": عقبة، وسماه المؤلف فى موضع آخر 5/10 عبد اللّٰه بن شقيق العقيلى، وقال الحاكم: اسم أبيه شبيب، قال فى "التهذيب": ولعله تصحيف من شقيق وقد تقدم الحديث برقم "4312"، ونزيد هنا فى تخريجه: وأخرجه أبو نعيم فى "صفة الجنة" 86، والمزى فى "تهذيب الكمال"، فى ترجمة عامر العقيلى.

بَابُ فَضْلُ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

باب! صحابہ کرام اور تابعین کی فضیلت کا تذکرہ

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَنَةَ اَصْحَابِهٖ وَاَصْحَابَهُ اَمَنَةَ اُمَّتِهٖ

اس بارے میں بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو اپنے اصحاب کے لیے امن کا ذریعہ اور ان کے اصحاب کو ان کی امت کے لیے امن کا ذریعہ بنایا ہے

7249 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ يَحْيٰى، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَذْكُرُهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى،

(متن حدیث): قَالَ: صَلَّيْنَا الْمَغْرِبَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: لَوِ انْتَظَرْنَا حَتّٰى نُصَلِّيَ مَعَهُ الْعِشَاءَ، فَانْتَظَرْنَا فَخَرَجَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: مَا زِلْتُمْ هَاهُنَا؟ قُلْنَا: نَعَمْ، نُصَلِّيْ مَعَكَ الْعِشَاءَ، قَالَ: اَحْسَنْتُمْ، اَوْ قَالَ: اَصَبْتُمْ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: النُّجُوْمُ اَمَنَةُ السَّمَاءِ، فَاِذَا ذَهَبَتِ النُّجُوْمُ اَتَى السَّمَاءَ مَا تُوْعَدُ وَاَنَا اَمَنَةٌ لِاَصْحَابِيْ، فَاِذَا اَنَا ذَهَبْتُ اَتٰى اَصْحَابِيْ مَا يُوْعَدُوْنَ، وَاَصْحَابِيْ اَمَنَةٌ لِاُمَّتِيْ، فَاِذَا ذَهَبَ اَصْحَابِيْ اَتٰى اُمَّتِيْ مَا يُوْعَدُوْنَ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ مَعْنٰى هٰذَا الْخَبَرِ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ النُّجُوْمَ عَلَامَةً لِبَقَاءِ السَّمَاءِ وَاَمَنَةً لَهَا عَنِ الْفَنَاءِ، فَاِذَا غَارَتْ وَاضْمَحَلَّتْ اَتَى السَّمَاءَ الْفَنَاءُ الَّذِيْ كُتِبَ عَلَيْهَا، وَجَعَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْمُصْطَفٰى اَمَنَةَ اَصْحَابِهٖ مِنْ وُقُوْعِ الْفِتَنِ، فَلَمَّا قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا اِلٰى جَنَّتِهٖ اَتٰى اَصْحَابَهُ الْفِتَنُ الَّتِيْ اُوْعِدُوْا وَجَعَلَ اللّٰهُ اَصْحَابَهُ اَمَنَةَ اُمَّتِهٖ مِنْ ظُهُوْرِ الْجَوْرِ فِيْهَا، فَاِذَا مَضٰى اَصْحَابُهُ اَتَاهُمْ مَا يُوْعَدُوْنَ مِنْ ظُهُوْرِ غَيْرِ الْحَقِّ مِنَ الْجَوْرِ وَالْاَبَاطِيْلِ

7249– إسناده صحيح على شرط الصحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي بن المديني فمن رجال البخاري، ومجمع بن يحيى ى، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 399-2/398 عن علي بن عبد الله وهو ابن المديني - بهذا الإسناد. واخرجه مسلم "2531" في فضائل الصحابة: باب بيان أن بقاء النبي صلى الله عليه وسلم أمان لأصحابه، وبقاء أصحابه أمان للأمة، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 319-318 من طرق عن الحسين بن علي الجعفي، به.

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں مغرب کی نماز ادا کی' تو ہم نے کہا: اگر ہم انتظار کرلیں' یہاں تک کہ عشاء کی نماز بھی آپ کی اقتداء میں ادا کریں (تو یہ مناسب ہوگا) تو ہم لوگ انتظار کرنے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ نے دریافت کیا: کیا تم لوگ اس وقت سے یہاں ہو؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں ہم آپ کی اقتداء میں عشاء کی نماز ادا کرنا چاہتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اچھا کیا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) تم نے ٹھیک کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا اور فرمایا ستارے آسمان کے امین (یا محافظ ہیں) جب یہ ستارے رخصت ہو جائیں گے' تو آسمان پر وہ چیز آجائے گی' جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے' اور میں اپنے ساتھیوں کا محافظ ہوں۔ جب میں رخصت ہو جاؤں گا' تو میرے ساتھیوں پر وہ چیز آئے گی جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے' اور میرے ساتھی میری امت کے لیے محافظ ہیں۔ جب میرے ساتھی رخصت ہو جائیں گے' تو میری امت پر وہ چیز آجائے گی' جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے کہ اس روایت کا مطلب یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ستاروں کو آسمانوں کی بقاء کی نشانی اور آسمان کو فنا ہونے سے بچنے کا ذریعہ بنایا ہے۔ جب یہ غارت ہو جائیں گے اور مضمحل ہو جائیں گے اور آسمان پر فنا طاری ہو جائے گی' جو اس کے نصیب میں لکھی گئی ہے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ساتھیوں کے لیے فتنوں سے محفوظ ہونے کا ذریعہ بنایا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ آپ کو قبض کر کے اپنی جنت کی طرف لے جائے گا' تو آپ کے اصحاب تک وہ فتنے آئیں گے جن کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو آپ کی امت کے لیے محافظ قرار دیا ہے' جو امت میں ظلم وستم کے ظہور سے بچاؤ کا ذریعہ ہیں۔ جب آپ کے اصحاب رخصت ہو جائیں گے' تو پھر امت تک وہ چیز آجائے گی جن کا ان کے ساتھ وعدہ کیا گیا ہے' جو ناحق چیزوں کے ظہور سے متعلق ہوگی' جس کا تعلق ظلم اور باطل چیزوں سے ہوگا۔

ذِكْرُ وَصْفِ اَقْوَامٍ كَانُوا يُفَضَّلُوْنَ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان لوگوں کی صفت کا تذکرہ' جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں افضل قرار دیا جاتا تھا

7250 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيَنِيْ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ لِسَانِهٖ ثِقَلٌ مَا يُبِيْنُ الْكَلَامَ، فَذَكَرَ عُثْمَانَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاللّٰهِ مَا اَدْرِيْ مَا يَقُوْلُ غَيْرَ اَنَّكُمْ تَعْلَمُوْنَ يَا مَعْشَرَ اَصْحَابِ النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ اَنَّا كُنَّا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَقُوْلُ: اَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَاِنَّمَا هُوَ هٰذَا الْمَالُ، فَاِنْ اَعْطَاهُ رَضِيْتُمْ

7250- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أبو داود "4628" في السنة: باب في التفضيل، وابن ابي عاصم في "السنة" "1190" و "1191"، والطبراني "13232" من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "13181" من طريق عبد الله بن يسار، عن سالم، به. وانظر الحديث الآتي.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا رَوَاهُ عَنِ الْوَلِيْدِ، اِلَّا اِسْحَاقُ، وَلَيْسَ لِثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ غَيْرُ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَمَا رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ اِسْحَاقَ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ، وَهُوَ غَرِيْبٌ جِدًّا

27
27

سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک صاحب کی مجھ سے ملاقات ہوئی۔ ان کی زبان میں کچھ لکنت تھی۔ ان کی بات نمایاں نہیں ہوتی تھی۔ انہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم مجھے نہیں معلوم کہ وہ کیا کہتے ہیں: البتہ اے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کے گروہ! آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں' کہ ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں یہ کہا کرتے تھے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس شخص سے کہا: تم نے جس معاملے کا ذکر کیا ہے) وہ' تو صرف مال سے متعلق ہے' اگر انہوں نے وہ مال اس شخص کو دے دیا ہے' تو تم اس سے راضی رہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کو ولید کے حوالے سے صرف اسحاق نے نقل کیا ہے اور ثور بن یزید نے زہری کے حوالے سے صرف یہ روایت نقل کی ہے۔ اسحاق کے حوالے سے یہ روایت صرف عبداللہ بن محمد نے نقل کی ہے اور یہ روایت انتہائی غریب ہے۔

7251 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ بْنِ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نُفَاضِلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ عُثْمَانُ، ثُمَّ نَسْكُتُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ہم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اور پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو (دیگر تمام صحابہ کرام سے) افضل قرار دیتے تھے اور پھر ہم سکوت اختیار کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ الْقَصْدِ بِالتَّخْصِيصِ فِي الْفَضِيلَةِ لِاَقْوَامٍ بِاَعْيَانِهِمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' کچھ متعین لوگوں کی فضیلت کے بارے میں تخصیص سے مراد کیا ہے

7252 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

7251- حديث صحيح . محمد بن المتوكل بن أبي السرى قد توبع، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين غير سهيل، فمن رجال مسلم. أبو معاوية الضرير: هو محمد بن خازم . وأخرجه ابن أبي شيبة 12/9، وأحمد 2/14، وابن أبي عاصم "1195"، والطبراني "13301" من طريق أبي معاوية الضرى، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبي عاصم "1196"، وخثيمة بن سليمان في "فضائل الصحابة" كما ذكر الحافظ في "الفتح" 7/16 من طريق سهيلن به. وأخرجه البخارى "3655" في فضائل الصحابة: باب فضل أبي بعد النبي صلى الله عليه وسلم، و "3697" باب مناقب عثمان بن عفان، وابو داود "4627"، والترمذى "3707" في المناقب: باب مناقب عثمان بن عفان رضي الله عنه، وابن أبي عاصم "1192" و "1193" و "1194" من طرق عن نافع، به.

عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْحَمُ اُمَّتِىْ بِاُمَّتِىْ اَبُوْ بَكْرٍ، وَاَشَدُّهُمْ فِىْ اَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ، وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ، وَاَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنًا اَلَا، وَاِنَّ اَمِيْنَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت میں میری امت کے بارے میں سب سے زیادہ رحمدل ابوبکر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بارے میں سب سے زیادہ سخت عمر ہے۔ حیا کے اعتبار سے سب سے زیادہ سچا عثمان ہے۔ اللہ کی کتاب کا سب سے بڑا عالم ابی بن کعب ہے۔ علم وراثت کا سب سے بڑا عالم زید بن ثابت ہے۔ حلال اور حرام کا سب سے بڑا عالم معاذ بن جبل ہے۔ خبردار ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ عُدُوْلٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ ثقہ اور عادل ہیں

7253 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مَرْوَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا اَصْحَابِىْ، فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا، مَا اَدْرَكَ مُدَّ اَحَدِهِمْ، وَلَا نَصِيْفَهٗ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میرے اصحاب کو برا نہ کہو اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تم میں سے کوئی ایک شخص اُحد پہاڑ جتنا سونا خرچ کرے پھر بھی وہ ان (صحابہ کرام) میں سے کسی ایک کے ایک ''مد'' بلکہ اس کا نصف خرچ (کرنے کے برابر بھی نہیں ہوسکتا)''

7252- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي، وهو مكرر الحديث رقم "7131" و "7137".

7253- إسناده صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين غير موسى بن مروان، فقد روى عنه جمع، وحديثه عند أهل السنن، ذكره المؤلف في "الثقات" وقد توبع. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/174-175، وأحمد في "المسند" 3/54، وفي "فضائل الصحابة" "5" و "1735"، والقطيعي في زياداته على فضائل الصحابة: باب تحريم سب الصحابة رضي الله عنهم، وابن ماجة "161" في المقدمة: باب فضائل اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والبيهقي 10/209، والبغوي "3859" من طريق وكيع، بهذا الإسناد. إلا أن رواية ابن ماجة: عن أبي هريرة بدل "أبي سعيد." وانظر الحديث "6884" و . "7255"

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصِيَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْرَ بِالصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِينَ بَعْدَهُ

صحابہ کرام اوران کے بعد تابعین کے ساتھ بھلائی کی نبی اکرم ﷺ کی وصیت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

7254 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

7254- إسناده صحيح على شرط الشيخين. عبد الله: هو ابن المبارك. وأخرجه أحمد 1/18، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 151-4/150، والحاكم 1/114، والبيهقي في "السنن" 7/91 من طرق عن عبد الله، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، فإني لاأعلم خلافاً بين أصحاب عبد الله بن المبارك في إقامة هذا الإسناد عنه ولم يخرجاه، ووافقه في تصحيحه الذهبي. وأخرجه الترمذي "2165" في الفتن: باب ماجاء في لزوم الجماعة، والنسائي في "عشرة النساء" "343"، وابن أبي عاصم في "السنة" "88" و "898"، والحاكم 1/114 من طريق حسن بن صالح والنضر بن إسماعيل، كلاهما عن محمد بن سوقة، به، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه، وقد رواه ابن المبارك عن محمد بن سوقة، وقد روى هذا الحديث من غير وجه عن عمر، عن النبي صلى الله عليه وسلم. وأخرجه النسائي في "عشرة النساء" "342"ن والبخاري في "تاريخه" 1/102 من طريق يزيد بن عبد الله بن أسامة بن الهاد، عن عبد الله بن دينار، عن ابن شهاب الزهري أن عمر ... وأخرجه النسائي "344" من طريق عطاء بن مسلم، عن محمد بن سوقة، عن أبي صالح قال: قدم عمر ... وأخرجه أحمد 1/26، والنسائي "227"، وابن ماجة "2363" في الأحكام: باب كراهية الشهادة لمن لم يستشهد، وأبو يعلى "143"، وابن منده"1087" من طريق جرير بن عبد الحميد، عن عبد الملك بن عمير، عن جابر بن سمرة، قال: خطبنا عمر ... وهذا سند صحيح. . . . . وأخرجه النسائي "338" و "339"، وأبو يعلى "142"، وابن أبي عاصم في "السنة" "902" و "1489"، وابن منده "1086"، والطيالسي ص7، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/150، والخطيب في "تاريخه" 2/187 من طريق جرير بن حازم، عن عبد الملك، عن جابر بن سمرة قال: خطبنا عمر ... وهذا إسناده صحيح. وأخرجه الطحاوي 4/150 من طريق إسرائيل، والخطيب 2/187 من طريق شعبة، كلاهما عن عبد الملك، به. وأخرجه عبد الرزاق "20710" ومن طريقه عبد بن حميد "23" عن معمر، والنسائي "340" من طريق الحسين بن واقد، و "341" من طريق يونس بن ابي إسحاق، وأبو يعلى "201" و "202" من طريق عبد الله بن المختار، أربعتهم عن عبد الملك بن عمير، عن عبد الله بن الزبيرن عن عمر. وأخرجه ابن أبي عاصم "899" من طريق عمران بن عيينة، عن عبد الملك بن عمير، عن ربعي بن حراش، عن عمر مختصراً. وأخرجه أيضاً "1490" عن أبي بكر يحيى بن ليلى، عن عبد الملك بن عمير، عن قبيصة بن جابر قال: خطبنا عمر ... فذكره مختصراً. قلت: وذكره الدارقطني في "العلل" 125-2/112 من طرق أخرى، وقال: ويشبه أن يكون الاضطراب في هذا الإسناد. والله اعلم. وأخرجه ابن أبي عاصم "86" و "896"، والحاكم 115-1/114 من طريق مهاجر بن مسمار، عن عامر بن سعد بن أبي وقاص، عن أبيه، عن همر، وصححه الحاكم. وأخرجه ابن أبي عاصم ط "87 و "898" من طريق أبي بكر بن عياش، عن عاصم، عن زر، عن عمر مختصراً. وأخرجه الشافعي في "الرسالة" "1315"، والحميدي"32" عن سفيان، عن عبد الله بن أبي لبيد، عن عبد الله بن يسار، أن عمر خطب الناس ... واخرجه الطحاوي 4/150 من طريق الطيالسي، عن حماد بن زيد، عن معاوية بن قرة المزني، عن كهمس يقول: سمعت عمر يقول ... وانظر الحديث رقم "4576" و "5559" و ."6728"

مَقَامِي فِيكُمْ، فَقَالَ: اسْتَوْصُوا بِاَصْحَابِي خَيْرًا، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى اِنَّ الرَّجُلَ لَيَبْتَدِءُ بِالشَّهَادَةِ قَبْلَ اَنْ يُّسْاَلَهَا، وَبِالْيَمِينِ قَبْلَ اَنْ يُّسْاَلَهَا، فَمَنْ اَرَادَ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ، فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، وَلَا يَخْلُوَنَّ اَحَدُكُمْ بِامْرَاَةٍ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ ثَالِثُهُمَا، وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَ تْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ''جابیہ'' کے مقام پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان اس طرح کھڑے ہوئے' جس طرح میں تمہارے درمیان کھڑا ہوا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: میرے اصحاب کے بارے میں بھلائی کی تلقین کو قبول کرو پھر اس کے بعد والے لوگوں کے بارے میں پھر اس کے بعد والے لوگوں کے بارے میں (بھلائی کی تلقین کو قبول کرو) پھر جھوٹ پھیل جائے گا' یہاں تک کہ آدمی شہادت کا مطالبہ کیے جانے سے پہلے ہی گواہی دے گا' اور قسم کا مطالبہ کیے جانے سے پہلے ہی قسم اٹھائے گا' تو جو شخص جنت کے درمیان میں جانا چاہتا ہو وہ (مسلمانوں کی) جماعت کو لازم نہ کرے کیونکہ شیطان ایک شخص کے ساتھ ہوتا ہے' اور وہ دو آدمیوں سے زیادہ دور ہوتا ہے کوئی بھی شخص کسی (اجنبی) عورت کے ساتھ تنہائی میں ہرگز نہ رہے۔ کیونکہ ان کے ساتھ تیسرا شیطان ہوگا' اور جس شخص کو نیکی اچھی لگے اور برائی بری لگے وہ مومن ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سَبِّ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي اَمَرَ اللّٰهُ بِالِاسْتِغْفَارِ لَهُمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان اصحاب کو برا کہا جائے جن کے لیے دعائے مغفرت کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے

7255 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنَا

7255– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي بن الجعد، فمن رجال البخاري. وهو في "مسند علي بن الجعد" "760" و ."2553" وأخرجه البغوي في "شرح السنة" "3859" من طريق علي بن الجعد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "2183"، وأحمد في "المسند" 3/54 و55، وفي "فضائل الصحابة" "7"، والبخاري "3673" في فضائل الصحابة: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "لو كنت متخذاً خليلاً"، ومسلم "2541" في فضائل الصحابة: باب تحريم سب الصحابة رضي الله ... عنهم، والترمذي "3861" في المناقب: باب 59، والنسائي في "فضائل الصحابة" "203"، وابن أبي عاصم في "السنة" "989" من طريق شعبة، به. وأخرجه البخاري "3673" تعليقاً، ووصله ابن أبي شيبة 175-12/174، وأحمد 3/11، وفي "فضائل الصحابة" "6"، ومسلم "2540" وأبو داود "4658" في السنة: باب النهي عن سب أصحاب رسول الله صلى الله عيه وسلم، والترمذي "3861"، وابن ماجة "161" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأبو يعلى "1198"، وابن أبي عاصم في "السنة" "990" و "991" من طريق أبي معاوية به إلا أن مسلماً وابن ماجه قالا: عن أبي هريرة. وهو وهم، كما جزم به خلف، وأبو مسعود، وأبو علي الجياني، وغيرهم.

شُعْبَةُ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: لَا تَسُبُّوا اَصْحَابِیْ، فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا، مَا اَدْرَكَ مُدَّ اَحَدِهِمْ، وَلَا نَصِيفَهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے اصحاب کو برا نہ کہو۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی ایک شخص اُحد پہاڑ جتنا سونا خرچ کرے تو وہ پھر بھی ان (صحابہ کرام) میں سے کسی ایک کے ایک ''مد'' یا اس کے نصف کو (خیرات کرنے کے) برابر نہیں ہو سکتا''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّخَاذِ الْمَرْءِ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَرَضًا بِالتَّنَقُّصِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو تنقید کا نشانہ بنائے

7256 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُبَيْدَةُ بْنُ اَبِیْ رَائِطَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهَ اللّٰهَ فِیْ اَصْحَابِیْ، لَا تَتَّخِذُوا اَصْحَابِیْ غَرَضًا مَنْ اَحَبَّهُمْ، فَبِحُبِّیْ اَحَبَّهُمْ، وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِیْ اَبْغَضَهُمْ، وَمَنْ آذَاهُمْ فَقَدْ آذَانِیْ، وَمَنْ آذَانِیْ فَقَدْ آذَى اللّٰهَ، وَمَنْ آذَى اللّٰهَ يُوْشِكُ اَنْ يَّاْخُذَهُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّوْمِيُّ بَصْرِيٌّ، رَوٰى عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ مَاتَ قَبْلَ اَيُّوْبَ السِّخْتِيَانِيِّ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

7256- إسناده ضعيف. عبد الله بن عبد الرحمن، ويقال: عبد الرحمن بن زياد، ويقال عبد الرحمن بن عبد الله، لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلّف 5/46، ولم يَروِ عنه غير عبيدة بن أبى رائطة، وذكره البخارى فى "تاريخه" 5/131، وابن أبى حاتم 5/94، ولم يأثرا عنه جرحاً ولا تعديلاً، وقال الذهبى: لا يعرف. وجاء فى "التهذيب" فى ترجمة عبد الرحمن بن زياد: قيل إنه أخو عبيد الله بن زياد بن أبيه، وقيل: عبد الله بن عبد الرحمن، وقيل:.................... عبد الرحمن بن عبد الله ... روى عن عبد الله بن مغفل حديث "الله الله فى اصحابى" وعنه عبيدة بن أبى رائطة، قال المفضل الغلابى عن يحيى بن معين: لا أعرفه .... وأخرجه عبد الله بن أحمد فى زوائد "فضائل الصحابة" "4"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "992" عن زكريا بن يحيى ى، بهذا الإسناد . وأخرجه احمد فى "المسند" 4/87، وفى "الفضائل" "3"، وعبد الله فى زوائد "الفضائل" "2" و "4"، وابو نعيم فى "الحلية" 8/287 من طرقعن أبى إبراهيم بن سعد، به. وأخرجه الترمذى "3862" فى المناقب، والبغوى "3860"، والبيهقى فى "الاعتقاد" ص 321 من طريق يعقوب بن إبراهيم، عن عبيدة بن ابى رائطة ... لكن وقع عندهم عبد الرحمن بن زياد . واخرجه احمد 5/54 و 57، وفى "الفضائل" "1"، والخطيب 9/123 من طريق سعد بن إبراهيم بن سعد، عن عبيدة بن أبى رائطة، فقالوا: عن عبد الرحمن بن زياد، أو عبد الرحمن بن عبد الله.

''میرے اصحاب کے بارے میں اللہ سے (ڈرتے رہو) میرے اصحاب کو نشانہ نہ بناؤ' جو شخص ان سے محبت کرے گا۔ وہ مجھ سے محبت کی وجہ سے ان سے محبت کرے گا' اور جو شخص ان سے بغض رکھے۔ وہ شخص میرے ساتھ بغض رکھنے کی وجہ سے ان کے ساتھ بغض رکھے گا' جو شخص انہیں اذیت پہنچائے گا وہ مجھے اذیت پہنچائے گا' اور جو شخص مجھے اذیت پہنچائے گا اس نے گویا اللہ تعالیٰ کو اذیت پہنچائی' اور جو شخص اللہ تعالیٰ کو اذیت پہنچائے گا' تو عنقریب اللہ تعالیٰ اس پر گرفت کرلے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عبداللہ بن عبدالرحمٰن نامی یہ راوی رومی بصری ہے جس کے حوالے سے حماد بن زید نے روایات نقل کی ہیں۔ اس کا انتقال ایوب سختیانی سے پہلے ہو گیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اَحَبَّ النَّاسِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصُّحْبَةِ كَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ، ثُمَّ اَسْلَمُ وَغِفَارُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' ساتھ کے اعتبار سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ محبوب مہاجرین اور انصار تھے' پھر اسلم اور غفار قبیلے کے لوگ تھے

7257 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي ابْنُ اَخِي اَبِي رُهْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رُهْمٍ الْغِفَارِيَّ، يَقُوْلُ،

(متن حدیث): وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا تَحْتَ الشَّجَرَةِ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبُوْكَ، فَلَمَّا قَفَلَ سِرْنَا لَيْلَةً، فَسِرْتُ قَرِيبًا مِنْهُ وَاُلْقِيَ عَلَيَّ النُّعَاسُ، فَطَفِقْتُ اَسْتَيْقِظُ، وَقَدْ دَنَتْ رَاحِلَتِي مِنْ رَاحِلَتِهِ، فَيُفْزِعُنِي دُنُوُّهَا خَشْيَةَ اَنْ اُصِيبَ رِجْلَهُ فِي الْغَرْزِ، فَاَزْجُرُ رَاحِلَتِي حَتّٰى غَلَبَتْنِي عَيْنِي فِي بَعْضِ اللَّيْلِ، فَزَحَمَتْ رَاحِلَتِي رَاحِلَتَهُ وَرِجْلُهُ فِي الْغَرْزِ، فَاَصَبْتُ رِجْلَهُ، فَلَمْ اَسْتَيْقِظْ

7257– إسناده ضعيف . ابن أخي رهم لا يعرف، وأبو رهم الغفاري: اسمه كلثوم بن الحصين، قيل: ابن حصن بن عبيد، وقيل: ابن عتبة بن خلف بن بدر بن أحميس بن غفار، أسلم بَعْدَ قُدُومِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إلى المدينة، وشهد أحداً، فرمي بسهم في نحره، فسمي المنحور، فَجَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فبصق عليه، فبرأ، واستخلفه النبي صلى الله عليه وسلم على المدينة مرتين: مرة في عمرة القضاء ، ومرة عام الفتح، فلم يزل عليها حتى انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من الطائف، وشهد بيعة الرضوان، وبايع تحت الشجرة. وهو في "مصنف عبد الرزاق" "19882"، ومن طريقه أخرجه أحمد4/349، والطبراني "415"/19، والحاكم 594-3/593 وابن الأثير في "أسد الغابة" 6/117. وأخرجه أحمد 350-4/349، والبخاري في "الأدب المفرد" "754"، والطبراني "416"/19، "417" والفسوي في "المعرفة والتاريخ" 395-1/394، والخطيب في "الكفاية" ص 40-41 من طرق عن الزهري . وأخرجه ابن إسحاق في "السيرة" 173-4/172، ومن طريقه أحمد 4/350، والطبراني "418"، وأخرجه البزار "1842" من طريق ابن أخي الزهري، كلاهما "ابن إسحاق وابن أخي الزهري" عن الزهري، عن ابن أكيمة الليثي، عن ابن أخي أبي رهم، عن عمه أبي رهم كلثوم بن......

اِلَّا بِقَوْلِهٖ: حَسِّ، فَرَفَعْتُ رَأْسِي، فَقُلْتُ: اسْتَغْفِرْ لِي يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: سِرْ فَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُنِي عَمَّنْ تَخَلَّفَ مِنْ بَنِي غِفَارَ، فَاَخْبَرْتُهٗ، فَاِذَا هُوَ قَالَ: مَا فَعَلَ النَّفَرُ الْحُمْرُ الثِّطَاطُ، فَحَدَّثْتُهٗ بِتَخَلُّفِهِمْ، قَالَ: مَا فَعَلَ النَّفَرُ السُّوْدُ الْجِعَادُ الْقِطَاطُ اَوِ الْقِصَارُ الَّذِيْنَ لَهُمْ نَعَمٌ بِشَبَكَةِ شَرْخٍ؟ فَتَذَكَّرْتُهُمْ فِي بَنِي غِفَارَ، فَلَمْ اَذْكُرْهُمْ حَتّٰى ذَكَرْتُ رَهْطًا مِنْ اَسْلَمَ فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اُولٰئِكَ رَهْطٌ مِّنْ اَسْلَمَ وَقَدْ تَخَلَّفُوا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا يَمْنَعُ اُولٰئِكَ حِيْنَ تَخَلَّفَ اَحَدُهُمْ اَنْ يَّحْمِلَ عَلٰى بَعْضِ اِبِلِهٖ امْرَاً نَشِيطًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اِنَّ اَعَزَّ اَهْلِي عَلَيَّ اَنْ يَّتَخَلَّفَ عَنِّي الْمُهَاجِرُوْنَ، وَالْاَنْصَارُ وَاَسْلَمُ وَغِفَارُ.

حضرت ابورہم غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان صحابہ کرام میں سے ایک ہیں۔ جنہوں نے (بیعت رضوان کے موقع پر) درخت کے نیچے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی تھی۔ وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ تبوک میں شرکت کی۔ جب ہم واپس آ رہے تھے تو ہم رات بھر چلتے رہے۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہی سفر کرتا رہا۔ مجھے اونگھ آ گئی۔ میں خود کو بیدار رکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ میری سواری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے قریب ہوئی۔ اس کے قریب آنے کی وجہ سے مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں میں رکاب میں موجود آپ کے پاؤں کو نقصان نہ پہنچاؤں' تو میں نے اپنی سواری کو جھڑکا لیکن پھر رات کے کسی حصے میں میری آنکھ لگ گئی۔ پھر میری سواری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے ساتھ لگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاؤں اس وقت رکاب میں تھا۔ میری ٹکر آپ کے پاؤں سے ہوئی۔ میں اس وقت بیدار ہوا۔ جب آپ نے یہ فرمایا دھیان کرو۔ میں نے اپنا سر اٹھایا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے دعائے مغفرت کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم چلتے رہو۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے اس بارے میں دریافت کرنا شروع کیا کہ میں اپنے پیچھے بنوغفار کو کس حالت میں چھوڑ کر آیا ہوں۔ میں نے آپ کو اس بارے میں بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس گروہ کی کیا حالت ہے' جو سرخ رنگ کے تھے' اور ان کے چہرے پر بال نہیں ہوتے صرف ٹھوڑی پر تھوڑے سے بال ہوتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے پیچھے رہنے کے بارے میں بتایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس گروہ کا کیا حال ہے جس کا رنگ سیاہ تھا اور بال بکھرے ہوئے تھے۔ میں نے بنوغفار میں ان کے ہونے کا ذکر کیا۔ میں نے ان کا ذکر نہیں کیا' یہاں تک کہ میں نے ایک گروہ کا ذکر کیا جس کا تعلق اسلم قبیلے سے تھا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اسلم قبیلے کا ایک گروہ ہے وہ لوگ پیچھے رہ گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ پیچھے کیوں رہ گئے۔ جب ان میں سے کوئی شخص پیچھے رہ گیا تھا'' تو پھر کسی دوسرے کو اپنا اونٹ اسے دے دینا چاہئے تھا تا کہ وہ اللہ کی راہ میں (اپنا سفر کرتا رہتا) میرے نزدیک یہ بات سب سے ناپسندیدہ ہے کہ مہاجرین، انصار یا اسلم قبیلے کے لوگ یا غفار قبیلے کے لوگ مجھ سے پیچھے رہ جائیں۔

ذِكْرُ مَحَبَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّلِيَهٗ فِي الْاَحْوَالِ الْمُهَاجِرُوْنَ، وَالْاَنْصَارُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس بات کو پسند کرنا کہ معاملات میں مہاجرین اور انصار آپ کے قریب رہے

7258 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ اَنْ يَّلِيَهُ الْمُهَاجِرُوْنَ، وَالْاَنْصَارُ لِيَحْفَظُوا عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کو پسند کرتے تھے کہ مہاجرین اور انصار آپ کے قریب رہیں' تا کہ آپ سے (شرعی احکام سیکھ کر) انہیں محفوظ رکھیں۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ، وَالْمُهَاجِرِيْنَ بِالْمَغْفِرَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مہاجرین اور انصار کے لیے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ

7259 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يَقُوْلُوْنَ وَهُمْ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ:

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدَا عَلٰى الْقِتَالِ مَا بَقِينَا اَبَدَا

وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْاٰخِرَهْ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب جب خندق کھود رہے تھے۔ ساتھ' ساتھ یہ کہہ رہے تھے۔

''ہم وہ لوگ ہیں' جنہوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بات پر بیعت کی ہے کہ جب تک ہم باقی رہیں گے ہمیشہ جنگ کرتے رہیں گے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان حضرات کو یہ جواب دے رہے تھے۔

''اے اللہ! بے شک زندگی صرف آخرت کی زندگی ہے' تو انصار اور مہاجرین کی مغفرت کر دے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ طَلَبِ الْكَافِرِ الرَّاحَةَ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مِمَّا يُقَاسِيْ مِنْ اَلَمِ عَرَقِهٖ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' قیامت کے دن کافر شخص راحت طلب کرے گا اس چیز سے' جو اسے اپنے پسینے کی وجہ سے تکلیف لاحق ہوگی

7335 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:
(متن حدیث): اِنَّ الْكَافِرَ لَيُلْجِمُهُ الْعَرَقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: اَرِحْنِيْ وَلَوْ اِلَى النَّارِ
❁❁ حضرت عبداللہ ؓ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''قیامت کے دن کافر شخص کو پسینے کی لگام ڈالی جائے گی۔ وہ یہ کہے گا: مجھے آرام دلواؤ خواہ جہنم میں ہی لے جاؤ''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الطَّرَائِقِ الَّتِيْ يَكُوْنُ حَشْرُ النَّاسِ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ بِهَا

قیامت کے دن لوگوں کا حشر جن صورتوں میں ہوگا ان کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

7336 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَدِيْنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

7335– إسناده ضعيف. شريك سيء الحفظ وسماعه من أبي إسحاق بأخرة. بشر بن الوليد: هو الكندي، وأبو الأحوص: هو عوف بن مالك بن نضلة، وهو في مسند ابي يعلى. "4982" وأخرجه الطبراني "10083" من طريق بشر بن الوليد الكندي، وأبي بكر بن أبي شيبة كلاهما عن شرك، بهذا الإسناد. ولفظه: "إن الرجل.... ." وأخرجه "10112" من طريق محمد بن إسحاق، عن إبراهيم بن المهاجر البجلي، عن أبي الأحوص، به . ابن إسحاق مدلس، وقد عنعن وإبراهيم بن المهاجر: لين الحفظ. وأخرجه "8779" من طريق زائدة، عن إبراهيم البجلي "تحرفت في المطبوع إلى: البحري "، عن أبي الأحوص، عن عبدد الله، موقوفاً. وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/336 وقال: رواه الطبراني في "الكبير" بإسنادين، ورواه في "الأوسط"، ورجال الكبير رجال الصحيح، وفي رجال "الأوسط" محمد بن إسحاق هو ثقة ولكنه مدلس، ورواه أبو يعلى مرفوعاً بنحو "الكبير."

7336– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن معاوية، فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة. وهيب: ابن خالد، وابن طاووس: هو عبد الله بن طاووس بن كيسان . واخرجه البخاري "6522" في الرقاق: باب كيف الحشر، ومسلم "2861" في الجنة وصفة نعيمها: باب فناء الدنيا وبيان الحشر يوم اليقامة، والنسائي 116-4/115 في الجنائز: باب البعث، والبغوي "4314" من طرق عن وهيب، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): قَالَ: يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى ثَلَاثِ طَرَائِقَ رَاغِبِينَ رَاهِبِينَ اثْنَانِ عَلٰى بَعِيرٍ، وَثَلَاثَةٌ عَلٰى بَعِيرٍ، وَاَرْبَعَةٌ عَلٰى بَعِيرٍ، وَعَشَرَةٌ عَلٰى بَعِيرٍ، وَتَحْشُرُ بَقِيَّتَهُمُ النَّارُ تَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُمَا قَالُوا، وَتَبِيتُ مَعَهُمْ حَيْثُمَا بَاتُوا، وَتُصْبِحُ مَعَهُمْ حَيْثُ اَصْبَحُوا، وَتُمْسِيْ مَعَهُمْ حَيْثُ اَمْسَوْا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''لوگوں کو تین طرح سے (قیامت کے دن) اٹھایا جائے گا۔ کچھ لوگ رغبت کرنے والے ہوں گے' اور کچھ لوگ ڈرنے والے ہوں گے۔ دو آدمی ایک اونٹ پر سوار ہوں گے۔ تین آدمی ایک اونٹ پر سوار ہوں گے۔ چار آدمی ایک اونٹ پر سوار ہوں گے۔ دس آدمی ایک اونٹ پر سوار ہوں گے اور باقی رہنے والے لوگوں کو آگ اکٹھا کر لے گی وہ جہاں بھی رکیں گے وہ آگ ان کے ساتھ رکے گی۔ وہ جہاں بھی رات بسر کریں گے آگ ان کے ساتھ رات بسر کرے گی۔ وہ جہاں بھی صبح کریں گے آگ ان کے ساتھ صبح کرے گی۔ وہ جہاں بھی شام کریں گے آگ ان کے ساتھ شام کرے گی''۔

ذِكْرُ نَفْيِ نَظَرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلٰى ثَلَاثَةِ اَنْفُسٍ مِنْ عِبَادِهٖ

اللہ تعالیٰ کا قیامت کے دن اپنے بندوں میں سے' تین لوگوں کی طرف نظر نہ کرنے کا تذکرہ

7337 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بِبُسْتٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: الْاِمَامُ الْكَذَّابُ، وَالشَّيْخُ الزَّانِيْ، وَالْعَائِلُ الْمَزْهُوُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تین لوگ ایسے ہیں جن کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نظر رحمت نہیں کرے گا۔ جھوٹا حکمران، بوڑھا زانی اور متکبر غریب''۔

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِيْ يُرْتَجٰى لِمَنْ فَعَلَهَا، اَوْ اَخَذَ بِهَا اَنْ يُّظِلَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ ظِلِّ عَرْشِهٖ

ان خصائل کا تذکرہ' جنہیں کرنے والے شخص کے بارے میں' یا جنہیں اختیار کرنے والے شخص کے بارے میں امید کی جاسکتی ہے کہ قیامت والے دن' اللہ تعالیٰ اسے اپنے عرش کے سائے میں رکھے گا

7337- إسناده قوى، إسماعيل بن مسعود الجحدرى: روى له النسائى وهو ثقة ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إسحاق، فمن رجال مسلم، وقد توبع. وقد تقدم الحديث من طريق أخرى برقم."4413"

7338 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَوْ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ: اِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَاَ فِي عِبَادَةِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ بِالْمَسْجِدِ اِذَا خَرَجَ مِنْهُ حَتّٰى يَعُوْدَ اِلَيْهِ، وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلٰى ذٰلِكَ وَتَفَرَّقَا، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَاَةٌ ذَاتُ حَسَبٍ وَّجَمَالٍ، فَقَالَ: اِنِّي اَخَافُ اللّٰهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''سات لوگ ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اس دن اپنا خاص سایہ نصیب کرے گا۔ جب اس کے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ عادل حکمران اور وہ نوجوان جس کی نشوونما اللہ کی عبادت کرتے ہوئے ہوئی۔ وہ شخص جس کا دل مسجد کے ساتھ معلق رہے۔ اس وقت جب وہ مسجد سے نکلتا ہے' یہاں تک کہ وہ واپس مسجد کی طرف آ جائے۔ دو ایسے آدمی جو اللہ تعالیٰ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہوں اسی محبت پر وہ اکٹھے ہوتے ہوں اسی پر جدا ہوتے ہوں۔ ایک وہ شخص جو تنہائی میں اللہ کا ذکر کر رہا ہو' تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں۔ ایک وہ شخص جسے کوئی صاحب حیثیت اور خوب صورت عورت (گناہ کی) دعوت دے' تو وہ شخص یہ کہے کہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں۔ ایک وہ شخص جو کوئی صدقہ دے' تو اسے اتنا خفیہ رکھے کہ بائیں ہاتھ کو یہ پتہ نہ چل سکے کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا ہے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ اَقْوَامٍ يَّكُوْنُ خَصْمَهُمْ فِي الْقِيَامَةِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان لوگوں کی صفت کا تذکرہ' قیامت کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے مقابل فریق ہوں گے

7339 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ بْنَ اُمَيَّةَ يُحَدِّثُ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ اَنَا خَصْمُهُمْ فِي الْقِيَامَةِ، وَمَنْ كُنْتُ خَصْمَهُ اَخْصِمُهُ: رَجُلٌ اَعْطٰى بِي ثُمَّ غَدَرَ، وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَكَلَ ثَمَنَهُ، وَرَجُلٌ اسْتَاْجَرَ اَجِيرًا فَاسْتَوْفٰى مِنْهُ وَلَمْ يُوفِهِ اَجْرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

7338– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 2/952 في الشعر: باب ماجاء في المتحابين في الله، ومن طريقه أخرجه مسلم "1031" في الزكاة: باب فضل إخفاء الصدقة، والترمذي "2391" في الزهد: باب ماجاء في الحب في الله، والبغوي. "407" وقد تقدم من طريق آخرى برقم. "4486"

''تین لوگ ایسے ہیں جن کا قیامت کے دن میں مقابل فریق ہوگا' اور جس کا میں مقابل فریق ہوں گا ان کا میں مقابلہ کرلوں گا۔ایک وہ شخص جو میرے نام پر (کسی کو پناہ دے) اور پھر اس کی خلاف ورزی کرے۔ایک وہ شخص جو کسی آزاد شخص کو فروخت کر کے اس کی قیمت کھا جائے اور ایک وہ شخص جو کسی کو مزدور رکھے اس سے کام پورا لے لیکن اس کا معاوضہ پورا نہ دے''۔

ذِكْرُ نَفْيِ نَظَرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الْقِيَامَةِ اِلٰى اَقْوَامٍ مِنْ اَجْلِ اَفْعَالٍ ارْتَكَبُوْهَا

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا (کچھ) لوگوں کی طرف نظر نہ کرنے کا تذکرہ جو ان کے کچھ افعال کے ارتکاب کی وجہ سے ہوگا

7340 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

7339- إسناده حسن. يحيى بن سليم- وهو الطائفي- مختلف فيه، فقد وثقه ابن معين في رواية الدوري، وقال ابن سعد: كان ثقة كثير الحديث، وقال..... النسائي: ليس به بأس وهو منكر الحديث عن عبيد اله بن عمر، وذكره العجلي والمؤلف في "الثقات" وقال الشانيطيخطىء، وقال أبو حاتم: شيخ صالح محله الصدق ولم يكن بالحافظ، يكتب حديثه، ولا يحتج به، وقال يعقوب بن سفيان: سني رجال صالح، وكتابه لاباس به. فإذا حدث من كتابه، فحديثه حسن، وإذا حفظاً، فتعرف وتنكر. وقال الساجي: صدوق يهم في الحديث، وأخطا في احاديث رواها عن عبيد الله بن عمر، وقال الدارقطني: سيء الحفظ، وقال البخاري في "تاريخه" في ترجمة عبد الرحمن بن نافع: ماحدث الحميدي عن يحيى بن سليم، فهو صحيح، قلت: أخرج له البخاري في "صحيحه"هذا الحديث الواحد، واحتج به مسلم واصحاب السنن، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن أبي عمر العدني-وهو محمد بن يحيى ى-فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 2/358، والبخاري "2227" في البيوع: باب إثم من با ع حرا، و "2270" في الإجارة: باب غثم من منع أجر الأجير، وابن ماجة "2442" في الرهون: باب أجر الأجراء، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار " 4/142، وابن الجارود "579"، وأبو يعلى في "مسنده" ورقة 306/2، والبيهقي 6/14 و 121 من طرق عن يحيى بن سليم، بهذا الإسناد. واخرجه البيهقي 6/14 من طريق أبي جعفر النفيلي، عن يحيى بن سليمن عن إسماعيل بن أمية، عن سعيد، عن ابيه، عن ابي هريرة. قال الحافظ في "الفتح" 4/418: والمحفوظ قول الجماعة. أي: بإسقاط" عن أبيه."

7340- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب-وهو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب -فقد روى له أصحاب السُّنن وهو ثقة، وعبد الله بن يسار-وهو المكي الأعرج-فقد روى عنه جمع، وروري له النسائين وذكره المؤلف في "الثقات." عمر بن محمد: هو ابن زيد بن عبد الله بن عمر. وأخرجه ابن خزيمة في "التوحيد" ص 364، والبيهقي في "السنن" 8/288 من طريقين عن ابن وهبن بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/134، والنسائي 5/70 في الزكاة: باب المنان بما أعطي، والطبراني "13180"، والمزي في ترجمة عبد يسار، من طرق عن عمر بن محمد، به. وفي أوله زيادة. واخرجه ابن خزيمة ص 363-364، والحاكم 147-4/146 من طريق إسماعيل بن أبي أويس، عن أخيه، عن سليمان بن بلال، عن عبد الله بن يسار، به، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وأخرجه البزار"1875" من طريق عمران القطان، عن محمد بن عمرو، عن سالم بن عبد الله، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/148 وقال: رواه البزار بإسنادين ورجالهما ثقات. وأخرجه الطبراني "13442" من طريق الحسين بن واقد، عن صالح مولى مازن، عن عبيد بن عمير، عن ابن عمر. إلا أن فيه "والمسبل إزاره ......" مكان: "والعاق لوالديه." وأخرجه أحمد 2/69 و128 من طريق قطن بن وهب بن عمير بن الأجدع عمن حدثه، عن سالم بن عبد الله، عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "ثلاث قد حرم الله تبارك وتعالى عليهم الجنة: مدمن الخمر، والعاق، والديوث الذي يقر في أهله الخبث" وفيه راو لم يسم كما قال في "المجمع" 4/327 و 8/147.

وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، سَمِعَ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث):قَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ، وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ، وَالْمَنَّانُ بِمَا اَعْطٰى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''تین لوگ ایسے ہیں جن کی طرف قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نظر رحمت نہیں کرے گا۔ والدین کا نافرمان، باقاعدگی سے شراب پینے والا اور کچھ دے کر احسان جتانے والا''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ كُلَّ غَادِرٍ يُنْصَبُ لَهٗ فِي الْقِيَامَةِ لِوَاءٌ يُعْرَفُ بِهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' قیامت کے دن ہر عہد شکن کے لیے ایک مخصوص جھنڈا نصب کیا جائے گا' جس کے ذریعے اس کی شناخت ہوگی

7341 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):يُنْصَبُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُقَالُ: هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن ہر عہد شکن کے لیے جھنڈا نصب کیا جائے گا' اور یہ کہا جائے گا: یہ فلاں شخص کی معاہدے کی خلاف ورزی ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

7342 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا السَّامِیُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ مَوْلٰى ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث):قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهٗ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ: اَلَا

7341– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وأبو وائل: هو شقيق سلمة . وأخرجه البيهقي 8/160 من طريق أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "3186" في الجزية والموادعة: باب إثم الغادر للبر والفاجر وابن ماجة " "2872 في الجهاد: باب الوفاء بالبيعة، من طريق أبي الوليد، به. وأخرجه احمد 1/411 و417 و441، والطيالسي "254"، والدارمي 2/248 ومسلم "1736" "12" في الجهاد والسير: باب تحريم الغدر، وابن ماجه "2872"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 7/39، والبيهقي 9/142 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه مسلم"1736" "13" من طريق يزيد بن عبد العزيز، عن سليمان الأعمش، به.

هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک (معاہدے کی) خلاف ورزی کرنے والے کے لیے قیامت کے دن جھنڈا نصب کیا جائے گا' اور یہ کہا جائے گا: یہ فلاں شخص کی غداری ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِوَاءُ غَدْرٍ يُعْرَفُ بِهَا مِنْ بَيْنِ ذٰلِكَ الْجَمْعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قیامت کے دن ہر عہد شکن کے لیے عہد شکنی کا جھنڈا نصب کیا جائے گا' جس کے ذریعے وہ تمام ہجوم میں پہچانا جائے گا

7343 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهٗ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ اسْتِهٖ، فَيُقَالُ: هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک (معاہدے کی) خلاف ورزی کرنے والے کے لیے قیامت کے دن اس کی سرین کے نزدیک جھنڈا نصب کیا جائے گا' اور یہ کہا جائے گا: یہ فلاں شخص کی (معاہدے کی) خلاف ورزی ہے''۔

7342- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحى بن أيوب المقابرى، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "1735" "10"في الجهاد: باب تحريم الغدر، عن يحيى بن أيوب المقابرى، بهذا الإسناد . واخرجه مسلم "1735" "10"، والبيهقى 9/230، والبغوى "2480" من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به . وأخرجه البخارى "6178" فى الأدب: باب مايدعى الناس بآبائهم، وأبو داود "2756" فى الجهاد: باب الوفاء بالعهد، والبيهقى 9/230 من طريق عبد الله بن مسلمة بن قعنب، عن مالك، عن عبد الله بن دينار، به. وذكره ابن عبد البر فى "التجريد" ص268 عن مالك به قال" هو عند ابن بكير، ومعن بن عيسى جميعاً فى "الموطأ" ورواه فى غير "الموطأ" جماعة. وأخرجه البخارى "6966" فى الحيل: باب إذا غصب جاريته فزعم أنها ماتت، وأحمد 2/56 و 116، والبغوى "2479" من طريق سفيان الثورى، وأحمد 2/103 و 123 و 156 من طريق عبد العزيز بن مسلم، كلاهما عن عبد الله بن دينار، به. .... واخرجه مسلم، "1735" "11" من طريق ابن شهاب، عن حمزة وسالم ابنى عبد الله، عن عبد الله بن عمر. وأخرجه أحمد 2/49 من طريق أنس بن سيرين، و70و126 من طريق بشر بن حرب، و 57 من طريق يحيى عن رجل، ثلاثتهم عن ابن عمر. وانظر الحديث الآتى.

7343- إسناده صحيح على شرط الشيخين. جويرية: هو ابن أسماء بن عبيد الضبعى. وأخرجه أحمد 2/16 و 29 و48 و96 و112 و142، والبخارى "3188" فى الجزية والموادعة: باب إثم الغادر للبر وللفاجر، و "6177" فى الأدب: باب مايدعى الناس بآبائهم، و "7111" فى الفتن: باب إذا قال عند قوم شيئاً ثم خرج فقال بخلافه، ومسلم "1735" "9"، والترمذى "1581" فى السير: باب ماجاء أن لكل غادر لواء يوم القيامة، والبيهقى 8/159و160-159 من طرق عن نافع، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الشَّيْءِ الَّذِي اَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ فِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس چیز کے بارے میں ہے' جس کے بارے میں قیامت کے دن سب سے پہلے لوگوں کے درمیان فیصلہ ہوگا

7344 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اَوَّلُ مَا يُقْضَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَيْنَ النَّاسِ فِي الدِّمَاءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن لوگوں کے درمیان سب سے پہلے خونوں (یعنی قتل کے مقدمات) کا فیصلہ ہوگا''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا تُقْبَلُ فِيهِ الْاَعْمَالُ اِلَّا مِمَّنْ كَانَ مُخْلِصًا فِي اِتْيَانِهَا فِي الدُّنْيَا

7344- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داود العتكي، وأبو شهاب: هو عبد ربه بن نافع الكناني أبو شهاب الحناط، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة . وهو في "مسند أبي يعلى " ."5099" وأخرجه الطيالسي "269"، وأحمد 441-1/440و442، ومسلم"1678" في القسامة: باب المجازاة في الآخرة، والترمذي "1396"في الديات: باب الحكم في الدماء ، والنسائي 7/83 في تحريم الدم: باب تعظيم الدم، والقضاعي في "مسند الشهاب" "212" من طريق شعبة، عن الأعمش، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبي شيبة 9/426و14/100، واحمد 1/442، ومسلم "1678"، والترمذي "1397"، وابن ماجة "2615" في الديات: باب التغليظ في قتل مسلم ظلماً، وابن أبي عاصم في "الأوئل"34""، وفي "الديات" ص16، وأبو يعلى "5215"، والقضاعي في "مسند الشهاب " "212" من طريق وكيع، عن الأعمش، به . وأخرجه مسلم "1678"، وابن أبي عاصم في "الأوائل" "34"، وفي "الديات" ص26، والطبراني في "الأوئل" "24" من طريق عبدة بن سليمان، عن الأعمش، به . وأخرجه البخاري "6864" في الديات" باب قوله تعالى: (وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِناً مُتَعَمِّداً فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ) ، والبيهقي 8/21، والبغوي "2520" من طريق عبيد الله بن موسى، عن الأعمش، به . وأخرجه البخاري "6533" في الرقاق: باب القصاص يوم القيامة، .... من طريق حفص بن غياث، وابن المبارك في "الزهد" "1358"، والقضاعي في "مسند الشهاب" "212" من طريق محمد بن عبدة، وأحمد 1/388 من طريق محمد بن عبيد الطنافسي، و 442 من طريق حميد الرؤاسي، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 7/37، وأبو نعيم في "الحلية7/87" و127 من طريق سفيان الثوري، خمستهم عن الأعمش، به . وأخرجه النسائي 7/83، وابن ماجة "2617"، وابن أبي عاصم في "الأوئل" "23"، وفي "الديات" ص 27، والطبراني في "الكبير" "10425"، والقضاعي "213" من طريق شريك، عن عاصم، عن أبي وائل، به . وأخرجه أبو نعيم في "الحلية7/88" من طريق الثوري، عن منصور، عن أبي وائل، به . وأخرجه 7/88 من طريق محمد بن عصام، عن أبيه الأعمش، عن أبي وائل، به. وأخرجه عبد الرزاق "19717" عن معمر، والنسائي 7/83 من طريق أبي داود عن سفيان، و 7/84 من طريق أبي معاوية، ثلاثتهم عن الأعمش، به. موقوفاً . وأخرجه النسائي 84-7/83 من طريق إبراهيم بن طهمان، عن الأعمش، عن شقيق، عن عمرو بن شرحبيل، عن عبد الله موقوفاً أيضاً.

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' قیامت کے دن اعمال قبول نہیں کیے جائیں گے صرف اس شخص کے (اعمال قبول) کیے جائینگے جس نے دنیا میں اخلاص کے ساتھ انہیں سرانجام دیا ہوگا

7345 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَزِيْدَ خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ زِيَادِ بْنِ مِينَاءٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدِ بْنِ اَبِي فَضَالَةَ الْاَنْصَارِيِّ، وَكَانَ مِنَ الصَّحَابَةِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْاَوَّلِينَ وَالْاٰخِرِينَ فِي يَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيهِ نَادٰى مُنَادٍ: مَنْ اَشْرَكَ فِي عَمَلٍ عَمِلَهُ لِلّٰهِ، فَلْيَطْلُبْ ثَوَابَهُ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: الصَّحِيحُ هُوَ اَبُوْ سَعْدِ بْنُ اَبِي فَضَالَةَ

✿✿ حضرت ابوسعید بن ابوفضالہ انصاری رضی اللہ عنہ جو صحابہ کرام میں سے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اللہ تعالیٰ اس دن' تمام پہلے اور بعد والے لوگوں کو اکٹھا کر لے گا' جس دن کے بارے میں کوئی شک نہیں ہے' ایک منادی یہ اعلان کرے گا' جس شخص نے کسی ایسے عمل میں' جو اسے اللہ تعالیٰ کے لیے کرنا چاہئے تھا اس میں کسی دوسرے کو شریک کیا ہو' تو وہ اپنا ثواب اللہ تعالیٰ کی بجائے اس دوسرے سے لے' کیونکہ اللہ تعالیٰ شرک سے سب سے زیادہ بے نیاز ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) صحیح یہ ہے کہ راوی کا نام حضرت ابوسعد بن ابوفضالہ ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْاَنْبِيَاءِ وَاُمَمِهِمْ فِي الْقِيَامَةِ

قیامت کے دن انبیاء اور ان کی امتوں کی صفت کا تذکرہ

7346 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ،

7345– إسناده حسن وقد تقدم برقم "404". ونزيد في تخريجه: أخرجه الطبراني "778"/22 من طريق إسحاق بن منصور، عن محمد بن بكر البُرساني، بهذا الإسناد. 4 انظر التعليق على "404".

7346– حديث صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين، والحسن قد توبع عليه، وقد تقدم برقم "6397" من طريق آخر عن قتادة. وأخرجه أحمد 1/420، والطبراني "9767" من طريقين عن هشام، بهذا الإسناد. ... وأخرجه عبد الرزاق "19519" ومن طريقه أحمد 1/401، والطبراني "9766" عن معمر، وأبو يعلى "5339" من طريق شيبان، كلاهما عن قتادة، به. وأخرجه الطبراني "9765" و "9770"، من طرق قتادة، عن الحسن والعلاء بن زياد، عن عمران، عن ابن مسعود. وذكره الهيثمي مختصراً في "المجمع" 9/304وقال: رواه أحمد مطولاً ومختصراً، ورواه أبو يعلى ورجالهما في المطول رجال الصحيح، وذكره في موضع آخر 10/406 مطولاً، وقال: رواه أحمد بأسانيد والبزار بأتم منه، والطبراني، وأبو يعلى باختصار كثير -قلت: وروياه مطولاً -وأحد أسانيد أحمد والبزار رجاله رجال الصحيح، وصححه ابن كثير في "تفسيره.400/1" وانظر الحديث رقم "6052" و "6057" و "6440". وله شواهد منها حديث ابن عباس وقد مر برقم "6396".

قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث):تَحَدَّثْنَا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتّٰى اَكْرَيْنَا الْحَدِيْثَ، ثُمَّ رَجَعْنَا اِلٰى مَنَازِلِنَا، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا غَدَوْنَا عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ الْاَنْبِيَاءُ وَاُمَمُهُمْ وَاَتْبَاعُهَا مِنْ اُمَمِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ يَمُرُّ، وَمَعَهُ الثَّلَاثَةُ مِنْ اُمَّتِهٖ، وَجَعَلَ النَّبِيُّ يَمُرُّ، وَمَعَهُ الْعِصَابَةُ مِنْ اُمَّتِهٖ، وَالنَّبِيُّ وَلَيْسَ مَعَهُ اِلَّا الْوَاحِدُ مِنْ اُمَّتِهٖ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِهٖ، حَتّٰى مَرَّ مُوْسَى بْنُ عِمْرَانَ فِيْ كَبْكَبَةٍ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ اَعْجَبُوْنِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: اَخُوْكَ مُوْسَى بْنُ عِمْرَانَ، وَمَنْ تَبِعَهُ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ قُلْتُ: يَا رَبِّ، فَاَيْنَ اُمَّتِيْ؟ قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَّمِيْنِكَ، فَنَظَرْتُ، فَاِذَا الظِّرَابُ ظِرَابُ مَكَّةَ، قَدِ اسْوَدَّ بِوُجُوْهِ الرِّجَالِ، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ اُمَّتُكَ، اَرَضِيْتَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، قَدْ رَضِيْتُ، قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَّسَارِكَ، فَنَظَرْتُ، فَاِذَا الْاُفُقُ قَدْ سُدَّ بِوُجُوْهِ الرِّجَالِ، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ اُمَّتُكَ، اَرَضِيْتَ؟ فَقُلْتُ: رَبِّ رَضِيْتُ، قِيْلَ: فَاِنَّ مَعَ هٰؤُلَاءِ سَبْعِيْنَ اَلْفًا بِلَا حِسَابٍ، قَالَ: فَاَنْشَاَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ اَحَدُ بَنِيْ اَسَدِ بْنِ خُزَيْمَةَ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: فَاِنَّكَ مِنْهُمْ، قَالَ: ثُمَّ اَنْشَاَ اٰخَرُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ

❁❁ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات چیت کرر ہے تھے یہاں تک کہ ہم نے گفتگو ختم کی اور ہم اپنے گھروں کی طرف واپس لوٹ آئے اگلے دن صبح ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گزشتہ رات میرے سامنے انبیاء کرام ان کی امتوں اوران کی امت سے تعلق رکھنے والے ان کے پیروکاروں کو پیش کیا گیا تو کوئی نبی گزرا تو اس کے ساتھ اس کی امت کے تین آدمی تھے۔کوئی نبی گزرا تو اس کے ساتھ اس کی امت کے کچھ لوگ تھے۔کوئی نبی گزرا تو اس کے ساتھ اس کی امت کا صرف ایک آدمی تھا۔کوئی نبی گزرا اس کے ساتھ اس کی امت کا کوئی بھی فرد نہیں تھا یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام بنی اسرائیل کے ایک بڑے گروہ کے درمیان گزرے جب میں نے انہیں دیکھا تو وہ مجھے پسند آئے میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار! یہ کون ہیں۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تمہارے بھائی موسیٰ بن عمران اور بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والے ان کے پیروکار لوگ ہیں۔میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار! میری امت کہاں ہے؟ پروردگار نے فرمایا: اپنی دائیں طرف دیکھو۔میں نے دیکھا تو وہاں مکہ کا ایک پہاڑ لوگوں کے چہروں سے سیاہ ہو چکا تھا۔میں نے عرض کی: میرے پروردگار یہ کون لوگ ہیں؟ پروردگار نے فرمایا: تمہاری امت ہے تو کیا تم راضی ہو؟ میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! میں راضی ہوں۔پروردگار نے فرمایا: اپنے بائیں طرف دیکھو۔میں نے اس طرف دیکھا تو افق کو لوگوں کے چہروں نے بھر دیا تھا۔میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! یہ کون لوگ ہیں؟ پروردگار نے

فرمایا: یہ تمہاری امت ہے کیا تم راضی ہو۔ میں نے عرض کی: میرے پروردگار میں راضی ہوں۔

تو یہ کہا گیا: ان لوگوں کے ہمراہ ستر ہزار ایسے لوگ بھی ہیں' جو کسی حساب کے بغیر (جنت میں) داخل ہوں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ جن کا تعلق بنو اسد بن خزیمہ سے تھا وہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل کردے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان میں سے ایک ہو۔ ایک اور صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے بھی ان میں شامل کردے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بارے میں عکاشہ تم سے سبقت لے گیا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَنْ كَانَ مَغْفُوْرًا لَهٗ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اُخِذَ بِهٖ فِي الْقِيَامَةِ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَمَنْ سُخِطَ عَلَيْهِ اُخِذَ بِهٖ ذَاتَ الشِّمَالِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: اس امت کا وہ شخص

جس کی مغفرت ہو چکی ہو اسے قیامت کے دن دائیں طرف لے جایا جائے گا' اور جس شخص پر ناراضگی کی گئی ہو گی اسے بائیں طرف لے جایا جائے گا

7347 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): قَالَ: قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَوْعِظَةٍ، فَقَالَ: يَآاَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ عُرَاةً حُفَاةً غُرْلًا، (كَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهٗ وَعْدًا عَلَيْنَا اِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ) (الأنبياء: 104) اَلَا وَاِنَّ اَوَّلَ الْخَلْقِ يُكْسٰى اِبْرَاهِيْمُ، اَلَا وَاِنَّهٗ سَيُجَاءُ بِرِجَالٍ مِنْ اُمَّتِيْ، فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، فَاَقُوْلُ: يَا رَبِّ اَصْحَابِيْ اَصْحَابِيْ، فَيُقَالُ: اِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ: (وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَا

7347- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخاري "6526" في الرقاق: باب الحشر، ومسلم "2860" "58" في الجنة وصفة نعيمها: باب فناء الدنيا وبيان الحشر يوم القيامة، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/235و253، ومسلم "2860" "58" من طريق محمد بن جعفر، به . وأخرجه أحمد 1/235 و 253، والدارمي 2/326، والبخاري "4625" في تفسير سورة المائدة: باب قوله تعالى: (وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيداً مَا دُمْتُ فِيهِمْ) ، و "4740" في تفسير سورة الأنبياء : باب (كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ) ، ومسلم "2860" "58"، والنسائي 4/117 في الجنائز: باب ذكر أول من يكسى، والبيهقي في "الأسماء والصفات" 2/138 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 1/223، و229، والبخاري "3349" في الأنبياء باب قوله تعالى: (وَاتَّخَذَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلاً) ، و "3447" باب قوله تعالى: (وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَاناً شَرْقِيّاً) ، و "4626"، والترمذي"2423" في صفة القيامة: باب ماجاء في شأن الحشر، والنسائي4/114 في الجنائز: باب البعث، والطبراني "12312"، والبيهقي في "الأسماء والصفات2/273" من طريق سفيان الثوري، عن المغيرة بن النعمان، به . وانظر الحديث رقم "7318" و "7321" و 0"7322"

دُمْتُ فِيهِمْ، فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ، وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ) (المائدة: 117) ، اِلٰى قَوْلِهٖ: (الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ) (المائدة: 118) ، فَيُقَالُ: اِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوا مُرْتَدِّينَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان وعظ کرنے کے لیے کھڑے ہوئے اور آپ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! تم لوگوں کو برہنہ جسم، برہنہ پاؤں، ختنوں کے بغیر (قیامت کے دن) اٹھایا جائے گا (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''جس طرح ہم نے پہلے تخلیق کیا تھا اس طرح ہم دوبارہ تخلیق کریں گے۔ یہ ہمارا وعدہ ہے۔ ہم ایسا ضرور کریں گے''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) خبردار مخلوق میں سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو لباس پہنایا جائے گا۔ خبردار میری امت کے کچھ افراد کو لایا جائے گا' اور انہیں پکڑ کر بائیں طرف لے جایا جائے گا' تو میں یہ کہوں گا: اے میرے پروردگار! یہ میرے ساتھی ہیں یہ میرے ساتھی ہیں' تو یہ کہا جائے گا: تم نہیں جانتے کہ تمہارے بعد انہوں نے کیا کیا تھا' تو میں وہی کہوں گا' جو ایک نیک بندے نے کہا تھا (جس کا ذکر قرآن میں ہے)

''جب تک میں ان کے درمیان رہا میں ان پر گواہ تھا اور جب' تو نے مجھے موت دے دی تو' تو ان کا نگران تھا اور' تو ہر چیز پر گواہ ہے''۔

یہ آیت' یہاں تک ہے ''غالب اور حکمت والا ہے''۔

تو یہ کہا جائے گا: یہ ایڑیوں کے بل مرتد ہو گئے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ فِي الْقِيَامَةِ يَكُونُ مَعَ مَنْ اَحَبَّهٗ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی قیامت کے دن ان کے ساتھ ہوگا جن سے وہ دنیا میں محبت کرتا تھا

7348 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهٗ قَالَ:

(متنِ حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، مَتٰى قِيَامُ السَّاعَةِ؟ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الصَّلَاةِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ، قَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ عَنِ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ الرَّجُلُ: اَنَا يَارَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا اَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ مَا اَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرَ صَلَاةٍ، وَلَا صَوْمٍ، اِلَّا اِنِّي اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ، وَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ ، فَقَالَ اَنَسٌ: مَا رَاَيْتُ الْمُسْلِمِينَ فَرِحُوا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْاِسْلَامِ مِثْلَ فَرَحِهِمْ بِهَا.

7348- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب المقابري، فمن رجال مسلم . وقد تقدم برقم "8" و "105" و "563" و"564" و ."565"

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لیے کھڑے ہوئے اور آپ نے نماز مکمل کی تو آپ نے فرمایا: قیامت کے بارے میں سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ ان صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے۔ اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کے لیے زیادہ روزے اور زیادہ نمازیں تیار نہیں کیں لیکن میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ وہ محبت کرتا ہے تم بھی اس کے ساتھ ہو گے جس سے تم محبت رکھتے ہو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے مسلمانوں کو اسلام قبول کرنے کے بعد کبھی کسی چیز سے اتنا خوش ہوتے نہیں دیکھا جتنا وہ اس بات پر خوش ہوئے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ إِذَا أُعْطِيَا كِتَابَيْهِمَا

مسلمان اور کافر کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جب ان کا نامہ اعمال انہیں دیا جائے گا

7349 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي قَوْلِهِ: (يَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ) (الإسراء: 71)، قَالَ: يُدْعَى أَحَدُهُمْ، فَيُعْطَى كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ وَيُمَدُّ لَهُ فِي جِسْمِهِ سِتُّونَ ذِرَاعًا وَيُبَيَّضُ وَجْهُهُ، وَيُجْعَلُ عَلَى رَأْسِهِ تَاجٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ يَتَلَأْلَأُ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ إِلَى أَصْحَابِهِ، فَيَرَوْنَهُ مِنْ بَعِيدٍ، فَيَقُولُونَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي هَذَا حَتَّى يَأْتِيَهُمْ، فَيَقُولُ: أَبْشِرُوا، فَإِنَّ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مِثْلَ هَذَا، وَأَمَّا الْكَافِرُ، فَيُعْطَى كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ مُسْوَدًّا وَجْهُهُ، وَيُزَادُ فِي جِسْمِهِ سِتُّونَ ذِرَاعًا عَلَى صُورَةِ آدَمَ، وَيَلْبَسُ تَاجًا مِنْ نَارٍ، فَيَرَاهُ أَصْحَابُهُ، فَيَقُولُونَ: اللَّهُمَّ اخْزِهِ، فَيَقُولُ: أَبْعَدَكُمُ اللَّهُ، فَإِنَّ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْكُمْ مِثْلَ هَذَا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بعد نقل کرتے ہیں (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اس دن ہم تمام لوگوں کو ان کے امام کی نسبت سے بلائیں گے''۔

7349– إسناده ضعيف. عبد الرحمن - وهو ابن أبي كريمة - لم يرو عنه غير ابنه إسماعيل، ولم يوثقه غير المؤلف. وباقي رجاله رجال الصحيح. وأخرجه الترمذي "3136" في التفسير: باب ومن سورة الإسراء، والبزار فيما ذكر ابن كثير في "تفسيره" 3/56، والحاكم 2/242 243 من طرق عن عبيد الله بن موسى، عن إسرائيل، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب، وقال البزار: لايروى إلا من هذا الوجهن وصححه الحاكم على شرط مسلم! وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 5/317 وزاد نسبته إلى ابن أبي حاتم وابن مردويه.

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: کسی شخص کو بلایا جائے گا اس کا نامہ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا' اور اس کا جسم ستر گز تک لمبا کر دیا جائے گا۔ اس کا چہرہ سفید کر دیا جائے گا' اور اس کے سر پر ہیروں سے بنا تاج رکھا جائے گا' جو جھلملا رہا ہو گا۔ جب وہ شخص اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جائے گا۔ وہ لوگ دور سے اسے دیکھیں گے' تو کہیں گے اے اللہ ہمارے لیے اس میں برکت رکھ دے یہاں تک کہ وہ شخص ان کے پاس آئے گا تو کہے گا تم لوگ خوش خبری قبول کرو کیونکہ تم میں سے ہر شخص کو اس کی مانند (اجر و ثواب) ملے گا لیکن جہاں تک کافر شخص کا تعلق ہے' تو اس کا نامہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا' اور اس کا چہرہ سیاہ ہو گا۔ اس کا جسم ساٹھ گز ہو جائے گا' جو حضرت آدم علیہ السلام کے قد جتنا تھا۔ اسے آگ سے بنا ہوا تاج پہنایا جائے گا اس کے ساتھی اسے دیکھیں گے' تو یہ کہیں گے اے اللہ اسے رسوا کر' تو وہ کہے گا اللہ تعالیٰ تم لوگوں کو بھی دور کرے تم میں سے ہر ایک کو اس کی مانند (عذاب ملے گا)

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ تَقْرِيعِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْكَافِرَ فِي الْعُقْبَى بِثَمَرِهِ الَّذِي كَانَ مِنْهُ فِي الدُّنْيَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخرت میں اللہ تعالیٰ کافر شخص کے دنیا میں کیے گئے اس کے اعمال کا بدلہ دے گا

7350 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يُؤْتٰى بِرَجُلٍ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، فَيَقُوْلُ لَهُ: يَا ابْنَ آدَمَ، كَيْفَ وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ؟ فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، شَرَّ مَنْزِلٍ، فَيَقُوْلُ: اَتَفْتَدِيْ مِنْهُ بِطِلَاعِ الْاَرْضِ ذَهَبًا؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ اَيْ رَبِّ، فَيَقُوْلُ: كَذَبْتَ قَدْ سُئِلْتَ مَا هُوَ اَهْوَنُ مِنْ ذٰلِكَ، فَيُرَدُّ اِلَى النَّارِ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اہل جہنم میں سے ایک شخص کو لایا جائے گا' تو پروردگار اسے فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے تم نے اپنے ٹھکانے کو کیسا پایا۔ وہ کہے گا: اے پروردگار سب سے برا ٹھکانہ ہے۔ پروردگار فرمائے گا: کیا تم اس کے عوض میں

7350- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم، عبد الواحد بن غياث المقترن بهدبة بن خالد في هذا السند: روى له أبو داود وهو صدوق. وأخرجه أحمد 3/239، والنسائي 6/36 في الجهاد: باب مايتمنى أهل الجنة، والحاكم 2/75 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. ولفظه: "يؤتى برجل يوم القيامة من أهل الجنة، فيقول الله عزوجل: يَا ابْنَ آدَمَ، كَيْفَ وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ؟ فَيَقُوْلُ: اى رب خير منزل، فيقول له: سل وتمنه، فيقول: مااسأل وأتمنى إلا أن تردني إلى الدنيا، فأقتل لما أرى من فضائل الشهادة، ثم يؤتى برجل من أهل النار فيقول له".... فذكره وصححه الحاكم على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 3/127 و129، والبخاري "3334" في الأنبياء: .....باب خلق آدم وذريته، و "6557" في الرقاق: باب صفة الجنة والنار، ومسلم "2805" "51" في صفات المنافقين: باب طلب الكافر الفداء بملء الأرض ذهباً، وأبو يعلى "4186"، وابن أبي عاصم في "السنة"، وأبو نعيم في "الحلية" 2/315 من طرق عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أنس. وانظر الحديث الآتي.

تمام روئے زمین جتنا سونا فدیے کے طور پر دینے کے لیے تیار ہو۔ وہ کہے گا: جی ہاں میرے پروردگار! تو پروردگار فرمائے گا: تم جھوٹ بول رہے ہو۔ تم سے اس سے آسان چیز کا مطالبہ کیا گیا تھا (لیکن تم نے اس پر عمل نہیں کیا) پھر اسے جہنم کی طرف لے جایا جائے گا۔

7351 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ:

(متن حدیث): اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يُقَالُ لِلْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ مِلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا اَكُنْتَ تَفْتَدِيْ بِهِ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ: قَدْ سُئِلْتَ اَيْسَرَ مِنْ ذٰلِكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن کافر سے کہا جائے گا: تمہارا کیا خیال ہے؟ اگر تمہارے پاس زمین جتنا سونا ہوتا تو کیا تم فدیے کے طور پر وہ دے دیتے؟ وہ جواب دے گا جی ہاں' تو اسے کہا جائے گا: تم سے اس سے زیادہ آسان چیز کا مطالبہ کیا گیا تھا' لیکن تم نے اس پر عمل نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَسَافَةِ الَّتِيْ يَرَى الْكَافِرُ فِي الْقِيَامَةِ نَارَ جَهَنَّمَ مِنْهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس مسافت کے بارے میں ہے جو کافر شخص قیامت کے دن جہنم میں دیکھے گا

7352 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا السَّمْحِ حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: يُنْصَبُ لِلْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِقْدَارُ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ، وَاِنَّ الْكَافِرَ لَيَرَى جَهَنَّمَ، وَيَظُنُّ اَنَّهَا مُوَاقِعَتُهُ مِنْ مَسِيْرَةِ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت کے دن کافر کے لیے پچاس ہزار سال جتنا دن ہوگا' اور کافر شخص جہنم کو دیکھ لے گا' اور یہ گمان کرے گا کہ وہ

7351– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه مسلم "2805" "52" عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى "6538" فى الرقاق: باب من نوقش الحساب عذب، ومسلم "2805" "52"، وأبو يعلى "2926" و "2976" و "3021" من طرق عن معاذ بن هشام، به. وأخرجه أحمد 3/218، والخارى "6538"، ومسلم "2805" "53"، والطبرى فى "جامع البيان" "7384" من طرق عن سعيد بن أبى عروبة، به.

7352– إسناده حسن . رجاله ثقات رجال مسلم غير أبى السمح -وهو دارج بن سمعان -فقدروى له أصحاب السنن، وهو صدوق. ابن حجيرة: هو عبد الرحمن. وأخرجه الحاكم 4/597 من طريق عبد الله بن وهب، عن عمرو بن الحارث، وأحمد 3/75، وأبو يعلى "1385" من طريق حسن بن موسى، عن ابن لهيعة كلاهما عن دارج أَبِى السَّمْحِ، عَنْ أَبِى الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِى سعيد، وصححه الحاكم، وقال الهيثمى 10/336: وإسناده حسن على مافيه من ضعف. قلت: قد ذكرت فى أكثر من موضع: أن دراجاً أبا السمح يضعف فى روايته عن أبى الهيثم فقط.

اس میں چالیس برس تک گرتا رہے گا''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ قَدْرِ مَنْ يُبْعَثُ لِلنَّارِ مِنَ الْكُفَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' قیامت کے دن کفار میں سے کتنے لوگوں کو جہنم میں بھیجا جائے گا

7353 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ يَعْقُوبَ بْنَ عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): سَمِعْتُ رَجُلًا قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: اِنَّكَ تَقُوْلُ: اِنَّ السَّاعَةَ تَقُوْمُ اِلٰى كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَا اُحَدِّثَكُمْ بِشَيْءٍ، اِنَّمَا قُلْتُ: اِنَّكُمْ تَرَوْنَ بَعْدَ قَلِيلٍ اَمْرًا عَظِيمًا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِيْ اُمَّتِي، فَيَمْكُثُ فِيهِمْ اَرْبَعِينَ، لَا اَدْرِي اَرْبَعِينَ يَوْمًا، اَوْ اَرْبَعِينَ عَامًا، اَوْ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً، اَوْ اَرْبَعِينَ شَهْرًا، فَيَبْعَثُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ كَاَنَّهُ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الثَّقَفِيُّ، فَيَطْلُبُهُ فَيُهْلِكُهُ، ثُمَّ يَمْكُثُ النَّاسُ بَعْدَهُ سَبْعَ سِنِينَ لَيْسَ بَيْنَ اثْنَيْنِ عَدَاوَةٌ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيحًا مِنْ قِبَلِ الشَّامِ، فَلَا يَبْقَى اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ اِيمَانٍ، اِلَّا قَبَضَتْهُ حَتّٰى لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ كَانَ فِيْ كَبِدِ جَبَلٍ لَدَخَلَتْ عَلَيْهِ، قَدْ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ فِيْ خِفَّةِ الطَّيْرِ وَاَحْلَامِ السِّبَاعِ، لَا يَعْرِفُوْنَ مَعْرُوفًا، وَلَا يُنْكِرُوْنَ مُنْكَرًا، فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطَانُ، فَيَاْمُرُهُمْ بِالْاَوْثَانِ فَيَعْبُدُوْنَهَا وَفِيْ ذٰلِكَ دَارَّةٌ اَرْزَاقُهُمْ حَسَنٌ عَيْشُهُمْ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ، فَلَا يَسْمَعُهُ اَحَدٌ اِلَّا اَصْغَى، ثُمَّ لَا يَبْقَى اَحَدٌ، اِلَّا صَعِقَ، ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَطَرًا كَاَنَّهُ الطَّلُّ اَوِ الظِّلُّ - النُّعْمَانُ يَشُكُّ - فَتَنْبُتُ مِنْهُ اَجْسَادُ النَّاسِ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ اُخْرَى، فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُوْنَ، ثُمَّ يُقَالُ: اَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوا اِلٰى رَبِّكُمْ: (وَقِفُوهُمْ اِنَّهُمْ مَسْءُوْلُوْنَ) (الصافات: **24**)، ثُمَّ يُقَالُ: اَخْرِجُوْا مِنْ بَعْثِ اَهْلِ النَّارِ، فَيُقَالُ: كَمْ، فَيُقَالُ: مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ، فَيَوْمَئِذٍ يُبْعَثُ الْوِلْدَانُ شِيبًا، وَيَوْمَئِذٍ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي شُعْبَةُ بِهٰذَا الْحَدِيثِ مِرَارًا، وَعَرَضْتُهُ عَلَيْهِ.

❀❀ یعقوب بن عاصم بیان کرتے ہیں: میں نے ایک شخص کو حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا۔آپ یہ کہتے ہیں: قیامت اتنے اتنے عرصے کے لیے قائم ہوگی' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پہلے میں نے یہ ارادہ کیا تھا کہ میں تمہیں

7353- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير النعمان ويعقوب، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "2940" "117" في الفتن: باب خروج الدجال ومكثه في الأرض، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 6/391، والحاكم 4/550-551، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 213-215 من طريق محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/166، عن محمد بن جعفر، به. وأخرجه مسلم "2940" "116" من طريق معاذ العنبري، والحاكم 4/543 من طريق عبدان بن عثمان، عن أبيه، كلاهما عن شعبة، به.

کوئی حدیث بیان نہیں کروں گا لیکن پھر میں نے سوچا کہ تم تھوڑے ہی عرصے کے بعد ایک بڑا واقعہ دیکھو گے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میری امت میں دجال نکلے گا وہ لوگوں میں چالیس تک رہے گا (راوی کہتے ہیں:) لیکن مجھے نہیں معلوم اس سے مراد چالیس دن ہیں یا چالیس سال ہیں یا چالیس راتیں ہیں یا چالیس مہینے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو اس کی طرف بھیجے گا۔ ان کی شکل عروہ بن مسعود ثقفی کی طرح ہوگی وہ اسے تلاش کر کے اسے ہلاک کر دیں گے پھر اس کے بعد سات سال تک لوگوں کے درمیان رہیں گے۔ اس دوران دو آدمیوں کے درمیان کوئی دشمنی نہیں ہوگی پھر اللہ تعالیٰ شام کی طرف سے ایک ہوا بھیجے گا۔ کوئی ایسا شخص زندہ نہیں رہے گا، جس میں رائی کے دانے جتنا ایمان ہو۔ وہ ہوا اس کی روح کو قبض کر لے گی، یہاں تک کہ اگر کوئی شخص کسی پہاڑ کی غار میں ہوگا، تو ہوا اس تک بھی پہنچ جائے گی۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بتایا) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات بھی سنی ہے پھر برے لوگ پرندے کے ٹھکانوں اور درندوں کی کچھاروں میں باقی رہ جائیں گے وہ نیکی سے واقف نہیں ہوں گے اور برائی کو برائی نہیں سمجھیں گے۔ شیطان ان کے سامنے انسانی شکل میں آئے گا، اور انہیں بتوں کی عبادت کرنے کا حکم دے گا، تو وہ ان کی عبادت شروع کر دیں گے۔ اس وقت میں ان کا رزق عمدہ ہوگا۔ ان کی زندگی بظاہر عمدہ ہوگی پھر صور میں پھونک ماری جائے گی، جو بھی اسے سنے گا وہ گر جائے گا پھر کوئی بھی شخص باقی نہیں رہے گا ہر شخص مر جائے گا، پھر اللہ تعالیٰ ایک بارش کو بھیجے گا، جو ہلکی ہوگی۔ یہاں پر نعمان نامی راوی کو شک ہے، یا موسلا دھار ہوگی، اس بارش کے ہمراہ لوگوں کے جسم اگنا شروع ہوں گے۔ پھر صور میں دوبارہ پھونک ماری جائے گی، تو وہ لوگ کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے۔ پھر یہ کہا جائے گا: اے لوگو! اپنے پروردگار کی طرف چل پڑو۔

''(ارشاد باری تعالیٰ ہے) ان لوگوں کو روک لو ان سے حساب لیا جائے گا''۔

پھر یہ کہا جائے گا: ان میں سے جہنم میں جانے والے لوگوں کو نکال لو۔ پھر دریافت کیا جائے گا: کتنوں کو؟ تو یہ کہا جائے گا: ایک ہزار میں سے نو سو ننانوے افراد کو۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) اس دن بچوں کو بزرگوں کی شکل میں زندہ کیا جائے گا، اور اس دن پنڈلی سے پردہ ہٹ جائے گا (یعنی معاملہ سخت ہوگا)

محمد بن جعفر نامی راوی کہتے ہیں: شعبہ نے یہ حدیث کئی مرتبہ ہمیں بیان کی ہے، اور کئی مرتبہ میں نے بھی یہ ان کے سامنے پڑھی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ قِلَّةِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْ كَثْرَةِ اَهْلِ النَّارِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، جو اہل جہنم کے مقابلے میں اہل جنت کی کمی کے بارے میں ہے ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

7354 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ

الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): نَزَلَتْ (يَآاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ) (الحج: 1) عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ فِيْ مَسِيرٍ لَهُ، فَرَفَعَ بِهَا صَوْتَهُ حَتّٰى ثَابَ اِلَيْهِ اَصْحَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: اَتَدْرُوْنَ اَيَّ يَوْمٍ هٰذَا؟ يَوْمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِآدَمَ: يَا آدَمُ، قُمْ فَابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَّتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ ، فَكَبُرَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَدِّدُوا، وَقَارِبُوا، وَاَبْشِرُوا، فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا اَنْتُمْ فِي النَّاسِ اِلَّا كَالشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيرِ، اَوْ كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ، وَاِنَّ مَعَكُمْ لَخَلِيقَتَيْنِ مَا كَانَتَا مَعَ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا كَثَّرَتَاهُ يَاْجُوجَ وَمَاْجُوجَ وَمَنْ هَلَكَ مِنْ كَفَرَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہ آیت نازل ہوئی:

''اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو۔ بے شک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی چیز ہے''۔

یہ آیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت سفر کر رہے تھے۔ آپ نے بلند آواز میں اسے تلاوت کیا' یہاں تک کہ آپ کے اصحاب آپ کے نزدیک آ گئے آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ یہ کون سا دن ہے؟ (یعنی قیامت کا دن کون سا دن ہے؟) اس دن اللہ تعالیٰ حضرت آدم علیہ السلام سے فرمائے گا: اے آدم اٹھو اور ہر ایک ہزار میں سے نو سے ننانوے لوگ جہنم میں ڈالنے کے لیے نکال لو۔ (راوی کہتے ہیں) مسلمانوں کو یہ بات بہت شاق گزری' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ٹھیک رہو' میانہ روی اختیار کرو' اور یہ خوشخبری حاصل کرو' اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے لوگوں کے درمیان تمہاری مثال اس طرح ہے' جس طرح اونٹ کے پہلو پر نشان ہوتا ہے۔ یا جس طرح جانور کی ٹانگ پر نشان ہوتا ہے۔ تمہارے ساتھ دو طرح کی مخلوق ہے۔ یہ دونوں جس کے ساتھ بھی مل جائیں گے اس کی تعداد کو زیادہ کر دیں گے وہ یاجوج ماجوج اور ہلاک ہو جانے والے کافر جنات اور انسان ہیں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مُحَاسَبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ الْمُخْبِتِيْنَ مِنْ عِبَادِهٖ فِي الْقِيَامَةِ

7354– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أبو يعلى "3122"، والحاكم 1/29 و 567-4/566 من.... طرق عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى . وذكره الهيثمى فى "المجمع" 10/394 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح غير محمد بن مهدى وهو ثقة. وأخرجه الطبرى فى "جامع البيان17/112"، وابن أبى حاتم فى "تفسيره" فيما ذكره الحافظ ابن كثير فى "تفسيره" -3/214من طريقين عن معمر، به. وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" 6/5، وزاد نسبته إلى عبد بن حميد، وابن المنذر، وابن مردويه . وفى الباب عن أبى سعيد الخدرى عند البخارى "6530"، ومسلم "222"، وأحمد 33-3/32، وابن جرير الطبرى 17/112، والبيهقى فى "الأسماء والصفات " ص219 من طرق عن الأعمش، عن أبى صالح، عن أبى سعيد . وعن عمران بن حصين عند أحمد 4/432، والترمذى "3168" و"3169"، والطبرى فى "جامع البيان" 17/111، والحاكم 4/567 من طريق الحسن وغيره عن عمران بن حصين.

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے مؤمن اور متواضع بندوں کا محاسبہ کرے گا

7355 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ الْمَازِنِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَا نَحْنُ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ نَطُوفُ بِالْبَيْتِ، إِذْ عَارَضَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ النَّجْوَى؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: يَدْنُو الْمُؤْمِنُ مِنْ رَبِّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يَضَعَ عَلَيْهِ كَنَفَهُ، ثُمَّ يُقَرِّرُهُ بِذُنُوبِهِ، فَيَقُولُ: هَلْ تَعْرِفُ؟ فَيَقُولُ: رَبِّ أَعْرِفُ، حَتَّى إِذَا بَلَغَ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَبْلُغَ، قَالَ: فَإِنِّي قَدْ سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا، وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ، ثُمَّ يُعْطَى صَحِيفَةَ حَسَنَاتِهِ، وَأَمَّا الْكَافِرُ وَالْمُنَافِقُ، فَيُنَادَى عَلَى رُءُوسِ الْأَشْهَادِ: (هَؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى رَبِّهِمْ أَلَا لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ) (هود: 18)

حضرت صفوان بن محرز مازنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے اسی دوران ایک شخص ان کے سامنے آیا اور بولا: اے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سرگوشی کے بارے میں کیا بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''قیامت کے دن مومن اپنے پروردگار کے قریب ہوگا' یہاں تک کہ وہ اسے پردے میں کر لے گا' اور پھر اس سے اس کے گناہوں کا اعتراف کروائے گا۔ پروردگار فرمائے گا کیا تم ان سے واقف ہو۔ وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! میں انہیں پہچانتا ہوں' یہاں تک کہ وہاں تک بات چلی جائے گی' جو اللہ کو منظور ہوگا کہ وہاں تک جائے پھر پروردگار فرمائے

7417 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا، وَمَا فِيْهَا جَمِيْعًا، اقْرَؤُوْا اِنْ شِئْتُمْ: (فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ، وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ)

(آل عمران: **185**)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جنت میں کوڑا رکھنے کی جگہ دنیا اور اس میں موجود تمام چیزوں سے بہتر ہے۔
اگر تم چاہو تو یہ آیت تلاوت کرلو:
''جس شخص کو جہنم سے بچا لیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا وہ کامیاب ہو گیا اور دنیاوی زندگی' تو صرف دھوکے کا سامان ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

7418 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِیْ يُوْنُسَ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَقَابُ قَوْسٍ، اَوْ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''جنت میں کمان رکھنے کی جگہ یا کوڑا رکھنے کی جگہ دنیا سے زیادہ بہتر ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اَوَّلِ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ فِی الْعُقْبٰى

اس پہلے گروہ کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو آخرت میں (سب سے پہلے) جنت میں داخل ہوگا

7419 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ

7417– إسناده حسن. محمد بن عمرو - وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ - روى له البخاري مقرونا، ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين، غير هناد، فمن رجال مسلم. وهو في "الزهد" له ."113" وأخرجه الترمذي "3292" في تفسير سورة الواقعة، عن أبي كريب، عن عبدة بن سليمان، بهذا الإسناد. وقال: هذا حديث صحيح. وأخرجه ابن أبي شيبة 13/101، وأحمد 2/438، والدارمي 333-2/32، والترمذي "3013" في تفسير سورة آل عمران، وأبو نعيم في "صفة الجنة" "53"، والحاكم 2/299 من طرق عن محمد بن عمرو، به. وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 2/482، والبخاري "2793" في الجهاد: باب الغدوة والروحة في سبيل الله وقاب قوس أحدكم في الجنة و "3253" في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة، من طريق فيلح بن سليمان، عن هلال بن علي، عن عبد الرحمن بن أبي عمرة، عن أبي هريرة. وأخرجه ابن عبد البر في "جامع بيان العلم وفضله " 2/17 من طريق ..... عبد الرحمن بن إسحاق، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة. وأخرجه بحشل في "تاريخ واسط" ص 160 من طريق الأعمش، عن أبي صالح، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/483، والدولابي في "الكنى" 1/103 من طريقين عن أبي أيوب مولى لعثمان بن عفان، عن أبي هريرة، وانظر الحديث الآتي. والحديث المتقدم برقم "6158".

7418– إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو يونس: هو سليم بن جبير الدوسي وانظر الحديث السابق والحديث المتقدم برقم ."6158"

الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْكِيْنُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متنِ حدیث): قَالَ: تَجْتَمِعُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ: اَيْنَ فُقَرَاءُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَمَسَاكِيْنُهَا؟ قَالَ: فَيَقُوْمُوْنَ، فَيُقَالُ لَهُمْ: مَاذَا عَمِلْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا ابْتَلَيْتَنَا فَصَبَرْنَا، وَآتَيْتَ الْاَمْوَالَ وَالسُّلْطَانَ غَيْرَنَا، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: صَدَقْتُمْ، قَالَ: فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ النَّاسِ، وَيَبْقَى شِدَّةُ الْحِسَابِ عَلٰى ذَوِى الْاَمْوَالِ وَالسُّلْطَانِ، قَالُوْا: فَاَيْنَ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: يُوْضَعُ لَهُمْ كَرَاسِيُّ مِنْ نُوْرٍ، وَتُظَلِّلُ عَلَيْهِمُ الْغَمَامُ، يَكُوْنُ ذٰلِكَ الْيَوْمُ اَقْصَرَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ سَاعَةٍ مِنْ نَهَارٍ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم لوگ قیامت کے دن اکٹھے ہو گے' تو یہ کہا جائے گا: امت کے غریب لوگ اور مسکین لوگ کہاں ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو لوگ کھڑے ہوں گے' تو ان سے کہا جائے گا: تم نے کیا عمل کیا؟ وہ یہ کہیں گے اے ہمارے پروردگار تو نے ہمیں آزمائش میں مبتلا کیا' تو ہم نے صبر سے کام لیا' تو نے اموال اور حکومت دوسروں کو دے دی' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم نے سچ کہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو وہ لوگ دوسرے لوگوں سے پہلے جنت میں داخل ہو جائیں گے' اور حساب کی سختی مالدار لوگوں اور حکمرانوں کے لیے باقی رہ جائے گی۔ لوگوں نے دریافت کیا: اس دن مومن کہاں ہوں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے لیے نور کی کرسیاں رکھی جائیں گی' اور ان پر بادل نے سایہ کیا ہوا ہوگا' اور وہ دن اہل ایمان کے لیے (دنیاوی) دن کی ایک گھڑی سے بھی چھوٹا ہوگا''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ صُوَرِ الزُّمْرَةِ الَّتِىْ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَوَّلَ النَّاسِ فِى الْقِيَامَةِ

اس گروہ کی شکل وصورت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو قیامت کے دن لوگوں میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگا

7420 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ،

(متنِ حدیث): قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدًا، يَقُوْلُ: اخْتَصَمَ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ اَيُّهُمْ فِى الْجَنَّةِ اَكْثَرُ فَاَتَوْا اَبَا هُرَيْرَةَ، فَسَاَلُوْهُ، فَقَالَ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِىْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ عَلٰى اَضْوَاِ كَوْكَبٍ فِى السَّمَاءِ دُرِّيٍّ اَوْ دُرِّىءٍ - شَكَّ سُفْيَانُ - لِكُلِّ رَجُلٍ

7419- إسناده حسن. محمد بن سعيد الأنصاري: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" 9/102. عبد الله بن الحارث: هو الزبيدي النجراني، وأبو كثير: هو الزبيدي الكوفي، اسمه زهير بن الأقمر، وقيل غير ذلك. وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/337 وقال: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح غير أبي كثير الزبيدي، وهو ثقة.

مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ اثْنَتَانِ يُرَى مُخُّ سُوقِهِنَّ مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ، وَمَا فِي الْجَنَّةِ اَعْزَبُ

محمد نامی راوی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ کچھ مردوں اور خواتین کے درمیان اس بات پر بحث ہوگئی کہ ان میں سے کس کی تعداد جنت میں زیادہ ہوگی۔ وہ لوگ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میری امت کا سب سے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا وہ چودھویں رات کے چاند کی مانند ہوگا۔ اس کے بعد والے لوگ آسمان میں موجود سب سے زیادہ چمکدار ستارے کی مانند ہوں گے۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں سفیان نامی راوی کو شک ہے۔) ان میں سے ہر ایک فرد کی دو بیویاں ہوں گی جن کی پنڈلی کا گودا گوشت کے اندر سے بھی دکھائی دے گا' اور جنت میں کوئی کنوارہ نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ وَصْفِ هٰذِهِ الزُّمْرَةِ الَّتِىْ هِىَ اَوَّلُ الْخَلْقِ دُخُوْلًا الْجَنَّةَ بَعْدَ الْاَنْبِيَاءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

اس گروہ کی صفت کا تذکرہ' جو انبیاء کے بعد' جنت میں داخل ہونے کے حوالے سے' مخلوق میں سب سے پہلے ہوگا

7421 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

7420- إسناده صحيح . رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن بشار الرمادي، فقد روى له أبو داود والترمذي، وهو حافظ وقد توبع، سفيان: هو ابن عيينة، وأيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، ومحمد: هو ابن سيرين . وأخرجه الحميدي "1143"، وأحمد 2/247، ومسلم "2834" "14" في الجنة وصفة نعيمها، باب أول زمرة تدخل الجنة على صورة القمر ليلة البدر، من طريق سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "10879" عن معمر، وأحمد 2/230، والحسين المروزي في زوائد "الزهد" لابن المبارك "1585"، ومسلم "2834" "14"، والبيهقي في "البعث" "335" من طريق إسماعيل بن علية، والخطيب في "تاريخه" 9/87 من طريق حمادة بن سلمة، ثلاثتهم عن أيوب، به. وأخرجه أحمد 2/345 و420 و422 و507، والدارمي 2/336، وأبو نعيم في "صفة الجنة "244""، والخطيب في "تاريخه" 9/87، والبيهقي في "البعث" "334" من طرق عن محمد، به بطوله ومختصراً. وأخرجه البخاري "3254" في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة، من طريق هلال، عن عبد الرحمن بن أبي عمرة، عن أبي هريرة . وأخرجه بنحوه مختصراً: أحمد 2/400، والحسين المروزي في زائد "الزهد" "1576"، وأبو نعيم في "الحلية" 8/184-185، وفي "صفة الجنة" "245"، وأبو عوانة 1/140-141، البغوي "4323" من طريق الزهري، عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة .... وأخرجه أحمد 2/473 و504، والحسين المروزي "1574"، وأبو نعيم في "صفة الجنة" "242" من طريق إسماعيل بن أبي خالد، عن زياد المخزومي، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/385، وأبو الشيخ في "العظمة" "579" و"580" من طريق خلاس وأبي رافع، عن أبي هريرة. وأخرجه الدارمي 2/333، وأبو نعيم "246" و"247" من طريقين عن أبي سلمة، عن أبي هريرة. وأخرجه ابن أبي عاصم في "الأوائل" "87"، وأبو نعيم "250" من طريق قتادة، عن عطاء بن يسار، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/257، وابن أبي شيبة 14/129، وأبو نعيم في "صفة الجنة" "249" من طريق محمد بن إسحاق، عن عياض بن دينار "وزاد أحمد هنا: عن أبيه" عن أبي هريرة. وسيأتي أيضاً برقم "7436" و ."7437"

سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي مَعْرُوفُ بْنُ سُوَيْدٍ الْجُذَامِيُّ، عَنْ اَبِي عُشَّانَةَ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَنْ اَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ؟ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ الْفُقَرَاءُ الْمُهَاجِرُونَ الَّذِينَ يُسَدُّ بِهِمُ الثُّغُورُ، وَتُتَّقَى بِهِمُ الْمَكَارِهُ، وَيَمُوتُ اَحَدُهُمْ، وَحَاجَتُهُ فِي صَدْرِهِ لَا يَسْتَطِيعُ لَهَا قَضَاءً، فَيَقُولُ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَاءُ مِنْ مَلَائِكَتِهِ: ائْتُوهُمْ فَحَيُّوهُمْ، فَيَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: رَبَّنَا نَحْنُ سُكَّانُ سَمَاوَاتِكَ، وَخِيرَتُكَ مِنْ خَلْقِكَ اَفَتَاْمُرُنَا اَنْ نَّاْتِيَ هٰؤُلَاءِ، فَنُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ، قَالَ: اِنَّهُمْ كَانُوا عِبَادًا يَعْبُدُونِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا، وَتُسَدُّ بِهِمُ الثُّغُورُ، وَتُتَّقَى بِهِمُ الْمَكَارِهُ، وَيَمُوتُ اَحَدُهُمْ، وَحَاجَتُهُ فِي صَدْرِهِ لَا يَسْتَطِيعُ لَهَا قَضَاءً، قَالَ: فَتَاْتِيهِمُ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَيَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ: (سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ) (الرعد: 24)

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"کیا تم یہ بات جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے سب سے پہلے کون جنت میں داخل ہوگا' تو لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے جنت میں سب سے پہلے غریب مہاجرین داخل ہوں گے جن کے لیے راستوں کو بند کر دیا گیا' اور ان کے لیے مصیبتیں پیدا کر دی گئیں۔ ان میں سے کسی کا انتقال ہوتا' تو اس کی ضرورت سینے میں ہی رہ جاتی' اور وہ اسے پوری کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تھا' تو اللہ تعالیٰ فرشتوں میں سے جسے چاہے گا اس سے یہ فرمائے گا۔ ان کو لاؤ اور انہیں سلام کرو۔ فرشتے عرض کریں گے اے ہمارے پروردگار! ہم تیرے آسمان کے رہنے والے ہیں' اور تیری مخلوق میں بہتر لوگ ہیں۔ کیا' تو ہمیں یہ حکم دے رہا ہے کہ ہم ان کے پاس جائیں اور ان کو سلام کریں۔ پروردگار فرمائے گا یہ ایسے بندے تھے جنہوں نے میری عبادت کی اور کسی کو میرا شریک نہیں ٹھہرایا۔ ان کے لیے راستے بند کر دیئے گئے اور مصیبتیں پیدا کر دی گئیں۔ ان میں سے کوئی شخص ایسی حالت میں فوت ہوتا کہ اس کی حاجت اس کے سینے میں ہوتی تھی۔ وہ اس کو پوری کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اس وقت فرشتے پھر ان لوگوں کے پاس آئیں گے اور ہر دروازے میں سے ان پر داخل ہوں گے (اور یہ کہیں گے جس کا ذکر قرآن میں ہے)

"تم پر سلام ہو اس چیز کی وجہ سے' جو تم نے صبر کیا اور آخرت کا گھر کتنا بہترین ہے"۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اَوَّلِ مَا يَاْكُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ عِنْدَ دُخُولِهِمْ اِيَّاهَا تَفَضَّلَ اللّٰهُ عَلَيْنَا بِذٰلِكَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے کہ اہل جنت، جنت میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے کیا کھائیں گے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی یہ شرف عطا کرے

7422 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِنِ عَبْدِ السَّلَامِ بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اَسْمَاءَ الرَّحَبِيُّ، اَنَّ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ قَائِمًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ جَاءَ حَبْرٌ مِّنْ اَحْبَارِ الْيَهُودِ، فَقَالَ: سَلَامٌ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ، قَالَ: فَدَفَعْتُهُ دَفْعَةً كَادَ يُصْرَعُ مِنْهَا، فَقَالَ: لِمَ تَدْفَعُنِي؟ فَقُلْتُ: اَلَا تَقُولُ يَارَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ الْيَهُودِيُّ: اِنَّمَا اَدْعُوهُ بِاسْمِهِ الَّذِي سَمَّاهُ بِهِ اَهْلُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اسْمِي مُحَمَّدٌ الَّذِي سَمَّانِي بِهِ اَهْلِي، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: جِئْتُ اَسْاَلُكَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: يَنْفَعُكَ شَيْءٌ اِنْ اَخْبَرْتُكَ، قَالَ: اَسْمَعُ مَا تُحَدِّثُ، فَنَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ بِعُودٍ مَعَهُ، وَقَالَ: سَلْ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: اَيْنَ يَكُونُ النَّاسُ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: هُمْ فِي الظُّلْمَةِ دُونَ الْجِسْرِ، قَالَ: فَمَنْ اَوَّلُ النَّاسِ اِجَازَةً؟ فَقَالَ: فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: فَمَا تُحْفَتُهُمْ حِينَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: زَائِدَةُ كَبِدِ النُّونِ، قَالَ: مَا غَدَاؤُهُمْ عَلَى اِثْرِهَا؟ قَالَ: يُنْحَرُ لَهُمْ ثَوْرُ الْجَنَّةِ الَّذِي كَانَ يَاْكُلُ مِنْ اَطْرَافِهَا، قَالَ: فَمَا شَرَابُهُمْ عَلَيْهِ؟ قَالَ: مِنْ عَيْنٍ فِيهَا تُسَمَّى سَلْسَبِيلًا، قَالَ: صَدَقْتَ، قَالَ: وَجِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ شَيْءٍ لَا يَعْلَمُهُ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ الْاَرْضِ اِلَّا نَبِيٌّ، قَالَ: يَنْفَعُكَ اِنْ حَدَّثْتُكَ؟، فَقَالَ: اَسْمَعُ بِاُذُنِي جِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنِ الْوَلَدِ، فَقَالَ: مَاءُ الرَّجُلِ اَبْيَضُ، وَمَاءُ الْمَرْاَةِ اَصْفَرُ، فَاِذَا اجْتَمَعَا فَعَلَا مَاءُ الرَّجُلِ مَنِيَّ الْمَرْاَةِ اَذْكَرَا بِاِذْنِ اللّٰهِ، وَاِذَا عَلَا مَنِيُّ الْمَرْاَةِ مَنِيَّ الرَّجُلِ آنَثَا بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْيَهُودِيُّ: لَقَدْ صَدَقْتَ، وَاِنَّكَ لَنَبِيٌّ وَّانْصَرَفَ، فَذَهَبَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: لَقَدْ سَاَلَنِي هٰذَا عَنِ الَّذِي سَاَلَنِي وَمَالِي عِلْمٌ بِشَيْءٍ مِنْهُ حَتّٰى اَتَانِيَ اللّٰهُ بِهِ

7422– حديث صحيح، محمد بن خلف الدارى وشيخه قد توبعا، ومن فوقهما على شرط مسلم . أبو سلام: هو ممطور الأسود الحبشى، وأبو أسماء الرحبى: هو عمرو بن مرثد . وأخرجه مسلم "315" فى الحيض: باب بيان ضفة منى الرجل والمرأة، والنسائى فى "عشرة النساء" "188"، والطبرانى "1414"، وأبو نعيم فى "صفة الجنة" "337"، والحاكم 482-3/481، والبيهقى فى "البعث" "315" من طرق عن معاوية بن سلام، بهذا الإسناد. وقوله: "فنكت" أى خط بالعود فى الأرض، وأثر به فيها، وهذا يفعله المفكر . و"الجسر" بفتح الجيم وكسرها، والمراد به الصراط، و "الإجازة" هنا بمعنى الجواز والعبور، و "التحفة" بإسكان الحاء وفتحها مايهدى إلى الرجل ويخص به ويلاطف، "النون": الحوت.

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھڑا ہوا تھا۔ اسی دوران یہودیوں کا ایک عالم آیا اور بولا: اے حضرت محمد! آپ کو سلام ہو۔ میں نے اسے دھکا دیا' تو وہ گرنے کے قریب ہوا اس نے مجھے کہا تم نے مجھے دھکا کیوں دیا ہے۔ میں نے کہا: کیا تم یارسول اللہ! نہیں' کہہ سکتے۔ یہودی نے کہا: میں نے انہیں ان کے نام سے بلایا ہے۔ وہ نام جوان کے گھر والوں نے ان کا رکھا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا نام محمد ہے۔ یہ وہ نام ہے' جو میرے گھر والوں نے میرا رکھا ہے۔ اس یہودی نے کہا: میں آپ سے سوال کرنے کے لیے آیا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں تمہیں کسی چیز کے بارے میں خبر دوں' تو یہ چیز تمہیں فائدہ دے گی۔ اس نے کہا: آپ جو بیان کر رہے ہیں میں اسے غور سے سن رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چھڑی تھی' جس کے ذریعے آپ زمین کرید رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سوال کرو۔ اس یہودی نے دریافت کیا' جس دن زمین کو دوسری زمین میں اور آسمانوں کو تبدیل کر دیا جائے گا اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ پل صراط سے کچھ پہلے ایک تاریکی میں ہوں گے۔ اس نے دریافت کیا: سب سے پہلے اسے کون لوگ عبور کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غریب مہاجرین۔ یہودی نے دریافت کیا: جب وہ جنت میں داخل ہوں گے ان کی خوراک کیا ہو گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مچھلی کے جگر کا اضافی حصہ۔ اس نے دریافت کیا: اس کے بعد ان کی خوراک کیا ہوگی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان لوگوں کے لیے جنت کا بیل ذبح کیا جائے گا' جو جنت کے اطراف میں چرتا رہا ہوگا۔ یہودی نے دریافت کیا: ان لوگوں کا مشروب کیا ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ایک ایسے چشمے سے آئے گا' جس کا نام سلسبیل ہے۔ اس نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے۔ اس نے بتایا: میں آپ سے ایسی چیزوں کے بارے میں سوال کرنے کے لیے آیا تھا۔ جن کے بارے میں روئے زمین پر کوئی نہیں جانتا صرف کوئی نبی جان سکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں تمہیں کچھ کہوں' تو اس کا تمہیں فائدہ ہوگا۔ اس نے کہا: میں اپنے کانوں کے ذریعے سن رہا ہوں میں نے آپ سے بچے کے بارے میں دریافت کرنا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا مادہ تولید سفید ہوتا ہے' اور عورت کا مادہ زرد ہوتا ہے' جب وہ دونوں ملیں اور مرد کا مادہ عورت کی منی پر غالب آجائے' تو اللہ کے حکم کے تحت لڑکا ہوتا ہے۔ جب عورت کی منی مرد کی منی پر غالب آجائے' تو اللہ کے حکم کے تحت لڑکی ہوتی ہے۔ یہودی نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے۔ آپ واقعی نبی ہیں پھر وہ چلا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی اس نے مجھ سے جن چیزوں کے بارے میں دریافت کیا تھا: مجھے ان کے بارے میں علم نہیں تھا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے اس کا علم دے دیا گیا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَوَّلِ مَا يَاْكُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ فِي الْجَنَّةِ عِنْدَ دُخُوْلِهِمْ اِيَّاهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اہل جنت، جنت میں داخل ہونے کے بعد جنت میں سب سے پہلے کیا کھائیں گے

7423 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فِيْ نَخلٍ لَه، فَاَتٰى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي سَائِلُكَ عَنْ اَشْيَاءَ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا نَبِيٌّ، فَاِنْ اَنْتَ اَخْبَرْتَنِي بِهَا آمَنْتُ بِكَ، فَسَاَلَهُ عَنِ الشَّبَهِ، وَعَنْ اَوَّلِ شَيْءٍ يَّحْشُرُ النَّاسَ، وَعَنْ اَوَّلِ شَيْءٍ يَّاْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبَرَنِيْ بِهِنَّ جِبْرِيلُ آنِفًا، قَالَ: ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا الشَّبَهُ اِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْاَةِ ذَهَبَ بِالشَّبَهِ، وَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْاَةِ مَاءَ الرَّجُلِ ذَهَبَ بِالشَّبَهِ، وَاَوَّلُ شَيْءٍ يَّحْشُرُ النَّاسَ نَارٌ تَجِيءُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، فَتَحْشُرُ النَّاسَ اِلَى الْمَغْرِبِ، وَاَوَّلُ شَيْءٍ يَّاْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ رَاْسُ ثَوْرٍ وَّكَبِدُ حُوتٍ، ثُمَّ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْيَهُوْدَ قَوْمٌ بُهْتٌ، وَاِنَّهُمْ اِنْ سَمِعُوْا بِاِيمَانِيْ بِكَ بَهَتُوْنِيْ، وَوَقَعُوْا فِيَّ، فَاُحِبُّ اَنِّي اَبْعَثُ اِلَيْهِمْ، فَبَعَثَ فَجَاؤُوا، فَقَالَ: مَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ؟ قَالُوْا: سَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا، وَعَالِمُنَا وَابْنُ عَالِمِنَا، وَخَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ اَتُسْلِمُوْنَ؟، فَقَالُوْا: اَعَاذَهُ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ ذٰلِكَ مَا كَانَ لِيَفْعَلَ، فَقَالَ: اخْرُجْ يَا ابْنَ سَلَامٍ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: بَلْ هُوَ شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، وَجَاهِلُنَا وَابْنُ جَاهِلِنَا، قَالَ: اَلَمْ اُخْبِرْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَّهُمْ قَوْمٌ بُهْتٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ اس وقت اپنے کھجوروں کے باغ میں تھے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: میں آپ سے کچھ ایسی چیزوں کے بارے میں دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ جن کے بارے میں کسی نبی کو ہی علم ہوسکتا ہے' اگر آپ نے مجھے ان کے بارے میں بتا دیا' تو میں آپ پر ایمان لے آؤں گا۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (بچے کی ماں یا باپ میں سے کسی ایک کے ساتھ) مشابہت کے بارے میں دریافت کیا' اور اس چیز کے بارے میں دریافت کیا' جو لوگوں کو اکٹھا کرے گی' اور اس بارے میں دریافت کیا' کہ اہل جنت سب سے پہلے کیا چیز کھائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی جبرائیل نے مجھے ان کے بارے میں بتایا ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے بتایا: وہ' تو یہودیوں کے ناپسندیدہ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک مشابہت کا تعلق ہے' جب مرد کا مادہ عورت کے مادے پر سبقت لے جائے' تو بچہ باپ کے مشابہہ ہوتا ہے' اور اگر عورت کا مادہ مرد کے مادے پر سبقت لے جائے' تو بچہ عورت کے مشابہہ ہوتا ہے۔ لوگوں کو سب سے پہلے ایک آگ اکٹھا کرے گی' جو مشرق کی طرف سے آئے گی' اور ان کو اکٹھا کر کے مغرب کی طرف لے جائے گی۔ اہل جنت سب سے پہلے جو چیز کھائیں گے وہ بیل کا سر ہوگا' اور مچھلی کا جگر ہوگا' پھر انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہودی بہتان طراز لوگ ہیں اگر انہوں نے یہ سن لیا کہ میں آپ پر ایمان لایا ہوں' تو وہ مجھ پر بہتان لگائیں گے۔ میرے خلاف بولیں گے' اس لیے میں چاہتا ہوں کہ میں انہیں بلوالوں۔ پھر حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے انہیں پیغام بھیجا یہودی آ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: عبداللہ بن سلام کی کیا حیثیت ہے؟ انہوں نے کہا:

7423– إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 3/271، وأبو يعلى "3414"، وأبو نعيم في "الدلائل" "247" من طريق حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وقد تقدم برقم. "7161"

وہ ہمارے سردار ہیں اور ہمارے سردار کے صاحب زادے ہیں اور ہمارے عالم ہیں اور ہمارے عالم کے صاحب زادے ہیں۔ ہمارے بہترین فرد ہیں اور ہمارے بہترین فرد کے صاحبزادے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر وہ مسلمان ہو جائے تو کیا تم بھی مسلمان ہو جاؤ گے۔ ان لوگوں نے کہا: اللہ تعالیٰ انہیں اس بات سے بچائے کہ وہ یہ بات کہیں وہ ایسا نہیں کر سکتے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابن سلام باہر آؤ۔ وہ نکل کر ان کے سامنے آئے اور انہوں نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں تو ان یہودیوں نے کہا: بلکہ یہ ہمارے بدترین فرد اور بدترین فرد کے بیٹے ہیں ہمارے جاہل فرد اور جاہل فرد کے بیٹے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں نے آپ کو بتایا نہیں تھا کہ یہ بہتان طراز لوگ ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَكُوْنُ مُتَعَقَّبَ طَعَامِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَشَرَابِهِمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ اہل جنت کا بعد میں کھانا اور مشروب کیا ہوگا

7424 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ: يَا اَبَا الْقَاسِمِ اَلَسْتَ تَزْعُمُ اَنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْكُلُوْنَ وَيَشْرَبُوْنَ فِيْهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، اِنَّ اَحَدَهُمْ لَيُعْطَى قُوَّةَ مِئَةِ رَجُلٍ فِي الْمَطْعَمِ وَالْمَشْرَبِ وَالشَّهْوَةِ وَالْجِمَاعِ، فَقَالَ لَهُ الْيَهُوْدِيُّ: فَاِنَّ الَّذِيْ يَاْكُلُ وَيَشْرَبُ تَكُوْنُ لَهُ الْحَاجَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَاجَتُهُمْ عَرَقٌ يَّفِيضُ مِنْ جُلُوْدِهِمْ مِثْلُ الْمِسْكِ، فَاِذَا الْبَطْنُ قَدْ ضَمُرَ

❀❀ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہودیوں کا ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: اے ابوالقاسم! کیا آپ اس بات کے قائل ہیں کہ اہل جنت جنت میں کھائیں گے بھی اور پئیں گے بھی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے ہر جنتی کو کھانے پینے، شہوت اور صحبت کرنے میں ایک سو

7424– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير هناد، فمن رجال مسلم. وثمامة بن عقبة، فقد روى له البخاري في "الأدب المفرد"، والنسائي، وهو ثقة، وهو في "الزهد" لهناد "63" و ."90" وأخرجه أحمد 4/367، والبزار "3522"، والطبراني "5007" والبيهقي في "البعث"317"" من طرق عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 109-13/108، واحمد 4/381، والدارمي 2/334، وهناد "90"، وعبد بن حميد في "المنتخب" "263"، والحسين المروزي في "زوائد الزهد" "1459"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/191، والبزار "3523"، والطبراني "5004" و"5005" و"5006" و"5008" و"5009"، وأبو نعيم في "الحلية" 8/116، وفي "صفة الجنة" "329" من طرق عن الأعمش، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/216 وقال: رواه أحمد والبزار والطبراني، ورجال أحمد والبزار رجال الصحيح غير ثمامة بن عقبة، وهو ثقة. وأخرجه الطبراني بنحوه "5010" من طريق هارون بن سعد، عن ثمامة، به. وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 1/100 وزاد نسبته إلى ابن أبي حاتم.

آدمیوں جتنی قوت دی جائے گی۔ ان یہودیوں نے نبی اکرم ﷺ سے کہا: جو شخص کھاتا اور پیتا ہے۔ اسے قضائے حاجت کی ضرورت بھی پیش آتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ان کی قضائے حاجت پسینے کی شکل میں ہوگی' جو مشک کی طرح کا (خوشبودار) وہ ان کے جسم سے نکل جائے گا' اور پیٹ ویسے ہی ہلکا پھلکا رہے گا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ سُوقِ اَهْلِ الْجَنَّةِ الَّذِیْ يَجْتَمِعُ اِلَيْهِ اَهْلُهَا

اہل جنت کے بازار کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس میں اہل جنت اکٹھے ہوں گے

7425 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ سُوقًا يَاْتُوْنَهُ كُلَّ جُمُعَةٍ فِيْهِ كُثْبَانُ الْمِسْكِ، فَتَهِيجُ رِيْحُ شَمَالٍ فَتَحْثِي اَوْ فَتَسْفِيْ فِيْ وُجُوْهِهِمُ الْمِسْكَ، فَيَاْتُوْنَ اَهْلِيهِمْ، فَيَقُوْلُوْنَ لَهُمْ: قَدْ زَادَكُمُ اللّٰهُ بَعْدَنَا اَوِ ازْدَدْتُّمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا، فَيَقُوْلُوْنَ لَهُمْ: وَاَنْتُمْ قَدْ زَادَكُمُ اللّٰهُ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت میں ایک بازار ہے جس میں اہل جنت ہر جمعے کے دن آیا کریں گے اس میں مشک کے ٹیلے ہیں وہاں شمال کی طرف سے آنے والی ہوا چلے گی' جو ان کے چہروں پر مشک چھڑکے گی۔ جب وہ اپنی بیویوں کے پاس جائیں گے' تو ان سے کہیں گے ہمارے بعد اللہ تعالیٰ نے تمہارے حسن و جمال میں اضافہ کیا ہے' تو ان کے اہل خانہ ان سے کہیں گے ہمارے بعد اللہ تعالیٰ نے تمہارے بھی حسن و جمال میں اضافہ کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً فِيْهَا

قدرومنزلت کے اعتبار سے اہل جنت میں سب سے کم ترین شخص کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

7426 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْغَضَائِرِيُّ بِحَلَبَ وَكَانَ حِتْرَ النِّعَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا

7425– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سعيد بن عبد الجبار، وحماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه الدارمي 2/339، ومسلم "3833" في الجنة ونعيمها: باب في سوق الجنة، وأبو نعيم في "الحلية" 6/253، والبيهقي في "البعث" "374"، والبغوي "4389" من طريق سعيد بن عبد الجبار، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 13/150، وأحمد 3/284-285 من طريق عفان، عن حماد بن سلمة، به. وأخرجه الدارمي 2/338-339 عن يزيد بن هارون، عن حميد، عن أنس مرفوعاً. وأخرجه الحسين المروزي في "زوائد الزهد" "4191" عن محمد بن أبي عدي، عن حميد، عن أنس موقوفاً. وأخرجه ابن أبي شيبة 13/102، والمبارك في "الزهد" برواية نعيم بن حماد "241"، والبيهقي في "البعث" "375" من طريق سليمان التيمي، عن أنس موقوفاً. ...... وأخرجه عَبْدُ الرَّزَّاقِ "20881" عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أنس موقوفاً.

7426– إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير العدني، وأبن أبحر، فمن رجال مسلم. ابن أبي عمر العدني: هو محمد بن يحيى، وسفيان: هو ابن عيينة، وعبد الملك بن أبجر: هو عبد الملك بن سعيد بن حيان، وقد تقدم الحديث برقم: "6216".

ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ الْعَدَنِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُطَرِّفُ بْنُ طَرِيْفٍ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبْجَرَ، سَمِعَا الشَّعْبِىَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث):سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ عَلَى الْمِنبَرِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ مُوْسٰى، قَالَ: رَبِّ، اَىُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَدْنٰى مَنْزِلَةً؟ فَقَالَ: رَجُلٌ يَّجِىءُ بَعْدَمَا يَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ: كَيْفَ اَدْخُلُ وَقَدْ نَزَلَ النَّاسُ مَنَازِلَهُمْ وَاَخَذُوا اَخَذَاتِهِمْ، فَيُقَالُ لَهُ: تَرْضَى اَنْ يَّكُوْنَ لَكَ مِنَ الْجَنَّةِ مِثْلَ مَا كَانَ لِمَلِكٍ مِنْ مُلُوكِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: نَعَمْ اَىْ رَبِّ، فَيُقَالُ: لَكَ هٰذَا وَمِثْلُهُ وَمِثْلُهُ وَمِثْلُهُ، فَيَقُوْلُ: اَىْ رَبِّ رَضِيتُ، فَيُقَالُ لَهُ: اِنَّ لَكَ هٰذَا وَعَشَرَةَ اَمْثَالِهِ مَعَهُ، فَيَقُوْلُ: اَىْ رَبِّ رَضِيتُ، فَيُقَالُ لَهُ: لَكَ مَعَ هٰذَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ وَلَذَّتْ عَيْنُكَ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے منبر پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے آپ نے فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار! اہل جنت میں سب سے کم تر مرتبے کا شخص کون ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ایک ایسا شخص جو اہل جنت کے (جنت میں) داخل ہو جانے کے بعد آئے گا' تو اسے کہا جائے گا: تم جنت میں داخل ہو جاؤ' تو وہ کہے گا میں کیسے اندر جا سکتا ہوں جبکہ لوگ اپنے ٹھکانوں پر پہنچ چکے ہیں اور اپنی اپنی جگہ حاصل کر چکے ہیں۔ اس سے کہا جائے گا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تم کو جنت میں اتنی جگہ مل جائے' جو دنیا میں کسی بادشاہ کی ہوتی تھی' تو وہ کہے گا جی ہاں اے میرے پروردگار! میں راضی ہوں' تو اسے کہا جائے گا: تمہیں اتنی جگہ ملتی ہے' اس کی مانند مزید اور اس کی مانند مزید اور اس کی مانند مزید (یعنی مزید تین گنا اتنی جگہ ملتی ہے) تو وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! میں راضی ہوں۔ اسے کہا جائے گا: تمہیں یہ بھی ملتا ہے اور اس کے ہمراہ اس کا دس گنا مزید ملتا ہے' تو وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! میں راضی ہوں' تو اسے کہا جائے گا: تمہیں اس کے ہمراہ وہ چیز ملے گی' جس کی تمہارے نفس کو خواہش تھی جس کے ذریعے تمہاری آنکھوں کو لذت حاصل ہوگی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الرَّجُلَ الَّذِىْ ذَكَرْنَا نَعْتَهُ هُوَ مِمَّنْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ النَّارُ، ثُمَّ اُخْرِجَ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ شخص جس کا ہم نے ذکر کیا ہے یہ ان لوگوں میں سے ایک ہوگا جن پر جہنم واجب ہو چکی تھی اور پھر انہیں جہنم سے نکالا گیا

7427 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ الْبَذَشِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث):قَالَ: اِنِّى لَاَعْرِفُ آخِرَ رَجُلٍ خُرُوجًا مِنَ النَّارِ رَجُلٌ خَرَجَ زَحْفًا، فَقِيلَ لَهُ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَيَدْخُلُ، ثُمَّ يَخْرُجُ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، قَدْ اَخَذَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ، فَيُقَالُ لَهُ: اَتَذْكُرُ الزَّمَانَ الَّذِىْ كُنْتَ فِيهِ فِى

الدُّنْيَا، فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيَقُولُ: تَمَنَّهُ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، تَنَافَسَ اَهْلُ الدُّنْيَا فِي دُنْيَاهُمْ، وَتَضَايَقُوا فِيهَا، فَاَنَا اَسْاَلُكَ مِثْلَهَا، فَيَقُولُ: لَكَ مِثْلُهَا وَعَشَرَةُ اَضْعَافِ ذٰلِكَ، فَهُوَ اَدْنَى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں جہنم سے نکلنے والے آخری شخص سے واقف ہوں۔ یہ وہ شخص ہے جو گھسٹتا ہوا باہر آئے گا۔ اسے کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ۔ وہ جنت میں داخل ہوگا پھر وہ باہر آئے گا' اور کہے گا: اے میرے پروردگار! لوگ' تو اپنی جگہوں کو حاصل کر چکے ہیں۔ اس سے کہا جائے گا: کیا تمہیں وہ زمانہ یاد ہے' جب تم دنیا میں رہا کرتے تھے۔ وہ کہے گا جی ہاں' تو پروردگار فرمائے گا تم آرزو کرو۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! اہل دنیا اپنی دنیا کی خواہش کیا کرتے تھے اور دنیا کے بارے میں تنگی کا شکار ہوتے تھے۔ میں تجھ سے اس کی مانند کا سوال کرتا ہوں۔ پروردگار فرمائے گا تمہیں اس کی مانند ملتا ہے اور اس کا دس گنا (مزید) بھی ملتا ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:) یہ سب سے کم تر درجے کے جنتی کا مقام ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَا يُعِدُّ اللّٰهُ لِلرَّجُلِ الَّذِي ذَكَرْنَا نَعْتَهُ مِنَ الْاَطْعِمَةِ وَالْاَشْرِبَةِ فِي جَنَّتِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے' جو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے لیے تیار کی ہے جس کی کیفیت ہم نے بیان کی ہے اور ان چیزوں کا تعلق جنت میں کھانے پینے سے ہے

7428 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، اَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ حَدَّثَهُمْ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَكُونُ فِي النَّارِ قَوْمٌ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ، ثُمَّ يُخْرِجُهُمْ فَيَكُونُونَ فِي اَدْنَى الْجَنَّةِ، فَيُغْسَلُونَ فِي عَيْنٍ

7427– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير نوح بن حبيب البذشي، فقد روى له أبو داود والنسائي، وهو ثقة. أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، إبراهيم: هو النخعي، وعبيدة" هو ابن عمرو السلماني. وأخرجه أحمد 379-1/378، وهناد بن السري في "الزهد" "207"، ومسلم "186" "309" في الإيمان: باب آخر أهل النار خروجاً، والترمذي "2595" في صفة جهنم: باب 10، وابن خزيمة في "التوحيد" ص318-317، وابن منده في "الإيمان" "843"، والبغوي "4356" من طرق عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن منده "844" من طريق وكيع، عن الأعمش، به. وأخرجه ابن خزيمة ص 318، وابن منده "844" من طريق عبد الواحد بن زياد، عن الأعمش، عن إبراهيم، عن علقمة وعبيدة، عن ابن مسعود مرفوعاً. وسقط رفع الحديث من المطبوع من ابن خزيمة. وأخرجه بنحوه البخاري "7511" في التوحيد: باب كلام الرب عز وجل يوم القيامة مع الأنبياء وغيرهم، وابن خزيمة ص 317 من طريق إسرائيل، وأحمد 1/460 من طريق شيبان، والطبراني "10339" من طريق أسباط، ثلاثتهم عن منصور، عن إبراهيم، به. وأخرجه الطبراني "10340" من طريق إبراهيم بن المهاجر، عن إبراهيم النخعي، به. وانظر الحديث الآتي برقم "7431" و "7475".

الْحَيَاةِ، فَيُسَمِّيهِمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيُّونَ لَوْ طَافَ بِاَحَدِهِمْ اَهْلُ الدُّنْيَا لَاَطْعَمَهُمْ وَسَقَاهُمْ وَفَرَشَهُمْ، قَالَ وَاَحْسِبُهُ، قَالَ: وَزَوَّجَهُمْ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِمَّا عِنْدَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ لوگ جہنم میں ہوں گے جب تک اللہ نے چاہا وہ اس میں رہیں گے پھر اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے گا' اور انہیں باہر نکالے گا یہ لوگ جنت میں کم تر درجے کے لوگ ہوں گے۔ انہیں چشمہ حیات میں غسل دیا جائے گا۔ اہل جنت ان کا نام جہنمی رکھیں گے۔ اگر ان میں سے کوئی ایک تمام اہل دنیا کے پاس جائے' تو ان سب کو کھلا سکتا ہے پلا سکتا ہے ان سب کو بستر دے سکتا ہے (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں۔ وہ ان کی شادیاں کروا سکتا ہے۔ پھر بھی اس کے پاس جو نعمتیں ہوں گی ان میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ حَالَةِ آخِرِ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِمَّنْ اُخْرِجَ مِنَ النَّارِ بَعْدَ تَعْذِيبِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِيَّاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ

اس حالت کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو جنت میں داخل ہونے والے آخری شخص کی حالت ہوگی' جسے اس کے گناہوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ عذاب دے گا پھر اسے جہنم سے نکالا جائے گا

7429 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ النَّاسُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الشَّمْسِ لَيْسَ دُوْنَهَا سَحَابٌ؟ ، قَالُوْا: لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ دُوْنَهُ سَحَابٌ؟ ، قَالُوْا: لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنَّكُمْ تَرَوْنَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذٰلِكَ يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: مَنْ كَانَ يَعْبُدُ شَيْئًا فَلْيَتَّبِعْهُ، فَيَتَّبِعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الشَّمْسَ الشَّمْسَ، وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ الْقَمَرَ الْقَمَرَ، وَيَتَّبِعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الطَّوَاغِيتَ الطَّوَاغِيتَ، وَتَبْقَى هٰذِهِ الْاُمَّةُ فِيهَا مُنَافِقُوهَا، فَيَاْتِيهِمُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي غَيْرِ صُوْرَتِهِ الَّتِي يَعْرِفُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اَنَا رَبُّكُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ هٰذَا مَقَامُنَا حَتّٰى يَاْتِيَنَا رَبُّنَا، فَاِذَا جَاءَ نَا

7428– إسناده قوى. رجاله ثقات رجال مسلم غير عطاء بن السائب، فقد روى له البخارى متابعة، وقد اختلط بأخرة إلا أن حماد بن سلمة سمع منه قبل الاختلاط . أبو نصر التمار: هو عبد الملك بن عبد العزيز القشيرى. وهو فى "مسند أبى يعلى "4979". وأخرجه أحمد 1/454، وابن خزيمة فى "التوحيد" ص320، والبيهقى فى "البعث"432"" من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد، وسيأتى برقم "7433". وفى الباب عن أنس موقوفاً - وهو بحكم المرفوع - بإسناد صحيح عند ابن خزيمة ص 320. وعنه أيضاً مختصراً ومرفوعاً عند البخارى "6559" و "7450"، وأحمد 3/133 و134 و147 و208 و269، وأبى يعلى "2886" و"2978" و"3013" و"3054" و"3206" من طريقين عن قتادة، عنه. ولفظه: "يخرج قوم من النار بعدما مسهم منها سفع فيدخلون الجنة، فيسميهم أهل الجنة: الجهنميين." وعن جابر عن البخارى "6558"، ومسلم "191" وغيرهما.

رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ، قَالَ: فَيَاْتِيهِمْ فِي الصُّوْرَةِ الَّتِيْ يَعْرِفُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اَنَا رَبُّكُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ اَنْتَ رَبُّنَا، وَيُضْرَبُ جِسْرٌ عَلٰى جَهَنَّمَ ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَكُوْنُ اَوَّلَ مَنْ يَّجُوْزُهُ، وَدَعْوَةُ الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ: اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ، وَبِهٖ كَلَالِيْبُ مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، هَلْ تَدْرُوْنَ شَوْكَ السَّعْدَانِ؟ ، قَالُوْا: نَعَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنَّهَا مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ غَيْرَ اَنَّهٗ لَا يَعْلَمُ قَدْرَ عِظَمِهَا اِلَّا اللّٰهُ، فَتَخْطَفُ النَّاسَ بِاَعْمَالِهِمْ، فَمِنْهُمُ الْمُوبَقُ بِعَمَلِهٖ، وَمِنْهُمُ الْمُخَرْدَلُ، ثُمَّ يَنْجُو حَتّٰى اِذَا فَرَغَ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ عِبَادِهٖ، وَاَرَادَ اَنْ يُّخْرِجَ مِنَ النَّارِ، مَنْ اَرَادَ مِمَّنْ كَانَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَرَ اللّٰهُ الْمَلَائِكَةَ اَنْ يُّخْرِجُوْهُمْ، فَيَعْرِفُوْنَهُمْ بِعَلَامَةِ آثَارِ السُّجُوْدِ، قَالَ: وَحَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ اَنْ تَاْكُلَ مِنِ ابْنِ آدَمَ اَثَرَ السُّجُوْدِ، قَالَ: فَيُخْرِجُوْنَهُمْ قَدِ امْتُحِشُوا فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءٌ، يُقَالُ لَهٗ: مَاءُ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحَبَّةِ فِيْ حَمِيلِ السَّيْلِ، قَالَ: وَيَبْقٰى رَجُلٌ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهٖ عَلَى النَّارِ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ قَدْ قَشَبَنِيْ رِيحُهَا، وَاَحْرَقَنِيْ ذَكَاؤُهَا، فَاصْرِفْ وَجْهِي عَنِ النَّارِ، فَلَا يَزَالُ يَدْعُو، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: فَلَعَلِّيْ اِنْ اَعْطَيْتُكَ ذٰلِكَ اَنْ تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهٗ، فَيَقُوْلُ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهٗ، فَيَصْرِفُ وَجْهَهٗ عَنِ النَّارِ، ثُمَّ يَقُوْلُ بَعْدَ ذٰلِكَ: يَا رَبِّ، قَرِّبْنِيْ اِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ جَلَّ وَعَلَا: اَلَيْسَ قَدْ زَعَمْتَ اَنْ لَا تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهٗ؟ وَيْلَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا اَغْدَرَكَ، فَلَا يَزَالُ يَدْعُو، فَيَقُوْلُ جَلَّ وَعَلَا: فَلَعَلَّكَ اِنْ اَعْطَيْتُكَ ذٰلِكَ اَنْ تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهٗ، فَيَقُوْلُ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهٗ، وَيُعْطِي اللّٰهَ مِنْ عُهُوْدٍ وَّمَوَاثِيقَ اَنْ لَا يَسْاَلَهٗ غَيْرَهٗ، فَيُقَرِّبُهٗ اِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَلَمَّا قَرَّبَهٗ مِنْهَا انْفَهَقَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، فَاِذَا رَاٰى مَا فِيْهَا سَكَتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّسْكُتَ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ اَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ جَلَّ وَعَلَا: اَلَيْسَ قَدْ زَعَمْتَ اَنْ لَا تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهٗ، وَيْلَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا اَغْدَرَكَ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ لَا تَجْعَلْنِيْ اَشْقٰى خَلْقِكَ، قَالَ: فَلَا يَزَالُ يَدْعُو حَتّٰى يَضْحَكَ جَلَّ وَعَلَا، فَاِذَا ضَحِكَ مِنْهُ اَذِنَ لَهٗ بِالدُّخُوْلِ دُخُوْلِ

7429- حديث صحيح، ابن أبى السرى وهو محمد بم المتوكل - قد توبع، ومن فوقه على شرط الشيخين. وهو فى "المصنف" لعبد الرزاق "208566"، ومن طريقه أخرجه أحمد 276-2/275و534-533، ومسلم "182" "301" فى الإيمان: باب معرفة طريق الرؤية، وعبد الله بن أحمد فى "السنة" "241" و"242"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "455"و"476"، والآجرى فى "التصديق بالنظر" "28"، واللالكائى فى "شرح أصول الاعتقاد" "418"، وابن منده فى "الإيمان" "805"، والبغوى ."4346" وأخرجه الآجرى "30"، وابن منده "806" من طريق محمد بن ثور، وابن منده أيضاً: "806 من طريق حماد بن زيد، كلاهما عن معمر، .... بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 294-2/293، والبخارى "7437" فى التوحيد: باب قول الله تعالى " (وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ) ، ومسلم "182" و"299"، وعبد الله بن أحمد فى "السنة" "238" و"239"و"240"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "453"و"475"، والطيالسى "2383"، واللالكائى "817"، وابن منده "804" من طريق إبراهيم بن سعد، وابن أبى عاصم "454"و"477"، وابن منده "408" من طريق الزبيدى، والبيهقى فى "الأسماء والصفات" ص460 من طريق سعيد بن عبد العزيز، ثلاثتهم عن الزهرى، به. وأخرجه البخارى "6573" فى الرقاق: باب الصراط جسر جهنم، ومسلم "182" "300"، وابن أبى عاصم "456"و"478"، والآجرى فى "التصديق" "29"، واللالكائى "815"، وابن منده "807"، والبغوى "4366" من طريق أبى اليمان، عن شعيب، عن الزهرى، عن سعيد بن المسيب وعطاء بن يزيد، عن أبى هريرة. وانظر الحديث المتقدم برقم "4623" والآتى برقم ."7445"

الْجَنَّةِ، فَإِذَا دَخَلَ قِيلَ لَهُ: تَمَنَّ كَذَا وَتَمَنَّ كَذَا، فَيَتَمَنّٰى حَتّٰى تَنْقَطِعَ بِهِ الْاَمَانِيُّ، فَيَقُوْلُ جَلَّ وَعَلَا: هُوَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ، قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: هُوَ لَكَ وَعَشَرَةُ اَمْثَالِهِ، فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: حَفِظْتُ: هُوَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ وَذٰلِكَ الرَّجُلُ آخِرُ اَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بادل نہ ہوں' تو کیا تمہیں سورج کو دیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بادل نہ ہوں' تو کیا تمہیں چودھویں رات کا چاند دیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے' تو لوگوں نے عرض کی: جی نہیں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسی طرح قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کرو گے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمام لوگوں کو اکٹھا کرے گا' اور یہ فرمائے گا' جو جس کی عبادت کرتا تھا وہ اس کے پیچھے چلا جائے' جو لوگ سورج کی عبادت کرتے تھے وہ سورج کے پیچھے چلے جائیں گے جو چاند کی عبادت کرتے تھے وہ چاند کے پیچھے چلے جائیں گے' جو بتوں کی عبادت کرتے تھے وہ بتوں کے پیچھے چلے جائیں گے اور پھر یہ امت باقی رہ جائے گی' جس میں اس کے منافقین ہوں گے پھر اللہ تعالیٰ ان کے پاس اس سے مختلف صورت میں آئے گا' جس سے وہ واقف ہوں گے وہ فرمائے گا میں تمہارا پروردگار ہوں' تو وہ یہ کہیں گے ہم تم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں ہم یہیں رہیں گے جب تک ہمارا پروردگار ہمارے پاس نہیں آتا۔ جب ہمارا پروردگار ہمارے پاس آئے گا تو ہم اسے پہچان لیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان کا پروردگار ان کے پاس اس صورت میں آئے گا' جس سے وہ واقف ہوں گے اور یہ فرمائے گا میں تمہارا پروردگار ہوں' تو وہ کہیں گے' تو ہمارا پروردگار ہے پھر جہنم پر پل لگایا جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: سب سے پہلے میں اسے عبور کروں گا۔ اس دن تمام رسول یہی دعا کر رہے ہوں گے اے اللہ سلامتی عطا کرنا اے اللہ سلامتی عطا کرنا' اور اس پل پر کچھ آنکڑے لگے ہوئے ہوں گے جو سعدان نامی پودے کے کانٹوں کی طرح ہوں گے کیا تم جانتے ہو سعدان کے کانٹے کیسے ہیں۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سعدان کے کانٹوں کی مانند ہوں گے۔ البتہ ان کے حجم کے بارے میں صرف اللہ جانتا ہے' اور وہ لوگوں کو ان کے اعمال کے حساب سے اچک لیں گے' تو کوئی شخص اپنے عمل کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوگا' اور کوئی (جہنم کے اندر) گر جائے گی' اور پھر نجات پائے گا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کر کے فارغ ہو جائے گا' اور اس بات کا ارادہ کرے گا جہنم سے ان لوگوں کو نکالے جو اس بات کی گواہی دیا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کو یہ حکم دے گا کہ وہ ان لوگوں کو نکال لیں' تو فرشتے انہیں سجدوں کے نشانات کی علامت کے ذریعے پہچان لیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے جہنم کے لیے یہ چیز حرام قرار دی ہے کہ وہ ابن آدم کے سجدوں کے نشان کو کھالے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: وہ لوگ انہیں نکالیں گے جبکہ وہ لوگ جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔ ان پر پانی بہایا جائے گا' جسے آب حیات کہا جاتا ہے' تو وہ یوں اُگ جائیں گے' جس طرح سیلابی پانی کے راستے میں دانہ اُگتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان میں سے ایک شخص باقی رہ جائے گا' جو اپنے چہرے کے بل جہنم میں آئے گا' اور عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! اس کی بدبو

نے مجھے تنگ کیا ہوا ہے اور اس کی گرمی مجھے جلا رہی ہے۔ میرا چہرہ جہنم کی طرف سے پھیر دے وہ مسلسل دعا کرتا رہے گا' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اگر میں نے تمہیں یہ چیز عطا کر دی۔ پھر تم نے مجھ سے کوئی اور چیز نہیں مانگنی۔ وہ عرض کرے گا تیری عزت کی قسم میں اس کے علاوہ تجھ سے کچھ نہیں مانگوں گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو جہنم سے پھیر دے گا۔ اس کے بعد وہ شخص عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے جنت کے دروازے کے قریب کر دے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم نے یہ نہیں' کہا تھا تم اس کے علاوہ مجھ سے کچھ اور نہیں مانگو گے۔ اے ابن آدم تمہارے لیے بربادی ہے تم کتنے وعدہ خلاف ہو۔ اس کے بعد وہ شخص مسلسل دعا کرتا رہے گا۔ پروردگار فرمائے گا اگر میں نے تمہیں یہ چیز عطا کر دی' تو پھر اس کے علاوہ تم مجھ سے کچھ نہیں مانگنا۔ وہ عرض کرے گا تیری عزت کی قسم میں اس کے علاوہ تجھ سے کچھ نہیں مانگوں گا پھر وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ پختہ عہد کرے گا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے کچھ اور نہیں مانگے گا' تو اللہ تعالیٰ اسے جنت کے دروازے کے قریب کر دے گا۔ جب اللہ تعالیٰ اسے جنت کے دروازے کے قریب کر دے گا' تو جنت اس کے سامنے آئے گی پھر وہ اس میں موجود (نعمتوں کو) دیکھے گا' اور جتنا اللہ کو منظور ہوگا اتنی دیر خاموش رہے گا پھر عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے جنت میں داخل کر دے۔ پروردگار فرمائے گا کیا تم نے یہ نہیں' کہا تھا کہ تم اس کے علاوہ مجھ سے کچھ نہیں مانگو گے۔ اے ابن آدم تمہاری بربادی ہے تم کتنے وعدہ خلاف ہو۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے اپنی مخلوق کا سب سے بدبخت شخص نہ بنا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: وہ مسلسل دعا کرتا رہے گا' یہاں تک کہ پروردگار ہنس دے گا۔ جب وہ اس پر ہنس پڑے گا' تو وہ اسے جنت میں داخل ہونے کی اجازت دے گا۔ جب وہ جنت میں داخل ہوگا' تو اس سے کہا جائے گا: اتنی آرزو کرو' اتنی آرزو کرو' وہ آرزو کرے گا' یہاں تک کہ اس کی آرزوئیں ختم ہو جائیں گی۔ پروردگار فرمائے گا تمہیں یہ سب کچھ ملتا ہے اور اس کی مانند مزید ملتا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تمہیں یہ ملتا ہے اور اس کی مانند دس گنا ملتا ہے' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے یہ الفاظ یاد ہیں تمہیں' یہ ملتا ہے اور اس کی مانند مزید ملتا ہے۔

یہ وہ شخص ہے' جو جنت میں سب سے آخر میں داخل ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ كَانَ يَعْلَمُ مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ اَنَّهُ لَوْ قَدَّمَهُ مِمَّا يُرِيْدُ لَطَلَبَ غَيْرَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ یہ بات جانتا ہے کہ اگر وہ اس شخص کو وہ چیز عطا کر دے' تو وہ دوسری چیز کا بھی طلب گار ہوگا

7430 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: اِنَّ آخِرَ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ يُمْشِي عَلَى الصِّرَاطِ، فَهُوَ يَكْبُوْ مَرَّةً، وَتَسْفَعُهُ النَّارُ اُخْرَى حَتّٰى اِذَا جَاوَزَهَا الْتَفَتَ اِلَيْهَا، فَيَقُوْلُ: تَبَارَكَ الَّذِيْ نَجَّانِيْ مِنْهَا فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اَعْطَانِيْ شَيْئًا مَا اَعْطَاهُ اَحَدًا مِنَ الْعَالَمِيْنَ، قَالَ: ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، اَدْنِنِيْ مِنْهَا لَعَلِّيْ اَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَاَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: يَا ابْنَ آدَمَ لَعَلِّيْ اِنْ اَعْطَيْتُكَهُ سَاَلْتَنِيْ غَيْرَهَا، فَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ، وَيُعَاهِدُهُ اَنْ لَا يَفْعَلَ، وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهُ فَاعِلُهُ لِمَا يَرٰى مِمَّا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيُدْنِيهِ مِنْهَا فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ اُخْرَى هِيَ اَحْسَنُ مِنَ الْاُوْلٰى، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، اَدْنِنِيْ مِنْهَا لِاَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَاَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُوْلُ: اَلَمْ تُعَاهِدْنِيْ اَنْ لَا تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهَا؟ فَيَقُوْلُ: بَلٰى يَا رَبِّ، وَلٰكِنْ اَدْنِنِيْ مِنْهَا لِاَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَاَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيُعَاهِدُهُ اَنْ لَا يَسْاَلَهُ غَيْرَهَا فَيُدْنِيهِ، مِنْهَا وَيَعْلَمُ اَنَّهُ سَيَسْاَلُهُ غَيْرَهَا لِمَا يَرٰى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ اُخْرَى عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ اَحْسَنُ مِنَ الْاُوْلَيَيْنِ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، اَدْنِنِيْ مِنْهَا لِاَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَاَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُوْلُ: اَلَمْ تُعَاهِدْنِيْ اَنْ لَا تَسْاَلَنِيْ غَيْرَهَا، فَيَقُوْلُ: بَلٰى يَا رَبِّ، وَلٰكِنْ اَدْنِنِيْ مِنْهَا، فَاِذَا دَنَا مِنْهَا سَمِعَ اَصْوَاتَ اَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، اَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: اَيُرْضِيكَ يَا ابْنَ آدَمَ اَنْ اُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا، فَيَقُوْلُ: اَتَسْتَهْزِءُ بِيْ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ؟ فَيَقُوْلُ: مَا اَسْتَهْزِءُ بِكَ، وَلٰكِنِّيْ عَلٰى مَا اَشَاءُ قَادِرٌ ، قَالَ: فَكَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِذَا ذَكَرَ قَوْلَهُ: اَتَسْتَهْزِءُ بِيْ؟ ضَحِكَ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا تَسْاَلُوْنِيْ مِمَّا اَضْحَكُ؟ فَقِيْلَ: مِمَّ تَضْحَكُ؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَكَرَ ذٰلِكَ ضَحِكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں سب سے آخر میں داخل ہونے والا وہ شخص ہوگا' جو پل صراط پر چہرے کے بل چل رہا ہوگا۔ آگ اسے جھلسائے گی' یہاں تک کہ جب وہ پل صراط کو عبور کر لے گا' تو اس کی طرف رخ کر کے کہے گا بابرکت ہے وہ ذات جس نے مجھے اس سے نجات عطا کی۔ اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ چیز عطا کی ہے' جو اس نے تمام جہانوں میں کسی کو بھی عطا نہیں کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر اس کے سامنے ایک درخت آئے گا وہ کہے گا میرے پروردگار مجھ کو اس کے قریب کر دے تا کہ میں اس کے سائے میں آ جاؤں اور اس کے پانی کو پیوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پروردگار فرمائے گا: اے ابن آدم! اگر میں نے تمہیں یہ چیز دے دی' تو تم مجھ سے کچھ اور بھی مانگو گے۔ وہ عرض کرے گا جی نہیں میرے پروردگار پھر وہ معاہدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا حالانکہ پروردگار یہ بات جانتا ہے کہ وہ ایسا کرے گا۔ کیونکہ اس کو اس پر بھی صبر نہیں ہونا۔ پروردگار اسے اس درخت کے قریب کر دے گا۔ وہ اس کے سائے میں آئے گا۔ اس

7430– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 392-1/391 و411-410، ومسلم "187" في الإيمان: باب آخر أهل النار خروجاً، وأبو يعلى "4980" و"5290"، والدارمي في "الرد على بشر المريسي" ص532 "عقائد السلف"، وابن خزيمة في "التوحيد" ص231و319-318، وأبو عوانة 134-1/142و144-143، والطبراني "9775"، وابن منده في "الإيمان" "841"، والبيهقي في "البعث" "96"، وفي "الأسماء والصفات" ص474، والبغوي "4355" من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "7427" و ."7431"

